9

مرقاۃ المفاتیح

شرح اردو

مشکوٰۃ المصابیح

للعلامہ الشیخ القاری علی بن سلطان محمد القاری

مترجم: مولانا راؤ محمد ندیم

www.KitaboSunnat.com

مکتبۃ رحمانیۃ

www.KitaboSunnat.com

مرقاۃ المفاتیح اردو

للعلامۃ الشیخ القاری علی بن سلطان محمد القاری ھجری ۱۰۱٤

شرح

مشکوۃ المصابیح

للامام العلامۃ محمد بن عبداللہ الخطیب التبریزی المتوفی ۷٤۱

مترجم: مولانا راؤ محمد ندیم

جلد نہم

www.KitaboSunnat.com

مکتبہ رحمانیہ

اقرا سنٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور
فون: 042-37224228-37355743

MAKTABA-E-REHMANIA

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جملہ حقوق ملکیت بحق ناشر محفوظ ہیں

مکتبہ رحمانیہ

نام کتاب: ..... مرقاۃ المفاتیح اردو (جلد نہم)

مترجم: ..... مولانا راؤ محمد ندیم

ناشر: ..... مکتبہ رحمانیہ

مطبع: ..... لٹل سٹار پرنٹرز لاہور

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت، طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔

بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرما دیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔ (ادارہ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست

عنوان	صفحہ
باب الضحک	۱۵
ہنسنے کا بیان	
آپ ﷺ کا مسکرانا	//
نبی علیہ السلام کی مسکراہٹ	۱۶
زمانہ جاہلیت کی باتوں پر مسکرانا	۱۷
سب سے زیادہ تبسم والے	۱۸
جناب پیغمبر ﷺ اور صحابہ رضی اللہ عنہم ہنستے بھی تھے	//
باب الاسامی	۲۲
اسماء کا بیان	//
میری کنیت نہ رکھو	۲۴
میرے نام پر نام تو رکھو	//
اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ نام	۲۵
افلح و یسار ناموں سے ممانعت فرمائی	۲۶
نافع وغیرہ ناموں کی اباحت	۲۷
قیامت کے دن بدترین نام	۲۹
برہ نام کو بدل دیا	۳۳
عاصیہ نام تبدیل فرما دیا	۳۵
منذر نام تجویز فرمایا	۳۶
موہم الفاظ میں احتیاط	۳۷
انگور کو کرم نہ کہو	۴۱
زمانہ کی رسوائی ..... مت کہو	۴۲
زمانے کو برا مت کہو	۴۳
خبث نفسی نہ کہو	//
ابوالحکم کے لقب کو استعمال کرنے کی ممانعت	۴۴
اجدح شیطان کا نام ہے	۴۶
قیامت کے دن باپ کے نام سے آواز دی جائے گی	۴۷
آپ ﷺ کا نام و کنیت جمع نہ کرو	//
نام و کنیت میں سے ایک چیز	۴۸
نام و کنیت دونوں کی اباحت	۴۹
وفات کے بعد نام و کنیت کی اجازت	//
حضرت انس رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوحمزہ	۵۱
آپ ﷺ برے نام بدل دیتے	//
اصرم نام بدل دیا	۵۲
زعموا برا سہارا نام ہے	۵۴
ماشاء اللہ، ماشاء فلان مت کہو	۵۶
منافق کو سیّد کہنے سے اللہ ناراض ہوتے ہیں	۵۸
حزن نام نہ بدلنے کا خمیازہ	۵۹
انبیاء علیہم السلام کے ناموں پر نام رکھو	۶۱
باب البیان والشعر	۶۲
بیان و شعر کے احکام	//
بیان بھی ایک قسم کا جادو ہے	//
بعض شعر حکمت ہیں	۶۳

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
تکلف سے گفتگو کرنے والا ہلاک ہوا	
امیہ بن صلت کے اشعار کا سننا	۶۷
رجز کا زبان پر لانا	۶۸
اے حسانؓ! مشرکین کی ہجو کرو	۶۹
ہجو یہ اشعار تیر سے زیادہ سخت	۷۰
جب تم اللہ اور رسول کا دفاع کرتے ہو تو روح القدس	
تمہارے معاون	۷۱
کہیں شیطان تمہیں اپنا وکیل نہ بنالے	
اصل زندگی آخرت کی ہے	۷۳
خراب اشعار کی مذمت	۷۵
مؤمن کا زبان سے جہاد	۷۶
فحش گوئی نفاق کا شعبہ ہے	۷۸
قیامت میں 'منہ پھٹ ومتکبر مجھ سے دُور	۷۹
زبان سے کھانے والوں کا خروج	۸۱
اللہ کی نگاہ میں ناپسندیدہ شخص	
قینچیوں سے ہونٹ کاٹے جانے والے خطباء	۸۲
زبان آوری کا ایک غلط مقصد	۸۳
اختصار میں خیر ہے	۸۴
بعض کلام وبالِ جان ہے	۸۵
ایک فرض' رسول اللہ ﷺ کی طرف سے دفاع	۸۶
اے انجشہ! شیشے کی بوتلیں مت توڑو	۸۷
اچھا شعر اچھا کلام، 'برا شعر 'برا کلام	۸۸
اس شیطان کو پکڑلو	۸۹
گانا دِل میں نفاق پیدا کرتا ہے	۹۰

عنوان	صفحہ
بانسری کی آواز سے کانوں میں اُنگلیاں	۹۱
بَابُ حِفْظِ اللِّسَانِ وَالْغِيْبَةِ وَالشَّتْمِ	۹۳
زبان کی حفاظت' غیبت اور برا کہنے کا بیان	
دو چیزوں کی ضمانت پر جنت	
رضا کا ایک کلمہ بھی بخشش کے لئے کافی ہے	۹۴
مسلمان کا قتل	۹۵
مسلمان کو یا کافر.....! کہنے کا وبال	۹۷
غیر مستحق کو فسق کی تہمت سے خود فاسق ہو جاتا ہے	۹۸
گالی کا وبال ابتداء والے پر	۹۹
صدیق کو لعن طعن جچتی نہیں	۱۰۰
لعان سفارشی نہ بن سکے گا	۱۰۱
اس طرح نہ کہا جائے لوگ ہلاک ہو گئے	۱۰۲
دو منہ والا بدترین شخص ہے	
چغل خور جنت میں نہ جائے گا	۱۰۴
سچ کا طلبگار صدیقین میں لکھا جاتا ہے	۱۰۵
خیر کی بات کرنے والا جھوٹا نہیں	۱۰۷
منہ پر تعریف کرنے والوں کے منہ پر خاک	۱۰۸
منہ پر تعریف گردن کاٹنا ہے	۱۱۰
غیبت وبہتان کا فرق	۱۱۱
قبیلہ کا بدترین آدمی	۱۱۳
اعلانیہ گناہ والوں کی معافی نہیں	۱۱۵
جنت کے بالائی حصہ میں گھر والا	۱۱۷
زیادہ جنت ودوزخ میں لے جانے والی اشیاء	۱۱۸
ایک برا کلمہ ناراضگی کا باعث بن گیا	۱۲۰

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
دوسروں کو ہنسانے کے لئے جھوٹ بولنے والا	۱۲۱
آسمان وزمیں کے فاصلہ سے نیچے گرنے والا	۱۲۲
خاموش نجات پا گیا	۱۲۳
حصولِ نجات کی تین راہیں	۱۲۴
اعضاء کی زبان سے ہر روز فریاد	۱۲۶
اسلام کی خوبی	۱۲۸
کیا معلوم کہ اس نے لایعنی بات کہی ہو	۱۳۱
سب سے بڑا خطرہ زبان	۱۳۲
جھوٹ کی بدبو ایک میل تک	۱۳۳
جھوٹ کی مہارت	۱۳۴
منافق کیلئے آگ کی دو زبانیں	۱۳۵
کامل مؤمن کی چار علامات	۱۳۶
مؤمن لعان نہیں ہوتا	۱۳۷
تین باتوں سے باز رہو	
لعنت کرنے والے کی طرف لوٹتی ہے	۱۳۸
ہوا پر لعنت نہ کرو	۱۳۹
میں صاف سینہ لے کر آنا چاہتا ہوں	
اگر یہ بات سمندر میں ملائیں تو وہ متغیر ہو جائے	۱۴۰
حیاء زینت ہے	۱۴۱
کسی کو گناہ پر عار مت دلاؤ	۱۴۲
مسلمان کو مصیبت میں دیکھ کر خوش نہ ہو	۱۴۳
کسی کے طریقہ پر چلنا مجھے ناپسند ہے	
رحمت الٰہی کو تنگ مت کرو	۱۴۴
فاسق کی تعریف سے عرش کانپ اٹھتا ہے	۱۴۵

عنوان	صفحہ
مؤمن میں خیانت وجھوٹ نہیں	۱۴۷
مؤمن جھوٹا نہیں ہوسکتا	۱۴۸
شیطان کی ایک چال	۱۴۹
برے دوست سے تنہائی بہتر	
خاموشی ساٹھ برس کی عبادت سے افضل	۱۵۰
سات زرّیں نصائح	۱۵۱
ترازو میں بھاری وزن والی عادات	۱۵۳
لعنت وصدیقیت جمع نہیں ہوسکتے	۱۵۴
حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا زبان نے مجھے مقامات ہلاکت میں ڈالا	
چھ چیزوں کی ضمانت پر جنت کی بشارت	۱۵۵
اللہ تعالیٰ کے بہترین وبدترین بندے	۱۵۶
غیبت کرنے والوں کو فوری تنبیہ	۱۵۸
غیبت کرنے والے کو توبہ کی توفیق نہیں ملتی	۱۵۹
غیبت سے توبہ کس طرح ہو.....؟	۱۶۱
بَابُ الْوَعْدِ	۱۶۳
وعدہ کا بیان	
رسول اللہ ﷺ سے جس کا وعدہ ہو وہ میرے پاس آئے	۱۶۵
وصال سے قبل تیرہ اُونٹنیوں کا وعدہ	۱۶۶
کمال وعدہ وفائی	۱۶۷
مجبوری میں وعدہ پر نہ پہنچ سکنے کا حکم	۱۶۸
بچے سے بھی جھوٹ مت بولو	
بَابُ الْمِزَاحِ	۱۷۱
خوش طبعی کا بیان	

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
اے ابوعمیر! تمہارے نُغیر کا کیا بنا؟	۱۷۲
خوش طبعی میں بھی سچی بات	۱۷۴
ہم تجھے اُونٹنی کا بچے دیں گے	۱۷۵
مزاح مبارک اے دوکانوں والے	
کوئی بڑھیا جنت میں نہ جائے گی	۱۷۶
تم اللہ کے ہاں کھوٹے نہیں ہو	۱۷۷
کیا تمام کا تمام اندر آجاؤں؟	۱۷۹
نبی کریم ﷺ ابوبکر اور عائشہ رضی اللہ عنہما کی والہانہ محبت	۱۸۰
مسلمان بھائی کا مذاق مت اُڑاؤ	۱۸۲
بَابُ الْمُفَاخِرَةِ وَالْعَصَبِيَّةِ	۱۸۴
مفاخرت اور عصبیت کا بیان	
سب سے بہتر شخص، احکامِ دین سے آگاہی رکھنے والا ہے	۱۸۵
شرفاء کا خاندان	۱۸۶
نوکِ زبان پر رجزیہ کلمات	
سیّد البریہ ابراہیم علیہ السلام ہیں	۱۸۸
تم مجھے اللہ کا بندہ اور اس کا رسول کہو	۱۸۹
مجھے اللہ تعالیٰ نے تواضع کا حکم دیا	۱۹۱
آباؤ واجداد پر فخر سے باز آؤ	۱۹۲
کہیں شیطان تمہیں اپنا وکیل نہ بنالے	۱۹۵
حسبِ مال اور کرم تقویٰ ہے	
جاہلی نسب پر فخر کا علاج	۱۹۶
تم کہو لو! میں انصاری غلام ہوں	۱۹۸
ناجائز کام میں قوم کے معاون کا حال	

عنوان	صفحہ
ظلم میں مددگار بننا تعصب ہے	۱۹۹
قومی دفاع ارتکابِ گناہ سے پہلے پہلے	۲۰۰
عصبیت کی موت والا ہم سے نہیں	۲۰۱
شئی کی محبت اسے اندھا کر دیتی ہے	
قوم کی ظلم پر مدد	۲۰۲
ذلت کی علامت زبان درازی، بیہودہ گوئی ہے	۲۰۳
بَابُ الْبِرِّ وَالصِّلَةِ	۲۰۶
بر و صلہ کا بیان	
حسن سلوک کی سب سے زیادہ حقدار ماں ہے	
اس کی ناک خاک آلود ہو	۲۰۷
مشرکہ ماں سے بھی صلہ رحمی کا حکم	۲۰۹
میرے دوست تو نیک مؤمن ہیں	۲۱۰
پانچ ناپسندیدہ اعمال	۲۱۲
اپنے والدین کو گالی دینا کبیرہ گناہ ہے	۲۱۵
بہترین نیکی باپ کے دوستوں سے حسن سلوک	۲۱۶
صلہ رحمی سے رزق میں کشادگی	۲۱۷
قاطع رحم اللہ تعالیٰ سے توڑنے والا ہے	۲۱۸
لفظ رحم رحمان سے مشتق ہے	۲۲۰
رحم عرش سے معلق ہے	۲۲۱
قاطع رحم جنتی نہیں	
صلہ رحمی تو قاطع سے جوڑنا ہے	۲۲۲
درگزر کرنے والے کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد ہے	۲۲۳
حسن سلوک سے عمر میں اضافہ ہوتا ہے	۲۲۵
ماں سے حسن سلوک کرنے کا صلہ	۲۲۷

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
والد کی رضا میں اللہ کی رضا	۲۲۸
والد جنت کا وسطی دروازہ	۲۲۹
والدہ احسان کی زیادہ حقدار ہے	۲۳۰
جو رحم کو قطع کرے گا میں اس سے قطع کرونگا	۲۳۱
قطع رحمی سے نزولِ رحمت بند ہو جاتا ہے	۲۳۲
دو گناہوں کی سزا دُنیا میں بھی	۲۳۳
تین جنت سے محروم	۲۳۴
صلہ رحمی کے تین فوائد	۲۳۵
عظیم گناہ سے معافی کی صورت خالہ سے احسان	۲۳۶
والدین کی موت کے بعد بھلائی کے چار کام	۲۳۷
رضائی والدہ کا اکرام	//
اعمالِ صالحہ کے توسل والے تین آدمی	۲۳۸
والدہ کے قدموں میں جنت	۲۴۴
والد کی پسند کو اپنی پسند پر ترجیح دو	۲۴۵
والدین کا اولاد پر حق	//
والدین کی خدمت سے محروم کا موت کے بعد مداوی	۲۴۶
والدین کے نافرمان کے لئے دوزخ کے دو دروازے	۲۴۷
ایک نظر پر مقبول حج کا ثواب	//
والدین کی نافرمانی کی سزا موت سے پہلے	۲۴۸
بڑا بھائی بمنزلہ والد ہے	۲۴۹
بَابُ الشَّفَقَةِ وَالرَّحْمَةِ عَلَى الْخَلْقِ	۲۵۰
بنی نوع انسان پر شفقت و رحمت کا بیان	//
جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا	//
میں شفقت تمہارے دل میں ڈال نہیں سکتا	۲۵۱

عنوان	صفحہ
بیٹی آگ سے آڑ بنے گی	۲۵۲
دو بیٹیوں کی پرورش والا قیامت کو میرے ساتھ ہوگا	۲۵۳
مساکین پر خرچ کرنے والا مجاہد کی طرح ہے	۲۵۴
یتیم کا کفیل جنت میں میرے قریب ہوگا	۲۵۵
مسلمان باہمی محبت میں ایک جسم کی طرح ہیں	۲۵۷
ایک مسلمان کی تکلیف تمام مسلمانوں کی تکلیف ہے	//
ایک مؤمن دوسرے کے لئے دیوار کی مانند ہے	۲۵۸
ضرورت مند کا سفارشی اجر پائے گا	۲۵۹
ظالم کی مدد ظلم سے روکنا ہے	۲۶۰
دُنیا میں مسلمان کی تکلیف کا ازالہ قیامت کے دن کی تکلیف کے ازالہ کا باعث ہے	۲۶۱
مسلمان کا مال، جان اور آبرو سب دوسرے پر حرام ہے	۲۶۴
جنتی اور دوزخی لوگ	۲۶۷
کامل مؤمن کون؟	۲۷۱
پڑوسی کو ایذاء دینے والا کامل مؤمن نہیں	۲۷۲
پڑوسی کو ایذا دینے والا جنت میں نہ جائے گا	//
پڑوسی کے حقوق کی شدید تاکید	۲۷۳
تیسرے کو چھوڑ کو دوسر گوشی نہ کریں	//
دین خیر خواہی کا نام ہے	۲۷۵
ہر مسلمان کی خیر خواہی پر بیعت	۲۷۸
رحمت بد بخت سے چھینی جاتی ہے	۲۷۹
رحم کرنے والوں پر رحمٰن کی رحمت	۲۸۰
چھوٹوں پر رحم نہ کرنے والا ہم سے نہیں	۲۸۱
بوڑھے کا احترام بڑھاپے کی وجہ سے	۲۸۲

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
اللہ تعالیٰ کی تعظیم کے تین تقاضے	۲۸۳
ہر بال کے بدلے نیکی پانے والا	۲۸۶
جنت کی تین حقدار	۲۸۷
صاع صدقہ سے بہتر عمل	۲۸۹
اولاد کا سب سے بہتر عطیہ	۲۹۰
اولاد کے لئے اپنی جوانی تج دینے والی عورت کا اجر	۲۹۲
بیٹی کی پرورش والا جنت میں	۲۹۳
مسلمان کی مدد پر مدد الٰہی	۲۹۴
غیبت سے دفاع پر جزاء	//
دوزخ آزادی کی ذمہ داری	۲۹۵
حرمت وعزت میں مددگار کو خصوصی مدد	۲۹۶
عیب پر پردہ ڈالنے والا زندہ درگور کو زندہ کرنے والا	۲۹۷
ہر مسلمان دوسرے کا آئینہ ہے	۲۹۹
عیب جس کو پل صراط پر روک لیا جائے گا	۳۰۱
اللہ تعالیٰ کے ہاں بہترین پڑوسی	۳۰۲
اچھے عمل کی نشانی	//
لوگوں کے ساتھ ان کے مرتبے کے مطابق سلوک کرو	۳۰۳
محبت رسول کے تین تقاضے	۳۰۴
جو خود سیر ہوا اور پڑوسی بھوکا رہا مؤمن نہیں	۳۰۶
پڑوسی کو ایذاء دینے والی عورت دوزخ میں	۳۰۷
اچھے برے کی پہچان	۳۰۸
مسلمان وہ ہے جس کا دل وزبان مسلمان ہو	۳۱۰
مؤمن اُلفت والا ہوتا ہے	۳۱۱
مؤمن کو خوش کرنا اللہ اور رسول ﷺ کو خوش کرنا ہے	۳۱۲

عنوان	صفحہ
تہتر مغفرتوں کا حقدار	//
مخلوق عیال اللہ ہے	۳۱۳
پہلا مقدمہ	۳۱۴
دِل کی سختی کا علاج	۳۱۵
افضل ترین صدقہ مطلقہ بیٹی کی کفالت	۳۱۶
بَابُ الْحُبِّ فِي اللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ	۳۱۸
اللہ کے ساتھ اور اللہ کیلئے محبت کرنا	//
ارواح منضبط لشکر تھے	//
اللہ تعالیٰ کی پسند وناپسند	۳۲۰
عظمتِ الٰہی کے لئے محبت والے سایہ عرش میں	۳۲۳
اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت والا اللہ تعالیٰ کا محبوب ہے	۳۲۴
آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے	۳۲۶
میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہوں	۳۲۷
اچھے برے ساتھی کی ایک عمدہ مثال	۳۳۰
اللہ تعالیٰ کی عظمت کی خاطر محبت والے	۳۳۱
مقربین بارگاہ الٰہی	۳۳۳
ایمان کی مضبوط گرہ	۳۳۶
عیادت وملاقات والا مسلمان	۳۲۷
محبت والے بھائی کو بتلادے	۳۳۸
تم سے وہ ذات محبت کرے جس کی خاطر تو مجھ سے محبت کرتا ہے	//
تیری دوستی مؤمن سے ہو	۳۴۰
انسان اپنے دوست کے دین وطریقہ پر ہوتا ہے	۳۴۱
دوستی کو مضبوط کرنے والی باتیں	۳۴۲

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
اللہ تعالیٰ کے لئے محبت وبغض سب سے زیادہ محبوب عمل ہے	۳۴۳
ربّ کریم کا اکرام کرنے والا	۳۴۵
بہترین مسلمان کون؟	//
بھلائی کی اصل تین چیزیں	//
تنہائی میں ذکرِ خدا	۳۴۶
زبرجد کے بالاخانوں کے مکین	۳۴۸
بَابُ مَا يُنْهٰى عَنْهُ مِنَ التَّهَاجُرِ وَالتَّقَاطُعِ وَاتِّبَاعِ الْعَوْرَات	۳۵۰
ممنوع چیزوں یعنی ترکِ ملاقات، انقطاعِ تعلق اور عیب جوئی کا بیان	//
تین دن سے زائد قطعِ تعلق جائز نہیں	//
نو(۹) زرّیں نصائح	۳۵۲
باہمی عداوت والوں کی بخشش ملتوی	۳۵۶
کینہ وعداوت والوں کی مغفرت میں تاخیر	۳۵۸
دو آدمیوں میں صلح کرانے والا جھوٹا نہیں	۳۵۹
تین باتوں میں جھوٹ کی اجازت	۳۶۱
تین دن سے زیادہ قطعِ تعلق کی ممانعت	۳۶۲
قطعِ تعلق کرنے والا آگ میں جائے گا	//
ایک سال کی قطعِ تعلقی خون بہانے کی طرح ہے	۳۶۳
اَجر میں دونوں شریک	۳۶۴
فسادِ ذات البین مونڈنے والا ہے	۳۶۵
حسد وبغض دین کو مونڈتے ہیں	۳۶۷
حسد نیکیوں کو کھا جاتا ہے	۳۶۸

عنوان	صفحہ
اپنے کو رشتہ داری کے فساد سے بچاؤ	۳۷۱
جس نے کسی کو نقصان پہنچایا وہ بدلہ پائے گا	//
مسلمان سے مکر وفریب کرنے والا ملعون ہے	۳۷۲
عیب کا متلاشی خود ہی رُسوا ہوگا	۳۷۳
بدترین سود	۳۷۵
تانبے کے ناخنوں سے چہرہ نوچنے والے	۳۷۶
تین عملوں کی تین سزائیں	۳۷۷
حسن ظن بھی عبادت ہے	۳۸۰
تادیب کے لئے تین دن سے زائد ناراضگی	۳۸۱
سیّدنا عیسیٰ علیہ السلام کے کمالِ ایمان	۳۸۲
قریب ہے فقر "کفر" تک پہنچادے	۳۸۳
بَابُ الْحَذَرِ وَالتَّانِّي فِي الْأُمُوْرِ	۳۸۵
معذرت قبول نہ کرنے والے پر گناہ	//
مؤمن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا	۳۸۷
دو محبوب خصال حلم ووقار	۳۸۸
جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے	۳۸۹
ٹھوکر سے حوصلہ پیدا ہوتا ہے	۳۹۱
خوب تدبیر سے کام لو	//
آخرت کے معاملات میں جلدی بہتر ہے	۳۹۲
میانہ روی نبوت کا چوبیسواں حصہ	۳۹۴
خوش اخلاقی نبوت کا پچیسواں حصہ ہے	۳۹۵
گفتگو امانت ہے	۳۹۷
جس سے مشورہ کیا جائے وہ امین ہے	۳۹۸
تین چیزیں جن کی [illegible] نہیں	۴۰۰

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنوان	صفحہ
عقل کے سبب آدمی مسئول ہے	۴۰۰
قیامت میں عقل کے مطابق بدلہ	۴۰۲
اخلاق بڑا حسب ہے	۴۰۳
حسن سوال نصف علم ہے	۴۰۵
بَابُ الرِّفْقِ وَالْحَيَاءِ وَحُسْنِ الْخُلُقِ	۴۰۸
ملائمت، حیاء اور حسن خلق کا بیان	//
اللہ تعالیٰ نرمی کو پسند کرتا ہے	۴۰۹
نرمی سے محروم ہر خیر سے محروم	۴۱۱
حیا ایمان سے ہے	//
حیا تمام کا تمام خیر ہے	۴۱۲
جب تم میں حیاء ختم ہو جائے پھر جو چاہو کرو	۴۱۴
نیکی عمدہ اخلاق کا نام ہے	۴۱۶
پسندیدہ شخص سب سے بہتر اخلاق والا ہے	۴۱۷
بہتر شخص بہتر اخلاق والا	۴۱۸
نرمی سے محروم آخرت کی خیر سے محروم	۴۱۹
حیاء ایمان اور درشتی دوزخ ہے	//
اللہ تعالیٰ کا بہتریں عطیہ خوش اخلاقی	۴۲۰
بدزبان جنت میں نہ جائے گا	۴۲۱
فحش گو اللہ تعالیٰ کو ناپسند	۴۲۳
اچھے اخلاق سے قائم اللیل کا درجہ	۴۲۴
نیکی برائی کو مٹانے والی	//
نرم خو پر آگ حرام ہے	۴۲۷
فاسق عیار ہوتا ہے	۴۲۸
مؤمن نرم دل ہوتا ہے	۴۳۰

عنوان	صفحہ
تکالیف پر صابر مؤمن بہتر ہے	۴۳۱
غصہ پی جانے کا بدلہ	۴۳۲
اسلام کا اخلاق حیاء ہے	۴۳۴
دو ساتھی حیا اور ایمان	//
ایک نصیحت اپنے اخلاق درست رکھو	۴۳۶
مجھے عمدہ اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا	۴۳۷
آئینہ دیکھنے کی دعا	۴۳۸
پاکیزگی اخلاق کی دعا	۴۴۰
بہتر آدمی لمبی عمر اور عمدہ اخلاق والا	۴۴۱
کامل مؤمن	۴۴۲
تین سچائیاں	//
بھلائی والا خاندان	۴۴۴
بَابُ الْغَضَبِ وَالْكِبْرِ	۴۴۵
غصہ و خود بینی (خود ستائی) کا بیان	//
کیا غصہ مذموم ہے؟	//
ایک نصیحت غصہ مت کرو	۴۴۷
مضبوط غصہ پر قابو پانے والا ہے	۴۴۸
اہل جنت و اہل نار	۴۴۹
رائی کے برابر ایمان والا دوزخ میں نہ جائے گا	۴۵۱
تکبر حق کو جھٹلانا اور لوگوں کو حقیر قرار دینا	۴۵۲
نظر رحمت کے تین محروم	۴۵۴
متکبر جہنمی ہے	۴۵۷
متکبرین لکھا جانا	۴۵۸
متکبرین کو بولن پلائی جائے گی	۴۵۹

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غصہ کا علاج وضو ہے	۴۶۱
غصہ دوسرا علاج	۴۶۲
غافل بدترین بندہ ہے	۴۶۳
سب سے زیادہ محبوب گھونٹ	۴۶۵
دشمن سے حفاظت کا راز	//
غصہ ایمان کا بگاڑ ہے	۴۶۷
تواضع، تکبر کا موازنہ	۴۶۸
سب سے زیادہ عزت والا بندہ	۴۶۹
حفاظت زبان کا بدلہ	۴۷۰
تین نجات، تین ہلاک کن اشیاء	//
بَابُ الظُّلْمِ	۴۷۳
ظلم کا بیان	//
ظلم قیامت کے دن اندھیرے ہوں گے	//
اللہ تعالیٰ ظالم کو پکڑتا ہے تو پھر نہیں چھوڑتا	۴۷۴
ظالموں کے گھروں مت داخل ہو	۴۷۵
زیادتی کی معافی دنیا میں مانگ لو	۴۷۷
مفلس کسے کہتے ہیں	۴۷۸
قیامت کے دن حقوق دلوائے جائیں گے	۴۸۰
زیادتی والے پر ظلم نہ کریں	۴۸۲
حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کی وصیت	۴۸۴
بڑا ظلم شرک ہے	۴۸۵
بدترین آدمی وہ ہے جو دوسروں کی دُنیا کے بدلے اپنی آخرت برباد کرے	۴۸۷
تین دفاتر کا الگ حساب	۴۸۸
مظلوم کی بددعا سے بچو	۴۸۹
ظالم کو مضبوط کرنے والا	//
ظالم کے ظلم کی نحوست سے جاریٰ اپنے گھونسلے میں مرجاتا ہے	۴۹۰
بَابُ الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ	۴۹۲
امر بالمعروف کا بیان	//
برائی سے روکنے کے درجات	۴۹۷
برائی سے منع نہ کرنے کے نتائج	//
آگ میں انتڑیوں کے گرد گھومنے والا	۵۰۰
نیکی کا حکم دیتے اور برائی سے روکتے رہو	۵۰۱
گناہ سے نفرت کرنے والا غیر موجود کی طرح ہے	۵۰۲
آیت : عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ کا درست مطلب	۵۰۳
برائی سے نہ روکا تو موت سے پہلے عذاب میں مبتلا ہوگا	۵۰۶
جس کام میں تمہیں چارہ کار نہ ہو اس سے اپنے کو بچانا لازم ہے	۵۰۷
آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا خطبہ دُنیا اور عورتوں سے خبردار رہو	۵۱۰
معذور بنا لینے میں ہلاکت کا خطرہ	۵۱۶
خاص لوگوں کی وجہ سے عام کو عذاب نہیں دیا جاتا	۵۱۷
ظلم کو روکو ورنہ عذاب عام ہو جائے گا	۵۱۸
عمل سے دُور خطباء کا بدلہ	۵۲۰
خیانت کا نتیجہ	۵۲۲
امت کے لوگوں کو حکمرانوں کی طرف سے ملنے والی آفتیں	//
برائی پر نفرت کا اظہار ضروری ہے	۵۲۳
امید رحمت	۵۲۴
نیکی و بدی کے لئے کھڑا کیا جائے گا	۵۲۵

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتاب الرقاق	۵۲۸
رقاق کی کتاب	//
باب فضل الفقراء وماکان من عیش النبی ﷺ	۶۳۴
باب فقراء کی فضیلت کے بیان میں اور نبی ﷺ کی زندگی کے بیان میں	//
بَابُ الْاَمَلِ وَالْحِرْصِ	۶۸۴
آرزو اور حرص کا بیان	//
بَابُ اِسْتِحْبَابِ الْمَالِ وَالْعُمُرِ لِلطَّاعَةِ	۷۰۵
خدا کی طاعت و عبادت کے لئے مال اور عمر سے محبت رکھنے کا بیان	۷۰۵
باب الریا والسمعہ	۷۶۰
ریا و سمعہ کا بیان	//
بَابُ الْبُكَاءِ وَالْخَوْفِ	۷۹۱
رونے اور خوفزدہ ہونے کا بیان	//
باب تَغَيُّرِ النَّاسِ	۸۳۱
لوگوں میں تغیر وتبدل کا بیان	//
چار برائیوں کا خطرناک انجام	۸۴۷
فتنوں سے ڈرانے کا بیان	۸۴۸

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الموضوع

الموضوع	صفحہ
بَابُ الضِّحْكِ	۱۵
ہنسنے کا بیان	//
بَابُ الْاَسَامِیْ	۲۲
اسماء کا بیان	//
بَابُ الْبَيَانِ وَالشِّعْرِ	۶۲
بیان وشعر کے احکام	//
بَابُ حِفْظِ اللِّسَانِ وَالْغِيْبَةِ وَالشَّتْمِ	۹۳
زبان کی حفاظت' غیبت اور برا کہنے کا بیان	//
بَابُ الْوَعْدِ	۱۶۳
وعدہ کا بیان	//
بَابُ الْمِزَاحِ	۱۷۱
خوش طبعی کا بیان	//
بَابُ الْمُفَاخَرَةِ وَالْعَصَبِيَّةِ	۱۸۴
مفاخرت اور عصبیت کا بیان	//
بَابُ الْبِرِّ وَالصِّلَةِ	۲۰۶
برو صلہ کا بیان	//
بَابُ الشَّفَقَةِ وَالرَّحْمَةِ عَلَى الْخَلْقِ	۲۵۰
بنی نوع انسان پر شفقت ورحمت کا بیان	//
بَابُ الْحُبِّ فِي اللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ	۳۱۸
اللہ کے ساتھ اور اللہ کیلئے محبت کرنا	//
بَابُ مَا يُنْهٰى عَنْهُ مِنَ التَّهَاجُرِ وَالتَّقَاطُعِ وَاتِّبَاعِ	

الموضوع	صفحہ
الْعَوْرَات	۳۵۰
ممنوع چیزوں یعنی ترک ملاقات' انقطاع تعلق اور عیب جوئی کا بیان	//
بَابُ الْحَذَرِ وَالتَّانِّي فِي الْاُمُوْرِ	۳۸۵
معذرت قبول نہ کرنے والے پر گناہ	//
بَابُ الرِّفْقِ وَالْحَيَاءِ وَحُسْنِ الْخُلُقِ	۴۰۸
ملائمت' حیاء اور حسن خلق کا بیان	//
بَابُ الْغَضَبِ وَالْكِبْرِ	۴۴۵
غصہ وخود بینی (خودستائی) کا بیان	//
بَابُ الظُّلْمِ	۴۷۳
ظلم کا بیان	//
بَابُ الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ	۴۹۲
امر بالمعروف کا بیان	//
كتاب الرقاق	۵۲۸
باب فضل الفقراء وماكان من عيش النبي صلى الله عليه وسلم	۶۳۴
باب فقراء کی فضیلت کے بیان میں اور نبی ﷺ کی زندگی کے بیان میں	//
بَابُ الْاَمَلِ وَالْحِرْصِ	۶۸۴
آرزو اور حرص کا بیان	//
بَابُ اِسْتِحْبَابِ الْمَالِ وَالْعُمُرِ لِلطَّاعَةِ	۷۰۵

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الموضوع	صفحہ
خدا کی طاعت وعبادت کے لئے مال اور عمر سے محبت رکھنے کا بیان	۷۰۵
باب الریا والسمعہ	۷۶۰
ریاوسمعہ کا بیان	//
بَابُ الْبُكَاءِ وَالْخَوْفِ	۷۹۱
رونے اور خوفزدہ ہونے کا بیان	//
باب تَغَيُّرِ النَّاسِ	۸۳۱
لوگوں میں تغیر وتبدل کا بیان	//

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الضِّحْكِ

ہنسنے کا بیان

''اصول'' میں لفظ ''الضحك'' حرف اول کے کسرہ اور حرف ثانی کے سکون کے ساتھ ہے۔

لفظ ''الضحك'' کو دو طریقے سے پڑھا جاتا ہے:

بروزن سجن۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں: ضحك ضحكا بالفتح وبالكسر وبكسرتين ككتف

اس سے اسم فاعل کا صیغہ ''ضاحك'' آتا ہے۔

مصنف علیہ الرحمہ نے ''باب الضحك'' میں ضحک کو اعم معنی میں لیا ہے، لہٰذا تبسم بھی اس میں شامل ہو جائے گا۔ ورنہ تو نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اکثر ضحك تو ''تبسم'' ہی ہوتا تھا۔ یا ضحک کے جواز پر استدلال کرنا چاہتے ہیں کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اور صحابہ سے ضحک ثابت ہے۔

تبسم وضحک کے جواز پر تفسیر بغوی میں مذکور تفسیر سے اشکال ہوتا ہے۔ وہ یوں کہ اس آیت کریمہ: ﴿لَا يُغَادِرُ صَغِيرَةً وَّلَا كَبِيرَةً اِلَّآ اَحْصٰهَا﴾ [الکھف: ۴۹] کی تفسیر عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یوں مروی ہے کہ صغیرہ سے مراد ''تبسم'' اور کبیرہ سے مراد ''ضحک'' ہے۔ تو اس اشکال کا جواب یہ ہے کہ یہاں اس سے مراد کفار کا مؤمنین کے ساتھ، یا فجار کا علماء صالحین کے ساتھ ٹھٹھا کرنا ہے۔ جیسا کہ ارشاد اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے خبر دی ہے: ﴿اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ﴾

[المطففین: ۲۹]

الفصل الاول:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مسکرانا

۴۷۴۵: عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَجْمِعاً ضَاحِكًا حَتّٰى اَرٰى مِنْهُ لَهَوَاتِهِ اِنَّمَا كَانَ يَتَبَسَّمُ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۵۰۴ الحدیث رقم ۶۰۸۹ ومسلم فی ۴/۱۹۲۵ واحمد فی المسند ۴/۹۳۵۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنا زیادہ ہنستے ہوئے کبھی نہیں دیکھا کہ یہاں تک کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں نے آپ ﷺ کے حلق یا کوّے کو دیکھا۔ آپ ﷺ عموماً مسکرایا کرتے تھے۔ (بخاری)

تشریح: قوله: ما رأيت النبي ﷺ مستجمعا ضاحكًا: اى ما ابصر ته حال كونه مستجمعًا من جهة الضحك۔

لهواته: لام اور ہاء دونوں کے فتحہ کے ساتھ ''لهاة'' کی جمع ہے'' لهاة''، حلق کے کوّے کو کہتے ہیں۔

مستجمعًا: صاحب مصباح لکھتے ہیں: ''استجمعت' شرائط الامامة و ''اجتمعت'' دونوں ''خصلت'' کے معنی میں ہیں چنانچہ دونوں فعل لازم ہیں مفعول مقدر ماننے کی کوئی ضرورت نہیں۔

صاحب مغرب لکھتے ہیں: استجمع السيل اجتمع من كل موضع' واستجمعت للمرء أموره اجتمع له ما يحبه' یہ لازم ہے' جیسا کہ آپ نے ملاحظہ فرمایا۔ اور عرب کا یہ قول: استجمع الفرس جريًا، اس میں ''جريًا'' منصوب علی التمیز ہے۔ البتہ فقہاء کا قول'' مستجمعًا شرائط الجمعة''، ثابت نہیں ہے۔ واللہ اعلم

''ضاحكا'': منصوب بر بناء تمیز ہے باوجود یکہ مشتق ہے۔ چنانچہ اس کا تمیز ہونا عرب کے اس قول کے قبیل سے ہے: لله دره فارسا اور معنی یہ ہوگا: ما رأيته يضحك تاما مقبلا بكليته على الضحك۔

قوله: انما كان يتبسم:

یہ فرمانا غالب احوال کے اعتبار سے ہے نبی کریم ﷺ کبھی کبھار ضحک بھی فرماتے تھے لیکن ان کا ضحک حد مذکورہ بالا سے متجاوز نہیں ہوتا تھا۔ اور اعراب سابق امام طیبیؒ کے کلام کا زبدہ ہے اور ابن الملک کا رجحان اس طرف ہے کہ ضاحكًا حال ہے۔ أى: ما رأيته مستجمعا لضحكه في حال ضحكه، أى لم أره يضحك ضحكا تاما بجميع فمه. اھ۔ یہ کلام شارح کے ماقبل کلام سے ماخوذ ہے: گویا کہ حضرت عائشہؓ یوں فرمانا چاہتی ہیں۔ مستجمعًا ضحكًا۔

تخریج: احمد، ترمذی اور حاکم نے جابر بن سمرۃ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے: أنه ﷺ كان لا يضحك الا تبسما (راوی) نے تبسم کو ضحک کے قبیل سے قرار دیتے ہوئے تبسم کا ضحک سے استثناء کیا ہے۔ تبسم اور ضحک میں وہی نسبت ہے، جو ''بسنة'' کو ''نوم'' سے ہے۔ اسی قبیل سے یہ آیت کریمہ ہے: ﴿فتبسم ضاحكًا﴾ [النمل : ١٩] أى شارعًا فى الضحك.

نبی علیہ السلام کی مسکراہٹ

۴۷۴۶: وَعَنْ جَرِيْرٍ قَالَ مَا حَجَبَنِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَانِيْ اِلَّا تَبَسَّمَ۔

(متفق عليه)

أخرجه البخارى فى صحيحه ١٠/٥٠٤ الحديث رقم٦٠٨٩ ومسلم فى٤/١٩٢٥ واحمد فى المسند ٤ / ٣٥٩۔

ترجمہ: حضرت جریر ؓ سے روایت ہے کہ جب سے میں مسلمان ہوا ہوں نبی کریم ﷺ نے مجھے نہیں روکا اور جب بھی مجھے دیکھتے تو آپ ﷺ مسکراتے۔ (بخاری و مسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قوله ما حجبنی:

'مجھ کو منع نہیں کیا'' کے دو مطلب ہو سکتے ہیں:

① آپ ﷺ نے کبھی بھی مجھ کو اپنے پاس آنے سے روکا نہیں میں جس وقت چاہتا آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو جاتا۔ چاہے کوئی خصوصی مجلس ہی کیوں نہ ہوتی بشرطیکہ مردانہ مجلس ہوتی' چاہے آپؐ اپنے گھر میں ہوتے۔

② ایسا کبھی نہیں ہوا کہ میں نے آپ ﷺ سے کوئی چیز مانگی ہو، اور آپ ﷺ نے اس کے دینے سے انکار کیا ہو، میں نے آنحضرت ﷺ سے جب بھی مانگا، جو بھی مانگا وہ مجھ کو عطا ہوا۔

ولا رآنی کے بعد "منذ أسلمت" محذوف ہے' چونکہ بکثرت ایسا ہوتا ہے کہ دلالت اول کی وجہ ثانی سے حذف کر دیا جاتا ہے۔ اس کی تائید ترمذی کی اس حدیث سے بھی ہوتی ہے: ماحجبنی رسول الله ﷺ ولا رأنی منذ أسلمت الا تبسم، کہ "منذ" کا تعلق دونوں افعال کے ساتھ ہے أسلمت کے ساتھ بھی اور رأیت کے ساتھ بھی، البتہ "الا" کا تعلق دوسرے فعل کے ساتھ ہے۔ ترمذی کی ایک حدیث میں "الا ضحك" کے الفاظ ہیں۔ یہاں ضحک سے مراد تبسم ہے۔ تبسم فرمانا آنحضرت ﷺ کے مکارم اخلاق میں سے تھا۔

آنحضرت ﷺ کے کا حضرت جریرؓ کو دیکھ کر انبساط فرمانا ممکن ہے اس وجہ سے ہو کہ یہ خوبرو تھے۔ چنانچہ حضرت عمر ؓ فرمایا کرتے تھے: ان جریرا یوسف هذه الأمة "بلاشبہ جریر اس امت کے یوسف ہیں"۔

زمانہ جاہلیت کی باتوں پر مسکرانا

۴۷۴۷: وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُوْمُ مِنْ مُصَلَّاهُ الَّذِيْ يُصَلِّيْ فِيْهِ الصُّبْحَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَإِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ قَامَ وَكَانُوْا يَتَحَدَّثُوْنَ فَيَأْخُذُوْنَ فِيْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ فَيَضْحَكُوْنَ وَيَتَبَسَّمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(رواه مسلم وفی روایة للترمذی یتناشدون الشعر)

أخرجه مسلم فی ٤/ ١٨١٠ الحديث رقم ٢٣٢٢، والترمذی فی السنن ٥/ ١٢٨ الحديث رقم ٢٨٥٠۔

ترجمہ: حضرت جابر بن سمرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا معمول تھا کہ آپ مصلیٰ پر فجر کی نماز ادا فرما لیتے تو اس وقت تک وہاں سے نہ اٹھتے جب تک سورج نہ نکل آتا جب سورج نکل آتا تو آپ اشراق کی نماز ادا فرماتے یا گھر میں تشریف لے جانے کے لئے اٹھ کھڑے ہوتے اور اس دوران میں صحابہ کرامؓ زمانہ جاہلیت کی باتوں کا تذکرہ کرتے اور ہنستے تھے اور آپ ﷺ بھی ان کے ساتھ مسکراتے تھے۔ یہ مسلم کی روایت ہے اور ترمذی کے الفاظ یہ ہیں کہ وہ اشعار سننے میں مشغول رہتے۔

تشریح: قوله: كان رسول الله ﷺ لا يقوم:

امام نوویؒ فرماتے ہیں: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صبح کی نماز کے بعد ذکر کرنا، اور اسی جگہ ٹھہرے رہنا جب تک کہ عذر نہ ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مستحب ہے۔ قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں: سلف صالحین اس سنت کا خصوصیت کے ساتھ اہتمام کرتے تھے وہ اس دوران ذکر و دعا پر اقتصار کرتے تھے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جاتا۔

قولہ: وکانو ا یتحدثون:

یہ سلسلہ گفتگو کس وقت ہوا کرتا تھا؟ اس میں تین احتمال ہیں: ① صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا یہ ہنسنا مسکرانا نماز فجر کے بعد سے طلوع شمس تک کے درمیانی عرصہ میں بھی ہوتا تھا۔ یہی ظاہر ہے۔ ② اس وقت کے علاوہ میں کیا کرتے تھے۔ ③ یہ مطلق تھا' کسی خاص وقت کے ساتھ مقید نہیں تھا۔ (یعنی کبھی فجر کے بعد سے لے کر طلوع شمس کے درمیانی وقت میں اور کبھی دیگر اوقات میں۔)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ زمانۂ جاہلیت کی باتیں کرنا بھی جائز ہے، اور (حدود شرعیہ میں رہتے ہوئے) ہنسنا مسکرانا بھی جائز ہے۔ ان قصوں میں سے ایک قصہ یہ ہے کہ ایک شخص بولا کہ اس طرح تو کسی بھی شخص کو اس کے بت نے نفع نہیں پہنچایا ہوگا جس طرح مجھے میرے بت نے نفع پہنچایا۔ سامعین بولے وہ کیسے؟ وہ شخص بولا کہ میں نے وہ بت حیس سے تیار کیا تھا۔ قحط کے زمانے میں' میں وقتاً فوقتاً اس کو کھایا کرتا تھا۔ دوسرا بولا میں نے دیکھا کہ دو لومڑیاں آئیں اور میرے بت کے سر پر چڑھ کر پیشاب کر دیا تو میں بولا: "أرب يبول الثعلبان برأسه" کہ کیا وہ رب ہے کہ اس کے سر پر لومڑی پیشاب کر رہی ہے۔ چنانچہ یارسول اللہ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر اسلام لے آیا۔

شمائل میں آتا ہے: عن جابر بن سمرة، قال: جالست النبی ﷺ أكثر من مائة مرة، وكان أصحابه يتناشدون الشعر. ويتذاكرون أشياء من أمر الجاهلية وهو ساكت، وربما يتبسم معهم. اور یہ بات محتاج بیان نہیں کہ آنحضرت ﷺ کی مجلس مبارک میں تو حید ترغیب و ترھیب کے مضامین پر مشتمل اعلیٰ درجہ ہی کے اشعار پڑھے جاتے تھے۔ خود رسول اللہ ابن رواحہ کا یہ شعر مثال دیتے ہوئے فرماتے تھے: ستبدی لك الأيام ماكنت جاهلا۔ ويأ تيك بالأ خبار من لم تزود اور اسی طرح لبید کے اس شعر کے بارے میں فرماتے تھے:

ان أصدق كلمة قالها الشاعر كلمة لبيد: ألا كل شيئ ماخلا الله باطل وكل نعيم لامحاله زائل۔

اس شعر میں نعمتوں سے مراد دنیاوی نعمتیں ہیں اور اس کا قرینہ اگلا شعر ہے: نعيمك فى الدنيا غرور وحسرة وعيشك فى الدنيا محال وباطل۔ کسی شیخ کے لطائف میں یہ واقعہ منقول ہے کہ انہوں نے نماز کے بعد قرآن کریم کے وظیفہ کی تلاوت فرمائی' اس کے بعد ان کے ساتھیوں میں سے کسی ایک نے شعر پڑھا وہ رو پڑے اور وجد میں آ گئے' جب وہ سنبھلے تو بولے: کیا تم لوگ عوام کو ملامت کرتے ہو وہ کہتے ہیں فلاں ملحد ہے' فلاں زندیق ہے' میں نے قرآن کی اتنی تلاوت کی' میری آنکھ سے ایک بھی آنسو نہ نکلا' اور جب میں نے یہ شعر کو سنا تو قریب تھا کہ میں دیوانہ ہو جاتا۔ میں کہتا ہوں یہ "سماع" کا باب کھولنے والی بات ہے' اور ایسی بات کی طرف مفضی ہے جو محل نزاع ہے' اور شیخ کے دونوں احوال میں فرق کی حکمت کے بیان کی محتاج ہے۔ یہ بسط کلام کی مقتضی ہے ہم اس سے زیادہ اہم مقصودی بات کا بیان شروع کرنا چاہتے ہیں لہٰذا ہم اس بحث سے اعراض کرتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثانی:

سب سے زیادہ تبسم والے

۴۷۴۸: وَعَنْ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ قَالَ مَارَاَیْتُ اَحَدًا اَکْثَرَ تَبَسُّماً مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ۵/۵۶۱ الحدیث رقم ۳۶۴۱، واحمد فی المسند ۳۶۴۱۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن حارث بن جزء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر تبسم والا کوئی نہیں دیکھا۔ (ترمذی)

الفصل الثالث:

جناب پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضی اللہ عنہم ہنستے بھی تھے

۴۷۴۹: وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ هَلْ كَانَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَضْحَكُوْنَ قَالَ نَعَمْ وَلِاْیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِهِمْ اَعْظَمُ مِنَ الْجَبَلِ وَقَالَ بِلَالُ بْنُ سَعْدٍ اَدْرَكْتُهُمْ یَشْتَدُّوْنَ بَیْنَ الْاَغْرَاضِ وَیَضْحَكُ بَعْضُهُمْ اِلٰی بَعْضٍ فَاِذَا كَانَ اللَّیْلُ كَانُوْا رُهْبَانًا۔ (رواه فی شرح السنة)

أخرجه البغوی فی شرح السنن ۱۲/۳۱۸ الحدیث رقم ۳۳۵۱۔

ترجمہ: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے پوچھا گیا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب بھی ہنستے تھے؟ انہوں نے کہا جی ہاں! حالانکہ ایمان ان کے دلوں میں پہاڑ سے بھی زیادہ مضبوط تھا۔ حضرت بلال بن سعد تابعی کہتے ہیں کہ میں نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اس حال میں پایا کہ وہ تیروں کے نشانوں کے درمیان دوڑتے اور ایک دوسرے کی بات پر ہنستے مگر جب رات چھا جاتی تو بے رغبت اور راہب بن جاتے۔ (شرح السنۃ)

راوئ حدیث:

بلال بن سعد تابعی۔ مؤلف علیہ الرحمہ نے ان کا اسم گرامی ''الاکمال'' میں ذکر نہیں فرمایا۔ اھ

تشریح: قوله: قال: نعم، ولایمان فی قلوبهم اعظم من الجبل:

''والایمان فی قلوبهم'' الخ یہ جملہ محل حال میں ہے اور تقدیری عبارت یوں ہے: نعم یضحکون، والحال أن عظمة الایمان وجلالته ..... ضحك میں تو کیا حد درجہ وقار رکھتے تھے اور آداب شرعیہ کے قواعد پر ثابت قدم تھے۔ مکارم اخلاق کی رعایت میں وہ انتہاء کو پہنچے ہوئے تھے ہاں وہ ہنسا کرتے تھے لیکن وہ اتنا نہیں ہنستے تھے کہ ان کے دل مردہ ہو جائیں اور کثرت ضحک کی وجہ سے ان کے ایمان متزلزل ہو جائیں۔ جیسا کہ مروی ہے کہ بہت زیادہ ہنسنا دلوں کو مردہ کر دیتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یشتدون: دال کی تشدید کے ساتھ۔ شدّ سے ماخوذ ہے۔ أی یعدون ویحرون.

الأغراض: جمع ہے غرض، کی بمعنی وبروزن ہدف یہاں جمع سے مراد ''مافوق الواحد'' ہے تاکہ یہ روایت موافق ہو جائے ''نہایۃ'' میں مروی عقبہ بن عامر کی اس حدیث کے: تخلف بین هذین الغرضین وأنت شیخ کبیر۔

رهبنا: راء کے ضمہ کے ساتھ راہب کی جمع ہے۔ جیسے راکب اور رکبان۔ کبھی اس کا اطلاق واحد پر بھی ہوتا ہے، اس وقت اس کی جمع رهابین آتی ہے۔ چنانچہ نہایۃ میں ہے: الرهبان من ترك الدنیا وزهدفیها وتخلی عنها وعزل عن أهلها وتعمد مشاقها۔ (انتھی)

یضحك بعضهم الی بعض: جار مجرور کے بارے میں کئی احتمال ہیں: ① اس کا متعلق محذوف ہے جو حال واقع ہو رہا ہے۔ أی متوجها وملتقیا الیه لا معرضا و مائلا عنه۔ ② الی ''مع'' کے معنی میں ہے، جیسا کہ اس آیت کریمہ میں: ﴿ولا تأكلوا أموالهم الی أموالهم﴾ [النساء: ۲]، نیز اس آیت میں: ﴿الی المرافق﴾ [المائدة: ٦] منقول ہے۔ ③ یضحك میں صفت تضمین ہے، انبساط کے معنی کو متضمن ہے۔ ④ امام طیبیؒ فرماتے ہیں یضحك میں صنعت تضمین ہے، سخریه کے معنی کو متضمن ہے۔ اس وجہ سے ''الی'' کے ساتھ تعدیہ ہوا ہے۔ جیسا کہ اس آیت کریمہ میں ہے: ﴿واذا خلوا الی شیاطینهم﴾ [البقرة: ١٤] امام طیبیؒ کا یہ قول دو وجہ سے عجیب وغریب ہے۔ اول تو یہ کہ سخریۃ ''مِن'' کے واسطے سے متعدی ہوتا ہے، جیسا کہ اس آیت میں ہے: ﴿فیسخرون منهم سخر الله منهم﴾ [التوبة: ٧٩] ہاں البتہ اس آیت: [ان الذین أجرموا کانوا من الذین آمنوا یضحکون﴾ [المطففین: ٢٩] ''ضحك'' سخریہ کے معنی کو متضمن ہے۔ دوم یہ کہ اس ارشاد گرامی: [واذا خلا یعضهم الی بعض﴾ [البقرة: ٧٦] میں ''ضحك'' سخریہ کے معنی کو متضمن نہیں ہے، بلکہ یہ بات نہ لفظاً درست ہے اور نہ دو تاویلیں ہیں: ایک یہ کہ ''الی'' بمعنی ''مع'' ہے، جیسا کہ اس آیت میں ہے: ﴿من أنصاری الی الله﴾ [آل عمران: ٥٢] اور دوسری تاویل یہ ہے کہ (اس میں) تضمن انضمام یا انتہاء کے معنی کی ہے۔ حاصل معنی یہ ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دن کے اوقات یوں تھے اور ان کی مجالس ابرار تھیں۔

صحابی رضی اللہ عنہ کی کہانی قرآن کی زبانی:

صحابہ کرامؓ کی زندگیاں کیسی تھیں؟ قرآن کریم کی یہ آیات اس کی جھلک پیش کرتی ہیں:

① ﴿رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَن ذِكْرِ اللّٰهِ وَإِقَامِ الصَّلٰوةِ وَإِيتَاءِ الزَّكٰوةِ يَخَافُونَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيهِ الْقُلُوبُ وَالْأَبْصَارُ﴾ [النور: ٣٧]

② ﴿تَتَجَافٰى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنفِقُونَ﴾ [السجدة: ١٦]

③ ملا علی قاریؒ صحابہ کی بابت فرماتے ہیں: (جس کو مرتبہ نے نظم میں پرویا ہے کیا شانِ صحابہ عرض کروں؟ کیا شان صحابہ رکھتے تھے: ﴿كَانُوا قَلِيلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُونَ وَبِالْأَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُونَ﴾ [الذاریات: ١٧-١٨]

ظاہر کی آنکھ سے ہنستے تھے باطن کی آنکھ سے روتے تھے
از رُوئے بدن وہ فرشی تھے، ارواح کی رُو سے عرشی تھے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ظاہر میں تو یوں لگتا تھا مخلوق میں گھل مل رہتے ہیں
ہر قلب وقالب پر لمحہ خالق کے سنگ سنگ رہتے تھے۔
وہ قریب وبعید کے سب لوگوں سے قرب کا رشتہ رکھتے تھے
ہر اندر سے وہ اپنے کو مانند پر دیسی رکھتے تھے
باطن میں سب حضرات کے ہی تجرید بھی تھی تفرید بھی تھی
وہ لباس ہدید سے عاری تھے پر شان نرالی رکھتے تھے
بوسیدہ کپڑوں میں بھی شان شاہاں وہ رکھتے تھے۔
فقر وغربت بس اتنی تھی کہ کمال فقر وہ رکھتے تھے
اس حال میں بھی سبحان اللہ ! کہ شان غنا وہ رکھتے تھے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْاَسَامِیْ

اسماء کا بیان

أسامی: یاء کی تشدید وتخفیف ہر دو کے ساتھ مروی ہے۔ ''اسم'' کی مندرجہ ذیل جموع مستعمل ہیں:

▣ اسماء: بروزن افعال۔ ▣ أسامیّ: بروزن أفاعیل۔ ▣ أسام: بروزن أفاعل۔

عرضِ مرتب:

اگلی بحث مرتب کی کاوش ہے۔ (انتھی) کیسے نام رکھے جائیں؟

▣ ہر وہ نام جس میں اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں کو لفظ ''عبد'' کے ساتھ ملا کر بنایا جائے، اللہ کے نزدیک پسندیدہ ہے۔ (ملاحظہ فرمائیے حدیث: ۴۷۸۲)

▣ انبیاء کے ناموں میں سے کوئی نام رکھا جائے۔ (از فوائد حدیث: ۴۷۸۲)

▣ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے ناموں میں سے ہو۔

فوائد ۞ جب صحابہ یا صحابیات کے ناموں پر نام رکھے جائیں، تو معنی کی تحقیق کوئی لازمی نہیں۔ ان ناموں کے صحیح ہونے کی سب سے بڑی دلیل یہی ہے کہ صحابہ نے ان ناموں کو رکھا اور نبی اکرم نے ان ناموں کو نہیں بدلا، اس لئے کہ آپ ﷺ جب بھی کسی کا غیر مناسب نام دیکھتے، تو اس کو بدل دیا کرتے تھے۔ لہٰذا صحابہؓ کرام کے ناموں کے صحیح ہونے کی سب سے بڑی دلیل اللہ کے نبی ﷺ کا ان کے ناموں کو برقرار رکھنا ہے۔

▣ سلف صالحین کے ناموں میں سے ہو۔

▣ بامعنی اور اچھے معنی والے نام رکھے جائیں۔ مثلاً حارث، ہمام۔ (از فوائد حدیث: ۴۷۸۲)

▣ برے نام کو تبدیل کر دینا چاہئے۔ (نووی۔ از فوائد حدیث: ۵۷۵۸۔۴۷۷۴)

▣ از روئے حدیث مندرجہ ذیل نام رکھنا مکروہ (تنزیہی) ہے۔ (از فوائد حدیث: ۴۸۵۳،۵۳)

▣ رباح۔ ▣ یسار۔ ▣ نافع۔ ▣ یعلی۔ ▣ برکۃ ▣ أفلح ▣ نجیح۔

▣ واضح رہے کہ مذکورہ بالا کراہت کا تعلق محض انہی ناموں سے نہیں ہے، بلکہ اور دوسرے نام جو بیان کردہ الفاظ کے ہم معنی ہوں یا ان جیسے ہوں ان کا بھی یہی حکم ہے۔ اس طرح کے نام رکھنے کی ممانعت کے سب کا بیان آگے آئے گا۔ (ملاحظہ ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حدیث: ۴۷۵۴، ۴۷۵۳،

ایسا نام نہیں رکھنا چاہیئے:

(الف) جس کے لفظی مفہوم سے نفس کی تعریف ظاہر ہو۔ کیونکہ اس سے نفس میں بڑائی پیدا ہوتی ہے۔ مثلاً بَرّۃ.

(ب): جو فرشتوں میں سے کسی فرشتے کا نام ہو۔ مثلاً جبرائیل۔ **سموا بأسماء الأنبياء ولا تسموا بأسماء الملائكة**: ''انبیاء کے ناموں پر نام رکھو، فرشتوں کے ناموں پر نام مت رکھو''۔

(ج): جس میں ایسا وصف پایا جاتا ہو جو اللہ جل شانہ کے ساتھ مخصوص ہو۔ جیسے شہنشاہ۔ یہ وصف ایسا ہے کہ اس وصف میں کسی مخلوق کے شریک ہونے کا وہم وگمان بھی نہیں ہوسکتا۔

(د): جس کے معنی اچھے نہ ہوں۔ (از فوائد حدیث: ۴۷۷۴۔۴۷۸۲) **عاص، عاصي، عاصية** (نافرمان، سرکش، متکبر) **حرب، مرّہ، حزن، غراب، حباب، شهاب، عتله، اسود** (کالا) **اجدع**.

(ھ) جو اسماء الٰہیہ میں سے ہو۔ (از فوائد حدیث: ۴۷۷۶) ۔عزیز، حمید، کریم۔

(و) جو زمانۂ جاہلیت کا ہو۔ **كلب، كليب، حمار، عبد شمس**. وغیرہ

طبرانیؒ حضرت بریرہ سے نقل کرتے ہیں: **أنه ﷺ نهى أن يسمى كلب أو كليب**.

(ز) جو ذو معنی ہو، بایں طور

ابو الحكم:

(ح) جس نام میں اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں کے علاوہ کسی اور نام کو لفظ عبد کے ساتھ استعمال کیا گیا ہو۔ مثلاً عبد العامر، عبد المصطفیٰ۔

☆ عرب کا دستور تھا کہ وہ اپنے نام سے عدول کر کے کنیت استعمال کیا کرتے تھے۔ ان کے ہاں کنیت میں توقیر وتعظیم کا پہلو ہوا کرتا تھا الّا یہ کہ کنیت کا کوئی حصہ ہو کہ جس سے ''مدعو بہ'' کو تکلیف پہنچی ہو۔ بخلاف اسم مجرد کے۔ علمائے عربیت فرماتے ہیں: علم مدح وذم کے معنی کی طرف مشعر ہو تو لقب ہے، اگر (مدح وذم کے معنی کی طرف مشعر) نہ ہو تو اگر اب یا ابن سے شروع ہوتا ہے تو وہ علم ''کنیت'' ہے وگرنہ وہ اسم سے ہے۔ (حدیث: ۴۷۵۰) ''کنیت'' کی اس سے زیادہ جامع تعریف یہ ہے:

- کنیت کبھی کسی وصف وصفت کی طرف منسوب کر کے مقرر کی جاتی ہے۔ ابو الحکم، ابو الفضل، ابو الخیر، ابو المعالی۔
- کنیت کبھی کسی خاص رشتہ کی طرف نسبت کر کے مقرر کی جاتی ہے۔ **أبو سلمة، أبو شريح**.
- کنیت کبھی کسی ایسی خاص چیز کی طرف نسبت کر کے مقرر کی جاتی ہے، جس کے ساتھ انتہائی اختلاط وربط ہو۔ جیسا کہ ابو ہریرہ۔ کہ نبی ﷺ نے دیکھا کہ حضرت ابو ہریرہؓ کے پاس ایک بلی ہوتی ہے تو انہوں نے ان کی کنیت یہی مقرر فرما دی۔
- کنیت کبھی محض نام کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ جیسا کہ ابو بکر، ابو عمرو۔
- بعض حیوانات کی اجناس کے لئے بھی کنیت استعمال کی جاتی ہے۔ (القاموس الوحید)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الاول:

میری کنیت نہ رکھو

۴۷۵۰: عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السُّوْقِ فَقَالَ رَجُلٌ يَا اَبَاالْقَاسِمِ فَالْتَفَتَ اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّمَا دَعَوْتُ هٰذَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمُّوْا بِاسْمِيْ وَلَا تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ٤/٣٩٩ الحدیث رقم ٢١٢٠ ومسلم فی٣/١٦٨٢ الحدیث رقم ٢١٣١ و ابوداؤد فی السنن٥/٢٤٩ الحدیث رقم٤٩٦٥والترمذی فی٥/١٢٥، الحدیث رقم ٢٨٤١ و ابن ماجه فی٢/١٢٣٠الحدیث رقم ٣٧٣٥، والدارمی فی ٢/٣٧٩ الحدیث رقم ٢٣٩٣، واحمد فی المسند ٣/١٧٠۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بازار میں تھے کہ ایک شخص نے یہ کہہ کر آواز دی یا ابا القاسم! تو آپ اس کی طرف متوجہ ہوئے تو وہ کہنے لگا میں نے اس شخص کو آواز دی ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے نام پر نام تو رکھو مگر میری کنیت نہ رکھو۔ (بخاری)

تشریح: لا تکتنوا: از باب افتعال ہے۔ باب سمع اور باب تفعیل سے بھی مستعمل ہے۔

ایک نسخہ میں لا تکنوا، از باب افتعال کے بجائے باب تفعیل سے ہے یعنی تاء کے ضمہ اور نون کی تشدید کے ساتھ ہے۔ ایک اور نسخہ میں مجرد سے حرف اول کے فتحہ اور ثانی کے سکون کے ساتھ ہے۔ یہ تمام لغات ثابت ہیں ابن عباس سے منقول طبرانی کی ایک روایت میں ولا تکنوا ہے۔

قولہ: سموا باسمی: اس سے معلوم ہوا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں ''محمد'' رکھنا جائز تھا' اور آپ کے اس دنیا سے پردہ فرما جانے کے بعد بھی جائز ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں یہ نام رکھنے میں کوئی حرج اس لئے نہیں تھا کہ وہ موجب التباس نہیں تھا' چونکہ صحابہ کرام کو نبی کریم کا نام مبارک لے کر پکارنے کی ممانعت تھی' چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿لَا تَجْعَلُوْا دُعَاءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَاءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا﴾ [النور:٦٣] اور اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو جو تعلیم عقلی دی ہے اس کا تقاضا بھی یہی ہے اللہ جل شانہ نے اپنے کلام میں ''یا ایھا النبی'' جیسے الفاظ سے مخاطب فرمایا ہے' بخلاف دوسرے انبیاء کے کہ ان کو ان کے ناموں سے پکارا ہے۔ یا آدم' یا ابراہیم' یا موسیٰ' یا عیسیٰ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام گرامی محمد، کنیت ابوالقاسم، اور لقب رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) تھا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کنیت اپنی اولاد میں سے سب سے بڑے بیٹے کے نام (قاسم) پر تھی۔ تفصیلی بحث ان شاء اللہ حدیث:۴۷۷۲ آئے گی۔

میرے نام پر نام تو رکھو

۴۷۵۱: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمُّوْا بِاسْمِيْ وَلَا تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ فَاِنِّيْ اِنَّمَا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جُعِلْتُ قَاسِماً اَقْسِمُ بَيْنَكُمْ ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۲۱۷/٦ الحدیث رقم ۳۱۱٤ و مسلم فی۱٦۸۳/۳ الحدیث رقم (۳-۲۱۳۳) والترمذی فی السنن۱۲۵/۵ الحدیث رقم۲۸٤۲و ابن ماجه فی ۱۲۳۰/۲ الحدیث رقم۳۷۳٦، واحمد فی المسند ۳٦۹/۳۔

ترجمہ:حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:تم میرے نام پر نام رکھا کرو لیکن میری کنیت پر کنیت مقرر نہ کرو کیونکہ مجھے قاسم بنایا گیا ہے۔میں تمہارے درمیان تقسیم کرتا ہوں۔(بخاری ومسلم)

تشریح:قوله:ولا تكتنوا بكنيتي: رسول اللہ کو کنیت کے ساتھ پکارا جانا آپ کی تعظیم کے پیش نظر تھا' چنانچہ اس میں کوئی بھی آپؐ کا شریک نہ ہو۔پس اس بات کو مکروہ سمجھا جائے گا کہ کوئی شخص اپنی کنیت آپؐ کی کنیت پر رکھے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا﴾ [النور:٦۳]اس معنی کو اگلے جملہ میں بیان فرمایا ہے.

فانی انما جعلت قاسما ای جعلنی الله جامع کی روایت میں''انا بعثت قاسما'' آیا ہے۔

لأقسم بينكم کا مطلب: چونکہ'' أقسم '' کا مفعول بہ محذوف ہے،اس لئے علماء نے''شیء مقسوم'' کے بارے میں سیر حاصل مباحث کی ہیں۔ان مباحث کو تلخیص کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔

① میں علم وغنیمت وغیرہ تقسیم کرتا ہوں۔

② صالحین کو بشارت اور طالحین کو نذارت تقسیم کرتا ہوں۔

③ درجات ودرکات تقسیم کرتا ہوں۔

یہ سب ہی مراد ہیں' سب کے مراد ہونے میں کوئی مانع نہیں' جیسا کہ اس پر حذف مفعول دلالت کر رہا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ یہ صفت چونکہ تمہارے اندر موجود نہیں،صرف لفظ کی حد تک ظاہری اشتراک ہے۔حاصل یہ کہ میں محض اس سبب سے ابوالقاسم نہیں ہوں،کہ میرے بیٹے کا نام''قاسم'' ہے۔بلکہ مجھ میں''قاسمیت'' کا لحاظ بھی رکھا گیا ہے،بایں طور کہ مجھ کو دینی ودنیاوی امور دولت کا تقسیم کنندہ قرار دیا گیا ہے،لہٰذا جب میں نہ تو ذات کے اعتبار سے اور نہ اسماء وصفات کے اعتبار سے تم میں سے کسی بھی شخص کی مانند ہوں،تو تم لوگوں کو میری کنیت پر اپنی کنیت مقرر نہیں کرنی چاہئے۔

اس اعتبار سے''ابوالقاسم''صوفیہ کے قول''ابوالوقت'' کی نظیر ہے۔''ابوالوقت'' کا مطلب ہوتا ہے:صاحب الوقت وملازمہ الذی لاینفك عنه ۔چنانچہ''ابوالقاسم'' کا مطلب ہوگا صاحب هذا الوصف۔

(واضح رہے،کہ اس صورت میں ابو کے معنی باپ کے نہیں ہوں گے،بلکہ اس وصف کے معنی ہوں گے،)جیسا کہ کسی شخص کو''ابوفضل'' کہا جائے،اگرچہ فضل نام کی اس کی کوئی اولاد ہی نہ ہو۔خلاصہ یہ ہے کہ کنیت ایک قسم،کا لقب محمود ہے۔واللہ اعلم۔

اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ نام

۴۷۵۲:وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَبَّ اَسْمَآءِ كُمْ اِلَى اللّٰهِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَبْدُ اللّٰهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱۶۸۲/۳ الحدیث رقم (۱۲-۲۱۳۲) و ابوداؤد فی السنن ۲۳۶/۵ الحدیث رقم ۴۹۴۹، والترمذی فی ۱۲۱/۵ الحدیث رقم ۲۸۳۳ وابن ماجه فی ۱۲۲۹/۲ الحدیث رقم ۳۷۲۸، والدارمی فی ۳۸۰/۲ الحدیث رقم ۲۱۹۵، واحمد فی المسند ۳۴۵/۴۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے ہاں سب سے زیادہ پسندیدہ تمہارے ناموں میں سے عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہیں۔ (مسلم)

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے:

امام حاکم نے ''الکنیٰ'' میں اور امام طبرانی نے ابوزہیر ثقفی سے مرفوعاً روایت کیا ہے: **اذا سمیتم فعبدوا۔ أی: انسبوا عبودیتهم الی اسماء الله.**

▣ عبدالرحیم اور عبدالملک، وغیرہ نام رکھنے چاہئیں۔ ▣ **عبد الحارث، عبد الغنی**، وغیرہ کی طرح کے نام رکھنا جائز نہیں۔ ▣ لوگوں میں ذائع شائع ناموں کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

'' أسمائکم '' کی اضافت سے پتہ چلتا ہے، کہ اللہ عزوجل کے نزدیک انبیاء کرام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نام سب سے زیادہ پسندیدہ ہیں۔ پھر تمہارے (رکھے ہوئے) ناموں میں سب سے زیادہ پسندیدہ نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہیں۔ لہٰذا نام ''محمد'' بھی ان ناموں میں سے ہے، جو نام اللہ کو سب ناموں میں سب سے زیادہ پسند ہیں۔ وگرنہ اتنی بات تو بہرحال ہے، ان ناموں (عبداللہ اور عبدالرحمٰن) کا درجہ نام محمد کے مساوی ہے یا اسم محمد ان دونوں ناموں سے زیادہ محبوب ہے مطلقاً یا من وجہ۔ واللہ أعلم۔

افلح و یسار ناموں سے ممانعت فرمائی

۴۷۵۳: وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَمِّيَنَّ غُلَامَكَ يَسَارًا وَّلَا رَبَاحًا وَلَا نَجِيْحًا وَلَا اَفْلَحَ فَاِنَّكَ تَقُوْلُ اَثَمَّ هُوَ فَلَا يَكُوْنُ فَيَقُوْلُ لَا۔ (رواہ مسلم وفی روایة له قال لَا تُسَمِّ غُلَامَكَ رَبَاحًا وَلَا يَسَارًا وَلَا اَفْلَحَ وَلَا نَافِعًا)۔

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱۶۸۵/۳ الحدیث رقم (۱۰-۲۱۳۶) و ابوداؤد فی السنن ۲۴۳/۵ الحدیث رقم ۴۹۵۸، والترمذی فی ۱۲۲/۵ الحدیث رقم ۲۸۳۶ و ابن ماجه فی ۱۲۲۹/۲ الحدیث رقم ۳۷۳۰، والدارمی فی ۳۸۱/۲ الحدیث رقم ۲۶۹۶، واحمد فی المسند ۷/۵۔

ترجمہ: حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ہرگز اپنے غلام کا نام یسار، رباح، نجیح اور افلح نہ رکھو کیونکہ جب تم پوچھو گے مثلاً افلح اس جگہ ہے اور وہ وہاں نہیں ہوگا تو وہ جواب میں کہے گا نہیں۔ یعنی وہ یہاں نہیں ہے۔ (مسلم) اور مسلم ہی کی ایک روایت میں یوں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے غلام کا نام رباح، یسار افلح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور نافع نہ رکھو۔

تشریح: لا تسمین: اگرچہ صیغہ خاص ہے، مگر مراد عام ہے۔

غلام: صبی (بچہ) عبد (بندہ، غلام)۔

یسار: یسر سے ماخوذ ہے، یسر ضد ہے عسر کی۔ منصرف ہے۔ چونکہ یاء اصلی ہے۔

رباح: راء کے فتحہ کے ساتھ ربح سے ماخوذ ہے۔ ربح ضد ہے خسارۃ کی۔

نجیحا: نجح سے ماخوذ ہے۔ جس کا معنی ہے ظفر۔

أفلح: فلاح سے ماخوذ ہے۔ غیر منصرف ہے۔ اس کا معنی ہے فوز۔

ثم: ثائے مثلثہ کے فتحہ اور میم کی تشدید کے ساتھ۔ اور حرف استفہام مقدر ہے۔ أی أهناك۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اس طرح کے نام رکھنا ممنوع ہے۔

مندرجہ بالا نام رکھنے کی ممانعت کا سبب:

قولہ: فیقول عبارت میں کئی احتمال ہیں: ① لیس هناك یسار۔ ② لا رباح عندنا ③ لا نجیح هناك۔ ④ لا أفلح موجود چنانچہ از روئے شگون یہ کوئی اچھی بات نہیں یا شناعت جواب کی وجہ سے یہ نام رکھنا مکروہ ہیں۔ شرح السنہ میں لکھتے ہیں: لوگ اس کے طرح کے ناموں میں الفاظ و معنی کی نیک فالی کو مدنظر رکھتے ہیں، بسا اوقات معاملہ اس کے برعکس ہوتا ہے، کہ نیک فالی کا پہلو جاتا رہتا ہے، اور بد فالی و شناعت کا پہلو نمایاں ہو جاتا ہے۔ مثلاً کسی کا نام رباح ہے۔ کوئی پوچھتا ہے۔ رباح ہے؟ گھر والے جواب دیتے ہیں، گھر میں رباح نہیں ہے، (تو اگرچہ اس صورت میں متعین ذات مراد ہے، مگر لفظ ''یسار'' کے حقیقی معنی کے اعتبار سے مفہوم یہ ہوگا، کہ گھر میں فراخی و تونگری نہیں ہے۔) وہ اس کی نفی سے بد فالی ہے' اور دل ہی دل میں یسر سے ناامید ہو جائیں گے چنانچہ لوگوں کو اس سبب سے روکا گیا جو سوظن لاتا ہو اور خیر سے مایوسی پیدا کرتا ہو۔ حمید بن نجو یہ فرماتے ہیں: جب کسی شخص کو خود یا اس کے اہل خانہ میں سے کسی شخص کو ان اسماء کی طرف سے آزمائش کا سامنا ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ نام تبدیل کر دے۔ اگر اس نے نام تبدیل نہیں کیا اور کسی وقت اس سے پوچھا گیا کہ یہاں (مثلا) یسار ہے یا برکہ ہے۔ چونکہ ادب یہ ہے کہ یوں کہا جائے کہ یہاں یسر و برکت ہی ہے۔ الحمد للہ۔ اور قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان امور سے نواز دے' اور یوں نہ کہا جائے کہ وہ یہاں نہیں ہے' اور نہ یوں کہا جائے کہ وہ یہاں سے نکل گیا ہے۔ واللہ اعلم۔

نافع وغیرہ ناموں کی اباحت

۴۷۵۴: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَرَادَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَنْهٰی اَنْ یُّسَمّٰی بِیَعْلٰی وَبِبَرَکَةَ وَبِاَفْلَحَ وَبِیَسَارٍ وَبِنَافِعٍ وَبِنَحْوِ ذٰلِكَ ثُمَّ رَاَیْتُهٗ سَکَتَ بَعْدُ عَنْهَا ثُمَّ قُبِضَ وَلَمْ یَنْهَ عَنْ ذٰلِكَ۔

(رواہ مسلم)

اخرجه مسلم فی صحیحه ۳/۱۶۸۶ الحدیث رقم (۱۳-۲۱۳۸) و ابوداؤد فی السنن ۵/۲۴۴ الحدیث رقم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴۹۶۰، والترمذی فی ۵/۲۲ الحدیث رقم ۲۸۳۶ و ابن ماجه فی ۲/۱۲۲۹ الحدیث رقم ۳۷۲۹۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یعلی، برکۃ، افلح، یسار، نافع اور اسی طرح کے دیگر اسماء رکھنے کو منع فرمانے کا ارادہ کیا مگر پھر ان سے خاموشی اختیار کی پھر آپ کی وفات ہوگئی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے نہ روکا۔ (مسلم)

تشریح: یعلی: کے فتحہ کے ساتھ، علی کا مضارع ہے۔

برکۃ: غیر منصرف ہے۔

بعد: مبنی علی الضم ہے۔ تقدیری عبارت یوں ہے: بعد ارادة النهي عن التسمية بما ذكر.

وبنحو ذلك: اس قبیل کے بعض اسماء کا ذکر ماقبل میں گذر چکا ہے۔

حدیث کا مطلب:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ فرمایا تھا، کہ لوگوں کو یعلی، برکت، افلح، یسار، نافع اور اس طرح کے دوسرے نام رکھنے سے منع فرمادیں، لیکن اس ارادہ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سکوت اختیار فرمایا، یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا سے تشریف لے گئے۔ اور ان ناموں کو رکھنے سے منع نہیں فرمایا۔

تعارض:

① حضرت جابر فرماتے ہیں: أراد النبي ﷺ أن ينهى أن يسمى بيعلى وببركة وبأفلح وبيسار وبنافع وبنحو ذلك ثم رأيته سكت بعد عنها ثم قبض ولم ينه عن ذلك. (رواه مسلم)

② حضرت سمرہ بن جندب کہتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لا تسمين غلامك يسارا ولا رباحا ولا نجيحا ولا أفلح، فانك تقول أثم هو؟ فلا يكون، فيقول: لا.

③ مسلم شریف کی ایک اور حدیث میں یہ الفاظ آئے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لا تسم غلامك رباحا و لا يسارا ولا افلح ولا نافعا.

④ ابوداؤد اور ابن ماجہ حضرت سمرۃ سے نقل کرتے ہیں: أنه ﷺ نهى أن يسمى أربعة اسماء: أفلح ويسارا ونافعا ورباحا۔

⑤ طبرانی سند حسن کے ساتھ حضرت عبداللہ بن مسعود سے نقل کرتے ہیں: أنه ﷺ نهى أن يسمى الرجل حربا أو وليدا أو امرأة أو الحكم أو أبا الحكم أو أفلح أو نجيحا أو يسارا۔

⑥ امام طبرانیؒ نے حضرت بریدہؓ سے روایت نقل کی ہے: انه ﷺ نهى أن يسمى كلب أو كليب۔

تشریح تعارض:

پہلی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان ناموں اور ان جیسے دوسرے ناموں سے منع کرنے کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صرف ارادہ فرمایا، منع نہیں فرمایا تھا۔

قیامت کے دن بدترین نام

۴۷۵۵: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَخْنَى الْاَسْمَاءَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عِنْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ یُسَمّٰی مَلِكَ الْاَمْلَاكِ (رواه البخاری وفی روایة مسلم) قَالَ اَغْیَظُ رَجُلٍ عَلَى اللّٰهِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَاَخْبَثَهٗ رَجُلٌ كَانَ یُسَمّٰی مَلِكَ الْاَمْلَاكِ لَامَلِكَ اِلَّا اللّٰهُ۔ (بخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۵۸۱/۱۰ الحدیث رقم ۶۲۰۶ و مسلم فی ۱۶۸۸/۳ الحدیث رقم (۲۱۴۳-۲۰) و ابوداؤد فی السنن ۲۴۵/۵ الحدیث رقم ۴۹۶۱، والترمذی فی ۱۲۳/۵ الحدیث رقم ۲۸۳۷، واحمد فی المسند ۳۱۵/۲

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے بدترین ناموں والوں میں سے وہ شخص ہوگا جس کو لوگ شہنشاہ کہتے ہیں۔ (بخاری) اور مسلم کی روایت اس طرح ہے کہ قیامت کے دن اللہ کے ہاں سب سے خبیث ترین وہ شخص ہوگا جس کو لوگ شہنشاہ کہتے ہیں حالانکہ اللہ کے سوا کوئی شہنشاہ نہیں۔

تشریح: أخنی: خائے معجمہ ساکن ہے اور اس کے بعد نون ہے۔ بمعنی أفبح۔ اور ''أخبح'' بھی مروی ہے۔

یسمی: تسمیة سے مشتق ہے۔ سید جمال الدین نے اس کی تصریح کی ہے۔ اور یہی ضبط تصحیح شدہ نسخوں کے مطابق ہے۔ بعض کا کہنا ہے کہ مصابیح کے اکثر نسخوں میں صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔ میں نے کتاب مسلم کے اصل تصحیح شدہ نسخہ میں بھی اسی طرح دیکھا ہے۔ اور ایک نسخہ میں صیغہ معروف کے ساتھ تائے فوقیہ کے فتحہ اور میم کی تشدید کے ساتھ از باب تفعل ''تسمی'' مصدر سے ہے۔

الأملاك: مَلِك، کی جمع ہے، اس کی جمع ملوک بھی آتی ہے۔ (قاموس) ''ملک'' مفعول ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

دوسری، تیسری چوتھی، پانچویں اور چھٹی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان ناموں سے منع فرمایا تھا۔

رفع تعارض:

اس تعارض کے متعدد جواب ہیں:

امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ گویا حضرت جابر نے ممانعت کی علامتوں کو دیکھا اور وہ چیز سنی جو ممانعت کی طرف اشارہ کرتی ہے چونکہ انہوں نے ممانعت کا حکم صریح طور سے نہیں سنا تھا اس لئے اس مسئلہ کو انہوں نے مذکورہ اسلوب میں بیان کیا لیکن یہ ممانعت چونکہ حضرت سمرہ کی پچھلی حدیث سے ثابت ہے اور ضابطہ ہے: شهادت الاثبات أثبت۔ اس لئے یہی کہا جائے گا کہ ممانعت ثابت ہے۔

میرے نزدیک ایک اور تاویل ہے وہ یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ اس ممانعت کو نہی تحریمی کے طور پر نافذ کرنے کا تھا لیکن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کے بعد آپ ﷺ نے امت کے حق میں آسانی ونرمی کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس سے سکوت فرمایا کیونکہ ناموں کا مسئلہ ایسا ہے کہ اچھے وبرے ناموں میں فرق وامتیاز نہیں۔ لہٰذا کہا جائے گا کہ نہی منفی کا تعلق نہی تحریمی سے ہے اور نہی مثبت کا تعلق نہی تنزیہی سے ہے۔ پس مذکورہ طرح کے نام رکھنا مکروہ تنزیہی ہے مکروہ تحریمی نہیں ہے۔

تعارض کے جواب کا حاصل' پہلے جواب کا حاصل:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت نافی ممانعت ہے، اور حضرت سمرہ بن جندب وغیرہ کی روایات مثبت ممانعت ہیں اور تعارض کے وقت نافی پر مثبت کو ترجیح دیتے ہیں، لہٰذا حضرت جابر کی روایت کو ترجیح حاصل ہوگی۔

دوسرے جواب کا حاصل:

حضرت جابرؓ کی روایت مثبت ممانعت ہے، وہ تحریم پر محمول ہے۔ اور حضرت سمرہ بن جندب وغیرہ کی روایات نافی ممانعت ہیں، وہ تنزیہہ پر محمول ہیں۔

قوله: أغيض رجل على الله : أغيظ: اسم تفضیل کا صیغہ ہے، مبنی للمفعول ہے۔ **أي: اكثر من يغضب عليه ويعاقب.** یہاں یہ تاویل کی جائے گی' چونکہ غیظ' انتقام سے عاجز شخص کے غصہ وغضب کو کہتے ہیں۔ یہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے حق میں مستحیل ہے' لہٰذا یہ کنایہ ہے اس اسم کی شدت کراہت سے' یا اس کی عقوبت سے مجاز ہے اس کا مضاف الیہ اگرچہ مفرد ہے۔ مگر معنوی اعتبار سے جمع ہے۔ **أي: أشد اصحاب الأسماء الكريهة عقوبة.** ''علی اللہ'': یہاں مضاف محذوف ہے۔ **اى بناء على حكمه.**

قوله: يسمى تمام ''اصول'' میں از باب تفعیل، تسمیہ مصدر سے صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔ علامہ ابن حجرؒ کے کلام سے اس کا صیغہ معروف کے ساتھ ہونا مفہوم ہوتا ہے، ان کی عبارت ملاحظہ ہو: **أي: يسمي نفسه بذلك فيرضى أن اسمه على ذلك.**

قوله: لا ملك الا الله :اى لا سلطان الا الله ۔

یہ جملہ مستانفہ ہے' تحریم تسمیہ کی علت کا بیان ہے۔ یہ جملہ واضح کر رہا ہے کہ بادشاہ حقیقی بس اللہ ہی ہے۔ اور غیر اللہ کی ملکیت مستعار ہے۔ بس جو شخص یہ نام رکھے گا اس نے اللہ تعالیٰ سے اللہ کی رداء وکبریائی میں جھگڑا کیا' حالانکہ اللہ تعالیٰ حدیث قدسی میں فرماتا ہے: **الكبرياء ردائي 'والعظمة ازاري 'فمن نازعني فيها قصمته** ۔ بس جب بندہ اللہ کا بندہ کہلانے میں استنکاف محسوس کرتا ہے تو سرعام رسوائی کو وہ اپنے اوپر مسلط کر لیتا ہے۔

جامع صغیر میں ہے کہ اس حدیث کو شیخین' ابوداؤد اور ترمذی نے ان الفاظ میں روایت کیا ہے:

أخنع الأسماء عند الله يوم القيامة رجل يسمى ملك الأملاك لا مالك الا الله. (انتھی) اس کے ظاہر کا تقاضا ہے کہ ''املاک'' ملک بالکسر کی جمع ہے۔ چنانچہ اس معنی میں ہو تو تب بھی مذموم ہے

❁ مسلم کی ایک اور روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: **أخنع اسم عند الله .....** ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخنع: أوضع، أذل با عتبار مسماه۔ (یعنی اسم کو أخنی و أخنع فرمانا باعتبار مسمّٰی کے ہے۔)
شیخ محی الدین فرماتے ہیں: احمد بن حنبلؒ نے ابوعمرو سے اخنع کے (معنی کے) بارے میں پوچھا۔ انہوں نے فرمایا: أوضع. چنانچہ معنی یہ ہوگا: اشد ذلا وضغا را یوم القیامة۔

❁ ملك الاملاك، میں ایک احتمال یہ بھی ہوسکتا ہے کہ۔ اس کو مالک پڑھا جائے جیسا کہ ﴿ملك يوم الدين﴾ [الفاتحة ۔٤] میں۔ اتفاق ہے کہ رسم الخط بغیر الف کے ہے، (اگرچہ قراءت متواترہ مالك يوم الدين ہے۔) واللہ اعلم۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس حدیث میں کلام کو مجازی معنی پر محمول کرنا ضروری ہے چونکہ یوم قیامت کے ساتھ مقید کرنا باوجود یکہ دُنیا میں بھی اس کا حکم یہی ہے اشارہ ہے اس پر مترتب ہونے والے مسبّب یعنی انزال ہوان وحلول عقاب کی طرف۔

أخنى الاسماء يوم القيامة عند الله رجل الخ کی ترکیب:

أخنى: مبتدا ہے۔ الاسماء: مضاف الیہ ہے۔ ''رجل'' خبر ہے چونکہ مبتدا خبر میں مطابقت نہیں، لہٰذا تاویل ضروری ہے۔ چنانچہ ''رجل'' کی دو ترکیبیں کی گی ہیں:

◀ رجل: مضاف الیہ، ہے اور مضاف مقدر ہے۔ اصل یوں ہے: اسم رجل. ◀ ''اسم'' بول کر مجازاً ''مسمی'' مراد ہے۔ أی: أخنى الرجال يوم القيامة عند الله رجل. لہٰذا رجل، خبر ہے۔ جیسا کہ اس آیت کریمہ میں ہے: ﴿سبح اسم ربك الاعلى﴾ اس آیت میں مبالغہ ہے، بایں طور کہ جب اللہ جل شانہ کا اسم گرامی مقدس عمالا يليق بذاته ہے، تو اللہ جل شانہ کی ذات گرامی تو بطریق اولیٰ مقدس عمالا یلیق بذاتہ ہوگی۔ اور یہاں حدیث باب میں اسم محكوم عليه بالصغار والهوان ہے، تو مسمّٰی، کا کیا حال ہوگا؟ جب اسم کا یہ حکم ہے۔ تو مسمّٰی کا حکم کیا ہوگا؟ اور یہ (وعید) اس صورت میں ہے، کہ جب مسمّٰی، اس نام پر راضی ہو۔ اس نام کو مستقل طور پر برقرار رکھے اور تبدیل نہ کرتا ہو۔ یہ تاویل ماقبل تاویل کے مقابلہ میں ابلغ و اولیٰ ہے، چونکہ یہ تاویل: ''أغيظ رجل'' والی روایت کے موافق ہے۔

قاضیؒ فرماتے ہیں: اى أكبر منا يغضب عليه غضبا، یہ اسم تفضیل مبنی للمفعول ہے۔ جس طرح کہ ''الوم'' ہے اور مفرد کی طرف اضافت کرنا جنس واستغراق کے لئے ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہاں لفظ علی أغيظ، کا صلہ نہیں ہے (چونکہ معنوی طور پر درست نہیں ہے۔)، جیسا کہ کہا جاتا ہے: اغتاظ على صاحبه وتغيظ عليه، چونکہ معنی اس سے میل نہیں کھاتا، لیکن بیان ہے، گویا جب یہ کہا گیا: أغيظ رجل تو پوچھا گیا: علٰی من؟ تو جواب میں ارشاد فرمایا: على الله. جیسا کہ یہ ارشاد باری تعالیٰ: ﴿هيت لك﴾ [یوسف۔٢٣] کہ یہاں ''لك'' اسم صوت کا بیان ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں تقدیر ایسی ہونی چاہئے جو تغیر کا فائدہ دے تاکہ دفع فساد ہو بلکہ انہوں نے جو تقدیر اختیار کی ہے اس میں شر ہے۔ اس لئے کہ اس کی نظیر یہ پیش کر دہ آیت نہیں ہے۔، اس کی نظیر میرے پاس یہ ہے کہ اصل لغت میں لفظ غيظ على کے صلہ کے ساتھ متعدی ہوتا ہے، بخلاف هيت کے، چونکہ وہ تو سرے سے ہی غیر متعدی ہے، بلکہ اس کے معنی ہیں: قبل وبادر أو تهيأت، بہر دو تو جیہہ یہ کلمہ اسم فعل ہے مبنی علی الفتح ہے۔ جمہور قراء کے نزدیک ''این'' کی طرح۔ اور لام برائے تبیین ہے۔ جیسا کہ ''سقيًا لك'' میں ہے۔ لہٰذا وہی تاویل اولیٰ ہے، جو ہم نے ماقبل میں ذکر کی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صاحب النہایہ کا کہنا ہے، کہ یہ کلام مجاز پر محمول ہے' ظاہر سے معدول ہے، چونکہ غیظ، ایک ایسی صفت ہے جو مخلوق کو غضب کے وقت لاحق ہوتی ہے، اور اللہ جل شانہ اس اسم سے منزہ ومبرا ہیں، یہ اس کے مسمی کی عقوبت سے کنایہ ہے. أی انه أشد أصحاب هذه الأسماء عقوبة عند الله سبحانه.

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: غیظ وغضب اعراض نفسانیہ میں سے ہیں، ان کی ایک ابتداء ہوتی ہے، اور ایک انتہاء ہوتی ہے۔ جب ان اعراض سے اللہ جل شانہ کو موصوف مانا جاتا ہے، تو اس وقت ان اعراض کو ان کے غایت والے معنی پر محمول کرنا متعین ہوتا ہے، چنانچہ یہاں انتقام مراد ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ ان کے ابتدائی معانی یعنی تغیر نفسانی پر محمول نہیں کیا جاتا۔ چنانچہ اس تقریر کی بناء پر یہاں "علی" وجوب کے معنی میں ہے، أی: واجب علی اللّٰه تعالیٰ علی سبیل الوعید أن یغیظ علیه وینکل به، ویعذبه أشد العذاب.

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں یہ صاحب النہایہ کے کلام کی غایت ہے۔ اور غایت یہ ہے کہ انہوں نے اتنی بات اضافی فرمائی کہ "علی" وجوب کے لئے ہے، اس مقام پر یہ معنی مراد لینا صحیح نہیں چونکہ اللہ تعالیٰ پر لذاتہ کوئی بھی شئی واجب نہیں ہے۔ انہی امور کا وقوع واجب جن امور کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے حتمی طور پر خبر دی ہے۔ جیسا کہ اس آیت میں ہے: ﴿ان اللہ لایغفر أن یشرك به﴾ پس کہا جائے گا کہ کفار کے لئے وقوع عذاب واجب ہے وگرنہ اللہ تعالیٰ کے اخبار میں تخلف واقع ہوگا پس یہ واجب لغیرہ ہے۔ یہ بات اس مقام پر درست نہیں ہے' چونکہ شرک کے علاوہ امور اللہ تعالیٰ کی مشیت کے تحت ہیں۔ پس یہ کہنا صحیح نہیں کہ علی سبیل الوعید اللہ پر عذاب دینا واجب ہے۔ فتدبر و تامل لئلا تقع فی الخلل والخطر ۔ میں نے اس مسئلہ کی وضاحت اپنے رسالہ "القول السدید فی خلف الوعید" میں کی ہے۔۔

ملك الاملاك کا مطلب:

اس کا مفہوم بہت وسیع ہے۔ حقیقی بادشاہت ایک ایسا وصف ہے۔ جو صرف اللہ تعالیٰ کے ساتھ خاص ہے، اس وصف میں کوئی شریک تو کیا ہوگا، شراکت کا وہم وگمان بھی نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا کوئی بھی شخص نہ صرف یہ نام نہ رکھے، بلکہ اس جیسا کوئی بھی نام نہ رکھے، خواہ وہ نام کسی بھی زبان کا ہو، عربی ہو، خواہ فارسی ہو، خواہ کوئی اور ہو۔ چنانچہ کوئی بھی شخص اس قسم کے اسماء پر کسی بھی مخلوق کا نام نہ رکھے۔

ملك الاملاك کے ہم معنی چند الفاظ کا بیان:

① شرح مسلم میں امام نوویؒ "ملك الأملاك" کے تحت لکھتے ہیں: ابن أبی شیبہ کی روایت میں لامالك الا اللہ کا اضافہ ہے، سفیان " ملك الاملاك" کی وضاحت میں فرماتے ہیں اس کا مطلب ہے شہنشاہ' یعنی عجمیوں کی زبان میں "شاہ شاہان"۔

② قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں: ایک روایت میں "شاہ شاہ" آیا ہے۔ اور بعض لوگوں کا زعم ہے، کہ درست لفظ "شاہ شاہان" ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اسی طرح ہے چونکہ اضافت کے معنی اسی صورت میں متحقق ہوسکتے ہیں۔ یا مضاف مقدر مانا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جائے اور یوں کہا جائے: شاہ کل۔ قاضیؒ فرماتے ہیں پس جو روایت میں آیا ہے اس کا انکار نہیں کیا جا سکتا' چونکہ کلام عجم مضاف اور مضاف الیہ میں تقدیم و تاخیر پر مبنی ہے اور یہ بات صرف شاہنشاہ میں درست ہو سکتی ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں پس اعتبار بدل جائے گا اور معنی ہوگا ''شاہان را شاہ''۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں تحقیقی بات وہی ہے جو ہم نے ذکر کی ہے۔ لہٰذا راء کی زیادتی کی ضرورت نہیں جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں۔ شاہ ملوک' شاہان الملوک' اور قاضی القضاۃ بھی اسی قبیل سے ہے۔

- ③ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''ملک شاہ'' بھی اسی سے ملحق ہے۔
- ④ بعض حضرات نے "ملك الأملاك" میں تاویل کرتے ہوئے کہا کہ اس سے مراد یہ ہے کہ کوئی شخص اپنا یا کسی کا نام اللہ تعالیٰ کے اسماء پر رکھے: مثلاً الرحمٰن، الجبار، العزیز وغیرہ۔

شرح السنہ میں فرماتے ہیں کہ سفیان کا کلام اشبہ ہے اور ہر ایک کی توجیہ ہوتی ہے۔

لفظ شہنشاہ کی لغوی تحقیق:

اس لفظ کو شہنشاہ، اور شاہنشاہ دونوں طرح پڑھا جاتا ہے۔ پہلا تلفظ معروف و مشہور ہے۔ بہر تقدیر یہ عجمی زبان کا لفظ ہے۔ مرکب اضافی ہے، اس کا معنی ہے ''بادشاہوں کا بادشاہ''۔ شاہ، فارسی زبان کا لفظ ہے، مذکر ہے۔ اس کی جمع ''شاہان'' آتی ہے۔ ''شاہ'' میں تخفیف کر کے ''شہ'' بھی بولا جاتا ہے۔ لفظ شہنشاہ/ شاہنشاہ، اپنی اصل کے اعتبار سے شاہ شاہان تھا۔ شاہ مضاف، شاہان مضاف الیہ پھر مضاف الیہ کو مضاف پر مقدم کر دیا گیا، چنانچہ ''شاہانِ شاہ'' ہو گیا۔ پھر تخفیف کی غرض سے الف کو حذف کر دیا گیا، اور ہاء کو فتحہ دے دیا گیا، تو شہنشاہ ہو گیا۔ شہنشاہ کے معنی کی عربی وضاحت ''سلطان السلاطین'' کے ساتھ کی جاتی ہے۔

بُرہ نام کو بدل دیا

۴۷۵۶: وَعَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِیْ سَلَمَةَ قَالَتْ سُمِّيْتُ بَرَّةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُزَكُّوْا اَنْفُسَكُمْ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَهْلِ الْبِرِّ مِنْكُمْ سَمُّوْهَا زَيْنَبَ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۵۷۵/۱۰ الحدیث رقم ۶۱۹۲ و مسلم فی ۱۶۸۷/۳ الحدیث رقم (۱۹-۲۱۴۲) و ابوداؤد فی السنن ۲۳۹/۵ الحدیث رقم ۴۹۵۳ و ابن ماجه فی ۱۲۳۰/۲ الحدیث رقم ۳۷۳۲، والدارمی فی ۳۸۱/۲ الحدیث رقم ۲۶۹۸

ترجمہ: حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میرا نام برہ یعنی نیکوکار رکھا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے نفس کی تعریف نہ کرو تم میں جو شخص نیکوکار ہے اس کو اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے اس کا نام زینب رکھو۔ (مسلم)

راویٔ حدیث:

زینب بنت ابی سلمہ۔ ام سلمہ رضی اللہ عنہا جو ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن میں سے ہیں یہ ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کی بیٹی ہیں ان کا نام بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''برہ'' تھا۔ آنحضور ﷺ نے بدل کر ''زینب'' رکھ دیا ملک ''حبشہ'' میں پیدا ہوئیں۔ عبداللہ بن زمعہ کی زوجیت میں رہیں۔ اپنے زمانہ کی عورتوں میں سب سے زیادہ فقیہ ہیں۔ ان سے ایک جماعت نے حدیث کی روایت کی۔ واقعہ ''حرہ'' کے بعد ان کی وفات ہوئی۔ ''برۃ'' بائے موحدہ کے فتحہ اور رائے مہملہ کی تشدید کے ساتھ ہے۔ ''برۃ'' بارۃ سے مبالغہ کا صیغہ ہے۔

تشریح: سمیت: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔

برۃ: بائے موحدہ کے فتحہ اور رائے مشددۃ کے ساتھ۔

''بارۃ'': اسم مبالغہ ہے بطور وصف کے یا مصدر کے۔

برّ: اسم لکل فعل مرضی (ہر پسندیدہ کام)

لفظ ''زینب'' کی لغوی تحقیق صاحب قاموس نے یوں ذکر کی ہے:

۱ زنب، بروزن ''فرح'' بمعنی سمن (موٹاپا) ہے اور ''ازنب'' سمین (موٹا)۔ لفظ زینب بھی اسی سے مأخوذ ہے، بطور اخبار کے یا تفاؤل کے۔

۲ زبانا العقرب (بچھو کا ڈنک) سے مشتق ہے۔

۳ زیب سے مشتق ہے ''زیب'' ایک خوشبودار خوش منظر درخت ہے۔۔

۴ اصل میں ''زین أب'' تھا۔ (ہمزہ کو حذف کر دیا اور ہمزہ کی حرکت ماقبل نون کو دے دی)

الجامع الصغیر میں منقول ہے: کان ﷺ یلاعب زینب بنت أم سلمة و یقول: یاوزینب یا زوینب۔ مرارا۔ رواہ الضیاء عن أنس۔

۴۷۵۷: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتْ جُوَيْرِيَةُ اِسْمُهَا بَرَّةَ فَحَوَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْمَهَا جُوَيْرِيَةَ وَكَانَ يَكْرَهُ اَنْ يُّقَالَ خَرَجَ مِنْ عِنْدِ بَرَّةَ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱۶۸۷/۳ الحدیث رقم (۱۶-۲۱۴۰)، واحمد فی المسند ۳۱۶/۱۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی ایک زوجہ مطہرہ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کا نام برہ تھا تو آپ ﷺ نے ان کا نام جویریہ رکھ دیا کیونکہ رسول اللہ ﷺ کو یہ پسند نہ تھا کہ کوئی یوں کہے کہ آپ برہ کے پاس سے نکلے ہیں۔ (مسلم)

تشریح: فحول رسول اللہ ﷺ اسمها جویریة:

جویریة: جیم کے ضمہ کے ساتھ ''جاریة'' کی تصغیر ہے

لفظ جویریہ میں دو ترکیبی احتمال ہیں:

۱ منصوب بنزع الخافض ہے۔ أی: الی جویریة. ۲ حول بمعنی ''صیّر'' کا مفعول بہ دوم ہے۔

''کان یکرہ'' کی ضمیر کا مرجع: اس کے مرجع کے بارے میں دو احتمال ہیں:

۱ حضرت محمد ﷺ ہیں۔ ۲ حضرت عبداللہ ابن عباس ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعارض:

① وعن زينب بنت ابى سلمة قالت سمّيت برة فقال رسول اللّٰهِ صلى اللّٰه عليه وسلم لا تزكوا انفسكم اللّٰه اعلم باهل البرّمنكم سموها زينبَ.

② وعن ابن عبّاس قال كانت جويرية اسمها برَة فحوّل رسولُ اللّٰهِ صلّى اللّٰه عليه وسلّم اسمها جويريّة وكان يكره ان يُقال خرج من عند برّة.

تشریح تعارض:

حضرت زینب کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے "برۃ" کا نام بدلنے کا سبب "تزکیہ نفس کا اندیشہ" تھا۔ حضرت عبداللہ بن عباس کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے، کہ برہ نام بدلنے کا باعث "تطیر" (بدفالی) کا اندیشہ تھا۔

رفع تعارض:

اس تعارض کے تین جواب ہیں:

ان دونوں میں کوئی تضاد نہیں ہے کیونکہ اسباب کے درمیان کوئی مزاحمت نہیں ہوا کرتی ایک چیز کے دو مختلف سبب ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ جن دو چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے وہ دونوں مذکورہ ممانعت کا سبب بننے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ علاوہ ازیں ہوسکتا ہے کہ زینب کے خاندان وقبیلہ کے لوگوں سے معلوم کرنے کے بعد یہ واضح ہوا ہوگا کہ انہوں نے زینب رضی اللہ عنہا کا نام واقعتاً ان کے نفس کی تعریف اور مدح وثنا کے قصد سے رکھا تھا جب کہ حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا کے حق میں اس ممانعت کا سبب (آنحضرت ﷺ برہ کے پاس سے نکلے) کہے جانے کی ناپسندیدگی کو قرار دیا اور یہ بات تھی کہ ازواج مطہرات کے پاس آنحضرت ﷺ کے جانے آنے کے بارے میں عام طور پر اسی طرح کہا جاتا تھا کہ آنحضرت ﷺ فلاں زوجہ مطہرہ کے پاس تشریف لے گئے ہیں یا آنحضرت ﷺ فلاں زوجہ مطہرہ کے ہاں سے نکلے ہیں۔

عاصیہ نام تبدیل فرمادیا

۴۷۵۸: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ بِنْتًا كَانَتْ لِعُمَرَ يُقَالُ لَهَا عَاصِيَةُ فَسَمَّاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ جَمِيْلَةَ۔

(رواه مسلم)

أخرجه مسلم فى صحيحه ۱۶۸۷/۳ الحديث رقم (۱۵-۲۱۳۹) وابوداؤد فى السنن ۲۳۸/۵ الحديث رقم ۴۹۵۲، والترمذى فى السنن ۱۲۰/۵ الحديث رقم ۲۸۳۸ و ابن ماجه فى ۱۲۳۰/۲ الحديث رقم ۳۷۳۳، والدارمى فى ۳۸۱/۲ الحديث رقم ۲۶۹۷۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی ایک بیٹی تھی جس کو عاصیہ کہا جاتا تھا چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے اس کا نام جمیلہ رکھا۔ (مسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: اس لفظ کے مادہ اشتقاق میں دو قول ہیں۔ شاید کہ ان کا یہ نام زمانۂ جاہلیت میں تھا۔

یہ عیص سے مشتق ہے۔ عیص کا معنی ہے گنجان درخت عیص کا اطلاق درخت کے اُگنے کی جگہ پر بھی ہوتا ہے۔

① قاموس کی عبارت سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے، چونکہ انہوں نے یہ کلمہ "معتل العین" میں ذکر کیا ہے۔ لکھتے ہیں: **الأعياص من قريش، أولاد أمية بن عبد الشمس الاكبر وهم العاص وأبو العاص والعيص، وأبو العيص اھ۔** اسحاق بن ابراہیم علیہ السلام کے صاحبزادے کا نام "عیص" تھا۔ وہ بھی اسی سے ماخوذ ہے۔ یاء کو الف سے بدل دیا گیا تو عاص ہوگیا۔ عاص اور ابوالعاص بھی اسی سے ماخوذ ہے۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ عاصیۃ عاص کا مؤنث ہے نہ کہ عاصی کی تانیث، عیص سے ماخوذ ہے نا کہ عصیان سے، لیکن چونکہ اشتباہ لفظ لازم آتا ہے اور **متبادر الی الذھن** بھی یہی معنی ہیں اسی لئے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان کا نام بدل دیا۔

② عاص، "عصیان" سے ماخوذ ہے عاصی کا مخفف ہے۔ صاحب "الفائق" فرماتے ہیں: اس نام کو آپ نے ناپسندیدہ قرار دیا۔ اس لئے (یہ نام لفظی مفہوم کے اعتبار سے عصیان و سرکشی، عدم اطاعت اور نافرمانی پر دلالت کرتا ہے جب کہ) مؤمن کا شعار اطاعت و فرمانبرداری ہے اس لئے کسی مؤمن کے لئے مناسب نہیں ہے کہ وہ عاص یا عاصیہ نام رکھے۔

تورپشتی ﷺ فرماتے ہیں: زمانۂ جاہلیت میں اہل عرب کا دستور تھا، کہ وہ اپنے بچوں کے نام عاصی یا عاصیہ رکھتے تھے۔ وہ ایسے ناموں سے گزر کرتے تھے جو قبول نقائص اور رضا بر ظلم کے معنی پر دلالت کرتے ہوں اسلام نے ان ناموں کو ناپسندیدہ قرار دیا۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: بظاہر متضاد نام رکھنا چاہئے تھا۔ عاصیۃ، کی ضد مطیعۃ ہے، لہٰذا ان کا نام مطیعۃ، رکھا جاتا، لیکن چونکہ مطیعۃ، نام میں بھی دو خرابیاں تھیں، اس لئے یہ نام نہیں رکھا۔ پہلی خرابی تزکیہ نفس تھی اور دوسری خرابی بد فالی تھی۔ لہٰذا "جمیلہ" نام رکھا۔ چونکہ ایک اعتبار سے یہ بھی عاصیۃ، کا متضاد تھا۔ بایں طور کہ **الجميل لا يصدر منه الا الجميل والبر.**

ملا علی قاریؒ، طیبیؒ کی بات پر نقد کرتے ہوئے فرماتے ہیں: اولاً نام بدلتے وقت یہ کوئی ضروری نہیں کہ متضاد نام رکھا جائے۔ (لہٰذا کوئی بھی مناسب نام رکھا جاسکتا ہے۔ لہٰذا مذکورہ بالا واقعہ میں اس بات کی رعایت کا ہونا کوئی ضروری نہ تھا۔)

ثانیاً: "عاصیہ" کا مقابل "مطیعہ" ہے، جیسا کہ ہم نے ماقبل میں بیان کیا ہے۔ لہٰذا یہ "جمیلۃ" بظاہر **حسنة** کے معنی میں ہے۔ **التی لا يصدر منها الا الجميل والبر** کے اگر یہ معنی مراد ہوں، تو اس میں بھی وہی دونوں خرابیاں موجود ہیں۔ جو مطیعۃ، میں تھیں۔ واللہ اعلم۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قبیح نام کو بدل ڈالنا مستحب ہے، جس طرح کے مکروہ نام کو اچھے نام سے بدلنا مستحب ہے۔

منذر نام تجویز فرمایا

۴۷۵۹: وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ اُتِيَ بِالْمُنْذِرِ بْنِ اَبِيْ اُسَيْدٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ وُلِدَ فَوَضَعَهٗ عَلٰى فَخِذِهٖ فَقَالَ مَا اسْمُهٗ قَالَ فُلَانٌ قَالَ لَا وَلٰكِنْ اِسْمُهُ الْمُنْذِرُ۔ (متفق علیہ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۵۷۵ الحدیث رقم ٦١٩١ و مسلم فی ۳/۱٦۹۲ الحدیث رقم (۲۹-۲۱٤۹)

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ منذر بن ابی اسید کو جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیدائش کے بعد لایا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو اپنی ران پر رکھا اور کوریافت فرمایا کہ اس کا نام کیا ہے؟ لانے والے نے بتلایا کہ اس کا فلاں نام ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں۔ اس کا یہ نام مناسب نہیں بلکہ اس کا نام منذر رہے۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: فخذ: فاء کے فتحہ اور خائے معجمہ کے سکون کے ساتھ صاحب قاموس لکھتے ہیں: الفخذ ککتف مابین الساق والورك مؤنث کا لفخذ ویکسر۔

قال فلان: (وہ نام کیا تھا؟ یہ نہیں پتہ چل سکا۔

قال: لا، لکن اسمه المنذر:

عرضِ مرتب:

فو قانی متن میں عبارت اسی طرح ہے البتہ تحتانی متن میں ''لا'' موجود نہیں ہے چنانچہ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ ایک نسخہ میں ''لکن'' ہے۔ اس کی اصل تقدیری عبارت یوں ہے: لا أرضی بذلك لکن اسمه المنذر.

امام طیبیؒ نے تقدیری عبارت یہ ذکر کی ہے: لا أرضی بما سمّیتموه، ولکن أرضی له أن یکون اسمه المنذر

''المنذر'': ذال معجمہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

منذر نام رکھنے کی وجہ:

ہوسکتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نیک فالی کے طور پر رکھا ہو، اور قرآن کریم کی اس آیت کریمہ میں موجود ''تفقہ فی الدین'' کا مفہوم پیش نظر ہو: ﴿لِيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنْذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ﴾ [التوبة:۱۲۲]

موہم الفاظ میں احتیاط

۴۷۶۰: وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُولَنَّ أَحَدُكُمْ عَبْدِي وَأَمَتِي كُلُّكُمْ عَبِيدُ اللّٰهِ وَكُلُّ نِسَائِكُمْ إِمَاءُ اللّٰهِ وَلٰكِنْ لِيَقُلْ غُلَامِي وَجَارِيَتِي وَفَتَايَ وَفَتَاتِي وَلَا يَقُلِ الْعَبْدُ رَبِّي وَلٰكِنْ لِيَقُلْ سَيِّدِي وَفِي رِوَايَةٍ لِيَقُلْ سَيِّدِي وَمَوْلَايَ وَفِي رِوَايَةٍ لَا يَقُلِ الْعَبْدُ لِسَيِّدِهِ مَوْلَايَ فَإِنَّ مَوْلَاكُمُ اللّٰهُ۔ (رواه مسلم)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۵/۱۷۷ الحدیث رقم ۲۵۵۲ و مسلم فی ٤/۱۷٦٤ الحدیث رقم (۱۵-۲۲٤۹) وابوداؤد فی السنن ۵/۲۵٦ الحدیث رقم ٤۹۷۵، واحمد فی المسند ۲/٤۹٦۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں کوئی شخص اپنے غلام و لونڈی کو اس طرح کہہ کر مت بلائے عبدی، امتی، تم تمام اللہ تعالیٰ کے بندے اور تمہاری بیویاں اللہ تعالیٰ کی بندیاں ہیں بلکہ تمہیں اس طرح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہنا چاہیے غلامی و جاریتی وفتای وفتاتی۔اسی طرح غلام اپنے آقا سے خطاب کے وقت اس طرح نہ کہے ربی بلکہ کہے سیدی اور ایک روایت میں اس طرح ہے سیدی ومولای کہنا چاہیے اور ایک دوسری روایت میں ہے کہ کوئی غلام اپنے آقا کو میرا مولا نہ کہے کیونکہ تمہارا مولا صرف اللہ تعالیٰ ہے۔(مسلم)

تشریح: لا یقولن أحدکم عبدی و أمتی: یعنی نہ یا عبدی یا امتی کہہ کر پکارے اور نہ ''عبدی فلان' امتی فلانۃ'' کہے۔

لفظ عبد ایک خاص مفہوم کا حامل ہے اور اسلامی عقیدے کے مطابق انسان اللہ تعالیٰ ہی کا عبد بندہ ہے اور ہوسکتا ہے' ایک دوسرے انسان کا بندہ نہیں ہوسکتا کیونکہ ''عبد'' عبادت کرنے والے کو کہتے ہیں اور عبادت صرف اللہ تعالیٰ ہی کی ہوسکتی ہے۔کسی مخلوق کی نہیں اس اعتبار سے اگر کوئی انسان' کسی دوسرے انسان کو عبدی یعنی اپنا بندہ کہتا ہے تو وہ حقیقت عبدیت میں شرک کا مرتکب ہورہا ہے یا شرک کا مرتکب نہ سہی ارتکاب شرک کے گمان کا سبب بن رہا ہے لہٰذا آپ ﷺ نے اس لفظ کو استعمال کرنے سے منع فرمایا۔

قاموس کے مطابق ''امۃ'' کے معنی مملوکہ کے ہیں اور یہ ظاہر ہے کہ کسی بھی انسان کی حقیقی ملکیت صرف اللہ تعالیٰ کو حاصل ہے۔

عبد اور امۃ کے الفاظ کے استعمال کی اس ممانعت کا تعلق اس صورت سے ہے جب کہ اپنے غرور وتکبر کے اظہار اور باندی کو حقیر وذلیل جاننے کے طور پر ہو۔ورنہ غلام و باندی پر لفظ عبد اور امۃ کا اطلاق خود قرآن وحدیث میں منقول ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ﴾ اور ﴿ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ﴾ اس طرح بہت سی احادیث میں بھی غلام اور باندی کو لفظ عبد اور امۃ سے تعبیر کیا گیا ہے۔

مولا: کے متعدد معانی آتے ہیں: ☆ متصرف ☆ ناصر ومعین ☆ غلام ☆ آقا۔

کلکم عبید اللہ: جملہ مستانفہ تعلیلیہ ہے۔معنوی اعتبار یوں ہے: کل رجالکم عبید اللہ ۔ اس کا قرینہ اگلا جملہ: ''کل نسائکم اماء اللہ'' ہے۔اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ پہلے میں عموم ہو بطریق تغلیب' اور دوسرا تخصیص بعد از تعمیم کی قبیل سے ہو۔توجیہ سابق کی تائید اس آیت سے ہوتی ہے: ﴿وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ﴾ [النور: ۳۲]

فتای وفتاتی: واؤ بمعنی ''او'' ہے۔

ربی: منادیٰ ہے، یا مبتدا محذوف کی خبر ہے۔

ولکن لیقل غلامی وجاریتی وفتای وفتاتی:

اس جملہ میں ان الفاظ کا بیان ہے جن الفاظ کے ذریعہ غلام و باندی کو یاد اور مخاطب کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔''غلام'' کے معنی لڑکے کے ہیں۔جاریہ کے معنی لڑکی کے ہیں۔''فتی'' کے معنی جوان مرد۔''فتاۃ'' کے معنی جوان عورت کے ہیں۔

ظاہر ہے کہ ان الفاظ کے استعمال میں نہ صرف یہ کہ مفہوم کے اعتبار سے کوئی غیر موزونیت نہیں ہے بلکہ ان الفاظ کے ذریعہ ایک طرح سے غلام و باندی کے تئیں شفقت ومحبت اور یگانگت ورواداری کے جذبات کا بھی اظہار ہوتا ہے'

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہی یہ بات کہ جب فتی اور فتاۃ جوان مرد اور جوان عورت کو کہتے ہیں تو ان الفاظ کا اطلاق ان غلام اور باندی پر کیسے ہوگا جو عمر رسیدہ اور بوڑھے ہوں؟ جواب: یہ فرمانا ''باعتبار ما کان کے ہے۔ کہ غلام اور باندی' خواہ وہ کتنے ہی بوڑھے ہوں' عام طور پر ان کے آقا اور مالک ان کے ساتھ چھوٹوں اور جوانوں ہی کا سا معاملہ رکھتے تھے اور ان کے بڑھاپے کا وہ لحاظ احترام نہیں کرتے تھے جو ان کی عمر کے دوسرے لوگوں یعنی آزاد بوڑھیوں کا ہوتا تھا۔ خدمت گاری اور کام کاج کے سلسلے میں چونکہ بوڑھے غلام و باندی بھی جوانوں جیسی مستعدی اور چستی رکھتے تھے اس لئے ان کو بھی فتی اور فتاۃ کہا جاتا تھا۔

اس ارشادِ گرامی میں مالکوں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنے غلام و باندی کو ناشائستہ اور غیر موزوں الفاظ کے ذریعہ مخاطب نہ کریں۔ یہ واضح کرنا ہے کہ اگر اپنے غلام اور باندی کو ایسے الفاظ کے ذریعہ مخاطب کرنا ہی ہو جو ان کی حیثیت و رتبہ کو واضح کر سکیں تو اس مقصد کے لئے عبد اور امۃ سے بہتر مذکورہ الفاظ ہیں۔

ولا یقل العبد ربی:

کوئی غلام و باندی اپنے آقا کو پکارتے وقت یا اس کے بارے میں کوئی خبر دیتے وقت ربی (میرا رب) نہ کہے کیوں کہ اگرچہ رب کے معنی تربیت و پرورش کرنے والے کے ہیں اور ظاہری مفہوم کے اعتبار سے ایک آقا کو اپنے غلام و باندی کا تربیت و پرورش کرنے والا کہا جا سکتا ہے۔ لیکن ربوبیت علی الاطلاق ایک ایسی خاص صفت ہے جو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ خاص ہے لہٰذا کسی انسان کو ''رب'' کہنا شرک کے گمان کا باعث ہے۔

ولکن لیقل سیدی: یہ ظاہر ہے کہ مالک کو اپنے غلام باندی پر سیادت و فضیلت اور امارت و ریاست حاصل ہوتی ہے اس اعتبار سے غلام و باندی کا اپنے مالک کو یا سیدی (یعنی اے میرے سردار یا اے میرے آقا) کہہ کر مخاطب کرنا موزوں و مناسب ہے۔ چنانچہ اسی وجہ سے شوہر کو بھی ''سید'' کہا جاتا ہے۔

وفی روایۃ: لا یقل العبد لسیدہ مولای:

ابھی اوپر گذرا کہ غلام و باندی اپنے مالک کو مولی کہیں یہاں فرمایا گیا ہے کہ کوئی غلام و باندی اپنے مالک کو مولی نہ کہے ان دونوں روایتوں کے درمیان پائے جانے والے ظاہری تضاد کو اس تاویل کے ذریعہ دور کیا جاتا ہے کہ مولی کے کئی معنی آتے ہیں۔ جیسے متصرف و منتظم' ناصر اور معین وغیرہ چنانچہ غلام و باندی کو اپنے مالک کے تئیں ''مولی'' کا لفظ استعمال کرنے کی اجازت و جواز کا تعلق اس صورت سے ہے جب کہ وہ اس کے معنی وہ مراد نہ لیں جو حق تعالیٰ کی ذات کے ساتھ خاص ہیں جیسے ناصر و معین ہاں جس معنی کا اطلاق بندوں کی ذات پر بھی ہو سکتا ہے جیسے متصرف و منتظم تو ان معنی کو مراد لیتے ہوئے مالک کے لئے لفظ مولی کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مولی کا اطلاق ''معتق'' اور ''معتق'' پر کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ بخاریؒ کی روایت میں بحوالہ انسؓ آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد منقول ہے مولی القوم من انفسھم ہے طبرانی کی روایت میں حضرت سہل بن حنیف سے مروی ہے: مولی الرجل اخوہ۔

مالک کو ''مولی'' کہنے کی ممانعت و عدم جواز کا تعلق اس صورت سے ہے جب کہ اس کے وہ معنی مراد لئے جائیں جو حق تعالیٰ کی ذات کے ساتھ مخصوص ہیں جیسے ناصر اور معین وغیرہ کیونکہ ان کے معنی کے اعتبار سے مولی کے حقیقی معنی صرف حق تعالیٰ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے جیسا کہ یہ فرمایا گیا:[نعم المولی ونعم النصیر]اس کی روشنی میں دونوں روایتوں کے درمیان کوئی تضاد باقی نہیں رہا حاصل یہ کہ

ورنہ تو غلام اور باندیوں کے لئے ''عبد'' اور امۃ کا لفظ قرآن کریم میں متعدد مقامات پر استعمال ہوا ہے:

① ﴿والصالحین من عبادکم وامائکم﴾ [النور۔۳۲]

② ﴿عبدا مملوکا لا یقدر علی شیء﴾

③ ﴿اذکرنی عند ربك﴾ [یوسف]

④ ﴿الفیا سیدها لدی الباب﴾ غلاموں اور باندیوں کے مالک بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے ابتلا وامتحان میں ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿وجعلنا بعضکم لبعض فتنة﴾[الفرقان۔۲۰] اسی طرح اللہ جل شانہ اپنے انبیاء واولیاء کا امتحان بھی لیتا ہے، جیسا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی آزمائش ہوئی کہ ان کو غلام بنالیا گیا۔

(کذا فی شرح السنہ)

شرح مسلم للنووی میں لکھتے ہیں: علماء فرماتے ہیں، کہ یہ بات مکروہ ہے کہ مملوک اپنے مالک کو ''ربی'' کہے۔ چونکہ اس میں باری تعالیٰ کے ساتھ مشارکت کا ابہام پایا جاتا ہے۔ اور یہ جو حدیث میں گم شدہ جانور کے بارے میں آتا ہے: حتی یلقاها ربها، تو یہ غیر مکلّف کے لئے استعمال ہوا ہے، چنانچہ یہ دار اور مال کی طرح ہے، اور ''رب الدار والمال'' کہنے میں کوئی کراہت نہیں ہے۔ اور جہاں تک بات ہے کہ یوسف علیہ السلام کے ان دو اقوال کی:﴿اذکرنی عند ربك﴾ [یوسف:۴۲] ﴿انه ربی أحسن مثوی﴾ [یوسف:۲۳] کی تو اس کے دو جواب ہیں: پہلا جواب یہ ہے کہ انہوں نے ایسے کلمات کے ذریعہ خطاب کیا، کہ جن کو وہ جانتے تھے، اور ضرورت کی بناء پر ایسا کرنا جائز ہے۔ اور دوسرا جواب یہ ہے کہ ہماری شریعت میں یہ حکم منسوخ ہے۔ اھ

﴿انه ربی أحسن مثوی﴾ کا اظہر جواب یہ ہے کہ یہ ضمیر اللہ جل شانہ کی طرف راجع ہے۔ أی انه خالقی أحسن منزلتی ومأوای بأن عطف علیّ القلوب فلا أعصیه. اور ﴿اذکرنی عند ربك﴾ کا مطلب یہ ہے، اذکر حالی عند الملك کی یخصلنی۔ ﴿فانساه الشیطن ذکر ربه﴾ کا مطلب یہ ہے: أنسی یوسف ذکر اللّٰه حتی استعان بغیره. اس کی تائید اس حدیث مبارکہ سے بھی ہوتی ہے: رحم اللّٰه أخی یوسف لو لم یقل اذکرنی عند ربك لما لبث فی السجن سبعا بعد الخمس. (کذا فی تفسیر البیضاوی)

ابوسعید قرشیؒ فرماتے ہیں: جب (یوسف) صاحب سجن سے یہ کہا:﴿اذکرنی عند ربك﴾ تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نازل ہوئے، اور عرض کیا: الله یقرئك السلام ویقول: من حببك الی أبیك من بین اخوتك؟ ومن قیض لك السیارة لتخلیصك؟ ومن طرح فی قلب من اشتراك من مودتك حتی قال:﴿اکرمی مثواه﴾ [یوسف:۲۱] ومن صرف عنك وبال المعصیة؟

اللہ جل شانہٗ فرماتے ہیں: میں ہی وہ ذات ہوں کہ جس نے ان تمام مواقع پر تیری حفاظت کی، کیا تم کو یہ خوف ہونے لگا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ میں تمہیں جیل خانہ میں بھول جاؤں گا حتی کہ تو نے میرے غیر سے مدد چاہی؟ اور کہا: ﴿اذکرنی عند ربك﴾ کیا تیرا رب تیرے قریب نہیں ہے؟ اور کیا تیرا ربّ صاحب السجن سے تجھے چھٹکارا دلانے پر قادر نہیں ہے؟ تم ضرور بضرور چند سال قید خانہ میں رہو گے، یہ سن کر حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا: وربی عنی بواض؟ تو جبرائیل نے فرمایا: ہاں۔ حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا: تو تب مجھے پرواہ نہیں، اگر چہ قیامت تک ہی قید خانہ میں کیوں نہ رہنا پڑے۔ (کذا فی حقائق السلمی)

انگور کو کرم نہ کہو

۴۷۶۱: وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاتَقُوْلُوْا الْكَرْمُ فَاِنَّ الْكَرْمَ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ۔

(رواہ مسلم)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۵۶۶/۱۰ الحدیث رقم۶۱۸۳ و مسلم فی ۱۷۶۳/۴ الحدیث رقم (۷-۲۲۴۷) و ابوداؤد فی السنن ۲۵۵/۵ الحدیث رقم۴۹۷۴ والدارمی فی ۳۸۲/۲ الحدیث رقم ۲۷۰۰ واحمد فی المسند ۳۱۶/۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (انگور کو) کرم نہ کہو کیونکہ کرم مؤمن کا دل ہے (مسلم)

تشریح: قوله: لاتقولو الكرم: اصل عبارت یوں ہے: لاتقو لو للعنب الكرم۔

الكرم: راء کے سکون اور فتحہ کے ساتھ۔ بعض نسخوں میں فتحہ کے ساتھ ہے۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں: راء کی حرکت کے ساتھ ہے۔ لؤم کی ضد ہے۔ کہتے ہیں: أرض كرم. اى طيبة كرم، عنب (انگور) کو بھی کہتے ہیں۔ کریمان: حج و جہاد یہ بھی اسی سے مأخوذ ہے: خير الناس مؤمن كريمين. حدیث میں آتا ہے: لا تسموا العنب الكرم فان الكرم الرجل المسلم. آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقی عرض یہ نہ تھی کہ انگور کو "کرم" نہ کہا جائے۔

لفظ کرم، راء کے فتحہ اور سکون کے ساتھ بمعنی کریم آتا ہے۔ اور وصف بالعدل کے طریقے پر "عدل" و "ضیف" کی طرح استعمال ہوتا ہے۔ واحد، تثنیہ، جمع، مذکر، مؤنث سب کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ شرح مسلم میں امام نوویؒ لکھتے ہیں: اہل لغت کہتے ہیں: رجل كرم وامرأة كرم، ورجلان كرم ونسوة كرم، ورجال كرم۔ ان تمام مثالوں میں لفظ "کرم" کے راء کو ساکن و مفتوح دونوں طرح پڑھنا درست ہے بمعنی کریم، وصف بالمصدر ہے۔ "عدل" اور "ضیف" کی طرح۔

كريمتيه: صاحب النہایہ لکھتے ہیں: اى جارحتيه الكريمتين على. وكل شيء يكرم عليك فهو كريمك وكريمتك. صاحب قاموس لکھتے ہیں: الكريمان الحج والجهاد ومنه خير الناس مؤمن بين كريمين، او معناه بين فرسين يغزو عليهما، او بعيران يستقى عليهما، وأبوان كريمان مؤمنان، وكريمتك ابنتك وكل جارحة شريفة كالأذن، والكريمتان: العينان اھ فتامل. ایک شارح فرماتے ہیں کہ اہل عرب انگور کو کرم کہا کرتے تھے، کیونکہ انگور سے شراب بنتی ہے۔ اور ان کا کہنا تھا، کہ شراب پینے سے آدمی میں جود و کرم کے اوصاف پیدا ہوتے ہیں۔

شاعر کے اس مصرع میں اسی طرف اشارہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ع فيا ابنة الكرم لا بل يا ابنة الكرم

چنانچہ جب شریعت مطہرہ نے شراب کو حرام قرار دیا، تو نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خمر کی تحقیر، اور حرمت کی تاکید کی خاطر انگور کو ''کرم'' کہنے سے منع فرما دیا۔ اور بتلا دیا کہ مؤمن کا قلب ہی اس قابل ہے کہ اس کو کرم کہا جائے، جو تقوی کا معدن ومنبع ہے۔ جب کہ شراب عقل کو خراب کرتی ہے۔ رائے کو فاسد کرتی ہے۔ مال کا ضیاع ہے۔ اور ناجائز مصرف میں استعمال ہے۔

صاحب الفائق لکھتے ہیں کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام انتہائی لطیف پیرائے میں درحقیقت اس مفہوم کو دل ودماغ پر نقش کرنا چاہتے تھے: ﴿إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ﴾ [الحجرات:۱۳] کہ عنب کو کرم کہنے سے روکا جائے، بلکہ اصل غرض یہ تھی، کہ غیرت اسلامی کا تقاضا یہ ہے کہ مسلمان اس نام پر دوسری چیزوں کے نام رکھے، ہونا یہ چاہئے کہ مسلمان اس صفت کو اختیار کرے۔ چہ جائیکہ تم کرم، کسی غیر مسلم کا نام رکھو۔ گویا کہ آپ فرمانا یہ چاہتے تھے، کرم تم اپنا نام نہیں رکھتے، تو نہ رکھو۔ لیکن کسی چیز کا نام کرم مت رکھو۔

قوله: فان الكرم: یعنی لفظ ''کرم'' سے مشتق اسم کا مستحق مسلمان ہی ہے۔

۴۷۶۲: وَفِي رِوَايَةٍ لَهُ عَنْ وَائِلِ ابْنِ حَجَرٍ قَالَ لَا تَقُولُوا الْكَرْمَ وَلَكِنْ قُولُوا الْعِنَبُ وَالْحَبَلَةَ۔

أخرجه مسلم في ٤/١٧٦٤ الحديث رقم (١٢-٢٢٤٨)۔

ترجمہ: اور مسلم ہی کی ایک حدیث میں حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے یوں منقول ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انگور کے درخت کو کرم نہ کہو بلکہ عنب اور حبلہ کہو۔

تشریح: عنب، کا اطلاق انگور پر بھی ہوتا ہے، اور اس کی بیل پر بھی۔ یہاں بیل مراد ہے۔

حبلة: حاء مہملہ اور بائے موحدہ دونوں کے فتحہ کے ساتھ باء کو ساکن بھی پڑھا جاتا ہے انگور کی بیل۔

زمانہ کی رسوائی.....مت کہو

۴۷۶۳: أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا الْعِنَبَ الْكَرْمَ وَلَا تَقُولُوا يَا خَيْبَةَ الدَّهْرِ فَإِنَّ اللَّهَ هُوَ الدَّهْرُ۔ (رواه البخاري)

أخرجه البخاري في صحيحه ١٠/٥٦٤ الحديث رقم ٦١٨٢ و مسلم في ٤/١٧٦٣ الحديث رقم (٤-٢٢٤٦)، واحمد في المسند ٢/٢٥٩۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انگور کو کرم نہ کہو اور نہ اس طرح کہو۔ اے زمانہ کی رسوائی! کیونکہ اس میں شبہ نہیں کہ زمانہ اللہ تعالیٰ کے اختیار وقبضہ میں ہے۔ (بخاری)

تشریح: **قوله: ولا تقولوا يا خيبة الدهر**:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عرضِ مرتب:

اس کی تشریح کتاب الایمان میں ملاحظہ فرمائیں، مفصل بیان کی جا چکی ہے۔

تخریج: جامع صغیر میں لکھتے ہیں، کہ اس حدیث کو شیخین نے روایت کیا ہے۔

زمانے کو برا مت کہو

۴۷۶۴: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَا يَسُبُّ اَحَدُكُمُ الدَّهْرَ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ۔

(رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحيحه ١٧٦٣/٤ الحديث رقم (٦-٢٢٤٧) و ابوداؤد فی السنن ٤٢٣/٥ الحديث رقم ٥٢٧٤، واحمد فی المسند ٢٧٢/٢۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم زمانے کو برا مت کہو کیونکہ حقیقت میں اللہ تعالیٰ ہی زمانہ کو الٹ پلٹ کرنے والا ہے۔ (مسلم)

تشریح: اس حدیث کی شرح کتاب الایمان میں بہت تفصیل کے ساتھ گزر چکی ہے۔

خبثِ نفسی نہ کہو

۴۷۶۵: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ خَبُثَتْ نَفْسِيْ وَلٰكِنْ لِيَقُلْ لَقِسَتْ نَفْسِيْ (متفق علیه وذکر حدیث ابی هریرة) يُؤْذِيْنِيْ ابْنُ اٰدَمَ فِيْ بَابِ الْاِيْمَانِ۔

أخرجه البخاری فی صحيحه ٥٦٣/١٠ الحديث رقم ٦١٧٩ و مسلم فی ١٧٦٢/٤ الحديث رقم (٢-٢٢٤٦) و ابوداؤد فی السنن ٢٥٨/٥ الحديث رقم ٤٩٧٨، واحمد فی المسند ٢٨١/٦۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کہ تم اس طرح مت کہو (خبثت نفسی) بلکہ کہے میرا دل پریشان ہے (بخاری و مسلم) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت يُؤْذِيْنِيْ ابْنُ اٰدَمَ باب الایمان میں ذکر ہو چکی ہے۔

تشریح: خبثت: خائے معجمہ کے فتحہ بائے موحدہ کے ضمہ ثائے مثلثہ کے فتحہ اور تائے ساکنہ کے ساتھ۔

لقست: لام کے فتحہ اور قاف کے کسرہ کے ساتھ، ای غثیت. صاحب النہایہ لکھتے ہیں: ''لقس'' کے معنیٰ ''غثیان'' ہیں۔ ''خبثت'' کہنے کو منع فرمایا تا کہ خبث وخبثت جیسے الفاظ کے استعمال سے مسلمان بچا رہے۔ ان میں اشتراک معنوی ہے نیز ذہن معنی قبیح کی طرف متبادر ہوتا ہے۔ ایک شارح فرماتے ہیں ''لقست'' کسرہ کے ساتھ اور ''خبثت'' بمعنی غثیت (''لقست'' اور ''خبثت'' دونوں ہم معنی ہیں۔) عرب ان دونوں الفاظ کو ایک دوسرے کی جگہ استعمال کرتے ہیں۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کو ناپسند فرمایا کہ مؤمن اپنے نفس کے لئے کوئی بڑی مثال پیش کرے اور اپنے نفس کی طرف خبث کی نسبت کرے، چونکہ خبث کا اطلاق جس طرح خباثت نفس اور سوائے خلق پر ہوتا ہے اسی طرح غثیان نفس پر بھی ہوتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اسی وجہ سے' سستی وتہاون کے باعث نماز ادا نہ کرنے والے شخص پر خبث کا اطلاق کرتے ہوئے فرمایا: أصبح خبيث النفس كسلانا' یہ فرمانا بطور مذمت وزجر کے تھا

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ خبث کی شناعت کی وجہ سے لفظ خبث کے استعمال کو شارع علیہ السلام نے ناپسند فرمایا' اور اپنی امت کو الفاظ کے استعمال کے بارے میں یہ ادب ارشاد فرمایا کہ بہترین وخوبصورت الفاظ کا استعمال کیا جائے۔ قبیح الفاظ کا استعمال ترک کیا جائے۔ اگر یہ کہا جائے کہ نماز سے غافل پڑے سوئے ہوئے شخص کے بارے میں نبی کریم ﷺ کا یہ ارشاد تو ہے: خبيث النفس كسلان۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ شارعؑ نے یہاں یہ صفت مسلمان کے بارے میں ارشاد نہیں فرمائی بلکہ) یہ صفت اس کے غیر کے بارے میں اور ایک مذموم الحال مبہم شخص کے بارے میں ارشاد فرمائی ہے۔ تو ربشتیؒ فرماتے ہیں سنن میں اس کی بہت سی مثالیں ملتی ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے مسلمان پر لعنت بھیجنے کے بارے میں بہت سخت ممانعت فرمائی ہے' دوسری طرف آپؐ کے یہ ارشادات گرامی بھی ہیں): لعن الله من تولى غير موالیه 'ولعن الله من سرق منار الأرض 'اور اس جیسی کئی مثالیں ہیں کہ جن سے وعید وزجر مقصود ہے نا کہ کسی متعین مسلم پر لعنت کرنا مقصود ہے۔ جو ایک نامناسب بات ہے۔

الفصل الثانی:

ابوالحکم کے لقب کو استعمال کرنے کی ممانعت

۴۷۶۶: عَنْ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ لَمَّا وَفَدَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ قَوْمِهٖ سَمِعَهُمْ يُكَنُّوْنَهٗ بِاَبِى الْحَكَمِ فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَكَمُ وَاِلَيْهِ الْحُكْمُ فَلِمَ تُكَنّٰى اَبَا الْحَكَمِ قَالَ اِنَّ قَوْمِىْ اِذَا اخْتَلَفُوْا فِىْ شَىْءٍ اَتَوْنِىْ فَحَكَمْتُ بَيْنَهُمْ فَرَضِىَ كِلَا الْفَرِيْقَيْنِ بِحُكْمِىْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا اَحْسَنَ هٰذَا فَمَالَكَ مِنَ الْوَلَدِ قَالَ لِىْ شُرَيْحٌ وَمُسْلِمٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ قَالَ فَمَنْ اَكْبَرُ هُمْ قَالَ قُلْتُ شُرَيْحٌ قَالَ فَاَنْتَ اَبُوْشُرَيْحٍ۔ (رواه ابوداؤد والنسائى)

أخرجه ابوداؤد فى السنن ٥/ ٢٤٠ الحديث رقم ٤٩٥٥، والنسائى فى ٨/ ١٢٢٦ الحديث رقم ٥٣٨٧۔

ترجمہ: حضرت شریح بن ہانیؓ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ جب وہ اپنی قوم کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے سنا کہ ان کی قوم ان کو ابوالحکم کی کنیت سے یاد کرتی ہے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے ان کو بلایا اور فرمایا کہ حکم تو صرف اللہ تعالیٰ ہے اور حکم اسی کی طرف سے ہے پھر تم نے اپنی کنیت ابوالحکم کیوں مقرر کی ہے؟ تو ہانی کہنے لگے جب میری قوم کے لوگ کسی معاملہ میں اختلاف کرتے ہیں تو میرے پاس آتے ہیں اور میں ان کے معاملہ میں جو فیصلہ کرتا ہوں دونوں فریق اس فیصلہ کو مان لیتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے یہ سن کر فرمایا یہ بہت خوب بات ہے لیکن یہ بتاؤ تمہارے کتنے بچے ہیں اور ان کے نام کیا ہیں انہوں نے کہا میرے تین بچے ہیں جن کے نام شریح' مسلم اور عبداللہ ہیں۔ آپ ﷺ نے دوبارہ استفسار فرمایا ان تینوں میں بڑا کون ہے؟ میں نے جواباً عرض کیا شریح آنحضرت ﷺ نے فرمایا: تو پھر آج سے تم ابوشریح ہو۔ (نسائی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: **قوله: فلم تكنى أبا الحكم:** یعنی کس چیز کی وجہ سے اور انواع کنیت میں سے کس سبب سے تمہاری کنیت ابوالحکم ہے؟

قوله: ان قومی اذا اختلفوا: یہ جملہ مستانفہ تعلیلیہ ہے۔

قوله: ما أحسن هذا: اسم اشارہ کے مشارالیہ میں دو احتمال ہیں: ▣ حکم بالعدل ▣ وجہ کنیت اور یہی اولیٰ ہے۔ اور صیغہ تعجب لانا اس کے حسن کو مبالغہ کے ساتھ بیان کرنے کے لئے ہے۔ تکنون: حرف اول کے ضمہ اور نون کی تشدید کے ساتھ نیز حرف اول فتحہ اور نون کی تخفیف کے ساتھ۔ ''الحکم'' حاء اور کاف دونوں فتحہ ہے' یہ حکم کا اسم مبالغہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہی حکم ہے' اور حکم بھی اسی کا ہے۔ **ان الله هو الحكم:** ضمیر فاصل کا لانا اور خبر کو معرفہ لانا، حصر پر دلالت ہے، کہ یہ وصف محض اللہ کے ساتھ مخصوص ہے۔ ''حکم'' اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ شرح السنہ میں لکھتے ہیں ''حکم'' اس حاکم کو کہتے ہیں جو جب حکم صادر کردے تو اس کا حکم کبھی رد نہ ہو سکے۔ اور یہ صفت صرف اللہ ہی کے لائق ہے کوئی دوسرا اس صفت کے لائق نہیں۔

اليه الحكم کا مطلب: **منه يبتداء الحكم' واليه ينتهى الحكم:** ہر حکم و فیصلہ کی ابتداء و انتہاء اسی کے قبضہ واختیار میں ہے۔

له الحكم واليه ترجعون: حقیقی حکم اللہ ہی کا ہے، ہر شئے اسی کی طرف راجع ہے۔

لا راد لحكمه: اس کے حکم و فیصلہ کو کوئی رد نہیں کر سکتا۔ **ولا يخلوا حكمه عن حكمته.** اس کا کوئی بھی حکم و فیصلہ اس کی حکمت سے خالی نہیں۔

قوله: قال لی شریح: از روئے عقل تقاضہ یہ ہے کہ انہوں نے پہلے سب سے بڑے پھر اس سے چھوٹے کا ذکر کیا ہوگا 'لیکن واؤ چونکہ مطلق جمع پر دلالت کرتی ہے' اس لئے مدعی کے سلسلہ میں صریح نہیں ہے۔

قوله: ومن اكبرهم: شرح السنہ میں لکھتے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ اولیٰ یہ کہ آدمی اپنے سب سے بڑے بیٹے کے نام پر اپنی کنیت رکھے' اگر بیٹا نہ ہو تو اپنی سب سے بڑی بیٹی کے نام پر رکھے' اور یہی ترتیب عورت کے لئے ہے کہ وہ اپنی کنیت اپنے بڑے بیٹے کے نام پر رکھے' اگر اس کا بیٹا نہ ہو تو اپنی بڑی بیٹی کے نام پر رکھے۔

قلت شريح: شریح خبر ہے اور مبتدا محذوف ہے :ای اكبرهم شريح۔

قال فانت ابو شريح: یعنی ان کے بڑے بیٹے کی رعایت سے ان کی کنیت مقرر فرمائی۔ چنانچہ وہ بیٹا رسول اللہ کی برکت سے بڑے رتبہ کو پہنچا اور بہت ہی صاحب فضل ہوا۔ اس کا شمار حضرت علیؓ کے جلیل القدر اصحاب میں ہوا۔ صحابہؓ کے زمانہ میں مفتی تھے' اور بعض مسائل میں صحابہ پر اشکال بھی کرتے تھے۔ حضرت علیؓ نے ان کو قاضی مقرر فرمایا تھا۔ حضرت حسنؓ کی شہادت حضرت علی کے حق میں قبول کرنے کے سلسلہ میں حضرت علیؓ سے اختلاف فرمایا تھا۔ یہ قصہ مشہور و معروف ہے۔ ہمارے بعض علماء فرماتے ہیں۔ وہ تابعی کہ جس کا فتوی صحابہ کے زمانہ میں ظاہر ہو جیسا کہ شریح' تو تابعی بعض کے نزدیک صحابہ کی مانند ہے۔ اور شاید اسی وجہ سے مصنفؒ ان کا ذکر فصل صحابہ میں کیا ہے' یا اس وجہ سے کہ یہ مخضرمین میں سے تھے' جیسا کہ ابن عبدالبر نے ''الاستیعاب'' میں کہا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فقال: ماأحسن هذا: لیکن چونکہ اس میں ایہام تھا' جیسا کہ ماقبل کلام میں گذرا' اس لئے آپؐ نے مناسب المرام کنیت رکھنے کا ارادہ کرتے ہوئے فرمایا: اذا كان الامر كذلك فما لك من الولد۔ مظہر نے عجیب وغریب کلام کیا ہے کہ مابرائے تعجب ہے۔ یعنی لوگوں کے درمیان فیصلہ کی بات ہے لیکن یہ کنیت اچھی نہیں ہے۔ امام طیبیؒ ان کی اتباع کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ولما لم يطابق جواب ألى تشريح قال له ﷺ على ألطف وجه أرشقه رداعليه ذلك ما أحسن هذا لكن ابن ذلك من هذا فأ عدل عنده الى هو يليق بحا لك من التكنى بالأبناء .وهو من باب الرجوع والتبنئه على ماأولى به واليق بحاله۔

ابوالحکم کنیت مقرر کرنے کی ممانعت:

اس کنیت میں دراصل ابہام ہے وہ یہ کہ غیر اللہ پر جب ابوالحکم کا اطلاق ہوتا ہے تو اس سے فی الجملہ اللہ کے وصف میں اشتراک کا وہم ہوتا ہے' اگر چہ اللہ تعالیٰ لم يلد ولم يولد ذات ہے، اس پر ''ابوالحکم'' کا اطلاق نہیں ہوتا لہٰذا جب غیر اللہ کو ابو الحکم کہا جائے گا، تو اللہ کی طرف ابوّت و بنوّت کی نسبت کا وہم ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام عمرو بن ہشام کی کنیت ابوالحکم کی جگہ ''ابوالجہل'' مقرر فرمائی۔

اجدع شیطان کا نام ہے

۴۷۶۷: وَعَنْ مُسْرُوْقٍ قَالَ لَقِيْتُ عُمَرَ فَقَالَ مَنْ اَنْتَ قُلْتُ مَسْرُوْقُ بْنُ الْاَجْدَعِ قَالَ عُمَرُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلْاَجْدَعُ شَيْطَانٌ۔ (رواه ابوداؤد وابن ماجة)

أخرجه ابوداؤد في السنن ٥/٢٤٣ الحديث رقم ٤٩٥٧، وابن ماجه في ٢/١٢٢٩ الحديث رقم ٣٧٣١، واحمد في المسند ١/٣١۔

ترجمہ: حضرت مسروقؒ کہتے ہیں کہ جب میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملا تو انہوں نے پوچھا کہ تم کون ہو؟ میں نے عرض کیا کہ میں اجدع کا بیٹا مسروق ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے میرے باپ کا نام اجدع سن کر فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ اجدع ایک شیطان کا نام ہے۔ (ابوداؤد' ابن ماجہ)

تشریح: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ استعارہ ہے ''اجدع'' کا معنی ہے ''مقطوع الأطراف'' ''مقطوع الحجۃ'' شخص کے لئے استعارۃً مستعمل ہے۔ (انتھی)

قوله: الأجدع شيطان: فرمانے کی غرض:

① حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا حضرت مسروق رضی اللہ عنہ کے بارے میں پوچھنا اور پھر آنحضرت ﷺ کا مذکورہ ارشاد نقل کرنا گویا تفریح طبع کے طور پر تھا۔

② اس طرف اشارہ کرنا مقصود تھا، کہ ان کا یہ نام بدل دو۔ اگر تمہارے والد حیات ہوں تو اور اگر وہ وفات پا چکے ہیں تو ان کو ابومسروق کہا جائے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

④ یہ بتلانا مقصود تھا کہ چونکہ اس لفظ کے معنی مناسب نہیں ہیں، لہٰذا تم میں سے کوئی شخص کہیں ایسا نہ کرے کہ اپنی اولاد کا نام اجدع رکھ لے اور اس والد کی کنیت ''ابوالاجدع'' پڑ جائے۔ واللہ اعلم۔

تخریج: اس روایت کو احمد اور حاکمؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

قیامت کے دن باپ کے نام سے آواز دی جائے گی

۴۷۶۸: وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُدْعَوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِاَسْمَائِكُمْ وَاَسْمَآءِ اٰبَائِكُمْ فَاَحْسِنُوْا اَسْمَائَكُمْ (رواه احمد وابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۲۳۶/۵ الحديث رقم ٤٩٤٨، والدارمی فی ۳۸۰/۲ الحديث رقم ۲٦٩٤. واحمد فی المسند ۱۹٤/۵۔

ترجمہ: حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن تمہیں تمہارے اور تمہارے باپ کے نام سے پکارا جائے گا۔ پس تم اپنے اچھے نام رکھو۔ (احمد وابوداؤد)

تشریح: تدعون: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔ای تنادون أوتسمون۔ اور الجامع کی روایت میں ''انکم تدعون'' کے الفاظ ہیں۔

فأحسنوا: صیغہ خاص ہے، مراد عام ہے، لہٰذا والدین کو چاہئے کہ وہ اپنے بچوں کا اچھا نام رکھیں۔

عرضِ مرتب:

اس حدیث میں ''أحسنوا أسمائکم'' کی حکمتوں میں سے ایک حکمت کا بیان ہے، کہ قیامت کے دن سارے، جہاں والوں کی موجودگی میں اللہ کے دربار میں حاضری ہوگی، لہٰذا اپنی اولاد کا اچھا نام رکھو۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام وکنیت جمع نہ کرو

۴۷۶۹: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يَّجْمَعَ اَحَدٌ بَيْنَ اِسْمِهٖ وَكُنْيَتِهٖ وَيُسَمّٰى مُحَمَّدًا اَبَا الْقَاسِمِ. (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ۱٤٤/۵ الحديث رقم ۲۸٤۱، واحمد فی المسند ٤۳۳/۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا کہ کوئی شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام اور کنیت کو ایک ساتھ اختیار کرے مثلاً جس شخص کا نام محمد ہو اس کو ابوالقاسم بھی کہا جائے۔ (ترمذی)

عرضِ مرتب:

اس حدیث پر تفصیلی کلام حدیث: ۴۷۷۲ کے تحت آئے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: اس حدیث کی عبارت میں نسخوں کا اختلاف ہے۔ بعض نسخوں میں "یسمی محمد أبا القاسم" ہے۔ یعنی "یسمی" صیغہ مجہول کے ساتھ، "محمد" مرفوع نائب فاعل، "أبالقاسم" منصوب مفعول بہ ہے۔ اس کی تائید ان بعض نسخوں سے ہو رہی ہے جن میں یوں ہے: نهى أن يجمع بين اسمه ہے کہ بصیغہ مجہول مروی ہے اور لفظ "احد" بھی موجود نہیں ہے۔

بعض نسخوں میں "یسمی محمدا أبا القاسم" ہے۔ "یسمی" صیغہ معروف کے ساتھ، "محمداً" منصوب مفعول بہ ہے۔ گویا اصل تقدیری عبارت باعتبار معنی یوں ہے: یسمی أحد محمدا أبا القاسم۔ یہ بالکل ظاہر ہے اور ماقبل کے مطابق ہے امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ "محمد" مرفوع ہے یہ مفعول تھا اس کو فاعل کے قائم مقام کیا گیا ہے۔ جامع الترمذی اور شرح السنہ میں نیز مصابیح کے اکثر نسخوں میں اسی طرح ہے۔ معنوی اعتبار سے عبارت یوں ہے: یسمی المسی بمحمد أبا القاسم۔ جامع الاصول میں اور مصابیح کے بعض نسخوں میں "محمدا" نصب کے ساتھ ہے چنانچہ فعل بصیغہ معروف ہوگا۔ (انتھی) یہ بات مخفی نہیں کہ بصیغہ معروف ہونے کی صورت میں باء کے ساتھ ہوگا اور نصب ظاہر ہوگا بخلاف مجہول ہونے کی صورت میں چونکہ اس کا نصب الف پر مقدر ہوگا۔ پھر پہلی صورت میں تقدیری عبارت یوں ہوگی: و أن يسمى احد محمد أبا القاسم ہے۔ اس کی تحقیق ماقبل میں گذر چکی ہے۔

نام وکنیت میں سے ایک چیز

۴۷۷۰: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا سَمَّيْتُمْ بِاسْمِيْ فَلَا تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ (رواه الترمذی هذا حديث غريب وفی رواية وابی داؤد) قَالَ مَنْ تَسَمّٰى بِاسْمِيْ فَلَا يَكْتَنِ بِكُنْيَتِيْ وَمَنْ تَكَنّٰى بِكُنْيَتِيْ فَلَا يَتَسَمَّ بِاسْمِيْ۔

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۲۴۹/۵ الحديث رقم ۴۹۶۶، والترمذی فی ۱۲۴/۵ الحديث رقم ۲۸۴۲، واحمد فی المسند ۳۶۹/۳۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم میرے نام پر اپنا نام محمد رکھو تو میری کنیت پر کنیت مقرر نہ کرو۔ ترمذی ابن ماجہ کی روایت ہے۔ ترمذی نے اسے غریب کہا ابوداؤد کی روایت اس طرح ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جو شخص میرے نام پر نام رکھے تو وہ میری کنیت مقرر نہ کرے اور جو شخص میری کنیت پر کنیت مقرر کرے تو وہ میرے نام پر نام نہ رکھے۔

عرضِ مرتب:

اس حدیث پر کلام حدیث: ۴۷۷۲ کے تحت آئے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نام وکنیت دونوں کی اباحت

۴۷۷۱: وَعَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ امْرَاءَ ةً قَالَتْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي وَلَدْتُ غُلَامًا فَسَمَّيْتُهُ مُحَمَّدًا وَكَنَّيْتُهُ اَبَا الْقَاسِمِ فَذُكِرَ لِيْ اَنَّكَ تَكْرَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ مَاالَّذِيْ اَحَلَّ اِسْمِيْ وَحَرَّمَ كُنْيَتِيْ اَوْمَا الَّذِيْ حَرَّمَ كُنْيَتِيْ وَاَحَلَّ اِسْمِيْ ۔ (رواه ابو داؤد وقال محي السنة غريب)

أخرجه ابو داؤد في السنن ۲۵۱/۵ الحديث رقم ۴۹۶۸، والترمذي في ۱۲۵/۵ الحديث رقم ۲۸۴۳۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ ایک عورت نے عرض کیا یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) میرے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا ہے اور میں نے اس کا نام محمد اور کنیت ابوالقاسم رکھی ہے۔ لیکن مجھے بتایا گیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو پسند نہیں فرماتے (یعنی نام اور کنیت کو ایک ساتھ اختیار کرنے کو حرام قرار دیا ہے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایسی کیا چیز ہے جس نے میرے نام پر نام رکھنے کو حلال وجائز رکھا ہوا اور میری کنیت پر کنیت مقرر کرنے کو حرام دیا ہے یا اس طرح فرمایا۔ ایسی کیا چیز ہے جس نے کنیت پر کنیت کو تو حرام قرار دیا اور میرے نام پر نام کو حلال لکھا ہے۔ ابوداؤد، شرح السنۃ نے اس کو غریب کہا ہے۔

عرضِ مرتب:

اس حدیث پر تفصیلی کلام اگلی حدیث کے تحت آئے گا۔

تشریح: فذكر: بصیغۂ مجہول ہے۔ تكره ذلك: یہاں کراہت سے مراد کراہت تحریمی ہے جیسا کہ جواب اس پر دلالت کر رہا ہے۔

ما الذي أحل اسمي وحرم كنيتي: یہ استفہام انکاری ہے۔

أو ما الذي أحل:

اس حدیث سے صراحت کے ساتھ ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام اور کنیت کو ایک ساتھ اختیار کرنے کی ممانعت بطریق تحریم نہیں ہے بلکہ مکروہ تنزیہی کے طور پر ہے۔

"أو ما....." کے ذریعہ سے راوی نے جیسا کہ ماقبل میں گذرا۔ اپنے شک کو ظاہر کیا ہے۔ (کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یا تو پہلے نام کی حلت اور بعد میں کنیت کی حرمت کو ذکر کیا یا پہلے کنیت کی حرمت کو اور بعد میں نام کی حلت کو ذکر فرمایا۔ تاہم دونوں صورتوں میں معنی ومطلب ایک ہی ہیں، مفہوم ومقصد کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے۔)

وفات کے بعد نام وکنیت کی اجازت

۴۷۷۲: وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَاَيْتَ اِنْ وَلَدَ لِيْ بَعْدَكَ وَلَدٌ اُسَمِّيْهِ بِاسْمِكَ وَاُكَنِّيْهِ بِكُنْيَتِكَ قَالَ نَعَمْ۔ (رواه ابو داؤد)

أخرجه ابو داؤد في السنن ۲۵۰/۵ الحديث رقم ۴۹۶۷، والترمذي في ۱۲۵/۵ الحديث رقم ۲۸۴۳، واحمد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فی المسند ۱/۹۵۔

ترجمہ: حضرت محمد بن حنفیہؒ اپنے والد ماجد حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ! اگر میرے ہاں آپ ﷺ کی وفات کے بعد کوئی بچہ پیدا ہو تو کیا میں اس کا نام آپ ﷺ کے نام پر اور اس کی کنیت آپ ﷺ کی کنیت پر رکھ سکتا ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں! (ابوداؤد)

تشریح: چھٹا مذہب یہ ہے کہ محمد نام رکھنا مطلقاً ممنوع ہے' اس سلسلہ میں حدیث مروی ہے۔ میں (ملا قاری) کہتا ہوں کہ حدیث میں نام محمد رکھنے کی ممانعت پر دلالت نہیں ہے، البتہ اتنی بات ضرور ہے، کہ جس کا نام محمد ہو، اس کے ساتھ اچھے طریقہ سے پیش آنا چاہئے۔ چنانچہ مندرجہ ذیل روایات اس بارے میں بالکل صریح ہیں:

امام بزار ابو رافع سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں: **اذا سميتم محمدا فلا تضربوه ولا تحرموه.** خطیب، حضرت علی سے مرفوعاً روایت نقل کرتے ہیں: **اذا سميتم الولد محمدا: فأكرموه وأوسعوا له في المجلس' ولا تقبحوا له وجها.** اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے نام محمد رکھنے کی جو ممانعت ہے، سو اس کا پس منظر یہ ہے کہ انہوں نے ایک شخص کو سنا جو محمد بن یزید بن خطاب کو یہ کہہ رہا تھا: **فعل الله بك يا محمد**، تو حضرت عمر فاروق نے اس شخص کو بلایا اور فرمایا: **أرى أن رسول الله ﷺ يست بك، والله لا تدعى محمدا ما بقيت**، اور اس بچہ کا نام عبدالرحمٰن رکھ دیا۔ چنانچہ اسی وجہ سے حضرت عمر فاروق نے اہل کوفہ کی طرف خط لکھا، **لا تسموا أحدًا باسم النبي ﷺ.**

میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی یہ نہی مطلقاً لذاتہ نہ تھی، بلکہ مقید تھی جس کا سبب نام محمد کے مسمّٰی کی توہین سے حضور اقدس کے نام نامی کی توہین کا پہلو تھا۔ اس حیثیت سے کہ اسم محمد میں دونوں شریک ہیں۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس کلام کا زیادہ تر حصہ شیخ محی الدین نووی کے کلام سے ماخوذ ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ انبیاء کے ناموں پر نام رکھنے کے جواز پر اجماع ہے' البتہ حضرت عمر بن خطاب سے اس مسئلہ میں اختلاف مروی ہے جیسا کہ ہم ماقبل میں ذکر کر چکے ہیں۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں اور اس سلسلہ میں جو درست بات ہے میں وہ بیان کر چکا ہوں۔ (امام طیبیؒ نے) فرمایا: امام مالک نے فرشتوں والے نام رکھنے کو ناپسند سمجھا ہے' مثلاً جبریل میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں اس کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جو امام بخاری نے تاریخ میں عبداللہ بن جرار سے نقل کی ہے: **سموا بأسماء الأنبياء ولا تسموا بأسماء الملائكة.**

یہی بات ابوالقاسم کنیت مقرر کرنے کی ہے۔ سو اس کا جواب تو یہ ہے کہ اگر معنی مخصوص مراد نہ ہوں بلکہ علمیت مقصود ہو یا کسی شخص کے بیٹے کا نام واقعی قاسم ہو تو ممانعت نہیں۔

دوسرا مذہب یہ ہے کہ ابتداء میں ممانعت تھی پھر یہ حکم منسوخ کر دیا گیا تھا۔ لہٰذا اب ہر شخص کے لیے اپنی کنیت ابوالقاسم رکھنا مباح ہے خواہ اس کا نام محمد ہو یا کچھ اور ہو۔ اور اس کی علت تخاطب میں التباس تھا' جیسا کہ حدیث انس اس پر دلالت کر رہی ہے۔ میں (ملا قاری) کہتا ہوں نسخ کا دعوی ممنوع ہے چونکہ یہ منسوخ نہیں ہے بلکہ یہ کہنا چاہئے۔ کہ (یہ ممانعت آنحضرت ﷺ کی وفات سے پہلے تک کیلئے تھی۔ وفات کے بعد یہ ممانعت ختم ہوگئی، چونکہ) یہ ممانعت معلول بالعلۃ تھی، انتفاء علت کے باعث حکم بھی منتفی ہوگیا۔ علت اشتباہ تھی، امام مالک کا یہی مذہب ہے۔ قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں جمہور سلف اور فقہاء امصار بھی یہی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرماتے ہیں۔

تیسرا مذہب یہ ہے کہ یہ حکم منسوخ نہیں ہے۔ یہ نہی تحریمی نہ تھی بلکہ نہی تنزیہی تھی، کہ یہ خلاف ادب ہے۔ امام جریر کا مذہب یہی ہے۔ چوتھا مذہب یہ ہے کہ نہی بصورت جمع ہے اگر کوئی شخص کنیت یہ رکھے اور ان دونوں ناموں میں سے کوئی بھی نام نہ رکھے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ اس کی دلیل حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت ہے۔ اور اس کی نظیر عرب کا یہ قول ہے: اشرب اللبن ولا تأكل السمك ۔ای حين شربته چنانچہ نہیم ان دونوں کی جمع کرنے کی صورت سے تعلق رکھتی ہے۔ سلف کی ایک جماعت کا مذہب یہی تھا۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ یہ نظیر لفظی ہے نا کہ معنوی۔ چونکہ اطباء کے قول کے مطابق دودھ پینا اور مچھلی کھانا ان دونوں کاموں کو جمع کرنا مضر ہے اور جہاں تک بات ہے یہاں تو ضرور فقط کنیت رکھنے میں ہے۔ خواہ اشتراک نام پایا جائے یا نا پایا جائے۔ لہٰذا نظیر حقیقی یہ مثال ہے: خالط الناس ولا تؤذ۔ پانچواں مذہب یہ ہے کہ ابوالقاسم کنیت رکھنے کی ممانعت تو مطلق ہے البتہ مراد مقید ہے۔ اور وہ ہے قاسم نام رکھنے کی ممانعت مروان بن حکم کو جب یہ حدیث پہنچی تو انہوں نے اپنے بیٹے کا نام تبدیل کر کے عبدالملک رکھ دیا۔ اس کا نام قاسم تھا اور اسی طرح انصار کے بارے میں مروی ہے۔ میں (ملا قاری) کہتا ہوں کہ بظاہر مروان نے اپنے بیٹے قاسم کا نام اس وقت تبدیل کیا تھا جب انہیں ابو قاسم کنیت مقرر کرنے کی ممانعت والی پہنچی تھی، انہیں اندیشہ تھا کہ کہیں ان کی کنیت (ابوالقاسم) نہ پڑ جائے اور وہ ایک امر محظور کے مرتکب ہو جائیں چنانچہ اس متوقع محظور سے بچنے کی خاطر انہوں نے نام تبدیل کر دیا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوحمزہ

۴۷۷۳: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَنَّانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَقْلَةٍ كُنْتُ اَجْتَنِيْهَا۔

(رواه الترمذی وقال هذا حديث لا نعرفه من هذا الوجه وفی المصابيح صححه)

أخرجه الترمذی فی السنن ۵/ ۶۴۰ الحديث رقم ۳۸۳۰، واحمد فی المسند ۳/ ۱۲۷۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری کنیت اس سبزی کے نام پر مقرر کی تھی جس کو میں چنا کرتا تھا (یعنی ابوحمزہ رکھ دی۔) اس روایت کو ترمذی نے اسی سند سے نقل کیا اور کہا یہ روایت اور کسی سند سے منقول نہیں ہے۔ مگر مصابیح میں اس کو صحیح کہا گیا ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم برے نام بدل دیتے

۴۷۷۴: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُغَيِّرُ الْاِسْمَ الْقَبِيْحَ۔

(رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ۵/ ۱۲۴ الحديث رقم ۲۸۳۹۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برے نام کو بدل دیا کرتے تھے۔ (ترمذی)

تشریح: نامناسب نام کو بدل کر بالکل متضاد نام رکھ دیتے، جیسے ایک روایت میں بیان کیا گیا ہے کہ ایک شخص کا نام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسود (کالا) تھا، آنحضرت ﷺ نے اس کا نام بدل دیا اور فرمایا، کہ آج سے تیرا نام ابیض (یعنی گورا) ہے۔

اصرم نام بدل دیا

۴۷۷۵: وَعَنْ بَشِيْرِ بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَمِّهِ اُسَامَةَ بْنِ اَخْدَرِيٍّ رَجُلاً يُقَالُ لَهٗ اَصْرَمُ كَانَ فِي النَّفَرِ الَّذِيْ اَتَوْرَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اسْمُكَ قَالَ اَصْرَمُ قَالَ بَلْ اَنْتَ زُرْعَةُ. (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابو داوٗد في السنن ۲۳۹/۵ الحديث رقم ٤٩٥٤۔

ترجمہ: حضرت بشیر بن میمون اپنے چچا حضرت اسامہ بن اخدری رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک جماعت حاضر ہوئی تو اس میں ایک ایسا شخص بھی تھا جس کو اصرم کہتے تھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمہارا نام زرعہ ہے۔ اس کو ابوداؤد نے نقل کیا ہے۔

راویٔ حدیث:

بشیر بن میمون۔ یہ ''بشیر بن میمون'' ہیں طبقۂ تابعین سے تعلق رکھتے ہیں اپنے چچا ''اسامہ بن اخدری'' سے روایت کرتے ہیں اور ان سے ''بشر ابن مفضل'' وغیرہ نے روایات کی ہیں۔ صدوق (سچے) مانے جاتے ہیں۔

''اخدری'' میں ہمزہ مفتوح ہے خائے معجمہ ساکن' دال مہملہ مفتوح' راء مہملہ مکسور اور یائے مشددہ ہے مؤلف علیہ الرحمہ نے ''الاکمال'' میں ان کا نام گرامی ذکر نہیں کیا۔ کہا گیا ہے کہ ان کے صحابی ہونے اور ان کی حدیث کی اسناد متکلم فیہ ہیں۔ ان سے صرف ایک حدیث مروی ہے جو ناموں کی تبدیلی کے بارے میں ہے۔

عرضِ مرتب:

مرقات کے فوقانی متن میں ''بشیر'' ہے اور تحتانی متن میں ''بشر'' ہے ''الاکمال'' میں فوقانی متن کے موافق ہے۔ اھ

أخدری: ہمزہ کے فتحہ، خائے معجمہ کے سکون، دال مہملہ کے فتحہ، راء کے کسرہ، اور یائے مشددہ کے ساتھ، مؤلف نے ان کا نام ذکر نہیں کیا۔ بعض حضرات کا کہنا ہے، کہ ان کی صحابیت اور ان کی حدیث دونوں متکلم فیہ ہیں، ان سے ایک ہی حدیث مروی ہے۔ جو تغییر الاسماء سے تعلق رکھتی ہے۔

تشریح: اصرم، صرم سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنی قطع کرنا' (کاٹنا گفتگو بند کرنا) ہیں ان معنی کی مناسبت سے آپ ﷺ نے ''اصرم'' نام کو ناپسند فرمایا اور اس کے بجائے مذکورہ نام رکھ دیا یہ لفظ زراعت سے ماخوذ ہے اور اپنے معنی کے اعتبار سے مستحسن لفظ ہے۔

۴۷۷۶: وَقَالَ وَغَيَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَ الْعَاصِ وَعَزِيْزٍ وَعَتَلَةَ وَشَيْطَانٍ وَالْحَكَمِ وَغُرَابٍ وَحُبَابٍ وَشِهَابٍ وَقَالَ تَرَكْتُ اَسَانِيْدَهَا لِلْاِخْتِصَارِ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه ابوداؤد في السنن ٥/٢٤٣ الحديث رقم ٤٩٥٦۔

ترجمہ:انہوں نے یہ بھی نقل کیا کہ آپ ﷺ نے ان ناموں کو بدل دیا تھا۔عاص،عزیر، عتلہ، شیطان ،حکم ،غراب،حباب،شہاب،وغیرہ۔ان کو بلا اسناد اختصار کے پیش نظر ذکر کیا ہے۔

تشریح:قوله:وقال تركت أسانيدها للاختصار:

تركت أسانيدها للا ختصار :ممکن ہے کہ یہ جملہ مستانفہ تعلیلیہ ہو اور ''قال کا اعادہ طول فصل کی وجہ سے فرمایا ہو۔امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ'' وقال تركت اسانيد ها ''اس کا عطف ''قال'' پر ہے یہ قول ابوداؤد سے نچلے روای کا ہے۔فرماتے ہیں کہ ابوداؤد نے کئی احادیث اپنی سند متصل کے ساتھ نبی کریم ﷺ سے نقل کی ہیں جن میں ہے کہ افراد کے ناموں کو نبی کریمؐ نے تبدیل فرمادیا تھا۔پھر ابوداؤد نے ''وغیرہ'' کا عطف معنی کے اعتبار سے کلام مذکور پر فرمایا اور کہا:ما ذكرته من التغيرور دفى أحاديث متفرقة مسندة انى تركت اسانيدها اختصار ا۔كذا فى شرح السنة۔اور سنن ابی داؤد میں ہے :قال ابو داؤد سليمان بن الأشعث وغير النبى ﷺ غير اسم العاص۔اور شاید کہ یہ کاتب کا سہو ہے۔اھ۔کلام الطیبیؒ فتامل۔

''قال'' کی ضمیر کے مرجع میں دو احتمال ہیں:

اولؔ :اس کا مرجع ابوداؤد ہیں۔

ثانیؔ :اس کا مرجع ابوداؤد کے کوئی راوی ہیں۔

''العاص'':اس کی مکمل تحقیق حدیث:۴۷۵۸ کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

عزیز:چونکہ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک اسم پاک ہے اس لئے عبدالعزیز نام رکھنا مناسب ہے چونکہ عبد موصوف ہے ذل وخضوع سے اور عزت تو اللہ ہی کے لئے ہے۔(یعنی لیکن صرف ''عزیز'' نام غیر موزوں ہے۔) یہ لفظ غلبہ وقوت عزت اور زور آوری پر دلالت کرتا ہے جو اللہ تعالیٰ کی شان ہے جب کہ بندے کی شان ذلت وانکساری خضوع اور فروتنی ہے۔) اسی طرح ''حمید'' نام رکھنا بھی غیر مناسب ہے کیونکہ یہ بھی اللہ تعالیٰ کے اسماء اور اس کی صفات میں سے ایک اسم ہے اور بطریق مبالغہ اس کی ایک صفت ہے اس اعتبار سے کسی شخص کا نام ''عبدالحمید'' موزوں ہے ''کریم'' وغیرہ کو بھی اسی پر قیاس کیا جا سکتا ہے۔

www.KitaboSunnat.com

عتلة: عین تاء اور لام تینوں کے فتحہ کے ساتھ،''عتلہ'' نام کو بھی آپ ﷺ نے اس لئے ناپسند فرمایا کہ اس میں غلظت و شدت (سختی) کے معنی ہیں یہ عتلۃ سے ماخوذ ہے یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب سختی کے ساتھ کھینچا جائے۔جب کہ مؤمن کو نرم پہلو کے ساتھ موصوف کیا گیا ہے۔بعض کا کہنا ہے: العتلة عمود حديد يهدم به الحيطان حديدة كبيرة يقلع بها الحجر و الشجر۔(لوہے کا گرز جس سے دیوار گرائی جائے) اور بعض کا کہنا ہے:حديدة (گدالہ)۔

شیطان:شیطان نام رکھنا نہ صرف اس ذات کے ساتھ مشابہت اختیار کرنا ہے جو تمام برائیوں کی جڑ ہے بلکہ اس کے لفظی مفہوم کے اعتبار سے بھی نہایت غیر موزوں ہے کیونکہ جو بھی شخص اس نام کے آدمی کو دیکھے گا وہ بدفالی وبدشگونی لے گا نیز

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

از روئے لغت لفظ شیطان ''شیط'' سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں جل جانا ہلاک ہو جانا صاحب قاموس فرماتے ہیں ایک قول کے مطابق ''شیطان'' بھی اسی سے ماخوذ ہے یا ''شطن'' سے نکلا ہے چنانچہ قاموس میں ہے کہ الشاطن کا معنی ہے الخبیث اور شیطان تو معروف ہی ہے۔ ہر سرکش نافرمان و متکبر کو شیطان کہا جاتا ہے خواہ انسانوں میں سے ہو یا جنوں میں سے ہو خواہ کوئی چوپایہ ہو اور سانپ۔ شیطین و تشیطن: شیطانی فعل کرنا اور شرح السنہ میں ہے کہ چونکہ شیطان ''شطن'' سے مشتق ہے۔ جس کے معنی ہیں خیر سے دور ہونا۔

حکم: ماقبل میں گذرا کہ نبی کریمؐ نے ''ابوالحکم'' نام کو بدل دیا تھا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ''حکم'' نام رکھنا تو بطریق اولیٰ ممنوع ہوگا۔

عرضِ مرتب:

اس کی مکمل تحقیق حدیث: ۴۷۶۶ کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

غراب: غراب نام کی ناپسندیدگی کی وجہ: اس کے معنی دوری کے ہیں' ثانی: غراب کوے کو کہتے ہیں جو جانوروں میں پلید جانور ہے وہ مردار اور نجاست کھاتا ہے ثالث: ایک شارح فرماتے ہیں کو اشرعاً مذموم پرندہ ہے، رابع: یہ کہ غروب سے مشتق ہے جو تفاءل کے اعتبار سے اچھا نہیں سمجھا جاتا۔ حالانکہ نبی کریمؐ اچھا نام اور نیک شگون پسند فرماتے تھے جیسا کہ ماقبل میں گذرا۔

حباب: حاء کے ضمہ اور باء موحدہ کے ساتھ۔ یہ نام اس اعتبار سے غیر موزوں ہے کہ یہ شیطان کا نام ہے اور سانپ کو یا سانپ کی کسی خاص نوع کو بھی حباب کہتے ہیں۔

''شہاب'': شین معجمہ کے کسرہ کے ساتھ آگ کے شعلہ کو کہتے ہیں اور آگ کفار کے لئے عقاب ہے اور اس لئے بھی کہ ''شہاب'' فرشتے شیطانوں پر مارتے ہیں (اس مناسبت سے شہاب نام رکھنا غیر پسندیدہ ہے) البتہ اگر ''شہاب'' کی اضافت ''دین'' کی طرف کی جائے یعنی ''شہاب الدین'' نام رکھا جائے تو اس میں کوئی کراہت نہیں ہوگی۔

زعموا برا سہارا نام ہے

۴۷۷۷: وَعَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدِ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ لِاَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ اَوْ قَالَ اَبُوْعَبْدِ اللّٰهِ لِاَبِیْ مَسْعُوْدٍ مَا سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِیْ زَعْمُوْا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ بِئْسَ مَطِيَّةُ الرَّجُلِ۔ (رواه ابوداؤد وقال ان اباعبد الله حذيفة)

أخرجه البغوی فی شرح السنة ۱۲/۳۶۱ الحديث رقم ۳۳۹۲، وأحمد فی المسند ۴/۱۱۹۔

ترجمہ: حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے یا حضرت ابوعبداللہ رضی اللہ عنہ نے حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو لفظ زعموا کے متعلق کچھ فرماتے ہوئے سنا ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہاں! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ یہ مرد کی بری سواری ہے۔ ابوداؤد نے اس روایت کو نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ ابوعبداللہ سے مراد حذیفہ بن یمان ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قوله: قال لأبی عبد الله :ابوعبداللہ حضرت حذیفہؓ کی کنیت ہے' محدثین کی اصطلاح میں ابوعبداللہ جس وقت مطلق بولا جائے اس سے حذیفہ مراد ہوتے ہیں۔قال لأبی عبد الله أوقال أبو عبد لله لأبی مسعود: ان سے روایت کرنے والے راوی کو شک ہے۔قوله: ماسعت رسول الله ﷺ يقول فی زعموا: ای فی شان هذه الكلمة 'أوفی حق هذ اللفظ۔امام طیبیؒ فرماتے ہیں: قوله: في زعموا أی فی شان زعموا وأمره ای هل كان يرضى به فعلا أم لم يرض۔ یہ تاویل کرنا ضروری ہے' تاکہ یہ (حدیث) اسماء شنیعہ کے تغیر کے باب میں داخل ہو سکے' اور چونکہ آپؐ اس بات کو پسند نہیں فرماتے تھے اس لئے فرمایا: بئس مطية الرجل.....۔

مطية: میم کے فتحہ، طاء مہملہ کے کسرہ اور یائے تحتانیہ کی تشدید کے ساتھ بمعنی مرکوب (سواری)۔اس کو فارسی میں ''بارکیر'' کہتے ہیں۔

عرضِ مرتب:

بظاہر یہ لفظ بار ''گیر'' ہے۔.....

ما سمعت: ''ما'' کی ترکیب کے بارے میں دو احتمال ہیں:

① ''ما'' استفہامیہ ہے بمعنیٰ: ای شیء، أی: أی شیء سمعته؟.

② ''ما'' استفہامیہ مقدر ہے: أی: أما سمعته الخ؟ یعنی کیا تم نے نبی کریمؐ کو ایسے لوگوں پر طعن کرتے ہوئے اور مذمت کرتے ہوئے نہیں سنا جو لوگ ''زعموا'' کا استعمال کرتے تھے' اور بلا تحقیق وایقان کے محض ظن وگمان کی بناء پر اس لفظ کا سہارا لیتے ہوئے لوگوں کی طرف منسوب کرتے ہیں۔

بئس مطية الرجل: یہ جملہ محل نصب میں یقول کا مفعول بہ ہے۔مخصوص بالذم کو مشہور ومعلوم ہونے کی وجہ سے حذف کر دیا گیا ہے۔أی: بئس مطية الرجل زعموا.

مطية اگر منصوب مروی ہو تو اس صورت میں بئس میں ضمیر ہوگی جو ''زعموا'' کی طرف راجع ہوگی اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ قائل جب ہر بات سے عاجز آ جاتا ہے تو اپنی جان چھڑانے کے لئے اور اپنی بات سے عہدہ برآں ہونے کے لئے اس لفظ کا سہارا لیتا ہے۔اس مقام پر اس لفظ کا اشتقاق بہت ہی خوبصورت ہے' چونکہ اس سے تشبیہ دی ہے اس کلام کو نقل ونشر کرنے میں بڑی تیزی سے لپکا جاتا ہے' اور اس کی تحقیق میں توقف نہیں ہوتا۔

لفظ ''مطية'' کے بارے میں لغویین کی آراء:

صاحب قاموس لکھتے ہیں: مطا: جد فی السير، و أسرع، والمطية: التی تمطوا فی سيرها.

صاحب النہایہ لکھتے ہیں: أن معناه أن الرجل: والفتح الظن. اھ

حدیث کی باب سے مناسبت: ہر امر مذموم کو بدل ڈالنا چاہئے، خواہ وہ امر مذموم کوئی بات ہو یا نام ہو، چنانچہ اگلی حدیث کا حاصل بھی یہی ہے۔

آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد گرامی کا حاصل یہ ہے کہ ایسی بات زبان پر نہ لائی جائے کہ جو تحقیقی نہ ہو، یا اس کا قائل معلوم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہ ہو۔مزید یہ کہ اس کو تکیہ کلام نہ بنایا جائے۔کیونکہ اس لفظ کو بنیاد بنا کر عام طور پر وہ بات کہی یا نقل کی جاتی ہے جس کا کوئی ثبوت نہ ہو یا سند نہ ہو۔ایسی بات کی حیثیت محض ایک ''حکایت'' کی سی ہوتی ہے۔علاوہ ازیں اس طرح کی باتیں معاشرے میں بے بنیاد جھوٹی باتیں عام ہونے کا سبب بنتی ہے۔

اس حدیث میں اس بات کو مبالغہ کے ساتھ بیان فرمایا گیا ہے کہ لوگوں کی باتیں نقل کرنے سے احتراز واجتناب کرنا چاہئے تاکہ کذب کا ارتکاب نہ ہو۔چنانچہ حدیث میں آتا ہے: كفى بالمرء كذبا أن يحدث بكل ما سمع. چونکہ آدمی جب یہ بات کہنے کی پاداش میں مذموم ہے: زعموا أن الامر كذا و كذا ' کہ اس نے بات کی اسناد لوگوں کی طرف کی ہے' اس بات کو اپنی طرف سے بیان نہیں کیا' اور نہ اس کو اس کا یقین ہے' بلکہ زعم کے طور پر بیان کی جو کہ ادعاء وافتراء ہے' جیسا کہ اللہ جل شانہ کا فرمان ہے: ﴿زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا﴾ [التغابن :٧] تو اس صورت میں مذموم کیوں کر نہ ٹھہرے گا کہ جب وہ لوگوں کی طرف بات کی نسبت علی وجہ التحقیق کرے گا یا اپنی طرف مسنوب کی بغیر اسناد کے حدیث کا حاصل یہ ہے کہ اس لفظ اور اس اضافت کو بدل دینا چاہئے۔لہٰذا آدمی تحقیقی بات کرے، بھلی بات کرے یا خاموش رہے۔ایک حدیث میں آتا ہے فرمایا: من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فليقل خيرا أو ليصمت.

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: بس مطية الرجل کا مطلب یہ ہے کہ ضروری ہے کہ آدمی بکثرت ایسا کلام نہ کرے: زعم فلان وفلان كيت وكيت ' اور جھوٹ کو اپنے مسلمان بھائی کی طرف مسنوب نہ کرے۔

ہاں اگر اس کو اس بات کا یقین ہو کہ فلاں شخص نے واقعتاً دروغ گوئی کی ہے اور یہ کہ اس شخص کی دروغ گوئی کے نقصان و اثرات سے دوسروں کو بچانا ضروری ہے تاکہ کوئی دھوکا نہ کھا جائے تو اس مصلحت کے پیش نظر کسی کی طرف زعم وگمان کی نسبت کرنا جائز ہوگا۔جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ يُّبْعَثُوْا﴾ [التغابن :٧] اور دوسری جگہ فرمایا: ﴿بل زعتم أن لن نجعل لكم موعدا﴾ [الكهف ـ٤٨] اور ایک تیسرے مقام پر فرمایا: ﴿أين شركائي الذين زعمتم﴾ [القصص:٦٢] انتهى۔

تخریج: الجامع الصغیر کی روایت کے الفاظ یہ ہیں: ''بئس مطية الرجل زعموا''. اس حدیث کو احمد اور ابوداؤد نے حضرت حذیفہؓ سے نقل کیا ہے۔

ماشاء اللہ، ماشاء فلان مت کہو

۴۷۷۸: وَعَنْ حُذَيْفَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْلُوْا مَاشَاءَ اللّٰهُ وَشَآءَ فُلَانٌ۔

(رواه احمد وابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد في السنن ٥/٢٥٩ الحديث رقم ٤٩٨٠، واحمد في المسند ٥/٣٨٤۔

ترجمہ: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ماشاء اللہ وشاء فلان مت کہو بلکہ اس طرح کہو ماشاء اللہ ثم شاء فلان۔(تاکہ مشیت میں شرکت لازم نہ آئے) یہ احمد، ابوداؤد کی روایت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قوله: ما شاء الله و شاء فلان: یہاں عبارت مقدر ہے: فهو كائن يا كان.

قوله: ما شاء اللّٰه ثم شاء فلان: یہاں ''ماشاءاللہ کے بعد ''کان'' عبارت مقدر ہے:

ممانعت کا سبب یہ ہے کہ (اس تعبیر سے) ''اللہ'' اور ''عبد'' کے درمیان تسویہ لازم آتا ہے، چونکہ ''واؤ'' جمع اور اشتراک کیلئے آتا ہے۔

ولكن قولوا: ما شاء الله ثم شاء فلان: یہ کہنا جائز ہے چونکہ ''ثم'' تراخی کیلئے آتا ہے۔ ہم نے ''ثم شاء فلان'' سے پہلے ''کان'' مقدر مانا تا کہ اشتراک فی الحکم کا وہم دور ہو جائے' اگر چہ تراخی سے ہی ہو۔ تامل فرمالیجئے' چونکہ یہ مسلک بہت ہی دقیق ہے' اور اس قابل ہے کہ اس بارے میں تحقیق سے کام لیا جائے۔ اس صورت میں

''ثم شاء فلان'' یہ جملہ مستانفہ ہے یا اس کا عطف پچھلے جملے پر ہو رہا ہے۔ جیسا کہ ہم نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے' اور ''ثم'' تراخی اخبار کے لئے ہے۔

شرح السنہ میں لکھتے ہیں: واؤ جمع اور تشریک کیلئے ہے لہٰذا ایک مشیت پر دوسری مشیت کا عطف ممنوع قرار پایا۔ اور حکم یہ دیا گیا کہ اللہ کی مشیت کو مقدم کرو اور غیر اللہ کی مشیت کو ''حرف'' ثم کے واسطہ سے مؤخر کرو۔ چنانچہ ''ثم'' لایا گیا جو ''تراخی'' کیلئے ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس مقام پر ''ثم'' تراخی فی الزمان اور تراخی فی المرتبہ دونوں کا احتمال رکھتا ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ کی مشیت ازلی ہے، اور غیر اللہ کی مشیت حادث ہے، اور اللہ تعالیٰ کی مشیت کے تابع ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وما تشاؤون الا أن يشاء الله﴾ [التکویر۔۲۹] اللہ کی مشیت واقع ہو کر رہتی ہے۔ اور بندہ کی مشیت اکثر دھری کی دھری رہ جاتی ہے۔ لہٰذا ''چہ نسبت عالم خاک را بعالم پاک''۔

۴۷۷۹: وَفِيْ رِوَايَةٍ مُنْقَطِعًا قَالَ لَا تَقُوْلُوْا مَاشَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ وَقُوْلُوْا مَاشَاءَ اللّٰهُ وَحْدَهُ۔

(رواه في شرح السنة)

أخرجه البغوي في شرح السنة ۱۲/۳۶۱، والدارمي ۲/۳۸۲ الحديث رقم ۲۶۹۹، واحمد في المسند ٤/۲۸۹۔

ترجمہ: ایک منقطع روایت ہے کہ: لَا تَقُوْلُوْا مَاشَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ بلکہ صرف اس طرح کہو ماشاءاللہ، جو اللہ تعالیٰ نے چاہا۔ (شرح السنۃ)

تشریح: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہاں ایک اشکال ہوتا ہے، وہ یہ کہ ''ما شاء الله ثم شاء فلان'' کی رخصت تو دی گئی ہے' لیکن ''ما شاء الله ثم شاء محمد'' کہنے کی رخصت دینے کے بجائے ''ما شاء الله وحده'' کہنے کا حکم دیا گیا ہے۔ (امام طیبیؒ فرماتے ہیں:) میں کہتا ہوں اس کے دو جواب ہیں:

① ما شاء الله وشاء محمد کہنے میں اپنی تعظیم و شہرت کا اندیشہ ہو سکتا تھا۔ یہ حکم اپنے آپ کو مظنہ تہمت سے بچانے کیلئے دیا' چونکہ

② آنحضرت ﷺ تو موحدین کے سرخیل ہیں۔ آپؐ کی مشیت تو اللہ کی مشیت میں مغمور ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہاں یہ سوال سرے سے پیدا ہی نہیں ہوتا، چونکہ ''فلان'' کے عموم میں آنحضرت ﷺ کی ذات گرامی بھی شامل ہے۔ لہٰذا ما شاء الله ثم شاء فلان کہنا درست ہے۔

ما شاء الله وشاء محمد کے بارے میں طیبیؒ کا پہلا جواب خطا فاحش ہے۔ چونکہ ''ما شاء الله وشاء محمد'' کہنے میں مذکورہ بالا مظنۂ تہمت نہیں بلکہ شرک جلی ہے، اور دوسرا جواب نفس الأمر کے اعتبار سے درست ہے۔ لیکن یہاں پر واؤ لانا مفید جواز نہیں ہے۔ چونکہ مشیت تو تمام مخلوق کی اللہ ہی کی مشیت میں مغمور و مضمحل ہے۔ علاوہ ازیں یہ کہ ''ما شاء الله ثم شاء فلان'' فقط بیان رخصت ہے۔ اگر ''قولوا: ما شاء الله ثم شاء محمد'' ارشاد فرماتے تو یہ امر برائے وجوب یا ندب ہوتا، حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ مزید یہ کہ ''فلان'' کی مشیت جزوی ہے۔ اس کو مشیت کلی پر حمل کرنا درست نہیں۔ جیسا کہ سابقہ کلام میں ہم نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔

منافق کو سیّد کہنے سے اللہ ناراض ہوتے ہیں

۴۷۸۰: وَعَنْهُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْلُوْا لِلْمُنَافِقِ سَيِّدٌ فَإِنَّهُ إِنْ يَّكُ سَيِّدًا فَقَدْ أَسْخَطْتُمْ رَبَّكُمْ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه أبو داؤد في السنن ۲۵۷/۵ الحديث رقم ٤٩٧٧، واحمد في المسند ۳٤٦/۵۔

ترجمہ: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ جناب رسول اللہ ﷺ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: کسی منافق کو سید (سردار) نہ کہو اگر وہ تمہارے ہاں سردار ہے تو تم نے اپنے رب کو ناراض کیا۔ (ابوداؤد)

تشریح: قوله: وعنه: ضمیر مجرور کا مرجع ''حذیفہ'' ہے۔ بعض حواشی میں عن بریدۃ مذکور ہے، لیکن اس کی کوئی صحیح وجہ مجھ پر ظاہر نہیں ہوئی۔

''فانه'': اس ضمیر کے بارے میں دو احتمال ہیں: ▣ یہ ضمیر شان ہے۔ ▣ یہ ضمیر ''منافق'' کی طرف راجع ہے۔

لا تقولوا للمنافق سيد: اس کا ''مفہوم مخالف'' یہ بتاتا ہے کہ مؤمن کو ''سید'' کہنا جائز ہے۔ مگر یہ مفہوم مخالف اس حدیث کے معارض ہے جس کو احمد اور حاکم نے عبداللہ بن شخیر سے مرفوعاً روایت کیا ہے: السید اللہ۔ چونکہ حقیقی سرداری تو اللہ جل شانہ ہی کو حاصل ہے اس کے علاوہ وہ سب کے سبب اس کے مملوک ہیں۔

(رواه احمد والحاكم عن عبد الله بن الشخير مرفوعا)

قوله: فانه ان يك سيدا أسخطتم ربكم:

اس ٹکڑے کی شرح سے پہلے لفظ ''سید'' کے معانی کو جانیں۔ عربی میں لفظ ''سید'' متعدد معانی کیلئے مستعمل ہے۔

کہ کسی منافق کو یہ مقام حاصل نہیں ہوسکتا کہ اس کو کوئی مسلمان، ''سردار'' یا ''آقا'' کہے۔ اگر کوئی منافق واقعۃً سردار ہو بایں طور کہ وہ اپنی قوم کا سربراہ ہو یا کسی غلام باندی اور مال و جائیداد کا مالک ہو اور تم نے اس کو سید کہا تو تم نے اپنے پروردگار کو ناراض کیا، چونکہ اس کو سید کہنا اس کی تعظیم ہے، حالانکہ یہ شخص ان لوگوں میں سے ہے جو تعظیم کے مستحق نہیں۔ اور اگر صورت یہ ہو کہ وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واقعتاً کسی بھی طرح کی سیادت وسرداری رکھتا ہی نہ ہو تو اس کو سید کہنا اور بھی برا ہوگا کیونکہ اس کے باوجود اس کو سید کہنے والا نہ صرف مذکورہ حکم کی خلاف ورزی بلکہ جھوٹ اور نفاق کا بھی مرتکب ہوگا۔ ''النہایہ'' میں فرماتے ہیں: **فانه ان كان سيد كم وهو منافق فحالكم دون حاله والله لا يرضى لكم ذلك۔**

امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر منافق تمہارا سردار ہوگا تو تم پر اس کی طاعت واجب ہوگی' پس جب تم اس کی طاعت کرو گے تو تم نے اپنے رب کو ناراض کر دیا' دوسرا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ منافق کو سید مت کہو' چونکہ اگر تم نے اس کو سید کہا تو تم نے اپنے رب کو ناراض کر دیا۔ پس یہاں ''کون'' کو موضع ''قول'' میں ذکر فرمایا ہے۔

فرماتے ہیں اسی حکم میں لوگوں کا غیر ملت کے لوگوں حکما واطباء کو ''مولانا'' کہنا ہے' کہ وہ بھی اسی نہی اور وعید کے حکم میں ہے' بلکہ ان کو مولانا کہنا اور بھی شدید ہے' چونکہ قرآن حکیم میں مولانا کا لفظ آیا ہے سید کا لفظ نہیں آیا۔ میں (ملا قاری) کہتا ہوں کہ جب اس سے تعظیم مراد ہو تو اس کے عدم جواز میں کوئی شبہ نہیں ہے' اور جب اس سے مولی کا کوئی معنی مراد ہو جن کا ذکر ماقبل میں گذر چکا ہے تو کوئی بعید نہیں کہ جائز ہو خصوصاً ضرورت وحاجت کے وقت۔ اور خلاصی کی صورت یہ ہے کہ بطور توریہ ہو۔ چنانچہ قرآن کریم میں مولیٰ کا اطلاق غیر اللہ پر کرنے کا جواز معلوم ہوتا ہے: ﴿فَإِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَآءَ هُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ﴾ [الأحزاب:٥] **اى فى المسلمين وموالیکم فی غیر هم۔** حاصل یہ ہے کہ علی الاطلاق مولیٰ اور سید اللہ جل شانہ ہی ہے اور غیر اللہ پر اس کے اطلاق کا جواز شانہ ہی ہے' اور غیر اللہ پر مولیٰ کے اطلاق کے بارے میں کوئی نہی وارد نہیں ہوئی ہے' لہٰذا ''اصل اباحت ہے'' کہ قاعدہ کی رو سے جائز ہے' اور یہ مسلمانوں کے درمیان متعارف ہے' اور جس کو مسلمان مستحسن سمجھیں وہ عنداللہ مستحسن ہے۔ اس حدیث کو حاکم اور بیہقی نے حضرت بریدہ سے یوں روایت کیا ہے: **اذا قال الرجل للمنافق :یا سید! فقد أغضب ربه۔** اور شاید یہی منشا ہے محشی کی غلطی کا جس کا ذکر آغاز حدیث میں گذرا۔

الفصل الثالث:

حزن نام نہ بدلنے کا خمیازہ

۴۷۸۱: عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ شَيْبَةَ قَالَ جَلَسْتُ اِلٰى سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ فَحَدَّثَنِيْ اَنَّ جَدَّهٗ حَزْنًا قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اسْمُكَ قَالَ اِسْمِيْ حَزْنٌ قَالَ بَلْ اَنْتَ سَهْلٌ قَالَ مَا اَنَا بِمُغَيِّرٍ اسْمًا سَمَّانِيْهِ اَبِيْ قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ فَمَا زَالَتْ فِيْنَا الْحُزُوْنَةُ بَعْدُ۔ (رواه البخارى)

٤٧٨١: أخرجه البخارى فى صحيحه ١٠/٥٧٥ الحديث رقم ٦١٩٣ و ابوداؤد فى السنن ٥/٢٤١ الحديث رقم ٤٩٥٦، واحمد فى المسند ٥/٤٣٣۔

ترجمہ: حضرت عبدالحمید بن جبیر بن شیبہؒ کہتے ہیں کہ میں حضرت سعید بن المسیّب کے پاس موجود تھا کہ انہوں نے یہ روایت بیان کی کہ میرے دادا جن کا نام حزن تھا وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں آئے تو آپ ﷺ نے ان کا نام دریافت کیا تو انہوں نے حزن بتایا۔ آپ ﷺ نے فرمایا حزن اچھا نام نہیں ہے بلکہ میں تمہارا نام سہل رکھتا ہوں۔ میرے دادا نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہا کہ میرے باپ نے میرا جو نام رکھا ہے میں اس کو بدل نہیں سکتا۔ حضرت سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس کے بعد سے اب تک ہمارے خاندان میں ہمیشہ سختی رہی۔ (بخاری و مسلم)

راویٔ حدیث:

عبدالحمید بن جبیر۔ پورا نام عبدالحمید بن جبیر حجی ہے۔ اپنی پھوپھی صفیہ رضی اللہ عنہا اور ابن مسیبؒ سے روایت کرتے ہیں اور ان سے ابن جریج اور ابن عیینہ نے روایت کی۔

تشریح: حزن: حاء کے فتحہ اور زاء کے سکون کے ساتھ۔

حزن ''سخت اور دشوار گزار زمین کو کہتے ہیں ''سہل'' حزن کی ضد ہے۔ حالانکہ مروی ہے: ان الله تعالى يحب السهل الطليق۔ کہ اللہ تعالیٰ سہل وطلیق شخص کو محبوب رکھتا ہے' جیسا کہ بیہقی وغیرہ نے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کیا ہے۔ اسی سے نبی کریمؐ کا یہ ارشاد گرامی ہے: اللهم لاسهل الاما جعلة سهلا" وأنت تجعل الحزن سهلا اذا شئت۔ اور قاموس میں ہے: الحزن ماغلظ من الأرض والسهل من الأرض ضد الحزن۔ (یعنی ملائم اور ہموار زمین جہاں آدمی کو آرام ملے۔)

قوله: بل أنت سهل: امام طیبیؒ فرماتے ہیں یعنی یہ نام تمہارے لئے مناسب نہیں چونکہ تم حلیم اور نرم گوشہ آدمی ہو' مناسب ہے کہ تمہارا نام ''سہل'' ہو' امام طیبیؒ کی یہ بات بعید از کار ہے' چونکہ اگر وہ حلیم اور نرم گوشہ رکھنے والے ہوتے تو جانب نبوت کے ادب کی رعایت رکھتے اور ''فتوۃ'' کے اخلاق کے مقتضی پر عمل کرتے۔

قوله: قال: ما أنا بمغير اسما سمانيه أبي: ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے: لأن السهل يوطا ويمتهن۔ یعنی میں اپنا نام نہیں بدلوں گا چونکہ ''سہل'' کو روندا جاتا ہے اور اس کی اہانت کی جاتی ہے یعنی پاؤں سے اس کو روندا جاتا ہے۔

قوله: فما زالت فينا الحزونة: الحزونة کا معنی ہے صعوبة الخلق (علی ماذکرہ السیوطی) ''بعد'' (اس کا مضاف الیہ محذوف معنوی ہے۔) ای بعد اباء ابی اسم الهل من النبی ﷺ۔ سعید ابن مسیب کے دادا نے چونکہ آنحضرت ﷺ کے رکھے ہوئے نام کو اختیار نہیں کیا چنانچہ ان کے گھر والے ہمیشہ سختی حالات کا شکار رہنے لگے اور مسلسل کسی نہ کسی مصیبت میں مبتلا ہوتے رہے۔

رہی یہ بات کہ حزن رضی اللہ عنہ کو آنحضرت ﷺ کی بات کا انکار کرنے کی جرأت کیونکر ہوئی تو اول اس کو شیطان کا وسوسہ کہا جاسکتا ہے جس میں وہ مبتلا ہو گئے دوسرے یہ کہ قیاس میں تلبیس ابلیس کا شکار ہو گئے' چنانچہ اس بات کو بھی فراموش کر دیا: من تواضع لله رفعه الله۔ اور یہ کہ المرء عند الامتحان يكرم أويهان۔ حاصل یہی ہے جو ماقبل میں گزر چکا ہے کہ نام آسمانوں سے اترتے ہیں۔

عرضِ مرتب:

صاحب مظاہر حق نے ایک اور وجہ بھی ذکر کی ہے جو حسب ذیل ہے: مذکورہ واقعہ ابتداء ہجرت کا ہے جب کہ وہ نئے نئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہجرت کر کے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے اور اس وقت تک تعلیم و تربیت کے فقدان کی وجہ سے وہ صدق ایمان سلامتی طبع اور تہذیب و اخلاق سے مشرف نہ ہوئے تھے لہٰذا اس پر شیطان کا داؤ کارگر ہو گیا اور وہ آنحضرت ﷺ کے تجویز کردہ نام کو اختیار نہ کر سکے۔

انبیاء علیہم السلام کے ناموں پر نام رکھو

۴۷۸۲: وَعَنْ اَبِیْ وَهْبِ الْجُشَمِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُسَمُّوْا بِاَسْمَآءِ الْاَنْبِيَاءِ وَاَحَبُّ الْاَسْمَآءِ اِلَى اللّٰهِ عَبْدُاللّٰهِ وَعَبْدُالرَّحْمٰنِ وَاَصْدَقُهَا حَارِثٌ وَهُمَامٌ وَاَقْبَحُهَا حَرْبٌ وَمُرَّةٌ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۲۳۷ الحديث رقم ۴۹۵۰، واحمد فی المسند ۴/۳۴۵۔

ترجمہ: حضرت ابووہب جشمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: انبیاء کے ناموں پر اپنے نام رکھو اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہترین نام عبداللہ اور عبدالرحمان ہیں نیز زیادہ سچے نام حارث اور ہمام ہیں اور سب سے برے نام حرب اور مرہ ہیں۔ (ابوداؤد)

عرضِ مرتب:

''حارث'': اس کا معنی ہے ''کاسب'' ان کو زیادہ سچے نام قرار دیا چونکہ۔

تشریح: ''ھمام'': یہ ''ھم یھم'' سے ماخوذ ہے

کوئی بھی انسان کسب و ہم سے خالی نہیں ہوتا (یعنی دنیا میں ہر شخص کسب و کمائی میں مشغول ہوتا ہے اور اسی طرح ''ھمام'' ہے کہ ہر شخص کوئی نہ کوئی قصد و ارادہ میں رہتا ہے۔)

''حرب'': اس کی وجہ قباحت یہ ہے کہ حرب میں بدفالی و بدشگونی ہوتی ہے اور اس نام کو ناپسندیدہ سمجھا جاتا ہے چونکہ حرب نام ہی قتل و ضرب اور اذیت کا ہے۔

مرۃ: اس کا معنی ہے تلخ، کڑوا اس کی وجہ قباحت یہ ہے کہ کڑوے کو ہر شخص ناپسند کرتا ہے اور دوسری وجہ یہ ہے کہ ''ابومرۃ'' ابلیس کی کنیت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْبَيَانِ وَالشِّعْرِ

بیان وشعر کا بیان

الفصل الاول:

بیان بھی ایک قسم کا جادو ہے

۴۷۸۳: عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَدِمَ رَجُلَانِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَخَطَبَا فَعَجِبَ النَّاسُ لِبَيَانِهِمَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۲۳۷/۱۰ الحديث رقم ۵۷۶۷ و ابوداؤد فی السنن ۲۷۷/۵ الحديث رقم ۵۰۱۱، والترمذی فی ۳۲۹/۴ الحديث رقم ۲۰۲۸ و مالك فی ۹۸۱/۲ الحديث رقم ۷، واحمد فی المسند ۲۶۳/۴۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مشرق کی جانب سے دو شخص آئے اور ہر دو نے اپنی مدح میں خطبہ دیا تو لوگوں کو ان کی فصاحت بیانی پر تعجب ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بعض بیان جادو ہوتے ہیں یعنی بہت جلد طبائع پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ (بخاری)

تشریح: ''شعر'' کے معنی دانائی اور زیرکی کے ہیں اور شاعر کے معنی ہیں دانا و زیرک۔ عام اصلاح میں شعر موزوں اور مقفّٰی (منظوم) کلام کو کہتے ہیں جو بقصد وارادہ موزوں و مقفّٰی کیا گیا ہو۔ اس اعتبار سے قرآن وحدیث میں جو مقفّٰی عبارتیں ہیں ان پر شعر کا اطلاق نہیں ہوسکتا کیونکہ ان عبارتوں کا مقفّٰی ہونا نہ تو قصد وارادہ کے تحت ہے اور نہ مقصود بالذات ہے۔

اس بارے میں علماء کے اختلافی اقوال ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مذکورہ ارشادِ گرامی بیان کی تعریف میں فرمایا یا اس کی مذمت میں؟ ان اقوال کو سامنے رکھتے ہوئے زیادہ صحیح بات یہ نکلتی ہے کہ اس ارشاد گرامی سے بیان کی تعریف و مذمت دونوں ظاہر ہوتی ہیں۔ اس صورت میں اس کا مطلب یہ ہوگا کہ بعض بیان دلوں کو مائل ومنحرف کرنے اور اپنا جواب پیش کرنے سے معذور رکھتے ہیں سحر کی مانند تاثیر رکھتا ہے اور یہ محمود و مستحسن ہے بشرطیکہ اس بیان کا تعلق سچائی کو ظاہر کرنے اور سچائی کو ثابت کرنے سے ہو اور اگر اس کا تعلق باطل وفاسد امور سے ہو تو پھر وہی بیان مذموم ہوگا جیسا کہ ایک حدیث میں شعر کے بارے میں فرمایا گیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے: الشعر هو كلام فحسنه حسن وقبيحه قبيح یعنی شعر کلام ہی تو ہے (چنانچہ اچھے اور برے کلام کی طرح) اچھا شعر اچھا کہلائے گا اور برا شعر برا۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''من'' تبعیضیہ ہے۔ یہ کلام تشبیہ پر محمول ہے۔ اس کا حق یہ تھا کہ یوں فرمایا جاتا: ان بعض البيان كالسحر ۔ کلام میں قلب واقع ہو گیا مبتدا کو خبر بنانے میں مبالغہ ہے، بایں طور کہ فرع کو اصل اور اصل کو فرع بنایا۔ اور وجہ تشبیہ تغیر ہے کہ ارادۂ مدح وذم کے تغیر سے دل متغیر جاتا ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام مالک، احمد، ابوداؤد اور ترمذیؒ نے اسی طرح روایت کیا ہے۔ اور امام احمد، اور ابوداؤد نے ابن عباسؓ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:

ان من البيان لسحرا و ان من الشعر حكما.

بعض شعر حکمت ہیں

۴۷۸۴: وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً۔

(رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۰/۵۳۷ الحديث رقم ۶۱۴۵ و ابوداؤد فی السنن ۵/۲۷۶ الحديث رقم ۵۰۱۰، والترمذی فی ۵/۱۲۶ الحديث رقم ۲۸۴۴ و ابن ماجه ۲/۱۲۳۵ الحديث رقم ۳۷۵۵، والدارمی فی ۲/۳۸۳ الحديث رقم ۲۷۰۴، واحمد فی المسند ۵/۱۲۵۔

ترجمہ: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بعض شعر حکمت والے ہوتے ہیں۔

(بخاری)

تشریح: اس حدیث کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں:

① سارے ہی شعر برے نہیں ہوتے، بلکہ بعض اشعار میں حق بات اور حکمت کا بیان ہوتا ہے۔ یا ایسے قول صادق کا بیان ہوتا ہے جو حق کے مطابق ہوتا ہے۔

② حکمت کے اصل معنی ہیں روکنا، لہٰذا حدیث کا مطلب یہ ہوا کہ بعض اشعار نافع ہوتے ہیں، جہالت اور بے وقوفی سے روکنے والے ہوتے ہیں، مثلاً وہ اشعار جو مواعظ پر ایسی امثال پر مشتمل ہوں کہ جو لوگوں کیلئے نافع ہوں۔ چونکہ شعر کلام ہے اچھا شعر اچھا ہے۔ بُرا شعر بُرا ہے۔

تکلف سے گفتگو کرنے والا ہلاک ہوا

۴۷۸۵: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلَكَ الْمُتَنَطِّعُوْنَ قَالَهَا ثَلٰثًا۔

(رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحيحه ۴/۲۰۵۵ الحديث رقم ۲۶۷۰۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تکلف سے گفتگو کرنے والے ہلاک ہو گئے۔ آپ ﷺ نے تین مرتبہ یہ بات دہرائی۔ (مسلم)

تشریح: "المتنطعون": باب تفعل سے اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں "متنطع" "نطع" سے مشتق ہے "نطع" غار کو کہتے ہیں، (اور تالو کے اگلے حصے کو بھی نطع کہتے ہیں۔ از مرتب) اور "متنطع" اصل میں اس شخص کو کہتے ہیں جو اقصی حلق سے کلام کرتا ہے۔ اھ۔

تنطع فی الکلام: گہرائی اور فصاحت سے بولنا۔ **تنطع فی الشیء**: غلو اور تکلف کرنا۔ **تنطع فی عملہ**: اپنے کام میں ماہر ہونا۔ **قولہ: قالھا ثلاثا**: نبی کریم ﷺ نے یہ بات تین بار ارشاد فرمائی' امت کو ڈرانے کے لئے' اور اس کی آفات پر متنبہ کرنے کے لئے' اور تیقظ پر ابھار کے لئے' اس کے ورے غور کرنے کے لئے' اور اس کلمہ کے نیچے کتنی ساری مصیبتیں ہیں جو صاحب زبان اور متکلفین کی طرف لوٹتی ہیں۔

"متنطعون" کے متعدد معانی بیان کئے گئے ہیں: ❶ بتکلف فصاحت کے ساتھ کلام کرنے والے۔ ❷ آواز کو اقصی حلق سے نکالنے والے۔ ❸ چرب زبان، فضول باتوں میں غلو کرنے والے۔ چنانچہ تورپشتیؒ فرماتے ہیں: **ارادبھم المتعمقین الغالین فی خوضھم فیما (لا یعنیھم من الکلام)**۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس قسم کا وہ کلام مذموم ہے کہ جس میں اصل مقصود لفظ کی رعایت ہو، اور معنی تابع ہو۔ اگر اس کے بر عکس معاملہ ہو تو وہ مذموم نہیں بلکہ مستحسن ہے۔ چنانچہ کلام اللہ اور کلام رسول اسی قبیل سے ہے۔ اگر کلام میں اس خوبی کا لحاظ رکھا جائے، تو کلام بلندیوں کی حدوں کو چھونے لگتا ہے۔ اللہ جل شانہ ہدہد کے کلام کی حکایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ﴿وَجِئْتُكَ مِنْ سَبَإٍ بِنَبَإٍ يَقِينٍ﴾ [النمل۔۲۲] صاحب کشاف لکھتے ہیں: یہ کلام کی اس جنس سے ہے جس کو "بدیع" کا نام دیا جاتا ہے۔ یہ کلام کے ان محاسن میں سے ہے جن کا تعلق لفظ کے ساتھ ہوتا ہے، بشرطیکہ وہ مطبوع ہو کر آئے۔ ایسے صیغہ کے ساتھ آئے کہ جس میں جوہر کلام کے ساتھ صحت معنی اور سداد بھی ہو، اور یہاں جو کلام ہے وہ زائد علی الصحت ہے چنانچہ لفظاً و معنیً ہر اعتبار سے حسین و بدیع ہے۔ دیکھیں کہ اگر "نبأ" کی جگہ لفظاً "خبر" ہوتا تو معنی تب بھی صحیح تھے، اور جو لفظ یہاں استعمال ہوا ہے وہ اصح ہے چونکہ "نبأ" کے معنی میں ایک ایسی زیادتی ہے کہ وصف الحال اس کے مطابق ہے۔ صاحب دلائل النبوۃ ابوالحسن ہرویؒ فرماتے ہیں: واضح رہے کہ "تلاؤم" تلاؤم حروف تلاؤم حرکات وسکنات اور تلاؤم معنی کے ذریعہ ہوتا ہے۔ اور جب یہ تمام صفات جمع ہو جاتی ہیں تو کلام انتہائی شیریں ہو جاتا ہے۔ اور اگر یوں ہو کہ بعض صفات پائی جائیں، اور بعض صفات نہ پائی جائیں تو کلام "درجۂ عدوبۃ" سے اتر جاتا ہے۔ اور جب بھی صیغہ زیادہ ہوتے ہیں تو کلام تعسف کے بہت قریب ہو جاتا ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد اور امام ابوداؤد نے نقل کیا ہے۔

۴۷۸۲: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْدَقُ كَلِمَةٍ قَالَهَا الشَّاعِرُ كَلِمَةُ لَبِيْدٍ اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَّا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلٌ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۵۳۷ الحدیث رقم ٦١٤٧ و مسلم فی ٤/١٧٦٨ الحدیث رقم (٢-٢٢٥٦)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والترمذی فی السنن ۵/۱۲۸ الحدیث رقم ۲۸۴۹ و ابن ماجه ۲/۱۲۳۵، الحدیث رقم ۳۷۵۷۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شاعر نے جو سچی بات کہی ان میں سب سے زیادہ سچی بات وہ ہے جو لبید شاعر نے کہی: اَلَا کُلُّ شَیْءٍ مَّا خَلَا اللّٰهِ بَاطِلٌ اللہ تعالیٰ کے سواء ہر چیز فانی ہے۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: قوله: أصدق كلمة: سے مراد ''جملہ'' ہے۔

قالها الشاعر: سے مراد جنس شعراء ہے۔ شمائل کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: اشعر كلمة تكلمت بها العرب. یہاں ''اشعر'' سے مراد ہے عمدہ خوبصورت ہے۔ (کہا جاتا ہے: هذا البيت اشعر من هذا ۔ یہ شعر اس سے اچھا ہے ۔ازمرتب بحوالہ مصباح)

امام نوویؒ فرماتے ہیں: باطل سے مراد ہے: الفانی المضمحل (معدوم' نیست ونابود) اور یہ حدیث صحابی رسول حضرت لبیدؓ کی منقبت پر مشتمل ہے۔۔امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اصدق ہونا اس وجہ سے ہے کہ '' أصدق الكلام '' (یعنی ارشاد باری تعالیٰ) کے موافق ہے: ﴿كل من عليها فان﴾ [الرحمن-۲۶]

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں: یہ شعر اس آیت کریمہ کے زیادہ موافق ہونے کی وجہ سے ''اصدق'' ہے:

[كل شيء هالك الا وجهه]

میں نے اس کی تشریح 'جزب الفتح'' کی شرح میں شیخ کے قول: استغفر الله مما سوى' اور بعض عارفین کے اس قول: ليس في الدار غير ديار 'اور ایک اور قائل کے قول: سوى الله والله مافي الوجود کے تحت کی ہے۔ اور میں نے توحید کے معنی کی وضاحت کی ہے۔

عرضِ مرتب:

اس کا دوسرا مصرع یہ ہے:

وكل نعيم لا محالة زائل

اور بلا شک وشبہ ہر نعمت زائل ہونے والی ہے۔

شعر کی تخریج:

بخاری شریف میں صرف پہلا مصرع مروی ہے جسے امام بخاری نے '' باب ايام الجاهليه'' میں صفحہ ۵۳۱ اور ''کتاب الآداب صفحہ ۹۰۸ ''باب ما يجوز من الشعر والرجز '' میں اور ''کتاب الرقاق '' صفحہ ۹۶۰ میں روایت فرمایا ہے۔ دوسرا مصرع جو ہم نے اس کے بعد لکھ دیا ہے سیرت کی کتابوں میں ملتا ہے شعر حضرت لبید بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ہے جو ان کے ایک قصیدہ کا جزو ہے جو دس/۱۰ اشعار پر مشتمل ہے۔

حالات زندگی: حضرت لبید بن ربیعہ عامری بہت بڑے شاعر تھے فصاحت اور بلاغت میں اُن کا بہت بڑا مقام ہے۔ ''سبعه معلقه'' میں چوتھے نمبر پر جو قصیدہ ہے۔ وہ اُن ہی کا ہے بہت بڑے گھوڑا سوار تھے اور حکمت اور دانش کی باتیں ان کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذہن پر وارد ہوتی تھیں۔ کنیت ''ابو قیل'' تھی انہوں نے اپنا یہ شعر ''الا کل شیء ما خلا اللّٰہ باطل'' (خبردار! ہر چیز اللہ کے علاوہ فنا ہونے والی ہے) زمانہ اسلام سے پہلے جاہلیت میں کہا تھا۔

فتح الباری میں لکھا ہے کہ بعد میں وہ مسلمان ہو گئے تھے۔ خلافت عثمانی کے دور میں کوفے میں وفات پائی۔ ان کی عمر ایک سو پچاس (۱۵۰) سال ہوئی اور اس سے زیادہ عمر کا بھی قول ہے۔ صاحب مشکوٰۃ نے ان کی عمر ۱۴۰ سال بتائی ہے، اور لکھا ہے کہ ایک قول یہ ہے کہ ایک سو ستاون (۱۵۷) سال کی عمر میں ان کی وفات ہوئی بہر حال طویل عمر پائی۔

وفد بنی کلاب کے ساتھ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر اسلام قبول کیا (ان کی ایک فضیلت یہ ہے کہ) قبول اسلام کے بعد شعر کہنا بالکل چھوڑ دیا (اور فرمایا: یکفینی القرآن۔ ''مجھے قرآن کافی ہے۔'')۔ ایک مرتبہ حضرت عمرؓ نے اُن کے اشعار کے بارے میں ان سے گفتگو کی تو فرمایا کہ مجھے اللہ نے شعر کے بدلے میں سورہ بقرہ دیدی ہے۔ اب شعر کہنے کی ضرورت نہیں کیونکہ قرآن مجید کی فصاحت و بلاغت نے شعر گوئی کی طرف سے دل پھیر دیا۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ شعرائے عرب نے جو شعر کہے ہیں ان میں سے سب سے زیادہ سچا شعر لبید کا ہی ہے۔ روایت سے ظاہر ہے کہ حضورؐ نے حضرت لبیدؓ کے اس شعر کو بہت پسند فرمایا، اور کلام عرب میں اس کو سب سے زیادہ سچا کلام قرار دیا۔

یہاں علماء نے اشکال ظاہر کیا ہے کہ ہر چیز کو باطل یعنی فنا ہونے والی کیوں بتایا جب کہ جنت دوزخ اور ان میں مستقل طور پر داخل ہونے والے ہمیشہ رہیں گے اور دوزخ کا عذاب اور جنت کی نعمتیں بھی ہمیشہ رہیں گی اس اشکال کے دو جواب دیئے گئے ہیں۔ ایک جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وجود اور دوام دونوں ذاتی اور حقیقی ہیں، کسی کے وجود دینے سے اس کا وجود نہیں ہے کسی کے باقی رکھنے سے اسی کی بقاء نہیں ہے، رہا مخلوق کا وجود و دوام تو چونکہ اللہ تعالیٰ کے حقیقی اور ذاتی وجود کے سامنے کسی کی کوئی حیثیت نہیں، اور اس کا وجود مجازی ہے اور جب تک جس کو بقا ہے اللہ تعالیٰ کے باقی رکھنے سے ہے۔ اس لئے مخلوق کے بارے میں یہ کہنا کہ اس کی ہر چیز فانی ہے یعنی اس کا وجود حقیقی اور ذاتی نہیں ہے۔ یہ بالکل درست ہے۔

دوسرا جواب یہ دیا گیا ہے کہ شاعر نے جو یہ کہا ہے کہ اللہ کے سوا سب باطل بمعنی فانی ہے اسکا مقصد یہ ہے کہ اللہ کی ذات اور اس کی صفات ذاتیہ اور فعلیہ جن میں رحمت و عذاب بھی ہے، باقی رہے گی، اور ان کے مظاہر بھی باقی رہیں گے، جو جنت اور دوزخ کی صورت میں ہوں گے۔

شعر کا دوسرا مصرع:

ع وکل نعیم لا محالۃ زائل

''اور ہر نعمت بلا شک وشبہ زائل ہونے والی ہے''

اس پر بھی یہی اشکال ہوتا ہے کہ جنت کی نعمتیں تو ابدی ہیں اور دوامی ہیں، پھر یہ کیسے کہا کہ ہر نعمت کو زوال ضروری ہے؟ اس اشکال کے بھی دو جواب دیئے گئے ہیں:

اس کا پہلا جواب تو یہ ہے کہ یہ شعر زمانہ جاہلیت میں کہا تھا، جب شاعر جنت و دوزخ کا عقیدہ نہیں رکھتا تھا۔ اس لئے اس وقت جو سمجھ میں آیا، کہہ دیا۔ حضور اقدس ﷺ سے پہلے مصرع کی تعریف منقول ہے۔ دوسرے مصرع کی تعریف فرمانا منقول نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔

اس کا دوسرا جواب یہ دیا گیا کہ اس سے دنیاوی نعمتیں مراد ہیں، جو سب ختم ہو جائیں گی۔ ان نعمتوں پر بھروسہ کرنا بیوقوفی ہے البتہ ایمان اور اعمال صالحہ باقیات صالحات ہیں جو آخرت میں کام آنے والی نعمتیں ہیں، اگرچہ انکا حصول دنیا میں ہوتا ہے۔

(ماخوذ از فتح الباری وعمدۃ القاری وحاشیہ بخاری، ۹۶۰، جلد ۱)

ان اشعار کی یہ تشریح ''انعام الباری'' ص ۹۷-۹۹ سے، معمولی سی تبدیلی کے ساتھ لی گئی ہے۔ اھ۔

ان کا یہ مکمل کلام یوں ہے: و کل نعیم لامحالة زائل

نعیمك فی الدنیا غرور وحسرة

وعیشك فی الدنیا محال وباطل

تخریج: اس حدیث کو امام ابن ماجہؒ نے بھی ذکر کیا ہے۔

امیہ بن صلت کے اشعار کا سننا

۴۷۸۷: وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَدِفْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ هَلْ مَعَكَ مِنْ شِعْرِ اُمَيَّةَ بْنِ اَبِي الصَّلْتِ شَيْءٌ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ هِيْهِ فَاَنْشَدْتُّهُ بَيْتًا فَقَالَ هِيْهِ ثُمَّ اَنْشَدْتُّهُ فَقَالَ هِيْهِ حَتّٰى اَنْشَدْتُّهُ مِائَةَ بَيْتٍ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱۷۶۷/٤ الحدیث رقم (۱-۲۲۵۵) و ابن ماجه فی السنن ۱۲۳۶/۲ الحدیث رقم ۳۷۵۸، واحمد فی المسند ۳۹۰/٤۔

ترجمہ: حضرت عمرو بن شرید اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ ایک دن میں رسول اللہ ﷺ کے پیچھے سوار ہوا تو آپ ﷺ نے مجھ سے دریافت فرمایا: کیا تمہیں امیہ بن صلت کا کچھ کلام یاد ہے؟ میں نے عرض کیا ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: پڑھو۔ آپ ﷺ کو میں نے ایک شعر پڑھ کر سنایا آپ ﷺ نے فرمایا اور سناؤ میں نے پھر سنایا' آپ ﷺ نے فرمایا اور سناؤ یہاں تک کہ میں نے اس کے ایک سو اشعار سنائے۔ (مسلم)

تشریح: ''ردفت'': دال کے کسرہ کے ساتھ۔ شمائل کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: کنت ردیفه یوما. یہ الفاظ ان کے کمال قرب پر دلالت کر رہے ہیں' اور ان کے کمال حفظ کی طرف اشارہ ہے۔

من شعر: ''من'' بیانیہ ہے۔ شیء: مبین ہے۔ ''اُمیۃ'' تصغیر کے ساتھ۔ ''صلت'' میں پہلے فتحہ اور پھر سکون ہے۔

هیه: دونوں ھاء مکسور ہیں اور یائے تحتانیہ ساکن ہے۔ أی هات. ابن الملکؒ فرماتے ہیں: هیه بمعنیٰ ''ایه'' ہے، ہمزہ مکسورہ کو ھاء سے بدل دیا گیا ہے۔ یہ اسم فعل بمعنی امر ہے، تکلم کے معنی میں ہے۔ اس کلمہ کو منون پڑھا جاتا ہے کبھی کسرہ کے ساتھ اور کبھی فتحہ کے ساتھ۔ ای حدث حدیثا.

صاحب النہایہ فرماتے ہیں: آپ کسی شخص سے کہتے ہیں: ایه' بغیر تنوین کے کہیں گے تو اس کا مطلب ہوگا کہ آپ اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے وہ بات اور سننا چاہتے ہیں جو آپ دونوں کے درمیان معروف ہے۔ اور اگر آپ تنوین کے ساتھ کہیں گے تو اس کا مطلب ہوگا کہ آپ سے کوئی ایسی بات سننا چاہتے ہیں جو آپ دونوں کے درمیان نہیں ہے۔ اور یہ تنوین تنکیر کے لئے ہے۔

امیہ بن صلت کا تعارف: امیہ بن ابی الصلت بھی عرب کا ایک مشہور اور باکمال شاعر تھا۔ اس کا تعلق قبیلہ ثقیف سے تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس نے عہد جاہلیت میں اہل کتاب سے دین سیکھا تھا اور دینداری کی باتیں کرتا تھا' حشر ونشر اور قیامت کے دن پر بھی عقیدہ رکھتا تھا اور اس کے اشعار علم وحکمت اور پند ونصائح سے پُر ہوتے تھے۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ نے اس کے بارے میں فرمایا تھا: امن شعرہ و کفر قلبہ (یعنی اس کے اشعار سے ایمان چھلکتا ہے اگر چہ اس کا دل کفر میں مبتلا رہا) اس کا ایک خاص مشغلہ یہ تھا کہ آسمانی کتب کا علم رکھنے والوں کے پاس آنا جانا رکھتا اور ان سے ان بشارتوں اور پیشینگوئیوں کے بارے میں دریافت کرتا رہتا جو آسمانی کتابوں پر نبی آخر الزمان ﷺ کی بعثت سے متعلق مذکورہ تھیں۔ اس کا گمان تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتابوں میں جن نبی ﷺ آخر الزمان ﷺ کی بعثت کی خبر دی ہے وہ میں ہوں اور ایک نہ ایک دن مجھے نبوت کے خلعت فاخرہ سے نوازا جائے گا۔ لیکن جب آسمانی کتب کے عالموں نے اس کو بتایا کہ وہ نبی قریش میں سے ہوں گے اور اس کو آنحضرت ﷺ کی صفات تفصیل سے معلوم ہوئیں تو وہ اپنے عقائد ونظریات سے ایک دم پھر گیا اور حسد وعناد کی راہ پر چل کر کہنے لگا کہ مجھے اس نبی ﷺ پر ہرگز ایمان نہ لانا چاہئے جس کا تعلق قبیلہ ثقیف سے نہ ہو۔

ابن جوزیؒ نے کتاب وفا میں یہ لکھا ہے کہ امیہ بن ابی الصلت ابتداء میں تو نبی آخر الزمان ﷺ کی بعثت کا انتظار بڑی شدت سے کرتا تھا اور آنحضرت ﷺ کی نبوت کی جو علامتیں اور اوصاف سنتا تھا ان کی بنا پر یہ آرزو رکھتا تھا کہ کاش میں ان کا زمانہ پاؤں اور ان کی خدمت ومدد کروں مگر آنحضرت ﷺ کا جب نور نبوت آشکارا ہوا تو اپنی باتوں سے پھر گیا اور بغض وعناد اور سخاوت وسختی کی راہ اختیار کر لی۔ (انتھی کلام المرتب)

بہر حال مذکورہ بالا حدیث سے یہ ثابت ہوا کہ علم وحکمت اور پند ونصائح کی باتوں پر مشتمل اشعار سننا مستحب ہے اگر چہ ان اشعار کو کہنے والا کوئی کافر وفاسق ہی کیوں نہ ہو۔

یہ حدیث مبارکہ درحقیقت اس کے بالکل موافق ہے: الحکمة ضالة المؤمن.

رجز کا زبان پر لانا

۴۷۸۸: وَعَنْ جُنْدُبٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ فِیْ بَعْضِ الْمَشَاهِدِ وَقَدْ دَمِیَتْ اِصْبَعُهٗ فَقَالَ هَلْ اَنْتِ اِلَّا اَصْبَعٌ دَمِیْتِ وَفِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ مَا لَقِیْتِ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۹/۶ الحدیث رقم ۲۸۰۲ و مسلم فی ۱۴۲۱/۳ الحدیث رقم (۱۷۹۶-۱۱۲)، واحمد فی المسند ۳۱۲/۴۔

ترجمہ: حضرت جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کی انگلی مبارک سے کسی معرکہ میں خون بہنے لگا تو آپ ﷺ نے فرمایا تو تو ایک انگلی ہی ہے جو کہ خون آلود ہوئی ہے اور یہ تکلیف تجھے اللہ تعالیٰ کی راہ میں پیش آئی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(بخاری، مسلم)

تشریح: ''دمیت'': دال مہملہ کے فتحہ کے ساتھ۔'' اصبعہ'':''اصول'' میں یہ لفظ ہمزہ کے کسرہ اور بائے موحدہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

صاحب قاموس لکھتے ہیں: **اصبع مثلث الهمزة ومع كل حركة مثلث الباء:تسع لغات، والعاشر اصبوع، بالضم.**

شمائل کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:**أصاب حجر أصبع النبی ﷺ فدميت.**

قوله:فقال هل انت الا اصبع دميت:

استفہام نفی کے معنی میں ہے۔''دمیت'':یہ جملہ محل رفع میں''اصبع'' کی صفت ہے۔**مستثنیٰ منه أعم** ہے **أی:ما انت يا اصبع موصوفة بشيء من الاشياء الا بأن دميت.** گویا کہ جب انگلی زخمی ہوگئی اور درد کرنے لگی تو نبی کریم ؐ نے اس کو استعارہ کے طور پر خطاب فرمایا' یا اس کو تسلی دینے کے لئے حقیقتاً ارشاد فرمایا اور مطلب یہ ہے کہ پرواہ نہ کر' چونکہ نہ تو ہلاک ہوئی ہے اور نہ کٹی ہے' سوائے اس کے کہ تو لہولہان ہوئی ہے اور یہ رائیگاں نہیں جائے گا' بلکہ یہ اللہ کے راستہ میں اور اس کی خوشنودی ورضا میں تھا جیسا کہ اگلے کلام''**وفی سبيل الله مالقيت**'' سے مستفاد ہو رہا ہے۔

قوله: وفی سبيل الله ما لقيت:''ما'' موصولہ، ہے۔**ای الذی لقيته هوفی سبيل الله لافی سبيل غير فلا يكون ضائعا فافرحی به** ۔یعنی تمہیں جو کچھ تکلیف پہنچی ہے یہ اللہ کی راہ میں پہنچی ہے کسی اور کسی راہ میں نہیں پہنچی۔لہٰذا یہ بے کار نہیں جائے گا' بس تو اس پر خوش ہو جا۔اور بقول بعض''ما'' نافیہ ہے۔**ای مالقيت شيئاً**۔پہنچنے والی تکلیف کو حقیر سمجھتے ہوئے فرمایا۔میں کہتا ہوں یہ تحصیل حاصل ہے' چونکہ یہ مطلب تو پہلے مصع سے مفہوم ہو رہا ہے' علاوہ وہ ازیں اس کا اطلاق بھی موہم خلل ہے۔امام سیوطی فرماتے ہیں: روایت کی رو سے''دمیت'' اور ''لقیت''میں تاء پر کسرہ ہے۔بعض لوگوں نے اس کو شعر کے مخصوص وزن سے بچانے کیلئے یہ کہہ دیا کہ تاء ساکن ہے حالانکہ یہ بھی بحر کامل میں سے ہے۔

اے حسانؓ! مشرکین کی ہجو کرو

۴۷۸۹:وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ يَوْمَ قُرَيْظَةَ لِحَسَّانِ بْنِ ثَابِتٍ اُهْجُ الْمُشْرِكِيْنَ فَاِنَّ جِبْرِيْلَ مَعَكَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِحَسَّانٍ اَجِبْ عَنِّیْ اَللّٰهُمَّ اَيِّدْهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحيحه ٦/ ٣٠٤ الحديث رقم ٣٢١٢ و مسلم فی ٤/ ١٩٣٣ الحديث رقم (٥١-٤٢٨٥)۔

ترجمہ: حضرت براء ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے قریظہ کے دن حضرت حسان بن ثابت ؓ سے فرمایا کہ تم مشرکین کی ہجو کرو بلا شبہ' حضرت جبرئیل علیہ السلام تمہارے معاون ہیں۔یعنی القاء والہام سے اور رسول اللہ ﷺ حسان کو فرماتے میری طرف سے تم مشرکین کی بات کا جواب دو اور پھر یوں دعا فرماتے۔اے اللہ! ان کی جبرائیل امین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ذریعے مدد فرما۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: قولہ: اهج المشرکین: "اهج" هجو سے امر کا صیغہ ہے۔ ہجو کرنے کا یہ حکم ابتداء ہوا اور یہ بھی ممکن ہے کہ جواباً ہو۔

قولہ: فان جبریل معك: واضح رہے کہ حدیث کا یہاں تک کا مضمون حضرات براء سے "متفق علیہ" طور پر مروی ہے اور اگلا مضمون حضرت ابو ہریرہؓ سے "متفق علیہ" طور پر مروی ہے۔ جیسا کہ یہ بات آگے آ رہی ہے۔

"جبریل": اس میں چار قراءت متواترہ ہیں۔ جو ہم ماقبل میں ذکر کر چکے ہیں۔

القدس: دال کے ضمہ نیز سکون کے ساتھ۔ روح القدس سے مراد روح الامین حضرت جبرئیلؑ ہیں۔ ان کو "روح" کہنے کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ یہ انبیاء کرام کے پاس وہ چیز لاتے تھے جس میں دلوں کی حیات ہوتی تھی۔ پس وہ حیات قلب کے لئے ایسے تھے کہ جیسے روح حیات جسد کے لئے مبدا ہے۔ "قدس" روح کے عیوب سے طاہر و منزہ ہیں۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ "قدس" بمعنی "مقدس" ہے۔ اور "مقدس" اللہ تعالیٰ ہے پس اس کی طرف "روح" کی اضافت "اضافت تشریفی" ہے۔ اور ان کے تائید کا مطلب یہ ہے کہ یہ حضرت حسان کی مدد کریں گے جواب دینے میں اور ان پر حق و صواب کا الہام فرمائیں گے۔ مروی ہے کہ حضور ﷺ کی دعا کے بعد حضرت جبرائیلؑ نے ۱۹۰ اشعار میں حضرت حسانؓ کی خصوصی مدد و نصرت فرمائی۔

تخریج: اس حدیث کو امام ابوداؤد اور امام نسائیؒ نے بھی حضرت ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے۔

میرک شارح اس سلسلے میں تحقیقی بات لکھتے ہوئے فرماتے ہیں: مؤلفؒ نے جس طرح یہ حدیث ذکر کی ہے اس کے ظاہر سے یوں لگتا ہے کہ "وکان رسول ﷺ یقول لحسان..... حضرت براء کی حدیث میں آیا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے بلکہ صحیحین سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ اس حدیث کا اتنا حصہ: اهج المشرکین فان جبریل معك حضرت براءؓ سے متفق علیہ طور پر مروی ہے۔ اس سے اگلا حصہ صرف حضرت ابو ہریرہؓ سے متفق علیہ طور پر مروی ہے۔

ہجو یہ اشعار تیر سے زیادہ سخت

۴۷۹۰: وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اهْجُوْا قُرَيْشًا فَاِنَّهٗ اَشَدُّ عَلَيْهِمْ مِنْ رَشْقٍ النَّبْلِ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ٤/ ١٩٣٥ الحدیث رقم (١٥٧-٢٤٩٠)۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم قریش کی ہجو کرو اور وہ ان کے لئے تیر مارنے سے زیادہ سخت ہے۔ (مسلم)

تشریح: رَشق: راء کے فتحہ، شین معجمہ کے سکون اور قاف کے ساتھ (تیر مارنا۔)

رِشق: راء کے کسرہ شین معجمہ کے سکون اور قاف کے ساتھ (تیر اندازی کا ایک راؤنڈ، تیر پھینکنے کا آلہ)

نبل: نون کے فتحہ بائے موحدہ کے سکون اور لام کے ساتھ۔ تیر۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب تم اللہ اور رسول کا دفاع کرتے ہو تو روح القدس تمہارے معاون

۴۷۹۱: وَعَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِحَسَّانٍ اِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ لَايَزَالُ يُؤَيِّدُكَ مَا نَافَحْتَ عَنِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَقَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ هَجَاهُمْ حَسَّانُ فَشَفٰى وَاشْتَفٰى۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٤/ ١٩٣٥ الحديث رقم (١٥٧-٢٤٩٠)۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت حسان رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہوئے سنا کہ جب تک تم اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے دفاع کرتے ہو تو روح القدس تمہاری معاونت کرتے ہیں اور میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ حسان نے ان کی ہجو کر کے شفا دی اور شفا پائی۔ یعنی سکون واطمینان کا سامان مہیا کیا۔ (مسلم)

تشریح: یؤیدك: ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ، اس ہمزہ کو واؤ سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔

نافحت: صاحب النہایہ لکھتے ہیں: المنافحة، المدافعة و المضاربة: ''مدافعت'' کا معنی ہے (دفاع کرنا۔ حمایت کرنا مدد کرنا' مزاحمت کرنا)

(''مضاربت'' کا معنی ہے کسی کے ساتھ مار پیٹ کرنا' مار پیٹ میں مقابلہ کرنا۔ مارنے میں بڑھ جانا' ایک دوسرے پر تلوار مارنا)

یہاں ''منافحة'' سے مراد مشرکین کی ہجو اور ان کے اشعار کا مقابلہ ہے۔ تورپشتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مطلب یہ ہے کہ مشرکین کی ہجو میں جو شعر کہتے ہو تو حضرت جبرائیل علیہ السلام تم پر ہجو کے مضامین کا القاء کرتے ہیں' برخلاف دیگر شعراء کے کہ وہ کلام گھڑتے ہیں۔ کہ وہ خواہشات نفسانی کی اتباع کرتے ہیں۔ ادھر ادھر ٹامک ٹوئیاں مارتے ہیں۔ ان کے ذہن میں آنے والا کلام شیطان کا القاء کردہ ہوتا ہے۔

قوله: فشفى و اشتفى: اس جملے کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں:

① مسلمانوں کو شفا دی اور خود بھی شفاء پائی۔

② تورپشتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ممکن ہے کہ و اشتفى، شفى کی تاکید ہو۔ یعنی انہوں نے کفار کی ہجو کا جواب ہجو سے دے کر مسلمانوں کے دل ٹھنڈے کر دیئے۔

کہیں شیطان تمہیں اپنا وکیل نہ بنا لے

۴۷۹۲: وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْقُلُ التُّرَابَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ حَتّٰى اغْبَرَّ بَطْنُهٗ يَقُوْلُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاللّٰهِ لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا ☆ وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
فَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا ☆ وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَّاقَيْنَا
اِنَّ الْاُوْلٰى قَدْبَغَوْا عَلَيْنَا ☆ اِذَا اَرَادُوْا فِتْنَةً اَبَيْنَا

يَرْفَعُ بِهَا صَوْتَهٗ اَبَيْنَا اَبَيْنَا۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۳۹۹/۷ الحدیث رقم ٤١٠٤ ومسلم فی ۱٤۳۰/۳ الحدیث رقم (۱۲۵-۱۸۰۳) واحمد فی المسند ۳۰۲/٤۔

ترجمہ: حضرت براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خندق کے دن خندق سے مٹی منتقل کر رہے تھے یہاں تک کہ آپ کا پیٹ مبارک بھی مٹی سے آلودہ ہو گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم زبان سے یہ الفاظ فرماتے جا رہے تھے۔ اگر اللہ ہدایت نہ دیتا تو ہم ہدایت نہ پاتے اور نہ ہم صدقہ کرتے اور نہ ہم نماز پڑھتے اے اللہ! اپنا سکینہ ہم پر نازل فرما اور اگر دشمن سے ہمارا سامنا ہو تو ہمیں ثابت قدم رکھنا یقیناً پہلوں یعنی کفار نے ہم پر سرکشی کی ہے اور انہوں نے جب ہمیں فتنے میں ڈالنا چاہا تو ہم نے اس سے انکار کر دیا اور یہ لفظ (ابینک) بار بار اور بلند آواز سے فرماتے۔ (بخاری، مسلم)

وَاللّٰهِ لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا ☆ وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
فَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا ☆ وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَّاقَيْنَا
اِنَّ الْاُوْلٰى قَدْبَغَوْا عَلَيْنَا ☆ اِذَا اَرَادُوْا فِتْنَةً اَبَيْنَا

تشریح: یقول: اس جملہ کی ترکیب میں تین احتمال ہیں:

۱ یہ جملہ مستانفہ ہے۔ **۲** یہ جملہ بدل ہے، اور مبدل منہ "ینقل" ہے۔ **۳** ینقل کی ضمیر سے حال ہے۔

واللہ: یہ واؤ قسمیہ ہے۔

لو لا اللّٰه: یہ عبارت حذف مضاف کے ساتھ ہے۔ أی لو لا هداية اللّٰه . أو لو لا فضله بأ ن هدانا

واضح رہے کہ یہ تمام اشعار مختلف آیات سے مقتبس ہیں۔

۱ والله لو لا الله ما اهتدينا:

مذکورہ بالا شعر اس آیت کریمہ سے مقتبس ہے: ﴿وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ﴾ [الاعراف: ۴۳]

۲ فانزلن سكينة علينا:

یہ مصرع اللہ جل شانہ کے اس ارشاد گرامی سے اقتباس ہے: ﴿فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ [الفتح: ۲۶]

۳ وثبت الأ قدام ان لاقينا :

یہ اللہ جل شانہ کے اس فرمان سے ماخوذ ہے: ﴿وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ﴾ [البقرۃ۔ ۲۵۰]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اصل زندگی آخرت کی ہے

۴۷۹۳: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ جَعَلَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ يَحْفِرُوْنَ الْخَنْدَقَ وَيَنْقُلُوْنَ التُّرَابَ وَ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْ مُحَمَّدًا عَلٰى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا اَبَدًا يَقُوْلُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُجِيْبُهُمُ اللّٰهُمَّ لَاعَيْشَ اِلَّاعَيْشُ الْاٰخِرَةِ فَاغْفِرِ الْاَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَةِ ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ٤٦/٦ الحدیث رقم ٢٨٣٥ و مسلم فی ١٤٣٢/٣ الحدیث رقم (١٣٠-١٨٠٥)

واحمد فی المسند ١٧٢/٣۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مہاجرین وانصار خندق کھود رہے تھے اور اس کی مٹی کو منتقل کر رہے تھے اور زبان پر یہ کلمات تھے: نَحْنُ الَّذِيْنَ یعنی ہم ہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جہاد پر بیعت کی ہے اور یہ اس وقت تک کے لئے ہے جب تک ہم زندہ ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو جواب دیتے ہوئے فرماتے اے اللہ اصل زندگی تو آخرت کی زندگی ہے پس تو انصار مہاجرین کی بخشش فرما۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: قوله: ان الأولى قد يغوا علينا: الأولى :

الف مقصورہ کے ساتھ ہے ''أولاء'' میں ایک لغت ہے۔ اس میں اشارہ ہے اہل مکہ اور ان احزاب کی طرف جو اہل مکہ کے ہم خیال تھے۔ قوبغوا علينا: یعنی انہوں نے تکبیر کیا' تجبر کیا' اور ہم پر ظلم وزیادتی کی' اور اس کا سبب اگلے جملہ میں بیان فرمایا گیا ہے اور ''فتنہ'' سے یہاں یہ تمام معانی مراد لئے جا سکتے ہیں: ☆ شرک ☆ قتل ☆ لوٹ مار ☆ ہمیں گمراہ کرنا ☆ ہمیں وہ اپنی ملت میں لوٹانا چاہتے ہیں۔ اس مصرع میں اللہ جل شانہ کے اس فرمان گرامی کی طرف اشارہ ہے: ﴿اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ اَعْدَآءً وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ﴾ [الممتحنة:٢]

قوله: يرفع بها صوته أبينا أبينا: اى فائلا أبينا أبينا ۔

اس کو مکرر ارشاد فرمانا تاکید تلذذ کے لئے تھا' اور دوسرے مسلمانوں کو اور کافروں کو سنانے کے لئے تھا۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں ''بها'' کی ضمیر ''ابیات'' کی طرف راجع ہے۔ اور ''أبينا أبينا'' حال ہے۔ اى خصوصا أبينا أبينا۔ اور ایک احتمال یہ ہے کہ مفعول مطلق ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ ''بها'' کی ضمیر مبہم ہو' اور ''انبیاء'' اس کی تفسیر ہو۔ جیسا کہ یہ ارشاد گرامی: ﴿كبرت كلمة تخرج من أفواهم﴾ [الكهف۔٥]

نَحْنُ الَّذِيْنَ بَايَعُوْا مُحَمَّداً ☆ عَلَى الْجِهَادِ مَا بَقِيْنَا اَبَدًا

''ہم وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنی زندگی کی آخری سانس تک جہاد کرتے رہنے کے لئے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی ہے''۔

اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے اس رجز کے جواب میں یہ دعا فرماتے جاتے تھے کہ اے اللہ! زندگی تو بس آخرت کی زندگی ہے تو انصار ومہاجرین کو بخش دے''۔ (بخاری ومسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الخندق بایعو: مبایعة مصدر سے فعل ماضی کا صیغہ ہے۔

بقینا: قاف کے کسرہ کے ساتھ ای ما عشنا۔

فاغفر: استر کے معنی کو متضمن ہے۔

الآخرة: ھائے ساکنہ برائے وقف، کے ساتھ ہے۔ایک نسخہ میں تائے مکسورہ کے ساتھ ہے۔

الانصار: ایک نسخہ میں ''للانصار'' ہے،اس صورت میں نقل حرکت کے ساتھ پڑھا جائے گا،تاکہ وزن سلامت رہے۔

المهاجرة: کے آخر میں تاء برائے جمع ہے۔''مہاجرہ'' سے مراد مہاجرین کی جماعت ہے۔

یقول النبی ﷺ: جملہ مستانفہ ہے۔سوال مقدر یہ تھا: فما کان یقول؟.

وھو یجیب: قول اور مقولہ کے درمیان واقع یہ جملہ حالیہ معترضہ ہے۔

اشعار کی تشریح:

آنحضرت ﷺ گویا ان دعائیہ الفاظ کے ذریعہ صحابہؓ کو تسلی دیتے تھے کہ تمہیں اس موقع پر جو محنت ومشقت برداشت کرنا پڑ رہی ہے اور تم جن سخت حالات سے دوچار ہو ان پر صبر کرو اللہ تعالیٰ کا انعام تمہارے لئے مقدر ہے اور اس دنیا میں تمہیں راحت و سکون ملے یا نہ ملے لیکن آخرت کی زندگی میں تمہیں اپنی اس محنت ومشقت کے عوض بے شمار انعامات ملیں گے نیز اصل انعامات آخرت ہی کے ہیں بایں طور کہ زندگی بس آخرت ہی کی زندگی ہے جو ہمیشہ باقی رہنے والی ہے جب کہ اس دنیا کی کیا راحت و کیا مصیبت سب کو آخر کار معدوم ہو جانا ہے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:[وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ﴾ [آل عمران ۱۸۵]۔

اول تو سردی کا موسم، پھر بھوک پیاس سے دوچار اور اوپر سے سنگلاخ زمین کا کھودنا بڑا سخت مرحلہ تھا،مگر اس موقع پر بڑے صبر وضبط کے ساتھ حضرات صحابہ، سرور دو عالم ﷺ کے ساتھ خندق کھودنے میں لگے ہوئے تھے، اس موقع پر ان کی محنت ومشقت اور بھوک کی حالت کو دیکھ کر حضور اقدس ﷺ یہ پڑھتے تھے۔اے اللہ! بلاشبہ زندگی بس آخرت ہی کی ہے، پس تو بخش دے انصار اور مہاجرین کو اس شعر کے پڑھنے کا مقصد یہ تھا کہ حضرات صحابہؓ چند روز تکلیف کی وجہ سے بددل نہ ہوں اور آخرت کی کامیابی کو سامنے رکھ کر کام کرتے رہیں اور اللہ پاک کی رحمت اور مغفرت کے امیدوار رہیں، جب حضور ﷺ اوپر والا شعر پڑھتے تو حضرات انصار ومہاجرینؓ اس کے جواب میں یہ پڑھتے:

نحن الذین بایعوا محمدا
علی الجهاد ما بقینا أبدا

''ہم ہیں جنہوں نے بیعت کی ہے محمد سے کہ جب تک ہم زندہ رہیں ہمیشہ جہاد کرتے رہیں گے۔''

حضرات صحابہ حضورؐ سے وہ شعر سن کر اس کے جواب میں بار بار اپنے مومن اور مجاہد ہونے کا اعلان کرتے تھے، اور ظاہر کرتے تھے کہ یہ بات نہیں ہے کہ صرف اس وقت ہم دشمنوں سے دفاع اور ان سے جنگ کیلئے تیار ہیں، بلکہ عمر بھر ہمیشہ جہاد کرتے رہیں گے۔اسلام قبول کر کے ہم اسلام کی بقاء اور احیاء کیلئے جہاد کرنے پر مضبوط ارادوں اور عزم محکم کے ساتھ تیار ہیں،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ حضرت انسؓ کی روایت ہے کہ حضور ﷺ پہلے مذکورہ بالا شعر پڑھتے تھے پھر اس کے جواب میں حضرات صحابہ شعر پڑھتے تھے۔ لیکن ان کی دوسری روایت میں ہے کہ حضرات مہاجرین اور انصار مدینہ منورہ کے گرد خندق کھود رہے تھے اور اپنی کمروں پر مٹی ڈھو رہے تھے۔ اور یہ شعر پڑھتے جاتے تھے:

نحن الذين بايعوا محمدا
على الجهاد ما بقينا أبدا

اور حضور اقدس ان کے جواب میں یہ فرماتے تھے:

اللهم لا عيش الا عيش الآخرة
فاغفر الأنصار والمهاجرة

''اے اللہ بے شک بات یہ ہے کہ کوئی چیز نہیں سوائے آخرت کی زندگی کے پس تو برکت فرما دے مہاجرین میں اور انصار میں۔''

درحقیقت یہ کوئی اختلاف نہیں ہے، کیونکہ طرفین سے جواب اور جواب الجواب میں شعر پڑھے جا رہے تھے اور برابر عمل جاری تھا اس لئے یہ کہنا بھی درست ہے کہ حضور اقدس نے اُن کے جواب میں پڑھا اور یہ بھی درست ہے کہ حضرات صحابہؓ نے آپؐ کے جواب میں پڑھا۔ حضور اقدس کبھی '' ان العيش عيش الآخرة ''فرماتے اور کبھی '' لا خير الا خير الاخرة'' فرماتے تھے۔

اس طرح بعض نسخوں میں ہے کہ حضرات صحابہؓ کے شعر ''نحن الذين'' کے دوسرے مصرع میں ''على الجهاد'' کے بجائے ''على الاسلام'' وارد ہوا ہے، ہوسکتا ہے کہ حضرات صحابہؓ نے کبھی یہ کہا ہو اور کبھی وہ کہا ہو اور رواۃ کی یادداشت کا اختلاف بھی ہوسکتا ہے۔

خراب اشعار کی مذمت

۴۷۹۴: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ رَجُلٍ قَيْحًا يَرِيَهُ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ يَمْتَلِئَ شِعْرًا۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۰/۵٤۸ الحديث رقم ٦١٥٥ ومسلم فی ٤/٧٦٩ الحديث رقم (٧-٢٢٥٧) وابوداؤد فی السنن ٥/٢٧٦ الحديث رقم ٥٠٠٩، والترمذی فی ٥/١٢٩ الحديث رقم ٢٨٥١ و ابن ماجه فی ٢/١٢٣٦ الحديث رقم ٣٧٥٩، والدارمی فی ٢/٣٨٤ الحديث رقم ٢٧٠٥، واحمد فی المسند ١/١٧٥۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ کسی آدمی کے پیٹ کا پیپ سے بھر جانا جس سے ہو گندا ہو جائے وہ اس سے بہتر ہے کہ اس کا پیٹ شعروں سے بھرا ہوا ہو۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: اگر یہ زئة سے مشتق ہو تو مطلب ہوگا پھیپھڑوں کی بیماری۔

یریه: پہلی باء کے فتحہ راء کے کسرہ اور دوسری ہاء کے سکون کے ساتھ۔ ''وری'' سے ماخوذ ہے۔ پیٹ کی ایک بیماری ہے جو پیٹ کو خراب کر دیتی ہے مطلب یہ ہے کہ یہ انسان کے پیٹ کو گلا دے اور خراب کر دے۔ بعض نے کہا ہے کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پیپ اس کے پھیپھڑوں تک پہنچ جائے اور ان کو خراب کر دے۔

قیحا: تمیز ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ ''قیح'': سے مراد پیپ، خون اور نجاست ہے۔

یریہ: یہ جملہ محل نصب میں '' قیحًا'' کی صفت ہے۔

شرح مسلم میں ہے کہ علماء فرماتے ہیں اس حدیث کے ذریعہ ایسی شاعری کی مذمت کی گئی ہے جو انسان پر اس قدر غالب آجائے کہ انسان تلاوت قرآن وغیرہ علوم شرعیہ اور اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل ہو جائے یہ اشعار مذموم ہیں۔ خواہ وہ اشعار کسی بھی طرح کے ہوں وگرنہ تو تھوڑے سے اشعار کا یاد کرنا مضر نہیں' چونکہ اس سے اس کا سینہ شعروں سے بھرا ہوا نہیں ہوگا۔

بعض حضرات کا کہنا ہے اس حدیث میں مذکورہ مذمت ایک خاص فرد کے بارے میں ہے، جیسا کہ فصل ثالث میں آرہا ہے۔ امام سیوطی فرماتے ہیں: کہا گیا ہے کہ یہ مذمت ان اشعار سے متعلق ہے جو آنحضرت ﷺ کی ہجو پر مشتمل ہوں۔ جیسا کہ ایک روایت میں آتا ہے: شعرا هجيت به.

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں بظاہر یہ مذمت مطلقاً ہے۔ اشعار مذمومہ میں ایسے اشعار تو سرفہرست داخل ہیں۔ اور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ذکر خصوصی طور پر کرنے سے مقصود یہ ہے کہ اس قسم کے اشعار، قبیح ترین ہیں۔ یا یہ بتانا مقصود ہے کہ شعر مذموم ہے۔ چونکہ بعض مرتبہ یہ چیز نبی کی ہجو تک پہنچا دیتی ہے۔ وگرنہ امتلاء کی قید لگانے کی ضرورت نہیں، چونکہ شعر کی یہ نوع' ہجو پر مشتمل ہر وہ شعر مذموم ہے جو کسی افتراء یا کسی بھی مسلمان کی ہجو پر مشتمل ہو۔ خواہ سینہ بھرا ہو یا نہ ہو۔

تخریج: امام میرک نے ذکر کیا ہے، اس حدیث کو ابوداؤد، ترمذی اور ابن ماجہ نے بھی روایت کیا ہے۔

جامع صغیر کو میں اس حدیث کا احمد، شیخین اور اصحاب کتب اربعہ سے مروی ہونا مذکور ہے۔

الفصل الثانی:

مؤمن کا زبان سے جہاد

۴۷۹۵: عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ قَالَ لِلنَّبِيِّ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ اَنْزَلَ فِي الشِّعْرِ مَا اَنْزَلَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يُجَاهِدُ بِسَيْفِهٖ وَلِسَانِهٖ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَكَاَنَّمَا تَرْمُوْنَهُمْ بِهٖ نَضْحَ النَّبْلِ (رواه في شرح السنة وفي الانتيعاب الابن عبدالبر انه) قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَاذَا تَرٰى فِي الشِّعْرِ؟ فَقَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ يُجَاهِدُ بِسَيْفِهٖ وَلِسَانِهٖ۔

أخرجه البغوي في شرح السنة ۱۲/۳۷۸ الحديث رقم ۳۴۰۹، واحمد في المسند ۳/۴۵۶۔

ترجمہ: حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے اشعار سے متعلق وہ آیات اتاریں جو اتاریں تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ مؤمن اپنی تلوار اور زبان دونوں سے ہی جہاد کرتا ہے مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کی قبضہ قدرت میں میری جان ہے! گویا تم ان اشعار سے کفار کو تیروں سے مارتے ہو۔ یہ شرح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خیال ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: بلاشبہ مؤمن اپنی تلوار اور زبان سے جنگ کرتا ہے۔

تشریح: **قولہ: عن کعب بن مالك:** واضح ہے کہ بعض نسخوں میں "عن أبیه" لکھا ہوا ہے' یہ خطا فاحش ہے۔ ابن عبدالبر اپنی کتاب "الاستیعاب" میں ابن سیرین سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا:

کہ تین حضرات شعراء اسلام (میں ممتاز اور برتر حیثیت رکھتے) تھے: ① حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ ② عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ ③ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ! حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے اشعار خصوصیت سے ایسے مضامین پر مشتمل ہوتے تھے جو کفار و مشرکین کو جنگ و جہاد کے خوف میں مبتلا کرتے تھے ابن سیرین فرماتے ہیں' ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ "دوس" نے کعب بن مالک کے اشعار سے خوف زدہ ہو کر اسلام قبول کیا تھا۔

قولہ: لکأنما ترمونهم به نضح النبل: لام زائدہ ہے' تاکید قسم کے لئے لایا گیا ہے۔ اور معنوی اعتبار سے تقدیری عبارت یوں ہے: **والذی نفسی بیده انما ترمو نهم۔**

"به" ضمیر مجرور کا مرجع شعر بھی ہو سکتا ہے اور "لسان" بھی۔

نضح النبل: منصوب ہے، معنوی اعتبار سے تقدیری عبارت گویا یوں ہے: **نضحا مثل نضح النبل** اور امام طیبیؒ لکھتے ہیں: **ای کنضح النبل۔** (یعنی حرف جر مقدر ہے۔) اس لئے کہ "**کان زید الاسد**" کی اصل "**ان زیدا کا لاسد**" ہے۔ اہتمام کے پیش نظر حرف تشبیہ کو مقدم کر دیا گیا۔ اور فصل اس پر دلالت کر رہا ہے قاضیؒ فرماتے ہیں۔ "**نضح النبل**" یہ مستعار ہے نضح الماء سے' اور مطلب یہ ہے: **أن هجاء هم يؤثر فيهم تاثير النبل' وقام قيام الرمي في النكاية بهم** ۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں آنحضرتؐ کے جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ شعر کی مذمت علی الاطلاق نہیں ہے' یہ مذمت ان "**هائمين**" کی ہے جو گمراہی کی وادیوں میں سرگرداں رہتے ہیں۔ جہاں تک بات ہے مؤمن کی سو وہ اس حکم سے خارج ہے چونکہ کفار کے مقابلہ میں کی جانے والی دو تیاریوں لسان و سنان میں سے ایک تیاری یہی ہے' بلکہ یہ اس سے بڑھ کر ہے۔

جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے خود ارشاد فرمایا: **فان أشد عليهم من رشق النبل۔**

شاعر بھی اسی طرف اشارہ کر رہا ہے۔

جرا حات السنان لها التئام ☆ ولا يلتام ماجرح اللسان

حدیث کا حاصل یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے شعر و شاعری کی مذمت میں قرآن کریم کی یہ آیت: ﴿وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ﴾ [الشعراء ۔ ۲۲۴] نازل فرمائی اور کعب بن مالک نے جب یہ سنی تو وہ شعر کہنے سے رک گئے۔ چنانچہ اس پر نبی کریم ﷺ نے ان سے یہ بات ارشاد فرمائی۔ (جس کا حاصل یہ ہے کہ جو شعراء اپنے اشعار کے ذریعہ خدا اور خدا کے رسول ﷺ کی خاطر کفار کا شعری مقابلہ کرتے ہیں اور ان کی ہجو کا جواب ہجو سے دے کر گویا دین اسلام کی تائید کرتے ہیں وہ دراصل جہاد کرنے والوں میں شمار ہوتے ہیں۔ لہٰذا تمہیں اطمینان رکھنا چاہئے کہ نہ تمہارے اشعار اس آیت کی روشنی میں قابل مذمت ہیں اور نہ تم ان شعراء میں داخل ہو جن کی برائی ظاہر کرنے کے لئے یہ آیت نازل فرمائی گئی ہے۔)

تخریج: امام میرکؒ فرماتے ہیں: شرح السنہ میں اس حدیث کو صحیحین کی سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔ البتہ احمد بن منصور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''عالم ثبت'' ہیں۔''استعیاب'' کی روایت کو احمد اور طبرانی نے کعب بن مالک سے ان الفاظ کے ساتھ مرفوعاً نقل کیا ہے:

یجاهد بسیفه ولسانه.

فحش گوئی نفاق کا شعبہ ہے

۴۷۹۶: وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْحَیَاءُ وَالْعِیُّ شُعْبَتَانِ مِنَ الْاِیْمَانِ وَالْبَذَاءُ وَالْبَیَانُ شُعْبَتَانِ مِنَ النِّفَاقِ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٣٢٩ الحدیث رقم ٢٠٢٧، واحمد فی المسند ٥/ ٢٦٩۔

ترجمہ: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت نقل کی ہے کہ حیا اور زبان کو قابو میں رکھنا ایمان کی دو شعبے ہیں اور فحش گوئی اور بکواس نفاق کی دو شعبے ہیں۔ (ترمذی)

تشریح: العی: عین مہملہ کے کسرہ اور یائے تحتیہ مشددہ کے ساتھ' اس کا معنی ہے۔کلام میں عاجز آجانا۔

البذاء: بائے موحدہ کے فتحہ اور ذال معجمہ کے ساتھ' فحش کلام یا خلاف حیاء امور۔

قوله: الحیاء والعی شعبتان من الایمان:

چونکہ ایمان مؤمن کو حیاء پر ابھارتا ہے' پس اللہ تعالیٰ سے حیاء کرتے ہوئے قبیح کاموں کو چھوڑ دیتا ہے۔اور ایمان ہی وہ چیز ہے' جو مؤمن کو کلام کے بارے میں جری ہونے سے روکتا ہے' زبان کی لغزش کے خوف سے۔ چنانچہ یہ دونوں ایمان کے شعبوں میں سے ہیں۔اور حاصل یہ ہے کہ ایمان نہ صرف ان دونوں صفات بلکہ ہر معروف واحسان کی جائے پیدائش ہے۔

عرضِ مرتب:

قوله: الحیاء والعی شعبتان من الایمان: اس کی مزید تشریح حدیث ۵۰۷۶ کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

قوله: والبذاء والبیان شعبتان من النفاق: البیان: الفصاحة الزائدة عن مقدار حاجة الانسان من التعمق فی النطق واظهار التفاصح للتقدم علی الأعیان۔ قاضیؒ فرماتے ہیں: ایمان ابھارتا ہے حیاء پر' اور کلام میں احتیاط سے کام لینے پر چنانچہ ان دونوں کو ایمان میں سے شمار کیا گیا اور ان دونوں کے مخالف کو ''نفاق'' میں سے شمار کیا گیا۔لہٰذا اس بناء پر یہاں ''عی'' سے مراد ہے جو بات میں تامل کرنے اور وبال تحریر کے سبب ہو' نہ کہ زبان کے کسی خلل کی وجہ سے۔اور ''بیان'' سے مراد وہ بیان ہے جس کا سبب اجزاء جراءت طغیان کی عدم پرواہ اور زور وبہتان سے لاپرواہی ہو۔

چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ومن الناس من یعجبك قوله فی الحیوٰة الدنیا ویشهد الله علی ما فی قلبه وهو الد الخصام﴾ [البقرة۔ ٢٠٤] اسنادی حیثیت: امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: حسن غریب لانعرفه الامن حدیث محمد بن مطرف اھ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قیامت میں مُنہ پھٹ و متکبر مجھ سے دُور

۴۷۹۷: وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَحَبَّكُمْ اِلَیَّ وَاَقْرَبَكُمْ مِنِّیْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَحَاسِنُكُمْ اَخْلَاقًا وَاِنَّ اَبْغَضَكُمْ اِلَیَّ وَاَبْعَدَكُمْ مِنِّیْ اَسَاوِيْكُمْ اَخْلَاقًا الثَّرْثَارُوْنَ الْمُتَشَدِّقُوْنَ الْمُتَفَيْهِقُوْنَ۔ (رواه البيهقی فی شعب الايمان)

أخرجه احمد فی المسند ٤/١٩٣، والبيهقی فی شعب الايمان ٤/٢٥٠ الحديث رقم ٤٩٦٩۔

ترجمہ: حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے سب سے زیادہ میرے ہاں پسندیدہ اور قیامت میں سب سے زیادہ قریب وہ لوگ ہوں گے جو تم میں اخلاق کے اعتبار سے اچھے ہیں اور تم میں سب سے زیادہ میرے ہاں مبغوض اور مجھ سے نہایت دور وہ لوگ ہوں گے جو برے اخلاق والے مُنہ پھٹ اور فراخ گو اور متکبر ہیں۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم ثرثارون اور متشدقون کو تو جانتے ہیں؟ المتفیھقون کون ہیں؟ تو آپ نے فرمایا اس سے مراد متکبر لوگ ہیں۔ یہ بیہقی کی روایت ہے۔

تشریح: قوله: ان أحبكم الی واقربكم منی يوم القيامة، أحاسنكم أخلاقا:

عرضِ مرتب:

اس کی تشریح حدیث ۵۰۷۳ کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

قوله: ان ابغضكم الی وأبعد كم منی مساويكم اخلاقا: "اخلاقا": تمیز ہونے کی وجہ منصوب ہے۔ اور جمع کا صیغہ اس لئے ارشاد فرمایا کہ انواع مراد ہیں۔ یا جمع کے مقابلہ میں جمع کی رعایت کے پیش نظر لایا گیا ہے۔

"مساوی": (میم کے فتحہ اور واؤ کے کسرہ کے ساتھ بروزن مسائل) "مسوا" میم کے فتحہ اور واء کے ساتھ۔ کی جمع ہے۔ جیسا کہ محاسن، "محسن" کی جمع ہے۔

"مساوی" میں صیغہ کے اعتبار سے دو احتمال ہیں:

■ مصدر ہے، وصف کے معنی پر محمول ہے۔ ■ اسم مکان ہے۔ أی: محال سوء الأخلاق.

بعض روایات میں "مساويكم" کے بجائے "اساويكم" ہے۔ أساوی، "اسوأ" کی جمع ہے۔ جیسا کہ أحاسن، "أحسن" کی جمع ہے۔ مصابیح کے اصل نسخہ میں بھی یوں ہی ہے۔

الثرثارون: یہ بدل ہے "مساويكم اخلاقا" سے۔ اس ترکیب کے مطابق مطلب یہ ہوگا کہ یہ اوصاف بدترین اخلاق ہیں۔ چونکہ "مبدل" بمنزلہ تمہید و توطیہ ہوتا ہے۔ اور دوسرا ترکیبی احتمال یہ ہے کہ یہ مرفوع علی الذم ہے۔ کہ مبتدا محذوف کی خبر ہے، اس صورت میں یہ مذمت انتہائی شنیع و بلیغ ہو جائے گی۔ صاحب النہایہ لکھتے ہیں: ثرثارون، ثرثرہ سے مشتق ہے، اس کے معنی ہیں: کثرت کلام و تردیدہ۔ چنانچہ "ثرثارون" کا مطلب ہے وہ لوگ جو بکثرت بتکلف، موجد سے بڑھا ہوا فضول کلام کرنے والے ہیں۔ (یعنی واہی تباہی بک بک کرنے والے)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"المتشدقون": اس کے تین معنی ذکر کئے ہیں:

1. غیر محتاط کلام کرنے والے
2. باچھیں موڑ کر لوگوں سے ٹھٹھا اور مذاق کرنے والے۔
3. باچھیں موڑ کر بتکلف کلام کرنے والے۔ یہ "شدق" سے ماخوذ ہے۔ "شدق" کا معنی ہے 'جانب الفم (باچھ' جبڑا) کشادہ ذہن ہونا۔ (چوڑی باچھوں والا ہونا، بڑے جبڑے والا ہوتا)۔

" المتفيهقون": فهق سے مشتق ہے۔ بھر جانا، کشادہ ہونا۔

عرضِ مرتب:

صاحب" المعجم الوسيط" لکھتے ہیں: فهق الاناء والحوض، فهقا و فهقا، اتنا بھرنا کہ بہہ پڑے۔ أفهق الاناء وغيره: بھرنا۔ تفهق الشيء: کھلا ہونا کشادہ ہونا۔ تفهق فلان في الكلام: کھل کر اچھا کلام کرنا۔ تفيهق في كلامه: بڑھا چڑھا کر بات کرنا۔ تفيهق في مشيه: اترا کر چلنا۔ يقال: هو يتفيهق لاعينا بمال غيره. ہمارے سامنے کسی کے مال پر فخر کرتا ہے۔ هو متفهق' الفهيق من كل شيء، کشادہ، مفازة فيهق: لق ودق صحراء۔ الفهقه: گردن کی ہڈی کا سر سے ملا ہوا مہرہ۔ ج: فيهاق. اھ۔

۴۷۹۸ : وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ نَحْوَهُ عَنْ جَابِرٍ وَفِي رِوَايَةٍ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ عَلِمْنَا الثَّرْثَارُوْنَ وَالْمُتَشَدِّقُوْنَ فَمَا الْمُتَفَيْهِقُوْنَ قَالَ الْمُتَكَبِّرُوْنَ۔

أخرجه الترمذي في السنن ٤/ ٣٢٥ الحديث رقم ٢٠١٨۔

اور اسی طرح کی روایت ترمذی نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے بھی نقل کی ہے۔

قوله: وروى الترمذي نحوه عن جابر:

واضح رہے کہ ترمذی کی حدیث جو جابر سے مروی ہے ابوثعلبہ کی حدیث کے ہم معنی ضرور ہے، ہم لفظ نہیں ہے۔ علاوہ ازیں ترمذی کی روایت

میں: مساويكم أخلاقا کے الفاظ نہیں بلکہ "أبعد كم مني مجلسا يوم القيامة الثر ثارون" الخ کے الفاظ ہیں۔ (میرک)

قوله: قد علمنا الترثارون والمتشدقون فما المتفيهقون:

عرضِ مرتب:

اس کی تشریح کیلئے پچھلی حدیث ملاحظہ فرمائیے۔

قوله: قال: المتكبرون:

یعنی وہ لوگ جو اپنے کاموں اور اپنی باتوں میں بڑائی' بزرگی' عظمت وغرور کا اظہار کرتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زبان سے کھانے والوں کا خروج

۴۷۹۹: وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَخْرُجَ قَوْمٌ يَاكُلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ كَمَا تَاْكُلُ الْبَقَرَةُ بِاَلْسِنَتِهَا۔ (رواه احمد)

أخرجه احمد فی المسند ۱/۱۸٤۔

ترجمہ: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک کہ ایسے لوگ نہ نکلیں جو اپنی زبانوں سے اس طرح کھائیں گے جس طرح کہ گائے اپنی زبان سے کھاتی ہے۔ (احمد)

تشریح: البقرۃ: پہلے تینوں حرفوں پر فتحہ ہے۔ (برزن رقبۃ)۔ اور ایک نسخہ میں "الباقرۃ" ہے۔ اس کا معنی ہے گایوں کا ریوڑ۔

امام میرکؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو امام بغوی نے اپنی سند کے ساتھ شرح السنہ میں بھی ذکر کیا ہے۔

تورپشتیؒ فرماتے ہیں: معنی کو سمجھانے کے لئے ایک مثال بیان فرمائی ہے۔ گائے کی یہ حالت ایک جیتی جاگتی زندہ حقیقت ہے۔ جس کا مشاہدہ شب و روز ہم اپنی زندگیوں میں کرتے ہیں۔ چنانچہ ایسی حقیقت "اوقع فی النفس" ہوتی ہے۔ مشاہداتی بات ہے کہ تمام جانور سبزہ اور چارہ اپنے دانتوں سے کھاتے ہیں۔ مگر گائے اپنی زبان سے کھاتی ہے۔

اللہ کی نگاہ میں ناپسندیدہ شخص

۴۸۰۰: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ الْبَلِيْغَ مِنَ الرِّجَالِ الَّذِیْ يَتَخَلَّلُ بِلِسَانِهٖ كَمَا يَتَخَلَّلُ الْبَقَرَةُ بِلِسَانِهَا۔ (رواه الترمذی وابوداؤد وقال هذا حديث غريب)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۲۷٤ الحديث رقم ۵۰۰۵، والترمذی فی ۵/۱۲۹ الحديث رقم ۲۸۵۳، واحمد فی المسند ۲/۱۸۷۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ شخص سخت ناپسندیدہ ہے جو کلام و بیان میں حد سے زیادہ فصاحت و بلاغت کا مظاہرہ کرے اس طرح کہ وہ اپنی زبان کو اس طرح لپیٹ لپیٹ کر باتیں کرے جس طرح گائیں اپنے چارے کو لپیٹ لپیٹ کر جلدی جلدی اپنی زبان کے ذریعہ کھاتی ہیں۔ اس روایت کو ترمذی اور ابوداؤد نے نقل کیا ہے نیز ترمذیؒ نے کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے۔

تشریح: قولہ: ان اللہ یبغض البلیغ من الرجال: "من الرجال" کی قید (احترازی نہیں ہے بلکہ) غالبی ہے۔ کہ یہ صفت عام طور پر مردوں میں پائی جاتی ہے۔

الذی: "البلیغ" کی صفت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یتخلل بلسانه: کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں:

① اس کا پہلا مطلب پچھلی حدیث میں بیان ہو چکا ہے۔

② وہ شخص جو اپنی فصاحت و بلاغت کا بھرپور اظہار کرنے کیلئے اپنی زبان کو اپنے ہونٹوں پر گھمائے۔

لہٰذا اچھا کلام وہی ہے جو:

① بقدر ضرورت ہو۔ ② سیدھا سادہ ہو۔ ③ متکلم کی باطن کی کیفیت کے ہم آہنگ ہو۔ ④ شریعت کے مطابق ہو۔

قوله: كما يتخلل الباقرة بلسانها: الباقرة: سے مراد ''بقرة'' ہے۔ گویا کہ یہاں تاء اس بناء پر داخل کی گئی ہے کہ وہ جنس کا اک فرد ہے۔ جیسا کہ بقرۃ اور بقر میں نسبت ہے۔ اس کا تاء کے ساتھ استعمال قلیل ہے۔

قاضیؒ نے تقریباً وہی فرمائی ہے جو ''یتخلل لسانه'' کے تحت دیگر شراح کے حوالہ سے پچھلی حدیث میں گزری۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں: **شبه ادارة لسانه حول الأسنان والفم حال المتكلم تفاصحا بما تفعل البقرة بلسانها، والباقرة جماعة البقرة.** النہایہ میں لکھتے ہیں: **هو الذى يتشدق فى الكلام، ويفخم به لسانه، ويلفه كما تلف البقرة بلسانها لفا۔** اھ۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔ امام حاکم اپنی تاریخ کی کتاب میں حضرت ابو ہریرہؓ کے حوالہ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں: **ان الله يبغض كل عالم بالدنيا جاهل بالآخرة.**

قینچیوں سے ہونٹ کاٹے جانے والے خطباء

۴۸۰۱: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَرْتُ لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِىْ بِقَوْمٍ تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيْضَ مِنَ النَّارِ فَقُلْتُ يَاجِبْرِئِيْلُ مَنْ هٰؤُلَاءِ قَالَ هٰؤُلَاءِ خُطَبَاءُ اُمَّتِكَ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ مَالَا يَفْعَلُوْنَ ۔(رواه الترمذى وقال هذا حديث غريب)

أحمد فى المسند ۳/۱۸۰۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس رات مجھے معراج کرائی گئی میرا گزر ایسے لوگوں کے پاس سے ہوا جن کے ہونٹ قینچیوں سے کاٹے جا رہے تھے میں نے جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا کہ یہ کون لوگ ہیں؟ تو انہوں نے کہا یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے وہ خطباء ہیں جو کہ وہ بات کہتے ہیں جو نہیں کرتے۔ اس کو ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

تشریح: تقرض: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔ بمعنی تقطع

شفاهم: حرف اول کے کسرہ کے ساتھ یہ شفة، ۔(حرف اول کے فتحہ کے ساتھ) کی جمع ہے۔

مقاريض: مقراض کی جمع ہے۔ بمعنی قینچی۔

قوله: مررت ليلة اسرى بى بقوم تقرض شفاههم بمقاريض من النار: ''ليلة'': ظرف زمان، جملہ کی طرف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مضاف ہونے کی وجہ سے مبنی علی الفتح ہے۔ایک نسخہ میں ''لیلة'' تنوین کے ساتھ ہے،اس صورت میں أسری بی، پورا جملہ محلاً منصوب ہوکر ''لیلة'' کی صفت ہے اور ضمیر عائد محذوف ہے۔ اور تقدیری عبارت یوں ہوگی: أی: لیلة اسری بی فیها.

بقوم: مررت کے متعلق ہے۔

هؤلاء: اسم اشارہ ہے۔یہاں اسم اشارہ لانا برائے تحقیر ہے۔اسی وجہ سے اس کا اعادہ کیا گیا۔

خطباء أمتك سے مراد:

اس سے مراد وہ علماء، واعظین اور شعراء ہیں جو اس آیت: ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ﴾ [الصف:۳] کا مصداق ہیں۔ایک دوسری آیت میں اس طرح کے لوگوں کی مذمت میں یہ الفاظ آئے ہیں: ﴿اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ﴾ [البقرة:٤٤]

زبان آوری کا ایک غلط مقصد

۴۸۰۲: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّمَ صَرْفَ الْكَلَامِ لِيَسْبِيَ بِهِ قُلُوْبَ الرِّجَالِ اَوِ النَّاسِ لَمْ يَقْبَلِ اللّٰهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ٥/٢٧٤ الحديث رقم ٥٠٠٦۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کلام میں ہیر پھیر اس لیے سیکھا تا کہ اس سے لوگوں کے دِلوں کو یا مردوں کے دلوں کو قابو میں رکھے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے فرائض ونوافل کو قبول نہ فرمائے گا۔(ابوداؤد)

تشریح: صرف: اس کے معنی ہیں: فضل (اس کے تین معنی ہیں: ۱: اقتصار سے زائد۔۲: وہ احسان جو ابتداءً بلا علت ہو۔۳: شئے کا بقیہ) یعنی کلام کو مختلف صورتوں میں پیش کرنا یا زیادہ باتیں بنانا اور کلام میں اپنی مرضی سے تصرف کرنا۔صاحب النہایہ لکھتے ہیں: صرف کے معنی ہیں: توبہ یا نافلہ۔اور عدل کے معنی ہیں: فدیہ یا فریضہ۔

لیبی به: بائے موحدہ کے کسرہ کے ساتھ۔اور ضمیر مجرور ''صرف الکلام'' کی طرف عائد ہے۔

قلوب الرجال أو الناس: أو: راوی کے شک کے ظاہر کرتا ہے۔

امام ترمذیؒ، ابن عمرؓ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں: من تعلم علما لغير الله فليتبوأ مقعده من النار.

مذکورہ وعید کا تعلق اس شخص سے ہے جو چرب زبانی کرے ضرورت سے زیادہ باتیں بنائے اپنے مقصد کو اس طرح گھما پھرا کر بیان کرے کہ حقیقت ظاہر نہ ہو سکے یا اپنے کلام کو ضرورت سے زیادہ فصاحت وبلاغت نیز مبالغہ آرائی کے ساتھ آراستہ و مزین کرے اور ان چیزوں کا مقصد محض یہ ہو کہ لوگ اس کی طرف متوجہ ہوں اور اس کی باتوں سے اثر قبول کر کے اس کے مقصد کو پورا کریں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اختصار میں خیر ہے

۴۸۰۳: وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّهٗ قَالَ يَوْمًا وَقَامَ رَجُلٌ فَاَكْثَرَ الْقَوْلَ فَقَالَ عَمْرٌو لَوْ قَصَدَ فِيْ قَوْلِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَهٗ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَقَدْ رَاَيْتُ اَوْ اُمِرْتُ اَنْ اَتَجَوَّزَ فِي الْقَوْلِ فَاِنَّ الْجَوَازَ هُوَ خَيْرٌ ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد في السنن ۵/۲۷۶ الحديث رقم ۵۰۰۸۔

ترجمہ: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن ایک آدمی کھڑا ہوا اور اس نے بہت زیادہ باتیں کیں حضرت عمرؓ نے فرمایا اگر یہ شخص اپنی بات میں میانہ روی اختیار کرتا تو اس کے لئے زیادہ اچھا تھا اس لیے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا میں مناسب سمجھتا ہوں یا مجھے یہ حکم ملا ہے کہ میں بات کو مختصر کیا کروں اس لیے کہ اختصار میں ہی خیر ہے۔ (ابوداؤد)

تشریح: قوله: فان الجواز هو خير: "جواز": جیم کے فتحہ کے ساتھ: قدر کفایت پر اکتفاء کرنا۔

"قصد": تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مطلب یہ ہے کہ اگر وہ کلام میں راہ مستقیم پر گامزن رہتا۔ "قصد" کا معنی ہے افراط وتفریط کے درمیان کی راہ۔

قوله: فقال عمرو: مشکوۃ کے تمام نسخوں میں اسی طرح ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: سنن ابی داؤد اور مصابیح کے بعض نسخوں میں اسی طرح ہے۔ یہ الفاظ طول کلام کے سبب مکرر نقل کئے گئے ہیں۔ "ولو قصد فی قوله: لكان خيرًا له" مقول ہے: "قال يوما" کا اور "قام رجل" حال ہے (اور اس سے پہلے "قد" مقدر ہے)۔ ظاہر ہے کہ حال کی وجہ سے قول ومقول کے درمیان خاصا فرق ہو گیا اس لئے فقال عمرو! دوبارہ کہہ کر گویا قول کا اعادہ کیا۔ اور اس کی نظیر حماسی کا یہ قول ہے:

وان امرءً ا دامت مواثيق عهده
على مثل هذا انه لكريم

"لكريم" پہلے "ان" کی خبر ہے۔ "انه" کا اعادہ طول کلام کی وجہ سے ہے۔

قوله: لقدر رأيت أو أمرت أن تجوز في القول:

"رأيت": یہ بمعنی "علمت" ہے۔

"او": راوی کو شک ہے (کہ ان دونوں میں سے کیا الفاظ ارشاد فرماتے تھے) "أن أتجوز في القول" کا مطلب یہ ہے کہ میں بات جلدی مکمل کروں اور سامع کی مشقت کم کردوں۔ یہ ماخوذ ہے: تجوز في صلاته اى خففو (نماز میں اختصار کرنا) سے۔ اھ۔ ایک شارح فرماتے ہیں کہ "تجوز في القول" اور "الجوار" ان دونوں کا مطلب ہے: الاقتصار (اکتفاء کرنا)۔

اسنادی حیثیت: میرکؒ فرماتے ہیں: اس سند میں محمد بن اسماعیل بن عباس، اپنے والد سے حدیث نقل کر رہے ہیں۔ یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دونوں متکلم فیہ ہیں۔

تخریج: جامع صغیر میں یہ الفاظ آئے ہیں:

لقد أمرت ان اتجوز فی القول، فان الجواز فی القول وهو خیر. رواه ابو داود والبیهقی عن عمرو بن العاص.

بعض کلام وبالِ جان ہے

۴۸۰۴: وَعَنْ صَخْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا وَاِنَّ مِنَ الْعِلْمِ جَهْلًا وَّاِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حُكْمًا وَاِنَّ مِنَ الْقَوْلِ عِيَالًا۔ (رواه ابو داؤد)

أخرجه ابو داؤد فی السنن ۵/۲۷۸ الحدیث رقم ۵۰۱۲۔

ترجمہ: حضرت صخر بن عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے اور وہ صخر کے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ بعض بیان جادو ہیں یعنی جادو کی طرح ہیں اور بعض علم جہالت ہیں اور کچھ شعر حکمت ہیں اور کچھ کلام وبال جان ہیں۔ (ابوداؤد)

راوئ حدیث:

صخر بن عبداللہ۔ یہ صخر بن عبداللہ بن بریدہ ہیں' یہ تابعی ہیں۔ یہ اپنے والد اپنے دادا اور عکرمہ سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے حجاج بن حسان اور عبداللہ بن ثابت نے روایت حدیث کی ہے۔

تشریح: **قوله: ان من البیان سحرا:** اس جملہ پر کلام ماقبل میں گزر چکا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے حدیث: ۴۷۸۳۔

قوله: ان من الشعر حکما:

"حکما" حرف اول کے ضمہ اور ثانی کے سکون کے ساتھ' یہ حکمت کا ہم معنی ہے۔ اس کی دلیل یہ آیت کریمہ ہے: ﴿وآتیناه الحکم صبیا﴾ [مریم - ۱۲] مفسرین نے "الحکم" کی تفسیر "حکمت" کے ساتھ کی ہے۔

قوله: وان من العلم جهلا: اس جملہ کی تشریح، کتاب العلم کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

قوله: وان من القول عیالا:

عیال: حرف اول کے کسرہ کے ساتھ (بروزن رجال) ابوداؤد کے علاوہ کی روایت میں "عیلا"۔ حرف اول کے فتحہ' اور ثانی کے سکون کے ساتھ۔ آیا۔ یعنی بعض قول وکلام متکلم پر بوجھ اور وبال ہوتے ہیں' یا سامع پر' اس وجہ سے کہ اس کو اس بات کا (پہلے سے) علم ہوتا ہے' یا وہ جاہل ہوتا ہے (اس لئے) اس کو سمجھ نہیں پاتا) صاحب النہایہ فرماتے ہیں: اس کا مطلب یہ ہے کہ اپنی بات اور اپنا کلام ایسے شخص کے سامنے پیش کرنا جس کو اس کی نہ خواہش ہو اور نہ اس کو اس سے سروکار ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: ان من القول عيالا: کے متعلق دو مطالب بیان کئے گئے ہیں:

① کسی شخص نے کوئی ایسی بات کہی جس کی وجہ سے وہ خود کسی آفت میں مبتلا ہو گیا یا جس شخص نے اس بات کو سنا وہ کسی ملال و دل برداشتگی میں مبتلا ہو گیا بایں طور کہ اگر وہ سننے والا جاہل تھا تو وہ بات اس کی سمجھ میں نہیں آئی اور اگر عالم تھا تو اس کے لئے لاحاصل تھا۔

② یا وہ کوئی ایسی بات ہے جس کو سننے والا پسند نہیں کرتا اور اس بات کی وجہ سے اس کو رنج و ملال ہوتا ہے تو ان صورتوں میں یہی کہا جائے گا کہ کہنے والے کا وہ قول و کلام وبال و ملال کا ذریعہ بن گیا ہے۔

اسنادی حیثیت:

امام میرکؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کی سند میں ابوعبیدہ یحی بن واضح الانصاری ہے۔ ابن معین نے ان کی توثیق کی ہے۔ ابوحاتم فرماتے ہیں کہ امام بخاریؒ نے ان کو ضعفاء میں داخل کیا ہے۔ اور ابوحاتمؒ فرماتے ہیں: تحول من هناك۔ اھ۔ اس سلسلہ میں ابوحاتم کو وہم ہوا ہے بلکہ امام بخاریؒ نے ان کی احادیث کو حجت مانا ہے۔

الفصل الثالث:

ایک فرض، رسول اللہ ﷺ کی طرف سے دفاع

۴۸۰۵: عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ لِحَسَّانٍ مِنْبَرًا فِي الْمَسْجِدِ يَقُوْمُ عَلَيْهِ قَآئِمًا يُفَاخِرُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ يُنَافِحُ وَيَقُوْلُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ حَسَّانَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ مَانَا فَحَ اَوْ فَاخَرَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ۔

أخرجه ابوداؤد في السنن ۲۸۰/۵ الحديث رقم ۵۰۱۵، والترمذي في ۱۲۶/۵ الحديث رقم ۲۸۴۶، واحمد في المسند ۷۲/۶۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ حضرت حسان کے لئے مسجد میں منبر رکھواتے اور حسان اس پر کھڑے ہو کر رسول اللہ ﷺ کی طرف سے فخریہ اشعار کہتے یا رسول اللہ ﷺ کی طرف سے دفاع کرتے اور رسول اللہ ﷺ فرماتے کہ اللہ تعالیٰ حسان کی جبرئیل امین سے مدد فرماتے ہیں جب تک کہ وہ اس کے رسول ﷺ کی طرف سے دفاع کرتے ہیں۔ (بخاری)

تشریح: قوله: يقوم عليه قائما:

"قائما" قياماً کے معنی میں ہے۔ چنانچہ "مفصل" میں لکھتے ہیں: کبھی مصدر اسم فاعل کے وزن پر بھی آتا ہے، جیسے قمت قائما۔

قوله: يفاخر عن رسول الله أو ينافح:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أوينافح: "او" برائے شک ہے۔ برائے تنویع بھی ہوسکتا ہے۔ شمائل کی روایت کے الفاظ "اوقال" ای الراوی سے پہلے معنی کی تائید ہورہی ہے۔ اور ایک نسخہ میں "أوقالت" ہے۔ "ینافح" کے معنی کی وضاحت حدیث: ۴۷۹۱ کے تحت گزر چکی ہے۔

قوله: ان الله يؤيد حسان بروح القدس مانا فح أو فاخر عن رسول الله ﷺ:

"حسان": شمائل کے بعض نسخوں میں "حسانا" ہے۔

القدس: کی وضاحت حدیث: ۴۷۸۹ کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

ما نافح أوفاخر: اور شمائل میں یوں ہے: ماينا فح أو يفاخر۔ "ما" بمعنی "مادام" ہے۔

اے انجشہ! شیشے کی بوتلیں مت توڑو

۴۸۰۶: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَادٍ يُقَالُ لَهٗ اَنْجَشَةُ وَكَانَ حَسَنَ الصَّوْتِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُوَيْدَكَ يَا اَنْجَشَةُ لَا تَكْسِرِ الْقَوَارِيْرَ قَالَ قَتَادَةُ يَعْنِيْ ضَعْفَةَ النِّسَآءِ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۵۹۴/۱۰ الحديث رقم ۶۲۱۱ و مسلم فی صحيحه ۱۸۱۲/۴ والدارمی فی ۳۸۲/۲ الحديث رقم ۲۷۰۱، واحمد فی المسند ۲۷۰۱۔

ترجمہ: انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کا ایک حدی خواں تھا جس کو انجشہ کہا جاتا تھا جو کہ بہت خوبصورت آواز والا تھا آپ ﷺ نے اسے فرمایا: اے انجشہ! اونٹوں کو ذرا آہستہ چلنے دو اور شیشے کی بوتلوں کو مت توڑو۔ قتادہ کہتے ہیں کہ اس سے مراد عورتیں تھیں۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: قوله: كان النبی ﷺ حاد يقال له انجشة:

حاد: اسم فاعل کا صیغہ ہے۔ یہ ماخوذ ہے حدا الابل وبها، حدوا وحداء وحداء زجرها وساقها سے اس کا معنی ہے اونٹ کو ہانکنا اور "حدی" کے ذریعہ چلنے پر اکسانا۔ (ذکرہ صاحب القاموس)

اساس البلاغہ میں لکھتے ہیں: حدا بها اذا عنى بها (کسی بات سے کسی چیز کا قصد وارادہ کرنا)۔

انجشة: ہمزہ کے فتحہ، نون کے سکون، جیم اور شین معجمہ دونوں کے فتحہ کے ساتھ (بروزن حنظله). رسول اللہ ﷺ کے غلام تھے۔ [علی مافی قاموس]

امام سیوطیؒ فرماتے ہیں: انجشہ کی کنیت "ابو ماریۃ" تھی۔ حبشی تھے، رسول اللہ ﷺ کے غلام تھے۔

"حدی" کے بارے میں مظاہر حق" میں لکھتے ہیں: "حدی" صراح کے مطابق اس بلند آواز گانے کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ اونٹوں کو ہانکا جاتا ہے۔ لغت کی بعض دوسری کتابوں میں یہ لکھا ہے کہ حدی، عرب شتربانوں کے نغمہ کو کہتے ہیں۔ چنانچہ عرب میں دستور ہے کہ شتربان اونٹ ہانکنے والا جب یہ دیکھتا ہے کہ اس کا اونٹ تھک گیا ہے یا اس کی چال سست ہوگئی ہے تو وہ بلند آواز اور خوش گوئی کے ساتھ گانے لگتا ہے اس گانے کی آواز گویا اونٹ میں چستی وگرمی پیدا کردیتی ہے جس سے وہ تیز رفتاری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ساتھ چلنے لگتا ہے کتابوں میں لکھا ہے کہ حدی جو گانے ہی کی ایک قسم ہے مباح ہے اور اس کے بارے میں علماء میں سے کسی کا کوئی اختلافی قول نہیں ہے۔اھ۔

"قوارير": قارورة کی جمع ہے جس کا معنی "زجاجة" (شیشہ کا ٹکڑا' شیشہ کا برتن) ہے عورتوں کو شیشہ سے تعبیر کیا گیا ہے' چونکہ عورتوں میں رقت ولطافت ہوتی ہے اور فطری طور پر کمزور ہوتی ہیں۔

اس ارشاد گرامی کا مطلب یہ ہے کہ عورتوں کے بدن میں جو فطری نزاکت وکمزوری ہوتی ہے اس کی بنا پر اونٹوں کا تیز چلنا اور ہچکولے لگنا ان کے سخت تعب وتکلیف کا موجب بن جاتا ہے لہٰذا آنحضرت ﷺ نے اپنے شتر بان انجشہ رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ اونٹ کو اتنی تیزی کے ساتھ نہ بھگاؤ کہ اس پر سوار عورتیں ہچکولے کھانے لگیں اور اس کی وجہ سے ان کو تکلیف و پریشانی کا سامنا کرنا پڑے۔میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں یہی معنی زیادہ واضح ہیں۔چونکہ یہ معنی شفقت ورحمت سے ناشی ہیں' جب کہ ذیل کے معنی میں سوءِ ظن ہے' جو منصب نبوت کے شایانِ شان نہیں۔

دوسرا مطلب یہ ہے کہ اس ارشاد گرامی کے ذریعہ لوگوں کے دل کی کمزوری ونرمی کی طرف اشارہ کرنا مقصود تھا یعنی آنحضرت ﷺ نے انجشہ رضی اللہ عنہ کو ہدایت کی کہ اس طرح حدی خوانی نہ کرو جس سے عورتوں کے دل کمزور متاثر ہو جائیں اور تمہارے گانے کی وجہ سے ان کے ذہن ودماغ اور جذبات میں ہلچل پیدا ہو جائے اور وہ کسی برے خیال میں مبتلا ہو جائیں کیونکہ گانے کی خاصیت ہی یہ ہے کہ وہ طبیعت کو بھڑکاتا ہے اور جذبات میں ہلچل مچا دیتا ہے۔اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے کہ کسی برے خیال کا پیدا ہو جانا اور طبیعت ودل کا کسی وسوسے میں مبتلا ہو جانا ایک طبعی چیز ہے جو کسی انسان کے اختیار کی پابند نہیں ہے لہٰذا آنحضرت ﷺ نے اس کو مناسب سمجھا کہ احتیاط کی راہ ظاہر فرما دیں کہ بہرصورت احتیاط کی راہ اختیار کرنا ہی بہتر اور اولیٰ ہے۔

قوله: قال قتادة يعني بالقوارير ضعفة النساء: ضعفة النساء: میں اضافة الصفة الى الموصوف ہے۔ (اصل کے اعتبار سے" النساء الضعفة "تھا)۔

قوله: رويدك يا انجشة لاتكسر القوارير: "رويدك": مصدر ہے: منصوب ہے چونکہ مفعول مطلق ہے۔فعل ناصب مقدر ہے،اور کاف محل جر میں ہے۔رويدك معنوی اعتبار سے" أمهل امهالك" کی طرح ہے۔اسی قبیل سے یہ آیت ہے:﴿امهلهم رويدا﴾ [الطلاق۔۱۷] بعض حضرات کا کہنا ہے کہ "رويد" اسم فعل ہے،اور کاف حرف خطاب ہے۔

"لا تكسر": جواب امر ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے۔

اچھا شعر اچھا کلام، بُرا شعر بُرا کلام

۴۸۰۷: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ ذُكِرَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشِّعْرُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ كَلَامٌ فَحَسَنُهُ حَسَنٌ وَقَبِيْحُهُ قَبِيْحٌ۔ (رواه الدار قطنی)

أخرجه الدارقطني في السنن ٤/١٥٥ الحديث رقم ٢/من باب الخير الواحد يوجب العمل۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اشعار کا تذکرہ کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ کلام ہے چنانچہ اچھا شعر اچھا کلام ہے اور برا شعر برا کلام ہے۔

۴۸۰۸ :وَرَوَى الشَّافِعِيُّ عَنْ عُرْوَةَ مُرْسَلاً۔

اس روایت کو شافعی نے عروہ سے بطریق ارسال نقل کیا۔

تشریح: حدیث اگرچہ مرسل ہے مگر کوئی حرج کی کوئی بات نہیں، چونکہ جمہور کے نزدیک مرسل بھی حجت ہے۔ رہی بات امام شافعیؒ کی تو ان کے ہاں بھی مرسل حجت ہے بشرط اعتضاد، اور ماقبل میں یہ روایت متعدد اسانید کے ساتھ گزر چکی ہے۔

اِس شیطان کو پکڑ لو

۴۸۰۹ :وَ عَنِ اَبِیْ سَعِیْدِ نِالْخُدْرِیِّ قَالَ بَیْنَا نَحْنُ نَسِیْرُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعَرْجِ اِعْرَضَ شَاعِرٌ يُنْشِدُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذُوْا الشَّيْطَانَ اَوْ اَمْسِكُوْ الشَّيْطَانَ لَاَنْ يَمْتَلِئَ جَوْفُ رَجُلٍ قَيْحًا خَيْرٌ لَهٗ مِنْ اَنْ يَّمْتَلِئَ شِعْرًا۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ٤/١٧٦٩ الحدیث رقم (٩-٢٢٥٩) واحمد فی المسند ٣/٨۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم مقام عرج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے تو جانب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس شیطان کو پکڑ لو یا یہ فرمایا اس شیطان کو تھام لو۔ کسی آدمی کے پیٹ کا پیپ سے بھرا ہوا ہونا اس سے بہتر ہے کہ وہ شعر سے بھرا ہوا ہو۔ (مسلم)

تشریح: بالعرج: امام نوویؒ فرماتے ہیں: ''عرج'' عین مہملہ کے فتحہ' راء کے سکون اور جیم کے ساتھ ہے۔ مدینہ سے تقریباً ۷۸ میل کے فاصلہ پر واقع بہت بڑی بستی ہے۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں: عرج۔ فتحہ کے ساتھ۔ (نام کی بہت سی جگہیں ہیں۔) یمن کا شہر ہے' حجاز کی ایک وادی کا نام بھی عرج ہے۔، بلاد ہذیل میں اک جگہ ''عرج'' کے نام سے موسوم ہے' اور مکہ کے راستے میں واقع ایک منزل کا نام عرج ہے۔

ینشد: از باب افعال ہے۔

قوله: خذ والیشطان أو أمسکوا الشیطان: راوی کو شک ہے کہ کیا الفاظ ارشاد فرماتے تھے۔

شاعر کو شیطان کہنے کی وجہ:

جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو دیکھا کہ وہ شعر پڑھنے میں بری طرح مشغول ہے یہاں تک کہ اس کو وہاں موجود مسلمانوں کی طرف بھی کوئی التفات نہیں ہے بلکہ ایک طرح سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام مسلمانوں سے صرفِ نظر کئے ہوئے بے محابا چلا جا رہا ہے اور اس کو شوق شعر و شاعری نے اس درجہ بے باک بنا دیا ہے کہ وہ انسانی اور اخلاقی تقاضوں اور آدابِ زندگی تک کو فراموش کر بیٹھا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ اس کے رگ و پے میں صرف شعر و شاعری ہی سرایت کئے ہوئے ہے اور وہ پرلے درجے کا بے حیا و بے ادب بن گیا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو شیطان فرمایا (جس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ تھی کہ یہ شخص

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رحمت الٰہی اور قرب خداوندی سے بعد اختیار کئے ہوئے ہے اور ظاہر ہے کہ اس سے صورتِ حال کا صدور محض اس لئے ہوا کہ وہ اپنی شعروشاعری کے غرور ونخوت میں مبتلا تھا اس لئے آپ ﷺ نے شعر کی مذمت کی۔)

گانا دِل میں نفاق پیدا کرتا ہے

۴۸۱۰: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْغِنَاءُ يُنْبِتُ النِّفَاقَ فِي الْقَلْبِ كَمَا يُنْبِتُ الْمَاءُ الزَّرْعَ۔ (رواه البيهقي في شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٤/٢٧٩ الحديث رقم ٥١٠٠۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا گانا دل میں اس طرح نفاق کو پیدا کرتا ہے جس طرح پانی کھیتی کو اگاتا ہے۔ اس روایت کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے اور دیلمی نے اس روایت کو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اسی طرح نقل کیا ہے کہ غنا اور لہو دِل میں نفاق کو اس طرح پیدا کرتے ہیں جس طرح پانی گھاس کو اگاتا ہے۔ مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے بلاشبہ قرآن اور ذکر دل میں ایمان کو اس طرح پیدا کرتے ہیں جیسے پانی نباتات کو اگاتا ہے۔ (بیہقی، دیلمی)

تشریح: الغناء: غین معجمہ کے کسرہ اور مدّ کے ساتھ۔ بمعنی "تغنّی"۔

راگ اور گانا انسان میں نفاق کے پیدا ہونے کا سبب بنتا ہے یہ آدمی کو نفاق تک لے جاتا ہے۔ لہٰذا گانا نفاق کی جڑ اور نفاق کا شعبہ ہے۔ جیسا کہ ایک اور جگہ فرمایا: البذاء والبيان شعبتان من النفاق. (دیکھئے حدیث: ۴۷۹۶)

شرح السنہ میں لکھتے ہیں: کہا گیا ہے الغناء رقية الزنا (گانا زنا کا منتر ہے۔) امام شافعیؒ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص غناء پر مداومت کرتا ہے، اور اس کے پاس گانے والوں کا سرعام تانتا لگا رہتا ہے، تو یہ سفاہت ہے، اس کے باعث یہ انسان مردود الشہادۃ ہو جائے گا، اور اگر ایسا کم کرتا ہے تو "مردود الشہادۃ" نہیں ہوگا۔

امام نوویؒ "روضہ" میں فرماتے ہیں کہ محض آواز کے ساتھ گانا مکروہ ہے اور اسکا سننا بھی مکروہ ہے، اجنبی عورت سے سننا سخت مکروہ ہے، اور آلات موسیقی جیسے عود (سارنگی) و طنبور (ستار) صنج (جھانجھ) اور گانے بجانے کے دیگر آلات کے ساتھ گانا شرابیوں کا شعار ہے حرام ہے اور اسی طرح تمام "اوتار" بھی حرام ہیں۔ اسکا سننا بھی حرام ہے۔ بانسری کے بارے میں دو قول ہیں: امام نوویؒ نے اس کی حرمت کو راجح قرار دیا ہے، اور غزالی نے اس کو جائز بتلایا ہے۔ اور یہی بات اقرب ہے۔ بانسری سے مراد صرف "زمر" کی بانسری نہیں ہے بلکہ "مزمار عراقی" بھی اسی حکم میں ہے، اور جس کے ذریعہ اور تار بجائے جاتے ہیں وہ بھی بلا خلاف حرام ہیں۔ مزید فرماتے ہیں کہ اصح یہ ہے کہ بانسری حرام ہے، یہ اس مزمارہ (بانسری) کو بھی شامل ہے جس کو "شبابہ" کہا جاتا ہے۔ ابوالقاسم دولقیؒ نے بانسری کی حرمت پر ایک کتاب لکھی ہے جو بڑی عمدہ اور قیمتی مباحث پر مشتمل ہے، اس کتاب میں انہوں نے بانسری کی حرمت پر دلالت میں بہت مبالغہ کیا ہے۔

تخریج: اس روایت کو ابن ابی الدنیا نے ابن مسعود سے "ذم الملاہی" میں نقل کیا ہے۔ لیکن اس روایت میں "الزرع"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے بجائے ''البقل'' کے الفاظ ہیں۔

بانسری کی آواز سے کانوں میں اُنگلیاں

۴۸۱۱: وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ فِيْ طَرِيْقٍ فَسَمِعَ مِزْمَارًا فَوَضَعَ اِصْبَعَيْهِ فِيْ اُذُنَيْهِ وَنَاءَ عَنِ الطَّرِيْقِ اِلَى الْجَانِبِ الْاٰخِرِ ثُمَّ قَالَ لِيْ بَعْدَ اَنْ بَعُدَ يَا نَافِعُ هَلْ تَسْمَعُ شَيْئًا قُلْتُ لَا فَرَفَعَ اِصْبَعَيْهِ مِنْ اُذُنَيْهِ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ صَوْتَ يَرَاعٍ فَصَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُ قَالَ نَافِعٌ وَكُنْتُ اِذْ ذَاكَ صَغِيْرًا۔ (رواہ احمد وابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد في السنن ۲۲۲/۵ الحديث رقم ٤٩٢٤۔

ترجمہ: حضرت نافعؒ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ سفر میں تھا تو آپ نے باجے کی آواز سن کر کانوں میں انگلیاں ڈال لیں اور راستہ سے دوسری جانب ہٹ گئے پھر دور نکل جانے کے بعد فرمایا اے نافع! کیا تم کوئی چیز سن رہے ہو؟ میں نے کہا نہیں۔ تو انہوں نے اپنی دونوں انگلیاں اپنے دونوں کانوں سے نکال دیں اور پھر فرمانے لگے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جا رہا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بانسری کی آواز سنی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح کیا جیسے میں نے کیا۔ نافع کہتے ہیں کہ میں اس وقت چھوٹا سا تھا۔ (احمد وابوداؤد)

تشریح: ناء: الف کے بعد ہمزہ ہے۔ ای بعد.

ان بعد: پہلے حرف پر فتحہ اور ثانی پر ضمہ ہے۔

یراع: یاء کے فتحہ کے ساتھ۔

قولہ: فسمع صوت یراع فصنع مثل ماصنعت:

''یراع'': یاء کے فتحہ کے ساتھ ''قصب'' (نرکل) فصنع مثل ماصنعت: اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ❶ انہوں نے فقط کانوں میں انگلیاں ڈال لیں تھیں، جس طرح کے میں نے بھی کیا۔ ❷ انہوں نے بالکل اسی طرح کیا تھا کہ جس طرح میں نے کیا راستہ سے ہٹنا، یہ سوال وجواب وغیرہ۔

قال کنت مع رسول: جملہ مستانفہ بیانیہ بھی ہے، اور تعلیلیہ بھی ہے۔

حضرت نافعؒ نے اس روایت کے آخر میں جو یہ واضح کیا ہے کہ میں نے جس واقعہ کا ذکر کیا ہے وہ اس وقت کا ہے جب میں بہت چھوٹا تھا اس سے ان کا مقصد اس بات کو واضح کرنا تھا کہ اس وقت چونکہ میں چھوٹی عمر کا تھا اور شرعی طور پر مکلف نہیں تھا اس لئے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اس آواز کو سننے سے مجھ کو منع نہیں کیا اگر میں شرعی طور پر مکلف ہوتا تو وہ یقیناً مجھ کو یہ ہدایت کرتے کہ ان کی طرح میں بھی اپنے کانوں میں انگلیاں ڈال لوں۔ کسی کو یہ وہم نہ ہونا چاہئے کہ اس آواز میں کراہت تنزیہی تھی اس لئے انہوں نے مجھے اس آواز سے سننے سے منع نہیں کیا بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اس آواز کو سننا مکروہ تحریمی تھا اور مجھے منع نہ کرنے کا تعلق میرے غیر مکلف ہونے سے تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہی یہ بات کہ جب حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنے کانوں میں انگلیاں ڈال لیں تھیں تو راستہ چھوڑ دینے کی کیا ضرورت تھی تو اس کا تعلق کمال تقویٰ اور ورع سے تھا یعنی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے احتیاط وتقویٰ کا تقاضا یہی سمجھا کہ اس راستہ سے ہی ہٹ جائیں ورنہ اگر اس راستہ کو چھوڑ دینا بھی شرعی طور پر ضروری ہوتا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما یقیناً حضرت نافع کو بھی وہ راستہ چھوڑ دینے کا حکم دیتے۔

شرح السنہ میں لکھتے ہیں کہ مزامیر ملاہی اور معازف کی حرمت پر سب کا اتفاق ہے۔ ابن عمرؓ نے جو آواز سنی تھی وہ چرواہوں کی سیٹی کی آواز تھی۔ حدیث میں اس کا ذکر بھی آیا ہے۔ وگرنہ صرف کان بند کرنے پر اکتفاء نہ کرتے بلکہ رد وزجر بھی فرماتے ،بعض علماء نے چرواہوں کی سیٹی کے سلسلہ میں رخصت دی ہے۔ اھ۔ اور شاید کہ وہ بانسری بجانے والا اہل ذمہ میں سے کوئی یہودی تھا' یا نظروں سے کہیں اوجھل تھا۔ فتاویٰ قاضی خان میں لکھا ہے کہ لہو ولعب کی چیزوں یعنی ساز اور باجوں کو سننا حرام اور سخت گناہ ہے کیونکہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے:

استماع الملاهی معصیة' والجلوس علیها فسق' والتلذذبها من الکفر

''باجوں کا سننا گناہ ہے اس پر بیٹھنا فسق ہے اور اس سے لذت وحظ حاصل کرنا کفریات میں سے ہے''۔

انہوں نے یہ بات بطور تشدید کے فرمائی۔

ہاں اگر کسی شخص کے کان میں باجے کی آواز ناگہانی طور پر آجائے تو اس صورت میں کوئی گناہ نہیں۔ لیکن اس پر واجب ہوگا کہ وہ اس بات کی پوری کوشش کرے کہ وہ اس آواز کو سن نہ سکے کیونکہ آنحضرت ﷺ سے منقول ہے کہ آپ ﷺ نے باجے کی آواز سے بچنے کے لئے اپنے کانوں میں انگلیاں ڈال لی تھیں۔ عرب کے ان اشعار کو پڑھنا جن میں فسق' شراب اور غلام کا ذکر ہو مکروہ ہے چونکہ یہ ذکر فواحش ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ حِفْظِ اللِّسَانِ وَالْغِيْبَةِ وَالشَّتْمِ

زبان کی حفاظت' غیبت اور برا کہنے کا بیان

''حفظ اللسان'': میں مصدر کی اضافت اپنے مفعول کی طرف ہے۔ اور مطلب ہے زبان کو لایعنی کلام سے محفوظ رکھنا۔

''غیبة'' اور ''شتم'' کا عطف ''حفظ'' پر ہے۔ یہ عطف تخصیص بعد از تعمیم کے قبیل سے ہے۔

''غیبت'' کی اصطلاحی تعریف: أن تذكر أخاك بما يكره في الغيبة.

کسی شخص کی عدم موجودگی میں اس کے متعلق ایسی باتیں کرنا کہ جس کو اگر وہ سنے تو ناپسند کرے''۔ بشرطیکہ وہ بات اس میں موجود بھی ہو' اگر وہ بات اس میں موجود نہ ہو تو یہ ''بہتان'' ہے۔

''شتم'' کے معنی ہیں: السب واللعن. (گالی دینا' سخت گالی دینا' لعنت کرنا' رسوا کرنا) اس کا تعلق حاضر و غائب، زندہ مردہ سب سے ہے۔

الفصل الاول:

دو چیزوں کی ضمانت پر جنت

۴۸۱۲: عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّضْمَنْ لِيْ مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ اَضْمَنْ لَهُ الْجَنَّةَ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری في صحيحه ۱۱/ ۳۰۸ الحديث رقم ٦٤٧٤۔

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مجھے دو چیزوں کی ضمانت دے میں اس کے لئے جنت کی ضمانت دیتا ہوں ایک وہ چیز جو اس کے جبڑوں کے درمیان ہے اور ایک وہ چیز جو اس کی ٹانگوں کے درمیان ہے۔ (بخاری)

تشریح: من يضمن: ''يضمن'' مجزوم ہے ''من'' جازمہ شرطیہ ہے۔

لحييه: لام کے فتحہ کے ساتھ ''لحی'' کا تثنیہ ہے۔ منبت الاسنان. اور امام طیبیؒ لکھتے ہیں: ''لحييه'' بفتح اللام تثنية لحي' وهما العظمان اللذان ينبت عليهما الأسنان علوا وسفلا۔ (اوپر نیچے کے دونوں جبڑے) أضمن له

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الجنة: اس کے رو مطلب ہو سکتے ہیں: ◄ جنت کی ضمانت سے مراد جنت میں دخولی اولیٰ کی ضمانت ہے۔ ◄ جنت کے درجات کے عالیہ کی ضمانت مراد ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں بعض علماء سے اس کا مطلب یہ منقول ہے کہ جو شخص مجھے اپنی زبان کی حفاظت کی ضمانت دے گا کہ وہ زبان کو شر کے لئے استعمال نہیں کرے گا' اور لایعنی اور مضر و موجب فسق و کفر باتوں سے بچائے گا اور اپنی شرم گاہ کو حفاظت کرنے کی ضمانت دے گا میں اس کو جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔

وفی الباب: ◄ اس حدیث کو احمد اور حاکم نے ابوموسیٰ سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

"من حفظ ما بين فقميه ورجليه دخل الجنة".

الفقم: بالضم والفتح. اللحى. (على ما فى النهاية.)

◄ ترمذی، ابن حبان اور حاکم نے ابو ہریرہؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے، الفاظ یہ ہیں:

"من وقاه الله شرما بين لحييه وشرما بين رجليه دخل الجنة".

◄ بیہقی میں انس سے ان الفاظ کے ساتھ مروی ہے: "من وقى شر لقلقه وقبقبه وذبذبه فقد وجبت له الجنة".

اللقلق: اللسان (زبان) 'القبقب: البطن (پیٹ)

الذبذب: الذكر (مرد کا عضو تناسل)۔ (كذا فى مختصر النهاية للسيوطى)

رضا کا ایک کلمہ بھی بخشش کے لئے کافی ہے

۴۸۱۳: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ لَايُلْقِیْ لَهَا بَالاً يَرْفَعُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَاتٍ وَاِنَّ الْعَبْدَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنْ سَخَطِ اللّٰهِ لَا يُلْقِیْ لَهَا بَالاً يَهْوِیْ بِهَا فِیْ جَهَنَّمَ (رواه البخارى وفى رواية لهما) يَهْوِیْ بِهَا فِی النَّارِ اَبْعَدَ مَابَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ۔

أخرجه البخارى فى صحيحه ٣٠٨/١١ الحديث رقم٦٤٧٧ و مسلم فى ٢٢٩٠/٤ الحديث رقم (٥٠-٢٩٨٨)، والترمذى فى السنن ٤٨٤/٤ الحديث رقم ٢٣١٩ و ابن ماجه فى ١٣١٢/٢ الحديث رقم ٣٩٦٩ و مالك فى الموطا ٩٨٥/٢ الحديث رقم ٥، واحمد فى المسند ٤٦٩/٣۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ انسان بعض اوقات اللہ کی رضا مندی کا کوئی ایسا کلمہ کہہ دیتا ہے جس کا قطعاً اسے خیال بھی نہیں ہوتا مگر اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کے درجات بلند کر دیتے ہیں اور بعض اوقات بندہ اللہ کی ناراضگی کا ایسا کلمہ زبان سے نکال دیتا ہے جس کی طرف اس کا دھیان بھی نہیں ہوتا اور اس کی وجہ سے وہ دوزخ میں اتنا دور جا گرتا ہے جتنا مشرق و مغرب کا فاصلہ ہے۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: قوله: من رضوان الله: "من" بیانیہ ہے۔ (جار مجرور اپنے متعلق سے مل کر) حال ہے کلمہ ہے۔ ای من

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کلام فیہ ضاہ۔ رضوان: راء پر ضمہ وکسرہ دونوں جائز ہیں۔

لا یلقی: یاء کے ضمہ اور قاف کے سکرہ کے ساتھ ہے اور بعض نسخوں میں یاء اور قاف کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ ای لا یری

یرفع اللّٰہ بھا: یہ جملہ مستانفہ ہے۔ موجب کا بیان ہے گویا کہ قائل کا کہنا یوں تھا: ماذا یستحق بعد؟ تو اس کو جواب دیا گیا: یرفع اللّٰہ بھما درجات. اور بعض نسخوں میں یاء کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ اس صورت میں معنی یوں ہوگا: ای لا یجد لھا عظمۃ عندہ و لا یلتفت عاقبتھا عندربہ۔

لا یلقی لھا بالا: یہ جملہ حال ہے "یتکلم" کی ضمیر سے ای یستمع الیھا و لا یجعل قلبہ نحوھا ۔اھ۔ اس حدیث میں اس بات پر ابھارا گیا ہے کہ بات کرتے وقت آدمی تدبر و تفکر سے کام لے۔ اور شرح المشارق میں ہے کہ یہ دونوں کے فتحہ کے ساتھ اور "البال" کے رفع کے ساتھ ہے۔ پس اس صورت میں "البال" یہاں "الحال" کے معنی میں ہے اور ظاہر یہ ہے کہ مصابیح میں بھی اسی طرح ہے۔ چونکہ اس کے شارح زین العرب فرماتے ہیں: یعنی اس کو اس میں کوئی حرج وتعب لاحق نہیں ہوتا اولاً اور نہ اس کا دل اپنی کہی ہوئی بات کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ یا یہ عرب کے قول: "لیس ھذا من بالی أو مما أبالیہ" سے ماخوذ ہے اور مطلب یہ ہے کہ وہ بندہ کسی کلمہ حق کا تکلم کرتا ہے پس اس کو اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل ہو جاتی ہے اور کبھی کسی بری بات کا تکلم کرتا ہے اور اس کو یہ علم نہیں ہوتا کہ یہ کلمہ ایسا ہوگا حالانکہ اللہ تعالیٰ کے ہاں وہ گناہ عظیم ہوتا ہے۔ پس اس شخص کو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اگلے جملہ (وان العبد لیتکلم بالکلمۃ من سخط اللہ) کا مطلب یہی ہے۔ یھوی بھا: واؤ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ ای نحوض ویقع و یسقط۔

یھوی بھا فی النار أبعد: أی ھویا أبعد من البعد الذی بینھما امام طیبیؒ فرماتے ہیں بظاہر یہ مصدر محذوف کی صفت ہے أی ھو یا بلیغا بعید المبتدأ و المنتھی۔

اس ارشاد گرامی کا حاصل اس بات پر متنبہ کرنا ہے کہ زبان پر ہر وقت قابو رکھو اور اس کے معاملہ کو کم اہم نہ سمجھو

تخریج: بخاری کی روایت ہے امام احمدؒ نے بھی نقل کیا ہے۔ دوسری روایت کا شیخین سے مروی ہونا سید جمال الدین نے ذکر کیا ہے۔

جامع صغیر کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: "وان العبد لیتکلم بالکلمۃ ما یتبین فیھا یزل بھا فی النار أبعد ما بین المشرق والمغرب". رواہ احمد والشیخان عنہ۔

مسلمان کا قتل

۴۸۱۴: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَقِتَالُهٗ كُفْرٌ۔ (متفق علیہ)

أخرجہ البخاری فی صحیحہ ۱/۱۱۰ الحدیث رقم ٤٨۔ و مسلم فی ۱/۸۱ الحدیث رقم (١١٦-٦٤)، والترمذی فی السنن ٤/۳۱۱ الحدیث رقم ۱۹۸۳، والنسائی فی ۷/۱۲۱ الحدیث رقم ٤١٠٥ و ابن ماجہ فی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲/۱۲۹۹ الحدیث رقم ۳۹۳۹، واحمد فی المسند ۱/۳۸۵۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کو گالی دینا فسق ہے اور اس کو قتل کرنا کفر ہے۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: سباب: سین کے کسرہ کے ساتھ یہاں مصدر کی اضافت اپنے مفعول کی طرف ہے۔ صاحب النہایہ لکھتے ہیں: السب: الشتم.

یقال: سبه یسبه سبا وسبابا.

الفسوق: اکملؒ فرماتے ہیں: لغوی اعتبار سے ''خروج'' کے ہم معنی اور ہم وزن ہے۔ اور شرعی اعتبار سے '' الخروج عن الطاعة '' کو کہتے ہیں۔

اس حدیث کے مطلب میں شراح کا شدید اختلاف ہے۔

- مسلمان کے ساتھ قتال کرنا اس کے مسلمان ہونے کی وجہ سے، کفر ہے۔ ملا علی قاریؒ نے اس جواب کو دور از کار قرار دیا ہے۔ فرماتے ہیں اس بات کا ضروریاتِ دین میں سے ہونا معلوم ہی ہے۔ اس بات کو بیان کرنے کی قطعاً کوئی حاجت نہیں تھی۔
- کسی مسلمان کے قتل کرنے کو کفر کہنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ کوئی مسلمان اگر کسی مسلمان کو قتل کر دے تو وہ کافر ہو جاتا ہے بلکہ ارشاد کا مقصد اس بات کو نہایت سختی و شدت کے ساتھ بیان کرنا ہے کہ مسلمان کا ناحق خون بہانا انتہائی سنگین جرم ہے اور جو مسلمان اپنے مسلمان بھائی کو قتل کرتا ہے وہ اپنے اسلام کے کامل ہونے کی نفی کرتا ہے۔ گویا یہاں ''کفر'' سے مراد کمال اسلام کی نفی ہے امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس کا وہی مطلب ہے جو اس حدیث میں بیان فرمایا گیا ہے: المسلم من سلم المسلمون یعنی کامل مسلمان وہی ہے جس سے مسلمان محفوظ و مامون رہیں یہ بات طے ہے کہ یہاں ''المسلم'' سے مراد کامل مسلمان ہے کہ اس کا ایمان اس کو حسب استطاعت حقوق کی ادائیگی کراتا ہے پس اس حدیث میں کفر کی طرف نسبت اس کے ایمان کے نقص کی طرف تغلیظاً اشارہ ہے۔ اھ۔ یہ ان کا وہم ہے کہ انہوں نے اس اضافت کو باب اضافۃ المصدر الی فاعلہ سے سمجھا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے جیسا کہ ہم ماقبل میں بیان کر چکے ہیں۔ چونکہ مسلمان کو گالی دینا اور اس سے قتال کرنا دونوں کفر ہیں خواہ وہ کامل الایمان ہو یا نہ ہو۔

شرح السنہ میں لکھتے ہیں: (وہ مسلمان یقیناً کافر ہو جائے گا) جو کسی مسلمان کا خون بہانا بغیر کسی تاویل کے مباح سمجھے اور اسلام کو اس کے لئے ''عاصم'' نہ سمجھے تو یہ ارتداد و کفر ہے۔ چنانچہ ''النہایۃ'' میں لکھتے ہیں: السب الشتم یقال: سبه یسبه سبا وسبابا۔

تخریج:

① اس حدیث کو احمد، ترمذیؒ، نسائی اور ابن ماجہؒ نے ابن مسعودؓ سے نقل کیا ہے۔

② [illegible] سے نقل کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

③ طبرانی نے عبداللہ بن مغفل اور عمرو بن نعمان بن مقرن سے نقل کیا ہے۔

④ دار قطنی نے افراد میں حضرت جابرؓ سے نقل کیا ہے۔

⑤ طبرانی کی ابن مسعودؓ سے مروی ایک روایت میں ان الفاظ کا اضافہ ہے: **وحرمة ماله كحرمة دمه.**

مسلمان کو یا کافر.....! کہنے کا وبال

۴۸۱۵: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا رَجُلٍ قَالَ لِاَخِيْهِ كَافِرٌ فَقَدْ بَاءَ بِهَا اَحَدُهُمَا۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۵۱٤/۱۰ الحدیث رقم ٦١٠٤ و مسلم فی ۷۹/۱ الحدیث رقم (۱۱۱-٦۰) ومالك فی الموطأ ۹۸٤/۲ الحدیث رقم ۱ من کتاب الکلام ، واحمد فی المسند ٤۷/۲ ـ الجامع الصغیر ٥٤/۱ الحدیث رقم ۷۷٦۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے کسی مسلمان کو کہا اے کافر! تو وہ کفران دونوں میں سے ایک کی طرف لوٹے گا۔ (بخاری)

تشریح: قوله: قال لأخيه كافر:

"کافر": کی ترکیب میں دو احتمالات ہیں:

① مبنی علی الضم ہے، چونکہ منادی ہے۔ حرف نداء محذوف ہے۔ (ذکرہ میرک)۔ اس کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے کہ جس میں حرف نداء صراحتاً مذکور ہے۔

② بعض نسخوں میں یہ لفظ تنوین کے ساتھ ہے۔ اس کے مطابق "أنت" یا "هو" مبتداء محذوف کی خبر ہے۔

مطلب یہ ہے کہ ایک شخص نے جو خود مسلمان ہے کسی دوسرے مسلمان کو کافر کہا تو اس کی دو ہی صورتیں ہوں گی ایک تو یہ کہ کہنے والے نے سچ کہا ہو ظاہر ہے کہ اس صورت میں کلمہ کفر کا مستحق وہی شخص ہوگا جس کو کافر کہا گیا ہے اور جو حقیقتاً کافر ہے دوسرے یہ کہ کہنے والے نے جھوٹ کہا ہو یعنی اس نے جس شخص کو کافر کہا ہے ہو حقیقت میں مسلمان ہے اور اس کی طرف کفر کی نسبت سراسر جھوٹ ہے اس صورت میں کہا جائے گا کہ کہنے والا خود کافر ہو گیا تو اس کا مطلب اس کے علاوہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ اس نے ایمان کو کفر سمجھا اور دین اسلام کو باطل جانا۔

اس حدیث کے سلسلے میں امام نوویؒ نے جو کچھ لکھا ہے اس کا ماحصل یہ ہے کہ مذکورہ حدیث کو بعض علماء نے مشکلات میں شمار کیا ہے کیونکہ اس ارشاد گرامی کا جو بظاہر مفہوم ہے اس کو حقیقی مراد قرار نہیں دیا جا سکتا۔ بایں وجہ کہ اہل حق کا مسلک یہ ہے کہ کوئی مسلمان خواہ کتنا ہی بڑا گناہ کیوں نہ کرے جیسے قتل اور زنا وغیرہ اور خواہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو کافر کہنے کا ہی مرتکب کیوں نہ ہو بشرطیکہ وہ دین اسلام کے باطل ہونے کا عقیدہ نہ رکھے تو اس کی طرف کفر کی نسبت نہ کی جائے (جب کہ مذکورہ حدیث کا ظاہری مفہوم یہ ثابت کرتا ہے کہ اگر کوئی مسلمان کسی دوسرے مسلمان کو کافر کہے اور حقیقت میں کافر نہ ہو تو کہنے والا خود کافر ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جائے گا)۔ چنانچہ اسی وجہ سے اس ارشاد گرامی کی مختلف تاویلیں کی جاتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ اس کا محمول وہ شخص ہے جو نہ صرف یہ کہ کسی مسلمان کو کافر کہے۔ بلکہ کسی مسلمان کی طرف کفر کی نسبت کرنے کو حلال و جائز بھی سمجھے اس صورت میں "باء بها" کے معنی یہ ہوں گے کہ کفر خود اس شخص کی طرف تکفیر کی معصیت لوٹتی ہے۔ یعنی جو شخص کسی مسلمان کو کافر کہے گا تو اس کا یہ کہنا اس مسلمان کو تو کوئی نقصان پہنچائے گا نہیں البتہ مسلمان کو کافر کہنے کے گناہ میں خود مبتلا ہوگا اور تیسرے یہ کہ اس ارشاد گرامی کا محمول خوارج ہیں۔ جو مؤمنوں کو کافر کہتے ہیں لیکن یہ تیسری تاویل بہت ضعیف ہے کیونکہ اس تاویل کا مطلب یہ ہوگا کہ خوارج کو کافر قرار دیا جائے جب کہ اکثر علماء امت کے نزدیک زیادہ صحیح اور قابل قبول قول یہ ہے کہ خوارج فرقہ سے تعلق رکھنے والے لوگ گمراہ بے شک ہیں جیسا کہ اہل بدعت۔ مگر ان کو کافر نہیں کہنا چاہئے۔ اگرچہ ملا علی قاری نے وضاحت کی ہے کہ اس تاویل کو ان کے حق میں ضعیف نہیں کہا جائے گا۔ جو نہ صرف اہل سنت والجماعت بلکہ اکثر اونچے درجہ صحابہ کرام تک کے بارے میں نعوذ باللہ کفر کا عقیدہ رکھتے ہیں۔

تخریج: جامع صغیر میں ہے" اذا قال الرجل لأخيه:يا كافر فقد باء بها أحدهما،"اس کو بخاری نے ابو ہریرہ سے نقل کیا ہے۔ احمد اور بخاری نے ابن عمر سے بھی نقل کیا ہے۔

غیر مستحق کو فسق کی تہمت سے خود فاسق ہو جاتا ہے

۴۸۱۶: وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَايَرْمِیْ رَجُلٌ رَجُلاً بِالْفُسُوْقِ وَلَا يَرْمِيْهِ بِالْكُفْرِ اِلَّا ارْتَدَّتْ عَلَيْهِ اِنْ لَّمْ يَكُنْ صَاحِبُهٗ كَذَالِكَ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۰/٤٦٤ الحديث رقم ٦٠٤٥، واحمد فی المسند ٥/١٨١۔

ترجمہ: حضرت ابوذر ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی دوسرے پر فسق و کفر کی تہمت لگاتا ہے تو اگر دوسرا ایسا نہ ہو تو وہ کفر اسی کی طرف لوٹتا ہے۔ (بخاری)

تشریح: اِلَّا ارْتَدَّتْ : کا مطلب یہ ہے کہ فسق یا کفر کی نسبت پر مشتمل وہ جملہ قائل کی طرف یا ان دونوں میں سے کسی ایک طرف کی لوٹتا ہے۔ اگلے جملہ (ان لم يكن صاحبه كذلك) کی روشنی میں واضح ہے۔

مطلب یہ ہے کہ کسی مسلمان کو فاسق کہو اور نہ اس کی طرف کفر کی نسبت کرو۔ کیونکہ اگر کسی شخص نے کسی ایسے مسلمان کو فاسق کہا جو حقیقت میں فاسق نہیں تو وہ کہنے والا خود فاسق ہوگا اسی طرح اگر کسی شخص نے کسی ایسے شخص کو کافر کہا جو حقیقت میں کافر نہیں ہے۔ بلکہ مؤمن ہے تو وہ کہنے والا خود کافر ہو جائے گا جیسا کہ پچھلی حدیث کے ضمن میں بیان کیا گیا ہے۔

۴۸۱۷: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَنْ دَعَا رَجُلاً بِالْكُفْرِ اَوْ قَالَ عَدُوَّ اللّٰهِ وَلَيْسَ كَذَالِكَ اِلَّا حَارَ عَلَيْهِ۔

(متفق عليه)

أخرجه مسلم فی صحيحه ١/٧٩ الحديث رقم (١١٢-٦١) واحمد فی المسند ٥/١٦٦۔

ترجمہ: حضرت ابوذر ؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے کسی سے کہا اے کافر یا اے اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے دشمن حالانکہ وہ شخص اس طرح نہ تھا تو اسی کی طرف لوٹ آئے گا۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله: قال: عدو الله: منصوب على النداء ہے۔ ایک نسخہ میں "عدو اللّٰہ ہے۔ ای هو أو أنت عدوا لله۔

قوله: وليس كذلك: یہ جملہ حالیہ ہے۔ ای والحال انه ليس مثل ماذكر من كونه كافراً و عدو الله۔

حار: حائے مہملہ اور راء کے ساتھ 'ای رجع اليه مانسب اليه ۔ (كذا في النهاية)

"الا حار عليه" کی ترکیب میں دو احتمال ہیں:

① امام طیبیؒ فرماتے ہیں مستثنیٰ منہ محذوف ہے جو جواب شرط پر دلالت کر رہا ہے. ای: من دعا رجلا بالكفر باطلا فلا يلحقه من قوله ذلك شيىء الا الرجوع عليه.

② "من" استفہامیہ ہے۔ استفہام انکاری کے معنی میں ہے. ای: ما يفعل أحد هذه الفعلة في حالة من الأحوال الا في هذه الحالة.

عرضِ مرتب:

اس حدیث کی تشریح کیلئے حدیث: ۴۸۱۴ کو پیش نظر رکھئے۔

گالی کا وبال ابتداء والے پر

۴۸۱۸۔۴۸۱۹: وَعَنْ اَنَسٍ وَاَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْتَبَّانِ مَا قَالَا فَعَلَى الْبَادِیْ مَالَمْ يَعْتَدِ الْمَظْلُوْمُ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٤/٢٠٠٠ الحديث رقم (٦٨-٢٥٨٧) و ابوداؤد في السنن ٤/٢٠٣ الحديث رقم ٤٨٩٤، واحمد في المسند ٢/٢٣٥۔ أخرجه مسلم في صحيحه ٤/٢٠٠٥ الحديث رقم (٨٤-٢٥٩٧)، والترمذي في السنن ٤/٣٢٥ الحديث رقم ٢٠١٩، واحمد في المسند ٢/٣٣٧۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو دو شخص آپس میں گالم گلوچ کرتے ہیں اس کا وبال ابتداء کرنے والے پر ہے جب تک کہ مظلوم زیادتی نہ کرے۔ (بخاری)

تشریح: المستبان: بائے موحدہ کی تشدید کے ساتھ' باب تفاعل سے اسم فاعل کا تثنیہ ہے۔ مبتدا ہے۔ اس کی خبر "ما قالا" ہے (اور "ما قالا" سے پہلے مضاف محذوف ہے۔) ای اثم قولهما۔ "البادی" ھمزہ کے ساتھ' بمعنی "مبتدی"۔

فعلی: فاء اس وجہ سے لائی گئی ہے کہ "ما" شرطیہ ہے یا اس وجہ سے کہ "ما" موصولہ متضمن شرط ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں ممکن ہے کہ "ما" شرطیہ ہو اور فعل البادئ اس کی جزاء ہو۔ یا "ما" موصولہ ہو تو "فعلی البادی" اس کی خبر ہو اور جملہ مسببہ ہو۔

مطلب یہ ہے کہ اگر دو شخص آپس میں گالم گلوچ کرنے لگیں ایک دوسرے کو برا بھلا کہنے لگیں اور ایک دوسرے کے حق میں بدکلامی وسخت گوئی کریں تو اس ساری گالم گلوچ اور برا بھلا کہنے کا گناہ ان دونوں میں سے اس شخص پر ہوگا جس نے گالم گلوچ کی ابتداء کی ہوگی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گالم گلوچ کی ابتدا کرنے والے کو اپنی گالم گلوچ کا گناہ تو ہوگا ہی دوسرے شخص کی گالم گلوچ کا گناہ بھی اس کے نامہ اعمال میں لکھا جائے گا:

- دوسبب ہے: وہ اس مخاصمت کا سبب بنا ہے۔
- اس نے گالم گلوچ کی ابتداء کر کے گویا دوسرے شخص پر ظلم کیا ہے اور اس اعتبار سے وہ ظالم کہلائے گا اور دوسرا شخص مظلوم۔

لیکن یہ اس صورت میں ہے جب کہ ثانی جواب دینے میں زیادتی نہ کرے۔ اگر ثانی حد سے تجاوز کر گیا بایں طور کہ اس کی گالی گلوچ اول کی گالم گلوچ سے بڑھ گئی یا اول نے جو ایذا پہنچائی تھی اس کے جواب میں ثانی نے اس سے بھی زیادہ ایذا پہنچا دی تو اس صورت میں اول کی بہ نسبت ثانی پر زیادہ گناہ ہوگا بعض حضرات نے یہ لکھا ہے کہ جب ثانی تجاوز کرے گا تو گناہ فقط اول پر نہیں رہے گا بلکہ ثانی بھی اس تعدی اور زیادتی کی وجہ سے گنہگار ہوگا ساری بات کا حاصل یہ ہے کہ اس کا مدار تجاوز پر ہے۔

''شرح السنہ'' میں ہے: من أربى الربوا من يسب سبتين بسبّةٍ۔

تخریج: الجامع الصغیر میں یہ الفاظ مروی ہیں: المستبان ما قالا فعلى البادى منهما حتى يعتدى المظلوم (فرماتے ہیں) اس حدیث کو احمد، مسلم، ابوداؤد اور ترمذیؒ نے حضرت انسؓ کا ذکر کئے بغیر صرف حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے۔

احمد نے ایک روایت میں اور امام بخاریؒ نے '' الادب'' میں عیاض بن حمار سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:

المستبان شيطانا ن يتها تران ويتكاذبان.(التهاتر: التعالج فى القول ایک دوسرے پر جھوٹا دعوی کرنا' ایک دوسرے کے خلاف شہادتیں')

صدیق کو لعن طعن جچتی نہیں

۴۸۲۰: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَايَنْبَغِیْ لِصَدِّيْقٍ اَنْ يَكُوْنَ لَعَّانًا۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فى صحيحه ٤/ ٢٠٠٦ الحديث رقم (٨٥-٢٥٩٨) واحمد فى المسند ٦/ ٤٤٨۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ صدیق کے لئے یہ مناسب نہیں کہ وہ لعن طعن کرنے والا ہو۔ (مسلم)

تشریح: الصدیق: صاد مہملہ کے کسرہ، دال مہملہ کے تشدید کی ساتھ بروزن مسکین ''صدیق'' مبالغہ کا صیغہ ہے جس کے معنی ہیں بہت زیادہ سچا۔

''صدیق'' اس شخص کو کہتے ہیں جس کے قول و فعل کے درمیان کوئی تضاد نہ ہو بلکہ پوری یکسانیت و مطابقت ہو۔

صوفیاء کے ہاں صدیقیت ایک مقام ہے جس کا درجہ مقام نبوت کے بعد سب سے اعلیٰ ہے

جیسا کہ قرآن کریم کی آیت: ﴿فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ﴾ سے مفہوم ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہاں صدیق سے مراد ''مؤمن'' ہے' جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے :﴿وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ﴾ [الحدید۔۱۹] اسکی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے: لا ینبغی للمؤمن ان یکون لعانا.(یہ روایت، حدیث:۴۸۴۸ کے تحت آئے گی)۔

حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص صدق وراستی کے وصف سے مزین ہو اور ایسے اونچے مقام پر پہنچ چکا ہو جو مقام نبوت کے بعد سب سے اعلیٰ ہے اور اس اعتبار سے اس کے مرتبہ کو مرتبہ نبوت سے سب سے قریبی نسبت حاصل ہے تو اس کی شان یہ نہیں ہونی چاہئے کہ وہ دوسروں پر لعنت کرتا رہے اور نہ مقام صدیقیت کا مقتضاء ہوسکتا ہے کیونکہ کسی کو لعنت کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس کو رحمت خداوندی اور بارگاہِ الوہیت سے محروم اور بعید قرار دے دیا جائے جب کہ تمام انبیاء کا مقصد ہی یہ رہا ہے کہ وہ مخلوق خدا کو رحمت خداوندی سے بہرہ یاب کریں اور جو بارگاہِ الوہیت سے دور ہو چکے ہیں ان کو قریب تر لائیں۔

اہلسنّت والجماعت کا پسندیدہ شیوہ یہ ہے کہ لعن طعن کو ترک کیا جائے اور کسی بھی شخص کو لعنت نہ کی جائے اگر چہ وہ اس لعنت کا مستحق ہی کیوں نہ ہو کیونکہ جو شخص اپنے قول وفعل کے ذریعہ خدا کے نزدیک خود ملعون قرار دیا جا چکا ہے اس پر لعنت کرنے کی ضرورت ہی کیا باقی رہ جاتی ہے۔لہٰذا کسی ایسے شخص پر لعنت کرنا اپنی زبان کو خواہ مخواہ آلودکرنا ہے۔اس کی لعنت میں اپنا وقت صرف کرنا اپنے وقت کو ضائع کرنا ہے اور یہ کہ اس پر لعن طعن کر کے گویا اپنی جماعت حقہ کے شیوہ ومعمول کے برخلاف عمل کرنا ہے۔البتہ اس کافر پر لعنت کرنے میں کوئی حرج بھی نہیں ہے جس کے بارے میں مخبر صادق کی خبر یا اپنا علم ویقین یہ ہو کہ وہ کفر ہی کی حالت میں مرا ہے۔

لعنت کی دو قسمیں ہیں۔پہلی قسم کا مفہوم یہ ہوتا ہے کہ کسی شخص کو بھلائی سے بالکل محروم اور رحمتِ خداوندی سے کلیتہً دور قرار دینا' اس کو اللہ تعالیٰ کے فضل لامتناہی سے مطلق ناامید کر دینا۔ایسی لعنت صرف کافروں کے لئے مخصوص ہے۔دوسری قسم کی لعنت کا مفہوم یہ ہے کہ کسی ایسے شخص کو رضائے حق اور قرب خداوندی کے مقام سے دور محروم قرار دیا جائے جو ترک اولیٰ واحوط کا مرتکب ہو چنانچہ بعض اعمال واوراد کو ترک کرنے کے سلسلے میں جو لعنت ملامت منقول ہے اور جو بعض صحابہؓ وغیرہ سے بھی نقل کی گئی ہے اس کا تعلق اسی دوسری قسم سے ہے۔

''لعان'': یہ مبالغہ کا صیغہ ہے جس کے معنی ہیں ''بہت زیادہ لعنت کرنے والا'' حدیث میں یہ لفظ صیغہ مبالغہ اس لئے استعمال کیا گیا ہے کہ تھوڑی بہت لعنت کرنے سے بھی اجتناب نادر الوقوع ہے۔چنانچہ ابن الملک نے لکھا ہے کہ اس ارشاد گرامی میں ''لعان'' بصیغہ مبالغہ ذکر ہونا اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ لعنت کرنے کی جو برائی اس حدیث سے واضح ہوتی ہے کہ وہ اس شخص کے حق میں نہیں ہے جس سے ایک دو مرتبہ لعنت کا صدور ہو جائے۔

لعان سفارشی نہ بن سکے گا

۴۸۲۱ :وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللَّعَّانِيْنَ لَا يَكُوْنُوْنَ شُهَدَاءَ وَلَا شُفَعَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (رواہ مسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه مسلم فی صحیحه ٤/ ٢٠٢٤ الحدیث رقم (١٣٩-٢٦٢٣) و ابوداؤد فی السنن ٥/ ٢٦٠ الحدیث رقم ٤٩٨٣ و مالك فی الموطأ ٢/ ٩٨٤ الحدیث رقم ٢من کتاب الکلام واحمد فی المسند ٢/ ٣٤٢۔

ترجمہ: حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو بہت زیادہ لعنت کیا کرتے ہیں وہ قیامت کے دن گواہ اور سفارشی بننے سے محروم رہیں گے۔ (مسلم)

تشریح: "یوم القیامة" یہ دونوں کے لئے ظرف ہے۔

قیامت کے دن امت محمدیہ کے لوگ پچھلی امتوں پر گواہ کی حیثیت سے پیش کئے جائیں گے چنانچہ یہ گواہی دیں گے کہ ان کے رسولوں اور پیغمبروں نے اللہ تعالیٰ کے احکام ان تک پہنچائے تھے اس بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ﴾ [البقرة۔ ١٤٢]

''اور اسی طرح ہم نے تمہیں برگزیدہ امت بنایا تا کہ تم اور لوگوں پر گواہ ہو''۔

قیامت کے دن ایسے گواہ بننے کا اعزاز انہیں بخشا جائے گا جو دوسروں پر لعنت کیا کرتے ہیں' وہ قیامت کے دن درجہ شفاعت سے محروم کر دیئے جائیں گے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''وسط'' سے مراد ''عدل'' ہے' اور لعنت عدالت کو سلب کر لیتی ہے۔

اس طرح نہ کہا جائے لوگ ہلاک ہو گئے

٤٨٢٢: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَالَ الرَّجُلُ هَلَكَ النَّاسُ فَهُوَ اَهْلَكُهُمْ ۔ (رواه مسلم)

أخرجه البخاری فی صحیحه ١٠/ ٤٧٤ الحدیث رقم ٦٠٥٨ و مسلم فی ٤/ ٢٠١١ الحدیث رقم (١٠٠-٢٥٢٦) و ابوداؤد فی السنن ٥/ ١٩٠ الحدیث رقم ٤٧٨٢، والترمذی فی السنن ٤/ ٣٢٨ الحدیث رقم ٢٠٢٥ و مالك فی الموطأ ٢/ ٩٩١ الحدیث رقم ٢١من کتاب الکلام، واحمد فی المسند ٢/ ٤٩٥۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اس طرح کہا لوگ ہلاک ہو گئے تو وہ ان میں سب سے بڑھ کر ہلاک ہونے والا ہے۔ (مسلم)

تشریح: **قوله: فهو أهلكهم**: کاف کے ضمہ کے ساتھ ہے اور فتحہ بھی دیا جاتا ہے۔ چنانچہ ''النہایۃ'' میں ہے: کہ یہ کاف کے فتحہ اور ضمہ کے ساتھ روایت کیا گیا ہے۔ فتحہ کے ساتھ ہو تو فعل ماضی ہو گا اور ضمہ کے ساتھ ہو گا تو صیغۂ افعل ہو گا۔ دونوں میں معنوی فرق آگے آئے گا۔

کسی کی طرف اُخروی ہلاکت کی نسبت نہ کرو۔ لوگوں کو ایسے عقائد و اعمال میں مبتلا دیکھنا جو دین و شریعت کے خلاف ہوں تو ان کی اس حالت پر حسرت و افسوس کا ہونا اور غم خواری کے جذبات کا پیدا ہونا ایک فطری امر بھی ہے اور اخوت اسلامی کا تقاضا بھی اگر وہ شخص اسی حسرت و افسوس اور غم خواری کے جذبات کے تحت ان لوگوں کے بارے میں یہ کہتا ہے کہ وہ لوگ تو ہلاک ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گئے یعنی ان لوگوں نے ایسے عقائد و اعمال کو اختیار کر لیا ہے جو ان کو دوزخ کی آگ میں دھکیل کر رہیں گے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ اس شخص کا یہ کہنا دراصل ان لوگوں کے تئیں ہمدردی وغم خواری کا مظہر ہوگا اور اس کا مطلب یہی سمجھا جائے گا کہ وہ شخص ان لوگوں کے برے احوال سے دل شکستہ ہے اور اس کا قلبی جذبہ یہ ہے کہ کاش وہ لوگ اس حالت میں مبتلا ہو کر اخروی ہلاکت وتباہی کے راستہ کو اختیار نہ کرتے اور جب وہ اس راہ پر پڑ گئے ہیں تو اے کاش اب بھی ان کو ہدایت نصیب ہو جائے اور وہ ابدی ہلاکت وتباہی کے خوف سے راہ راست پر لگ جائیں۔

اگر کوئی شخص محض عیب جوئی حقارت اور ان لوگوں کو رحمت خداوندی سے مایوس کرنے کے لئے اس طرح کے الفاظ زبان سے نکالے تو یہ سخت برا ہوگا۔ اس طرح کہنے والا شخص خود سب سے زیادہ ہلاکت وتباہی میں پڑے گا کیونکہ اس کے ان الفاظ سے یہ سمجھا جائے گا کہ وہ اپنے نفس کی برائی اور اپنے اعمال کے غرور وتکبر میں مبتلا ہو گیا ہے دوسرے لوگوں کو چشم حقارت سے دیکھتا ہے اور ان کو حق تعالیٰ کی رحمت سے ناامید کرتا ہے۔ یہ مطلب اس صورت میں ہوگا جب کہ لفظ اھلکھم کاف کے پیش کے ساتھ یعنی بصیغہ تفضیل ہو۔

اگر یہ لفظ کاف کے زبر کے ساتھ یعنی بصیغہ ماضی ہو جیسا کہ بعض روایتوں میں نقل کیا گیا ہے تو اس صورت میں ترجمہ یہ ہوگا کہ ''اس طرح کہنے والا ان کو ہلاک وبرباد کر دیتا ہے'' اور مطلب یہ ہوگا کہ جب کوئی شخص اپنے مشاہدہ کے مطابق بدعملیوں میں مبتلا لوگوں کے بارے میں اپنی زبان سے یہ الفاظ نکالتا ہے کہ وہ لوگ تو ہلاک وبرباد ہو گئے تو اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ لوگ رحمت خداوندی سے مایوس ہو کر ترک طاعت وعبادت اور ارتکاب معصیت وگناہ میں اور زیادہ مشغول ومنہمک ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ اس طرح کے الفاظ ان گنہگاروں کو شکستہ دل' ناامید اور بے شوق بنا دیتے ہیں جو اپنی بدعملیوں کی وجہ سے گویا دنیا ہی میں خدا کے قہر وجلال میں گرفتار ہوئے ہیں

اسی لئے شریعت کی تعلیم یہ ہے کہ جو لوگ بدعملیوں کی راہ اختیار کئے ہوئے ہوں اور معصیت کے اندھیروں نے جن کو گھیر رکھا ہو انہیں نہایت نرمی اور شفقت ومحبت کے ساتھ تذکیر ونصیحت کی جانی چاہئے اور ان پر سختی کرنا ان سے سخت گوئی وترش روئی سے پیش آنا' ان کے بارے میں دل شکستگی اور مایوسی کے الفاظ اپنی زبان سے نکالنا ان کے حق میں سخت برا بن جاتا ہے۔ وہ ضد اور ہٹ دھرمی میں مبتلا ہو جانے کی وجہ سے راہ راست پر آنے کے بجائے اور زیادہ گمراہی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا جو شخص ان کے بارے میں سخت الفاظ استعمال کرتا ہے اور انہیں ہلاکت وبربادی کی خبر دیتا ہے وہ گویا انہیں ہلاکت وبربادی میں ڈالنے کا خود موجب بنتا ہے۔

اس اعتبار سے کہا جائے گا کہ آنحضرت ﷺ کا مذکورہ ارشاد گرامی اس طرف اشارہ کرتا ہے کہ گنہگار لوگوں کو بھی مغفرت کی بشارت دینا چاہئے۔ ان کے قلب وذہن کو دین وایمان پر پختہ کرنا چاہئے اور انہیں رحمت خداوندی کا امیدوار وطلبگار بنانا چاہئے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دومنہ والا بدترین شخص ہے

۴۸۲۳: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ تَجِدُوْنَ شَرَّ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ذَا الْوَجْهَيْنِ الَّذِيْ يَاْتِيْ هٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ وَهٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۴۷۲/۱۰ الحدیث رقم ۶۰۵۶ و مسلم فی ۱۰۱/۱ الحدیث رقم (۱۶۹-۱۰۵) و ابوداؤد فی السنن ۱۹۰/۵ الحدیث رقم ۴۸۷۱، والترمذی فی ۳۲۹/۴ الحدیث رقم ۲۰۲۶، واحمد فی المسند ۳۸۲/۵۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قیامت کے دن بدترین لوگوں میں اسی شخص کو پاؤ گے جو دومنہ رکھتا ہے جو ایک گروہ کے پاس ایک چہرے سے اور دوسری جماعت کے پاس دوسرے چہرے سے جاتا ہے۔ (بخاری و مسلم)

تخریج: حدیث باب دراصل مختصر ہے، اس حدیث کو احمد اور شیخین نے روایت کیا ہے اور مکمل حدیث یوں ہے:

تشریح: تجدون الناس معادن، خیارهم فی الجاهلیة خیارهم فی الاسلام اذا فقهوا، وتجدون خیر الناس فی هذا الشأن اشدهم لهل کراهیة قبل ان یقع فیه، وتجدون شر الناس یوم القیامة عند الله ذا الوجهین.

چغل خور جنت میں نہ جائے گا

۴۸۲۴: وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ۔

(متفق علیه وفی روایة مسلم نمام)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۵۰۷/۱۰ الحدیث رقم ۶۰۹۴ و مسلم فی ۲۰۱۳/۴ الحدیث رقم (۱۰۵-۲۶۰۷) وابوداؤد فی السنن ۲۶۴/۵ الحدیث رقم ۴۹۸۹، والترمذی فی ۳۰۶/۴ الحدیث رقم ۵۹۷۱، والدارمی فی ۳۸۸/۲ الحدیث رقم ۲۷۱۵ و مالك فی الموطأ ۹۸۹/۲ الحدیث رقم ۱۵، واحمد فی المسند ۳۹۳/۱۔

ترجمہ: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

تشریح: قتات: قاف کے فتحہ پہلی تاء کی تشدید کے ساتھ۔ بمعنی ''نمام'' ''نمیمہ'' کی تعریف یہ ہے: نقل الکلام علی وجه الفساد

ابن الملکؒ فرماتے ہیں یہ (مذمت) اس صورت میں ہے کہ جب یہ اصلاح کے لئے نہ ہو، پس اگر یہ صلاح کی غرض سے ہو تو جائز، چونکہ اس صورت میں (قتات نہیں بلکہ) مصلح ہے چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ ۭ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[النساء: ۱۱۴] ؟؟صاحب النہایہ لکھتے ہیں: ''قتات'' اور'' نمام ''ہم معنی ہیں۔عرب کہتے ہیں: قت الحدیث اذا ذروہ وھیأہ وسواہ(بات بڑھا چڑھا کر مزین کر کے بیان کرنا۔) بعض حضرات'' نمام ''اور'' قتات ''میں یہ فرق بیان کرتے ہیں: النمام:ھو الذی یکون مع القوم یتحدث فیھم وعلیھم.(لوگوں کے ساتھ گھل مل کر باتیں کرنا اور پھر چغلی کھانا۔)والقتات:ھو الذی یتسمع علی القوم وھم لا یعلمون ثم ینم:(لوگوں کی لاعلمی میں ان کی باتیں سن کر چغلی کھانا۔)

سچ کا طلبگار صدیقین میں لکھا جاتا ہے

۴۸۲۵:وَعَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ فَإِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِىْ إِلَى الْبِرِّ وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِىْ إِلَى الْجَنَّةِ وَمَا يَزَالُ الرَّجُلُ يُصَدِّقُ وَيَتَحَرَّى الصِّدْقَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ صِدِّيْقًا وَإِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ فَإِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِىْ إِلَى الْفُجُوْرِ وَإِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِىْ إِلَى النَّارِ وَمَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَكْذِبُ وَيَتَحَرَّى الْكِذْبَ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ كَذَّابًا (متفق علیہ وفی روایۃ لمسلم) قَالَ إِنَّ الصِّدْقَ بِرٌّ وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِىْ إِلَى الْجَنَّةِ وَإِنَّ الْكِذْبَ فُجُوْرٌ وَإِنَّ الْفُجُوْرَ يَهْدِىْ إِلَى النَّارِ۔

أخرجه البخاری فی صحیحه ۲۹۹/۵ الحدیث رقم ۲۶۹۲ و مسلم فی ۲۰۱۱/٤ الحدیث رقم (۱۰۱-۲۶۰۵) واحمد فی المسند ٦/٤٠٣۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سچ کو لازم پکڑو۔کیونکہ سچ نیکی کی طرف راہنمائی کرنے والا ہے اور نیکی جنت میں لے جانے والی ہے جب آدمی ہمیشہ سچ بولتا ہے اور سچائی کا متلاشی رہتا ہے تو اللہ تعالیٰ کے ہاں وہ صدیقین میں لکھ دیا جاتا ہے اور جھوٹ سے گریز کرو۔کیونکہ جھوٹ برائی ہے اور برائی دوزخ کی طرف لے جانے والی ہے انسان جھوٹ بولتا رہتا اور اس کا متلاشی وطلبگار رہتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں کذابین میں لکھا جاتا ہے۔(بخاری،مسلم) مسلم کی روایت میں الفاظ اس طرح ہیں کہ سچائی نیکی ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جانے والی ہے اور جھوٹ برائی ہے اور برائی دوزخ کی طرف لے جانے والی ہے۔

تشریح: قولہ:علیکم بالصدق :ای الزموا الصدق۔ ''صدق'' کی تعریف یہ ہے:ھو الاخبار علی وفق مافی الواقع۔

البر:باء کے کسرہ کے ساتھ۔

الکذب:کاف کے فتحہ اور ذال کے کسرہ کے ساتھ۔ایک نسخہ میں کاف کے کسرہ اور ذال کے سکون کے ساتھ ہے۔پہلا (ضبط) افصح ہے۔

''صدیق'':صاد کے کسرہ اور دال مشدہ کے ساتھ ای مبالغا فی الصدق۔قاموس میں لکھتے ہیں: الصدیق من یتکرر منه الصدق حتی یستحق اسم المبالغة فی الصدق۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفجور: فاء کے ضمہ کے ساتھ۔

صاحب قاموس لکھتے ہیں: فجر فسق، و كذب و كذب وعصى و خالف.

قوله: حتى يكتب اى يثبت ۔اور بعض کا کہنا ہے کہ کتابت سے مراد یہ ہے کہ اس پر یہ حکم لگا دیا جاتا ہے اور ملأ اعلیٰ میں اس کا اظہار کر دیا جاتا ہے اور زمین میں اس بات کا القاء کر دیا جاتا ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: و معنى يكتب هنا يحكم له بذلك ويستحق الوصف بمنزله الصديقين وثوا بهم أوصفة الكذا بين وعقابهم ۔المراد اظهار ذلك للمخلوقين ،واما بان يكتب اسمه بخط المصنفين حتى يوضع له القبول أو البغضاء بقدرة الله سبحانه وتعالىٰ۔

مطلب: اس کو وصف صدیقیت کا حامل اور مقام صدیقیت پر فائز قرار دیا جاتا ہے اور اس اونچے درجے کے وصف و مقام کے اجر و ثواب کا مستحق گردانا جاتا ہے۔ یا یہ مطلب ہے کہ ملأ اعلیٰ کے پاس جس کتاب میں تمام بندوں کے اعمال لکھے ہوئے ہیں اس میں مذکورہ شخص کا نام ''صدیق'' لکھا جاتا ہے دنیا میں لوگ ایسے شخص کو اپنی کتابوں اور قلم پاروں میں صدیق کے نام سے لکھتے اور یاد کرتے ہیں۔ اس صورت میں اس ارشاد کا مقصد یہ ظاہر کرنا ہے کہ ایسا شخص اللہ تعالیٰ کی طرف سے لوگوں میں انتہائی معزز و مکرم ظاہر کیا جاتا ہے لوگوں کے دلوں پر اس شخص کا لقب ''صدیق'' القا کیا جاتا ہے اور ان کی زبانوں پر اس کے اس لقب و صفت کو جاری کر دیا جاتا ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ لوگ اس کو سچا و صادق سمجھتے ہیں اور اس کی سچائی و صداقت میں رطب اللسان رہتے ہیں۔ اس مفہوم کی بنیاد اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے:

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا۔

''جن لوگوں نے ایمان قبول کیا اور نیک اعمال کئے اللہ تعالیٰ ان کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈالے گا''۔

کہ جھوٹ بولنے والے شخص کے بارے میں یہ فیصلہ دیا جاتا ہے کہ یہ شخص جھوٹا ہے اور اس کے لئے وہ سزا مقرر کر دی جاتی ہے جو جھوٹوں کے لئے مخصوص ہے

اس شخص کے بارے میں لوگوں کی نظروں اور دلوں میں یہ بات ظاہر و راسخ کر دی جاتی ہے کہ یہ شخص انتہائی ناقابل اعتبار ہے اس طرح گویا اس کو جھوٹا مشہور کر دیا جاتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ایسا شخص لوگوں کی نظروں سے گر جاتا ہے اور ہر شخص اس سے بغض و نفرت کرنے لگتا ہے۔

تخریج: الجامع الصغیر کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:

ان الصدق يهدى الى البر وان البر يهدى الى الجنة وإن الرجل ليصدق حتى يكتب عند الله صديقا وان الكذب يهدى الى الفجور وان الفجور لهدى الى النار، وان الرجل ليكذب حتى يكتب عند الله كذابا. اور اس کو شیخین نے ابن مسعودؓ سے روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خیر کی بات کرنے والا جھوٹا نہیں

۴۸۲۶: وَعَنْ اُمِّ كُلْثُوْمٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْكَذَّابُ الَّذِيْ يُصْلِحُ بَيْنَ النَّاسِ وَيَقُوْلُ خَيْرًا اَوْ يَنْمِيْ خَيْرًا۔ (متفق علیہ)

أخرجه مسلم فی صحيحه ٢٢٩٧/٤ الحديث رقم (٦٩-٢٠٠٢ و ابوداؤد فی السنن ١٥٤/٥ الحديث رقم ٤٨٠٣، والترمذی فی ٥١٨/٤ الحديث رقم ٢٣٩٣ و ابن ماجه فی ١٢٣٢/٢ الحديث رقم ٣٧٤٢، واحمد فی المسند ٥/٦۔

ترجمہ: حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص جھوٹا نہیں جو لوگوں کے درمیان صلح کرائے اور خیر کی بات کرے اور بھلائی کی بات دوسروں تک پہنچائے۔ (بخاری و مسلم)

راویٔ حدیث:

امّ کلثوم بنت عقبۃ۔ یہ ام کلثوم ہیں عقبہ بن ابی معیط کی بیٹی ہیں۔ مکہ ہی میں اسلام لا چکی تھیں۔ اور پیادہ پا ہجرت کی اور بیعت کی۔ مکہ میں ان کے شوہر نہ تھے۔ جب یہ مدینہ پہنچیں حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ نے ان سے نکاح کر لیا۔ وہ غزوہ موتہ میں شہید ہو گئے۔ اس کے بعد ان سے حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ نے نکاح کر لیا۔ کچھ عرصہ بعد انہوں نے ان کو طلاق دے دی۔ چنانچہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے ان سے نکاح کیا۔ ان سے ان کے یہاں دو لڑکے ابراہیم اور حمید تولید ہوئے۔ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ انتقال ہو گیا تو ان سے عمرو بن العاص نے نکاح کر لیا۔ ان کے نکاح میں ایک ماہ رہی ہوں گی کہ خود ام کلثوم انتقال ہو گیا۔ یہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کی اخیافی (ماں شریک) بہن ہیں۔ ان سے ان کے بیٹے حمید وغیرہ نے روایت کی۔

کلثوم میں کاف مضموم ہے۔ لام ساکن اور ثائے مثلثہ مضموم ہے۔ صاحب "مغنی" نے اس کی تصریح کی ہے اور ایک نسخہ میں فتحہ کے ساتھ ہے اور قاموس میں ہے کہ کلثوم "زنبور" کی طرح ہے اھ۔ اس کا تقاضا ہے کہ فتحہ ہی پڑھنا چاہیے۔

تشریح: کذاب: بروزن فعال، برائے نسبت ہے بمعنیٰ "ذی کذب" جیسا کہ "لبان" اور "تمار" جیسا کہ اس آیت کریمہ میں (موجود لفظ "ظلام" کے بارے میں) کہا گیا ہے: ﴿وما ربك بظلام للعبيد﴾ [فصلت: ٤٦] "ظلام" ذی ظلم کے معنی میں ہے۔ مبالغہ کی نفی سے اصل فعل کی نفی لازم نہیں آتی۔

ینمی: صاحب النہایہ لکھتے ہیں: نميت الحديث و أنميته اذا بلغته على وجه الا صلاح وطلبا للخير ،فاذا بلغته على وجه الافساد والنميمة قلت نميته بالتشديد۔

علماء میں سے ابوعبیدہ اور ابن قتیبہ وغیرہ کی یہی رائے ہے۔

میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں "خیرا" یہ تاکید کے لئے ہے اور اس میں تجرید مراد ہے۔ حربی کا کہنا ہے کہ "نمی" تشدید کے ساتھ ہے۔ اکثر محدثین تخفیف کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ یہ درست نہیں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لحن نہیں کرتے تھے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قائلین تخفیف پر لازم ہے کہ وہ تخفیف کے ساتھ پڑھنے کی صورت میں ''خبر'' کو مرفوع پڑھیں۔ صاحب النہایہ نے اس کا رد کیا ہے وہ فرماتے ہیں، جیسا کہ ''قال'' کی وجہ سے منصوب ہوتا ہے اسی طرح سے ''نما'' کی وجہ سے بھی منصوب پڑھیں گے۔ ان کے زعم کے مطابق یہ دونوں لازم ہیں۔ اور ''نمی'' متعدی ہی ہے۔ کہا جاتا ہے: **نميت الحديث اى رفعته أبلغته.اھ۔**

صاحب قاموس لکھتے ہیں: **نما ينموا (نموّا) زاد كنمٰى ينمى نميا، أنمى ونمى الحديث: ارتفع ونميته ونميته رفعته وعزوته. وأنماه أذاعه على وجه النميمة.**

ليس الكذاب کی ترکیب:

- **الكذاب**: اسم ''ليس'' ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔
- **الكذاب**: ایک نسخہ میں منصوب ہے۔ اس صورت میں خبر **ليس** ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ از روئے درایت یہی وجہ اعراب زیادہ ظاہر ہے۔ چونکہ ''**الكذاب**'' **محكوم به** ہے۔ اور ''**الذى يصلح بين الناس**'' **محكوم عليه** ہے۔

مطلب یہ ہے کہ مسلمانوں کے درمیان صلح کرانے کے لئے اگر کوئی شخص ایسی بات کہے جو واقعہ کے اعتبار سے صحیح نہ ہو بلکہ جھوٹ ہو تو اس شخص کو جھوٹا نہیں کہیں گے (اور اس پر جھوٹ کا گناہ نہیں ہوگا) لیکن یہ ضروری ہے کہ وہ بات ایسی ہو جو خیر و بھلائی ہی پر مشتمل ہو نہ کہ کسی برائی (جیسے شرک و فسق وغیرہ کی حامل ہو) مثلاً دو مسلمان زید اور بکر (اگر آپس میں کوئی مخاصمت رکھتے ہوں یا ان دونوں کے درمیان کوئی فتنہ و فساد ہو گیا ہو) تو اس صورت میں اگر کوئی تیسرا شخص (ان دونوں کی باہمی مخاصمت ختم کرانے اور) ان کے درمیان صلح و صفائی کرانے (کے مقصد) کے لئے دونوں میں سے ہر ایک کے پاس جا کر یوں کہے کہ اس دوسرے نے تمہیں سلام کہا ہے وہ تمہاری تعریف کر رہا ہے اور تمہارے بارے میں کہہ رہا تھا کہ میں اس سے محبت رکھتا ہوں اور حقیقت میں نہ تو اس نے سلام کہا ہو نہ اس کی تعریف کی اور نہ یہ کہا کہ میں اس سے محبت رکھتا ہوں۔

تخریج: جامع کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:

ليس الكذاب بالذى يصلح بين الناس فينمى خيرا ويقول خيرا.

اس حدیث کو احمد، شیخین، ابوداؤد اور ترمذی نے ام کلثوم بنت عقبہ سے، اور طبرانی نے شداد بن اوس سے نقل کیا ہے۔

منہ پر تعریف کرنے والوں کے منہ پر خاک

۴۸۲۷: وَعَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ الْاَسْوَدِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَيْتُمُ الْمَدَّاحِيْنَ فَاحْثُوْا فِيْ وُجُوْهِهِمُ التُّرَابَ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه البخارى فى صحيحه ۵۵۲/۱۰ الحديث رقم ٦١٦٢ و مسلم فى ۲۲۹٦/٤ الحديث رقم (٦٥-٣٠٠)وابوداؤد فى السنن ۱۵٤/٥ الحديث رقم ٤٨٠٥ و ابن ماجه فى ۱۲۳۲/۲ الحديث رقم ۳۷٤٤ و احمد فى المسند ٤٧/٥۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ منہ پر تعریف کرنے والوں کو دیکھو تو ان کے منہ پر مٹی ڈال دو۔ (مسلم)

تشریح: قوله: اذا رأيتم المداحين فاحثوا في وجوههم:

''مداحوں'' سے مراد مدحت میں مبالغہ کرنے والے ہیں جو کسی لالچ میں آ کر تمہاری تعریف کریں' خواہ وہ تعریف نظم میں کریں' خواہ کلام نثر کی صورت میں کریں۔ اس جملہ کے متعدد مطالب بیان کیے گئے ہیں: ① کہا گیا ہے کہ اس حدیث کے ظاہر پر عمل پیرا ہوتے ہوئے' مٹی و مدح خوان کے منہ پر پھینک دو۔ ② بعض کا کہنا ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کو مال دو' چونکہ مال حقیر ہے مٹی کی طرح عزت کے مقابلہ میں' ای اطوهم اياه واقطعو ابه السنتهم لئلا يهجو كم۔ ③ بعض کہتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کو تھوڑا سا دے دو' قلت کو تراب کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔ ④ بعض کا کہنا ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ ''مداح کو ناکام و نامراد کیا جائے' اور اس کو اس کی ثنا خوانی کے سبب کچھ نہ دیا جائے۔ اس سے مقصود مادح کو زجر کرنا ہے' اور مدحت کرنے سے روکنے پر ابھارنا ہے۔ چونکہ مدحت ممدوح کو مغرور متکبر بنا دیتی ہے۔ خطابیؒ فرماتے ہیں ''مداحون'' وہ لوگ ہیں جو عوام کی تعریف بنالیں' اور ممدوح سے مال کھانے کے لئے اس کو پونجی بنالیں۔ چنانچہ جو شخص کسی شخص کی تعریف اس کے کسی اچھے کام اور اچھی بات پر کرتا ہے' اور وہ تعریف اس ممدوح کے لئے اس طرح کے مزید کام کرنے کی ترغیب دلاتی ہے اور لوگوں کو اس ممدوح کی اقتداء پر ابھارتی ہے تو یہ شخص ''مداح نہیں ہے۔

شرح السنہ میں لکھا ہے کہ حضرت مقداد نے حدیث کے ظاہر پر عمل کیا کہ مٹھی میں مٹی لے کر مادح کے منہ پر دے ماری۔ اس حدیث کا مطلب یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ یہ خسران و حرمان پر محمول ہے۔ یعنی جو تمہاری مدح و ثناء کرے تو اس کو مت دو اور اس کو محروم کر دو' ''تراب'' کنایہ ہے ''حرمان'' سے۔ جیسا کہ عرب کے اس قول میں ہے: مافي يده غير التراب اور جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے: اذا جاء ك يطلب ثمن الكلب فاملأ كفه ترابا۔ فی الجملہ کسی شخص کی مدح و ثناء مکروہ ہے' چونکہ ایسا کم ہی ہوتا ہے کہ مادح جھوٹ سے بچ پائے۔ اور ممدوح عجب و خود پسندی سے بچ پائے۔

فاحثوا: ہمزہ وصل اور ثائے مثلثہ کے ضمہ کے ساتھ۔ ای ارموا۔

في وجوههم: اور ایک نسخہ میں ''في افواههم'' ہے۔

① اس حدیث کو امام احمد نے اپنی مسند میں، امام بخاریؒ نے ''ادب'' میں، اور امام ابوداؤد و ترمذی نے حضرت مقداد سے نقل کیا ہے۔

② طبرانی اور بیہقی نے ابن عمر سے نقل کیا ہے۔

③ امام حاکم نے الکنیٰ میں حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے۔

④ الجامع الصغیر میں ان الفاظ کے ساتھ منقول ہے: احثوا التراب في وجوه المداحين. اور لکھا ہے کہ اس روایت کو امام ترمذیؒ نے حضرت ابوہریرہؓ سے نقل کیا ہے۔ اور ابن عدی نے ''الكامل'' میں اور ابونعیم نے ''الحلية'' میں ابن عمر سے نقل کیا ہے۔ ابن ماجہ میں مروی مقدادؓ کی ایک روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: احثوا في افواه المداحين

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

التراب. اس روایت کو اسی طرح ابن حبان نے ابن عمرؓ اور ابن عساکر نے عبادہ ابن صامت سے نقل کیا ہے۔

منہ پر تعریف گردن کاٹنا ہے

۴۸۲۸: وَعَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ اَثْنٰی رَجُلٌ عَلٰی رَجُلٍ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَیْلَکَ قَطَعْتَ عُنُقَ اَخِیْکَ ثَلَاثًا مَنْ کَانَ مِنْکُمْ مَادِحاً لَا مُحَالَۃَ فَلْیَقُلْ اَحْسِبُ فُلَانًا وَاللّٰہُ حَسِیْبُہٗ اِنْ کَانَ یُرٰی اَنَّہٗ کَذَالِکَ وَلَایُزَکِّی عَلَی اللّٰہِ اَحَدًا۔ (متفق علیہ)

أخرجه مسلم فی صحیحه ٤/٢٠٠١ الحدیث رقم (٧٠-٢٥٨٩) و ابوداؤد فی السنن ٥/١٩١ الحدیث رقم ٤٨٧٤، والترمذی فی ٤/٢٩٠ الحدیث رقم ١٩٣٤، والدارمی فی ٢/١٣٨٧ الحدیث رقم ٢٧١٤ و مالك فی الموطأ ٢/٩٨٧ الحدیث رقم ١٠ من کتاب الکلام، واحمد فی المسند ٢/٣٨٤۔

ترجمہ: حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کسی کی تعریف کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا افسوس کہ تو نے اپنے بھائی کی گردن کاٹ ڈالی اور یہ بات آپ نے تین دفعہ فرمائی۔ اگر تم میں سے کوئی کسی کی تعریف کرنا ہی چاہتا ہو تو وہ اس طرح کہے میرا گمان اس کے متعلق یہ ہے بشرطیکہ اسے ایسا ہی جانتا ہو۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کسی کی پاکیزگی قطعی انداز سے بیان نہ کرے۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: ویلك: بمعنی "الهلاك" ای هلكت هلا كا و أ هلكت اهلا كا۔ ایک نسخہ میں "ویحك" ہے۔

عنق: تمام تصحیح شدہ نسخوں اور اصول معتمدہ میں یہ لفظ عین کے ضمہ اور نون کے ساتھ ہے۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں:

العنق: بالضم وبضمتین و کأمیر وصرد: الجید ویؤنث. اس کی جمع "اعناق" آتی ہے۔

محالة: میم کے فتحہ کے ساتھ بمعنی "البتة" اور ایک نسخہ میں میم کے ضمہ کے ساتھ ہے۔

صاحب قاموس لکھتے ہیں: لا محالة منه، بالفتح ہے۔ بمعنی لا بد، اور "محال" ضمہ کے ساتھ ہو تو "کلام معدول" کو کہتے ہیں۔ صاحب الصحاح فرماتے ہیں: لا محالة بالضم بمعنی لا بد' ای لا فراق و بالفتح بمعنی "لا احتیال"

احسب: سین مہملہ کے کسرہ اور فتحہ کے ساتھ بمعنی أظنّہ۔

یری: یاء کے ضمہ کے ساتھ ہے بمعنی یظن۔ اور ایک نسخہ میں یاء کے فتحہ کے ساتھ ہے، بمعنی یعلم.

اشرفؒ فرماتے ہیں: "واللہ حسیبہ" جملہ معترضہ ہے۔ "ان کان یری" یہ "أحسب فلانا" کے متعلق ہے۔ "ولا یزکی علی اللہ أحدا" مجزوم نہیں ہے البتہ اس کا عطف "فلیقل" پر ہے۔ (انتھی) اس پر اشکال یہ وارد ہوتا ہے کہ "لایزکی"، یاء کے اثبات کے ساتھ ہے۔ پس یہاں اس تاویل کی احتیاج ہوگی کہ خبر بمعنی نہی ہے۔ أی: ولا یکن منکم التزکیة علی اللّٰہ بعض لوگوں نے اس کی ترکیب نہایت عجیب کی ہے کہ "لا یزکی" کا عطف "یری" پر ہے۔ اور یہی درست ہے۔ امام طیبیؒ کا کلام بھی کچھ اسی طرح عجیب و غریب سا ہے، وہ فرماتے ہیں: "ان کان یری" یہ جملہ شرطیہ "فلیقل" کی ضمیر سے حال ہے۔ اور "علی اللّٰہ" کا "علی" وجوب کیلئے ہے۔ واللہ اعلم۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام نوویؒ فرماتے ہیں: دونوں کی وجہ اشتراک ''ہلاکت'' ہے لیکن یہ دین میں ہلاکت ہے اور کبھی دنیاوی اعتبار سے بھی ہلاکت ہو جاتی ہے۔ (یعنی جو شخص کسی کی تعریف کرتا ہے تو وہ (ممدوح اپنی تعریف سن کر غرور و تکبر میں مبتلا ہو جاتا ہے یہ اس ممدوح کو دینی اور اخروی طور پر ہلاکت میں ڈال دینا ہے جب کہ یہ تعریف بسا اوقات دنیاوی طور پر بھی ہلاکت کا سبب بن جاتی ہے جیسے کوئی شخص اپنی تعریف سن کر اتنا زیادہ مغرور ہو جائے کہ کسی کا ناحق خون کر ڈالے اور پھر عدالت کی طرف سے سزائے موت کا مستوجب ہو کر خود اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔)

اگر تم کسی شخص کے اندر کوئی ایسا وصف دیکھو کہ جس کی وجہ سے وہ قابل تعریف ہو مثلاً کوئی شخص بہت زیادہ نیک و صالح ہو اور تم اس کی تعریف کرنا ہی چاہتے ہو تو اس صورت میں بھی یہ ضروری ہے کہ تم بس اپنے گمان کی حد تک اس کی تعریف کرو اس کے بارے میں جزم و یقین کے ساتھ فیصلہ نہ کرو بلکہ یوں کہو کہ میں فلاں شخص کو ایسا سمجھتا ہوں یا فلاں شخص کے بارے میں میرا یہ گمان ہے

قولہ: ولا یزکی علی اللہ أحد: اس ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ کسی بھی شخص کا حقیقی حال اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا' (جس شخص کو بظاہر نیک و اچھا سمجھا جا رہا ہے ہو سکتا ہے کہ اس کے باطنی احوال اس درجہ کے نہ ہوں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی اچھا ہو۔ لہٰذا جو شخص قابل تعریف ہو اس کی تعریف میں احتیاط کی راہ اختیار کرنی چاہئے اس کے بارے میں بالکل آخری فیصلہ نہ کرنا چاہئے کہ یہ شخص یقیناً اچھا اور نیک اور خدا کے نزدیک پسندیدہ ہے)

فوائد ۞ ہاں ان لوگوں کا معاملہ دوسرا ہے جن کو احادیث میں صراحت کے ساتھ قابل تعریف قرار دیا گیا ہے اور جن کے بارے میں ثابت ہو چکا ہے کہ وہ خدا کے نزدیک یقیناً پسندیدہ ہیں جیسے عشرہ مبشرہ وغیرہ انکے علاوہ کسی اور شخص کے بارے میں اس جزم و یقین کا اظہار نہ کیا جائے کہ فلاں شخص خدا کے نزدیک اچھا ہے۔

غیبت و بہتان کا فرق

۴۸۲۹: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا الْغِیْبَةُ قَالُوْا اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ ذِكْرُكَ اَخَاكَ بِمَا یَكْرَهُ قِیْلَ اَفَرَاَیْتَ اِنْ كَانَ فِیْ اَخِیْ مَا اَقُوْلُ قَالَ اِنْ كَانَ فِیْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَدِ اغْتَبْتَهٗ وَاِنْ لَّمْ یَكُنْ فِیْهِ مَا تَقُوْلُ فَقَدْ بَهَتَّهٗ (رواه مسلم وفی روایة) اِذَا قُلْتَ لِاَخِیْكَ مَا فِیْهِ فَقَدِ اغْتَبْتَهٗ وَاِذَا قُلْتَ مَا لَیْسَ فِیْهِ فَقَدْ بَهَتَّهٗ۔

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۴۵۲ الحدیث رقم ۶۰۳۲ و مسلم فی ۴/۲۰۰۲ الحدیث رقم (۷۳-۵۹۱) وابود اود فی السنن ۵/۱۴۴ الحدیث رقم ۴۷۹۲، والترمذی فی السنن ۴/۳۱۶ الحدیث رقم ۱۹۹۶ و مالك فی الموطأ ۲/۹۰۳ الحدیث رقم ٤ من كتاب حسن الخلق۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم سے) فرمایا: کیا تمہیں معلوم ہے کہ غیبت کیا چیز ہے؟ انہوں نے عرض کیا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے مسلمان بھائی کو ایسے انداز سے ذکر کرنا جسے وہ ناپسند کرے۔ عرض کیا گیا کہ اگر میرے بھائی میں وہ عیب موجود ہو؟ آپ ﷺ نے فرمایا اگر وہ عیب جو تم نے بیان کیا تیرے بھائی میں تو اس صورت میں تم نے اس کی غیبت کی ہے اور اگر وہ عیب اس میں پایا نہیں جاتا ہے تو تو نے اس پر بہتان باندھا۔ یہ مسلم کی روایت ہے ایک روایت میں اس طرح ہے کہ اگر تم نے اپنے بھائی کا وہ عیب بیان کیا جو اس میں پایا جاتا ہے تو تم نے اس کی غیبت کی اور اگر تم نے وہ عیب بیان کیا جو اس میں نہ ہو تو اس پر تم نے بہتان تراشی کی۔

تشریح: الغیبة: غین معجمہ کے کسرہ کے ساتھ۔

ذکرك: الفاظ اگرچہ خاص ہیں مگر خطاب عام ہے۔

بهته: ہائے مخففہ اور تاء کی تشدید کے ساتھ، واحد مذکر حاضر کا صیغہ ہے۔

غیبت کا معنی ہے پیٹھ پیچھے کسی کا کوئی عیب بیان کرنا امام نوویؒ فرماتے ہیں: غیب ''اقبح القبائح'' ہے۔ یہ گناہ لوگوں میں بہت زیادہ پھیلا ہوا ہے۔ ایسے لوگ بہت کم ہوں گے جو اس برائی سے بچے ہوئے ہیں۔ عام طور پر ہر شخص کسی نہ کسی صورت میں غیبت کرتا نظر آتا ہے۔ (لہٰذا ضروری ہے کہ اس بات میں کچھ تفصیل بیان کر دی جائے۔)

(جیسا کہ پہلے بھی بیان کیا جا چکا ہے) غیبت اس کو کہتے ہیں کہ کوئی شخص کسی ایسے شخص کے بارے میں جو موجود نہ ہو اس طرح کا ذکر کرے جس سے اس کو کوئی عیب ظاہر ہو اور وہ اس عیب کے ذکر کئے جانے کو ناپسند کرے۔ اس عیب کا تعلق خواہ اس کے بدن سے ہو خواہ اس کے دین سے ہو یا دنیا سے، خواہ اس کے نفس سے خواہ اخلاق و افعال سے ہو یا اس کے مال و اسباب سے ہو یا اولاد سے، خواہ اس کے ماں باپ سے ہو یا بیوی خادم وغیرہ سے، خواہ اس کے لباس وغیرہ سے ہو یا رفتار و گفتار سے، خواہ اس کے حرکات و سکنات سے ہو (یا عادات و اطوار سے) خواہ اس کی کشادہ روئی سے ہو یا ترش روئی سے اور خواہ اس کی تند خوئی و سخت گوئی سے ہو (یا نرم خوئی اور خاموشی سے) اور یا ان چیزوں کے علاوہ کسی بھی ایسی چیز سے ہو جو اس کے متعلق ہو سکتی ہے، نیز اس عیب کے ساتھ اس کا ذکر کرنا خواہ الفاظ کے ذریعہ ہو یا اشارہ و کنایہ اور رمز کے ذریعہ اور اشارہ و کنایہ بھی خواہ لفظ و بیان کے ذریعہ ہو یا ہاتھ، آنکھ، ابرو اور سر وغیرہ کے ذریعہ۔

اس سلسلہ میں یہ قاعدہ کلیہ ذہن میں رہنا چاہئے کہ اگر کسی شخص کا کوئی عیب اس کی عدم موجودگی میں بیان کیا جائے جو دوسروں کی نظروں میں اپنے ایک مسلمان بھائی کی حیثیت و شخصیت کو گھٹاتا ہے تو یہ غیبت ہے اور حرام ہے اور اگر کسی کے منہ پر اس کے کسی عیب کو اس طرح بیان کیا جائے جس سے اس کو ناگواری اور دل شکنی ہو تو یہ ایک طرح کی بے حیائی، سنگدلی اور ایذاء رسانی ہے کہ یہ اور بھی سخت گناہ ہے۔

قوله: وفي رواية: اس عبارت سے متبادر یہ ہوتا ہے کہ یہ روایت بھی مسلم کی ہے۔ سیدؒ کی توضیح کے مطابق یہ روایت ''شرح السنۃ'' کی ہے۔ امام میرکؒ فرماتے ہیں: یہ روایت صحیحین میں سے کسی ایک میں بھی نہیں ہے، بلکہ صاحب المصابیح نے ''شرح السنہ'' میں اپنی سند کے ساتھ ابو ہریرہؓ سے نقل کی ہے۔ اھ۔

یہ عبارت درحقیقت صاحب مصابیح پر اعتراض ہے کہ انہوں نے اس روایت کو صحاح میں ذکر کیا ہے۔ اس اعتراض کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جواب بارہا دیا جا چکا ہے کہ یہ التزام اصول میں ہے نا کہ معتضدات فصول میں۔

قبیلہ کا بدترین آدمی

۴۸۳۰: وَعَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ رَجُلاً اِسْتَاْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِئْذَنُوْا لَهٗ فَبِئْسَ اَخُو الْعَشِيْرَةِ فَلَمَّا جَلَسَ تَطَلَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ وَجْهِهٖ وَانْبَسَطَ اِلَيْهِ فَلَمَّا انْطَلَقَ الرَّجُلُ قَالَتْ عَائِشَةُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قُلْتَ لَهٗ كَذَا وَكَذَا ثُمَّ تَطَلَّقْتَ فِيْ وَجْهِهٖ وَانْبَسَطْتَ اِلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَتٰى عَاهَدْتَّنِيْ فَحَّاشًا اِنَّ شَرَّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ تَرَكَهُ النَّاسُ اِتِّقَاءَ شَرِّهٖ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِتِّقَاءَ فُحْشِهٖ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۴۸۶ الحدیث رقم ۶۰۶۹ و مسلم فی ۴/۲۲۹۱ الحدیث رقم (۵۲-۲۹۹۰)۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے کی اجازت چاہی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے اجازت دے دو۔ یہ شخص قبیلے کا بدترین آدمی ہے۔ جب وہ بیٹھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے خندہ پیشانی سے ملے اور نرمی سے پیش آئے۔ جب وہ چلا گیا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے تو اس کے متعلق یہ یہ فرمایا پھر اس کے ساتھ یوں خندہ پیشانی اور کشادہ روئی سے پیش آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے مجھے فحش گو کب پایا؟ اللہ تعالیٰ کے ہاں بدترین درجے والا وہ شخص ہوگا جس کے شر سے حفاظت کی خاطر لوگ اس سے فرار اختیار کریں اور ایک روایت میں ہے کہ اس کی فحش گوئی سے بچنے کے لئے۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: قوله: فیس أخو العشیرة: بخاری کی ایک روایت میں بغیر شک کے یہ الفاظ آئے ہیں: بئس أخوا العشیرة، وبئس ابن العشیرة.

شمائل کی روایت میں شک کے ساتھ یہ الفاظ آئے ہیں: بئس ابن العشیرة او اخو العشیرة. منکدر کے تمام اصحاب نے یہ روایت بغیر شک کے بیان کی ہے۔ تو ہو سکتا ہے کہ سفیان کو شک ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''العشیرة'' کا مطلب ہے ''القبیلة ای بئس هذا الرجل من العشیرة'' جیسا کہ عرب سے تعلق رکھنے والے کہا جاتا ہے: یا أخا العرب

قوله: قلت له کذا وکذا: شمائل کی روایت میں ''قلت له ماقلت'' کے الفاظ ہیں۔ اور یہ الفاظ بھی ہیں: ألنت له القول' فحاشا: ''ذو فحش'' کے معنی میں ہے۔ ای قائلا للفحش۔ فحش کے اصل معنی ہیں: زیادة الشی علی مقداره اور فحش کے عام معنی ہیں: مجاوزة الحد قولا وفعلا۔ (قول وفعل میں حد سے تجاوز کرنا)

حدیث میں جس شخص کے بارے میں ذکر کیا گیا ہے کہا گیا ہے کہ یہ عیینہ فزاری تھا۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ نوفل بن مخرمہ تھا اور یہ بھی ممکن ہے کہ متعدد واقعات پیش آئے ہوں۔ اس سے روایت میں تطبیق ہو جائے گی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عرضِ مرتب:

صاحب مظاہر نے اس کے سلسلہ میں کچھ تفصیل ذکر کی ہے جو حسب ذیل ہے: یہ شخص اپنی سنگدلی بدخلقی اور سخت مزاجی کے اعتبار سے بہت ہی مشہور تھا اور اپنی قوم کا سردار بھی تھا اس کا شمار مولفۃ القلوب میں ہوتا تھا تا کہ اس کو اسلام پر قائم و ثابت قدم رکھا جا سکے اگر چہ آنحضرت ﷺ کے زمانہ ہی میں اس کے دین و بیان میں نقصان و اضمحلال کا اظہار ہونے لگا تھا مگر آنحضرت ﷺ کے وصال کے بعد دین و ایمان سے پوری طرح منحرف ہو کر مرتد ہو گیا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کو گرفتار کر لیا پھر اس نے دوبارہ ایمان قبول کیا اور اسلام کی حالت میں اس دنیا سے رخصت ہوا۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: اس آدمی کا نام عیینہ بن حصن تھا۔ یہ اس وقت مسلمان نہیں ہوا تھا' اگر چہ اسلام کا اظہار کرتا تھا۔ آپ ﷺ نے اس کے بارے میں جو الفاظ فرمائے اس کا مقصد اس کے احوال کو منکشف کرنا تھا تا کہ لوگ اس کو جان لیں اور باواقف لوگ اس کے فریب سے کسی فتنہ و فساد میں مبتلا نہ ہو سکیں۔ (لہٰذا اس کو غیبت نہیں کہا جائے گا۔) آنحضرت ﷺ کی حیات میں' اور بعد میں اس کی (دینی) حالت اس کے ضعف ایمان پر دلالت کرتی تھی اور آنحضرت ﷺ کا اس کے بارے میں یہ فرمانا: **بئس اخو العشیرۃ** سے آپؐ کی نبوت کی نشانیوں میں سے تھا' چونکہ بعد میں اسی وصف کے مطابق ظہور ہوا۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کا کشادہ روئی اور خندہ پیشانی سے ملنا اور مسکرا مسکرا کر اس سے باتیں کرنا اس کی تالیف قلب کی خاطر تھا۔ اس سے معلوم ہوا کہ اس شخص کی مدارت کرنا جائز ہے جس کی فحش گوئی' بدخلقی اور اس کے ضرر کا خوف ہو نیز اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ کسی فاسق کی غیبت کرنا جائز ہے۔

قاضی حسین کی اتباع کرتے ہوئے لکھتے ہیں: مدارات اور مداہنت کے درمیان فرق یہ ہے کہ مدارات تو اس کو کہتے ہیں کہ کسی شخص کی دنیا یا دین اور یا دونوں کی اصلاح کے لئے اس پر دنیا کی چیز کو خرچ کیا جائے اور یہ مباح ہے بلکہ بسا اوقات مستحسن ہوتی ہے۔ مداہنت اس کو کہتے ہیں کہ کسی کی اصلاح دنیا کے لئے اس پر دین کو قربان کیا جائے۔ (انتھی) یہ فائدہ جلیلہ ہے۔ مدارات اور مداہنت کے درمیان اس فرق کو یاد رکھنا چاہئے اور اس کی محافظ کرنی چاہئے کیوں کہ اکثر لوگ اس سے غافل ہیں اور ان دونوں کے مابین فرق سے جاہل ہیں۔

قولہ: متی عاھدتنی فحاشا: آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد دراصل حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے خیال کو صحیح کرنے کے لئے تھا گویا اپنی حیرت کا اظہار کیا کہ آپ ﷺ نے اس شخص کے بارے میں مختلف رویہ اختیار فرمایا جب وہ آپ ﷺ کے سامنے نہیں تھا تو آپ ﷺ نے اس کی مذمت فرمائی اور جب وہ آپ ﷺ کے سامنے آیا تو اس کے ساتھ ملاطفت و یگانگت کا برتاؤ کیا جب آپ ﷺ نے اس کی عدم موجودگی میں اس کو برا کہا تو اس کی موجودگی میں بھی اس کو برا کہتے اور اس کے ساتھ ایسا ہی برتاؤ کرتے جو کسی برے آدمی کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

قولہ: ان شر الناس عند اللہ منزلۃ یوم القیامۃ من ترکۃ الناس اتقاء شرہ وفی روایۃ اتقاء فحشہ: آنحضرت ﷺ نے جو ارشاد فرمایا اس کے دو معنی ہو سکتے ہیں:

ایک تو یہ کہ آنحضرت ﷺ نے اس ارشاد کے ذریعہ واضح فرمایا کہ میں نے اس شخص کے منہ پر اس کو اس لئے برا نہیں کہا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ میں سخت گو قرار نہ پاسکوں اور میرا شمار ان لوگوں میں نہ ہونے لگے جن کی سخت اور کڑوی باتوں کی وجہ سے لوگ ان سے ملنا جلنا چھوڑ دینے کو کہتے ہیں۔

دوسرے معنی یہ ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے ان الفاظ کے ذریعہ گویا ظاہر فرمایا کہ وہ شخص چونکہ بہت شریر اور بد باطن تھا۔ لہٰذا میں نے اس کی بد باطنی کی وجہ سے اس سے اجتناب کیا اور اس کے منہ پر اس کو برا نہیں کہا اور حقیقت میں برا شخص وہی ہے جس کی برائی سے بچنے کے لئے لوگ اس سے اجتناب کریں اور اس کے عیوب سے بھی اسے آگاہ نہ کریں۔

تخریج: الجامع الصغیر کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: **ان شر الناس منزلة عند الله يوم القيامة من ترك اتقاء فحشه.** اس حدیث کو شیخین، ابوداؤد اور ترمذی نے نقل کیا ہے۔

اوسط میں طبرانی نے حضرت انس سے یہ الفاظ نقل کئے ہیں: **من يخاف الناس شره.**

اعلانیہ گناہ والوں کی معافی نہیں

۴۸۳۱: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ اُمَّتِیْ مُعَافًا اِلَّا الْمُجَاهِرُوْنَ وَاِنَّ مِنَ الْمُجَانَةَ اَنْ يَّعْمَلَ الرَّجُلُ بِاللَّيْلِ عَمَلاً ثُمَّ يُصْبِحُ وَقَدْسَتَرَهُ اللّٰهُ فَيَقُوْلُ يَافُلَانُ عَمِلْتُ الْبَارِحَةَ كَذَا وَكَذَا وَقَدْبَاتَ يَسْتُرُهُ رَبُّهٗ وَيُصْبِحُ يَكْشِفُ سِتْرَ اللّٰهِ عَنْهُ۔

(متفق علیه وذکر حدیث ابی هریرة من کان یؤمن بالله فی باب ضیافة)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٣١٥ الحديث رقم ١٩٩٣ و ابن ماجه فی ١/١٩ الحديث رقم ٥١، والبغوی فی شرح السنة ١٣/٨٢ الحديث رقم ٣٥٠٢۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری تمام امت کو معاف کر دیا جائے گا سوائے ان لوگوں کے جو علانیہ گناہ کا ارتکاب کرنے والے ہیں اور علانیہ گناہ سے یہ بھی ہے کہ رات کو کسی نے عمل کیا پھر صبح کی حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اس پر پردہ ڈال دیا تھا وہ لوگوں سے کہتا پھرتا ہے اے فلان! میں نے گزشتہ رات یہ یہ کیا۔ صبح کے وقت وہ اپنے پروردگار کے پردہ کو چاک کر دیتا ہے۔ (بخاری، مسلم)۔ روایت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ باب الضیافہ میں گزر چکی ہے۔

تشریح: قوله: **كل امتی معافا الا المجاهرون:** "معافاً": **عافا يعافی معافاة** سے اسم مفعول کا صیغہ ہے۔ اکثر نسخوں اور اصول معتمدہ میں یہ لفظ یوں ہی ہے۔ امام نوویؒ شرح مسلم میں فرماتے ہیں: اکثر نسخوں میں اور اصول معتمدہ میں "**معافاة**" کا لفظ ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: مصابیح کے نسخوں میں "**معافی**" بغیر ھاء کے آیا ہے۔ اس کا تقاضا یہ ہے کہ رسم الخط میں اس الف کو بصورت یاء لکھا جائے۔ اس صورت میں یہ لفظ "کل" کے مطابق ہو جائے گا۔ جیسا کہ ایک حدیث میں آتا ہے: **كلكم راع وكلكم مسؤل عن رعيته.**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الا المجاهرون: مشکوٰۃ کے تمام نسخوں میں یہ لفظ مرفوع ہے۔ تورپشتیؒ فرماتے ہیں: مصابیح کے نسخوں میں "المجاهرون" مرفوع لکھا ہوا ہے۔ حالانکہ اس لفظ کو منصوب علی الاستثناء ہونا چاہئے۔

اشرفؒ فرماتے ہیں: "المجاهرون" کا مستثنیٰ منہ "معافی" ہے، یہ نفی کے معنی میں ہے۔ ای: کل امتی لا ذنب علیهم الا المجاهرون.

حافظ ابوموسیٰ نے اپنے مجموعہ "المغیث" میں "الا المجاهرین" اصل کے مطابق نصب کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ النہایہ میں بھی اسی طرح مذکور ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یوں کہنا زیادہ واضح ہے: کل أمتی یترکون عن الغیبة الا المجاهرون. جیسا کہ مروی ہے: من القی جلباب الحیاء فلا غیبة له۔

"عفو" ترک کے معنی میں ہے۔ اور اس میں نفی کے معنی ہیں، جیسا کہ اللہ جل شانہ کے اس فرمان: [ویأبی اللّٰه الا ان یتم نوره.] میں ہے۔ [التوبة:۳۲] المجاهرون الذین جاهر وابمعاصیهم وأظهر وها و کشفوا ما ستر الله علیهم منها فیتحدثون۔

کہا جاتا ہے: جهر و جاهر أجهر (یہ تینوں ہم معنی ہیں۔)

المجانة: میم کے فتحہ اور جیم مخففہ کے ساتھ، مجن یمجن، از باب نصر کا مصدر ہے۔

ثم یصبح: منصوب ہے اور ایک نسخہ میں مرفوع ہے۔ اس صورت میں یہ ھو مبتداء محذوف کی خبر ہوگا۔

فیقول: منصوب و مرفوع دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔

وقد بات: یہ جملہ حالیہ ہے۔

ویصبح: کا اسم ضمیر سترهٗ ہے، اور یکشف: فی محل النصب خبر یصبح ہے۔

ستر: سین کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ ایک نسخہ میں سین کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ یہ مصدر ہے۔

ملا علی قاریؒ طیبیؒ کے کلام پر نقد کرتے ہوئے فرماتے ہیں: حدیث کا سیاق وسباق اور اس کا حقیقی مفہوم اس معنی (تقیید یا الغیبة) پر دلالت نہیں کرتا ترجمۃ الباب کا کوئی اعتبار نہیں۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اشرفؒ کا یہ قول: کل أمتی لا ذنب علیهم علی الا طلاق درست نہیں۔ اگر یہ معنی مراد لئے جائیں، تو پھر بات درست ہے: کل أمتی لا یؤاخذون أولا یعاقبون عقابا شدید الا المجاهرون.

تخریج: الجامع الصغیر میں یہ الفاظ مذکور ہیں: کل أمتی معافی الا المجاهرون وان من الجهار ان یعمل الرجل (الحدیث)۔ لیکن اس روایت میں "یا فلان" کے الفاظ نہیں ہیں۔ (رواه الشیخان عنه).

اوسط میں امام طبرانیؒ نے ابوقتادہؓ سے یہ الفاظ نقل کئے ہیں: کل امتی معافی الا المجاهر الذی یعمل العمل باللیل فیستره ربه ثم یصبح فیقول: یا فلان انی عملت البارحة کذا وکذا فیکشف ستر اللّٰه عز وجل.

حدیث ابی ہریرۃ: مکمل حدیث یوں ہے۔:

قوله: وذکر حدیث أبی هریرة من کان یؤمن باللّٰه فی باب الضافة:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حدیث ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کو باب الضیافۃ میں ذکر کرنے کی وجہ:

چونکہ حدیث ابو ہریرہ کا ابتدائی ٹکڑا: من کان یؤمن باللّٰہ والیوم الآخر فلیکرم ضیفہ" ضیافت کے باب سے مناسبت رکھتا ہے۔لہٰذا تکرار کے خوف سے یہاں ذکر نہیں کیا۔مؤلف کا یہ اعتذار بھی درحقیقت اعتراض ہے۔

عرضِ مرتب:

حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی تشریح حدیث:۴۲۴۲ کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

الفصل الثانی:

جنت کے بالائی حصہ میں گھر والا

۴۸۳۲:عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَهُوَ بَاطِلٌ بُنِيَ لَهٗ فِيْ رَبَضِ الْجَنَّةِ وَمَنْ تَرَكَ الْمِرَآءَ وَهُوَ مُحِقٌّ بُنِيَ لَهٗ فِيْ وَسَطِ الْجَنَّةِ وَمَنْ حَسَّنَ خُلُقَهٗ بُنِيَ لَهٗ فِيْ اَعْلَاهَا۔

(رواه الترمذی وقال هذاحدیث حسن وکذا فی شرح السنة وفی المصابیح قال غریب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٣١٩/٤ الحدیث رقم ٢٠٠٤ و ابن ماجه فی ١٤١٨/٢ الحدیث رقم ٤٢٣٦، واحمد فی المسند ٢٩١/٢۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جھوٹ چھوڑ دے جو کہ باطل چیز ہے اس کے لئے جنت کے کنارے گھر بنایا جائے گا اور جو صاحب حق ہونے کے باوجود لڑائی چھوڑ دے اس کا گھر جنت کے درمیان میں ہوگا اور جس نے اپنے اخلاق کو درست کرلیا اس کے لئے جنت کے بالائی حصہ میں گھر بنایا جائے گا ترمذی نے اسے روایت کر کے اسے حسن قرار دیا اور شرح السنہ میں بھی اسی طرح ہے۔صاحب مصابیح نے اسے غریب کہا۔

تشریح: قوله:من ترك الكذب وهو باطل بنى له قصر فى ربض الجنة:

"من ترك الكذب":شرط ہے۔" بنى له فى رض الجنة":جزاء ہے۔

وهو باطل:اس جملہ کی ترکیب میں دو احتمالات ہیں:

- جملہ معترضہ ہے شرط و جزا کے درمیان واقع ہوا ہے اس جملہ کو یہاں ذکر کرنا جھوٹ سے نفرت دلانے کے لئے ہے۔
- جملہ حالیہ ہے،اگر فاعل سے حال ہو تو اس کا مطلب یہ ہوگا:وهو ذو باطل بمعنى صاحب بطلان۔

اگر مفعول سے حال ہے تو اس کا مطلب یہ ہوگا:والحال انه باطل لا مصلحة فيه من مرخصات الكذب، كما فى الحرب او اصلاح ذات البين والمعاريض.

بنى له:صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔ای:بنى اللّٰه له قصرا.

فى ربض الجنة:راء کے فتحہ اور باء موحدہ کے ساتھ۔یعنی جنت کے اندر اس کے نواحی و جوانب میں۔نہ جنت کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باہر کے اطراف میں۔

قوله: ومن ترك المراء وهو محق بنى له فى وسط الجنة:

المراء: میم کے کسرہ کے ساتھ، جدال

قوله: ومن حسن خلقه بنى له فى أعلاها:

حسن: سین مہملہ کی تشدید کے ساتھ۔

خلقه: خاء اور لام دونوں کے ضمہ کے ساتھ نیز لام کے سکون کے ساتھ۔

من حسن خلقه سے پتہ چلتا ہے کہ اخلاق کسبی چیز ہیں، اگر اصل کے اعتبار سے فطری ہیں۔ اس کی تائید ان احادیث صحیحہ سے بھی ہوتی ہے۔

اللهم حسن خلقى كما حسنت خلقى.

مسلم شریف کی ایک حدیث میں یہ الفاظ ہیں: **اللهم اهدنى لأحسن الأخلاق لا يهدى لأحسنها الا أنت.**

امام حجۃ الاسلام لکھتے ہیں: مراء: یہ ہے کہ کوئی شخص کسی دوسرے کے کلام پر اعتراض وارد کرے بایں طور کہ یا تو اس کے الفاظ میں خلل ونقصان کو ظاہر کرے یا اس کے مضمون ومعنی میں غلطی نکالے اور یا متکلم کے مقصد ومراد کو نادرست قرار دے۔ اور ترک مراء کا مطلب یہ ہے کہ کسی دوسرے کے کلام وقول پر کوئی اعتراض وارد نہ کرے۔ لہٰذا انسان کو چاہئے کہ جب وہ کوئی کلام و بات سنے تو اگر وہ حق ہو تو اس کی تصدیق کرے اور اگر وہ باطل و بے بنیاد ہو اور اس کا تعلق کسی دینی معاملہ سے نہ ہو تو اس سے سکوت اختیار کرلے۔

تخریج: اس حدیث پر امام ترمذیؒ کا مکمل نقد یوں ہے: **قال: هذا حديث حسن، لا يعرف الا من حديث مسلمة بن وردان.** امام میرکؒ بحوالہ ''التصحیح'' فرماتے ہیں: مسلمہ متکلم فیہ راوی ہیں' لیکن امام ترمذیؒ نے ان کی احادیث کو حسن قرار دیا ہے۔ اس حدیث کے کئی شواہد ہیں۔ اھ۔ قصہ مختصر یہ حدیث ''حسن لذاتہ'' ہے یا ''حسن لغیرہ'' ہے۔ صاحب شرح السنہ نے بھی اس حدیث کو ''حسن'' قرار دیا ہے۔

مصابیح میں لکھتے ہیں: یہ حدیث اسناد کے اعتبار سے غریب ہے۔ بایں ہمہ حسن کے منافی نہیں۔ جیسا کہ ہم ماقبل میں یہ بات بتا چکے ہیں۔

زیادہ جنت ودوزخ میں لے جانے والی اشیاء

۴۸۳۳: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَدْرُوْنَ مَا اَكْثَرُ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ الْجَنَّةَ تَقْوَى اللّٰهِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ اَتَدْرُوْنَ مَا اَكْثَرُ مَا يُدْخِلُ النَّاسَ النَّارَ اَلْاَجْوَفَانِ الْفَمُ وَالْفَرْجُ۔

(رواه الترمذى وابن ماجة)

أخرجه الترمذى فى السنن ٤/٢٨٤ الحديث رقم ٢٣١٩ و ابن ماجه فى ٢/١٣١٢ الحديث رقم ٣٩٦٩ و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مالك في الموطأ ٢/٩٨٥ الحديث رقم ٥من كتاب الكلام ، والبغوى فى شرح السنة ١٤/٣١٤ الحديث رقم،٤١٢٤ واحمد فى المسند ٣/٤٦٩۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں معلوم ہے کہ لوگوں کو کونسی چیز جنت میں زیادہ لے جائے گی؟ ① اللہ تعالیٰ کا خوف۔ ② اچھا اخلاق، اور کیا تم جانتے ہو کہ کون سی چیز لوگوں کو زیادہ دوزخ میں لے جائے گی؟ ① منہ۔ ② شرمگاہ۔ جو کہ دونوں خالی چیزیں ہیں۔ (ترمذی وابن ماجہ)

تشریح: قوله: تقوى الله:

تقویٰ کا سب سے ادنی درجہ یہ ہے کہ شرک سے اجتناب کیا جائے۔ اور سب سے اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ دل میں اللہ کے علاوہ اور کسی کا خیال نہ آئے۔

قوله: حسن الخلق: حسن خلق سے مراد مخلوق خدا کے ساتھ خوش خلقی اختیار کرنا ہے، جس کا سب سے ادنی درجہ یہ ہے کہ کسی مخلوق کو کوئی تکلیف وایذاء نہ پہنچائی جائے۔ اور سب سے اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ انسان اس شخص کے ساتھ بھی بھلائی کرے جس نے اس کے ساتھ برا سلوک کیا ہے۔

طیبیؒ یہ کہتے ہیں، کہ تقویٰ کے ذریعے تو اس طرف اشارہ کرنا مقصود ہے کہ خالق کے ساتھ حسن معاملہ کرے بایں طور کہ ہر اس چیز سے اجتناب کرے جس سے اس نے منع کیا ہے۔ اور ہر اس چیز پر عمل کرے جس کا اس نے حکم دیا ہے۔ اور حسن خلق کے ذریعے اس طرف اشاہ کیا گیا ہے کہ مخلوق خدا کے ساتھ حسن معاملہ کرے، یعنی خوش خلقی اختیار کرے یہ دونوں خصلتیں دخول جنت کا سبب ہیں، اور اس کے برعکس دونوں خصلتیں دخول جہنم کا باعث ہیں۔ منہ اور شرمگاہ کا ذکر ماقبل مذکور دو خصلتوں کے مد مقابل کے طور پر۔ منہ (کے حکم) میں زبان بھی داخل ہے اور امور دینیہ کی حفاظت بھی شامل ہے۔ اور حلال کھانا یہ تقویٰ کی چوٹی ہے۔ اور شرم گاہ کی حفاظت، دین کے اعلیٰ مراتب میں سے ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ﴿**والذين هم لفروجهم حافظون**﴾ [المؤمنون۔٥]

اور جو شخص زنا کو چھوڑ دے اللہ کے خوف سے، باوجود قدرت' ارتفاع موانع اور تیسری اسباب کے خصوصاً جب کہ شہوت بھی واقعۃً ہو تو یہ آدمی صدیقین کے درجہ پر پہنچ جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوَى فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوَى﴾ [النازعات: ٤٠] اور مامون الرشید کا اپنی بیوی زبیدہ کو طلاق دے کر امام ابی یوسف کی طرف مراجعت کرنے کا قصہ تو مشہور ہے۔

دونوں جملوں میں کثرت کا مفہوم یہ ہے کہ آخرت کی حقیقی سعادت وکامیابی کے زیادہ اسباب ان دونوں خصلتوں (تقوی اور حسن خلق) کو جمع کرنے میں ہیں۔ اور آخرت کی سرمدی شقاوت (منہ اور شرم گاہ) کے زیادہ تر اسباب ان دونوں خصلتوں کو جمع کرنے میں ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک برا کلمہ ناراضگی کا باعث بن گیا

۴۸۳۴: وَعَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَعْلَمُ مَبْلَغَهَا يَكْتُبُ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا رِضْوَانَهٗ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ مِنَ الشَّرِّ مَا يَعْلَمُ مَبْلَغَهَا يَكْتُبُ اللّٰهُ بِهَا عَلَيْهِ سَخَطَهٗ اِلٰى يَوْمِ يَلْقَاهُ۔

(رواه فی شرح السنة وروٰی مالك والترمذی وابن ماجة نحوه)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۲۶۵/۵ الحديث رقم ۴۹۹۰، والترمذی فی ۴۸۳/۴ الحديث رقم ۲۳۱۵ والدارمی فی ۳۸۲/۲ الحديث رقم ۲۷۰۲، واحمد فی المسند ۵/۵۔

ترجمہ: حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص اچھا کلمہ کہہ دیتا ہے حالانکہ اسے اس کا انجام معلوم نہیں اس کے بدلے اللہ تعالیٰ اس کے لئے اپنی رضا کو یوم لقاء تک کے لئے لکھ دیتا ہے اور کوئی آدمی برا کلمہ زبان سے نکالتا ہے جب کہ اسے اس کا انجام معلوم نہیں مگر اسکی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے لئے ملاقات کے دن تک ناراضگی لکھ دیتا ہے۔ شرح السنہ، امام مالک اور ترمذی، ابن ماجہ نے اس کے ہم معنی روایت کی ہے۔

تشریح: من الخیر: "من" بیانیہ ہے۔

ما یعلم مبلغها: جملہ حالیہ ہے۔ معنی کے اعتبار سے تقدیری عبارت یوں ہے: والحال انه یظن انها یسیرة قلیلة وهی عند الله عظیمة جلیلة.

رضوانه: مصدر کی اضافت اپنے مفعول کی طرف ہے۔ اور زیادہ ظاہر یہ ہے کہ اضافت المصدر الی الفاعل ہے۔ اس کا قرینہ حدیث کا اگلا جملہ ہے۔

الی یوم: اکثر نسخوں میں "یوم" مکسور ہے۔ بعض نسخوں میں "یوم" مبنی علی الفتح ہے۔ اور بعض نسخوں میں "یوم" مکسور ومنون ہے۔

یلقاه: میں موجود ضمیروں کے مرجع میں متعدد احتمالات ہیں:

① ضمیر مفعول "یوم" کی طرف راجع ہے۔ اور ضمیر مستتر "رجل" کی طرف راجع ہے۔

② ضمیر مفعول "رجل" کی طرف عائد ہے اور ضمیر مستتر "یوم" کی طرف راجع ہے۔

③ ضمیر مفعول "اللہ" کی طرف لوٹ رہی ہے۔ اور ضمیر مستتر "رجل" کی طرف لوٹ رہی ہے۔

④ ضمیر مفعول کا مرجع "رجل" ہے اور ضمیر مستتر کا مرجع لفظ جلالہ ہے۔

قوله: وان الرجل لیتکلم بالکلة من الشر ما یعلم۔۔۔ الخ:

امام سفیان بن عیینہ فرماتے ہیں: اس حدیث میں "کلمہ" سے مراد وہ کلمہ ہے جو سلطان کے ہاں بولا جائے۔ سلطان کے ہاں اگر کسی مظلوم کی دادرسی کیلئے آواز بلند کی جائے، تو یہ (کلمہ خیر) خدا کی خوشنودی کا باعث ہے۔ اور سلطان کے ہاں اگر کسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شخص پر ناحق ظلم ڈھانے کیلئے آواز بلند کی جائے تو یہ (کلمہ شر) خدا کی ناراضگی کا باعث ہے۔
ابن عبدالبرؒ فرماتے ہیں: اس جملہ کی اس تفسیر میں مجھے کسی اختلاف کا علم نہیں ہے۔ (نقلہ السیوطی)

یکتب اللّٰہ "لہ بھا یوم یلقاہ" کی قید کا فائدہ:

"امام طیبیؒ فرماتے ہیں' اگر تو یہ کہے کہ " یکتب اللہ بھا رضوانہ" کا کیا مطلب ہے؟ اور "الی یوم یلقاہ" کی توقیت کا کیا فائدہ ہے تو میں کہتا ہوں۔

اپنی خوشنودی کو ثابت کر دیتا ہے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو ایسی باتوں کی توفیق دیتا ہے جو رضا الٰہی کا موجب ہیں 'اس کو برزخ میں قبر کے عذاب سے محفوظ رکھتا ہے' اس کی قبر کو کشادہ کر دیا جاتا ہے اور اس سے کہہ دیا جاتا ہے اس طرح سو رہو جیسے دولہا سوتا ہے پھر وہ قیامت کے دن نیک بختی و سعادت کے ساتھ اٹھے گا' اس پر حق تعالیٰ کی رحمت کا سایہ ہوگا جنت میں داخل کیا جائے گا اور وہاں کی نعمتیں اس کا نصیب بنیں گی اور اللہ کی ملاقات کی سعادت سے سرفراز ہوگا! اسی طرح جس شخص کے حق میں اللہ تعالیٰ اپنی خفگی قائم کر دے اس کا معاملہ اس کے بالکل برعکس ہوگا۔ اس جملہ کی نظیر اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے جو ابلیس کے بارے میں ہے: ﴿ان علیك لعنتی الی یوم الدین﴾ [ص۔۷۸] (یعنی حدیث میں جو یہ فرمایا گیا ہے کہ اس دن تک کیلئے جب کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرے تو اس توقیت کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا یا اس کی خفگی بس اسی دن تک محدود رہے گی۔ اس کے بعد منقطع ہو جائے گی! اس کی تائید قرآن کریم کی اس آیت سے بھی ہوتی ہے جو اللہ تعالیٰ نے ابلیس کے حق میں نازل فرمائی [وَاِنَّ عَلَیْكَ لَعْنَتِیْ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ] ظاہر ہے آیت کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ابلیس لعین' اللہ تعالیٰ کی لعنت کا مورد صرف قیامت کے دن تک ہی ہے بلکہ ہمیشہ ہمیشہ تک اللہ تعالیٰ کی لعنت میں گرفتار رہے گا اسی طرح حدیث میں مذکورہ لوگوں کے حق میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی یا خفگی کا تعلق موت کے دن کے بعد بھی ہمیشہ ہمیشہ رہے گا۔)

تخریج: الجامع الصغیر میں فرماتے ہیں: اس حدیث کو امام مالک، احمد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، ابن حبان اور حاکم نے بلال بن حارثؓ سے ان الفاظ کے ساتھ مرفوعاً نقل کیا ہے:

"ان الرجل لیتکلم بالکلمة من رضوان اللّٰہ تعالٰی ما یظن ان تبلغ ما بلغت، فیکتب اللّٰہ له بها رضوانه یوم القیامة، وان الرجل لیتکلم بالکلمة من سخط اللّٰہ ما یظن ان تبلغ ما بلغت، فیکتب اللّٰہ علیهه بها سخطه الی یوم القیامة.

"الاحیاء" میں مذکور ہے کہ علقمہ فرماتے تھے: "کتنی ہی ایسی باتیں ہیں کہ ان سے مجھے بلال بن حارثؓ کی حدیث نے روکا"۔

دوسروں کو ہنسانے کے لئے جھوٹ بولنے والا

۴۸۳۵: وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْلٌ لِمَنْ يُحَدِّثُ فَيَكْذِبُ لِيُضْحِكَ بِهِ الْقَوْمَ وَيْلٌ لَّهٗ وَيْلٌ لَّهٗ۔ (رواہ احمد والترمذی وابوداؤد والدارمی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٤/٢١٣ الحديث رقم ٤٨٣٢۔

ترجمہ: بہز بن حکیم اپنے والد سے اور وہ بہز کے دادا سے روایت بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص انسانوں کو ہنسانے کے لئے جھوٹ بولے اس کے لئے تباہی ہے' تباہی ہے' تباہی ہے۔ (احمد' ترمذی' ابوداؤد' دارمی)

تشریح: ویل: اس کی دو تفسیریں کی ہیں: ۱: عظیم ہلاکت۔ ۲: دوزخ کی ایک گہری وادی کا نام ہے۔

"لیضحك": از باب افعال ہے۔ "به": میں باء سببیہ ہے۔ "القوم": منصوب ہے مفعول ثانی ہے۔ تمام نسخوں میں عبارت یوں ہی ہے۔ البتہ "لیضحك" کو مجرد سے پڑھنا اور "القوم" کو اس کا فاعل بنانا بھی درست ہے۔

قوله: وَيْلٌ لِمَنْ يُحَدِّثُ فَيَكْذِبُ: لفظ "فَيَكْذِبُ" (جھوٹ بولنے) کی قید سے یہ بات سمجھی جاتی ہے کہ اگر کوئی شخص اپنے ہم جلیسوں اور یار دوستوں کو خوش کرنے اور ان کو ہنسانے کے لئے ایسی بات کہے جو سچی ہو تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ مثلاً جیسا کہ حضرت عمرؓ نے اس موقع پر کیا تھا کہ جب نبی کریم ﷺ بعض امہات المؤمنین سے ناراض تھے

امام غزالیؒ فرماتے ہیں: اور اس صورت میں بھی ضروری ہے کہ یہ مزاح' رسول اللہ کی عادت مبارکہ والے مزاح کی طرح ہو (جو بات از راہ مزاح کہی جا رہی ہو اس میں یہ تمام پہلو موجود ہوں:) ۱ وہ بات حق ہی ہو۔ ۲ کسی کے دل کو ٹھیس پہنچانے والی نہ ہو۔ (۳) اس میں افراط نہ کرلے۔ (اس کو اپنی عادت نہ بنائے) پس اے سامع اگر تو اس کو کبھی کبھار ہی اختیار کرے' شاذ و نادر کرے تو کوئی حرج کی بات نہیں۔ لیکن یہ عظیم غلطی ہے کہ انسان مزاح کو بطور پیشہ اختیار کرے اور پھر اس پر حضور ﷺ کے فعل سے استدلال کرے۔

قوله: ويل له' ويل له

آنحضرت ﷺ نے اپنے ارشاد گرامی کے آخر میں مذکورہ لفظ کو مکرر ارشاد فرمایا۔ اس کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں:

① اس تکرار سے تاکید مقصود تھی۔

② پہلے "ویل" کا تعلق "برزخ" سے ہے، دوسرے "ویل" کا تعلق "موقف" سے ہے، اور تیسرے "ویل" کا تعلق "نار" سے ہے۔

تخریج: اس حدیث کو نسائی اور حاکم نے بھی ذکر کیا ہے۔

آسمان و زمیں کے فاصلہ سے نیچے گرنے والا

۴۸۳۶: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ لَيَقُوْلُ الْكَلِمَةَ لَا يَقُوْلُهَا اِلَّا لِيُضْحِكَ بِهِ النَّاسَ يَهْوِیْ بِهَا بُعْدَ مِمَّا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَاِنَّهٗ لَيَزِلُّ عَنْ لِسَانِهٖ اَشَدَّ مِمَّا يَزِلُّ عَنْ قَدَمِهٖ۔ (رواه البيهقي في شعب الايمان)

أخرجه الترمذي في السنن ٤/٥٦٩ الحديث رقم ٢٥٠١، والدارمي في ٢/٣٨٧ الحديث رقم ٢٧١٣، والبيهقي في شعب الايمان ٤/٢٥٤ الحديث رقم ٤٩٨٣، واحمد في المسند ٢/١٧٧۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی شخص اس لئے بات کرتا ہے کہ وہ لوگوں کو ہنسائے تو اس کی وجہ سے آسمان وزمین کے فاصلہ سے زیادہ نیچے گر جاتا ہے اور قدم کے پھسلنے سے زیادہ زبان سے پھسل جاتا ہے۔ (بیہقی، شعب الایمان)

تشریح: قوله: ان العبد ليقول الكلمة۔۔۔۔ مما بين السماء والارض:

بها: میں باء سببیہ ہے۔

قوله: ليزل عن لسانه أشد مما يزل عن قدمه:

یعنی اگر کوئی شخص اپنے پاؤں کے پھسلنے سے منہ کے بل گر پڑے اور ضرر اٹھائے تو یہ اتنا سخت نہیں جتنا سخت وہ ضرر ہے جو زبان کے پھسلنے کی وجہ سے اٹھانا پڑتا ہے کیونکہ پاؤں کی لغزش بدن کو ضرر پہنچاتی ہے اور زبان کی لغزش دین کے نقصان میں مبتلا کرتی ہے اور ظاہر ہے کہ جسمانی ضرر دینی نقصان سے ہلکا ہوتا ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: وانه ليزل عنه لسانه، یہ یکے بعد دیگرے تمثیلات ہیں۔

تخریج: امام میرکؒ "التصحیح" سے نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں: اس حدیث کو امام احمدؒ نے اپنی مسند میں مکحول عن ابی ہریرہ سے نقل کیا ہے۔ اور صاحب المصابیح نے شرح السنہ میں یہی الفاظ یحییٰ بن ابی عبید عن ابیہ عن ابی ہریرۃ کے روایت کئے ہیں۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: الجامع الصغیر میں یہ الفاظ آئے ہیں:

"ان العبد ليتكلم بالكلمة ما يتبين فيها يزل بها في النار ابعد ما بين المشرق والمغرب".

اس حدیث کو احمد اور شیخین نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے۔

ترمذیؒ کی ایک روایت میں اور ابن ماجہ اور حاکم کی روایت میں ان سے یہ الفاظ آئے ہیں:

"ان الرجل ليتكلم بالكلمة لا يرى بها باسا يهوى بها سبعين خريفا في النار".

امام احمد کی ابو سعید سے مروی ایک حدیث میں یہ الفاظ آئے ہیں:

"ان الرجل ليتكلم بالكلمة لا يريد بها بأسا ليضحك بها القوم وانه ليقع بها أبعد من السماء".

خاموش نجات پا گیا

۴۸۳۷: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَمَتَ نَجَا۔

(رواه احمد والترمذي والدارمي والبيهقي في شعب الايمان)

أخرجه الترمذي في السنن ٤/٥٢٣ الحديث رقم ٢٤٠٦، واحمد في المسند ٥/٢٥٩۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خاموش رہنے والا نجات پا گیا۔

(احمد، ترمذی، دارمی، بیہقی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: امام راغبؒ فرماتے ہیں: ''صمت'' کا لفظ ''سکوت'' سے ابلغ ہے۔ ''صمت'' کی نسبت ہر چیز کی طرف درست ہے، خواہ اس میں قوت گویائی ہو یا نہ ہو۔ چنانچہ جس میں قوت گویائی نہ ہو اس کو ''صامت'' اور ''مصمت'' کہا جاتا ہے۔ اور سکوت کی نسبت ایسی ذات کی طرف ہوتی ہے جس میں قوت گویائی تو ہو لیکن فی الوقت گویا نہ ہو۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں: آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد گرامی ''فصل الخطاب''، ''جوامع الکلم'' اور ''جواہر الحکم'' کا بہت واضح مصداق ہے۔ اس ارشاد گرامی میں معانی کے پوشیدہ سمندروں کی معرفت خاص خاص علماء کے علاوہ کسی کو بھی حاصل نہیں۔ زبان کے خطرات بہت زیادہ ہیں۔ اور ہر ہر خطرہ اتنا بڑا ہے، کہ کیا کہیئے۔ اس کی آفات ان گنت ہیں۔ (ان میں چند یہ ہیں:) خطا، کذب، نمیمہ، غیبت، ریاء، شہرت، نفاق، فحش گوئی، جدال، تزکیہ نفس اور باطل میں انہماک۔

انسان اپنی زبان سے جو بات نکالتا ہے اس کی چار قسمیں ہوتی ہیں۔ ① محض نقصان ② محض نفع ③ جس میں نفع بھی ہو اور نقصان بھی ہو ④ وہ بات جس میں نہ نفع ہو اور نہ نقصان

قسم اول (یعنی ضرر محض) تو ایسی باتوں سے تو خاموشی ہی ضروری ہے۔ اور قسم ثالث یعنی جس میں نفع وضرر دونوں ہیں تو اس سے بھی خاموشی ہی اختیار کرنا چاہئے (کیونکہ نقصان سے بچنا فائدہ حاصل کرنے سے زیادہ اہم ہوتا ہے) اور قسم رابع یعنی وہ کلام کہ جس میں نہ نفع ہو نہ نقصان تو ظاہر ہے کہ یہ فضول ہے اس میں زبان کو مشغول کرنا محض وقت ضائع کرنا ہے اور یہ خالص نقصان ہے رہی دوسری قسم یعنی وہ کلام کہ جس میں نفع ہی نفع ہو تو (اگرچہ ایسی بات وکلام میں زبان کو مشغول کرنا برائی کی بات نہیں ہے لیکن اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے کہ) اس میں بھی ابتلائے آفت کا خطرہ ضرور ہوتا ہے بایں طور کہ ایسے کلام میں بسا اوقات دقیق قسم کے گناہ کی آمیزش ہو جاتی ہے مثلاً ریاء وتصنع، غیبت، تزکیہ نفس اور فضول باتوں کی آمیزش ہو جاتی ہے اور اس صورت میں یہ تمیز کرنا بھی مشکل ہو جاتا ہے کہ کہاں لغزش ہو گئی ہے۔ اھ۔

اس کا حاصل یہ کہ ہر زبان کی آفتیں ان گنت ہیں اس سے خلاصی خاموشی ہی میں ہے۔ کسی نے کہا ہے:

اللسان جرمه صغير وجرمه كبير وكثير۔

''زبان کا جثہ چھوٹا ہے، اور اس کے جرم بڑے اور زیادہ ہیں''۔

حصولِ نجات کی تین راہیں

۴۸۳۸: وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ لَقِيتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ مَا النَّجَاةُ فَقَالَ اَمْلِكْ عَلَيْكَ لِسَانَكَ وَلْيَسَعْكَ بَيْتُكَ وَابْكِ عَلٰى خَطِيْئَتِكَ۔ (رواه احمد والترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٢٣ الحديث رقم ٢٤٠٧، واحمد فی المسند ٣/٩٦۔

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے سوال کیا نجات کیسے میسر ہو سکتی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ① اپنی زبان کو قابو میں رکھو، ② اپنے گھر کو لازم پکڑو، ③ اپنے گناہوں پر رویا کرو۔ (احمد، ترمذی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قوله: املك عليك لسانك:

مذکورہ عبارت کے سلسلے میں نسخوں کا اختلاف ہے۔ چنانچہ مختلف معانی بیان کئے گئے ہیں۔

تصحیح شدہ نسخوں، اصول معتمدہ کی تصریح کے مطابق "املك" از باب افعال، فعل امر واحد مذکر کا صیغہ ہے۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں: أملكه الشيء اياه تمليكا:

- احفظ لسانك عما ليس فيه خير. (كما قاله شارح)
- أمسك لسانك حافظا عليك امورك، مراعيا لأحوالك، چنانچہ اس میں ایک قسم کی تضمین ہے۔
- لا تجره الا بما يكون لك لا عليك. اھ (النہایہ اس کا حاصل معنی ہونا مخفی نہیں۔)

میرک شاہ اپنی کتاب کے حاشیہ میں فرماتے ہیں: بظاہر ثلاثی مجرد سے ہے اور فعل متعدی ہے۔ لیکن "اصل" میں صیغۂ مزید کو صحیح قرار دیا گیا ہے۔ مگر یہ ضبط واضح نہیں ہے۔ تامل۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں ممکن ہے کہ زیادت (یعنی مزید فیہ سے لانا) تعدیہ میں مبالغہ کی زیادتی کے لئے ہو۔ اھ۔ از باب ضرب فعل امر واحد مذکر حاضر کا صیغہ ہے۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں: ملكه يملكه ملكا مثلثة، احتواه قادرا على الا ستبدادبه' وأملكه الشئ و ملكه اياه تمليكا بمعنى.

ایک شارح لکھتے ہیں: ای: اجعل لسانك مملوكا لك فيما عليك وبالله وتبعته، فأمسكه عما يضرك واطلقه فيما ينفعك. اھ یہ معنی "املک" کو از ثلاثی مجرد ماننے کی تقدیر پر ہے۔

اس جملہ کے معنی ایک شارح نے یہ لکھے ہیں کہ اپنی زبان کو ایسی چیزوں اور باتوں سے صاف رکھو جن میں خیر و بھلائی نہیں ہے۔ لیکن اس جملہ کے زیادہ صحیح معنی یہ ہیں کہ اپنی زبان کو بند رکھو کہ گویا تم اپنے تئیں اپنے امور کی نگہداشت رکھتے ہو۔ یعنی اپنے دین کے معاملہ میں محتاط اور پرہیزگار رہو اور اپنے حالات (کوائف پر متوجہ رہو ظاہر ہے کہ جب تم اپنے معاملات میں محتاط پرہیزگار رہو گے اور اپنے احوال و کوائف پر متوجہ رہ کر اپنی برائیوں اور بھلائیوں پر نظر رکھو گے تو راہ نجات تمہارے سامنے ہوگی۔

قوله: وليسعك بيتك: "يسعك": لام کے کسرہ کے ساتھ اور ساکن پڑھنا بھی درست ہے۔ اپنے گھر سے اسی وقت باہر نکلو جب نکلنے کی ضرورت پیش آئے اور اس یکسوئی و گوشہ نشینی کی وجہ سے دل برداشتہ نہ ہو بلکہ اس کو غنیمت جانو کیونکہ یہ چیز بہت سے فتنہ و فساد اور برائیوں سے نجات پانے کا ذریعہ ہے۔ اسی لئے کہا گیا ہے: هذا زمان السكوت وملازمة البيوت والقناعة بالقوت الى ان تموت

طیبیؒ کہتے ہیں کہ: ليسعك بيتك میں حکم کا ظاہر مورد تو گھر ہے لیکن حقیقت میں اس حکم کا مورد مخاطب ہے گویا اس ارشاد کے ذریعہ مخاطب کو ہدایت کی گئی ہے کہ اپنے گھر میں یکسوئی اور گوشہ نشینی اختیار کر کے مولیٰ کی عبادت میں مشغول رہو۔

قوله: وابك على خطيئتك: اپنے گناہوں پر روؤ کا مطلب یہ ہے کہ اپنی سابقہ خطاؤں پر نادم ہو کر طلب مغفرت کے لئے خدا کے حضور روؤ گڑگڑاؤ اور اگر رونا نہ آئے تو کم سے کم رونے کی صورت بنالو۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: بكى میں صنعت تضمین ہے۔ "بكى" ندامت کے معنی کو متضمن ہونے کی وجہ سے "علی" حرف جر کے واسطے سے متعدی ہے، لہٰذا معنی یہ ہوں گے: اندم على خطيئتك باكيا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: آنحضرت ﷺ کا یہ جواب حکیمانہ اسلوب کے مطابق ہے، بایں طور کہ سائل کا سوال نجات کی حقیقت کے بارے میں تھا۔ لیکن جواب میں حقیقت سے اعراض کرتے ہوئے سبب کی طرف نشاندہی فرمائی۔ چونکہ اس کے سبب کا جاننا، حقیقت جاننے کے مقابلے میں اہم اور اعلیٰ ہے۔ سوال کا جواب تو بظاہر یہ بنتا تھا: **حفظ اللسان**۔ لیکن مزید تقریر واہتمام کے باعث جواب کا اسلوب تبدیل فرمادیا۔ اھ۔ ملا علی قاریؒ نے امام طیبیؒ کی بیان کردہ اس تشریح پر نقد کیا ہے اور اس کو تکلف وتعسف قرار دیا ہے۔

تخریج: ابن قانع اور طبرانی نے حارث بن ہشام کے واسطے سے حدیث بالا کا صرف ابتدائی حصہ: ''**املك عليك لسانك**'' نقل کیا ہے۔

اعضاء کی زبان سے ہر روز فریاد

۴۸۳۹: وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ رَفَعَهٗ قَالَ اِذَا اَصْبَحَ ابْنُ اٰدَمَ فَاِنَّ الْاَعْضَاءَ كُلَّهَا تُكَفِّرُ اللِّسَانَ فَتَقُوْلُ اتَّقِ اللّٰهَ فِيْنَا فَاِنَّا نَحْنُ بِكَ فَاِنِ اسْتَقَمْتَ اِسْتَقَمْنَا وَاِنِ اعْوَجَجْتَ اِعْوَجَجْنَا۔ (رواه الترمذی)

أخرجه مالك في الموطأ ۲/۹۰۳ الحديث رقم ۳من كتاب حسن الخلق، واحمد في المسند ۱/۲۱۱۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ مرفوعاً روایت ہے کہ انسان جب صبح کرتا ہے تو جسم کے تمام اعضاء زبان کو عاجزانہ طور پر کہتے ہیں کہ ہمارے متعلق اللہ تعالیٰ سے ڈرنا ہم تیرے ساتھ ہیں اگر تو سیدھی رہی تو ہم سیدھے اگر تو ٹیڑھی ہوگی تو ہم بھی ٹیڑھے ہوجائیں گے۔ (ترمذی)

وقت کی تخصیص کی وجہ:

صبح کے وقت کے بارے میں مشہور ہے: **الصباح مفتاح باب النجاح**، زبان کی ساری آفات معاشرت اخوان کے ساتھ بندھی ہوئی ہیں، اور یہ نوبت دیگر اوقات کے مقابلہ میں دن کے وقت زیادہ پیش آتی ہے۔

قوله: فان الاعضاء كلها تكفر اللسان:

اعضاء سے کون سے اعضاء مراد ہیں؟

- صرف وہ اعضاء مراد ہیں جن میں عصیان کی صلاحیت ہوتی ہے۔
- مطلق اعضاء مراد ہیں، چونکہ انسان کی حرکات وسکنات کا تعلق فی الجملہ تمام اعضاء سے ہوتا ہے۔ اس کی تاکید ''کلھا'' کے لفظ سے بھی ہوتی ہے۔

لفظ تکفرّ:

فائے مشددہ مکسورہ کے ساتھ 'ای تتذلل وتتواضع۔

صاحب النہایۃ فرماتے ہیں: ''تکفیر'' (از باب تفعیل ہے) عاجزی وانکساری اختیار کرنا۔ کہ انسان جھک جائے' اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے سر کو رکوع کے لئے جھکانے کے قریب کرے، جس طرح کہ کوئی کسی کی تعظیم کے لئے کرتا ہے۔ حدیث باب مذکورہ بالا عرب کے اس قول کے قبیل سے ہے: کفر الیهودی. اذا خضع مطا طأرأسه وانحنی لتعظیم صاحبه۔ (کذا قالہ شارح)

قوله: فانما نحن بك:

(جار مجرور کا تعلق محذوف سے ہے۔) ای نتعلق ونسقیم ونعوج بك۔ قوله: فان استقمت اسقمنا:

امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ان دونوں حدیثوں کے درمیان تطبیق کیا صورت ہے:

''جسم میں گوشت کا لوتھڑا ہے (جس کو دل کہا جاتا ہے) اگر وہ درست ہو تو سارا جسم درست ہے اور اگر وہ بگڑ گیا تو سارا جسم بگڑ گیا''۔

تعارض:

① انما نحن بك، فان استقمت استقمنا، وان اعوججت اعوججنا.

② ان فی الجسد لمضغة اذاصلحت صلح الجسد كله، واذا فسدت فسد الجسد كله ألا وهی القلب.

تشریح تعارض:

پہلی حدیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بناؤ اور بگاڑ میں اصل زبان ہے۔ جب کہ دوسری حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ صلاح وفساد میں اصل کردار ''دل'' کا ہے۔ لہٰذا اصل ذمہ دار زبان ہے یا کہ دل؟

دفع تعارض:

میں (امام طیبیؒ) کہتا ہوں: زبان دل کا ترجمان ہے۔ اور اعضاء ظاہرہ میں دل کا خلیفہ بھی ہے۔ لہٰذا زبان کی طرف کسی فعل وامر کا اسناد مجازاً ہوگا۔ مثلاً یوں کہا جاتا ہے: شفی الطبیب المریض. میدانی ''المرء باصغریه'' (آدمی کی وقعت دو چھوٹی چھوٹی چیزوں یعنی دل وزبان سے وابستہ ہے) کی وضاحت میں فرماتے ہیں، کہ ''اصغرین'' سے مراد دل وزبان ہیں۔ یعنی انسان کے معانی کا قیام وتکمیل ان ہی دو چیزوں کے ذریعے ہوتا ہے۔

زہیر کہتا ہے:

وكأن ترى من صامت لك معجب
زيادته او نقصه فی التكلم
لسان الفتی نصف ونصف فواده
فلم يبق الا صورة اللحم والدم

یہ بات مخفی نہ رہے کہ یوں تو سارے اعضاء کی صلاح وفساد کا دارومدار دل پر ہے کہ اگر دل درست ہے تو تمام اعضاء۔ اھ۔ بھی درست رہتے ہیں اور اگر دل فاسد ہو جائے تو سارے اعضاء بھی فاسد ہو جاتے ہیں: چونکہ دل اخلاق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کریمہ کی معدن ہے، جس طرح کہ یہ احوال ذمیمہ کا منبع ہے۔ اس کی نظیر وہ بادشاہ ہے کہ جس کی اطاعت کی جاتی ہے اور متبع رئیس کی ہے۔ چونکہ جس متبوع درست ہو جاتا ہے تو تابع بھی درست ہوتا ہے۔

حاصل یہ ہے کہ (گویا زبان ہی سارے اعضاء جسم کی سردار ہے اس اعتبار سے کہ حقیقت میں ''دل'' ہی جسم کا بادشاہ ہے مگر دل کا ترجمان اور خلیفہ زبان ہی ہے کہ دل جو کچھ سوچتا ہے زبان اس کو بیان کرتی ہے اور دیگر اعضاء جسم اس پر عمل کرتے ہیں۔ لہٰذا جو حکم دل کا ہے وہی زبان کا ہے کہ جس طرح دل کے صالح و فاسد ہونے کا اثر سارے اعضاء جسم پر پڑتا ہے اس طرح زبان کا بناؤ بگاڑ بھی تمام اعضائے جسم کو بناتا اور بگاڑتا ہے۔)

تخریج: اس حدیث کو ابن خزیمہ اور بیہقی نے بھی روایت کیا ہے۔

اسلام کی خوبی

۴۸۴۰: وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُسْنِ اِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَالَا يَعْنِيْهِ۔ (رواه مالك واحمد)

أخرجه ابن ماجه في السنن ۲/۱۳۱۵ الحديث رقم ۳۹۷۶۔

ترجمہ: حضرت علی بن حسینؒ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بندے کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ لایعنی کام کو ترک کر دے۔ (مالک، احمد)

تشریح: قوله: من حسن اسلام المرء ترکه مالا یعنیه:

بظاہر یہ حدیث، کلام باری تعالیٰ کی اس آیت کریمہ: ﴿والذين هم عن اللغو معرضون﴾ [المؤمنون:۳] سے اقتباس ہے۔

من حسن اسلام المرء:

بعض کا کہنا ہے کہ ''مِن'' تبعیضیہ ہے۔ اس صورت میں عبارت کی معنوی تقدیر یہ ہوگی: من جملة محاسن اسلام الشخص و كمال ايمانه.

اور ''من'' بیانیہ بھی ہو سکتا ہے۔ اس صورت میں عبارت کی معنوی تقدیر یوں ہوگی: ان تركه ما لا يعنيه هو حسن اسلام المرء و كماله فيه. اور خبر کی تقدیم ترکیبی اعتبار سے یہ حدیث ''على التمرة مثلها زبدا'' کے قبیل سے ہے۔

ترکه مالا یعنه: کا مطلب:

''ما لا يعنيه'' کی حقیقت:

''ما لا يعنيه'' کی حدود:

امام غزالیؒ نے کہا ہے کہ ''لایعنی'' کا آخری درجہ یہ ہے کہ تم کوئی ایسی بات اپنی زبان سے نکالو کہ جس کو اپنی زبان سے نہ نکالتے تو گنہگار نہ ہوتے اور اس کی وجہ سے نہ تو تمہیں فوری طور پر کوئی نقصان پہنچتا اور نہ مآل کے اعتبار سے۔ اس کی مثال یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے کہ (فرض کرو) تم کچھ لوگوں کے ساتھ بیٹھے ہوئے ہو۔تم نے ان کے سامنے اپنے کسی سفر کے احوال بیان کئے اس بیان احوال کے دوران تم نے ہر اس چیز کو تفصیل کے ساتھ ذکر کیا جو تم نے اپنے سفر کے دوران دیکھی تھی مثلاً پہاڑ عمارت وغیرہ یا جو کچھ واقعات و حادثات پیش آئے تھے ان کے بارے میں تم نے جو یہ ساری تفصیل بیان کی اور جن امور کا ذکر کیا وہ یقیناً ایسی چیزیں ہیں کہ اگر تم ان کو بیان نہ کرتے تو نہ گنہگار ہوتے اور نہ تمہیں کوئی نقصان وضرر برداشت کرنا پڑتا (جب کہ اس لمبی چوڑی تفصیل بیان کرنے کی صورت میں بہت ممکن ہے کہ کسی موقع پر تمہاری زبان نے لغزش کھائی ہو اور اس سے کوئی ایسی بات نکل گئی ہو جس سے تم گنہگار بن گئے ہو۔)

محدثین کی نگاہ میں اس حدیث کا مقام:

امام نوویؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث ان احادیث میں سے ہے، جن پر اسلام کا مدار ہے۔

امام ابوداؤدؒ فرماتے ہیں: وہ (مدار اسلام والی احادیث) چار ہیں:

پہلی حدیث نعمان بن بشیر کی یہ حدیث ہے: **الحلال بین' والحرام بین وبینهما مشتبهات لا یعلمهن.**

دوسری حدیث یہ ہے: **من حسن اسلام المرء ترکه ما لا یعنیه.**

تیسری حدیث یہ ہے: **لا یکون المؤمن مؤمنا حتی یحب لأخیه ما یحب النفسه.**

چوتھی حدیث یہ ہے: **الأعمال بالنیات.**

اور بعض نے کہا ہے کہ تیسری حدیث یہ ہے: **ازهد فی الدنیا یحبك اللّٰه . وازهد فیما فی ایدی الناس یحبك الناس۔**

اس مفہوم کو امام شافعیؒ نے ان اشعار میں بیان کیا ہے:

عمدة الخیر عندنا کلمات
اربع قالهن خیر البریة
اتق الشبهات وازهد ودع ما
لیس یعینك واعملن بنیة

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں: ان چاروں کا مدار بھی تصحیح نیت پر ہے، پہلے عمل بالنیت ہے، اس کے نتیجہ میں آدمی شبہات سے بچتا ہے، اور **ترك ما لا یعنیه** پر گامزن ہوتا ہے۔ پھر اس پر زہد کا ترتب ہوتا ہے۔

بزرگوں کے بعض واقعات:

- امام اوزاعیؒ فرماتے ہیں: عمر بن عبدالعزیزؒ نے ہماری طرف خط لکھا: **أما بعد! فان من أکثر ذکر الموت رضی من الدنیا بالیسیر، ومن عد کلامه من عمله قل کلامه فیما لا یعنیه.**
- بعض کا کہنا ہے کہ ربیع بن خیثم نے بیس سال تک کوئی دنیاوی کلام نہیں کیا، جب صبح ہوتی تو ایک کورا کاغذ اور قلم رکھ لیتے،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب بھی جو بات زبان سے نکالتے اس کاغذ پر لکھ لیتے، اور پھر شام کے وقت اپنے نفس کا محاسبہ فرماتے۔

کسی عارف باللہ کے بارے میں مروی ہے، کہ ان کا گزر کسی تیار کمرہ کے پاس سے ہوا تو پوچھ بیٹھے کہ یہ کب سے بنا ہوا ہے؟ یہ کہہ کر وہ اپنے نفس کی طرف متوجہ ہوئے، اور کہا: یا نفسی المغرورة تسألین عمالا یعنیك. اے میرے فریب خوردہ نفس! تو ایسی چیز کے بارے میں پوچھتا ہے، کہ جس سے تجھے کوئی سروکار نہیں؟ چنانچہ اس کلام کے بدلہ میں ایک سال تک روزے رکھتے رہے۔ اھ۔

اللہ کی یاد سے خالی لمحہ کا بیان:

ایک حدیث شریف میں آتا ہے: لیس یتحسر اھل الجنة الا علی ساعة مرت بھم ولم یذکروا اللّٰہ فیھا اس حدیث کو امام طبرانی نے حضرت معاذؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔ چنانچہ خوش قسمت ہے وہ آدمی کہ جس نے اپنا محاسبہ ہونے سے پہلے اپنے نفس کا محاسبہ کر لیا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰہَ ۭ اِنَّ اللّٰہَ خَبِیْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ وَلَا تَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ نَسُوا اللّٰہَ فَاَنْسٰىھُمْ اَنْفُسَھُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الْفٰسِقُوْنَ﴾ [الحشر: ۱۸-۱۹]

''اے ایمان والو! خدا سے ڈرتے رہو اور ہر شخص کو دیکھنا چاہئے کہ اس نے کل (یعنی فروائے قیامت) کیلئے کیا (سامان) بھیجا ہے اور ہم پھر کہتے ہیں کہ خدا ہی سے ڈرتے رہو۔ بیشک خدا تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے اور ان لوگوں جیسے نہ ہونا جنہوں نے خدا کو بھلا دیا تو خدا نے ایسا کر دیا کہ خود اپنے تئیں بھول گئے یہ بدکردار لوگ ہیں۔''

۴۸۴۱: وَرَوَاہُ ابْنِ مَاجَةَ عَنِ اَبِیْ ھُرَیْرَةَ وَالتِرْمِذِیُّ وَالْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ عَنْھُمَا۔

أخرجه الترمذی فی السنن ۲۸۳/٤ الحدیث رقم ۲۳۱۷ و ۲۳۱۸ والبیهقی فی شعب الایمان ۲۵۵/٤ الحدیث رقم ٤۹۸۷ و ٤۹۸٦۔

ترجمہ: ابن ماجہ نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور ترمذی، بیہقی نے دونوں سے روایت کی ہے۔

حدیث کی اسنادی حیثیت:

الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے حسین بن علیؓ سے روایت کیا ہے۔ اسی حدیث کو امام ترمذی اور ابن ماجہ نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے۔ امام حاکمؒ نے اس حدیث کو ''الکنیٰ'' میں ابو بکر سے نقل کیا ہے۔ شیرازی نے اس روایت کو حضرت ابو ذر سے نقل کیا ہے۔ امام حاکم نے اپنی تاریخ میں حضرت علی بن ابی طالب سے روایت کیا ہے۔ امام طبرانیؒ نے اس روایت کو الصغیر میں زید بن ثابت سے نقل فرمایا ہے۔ ابن عساکر نے یہ حدیث حارث بن ہشام کے حوالہ سے روایت کی ہے۔ اھ۔

امام میرکؒ فرماتے ہیں: من حسن اسلام المرء ترکه ما لا یعنیه اس حدیث کو ابن ماجہ اور ترمذی نے ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے۔ اور امام ترمذی اس حدیث کی بابت فرماتے ہیں: غریب لانعرفه الا من ھذا الوجه. قال: وحدثنا قتیبة،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عن مالك، عن الزهري، عن علي بن الحسين، عن النبي ﷺ :ان من حسن اسلام المرء الخ۔قال:وهكذا روى غير واحد من أصحاب الزهري عنه عن علي بن الحسين نحو حديث مالك.قال: هذا عندنا اصح من حديث ابي سلمة عن ابي هريرة اھ. كلام الترمذي. وطريقه عن ابي سلمة عن ابي هريرة جيدة.امام نوویؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے شیخ جزری فرماتے ہیں حفاظ کی ایک جماعت کا کہنا ہے: الصواب انه عن علي بن الحسين عن النبي ﷺ مرسل، كذا قاله احمد وابن معين والبخاري وغيرهم. وكذا رواه مالك عن الزهري عن علي بن الحسين، ذكره المنذري۔واللہ اعلم

توضیح: مولف کو چاہئے تھا کہ حدیث کی ابتداء یا انتہاء میں ''مرسلاً'' فرماتے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ عن ابیہ ساقط ہو گیا ہو، اور یہ بھی ممکن ہے، کہ رواۃ یا مصنفین میں سے کسی سے تقدیم وتاخیر کے باعث تغیر آ گیا ہو۔ یہ حدیث اصل میں حسین بن علی سے مروی ہے۔جیسا کہ ہم نے الجامع سے نقل کیا ہے۔واللہ اعلم۔

کیا معلوم کہ اس نے لایعنی بات کہی ہو

۴۸۴۲ :وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ تُوُفِّيَ رَجُلٌ مِّنَ الصَّحَابَةِ فَقَالَ رَجُلٌ اَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَلَا تَدْرِيْ فَلَعَلَّهٗ تَكَلَّمَ فِيْمَا لَا يَعْنِيْهِ اَوْ بَخِلَ بِمَا لَا يَنْقُصُهٗ۔ (رواه الترمذي)

أخرجه الترمذي في السنن ٤/٤٨٣ الحديث رقم ٢٣١٦۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک صحابیؓ فوت ہوئے تو ایک شخص نے کہا تجھے جنت مبارک ہو! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تمہیں کیا معلوم کہ اس نے کوئی لایعنی بات کہی ہو یا کم نہ ہونے والی چیز میں بخل کیا ہو۔(ترمذی)

تشریح: قوله: أوتدري فلعله تكلم فيما لا يعنيه:

''اولا تدری''. بعض نسخوں میں واؤ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔یعنی واؤ عاطفہ کے ساتھ ہے' اس صورت میں لا تدری کا عطف جملہ محذوفہ پر ہوگا۔أي: تبشر ولا تدري. او أتقول هذا ولا تدري ما تقول۔

دوسرا احتمال یہ ہے کہ یہ واؤ حالیہ ہے۔أي: والحال أنك لا تدري. اور ایک نسخہ میں واؤ کے سکون کے ساتھ ہے اور ایک روایت میں ایسا ہے بھی اس صورت میں ''اَوْ'' عاطفہ ہے' اور یہاں بھی عطف کلام مقدر پر ہے۔ای: أتدري انه من أهلها أو لا تدري. اور مطلب یہ ہے کہ تمہیں اس کا علم کس چیز سے ہو؟ یا تم نے وہ بات کیسے جان لی جو بات تیرے علاوہ لوگ نہیں جانتے۔

قوله: فلعله تكلم فيما لا يعنيه

مطلب یہ ہے کہ اس نے بے فائدہ باتیں کی ہوں جو اس کیلئے کسی طرح کا ضرر ونقصان پہنچانے کا سبب ہوں۔اور اس کے لئے نفع بخش نہ ہوں۔

قوله: بخل ما لا ينقصه:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مطلب یہ ہے کہ اس نے کسی ایسی چیز کو دینے میں بخل سے کام لیا ہو جس چیز کا دینا اور خرچ کرنا اس پر ضروری ہو۔ جیسے عبادات مالیہ (مثلاً زکوٰۃ کی ادائیگی) مسائل علمیہ' معمولی چیز عاریۃً دینا'

ایک اور حدیث میں آتا ہے:

ان النبی ﷺ فقد کعبا فسأل عنه؟ فقالوا: مریض. فخرج یمشی حتی أتاه فلما دخل علیه قال: ابشر یا کعب! فقالت أمه: هنیئالك الجنة یا کعب! فقال: من هذه المتألیة علی اللّٰه ؟ قال: هی أمی یا رسول اللّٰه !قال: وما یدریك یا أم کعب!لعل کعبا قال ما لا یعنیه، أو منع ما لا یعنیه.

ابن ابی الدنیا اور ابو یعلی حضرت انسؓ سے نقل کرتے ہیں:

قال: استشهد منا رجل یوم احد، فوجد علی بطنه صخرة مربوطة من الجوع، فمسحت امه التراب عن وجهه وقالت: هنیئالك یا بنی! الجنة فقال النبی ﷺ: ما یدریك لعله کان یتکلم فیما لا یعنیه ویمنع ما لا یضره.

ابو یعلیٰ اور امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں:

قال: قتل رجل علی عهد رسول الله ﷺ شهیدا، فبکت علیه امه وقالت: واشهیداه! فقال النبی ﷺ: وما یدریك انه شهید؟ لعله کان یتکلم فیما لا یعنیه أو یبخل بما لا ینقصه.

آنحضرت ﷺ کے ارشاد کا حاصل یہ ہے کہ تم نے اس شخص کے جنت میں جانے کے بارے میں اس طرح کا یقین کیوں ظاہر کیا ہے؟ ہے۔ (بے شک اس شخص کی ظاہری زندگی بڑی پاکیزہ تھی اور اس کو صحابیت کی سعادت بھی حاصل ہے' لیکن) ہو سکتا ہے کہ اس نے اپنی زبان سے کوئی لایعنی بات نکالی ہو یا بخل کیا ہو۔ جنت کی بشارت تو اس شخص کو سنائی جائے جس کا حساب وعقاب نہ ہو۔ اور جس آدمی نے لایعنی کلام کیا ہوگا، اس سے محاسبہ ہوگا۔ ہو سکتا ہے کہ کلام مباح ہی کیا ہو، لیکن مناقشہ فی الحساب تو باقی ہے، اور مناقشہ ایک طرح کا عذاب ہی ہے۔

اسنادی حیثیت: اس حدیث کے رجال صحیحین کے رجال ہیں، سوائے امام ترمذیؒ کے شیخ سلیمان بن عبد الجبار بغدادی کے، ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے ان کو ثقات میں شمار کیا ہے۔

منذری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس حدیث کو امام ترمذیؒ نے ''غریب'' بتلایا ہے اور اس حدیث کے روای ثقہ ہیں۔ (کذا فی التصحیح)

سب سے بڑا خطرہ زبان

۴۸۴۳: وَعَنْ سُفْیَانَ بْنِ عَبْدُ اللّٰهِ الثَّقَفِیِّ قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اَخْوَفُ تَخَافُ عَلَیَّ قَالَ فَاَخَذَ بِلِسَانِ نَفْسِهٖ وَقَالَ هٰذَا۔ (رواه الترمذی وصححه)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٢٤ الحديث رقم ٢٤١٠ و ابن ماجه فی ٢/١٣١٤ الحديث رقم ٣٩٧٢ والدارمی فی ٢/٣٨٦ الحديث رقم ٢٧١١، واحمد فی المسند ٣/٤١٣۔

ترجمہ: حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! سب سے زیادہ خطرہ والی چیز کیا ہے جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ میں محسوس کرتے ہیں؟ راوی کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی زبان مبارک کو پکڑ کر فرمایا یہ یعنی زبان۔

(ترمذی)

ما اخوف ما تخاف علی کی ترکیب:

پہلا ''ما'' استفہامیہ مبتدا، ''أخوف'' اسم تفضیل مبنی للمفعول، خبر ہے۔ دوسرا ''ما'' موصولہ، عائد محذوف، مضاف الیہ۔ اس ترکیب کے اعتبار سے حدیث کی معنوی تقدیریوں ہوگی: **ای شیء أخوف أشیاء تخاف منها علی.**

امام طیبیؒ نے دوسرے ''ما'' کی ترکیب میں تین احتمال ذکر کئے ہیں:

۱ موصولہ۔ **۲** موصوفہ۔ **۳** مصدریہ۔ **جد جده 'جن جنونه 'خشیت خشیة** کی طرز پر ہے۔

بلسان: باء زائدہ برائے زیادہ تعدیہ ہے۔

قوله: قال هذا: '' هذا'' میں دو ترکیبی احتمال ہیں: **۱** مبتدا ہے۔ **۲** خبر ہے۔ **أی: هذا أكثر خوفی علیك منه.**

''احیاء'' میں فرماتے ہیں: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تمام احادیث میں اپنی امت کے بابت اندیشہ کی اسناد ''زبان'' کی طرف فرمائی ہے۔ چونکہ دیگر اعضاء کے مقابلہ میں زبان کا عمل سب سے عظیم ہے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ کوئی بھی طاعت ومعصیت نہیں مگر یہ کہ اس میں زبان کا دخل ضرور ہوتا ہے۔ جس شخص نے اپنی زبان کو کھلی چھوٹ دے دی اور اس کو بے لگام کر دیا اس کو شیطان ہر میدان میں چلاتا ہے اور اس کو جہنم کے گڑھے تک لے جاتا ہے، لوگوں کو ان کی ناک کے بل جہنم میں لے جانے والی چیز زبان کی کھیتیاں ہی ہیں۔ اور اس کے شر سے وہی شخص محفوظ رہ سکتا ہے، جو اس کو شریعت کی لگام ڈال لے۔ اور اس بات کا علم کہ کسی موقع پر زبان چلانا محمود اور کس موقع پر مذموم ہے انتہائی غامض وکمیاب ہے۔ اور جس کو اس کی معرفت حاصل ہو جائے اس کے لئے مقتضی پر عمل ثقیل وعسیر ہے لیکن جس پر اللہ تعالیٰ آسان کر دے آسان ہے۔

تخریج: امام میرکؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو نسائی وابن ماجہ نے، ابن حبان نے اپنی صحیح میں اور حاکمؒ نے بھی نقل کیا ہے۔ اور فرمایا کہ یہ صحیح الاسناد ہے۔

جھوٹ کی بدبو ایک میل تک

۴۸۴۴ :وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَذَبَ الْعَبْدُ تَبَاعَدَ عَنْهُ الْمَلَكُ مِيْلاً مِنْ نَتَنِ مَاجَآءَ بِهٖ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٣٠٧ الحديث رقم ١٩٧٢۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ جب کوئی شخص جھوٹ بولتا ہے تو اس جھوٹ کی بدبو سے فرشتہ ایک میل کے فاصلہ پر چلا جاتا ہے۔ (ترمذی)

تشریح: "میلا": کی مقدار میں تین آراء ہیں: ❶ ایک تہائی فرسخ۔ ❷ زمین کا ٹکڑا۔ ❸ تا حد نگاہ۔ (ذکرہ ابن الملک)

نتن: اس کا معنی ہے "عفونة" نون کے فتحہ اور تاء کے سکون کے ساتھ: صاحب قاموس فرماتے ہیں: نتن، فرح کی ضد ہے۔ "من": سببیہ ہے۔ "به": باء برائے تعدیہ ہے۔ أی: من نتن الكذب أو جاء لعبد به. ایک نسخہ میں لفظ "عنہ" مؤخر ہے۔

تخریج: الجامع الصغیر میں یہ الفاظ آئے ہیں: اذا كذب العبد كذبة الخ اس کو ترمذیؒ نے اور ابونعیم نے "الحلية" میں ذکر کیا ہے۔

جھوٹ کی مہارت

۴۸۴۵ :وَعَنْ سُفْيَانِ بْنِ اَسَدِ إِلْحَضْرَمِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كَبُرَتْ خِيَانَةً اَنْ تُحَدِّثَ اَخَاكَ حَدِيْثاً هُوَ لَكَ بِهِ مُصَدِّقٌ وَاَنْتَ بِهِ كَاذِبٌ۔ (رواه ابو داؤد)

أخرجه ابو داؤد فی السنن ٥/٢٥٤ الحديث رقم ٤٩٧١۔

ترجمہ: حضرت سفیان بن اسد حضرمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ بہت بڑی خیانت ہے کہ تم اپنے مسلمان بھائی سے کوئی بات کہو جس میں وہ تمہیں سچا خیال کرے حالانکہ تم اس سے جھوٹ بول رہے ہو۔ (ابوداؤد)

راویٔ حدیث:

سفیان بن اسد۔ یہ سفیان بن اسد حضرمی شامی ہیں۔ جبیر بن نفیر نے ان سے روایت کی ہے۔ اہل حمص میں ان کی حدیث مروج ہے۔ "اسد" اکثر کے نزدیک فتحہ ہمزہ اور کسرہ سین کے ساتھ ہیں اور دوسری روایت کے مطابق ضمہ ہمزہ اور فتحہ سین کے ساتھ اور تیسرے قول کے مطابق فتحہ ہمزہ اور فتحہ سین کے ساتھ بغیر یاء کے یعنی اسد سے تعلق رکھتے ہیں۔

تشریح: قوله: كبرت خيانه: "كبرت": با کے ضمہ کے ساتھ بمعنی عظمت.

خيانة: تمیز ہے۔

تحدث أخاك: یہ جملہ بتاویل مصدر ہو کر "كبرت" کا فاعل ہے۔

"كبرت" مؤنث کا صیغہ لانے کی وجہ:

❶ تمیز محول عن الفاعل ہے۔

❷ فاعل "خصلة" یا "فعلة" کی تاویل میں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ معنی کا لحاظ کیا گیا ہے۔ چونکہ تحدیث ہی نفس خیانت ہے۔ اس جملہ میں تعجب کے معنی ہیں جیسا کہ اس آیت کریمہ میں ہے: ﴿کبر مقتا عند اللّٰہ﴾ [الصف۔۳] صاحب کشاف لکھتے ہیں: یہ افصح کلام ہے اور معنی کے اعتبار سے انتہائی بلیغ ہے۔ بایں طور کہ "کبر" میں تعجب کا بیان من غیر لفظہ ہے۔ تعجب کا مطلب ہوتا ہے، سامعین کے دلوں میں معاملہ کی عظمت لانا، چونکہ تعجب ایسی شئے خارج ہی کی وجہ سے ہوتا ہے جو اپنے نظائر واشکال سے خارج ہو۔ چنانچہ معنی یہ ہو گئے: جناية عظيمة منك اذا حدثت أخاك المسلم.

قولہ: وانت به كاذب: ایک روایت میں "لہ" ہے۔ مطلب یہ ہے کہ یوں تو ہر حالت اور ہر موقع پر جھوٹ بولنا بہت برا ہے مگر اس صورت میں تو بہت ہی برا ہے کہ تم اپنے کسی مسلمان بھائی کے اعتماد کو ٹھیس پہنچاؤ بایں طور کہ وہ تو تمہیں سچ بولنے والا سمجھے اور تمہیں سچا مسلمان سمجھتا ہو کہ تم جھوٹ نہیں بولتے مگر تم اس سے جھوٹ بولو۔

تخریج: اس حدیث کو امام بخاریؒ نے "الادب" میں اسی راوی سے نقل کیا ہے اور امام احمد وطبرانیؒ نے نواس سے نقل کیا ہے۔

منافق کیلئے آگ کی دو زبانیں

۴۸۴۶: وَعَنْ عَمَّارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ ذَا وَجْهَيْنِ فِي الدُّنْيَا كَانَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لِسَانَانِ مِنْ نَارٍ۔ (رواه الدارمي)

أخرجه ابو داؤد في السنن ۵/۱۹۱ الحديث رقم ۴۸۷۳، والدارمي في ۲/۴۰۵ الحديث رقم ۲۷۶۴۔

ترجمہ: حضرت عمار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص دنیا میں دو منہ رکھتا ہے یعنی منافق ہے آخرت میں اس کی دو زبانیں آگ کی ہوں گی۔ (دارمی)

تشریح: ذو وجہین سے مراد: دورویہ اصل میں اس آدمی کو کہتے ہیں جو کسی کے حق میں مخلص نہ ہو زبان سے کچھ کہے اور دل میں کچھ رکھے جب کسی کے سامنے بات کرے تو اس طرح کرے کہ مخاطب یہ سمجھے کہ یہ میرا بڑا محب وناصح ہے مگر جب اس کے پیٹھ پیچھے بات کرے تو اس کے علاوہ بات کرے (زبان سے ایسے الفاظ نکالے جو اس کے لئے تکلیف کا باعث ہوں۔)

بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ "دورویہ" اس شخص کو کہتے ہیں جو آپس میں مخاصمت رکھنے والے دو آدمیوں میں سے ہر ایک کی منہ دیکھی بات کرے ایک کے پاس جائے تو اس کی پسند کی باتیں کرے اور وہ یہ سمجھے کہ یہ میرا دوست ہے اسی طرح دوسرے کے پاس جائے تو اس کی پسند کی کہے اور وہ سمجھے کہ یہ میرا دوست ہے غرضیکہ دونوں میں سے ہر ایک کے پاس اس کی محبت ظاہر کرے اور دوسرے کی برائی کرے اسی طرح دونوں ہی اس کے بارے میں غلط فہمی کا شکار رہیں اور ہر ایک یہ سمجھتا ہے کہ یہ میرا دوست، ہمدرد اور مددگار ہے اور میرے مخالف کا دشمن وبدخواہ۔

تخریج: اس حدیث کو ابو داؤدؒ نے ان الفاظ سے نقل کیا ہے: من كان له وجهان الخ. امام میرکؒ، منذریؒ سے نقل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرتے ہوئے فرماتے ہیں: حضرت عثمانؓ کی حدیث ابوداؤد نے نیز ابن حبان نے اپنی صحیح میں نقل کی ہے۔ عراقیؒ کا کہنا ہے کہ حدیث عمار: ''ومن كان له وجهان'' کو امام بخاریؒ نے کتاب ''الادب المفرد'' میں نقل کیا ہے، اور ابوداؤد نے سند حسن کے ساتھ ذکر کیا ہے۔

کامل مؤمن کی چار علامات

۴۸۴۷ :وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ وَلَا بِاللَّعَّانِ وَلَا الْفَاحِشِ وَلَا الْبَذِيِ۔

(رواه الترمذی والبیهقی فی شعب الایمان وفی اخری له ولا الفحش البذی وقال الترمذی هذا حدیث غریب) أخرجه الترمذی فی السنن ٣٠٨/٤ الحدیث رقم ١٩٧٧، واحمد فی المسند ٤٠٥/١ والبیهقی فی الشعب ٢٩٣/٤ الحدیث رقم ٥١٤٩۔

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کامل مؤمن طعنہ زن اور لعنت کرنے والا، فحش گو اور زبان دراز نہیں ہوتا۔ ترمذی، بیہقی اور ایک روایت میں اس طرح ہے کہ نہ فحش گو اور نہ بے حیاء ہوتا ہے۔ ترمذی نے اس حدیث کو غریب کہا ہے۔

تشریح: ''لعان'': کی وضاحت حدیث: ۴۸۲۰ کے ذیل میں ملاحظہ فرمائیے۔

الفاحش: قبیح کلام کو کہتے ہیں، صاحب النہایہ لکھتے ہیں: الفاحش، فحش کام وکلام کرنے والا۔ بعض نے فاحش کے معنی ''شاتم'' بیان کئے ہیں۔ بظاہر یہاں ایسا شتم قبیح مراد ہے جس کا ذکر بھی قبیح ہو۔

البذی: اس لفظ کو دو طرح ضبط کیا ہے:

① بائے موحدہ کے فتحہ ذال معجمہ کے کسرہ اور بائے تحتیہ مشددہ کے ساتھ۔

② بائے مؤحدہ کے فتحہ ذال معجمہ کے کسرہ، بائے تحتیہ مخففہ اور ہمزہ کے ساتھ۔

صاحب النہایہ لکھتے ہیں: البذاء — بالمد فحش گوئی اور بذی اللسان ''فحش گو'' کو کہتے ہیں۔ ہمزہ کے ساتھ پڑھنا قلیل ہے۔ بعض شراح نے ''بذی'' کے معنی ''بے حیاء'' بتلائے ہیں۔

اس لغوی تحقیق کے بعد اب یہ جاننا چاہیے کہ یہاں کونسے معنی مراد ہیں۔

① فاحش سے مراد فحش کام کرنے والا ہے۔ تاکہ تکرار لازم نہ آئے۔

② فاحش کے عام معنی مراد ہیں۔

③ یہاں تخصیص بعد از تعمیم ہے، چونکہ یہ متعدی ہے، لہٰذا زیادتی اہتمام کے پیش نظر اس کو لایا گیا ہے۔

④ عطف تفسیری ہے اور ''لا'' زائدہ ہے اس کی تائید اگلی حدیث سے ہو رہی ہے۔

اسنادی حیثیت: میرکؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کے رجال صحیحین کے رجال ہیں، سوائے ترمذیؒ کے شیخ محمد بن یحییٰ کے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابن حبان اور دار قطنی نے ان کی توثیق کی ہے۔

تخریج: الجامع الصغیر میں فرماتے ہیں: اس حدیث کو احمد نے، بخاری نے اپنی تاریخ میں، ابن حبان نے اپنی صحیح میں اور حاکم نے اپنی مستدرک میں ذکر کیا ہے۔

مؤمن لعان نہیں ہوتا

۴۸۴۸ :وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَايَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ لَعَّانًا وَفِيْ رِوَايَةٍ لَا يَنْبَغِيْ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ يَّكُوْنَ لَعَّانًا۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٣٢٥ الحديث رقم ٢٠١٩، واحمد فی المسند ٢/٣٦٦۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمن لعنت کرنے والا نہیں ہوتا یہ ترمذی کی روایت ہے اور دوسری روایت میں ہے کہ مؤمن کے لئے مناسب نہیں کہ وہ لعنت کرنے والا ہو۔

اس حدیث کی وضاحت کیلئے حدیث: ۴۸۲۰ ملاحظہ فرمائیے۔

تین باتوں سے باز رہو

۴۸۴۹ :وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلَاعَنُوْا بِلَعْنَةِ اللّٰهِ وَلَا بِغَضَبِ اللّٰهِ وَلَا بِجَهَنَّمَ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَلَا بِالنَّارِ۔ (رواه الترمذی وابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ٥/٢١١ الحديث رقم ٤٩٠٦، والترمذی فی ٤/٣٠٨ الحديث رقم ١٩٧٦، واحمد فی المسند ٥/١٥۔

ترجمہ: حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگوں کو اللہ کی لعنت سے اور اللہ کے غضب (کے الفاظ) سے لعنت نہ کرو۔ اور نہ جہنم میں جانے کی بددعا دو۔ اور ایک روایت میں ہے نہ آگ سے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

تشریح: لا تلاعنوا: ایک تاء حذف کر دی گئی ہے۔

مطلب یہ ہے کہ یوں تو کسی صورت میں بھی کسی مسلمان کو اپنے مسلمان بھائی کے حق میں بددعا نہ کرنی چاہئے کہ یہ کوئی اچھی بات نہیں ہے لیکن خدا کی لعنت وغیرہ جیسی چیزوں کی بددعا کرنا تو سخت برا اور گناہ کی بات ہے چنانچہ کسی کے حق میں اس طرح بددعا نہ کرنی چاہئے کہ تجھ پر اللہ کی لعنت ہو یا تجھ پر اللہ کا غضب ٹوٹے یا اللہ کرے تو جہنم میں جائے اور یا اللہ کرے تیرا ٹھکانہ دوزخ ہو۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یعنی کسی کو بھی اللہ کی دوری کی بددعا نہ دی جائے۔ نہ صراحۃً دی جائے، مثل یوں کہا جائے: تجھ پر خدا کی لعنت ہو۔ نہ کنایۃً دی جائے، مثلاً یوں کہا جائے: اللہ کا غضب ہو، تو جہنم میں جائے۔ ''لا تلا عنوا'' یہ کلام مجازی معنی پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محمول ہے، چونکہ بعض افراد میں یہ حقیقۃً ہے اور بعض افراد میں مجازاً ہے۔ اور یہ (حدیث باب) معین کے ساتھ مخصوص ہے۔ چونکہ وصف اعم کے ساتھ لعنت بھیجنا جائز ہے۔ مثلاً جیسے اس آیت کریمہ میں ہے: ﴿لعنة الله على الكافرين﴾ صفت اخص کے ساتھ لعنت بھیجنا بھی جائز ہے۔ جیسے یوں کہنا: لعنة الله على اليهود. اور اس کافر معین پر لعنت بھیجنا بھی جائز ہے جو حالت کفر میں مرا ہو۔ جیسا کہ فرعون اور ابوجہل وغیرہ۔

تخریج: اس حدیث کو حاکم نے بھی ذکر کیا ہے۔ البتہ ان سب کی روایت میں "ولا بالنار" کے الفاظ بھی موجود ہیں۔ (علی ما فی الجامع)

لعنت کرنے والے کی طرف لوٹتی ہے

۴۸۵۰ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا لَعَنَ شَيْئًا صَعِدَتِ اللَّعْنَةُ اِلَى السَّمَآءِ فَتُغْلَقُ اَبْوَابُ السَّمَآءِ دُوْنَهَا ثُمَّ يُهْبَطُ اِلَى الْاَرْضِ فَتُغْلَقُ اَبْوَابُهَا دُوْنَهَا ثُمَّ تَاْخُذُ يَمِيْنًا وَشِمَالًا فَاِذَا لَمْ تَجِدْ مَسَاغًا رَجَعَتْ اِلَى الَّذِیْ لُعِنَ فَاِنْ كَانَ لِذَالِكَ اَهْلًا وَاِلَّا رَجَعَتْ اِلَى قَآئِلِهَا۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه ابو داؤد فی السنن ۵/۲۱۱ الحديث رقم ۴۹۰۵۔

ترجمہ: حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جب کوئی بندہ کسی چیز پر لعنت کرتا ہے تو وہ لعنت آسمان کی طرف جاتی ہے آسمان کے دروازے اس کے لئے بند کر دیئے جاتے ہیں۔ پھر وہ زمین کی طرف لوٹتی ہے تو زمین کے دروازے بھی بند کر دیے جاتے ہیں پھر وہ دائیں، بائیں گردش کرتی ہے جب وہ کوئی ٹھکانہ نہیں پاتی تو وہ اسی آدمی کی طرف لوٹتی ہے جس پر وہ کی گئی ہوتی ہے۔ اگر وہ مستحق تھا تو فبہا' ورنہ لوٹ کر کہنے والے کی طرف آجاتی ہے۔ (ابوداؤد)

تشریح: صعدت: عین کے کسرہ کے ساتھ از باب سمع۔

فتغلق: اغلاق مصدر سے مضارع مجہول کا صیغہ ہے۔ ثلاثی مجرد سے اس مادہ کا استعمال ہلکا پن ہے یا غلق میں ردی لغت ہے۔ (قاموس) ہاں لام کی تشدید کے ساتھ پڑھنا جائز ہے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان بھی اسی سے ہے: ﴿وغلقت الأبواب﴾ [یوسف:۲۳] دونها: یہاں "دون" بمعنی "قدام" ہے تهبط: بائے موحدہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ بمعنی تنزل۔

مساغًا: میم کے فتحہ کیساتھ ہے۔ ساغ الشراب فی الحلق، (مشروب کا باآسانی حلق میں اترنا) سے ماخوذ ہے۔

لعن: صیغہ مجہول کیساتھ ہے۔

ان كان لذلك اهلا: یہ جملہ شرطیہ ہے۔ اس کی جزاء "لحقته ونفذت فيه" محذوف ہے۔

"و الا": کی یہاں اصل تقدیری عبارت یوں ہے: ان لم يكن اهلا لها.

ابن الملکؒ فرماتے ہیں لعنت کا آسمانوں میں اور پھر دائیں بائیں جانا اس شخص کی مانند ہے جو بھٹک گیا ہو، اور اس کو دائیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بائیں کہیں بھی کوئی بھی راستہ نہ ملتا ہو۔

اسنادی حیثیت: امام ابو داؤدؒ نے اس روایت پر سکوت اختیار کیا ہے۔ منذریؒ نے اس سکوت کو برقرار رکھا ہے۔ اس حدیث کے رجال ثقہ ہیں۔ (نقلہ میرکؒ عن التصحیح)

ہوا پر لعنت نہ کرو

۴۸۵۱: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا نَازَعَتْهُ الرِّيْحُ رِدَاءَهٗ فَلَعَنَهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَلْعَنْهَا فَاِنَّهَا مَاْمُوْرَةٌ وَاِنَّهٗ مَنْ لَعَنَ شَيْئًا لَيْسَ لَهٗ بِاَهْلٍ رَجَعَتِ اللَّعْنَةُ عَلَيْهِ۔

(رواه الترمذی وابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۲۱۲/۵ الحدیث رقم ۴۹۰۸، والترمذی فی ۳۰۹/۴، الحدیث رقم ۱۹۷۸۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص کی چادر ہوا میں اڑ گئی تو اس نے ہوا پر لعنت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہوا پر لعنت نہ کرو کیونکہ وہ تو حکم کے تابع ہے اور جو شخص کسی ایسی چیز پر لعنت کرے جو اس کی مستحق نہ ہو تو وہ لعنت اسی پر لوٹ آتی ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

تشریح: "انه": ضمیر شان ہے۔ "لیس" کی ضمیر "شیء" کی طرف لوٹ رہی ہے۔ "له" کا مرجع لعنة ہے۔ "علیه" کی ضمیر "لاعن" کی طرف عائد ہے۔

قوله: فانها ماموره:

ہوا بذاتِ خود کوئی حیثیت نہیں رکھتی اور نہ کسی طرح کا تصرف کرنے کے قابل ہے وہ تو چلنے پر منجانب اللہ مامور کی گئی ہے اور حق تعالیٰ نے اپنی حکمتوں اور مصالح کے تحت اس کو پیدا کیا اور چلایا ہے بس اس کا کام چلنا ہے اور وہ چلتی ہے۔ اس صورت میں اگر اس کی وجہ سے کسی کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اس ہوا سے دل برداشتہ ہونا اور اس کو برا بھلا کہنا نہ صرف نہایت ناموزوں بات ہے بلکہ تقاضائے عبودیت اور استقامت کے منافی بھی ہے۔

امام میرکؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو ابن حبان نے بھی اپنی صحیح میں ذکر کیا ہے۔

میں صاف سینہ لے کر آنا چاہتا ہوں

۴۸۵۲: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُبَلِّغْنِيْ اَحَدٌ مِنْ اَصْحَابِيْ عَنْ اَحَدٍ شَيْئًا فَاِنِّيْ اُحِبُّ اَنْ اَخْرُجَ اِلَيْكُمْ وَاَنَا سَلِيْمُ الصَّدْرِ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۱۸۳/۵ الحدیث رقم ۴۸۶۰ والترمذی ۶۶۷/۵ الحدیث رقم ۳۸۹۷، واحمد فی المسند ۳۹۶/۱۔

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے کسی کی طرف سے کوئی دوسرا بات نہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پہنچائے میں چاہتا ہوں کہ میں تمہارے پاس صاف سینہ لے کر آؤں۔ (ابوداؤد)

تشریح: لا یبلغنی: کو باب افعال و تفعیل دونوں سے پڑھا گیا ہے۔ علاوہ ازیں مرفوع و مجزوم دونوں طرح سے منقول ہے۔ مرفوع پڑھنے کی صورت میں یہ خبر بمعنی نہی ہوگی۔

من اصحابی: ''من'' بیانیہ ہے۔ ''احد'' کا بیان ہے۔

عن أحد: میں عموم ہے، صحابی اور غیر صحابی مسلمان دونوں شامل ہیں۔

شیئا: میں بھی عموم ہے۔ تمام اقوال و افعال کو شامل ہے، مثلاً یہ کہ کسی کے بارے میں یوں کہنا کہ اس نے مجھے برا بھلا کہا ہے یا تکلیف پہنچائی ہے یا اس کے بارے میں کوئی بھی ایسی بات نہ کرے کہ جس میں اس کی برائی ظاہر ہوتی ہو یا میرے نزدیک ناپسندیدہ ہو اور میں اس پر غصہ کروں۔

قولہ: وانا سلیم الصدر: یہ جملہ حالیہ ہے۔

ابن الملکؒ فرماتے ہیں: مطلب یہ ہے کہ اس ارشاد کے ذریعہ آنحضرت ﷺ نے گویا اپنی اس خواہش کا اظہار فرمایا ہے کہ آپ ﷺ اپنے صحابہ سے خوش و راضی رہتے ہوئے اس دنیا سے رخصت ہوں۔ کسی سے بھی ناراض یا ناخوش ہوتے ہوئے اس دنیا سے رخصت نہ ہوں۔

اس ارشاد گرامی میں امت کے لئے تعلیم ہے (کہ کوئی آدمی اپنے کسی بڑے مثلاً حاکم و سردار اور بزرگ و شیخ کے سامنے کسی شخص کی برائی بیان نہ کرے تاکہ بغض و عداوت اور ناراضگی و خفگی کی صورت پیدا نہ ہو۔)

اگر یہ بات سمندر میں ملائیں تو وہ متغیر ہو جائے

۴۸۵۳: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَسْبُكَ مِنْ صَفِيَّةَ كَذَا وَكَذَا تَعْنِي قَصِيرَةً فَقَالَ لَقَدْ قُلْتِ كَلِمَةً لَوْ مُزِجَ بِهَا الْبَحْرُ لَمَزَجَتْهُ۔ (رواہ احمد والترمذی ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد في السنن ۵/۱۹۲ الحديث رقم ۴۸۷۵، والترمذي في ۴/۵۷۰ الحديث رقم ۲۵۰۲ واحمد في المسند ۶/۱۸۹۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ صفیہ کی جانب سے آپ کے لئے یہ بات کافی ہے کہ وہ ایسی ایسی ہے یعنی پستہ قد۔ آپ ﷺ نے فرمایا تو نے ایسی بات کہی ہے کہ اگر وہ سمندر میں ملا دی جائے تو وہ اسے متغیر کر دے گا۔ (احمد، ترمذی، ابوداؤد)

تشریح: قولہ: حسبك من صفية كذا و كذا تعني قصيرة: مشکوۃ کے تمام نسخوں میں عبارت اسی طرح ہے۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ یہ مصابیح میں تحریف ہے، درست الفاظ یوں ہیں: **حسبك من صفيه أنها كذا و كذا۔**

تعنی قصیرۃ

'' کذا کذا'' کے الفاظ کے ذریعہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے کچھ جسمانی عیب کی طرف اشارہ تھا (ان کے قد کی کوتاہی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو کنایۃً بیان کرنا مقصود تھا)۔

جب کہ ایک شارح نے کہا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے ان الفاظ ''کذا کذا'' کے ذریعہ دراصل اپنی بالشت کی طرف اشارہ کیا کہ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا تو گویا بالشت بھر کی ہیں۔

کہ لفظ ''کذا'' کو مکرر لانا یہ ظاہر کرتا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا مقصد حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے اس عیب کو زبان اور اشارہ دونوں ذریعوں سے بیان کرنا تھا۔ چنانچہ ہوسکتا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے پہلے تو اپنی زبان سے کہا ہوگا کہ صفیہ ٹھگنی ہیں اور پھر اپنی بالشت کا اشارہ کر کے اپنی بات کو مؤکد کیا کہ وہ بہت ہی ٹھگنی ہیں۔ حضرت عائشہؓ نے اپنے قول وفعل دونوں کے ذریعہ تاکید کرنا تھا۔

قولہ: لقد قلت کلمة لو مزج بها البحر لمزجته: قاضیؒ فرماتے ہیں: حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مذکورہ ارشاد گرامی کے ذریعے گویا ان پر یہ واضح کیا کہ تم نے جو بات کہی ہے وہ کوئی معمولی درجہ کی نہیں ہے بلکہ اپنے نتیجہ کے اعتبار سے اس قدر ہیبت ناک ہے کہ اگر بالفرض اس کو کسی دریا میں ملا دیا جائے تو دریا اس کے سامنے ہیچ ہو جائے اور یہ چند الفاظ اس دریا کی وسعت وعظمت کے باوجود اس پر غالب آ جائیں اور اس کو متغیر کر دیں اور جب ان الفاظ کے مقابلہ پر دریا کا یہ حال ہے تو سوچو کہ تمہارے اعمال کا کیا حشر ہوسکتا ہے۔

تنبیہ: تورپشتیؒ فرماتے ہیں: مصابیح کی حدیث میں تحریف ہوئی ہے۔ درست الفاظ یوں ہے:

''لو مزجت بالبحر لمزجته''

امام طیبیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث اسی طرح وارد ہے جس طرح مصابیح میں ہے اور یہی متن سنن ابی داؤد کے تصحیح شدہ نسخے میں بھی موجود ہے۔ غلطی کا وقوع روایتاً نہیں' درایتہً ہوا ہے' چونکہ یوں نہیں کہا جاتا: مزج بها البحر' بلکہ (یوں کہا جاتا ہے) مذجت بالبحر۔

حیاء زینت ہے

۴۸۵۴: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَ الْفُحْشُ فِيْ شَيْءٍ اِلَّا شَانَهٗ وَمَا كَانَ الْحَيَاءُ فِيْ شَيْءٍ اِلَّا زَانَهٗ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٣٠٧ الحديث رقم ١٩٧٤ و ابن ماجه فی ٢/١٤٠٠ الحديث رقم ٤١٨٥، واحمد فی المسند ٣/١٦٥۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس چیز میں بے حیائی ہو وہ اسے عیب دار بنا دیتی ہے اور جس چیز میں حیاء ہو وہ اسے زینت دیتی ہے۔ (ترمذی)

تشریح: زیادہ ظاہر یہ ہے کہ اس حدیث میں ''فحش'' سے مراد ''عنف'' ہے۔ جیسا کہ عبد بن حمید اور ضیاء عن انس کی حدیث میں ہے: ما كان الرفق فی شیء الا زانه ولا العنف من شیء الا شانه۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

" فی شیء": امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اس کلام میں مبالغہ ہے۔ أی لو قدر أن یکون الفحش او الحیاء فی جماد لزانه او شانه، فکیف بالانسان؟ ۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ "شیئ" سے مراد ایسی شیئ ہو جس میں فحش وحیا متصور ہو سکتے ہوں، تو گویا کہ یوں فرمایا گیا ہے۔: ما کان فی احد.

حاصل کلام: فحش یعنی بدگوئی وسخت کلامی اور اس کے مقابلہ پر حیا یعنی نرم گوئی کی تاثیر وشان کو مبالغہ کے طور پر ذکر کیا گیا ہے کہ اگر بالفرض فحش یا حیا کسی پتھر یا لکڑی میں پیدا ہو جائے تو اس کو عیب دار یا باز ینت بنا دے اس سے معلوم ہوا کہ بدگوئی و سخت کلامی شخصیت میں نقص وعیب پیدا کرنے کا ذریعہ ہے جب کہ نرم گوئی وخوش کلامی شخصیت میں وقار کو ظاہر کرتی ہے۔

تخریج: امام میرکؒ کا کہنا ہے کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔ الجامع الصغیر کی تصریح کے مطابق اس حدیث کو امام احمد نے، امام بخاریؒ نے "الأدب" میں، اور امام ترمذی وابن ماجہ نے بھی نقل کیا ہے۔ لیکن دونوں جگہ " فی شیء " کے بعد "قط" کا اضافہ نقل کیا گیا ہے۔

کسی کو گناہ پر عار مت دلاؤ

۴۸۵۵: وَعَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ مُعَاذٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَيَّرَ اَخَاهُ بِذَنْبٍ لَمْ يَمُتْ حَتّٰى يَعْمَلَهٗ يَعْنِيْ مِنْ ذَنْبٍ قَدْ تَابَ مِنْهُ۔

(رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب ولیس اسناده بمتصل لان خالدا لم یدرك معاذبن جبل)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٥٧١ الحدیث رقم ٢٥٠٥۔

ترجمہ: حضرت خالد بن معدانؒ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے کسی گناہ پر اپنے بھائی کو عار دلائی تو وہ اس وقت تک نہ مرے گا یہاں تک کہ وہ گناہ نہ کرلے یعنی وہ گناہ جس پر عار دلائی ہے۔ امام ترمذی نے اسے غریب کہا ہے اور سند بھی متصل نہیں کیونکہ خالد کی معاذ بن جبل سے ملاقات ثابت نہیں۔

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا زمانہ نہ پانے کی وجہ:

تشریح: خالد بن معدان نے ستر صحابہ کو پایا ہے۔ ان ستر صحابہ میں معاذ شامل نہیں ہیں۔ چونکہ ان کی وفات ۱۸ھ میں ہوئی۔ وگرنہ تو صحت اتصال کیلئے "معاصرت" بھی کافی ہے۔ جب کہ امام بخاریؒ اور ان کے متبعین کے نزدیک "لقاء" بھی ضروری ہے۔

احیاء میں ایک روایت ذکر کی ہے: قال اعرابی لرسول الله ﷺ: اوصنی. فقال: علیك بتقوی الله وان امرؤ عیرك بشیء یعلمه فیك فلا تعیره بشیء تعلمه فیه یکن وباله علیه واجره لك.

امام ترمذیؒ نے اس روایت کو اگرچہ غریب کہا ہے لیکن عراقی کہتے ہیں کہ اس روایت کو احمد اور طبرانی نے جید سند کے ساتھ ابی جری ہجیمی نقل کیا ہے۔ بعض حضرات کا کہنا ہے کہ ان کا نام جابر بن سلیم تھا۔ بعض نے اس کے برعکس سلیم بن جابر بتایا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسلمان کو مصیبت میں دیکھ کر خوش نہ ہو

۴۸۵۶: وَعَنْ وَاثِلَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُظْهِرِ الشَّمَاتَةَ لِاَخِيْكَ فَيَرْحَمُهُ اللّٰهُ وَيَبْتَلِيْكَ۔ (رواه الترمذی وقال هذا حديث حسن غريب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٥٧١ الحديث رقم ٢٥٠٦۔

ترجمہ: حضرت واثلہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنے بھائی کو مصیبت میں دیکھ کر خوش نہ ہوا کرو ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرمائے اور تمہیں اس میں مبتلا کر دے۔ ترمذی نے اسے حسن غریب کہا ہے۔

تشریح: قوله: لاتظهر الشماته :"شماتت " کہتے ہیں دشمن کے غم سے خوشی کرنا۔ (ذلیل ورسوا کرنے کے لئے) فیرحمه الله دوطرح سے پڑھا گیا ہے:

- جواب نہی ہونے کی وجہ سے منصوب پڑھا گیا ہے۔
- ایک نسخہ میں مرفوع پڑھا گیا ہے۔" یبتلیك" کے عطف سجع کی رعایت کے مناسب حال تو یہی ہے۔

ایک اور حدیث میں اس سے ملتا جلتا مفہوم وارد ہوا ہے:" واللّٰه لا يغفر اللّٰه لك أبدا کے قائل شخص کے جواب میں اللہ تعالیٰ اس گناہ گار شخص سے فرمائے گا۔ أدخل الجنة برحمتي،اور دوسرے سے فرمائے گا: تستطيع أن تحظر عن عبدی رحمتی.

"الاحیاء" کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: فيعافيه اللّٰه ويبتليك.

عراقیؒ کا کہنا ہے، کہ اس حدیث کو امام ترمذیؒ نے واثلة ابن الأسقع سے روایت کیا ہے۔ اور ابن ابی الدنیا کی روایت میں "فیرحمه اللّٰه" ہے۔

کسی کے طریقہ پر چلنا مجھے ناپسند ہے

۴۸۵۷: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ ﷺ مَا اُحِبُّ اَنِّيْ حَكَيْتُ اَحَدًا وَاَنَّ لِيْ كَذَا كَذَا۔

(رواه الترمذی وصححه)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٥٧ الحديث رقم ٢٥٠٣، واحمد فی المسند ٦/ ١٢٨

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں کسی کے طریقے پر چلنا ناپسند کرتا ہوں اگرچہ مجھے اتنا کچھ دیا جائے۔ ترمذی نے اسے صحیح کہا ہے۔

تشریح: "حکیت":"یا حکمت" بمعنی "حاکیت" ہے۔ چنانچہ النہایہ میں ہے: ای فعلت مثل فعله يقال: حكاه و حاكاه۔ (یعنی دونوں ابواب سے ایک ہی معنی میں مستعمل ہے۔) اکثر و بیشتر فعل قبیح کی نقل اتارنے کے معنی میں از باب مفاعلہ ہی آتا ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہاں فعل حسن کی نقل اتارنے کے معنی پر محمول کیا جائے، تو مفید "مبالغہ" ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ان لی کذا و کذا، یہ جملہ حالیہ ہے۔ بطور تتمیم معنی اور مبالغہ کے ذکر کیا گیا ہے۔ أی: ما أحب أن أحاکی أحدا ولو أعطیت کذا و کذا من الدنیا. اھ۔ اس پر اشکال ہے وہ یہ کہ تمام اصول معتمدہ میں ''ان'' ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ مروی ہے۔ بظاہر یہ ماقبل والے ''انی'' پر عطف ہے۔ أی: انی ما أحب الجمع بین المحاکاۃ، وحصول کذا و کذا من الدنیا وما فیھا بسبب المحاکاۃ فانھا امر مذموم.

تخریج: الجامع الصغیر میں یہ الفاظ آئے ہیں: ما أحب انی حکیت انسانا الخ. اس حدیث کو ابوداؤدؒ اور ترمذیؒ نے نقل کیا ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ کسی کی نقل اتارنا خواہ قولی ہو یا فعلی حرام اور غیبت محرمہ میں داخل ہے۔ مثلاً بتکلف لنگڑا بننا، سر جھکا کر چلنا وغیرہ۔

رحمت الٰہی کو تنگ مت کرو

۴۸۵۸: وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ جَآءَ اَعْرَابِیٌّ فَاَنَاخَ رَاحِلَتَهٗ ثُمَّ عَقَلَهَا ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلّٰی خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا سَلَّمَ اَتٰی رَاحِلَتَهٗ فَاَطْلَقَهَا ثُمَّ رَکِبَ ثُمَّ نَادٰی اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِیْ وَمُحَمَّدًا وَلَا تُشْرِكْ فِیْ رَحْمَتِنَا اَحَدًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتَقُوْلُوْنَ هُوَ اَضَلُّ اَمْ بَعِیْرُهٗ اَلَمْ تَسْمَعُوْا اِلٰی مَاقَالَ قَالُوْا بَلٰی۔

(رواہ ابوداؤد وذکر حدیث ابی ھریرۃ کَفٰی بِالْمَرْءِ کَذِبًا فی باب الا عتصام فی الفصل الاول)

أخرجه ابو داؤد فی السنن ۱۹۸/۵ الحدیث رقم ٤٨٨٥، واحمد فی المسند ۳۱۲/٤۔

ترجمہ: حضرت جندب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک اعرابی آیا اور اس نے اونٹ بٹھایا پھر اسے باندھا پھر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا میں مسجد میں آ کر نماز ادا کی اس نے سلام پھیرا اور اپنی سواری کو کھولا اور اس پر سوار ہو کر چل دیا پھر اس نے یہ دعا کی اے اللہ مجھ پر اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحم فرما اور ہماری رحمت میں کسی اور کو حصہ نہ دے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا کیا خیال ہے کہ یہ دیہاتی زیادہ بے خبر ہے یا اس کا اونٹ؟ کیا تم نے اس کی بات نہیں سنی۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کیوں نہیں! (ابوداؤد) روایت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ باب الاعتصام کی فصل اول میں گزری جس کی ابتداء اس طرح ہے: کَفٰی بِالْمَرْءِ کَذِبًا۔

تشریح: قولہ: جاء اعرابی: ''أعرابی'': ''اعراب'' کا واحد ہے۔ عرب کا دیہاتی باشندہ أتقولون: صاحب النھایۃ لکھتے ہیں: ای أتظنون (یعنی یہاں ''قول''، ''ظن'' کے معنی میں ہے۔ أضل: بمعنی ''أجھل'' اس جملہ میں تنبیہ ہے کہ یہ شخص اس بات کا مستحق ہے کہ اس کے بارے میں وہ بات کہی جائے جو آپؐ نے ارشاد فرمائی۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: أیدوردون التر دید فی ظنکم ولا یقول ما قال الاحاھل باللہ وسعۃ رحمۃ حیث یحجر الواسع۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: وذكر حديث ابو هريرة كذبا في باب الا عتصام في الفصل الاول:

حضرت ابو ہریرہ کی وہ حدیث مکمل یوں ہے: كفى بالمرء كذبا ان يحدث لكل ما سمع اور اولیٰ یہ تھا کہ یوں فرماتے: في الفصل الاول من باب الاعتصام۔ حدیث کو باب الاعتصام کے مقابلہ میں یہاں ذکر کرنا بھی مناسب تھا۔ پس یہ اعتذار جو اعتراض کو متضمن ہے خود ان ہی پر رد ہے۔

تخریج: اس حدیث کے رواۃ صحیحین کے رجال ہیں۔ سوائے ابوعبداللہ ہشمی کے، جو جندب سے روایت نقل کر رہے ہیں۔ ابوداؤد کے علاوہ اور کوئی بھی ان سے روایت نہیں کرتا۔ اور نہ ان کے بارے میں کسی نے کلام کیا ہے۔

(كذا نقله ميرك عن التصحيح)

اس حدیث کو بخاریؒ، ابوداؤدؒ اور ابن ماجہؒ نے روایت کیا ہے۔ میرکؒ فرماتے ہیں: سب نے اس حدیث کو ابو ہریرہؓ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے: ان اعرابيا دخل المسجد فصلى فيه ثم دعا فقال: اللهم ارحمني ومحمدا ولا ترحم معنا أحدا، فقال النبي ﷺ: لقد تحجرت واسعا. صاحب ''النہایہ'' اس کے معنی بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: یعنی تو نے اس شے کو تنگ کر دیا جس کو اللہ نے وسیع کیا تھا۔

اس دیہاتی نے چونکہ اپنی دعا میں اللہ تعالیٰ کی رحمت کو مخصوص و محدود کر دیا تھا اس لئے آنحضرت ﷺ نے اپنے مذکورہ الفاظ کے ذریعہ گویا اس پر ناراضگی کا اظہار فرمایا۔ لہٰذا معلوم ہوا کہ دعا میں اپنے مطلوب کو اس طرح محدود و مخصوص نہ کرنا چاہئے۔ یعنی یہ دعا نہ مانگنی چاہئے کہ فلاں بات بس ہمارے ہی لئے ہو دوسرے کے لئے نہ ہو بلکہ اس میں تمام مؤمنین و مؤمنات کو داخل کرنا چاہئے۔

فاسق کی تعریف سے عرش کانپ اٹھتا ہے

۴۸۵۹: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مُدِحَ الْفَاسِقُ غَضِبَ الرَّبُّ تَعَالٰى وَاهْتَزَّلَهُ الْعَرْشُ ۔ (رواه البيهقي في شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٤/ ٢٣٠ الحديث رقم ٤٨٨٦۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب فاسق کی تعریف کی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے اور اس سے عرش کانپ اٹھتا ہے۔ (بیہقی)

تشریح: اپنے ظاہری مفہوم پر محمول ہے کہ جب کسی فاسق و فاجر کی تعریف کی جاتی ہے تو عرش الٰہی واقعتاً کانپنے لگتا ہے اور قریب ہوتا ہے کہ حرکت میں آجائے اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے غصہ کی عظمت کے اثر کی ہیبت سے ریت کی طرح تہہ بتہہ ہو جائے۔ اور اس کی نظیر یہ فرمان جل شانہ: ﴿تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا﴾ [مریم: ۹۰۔ ۹۱] ''قریب ہے کہ اس (افترا) سے آسمان پھٹ پڑیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ پارہ پارہ ہو کر گر پڑیں کہ انہوں نے خدا کے لئے بیٹا تجویز کیا۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام طیبیؒ فرماتے ہیں "ابتزاز عرش" ایک امر عظیم کے وقوع سے عبارت ہے۔ یعنی ان الفاظ کے ذریعہ اس بات کو بطور کنایہ بیان کرنا مقصود ہے کہ فاسق کی تعریف وتوصیف ایک بہت ہی ہیبت ناک بات اور انتہائی سنگین برائی ہے اور اس ہیبتناکی کی وجہ بالکل ظاہر ہے کیونکہ جب کوئی شخص کسی فاسق کی تعریف میں رطب اللسان ہوتا ہے تو اس کا صاف مطلب یہ ہوتا ہے کہ تعریف کرنے والا گویا ان اوامر وافعال سے راضی اور خوش ہے جو اس فاسق کی زندگی میں پائے جاتے ہیں) بلکہ عجب نہیں کہ تعریف کرنے والا کفر کی حد میں داخل ہو جائے کیونکہ فاسق کی تعریف اس کو اس مقام تک لے جا سکتی ہے۔ جہاں وہ حرام کو حلال جاننے لگے اس سے معلوم ہوا کہ بے عمل اور دنیادار علماء گمراہی، شعراء اور ریاکار وپیشہ ور قراء کی مدح وتعریف کرنا بھی اس حکم میں داخل ہے نیز اس سے یہ بھی واضح ہو جاتا ہے کہ جب فاسق کی مدح وتعریف کرنے کا یہ حال ہے تو ظالم کی تعریف وتوصیف میں رطب اللسان ہونا کسی درجہ ہیبت ناک برائی ہوگی حالانکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ﴾ [ھود: ۱۱۳] نیز اس سے بچنا اس صورت میں ممکن ہے جب کہ ان لوگوں کی صحبت وہم نشینی سے اجتناب کیا جائے۔

امام زہری رحمۃ اللہ علیہ کے نام ایک خط:

امام زہریؒ نے جب سلاطین کے ساتھ میل ملاپ شروع کر دیا تو ان کو ان کے ایک دینی بھائی نے یہ خط لکھا:

اے ابوبکر! اللہ ہمیں اور تجھے فتنوں سے عافیت عطاء فرمائے۔ آپ ایسے حال کو پہنچ گئے ہیں کہ جس کو بھی پتہ چلے اس کو چاہئے کہ وہ آپ کیلئے دعا کرے، اور آپ کے لئے رحم مانگے، آپ بوڑھے کھوسٹ ہو گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب کی آپ کو فہم عطا کی، اور آپ کو اپنے نبی کی سنت سکھلائی، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿لتبيننه للناس ولا تكتمونه﴾ [آل عمران۔ ۱۸۷] جان لو! آسان سے آسان کام کہ جس کا آپ نے ارتکاب کیا اور ہلکی سے ہلکی چیز جو آپ نے اٹھائی وہ یہ ہے کہ آپ نے ظالم کی وحشت سے انس پالیا ہے۔ اور گمراہی کا راستہ آسان کر لیا ہے، ایسے شخص کے قرب کے ذریعے کہ جو کوئی حق ادا نہیں کرتا، اس نے آپ کو جب سے قریب کیا کوئی باطل کام نہیں چھوڑا۔ تمہیں ایسا قطب بنا لیا ہے، کہ جس کے گرد ان کے باطل کی چکی گھومتی ہے، تمہیں ایسا پُل بنا لیا ہے کہ جس کو عبور کر کے وہ اپنی بلاؤں تک پہنچ رہے ہیں۔ تمہیں ایسی سیڑھی بنا لیا ہے، کہ جس پر چڑھ کر وہ اپنی گمراہیوں تک پہنچ رہے ہیں۔ آپ کے ذریعہ سے علماء کو مشکوک کیا جا رہا ہے۔ آپ کے ذریعہ جاہلوں کے دلوں کو اپنی طرف کھینچ رہے ہیں، پس دو کس قدر تھوڑا ہے جو انہوں نے آپ کے لئے آباد کیا ہے بنسبت اس کے جو انہوں نے آپ کا خراب کیا ہے، اور وہ کتنا زیادہ ہے جو انہوں نے آپ سے لیا بنسبت اس کے جو انہوں نے آپ کے دین میں بگاڑ پیدا کیا۔ اب اس سے مأمون نہیں رہے کہ آپ کا شمار بھی ان لوگوں میں ہو، کہ جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿فخلف من بعده خلف اضاعوا الصلوٰة واتبعوا الشهوات فسوف يلقون غيا﴾ [مریم۔ ۵۹] آپ اپنے دین کی دوا دارو کریں، آپ کے دین میں سقم داخل ہو گیا ہے، اور آپ کا توشہ کمزور پڑ گیا ہے۔ دور کا سفر آن حاضر ہوا، آسمان وزمین کی کوئی بھی چیز اللہ تعالیٰ پر مخفی نہیں۔ والسلام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مؤمن میں خیانت وجھوٹ نہیں

۴۸۶۰: وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُطْبَعُ الْمُؤْمِنُ عَلَى الْخِلَالِ كُلِّهَا اِلَّا الْخِيَانَةَ وَالْكَذِبَ۔ (رواه احمد)

أخرجه احمد فی المسند ۵/۲۵۲۔

ترجمہ: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمن تمام (اچھی) خصلتوں پر پیدا کیا گیا ہے سوائے خیانت اور جھوٹ کے۔ (احمد)

تشریح: یطبع: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔ای یخلق ویجبل۔ ''خلا'' بمعنی خصال' اور اسی کے وزن پر ہے۔یعنی مؤمن جھوٹ اور خیانت کے سوا ہر طرح کے تمام اخلاق ذمیمہ خصلت پر پیدا کیا جاسکتا ہے۔ چونکہ کلام اسی کے بارے میں ہے۔ یا ہر طرح کی خصلت سے مراد اعم معنی ہے۔

صاحب النہایہ لکھتے ہیں: یطبع علیها ای یخلق ۔ والطباع ما رکب فی الانسان من جمیع الاخلاق التی لایکاد یزا ولها من الخیر والشر۔ الخیانة والکذب دونوں منصوب ہیں۔ (اوران بمعنی غیر ہے۔) ای غیرھما۔

اس ارشاد گرامی کا مقصد یہ واضح کرنا ہے کہ کامل مؤمن میں یہ دو خصلتیں نہیں ہوسکتیں بلکہ اس کے اجزاء ترکیبی میں صدق و امانت کے اوصاف ہوتے ہیں جو تصدیق وایمان کا تقاضا ہیں اس لئے اللہ جل شانہ نے (اس آیت) بصیغۂ حضرت ارشاد فرمایا: ﴿اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ﴾ [النحل: ۱۰۵] ''جھوٹ' افترا تو وہی لوگ کیا کرتے ہیں جو خدا کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے اور وہی جھوٹے ہیں۔'' ای الکلاملون فی الکذب أو المجبولون علیه۔ امام احمد اور بیہقی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے: لا ایمان لمن لا أمانة له۔ پس مؤمن سے جو جھوٹ صادر ہوتی ہے وہ اس کی طبیعت کے عارضی یا اس ارشاد گرامی کی مراد مؤمن کی ذات میں ان دونوں خصلتوں کی مبالغہ کے ساتھ نفی کرنا مقصود ہے (یعنی یہ بیان کرنا مقصود ہے کہ مؤمن جو ایمان کے بار امانت کا حامل ہے ان دو خصلتوں میں مبتلا نہیں ہوسکتا) خیانت اور جھوٹ یہ دونوں برائیاں درحقیقت مؤمن کے منافی ہیں۔ چونکہ ''ایمان'' امن سے ماخوذ ہے۔ اور اس کی حقیقت یہ ہے کہ وہ تکذیب ومخالفت سے مأمون ہو۔ اور دوسری وجہ یہ کہ مؤمن اللہ تعالیٰ کی امانت کا حامل ہوتا ہے لہٰذا مناسب وضروری یہی ہے کہ وہ امین ہونا کہ خائن۔

۴۸۶۱: وَالْبَيْهَقِيُّ وَفِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ۔

أخرجه البيهقی فی شعب الايمان ٤/٢٠٧ الحديث رقم ٤٨٠٩٠۔

یہ روایت بیہقی نے شعب الایمان میں سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے۔

قوله: والبیهقی: بعض نسخوں میں ''ورواه بیهقی'' کے الفاظ ہیں، یہ زیادہ واضح ہے۔

الجامع الصغیر کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: یطبع المؤمن علی کل خلق لیس الخیانه والکذب. اس روایت کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے شعب الایمان میں ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے۔

مؤمن جھوٹا نہیں ہوسکتا

۴۸۶۲: وَعَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ اَنَّهٗ قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ جَبَانًا قَالَ نَعَمْ فَقِيْلَ لَهٗ اَيَكُوْنُ بَخِيْلًا قَالَ نَعَمْ فَقِيْلَ لَهٗ يَكُوْنُ الْمُؤْمِنُ كَذَّابًا قَالَ لَا۔

(رواه مالك والبيهقي في شعب الايمان مرسلا)

أخرجه مالك في الموطأ ٢/٩٩٠ الحديث رقم ١٩من كتاب الكلام، واحمد في المسند ٢٨٨ والبيهقي في شعب الايمان ٤٠/٢٠٧ الحديث رقم ٤٨٣٢۔

ترجمہ: حضرت صفوان بن سلیم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ کیا مؤمن بزدل ہوسکتا ہے؟ فرمایا ہاں! پھر عرض کیا گیا مؤمن کنجوس وبخیل ہوسکتا ہے؟ فرمایا: جی ہاں! پھر عرض کیا گیا مؤمن جھوٹا ہوسکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں! مالکؒ نے بیہقی سے شعب الایمان میں مرسل روایت کی ہے۔

تشریح: جبانا: جیم کے فتحہ اور بائے موحدہ کی تخفیف کے ساتھ ہے۔ یہ ''شجاع'' کا متضاد ہے۔ یعنی مؤمن جبلی طور پر اور مطلقاً بھی بزدل ہوسکتا ہے۔

قوله: أيكون المؤمن بخيلا:

یعنی کیا مؤمن طبعی طور بخیل ہوسکتا ہے؟ جیسا کہ اللہ جل شانہ کا فرمان ہے: [وكان الانسان قتورا] [الاسراء ۱۰۰] سوال کرنے کا دوسرا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ کیا مؤمن واجبات مالیہ کی ادائیگی میں بخیل ہوسکتا ہے؟ کیونکہ وہ مال کی طرف بہت میلان رکھتا ہے۔ تو آپ نے ارشاد فرمایا 'ہاں ہوسکتا ہے' لیکن یہ بخل مطلق ایمان کے یا ایمان کامل کے منافی نہیں ہے۔

قوله: أيكون المؤمن كذابا: اس سوال کے بھی دو مطلب ہو سکتے ہیں: ① کیا مؤمن بہت جھوٹا ہوسکتا ہے؟ ② کیا مؤمن خلقت وطبع کے اعتبار سے جھوٹا ہوسکتا ہے؟

عرضِ مرتب:

اس حدیث کے تحت صاحب مظاہر حق کے ذکر کردہ کلام کا کچھ نقل کرنا یقیناً فائدہ سے خالی نہیں ہوگا چنانچہ وہ لکھتے ہیں:

مؤمن کذاب: میں صیغوی اعتبار سے دو احتمال ہیں: (۱) مبالغہ کا صیغہ ہے۔ (بہت زیادہ جھوٹا) ② اسم منسوب ہے۔ ذو کذب کے معنی میں ہے۔

مطلب یہ ہے کہ کوئی مؤمن کسی موقع پر بزدلی دکھا سکتا ہے اور کسی صورت میں بخیل بھی ہوسکتا ہے لیکن وہ جھوٹا نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ ایمان کی صداقت وحقانیت کذب کے منافی ہے جو اپنی اصلی اور نفس الامر کے اعتبار سے باطل (ناحق) ہے۔ علماء نے لکھا ہے کہ یہ حدیث بھی اوپر کی حدیث کی تشریح میں ذکر کردہ تاویلات پر محمول ہے۔

حدیث میں '' کذاب'' مبالغہ کے صیغہ کے ساتھ ذکر کرنا' اس امر کی طرف اشارہ کرنا ہے کہ اگر بتقاضائے بشریت کسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

موقع پر مؤمن سے جھوٹ سرزد ہو جائے جیسا کہ بعض صورتوں میں دنیا کی کسی ناجائز غرض کے تحت نہیں بلکہ مصالح اور حکمت عملی کے پیش نظر جھوٹ بولنا بھی ضروری ہو جاتا ہے تو ایسی صورت مستثنیٰ ہے اس کو ایمان کے منافی نہیں کہا جائے گا۔

شیطان کی ایک چال

۴۸۶۳: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اِنَّ الشَّيْطَانَ لَيَتَمَثَّلُ فِيْ صُوْرَةِ الرَّجُلِ فَيَاتِي الْقَوْمَ فَيُحَدِّثُهُمْ بِالْحَدِيْثِ مِنَ الْكَذِبِ فَيَتَفَرَّقُوْنَ فَيَقُوْلُ الرَّجُلُ مِنْهُمْ سَمِعْتُ رَجُلاً اَعْرِفُ وَجْهَهٗ وَلَا اَدْرِيْ مَا اسْمُهٗ يُحَدِّثُ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ١/ ٦٨ الحديث رقم (٧٣-٤٦)، واحمد في المسند ٣/ ٨٩٨۔

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ شیطان انسانی صورت میں کسی قوم کے پاس آتا ہے اور انہیں کسی جھوٹی بات کی اطلاع دیتا ہے لوگ منتشر ہو جاتے ہیں۔ ان میں سے کوئی کہتا ہے کہ یہ بات میں نے ایسے شخص سے سنی ہے جس کی شکل پہچانتا ہوں مگر میں اس کا نام نہیں جانتا۔ (مسلم)

تشریح: ''خبر'' سے مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث ہے چونکہ حدیث کی بابت جھوٹ بولنا' جھوٹ کی بدترین قسم ہے 'حتی کہ اس کو کفر شمار کیا گیا ہے۔ چنانچہ اس وجہ سے رئیس الشیاطین اس کا اہتمام کرتا ہے اور صورت حسیہ دھار کر آتا ہے' تاکہ اندرونی معنوی وسوسہ کو تقویت ملے۔ اس معنی کے اعتبار سے مناسب یہ تھا کہ اس حدیث کو ''باب الاعتصام'' میں ذکر کیا جاتا اور کوئی بعید نہیں کہ یہاں ''خبر'' سے مراد مطلق کوئی بھی جھوٹی خبر و اطلاع ہو۔ یا ایسی خبر مراد ہو کہ جس پر فساد برپا ہوتا ہے۔ مثلاً بہتان' قذف اور جیسے دیگر امور اور شیطان سے مراد اس جنس کا ایک فرد مراد ہے! امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس میں تنبیہ ہے اس بات کی طرف کہ کوئی بھی خبر یا کوئی بھی بات کسی سے سنے تو اس وقت تک دوسروں کے سامنے نقل نہ کرے جب تک کہ یہ تحقیق نہ کر لے کہ اس بات کو بیان کرنے والا سچا ہے کہ اس کا کلام نقل کرنا جائز ہو؟ یا یہ کاذب ہے کہ جس کا کلام نقل کرنے سے اجتناب کرنا چاہئے۔ جیسا کہ مروی ہے: كفى بالمرء كذبا أن يحدث بكل ماسمع۔

عرضِ مرتب:

روایت اگرچہ بطریق مرفوع نقل نہیں کی گئی ہے بلکہ بطریق موقوف ہے مگر کوئی صحابی ایسی کوئی بات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنے بغیر اس کو بیان نہیں کر سکتا۔ اس لئے یہ روایت مرفوع حدیث ہی کے حکم میں ہے۔

برے دوست سے تنہائی بہتر

۴۸۶۴: وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حِطَّانَ قَالَ اَتَيْتُ اَبَا ذَرٍّ فَوَجَدْتُّهٗ فِي الْمَسْجِدِ مُحْتَبِيًا بِكِسَاءٍ اَسْوَدَ وَحْدَهٗ فَقُلْتُ يَا اَبَا ذَرٍّ مَا هٰذِهِ الْوَحْدَةُ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْوَحْدَةُ خَيْرٌ مِّنْ جَلِيْسِ السُّوْءِ وَالْجَلِيْسُ الصَّالِحُ خَيْرٌ مِّنَ الْوَحْدَةِ وَاِمْلَاءُ الْخَيْرِ خَيْرٌ مِنَ السُّكُوْتِ وَالسُّكُوْتُ خَيْرٌ مِّنْ اِمْلَاءِ الشَّرِّ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٤/٢٥٦ الحديث رقم ٤٩٩٣۔

ترجمہ: حضرت عمران بن حطان کہتے ہیں کہ میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے انہیں سیاہ چادر میں ٹیک لگائے (گوٹ مارے) ہوئے پایا۔ میں نے عرض کیا اے ابوذر! یہ تنہائی کیوں؟ انہوں نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ برے دوست سے تنہائی بہتر ہے اور اچھا دوست تنہائی سے بہتر ہے اور اچھی بات کرنا خاموشی سے بہتر ہے اور خاموشی بری بات کہنے سے بہتر ہے۔ (بیہقی)

تشریح: وحدہ: ''متوحدا'' یا ''منفردا'' کے معنی میں ہو کر حال ہے۔

ماھذہ الوحدۃ: یعنی یہ تنہائی کیسی؟ تنہائی سے تو وحشت ہوتی ہے۔ یوں تنہا بیٹھنے کا کیا سبب و باعث ہے؟

السوء: سین کے فتحہ اور ضمہ پر دو کے ساتھ درست ہے۔

الجامع الصغیر میں ہے کہ اس حدیث کو امام بیہقی اور حاکم نے روایت کیا ہے۔

خاموشی ساٹھ برس کی عبادت سے افضل

۴۸۶۵: وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَقَامُ الرَّجُلِ بِالصَّمْتِ اَفْضَلُ مِنْ عِبَادَةِ سِتِّيْنَ سَنَةً۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٤/٢٤٥ الحديث رقم ٤٩٥٣۔

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی کا مقام و مرتبہ جو اسے خاموشی سے ملتا ہے وہ ساٹھ برس کی عبادت سے افضل ہے۔ یہ بیہقی میں ہے۔

تشریح: ''مقام'' میم کے فتحہ کے ساتھ ہے اور میم کے ضمہ کے ساتھ بھی منقول ہے۔ مطلب یہ ہے کہ آدمی کا بری باتوں سے خاموشی اختیار کرنا اور اسی خاموشی پر مداومت و ہمیشگی کے ساتھ عمل پیرا اور ثابت قدم رہنا اس شخص کی ساٹھ سال کی عبادت سے بھی بہتر و افضل ہے جو کثرت کلام اور زبان کی بے احتیاطی میں مبتلا ہو

امام طیبیؒ نے ''مقام'' کی تشریح ''عنداللہ'' سے بیان کی ہے یعنی اللہ کے نزدیک اس کا مرتبہ''۔

امام طیبیؒ اس کے افضل ہونے کی یہ دلیل بیان کی ہے کہ عبادات میں بہت سی آفات بھی پیش آتی ہیں اور جو شخص خاموشی اختیار کر لیتا ہے وہ ان آفات سے محفوظ و سلامتی میں رہتا ہے جیسا کہ فرمایا گیا ہے: من صمت نجا۔ یعنی جو شخص چپ رہا اس نے نجات پائی۔

عرضِ مرتب:

اس موقع پر شیخ عبدالحقؒ کا کلام (بحوالہ مظاہر حق) نقل کرنا نہایت مفید ہوگا۔ وہ لکھتے ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چپ رہنے کی وجہ سے جو درجہ حاصل ہوتا ہے کبھی وہ خدا کے نزدیک ساٹھ سال کی عبادت سے بھی افضل اور افزوں تر قرار پاتا ہے کیونکہ وہ خاموشی کہ جس کے دوران اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات اس کی قدرتوں اور کائنات ومخلوقات کے تئیں اس کی حکمت آفرینی وکارسازی میں غور وفکر کو راہ ملے یا لطیفہ قلب کو ذکر خفی میں استغراق وانہماک دولت نصیب ہو اور روح وباطن کو اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کے نور سے روشنی حاصل کرنے کا موقع ملے تو یہ فکر واستغراق اگرچہ ایک ہی لمحہ وساعت کے بقدر کیوں نہ ہو لیکن اعضا وجوارح کی اس عبادت وطاعت سے کہیں زیادہ بہتر وافضل ہے جو ذہن وفکر کے انتشار، بے حضوری قلب اور یاد الٰہی کے ساتھ غیر خاطر جمعی کے ساتھ عمل میں آئے اگرچہ وہ عبادت وطاعات سالہا سال کے بقدر ہی کیوں نہ ہو۔

تخریج وتوضیح: جامع صغیر میں ہے کہ طبرانی اور حاکم نے اس کے ہم معنی روایت حضرت عمران سے نقل کی ہے لیکن اس کے الفاظ یہ ہیں: مقام الرجل فی الصف فی سبیل اللّٰہ .اھ۔شاید کہ لفظ ''صمت'' میں تحریف ہوئی ہے۔اصول کی طرف مراجعت کی جائے۔

عرضِ مرتب:

مذکوہ بالا حدیث ''جمع الفوائد'' میں مع تخریج یوں منقول ہے:

(عمران بن حصن) رفعه، مقام الرجل فی الصف فی سبیل اللّٰہ افضل من عبادته ستین سنة. للکبیر والبزار بلین. وفیه عبد الله بن صالح کاتب لیث وثقه احمد وغیره وقیة رجاله ثقات. کذا فی مجمع الزوائد:۳۲۷/۵ کما رواه الحاکم وقال صحیح علی شرط الخباری کذا فی الترغیب:۲۸۵/۲۔ اھ۔

سات زرّیں نصائح

۴۸۶۶: وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَ الْحَدِیْثَ بِطُوْلِهٖ اِلٰی اَنْ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَوْصِنِیْ قَالَ وَاُصِیْکَ بِتَقْوَی اللّٰهِ فَاِنَّهٗ اَزْیَنُ لِاَمْرِکَ کُلِّهٖ قُلْتُ زِدْنِیْ قَالَ عَلَیْکَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْاٰنِ وَذِکْرِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ فَاِنَّهٗ ذِکْرٌ لَّکَ فِی السَّمَاءِ وَنُوْرٌ لَّکَ فِی الْاَرْضِ قُلْتُ زِدْنِیْ قَالَ عَلَیْکَ بِطُوْلِ الصَّمْتِ فَاِنَّهٗ مَطْرَدَةٌ لِلشَّیْطَانِ لَکَ عَلٰی اَمْرِ دِیْنِکَ قُلْتُ زِدْنِیْ قَالَ اِیَّاکَ وَکَثْرَةَ الضِّحْکِ فَاِنَّهٗ یَمِیْتُ الْقَلْبَ وَیَذْهَبُ بِنُوْرِ الْوَجْهِ قُلْتُ زِدْنِیْ قَالَ قُلِ الْحَقَّ وَاِنْ کَانَ مُرًّا قُلْتُ زِدْنِیْ قَالَ لَا تَخَفْ فِی اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ قُلْتُ زِدْنِیْ قَالَ لِیَحْجُزْکَ عَنِ النَّاسِ مَاتَعْلَمُ مِنْ نَّفْسِکَ۔

أخرجه البیهقی فی شعب الایمان ۲۴۲/۴ الحدیث رقم ۴۹۴۲۔

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس کے بعد انہوں نے طویل روایت بیان کی یہاں تک کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے وصیت فرمائیں۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

① میں تجھے اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ یہ تیرے تمام امور کے لئے بہترین زینت ہے۔ میں نے عرض کیا اس پر اضافہ فرمائیں تو آپ ﷺ نے فرمایا② تلاوتِ قرآن اور ذکر اللہ کو لازم پکڑو وہ تیرا آسمانوں میں تذکرہ اور زمین میں نور ہے میں نے عرض کیا اس میں اضافہ فرمائیں۔③ آپ ﷺ نے فرمایا طویل خاموشی اختیار کرو۔ یہ تیرے امور دین میں تیری معاون اور شیطان کو بھگانے کا باعث ہے۔ میں نے اضافہ کا کہا تو فرمایا④ اپنے آپ کو کثرت ضحک (بہت زیادہ ہنسنے) سے بچا کر رکھ کیونکہ یہ دل کو مردہ بنا دیتا ہے اور چہرے کے نور کو دور کر دیتا ہے۔ میں نے عرض کیا اور فرمائیں۔ فرمایا⑤ حق بات کہو خواہ وہ کڑوی ہو۔ میں نے اضافہ طلب کیا تو فرمایا:⑥ اللہ تعالیٰ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کرو۔ میں نے عرض کیا مزید اضافہ فرمائیں' فرمایا:⑦ تمہیں اپنے عیوب کا علم دوسروں کے عیوب سے مانع بنا دے۔ (بیہقی)

تشریح: قوله: أوصيك بتقوى الله فانه أزين لامرك كله: یہ وہ صفت ہے جو اللہ تعالیٰ نے اولین کو بھی فرمائی اور آخرین کو بھی فرمائی۔ جیسا کہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے: ﴿وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا﴾ [النساء: ۱۳۱] ''اور جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب خدا ہی کا ہے اور جن لوگوں کو تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی ان کو بھی اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) تم کو بھی ہم نے حکم تاکیدی کیا ہے کہ خدا سے ڈرتے رہو اور اگر کفر کرو گے تو (سمجھ رکھو کہ) جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے سب خدا ہی کا ہے اور خدا بے پروا اور سزاوار حمد و ثنا ہے''۔

ہر ایک کام اور ہر بھلی بات جو محض اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی اور اس کا تقرب حاصل کرنے کی نیت سے صادر و سرزد ہو ذکر اللہ میں داخل ہے اگر اس جملہ وَعَلَيْكَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْآنِ وَذِكْرِ اللّٰهِ یعنی سب ذکروں میں افضل لا الہ الا اللہ ہے تو کہا جائے گا کہ مذکورہ جملہ اس اسلوب بیان کا مظہر ہے کہ جس میں کوئی بات پہلے عمومی طور پر ذکر کی جاتی ہے اور پھر کسی ایسے جز کو خاص طور پر ذکر کیا جاتا ہے جو تمام اجزاء سے زیادہ شرف و فضیلت رکھتا ہو۔

(اس جملہ) ''کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرو''۔ کے ذریعہ گویا یہ تلقین فرمائی گئی کہ خدا کے دین کو سربلند کرنے کا جو فریضہ تم پر عائد ہوتا ہے۔ اگر اس کی انجام دہی میں تمہیں دنیا والوں سے پوری طرح منہ موڑنا پڑے تو اس میں بھی کوئی ہچکچاہٹ نہ دکھاؤ اور اس بات کو ضروری سمجھو کہ تمہیں دنیا والوں کی مذمت اور تعریف سے بالکل بے پرواہ ہو کر ہر حالت میں حق و صداقت پر اور خدا کی اطاعت پر ثابت قدم رہنا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ﴿وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا﴾ یعنی اور دنیا والوں سے منہ موڑ کر صرف اللہ کی رضا و خوشنودی کی طرف رجوع کرو۔

قوله: ليجزك عن الناس ماتعلم من نفسك: ليجزك: لام مکسور' یاء مفتوح' حائے مہملہ ساکن' جیم مضموم اور زاء ساکن ہے' من نفسك: (جار مجرور کے درمیان مضاف محذوف ہے۔) اى من عيوب نفسك۔

دیلمیؒ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یہ قول نقل کیا ہے:

طوبىٰ لمن شغله عيبه عن عيوب الناس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''مبارک باد کے قابل ہے وہ شخص جس کو اس کا عیب لوگوں کی عیب گیری سے باز رکھے''۔

ترازو میں بھاری وزن والی عادات

۴۸۶۷: وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا اَبَاذَرٍّ اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى خَصْلَتَيْنِ هُمَا اَخَفُّ عَلَى الظَّهْرِ وَاَثْقَلُ فِي الْمِيْزَانِ قَالَ قُلْتُ بَلٰى قَالَ طُوْلُ الصَّمْتِ وَحُسْنُ الْخُلُقِ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا عَمِلَ الْخَلَائِقُ بِمِثْلِهِمَا ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٤/٢٤٢ الحديث رقم ٤٩٤١۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوذر رضی اللہ عنہ کیا میں تمہیں دو ایسی عادات نہ بتاؤں جو پیٹھ پر ہلکی اور ترازو میں بھاری ہیں؟ میں نے عرض کیا ضرور فرمائیں' فرمایا: ① طویل خاموشی۔ ② اچھے اخلاق مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! مخلوق نے ان جیسے عمل نہ کیے ہوں گے، (بیہقی)

تشریح: قوله: عن رسول الله: بعض نسخوں میں (عن رسول الله ﷺ کی بجائے) ان رسول الله ﷺ کے الفاظ ہیں۔

قوله: هما أخف على الظهر: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: شیء معقول کو حسی شیء سے تشبیہ دی ہے۔ اور وجہ تشبیہ ''سہولت'' ہے۔ جیسا کہ اس حدیث میں ہے: كلمتان خفيفتان على اللسان ثقيلتان في الميزان.

عرضِ مرتب:

اس حدیث کے تحت صاحب مظاہر حق نے بہت پیارا کلام کیا ہے جو پیش خدمت ہے۔ لکھتے ہیں:: چپ رہنا اور خوش خلقی اختیار کرنا یہ دونوں خصلتیں اس اعتبار سے بہت آسان اور ہلکی ہیں کہ خاموش رہنے میں کوئی محنت و مشقت برداشت کرنا نہیں پڑتی' بلکہ ایک طرح سے راحت ہی ملتی ہے کیونکہ زبان ہلانے اور الفاظ کو ترتیب دے کر جملے ادا کرنے میں ظاہر و باطن کی مشقت اٹھانا پڑتی ہے۔ اسی پر خوش خلقی کو بھی قیاس کیا جا سکتا ہے کہ نرم خوئی اور خوش مزاجی اور خندہ روئی میں راحت و سکون اور آسانی و نرمی حاصل ہوتی ہے' بخلاف سخت خوئی' تند مزاجی اور جدال و نزاع کے کہ ان میں سراسر محنت و مشقت ہے۔ اھ۔

بمثلها: باء زائدہ ہے۔ ای ما عمل الخلائق عملين مثل عملهما۔ یا ''عمل'' بمعنی ''اتی'' ہے۔ ای ما أتوا بمثلهما من الأعمال

میرکؒ ممنذری سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں اس حدیث کو ابن ابی الدنیا، بزار، طبرانی اور ابو یعلی نے ثقہ راویوں سے روایت کیا ہے۔ بیہقی اور ابوالشیخ ابن حبان نے اس کو ابودرداء سے ان الفاظ کیساتھ روایت کیا ہے:

قال: قال رسول الله ﷺ: الا انبئك بأمرين خفيف امرهما عظيم اجرهما، لم تلق الله عز وجل بمثلها: طول الصمت وحسن الخلق.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسی حدیث کو ابن ابی الدنیا صفوان بن سلیم سے مرسلاً روایت کرتے ہیں:

قال: قال رسول الله ﷺ: الا أخبركم بايسر العبادة واهو نها على البدن؟ الصمت وحسن الخلق.

لعنت وصدیقیت جمع نہیں ہو سکتے

۴۸۶۸: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَبِيْ بَكْرٍ وَهُوَ يَلْعَنُ بَعْضَ رَقِيْقِهٖ فَالْتَفَتَ اِلَيْهِ فَقَالَ لَعَّانِيْنَ وَصِدِّيْقِيْنَ كَلَّا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فَاَعْتَقَ اَبُوْبَكْرٍ يَوْمَئِذٍ بَعْضَ رَقِيْقِهٖ ثُمَّ جَآءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا اَعُوْدُ۔ (رواه البيهقي الاحاديث الخمسة في شعب الايمان)

اخرجه البيهقي في شعب الايمان ٤/٤٩٤ الحديث رقم ٥١٥٤۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس سے..... گزرے جب کہ وہ اپنے ایک غلام کو لعنت کر رہے تھے۔ آپ ﷺ نے ان کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کیا تم نے ایسے لوگ دیکھے ہیں جو لعنت کرنے والے بھی ہوں اور صدیق بھی ہوں؟ رب کعبہ کی قسم! ہرگز ایسا نہیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے اس دن اپنے کئی غلام آزاد کر دیئے پھر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا آئندہ ایسا نہ کروں گا۔ یہ پانچوں روایات بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کی ہیں۔

تشریح: قوله: فالتفت اليه: بعض نسخوں میں "فالتفت" کے بعد "النبی ﷺ" کا اضافہ بھی ہے۔ ای فالتفت النبی ﷺ ابی أبی بكر۔ غائب کی ان دونوں ضمیروں کا مرجع اس کے برعکس بھی ہو سکتا ہے۔ ای فالتفت أبوبكر الى النبى ﷺ۔

قوله: لعانين و صديقين: صدر کلام میں ہمزہ استفہامیہ مقدر ہے۔ أى: هل رأيت لعانين و صديقين؟

یعنی کیا تم نے کبھی بھی کوئی ایسا شخص دیکھا کہ جس میں بیک وقت یہ دونوں صفتیں (یعنی لعانیت اور صدیقیت) پائی جاتی ہوں اور عطف تغایر صفت کیلئے ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ جمع کا صیغہ لانا صدیق کی تعظیم کے پیش نظر ہو۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ای: هل رأيت صديقا يكون لعانا؟ كلا والله لا تتراء ى ناراهما. لہٰذا واؤ جمع کیلئے ہے۔ یعنی دونوں صفات کبھی بھی جمع نہیں ہو سکتیں۔ اس اعتبار سے یہ کلام تعجب پر محمول ہے۔

تخریج: اس حدیث کو ابن ابی الدنیا نے "خاموشی کا بیان" میں ذکر کیا ہے۔ ابن ابی الدنیا کے شیخ بشار بن موسیٰ الخفاف ہیں۔ جمہور نے ان کی تضعیف کی ہے۔ احمدؒ ان کے بارے میں اچھی رائے رکھتے تھے۔ (ذکرہ العراقی)

حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا زبان نے مجھے مقامات ہلاکت میں ڈالا

۴۸۶۹: وَعَنْ اَسْلَمَ قَالَ اِنَّ عُمَرَ دَخَلَ يَوْماً عَلٰى اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ وَهُوَ يَجْبِذُ لِسَانَهٗ فَقَالَ عُمَرُ مَهْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ فَقَالَ لَهٗ اَبُوْبَكْرٍ اِنَّ هٰذَا اَوْرَدَنِيَ الْمَوَارِدَ۔ (رواه مالك)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه مالك في الموطأ ۹۸۸/۲ الحديث رقم ۱۲۔

ترجمہ: حضرت اسلمؒ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو وہ اپنی زبان کو کھینچ رہے تھے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے۔ ٹھہریئے! اس پر حضرت ابوبکر کہنے لگے اس نے مجھے ہلاکت کے مقامات میں ڈالا ہے۔ (مالک)

تشریح: یجبذ: اس لفظ کے بارے میں لغویین کی آراء مختلف ہیں:

- فی المغرب: الجبذ بمعنی الجذب، و کلاهما من باب ضرب.
- قال الطیبیؒ: وفی النهایة: الجبذ لغة فی الجذب، وقیل هو بمقلوب منه. اھ۔
- وفی القاموس: الجبذ الجذب ولیس مقلوبه، بل لغة صحیحة و وهم الجوهری وغیره.

مه: میم کے فتحہ اور باء کے کسرہ کے ساتھ اسم فعل ہے بمعنی اکفف غفر الله لك: یہ جملہ دعائیہ ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ اخبار ہو۔ اور انہوں نے ان کے بارے میں یہ بات سنی ہو۔

هذا: اس کا مشار الیہ ''لسان'' ہے اور یہاں اسم اشارہ برائے تعظیم یا برائے تحقیر ہے۔

تخریج: اس حدیث کو ابن ابی الدنیا نے بھی ذکر کیا ہے۔

بیہقی کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:

قال: ان هذا اوردنی شر الموارد ان رسول الله ﷺ قال: لیس شیء من الجسد الا یشکوا الی اللّٰه ذرب اللسان علی حدته. (کذا نقله میرك عن المنذری)

عراقیؒ نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت کے الفاظ یہ ذکر کئے ہیں:

اطلع علی ابی بکر وهو یمد لسانه فقال: ما تصنع یا خلیفة اللّٰه ؟فقال ان هذا أوردنی الموارد، ان رسول اللّٰه ﷺ قال: لیس شیء من الجسد الا یشکوا الی اللّٰه اللسان علی حدته.

اس حدیث کو ابن ابی الدنیا نے ''الصمت'' میں، ابویعلی نے اپنی مسند میں، دارقطنیؒ نے ''العلل'' میں اور بیہقی نے ''الشعب'' میں اسلم مولیٰ عمر کے حوالے سے نقل کیا ہے۔ دارقطنی کا کہنا ہے کہ دراوردی کا اس حدیث کو مرفوع کہنا وہم ہے۔ اور فرمایا: قیس بن ابی حازم عن ابی بکر کے طریق میں کوئی علت نہیں ہے۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں کہ آثار میں ابوبکر صدیقؓ کے بارے میں مروی ہے کہ وہ اپنے آپ کو بات چیت سے روکنے کیلئے اپنے منہ میں کنکر رکھا کرتے تھے اور اپنی زبان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرماتے تھے: هذا الذی أوردنی الموارد.

چھ چیزوں کی ضمانت پر جنت کی بشارت

۴۸۷۰: وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِضْمَنُوْا لِی سِتًّا مِنْ اَنْفُسِكُمْ اَضْمَنْ لَكُمُ الْجَنَّةَ اُصْدُقُوْا اِذَا حَدَّثْتُمْ وَفُوْا اِذَا وَعَدْتُّمْ وَاَدُّوْا اِذَا اؤْتُمِنْتُمْ وَاحْفَظُوْا فُرُوْجَكُمْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَغُضُّوْا اَبْصَارَكُمْ وَكُفُّوْا اَيْدِيَكُمْ۔

أخرجه احمد فی المسند ۱/۲۵۷، والبیهقی فی شعب الایمان ۴/۳۲۰ الحدیث رقم ۵۲۵۶، والترمذی فی ۴/۲۸۳ الحدیث رقم ۱۹۱۹۔

ترجمہ: حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے نفس کی طرف سے چھ چیزوں کی ضمانت دو میں تمہیں جنت کی بشارت دیتا ہوں: ① بات کے وقت سچ بولو۔ ② وعدہ وفا کرو۔ ③ امانت میں خیانت نہ کرو۔ ④ شرمگاہوں کی حفاظت کرو۔ ⑤ اپنی نگاہوں کو نیچا رکھو۔ ⑥ اپنے ہاتھوں کو (حرام چیزوں سے) روکو۔ (احمد، بیہقی)

تشریح: قوله: اضمنوا الی ستاً من انفسکم: اضمنوا: میم کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

اصدقوا: دال کے ضمہ کے ساتھ ہے۔

ائتنم: بصیغہ مجہول ہے۔ غضوا: غین کے ضمہ اور فاء کی تشدید کے ساتھ ہے۔

امام میرکؒ فرماتے ہیں: عبادہ کی حدیث کو احمد، ابن ابی الدنیا، ابن حبان نے اپنی صحیحین میں، علاوہ ازیں حاکم اور بیہقی نے بھی ذکر کیا ہے۔ ان سب نے یہ روایت مطلب بن عبداللہ بن حطب سے ذکر کی ہے اور امام حاکم نے اس کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔ منذریؒ کا کہنا ہے کہ مطلب نے عبادہ سے سماع نہیں کیا ہے۔

اور الجامع الصغیر میں یہ الفاظ آئے ہیں:

اضمنوا لی ست خصال أضمن لکم الجنة: لا تظالموا عند قسمة مواریثکم، وانصفوا الناس من أنفسکم، ولا تجنوا عند قتال عدوکم، ولا تغلوا غنائمکم، وامنعوا ظالمکم من مظلومکم.

اس کو طبرانیؒ نے ابی امامہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔ اھ۔

اللہ تعالیٰ کے بہترین و بدترین بندے

۴۸۷۱۔۴۸۷۲ : وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ وَاَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خِيَارُ عِبَادِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ اِذَا رُؤُوْا ذُكِرَ اللّٰهُ وَشِرَارُ عِبَادِ اللّٰهِ الْمَشَّاؤُوْنَ وَبِالنَّمِيْمَةِ الْمُفَرِّقُوْنَ بَيْنَ الْاَحِبَّةِ الْبَاغُوْنَ الْبُرَاءَ الْعَنَتَ ۔ (رواهما احمد والبیهقی فی شعب الایمان)

أخرجه احمد فی المسند ۴/۲۲۷، والبیهقی فی الشعب ۷/۴۹۴ الحدیث رقم ۱۱۱۰۸ وعن اسماء اخرجه احمد فی المسند ۶/۴۵۶۔

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن غنم رضی اللہ عنہ اور اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے بہترین بندے وہ ہیں جن کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ یاد آئے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں بدترین بندے وہ ہیں جو چغل خور، دوستوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے درمیان جدائی ڈالنے والے اور پاک لوگوں میں عیب کے متلاشی ہیں۔ (احمد، بیہقی، شعب الایمان)

تشریح: راؤوا ذکر اللّٰہ: دونوں فعل صیغہ مجہول کے ساتھ ہیں۔

المشاؤون: مبالغہ کا صیغہ ہے۔ نسبت کے لئے آیا ہے۔

الباغون: ای الطالبون' امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ کہا جاتا ہے: بغیت فلانا خیراء وبغیتك الشی طلبته لك وبغیت للشی طلبته اھ۔ اس کا حاصل یہ ہے کہ یہ مفعول ثانی ہے۔

البراء: بائے موحدہ کے فتحہ اور راء کے ساتھ، مصدر ہے، ''بریٔ'' کے معنی میں ہے۔ ''زید عدل'' کے قبیل سے ہے۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں: ''انت بریٔ۔ جمع بریئوون ہے' اور ان اسماء کے اوزان پر بھی آتی ہے: فقهاء 'کرام 'اشراف أنصاء رجال کہا جاتا ہے: أنا براء منه، واحد تثنیہ، جمع مؤنث، مذکر سب کیلئے یکساں طور پر مستعمل ہے۔

ایک صحیح نسخہ میں بائے موحدہ کے ضمہ کے ساتھ ''براء'' ہے۔ یہ ''بریٔ'' کی جمع ہے۔ اور ایک نسخہ میں بائے موحدہ کے ضمہ' راء اور ہمزہ ممدودہ کے ساتھ ہے۔ امام نوویؒ شرح میں فرماتے ہیں یہ بروزن ''فضلاء'' ہے، بریٔ کی جمع ہے۔ اھ۔

العنت: عین مہملہ کے فتحہ اور نون کے ساتھ مشقت، فساد، ہلاکت، گناہ، غلط، زنا۔ ''عنت'' کا اطلاق ان تمام معانی پر ہوتا ہے۔ حدیث باب ان تمام معانی کو محتمل ہے۔ اس کی تائید ان نسخوں سے ہوتی ہے جن میں لفظ ''براء'' باء کے ضمہ کے ساتھ آیا ہے۔

البراء العنت: امام طیبیؒ فرماتے ہیں یہ دونوں اسم ''الباغون'' کیلئے مفعول ہیں۔

اذا رؤوا ذکر اللّٰہ کا مطلب: ای تذکر برؤیتهم ذکر اللّٰہ۔ اس میں اس حدیث کی طرف اشارہ ہے: المؤمن مرآة القلوب۔

(۲۔۳) امام طیبیؒ نے اس کے دو مطلب بیان کئے ہیں:

(الف) خدا کے وہ نیک وصالح اور عبادت گزار بندے جو اللہ رب العزت کے ساتھ اپنے کمال تعلق واختصاص کی بنا پر ایسے درجے پر فائز ہو جاتے ہیں کہ ان کے احوال وکردار' عادت واطوار اور حرکات وسکنات پر انوار وآثار الٰہی ہویدا ہوتے ہیں اور ان کے چہرے پر عبادت گزاری اور اتباع دین وشریعت کی وہ علامتیں ظاہر ہوتی ہیں کہ جب ان کے جمال پر نظر پڑتی ہے تو بے ساختہ خدا یاد آ جاتا ہے۔

(ب) خدا کے ایسے نیک وصالح بندوں کو دیکھتے ہی ذکر الٰہی میں لگ جاتا ہے جیسا کہ ابن اثیر نے ''النهایه'' میں عمران بن حصین سے روایت کیا ہے: قال: قال رسول اللّٰہ ﷺ: النظر عَلٰی وَجْهِ عَلِيٍّ عِبَادَةٌ یعنی علی رضی اللہ عنہ کے چہرہ پر نظر کرنا عبادت ہے۔ میں کہتا ہوں اس حدیث کو طبرانی اور حاکم نے ابو مسعود اور عمران بن حصین سے یوں روایت کیا ہے: النظر الی علیّ عبادةٌ اور اس کی نظیر وہ روایت ہے جو ابو الشیخ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مرفوعاً نقل کی ہے: النظر الی الکعبة عبادة نیز منقول ہے کہ جب حضرت علی کرم اللّٰہ وجهه گھر سے نکلتے تھے اور لوگوں کی نظر ان کے چہرہ پُر نور پر پڑتی تھی تو لوگوں کی زبان پر یہ الفاظ آ جاتے: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰہُ مَا ذَا الْفَتٰی۔ مَا اشجع هٰذَا الْفَتٰی۔ مَا أَعْلَمَ هٰذَا الْفَتٰی' مَا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

احلم هٰذَا الْفَتٰی تو گویا لوگوں کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھنا کلمہ توحید پر ابھارتا تھا۔

تخریج: الجامع الصغیر میں یہ الفاظ وارد ہوئے ہیں:

خیارکم الذی اذا رؤوا ذکر اللّٰه بهم، وشرارهم المشاؤون بالنمیمة، المفرقون بین الأحبة، الباغون البراء العنت رواه البیهقی عن ابن عمر.

نیز الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو احمد نے عبدالرحمٰن بن غنم سے اور طبرانی نے عبادہ بن صامت سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

خیار امتی الذین اذا رؤوا ذکر اللّٰه ، وشرار امتی المشاؤون بالنمیمة' المفرقون بین الاحبة 'الباغون البرا العنت.

غیبت کرنے والوں کو فوری تنبیہ

۴۸۷۳: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلَيْنِ صَلَّيَا صَلٰوةَ الظُّهْرِ اَوِالْعَصْرِ وَكَانَا صَائِمَيْنِ فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةَ قَالَ اَعِيْدُوْا وُضُوْءَ كُمَا وَصَلٰوتَكُمَا وَاْمْضِيَا فِيْ صَوْمِكُمَا وَاقْضِيَاهُ يَوْماً اٰخَرَ قَالَ لِمَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اغْتَبْتُمْ فُلَانًا.

أخرجه البیهقی فی شعب الایمان ۵/۳۰۳ الحدیث رقم ۶۷۲۹۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ دو آدمیوں نے نماز ظہر یا عصر ادا کی وہ دونوں حالت روزہ میں تھے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل فرمائی تو فرمایا اپنا وضو اور نماز لوٹاؤ اور روزہ جاری رکھو اور دوسرے دن اس کی قضاء کرو عرض کیا یا رسول اللہ! اس کی کیا وجہ ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم نے فلاں کی غیبت کی ہے۔ (بیہقی)

تشریح: وکان صائمین: اس کا عطف ہو رہا ہے (صلیا صلاۃ الظھر پر) یا یہ حال ہے۔

اعیدا: مصنف کے پیش نظر نسخہ میں "أعیدوا" ہے۔ چنانچہ ملا علیؒ فرماتے ہیں بصیغۂ جمع لانا اس بنیاد پر ہے کہ جمع کے اقل افراد دو ہیں' اس کا قرینہ مابعد کلام ہے۔

امضیا: ہمزہ وصلی اور ضاد کے کسرہ کے ساتھ۔ ای انفذا فی صومکما ۔یعنی دونوں اپنا روزہ مکمل کرو۔ یہ مضٰی فی امرہ سے ماخوذ ہے جس کا معنی آتا ہے: نفذ فیه ولم یتوقف۔

نماز و روزہ کی قضاء کا سبب:

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: روزہ کی قضاء کی علت یہ حکم قرآنی ہے: ﴿اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا﴾ [الحجرات: ۱۲] اور نماز کی قضاء کی علت یہ ہے کہ وہ حامل نجاست ہے، بایں طور کہ اس نے اپنے بھائی کا خون پیا اور گوشت کھایا ہے۔ اھ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حدیث کا حاصل یہ ہے کہ طاعت سے پہلے معصیت کا ارتکاب کرنے کے باعث طاعت کے کمال میں نقص آجاتا ہے۔ جیسا کہ ''سیئہ'' کے بعد ''حسنہ'' کی بجا آوری سے ''سیئہ'' زائل ہو جاتی ہے، چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ﴾ [ھود: ۱۱۴] اس آیت کا شانِ نزول یہ تھا کہ ایک صاحب کسی اجنبیہ کا بوسہ لینے کے مرتکب ہوئے تھے۔

اس حدیث سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ غیبت وضو اور روزے کو توڑ دیتی ہے

علماء نے کہا ہے کہ یہ حدیث دراصل غیبت کی شدید مذمت اور غیبت کرنے والے کے حق میں سخت ترین زجر و تنبیہ کے طور پر ارشاد ہوئی ہے اور بعض مرتبہ عبادت کو کلی طور پر لے جاتی ہے' کہ صاحب غیبت کو اس کی نفلی عبادت دی جاتی ہے' اور غیبت کرنے والا بغیر صوم وصلوۃ کے رہ جاتا ہے۔ چنانچہ اسی وجہ سے ان دونوں کے نماز کے اعادہ اور روزہ کی قضا کا حکم فرمایا۔ یہ حکم فتویٰ خاصہ کے قبیل سے ہے نا کہ احکام عامہ کے قبیل سے۔ مسند فردوس دیلمی میں ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مرفوعا مروی ہے: **الغيبة تنقض الوضوء والصلاة۔ قوله: قالا لم يا رسول الله:** اور ایک نسخہ میں '' **فقالا** '' ہے ورنہ حقیقت میں غیبت سے روزہ اور وضو ٹوٹتا نہیں تاہم غیبت کی وجہ سے عبادات کا کمال وثواب ضرور کھویا جاتا ہے۔ سفیان ثوریؒ کے نزدیک غیبت' مفسد روزہ ہے۔ بہرحال حدیث سے یہ بات یقیناً واضح ہوتی ہے کہ غیبت کی قباحت و برائی بہت زیادہ ہے اور احتیاط وتقویٰ کا تقاضا یہی ہے کہ اگر غیبت صادر ہو جائے تو وضو کی تجدید کرنا بہتر ہے) نیز روزہ دار کو چاہئے کہ غیبت سے پوری طرح اجتناب کرے۔

عرضِ مرتب:

مشہور ہے کہ روزے نہیں کاٹے جائیں گے، یعنی روزوں کی قرقی نہ ہوگی۔ یہ بات غلط ہے۔ مسلم شریف میں ایک حدیث آئی ہے، اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ روزے بھی قرقی ہوں گے۔ وہ حدیث یہ ہے: **ان رسول الله ﷺ قال: اتدرون بالم قالو المفلس فينا من لا درهم له ولا متاع فقال ان من امتى من يأتى يوم القيامة صلاة وصيام وزكوٰة وباقى قد شتم هذا وقذف هذا وأكل مال هذا وسفك دم هذا وضرب هذا، فيعطى هذا من حسناته وهذا من حسناته فان فنيت حسناته قبل أن ليقضٰى ما عليه أخذ من خطاياهم فطرحت عليه ثم طرح فى النار.**

(مسلم شریف جلد دوم)

اس سے معلوم ہوا کہ نمازوں کی طرح روزے بھی کاٹے جائیں گے۔ جس نے یہ مطلب لیا ہے کہ روزے نہیں کاٹے جائیں گے وہ غلط سمجھا۔

غیبت کرنے والے کو توبہ کی توفیق نہیں ملتی

۴۸۷۴۔۴۸۷۵: وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ وَجَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَيْفَ الْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا قَالَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَزْنِيْ فَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَيَتُوْبُ فَيَغْفِرُ اللّٰهُ لَهٗ وَاِنَّ صَاحِبَ الْغِيْبَةِ لَا يُغْفَرُ لَهٗ حَتّٰى يَغْفِرَهَا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَهٗ صَاحِبُهٗ۔ (رواه البيهقي الاحاديث الثلثة في شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٥/٣٠٦ الحديث رقم ٦٧٤١۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غیبت زنا سے بدتر ہے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! غیبت زنا سے کیوں بدتر ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زنا کرنے والے کی توبہ اللہ تعالیٰ قبول کر لیتا ہے ایک روایت میں اس طرح ہے کہ وہ توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے معاف فرما دیتا ہے اور غیبت کرنے والے کو اس وقت تک معاف نہیں کیا جاتا یہاں تک کہ جس کی غیبت کی ہے وہ معاف نہ کرے۔

(ان تینوں روایتوں کو بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے)

تشریح: قوله: قالوا كيف الغيبة أشد من الزنا؟ ممکن ہے کہ یہ سوال چند صحابہ کرام نے پوچھا ہو۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ اپنی دونوں (یعنی ابوسعید و حضرت جابرؓ) نے پوچھا ہو (اس کا کُل جمع ۲ افراد ہوتے ہیں اس کا اعتبار کرتے ہوئے جمع کی ضمیر استعمال کی گئی ہو۔)

أشد من الزناء: مبتداء علی سبیل الحکایۃ، کیف: خبر ہے۔ ای: کیف قولك هذا؟

۴۸۷۶: وَفِيْ رِوَايَةِ اَنَسٍ قَالَ صَاحِبُ الزِّنَا يَتُوْبُ وَصَاحِبُ الْغِيْبَةِ لَيْسَ لَهٗ تَوْبَةٌ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٥/٣٠٦ الحديث رقم ٦٧٤٢۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صاحب زنا تو توبہ کر سکتا ہے مگر صاحب غیبت کو توفیق توبہ نہیں۔

اس کے متعدد مطالب بیان کئے گئے ہیں:

اولاً: جو شخص زنا میں مبتلا ہو جاتا ہے اس کے بارے میں یہ تصور کیا جا سکتا ہے کہ وہ توبہ کرے گا (برخلاف مرتکب غیبت کے)۔

ثانیاً: جو شخص زنا میں مبتلا ہوتا ہے اس کے دل پر خدا کا خوف طاری ہو جاتا ہے اور اس تصور سے لرزنے لگتا ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے مواخذہ کر لیا تو نجات کا راستہ نہیں ملے گا اس لئے وہ اپنے اس فعل شنیع پر نادم و شرمسار ہو کر توبہ کرتا ہے جب کہ غیبت اگرچہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑے گناہ کی چیز ہے مگر غیبت کرنے والا اس کو ایک ہلکی چیز سمجھتا ہے کیونکہ جب کوئی برائی عام ہو جاتی ہے تو اس کی قباحت دل سے نکل جاتی ہے اور لوگ اس میں مبتلا ہو جانے کی برائی کو محسوس نہیں کرتے۔

ثالثاً: غیبت کرنے والا توبہ کرتا ہے تو اس کی توبہ بذات خود نہیں بلکہ اس کی توبہ کا صحیح و مقبول ہونا اس شخص کی طرف سے معاف کر دیئے جانے پر موقوف ہوتا ہے جس کی اس نے غیبت کی ہے (چنانچہ اوپر کی حدیث کے ان الفاظ: "ان صاحب الغيبة لا نغفر له حتى يغفر هاله صاحبه" سے یہی واضح ہوتا ہے۔ اور زنا کار کی معافی کا معاملہ بہرحال اللہ ہی کے اختیار میں ہے اس کو معاف کرنے میں کسی کا کوئی دخل نہیں ہے)۔

تخریج: امام میرکؒ منذریؒ سے نقل کرتے ہیں: ابوسعید اور جابر کی روایت کو ابن ابی الدنیا نے "كتاب الغيبة" میں اور طبرانی نے "الاوسط" میں ذکر کیا ہے۔ انسؓ کی حدیث کو امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک بے نام راوی سے نقل کیا ہے اور سفیان بن عیینہ سے بھی نقل کیا ہے لیکن مرفوعاً نقل نہیں کیا۔ اور یہی "اشبہ" ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غیبت سے توبہ کس طرح ہو.....؟

۴۸۷۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ كَفَّارَةِ الْغِيْبَةِ اَنْ تَسْتَغْفِرَ لِمَنِ اغْتَبْتَهٗ تَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلَهٗ ۔ (رواہ البیہقی فی الدعوات الکبیر وقال فی ھذا الاسناد ضعف)

اخرجہ البیہقی فی الدعوات الکبیر۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غیبت کا کفارہ یہ ہے کہ جس کی غیبت کی اس کے لیے بخشش کی دعا یوں کی جائے اے اللہ! ہمیں اور اسے بخش دے۔ بیہقی نے اس کو دعوات کبیر میں ذکر کر کے کہا کہ اس کی سند میں ضعف ہے۔

تشریح: قولہ: تقول اللھم اغفر لنا: ''تقول'' والے جملہ کی ترکیب میں تین احتمال ہیں: ▣ یہ جملہ بدل ہے۔ ▣ بیان ہے۔ ▣ حال ہے۔

ان تستغفر: اگرچہ صیغہ خطاب کا ہے مگر مراد عام ہے۔

صاحب مظاہر لکھتے ہیں: دعا و مغفرت کے الفاظ سے یہ واضح ہوتا ہے کہ غیبت کرنے والا پہلے خود اپنے حق میں مغفرت کی دعا کرے۔ اس میں نکتہ یہ ہے کہ استغفار کرنے والے کے بارے میں حق تعالیٰ کا وعدہ یہ ہے کہ اس کی دعا و مغفرت کو قبول کیا جائے گا۔ لہٰذا غیبت کرنے والا جب پہلے خود اپنے حق میں استغفار کرے گا تو اس کے نتیجہ میں وہ اس معصیت سے پاک ہو جائے گا۔ پس دوسرے کے حق میں بھی اس کی دعا مغفرت قبول ہوگئی۔

''اغفر لنا'': میں جمع متکلم کی ضمیر لائی گئی ہے جب غیبت کا صدور کئی افراد سے ہوا ہو تو سب اس طرح دعا مانگیں۔

اگر غیبت کرنے والا ایک شخص ہو تو پھر ''اغفرلی'' کے الفاظ استعمال ہوں گے یا یہ مراد ہے کہ استغفار کرنے والا اپنی دعائے مغفرت میں تمام مسلمانوں کو شامل کرے اس صورت میں اس دعا کے معنی یہ ہوں گے کہ اے اللہ ہم سب مسلمانوں کو اور خاص طور پر اس شخص کو کہ جس کی میں نے غیبت کی ہے بخش دے۔

بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ مغفرت کی دعا کرنا اس صورت سے متعلق ہے جبکہ اس کی غیبت کی خبر اس شخص کو نہ پہنچی ہو جس کی غیبت کی گئی ہے اور اگر یہ صورت ہو تو جس شخص کی غیبت کی گئی ہے اس کو معلوم ہو گیا ہو کہ فلاں شخص نے میری غیبت کی ہے تو غیبت کرنے والے کے لئے ضروری ہوگا کہ وہ اس شخص سے اپنے آپ کو معاف کرائے بایں طور کہ پہلے اس کو یہ بتائے کہ میں نے تمہاری غیبت میں اس طرح کہا ہے اور پھر اس سے اپنے آپ کو معاف کرائے اور اگر غیبت کرنے والا کسی مجبوری اور عذر کی بنا پر ایسا نہ کر سکے تو پھر یہ ارادہ رکھے کہ جب بھی ہو سکے گا۔ اس سے اپنے آپ کو معاف کراؤں گا۔ چنانچہ اس کے بعد جب بھی وہ اپنے آپ کو اس سے معاف کرا لے گا اس ذمہ داری سے بری ہو جائے گا اور اس غیبت کے سلسلہ میں اس پر کوئی حق و مواخذہ باقی نہیں رہ جائے گا' ہاں اگر وہ اپنے آپ کو معاف کرانے سے عاجز رہا۔ بایں سبب کہ جس شخص کی اس نے غیبت کی ہے وہ مثلاً مر گیا ہے یا غائب ہے۔ (مثلاً اتنی دور رہائش پذیر ہے کہ اس سے ملاقات کا کوئی امکان نہیں ہے تو اس صورت میں اس کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضروری ہوگا کہ وہ اللہ تعالیٰ سے مغفرت وبخشش کا طلب گار ہو اور اس کے فضل وکرم سے یہ امید رکھے کہ وہ اس شخص کو اس کے تئیں راضی کر دے گا۔ اللہ تعالیٰ جواد کریم رؤف ورحیم ہے۔

فقیہ ابولیث فرماتے ہیں کہ علماء نے غیبت کرنے والے کی توبہ کے بارے میں کلام کیا ہے کہ آیا اس کے لئے یہ جائز ہے یا نہیں کہ اس نے جس شخص کی غیبت کی ہے اس سے معاف کرائے بغیر توبہ کرے چنانچہ بعض علماء نے اس کو جائز کہا ہے بعض نے اس کو ناجائز کہا ہے ہمارے نزدیک اس کی دو صورتیں ہیں:

اول: اگر اس کی غیبت کی خبر اس شخص کو پہنچ گئی ہے کہ جس کی اس نے غیبت کی ہے تو اس کی توبہ بس یہی ہے کہ وہ اس سے معاف کرائے۔

ثانی: اگر اس شخص کو اس غیبت کی خبر پہنچی ہے تو اس صورت میں وہ اللہ تعالیٰ سے مغفرت وبخشش کی دعا مانگے اور دل میں یہ عہد کر لے کہ آئندہ ایسی حرکت نہیں کروں گا۔ (انتہی)

قوله: وقال: في هذا الاسناد ضعف:

بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے اس روایت کو گویا ضعیف قرار دیا ہے لیکن اس کا ضعیف ہونا حدیث کے اصل مفہوم پر اثر انداز نہیں ہوتا کیونکہ فضائل اعمال میں ضعیف حدیث سے بھی استدلال کرنا کافی ہو جاتا ہے۔ واللہ اعلم۔ پھر میں نے دیکھا کہ جامع صغیر میں بھی اس طرح کی ایک حدیث منقول ہے جس سے اس روایت کو تقویت پہنچتی ہے۔ اس حدیث کے الفاظ یہ ہیں: **كفارة من اغتبت ان تستغفر له** یعنی غیبت کرنے کا کفارہ یہ ہے کہ اس شخص کے حق میں مغفرت کی دعا کی جائے جس کی غیبت کی گئی ہے۔ اس حدیث کو ابن ابی الدنیا نے اپنی کتاب (بیان الصمت) ''خاموشی کا بیان'' میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الوَعد

وعدہ کا بیان

"وَعْدٌ" کے معنی ہیں قول وقرار کرنا' وعدہ کرنا یعنی کسی سے مثلاً یہ کہنا کہ تمہارا فلاں کام کردوں گا یا تمہارے پاس آؤں گا اور یا تمہارے ساتھ کھانا کھاؤں گا" وعد" خیر اور شر دونوں سے متعلق جملوں میں استعمال کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ اس جملہ میں خیر اور شر کا لفظ مذکور ہو جیسے کہا جاتا ہے: **وعدته خيرا يا وعدته شرا** ۔اگر خیر یا شر کا لفظ مذکورہ نہ ہو تو خیر میں" وعد" کا لفظ استعمال کیا جائے گا اور شر میں" وعید" اور" ایعاد" کا لفظ۔

کسی کہنے والے کا یہ قول بھی اسی قبیل سے ہے ؎

وانی وان اوعدته أو وعدته ☆ لمخلف میعادی ومنجز موعدی

وعدہ کے احکام:

ایفاء عہد اور وعدہ وفا کرنا انسانیت کا مظہر اور اسلامی اخلاق وآداب کا ایک بنیادی تقاضا ہے' جب کہ بدعہدی و وعدہ خلافی ایک بہت بڑا عیب ہے۔ جو شخص اپنا عہد پورا نہ کرے اور اپنا وعدہ وفا نہ کرے وہ اسلام اور معاشرہ دونوں کی نظروں میں سخت ناپسندیدہ سمجھا جاتا ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ دین اسلام سے پہلے بھی تمام ادیان میں وعدے کو پورا کرنے کا حکم تھا اور سارے رسول وپیغمبر ایفاء وعدہ کی محافظت کرتے رہے ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی مدح وتعریف میں یوں فرمایا ہے:

﴿وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰٓى﴾ [النجم:۳۷]

نیز ہمارے نبی آنحضرت ﷺ کے جد حضرت اسماعیل علیہ السلام کی مدحت میں اللہ عزوجل فرماتا ہے: ﴿اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ﴾ [مریم:۵۴] کہا جاتا ہے کہ انہوں نے کسی آدمی سے کسی جگہ کا کوئی وعدہ کیا تھا، مگر وہ شخص لوٹ کر نہ آیا۔ آپ علیہ السلام وہیں ٹھہرے رہے حتی کہ پورا سال گزر گیا۔ اھ۔ (ماخوذ از فوائد حدیث:۴۸۰)

اس قدر طویل انتظار فرمانا یہ محض اللہ تعالیٰ کی عطاء کردہ قوت وطاقت ہی سے تھا۔

وعدہ بہر صورت پورا کرنا چاہئے خواہ اس کے لئے کتنی ہی زحمت کیوں نہ برداشت کرنا پڑے۔

ایفاء وعدہ واجب ہے یا مستحب؟ امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ یہ بات مجمع علیہ ہے کہ جو شخص کسی انسان کی شیئ کے بارے میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کوئی ایسا وعدہ کرے جو ممنوع نہ ہو تو اس وعدہ کو پورا کرنا چاہئے۔

ائمہ کا اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ وعدہ کو پورا کرنا واجب ہے یا مستحب؟ چنانچہ جمہور علماء بشمول امام ابوحنیفہ اور امام شافعیؒ کا قول یہ ہے کہ وعدہ کو پورا کرنا مستحب ہے وعدہ نہ کرنا افضل ہے اور پورا نہ کرنا سخت مکروہ ہے۔ البتہ گناہ نہیں۔ اور اگر دوسرے کو اذیت پہنچانا مقصود تھا گناہ بھی ہوگا۔

ایک جماعت کا قول یہ ہے کہ وعدہ کو پورا کرنا واجب ہے حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ بھی اسی جماعت میں شامل ہیں۔ اور بعض کے نزدیک اس میں تفصیل ہے۔

اول (مذہب) کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جو ''احیاء'' میں مروی ہے: قال کان ﷺ اذا أوعدو اقال عسی۔ کہ آپ ﷺ جب کسی سے کوئی وعدہ فرماتے تو لفظ ''عسی'' فرماتے تھے۔ منقول ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا معمول تھا جب کوئی وعدہ کرتے تو ''ان شاء اللہ'' کہہ لیتے تھے اور یہی اولیٰ ہے۔ جب وعدہ بھرپور طریقہ سے کرے تو چاہے کہ ضرور پورا کرے الا کہ وعدہ پورا کرنا معذور ہو اور اگر وعدہ کرتے وقت کسی شخص کا عزم وعدہ پورا نہ کرنے کا تھا تو یہ نفاق ہے (انتھی) اس ساری بحث سے اس بات کو تائید حاصل ہوتی ہے کہ وعدہ مطلق ہو یعنی عسی اور مشیت وغیرہ جیسے الفاظ کے ساتھ مقید نہ ہو جو جزم وعدہ پر دلالت کرتے ہوئے ہوں تو وعدہ وفاء کرنا واجب ہے پس ان کا ''وھو الاولی'' کہنا محل بحث ہے جیسا کہ مخفی نہیں۔

اگر کوئی شخص وعدہ کو پورا کرنے کی نیت رکھنے کے باوجود اس وعدہ کو پورا نہ کر سکے تو وہ گنہگار نہیں ہوتا اشرفؒ (حدیث ۸۱۔۴۸ کی تشریح میں) فرماتے ہیں: نیت صالحہ پر آدمی کو ثبات سے نوازا جاتا ہے اگرچہ اس کا اقتران نہ پایا جائے جس کی نیت کی گئی تھی اور تخلف ہو جائے۔ اھ۔ اس سے یہ بات بھی مفہوم ہو رہی ہے کہ اگر کسی شخص نے کوئی وعدہ کیا اور نیت یہ رکھی کہ اس وعدہ کو پورا نہیں کروں گا تو وہ گنہگار ہوگا خواہ اس وعدے کو پورا کرے یا پورا نہ کرے (کیونکہ یہ زبان سے وعدہ کرنا اور دل میں اس کے خلاف کرنے کا ارادہ رکھنا) منافقین کی خصلت ہے۔

بغیر کسی وجہ کے اور بلا کسی امر مانع کے وعدہ خلافی کرنا حرام ہے مجمع البحار میں لکھا ہے کہ علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اگر کوئی شخص کسی ممنوع کام کا وعدہ کرے تو اس وعدہ کو پورا نہیں کرنا چاہئے۔

بچے سے بھی وعدہ کریں تو پورا کریں۔ (ملاحظہ ہو حدیث: ۸۲۔۴۸)

مثلاً دو آدمیوں نے آپس میں ایک دوسرے سے وعدہ کیا کہ ہم دونوں فلاں جگہ فلاں وقت ایک دوسرے سے ملیں گے اس وعدہ کے مطابق ان دونوں میں سے کوئی ایک مقررہ جگہ پر پہنچ کر دوسرے آدمی کے انتظار میں بیٹھا ہوا تھا۔ کہ نماز کا وقت ہو گیا تو اب مزید انتظار نہ کرے اور نماز کے لئے چلا جائے۔ یہ وعدہ خلاف نہیں کہلائے گا اور اس پر کوئی گناہ نہیں ہوگا کیونکہ نماز کے لئے جانا ضرورتِ دین میں سے ہے ہاں اگر وہ نماز کا وقت آنے سے پہلے ہی وہاں سے اٹھ کر چلا جائے تو بے شک اس کو وعدہ خلاف کہا جائے گا اور وعدہ خلافی کی برائی اس کے ذمہ ہوگی اسی طرح اگر امور بدنیہ میں سے کوئی ضروری امر پیش آئے جیسے کھانے پینے کا وقت ہو گیا ہو یا پیشاب و پاخانہ کی حاجت لاحق ہو گئی ہو یا اسی طرح کا کوئی اور حقیقی عذر پیش آ گیا ہو تو اس صورت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں بھی مزید انتظار کئے بغیر پہلے جانا جائز ہوگا۔ (ماخوذ از فوائد حدیث: ۴۸۸۳)

الفصل الاول:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جس کا وعدہ ہو وہ میرے پاس آئے

۴۸۷۸: عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَمَّا مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَاءَ اَبَابَكْرٍ مَالٌ مِنْ قِبَلِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَضْرَمِيِّ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ مَنْ كَانَ لَهٗ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ اَوْكَانَتْ لَهٗ قِبَلَهٗ عِدَةٌ فَلْيَاْتِنَا قَالَ جَابِرٌ فَقُلْتُ وَعَدَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُعْطِيَنِيْ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا فَبَسَطَ يَدَيْهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَ جَابِرٌ فَحَثٰى لِيْ حَثْيَةً فَعَدَدْتُهَا فَاِذَا هِيَ خَمْسُ مِائَةٍ وَقَالَ خُذْ مِثْلَيْهَا۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۲۶۸/۶ الحدیث رقم ۳۱۶۴ و مسلم فی ۱۸۸/۴ الحدیث رقم (۶۰-۲۳۱۴)۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا اور حضرت ابوبکرؓ کے پاس حضرت علاء بن الحضرمی کی طرف سے مال آیا تو آپ نے اعلان فرمایا جس شخص کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر قرض ہو یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی سے وعدہ فرمایا ہو تو وہ ہمارے پاس آئے حضرت جابرؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وعدہ فرمایا تھا کہ مجھے اتنا اور اتنا دیں گے کہ مجھے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دونوں ہاتھ بھر کر دیے میں نے انہیں گنا تو وہ پانچ سو تھے۔ فرمایا اسے دوگنا اور لے لو۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: قبلة: قاف کے کسرہ اور باء کے فتحہ کے ساتھ بمعنی عندہ۔

''عندہ'': عین کے کسرہ اور دال مہملہ مخففہ کے ساتھ بمعنی وعدہ۔

ان یعطینی هکذا وهکذا وهکذا: لفظ'' هکذا'' تین مرتبہ آیا ہے۔ اور ایک نسخہ میں دو بار آیا ہے۔ بظاہر پہلا راجح ہے۔ اس کی تائید اگلے جملے ''فبسط یدیه ثلاث مرات'' سے ہوتی ہے۔

قوله: من کان له علی النبیؐ دین او کانت له قبله عدة: وعدہ ملحق بالدین ہوتا ہے۔ چنانچہ ایک حدیث میں آتا ہے۔: العدة، دین. (رواه الطبرانی فی الاوسط، عن علی وابن مسعود).

ہمارے علماء میں سے اشرفؒ اور دیگر اہل علم کا کہنا ہے کہ دین میت کی ادائیگی، میت کے کئے ہوئے وعدوں کو وفا کرنا، اور یہ کہ اس معاملہ میں وارث اور اجنبی دونوں برابر ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثانی

وصال سے قبل تیرہ اُونٹنیوں کا وعدہ

۴۷۹۔ وَعَنْ اَبِیْ جُحَیْفَةَ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَبْیَضَ قَدْشَابَ وَکَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِیٍّ یُشْبِهُهٗ وَاَمَرَ لَنَا بِثَلٰثَةَ عَشَرَ قَلُوْصاً فَذَهَبْنَا نَقْبِضُهَا فَاَتَانَا مَوْتُهٗ فَلَمْ یُعْطُوْنَا شَیْئاً فَلَمَّا قَامَ اَبُوْبَکْرٍ قَالَ مَنْ کَانَتْ لَهٗ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عِدَةٌ فَلْیَجِیْ فَقُمْتُ اِلَیْهِ فَاَخْبَرْتُهٗ فَاَمَرَلَنَا بِهَا۔ (رواہ الترمذی)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۶/ ۵۶۴ الحدیث رقم ۳۵۴۴ و مسلم فی ۴/ ۱۸۲۲ الحدیث رقم (۱۰۷-۲۳۴۳)، والترمذی فی السنن ۵/ ۱۱۸ الحدیث رقم ۲۸۲۶۔

ترجمہ: حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سفید رنگ میں دیکھا کہ بڑھاپا آچکا تھا حضرت حسن بن علیؓ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم شکل تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے لیے تیرہ اونٹنیوں کا حکم جاری فرمایا۔ ہم لینے گئے تو آپ کے وصال کی خبر ملی تو لوگوں نے ہم کو کچھ نہ دیا جب حضرت ابوبکرؓ خلیفہ بنے اور اعلان کیا کہ جس کے ساتھ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی وعدہ فرمایا ہو تو وہ آجائے میں آپؓ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اطلاع دی تو آپ نے وہ اونٹنیاں دینے کا حکم جاری فرمایا۔ (ترمذی)

تشریح: قولہ: ابیض: یعنی آپ کی رنگت گوری تھی، سرخی مائل تھی۔ اور اسی سے آپ کا یہ فرمان ہے جو عائشہ سے فرمایا تھا حمیراء!

قولہ: وکان الحسن بن علی یشبه ﷺ:

مشہور یہ ہے کہ حضرت حسنؓ کا اور اوپری آدھا دھڑ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مشابہ تھا، اور حسینؓ کے جسم کا نچلا آدھا دھڑ سرور کونین کے مشابہ تھا

عرضِ مرتب:

اس کی تفصیل حدیث: ۶۱۴۶ کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

قولہ: من کانت عند رسول الله ﷺ عدة فلیجیء:

حدیث جابر میں ''عدۃ'' کے ساتھ ''دین'' کا ذکر ہے جب کہ اس حدیث میں صرف ''عدۃ'' کا ذکر ہے۔ اس کی دو وجوہ ہوسکتی ہیں: ۱ بطریق اولویت مفہوم ہو رہا ہے۔ ۲ ممکن ہے کہ راوی نے اقتصار کیا ہو، خصوصاً جب کہ ان کا کلام بھی وعدہ ہی کے بارے میں تھا۔ قولہ: وأمرنا: ای لأ جلنا أو لا عطا ئنا۔ واضح رہے کہ جامع الاصول میں "وأمرلنا" ہے۔ اور مصابیح کے تمام نسخوں میں "أمرله" ہے۔ پہلا ضبط زیادہ مناسب ہے، چونکہ اگلی تمام ضمیریں اسی کے مطابق ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''قلوص'': قاف کے فتحہ اور لام کے ضمہ کے ساتھ جوان اونٹنی کو کہتے ہیں۔

وذهبنا: فعل شروع کے معنی میں ہے ای فشرعنا فی الذهاب الی انما مور لنقبض بالعطاء۔

قوله: فلم يعطونا شيئا:

یہ ارشاد دلیل ہے کہ ہبہ، صدقہ اور عطیہ پر جب تک قبضہ نہ ہو ملکیت حاصل نہیں ہوتی۔ ان چیزوں میں ملکیت قبضہ ہی سے آتی ہے۔

ملاحظہ: جامع الاصول میں فرماتے ہیں کہ ابو جحیفہ کی حدیث کا پہلا حصہ بخاری، مسلم اور ترمذی تینوں نے متفقہ طور پر روایت کیا ہے۔ اور دوسرا ٹکڑا بخاری اور ترمذی دونوں نے متفقہ طور پر روایت کیا ہے۔ اور آخری حصہ کہ جس میں حضرت ابوبکرؓ کی عطاء کا ذکر ہے صرف امام ترمذیؒ نے روایت کیا ہے۔ (کذا قالہ الشیخ) اسی لئے مؤلفؒ نے حدیث کے آخر میں رواہ الترمذی فرمایا۔ (قالہ میرک)

کمال وعدہ وفائی

۴۸۸۰: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی الْحَمْسَاءِ قَالَ بَايَعْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ يُّبْعَثَ وَبَقِيَتْ لَهٗ بَقِيَّةٌ فَوَعَدْتُّهٗ اَنْ اٰتِيَهٗ بِهَا فِیْ مَكَانِهٖ فَنَسِيْتُ فَذَكَرْتُ بَعْدَ ثَلٰثٍ فَاِذَا هُوَ فِیْ مَكَانِهٖ فَقَالَ لَقَدْ شَقَقْتَ عَلَیَّ اَنَا هٰهُنَا مُنْذُ ثَلٰثٍ اَنْتَظِرُكَ۔ (رواہ ابوداؤد)

اخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۲۶۸ الحديث رقم ۴۹۹۶۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن ابوحمساءؓ سے روایت ہے کہ میں نے ظہور نبوت سے پہلے آپ ﷺ سے خرید و فروخت کی۔ آپ کا کچھ بقایا تھا میں نے آپ ﷺ سے وعدہ کیا کہ میں اس جگہ وہ لاتا ہوں پھر میں وہ بھول گیا تین دن کے بعد مجھے وہ یاد آیا پس آپ اس جگہ تشریف فرما تھے۔ فرمایا تم نے مجھ کو مشقت میں ڈال دیا۔ میں یہاں تین روز سے تمہارا انتظار کر رہا ہوں۔ (ابوداؤد)

www.KitaboSunnat.com

راوئ حدیث:

عبداللہ بن ابی الحمساء۔ یہ عبداللہ بن ابی الحمساء ''عامری'' ہیں۔ ان کا شمار بصریوں میں ہے۔ ان کی حدیث عبداللہ بن شقیق اپنے والد سے نقل کرتے ہیں اور وہ عبداللہ بن ابی الحمساء سے روایت کرتے ہیں۔ ''حمساء'' میں حائے مہملہ مفتوح میم ساکن سین مہملہ اور اس کے بعد الف ممدودہ ہے۔

تشریح: بايعت النبی ﷺ:

طیبیؒ فرماتے ہیں: بايعت بمعنی بعت منه یعنی اشتریت ہے۔ یہ بیع سے (ماخوذ) ہے تاکہ مبالغہ سے۔ اھ۔ یہ محل نظر ہے چونکہ از روئے قواعد صرفیہ یہ درست نہیں ہے۔ پس ظاہر یہ ہے کہ بیع مقابضہ و معاوضہ پر محمول ہے لہٰذا یہ باب مفاعلہ ہی سے ہے [illegible] اپنی اصل پر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: أنا ههنا منذ ثلاث انتظرك:

انتظار کی وجہ:

آنحضرت ﷺ کا اتنے طویل انتظار کی اس مشقت و زحمت کو برداشت کرنا اپنی چیز کی بقیہ قیمت وصول کرنے کے لئے نہیں تھا بلکہ اس پیش نظر تھا کہ جب عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بقیہ قیمت لے کر یہاں آنے کا وعدہ کیا تھا اور ان کے وعدے کے جواب میں گویا میری طرف سے بھی یہ وعدہ تھا کہ میں یہاں رہوں گا تو جب تک وہ یہاں نہ آئیں ایفاء وعدہ کی خاطر مجھے یہاں بیٹھ کر انتظار کرنا چاہئے۔

مجبوری میں وعدہ پر نہ پہنچ سکنے کا حکم

۴۸۸۱: وَعَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَعَدَ الرَّجُلُ اَخَاهُ وَمِنْ نِيَّتِهِ اَنْ يَفِيَ لَهُ فَلَمْ يَفِ وَلَمْ يَجِئْ لِلْمِيْعَادِ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد في السنن ٥/٢٦٨ الحديث رقم ٤٩٩٥، والترمذي في السنن ٥/٢١ الحديث رقم ٢٦٣٣۔

ترجمہ: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کوئی اپنے بھائی سے وعدہ کرے اور وعدہ پورا کرنے کی نیت اور ارادہ بھی ہو مگر پورا نہ کر سکے تو ایسی صورت میں اس پر کوئی گناہ نہیں۔ (ابوداؤد، ترمذی)

تشریح: أن يفي: یاء کے فتحہ اور فاء کے کسرہ کے ساتھ یہ اصل میں ''أن يوفي'' تھا۔

بچے سے بھی جھوٹ مت بولو

۴۸۸۲: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ دَعَتْنِيْ اُمِّيْ يَوْماً وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ فِيْ بَيْتِنَا فَقَالَتْهَا تَعَالَ اُعْطِيْكَ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَفَارَدْتِّ اَنْ تُعْطِيَهُ قَالَ اَرَدْتُّ اَنْ اُعْطِيَهُ تَمْرًا فَقَالَ لَهَارَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَاِنَّكِ لَوْ لَمْ تُعْطِهِ شَيْئٌ كُتِبَتْ عَلَيْكِ كَذِبَةٌ۔

(رواه ابوداؤد والبيهقي في شعب الايمان)

أخرجه ابوداؤد في السنن ٥/٢٦٥ الحديث رقم ٤٩٩١، واحمد في المسند ٣/٤٤٧، والبيهقي في شعب الايمان ٤/٢١٠ الحديث رقم ٤٨٢٢۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھے ایک دن میری والدہ نے بلایا اس وقت رسول اللہ ﷺ ہمارے گھر میں تشریف فرما تھے والدہ نے آواز دی آؤ میں تمہیں کچھ دوں تو نبی اکرم ﷺ نے پوچھا تم اسے کیا دینا چاہتی ہو؟ تو انہوں نے عرض کیا کہ میں نے اسے کھجوریں دینے کا ارادہ کیا ہے اس موقع پر آپ ﷺ نے فرمایا آگاہ رہو! اگر تم اسے کچھ نہ دیتی تو تمہارے نامہ اعمال میں جھوٹ لکھا جاتا۔ (ابوداؤد، بیہقی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

راوئ حدیث:

عبداللہ بن عامر۔ یہ عبداللہ بن عامر بن کریز قریشی ہیں۔ یہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے ماموں کے بیٹے ہیں۔ اور مرقاۃ میں یوں ہے کہ یہ حضرت عثمان بن عفان کے ماموں تھے۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں پیدا ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر دم کیا تھا تکا را اور اعوذ پڑھی جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی تو ان کی عمر تیرہ (۱۳) سال تھی۔ بعض نے کہا ہے کہ انہوں نے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی بھی روایت نہیں کی' اور نہ ہی انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی حدیث سن کر یاد کی۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان کو خراسان اور بصرہ کا حاکم بنا دیا تھا اور یہ وہاں برابر حاکم رہے یہاں تک کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ شہید کر دیئے گئے۔ پھر جب امارت کے اختیارات حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف منتقل ہوئے تو ولایت خراسان و بصرہ ان کو دوبارہ دے دی گئی۔ یہ بڑے سخی' کریم' کثیر المناقب ہیں۔ انہوں نے ہی خراسان کو فتح کیا اور ''کسریٰ'' شاہ فارس کو انہی کی گورنری کے زمانہ میں قتل کیا گیا اور اس پر سب کا اتفاق ہے کہ انہوں نے فارس کے تمام اطراف کو اور اسی طرح عامہ خراسان' اصفہان' کرمان اور حلوان کو فتح کیا۔ انہوں نے ہی بصرہ کی نہر کھدوائی۔ ۵۹ میں وفات پائی۔

تشریح: قوله: ورسول الله ﷺ قاعد في بيتنا: یہ جملہ حالیہ ہے۔

قوله: فقالت ها تعال:

ها: اس کے بارے میں دو احتمال ہیں: ▣ برائے تنبیہ ہے۔ ▣ اسم فعل ہے بمعنی خذ. اس صورت میں تعال، اس کی تاکید ہو گا۔ ''تعال'': لام کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ آخر میں الف نہیں ہے۔

اعطيك: باثبات الياء بحذف الياء دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔ ایک نسخہ میں حذف یاء کے ساتھ'' اعطك'' ہے۔ سنن ابی داؤد اور شعب الایمان کی روایت میں باثبات الیاء ہے۔

ثبوت یاء کی صورت میں دو ترکیبی احتمالات ہیں:

▣ اعطيك مرفوع ہے۔ ''انا'' مبتدا محذوف کی خبر ہے۔ لہٰذا یہ جملہ مستانفہ ہو گا۔ جیسا کہ اللہ جل شانہ کا فرمان: ﴿فهب لي من لدنك وليا يرثني﴾ مرفوع ہے۔

اعطيك مجزوم ہے۔ جواب امر ہونے کی وجہ سے۔ اور ''یاء'' برائے اشباع ہے، بہر حال یہ بھی ایک لغت ہے۔ کہ حالت جزمی میں حرف علت کا برقرار رکھتے ہیں۔ جیسا کہ اس آیت کریمہ میں قنبل عن ابن کثیر روایت یوں ہے: ﴿انه من يتقي ويصبر﴾ [یوسف۔ ۹۰] اس کے علاوہ بھی بہت سی مثالیں ہے۔ جزری کا شعر ہے:

الا قولوا لشخص قد تقوى
على ضعفي ولم يخشن رقيبه

ایک اور شاعر کہتا ہے:

ألم ياتيك والأنباء تنمى

قوله: فقال لها رسول الله ﷺ ما أردت:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام طیبیؒ فرماتے ہیں مصابیح کے نسخوں میں'' فقال لها: ما اردت ان تعطيه؟ قال: اردت ان اعطيه تمرا'' کے الفاظ موجود نہیں ہیں۔ یہ کاتبین کا سہو ہے۔ واللہ اعلم۔

یہ ''ما'' بمعنی ''ای شیئ'' ہے یعنی ای شئ نویت؟

أن تعطيه: یاء کے سکون کے ساتھ ہے' چونکہ مخاطب کا صیغہ ہے اور علامت نصب حذف نون ہے سید کے اصل نسخہ میں اور بعض نسخوں میں ''أن'' یاء کے فتحہ کے ساتھ ہے تعطیہ یہ قلم کا سہو ہے' یا لغزش ہے۔

قوله: أما انك لو لم تعطيه كتبت عليك كذبة:

أما: تخفیف کے ساتھ ہے' برائے تنبیہ ہے۔

لم تعطيه: باء کے ساتھ' چونکہ یہ باء ضمیر کلمہ ہے' اس کا لام کلمہ نہیں ہے' معنوی اعتبار سے تقدیری عبارت یوں ہے: لو لم تنو با عطائه شيئا۔

كذبة: اس لفظ کے ضبط میں اختلاف ہے۔ چنانچہ اس کو تین طرح ضبط کیا گیا ہے:

- کاف کے فتحہ اور ذال کے سکون کے ساتھ ہے بمعنی مرة من الكذب. (ایک مرتبہ کا جھوٹ)
- بعض نسخوں میں کاف کے کسرہ اور نون کے سکون کے ساتھ۔ بمعنی نوع من الكذب. (ایک قسم کا جھوٹ)۔
- بعض تصحیح شدہ نسخوں میں مصححین کے زعم کے مطابق بفتح کاف کے فتحہ اور ذال کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ یہ ضبط درست نہیں ہے، جیسا کہ اہل لغت اور ائمہ کا کلام ماقبل میں گذرا۔ اور ابن الملکؒ فرماتے ہیں: بفتح الكاف ثم السكون' وابفتحهما مع الذال والباء الموحده۔ (انتھی) یہ صحیح نہیں ہے' اس لئے کہ کاف کے فتحہ' ذال کے کسرہ اور تاء کے ساتھ یہ کلمہ لغت میں نہیں پایا جاتا۔

امام نوویؒ نے صراحت کی ہے کہ ذال دونوں جگہ ساکن ہے۔ لہٰذا ابن الملک کا کلام درایۃً و روایۃً ہر دو کے مخالف ہے۔

۴۸۸۳: وَعَنْ زَيْدِ ابْنِ اَرْقَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ وَعَدَ رَجُلاً فَلَمْ يَاتِ اَحَدُ هُمَا اِلٰى وَقْتِ الصَّلٰوةِ ذَهَبَ الَّذِىْ جَآءَ لِيُصَلِّىَ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ۔

رواہ رزین۔

ترجمہ: ''حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی شخص کسی آدمی سے کہیں ملنے کا وعدہ کرے اور ان دونوں میں سے کوئی ایک نماز کے وقت تک وہاں نہ پہنچے اور وہ شخص نماز پڑھنے کے لئے چلا جائے جو وہاں آ گیا تھا تو وہ گنہگار نہیں ہوگا''۔ (رزین)

تشریح: ''احکام الباب'' کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْمِزَاحِ

خوش طبعی کا بیان

''مزاح'' کی لغوی تحقیق: قاموس سے یوں مفہوم ہوتا ہے کہ یہ لفظ میم کے ضمہ اور کسرہ دونوں کے ساتھ مصدر ہے۔ میم کے ضمہ کے ساتھ ہو، تو مجرد میں مزح، یمزح مزحا ومزاحة ومزاحا (مذاق کرنا' دل لگی کرنا)، از باب منع کا اسم مصدر ہے۔ (جس کا معنی ہے ہنسی مذاق' دل لگی) ''مزاح'' کا معنی ہے بہت ہنسی مذاق کرنے والا' المذّح من الناس: ہنسی مذاق کرنے والے لوگ میم کے کسرہ کے ساتھ ہو، تو مزید فیہ میں مازحه ممازحة ومزاحا بمعنی دعب (ہنسی مذاق کرنا)، باب مفاعلہ کا مصدر ہے۔ باب تفاعل سے بھی مستعمل ہے، تمازح یتمازح تمازحًا. (باہمی مذاق کرنا)

جوہری فرماتے ہیں کہ ''مزاح'' ضمہ کے ساتھ اسم ہے' اور کسرہ کے ساتھ ''مازحہ'' کا مصدر ہے۔ (حدیث: ۴۶۸۵)

مزاح کی تعریف: خوش طبعی اور ہنسی مذاق جس میں کسی کی دل شکنی اور ایذاء رسانی کا نہ ہو۔ جس خوش طبعی اور ہنسی مذاق کا تعلق دل شکنی اور ایذاء رسانی سے ہو اس کو ''سخریہ'' کہتے ہیں۔

ایک حدیث میں فرمایا گیا ہے: لا تمار اخاك ولا تمازحه یعنی اپنے مسلمان بھائی سے جھگڑا فساد نہ کرو اور نہ اس کے ساتھ ہنسی مذاق کرو امام نووی فرماتے ہیں وہ مزاح وظرافت ممنوع ہے جس میں حد سے تجاوز کیا جائے اور اس کو عادت بنالیا جائے حدود سے متجاوز۔

ظرافت کے نقصان:

۱ ہر وقت مزاح وظرافت میں مبتلا رہنا اور اس میں حد سے تجاوز کرنا بہت زیادہ ہنسنے اور قہقہہ لگانے کا باعث ہوتا ہے۔ ۲ قلب وذہن کو قساوت اور بے حسی میں مبتلا کر دیتا ہے ۳ ذکر الٰہی سے غافل کر دیتا ہے ۴ مہمات دین میں غور وفکر اور پیش قدمی سے باز رکھتا ہے ۵ اکثر اوقات اس کا انجام ایذا رسانی اور آپس میں بغض وعناد کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے ۶ جو شخص ہر وقت ہنسی مذاق کرتا رہتا ہے اس کی شخصیت بری طرح متاثر اور مجروح ہو جاتی ہے کہ نہ اس کا کوئی دبدبہ قائم رہتا ہے اور نہ اس کو عظمت اور اس کا وقار باقی رہتا ہے۔

ظرافت کے فوائد:

جو مزاح وظرافت حد کے اندر اور کبھی کبھار ہو وہ نہ صرف مباح ہے بلکہ صحت مزاج سرور ونشاط اور سلامت طبع کی علامت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھی ہے۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ بھی مزاح اور ظرافت کو اختیار فرماتے تھے جس سے آپ ﷺ کا مقصد مخاطب کی دل بستگی وخوش طبعی اور آپس میں محبت وموانست کے جذبات کو مستحکم کرنا ہوتا تھا اور یہ چیز سنت مستحبہ ہے۔

حنفی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

ظرافت سے متعلق ایک اشکال:

اشکال واقع ہوتا کہ یہ بات کہ وہی مزاح وظرافت مباح ہے جو کبھی کبھار ہو۔ اس روایت کے مخالف ہے جس میں حضرت عبداللہ بن حارث رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے: ما رایت احدا اکثر مزاحا من رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ یعنی میں نے رسول کریم ﷺ سے زیادہ مزاح کرنے والا کوئی شخص نہیں دیکھا

میں کہتا ہوں کہ زیادہ مزاح وظرافت کرنے کی ممانعت اس وجہ سے ہے کہ اس سے نفس پر قابو نہیں رہتا اور ظاہر ہے کہ آنحضرت ﷺ کے برابر کوئی اور شخص اپنے نفس پر قابو نہیں رکھ سکتا لہٰذا یہ چیز (زیادہ مزاح کرنا) ان امور میں سے ہے جو صرف آنحضرت ﷺ کی ذات کے ساتھ مخصوص ہیں اور دوسروں کے لئے ان سے اجتناب ہی اولیٰ ہے اس کی تائید شمائل ترمذی میں مروی حضرت ابوہریرہؓ کی اس روایت سے بھی ہوتی ہے جو آگے آئے گی: کہ صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ ہمارے ساتھ مزاح فرماتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا میں مزاح میں سچ کہتا ہوں۔ حاصل یہ کہ زیادہ مزاح کرنے کی ممانعت کا تعلق آنحضرت ﷺ کے سوا دوسرے لوگوں سے ہے ہاں اگر کوئی شخص حد پر قائم رہے نفس پر قابو رکھے اور راہِ اعتدال سے منحرف نہ ہونے پر قادر ہو وہ بھی اس ممانعت سے مستثنیٰ ہوگا۔

الفصل الاول:

اے ابوعمیر! تمہارے نُغَیر کا کیا بنا؟

۴۸۸۴: عَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُخَالِطُنَا حَتّٰى يَقُوْلَ لِاَخٍ لِيْ صَغِيْرًا يَا اَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ وَكَانَ لَهٗ نُغَيْرٌ يَلْعَبُ بِهٖ فَمَاتَ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۵۸۲/۱۰ الحدیث رقم ۶۲۰۳ و مسلم فی ۱۶۹۲/۳ الحدیث رقم (۳۰-۲۱۵۰) وابوداؤد فی السنن ۲۵۱/۵ الحدیث رقم ۴۹۶۹، والترمذی فی ۳۱۴/۴ الحدیث رقم ۱۹۸۹ و ابن ماجه فی ۱۲۲۶/۲ الحدیث رقم ۳۷۲۰، واحمد فی المسند ۱۱۵/۳۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ہم سے گھل مل کر رہتے تھے حتی کہ میرے چھوٹے بھائی سے فرمایا اے ابوعمیر! چڑیا کا کیا بنا؟ ان کی ایک چڑیا تھی جس سے وہ کھیلا کرتے تھے وہ مرگئی تھی۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: "ان": مخففه من المثقله ہے اس کا اسم ضمیر شان ہے۔

لیخالطنا: لام فارقہ فتحہ کے ساتھ ہے۔ شمائل میں لیخالطنا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''مافعل'': بصیغۂ فاعل ہے۔

قوله: يقول لأخ لي صغير: حضرت انس رضی اللہ عنہ کے اس چھوٹے بھائی کا نام کبشہ تھا اور وہ ان کے ماں شریک بھائی تھے ان کے والد کا نام ابوطلحہ زید بن سہیل انصاری رضی اللہ عنہ تھا۔

''نُغَیر'' تصغیر ہے ''نُغر'' کی۔ ''نغر'' نون کے ضمہ غین کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ جو ایک چھوٹے پرندے کا نام ہے جو چڑیا کی طرح ہوتا ہے اس کی چونچ سرخ ہوتی ہے۔ بعض حضرات نے کہا ہے کہ ''نغیر'' سے مراد چڑیا ہے بعض کا کہنا ہے کہ اس سے مراد چھوٹا چڑا ہے جس کی چونچ چھوٹی ہوتی ہے اور اس کا سر لال ہوتا ہے۔ **قوله: مافعل النغير**: یعنی تمہارا پرندہ کیا ہوا مجھے دکھائی نہیں دے رہا۔ اس جملہ سے نبی کریم ﷺ ان کو اس پرندہ کی موت پر تسلی دیتے تھے۔ امام راغبؒ فرماتے ہیں: **الفعل التاثير من جهة مؤثرة 'والعمل كل فعل يكون من الحيوان يقصد عمل** 'فعل سے اخص ہے' چونکہ فعل کی نسبت کبھی حیوانات کی طرف بھی ہوتی ہے' اور حیوانات سے وقوع بغیر قصد کے ہوتا ہے اور کبھی فعل کی نسبت جمادات کی طرف کی جاتی ہے۔ (انتھی) چنانچہ معنی یہ ہوا: **ما جاله وشانه** (ذكره الطيبي) اور اگر بصیغۂ مجہول مروی ہوتا تو اس میں بڑی اچھی توجیہ وتنبیہ ہوتی اور معنی یوں ہوتا: **مافعل به**؟ صاحب شرح السنۃ لکھتے ہیں: یہ حدیث کئی فوائد پر مشتمل ہے: ❶ مدینہ کا شکار مباح ہے' بخلاف مکہ کے شکار کے' میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں اگر یہ بات ثابت ہو جائے تو یہ اختلاف ہی ختم ہو جائیگا کہ مدینہ کا بھی حرم ہے کہ نہیں۔ ❷ اسماء کی تصغیر جائز ہے۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں چونکہ یہ لطف وشفقت پر مبنی ہے' خصوصاً جب کہ اس میں سجع کی رعایت بھی ہے اور کلام مباح میں ہے جب کہ اس میں تکلیف نہ ہو۔ ❸ مزاح' خوش طبعی کرنا مباح ہے جب تک کہ گناہ نہ ہو۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ دل لگی کے لئے ہو تو مستحب ہے۔ (صاحب شرح السنۃ) فرماتے ہیں: شیخ نجم الدین تبیر سے اس کے علاوہ فوائد بھی منقول ہیں۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں یہ محل بحث ہے' چونکہ اگر مراد یہ لیں گے کہ اجنبی عورت کے ساتھ خلوت جائز ہے تو واضح رہے کہ بالا جماع یہ جائز نہیں ہے' اور مراد یہ ہے کہ اجنبی عورت کے ساتھ اگر کوئی اور بھی ہو تو اس کے پاس جانا جائز ہے تو بالکل واضح بات ہے اس کے جواز میں کوئی شبہ نہیں ہے حتی کہ اپنے نفس کے بارے میں اندیشہ سے مامون نہ ہو تو تب بھی جائز ہے جیسا کہ تحمل شہادت وغیرہ کے مسئلہ میں ہے۔ مزید یہ کہ اس حدیث میں خلوت پر کوئی دلالت موجود نہیں' اور اگر ہو بھی تو یہ بات معروف ہے کہ آپ ﷺ معصوم تھے' اور اجنبیہ کے پاس خلوت میں جانے کا جواز آپ ﷺ کی خصوصیات میں سے تھا۔ مزید کہ آپ ﷺ معصوم تھے اس کے ساتھ ساتھ آپ ﷺ اس امت کی ماؤں کے باپ تھے' اور یہ باتیں آپ ﷺ کے علاوہ کسی میں نہیں پائی جاتیں۔ اگرچہ وہ ولی ہی کیوں نہ ہو۔ چونکہ ''حفظ'' کا مرتبہ بہر حال ''عصمت'' سے کم تر ہی ہے۔ چنانچہ جب جنید بغدادی سے پوچھا گیا کہ کیا عارف زنا کرتا ہے؟ (یعنی کر سکتا ہے؟) تو وہ کچھ دیر سر جھکائے رہے اور پھر بولے: **وكان امر الله قدرا مقدورا**۔ میں نے اس بحث کو طویل اس لئے کیا تا کہ کوئی زندیق' ملحد ومباحی اس سے تمسک نہ کرے ایک مسئلہ یہ بھی ہے کہ آدمی کے لئے جائز ہے کہ از راہ تعجب ایسی کوئی بات پوچھے جس کا اس کو پہلے سے علم ہو۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ یہ اس بات پر موقوف ہے کہ اس کا علم آنحضرت ﷺ کو پہلے سے تھا۔ چونکہ یہ ممکن ہے کہ آنحضرت ﷺ نے یہ بات محض اس کے دکھائی نہ دینے پر ارشاد فرمائی ہو۔ اس میں عموم ہے جو موت کو بھی شامل ہے۔ فرمایا: اس حدیث سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نبی کریم ﷺ کمال اخلاق کا پتہ چلتا ہے۔اور یہ کہ صنعناء کی رعایت کرنا مکارم اخلاق میں سے ہے۔اور چھوٹے بچوں سے مزاح کرنا اور ان کا دل خوش کرنا مستحب ہے۔میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں ایسا کیوں نہ ہو جب کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام قدیم میں آپ ﷺ کا وصف کریم یوں بیان فرمایا:[انك لعلى خلق عظيم] [القلم:٤] نیز بعض حضرات کا کہنا ہے کہ اہل مدینہ اس پرندے کو بلبل کہتے ہیں۔

مطلب یہ ہے کہ حضورؐ کا ہمارے ساتھ بہت ہی میل ملاپ تھا' باہم مل جل کر رہتے تھے آپؐ ہمارے ساتھ بیٹھا کرتے تھے اور ہنسی مذاق فرمایا کرتے تھے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: حتى، يخالطنا کی غایت ہے۔يخالطنا کی ضمیر متکلم سے مراد حضرت انسؓ اور ان کے اہل خانہ ہیں۔عبارت کی معنوی تقدیر گویا یوں ہے:انتهت مخالطته لأهلنا كلهم حتى الصبي، وحتى الملاعبة معه،وحتى السؤال عن فعل النغير.

بچوں کو چڑیا وغیرہ سے دل بہلانا اور ان کے ساتھ کھیل کود کرنا جائز ہے بشرطیکہ اس کو تکلیف و ایذا نہ پہنچائیں کسی چھوٹے اور کمسن بچے کی کنیت مقرر کرنا جائز ہے اور یہ جھوٹ میں داخل نہیں ہے میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں چونکہ اس سے نیک فال مقصود ہے۔

الفصل الثانی:

خوش طبعی میں بھی سچی بات

۴۸۸۵:عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكَ تُدَاعِبُنَا قَالَ اِنِّی لَا اَقُوْلُ اِلَّا حَقًّا۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٣١٤ الحديث رقم ١٩٩٠، واحمد فی المسند ٢/ ٣٤٠۔

ترجمہ:حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ ہم سے خوش طبعی بھی کرتے ہیں۔آپ ﷺ نے فرمایا: سچی بات ہی کہتے ہیں۔(ترمذی)

تشریح: تداعبنا: از باب مفاعلہ معروف کے صیغہ کے ساتھ ہے۔یہ ''دعابۃ'' سے ماخوذ ہے جو ''تمازح'' کا معنی ہے۔

صحابہ کرام کا یہ کہنا ''انك تداعبنا'' اس وجہ سے تھا کہ انہوں نے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نسبت سے ہنسی مذاق کو مستبعد جانا۔اسی وجہ سے انہوں نے اپنے اس کلام کو ''انّ'' کے ساتھ اور لام کے ساتھ' جیسا کہ بعض نسخوں میں ''لتد اعبنا'' واقع ہوا ہے ''حقا'': اس کا معنی ہے: عدلا وصدقا۔

مادہ واضح بات یہ ہے کہ جب آنحضرت ﷺ نے صحابہؓ کو ہنسی مذاق کرنے سے منع فرمایا تو اس کے بعد انہوں نے مذکورہ سوال کیا۔چنانچہ آنحضرت ﷺ نے ''انی لا اقول الاحقا'' فرما کر ان کو جواب دیا کہ ہنسی مذاق کی ممانعت اس بنا پر ہے کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس میں عام طور پر جھوٹی باتوں اور غیر شرعی امور کا ارتکاب ہو جاتا ہے اور ظاہر ہے کہ تم میں سے کوئی بھی شخص اس پر قادر نہیں ہے کہ اس کا ہنسی مذاق جھوٹ اور لایعنی باتوں سے کلیتاً پاک ہو کیونکہ تم کو معصوم نہیں بنایا گیا ہے (لیکن حق تعالیٰ نے مجھ کو معصوم بنایا ہے اور مجھے اس بات پر قادر کیا ہے کہ میرے کسی بھی ہنسی مذاق کی بات میں جھوٹ کی آمیزش نہ ہو یہی وجہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کبھی بھی ایسا مزاح نہیں فرماتے تھے جس میں جھوٹ اور لچر بات کا شائبہ بھی پایا جاتا ہو۔

اگر ہنسی مذاق کی کوئی بات حقیقت کے اعتبار سے جھوٹ پر مبنی نہ ہو تو وہ جائز ہے لیکن اس کے باوجود ہنسی مذاق اور ظرافت کو عادت نہ بنایا جائے کیونکہ اس کی وجہ سے دبدبہ اور وقار ختم ہو جاتا ہے۔)

ہم تجھے اُونٹنی کا بچہ دیں گے

۴۸۸۶: وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلاً اسْتَحْمَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ فَقَالَ اِنِّی حَامِلُكَ عَلٰی وَلَدِ نَاقَةٍ فَقَالَ مَا اَصْنَعُ بِوَلَدِ النَّاقَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهَلْ تَلِدُ الْاِبِلَ اِلَّا النُّوْقُ۔

(رواه الترمذی وابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۲۷۰ الحديث رقم ۴۹۹۸، والترمذی فی ۴/۳۱۴ الحديث رقم ۱۹۹۱، واحمد فی المسند ۳/۲۶۷۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے آپ ﷺ سے سواری کا سوال کیا آپ ﷺ نے فرمایا ہم تجھے اونٹنی کے بچے پر سوار کریں گے۔ اس نے عرض کیا میں اونٹنی کے بچے کا کیا کروں گا؟ فرمایا اونٹ کو اونٹنی ہی تو جنتی ہے۔

(ترمذی، ابوداؤد)

تشریح: النوق: بضم النون – ناقة (اونٹنی) کی جمع ہے۔ الابل: جنس مراد ہے۔

کہا گیا ہے کہ ان صاحب میں ضعف عقل تھا۔ وہ صاحب یہ سمجھے کہ بچہ کا اطلاق تو چھوٹے بچے ہی پر ہوتا ہے اور چھوٹا بچہ سواری کے قابل نہیں ہوتا لیکن آنحضرت ﷺ کی مراد یہ تھی کہ اونٹ کا بچہ سواری کے قابل ہو یا نہ ہو وہ بچہ تو اونٹنی ہی کا ہوتا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے اس شخص کی طلب پر مذکورہ ارشاد بطور خوش طبعی فرمایا اور اس کے ذریعہ نہ صرف حقیقت مفہوم کو ادا کیا بلکہ اس کی طرف بھی اشارہ فرمایا کہ اگر تم تدبیر سے کام لیتے تو یہ بات نہ کہتے لہٰذا اس ارشاد میں محض ظرافت ہی نہیں ہے بلکہ اس امر کی طرف متوجہ کرنا بھی مقصود ہے کہ سننے والے کو چاہئے کہ وہ اس بات میں غور و تامل کرے جو اس سے کہی گئی ہے اور بغیر سوچے سمجھے سوال و جواب نہ کرے بلکہ پہلے اس بات میں غور و فکر کرے۔

مزاح مبارک اے دو کانوں والے

۴۸۸۷: وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ يَا ذَا الْاُذُنَيْنِ۔ (رواه ابوداؤد والترمذی)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۲۷۲ الحديث رقم ۵۰۰۲، والترمذی فی ۴/۳۱۵ الحديث رقم ۱۹۹۲، واحمد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فی المسند ۱۲۷/۳۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے دو کانوں والے۔ (ابوداؤد، ترمذی)

یا ذا الأذنین کہنے کی وجہ:

تشریح: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو دو کانوں والے کے ذریعہ مخاطب فرمایا یہ کس بات کے پیش نظر تھا؟ اس میں کئی احتمال ہیں: ۱ اس میں خوش طبعی وظرافت تھی ۲ ان کے تئیں اس تعریف وتوصیف کا اظہار مقصود تھا کہ تم نہایت فہیم وذکی ہو اور تم سے جو بات کہی جاتی ہے اس کو تم خوب اچھی طرح سنتے ہو۔ ۳ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ مذکورہ بالا دونوں اقوال میں کوئی منافات نہیں، چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جو بھی الفاظ صورۃً مذاق ہوتے وہ بھی درحقیقت کسی معنوی حقیقت پر مبنی ہوتے۔ ممکن ہے کہ ان کے کان کچھ لمبے ہوں یا کچھ چھوٹے ہوں، یا کچھ اور کسی طرح کی کوتاہی ہو جس کی طرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ارشاد کے ذریعہ اشارہ فرمایا ہو۔ ۴ ان کو تنبیہ وتحریض مقصود ہو کہ جو بات کہی جائے اس کو اچھے انداز سے سنا جائے، چونکہ کہا جاتا ہے کہ سمع کا تعلق حاسۂ اذن (کان کے محسوس کرنے کی صلاحیت) سے ہے اور جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے دو کان عطا کئے ہوں اور (اس کے باوجود) غفلت کرے اور بات اچھی طرح (سن کر) محفوظ نہ کر سکے تو وہ معذور نہیں۔ (یعنی ایسے شخص کا کوئی عذر قابل قبول نہیں)۔ (قالہ صاحب النہایۃ)

کوئی بڑھیا جنت میں نہ جائے گی

۴۸۸۸: وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ لِامْرَاةٍ عَجُوْزٍ اِنَّهٗ لَا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَجُوْزٌ فَقَالَتْ وَمَالَهُنَّ وَكَانَتْ تَقْرَاءُ الْقُرْاٰنَ فَقَالَ لَهَا اَمَا تَقْرَئِيْنَ الْقُرْاٰنَ اِنَّا اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَاءً فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا۔

(رواه رزين وفي شرح السنة بلفظ المصابيح)

أخرجه البغوي في شرح السنة ۱۸۳/۱۳ الحديث رقم ۳۶۰۶۔

ترجمہ: انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بوڑھی عورت سے فرمایا کوئی بھی بوڑھی جنت میں داخل نہ ہوگی اس نے کہا یہ کیوں حالانکہ وہ قرآن پڑھتی ہیں فرمایا کیا تم قرآن میں یہ نہیں پڑھتی: اِنَّا اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَاءً فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا۔ یعنی ہم ان عورتوں کو پیدا کریں گے جیسا پیدا کیا جاتا ہے پس ہم ان کو بنائیں گے کنواری۔ رزین شرح السنہ میں مصابیح کے الفاظ میں ہے۔

تشریح: قوله: وفي شرح السنة بلفظ المصابيح:

مصابیح میں اس روایت کو جن الفاظ کے ساتھ نقل کیا گیا ہے وہ یوں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت سے فرمایا کہ بوڑھی عورتیں جنت میں داخل نہیں ہوں گی یہ سن کر وہ عورت واپس ہوئی اور روتی ہوئی چلی گئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس عورت کو جا کر بتا دو عورتیں اپنے بڑھاپے کے ساتھ جنت میں داخل نہیں ہوں گی کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: اِنَّا اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَاءً فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا۔ [الواقعة: ۳۷]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تم اللہ کے ہاں کھوٹے نہیں ہو

۴۸۸۹: وَعَنْهُ اَنَّ رَجُلاً مِنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ كَانَ اسْمُهٗ زَاهِرُ بْنِ حَرَامٍ وَكَانَ يَهْدِىْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْبَادِيَةِ فَيُجَهِّزُهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَخْرُجَ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ زَاهِرًا بَادِيَتُنَا وَنَحْنُ حَاضِرُوْهُ وَكَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّهٗ وَكَانَ دَمِيْمًا فَاَتَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَهُوَ يَبِيْعُ مَتَاعَهٗ فَاحْتَضَنَهٗ مِنْ خَلْفِهٖ وَهُوَ لَا يُبْصِرُهٗ فَقَالَ اَرْسِلْنِىْ مَنْ هٰذَا فَالْتَفَتَ فَعَرَفَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ لَا يَاْلُوْ مَا اَلْزَقَ ظَهْرَهٗ بِصَدْرِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ عَرَفَهٗ وَجَعَلَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ يَشْتَرِى الْعَبْدَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذًا وَاللّٰهِ تَجِدُنِىْ كَاسِدًا فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لٰكِنْ عِنْدَ اللّٰهِ لَسْتَ بِكَاسِدٍ۔ (رواه فى شرح السنة)

أخرجه البغوى فى شرح السنة ۱۳/۱۸۱ الحديث رقم ۳۶۰۴، واحمد فى المسند ۳/۱۶۱۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی شخص جس کا نام زاہر بن حرام تھا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے گاؤں سے ہدیہ لایا کرتا تھا جب وہ واپس جانے لگتے تو انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تحائف عطا فرماتے اور فرماتے کہ زاہر ہمارا دیہاتی ہے اور ہم اس کے شہری ہیں جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے محبت کرتے تھے اور وہ خوبصورت نہ تھے ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو زاہر اپنا سامان بیچ رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں پیچھے کمر کی جانب سے جکڑ لیا حالانکہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا (اور) بولے کون ہو؟ مجھے چھوڑ دو۔ انہوں نے مڑ کر دیکھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچان لیا تو انہوں نے موقع ہاتھ سے نہ جانے دیا پہچاننے کے بعد اپنی پشت بار بار آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ سے مس کرنے لگے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس غلام کو کون خریدتا ہے؟ عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی قسم مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھوٹا پائیں گے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (بطور مزاح) فرمایا تم اللہ کے ہاں کھوٹے نہیں ہو۔ (شرح السنۃ)

راوئ حدیث:

زاہر بن حرام: ''حرام'' ضد ہے حلال کی۔ مؤلفؒ نے الاکمال میں ان کا تذکرہ نہیں کیا ہے۔ البتہ ''استیعاب'' میں ہے کہ حجازی تھے دیہات میں رہا کرتے تھے اور ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ یہ اشجعی تھے شرکائے بدر میں سے ہیں۔

تشریح: قوله: كان يهدى للنبى ﷺ: شمائل کی روایت میں ''الى النبى ﷺ هدية'' کے الفاظ ہیں۔

''يهدى'' یاء کے ضمہ کے اور دال کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ ''للنبی'' صلی اللہ علیہ وسلم یہ لام اجلیہ ہے یا بمعنی ''الی'' ہے: اى لأجل النبى أو اليه فيجهزه: ھا کی تشدید کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں تخفیف کے ساتھ ہے جیسا کہ شمائل کی روایت میں ہے۔

باديتنا: (یہاں مضاف محذوف ہے) اى ساكن باديتنا أو صاحبها أو اهلها بادية: بادية کی تاء برائے مبالغہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے اور بعض کا کہنا ہے، کہ ''اطلاق اسم المحل علی الحال'' کے قبیل سے ہے۔ شمائل کے بعض نسخوں میں ''بادینا'' کا لفظ ہے۔ معنی کے اعتبار سے اول کے مقابلہ میں یہ لفظ زیادہ واضح ہے۔ ''بادی'' بادیہ میں مقیم شخص کو کہتے ہیں۔

اس آیت کریمہ میں یہ لفظ اسی معنی میں استعمال ہوا ہے: ﴿سواء العاكف فيه والباد﴾. [الحج۔ ۲۵]

قوله: ونحن حاضره: یہ ''حضور'' سے ماخوذ ہے اس کا معنی ہے: **الاقامة في المدن والقرى۔** (شہروں بستیوں میں رہائش پذیر ہوں) امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم اس سے دیہات میں پائی جانے والی نباتات کا استفادہ کرتے ہیں اور ہم شہر میں پائے جانے والی چیزیں ان کو فراہم کرتے ہیں۔

دمیم: دال مہملہ کے ساتھ: قبیح المنظر' کریہ الصورۃ' (حقیر' بدصورت) **فأتى النبي ﷺ يوما:** ''النبي'' رفع کے ساتھ ہے۔ **فجعل لا يألو:** ''جعل'' بمعنی شروع وطفق ہے' اور ''لایألو'' ہمزہ کے سکون وابدال' اور لام کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ ای **لايقصر۔**

وهو لا يبصر: جملہ حالیہ ہے۔ شمائل کی روایت میں ''ولا يبصر'' ہے۔ اور ایک نسخہ میں ''ولا يبصره'' ہے۔

''من هذا'': شمائل کی روایت میں ''من هذا؟ أرسلني'' کے الفاظ ہیں۔

ما الزق ظهره: شمائل کی روایت میں ''ما ألصق'' صاد کے ساتھ ہے۔ بہر حال دونوں ہم معنی ہیں۔ ''ما'' مصدریہ ہے۔ منصوب بنزع الخافض ہے۔ ای: **في الزاق ظهره.**

وجعل النبي ﷺ يقول: شمائل کے نسخوں میں (وجعل کی بجائے) ''فجعل'' ہے۔

من يشترى العبد: شمائل کے بعض نسخوں میں ''هذا العبد'' ہے۔

آنحضرت ﷺ نے زاہر کو از راہ مذاق ''عبد'' کہا اور حقیقت کے اعتبار سے یہ کوئی جھوٹ بات نہیں تھی کیوں کہ وہ ''عبداللہ'' (اللہ کے بندے) تو بہر حال تھے ہی۔

کسی چیز کو بطور فروخت کرنے کے لئے بطور استفہام یہ کہنا کہ کون شخص ہے جو اس کو خریدتا ہے تو لفظ ''اشتراء'' کے مفہوم کے اعتبار سے کبھی تو اس اطلاق کیا جاتا ہے۔ **''مقابله الشي بالشيئ''** اور کبھی اس کا اطلاق استبدال پر ہوتا ہے۔ لہٰذا آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد ''کون شخص ہے جو اس غلام کا خریدار ہے'' کا مطلب یہ تھا کہ اس بازار میں ایسا کوئی شخص ہے جو اس غلام کی قیمت لگا دے اور ایسی کوئی چیز مجھے دے سکے جس کے بدلے میں اس کو یہ غلام دے سکوں یعنی یہاں کا کوئی مال اس کا بدل نہیں ہو سکتا اور کوئی چیز اس کی قیمت نہیں بن سکتی! نیز یہ بھی ممکن ہے آپ ﷺ کا یہ ارشاد تجرید کے قبیل سے ہو جس سے گویا آپ ﷺ کا مطلب یہ تھا کہ کون شخص ہے جو اس غلام کو حاصل کرے (یعنی ایسا کوئی شخص نہیں ہے جو اس غلام کو حاصل کرنے اور اس کو اپنے پاس رہنے کا اہل ہو۔)

يا رسول الله! اذًا: ''اذًا'' جواب اور جزاء ہے۔ ای: **ان بعتني او عرضتني للبيع او الأخذ اذًا الخ.**

والله تجدني كاسدا: شمائل کے بعض نسخوں میں '' **اذا تجدني والله كاسدًا** '' کے الفاظ ہیں۔ یعنی کلمہ قسم فعل سے مؤخر ہے۔ **''كاسدا'':** (اس کا موصوف محذوف ہے۔) **ای متاعا كاسدا:** اکثر نسخوں میں رفعہ کے ساتھ ہے۔ ممکن ہے کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حال کے معنی مراد ہوں، نا کہ استقبال کے۔ بعض نسخوں میں منصوب ہے، یہ ظاہر ہے۔ اور یہ اس قول کی مانند ہوگا: اذا و الله نرميهم بحرب.

تجدني: میرک فرماتے ہیں: شمائل کے بعض نسخوں میں "تجدوني"، جمع کے صیغہ کے ساتھ ہے۔ یہاں تکلف کرنا پڑتا ہے۔ ملا علی قاریؒ کا کہنا ہے کہ اس میں دو احتمال ممکن ہیں:

- یہ صیغہ باعتبار صحابہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے استعمال ہوا ہے۔
- یہ صیغہ نبی کریم ﷺ ہی کیلئے استعمال ہوا ہے البتہ بطور تعظیم۔

قوله: لكن عند الله لست بكاسد: ظرف کی اس کے متعلق اور عامل سے تقدیم اہتمام و اختصاص کی وجہ سے ہے۔ شمائل میں: "او قال: أنت عند الله غال" ہے۔ راوی کو شک ہے۔ اور یہ بھی کوئی بعید نہیں کہ "او" بمعنی "بل" ہو۔ اور ایک نسخہ میں "لكن عند الله غال" کے الفاظ ہیں، اس جملہ سے حضرت زاہرہ کی منقبت اور زیادہ نکھر کر سامنے آجاتی ہے۔

تخریج: اس حدیث کو صاحب المصابیح نے اپنی سند کے ساتھ شرح السنہ میں ذکر کیا ہے۔ علاوہ ازیں امام ترمذیؒ نے شمائل میں، ابن حبان نے بھی اس کو نقل کیا اور صحیح قرار دیا ہے۔

کیا تمام کا تمام اندر آجاؤں؟

۴۸۹۰: وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَهُوَ فِيْ قُبَّةٍ مِنْ اَدَمٍ فَسَلَّمْتُ فَرَدَّ عَلَيَّ فَقَالَ ادْخُلْ فَدَخَلْتُ قَالَ عُثْمَانُ بْنُ اَبِي الْعَاتِكَةِ اِنَّمَا قَالَ اُدْخُلْ كُلِّيْ مِنْ صِغَرِ الْقُبَّةِ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداود في السنن ٥/٢٧٢ الحديث رقم ٥٠٠٠ و ابن ماجه في السنن ٢/١٣٤١ الحديث رقم ٤٠٤٢، واحمد في المسند ٦/٢٢۔

ترجمہ: حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں غزوہ تبوک کے موقع پر حاضر ہوا آپ ﷺ اس وقت چمڑے کے ایک خیمے میں تشریف فرما تھے میں نے سلام کیا آپ ﷺ نے سلام کا جواب دیتے بھی فرمایا اندر آجاؤ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ سارے کا سارا آجاؤں آپ نے فرمایا سارے کا سارا آجاؤ چنانچہ میں حاضر ہوا عثمان بن ابی عاتکہ کہتے ہیں کہ عوف نے یہ الفاظ خیمے کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے کہے۔ (ابوداؤد)

تشریح: قوله: وهو في قبة: "قبة": چھوٹے خیمہ کو کہتے ہیں۔ "اَدم": بروزن قلم بمعنی جلد فسلمت: اس سلام میں دو احتمال ہیں: ۱ یہ سلام سلامِ استیذان تھا۔ ۲ یہ سلام سلامِ ملاقات تھا۔

كلك: بقول امام طیبیؒ مرفوع و منصوب دونوں طرح پڑھنا درست ہے۔ تقدیری عبارت دو طرح ہو سکتی ہے۔: ۱ ایدخل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کلی؟ فقال: کلك یدخل۔ او ادخل کلی؟ فقال: ادخل کلك.

أدخل کلی: ثلاثی مجرد سے متکلم کا صیغہ ہے۔ ایک نسخہ میں ثلاثی مزید فیہ سے ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں۔ بظاہر باب افعال سے ہے۔ ثلاثی مجرد سے پڑھنے کی صورت میں کلی کو تاکید بنانا پڑے گا، اور یہ بات بعید ہے۔

من صغر القبة کا مطلب:

① خیمہ چھوٹا تھا۔

② خیمہ چھوٹا تھا اور عوف بن مالک کا قد بڑا تھا۔

③ خیمہ چھوٹا نہیں تھا البتہ موجود لوگوں کی کثرت کے باعث تنگ پڑ گیا تھا۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آنحضرت ﷺ اپنے صحابہ کے ساتھ اس طرح محبت وشفقت کا تعلق رکھتے تھے کہ صحابہ آپ ﷺ کے ساتھ بے تکلف ہو جاتے تھے اور اس بے تکلفی کے موقع پر آپ ﷺ سے ظریفانہ بات بھی کر لیتے تھے۔

نبی کریم ﷺ ابوبکر اور عائشہ رضی اللہ عنہما کی والہانہ محبت

۴۸۹۱: وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ اسْتَاذَنَ اَبُوْبَكْرٍ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ صَوْتَ عَائِشَةَ عَالِياً فَلَمَّا دَخَلَ تَنَاوَلَهَا لِيَلْطِمَهَا وَقَالَ لَا اَرَاكِ تَرْفَعِيْنَ صَوْتَكِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْجُزُهُ وَخَرَجَ اَبُوْبَكْرٍ مُغْضَبًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ خَرَجَ اَبُوْبَكْرٍ وَكَيْفَ رَاَيْتِنِيْ اَنْقَذْتُكِ مِنَ الرَّجُلِ قَالَتْ فَمَكَثَ اَبُوْبَكْرٍ اَيَّامًا ثُمَّ اسْتَاْذَنَ فَوَجَدَهُمَا قَدِاصْطَلَحَا فَقَالَ لَهُمَا اَدْخِلَا نِيْ فِيْ سِلْمِكُمَا كَمَا اَدْخَلْتُمَا نِيْ فِيْ حَرْبِكُمَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ فَعَلْنَا۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد في السنن ۵/ ۲۷۱ الحديث رقم ۴۹۹۹۔

ترجمہ: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کے پاس آنے کی اجازت طلب کی تو انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی آواز بلند ہوتے ہوئے سنی جب وہ داخل ہوئے تو انہوں نے عائشہ کو اس لیے پکڑا تا کہ ان کو تھپڑ ماریں اور کہنے لگے میں تمہیں رسول اللہ ﷺ کے سامنے آواز بلند کرتا ہوا دیکھتا ہوں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو منع فرمایا جب ابوبکر نکل گئے تو آپ ﷺ نے فرمایا تم نے مجھے کیسا پایا کہ میں نے اس آدمی سے تمہیں بچایا؟ حضرت عائشہ صدیقہ کہتی ہیں کہ چند دنوں تک حضرت صدیق پھر آئے اور اجازت مانگی تو ان دونوں کو صلح کی حالت میں پایا تو کہنے لگے تم مجھے اپنی صلح میں داخل کر لو جیسا تم نے اپنی لڑائی میں مجھے داخل کیا تو جناب نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ہم نے ایسا کر دیا۔ (ابوداؤد)

تشریح: لیطم: طاء کے کسرہ کے ساتھ ہے اور ضمہ بھی درست ہے "لطم" سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے۔ منہ پر یا جسم کے کسی بھی حصہ پر تھپڑ مارنا۔ (قاموس)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لا أراك: اس میں تین احتمال ہیں:

1. نفی بمعنی نہی ہے۔ ای: لا ینبغی لی أن اراك علی هذه الحالة. اور اس جملہ کے قبیل سے ہے: لا أرینك ههنا.
2. صیغہ نہی ہی کا ہے لیکن یہ ایک خاص لغت ہے۔
3. یہ نہی متکلم پر واقع ہے اور "أراك" کا الف اشباع کے لئے ہے۔

عرضِ مرتب: حدیث: ۴۸۸۲ کے تحت اس سے ملتی بحث لفظ "أعطیك" کے بارے میں گذری ہے وہاں ملاحظہ فرمائیے۔

ترفعین صوتك علی رسول الله ﷺ:

اس جملہ کے محل اعراب میں دو احتمال ہیں:

1. یہ جملہ محل نصب میں "لا اراك" کا مفعول ثانی ہے۔
2. "لا اراك" جملہ دعائیہ ہے۔ اور "ترفعین" الخ سے پہلے ہمزہ انکاری مقدر ہے۔

یحجزه: جیم اور زاء دونوں کے ضمہ کے ساتھ مغضبا: ضاد کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ بمعنی غضبان۔ قالت: فمکث: کہا گیا ہے کہ ابوداؤد کی اصل میں یہ اسی طرح مذکور ہے امام طیبیؒ فرماتے ہیں یہ اس پر دال ہے کہ نعمان نے یہ حدیث حضرت عائشہؓ سے سنی تھی۔ میں کہتا ہوں کہ اس صورت میں یہ مراسیل صحابہ میں سے ہوگی اور مراسیل صحابہ بالاجماع مقبول ہیں۔ مکث: کاف کے ضمہ کے ساتھ البتہ فتحہ بھی پڑھا جاتا ہے۔ بظاہر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا تین دن سے زیادہ ناراضگی نہ دکھانا اس بناء پر ہوگا کہ تین دن سے زیادہ ترک تعلق وکلام کے بارے میں ممانعت وارد ہوئی ہے۔

من الرجل: بظاہر یوں کہنا چاہئے تھا: "من ابیك"، لیکن دوسرا اسلوب اختیار کیا: الرجل کا "ال کمالیہ" ہے، لہٰذا من الرجل کہہ کر ان کے مرد کامل ہونے کی طرف اشارہ کیا۔ کہ وہ اللہ کے رسول ﷺ کی خاطر غضبناک ہوگئے۔

بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس حدیث میں آنحضرت ﷺ کا وہ جملہ بطور مزاح تھا جو آپ ﷺ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا تھا کہ دیکھا میں نے تمہیں اس شخص کے ہاتھ سے کس طرح نجات دلائی گویا آپ ﷺ نے "تمہارے باپ" کہنے کی بجائے "اس شخص" کہہ کر بقصد مزاح حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حق میں اجنبی قرار دیا۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے "فمکث أبو بکر" کہا، گویا کہ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو اجنبی سمجھا حالانکہ باپ شفقت ورحمت کا پیکر ہوتا ہے۔ یہ اسلوب تکلم اپنے والد ماجد سے کچھ خفگی کے باعث تھا۔

یہ بات بعید ہے، بلکہ بہت بعید ہے، بلکہ ہر اعتبار سے بعید ہے، کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا جیسی کامل عقل، اعلیٰ فہم مؤدب خاتون کہ جو نبوت کا رتبہ بھی پہنچانتی ہو۔ اور ابوت کا درجہ بھی سمجھتی ہو، وہ اتنے عرصے تک اپنے باپ سے محض اس بات پر ناراض رہی ہو کہ اس کے باپ نے اس کو تھپڑ مارنا چاہا تھا، (حالانکہ مارا بھی نہیں)۔ یا چلو مار ہی دیا، تو رسول اللہ ﷺ ہی کی خاطر مارا، اسی بات پر مارا کہ آئندہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ (پہلے سے زیادہ) ادب کے ساتھ پیش آئیں۔

اس کی نظیر میں بہت سے صحابہ کرام کے واقعات ہیں، کہ انہوں نے اپنے آباء کا نام ذکر کیا ہے۔ چونکہ وہ حضرات ان تکلفات کے عادی نہ تھے جن تکلفات نے ان کے بعد کے زمانے میں جنم لیا۔ اگرچہ اولیٰ وانسب یہی تھا کہ وہ رشتہ "ابوۃ" ہی کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذکر کرتے۔ اور والدین کو نام لے کر پکارنا تو کھلم کھلا خلاف ادب ہے۔ علاوہ ازیں یہ روایت بالمعنی ہے، جیسا کہ اگلے اسلوب کلام ثم استأذن فوجدهما قد اصلحا فقال لهما سے بالکل واضح ہے، چونکہ اگر یہ کلام حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا ہوتا تو یوں ہونا چاہئے تھا: فوجدنا قدا صطلحنا فقال لنا..... لہٰذا یہ اشکال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

غرضِ مرتب: ملا علی قاریؒ کی تمام باتیں سر آنکھوں پر، مندرجہ ذیل واقعہ ملاحظہ فرمائیے۔

وَعَنْهَا قَالَتْ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِنِّي لَاَ عْلَمُ اِذَا كُنْتِ عَنِّي رَاضِيَةً وَاِذَا كُنْتِ عَلَيَّ غَضْبٰى فَقُلْتُ مِنْ اَيْنَ تَعْرِفُ ذٰلِكَ فَقَالَ اِذَا كُنْتِ عَنِّي رَاضِيَةً فَاِنَّكِ تَقُوْلِيْنَ لَاوَرَبِّ مُحَمَّدٍ وَاِذَا كُنْتِ عَلَيَّ غَضْبٰى قُلْتِ لَاوَرَبِّ اِبْرَاهِيْمَ قَالَتْ قُلْتُ اَجَلْ وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَهْجُرُ اِلَّا اسْمَكَ.

ترجمہ: ''اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ (ایک دن) رسول اللہ ﷺ مجھ سے فرمانے لگے کہ جس وقت تم مجھ سے خوش ہوتی ہو تو میں جان جاتا ہوں اور جب تم (کسی دنیوی معاملہ میں) مجھ سے ناراض ہوتی ہو (جیسا کہ میاں بیوی کے درمیان کسی بات پر خفگی ہو جاتی ہے) تو مجھے وہ بھی معلوم ہو جاتا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ ''آپ ﷺ یہ کس طرح پہچان لیتے ہیں؟ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا: (اس طرح کہ) جب تم مجھ سے خوش ہوتی ہو تو اس طرح کہا کرتی ہو''۔ یہ بات نہیں ہے محمد ﷺ کے پروردگار کی قسم اور جب تم مجھ سے خفا ہوتی ہو تو اس طرح کہتی ہو کہ یہ بات نہیں ہے ابراہیمؑ کے پروردگار کی قسم (یعنی جب تم مجھ سے خفا ہونے کی حالت میں قسم کھاتی ہو تو میرا نام نہیں لیتیں بلکہ ابراہیم علیہ السلام کا پروردگار کہتی ہو) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ (یہ سن کر) میں نے عرض کیا کہ ''ہاں یا رسول اللہ! یہ بات ٹھیک ہے لیکن میں صرف آپ ﷺ کا نام ہی چھوڑتی ہوں''۔

فی سلمكما: سین کے کسرہ اور فتحہ کے ساتھ، بمعنی صلح۔

كما أدخلتماني: زوجین مطہرین کی طرف ادخال کا اسناد مجازی سببی ہے۔

بطور مشاکلت کے ہے۔

وقد فعلنا: قد برائے تحقیق ہے۔

مفعول بہ محذوف ہے۔ای: فعلنا ادخالك فی السلم. بمنزلہ فعل لازم کے ہے۔ای: او قعنا هذا الفعل.

قد فعلنا:

یہ دوسرا قد فعلنا پہلے قد فعلنا کی تاکید ہے۔ یہ حضرت عائشہؓ کی طرف سے تھا۔

مسلمان بھائی کا مذاق مت اُڑاؤ

۴۸۹۲: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُمَارِ اَخَاكَ وَلَا تُمَازِحْهُ وَلَا تَعِدْهُ مَوْعِدًا فَتُخْلِفَهُ۔ (رواه الترمذی وقال هذا حديث غريب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٣٦٦ الحديث رقم ١٩٩٥۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے بھائی سے نہ جھگڑو نہ اس کا مذاق اڑاؤ اور نہ اس سے کوئی ایسا وعدہ کرو جس کا تم خلاف کرو۔ ترمذی نے اس کو روایت کر کے کہا یہ حدیث غریب ہے۔

تشریح: لا تمار: از باب مفاعلہ، ممارا ۃ مصدر سے ہے۔

قال: اکرمھم عند اللہ: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس جملہ کا مطلب یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اصل فضیلت تقویٰ پرہیز گاری میں ہے کہ بغیر تقویٰ کے کوئی بھی فضیلت قابل اعتبار نہیں خدا کی نظر میں کریم یعنی بزرگ وشریف وہی شخص ہے جو پرہیز گار ہو جیسا کہ قرآن کریم میں ہے: ان اکرمکم عند اللہ اتقکم بے شک زیادہ عزت والا تم میں سے اللہ کے نزدیک وہ ہے جو تم میں سے زیادہ پرہیز گار ہے۔

قال فاکرم الناس یوسف.....: لوگوں کے نزدیک اصل حسب وفضیلت مالداری ہے کہ جو شخص مالدار اور صاحب ثروت ہو تو وہی حسب والا اور فضیلت کا مالک سمجھا جاتا ہے اور اس کی عزت کی جاتی ہے۔

لہٰذا خاندانی شرافت وعظمت اور نسبی برتری کی جو خصوصیات حضرت یوسف علیہ السلام کو حاصل ہے وہ کسی اور کو نہیں سب سے بڑا شرف ان کے علاوہ اور کسی انسان کو حاصل نہیں ہوا کہ وہ خود نبی علیہ السلام تھے ان کے باپ نبی علیہ السلام تھے ان کے دادا نبی تھے اور ان کے پڑدادا نبی علیہ السلام تھے۔ اس خصوصیت کے علاوہ ان کو حسن و جمال، عدل وانصاف، علم ودانائی اور ریاست وحکومت کے جو اوصاف حاصل تھے ان کے اعتبار سے ان کی ذاتی مکرمت کو شرافت کو سب سے برتر مقام حاصل ہے۔

قال فخیارکم فی الجاھلیۃ الخ:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری جواب کا مطلب یہ تھا کہ زمانۂ جاہلیت میں جن لوگوں کی ذات اور شخصیت کی وجہ سے ان کو سب سے بہتر سمجھا جاتا تھا وہ لوگ اپنی انہی خصوصیات کی بنا پر زمانۂ اسلام میں بھی معزز ومکرم قرار دیئے جائیں گے بشرطیکہ انہوں نے ایمان واسلام قبول کر کے دین کا علم اور شریعت کے احکام ومسائل حاصل کئے ہوں۔ فرق یہ ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں ان پر کفر کا سایہ معصیت کی تاریکی اور جہل کا غبار چھایا ہوا تھا اور خواہش نفس کے دام فریب میں مبتلا تھے اور اس اعتبار سے ان کی ذاتی شرافت وصفات کی کوئی حیثیت نہیں تھی مگر اب ایمان واسلام کی پاکیزگی اور عبادات وعلم دین کے نور نے ان کی ذات و شخصیت کو نکھار دیا ہے ان کی زندگی کو روشن کر دیا ہے اور ان کو حق کا تابعدار بنا دیا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ''معادن'' سے مراد لوگوں کی اپنی ذات وشخصیات ہیں جو عمدہ صفات واعلیٰ خصوصیات سے متصف ہوں جیسا کہ کتاب العلم میں یہ روایت نقل کی جا چکی ہے کہ الناس معادن الذھب والفضۃ الخ یعنی لوگوں کی بھی کانیں ہوتی ہیں جیسے سونے اور چاندی کی کانیں پس جو خاندان وافراد اپنی اعلیٰ خصوصیات کے اعتبار سے زمانۂ جاہلیت میں سب سے بہتر شمار کئے جاتے تھے اسلام کے زمانہ میں بھی وہی سب سے بہتر ہیں بشرطیکہ وہ دین کا علم حاصل کریں۔

عرض مرتب:

وعدہ سے متعلقہ احکام ماقبل میں ''احکام الباب'' کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْمُفَاخِرَةِ وَالْعَصَبِيَّةِ

مفاخرت اور عصبیت کا بیان

مفاخرہ: کی لغوی تحقیق:

فخر - فخرا وفخارا وفخارة، اپنے یا قوم کے محاسن پر فخر کرنا۔ **فخر - الرجل، فخرا،** فخر میں فوقیت لے جانا۔

الافتخار: باب افتعال کا مصدر ہے، بمعنی فخر۔

تفاخر القوم: ایک دوسرے پر بڑائی جتانا، تکبر کرنا، ایک دوسرے پر فخر کرنا، **فخره عليه،** اور **بأفخر فالنا على فالفا:** کسی کو دوسرے پر فوقیت دینا۔

العصبية: کی لغوی تحقیق **عصبية** اپنے لوگوں کی حمایت و مدد کا جذبہ، تعصب۔

تعصب فلان: متعصب ہونا۔

احکام باب:

عصبة الرجل: اولاد اور باپ کی طرف سے رشتہ دار یا اس کے حامی و ہمدرد لوگ۔ (واحد اور جمع دونوں کیلئے) اگر حق کے معاملے میں ہو۔۔۔۔ راحادیث سے معلوم ہوگا۔

اپنی جماعت اور اپنی قوم کی جائز حمایت کرنا۔۔۔ معاونت کی کوئی حقیقت نہیں ہوگی۔

اپنی قوم و جماعت یا اپنے علم و اخلاق اور یا اپنی مالداری و ثروت وغیرہ پر نازاں ہونا اور فخر کرنا۔ تفاخر کے معنی ہیں کہ ایک دوسرے پر فخر کرنا مفاخرت کے معنی ہیں فخر میں ایک دوسرے کی برابری کرنا اور افتخار و تفخر کے معنی ایک کو دوسرے کے مقابلہ پر بڑھانا۔

مفاخرت یعنی اظہار فخر کرنا اور نازاں ہونا اگر حق کے معاملہ میں ہو، حق کی خاطر ہو کسی دینی مصلحت کے پیش نظر ہو اور دشمنانِ اسلام پر اپنی برتری، اپنی شان و شوکت اور اپنی قوت کے اظہار کے طور پر ہو تو جائز ہے چنانچہ اس طرح کی مفاخرت صحابہؓ اور سلف سے منقول ہے اور اگر مفاخرت کا تعلق ناحق معاملہ سے ہو اور نفسانیت کے تحت تکبر و غرور اور گھمنڈ کے طور پر ہو تو مذموم ہے اور عرف عام میں مفاخرت کا استعمال اکثر اسی معنی میں ہوتا ہے۔

عصبیت کے معنی ہیں عصبی یا متعصب ہونا یعنی اپنے مذہب یا اپنے خیال کی پچ کرنا اور اپنی قوم کی قوت و سختی کے اظہار کے لئے جدل و خصومت کرنا۔ چنانچہ عصبہ اس شخص کو کہتے ہیں جو اپنی بات یا اپنی قوم کی حمایت کرے اور یا اپنی قوم و جماعت کی پچ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے لئے غصہ ہو تعصب بھی اگر حق کے معاملہ میں ہو اور ظلم و تعدی کے ساتھ نہ ہو تو مستحسن ہے اور اگر تعصب کا تعلق حق بات کو نہ ماننے، ظلم و تعدی اختیار کرنے اور اپنی قوت و شان و شوکت کے بیجا اظہار کی خاطر ہو تو مذموم ہے عام طور پر تعصب کا اطلاق اپنی بات و خیال اور اپنے مذہب قوم کے حق میں ناروا سختی اختیار کرنے اور دوسروں کے تئیں ظلم و تعدی کرنے پر ہوتا ہے جیسا کہ اس باب میں نقل کی جانے والی احادیث سے معلوم ہوگا۔

الفصل الاول:

سب سے بہتر شخص، احکام دین سے آگاہی رکھنے والا ہے

۴۸۹۳: عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ النَّاسِ اَكْرَمُ فَقَالَ اَكْرَمُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقَاهُمْ قَالُوْا لَیْسَ عَنْ هٰذَا نَسْئَلُكَ قَالَ فَاَكْرَمُ النَّاسِ یُوْسُفُ نَبِیُّ اللّٰهِ ابْنُ نَبِیِّ اللّٰهِ ابْنِ نَبِیِّ اللّٰهِ ابْنِ خَلِیْلِ اللّٰهِ قَالُوْا لَیْسَ عَنْ هٰذَا نَسْئَلُكَ قَالَ فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْئَلُوْنِیْ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ خِیَارُكُمْ فِی الْجَاهِلِیَّةِ خِیَارُكُمْ فِی الْاِسْلَامِ اِذَا فَقِهُوْا۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۳٦۲/۸ الحدیث رقم ٤٦۸۹ و مسلم فی ۱۸٤٦/٤ الحدیث رقم (۲۳۷۸-۱٦۸)، واحمد فی المسند ٤۸۵/۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ لوگوں میں زیادہ عزت والا کون ہے فرمایا اللہ کے ہاں سب سے زیادہ عزت والا سب سے زیادہ تقویٰ رکھنے والا ہے، عرض کیا ہم نے اس کے متعلق سوال نہیں کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں میں بڑے شرف والے اللہ کے نبی یوسف علیہ السلام ہیں وہ اللہ کے نبی کے بیٹے اور ان کے والد اللہ کے نبی خلیل اللہ علیہ السلام کے بیٹے عرض کیا ہم اس کے متعلق نہیں پوچھتے فرمایا کیا تم مجھ سے عرب قبائل کے بارے میں پوچھ رہے ہو؟ عرض کی ہاں! فرمایا تم میں سے جو لوگ جاہلیت میں بہتر تھے وہ اسلام میں بھی بہتر ہیں جب کہ وہ احکام دین سے آگاہ ہوں۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: لیس عن هذا نسئلك: فعل بمنزلہ مصدر کے ہے۔ ای: لیس سؤالنا ایاك عن هذا جیسا کہ کسی کا یہ قول ہے: فقالوا ما تشاء فصلت الهوی. اھ۔

یوسف: سین پر تینوں حرکتیں پڑھنا درست ہے، علاوہ ازیں واؤ کو ہمزہ سے بدل کر بھی پڑھا جاتا ہے۔ قصہ مختصر لفظ یوسف میں چھ لغات ہیں۔ البتہ ضمہ مشہور ہے۔

تسألونی: نون کے مخففہ، مثقلہ دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔

فصل اول، حدیث: ۲۲۰، ۲۰۱ ملاحظہ فرمائیے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عرضِ مرتب:

یہ حدیث حضرت یوسف علیہ السلام کی عظیم سبقت کے بیان پر مشتمل ہے۔ عیاں راچہ بیاں۔ چنانچہ اس حدیث کا باب بد الخلق و ذکر الأنبیاء کے تحت ذکر کرنا بھی زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے۔ لہٰذا ہم نے اس کی تشریح وہاں بھی ذکر کی ہے۔

شرفاء کا خاندان

۴۸۹۴: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَرِيْمُ بْنُ الْكَرِيْمُ بْنُ الْكَرِيْمُ بْنُ الْكَرِيْمُ يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ بْنِ اِسْحٰقَ ابْنِ اِبْرَاهِيْمَ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ٦/٤١٧ الحديث رقم ٣٣٨٢، والترمذی فی السنن ٥/٢٧٣ الحديث رقم ٣١١٦، واحمد فی المسند ٢/٩٦۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شریف بن شریف بن شریف حضرت یوسف ہیں جو یعقوب کے بیٹے وہ اسحٰق کے بیٹے وہ ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے ہیں۔ (بخاری)

تشریح: الكريم بن الكريم بن الكريم بن الكريم: بن الملکؒ شرح المصابیح میں لکھتے ہیں: لفظ ابن بغیر الف کے لکھا ہوا ہے، حالانکہ الف کے ساتھ لکھا جانا چاہئے تھا، کیونکہ صفت واقع ہو رہا ہے۔

عرضِ مرتب:

- ہمارے نسخہ میں لفظ "ابن" الف ہی کے ساتھ لکھا ہوا ہے۔
- اس حدیث کی تشریح کیلئے پچھلی حدیث ملاحظہ فرمائیے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد نے ابن عمرؓ سے نیز حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے۔

نوکِ زبان پر رجزیہ کلمات

۴۸۹۵: وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ فِيْ يَوْمِ حُنَيْنٍ كَانَ اَبُوْسُفْيَانَ بْنِ الْحَارِثِ اٰخِذَ بِعِنَانِ بَغْلَتِهٖ يَعْنِيْ بَغْلَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا غَشِيَهُ الْمُشْرِكُوْنَ نَزَلَ فَجَعَلَ يَقُوْلُ اَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ قَالَ فَمَارُئِيَ مِنَ النَّاسِ يَوْمَئِذٍ اَشَدُّ مِنْهُ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحيحه ٦/١٦٤ الحديث رقم ٣٠٤٢ و مسلم فی ٣/١٤٠٠ الحديث رقم (٧٨-١٧٧٦)، واحمد فی المسند ٤/٢٨٠۔

ترجمہ: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ غزوہ حنین کے بارے میں بیان کرتے ہیں کہ ابوسفیان بن حارث آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خچر کی لگام پکڑے ہوئے تھے جب مشرکین نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو گھیرے میں لے لیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نیچے تشریف لائے اور یہ کہہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہے تھے میں کوئی جھوٹا نبی نہیں ہوں میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔ بیان کرتے ہیں کہ اس دن حضور ﷺ سے بڑھ کر بہادر کوئی نہیں دیکھا گیا۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: فی یوم حین: ظرف مقدم ہے۔

کان أبو سفیان الخ: مقولہ ہے۔

یعنی بغلة رسول الله ﷺ: یہ کلام کسی راوی کا ہے۔ اس کلام سے مقصود بغلته کی ضمیر کا مرجع بتانا ہے۔ کہ ابوسفیان بن حارث نے اپنے خچر کی نہیں بلکہ آنحضرت ﷺ کے خچر کی لگام تھامی ہوئی تھی۔

انا النبی کذب ☆ انا ابن عبد المطلب.

درست بات یہ ہے کہ دونوں مصرعوں میں ''با'' ساکن ہے۔ بعض کا کہنا ہے کہ پہلے مصرع کی ''با'' مفتوح اور دوسرے مصرع کی باء مکسور ہے۔

عرضِ مرتب:

- آنحضرت ﷺ کی بابت شعر کا مسئلہ، انتہائی وضاحت کے ساتھ ماقابل میں حدیث کے تحت گزر چکا ہے۔
- یہ حدیث آنحضرت ﷺ کی بے مثال شجاعت و جوانمردی پر دلالت کرتی ہے۔

اگرچہ آنحضرت ﷺ نے حسب نسب اور خاندانی وجاہت پر اظہار فخر کرنے اور نازاں ہونے سے منع فرمایا ہے لیکن آپ ﷺ کا بطور رجز یہ فرمانا کہ میں عبدالمطلب کا سپوت ہوں اس طرح کا اظہار فخر نہیں ہے جو ممنوع ہے کیونکہ وہ فخر ممنوع ہے جو زمانۂ جاہلیت کی رسم کے مطابق بے جا اظہار نام ونمود' تعصب وہٹ دھرمی اور نفس کے گھمنڈ کے طور پر ہو جب کہ آنحضرت ﷺ کا مذکورہ فخر دین کی طاقت اور شان وشوکت بڑھانے اور کفار کے مقابلہ پر اپنا رعب اور دبدبہ ظاہر کرنے کے لئے تھا اور اس طرح کا فخر جائز ہے۔ علاوہ ازیں ایک بات یہ تھی کہ زمانۂ جاہلیت میں بعض اہل عرب جیسے کاہن اور اہل کتاب آنحضرت ﷺ کی نبوت ظاہر ہونے سے پہلے بعثت نبوی ﷺ کی خبر دیا کرتے تھے اور نبی آخر الزمان ﷺ کی جو نشانیاں اور علامتیں بتایا کرتے تھے ان میں سے ایک نشانی یہ بھی تھی کہ وہ پیغمبر عبدالمطلب کی اولاد میں سے ہوں گے۔ چونکہ پیشینگوئی میں یہ بات بھی تھی کہ وہ شخص جو خاتم الانبیاء ہوگا اس کو شکست نہ ہوگی۔ چنانچہ اللہ کی مدد اور آپ ﷺ کی دلیری اور ثابت قدمی سے معرکہ سر ہوا اور مسلمانوں کو فتح حاصل ہوئی۔

مفاخرت: کی دو قسمیں ہیں: محمودہ۔ مذمومہ۔

مفاخرت مذمومہ وہ ہے جس میں زمانہ جاہلیت کی رسم کے مطابق بے جا اظہار نام ونمود، تعصب، ہٹ دھرمی اور نفس کا گھمنڈ ہو۔ مفاخرت محمودہ وہ ہے کہ جس میں فخر علی النسب کے ساتھ حسب فی الدین ہو، ریاء کاری مقصود نہ ہو۔ بلکہ اظہار نعمت کے طور پر ہو، چنانچہ ''لا فخر'' سے مفاخرت مذمومہ کی طرف اشارہ ہے۔ اس کے علاوہ یہ حدیث:

فقال: (من أنا؟) قالوا: أنت رسول الله: از مرقات ۶۳۲ پہلا پیراگراف وخیرهم بیتا''.

قال: فمارئی من الناس یومئذ أشد منه: اس جملہ کی تشریح جلد دہم، باب فی أخلاقه وشمائله ﷺ حدیث:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۷۰۴ میں شرح کے تحت ملاحظہ فرمائیے۔

سیّد البریہ ابراہیم علیہ السلام ہیں

۴۸۹۶: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكَ اِبْرَاهِيْمُ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٤/١٨٣٩ الحديث رقم (١٥٠-٢٣٦٩)، واحمد في المسند ٣/١٧٨۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ ایک دن ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا اے مخلوق میں سب سے بہتر! تو جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ ابراہیم علیہ السلام ہیں۔ (مسلم)

تعارض:

۱: انا سيد ولد آدم يوم القيامة، واول من ينشق عنه القبر، و اول شافع و اول مشفع. (مسلم، ابو داؤد)

۲: انا سيد ولد آدم يوم القيامة ولا فخر، وبيدى لواء الحمد ولا فخر، وما من نبى يومئذ آدم فمن سواه الا تحت لوائى. وانا اول من تنشق عنه الأرض ولا فخر. وانا اول بشافع و اول مشفع ولا فخر. (احمد والترمذى وابن ماجة عن ابى سعيد).

۳: انا اول من تنشق عنه الأرض فأكسى حلة من حلل الجنة، ثم اقوم عن يمين العرش ليس أحد من الخلائق يقوم ذلك المقام غيرى. (ترمذى من ابى هريرة).

۴: حدیث: ۴۸۹۶ یہاں نقل کریں۔

تشریح تعارض:

پہلی تینوں احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء کے سردار اور ساری مخلوق سے افضل و برتر ہیں۔

چوتھی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ "خیر البریہ" یعنی ساری مخلوق میں سب سے بہتر کا مصداق حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں۔

دفع تعارض:

امام نوویؒ فرماتے ہیں: اس تعارض کے تین جواب ہیں:

۱ حقیقت کے اعتبار سے تو ساری مخلوق میں سب سے بہتر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔ لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے از راہ تواضع و انکسار اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اس حیثیت کا لحاظ کرتے ہوئے کہ وہ خلیل اللہ، اللہ کے دوست اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے جد اعلیٰ ہیں ان کو خیر البریہ کا مصداق قرار دیا جیسا کہ عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ کوئی شریف النفس اور خلیق انسان تعظیم و تکریم کا خود سب سے زیادہ اہل و مستحق ہونے کے باوجود بسا اوقات کسی دوسرے شخص کو اپنے اوپر ترجیح دیتا ہے اور اس کی تعظیم کرتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مذکورہ روایت میں لسان نبوت سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو خیر البریہ کا مصداق قرار دیا جانا اس زمانہ کا واقعہ ہے جب کہ اس وقت تک یہ وحی نازل نہیں ہوئی تھی کہ آپ ﷺ تمام اولاد آدم علیہ السلام میں سے افضل اور ساری مخلوق میں سب سے بہتر ہیں۔

اس جواب پر ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ بات کہنا اسی وقت درست ہوگا جب کہ ان روایات کے تقدم تاخر کا یقینی علم ہو۔

مذکورہ ارشاد گرامی کی مراد یہ تھی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے زمانہ میں ساری مخلوق سے بہتر و برتر تھے اور آپ ﷺ نے اس بات کو زیادہ سے زیادہ اہمیت کے ساتھ بیان کرنے کی خاطر مطلق الفاظ ارشاد فرمائے۔

ملا علی قاریؒ کا نقد: ہر نبی کا اپنے زمانے میں ساری مخلوق سے بہتر و برتر ہونا بدیہی بات ہے۔ (لہٰذا یہ بیان کرنے کی حاجت ہی نہیں تھی۔ ''عیاں راچہ بیاں'')۔

حضور ﷺ کی ذات گرامی کا استثناء ہے۔ حضور اکرم ﷺ کا مستثنیٰ ہونا نقلا بھی ہے۔ اور عقلا بھی۔ عقلاً یوں کہ بعض اصولیین کا کہنا ہے کہ متکلم اپنے کلام سے مستثنیٰ ہوتا ہے۔ واللہ اعلم۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: اس حدیث سے تفاضل بین الانبیاء کا جواز معلوم ہوتا ہے۔ ملا قاریؒ فرماتے ہیں: آپ کے ذکر کردہ ان تینوں جوابات میں اس جواز پر تو دلالت سرے سے نہیں ہے، علاوہ ازیں آنحضرت ﷺ کا افضل الخلائق ہونا دلائل صریحہ سے واضح ہے۔ قریب ہے کہ یہ مسئلہ قطعی ہو بلکہ اجماعی ہو۔

البریۃ: بتشدید الباء از مرقات تخفیفا. یہ کلمہ معتل ہے یا مہموز ہے۔

اگر یہ معتل ہو تو: ی: مشددہ ہے۔ بری سے مشتق ہے۔ بمعنی تراب (مٹی) جمع برایا اور بریات ہے۔

بعض کا کہنا ہے کہ اصل کے اعتبار سے مہموز ہے۔ پھر ہمزہ کو ترک کر دیا گیا۔ اب یہ کلمہ مہموز مستعمل نہیں ہے۔

اگر یہ مہموز ہو تو: بریئۃ ہے، یعنی یاء ساکن ہے اور اس کے بعد ہمزہ ہے۔ بمعنی خلیقۃ (مخلوق)۔ ثلاثی مجرد سے بطور فعل متعدی استعمال ہوتا ہے۔ برأہ اللہ یبرأ (از باب فتح) برأ وبروأ، پیدا کرنا۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ کلمہ مہموز ہے، قراءت مشہورہ متواترہ ہے، اس کلمہ کو امام نافع اور ابن ذکوان نے عن ابن عامل، مہموز پڑھا ہے۔ باقی قراء نے تخفیفا ہمزہ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر کے پڑھا ہے۔

تم مجھے اللہ کا بندہ اور اس کا رسول کہو

۴۸۹۷: وَعَنْ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُطْرُوْنِيْ كَمَا اَطْرَتِ النَّصَارٰى ابْنَ مَرْيَمَ فَاِنَّمَا اَنَا عَبْدُهٗ فَقُوْلُوْا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ٦/٤٧٨ الحدیث رقم ٣٤٤٥، والدارمی فی ٢/٤١٢ الحدیث رقم ٢٧٨٤، واحمد فی المسند ١/٢٣۔

ترجمہ: حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم لوگ مجھے اس طرح نہ بڑھاؤ جس طرح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نصاریٰ نے عیسیٰ بن مریم کو بڑھایا میں اس کا بندہ ہی ہوں لہٰذا تم اللہ کا بندہ اور اس کا رسول کہا کرو۔

(بخاری و مسلم)

تشریح: لا تطرونی: از باب افعال، المراء مصدر سے ہے۔ اصل میں لا تطریون تھا۔ الاطراء کا مطلب ہوتا ہے۔ حمد و ثناء میں مبالغہ اور غلو کرنا۔

کما اطرت النصاری ابن مریم سے مفہوم مخالف کے طور پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ: اطراء ہ من غیر جنس اطراء ھم جائز. ایسا اطراء جائز ہے جو نصاریٰ کے الاطراء کی جنس سے نہ ہو۔ کسی نے کیا خوب کہا:

دع ما ادعته النصاری فی نبیهم
واحکم بما شئت مدحا فیه واحتکم

صاحب شرح السنہ لکھتے ہیں: نصاریٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی مدحت میں افراط برتا' اور ان کی مدح سرائی میں مبالغہ سے کام لیا اور ان کو اللہ تعالیٰ کا بیٹا قرار دے دیا تو آنحضرت ﷺ نے اپنے اس ارشاد گرامی کے ذریعے سے واضح فرما دیا کہ تم لوگ میری مدح و تعریف میں حد سے تجاوز کرتے ہوئے باطل کی حدوں کو مت چھونا۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں:

کہ لفظ "عیسیٰ" اور "مسیح" سے عدول کرتے ہوئے "ابن مریم" کا لفظ اختیار کیا ان کو الوہیت سے دور کرنے کے لئے۔ ان لوگوں نے مدحت' اطراء و کذب میں مبالغہ کیا۔

نصاریٰ نے مدحت میں غلو کیا، اور یہود نے قدح میں غلو کیا۔ چنانچہ دونوں کو منع کیا گیا: ﴿يَاأَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ﴾ [المائدۃ:۷۷] اور راہِ حق "درمیانی راہ" ہے۔ چنانچہ فرمایا: ﴿إِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ﴾ [النساء:۱۷۱] یعنی عیسیٰ اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہے۔ "ابن مریم" ہونا اس بات کو واضح کرتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بندہ ہیں، اور اللہ ہی کی ایک بندی کے بیٹے ہیں، جیسا کہ اس فرمان میں اسی طرف اشارہ فرمایا: ﴿كَانَا يَأْكُلٰنِ الطَّعَامَ﴾ [المائدۃ:۷۵] یعنی یہ دونوں بول و براز بھی کرتے تھے، دونوں کو کھانے پینے کی حاجت بھی ہوتی تھی، لہٰذا یہ دونوں معبود والہ ہونے کے صلاحیت نہیں رکھتے، شان ربوبیت ان میں کہاں ہے؟ ان میں تو شان عبودیت پائی جاتی ہے۔ قولہ: فانما انا عبدہ: یعنی میں اللہ کا خاص بندہ ہوں' اس کے ہاں مقام اختصاص رکھتا ہوں۔ (عبودیت اور بندگی کا جو سب سے اعلیٰ درجہ ہے وہ آنحضرت ﷺ کی مخصوص صفت ہے کہ بندہ حقیقی آپ ﷺ کی ذات گرامی ہے اور صفت عبودیت میں آپ ﷺ سب سے کامل و برتر ہیں۔ لہٰذا آپ ﷺ کی مدح و تعریف کا کمال اور آپ ﷺ کی علو مرتبت کا بیان اسی صفت کو ظاہر کرنے میں ہے نہ کہ آپ ﷺ کی ذات گرامی کی منقبت و تعریف ایسے الفاظ و پیرایہ میں بیان اور ان صفات کے ذریعہ کی جائے جس سے آپ ﷺ کا مقام عبودیت پیچھے رہ جائے اور وہ حد آ جائے جہاں سے معبود کی صفات شروع ہو جاتی ہیں۔)

کسی نے کیا خوب کہا:

لا تدعنی الا بیا عبدها فانه أفضل اسمائیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرآن کریم میں آنحضرت ﷺ کو جابجا اسی وصف منبع سے خطاب کیا گیا۔ چنانچہ مقام اسراء میں فرمایا: ﴿سبحان الذی أسری بعبده﴾ [الاسراء:۱] دوسری جگہ فرمایا: ﴿تبارك الذی نزل الفرقان علی عبده﴾ [الفرقان:۱] ایک تیسری جگہ فرمایا: ﴿الحمد لله الذی أنزل علی عبده الکتب﴾ [الکهف:۱] اس میں لطیف اشارہ اور بشارت شریفہ ہے کہ عنایت ربوبیت غایت عبودیت کے اعتبار سے ہے۔

قوله: فقولوا عبد الله ورسوله: یعنی ان دواوصاف سے متصف مانو تاکہ دوسرے بندوں سے امتیاز رہے۔ اس جملہ میں اپنی خصوصیت کا ذکر بھی فرمادیا۔ ''عبد'' اور ''رسول'' دونوں کا ذکر کرنا اپنے ''مبدا'' اور ''منتہیٰ'' کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے۔

تخریج: میرکؒ فرماتے ہیں: رواه البخاری، والترمذی فی الشمائل، کذا قاله الشیخ الجوزی، فتأمل فی قول المصنف. متفق علیه.

مجھے اللہ تعالیٰ نے تواضع کا حکم دیا

۴۸۹۸: وَعَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ الْمُجَاشِعِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اَوْحٰى اِلَيَّ اَنْ تَوَاضَعُوْا حَتّٰى لَا يَفْخَرَ اَحَدٌ عَلٰى اَحَدٍ وَلَا يَبْغِيْ اَحَدٌ عَلٰى اَحَدٍ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ٤/٢١٩٨ الحدیث رقم (١٤-٢٨٦٥) و ابن ماجه فی السنن ٢/١٣٩٧ الحدیث رقم ٤١٧٩۔

ترجمہ: حضرت عیاض بن حمار مجاشعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ تواضع کرو حتی کہ کوئی کسی پر فخر نہ کرے اور نہ کوئی کسی پر ظلم وستم کرے۔ (مسلم)

تشریح: ان تواضعوا: ''ان'' مفسرہ ہے۔ ''اوحی'' میں موجود ''قول'' کے معنی کی تفسیر کررہا ہے۔

تواضعوا: از باب تفاعل تواضع مصدر سے امر حاضر کا صیغہ ہے۔ تواضع، ضِعَة سے مشتق ہے۔ جس کا معنی ہے: الذل والهوان والدناءة۔

حتی: ''أوحی'' کے متعلق ہے۔

لایفخر: خاء کے فتحہ کے ساتھ ہے ''الفخر'' سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے ادعاء العظمة والکبریاء والشرف۔ ای کی لایتعاظم لایبغی: غین کے کسرہ کے ساتھ ہے بمعنی لا یظلم۔

فخر اور ظلم کا ایک ساتھ ذکر کرنے میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہ دونوں باتیں تکبر کا نتیجہ ہیں۔ چونکہ متکبر اپنے آپ کو سب سے اعلیٰ وبالا تصور کرتا ہے، اور کسی کی تابعداری نہیں کرتا۔

تخریج: مسلم نے اس حدیث کو ایک طویل حدیث کے ذیل میں اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے۔ (ذکرہ میرک) اس حدیث کو ابوداؤد اور ابن ماجہ نے بھی نقل کیا ہے۔ بخاری نے ''الأدب المفرد'' میں اور ابن ماجہ نے سنن میں حضرت انس سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے: ان الله تعالیٰ أوحی الی أن تواضعوا ولا یبغی بعضکم علی بعض.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثانی:

آباؤ واجداد پر فخر سے باز آؤ

۴۸۹۹: عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیَنْتَهِیَنَّ اَقْوَامٌ یَفْتَخِرُوْنَ بِاٰبَائِهِمُ الَّذِیْنَ مَاتُوْا اِنَّمَاهُمْ فَحْمٌ مِنْ جَهَنَّمَ اَوْلَیَکُوْنُنَّ اَهْوَنَ عَلَی اللّٰهِ مِنَ الْجُعَلِ الَّذِیْ یُدَهْدِهُ الْخِرَاءَ بِاَنْفِهِ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَذْهَبَ عَنْکُمْ عُبِّیَّةَ الْجَاهِلِیَّةِ وَفَخْرَهَا بِالْاٰبَاءِ اِنَّمَا هُوَ مُؤْمِنٌ تَقِیٌّ اَوْفَاجِرٌ شَقِیٌّ اَلنَّاسُ کُلُّهُمْ بَنُوْاٰدَمَ وَاٰدَمُ مِنْ تُرَابٍ۔ (رواه الترمذی وابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۳۹۹/۵الحدیث رقم ۵۱۱۶، والترمذی فی ۶۹۰/۵ الحدیث رقم ۳۹۵۵، واحمد فی المسند ۳۶۱/۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ اپنے فوت شدہ آباؤ واجداد پر فخر کرنے سے باز آجائیں وہ دوزخ کا کوئلہ ہیں ورنہ وہ اللہ کے ہاں اس گندے کیڑے سے بدتر ہوجائیں گے جو اپنی ناک میں گندگی لگاتا ہے اللہ تعالیٰ نے یقیناً تم سے جاہلیت کا تکبر اور آباؤ واجداد پر فخر دور فرمایا ہے انسان مؤمن متقی ہے یا کافر بدبخت تمام لوگ حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں اور آدم مٹی سے ہیں۔ (ترمذی وابوداؤد)

تشریح: قوله: لینتهین أقوام یفتخرون بآبائهم الذین ماتوا: یہ وصف بیان واقع کے لئے ہے اس کا مفہوم مخالف معتبر نہیں ہے اور اس کو ذکر شاید اس وجہ سے کیا کہ توضیح تقبیح میں زیادہ واضح ہے۔ اور اس کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے جس کو امام احمد نے ابوریحانہ سے مرفوعاً نقل کیا ہے: من انتسب الی تسعة آباء کفار یرید بهم عزا وکرما کان عاشرهم فی النار

قوله: انماهم فحم من جهنم: یعنی ان کی یہ کیفیت حال ومآل ہر دو میں یکساں ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں ان کے آباء کو "فحم من جہنم" کے ساتھ حصر کے انداز میں بیان کرنا یہ بتلانا ہے کہ وہ کسی باعث افتخار فضیلت کی طرف تجاوز نہیں کرسکتے۔

لینتهین: قسم مقدر ہے ای: واللّٰه لینتهین الخ.

لیکونن: پہلا نون مضموم ہے، اس کا عطف "لینتهین" پر ہے۔ ضمیر فاعل "واؤ" محذوف ہے جو "أقوام" کی طرف عائد ہے۔ اور "کان" بمعنی "صار" ہے۔ ای لیصیرن۔

الجعل: جیم کے ضمہ اور عین کے فتحہ کے ساتھ۔ (گبریلا کی ایک قسم) کالے رنگ کا ایک چھوٹا سا کیڑا جو پاخانہ کھاتا ہے۔ اس کو "خنفساء" کہتے ہیں۔

الخراء: ملاحظہ فرمائیے لغویین کی آراء:

بفتح الخاء والراء مقصورا علی لفظ العصا.

بأنفه: صفت کاشفہ ہے۔ عبیة: بضم العین المهملة وکسرها وکسر موحدة فتحتیة مشددتین ای

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نخوتها وكبرها۔

قال التوربشتي :يقال :رجل فيه عبية بضم العين المهملة وكسرها اى كبر و تجبر والمحفوظ عن أهل الحديث تشديد الياء۔

وذكر ابو عبيد الهروى أنه من العب بمعنى الحمل الثقيل۔ ثم قال وقال الأ زهرى: بل هوماً خوذ من العب وهوالنور والضياء۔ يقال: هذا عب الشمس وأصله'عبوء الشمس وعلى هذا فالتشديد فيه كمافي الذرية من الذرء بالهمز ۔

والجوهرى أدخله فى باب المضاعف۔ قلت وكذا فعل صاحب القاموس حيث قال: العبية وبالكسر الكبر والفخر والنخوة ۔و قال ايضًا عب الشمس ويخفف ضوء ها وذكره فى المهموز ايضاً وقال:العب ء بالفتح ضياء الشمس۔

خلاصۃ الآراء:

① یہ لفظ خاء، راء اور ہمزہ کے ساتھ ہے۔

② خرىَ خرء وخرائة وخراءة وخروء :بیٹ کرنا،لید کرنا، هو خارى.

الخرء: خاء کے ضمہ اور فتحہ کے ساتھ بمعنی قذرة بیٹ۔(ج) خروء وخرآن: جیسا کہ'' جند ''اور'' جنود قرء اور قروء، قرء، قاف کے ضمہ اور فتحہ کے ساتھ بمعنی حیض۔

③ خاء کے فتحہ اور مد وقصر کیساتھ، مصدر ہے۔

④ خاء کے کسرہ اور مد کے ساتھ اسم ہے۔بمعنی العذرة.

خلاصۃ آلاراء:

یہ لفظ عین مہملہ کے ضمہ اور کسرہ کے ساتھ، باء موحدۃ کے کسرہ وتشدید اور یائے تحتانیہ کی تشدید کے ساتھ ہے۔جیسے:ذرية.

عبا يعبو عبوا:أضاء وجهه،(روشن چہرے والا ہونا)۔ العبُ:عین کے فتحہ کے ساتھ، ضياء الشمس.(سورج کی روشنی)

اور کسرہ کے ساتھ، مثل، نظیر، بوجھ۔(ج) أعباء، عب: باء کی تخفیف کے ساتھ، نیز تشدید کے ساتھ بمعنی ''ضوء''. (روشنی)

قوله:او ليكونن الخ: کے کئی مطالب بیان کئے گئے ہیں۔ان معانی کو مختصراً ذکر کیا جاتا ہے۔

① دو باتوں میں سے کوئی ایک ضرور ہو کر رہے گی۔یا تو اس افتخار سے باز آجائیں یا یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک غلاظت کے اس مذکورہ کیڑے سے زیادہ ذلیل ہو جائیں گے۔

② الأمرين سواء فى أن يكون حال آبائهم الذين يفتخرون بهم وانت مخير فى توصيفهم بايهما

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شئت۔ او ھھنا للتخییر والتسویة. (قالہ القاضی)

أحد الأمرین لابد منہ اما الانتھاء عماھم فیہ، أو انزال الصغار والھوان علیھم من اللّٰہ تعالیٰ.اھ۔

(قالہ الطیبی)

ایک اور حدیث میں آتا ہے: من انتسب الی تسعة آباء کفار یریدبھم عزا و کرما کان عاشرھم فی النار. اس حدیث کو امام احمد نے ابو بحار نہ سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔

قولہ: انما ھو تقی، أو فاجر شقی: یہ جملہ انتفاء تکبر کی پہلی دلیل ہے۔ زمانہ جاہلیت میں فوت شدہ اپنے باپ دادا کے متعلق شیخیاں بگھارنے والے لوگ دو حال سے خالی نہیں۔ یا تو مؤمن متقی یا فاجر بدکار اگر وہ مؤمن متقی ہے تو اسے چاہیے کہ تکبر کرے نہ گھمنڈ کرے، چونکہ ایمان کا مدار خاتمہ پر ہے اور حق سبحانہ وتعالیٰ ہی جانتا ہے کہ متقی کون ہے۔ اگر وہ شیخی بھگارنے والا کوئی بدبخت فاجر ہے یعنی منافق یا کافر ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ذلیل ہے اور تکبر کرنا ذلیل کے لئے مناسب نہیں اور نہ ہی اس کے لئے تکبر درست ہے۔

چونکہ تکبر مخلوق کو زیبا نہیں دیتا، تکبر تو ''خالق'' ہی کے شایان شان ہے وہ اس کی صفت خاصہ ہے۔ چنانچہ حدیث میں آتا ہے: الکبریاء ردائی والعظمة ازاری فمن نازعنی فیھما قصمتہ۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے دوسری دلیل کی طرف اشارہ فرمایا: الناس کلھم بنو آدم، وآدم من تراب، کہ جس کی ''اصل'' خاک ہو اس کیلئے تکبر شایانِ شان نہیں تمام انسان آدم علیہ السلام کی اولاد ہیں اور آدم علیہ السلام کو مٹی سے پیدا کیا گیا ہے (اور مٹی چونکہ ایک بہت کم تر اور بے حیثیت چیز ہے لہٰذا مٹی سے بنائے گئے انسان کے لئے مناسب نہیں ہے کہ وہ اپنی عظمت و بڑائی کا دعویٰ کرے اور غرور و تکبر میں مبتلا ہو''۔ مزید یہ کہ سب کی اصل ایک ہے۔ لہٰذا سب بھائی بھائی ہیں، چنانچہ تو پھر تکبر کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ چونکہ باقی امور تو عارضی ہیں، عارضی امور کا کیا اعتبار۔ آخرت کا اچھا انجام تو متقین ہی کے لئے ہے اور وہ مبہم ہے۔ لہٰذا ان مسالک میں مشغول ہونے سے سالک کے لئے خوف ہی اولیٰ ہے۔ یہ ساری بات کا خلاصہ ہے اور امام طیبیؒ نے تکلف سے کام لیا اور فرمایا: ''ھو'' ضمیر کے بارے میں کئی احتمال ہیں:

۱: کلام میں تقدیم وتاخیر ہے۔ ''الناس کلھم بنو آدم'' مقدم ہے۔ چونکہ وہ مجمل ہے اور یہ اس کی تفصیل ہے جیسا کہ اس کلام میں ہے:

الناس من جھة التمثال اکفاء
أبوھم آدم والام حواء
فان یکن لھم فی اصلھم شرف
یفاخرون بہ فالطین والماء
ما الفخر الا لأھل العلم انھم
علی الھدیٰ لمن استھدی ادلاء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جنس کا اعتبار کرتے ہوئے واحد کی ضمیر لائی گئی۔ یا ''انسان'' کا اعتبار کرتے ہوئے واحد کی ضمیر لائی گئی ہے۔

- ضمیر مبہم ہے، خبر اس کی تفسیر کر رہی ہے۔ یہی توجیہ صاحب کشاف نے اس آیت کریمہ: ﴿وقالوا ما هي الا حياتنا الدنيا﴾ [الجاثیہ۔ ۲۴] کے تحت ذکر کی ہے۔ اسی طرح اہل عرب کا یہ قول ہے: هي العرب تقول ما شاء ت.
- ضمیر بمعنی اسم اشارہ ہے۔ جس کا مرجع ماقبل میں منطوقا و مفہوما مذکور ہے۔ اس کی تفصیل یہ ہے کہ '' اقوام''، سوق المعلوم مساق غیرہ کے قبیل سے ہے۔ '' اقوام'' سے مراد خاص قوم ہے۔ اس کو نکرہ ذکر کیا، اور غائب قرار دیا۔ پھر غائب سے حاضر کی طرف التفات کرتے ہوئے "قد أذهب عنكم" فرمایا۔

لينتهين أقوام ..... يدهده الخراء بأنفه.

حاصل یہ کہ جو لوگ زمانۂ جاہلیت میں فوت شدہ اپنے باپ دادا کے متعلق شیخیاں بگھارتے ہیں اور اپنے خاندان کی دنیاوی بڑائی پر فخر و گھمنڈ کا اظہار کرتے ہیں ان گھمنڈ کرنے والوں کو آنحضرت ﷺ نے غلاظت کے کیڑے سے تشبیہ دی ہے اور ان کے فوت شدہ باپ داداؤں کہ جن کو باعث افتخار سمجھا جا رہا ہے غلاظت کے ساتھ تشبیہ دی ہے اپنے باپ دادا پر ان کے فخر کرنے کو ایسا فعل قرار دیا ہے جیسا کہ غلاظت کا کیڑا اپنے ناک سے غلاظت کو ہٹاتا ہے۔

تخریج: اس حدیث کو بزارؒ نے سند حسن کے ساتھ حضرت حذیفہؓ سے ان الفاظ کے ساتھ مرفوعاً روایت کیا ہے:

"كلكم بنو آدم و آدم خلق من تراب، لينتهين قوم يفتخرون بآبائهم أو ليكونن أهون على الله من الجعلان".

کہیں شیطان تمہیں اپنا وکیل نہ بنا لے

۴۹۰۰: وَعَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ قَالَ انْطَلَقْتُ فِي وَفْدِ بَنِي عَامِرٍ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا أَنْتَ سَيِّدُنَا فَقَالَ السَّيِّدُ اللّٰهُ فَقُلْنَا وَأَفْضَلُنَا فَضْلاً وَأَعْظَمُنَا طَوْلاً فَقَالَ قُوْلُوْا قَوْلَكُمْ أَوْ بَعْضَ قَوْلِكُمْ وَلَا يَسْتَجْرِيَنَّكُمُ الشَّيْطَانُ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد في السنن ۵/۱۵۴ الحديث رقم ۴۸۰۶، واحمد في المسند ۴/۲۵۔

ترجمہ: حضرت مطرف بن عبداللہ بن شخیر کہتے ہیں کہ میں بنو عامر کے وفد کے ساتھ جناب نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا ہم نے عرض کیا کہ آپ ہمارے سید ہیں آپ نے فرمایا سید تو اللہ کی ذات ہے ہم نے عرض کیا آپ ہم سب میں بڑے بزرگ اور سب سے زیادہ عطاء فرمانے والے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا تم اپنی ساری بات یا بعض کہو کہیں تمہیں نہیں شیطان اپنا وکیل نہ بنا لے۔ (ابوداؤد)

حسبِ مال اور کرم تقویٰ ہے

۴۹۰۱: وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَبُ الْمَالُ وَالْكَرَمُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

التَّقْوٰی ۔ (رواہ الترمذی وابن ماجۃ)

أخرجه الترمذی فی السنن ۵/۳۶۳ الحدیث رقم ۳۲۷۱ و ابن ماجه فی ۲/۱۴۱۰ الحدیث رقم ۴۲۱۹، واحمد فی المسند ۵/۱۰۔

ترجمہ: حضرت حسن رضی اللہ عنہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسب مالداری ہے اور کرم پرہیزگاری ہے۔ (ترمذی وابن ماجہ)

تشریح: قوله: الحسب المال:

الحسب: حاء اور سین دونوں پر فتحہ ہے۔ "المال": سے مراد مال و دولت ہے جو عام طور پر جاہل کو حاصل ہوتا ہے۔ "حسب" آباء واجداد کے قابل فخر فضائل وخصائل کو کہتے ہیں۔

اور کرم: اس کے معنی ہیں: سخاوت یہ "لؤم" (بخل) کی ضد ہے۔

وہ چیز کہ جس سے بندہ لوگوں کے نزدیک صاحب قدر ہوتا ہے وہ مال ہے۔ جو شخص مالدار اور صاحب ثروت ہو تو وہی حسب والا اور فضیلت کا مالک سمجھا جاتا ہے اور اس کی عزت کی جاتی ہے اگر کسی کے پاس مال وثروت نہ ہو تو وہ سب کی نظروں میں کم تر و بے وقعت رہتا ہے اور وہ چیز کہ جس سے بندہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک عظیم القدر ہوتا ہے وہ تقویٰ پرہیزگاری ہے اور آباؤ اجداد پر فخر کرنا ان دونوں میں سے نہیں ہے کہ بغیر تقویٰ کے کوئی بھی فضیلت اعتبار نہیں رکھتی۔ خدا کی نظر میں کریم یعنی بزرگ و شریف وہی شخص ہے جو پرہیزگار ہو جیسا کہ قرآن کریم میں ہے [ان اکرمکم عند اللہ اتقٰکم] "بے شک زیادہ عزت والا تم میں سے اللہ کے نزدیک وہ ہے جو تم میں سے زیادہ پرہیزگار ہے۔"

چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں آتا ہے: من حسب الرجل انقاء ثوبیه، کہا گیا ہے:

كانت مودة سلمان له نسبا
ولم يكن بين نوح وابنه رحم

حدیث کا حاصل:

دنیا "فانی" ہے۔ اور آخرت "باقی" ہے۔ "باقی" کو "فانی" پر ترجیح دو۔ چونکہ جو شخص آخرت کو چاہتا ہے، اپنی دنیا کو نقصان پہنچاتا ہے، اور جو شخص اپنی دنیا کو چاہتا ہے، وہ اپنی آخرت کو نقصان پہنچاتا ہے۔ یہ دونوں ایک دوسرے کی ضد ہیں، کبھی جمع نہیں ہو سکتیں، ان کی مثال ترازو کے پلڑوں کی ہے، ایک جھکتا ہے، تو دوسرا اٹھتا ہے۔ بعض ارباب حال نے کیا خوب کہا:

زيادة المرء فی دنياه نقصان
وبحهٗ غير محض الخير خسران

ترجمۃ الباب سے حدیث کی مناسبت:

لوگوں کی نگاہ میں عظیم المرتبت بنانے والی چیز مال ہے، اور اللہ کی نگاہ میں عظیم القدر بنانے والی چیز تقویٰ ہے، اپنے آباء

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واجداد پر افتخار ایک بے حقیقت چیز ہے۔

جاہلی نسب پر فخر کا علاج

۴۹۰۲: وَعَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ تَعَزّٰى بِعَزَاءِ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَعِضُّوْهُ بِهَنِ اَبِيْهِ وَلَا تَكْنُوْا۔ (رواه فی شرح السنة)

أخرجه البغوی فی شرح السنة ۱۳/ ۱۲۰ الحديث رقم ۳۵۴۱، واحمد فی المسند ۵/ ۱۳۶۔

ترجمہ: حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص جاہلی نسب کی طرف اپنی نسبت کرتا ہے تو اس کے منہ میں اس کے باپ کے عیوب ٹھونس دو اور کنایہ اختیار نہ کرو۔ (شرح السنۃ)

اسنادی حیثیت: امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: **حسن صحيح لانعرفه الا من هذا الوجه.** (ذکرہ میرک)

تخریج: اس حدیث کو احمدؒ اور حاکمؒ نے بھی نقل کیا ہے۔

تشریح: **تعزی**: بمعنی التنسب۔

عزاء: عین کے فتحہ کے ساتھ۔

فاعضوه: ضاد معجمہ کی تشدید کے ساتھ، باب افعال سے امر کا صیغہ ہے، **اعضضت الشيئ** سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے: **جعلته بعضه**: کسی سے کسی کو کٹوانا۔

العض: دانتوں سے یا زبان سے کسی چیز کو پکڑنا۔ (قاموس)

هن: باء کے فتحہ اور نون کی تخفیف کے ساتھ۔ صاحب النہایہ فرماتے ہیں: **الهن: بالتخفيف والتشديد.** "فرج" سے کنایہ ہے۔ ای: **قولوا له: اعضض بذكر ابيك او ايره او فرجه.**

ولا تكنوا: حرف اول کے فتحہ اور نون کے ضمہ کے ساتھ: هَنٌ یا هَنٌ ہر اس قبیح اور بری چیز کو کہتے ہیں جو صاف صاف نام لے کر بیان نہیں کی جاتی اسی لئے اس لفظ کا اطلاق شرمگاہ پر بھی ہوتا ہے یعنی اگر کسی موقع پر شرمگاہ کا نام لینا ہو تو اس مقصد کے لئے "ھن" کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی شخص اپنے باپ دادا پر فخر کرے جو زمانہ جاہلیت میں گزرے ہیں تو اس کو صاف صاف باپ کی گالی دو اور اس کے باپ کی شرمگاہ کا ذکر کرتے ہوئے اشارہ کنایہ سے کام نہ لو بلکہ اس کا صریح نام لو اور اس ارشاد کا مطلب گویا باپ دادا اور خاندانی ثروت و وجاہت پر فخر کرنے والوں کے تئیں شاید نفرت کا اظہار اور ان کو سخت تنبیہ کرنا مقصود ہے تاکہ کوئی شخص اپنے باپ دادا کے تئیں فخر و مباہات میں مبتلا نہ ہو۔

بعض حضرات نے من تعزی بعزاء الجاهلية کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ جو شخص زمانۂ جاہلیت کی رسموں اور عادتوں کو اختیار کرے جیسے نوحہ اور بال نوچنے کپڑے پھاڑنے وغیرہ کے ذریعہ غمی منائے اس کے باپ کی برائیاں اشارہ کنایوں میں نہیں بلکہ صریح الفاظ میں بیان کرو یعنی یوں کہو کہ تمہارا باپ ~~جہنم میں~~ کو پوجتا تھا۔ فسق و فجور کی زندگی اختیار کئے ہوئے تھا اور زنا کاری و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شراب نوشی جیسی قبیح برائیوں میں مبتلا تھا تا کہ آئندہ کسی شخص کی آبروریزی کرنے کی وہ کبھی جرأت نہ کرے۔

تم کہو لو! میں انصاری غلام ہوں

۴۹۰۳: وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ عُقْبَةَ عَنْ اَبِیْ عُقْبَةَ وَكَانَ مَوْلًى مِنْ اَهْلِ فَارِسٍ قَالَ شَهِدْتُّ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُحُدًا فَضَرَبْتُ رَجُلًا مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَقُلْتُ خُذْهَا مِنِّیْ وَاَنَا الْغُلَامُ الْفَارِسِیُّ فَالْتَفَتَ اِلَیَّ فَقَالَ فَهَلَّا قُلْتَ خُذْهَا مِنِّیْ وَاَنَا الْغُلَامُ الْاَنْصَارِیُّ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۳۴۲ الحديث رقم ۵۱۲۳ و ابن ماجه فی ۲/۹۲۱الحديث رقم ۲۷۸۴۔

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن ابوعقبہ رضی اللہ عنہ حضرت ابوعقبہ جو فارسی نژاد مولیٰ تھے سے روایت ہے کہ میں رسول اکرم کے ساتھ غزوہ احد میں حاضر ہوا تو میں نے ایک مشرک کو مارا اور کہا یہ مجھ سے لے لے میں فارسی ہوں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے میری طرف دیکھا اور فرمایا تم نے یوں کیوں نہیں کہا کہ یہ لے لیں مجھ سے میں انصاری غلام ہوں۔ (ابوداؤد)

تشریح: ''أحدا'': دونوں حرفوں پر ضمہ ہے۔

''الفارسی'': راء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

وأنا الغلام الفارسی: یہ جملہ حالیہ ہے۔

فقلت خذها: کہنے کی وجہ۔

جنگ کے مواقع پر اہل عرب کی عادت تھی کہ حملہ آور اپنی شجاعت کا اظہار کرنے کی خاطر اپنے مضروب دشمن کو اپنا نام ونسب بتایا کرتے تھے۔

یعنی حملہ کرتے وقت تمہیں اگر اپنی نسبت کرنی تھی تو انصار کی طرف کرتے **هلا قلت** کہنے کی وجہ:

کہ جن کی طرف تم نے ہجرت کی تھی اور انہوں نے میری مدد کی تھی اس زمانہ میں اہل فارس کافر تھے' نبی کریم ؐ نے ان کی طرف نسبت کرنے کو ناپسند فرمایا' اور انصار کی طرف نسبت کرنے کا حکم صادر فرمایا تا کہ ان کا انتساب اہل اسلام کی طرف ہو' (نہ کہ اہل کفر کی طرف) اس میں اشارہ ہے کہ مہاجرین کے باقی علاوہ صحابہ کرام پر بھی انصار کا اطلاق ہوتا ہے' انصار اہل مدینہ کے ساتھ مخصوص نہیں ہے' جیسا کہ وہم ہوتا ہے اس تقریر سے اللہ جل شانہ کے اس فرمان: [من المهاجرين والانصار] [التوبة: ۱۰۰] میں عموم شمول حاصل ہو جاتا ہے۔

ناجائز کام میں قوم کے معاون کا حال

۴۹۰۴: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَصَرَ قَوْمَهٗ عَلٰى غَيْرِ الْحَقِّ فَهُوَ كَالْبَعِيْرِ الَّذِیْ رَدٰى فَهُوَ يُنْزَعُ بِذَنَبِهٖ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۳۴۱ الحديث رقم ۵۱۱۸۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنی قوم کی معاونت کسی ناجائز کام میں کرے وہ اس اونٹ کی طرح ہے جو کنوئیں میں گر کر ہلاک ہو جائے اور اسے دم سے پکڑ کر کنوئیں سے باہر کھینچا جائے۔ (ابوداؤد)

تشریح: قولہ: فھو کا لبعیر الذی ردی:

"ردی": اس لفظ کے ضبط میں اختلاف ہے:

① دال پر فتحہ ہے، اور یاء مخففہ ہے۔

② ایک نسخہ میں دال پر کسرہ ہے اور یاء پر فتحہ ہے۔

③ اور ایک صحیح نسخہ میں راء پر ضمہ، دال مشدد و مکسور ہے، اور یاء پر فتحہ ہے۔

اس کے دو معنی آتے ہیں: ۱ کنویں میں گرنا۔ ۲ ہلاک ہو جانا۔

فھو ینزع: ضمیر ابل کی طرف راجع ہے۔

ینزع، مجہول کے صیغہ کے ساتھ ہے۔

اس ارشاد گرامی کے دو مطالب بیان کیے گئے ہیں:

۱ مطلب یہ ہے کہ جس طرح کوئی اونٹ کنویں میں گر کر ہلاک ہو جاتا ہے اسی طرح وہ شخص جو حق پر نہ ہو تباہ و برباد ہو جاتا ہے اور اس کے مددگاروں کو اس اونٹ کی دم سے تشبیہ دی گئی ہے تو جیسے اس اونٹ کی دم سے پکڑ کھینچنے سے اس اونٹ کو ہلاکت سے نہیں بچایا جا سکتا' اسی طرح قوم کے یار و مددگار ہلاکت کے گڑھے میں پڑی ہوئی قوم کو ہلاکت سے نہیں بچا سکتے۔ اس میں سے نکالے جانے کی کوئی سبیل نہیں پاتا جو کسی ناحق معاملہ میں یا کسی ایسے معاملہ میں کہ اس کا حق ہونا مشتبہ ہو اپنی قوم و جماعت کی حمایت و مدد کے ذریعہ اپنے آپ کو اونچا اٹھانے کی کوشش کرتا ہے۔

۲ اونٹ کے مشابہ قرار دیا ہے کیونکہ جو طبقہ و گروہ حق کو چھوڑ کر باطل کو اختیار کرتا ہے وہ گویا ہلاک ہو جانے والا شمار ہوتا ہے اور جو شخص اس قوم و جماعت کی حمایت کرتا ہے اس کو اس اونٹ کی دم کے ساتھ تشبیہ دی ہے چنانچہ جو اونٹ کنویں میں گر جائے اس کو اس کی دم پکڑ کر کھینچنا اس کو ہلاک ہونے سے نہیں بچا سکتا اسی طرح جو قوم و جماعت باطل ہونے کی وجہ سے ہلاکت کی کھائی میں گر پڑی ہے اس کو وہ حمایتی اور مددگار ہلاکت کی کھائی سے نجات نہیں دلا سکتا۔

ظلم میں مددگار بننا تعصب ہے

۴۹۰۵: وَعَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا الْعَصَبِيَّةُ قَالَ اَنْ تُعِيْنَ قَوْمَكَ عَلَى الظُّلْمِ۔ (رواہ ابوداؤد)

اخرجہ ابوداؤد فی السنن ۵/۳۴۱ الحدیث رقم ۵۱۱۹ و ابن ماجہ فی ۲/۱۳۰۲ الحدیث رقم ۳۹۴۹۔

ترجمہ: حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تعصب کس بات کا نام ہے؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمایا تمہارا اپنی قوم کے ظلم پر مددگار بننا تعصب ہے۔ (ابوداؤد)

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اپنی قوم و جماعت کی حمایت و رعایت میں حق کی رعایت رکھنی چاہئے، شخص کی رعایت نہیں رکھنی چاہئے کہ یہ میرا ہم وطن، ہم قوم، ہم زبان ہے بلکہ اس کی رعایت رکھنی چاہیے کہ حق پر کون ہے؟ جیسا کہ حضرت جابر کی ایک مرفوع حدیث میں آتا ہے جس کو دارمی اور ابن عساکر نے روایت کیا ہے:

"انصر اخاك ظالما او مظلوما ، ان يك ظالما فارده عن ظلمه، وان يك مظلوما فانصره.

تخریج: اس حدث کو ابن ماجہؒ نے بھی نقل کیا ہے۔

قومی دفاع ارتکابِ گناہ سے پہلے پہلے

۴۹۰۶: وَعَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ خَيْرُكُمُ الْمُدَافِعُ عَنْ عَشِيْرَتِهِ مَالَمْ يَاْثَمْ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد في السنن ٥/ ٣٤١ الحديث رقم ٥١٢٠۔

ترجمہ: حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ کے دوران فرمایا تم میں سے سب سے بہتر وہ ہے جو اپنے خاندان کا اس وقت تک دفاع کرے جب تک وہ گناہ کا مرتکب نہ ہو۔ (ابوداؤد)

راویٔ حدیث:

سراقہ بن مالک۔ یہ سراقہ بن مالک بن جعشم مدلجی کنانی ہیں۔ مشہور صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں "قدید" میں آتے جاتے تھے اور اہل مدینہ میں شمار کیے جاتے تھے ایک بڑی جماعت ان سے روایت کرتی ہے بڑے اونچے درجہ کے شاعروں میں سے تھے۔ ۲۴ھ میں وفات ہوئی۔

تشریح: "سراقہ" میں سین مہملہ مضموم ہے۔ اور "جعشم" میں جیم مضموم، عین مہملہ ساکن اور شین معجمہ مضموم ہے۔

اس شخص کو بہترین اس اعتبار سے قرار دیا کہ وہ دو صفات کو جامع ہے: ① مظلوم کی نصرت ② اقارب کے ساتھ صلۂ رحمی۔

اگر یہ سوال پیدا ہو کہ جو شخص ظلم و زیادتی کا دفعیہ کر رہا ہے وہ خود ظلم کا مرتکب کس طرح ہو سکتا ہے تو اس کا جواب یہ ہوگا کہ فرض کیجئے ایک شخص کو اس کے ظلم سے زبانی ہدایت و تنبیہ اور افہام و تفہیم کے ذریعہ روکا جا سکتا ہے لیکن کوئی شخص اس ظلم کے دفعیہ کے لئے اپنی زبان کو ذریعہ بنانے کی بجائے اپنے ہاتھوں کو ذریعہ بنانے لگے کہ ظلم کرنے والے کو مارنے لگے تو ظاہر ہے کہ یہ جائز نہیں ہوگا یا اس ظلم کو روکنے کے لئے تھوڑا بہت مارنا کافی ہو سکتا ہو مگر کوئی شخص اس کو جان ہی سے مار ڈالے تو اس کی اس کارروائی کو سراسر ناجائز کہا جائے گا۔ حاصل یہ ہے کہ کسی ظلم کو روکنے کے لئے ایسا اقدام کرنا جو ضرورت سے زائد اور واجبی حد سے متجاوز ہو تو ظلم کی وہ مدافعت خود ظلم و تعدی بن جائے گی۔ چونکہ یہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے قبیل سے ہے، لہٰذا ترتیب کی رعایت واجب ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ۭ وَلَىِٕنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴾ [النحل: ۱۲۵-۱۲۶] ''(اے پیغمبر) لوگوں کو دانش اور نیک نصیحت سے اپنے پروردگار کے راستے کی طرف بلاؤ اور بہت ہی اچھے طریق سے ان سے مناظرہ کرو۔ جو اس کے راستے سے بھٹک گیا تمہارا پروردگار اسے بھی خوب جانتا ہے اور جو راستے پر چلنے والے ہیں ان سے بھی خوب واقف ہے اور اگر تم ان کو تکلیف دینی چاہو تو اتنی ہی تکلیف دو جتنی تکلیف تم کو ان سے پہنچی اور اگر صبر کرو تو وہ صبر کرنے والوں کے لئے بہت اچھا ہے۔''

عصبیت کی موت والا ہم سے نہیں

۴۹۰۷: وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ دَعَا اِلٰى عَصَبِيَّةٍ وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ مَاتَ عَلٰى عَصَبِيَّةٍ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۳۴۳ الحديث رقم ۵۱۲۱۔

ترجمہ: حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو عصبیت کی دعوت دے اور وہ بھی ہم میں سے نہیں جو تعصب کی خاطر لڑے اور وہ بھی ہم میں سے نہیں جس کو تعصب پر موت آئے۔ (ابوداؤد)

تشریح: قوله: من دعا الى عصبية: ایک حدیث میں آتا ہے: ما بال دعوى الجاهلية. صاحب النہایۃ لکھتے ہیں اس سے مراد یا آل فلان کی پکار ہے۔ کہ کسی پیش آمدہ حادثہ میں اپنے لوگوں کو بلایا کرتے تھے۔

شئی کی محبت اسے اندھا کر دیتی ہے

۴۹۰۸: وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِيْ وَيُصِمُّ۔

(رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۳۴۶ الحديث رقم ۵۱۳۰، واحمد فی المسند ۵/۱۹۴۔

ترجمہ: حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی چیز سے محبت انسان کو اندھا اور بہرہ کر دیتی ہے۔ (ابوداؤد)

تشریح: قوله: حبك الشيء يعمي ويصم:

حب: مصدر مضاف ہے اپنے فاعل کاف ضمیر مجرور کی طرف مبتدا، الشیء: مصدر مضاف کا مفعول بہ ہے۔ یعمی: یہ جملہ محل رفع میں خبر ہے۔ یصم: جملہ معطوفہ ہے۔ یعمی ویصم، یہ دونوں فعل از باب افعال مضارع معروف کا صیغہ ہیں۔ (یعنی علامت مضارع پر ضمہ اور عین کلمہ پر کسرہ ہے۔)

حدیث کا مطلب: محبت کا جنون انسان کو اندھا اور بہرا بنا دیتا ہے کہ وہ غلبہ محبت کی وجہ سے اپنی محبوب چیز کے عیوب کو نہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دیکھنے کی صلاحیت باقی رکھتا ہے اور نہ سننے کی اگر محبوب میں کوئی برائی دیکھتا بھی ہے تو اس کو اچھی چیز سمجھتا ہے اور اگر اس سے کوئی بری بات سنتا بھی ہے تو اس کو اچھا جانتا ہے۔

چونکہ محبّ کے دل پر محبت کے بادشاہ کا قبضہ ہو چکا ہوتا ہے جیسا کہ کسی کہنے والے نے کہا:

وعين الرضا عن كل عيب كليلة
ولكن عين السخط تبدى المساويا

حاصل یہ ہے کہ یہ اس کی بدصورتی تمہیں حسن دکھائی دیتی ہے۔ اور اس کی بدزبانی تمہیں قول جمیل سنائی دیتی ہے، جیسا کہ کسی نے کہا:

وتفبح من سواك الفعل عندى
فتفعله فيحسن منك ذاكا

استاذ ابوعلیؒ فرماتے ہیں: ''حبك الشيئ يعمى عن الغير غيرةً وعن المحبوب هيبة۔ کسی چیز سے تمہارا محبت کرنا تم کو غیر کی غیرت اور محبوب کی ہیبت سے اندھا کر دے گا۔''

امام طیبیؒ فرماتے ہیں:

اس حدیث کو مذمت کے سلسلہ میں اس باب میں نقل کرنا اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ یہ ارشادِ گرامی اس شخص کے حق میں فرمایا گیا ہے جو کسی کی خاطر عصبیت سے کام لے اور باطل امور میں اسی کی حمایت و مدد کرتا ہے اس کی محبت اسے اندھا کر دیتی ہے کہ وہ اس کی محبت میں حق کو نہ دیکھتا ہے اور نہ سنتا ہے۔ وگرنہ حقیقت کے اعتبار سے حدیث ذو معنی ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد، بخاری نے اپنی تاریخ میں ابوالدرداء سے نقل کیا ہے۔ خرائطی نے ''اعتلال القلوب'' میں ابو برزہ سے نقل کیا ہے۔ اور ابن عساکر نے عبداللہ بن انیس سے نقل کیا ہے۔

الفصل الثالث:

قوم کی ظلم پر مدد

۴۹۰۹: وَعَنْ عُبَادَةَ بْنِ كَثِيْرٍ الشَّامِيِّ مِنْ اَهْلِ فِلَسْطِيْنَ عَنِ امْرَاَةٍ مِنْهُمْ يُقَالُ لَهَا فَسِيْلَةُ اَنَّهَا قَالَتْ سَمِعْتُ اَبِيْ يَقُوْلُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنَ الْعَصَبِيَّةِ اَنْ يُّحِبَّ الرَّجُلُ قَوْمَهُ قَالَ لَا وَلٰكِنْ مِنَ الْعَصَبِيَّةِ اَنْ يَنْصُرَ الرَّجُلُ قَوْمَهُ عَلَى الظُّلْمِ۔ (رواه احمد وابن ماجة)

أخرجه ابن ماجه فى السنن ۱۳۰۲/۲ الحديث رقم ۳۹۴۹، واحمد فى المسند ۱۰۷/۴۔

ترجمہ: حضرت عبادۃ بن کثیر شامیؒ جو کہ فلسطین کے رہنے والے ہیں وہ اپنے علاقہ کی ایک خاتون جس کا نام فسیلہ تھا روایت کرتے ہیں وہ اپنے والد کے حوالہ سے بیان کرتی ہیں کہ میں نے ان کو یہ کہتے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں بطور سائل عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کیا قوم سے محبت عصبیت ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا نہیں البتہ عصبیت یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے کہ آدمی اپنی قوم کی ظلم پر مدد کرے۔ (احمد، ابن ماجہ)

راوئ حدیث:

عبادہ بن کثیر شامی کے بارے میں مؤالف وشارح رحمہما اللہ نے کچھ بھی تحریر نہیں فرمایا۔

تشریح: قوله: عن عبادة بن كثير الشامي:

مصنفؒ نے عبادہ بن کثیر شامی کا تذکرہ اسماء میں نہیں کیا ہے۔

فلسطین: فاء کے کسرہ لام کے فتحہ سین کے سکون کے ساتھ اور آخر میں نون مفتوح ہے اور "المغنی" میں ہے کہ "فلسطون" اور "فلسطين" دونوں حرف اول کے کسرہ کے ساتھ ہیں۔ اور قاموس میں ہے کہ فاء پر ان دونوں میں فتحہ بھی پڑھا جاتا ہے۔

شام کا ایک ضلع ہے۔ اور حالت نصب وجر میں یاء کے ساتھ پڑھیں گے۔ یا ہر حال میں یاء کے ساتھ پڑھیں گے۔

فسيلة: فاء کے فتحہ 'سین مہملہ کے کسرہ کے ساتھ ہے' اور ایک نسخہ میں بصیغۂ تصغیر آیا ہے۔ مؤلفؒ نے الاکمال کی "فصل تابعات" میں ان کا ذکر نہیں کیا ہے۔ اور نہ (فصل صحابہ میں) ان کے والد کا ذکر کیا ہے۔

قوله: من العصبية أن ينصر الرجل قومه على الظلم:

"ان کے ظلم پر مدد کرنا" اس کے تین مطالب ہو سکتے ہیں:

(۱) على ظلمهم (۲) مع ظلمهم (۳) على وجه الظلم

ذلت کی علامت زبان درازی، بیہودہ گوئی ہے

۴۹۱۰: وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْسَابُكُمْ هٰذِهِ لَيْسَتْ بِمَسَبَّةٍ عَلٰى اَحَدٍ كُلُّكُمْ بَنُوْا اٰدَمَ طَفُّ الصَّاعِ بِالصَّاعِ لَمْ تَمْلَؤُهُ لَيْسَ لِاَحَدٍ عَلٰى اَحَدٍ فَضْلٌ اِلَّا بِدِيْنٍ وَتَقْوٰى كَفٰى بِالرَّجُلِ اَنْ يَكُوْنَ بَذِيًّا فَاحِشًا بَخِيْلًا۔ (رواه احمد والبيهقي في شعب الايمان)

أخرجه احمد في المسند ٤/١٤٥، والبيهقي في شعب الايمان ٤/٢٩٢ الحديث رقم ٥١٤٦۔

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے یہ نسب کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو قابل مذمت ہو تم سب آدم کی اولاد ہو جیسا کہ صاع صاع کے برابر ہوتا ہے کہ جس کو تم نے بھرا نہ ہو کسی کو دوسرے پر تقویٰ دین کے علاوہ کوئی فضیلت حاصل نہیں ہے اور آدمی کی ذلت کے لئے اتنی بات کافی ہے کہ وہ زبان دراز، بیہودہ گو اور بخیل ہو۔ (احمد، بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کی ہے۔)

تشریح: قوله: انسابكم هذه ليست بمسبة: اى المعروفة المشهورة كامر محسوس يشار اليه.

"مسبة" میم اور سین کے فتحہ اور بائے موحدہ مشددہ کے ساتھ، اس کے دو معنی ہو سکتے ہیں:

(۱) [illegible]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طف :طاء پر فتحہ اور فاء مشدد ہے۔اس کو مرفوع ومنصوب دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔
زیادہ واضح یہ ہے کہ منصوب بنزع الخافض ہے۔اور مرفوع ہونا خبر ہونے کی بناء پر ہے۔
بنو آدم:اس کی ترکیب میں تین احتمال ہیں:بیان ہے۔بدل ہے۔مبتدا دوئم ہے۔
لم تملؤہ:جملہ حالیہ ہے لاحد:ای علی احد ۔(یعنی کسی کو کسی پر)ایک ضعیف نسخہ میں یہی الفاظ ہیں۔
''تقوی'':قصر کے ساتھ ہے۔اور ایک نسخہ میں تنوین کے ساتھ ہے۔
بالرجل: جار مجرور مل کر'' کفی'' کا فاعل ہے اور تمیز محذوف ہے۔ ای: مسبة وعارا او نقصانا اور'' ان یکون بذیا'' (اس محذوف) تمیز کا بیان ہے۔جیسا کہ اس حدیث میں ہے: کفی بالمرء اثما ان یحدث بکل ما سمع.
فاحشا:عطف بیان ہے۔
'' طف الصاع بالصاع''میں تشبیہ بلیغ ہے۔
دین سے مراد دین حق ہے۔اور''تقوی'' سے یہاں مراد یہ ہے کہ شرک جلی،شرک خفی سے اجتناب کیا جائے اور صغائر وکبائر سے احتراز کیا جائے۔
طف الصاع بالصاع: حال مؤکدہ ہونے کی بناء پر منصوب پڑھنا درست ہے۔جیسا کہ اس مثال میں ہے: زید ابوك عطوفا چونکہ''بنی آدم'' کا ذکر کرنا نقصان پر دال ہے اس لئے کہ بنو آدم مٹی سے پیدا ہوئے ہیں۔بدل ہونے کی بناء پر مرفوع پڑھنا اور خبر ثانی ہونے کی بناء پر مرفوع پڑھنا بھی درست ہے۔
بالصاع: کی باء حالیت کیلئے ہے۔ ای: طف الصاع مقابلا بمثله من النقصان.اور مراد یہ ہے کہ نقصان میں سب برابر ہیں۔
بذیا:فعل کے وزن پر ہے اور''بذاء'' سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے کلام قبیح۔چنانچہ''فاحشا''اس کا عطف بیان ہے۔اور قاموس میں ہے کہ البذی کرضی الرجل الفاحش۔بخیلا: یہ وصف ذکر کرنے میں اشارہ ہے کہ یہ شخص زبان کے بارے ''دراز'' ہے اور احسان کے معاملہ میں''کوتاہ'' ہے۔
''صاع'' سے مراد مپانہ یا پیمانہ ہے۔ارشاد گرامی کا حاصل یہ ہے کہ جس طرح ایک صاع یعنی مپانہ اپنے ہی جیسے دوسرے مپانہ سے بالکل برابر ہوتا ہے ان دونوں مپانوں میں جو چیزیں بھری ہوتی ہیں وہ یکساں اور برابر مقدار وزن کی حامل ہوتی ہیں کہ ان کو ایک دوسرے پر کوئی ترجیح حاصل نہیں ہوتی اسی طرح تمام انسان ایک باپ آدم علیہ السلام کی اولاد ہونے کی حیثیت میں برابری کا درجہ رکھتے ہیں اور کسی انسان کو دوسرے انسان پر محض نسب کے اعتبار سے کوئی فوقیت وبرتری حاصل نہیں ہوتی۔
کہ انسان' انسان ہونے کی حیثیت سے ایک دوسرے پر کوئی فضیلت نہیں رکھتا بلکہ انسانی جبلت اور نفسانی تقاضوں کے اختیار سے تمام انسان' نقصان وخسران کے مقام پر ہوتے ہیں البتہ جو انسان ایمان واسلام کی دولت رکھتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی کمال تقویٰ ودین داری کے حامل ہوتے ہیں وہ نہ صرف یہ کہ آخرت کے نقصان سے محفوظ ہوتے ہیں بلکہ انسانیت کا اعلیٰ مظہر ہونے کی وجہ سے دوسرے لوگوں پر فضیلت وبرتری بھی رکھتے ہیں چنانچہ اسی حقیقت کی طرف اس آیت کریمہ میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اشارہ فرمایا گیا ہے:

﴿وَالْعَصْرِ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ﴾ [العصر: ۱-۳]

''قسم ہے زمانہ کی انسان بڑے خسارہ میں ہے علاوہ ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور انہوں نے اچھے کام کئے''۔

انسان کو ''طف صاع'' کے ساتھ تشبیہ دے کر گویا اس حقیقت کو واضح کیا گیا ہے کہ تم تمام انسانوں کے باپ چونکہ آدم علیہ السلام ہیں اور آدم علیہ السلام کو خاک سے پیدا کیا گیا ہے اس لئے تم سب اپنے اصل نسب کے اعتبار سے نقصان اور درجہ کمال تک نہ پہنچنے میں ایک دوسرے کے بالکل قریب اور برابر ہو کہ ہر انسان اپنی طبعی جبلت کی وجہ سے نقصان اور ٹوٹے میں مبتلا ہے ہاں وہ انسان اس نقصان سے محفوظ ہے جو ایمان، اسلام کے حامل اور تقویٰ وکمال دینداری کے مرتبہ پر فائز ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْبِرِّ وَالصِّلَةِ

بر وصلہ کا بیان

صاحب النہایہ لکھتے ہیں: "بِرٌّ" باء کے زیر کے ساتھ۔اس کے معنی نیکی واحسان کے ہیں۔عام طور پر اس لفظ کا اطلاق اس نیکی و بھلائی پر ہوتا ہے جس کا تعلق ماں باپ اور قریبی رشتہ داروں سے ہوتا ہے۔اسی لئے لغت کی کتابوں میں لکھا ہوا ہے کہ بر کے معنی ہیں ماں باپ کی فرمانبرداری واطاعت کرنا۔مذکورہ بالا عنوان میں بھی اس لفظ کے یہی معنی مراد ہیں۔واضح رہے کہ اس لفظ کی ضد "عقوق" ہے جس کے معنی ہیں ماں باپ کی نافرمانی کرنا اور ان کے ساتھ سرکشی وایذاء رسانی کا برتاؤ کرنا۔

کہا جاتا ہے: برّ یبرّ (س)،اسم فاعل بار،جمع بررۃ،اور برّ کی جمع "ابرار" آتی ہے۔

"صلہ" کے لغوی معنی ملانا اور پیوند لگانے کے ہیں "صلۃ الرحم" کنایہ ہے اپنے نسبی اور سسرالی اعزاء واقارب کے ساتھ احسان اور اچھے سلوک کا معاملہ کرنا ان پر رحم دل ہونا مہربان ہونا اور ان کے احوال کی رعایت رکھنا ہے۔"صلہ رحم" کی ضد "قطع رحم" ہے۔کہا جاتا ہے: وصل رحمه يصل وصلا وصلة ،ہاء،واؤ محذوفہ کے عوض میں ہے۔تو گویا کہ انسان احسان کے ذریعے اپنے اور اپنے نسبی وسسرالی کو جوڑتا ہے۔

الفصل الاول:

حسن سلوک کی سب سے زیادہ حقدار ماں ہے

۴۹۱۱:عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَقُّ بِحُسْنِ صَحَابَتِیْ قَالَ اُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اُمُّكَ قَالَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اَبُوْكَ وَفِیْ رِوَايَةٍ قَالَ اُمُّكَ ثُمَّ اُمُّكَ ثُمَّ اُمُّكَ ثُمَّ اَبَاكَ ثُمَّ اَدْنَاكَ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۰/۴۰۱ الحديث رقم ۱۹۷۱ و مسلم فی ۴/۱۹۷۴ الحديث رقم (۱-۲۵۴۸) وابن ماجه فی السنن ۲/۱۲۰۷ الحديث رقم ۳۶۵۸۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے عمدہ برتاؤ کا سب سے زیادہ حقدار کون ہے؟ فرمایا تمہاری ماں۔اس نے بار دیگر عرض کیا پھر کون؟ فرمایا تمہاری ماں۔اس نے عرض کیا پھر کون

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمایا تمہاری ماں اس نے عرض کیا پھر کون فرمایا تمہارا باپ۔ایک اور روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا تمہاری ماں۔ پھر تمہاری ماں پھر تمہارا باپ۔ پھر تمہارا قریبی پھر قریبی۔(بخاری، مسلم)

تشریح:قوله:من أحق بحسن صحابتي:

"صحابتی": صاد کے فتحہ اور کسرہ کے ساتھ'ای باحسان مصاحبتی فی المعاشرۃ جوہری کہتے ہیں: صحبه يصحبه صحبة: صاد کے ضمہ کے ساتھ،اور صحابة: صاد کے فتحہ کے ساتھ۔صاحب قاموس لکھتے ہیں: صحبه كسمعه صحابة ويكسر وصحبه عاشره۔ وقال النووی:هو بفتح الصاد ههنا بمعنى الصحبة.

قوله: قال امك: لفظ امك، اس روایت میں ہر جگہ مرفوع ہے۔(كذا في الاصول المعتمدة والنسخ المصححة) اور ایک نسخہ میں یہ لفظ منصوب ہے، یہ غلط ہے۔جیسا کہ اس کی وجہ عنقریب آئے گی۔

منصوب ہونے کی صورت میں تین ترکیبی احتمال ہیں:

▣ مجرور بنزع الخافض ہے۔ای أحسن الها ▣ منصوب علی الاغراء ہے۔ ای: الزم امك۔یعنی اس کے ساتھ اچھے طریقہ سے زندگی بسر کرو'اور حسن معاشرت کے ساتھ پیش آؤ۔ ▣ منصوب علی المفعولیۃ ہے۔ أی: بر أمك. یہ احتمال سب سے واضح ہے۔قوله: ثم أدناك أدناك : یہاں "أدنی" بمعنی "اقرب" ہے حرف عطف محذوف ہے'اور لفظ "أدناك" کا اعادہ تاکید کے لئے ہے۔امام طیبیؒ فرماتے ہیں:امك الخ 'ایک روایت میں مرفوع آیا ہے'اور ایک روایت میں منصوب آیا ہے مرفوع ہونے کی وجہ اس کے معنی تقدیری کا یوں ہونا ہے: أحق من ابر اس کی دلیل بہز بن حکیم کے یہ الفاظ ہیں:

من ابر ؟۔اس سے یہ وہم ہوتا ہے کہ "امك" دو روایتوں میں آیا ہے'ایک میں مرفوع آیا ہے'اور ایک میں منصوب آیا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے'بلکہ اول میں رفع متعین ہے "ابوک" کی وجہ سے اور "یہاں" أباک" کی وجہ نصب متعین ہے۔روایت میں غلط کرنے سے بچنا چاہئے ورنہ درایت سے محرومی ہو جاتی ہے۔

علماء فرماتے ہیں اولاد پر والدین کے ساتھ حسن سلوک کرنے کے جو حقوق عائد ہوتے ہیں ان میں ماں کا حصہ باپ سے تین گنا بڑھا ہوا ہے یہ تین گنا حق ان تین اشیاء کے مقابلہ میں ہے جو ماں کے ساتھ مخصوص ہیں ▣ حمل کا بوجھ اٹھانا۔ ▣ ولادت کی مشقت ▣ رضاعت کی محنت ومشقت۔

چنانچہ اس آیت کریمہ میں ان باتوں کی طرف واضح اشارہ ہے:﴿حملته أمه كرها ووضعته كرها وحمله وفصاله ثلاثون شهرا﴾ [الاحقاف۔۱۵]

تخریج:(مؤخر الذکر روایت کے بارے میں) امام میرکؒ کا کہنا ہے کہ اس روایت میں امام مسلم متفرد ہیں۔لہٰذا "متفق علیہ" کہنا محل نظر ہے۔ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں:اس روایت کو "متفق علیہ" کہنا باعتبار معنی کے ہے۔

اس کی ناک خاک آلود ہو

۴۹۱۲: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَغِمَ اَنْفُهُ رَغِمَ اَنْفُهُ رَغِمَ اَنْفُهُ قِيْلَ مَنْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَنْ اَدْرَكَ وَالِدَيْهِ عِنْدَ الْكِبَرِ اَحَدَهُمَا اَوْكِلَاهُمَا ثُمَّ لَمْ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱۹۷۸/٤ الحدیث رقم (۹-۲۵۵۱) و ابوداؤد فی السنن ۳۰۷/۲ الحدیث رقم ۱٦٦۸، والترمذی فی ۵۵٤/۵ الحدیث رقم ۳۵٤۵، واحمد فی المسند ۳٤٦/۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی ناک خاک آلود ہو اس کی ناک خاک آلود ہو اس کی ناک خاک آلود ہو۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس کی؟۔ فرمایا جس نے اپنے والدین یا دونوں میں سے ایک کو بڑھاپے میں پایا پھر وہ جنت میں داخل نہ ہوسکا۔ (مسلم)

تشریح: رغم: بروزن سمع۔ رغام سے ماخوذ ہے۔ جس کا معنی ہے مٹی ملی ہوئی ریت۔ رَغِمَ اَنْفُهٗ کا مطلب ہوتا ہے ذلیل ہونا' یہاں دونوں احتمال ہیں کہ یہ جملہ اخبار کے قبیل سے ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ بددعا ہو۔ ''انفہ'' کی ضمیر کا مرجع مبہم ہے جس کا بیان آگے آرہا ہے۔ ایہام کے بعد بیان لانا' سامع کے لئے اوقع فی النفس ہوتا ہے۔ نیز اس کا دوبارہ اعادہ فرمانا تاکید کے لئے ہے۔

لم یدخل: صیغہ معروف کے ساتھ ہے ''دخول'' مصدر سے مشتق ہے'۔

قیل من: ''من'' کی ترکیب میں متعدد احتمالات ہیں:

1. یہ مبتدا ہے اور خبر محذوف ہے۔ ای: من هو؟
2. یہ خبر ہے اور مبتدا محذوف ہے۔ ای هو من؟
3. فعل محذوف کا مفعول بہ ہے ای تعنی من ؟
4. تعنی أنف من۔

عند الکبر: مظہرؒ فرماتے ہیں یہ ظرف ہے موضع حال میں واقع ہے۔ ظرف جب موضع حال میں ہوتا ہے تو اپنے مابعد کو مرفوع کرتا ہے۔ پس ''احدهما'' ظرف (کا فاعل ہونے) کی وجہ سے مرفوع ہے۔

کلاهما کا عطف احدهما پر ہے' پس احدهما او کلاهما از روئے معنی فاعل ہے۔

اشرفؒ فرماتے ہیں ممکن ہے کہ '' احدهما'' مبتداء محذوف کی خبر ہو۔ ای: مدرکه أحدهما او کلاهما اور یہ جملہ ما قبل جملہ'' من ادرك والدیه'' کا بیان ہے۔

شرح المصابیح میں'' من ادرك والدیه الکبر احدهما او کلاهما'' کی ترکیب یوں ہے:'' الکبر'' فاعل ہے'' ادرك'' کا، اور ''احدهما'' ادرك کا مفعول ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں:'' احدهما''، بظاہر'' والدیه'' مفعول بہ سے بدل ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں:'' عند الکبر'' اضافت کے ساتھ ہے۔ اور'' احدهما'' او ''کلاهما'' دونوں مرفوع ہیں۔ مسلم کی تمام روایات میں یوں ہی ہے۔

حمیدی، جامع الاصول، مصابیح کے بعض نسخوں میں'' عنده الکبر'' کے الفاظ ہیں اور'' الکبر'' رفع کے ساتھ اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''احدهما'' اور ''كليهما'' نصب کے ساتھ ہے۔اور ترمذی کی روایت کے الفاظ یوں ہیں: قال ﷺ: رغم انف رجل ادرك عنده ابواه الكبر فلم يدخلاه الجنة۔اھ۔

والديه: میں تغلیب ہے۔

عند الكبر: کا ذکر اس وجہ سے ہے کہ والدین کو اپنی اولاد کی ضرورت سب سے زیادہ اس وقت ہوتی ہے۔

عرضِ مرتب:

اس حدیث سے متعلقہ تمام احکام وآداب ''احکام الباب'' کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

تخریج: الجامع الصغیر میں ابو ہریرہ کی روایت کے الفاظ یہ ہیں: ''رغم انفه ثم رغم انفه ثم رغم انفه ، من ادرك ابويه عنده الكبر احدهما او كلاهما ثم لم يدخل الجنة''.(اس حدیث کو احمد و مسلم نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے)۔

ترمذی اور حاکم نے ابو ہریرہ سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے: ''رغم انف رجل ذكرت عنده فلم يصل علي، ورغم انف رجل دخل عليه رمضان ثم انسلخ قبل ان يغفرله، ورغم انف رجل ادرك عنده ابواه الكبر فلم يدخلاه الجنة''.

مشرکہ ماں سے بھی صلہ رحمی کا حکم

۴۹۱۳: وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ اَبِیْ بَكْرٍ قَالَتْ قَدِمَتْ عَلَیَّ اُمِّیْ وَهِیَ مُشْرِكَةٌ فِیْ عَهْدِ قُرَیْشٍ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اُمِّیْ قَدِمَتْ عَلَیَّ وَهِیَّ رَاغِبَةٌ اَفَاَصِلُهَا قَالَ نَعَمْ صِلِیْهَا۔

(متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ٦/٢٨١ الحدیث رقم ٣١٨٣ و مسلم فی ٢/٦٩٦ الحدیث رقم (٢-٦٩٦)، واحمد فی المسند ٦/٣٤٤۔

ترجمہ: حضرت اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میری والدہ میرے ہاں آئیں۔قریش سے صلح کے زمانہ میں مشرکہ تھیں۔میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میری والدہ میرے ہاں آئی ہیں وہ اسلام سے دور ہیں کیا میں ان کے ساتھ صلہ رحمی کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا صلہ رحمی کرو۔(بخاری، مسلم)

تشریح: فی عهد قريش: یہ ''قدمت'' کے متعلق ہے۔ای كان ذلك القدوم فی المدة التی كان عهد المصالحة بينه ﷺ وبين قريش على ترك قتا لهم فيها۔

قوله: وهی راغبة عن الاسلام: اس جملہ میں نسخوں اور روایت کا اختلاف ہے۔

ہمارے نسخہ میں بائے موحدہ کے ساتھ ہے۔اور ایک نسخہ صحیحہ میں ''راغمة'' میم کے ساتھ ہے۔تورپشتی کا کہنا ہے کہ باء سے بھی مروی ہے، مصابیح میں بھی اسی طرح مروی ہے۔البتہ درست میم کے ساتھ ''راغمة'' ہے، نا کہ باء کے ساتھ ''راغبة''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام نوویؒ اس حدیث کی شرح کے ذیل میں فرماتے ہیں: قدمت علی أمی وهی راغبة أو راهبة اور ایک دوسری روایت میں بغیر شک کے راغبة کے الفاظ ہیں۔ قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں: راغبة ،بغیر شک کے ''صحیح'' ہے۔ اور ابوداؤد کی ایک روایت میں'' راغبة فی عهد قریش''وهی راغمة مشرکه کے الفاظ ہیں۔

''وهی راغبة'' کے متعدد معانی بیان کئے ہیں:

- معرضة عن الاسلام (اسلام سے منحرف)۔
- مائلة فی الاسلام۔
- راغبة فی صلتی۔
- راغبة فی الاشراك۔
- مشرکة۔
- راغبة عن الاسلام (نفرت کرنا، اعراض کرنا، بے توجہی اختیار کرنا۔)
- کارهة لااسلام۔
- طامعة فیما اعطیها حریصة علیها۔
- مطلقاً بغیر تقیید کے ہو تو'' راغبة عن الاسلام ''ہی کے معنی میں ہوگا۔ اور اگر'' وهی مشرکة'' یا'' فی عهد قریش '' کے ساتھ مقید ہو تو'' راغبة فی صلتی'' کے معنی میں ہوگا۔ تاکہ ابوداؤد کی روایت کے ساتھ موافقت ہو جائے۔ ابو داؤد کی روایت میں'' وهی راغمة'' کے الفاظ ہیں۔

قوله: وهی راغمة. اس کے بھی متعدد معانی بیان کئے گئے ہیں: کارهة اسلامی وهجرتی ذلیلة محتاجة الی عطائی قبل ای: هاربة من قومها کارهة للاسلام ساخطة لهٗ۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں اس حدیث سے قریبی مشرک رشتہ دار کے ساتھ صلہ رحمی کا جواز معلوم ہوتا ہے۔

میرے دوست تو نیک مؤمن ہیں

۴۹۱۴: وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اٰلَ اَبِیْ لَيْسُوْا لِیْ بِاَوْلِيَاءَ اِنَّمَا وَلِیِّیَ اللّٰهُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنْ لَهُمْ رَحِمٌ اَبُلُّهَا بِبَلَالِهَا۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۴۱۹/۱۰ الحدیث رقم ۵۹۹۰ و مسلم فی ۱۹۷/۱ الحدیث رقم (۳۶۶-۲۱۵)، والترمذی فی السنن ۳۱۶/۵ الحدیث رقم ۳۱۸۵، والنسائی فی ۲۴۸/۶ الحدیث رقم ۳۶۴۴، واحمد فی المسند ۵۱۹/۲۔

ترجمہ: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آل ابی فلاں میرے تعلق والے نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میرے دوست تو اللہ تعالیٰ اور نیک مؤمن ہیں مگر ان کے لئے رشتہ قرابت ہے اس کی تری سے میں اس کو تر کروں گا۔

(بخاری، مسلم)

تشریح: قولہ:ان آل آبی :اور ایک صحیح نسخہ میں "ابی فلان" کے الفاظ ہیں۔

قولہ انما ولیی اللّٰہ :اور ایک نسخہ میں یائے مشددہ مفتوحہ کیساتھ ہے۔یاء کے کسرہ کے ساتھ بھی مروی ہے۔

بلا لھا:باء موحدہ کے کسرہ اور فتحہ دونوں کے ساتھ درست ہے۔**ای بصلتھا والا حسان الیھا** بعض شراح کا کہنا ہے کہ باء کے فتحہ کے ساتھ مصدر ہے۔اور کسرہ کے ساتھ" بلل " کی جمع ہے۔جیسے جَمَل اور جمال، بعض نے کسرہ راجح قرار دیا ہے اور اسی سے نبی کریم ﷺ کا وہ فرمان ہے جس کو بزار نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے،طبرانی نے ابوالطفیل سے اور بیہقی نے حضرت انس وسوید بن عمرو سے مرفوعاً روایت کیا ہے: **بلو ارحامکم ولو بالسلام۔ای صلوھا وندوھا۔**

ان آل ابی:ای ابی فلان،ایک نسخہ صحیحہ میں اسی طرح ہے۔بعض کا کہنا ہے کہ یہ کنایہ راویوں میں سے کسی نے ذکر کیا ہے ،فتنہ کے خوف سے،اور "کنی عنہ" ابوسفیان بن حرب ہیں،اور بعض کا کہنا ہے کہ وہ حکم بن عاص ہے۔اور زیادہ واضح یہ ہے کہ یہ اپنے عموم پر ہے جو قریش،یا بنی ہاشم یا آپ کے چچاؤں کو شامل ہے۔حدیث کا ظاہر بھی یہی ہے۔**ای آل أبی۔**

لیسوالی باولیاء:تورپشتیؒ فرماتے ہیں اس سے آنحضرت ﷺ کی مراد اس بات کو واضح کرنا تھا کہ اپنے خاندان والوں کے ساتھ میری مالی امداد ومعاونت اور ان کو دینا دلانا اس سبب سے نہیں ہے کہ میں ان کو زیادہ محبوب رکھتا ہوں اور مجھ کو ان سے کچھ زیادہ روحانی وباطنی تعلق ہے بلکہ چونکہ وہ میرے قرابت ہیں اس لئے میں قرابت کا حق ادا کرنے کے لئے ان کی مالی امداد کرتا رہتا ہوں۔

یہ تو میرے دوست ہو ہی نہیں سکتے،چونکہ میرے ربّ کا فرمان ہے:﴿ان اولیائہ الا المتقون﴾[الانفال۔۳۴] اگلے جملہ میں اسی طرف اشارہ فرمایا ہے۔

قولہ:انما ولیی اللّٰہ وصالح المؤمنین: ورنہ جہاں تک باطنی وروحانی تعلق اور محبت کا سوال ہے تو مجھ کو زیادہ تعلق اور زیادہ محبت اس شخص سے ہے جو مؤمن صالح ہے خواہ وہ میرا قرابتی ہو یا غیر قرابتی چنانچہ میرا دوست خدا ہے یا نیک بخت مؤمنین ہیں۔نیک بخت سے(جنس صلحاء یعنی تمام نیک بخت وصالح مسلمان) مراد ہیں بعض کا کہنا ہے کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر فاروقؓ مراد ہیں۔بعض کا کہنا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ مراد ہیں۔بعض کا کہنا ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام مراد ہیں اور صحیح بات یہ ہے کہ اس میں عموم ہے۔

آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد گرامی اس آیت کریمہ سے مقتبس ہے:

﴿فان اللہ ھو مولاہ وجبریل وصالح المؤمنین﴾ [التحریم:٤] اور اسی طرح دوسری آیت کریمہ میں ہے:[ان ولی اللہ الذی انزل الکتاب وھو یتولی الصالحین] [الاعراف:١٩٦] اس میں بھی اس معنی کی طرف اشارہ ہے طبرانی کی ایک روایت میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے:

آل محمد کل تقی:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: ولكن لهم رحم ابلها:

وہ لوگ چونکہ میرے قرابتدار ہیں اس لئے میں ان کے ساتھ مدد وتعاون کرتا ہوں اور ان کو مال وغیرہ دیتا رہتا ہوں تا کہ وہ اپنی ضروریات پوری کر سکیں

دراصل تری اور نرمی چونکہ متفرق اجزاء اور اشیاء کو آپس میں جوڑنے اور ملانے کا ایک ذریعہ بنتی ہے اور اس کے برخلاف خشکی اور سختی اشیاء کے باہمی افتراق وانفصال کا سبب بنتی ہے اس لئے اہل عرب اپنے کلام میں بطور استعارہ لفظ "بل" یعنی تری اور نرمی کو صلہ رحم' ناتا جوڑنے کے معنی میں اور "یبس" یعنی خشکی کو ناتا توڑنے اور ترک تعلق کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

پانچ ناپسندیدہ اعمال

۴۹۱۵: وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ إِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوْقَ الْأُمَّهَاتِ وَوَأْدَ الْبَنَاتِ وَمَنْعَ وَهَاتِ وَكَرِهَ لَكُمْ قِيْلَ وَقَالَ وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ وَإِضَاعَةَ الْمَالِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ١٠/٤٠٥ الحديث رقم ٥٩٧٥ و مسلم في ٣/١٣٤١ الحديث رقم (١٢-٥٩٣)، والدارمي في ٢/٤٠١ الحديث رقم ٢٧٥١، واحمد في المسند ٤/٢٦٤۔

ترجمہ: حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے تم پر ① ماؤں کی نافرمانی ② بچیوں کا زندہ درگور کرنا ③ بخل ④ گداگری وغیرہ کو حرام فرمایا اور کثرت سوال اور بربادیٔ مال کو ناپسند فرمایا۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: "منع": نون کے سکون کے ساتھ ہے، نون کو مفتوح پڑھنے کی دو وجوہ ہوسکتی ہیں: ▣ مصدر ہے۔ ▣ فعل ماضی ہے الجامع الصغیر کی روایت میں "ومنعا" تنوین کے ساتھ ہے۔

"هات": تاء کے کسرہ کے ساتھ، اس میں دو احتمال ہیں:

▣ اسم فعل بمعنی امر، اعط ہے۔ ▣ بعض کا کہنا ہے کہ مصدر ہے، مضاف الیہ مرادی اعتبار سے محذوف ہے: ای کره منع ما عنده وقول هات۔

اس جملے کے متعدد مطلب بیان کئے گئے ہیں:

① ای کره منع ما عنده وقول هات.

② صاحب النہایہ اس کی شرح میں فرماتے ہیں: ای: حرّم عليكم منع ما عليكم عطاؤه و طلب ما ليس لكم أخذه.

③ نهى عن منع الواجب من امواله واقواله وافعاله واخلاقه من الحقوق اللازمة فيها. ونهى عن استدعاء ما لا يجب عليهم من الحقوق. وتكليفه اياهم بالقيام بمالا يجب عليهم، فكانه ينصف ولا ينتصف وهذا من اسمج الخلال.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: وكره لكم قيل وقال وكثرة السؤال واضاعة المال:

كره، راء کے کسرہ کے ساتھ (از باب سمع) ہے۔ ایک نسخہ میں راء کے فتحہ کے ساتھ (از باب تفعیل، صیغہ معروف از ماضی) ہے۔ صاحب قاموس فرماتے ہیں: كرهه كسمعه وكرهه اليه تكريها صيّره كريها اورلام "اجليه" ہے ای لأجلكم۔

قوله: قيل وقال: ان دولفظوں کی تحقیق میں علماء کے بہت سے اقوال ہیں:

① "قيل" فعل ماضی مجہول اور "قال" فعل ماضی معروف ہے۔

② ابوعبید کا کہنا ہے کہ اس کلام میں تجوز ہے بایں طور کہ قیل وقال دونوں کو مصدر بنا دیا ہے۔ گویا کہ یوں فرمایا گیا ہے: نهى عن قيل وقول۔ کہتے ہیں: قلت قولا وقالا وقيلا. یہ تاویں ان دونوں کے اسم ہونے کی بناء پر ہے۔

③ ایک شارح فرماتے ہیں دونوں مصدر ہیں، برائے تاکید لائے گئے ہیں اور تنوین کو حذف کر دیا چونکہ محذوف مضاف الیہ نیت میں ہے۔ ای لكم قيل وقال مالا فائدة فيه یا دونوں ماضی ہیں۔ اس میں اس بات پر تنبیہ فرمائی گئی ہے کہ لوگوں کی خبروں میں غور وخوض چھوڑ دوں ان کے احوال مت ٹٹولو اور ان کے اقوال وافعال (ایک دوسرے کے سامنے) بیان نہ کرو۔

④ دونوں اسم مصدر ہیں، بمعنی قول.

⑤ "كشميهني" کے نسخہ میں دونوں لفظ (یعنی قیل وقال) تنوین کے ساتھ ہیں۔

كره لكم قيل وقال: کا مطلب: اس جملے کے متعدد مطالب بیان کئے گئے ہیں:

فائق: میں لکھتے ہیں کہ ممانعت ان فضول باتوں سے تعلق رکھتی ہے جو اہل مجلس آپس میں کیا کرتے ہیں کہ یوں کہا گیا ہے اور اس اس طرح کہا ہے۔ ان دونوں افعال کی "بناء" فعل محکی پر ہے دونوں ضمیر کو متضمن ہیں اور اعراب کے اعتبار سے یہ جاری مجری اسم ہیں ضمیر سے خالی ہیں اور اسی سے یہ قول ہے: انما الدنيا قيل وقال۔ اور ان دونوں پر حرف تعریف کا داخل کرنا بھی اسی وجہ سے ہے اس قول میں: يعرف القال من القيل۔ النہایۃ میں لکھتے ہیں: اس نہی کا تعلق اس بات کے نقل کرنے سے ہے جو صحیح نہ ہو اور اس کی حقیقت معلوم نہ ہو۔ البتہ جو ایسی بات نقل کرے جو صحیح ہو اور اس کی حقیقت معروف ہو اور اس کا اسناد کسی ثقہ صادق کی طرف کرے تو ایسی صورت کی ممانعت اور مذمت کی کوئی وجہ نہیں۔ کہا گیا ہے کہ اس کلام سے مراد کثرت کلام کی ممانعت ہے خواہ کثرت کلام متکلم کے کلام میں ہو خواہ مجیب کے کلام میں ہو۔ بعض کا کہنا ہے کہ اس کلام کا عموم چغلی اور غیبت کی حرمت کو بھی شامل ہے چونکہ (کسی کا کلام آگے پہنچانا نقل کرنا قبیح خصلت ہے اور اس کے لئے کان لگانا نقش ترین کاموں میں سے ہے۔ امام سیوطیؒ فرماتے ہیں "قیل وقال سے مراد کثرتِ کلام ہے چونکہ اس کا نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ آدمی اپنے مقصد میں غلطی کر جاتا ہے۔ قيل: حكاية اقوال الناس، والبحث عنها ليخبر بها، ويقول: قال فلان كذا وقيل له كذا. والنهي اما للزجر عن الاستكثار منه، او لشيء مخصوص، وهو ان يكره المحكي عنه

قوله: كثرة السؤال:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کی متعدد صورتیں ہیں:

صاحب الفائق نے ایک صورت یہ ذکر فرمائی ہے دوسرے لوگوں کے احوال و معاملات کی بہت زیادہ پوچھا پاچھی اور تجسس معلومات کرنا۔ لوگوں سے ان کے اموال کا سوال کرنا۔ اپنے علم کی برتری کو ظاہر کرنے یا کسی کو امتحان و آزمائش میں مبتلا کرنے یا لاحاصل بحث و مناظرہ کی خاطر بہت زیادہ علمی سوالات کرنا بعض کا کہنا ہے کہ یہ ممانعت اس صورت میں ہے جب یہ سوال بلاضرورت ہوں اور یہ بھی ممکن ہے کہ مطلقاً ہو۔ چونکہ یہ چیز لایعنی تک پہنچا دیتی ہے۔ اس ممانعت کے مخاطب خاص طور پر صحابہؓ تھے آنحضرت ﷺ سے زیادہ سوالات نہ کیا کریں (اور نہ اِدھر اُدھر کے معاملات میں آپ ﷺ سے پوچھ پاچھ کیا کریں کیونکہ سوالات کی زیادتی و کثرت اور غیر ضروری پوچھا پاچھی کی وجہ سے نہ صرف یہ کہ آنحضرت ﷺ کی طبیعت کو ناگواری ہوتی ہے بلکہ پوچھنا احکام و مسائل میں شدت و سختی اور مزید پابندیوں کا سبب بھی بن سکتا ہے) جیسا کہ قرآن مجید میں فرمایا گیا ہے: ﴿لَا تَسْئَلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ .....﴾ [المائدۃ: ۱۰۱]

قولہ "اضاعۃ المال" یعنی مال کو ضائع کرنے سے مراد یہ ہے کہ مال اور روپے پیسے کو اسراف اور غیر اطاعت اللہ میں خرچ کیا جائے۔ (یعنی فضول خرچی میں بہایا جائے اور اس کو ایسی جگہ خرچ کیا جائے جس کا حق تعالیٰ کی اطاعت و خوشنودی سے کوئی تعلق نہ ہو جیسے کوئی شخص اپنا سارا مال اور روپیہ پیسہ یا اس کا کچھ حصہ کسی دوسرے شخص کو دے دے مگر اس کے وہ عزیز و اقارب اور متعلقین محروم رہیں جو نہ صرف اپنے تعلق کی وجہ سے بلکہ اپنے احتیاج و ضرورت کی بنا پر بھی اس کے مال اور روپیہ پیسہ پر اپنا حق رکھتے ہوں یا کوئی شخص اپنے مال و اسباب اور دولت کو پانی میں ڈال دے یا نذر آتش کر دے اور یا کسی ایسے فاسق کو دے دے جو اس کو گناہ و معصیت کے کاموں میں خرچ کرے۔)

امام طیبیؒ فرماتے ہیں یہ تقسیم حاصر اس کی تمام اقسام کو حاوی ہے۔

(اضاعۃ مال کے مذکورہ بالا مسئلہ کو زیادہ تفصیل کے ساتھ یوں سمجھا جا سکتا ہے کہ) اپنے مال و دولت اور روپیہ پیسہ کو جہاں خرچ کرنا واجب ہے جیسے نفقہ زکوٰۃ اور اس سے ملتے جلتے دیگر مصارف تو یہاں مال خرچ کرنے میں کوئی ضیاع نہیں ہے اور اسی طرح اگر اس میں مال خرچ مندوب ہے۔ (تو وہاں پر خرچ کرنے میں کوئی ضیاع نہیں ہے۔) (اور جہاں مال خرچ کرنا) حرام یا مکروہ ہے وہاں اپنے مال اور روپیہ پیسہ کو صرف کرنا بلاشبہ اسراف اور ضائع کرنا کہلائے گا یہ دونوں صورتیں بالکل واضح ہیں اس میں کسی شک و شبہ کی گنجائش نہیں یا وہاں خرچ کرنا مباح ہے۔ اشکال صرف اسی قسم میں ہے۔ چونکہ بہت سے امور ایسے ہوتے ہیں جن کو لوگ مباحات میں شمار کرتے ہیں اور ان کی تحقیق کی جائے تو معاملہ ایسا نہیں ہے۔

(یعنی اشتباہ اس جگہ ہے جہاں خرچ کرنا بظاہر تو مباح معلوم ہوتا ہو لیکن اگر اچھی طرح غور و فکر کیا جائے تو اس خرچ کے نتیجہ سے برائیاں اور ظاہری باطنی خرابیاں نکلیں) مثلاً بلاضرورت دور دراز کے علاقوں میں مکانات بنانا مکانات میں بے ضرورت تعمیر و ترمیم کر کے ان کو وسیع و عریض بنانا ان کی ناروا آرائش اور زیبائش کی خاطر مال خرچ کرنا جہاں نفقہ میں ضرورت سے زائد خرچ کرنا مزہ و لذت حاصل کرنے کے لئے اچھے اچھے کھانے کھانا نرم و ملائم پوشاک میں توسع کرنا۔ اور آپ یہ بات جانتے ہی ہیں کہ یہ چیزیں قساوت قلبی پیدا کرتی ہیں۔ اور اپنی شان و شوکت کو ظاہر کرنے کے لئے اونچے درجہ کی طرز معاشرت اختیار کرنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسی طرح برتن باسنوں ہتھیاروں اور استعمال میں آنے والی دوسری چیزوں کو سونے جواہرات اور دیگر قیمتی اشیاء سے مزین کرنا' خرید وفروخت کے معاملات میں اس طرح لاپرواہی برتنا کہ نہ تو مال کے ڈوبنے کا خوف ہو جیسے ادھار لین دین کی مدت کو ضرورت سے زائد بڑھانے اور نہ اپنے روپے پیسے کی حفاظت کا لحاظ ہو جیسے ایسی تجارت یا معاملہ میں اپنا روپیہ لگانا جس میں نقصان کا یقین ہو یا کسی چیز کو خواہ مخواہ بلاضرورت گراں قیمت پر خریدنا یہ حدیث حسن خلق کی معرفت کے لئے اصل ہے اور حسن خلق' تمام اخلاق حمیدہ اور خصال جمیلہ کا منبع ہے۔

یہ حدیث "جوامع الکلم" اور "بدائع الحکم" میں سے ہے۔ علاوہ ازیں بلاتکلف سجع کے جواز پر دال ہے۔

اپنے والدین کو گالی دینا کبیرہ گناہ ہے

۴۹۱۶: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْكَبَائِرِ شَتْمُ الرَّجُلِ وَالِدَيْهِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهَلْ يَشْتِمُ الرَّجُلُ وَالِدَيْهِ قَالَ نَعَمْ يَسُبُّ اَبَالرَّجُلِ فَيَسُبُّ اَبَاهُ وَيَسُبُّ اُمَّهٗ فَيَسُبُّ اُمَّهٗ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۴۰۳/۱۰ الحدیث رقم ۵۹۷۳ و مسلم فی ۹۲/۱ الحدیث رقم (۱۴۶-۹۰) و ابوداؤد فی السنن ۳۵۲/۵ الحدیث رقم ۵۱۴۱، والترمذی فی السنن ۲۷۶/۴ الحدیث رقم ۱۹۰۲، واحمد فی المسند ۱۶۴/۲۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی شخص کا اپنے والدین کو گالی دینا کبیرہ گناہ ہے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کوئی شخص اپنے ماں باپ کو بھی گالی دیتا ہے فرمایا ہاں! یہ کسی کے باپ کو گالی دے گا تو وہ اس کے باپ کو گالی دے گا اور یہ کسی کی ماں کو گالی دے گا تو وہ اس کی ماں کو گالی دے گا۔ (بخاری)

تشریح: یشتم: عین کلمہ پر کسرہ اور ضمہ دونوں طرح جائز ہے۔ چنانچہ صاحب قاموس فرماتے ہیں: تشتمه یشتمه سبّه' اور کبھی "سب" اور "شتم" میں فرق بھی کیا جاتا ہے۔ "سب" اعم ہے۔ لعنت کو بھی شامل ہے' بخلاف "شتم" کے۔ صاحب قاموس "سبّ" کے بارے میں لکھتے ہیں: سبه قطعه وطعنه فی السبّة ای: الأست وشتمه، والسبة بالضم العار.

کیا "شتم" کبائر میں سے ہے؟ اس میں علماء کا اختلاف ہے۔ اس مسئلہ کو تفصیل کے ساتھ جانئے۔

- اپنے ماں باپ کو گالی دینا اور ان کو برا بھلا کہنا گناہ کبیرہ ہے۔
- جو شخص اپنے ماں باپ کو ایسی گالی دلوانے کا سبب بنا کہ جو گالی موجب حد ہے، تو یہ بھی گناہ کبیرہ ہے۔ مثلاً ایک شخص دوسرے شخص کو کہتا ہے کہ تیرا باپ زانی ہے، یا کافر ہے۔ وغیرہ۔ دوسرا شخص پہلے شخص کو کہتا ہے کہ بلکہ تیرا باپ زانی ہے، یا کافر ہے، وغیرہ۔ تو یہ گناہ کبیرہ ہے۔
- جو شخص اپنے ماں باپ کو صرف برا بھلا کہلوانے کا سبب بنا مثلاً ایک شخص دوسرے شخص کو کہتا ہے، کہ تیرا باپ احمق ہے، یا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جاہل ہے وغیرہ تو یہ گناہ کبیرہ نہ ہوگا۔

میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں چونکہ بعض صورتیں گناہ کبیرہ کی ہیں، لہٰذا شتم کو کبائر میں شمار کرنا درست ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: مطلقاً کبائر میں شمار کرنا بھی درست ہے، چونکہ سب، وشتم کا سبب بننا بھی سب وشتم ہے۔ چنانچہ دوسرے شخص کے ماں باپ کو بُرا بھلا کہنا یوں ہی ہے، گویا اپنے ماں باپ کو بُرا بھلا کہنا۔ اور اپنے ماں باپ کو بُرا بھلا کہنا یہ کبائر میں سے ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ولا تقل لهما اف ولا تنهرهما﴾ [الاسراء ۔ ۲۳] ایک اور جگہ فرمایا: ﴿ولا تسبوا الذين يدعون من دون الله يسوا الله عدوا بغير علم﴾ [الانعام ۔ ۱۰۸] کیونکہ اگر وہ اس شخص کے ماں باپ کو گالی نہ دیتا تو وہ شخص بھی اس کے ماں باپ کو گالی نہ دیتا۔ لہٰذا جب وہ اپنے ماں باپ کو گالی دینے کا باعث بنا گویا اس نے خود گالی دی اور ماں باپ کو گالی دینا حرام ہے۔)۔

گر مادر خویش دوست داری ☆ دشنام مدہ بمادر من

مذکورہ بالا حدیث سے یہ مسئلہ بھی نکلا کہ اگر کوئی شخص کسی فسق ومعصیت کا سبب وذریعہ بنے گا تو اس کا شمار بھی اس فسق و معصیت کے مرتکب کی حیثیت سے ہوگا اور درجہ کا گنہگار بھی ہوگا۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: ''سب'' کو کبیرہ کہنا صحیح نہیں خصوصاً جب کہ بلا قصد ہو، مثلاً کوئی شخص کسی خارجی یا رافضی کو سب وشتم کرتا ہے، جواب میں وہ خارجی یا رافضی کسی صحابی کو سب وشتم کرتا ہے، تو پہلا شخص ''سابّ'' شمار نہیں ہوتا، اسی طرح کسی کافر کو سب وشتم کیا، وہ کافر اللہ کو سب وشتم کرتا ہے، تو پہلا شخص کافر نہیں ہوگا۔ ہاں ''مفضی الی الحرام'' حرام ہوتا ہے، لیکن بشرط قصد وعلم۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں: اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حرام وسائل وذرائع کو قطع کرنا چاہئے، نیز یہ معلوم ہوا کہ شراب بنانے والے کے ہاتھ انگور کا شیرہ، اور ڈاکوؤں وغیرہ کے ہاتھ، اسلحہ فروخت کرنا بھی ممنوع ہے۔ وغیرہ وغیرہ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ مذکورہ احکام اس آیت قرآنی سے مستنبط ہوتے ہیں: ﴿وتعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الاثم العدوان﴾ [المائدہ ۔ ۲]

حضرت ابو ہریرہ سے مرفوعاً مروی ہے:

''من الكبائر استطالة الرجل فى عرض رجل مسلم ومن الكبائر البهتان بالسة''. اس حدیث کو ابن ابی الدنیا نے ''غضب کی مذمت'' میں روایت کیا ہے۔

بہترین نیکی باپ کے دوستوں سے حسن سلوک

۴۹۱۷۔ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَبَرِّ الْبِرِّ صِلَةَ الرَّجُلِ اَهْلَ وُدِّ اَبِيْهِ بَعْدَ اَنْ يُّوَلِّيَ۔ (رواہ مسلم)

اخرجه مسلم فى صحيحه ۱۹۷۹/٤ الحديث رقم (۱۳-۲۵۵) و ابوداؤد فى السنن ۳۵۳/۰ الحديث رقم ۵۱۴۳، والترمذى فى ٤ ۲۷٦ الحديث رقم ۱۹۰۳، واحمد فى المسند ۸۸/۲۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین نیکی یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے باپ کے غائب ہونے کے بعد اس کے دوستوں سے حسن سلوک کرے۔ (مسلم)

تشریح: "ود": واؤ کے ضمہ کے ساتھ ہے' بمعنی محبت ومودّت۔ صاحب قاموس کے بیان کے مطابق اس پر تینوں حرکات پڑھنا درست ہیں۔ چنانچہ وہ لکھتے ہیں: الود الحب والمحب ویثلث اھ۔ دوسرے معنی مراد لینا زیادہ بلیغ ہیں۔ **کمالا یخفی۔ بعد أن یولی**: لام مکسورۃ مشدہ کے ساتھ' یعنی ان کے سفر پر چلے جانے کے بعد یا ان کی وفات کے بعد۔ ثانی زیادہ واضح ہے' چونکہ یہ ریاء وناموری سے بعید تر ہے' چنانچہ اس میں اخلاص زیادہ ہوگا۔

چنانچہ اس کا اجر وثواب بھی بہت زیادہ ہوگا۔ اور اس لئے بھی کہ ایک حدیث میں آتا ہے جس کو ابو یعلی نے اپنی مسند میں اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے:

من أحب ان یصل اباہ فی قبرہ فلیصل اخوان ابیہ من بعدہ۔ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس کلمہ میں لوگوں کو خبط ہوا ہے' اور میں جو بات جانتا ہوں وہ یہ ہے کہ فعل کی اسناد "ابیہ" کی طرف ہے۔ مطلب یہ ہے: **أن یغیب أبوہ أویموت**"۔ "یولی" ولی یولی سے ماخوذ ہے۔ اس کی تائید ابواسید ساعدی کی روایت سے ہوتی ہے جو آگے آرہی ہے:

"**انفاذ عھد ھما من بعد ھما' وصلۃ الرحم التی لاتوصل الابھما واکرام صدیقھما**۔" (ملاحظہ فرمائیے حدیث: ۴۹۳۶) امام طیبی فرماتے ہیں "جامع الاصول" اور "مشارق الانوار" میں بھی اسی طرح صحیح قرار دیا گیا ہے (۔یعنی) "أن یولی" یاء کے ضمہ' واؤ کے فتحہ اور لام مکسورہ مشددہ کے ساتھ' میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں خبط ضبط کے قبیل سے آیا ہے کہ "یولی" التولی سے مجہول کا صیغہ ہے یا معروف کا' یا خبط اسنادی حیثیت سے ہے کہ اس کا اسناد "أھل ودابیہ" کی طرف گیا ہے۔ واللہ أعلم۔ چنانچہ مطلب یہ ہوگا کہ نیکی کے کاموں میں سے ایک نیکی اپنے باپ کے احباء کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنا ہے۔ چونکہ آباء کی مودت ابناء کی قرابت ہے۔ اور اس کا خلاصہ یہ ہے کہ جب باپ غائب ہو' یا مرجائے تو ان کے ساتھ محبت کا رشتہ رکھنے والے لوگوں کے ساتھ حسن سلوک کا خیال رکھا جائے۔ چونکہ یہ والد کے ساتھ احسان کا تتمہ ہے۔ اور اس کو سب سے اعلیٰ نیکیوں میں سے ایک اعلیٰ نیکی قرار دیا کیونکہ جب اولاد باپ کی عدم موجودگی میں ان کے احباء کا خیال رکھے گی تو باپ کی موجودگی میں تو بطریق اولیٰ رکھے گی۔ اور جب وہ اپنے والد کے احباء کی رعایت رکھ رہا ہے تو اپنے اہل قرابت ذی رحم رشتے داروں کی رعایت بطریق اولیٰ ہوگی۔

صلہ رحمی سے رزق میں کشادگی

۴۹۱۸: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَبَّ اَنْ يُبْسَطَ لَهُ فِيْ رِزْقِهِ وَيُنْسَاَلَهُ فِيْ اَثَرِهٖ فَلْيَصِلْ رَحِمَهُ۔ (متفق علیہ)

اخرجہ البخاری فی صحیحہ ۱۰/۴۱۵ الحدیث رقم ۵۹۸۶ و مسلم فی ۴/۱۹۸۲ الحدیث رقم (۲۱-۲۵۵۷) و ابوداؤد فی السنن ۲/۳۲۱ الحدیث رقم ۱۶۹۳۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے رزق میں کشادگی اور موت میں تاخیر کا طلبگار ہو وہ صلہ رحمی کرے۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: **یبسط:** مضارع مجہول کے صیغہ کے ساتھ ہے۔

ینسأ: پہلے ضمہ' پھر سکون پھر فتحہ اور پھر ہمزہ پر فتحہ' جو علامت نصب ہے۔ یہ بھی مضارع مجہول کا صیغہ ہے۔ صاحب "النہایۃ" فرماتے ہیں: "نسأ" کے معنیٰ "تاخیر" کے ہیں۔ کہا جاتا ہے: نسات الشیء أنسا وانسأته انساء اذا أخرته. اور "نسأ" اسم ہے۔

اس کی وجہ تسمیہ بھی یہی ہے کہ یہ عمر کے تابع ہوتا ہے۔

جیسے کہتے ہیں:

یسعی الفتی لأمور لیس یدرکها
والنفس واحدة والهم منتشر
والمرء ما عاش ممدود له أمل
لا ینتهی العمر حتی ینتهی الأثر

یہ اصل میں "أثر مشیه فی الارض" سے ماخوذ ہے۔ چونکہ جو شخص مرجاتا ہے، اس کا کوئی نشان باقی نہیں رہتا اور نہ زمین پر اس کا نقش پا دکھائی نہیں دیتا۔

تعارض:

امام نوویؒ فرماتے ہیں: اس مقام پر ایک مشہور سوال ہے اور یہ سوال و جواب تفصیلاً اگلی حدیث میں درج ہوں گے۔

تخریج: اس حدیث کو ابوداؤدؒ اور نسائیؒ نے حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے۔ اور احمدؒ اور بخاریؒ نے حضرت ابوہریرہؓ سے نقل کیا ہے۔

قاطع رحم اللہ تعالیٰ سے توڑنے والا ہے

۴۹۱۹: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْهُ قَامَتِ الرَّحِمُ فَاَخَذَتْ بِحَقْوَیِ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ مَهْ قَالَتْ هٰذَا مَقَامُ الْعَائِذِبِكَ مِنَ الْقَطِیْعَةِ قَالَ اَلَا تَرْضَیْنَ اَنْ اَصِلَ مَنْ وَصَلَكِ وَاَقْطَعَ مَنْ قَطَعَكِ قَالَتْ بَلٰی یَارَبِّ قَالَ فَذَاكَ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۴۱۷ الحدیث رقم ۵۹۸۷ ومسلم فی ۴/۱۹۸۰ الحدیث رقم (۱۶-۲۵۵۴)، واحمد فی المسند ۱/۱۹۱۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا فرمایا اور تخلیق سے فارغ ہوا تو رحم رحمان کا دامن کرم پکڑ کر کھڑا ہو گیا اللہ تعالیٰ نے فرمایا کیا چاہتا ہے؟ عرض کیا یہ وہ موقعہ ہے کہ جہاں قطع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رحمی سے پناہ طلب کی جاتی ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کیا تو اس پر خوش نہیں کہ جو تجھ سے جوڑے گا میں اس سے جوڑوں گا اور جو تجھ سے قطع کرے میں بھی اس سے توڑ دوں گا۔ عرض کیا یا اللہ! میں اس پر راضی ہوں۔ فرمایا ایسا ہی ہوگا۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: قوله: قامت الرحم فأخذت بحقوى الرحمن:

حقوی: حاء کے فتحہ اور قاف کے سکون کے ساتھ۔ لغت میں اس کے کئی معنی آئے ہیں۔ کوکھ ازار: وہ جگہ جہاں ازار باندھتے ہیں۔

مه: یہ میم کے فتحہ اور ہاء کے سکون کے ساتھ اسم فعل ہے، بمعنی اكففني یعنی یہ التجاء نہ کر تیری حاجت پوری کر دی گئی ہے

زیادہ واضح یہ ہے کہ اصل میں ''ما'' (استفہامیہ) تھا۔ الف کو حذف کر کے ہائے سکتہ کو لایا گیا۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا: ما يقول؟ یعنی اظہار حاجت کا حکم ہے لیکن یہ حکم برائے استعلام نہیں ہے چونکہ اللہ تعالیٰ ہر سری مخفی بات کو جانتا ہے۔

ترضين: ضاد معجمہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ ای الا تحبين۔

قوله: فذاك: ''ذاك'' مبتدا ہے اس کی خبر محذوف ہے ای لك: أفعل ما قلت. من الوصل والقطع.

من القطيعة: سب استعاذہ کا بیان ہے۔

قامت الرحم: رحم یعنی رشتہ وناتہ کوئی ذات وجسم تو ہے نہیں کہ وہ اپنے پیروں پر کھڑا ہو اور حق تعالیٰ سے پناہ کا طلبگار ہو بلکہ حقیقت میں وہ ایک معنی ہے لہٰذا اس کے لئے کھڑے ہونے اور پناہ چاہنے کے الفاظ استعمال کرنا بطور تشبیہ وتمثیل ہی ہو سکتا ہے جس سے اس بات کو واضح کرنا مراد ہے کہ رحم گویا ایک ہستی یا ایک ایسے شخص کی طرح ہے جو کھڑا ہو اور حق تعالیٰ کی عزت و عظمت اور اس کی کبریائی کا دامن پکڑ کر پناہ کا طلبگار ہو۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ کسی صورت میں کھڑا ہوا ہو۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: کہ رحم جس کو جوڑا جاتا ہے یا کاٹا جاتا ہے کوئی ذات یا جسم نہیں ہے بلکہ معانی میں سے ایک معنی ہے جو (کسی ذات جسم کی طرح) نہ کھڑا ہو سکتا ہے اور نہ کلام کر سکتا ہے لہٰذا اس کے بارے میں مذکورہ ارشاد کی مراد دراصل ''رحم'' کی اہمیت کو ظاہر کرنا' ناتے کو جوڑنے والے کی فضیلت کو بیان کرنا اور ناتے کو توڑنے والے کی مذمت کرنا ہے کیونکہ ناتے کو جوڑنا فی الجملہ واجب ہے اور اس کو توڑنا گناہ کبیرہ ہے۔ صلہ رحم کے کئی درجات ہیں جن میں سے بعض کو بعض پر فوقیت حاصل ہے اور سب سے ادنیٰ درجہ ترک مہاجرت ہے کیونکہ صلہ رحم کا ایک ذریعہ کلام بھی ہے اگرچہ وہ محض سلام کی حد تک ہو۔

صلہ رحمی کے ان درجات کے درمیان تفاوت واختلاف ضرورت وقدرت کے مختلف ہونے پر ہے چنانچہ بعض صورتیں ایسی ہوتی ہیں جن میں رشتہ داری کے تعلق کی رعایت اور صلہ رحمی واجب ہوتی ہے اور بعض صورتوں میں مستحب ہے۔ لہٰذا اگر کسی شخص نے ناتا جوڑنے کے حق کو جزوی طور پر ادا کیا اور اس کو پورا طور پر ادا نہیں کر سکا تو اس کو ناتا توڑنے والا نہیں کہیں گے۔ لیکن اگر کسی شخص نے رشتہ دار کے حقوق میں سے کسی ایسے حق کو پورا کرنے میں کوتاہی کی جس کو پورا کرنے پر قادر تھا نیز اس حق کو پورا کرنا اس کے لئے مناسب بھی تھا تو اس شخص کو ناتا جوڑنے والا نہیں کہا جائے گا۔

قوله: فأخذت بحقوى الرحمن: اسماء وصفات میں سے لفظ ''الرحمٰن'' کو ذکر کرنے کی وجہ بالکل عیاں ہے کہ معنی و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مبنی ہر دو میں مناسبت ہے۔

"حقوہ" کو بصیغۂ تثنیہ لانے کی وجہ:

چونکہ ازار کو باندھنے کی صورت یہ ہوتی ہے کہ اس کے دونوں کناروں کو ملا کر باندھا جاتا ہے اس اعتبار سے یہاں اس لفظ کا تثنیہ استعمال کرتے ہوئے "بحقوی الرحمن" فرمایا گیا یعنی وہ جگہ جہاں ازار کے دونوں کنارے باندھے جاتے ہیں۔ یہ بات تو بالکل واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ "حقو" جیسی چیزوں سے پاک ومنزہ ہے اس لئے یہ بات ملحوظ رہنی چاہئے کہ یہ جملہ اپنے حقیقی معنی پر محمول نہیں ہے اس کے لئے اس کے کئی معانی بیان کئے گئے ہیں: ﴿یہاں مضاف محذوف ہے اور اصل میں یوں ہے: بحقوی عرش الرحمٰن ۔یعنی رحم۔ رحمٰن کے عرش کے دونوں جانب کو پکڑے ہوئے ہے یا اس کے ذیل کے اطراف کو پکڑے ہوئے ایک جانب سے دوسری جانب آتا جاتا ہے جیسا کہ اس پر حضرت عائشہؓ کی اگلی حدیث دلالت کر رہی ہے: الرحم معلقة بالعرش ۔اس کی وضاحت یہ ہے کہ مستجیر کی شان یہ ہوتی ہے کہ وہ "مستجار به" کے "حقوین" کو مضبوطی سے تھام لیتا ہے یعنی اس کی دائیں اور بائیں جانب کو۔ کوکھ سے پکڑنا استعارہ ہے" کسی شیئی سے پناہ آنا" سے عرب کہتے ہیں: عذت بحقوفلان ای استجرت واعتصمت به چنانچہ رشتہ ناتے کو اپنے کاٹے جانے سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگنے کے مفہوم کو بطور استعارہ مذکورہ عبارت کے ذریعہ بیان کیا گیا ورنہ لغوی طور پر یہاں نہ تو حقو کے حقیقی معنی مفہوم ہیں اور نہ اس کو پکڑنے کا وہی مفہوم ہے جو کسی انسان کو پکڑنے کا ہوتا ہے)

حاصل یہ ہے کہ "رحم" بزبان حال یا بزبان قال پناہ طلب کرتا ہے التجاء کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی عزت وعظمت کے واسطہ سے اس بات سے پناہ مانگتا ہے کہ کوئی اس کو قطع کرے۔

لفظ رحم رحمان سے مشتق ہے

۴۹۲۰: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّحِم شُجْنَةٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ اللّٰهُ مَنْ وَصَلَكِ وَصَلْتُهُ وَمَنْ قَطَعَكِ قَطَعْتُهُ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۰/۴۱۷ الحديث رقم ۵۹۸۸، والترمذی فی ۴/۲۸۵ الحديث رقم ۱۹۲۴، واحمد فی المسند ۲/۱۶۰۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کہ لفظ رحم رحمان سے بنا ہوا ہے پس اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: جس نے رحم کو جوڑا میں اس کو جوڑوں گا اور جس نے اس کو توڑا میں اس سے توڑوں گا۔ (بخاری)

تشریح: الشجنہ: شین معجمہ کے کسرہ وضمہ، جیم کے سکون اور نون کے ساتھ ہے۔ اور قاموس میں ہے کہ شین معجمہ مثلث الحرکات ہے۔ صاحب النہایہ وغیرہ نے شین کے ضمہ اور کسرہ کے ساتھ نقل کیا ہے۔ شجنہ اصل میں گھنی بُنی، الجھی ہوئی شاخ کو کہتے ہیں، اور یہاں مراد یہ ہے کہ لفظ "رحم" رحمٰن سے مشتق ہے، بایں طور کہ لفظ رحم کے سارے حروف لفظ رحمٰن میں موجود ہیں۔ گویا کہ رحم کا رحمٰن سے ایسا تعلق ہے، جیسا کہ شاخوں کا تعلق درخت سے ہوتا ہے۔ لہٰذا رحم اور رحمٰن کو ایک دوسرے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے جدا نہیں کیا جا سکتا جیسا کہ کسی درخت کی ٹہنیوں کو اس کی جڑ سے الگ نہیں کیا جا سکتا اس طور پر حدیث کے معنی یہ ہوں گے کہ رحم یعنی ناتا دراصل اللہ تعالیٰ کی رحمت کے آثار میں سے ایک اثر ہے اور اس کے ساتھ مربوط ہے لہٰذا صلہ رحم کے حقوق کو اپنے سے منقطع کرنے والا اپنے آپ کو رحمت خداوندی سے منقطع کرنے والا ہے اور ناتے کو جوڑنے والا اللہ تعالیٰ کی رحمت کے ساتھ اپنے کو جوڑنے والا ہے جیسا کہ خود حدیث میں فرمایا گیا ہے۔

تخریج: وکذا ابو داود ولکن عن عائشہ۔

رحم عرش سے معلق ہے

۴۹۲۱: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّحِمُ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ تَقُوْلُ مَنْ وَصَلَنِيْ وَصَلَهُ اللّٰهُ وَمَنْ قَطَعَنِيْ قَطَعَهُ اللّٰهُ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ٤١٧/١٠ الحدیث رقم ٥٩٨٩ و مسلم فی ١٩٨١/٤ الحدیث رقم (١٧-٢٥٥٥)، واحمد فی المسند ٦٢/٦۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ رحم عرش کے ساتھ معلق ہے اور یہ کہہ رہا ہے جو شخص مجھ سے جوڑے گا اللہ تعالیٰ اس سے جوڑے گا اور جو شخص مجھ سے قطع تعلق کرے گا اللہ تعالیٰ اس سے تعلق توڑ دے گا۔

(بخاری، مسلم)

تشریح: قولہ: الرحم معلقة بالعرش تقول:

پہلا مطلب. وہ عرش رحمٰن کا پایہ پکڑے ہوئے اپنے توڑے جانے سے بارگاہ کبریا کی پناہ کا طلبگار ہے اور اس نے اپنے حق میں اللہ تعالیٰ سے جو کچھ سنا ہے اس کے مطابق خبردار کر رہا ہے کہ اگر مجھ کو جوڑو گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی رحمت کے ساتھ منسلک کرے گا اور اگر تم مجھ کو توڑو گے تو اللہ تعالیٰ تمہیں اپنی رحمت سے دور کر دے گا۔

دوسرا مطلب: ناتا یہ جو کچھ کہتا ہے وہ دعا کے طور پر ہے یعنی وہ عرش الٰہی کا پایہ تھامے ہوئے دعا کر رہا ہے کہ الٰہی جو شخص مجھ کو جوڑے اس کو تو اپنی رحمت کے ساتھ جوڑ دے اور جو شخص مجھ کو منقطع کرے اس کو تو اپنی رحمت سے منقطع کر دے۔ پس وصل کنایہ ہے "اقبال" "وقبول" سے۔ اور قطع کنایہ ہے "غضب" و "اعراض" سے۔

تخریج: الجامع میں اس روایت کو امام مسلمؒ کی طرف منسوب کیا ہے۔ واللہ اعلم

قاطع رحم جنتی نہیں

۴۹۲۲: وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ٤١٥/١٠ الحدیث رقم ٥٩٨٤ و مسلم فی ١٩٨١/٤ الحدیث رقم (١٨٠-٢٥٥٦) و ابوداؤد فی السنن ٣٢٣/٢ الحدیث رقم ١٦٩٦، والترمذی فی ٢٧٩/٤ الحدیث رقم ١٩٠٩،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واحمد فی المسند ٤/ ٨٠۔

ترجمہ: حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قطع رحم کرنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: قاطع: یہاں لفظ ''قاطع'' کی مراد میں دو احتمال ہیں:

۱ قاطع رحم ۲ قاطع طریق۔

اس روایت کا اس باب میں آنا پہلے معنی کی تائید کرتا ہے۔ اور قطع نظر باب کے دونوں معنی کو شامل ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: اس کے نظائر ماقبل میں گذرتے ہیں۔ اس جیسی روایات میں تاویل کی جاتی ہے، لہٰذا عدم دخول کا مطلب یہ ہوگا جو شخص بغیر کسی سبب عذر اور بغیر کسی شبہہ کے، قطع رحمی کو حلال جانے اور اس کو قطع رحمی کی حرمت کا علم بھی ہو تو وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ ایسا شخص سابقین کے ساتھ جنت میں داخل نہیں ہو سکے گا۔ ایک تیسرا مطلب یہ ہے کہ عذاب سے نجات یافتہ لوگوں کے ساتھ جنت میں داخل نہیں ہو سکے گا۔

تخریج: ورواہ أحمد وأبو داو دوالترمذی۔

صلہ رحمی تو قاطع سے جوڑنا ہے

۴۹۲۳: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْوَاصِلُ بِالْمُكَافِئِ وَلٰكِنِ الْوَاصِلُ الَّذِيْ اِذَا قُطِعَتْ رَحِمُهٗ وَصَلَهَا۔ (رواہ البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ١٠/ ٤٢٣ الحدیث رقم ٥٩٩١، و ابو داوٗد فی السنن ٢/ ٣٢٣ الحدیث رقم ١٦٩٧، والترمذی فی السنن ٤/ ٢٧٩ الحدیث رقم ١٩٠٨، واحمد فی المسند ٢/ ١٦٠۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رشتہ جوڑنے والا وہ نہیں جو بدلہ چکائے بلکہ جوڑنے والا وہ ہے کہ جب اس سے رشتہ توڑا جائے تو وہ اسے جوڑ دے۔ (بخاری)

تشریح: قولہ: عن ابن عمرو: واوٗ کے ساتھ ہے۔ اور ایک نسخہ میں بغیر واوٗ کے ہے۔ صحیح بات یہ ہے کہ اس حدیث کے روای عبداللہ بن عمرو بن العاص ہیں نہ کہ ابن عمر۔ (میرکؒ) اس کی تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے، کہ امام سیوطیؒ نے الجامع الصغیر میں اس حدیث کو ابن عمرو سے روایت کیا ہے۔

قولہ: لیس الواصل بالمکافئ

''واصل'' سے یہاں ''واصل الرحم'' مراد ہے۔

ولکن: نون مشدد اور لام مفتوح ہے، اور بعض نسخوں میں تخفیف کے ساتھ ہے۔ اور التقائے ساکنین کی وجہ سے نون پر کسرہ، اور مابعد کو مرفوع پڑھا گیا ہے۔ اور امام طیبیؒ فرماتے ہیں روایت میں ''لٰکن'' تشدید کے ساتھ ہے اگرچہ تخفیف بھی جائز ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''قطعت رحمه'': نائب فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔ چنانچہ الجامع کی روایت میں'' اذا انقطعت رحمه'' کے الفاظ آئے ہیں جس سے اس ضبط کی تائید ہوتی ہے۔ البتہ ایک نسخہ میں'' قطعت رحمه''، میں'' قطعت ''صیغہ خطاب کے ساتھ اور ''رحمه'' منصوب علی المفعولیت ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں ''الواصل''کا الف لام''جنس'' کا ہے۔ ای لیس حقیقة الواصل،یعنی بدلے کے طور پر نیک سلوک کرنے والا شخص حقیقی معنی میں صلہ رحمی کرنے والا نہیں ہے۔ حقیقی معنی میں صلہ رحمی کرنے والا وہ ہے کہ جس کی بنیاد بدلہ چکانے پر نہ ہو، بلکہ محض حق شناسی اور حق کی ادائیگی کے احساس پر ہو، خواہ اس کا حق کسی نے اداء کیا ہو یا نہ کیا ہو۔ اس کی نظیر آپ کا یہ قول ہے: هوليس بالرجل بل الرجل من يصد رمنه المكارم والفضائل مطلب یہ ہے کہ مردوہ ہے جس سے مکارم وفضائل کا صدور ہو۔

یہ حدیث مکارم اخلاق کی ترغیبات کے سلسلہ کی ایک بہت واضح ترغیب ہے۔ بخاری شریف میں حضرت علیؓ سے مروی ایک حدیث میں ہے: صل من قطعك واحسن الى من اساء اليك، وقل الحق ولو على نفسك قرآن کریم کی یہ آیات بھی مکارم اخلاق کا درس دے رہی ہیں: ﴿ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ﴾ [فصلت۔۳۴] ﴿وَلَا تَسْتَوِی الْحَسَنَةُ وَلَا السَّیِّئَةُ ؕ اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ﴾ [فصلت ۔۳۴] ﴿وَمَا یُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا یُلَقّٰىهَاۤ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِیْمٍ﴾ [فصلت۔۳۵]

''اور بھلائی اور برائی برابر نہیں ہوسکتی تو (سخت کلامی کا) ایسے طریق سے جواب دو جو بہت اچھا ہو (ایسا کرنے سے تم دیکھو گے) کہ جس میں اور تم میں دشمنی تھی گویا وہ تمہارا گرم جوش دوست ہے اور یہ بات انہیں لوگوں کو حاصل ہوتی ہے جو برداشت کرنے والے ہیں اور ان ہی کو نصیب ہوتی ہے جو بڑے صاحب نصیب ہیں۔'' (فصلت:۳۴و۳۵)

تخریج: اس حدیث کو امام احمدؒ، ابوداؤدؒ، ترمذیؒ اور ابن حبان رحمہم اللہ نے بھی اسی طرح روایت کیا ہے۔

درگزر کرنے والے کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد ہے

۴۹۲۴: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَجُلاً قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِیْ قَرَابَةً اَصِلُهُمْ وَیَقْطَعُوْنِیْ وَاُحْسِنُ اِلَیْهِمْ وَیُسِیْؤُنَ اِلَیَّ وَاَحْلُمُ عَنْهُمْ وَیَجْهَلُوْنَ عَلَیَّ فَقَالَ لَئِنْ كُنْتَ كَمَاقُلْتَ فَكَاَنَّمَا تُسِفُّهُمُ الْمَلَّ وَلَا یَزَالُ مَعَكَ مِنَ اللّٰهِ ظَهِیْرٌ عَلَیْهِمْ مَادُمْتَ عَلٰى ذَالِكَ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱۹۸۲/٤ الحدیث رقم (۲۲-۲۵۵۸) واحمد فی المسند ۳۰۰/۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے کچھ قرابت دار ایسے ہیں کہ میں ان کے ساتھ نیک سلوک کرتا ہوں اور وہ میرے ساتھ برا برتاؤ کرتے ہیں میں ان سے درگزر کا معاملہ کرتا ہوں اور وہ جہالت کا ارتکاب کرتے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر بات اسی طرح ہے جیسا کہ تم نے کہی تو گویا تو ان کو خاک پھنکاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کی مدد ہمیشہ تیرے شامل حال ہے۔ جب کہ تو اسی خصلت پر قائم رہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گا۔(مسلم)

تشریح: قوله: ان لی قرابة اصلهم و یقطعو نی :

''قرابة'' (اس کا مضاف محذوف ہے۔) ای ذوی قرابة۔

قوله: الئن کنت کماقلت: معنوی اعتبار سے تقدیر عبارت یوں ہے: ان کان مقولك کما قلت أوان کنت مثل ماقلت۔

یقطعونی: نون مشدد ومخفف دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔ بظاہر طیبیؒ کے نسخہ میں لفظ ''علی'' موجود نہیں ہے۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں: ویجهلون متعلقة بمحذوف ای علی یعنی یغضبون ۔ یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ بعض شعراء کا کہنا ہے: وان الذی بینی وبین بنی أبی وبین بنی عمی لمختلف جدا اذا أکلوا لحمی وفرت لحومهم : وان هدموا مجدی بنیت لهم مجدا وان ضیعوا غیبی حفظت غیو بهم وان هم هووا عنی هویت لهم رشدا

فکانما: فاء کے ساتھ ہے، امام طیبیؒ فرماتے ہیں: مصابیح، مسلم، حمیدی اور جامع الاصول کی روایت میں فاء کے ساتھ ہے۔ اور ظاہر یہ ہے کہ لام کے ساتھ ہو چونکہ ''لئن کنت'' میں لام موطئہ للقسم ہے اور یہ اس کا جواب' قائم مقام جواب شرط کے ہے الا یہ کہ برعکس کیا جائے اور شرط کی جزاء کو جواب قسم کے قائم مقام کر دیا جائے۔ اور شرح السنہ میں'' لکأنما'' ہی وارد ہوا ہے۔

تسفهم: تاء مضموم' سین مکسور اور پھر فا مشدد ہے۔ از باب افعال، (مخاطب کا صیغہ ہے۔) سفوف۔ سین کے فتحہ کے ساتھ۔ سے ماخوذ ہے۔ کہا جاتا ہے: اسف فلانا السفوف، کسی کو سفوف (پھکی) کھلانا، سف الدواء سفا، از باب سمع سفوف پھانکنا۔

ملّ: میم کے فتحہ اور لام کی تشدید کے ساتھ وہ گرم راکھ جس میں روٹی دبائی جاتی ہے۔ (انگارے، بھوبھل، گرم راکھ، گرم مٹی)

قوله: ولا یزال معك من الله ظهیر علیهم ما دمت علی ذلك: اس جملہ کی ترکیب میں دو احتمال ہیں:

- اس کا عطف ہو رہا ہے، اور معطوف علیہ'' لئن قلت ''الخ ہے۔
- '' فکانما'' پر عطف ہے، اس صورت میں یہ موضع تاکید میں ہوگا۔

فکانما تسفهم الملّ: کا مطلب: اس کے متعدد مطالب بیان کئے گئے ہیں:

- تمہارے قرابت دار چونکہ تمہارے نیک سلوک کے قدر دان نہیں ہیں اور تمہاری نیکی کا شکریہ ادا نہیں کرتے اس لئے تم ان کو جو کچھ دیتے ہو وہ ان کے حق میں حرام مال کا حکم رکھتا ہے اور تمہاری دی ہوئی چیزیں ان کے پیٹ میں آگ کی طرح ہیں!
- بعض حضرات نے یہ مراد بیان کی ہے کہ تم ان کے برتاؤ کے برعکس ان کے ساتھ احسان اور نیک سلوک کرو یہ ایسا ہے کہ کوئی شخص گرم راکھ منہ میں ڈالے (اور اس کو پیٹ میں اتارے تو اس کا نفس اس کو لعنت ملامت کرتا ہے۔)
- بعض شارحین نے یہ بیان کیا ہے کہ انکے ساتھ تمہارا احسان گویا ان کے حق میں گرم راکھ ہے جو انکی انتڑیوں کو جلاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

- بعض حضرات نے یہ کہا ہے کہ تمہارا احسان ان کا منہ اس طرح کالا کرتا ہے جیسا کہ گرم راکھ کسی کے چہرے کو جلا کر سیاہ کرتی ہے۔
- وہ تمہارے احسان کا معاملہ اساءت کے ساتھ دیتے ہیں تو تمہارا ان کے ساتھ احسان کا معاملہ کرنا ان پر وبال بن کر لوٹے گا حتی کہ گویا تم ان کو انکی اس اساءت کے بدلہ جو وہ تمہارے احسان کے باوجود تم سے برت رہے ہیں آگ کھلا رہے ہو۔

الفصل الثانی:

حسن سلوک سے عمر میں اضافہ ہوتا ہے

۴۹۲۵: عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرُدُّ الْقَدَرَ اِلَّا الدُّعَآءُ وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ اِلَّا الْبِرُّ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ بِالذَّنْبِ يُصِيْبُهٗ۔ (رواه ابن ماجه)

أخرجه ابن ماجه في السنن ۲/ ۱۳۳٤ الحديث رقم ٤٠٢٢، واحمد في المسند ٥/ ۲۷۷۔

ترجمہ: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تقدیر کو دعا ہی رد کر سکتی ہے اور اچھا سلوک عمر میں اضافہ کرتا ہے اور انسان لاحق ہونے والے گناہ کی وجہ سے رزق سے محروم ہو جاتا ہے۔ (ابن ماجہ)

تشریح: القدر: دال کے فتحہ کے ساتھ ہے اور کبھی سکون کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔

''العمر'' عین اور میم دونوں مضموم ہیں۔ اور یہی واضح ہے۔ عین کے ضمہ اور میم کے سکون کے ساتھ بھی پڑھا جاتا ہے۔

''عمر'' سے مراد حیات فانیہ کے ایام ہیں جو حیات باقیہ کی آبادکاری کے لئے پیدا کئے گئے ہیں۔ جیسا کہ مروی ہے: ان الدنیا مزرعة الآخرة۔

لیحرم: مجہول کے صیغہ کے ساتھ ہے۔

الرزق: منصوب ہے مفعول ثانی ہے۔

بالذنب: باء ''سببیہ'' ہے۔

یصیبه: جملہ حالیہ ہے۔

عرضِ مرتب:

تقدیر کے مسئلہ کی تفصیل کیلئے ''باب الایمان بالقدر'' ملاحظہ فرمائیے۔

قوله: لا یرد القدر الا الدعاء، ولا یزید فی العمر الا البر:

''قدر'' سے مراد تقدیر ہے، اور ''تقدیر معلق'' مراد ہے۔

لہٰذا اللہ تعالیٰ نے دعا کو جس تقدیر کے بدل دینے کا سبب گردانا ہے وہ تقدیر معلق ہے اور یہ بات بذاتِ خود تقدیر الٰہی ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے یہ مقدر کیا ہے کہ اگر بندہ دعا کرے گا تو اس کی یہ مصیبت دور ہو جائے گی۔ اگر حسن سلوک نہیں کرے گا، تو عمر کم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی کم رہے گی۔

حدیث کے آخری جزء سے ایک اشکال پیدا ہوتا ہے وہ یہ کہ دنیا میں ایسے لوگوں کی کثرت ہے جو اپنے فسق و فجور، خدائی احکام سے سرکشی و تمرد اور یہاں تک کہ اپنے کفر و شرک کے باوجود خدا کے نیک بندوں اور کامل مؤمنین کے مقابلہ پر زیادہ اچھا کھاتے ہیں اور زیادہ رزق کے مالک ہیں تو پھر اس بات کے معنی کیا ہوں گے کہ انسان اپنے گناہوں کی وجہ سے رزق سے محروم کیا جاتا ہے چنانچہ اس کو دور کرنے کے لئے بعض حضرات نے یہ تاویل بیان کی ہے کہ حدیث میں رزق سے مراد آخرت کا رزق ہے یعنی ثواب اور اس میں کوئی شک نہیں کہ گناہ و معصیت کا ارتکاب اس رزق (آخرت کے اجر و ثواب) میں نقصان کا سبب اور اس سے محرومی کا مطلب ان چیزوں سے محروم ہونا ہے جن کے بغیر مال و دولت کی فراوانی اور رزق کی وسعت کے باوجود انسان کو اندرونی طمانیت و خوشی اور قلبی و روحانی عظمت و بڑائی عطا نہیں ہوتی جیسے رضاء الٰہی کا حصول، زندگی کا بے فکری اور سکون کے ساتھ گزرنا، قلب کا فراغ و اطمینان، وقت کا یاد الٰہی اور اچھے کاموں میں صرف ہونا رزق کا طیب و پاکیزہ ہونا اور روح و باطن کا ہر قسم کی کدورت و ظلمت سے پاک و صاف ہونا، یہ وہ اوصاف ہیں جو انسانی زندگی کو حیوۃ طیبہ کا درجہ عطا کرنے کی وجہ سے عطا ہوتے ہیں۔ جیسا کہ قرآن کریم میں فرمایا گیا ہے

بعض حضرات نے یہ تاویل کی ہے کہ بندہ کی دعا میں مشغولیت تقدیر کے فیصلہ کو (قبول کرنا) آسان بنا دیتی ہے، اور معاملہ یوں ہو جاتا ہے، گویا کہ تقدیر کا لکھا ہوا بدل گیا ہے۔ اور ''عمر میں زیادت'' سے مراد عمر میں خیر و برکت کا ہونا ہے۔

شرح السنہ میں ابو حاتم بجستانی حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں: بندہ کا دعا میں برابر مشغول رہنا، تقدیر کے فیصلہ کو کھلے دل سے قبول کرنے کو آسان بنا دیتا ہے، گویا کہ دعا نے تقدیر کو بدل ڈالا، حسن سلوک کرنا آدمی کی زندگی کو خوش و خرم بنا دیتا ہے، گویا کہ عمر میں اضافہ ہو گیا۔ گناہ آدمی کے صاف ستھرے رزق کو مکدر کر دیتا ہے، گویا کہ رزق سے محروم ہو گیا۔

''رزق'' سے کیا مراد ہے؟

مظہرؒ فرماتے ہیں، اس کے دو معنی ہیں:

▣ آخرت کا رزق مراد ہے یعنی ثواب۔ اور اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کہ گناہ و معصیت کا ارتکاب اس رزق (آخرت کے اجر و ثواب) میں نقصان اور محرومی کا سبب ہے۔ ▣ دنیا کا رزق مثلاً مال و صحت اور عافیت وغیرہ مراد ہیں۔ گناہ کے سبب سے آدمی ان نعمتوں سے محروم ہو جاتا ہے۔

اس پر ایک اشکال ہوتا ہے وہ یہ کہ ہم دیکھتے ہیں کہ کفار و فساق مال و صحت میں صلحاء سے بڑھ کر ہیں۔ (یعنی دنیا میں ایسے لوگوں کی کثرت ہے جو اپنے فسق و فجور، خدائی احکام سے سرکشی و تمرد اور یہاں تک کہ اپنے کفر و شرک کے باوجود خدا کے نیک بندوں اور کامل مؤمنین کے مقابلہ پر زیادہ اچھا کھاتے ہیں اور زیادہ رزق کے مالک ہیں تو پھر اس بات کے معنی کیا ہوں گے کہ انسان اپنے گناہوں کی وجہ سے رزق سے محروم کیا جاتا ہے۔) اس کا جواب یہ ہے کہ یہ حدیث مسلمان کے ساتھ مخصوص ہے۔

ملا علی قاریؒ اس جواب پر نقد کرتے ہوئے فرماتے ہیں: یہ بھی تقدیر معلق ہی کے تحت ہوتا ہے۔ چونکہ آجال و آمال اور اخلاق و ارزاق سب اللہ کی تقدیر و تیسیر سے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخریج: اس حدیث کو ابن حبانؒ اور حاکمؒ دونوں نے اپنی صحیح میں اور بغوی نے شرح السنہ میں اسی طرح روایت کیا ہے۔ (ذکرہ میرکؒ)

الجامع الصغیر میں ان الفاظ کے ساتھ مروی ہے: **لا یرد القضاء الا الدعاء، ولا یزید فی العمر الا البر.**

اور فرماتے ہیں: اس حدیث کو ترمذی اور حاکم نے سلمان سے روایت کیا ہے۔ اور ''الحصن'' میں یوں مروی ہے: **لا یرد القضاء الا الدعاء ولا یزید فی العمر الا البر**۔ اس کو امام ترمذی ابن ماجہ، ابن حبان نے، نیز حاکم نے اپنی مستدرک میں روایت کیا ہے۔

میرکؒ فرماتے ہیں: ترمذیؒ اور ابن ماجہؒ کی روایت حضرت سلمان سے ہے، اور ابن حبان اور حاکم کی روایت حضرت ثوبان سے مروی ہے۔ لیکن ان دونوں کی روایت میں '' **لا یرد القدر**'' کے الفاظ نہیں ہیں جس طرح کہ صاحب السلاح نے ان دونوں سے روایت کی ہے۔

منذریؒ کی ''**الترغیب**'' میں حضرت ثوبان سے اسی طرح مروی ہے جس طرح کہ مشکوۃ کی ''اصل'' میں ہے۔ اور فرمایا: اس کو ابن حبان اور حاکم نے روایت کیا ہے، اور الفاظ انہیں کے ہیں اور کہا ہے یہ صحیح الاسناد ہے۔ واللہ اعلم

ماں سے حسن سلوک کرنے کا صلہ

۴۹۲۶: **وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَسَمِعْتُ فِيْهَا قِرَاءَةً فَقُلْتُ مَنْ هٰذَا قَالُوْا حَارِثَةُ ابْنُ النُّعْمَانِ كَذَا لِكُمُ الْبِرُّ كَذَا لِكُمُ الْبِرُّ وَكَانَ اَبَرُّ النَّاسِ بِاُمِّهٖ** (رواه فی شرح السنة والبیهقی فی شعب الایمان وفی روایة قال) **نِمْتُ فَرَاَيْتُنِيْ فِي الْجَنَّةِ بَدَلَ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ۔**

أخرجه البغوی فی شرح السنة ۱۳/۷ الحدیث رقم ۳۴۱۸، واحمد فی المسند ۶/۱۵۱ الحدیث رقم ۱۵۱/۶۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا تو میں نے اس میں تلاوت سنی میں نے پوچھا یہ کون ہے۔ تو جواب ملا کہ یہ حارثہ بن نعمان ہے والدین کے ساتھ بھلائی کی یہی فضیلت ہے آپ نے دو دفعہ یہی فرمایا اور وہ اپنی والدہ کے ساتھ سب سے زیادہ نیکی کرنے والے تھے۔ صاحب شرح السنہ نے اس کو روایت کیا ہے اور بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے کہ میں سویا تو میں نے اپنے آپ کو جنت میں دیکھا یہ دخلت الجنہ کی جگہ الفاظ ہیں۔

تشریح: قراءۃ: (یہاں عبارت مقدر ہے۔ یا مضاف محذوف ہے۔) ای: صوت قراءۃ یقرأها أحد. یا مضاف الیہ محذوف ہے۔ ای: قراءۃ قاریٔ، اس صورت میں قراءۃ کی تنوین مضاف الیہ کے عوض ہوگی۔

قولہ: کذلکم البر کذلکم البر (''البر'' سے پہلے جزاء محذوف ہے۔) ای: جزاء البر یا ''البر'' میں مبالغہ مقصود ہے، بایں طور کہ ''برّ'' کی جزاء عین ''برّ'' کو قرار دیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرا ''کذلکم البر'' تقریر وتاکید کیلئے ہے۔

کذلکم: کا مشار الیہ ماقبل کلام ہے۔

''کذلکم البر'' یہ کلام کس کا ہے؟

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ خواب دیکھا، تو اپنے صحابہ کو سنایا۔ اور خواب سناتے ہوئے جب حارثہ بن نعمان کے ذکر تک پہنچے تو متنبہ کرتے ہوئے فرمایا، کہ اس قسم کے اعلیٰ درجات والدین کے ساتھ حسن سلوک کے ذریعے سے حاصل کئے جاسکتے ہیں۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کوئی بعید نہیں کہ یہ کلام (کذلکم البر) بھی ملائکہ کا ہو، اور اس کلام کے مخاطب حضور اکرم ﷺ ہوں۔ اور اسم اشارہ لانا یا تو تعظیم کی وجہ سے ہے اس سے مراد آنحضرت ﷺ اور آپ کے اصحاب کرام ہیں تغلیباً۔

قولہ: وکان أبر الناس بأمه:

اس کلام کے بارے میں بھی دو احتمال ہیں۔ پہلا احتمال یہ ہے یہ کلام کسی راوی کا ہے اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ یہ کلام آنحضرت ﷺ کا فرمودہ ہے۔

اسنادی حیثیت:

امام جزریؒ پہلی روایت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو امام حاکمؒ نے اپنی ''صحیح'' میں روایت کیا ہے، اور صحیح علی شرط الشیخین قرار دیا ہے۔ امام ذہبیؒ نے ان کی تصحیح کو برقرار رکھا ہے۔ اور اس روایت کو بیہقی نے شعب الایمان میں ذکر کیا ہے۔ اور محی السنۃ نے شرح الـ ں دونوں طریق سے نقل کیا ہے۔

والد کی رضا میں اللہ کی رضا

۴۹۲۷: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِضَى الرَّبِّ فِيْ رِضَى الْوَالِدِ وَسَخَطُ الرَّبِّ فِيْ سَخَطِ الْوَالِدِ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٢٧٤ الحديث رقم ١٨٩٩۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: والد کی رضا میں اللہ کی رضا ہے اور والد کی ناراضگی میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی ہے۔ (ترمذی)

تشریح: اس حدیث میں اگرچہ والد کی رضامندی وناراضگی کا ذکر ہے، مگر واضح رہے کہ ماں کی رضامندی وناراضگی کا بھی یہی حکم ہے، بلکہ بطریق اولیٰ یہ حکم ہے۔

عرضِ مرتب:

بظاہر اس کی دلیل نقلی طبرانی اور بزار کی حدیث ہے، جو تخریج کے تحت آرہی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخریج: امام ترمذیؒ نے اس حدیث کو یعلی بن عطاء، عن أبیه، عن عبد الله بن عمرو بن العاص کے طریق سے مرفوعاً اور موقوفاً نقل کیا ہے، اور موقوف کو اصح قرار دیا ہے۔ ابن حبان نے اس حدیث کو اپنی صحیح میں ان الفاظ کے ساتھ مرفوعاً روایت کیا ہے: رضا الله فی رضا الوالد' وسخط الله فی سخط الوالد. (کذا فی التصحیح)

جامع صغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو ترمذیؒ اور حاکمؒ نے ابن عمروؓ سے روایت کیا ہے۔ اور بزارؒ نے ابن عمرؓ سے روایت کیا ہے۔ طبرانیؒ نے ابن عمرو سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے: رضا الرب فی رضا الوالدین وسخطه فی سخطهما.

امام منذریؒ اصل حدیث کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اس کو امام حاکمؒ نے روایت کیا ہے، اور "صحیح الاسناد علی شرط مسلم" قرار دیا ہے۔ اس حدیث کو طبرانی نے ابو ہریرہؓ سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے: طاعة الله طاعة الوالد' ومعصية الله معصية الوالد. اور بزار نے اس حدیث کو ابن عمر یا ابن عمرو سے روایت کیا ہے۔ اس وقت مجھے یہ مستحضر نہیں کہ دونوں میں سے کس سے اس حدیث کو نقل کیا ہے۔ البتہ الفاظ یہ ہیں:

"قال: رضا الرب تبارك وتعالیٰ فی رضا الوالدین' وسخط الرب تبارك وتعالیٰ فی سخط الوالدین."

والد جنت کا وسطی دروازہ

۴۹۲۸: وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ اَنَّ رَجُلاً اَتَاهُ فَقَالَ اِنَّ لِیْ امْرَاَةً وَاُمِّیْ تَاْمُرُنِیْ بِطَلَاقِهَا فَقَالَ لَهُ اَبُو الدَّرْدَآءِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الْوَالِدُ اَوْسَطُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ فَاِنْ شِئْتَ فَاَضِعْ ذٰلِكَ الْبَابَ اَوِ احْفَظْ. (رواه الترمذی وابن ماجة)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٢٧٥ الحدیث رقم ١٩٠٠ و ابن ماجه فی ٢/١٢٠٨ الحدیث رقم ٣٦٦٣، واحمد فی المسند ٥/١٩٦۔

ترجمہ: حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک آدمی ان کی خدمت میں آیا اور کہنے لگا میں ایک بیوی والا ہوں اور میری ماں کہتی ہے کہ اسے طلاق دے دو۔ تو حضرت ابو درداءؓ کہنے لگے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ والد جنت کا وسطی دروازہ ہے تمہاری مرضی ہے اسے محفوظ کرو اور چاہو تو اسے گرا دو۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

تشریح: اوسط ابواب الجنة: لفظ "اوسط" کی تشریح "خیر"، "أعلی" اور "احسن الابواب" کے ساتھ کی گئی ہے۔

قوله: فان شئت فحافظ علی الباب او ضیّع: یہ کلام حضرت ابو الدرداءؓ کا ہے۔ قاضیؒ فرماتے ہیں مطلب یہ ہے کہ دخول جنت کا بہترین وسیلہ اور جنت کے درجات عالیہ تک پہنچنے کا سب سے بہترین ذریعہ والد کی اطاعت اور حقوق کی رعایت ہے۔

بعض دوسرے حضرات نے مطلب یوں بیان کیا ہے کہ جنت کے بہت سے دروازے ہیں، جنت میں داخل ہونے کیلئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سب سے بہترین دروازہ "اوسط دروازہ" ہے۔ اور اس "باب اوسط" سے گزرنے کا ذریعہ والد کے حقوق کی رعایت ہے۔

الوالد: سائل کا سوال والدہ کے بارے میں تھا۔ اور آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد گرامی میں والدہ کا ذکر نہیں ہے، بلکہ والد کا ذکر ہے۔ چنانچہ اس موقع پر حضرت ابوالدرداء کا یہ حدیث سنانا، حضرت ابوالدرداء کا اجتہاد تھا کہ جب باپ کے حق میں اس طرح فرمایا گیا ہے تو ماں بدرجہ اولیٰ اس ارشاد کا محمول قرار پائے گی یا لفظ "والد" سے صرف باپ مراد نہیں لیا گیا بلکہ جنس والد یعنی پیدا کرنے والا مراد ہے اور یہ بات زیادہ موزوں و مناسب ہے کیونکہ پیدا کرنے والے کے مفہوم میں باپ اور ماں دونوں داخل ہیں۔

تخریج: اس حدیث کو ابن حبان نے اپنی صحیح میں، ابوداؤد طیالسی نے، اور حاکم نے اپنی مستدرک میں ذکر کیا ہے۔ امام حاکمؒ نے اس کو صحیح قرار دیا ہے۔ امام ذہبیؒ نے ان کی تصحیح کو برقرار رکھا ہے۔ (نقله ميرك عن التصحيح).

منذریؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو ترمذیؒ وغیرہ نے نقل کیا ہے۔ اور الفاظ یہ ہیں: **وقال: ربما قال سفيان: ان أمي أو ربما قال: أبي۔** فرمایا یہ

حدیث صحیح ہے۔ اس حدیث کو ابن حبان نے اپنی صحیح میں ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے: **ان رجلا اتى أبا الدرداء فقال ان أبي لم يزل بي حتى زوجني وانه الآن يأمر بطلاقها ۔قال: ما أنا بالذي آمرك أن تعق والدك ولا بالذي آمرك ان تطلق امرأتك غير انك ان شئت حدثتك ما سمعت من رسول الله ﷺ يقول: الولد أوسط أبواب الجنة فحافظ على ذلك ان شئت أو دع۔ قال: فاحسب عطاء قال فطلقها۔**

میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ عنقریب فصل ثالث میں آرہا ہے کہ نبی کریمؐ نے ابن عمرؓ سے فرمایا تھا: اس (عورت) کو طلاق دے دو۔ چونکہ حضرت عمرؓ اس عورت کو ناپسند کرتے تھے۔

الجامع الصغیر میں ہے: **الولد اوسط أبواب الجنة.** اس حدیث کو احمد، ترمذی، ابن ماجہ اور حاکم نے ابوالدرداء سے روایت کیا ہے۔

والدہ احسان کی زیادہ حقدار ہے

۴۹۲۹: وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَبَرُّ قَالَ اُمَّكَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ مَنْ قَالَ اُمَّكَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ اُمَّكَ قُلْتُ ثُمَّ مَنْ قَالَ اَبَاكَ ثُمَّ الْاَقْرَبَ فَالْاَقْرَبَ۔ (رواه الترمذی وابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد في السنن ٥/٣٥١ الحديث رقم ٥١٣٩، والترمذي في السنن ٤/٢٧٣ الحديث رقم ١٨٩٧ و ابن ماجه في ٢/١٢٠٧ الحديث رقم ٣٦٦١، واحمد في المسند ٥/٣۔

ترجمہ: حضرت بہز بن حکیمؒ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ میں نے سوال کیا یا رسول اللہ ﷺ میں کس کے ساتھ سب سے زیادہ احسان کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا اپنی والدہ سے میں نے عرض کیا پھر کس کے ساتھ؟ فرمایا اپنی والدہ سے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں نے بار دیگر عرض کیا پھر کس سے؟ فرمایا اپنے والد سے پھر درجہ بدرجہ۔ (ترمذی ابوداؤد)

تشریح: قوله: من أبر:

"أبر": بائے موحدہ کے فتحہ اور راء مشددہ کے ضمہ کے ساتھ، متکلم کا صیغہ ہے۔ ای من أحسن اليه ومن أصله۔

قال: أمك: منصوب ہے، فعل محذوف کا مفعول بہ ہے. ای برّ أمك.

قلت. ثم من: "من" محلاً منصوب ہے، فعل محذوف کا مفعول بہ ہے۔ أی من أبرّ؟

ماں کا حق اس قدر کیوں ہے؟ اس کی وجہ ماقبل میں گذر چکی ہے۔ (ملاحظہ فرمایئے اسی فصل کی پہلی حدیث)

قوله: الاقرب فالأقرب: یعنی تمام ذی رحم رشتہ داروں سے اس اصول کے مطابق حسن سلوک کے ساتھ پیش آیا جائے

اسنادی حیثیت: "الصحيح" میں ہے کہ یہ الفاظ ترمذی کی روایت کے ہیں۔ امام ترمذیؒ نے اس کو "حسن" کہا ہے، اور بعض نسخوں میں "حسن صحیح" کے الفاظ ہیں۔

ابوداؤد کی روایت کے الفاظ یہ ہیں: من أبر؟ قال: "امك ثم امك ثم امك ثم الأقرب فالأقرب". اس کو حاکمؒ نے بھی روایت کیا ہے، اور صحیح قرار دیا ہے۔

الجامع الصغیر میں ہے: "امك ثم امك ثم امك ثم أباك ثم الأقرب فالأقرب". اس حدیث کو احمد، ابوداؤد، ترمذی اور حاکم رحمہم اللہ تعالیٰ نے معاویہ بن حیدۃ سے، اور ابن ماجہؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں اس کے ہم معنی متفق علیہ حدیث آغاز باب میں بھی گزر چکی ہے۔ ملاحظہ فرمایئے حدیث: ۴۹۱۱۔

جو رحم کو قطع کرے گا میں اس سے قطع کرونگا

۴۹۳۰: وَعَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى اَنَا اللّٰهُ وَاَنَا الرَّحْمٰنُ خَلَقْتُ الرَّحِمَ وَشَقَقْتُ لَهَا مِنِ اسْمِيْ فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهٗ وَمَنْ قَطَعَهَا بَتَتُّهٗ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد في السنن ٢/٣٢٢ الحديث رقم ١٦٩٤، والترمذي في ٤/٢٧٨ الحديث رقم ١٩٠٧، واحمد في المسند ١/١٩٤۔

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میں اللہ ہوں اور میں رحمان ہوں میں نے رحم کو پیدا کیا ہے اور اسے اپنے نام سے مشتق کیا ہے۔ پس جو شخص اسے (تعلقات کو) جوڑے گا میں اسے جوڑوں گا اور جو شخص اسے قطع کرے گا میں اسے توڑ دوں گا۔ (ابوداؤد)

تشریح: قوله: أنا الله وأنا الرحمٰن:

یعنی میں معبود واجب الوجود ہوں یہ جملہ دراصل آگے ارشاد ہونے والے کلام (کی اہمیت کو ظاہر کرنے) کے لئے بطور تمہید ہے۔ اس تمہید میں پہلے اسم خاص کا ذکر کیا اور پھر اپنی صفت رحمٰن کو ذکر کیا جس کا لفظی مادہ اشتقاق وہی ہے جو "رحم" کا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خلقت الرحم: اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: ❶ **قدرت الرحم**۔ ❷ **صورتها مجسدة**۔ **وصلته**: اس کے دو معنی ہو سکتے ہیں' ایک معنی وہ ہیں جن کی وضاحت ترجمہ کے درمیان مابین القوسین کی گئی ہے۔ دوسری معنی ہیں وصلۃ محل کرامتی۔ اس حدیث میں اشارہ ہے کہ:

مناسبت اسمیہ کی فی الجملہ رعایت واجب ہے۔ اگر چہ معنی یہ ہے کہ ''رحم'' رحمٰن کے آثار رحمت کا اثر ہے۔ اور مؤمن کو چاہئے کہ وہ اللہ والے اخلاق اور اللہ کی صفات کو اپنائے۔ اسی لئے فرمایا: **فمن وصلها وصلته ومن قطعها قطعته**۔

بتته: ثانی تائے فوقیہ مشدد ہے' یہ ''قطعۃ'' کے معنی میں ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام ترمذیؒ نے بھی اسی طرح اسی راوی یعنی ابوسلمہ سے نقل کیا ہے۔ امام ترمذیؒ کا کہنا ہے کہ یہ حدیث ''حسن صحیح'' ہے۔ امام منذریؒ ''تصحیح'' میں فرماتے ہیں: یہ بات محل نظر ہے۔ چونکہ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے رسول اللہ ﷺ سے بالکل سماع نہیں کیا۔ (**قاله ابن معين وغيره' نقله ميرك**).

الجامع الصغیر میں ہے: ''**قال الله تعالى: أنا الرحمٰن، أنا خلقت الرحم، وشققت لها اسما من اسمي، فمن وصلها وصلته، ومن قطعها قطعته، ومن بتها بتته**''. حدیث کا یہ آخری جملہ اپنے ماقبل جملہ کی تاکید ہے' ''بتّ'' سے مراد ''قطع کلی'' ہے، طلاق بت، اور ''البته'' بھی اسی سے ماخوذ ہے۔ واللہ اعلم۔

اس حدیث کو امام احمد نے، امام بخاریؒ نے ''**الأدب المفرد**'' میں، ابوداؤد، ترمذی اور حاکم نے عبدالرحمٰن بن عوف سے اور حاکم نے ابوہریرہؓ سے بھی نقل کیا ہے۔

قطع رحمی سے نزولِ رحمت بند ہو جاتا ہے

۴۹۳۱: **وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَنْزِلُ الرَّحْمَةُ عَلٰى قَوْمٍ فِيْهِمْ قَاطِعُ رَحِمٍ** ۔ (رواه البيهقي في شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/٢٢٣ الحديث رقم ٧٩٦٢۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا: جس قوم میں قطع رحمی کرنے والا موجود ہو اس پر اللہ تعالیٰ کی رحمت نازل نہیں ہوتی۔ (بیہقی)

تشریح: **لا تنزل**: مضارع معروف کے صیغہ کے ساتھ ہے۔

فيهم: میں لفظ ''قوم'' کے معنی کا اعتبار کرتے ہوئے جمع کی ضمیر لائی گئی ہے۔ اور ایک نسخہ میں **فيه** ہے' کہ لفظ ''قوم'' کا اعتبار کیا گیا ہے، اور مفرد کی ضمیر لائی گئی ہے۔

تورپشتیؒ فرماتے ہیں اس میں دو احتمال ہیں:

❶ ''قوم'' سے مراد (پوری قوم نہیں) ہے بلکہ محض وہ لوگ مراد ہیں جو ناتا توڑنے والے کی مدد و حمایت کریں اور اس پر نکیر نہ کریں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رحمت سے بارانِ رحمت مراد ہو۔یعنی جس قوم یا جس آبادی کے اندر ناتا توڑنے والا کوئی شخص ہوتا ہے تو ناتا توڑے جانے کی نحوست سے اس قوم یا آبادی کو بارش سے محروم رکھا جاتا ہے۔

دو گناہوں کی سزا دُنیا میں بھی

۴۹۳۲: وَعَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ مَا مِنْ ذَنْبٍ اَحْرٰی اَنْ یُّعَجِّلَ اللّٰہُ لِصَاحِبِہِ الْعُقُوْبَۃَ فِی الدُّنْیَا مَعَ مَایُدَّ خِرُلَہٗ فِی الْاٰخِرَۃِ مِنَ الْبَغْیِ وَقَطِیْعَۃِ الرَّحِمِ۔ (رواہ الترمذی وابوداؤد)

أخرجہ ابوداؤد فی السنن ۲۰۸/۵ الحدیث رقم ۴۹۰۲، والترمذی فی ۵۷۳/۴ الحدیث رقم ۲۵۱۱ و ابن ماجہ فی ۱۴۰۸/۲ الحدیث رقم ۴۲۱۱۔

ترجمہ: حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قطع رحمی اور بغاوت یہ دو ایسے گناہ ہیں جن کی سزا اللہ تعالیٰ آخرت کے علاوہ دنیا میں بھی دیتے ہیں۔(ترمذی ابوداؤد)

تشریح: قولہ: مامن ذنب أحری أن یعجل اللہ لصا حبہ العقوبۃ فی الدنیا۔

ما من ذنب: ''ما'' نافیہ ہے۔اور ''من'' زائدہ برائے استغراق ہے۔

أحری: أحق اور أولیٰ کے معنی میں ہے۔

ان یعجل اللّٰہ: ''أحری'' کا صلہ یہاں حرف جر ''باء'' مقدر ہے: ای: بتعجیلہٖ سبحانہ وتعالیٰ.

العقوبۃ: ''یعجل'' کا مفعول بہ ہے۔'' فی الدنیا مع ما یدخر'': یعجل کا ظرف ہے۔

یدخر: دال مہملہ کی تشدید اور خائے معجمہ کے کسرہ کے ساتھ۔'' مایدخر'' سے مراد ''مایؤجل من العقوبۃ'' ہے۔

قولہ: من البغی والقطیعۃ:

'' بغی'': (یہاں مضاف الیہ محذوف ہے۔) ای من بغی الباغی۔ اس کے تین معانی بیان کئے گئے ہیں: ظلم امام وقت کے خلاف بغاوت کرنا تکبر۔

من البغی: ''من'' تفصیلیہ ہے۔

سندی حیثیت وتخریج: امام میرکؒ فرماتے ہیں کہ امام ترمذیؒ نے اس حدیث کو ''حسن صحیح'' قرار دیا ہے۔امام حاکمؒ نے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے۔اور ''صحیح الاسناد'' قرار دیا ہے۔

الجامع الصغیر میں فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو امام احمد نے امام بخاریؒ نے '' الأدب المفرد'' میں، ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ، ابن حبان اور حاکم نے ابوبکرہ سے نقل کیا ہے۔امام طبرانی نے بھی اس حدیث کو ابوبکرہ سے نقل کیا ہے۔البتہ ان کی روایت کے الفاظ یہ ہیں: ما من ذنب اجدر أن یعجل اللہ تعالیٰ لصاحبہ العقوبۃ فی الدنیا مع مایدخرلہ فی الآخرۃ من قطعیۃ الرحم والخیانۃ والکذب ،وأن اعجل الطاعۃ ثواباصلۃ الرحم حتی ان اھل البیت لیکونوا فجرۃ متمولوا أموالھم ویکثر عددھم اذا تواصلوا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تین جنت سے محروم

۴۹۳۳: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنَّانٌ وَلَا عَاقٌّ وَلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ۔ (رواه النسائی والدارمی)

أخرجه النسائي في السنن ٣١٨/٨ الحديث رقم ٥٦٧٢، والدارمي في ١٥٣/٢ الحديث رقم ٢٠٩٤۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین آدمی جنت میں نہ جائیں گے۔ ① احسان جتانے والا۔ ② والدین کا نافرمان۔ ③ شراب کا رسیا۔

تشریح: منان: بروزن فعال ہے

بعض کا کہنا ہے کہ "منان" اصل میں "منة" سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں کسی کو کچھ دیا جائے اور پھر اس پر اپنا احسان جتایا جائے۔ یہ خصلت (یعنی احسان کر کے اس کو جتانا) نہایت بری بات ہے قرآن کریم میں ہے: ﴿لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى﴾۔

"احسان رکھ کر اور ایذاء دے کر اپنی خیرات کو ضائع نہ کرو"۔

دوسرا مطلب: بعض حضرات نے لفظ "منّان" کے بارے میں یہ کہا ہے کہ یہ "من" سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں "قطع" یعنی کاٹنا لہٰذا "منان" کے معنی یہ ہوں گے کہ وہ شخص جو ناتے کو کاٹے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: [وان لك لأجرا غير ممنون][القلم۔ ٣] اور اسی سے ہے المنیۃ یعنی قاطع رحم اور قاطع طریق بظاہر یہ اسم منسوب ہے، (ظلام کی طرح) ای صاحب المن.

"عاق" سے مراد وہ شخص ہے جو ماں باپ کا نافرمان ہو۔

"مدمن خمر": اس کا معنی ہے: شارب الخمر من غير توبة۔ اور یہ جو کہا گیا ہے کہ اس کا معنی ہے "وہ شخص جو دوام کے ساتھ شرابی ہے" تو اس کا یہ مفہوم صحیح نہیں ہے۔

قوله: لايد خل الجنة: تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ اس کے دو مطلب بیان فرماتے ہیں: ① جنت میں داخل نہ ہونے کو اس پر محمول کیا جائے گا کہ ایسے لوگ خدا کے ان نیک اور صالح بندوں کے ساتھ جنت میں داخل نہیں ہوں گے جو آخرت میں حساب کتاب کے دن فائز المرام اور نجات یافتہ قرار دیئے جائیں اور بلا کسی روک ٹوک کے شروع ہی میں جنت میں داخل کر دیئے جائیں گے۔

② یہ مراد ہے کہ یہ لوگ عذاب کے بغیر جنت میں داخل نہیں ہوں گے یعنی ان میں سے ہر ایک کو پہلے اپنے ان گناہوں کی سزا بھگتنی ہوگی اس کے بعد جنت میں پہنچائے جائیں گے میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں تاہم اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو ان کو بغیر عذاب کے بھی جنت میں داخل کر دے گا کیونکہ اس کا فرمان ہے:

وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ [النساء:٤٨] ای بشفاعة أو بغير ها۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''اور اس کے علاوہ بھی جس کو وہ چاہے گا بخش دے گا''۔

صلہ رحمی کے تین فوائد

۴۹۳۴: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوْا مِنْ اَنْسَابِكُمْ مَا تَصِلُوْنَ بِهِ اَرْحَامَكُمْ فَاِنَّ صِلَةَ الرَّحِمِ مَحَبَّةٌ فِی الْاَهْلِ مَثْرَاةٌ فِی الْمَالِ مَنْسَاَةٌ فِی الْاَثَرِ۔

(رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٣٠٩ الحدیث رقم ١٩٧٩، واحمد فی المسند ٢/ ٣٧٤۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اپنے ان انساب کو خصوصاً محفوظ کرو جن سے تمہاری رشتہ داری جڑتی ہے اس لئے کہ صلہ رحمی کے (تین) فائدے ہیں: ① خاندان والوں سے محبت۔ ② مال میں کثرت۔ ③ عمر میں برکت۔ ترمذی نے اسے غریب کہا ہے۔

تشریح: محبة: میم حائے مہملہ اور بائے موحدہ مشددہ تینوں کے فتحہ کے ساتھ مفعلۃ ''حب'' سے ماخوذ ہے۔ مصدر ہے۔ مبنی للمفعول ہے۔ ایک نسخہ میں حاء کے کسرہ کیساتھ ہے۔ ای: مظنة للحب وسبب للود، اور ایک نسخہ میں میم کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں: احبه وهو محبوب علی غیر قیاس، ومحب قلیل، وحببته أحبه بالکسر شاذ، وحببت الیه ککرم صرت حبیباً.

مثراۃ ''النهایة'' میں ہے کہ ''ثراۃ بروزن مفعلة ہے، ثری بمعنی ''کثرت'' سے ماخوذ ہے۔ أی: سبب لکثرة المال.

مثراۃ فی المال: یہ خبر ثانی ہے۔

منساۃ: ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ بروزن مفعلۃ، منسا سے ماخوذ ہے۔ بمعنی ''تاخیر''۔

''اثر'': بروزن قلم، بمعنی أجل.

مطلب یہ ہے کہ تم اپنے باپ، چچا، ماموں (دادا، ماؤں، دادیوں، نانیوں، ان کی اولاد) اور دیگر اعزاء واقرباء (کی پہچان رکھو) ان کے ناموں سے باخبر رہو (اور ان کے حالات سے واقفیت حاصل کرو) تاکہ ذوی الارحام کے ساتھ صلہ رحمی کی جا سکے۔ صلہ رحمی کا مطلب یہ ہے کہ تم ان کے ساتھ محبت ومودت اور قرب وشفقت کا رشتہ برقرار رکھ سکو اور ان کے ساتھ حسن وسلوک کر سکو۔ یہ حدیث دلیل ہے کہ صلہ رحمی کا تعلق تمام ذوی الارحام سے ہے، نہ کہ صرف والدین سے۔ جیسا کہ بعض کا مذہب ہے۔

قوله: منساة فی الأثر: کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں:

① حسن سلوک کرنا تاخیر اجل کا سبب اور عمر میں زیادتی کا موجب ہے۔

② صلہ رحمی کرنا نسل کے استمرار وبقاء کا ذریعہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسنادی حیثیت: صاحب الجامع کا کہنا ہے، کہ یہ حدیث اس سند کے ساتھ غریب ہے۔ اس حدیث کو حاکم نے بھی روایت کیا ہے، اور صحیح قرار دیا ہے۔ (ذکرہ میرک)

عظیم گناہ سے معافی کی صورت خالہ سے احسان

۴۹۳۵: وَعَنْ اَبِیْ عُمَرَ اَنَّ رَجُلاً اَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَصَبْتُ ذَنْبًا عَظِیْمًا فَھَلْ لِیْ مِنْ تَوْبَۃٍ قَالَ ھَلْ لَکَ مِنْ اُمٍّ قَالَ لَا قَالَ وَھَلْ لَّکَ مِنْ خَالَۃٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَبِرَّھَا ۔ (رواہ الترمذی)

أخرجہ الترمذی فی السنن ۴/۲۷۶ الحدیث رقم ۱۹۰۴، واحمد فی المسند ۲/۱۴۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے ایک عظیم گناہ کا ارتکاب کیا ہے کیا میری توبہ قبول ہونے کی کوئی صورت ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تیری والدہ موجود ہے۔ وہ عرض کرنے لگا نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تیری خالہ ہے۔ اس نے عرض کیا جی ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے ساتھ احسان کرو۔ (ترمذی)

تشریح: قولہ: ھل لك من أم: "من" زائدہ ہے۔

قولہ: ھل لك من خالة: اس "من" میں دو احتمال ہیں: ۱ یہ من زائدہ ہے۔ ۲ یہ تبعیضیہ ہے۔

برھا: امر کا صیغہ ہے۔

اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ ناتے داروں کے ساتھ حسن سلوک، من جملہ ان حسنات میں سے ہے جو گناہوں کو ختم کر دیتی ہیں۔ یا ان طاعات کے قائم مقام ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان: ﴿اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ط﴾ [الفرقان: ۷۰] کا ایک معنی یہی مظہر فرماتے ہیں کہ میں ہے کہ وہ گناہ اس شخص کے تئیں عظیم ہو، چونکہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی عظیم ہے اگرچہ صغیرہ ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس کا گناہ عظیم تھا، کبائر میں سے تھا۔ اور اس نوع کی نیکی اس کے لئے کفارہ ہو۔ اور یہ اس شخص کے لئے مخصوص تھا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کے ذریعہ بتایا گیا ہوگا (کہ حسن سلوک کا کبیرہ گناہ کے کفارہ کا سبب بننا اس شخص کے ساتھ مخصوص ہے۔) ابن الملکؒ نے اس کی اتباع کی ہے۔ یہ محل نظر ہے چونکہ حدیث میں اس بات پر کوئی دلیل موجود نہیں ہے کہ وہ شخص اپنے گناہ پر مصر تھا اور اس نے اس گناہ سے توبہ نہیں کی تھی، حتی کہ اس کو اس کی خصوصیت قرار دیا جائے۔ اس شخص سے جو گناہ صادر ہوا تھا وہ کبیرہ نہیں تھا بلکہ حقیقت میں صغیرہ گناہ تھا۔ البتہ اس شخص نے اپنے مضبوط جذبہ ایمانی اور احتیاط وتقویٰ کی بنا پر اس گناہ کو ایک بڑا گناہ سمجھا۔

اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ خالہ ماں کا درجہ رکھتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والدین کی موت کے بعد بھلائی کے چار کام

۴۹۳۶: وَعَنْ اَبِیْ اُسَیْدِ نِالسَّاعِدِیِّ قَالَ بَیْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَ ہٗ رَجُلٌ مِنْ بَنِیْ سَلِمَۃَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَلْ بَقِیَ مِنْ بِرِّاَبَوَیَّ شَیْءٌ اَبَرُّھُمَا بِہٖ بَعْدَمَوْتِھِمَا قَالَ نَعَمْ اَلصَّلٰوۃُ عَلَیْھِمَا وَالْاِ سْتَغْفَارُ لَھُمَا وَاِنْفَاذُ عَھْدِھِمَا مِنْ بَعْدِھِمَا وَصِلَۃُ الرَّحِمِ الَّتِیْ لَا تُوْصَلُ اِلَّابِھِمَا وَاِکْرَامُ صَدِیْقِھِمَا۔ (رواہ ابوداؤد وابن ماجۃ)

أخرجه ابو داؤد في السنن ٥/٣٥٢ الحديث رقم ٥١٤٢ و ابن ماجه في ٢/١٢٠٨ الحديث رقم ٣١١٤، واحمد في المسند ٣/٤٩٧۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بنوسلمہ کا ایک شخص آیا اور عرض کرنے لگا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا میرے والدین کی بھلائیوں میں سے کوئی ایسی بھلائی باقی ہے جو میں ان کی موت کے بعد وہ بھلائی ان سے کرسکوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جی ہاں۔ ① ان کے لئے دعا رحمت واستغفار۔ ② ان کے کیے ہوئے وعدے کو پورا کرنا۔ ③ اور ان کے رشتوں کو جوڑنا جو انہی کی وجہ سے جڑتے ہوں۔ ④ اور ان کے دوستوں کا احترام واکرام کرنا۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ)

تشریح: ابوی: میں تغلیب ہے۔ للتی لا توصل الا بھما: صفت کاشفہ ہے ''رحم'' کیلئے۔

رضاعی والدہ کا اکرام

۴۹۳۷: وَعَنْ اَبِی الطُّفَیْلِ قَالَ رَاَیْتُ النَّبِیَّ ﷺ یَقْسِمُ لَحْمًا بِالْجِعِرَانَۃِ اِذْ اَقْبَلَتِ امْرَاَۃٌ حَتّٰی دَنَتْ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ فَبَسَطَ لَھَا رِدَاءَ ہٗ فَجَلَسَتْ عَلَیْہِ فَقَالُوْا ھِیَ اُمُّہُ الَّتِیْ اَرْضَعَتْہُ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه ابو داؤد في السنن ٥/٣٥٣ الحديث رقم ٥١٤٤۔

ترجمہ: حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جعرانہ میں گوشت تقسیم کرتے دیکھا۔ اچانک ایک عورت سامنے آئی جو آپ کے قریب ہوتی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لئے اپنی چادر بچھادی وہ اس پر بیٹھ گئی میں نے پوچھا یہ کون ہے؟ تو صحابہ کرامؓ نے بتلایا کہ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رضاعی والدہ ہے۔ (ابوداؤد)

تشریح: جعرانہ: جیم کے کسرہ، عین کے سکون، راء کی تخفیف کے ساتھ۔ بعض نسخوں میں عین کے کسرہ اور راء کی تشدید کے ساتھ ہے قولہ: فبسط لھا ردائہ فجلست علیہ: یا تو یہ عدم تکلف کے باعث تھا جیسا کہ اہل عرب کی عادت بے تکلفی کی تھی۔ یا کسی اور باعث سے تھا۔ اس حدیث سے اشارۃً معلوم ہوتا ہے، کہ حقوق قدیمہ کی رعایت واجب ہے۔ اور پرانے ملنے جلنے والوں کا اکرام بھی کرنا چاہئے۔ ''المواھب اللدنیۃ'' میں لکھتے ہیں: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رضاعی والدہ حلیمہ بنت ابی ذویب تھیں۔ ان کا تعلق قبیلہ ہوازن سے تھا۔ مدت رضاعت مکمل ہونے تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ پلایا۔ یوم حنین کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آنحضرت ﷺ کے پاس تشریف لائیں، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کھڑے ہو کر ان کا استقبال کیا، اور اپنی چادر مبارک پر بٹھایا۔ آنحضرت ﷺ کو حلیمہ کے علاوہ ایک اور خاتون نے بھی ابتداء میں کچھ دنوں تک دودھ پلایا تھا، جن کا نام ثویبہ تھا، یہ ابو لہب کی باندی تھیں۔ ان دونوں کے قبول اسلام کے بارے میں علماء کے اختلافی اقوال ہیں حلیمہ کے شوہر کے قبول اسلام میں بھی اختلاف ہے۔ نبی کریم ؐ کے حضرت خدیجہؓ سے نکاح ہو چکنے کے بعد جب۔ ثویبہ آنحضرت ﷺ کے پاس تشریف لاتیں تو حضرت خدیجہؓ ان کا اکرام فرماتی تھیں۔ ثویبہ کو ابولہب نے آزاد کیا تھا۔ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام مدینہ مبارکہ سے ان کو کپڑے اور دیگر ہدایا بھیجا کرتے تھے۔ ان کی وفات فتح خیبر کے بعد ہوئی۔ (ذکرہ ابوعمرو)

اعمالِ صالحہ کے توسل والے تین آدمی

۴۹۳۸: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ بَيْنَمَا ثَلٰثَةُ نَفَرٍ يَتَمَاشَوْنَ اَخَذَهُمُ الْمَطَرُ فَمَالُوْا اِلٰى غَارٍ فِى الْجَبَلِ فَانْحَطَّتْ عَلٰى فَمِ غَارِهِمْ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ اُنْظُرُوْا اَعْمَالاً عَلِمْتُمُوْهَا لِلّٰهِ صَالِحًا فَادْعُوا اللّٰهَ بِهَا لَعَلَّهُ يُفَرِّجُهَا فَقَالَ اَحَدُهُمْ اَللّٰهُمَّ اِنَّهُ كَانَ لِىْ وَالِدَانِ شَيْخَانِ كَبِيْرَانِ وَلِىْ صِبْيَةٌ صِغَارٌ كُنْتُ اَرْعٰى عَلَيْهِمْ فَاِذَا رَحْتُ عَلَيْهِمْ فَحَلَبْتُ بَدَاْتُ بِوَالِدَىَّ اَسْقِيْهِمَا قَبْلَ وَلَدِىْ وَاَنَّهُ قَدْنَاىٰ بِىَ الشَّجَرُ فَمَا اَتَيْتُ حَتّٰى اَمْسَيْتُ فَوَجَدْتُهُمَا قَدْنَامَا فَحَلَبْتُ كَمَا كُنْتُ اَحْلُبُ فَجِئْتُ بِالْحِلَابِ فَقُمْتُ عِنْدَ رُؤُسِهِمَا اَكْرَهُ اَنْ اُوْقِظَهُمَا وَاَكْرَهُ اَنْ اَبْدَاَ بِالصِّبْيَةِ قَبْلَهُمَا وَالصِّبْيَةُ يَتَضَاغَوْنَ عِنْدَ قَدَمَىَّ فَلَمْ يَزَلْ ذٰلِكَ دَاْبِىْ وَدَاْبُهُمْ حَتّٰى طَلَعَ الْفَجْرُ فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّىْ فَعَلْتُ ذَالِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا فُرْجَةً نَرٰى مِنْهَا السَّمَآءَ فَفَرَّجَ اللّٰهُ لَهُمْ حَتّٰى يَرَوْنَ السَّمَآءَ قَالَ الثَّانِىْ اَللّٰهُمَّ اِنَّهُ كَانَتْ لِىْ بِنْتُ عَمٍّ اُحِبُّهَا كَاَشَدِّ مَا يُحِبُّ الرِّجَالُ النِّسَاءَ فَطَلَبْتُ اِلَيْهَا نَفْسَهَا فَاَبَتْ حَتّٰى اٰتِيَهَا بِمِائَةِ دِيْنَارٍ فَسَعَيْتُ حَتّٰى جَمَعْتُ مِائَةَ دِيْنَارٍ فَلَقِيْتُهَا بِهَا فَلَمَّا قَعَدْتُ بَيْنَ رِجْلَيْهَا قَالَتْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تَفْتَحِ الْخَاتَمَ فَقُمْتُ عَنْهَا اَللّٰهُمَّ فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّىْ فَعَلْتُ ذَالِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا مِنْهَا فَفَرَجَ لَهُمْ فُرْجَةً وَقَالَ الْاٰخِرُ اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ كُنْتُ اسْتَاْجَرْتُ اَجِيْرًا بِفَرَقِ اَرُزٍّ فَلَمَّا قَضٰى عَمَلَهُ قَالَ اَعْطِنِىْ حَقِّىْ فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ حَقَّهُ فَتَرَكَهُ وَرَغِبَ عَنْهُ فَلَمْ اَزَلْ اَزْرَعُهُ حَتّٰى جَمَعْتُ مِنْهُ بَقَرًا وَرَاعِيَهَا فَجَاءَنِىْ فَقَالَ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تَظْلِمْنِىْ وَاَعْطِنِىْ حَقِّىْ فَقُلْتُ اِذْهَبْ اِلٰى ذَالِكَ الْبَقَرِ وَرَاعِيْهَا فَقَالَ اِتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تَهْزَاْبِىْ فَقُلْتُ اِنِّىْ لَا اَهْزَاُبِكَ فَخُذْ ذٰلِكَ الْبَقَرَ وَرَاعِيَهَا فَاَخَذَهُ فَانْطَلَقَ بِهَا فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنِّىْ فَعَلْتُ ذَالِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا مَابَقِىَ فَفَرَجَ اللّٰهُ عَنْهُمْ۔ (متفق علیہ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه مسلم في صحيحه ٤/٢٠٩٩ الحديث رقم (١٠٠-٢٧٤٣)، واحمد في المسند ٢/١١٦۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ واقعہ ذکر فرمایا کہ تین آدمی سفر میں تھے ان کو بارش نے گھیر لیا وہ پہاڑ کی ایک غار کی طرف گئے (اور اس میں پناہ لی) اس غار کے منہ پر پہاڑ کی ایک چٹان آگری جس نے غار کا منہ بند کر دیا وہ ایک دوسرے سے کہنے لگے اپنے اپنے کسی ایسے نیک عمل کے متعلق سوچو جو صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کیا ہو۔ اسی عمل کے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ اس (مصیبت) کو کھول دے تو ان میں سے ایک نے کہا اے میرے اللہ! میرے والدین بہت بوڑھے تھے اور بچے چھوٹے چھوٹے تھے میں ان کے لئے جانور چراتا تھا جب میں شام کو واپس لوٹتا تو دودھ دوھ کر اپنے بچوں سے پہلے اپنے والدین کو پلاتا ایک مرتبہ میں چراگاہ میں دور چلا گیا جس کی بناء پر شام کو دیر سے لوٹا اس وقت میرے والدین سو چکے تھے میں نے حسب سابق دودھ نکالا پھر دودھ لے کر ان کے سرہانے کھڑا ہو گیا مجھے ان کو جگانے کی ہمت بھی نہ ہو رہی تھی اور یہ بھی مجھے پسند نہ تھا کہ میں ان سے پہلے بچوں کو دے دوں میرے بچے بھوک کی وجہ سے میرے قدموں کے پاس بلک رہے تھے۔ میرا ان سے یہی معاملہ رہا یہاں تک کہ صبح ہو گئی اے میرے اللہ! تو جانتا ہے کہ میں نے یہ عمل تیری رضا کے لئے کیا تھا تو تو اتنی کشادگی فرما دے کہ ہم آسمان کو دیکھ سکیں چنانچہ اللہ تعالیٰ نے غار کا اتنا حصہ کھول دیا کہ انہیں آسمان نظر آنے لگا۔ پھر دوسرا عرض پیرا ہوا کہ اے میرے اللہ! میری ایک چچازاد بہن تھی جس سے میں اس طرح شدید محبت کرتا تھا جیسا مرد عورتوں سے کرتے ہیں میں نے اس سے اس کے نفس کا مطالبہ کیا تو اس نے انکار کرتے ہوئے سو دینار کا مطالبہ کیا میں نے کوشش کر کے سو دینار جمع کیے اور اس کے پاس لے گیا جب میں اس کی دونوں ٹانگوں کے درمیان بیٹھا تو اس نے کہا اے اللہ کے بندے اللہ سے ڈر اور اس مہر کو نہ کھول تو میں اٹھ کھڑا ہوا اے اللہ! اگر تو جانتا ہے کہ یہ عمل میں نے تیری رضا کے لئے کیا تو اس میں اور کشادگی فرما۔ تیسرے نے عرض کیا اے اللہ! میں نے ایک مزدور کو ساڑھے دس سیر چاول کے عوض رکھا تھا جب اس نے اپنا کام پورا کیا تو وہ کہنے لگا میرا حق دے دو میں نے اس حق اس پر پیش کیا تو وہ اسے چھوڑ کر چلا گیا اور اس سے بے پروائی اختیار کی میں اس چاول کو کاشت کرتا رہا یہاں تک کہ میں نے اس سے بیل اور چرواہے جمع کر لئے۔ پھر وہ میرے پاس آیا اور کہنے لگا اللہ تعالیٰ سے ڈر اور مجھ پر ظلم نہ کر اور مجھے میرا حق دے میں نے کہا وہ بیل اور چرواہے لے جا۔ اس نے کہا اللہ تعالیٰ سے ڈر میرا مذاق مت اڑا۔ میں نے کہا میں مذاق نہیں اڑاتا تو وہ تمام لے لے۔ اس نے ان کو اپنے قبضے میں لے لیا اور چلا گیا۔ اے اللہ! اگر تو جانتا ہے کہ میں نے وہ عمل تیری رضا کے حصول کیلئے کیا تھا تو باقی ماندہ راستہ میں کشادگی عنایت فرما۔ اللہ تعالیٰ نے غار کا تمام راستہ ان پر کھول دیا۔

(بخاری، مسلم)

تشریح: **بینما**: میم کے ساتھ ہے۔

ثلاثة نفر: اضافت بیانیہ ہے۔ **یتماشون**: شین کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

اعمالا عملتموها لله صالحة: ''**اعمالاً**'' موصوف ہے۔ اور ''**صالحة**'' صفت دوم ہے اس سے مراد یہ ہے کہ خالص اللہ تعالیٰ کے لئے کئے گئے اعمال، جن میں دکھلاوا اور ریاکاری نہ ہو۔ اس مفہوم پر اگلا کلام ''**ابتغاء وجهك**'' دلالت کر رہا ہے (کذا قاله الطیبی)۔ جمال الدینؒ لکھتے ہیں: اظہر یہ ہے کہ ''**صالحة**'' صفت ہے **اعمالا** کیلئے، اور عبارت میں تقدیم ای: **انظروا أعمالا صالحة لله**'' ''**صالحة**'' کی قید سے اعمال غیر صالحہ، اور ''**لله**'' کی قید سے اعمال لغیر اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خارج ہوگئے۔اس کی تائید بخاری کی روایت سے ہوتی ہے:انظروا اعمالا عملتوها صالحة لله۔

یفرجها:رائے مشددہ مکسورہ کے ساتھ ہے۔ازباب تفعیل ہے۔اورایک نسخہ میں حرف اول کے فتحہ اوررائے مشددہ کے ساتھ ہے۔ای یزیل الصخرة أویکشف الکربة۔ چنانچہ قاموس میں لکھتے ہیں: فرج الله الغم۔ یفرجه کشفه کفرجه۔ انه:ضمیرشان ہے۔

''صبیۃ'':صاد کے کسرہ اور باء کے سکون کے ساتھ یہ جمع ہے''صبی'' کی' ارعی علیهم:کے دومعنی بیان کئے گئے ہیں:

- ابن الملکؒ فرماتے ہیں:ای أرعی ماشیتهم جوہریؒ کہتے ہیں:یقال:فلان یرعی علی أبیه أی یرعی غنمه اھ۔
- طیبیؒ کا کہنا ہے،کہ أرعی، ''انفاق''کے معنی کومتضمن ہے،چونکہ بواسطہ ''علی''متعدی ہے۔ ای:أنفق علیهم راعیا الغنیمات۔تحقیقی بات وہ ہے جوطیبیؒ نے ذکر کی ہے۔

فاذارحت علیهم:رددت کے معنی کومتضمن ہے۔ای فاذا رددت الماشیة من المرعی الی موضع مبیتهم۔

بدأت والدی:جواب'' اذا''ہے۔

أسقیهما قبل ولدی:جملہ حالیہ ہے،یاجملہ مستانفہ تعلیلیہ ہے۔

وانه قد نأی:''ان''کے ساتھ متصل ضمیر،ضمیرشان ہے۔

قد نأی:اورایک نسخہ میں''ناء''ہے یعنی الف پہلے اورہمزہ بعد میں ہے۔مسلم کے بعض نسخوں میں بھی اسی طرح ہے۔یہ دونوں لغات صحیح ہیں۔اس آیت کریمہ:﴿ونأ بجانبه﴾[الاسراء۔۸۲]میں اکثرقراءسبعہ نے تقدیم الف کیساتھ ناء پڑھا ہے۔ابن ذکوان کی ابن عامر سے مروی قراءت بھی یہی ہے۔

أحلب:لام کے ضمہ اورکسرہ(یعنی باب نصر اور باب ضرب)دونوں سے درست ہے۔

الحلاب:حاء کے کسرہ کے ساتھ،وہ برتن کہ جس میں دودھ دوہا جاتا ہے۔بعض کا کہنا ہے کہ اس سے مراد دوہا گیا دودھ ہے۔اس صورت میں کلام میں مجاز ہوگا۔کہ ذکرمحل سے حال کاارادہ ہے۔پہلے معنی زیادہ ظاہر ہیں۔

علی رؤوسهما: ملاعلی قاریؒ کے نسخہ میں ''علی رؤوسهما'' ہے۔چنانچہ وہ لکھتے ہیں کہ ایک صحیح نسخہ میں ''عندرووسهما''ہے۔

أکره أن أوقظهما:یہ جملہ مستانفہ بیانیہ ہے یاحال ہے۔

والصبیة یتضاغون عند قدمی:یہ جملہ محل نصب میں حال ہے۔

یتضاغون:غین معجمہ کے ساتھ۔ای یضجون ویصیحون من الجوع۔

ودأبهم:منصوب ہے،اورایک نسخہ میں مرفوع ہے۔ضمیرجمع والدین اوربچوں کی طرف لوٹ رہی ہے۔

فافرج:ہمزہ وصلی اورراء کے ضمہ کے ساتھ،ثلاثی مجرد سے ہے۔اورایک نسخہ میں مزید فیہ سے ہے،ہمزہ قطعی اورراء کے کسرہ کے ساتھ میرکؒ فرماتے ہیں ہمزہ وصل اورراء کے ضمہ کے ساتھ''فرج'' سے ماخوذ ہے ہمزہ قطعی اورراء کے کسرہ کے ساتھ''افراج'' سے مشتق ہونا بھی صحیح ہے۔ای اکشف لنا۔فرجة :فاء پرضمہ اورفتحہ دونوں درست ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حتی یرون السماء: شرح السنہ کے بعض نسخوں میں بھی اثبات نون کے ساتھ ہے، حال ماضی کی حکایت ہے۔ جیسا کہ عرب کہتے ہیں: شربت الابل حتی یخرج بطنه. اور بعض نسخوں میں نون کے حذف کے ساتھ ہے، اس صورت میں وصل کے وقت التقاء ساکنین کی وجہ سے واؤ پر ضمہ پڑھیں گے۔

اللهم انه: یہ ضمیر ''ضمیر شان'' ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''ضمیر شان'' کی تفسیر مؤنث کے ساتھ کی جارہی ہے۔ تو معلوم ہوا کہ یہ بھی درست ہے۔

عسقلانیؒ فرماتے ہیں: پہلی جگہ'' اللهم انه'' ذکر فرمایا، دوسرے مقام پر اللهم انها ارشاد فرمایا، اور تیسرے آدمی کے قصہ میں'' اللهم انی '' کہا، یہ بطور ''تفنن'' ہے۔ پہلے مقام پر ضمیر شان ہے، اور دوسری جگہ ضمیر قصہ ہے، دوسرے واقعہ میں ضمیر قصہ لانے کی مناسبت بالکل واضح ہے چونکہ واقعہ عورت سے متعلق تھا۔

اس کلام سے یہ پتہ چلا کہ بخاری شریف کی روایت میں دوسرے آدمی کے کلام میں'' أنها'' آیا ہے، جو کہ مشکوٰۃ کی روایت سے ہٹ کر ہے۔ (ذکرہ میرک) بظاہر مشکوٰۃ کی عبارت کے الفاظ مسلم کی روایت سے مأخوذ ہیں، چنانچہ پتہ چلا کہ یہ روایت (لفظی طور پر نہیں بلکہ) معنوی طور پر ''متفق علیہ'' ہے۔

قوله: أحبها كاشد ما يحب الرجال النساء: ای حباشدیدا یہ جملہ اگر آیت کریمہ کے مشابہ ہے: ﴿يحبونهم كحب الله والذين آمنوا أشد حبا لله﴾ [البقرة۔۱۶۵] امام طیبیؒ فرماتے ہیں: مصدر محذوف کی صفت ہے۔ اور ''ما'' مصدریہ ہے۔ ای: احبها حبا مثل اشد حب الرجال النساء. یا حال ہے۔ ای: أحبها مشابها حبی اشد حب الرجال النساء. اور اس کی نظیر یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿يخشون الناس كخشية الله أو أشد خشية﴾ [النساء۔۷۷] '' أشد خشية'' حال ہے۔

تقدیری عبارت یوں ہے:

مشبهين أشد خشية من أهل خشية الله فطلبت الها نفسها: اس میں ''ارسال'' کے معنی کی تضمین ہے. أی: أرسلت اليها طالبًا نفسها.

حتی آتیها: منصوب ہے۔ اور ایک نسخہ میں ساکن ہے، حال ماضی کی حکایت کے طور پر۔ یا عبد الله: اسم میں اسمیت اور وصفیت دونوں کا احتمال ہے۔ اتق الله: (یہاں مضاف محذوف ہے.) ای: عذاب الله او مخالفته.

الخاتم: تاء کے فتحہ کے ساتھ، پردۂ بکارت سے کنایہ ہے۔

اللهم: زیادتی تضرع کیلئے ہے۔

فان كنت: معطوف علیہ مقدر ہے۔ ای اللهم فعلت ذلك فان كنت. اور یہ بھی ممکن ہے کہ اللهم ''مقحم'' ہو، معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان۔ اس صورت میں معطوف علیہ مقدر نہیں ماننا پڑے گا۔ اور'' اللهم'' ابتہال وتضرع کی تاکید کیلئے ہوگا۔ اس واقعہ میں'' اللهم '' مکرر لایا گیا۔ جب کہ پہلے اور تیسرے آدمی کے قصہ میں مکرر مذکور نہیں ہے، چونکہ یہ [illegible] ترین مقام تھا، خدا کے خوف کی وجہ اپنے نفس کو روکنا انتہائی مشکل کام ہے۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وأما

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

من خاف مقام ربه ونهى النفس عن الهوى فان الجنة هى المأوى﴾ [النازعات۔ ۴۰]

شیخ ابو حامدؒ فرماتے ہیں: نفسانی خواہشات میں سے سخت ترین شہوت شرمگاہ کی ہے، اور ہیجان کے وقت اس پر غلبہ پانا عقل کے نزدیک صعب ترین کام ہے، جو شخص زنا کو اللہ تعالیٰ کے خوف کی وجہ سے چھوڑ دیتا ہے، وہ صدیقین کے درجہ پر فائز ہو جاتا ہے۔ خصوصاً جب کہ زنا پر قدرت بھی ہو، تمام موانع بھی مرتفع ہوں اسباب بھی میسّر ہوں اور شہوت بھی صادقہ ہو۔

فرجة منها: ای من هذه الكربة أوا لصخرة۔ اس ''من'' میں ایک احتمال یہ ہے کہ تبعیضیہ ہو۔ ای بعض الفرجة

وقال الآخر: خاء کے فتحہ کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں خاء کے کسرہ کے ساتھ، حاصل دونوں کا ایک ہی ہے۔ دوسری صورت میں مقصود پر دلالت زیادہ واضح ہے۔

أرز: ہمزہ کے فتحہ، راء کے ضمہ اور زائے مشدہ کے ساتھ ہے اس لفظ میں متعدد لغات ہیں۔ چنانچہ صاحب قاموس لکھتے ہیں: الأرز كأشد، وعتل وقفل، وطنب، ورز، ورنز، وآرز ككابل، وارز كعضداه ففيه لغات بعدد أوله وآخره.

فرق: کے بارے میں لغوین کی آراء ملاحظہ فرمائیے۔

الفرق بكسر الراء ويسكن: قال الطيبیؒ الفرق بفتح الراء مكيال يسع ستة عشر رطلا، وفى القاموس: الفرق مكيال بالمدينة يسع ثلاثة آصع ويحرك، أو هو أفصح أو يسع ستة عشر رطلا أو أربعة ارباع. وفى النهاية: الفرق بالتحريك مكيال يسع ستة عشر رطلا، وبالسكون مائة وعشرون رطلا.

خلاصۃ الآراء:

① فرق، فاء، راء اور قاف کے ساتھ ہے۔

② یہ لفظ دو طرح سے پڑھا جاتا ہے۔ (الف) بروزن شمس. (ب) بروزن قمر

③ یہ مدینہ کا ایک پیمانہ ہے۔

عرضِ مرتب:

''فرق'' مدینہ میں رائج ایک پیمانہ کا نام تھا اس میں سولہ رطل یعنی تقریباً آٹھ سیر غلہ آتا تھا یہ پیمانہ عام طور پر غلہ وغیرہ کے لین دین میں ماپ تول کے کام آتا تھا۔ (انتھی)

④ بروزن قمر ہو تو سولہ (۱۶) رطل یا تین صاع یا ارابعہ ارباع کا پیمانہ ہے۔ (بقول صاحب قاموس وصاحب النہایہ)

⑤ بروزن شمس ہو، تو ۱۲۰ رطل کا پیمانہ ہے۔ (بقول صاحب النہایۃ)

⑥ بروزن قمر ہو یا بروزن شمس ہو، ایک ہی پیمانہ ہے۔ (بقول صاحب قاموس)۔

ایک روایت میں ''بفرق ذرة'' کے الفاظ آئے ہیں، دونوں روایتوں میں جمع یوں ہوگا کہ ''فرق'' دو الگ الگ صنف کا تھا۔

قوله: فخذ ذلك البقر وراعيها: اسم اشارہ مذکر باعتبار ''سوادمرئی'' کی تاویل کے لایا گیا اور باعتبار جنس کے ضمیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مؤنث کی لائی گئی۔

لا تهز أبي: باء کے ساتھ ہے، اور ایک نسخہ میں نون کے ساتھ "نبی" ہے۔

فأخذه: ایک نسخہ میں "فأخذها" ہے۔

حتى جمعت بقراو راعيها: کے ذیل میں امام میرکؒ فرماتے ہیں کہ صحیح کی روایت میں "فثمرت أجره حتى كثرت من الأموال" کے الفاظ ہیں۔ اسی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: فقلت له: كل ما ترى من الابل والبقر والغنم والرقيق من أجرك. اسی روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: فاستاقه فلم يترك شيئاً. یہ روایت اس بات پر دلالت کر رہی ہے، کہ مشکوۃ کی روایت مذکورہ میں "جمعت بقرا" سے مراد صرف گائے نہیں ہے۔ گائے کے ذکر پر اکتفاء اس وجہ سے کہ گایوں کی تعداد بظاہر دوسرے جانوروں کے مقابلے میں زیادہ تھی۔

عرضِ مرتب:

والصبية يتصاغون: سے معلوم ہوتا ہے کہ واقعہ جس قوم کے افراد سے متعلق ہے اس کی شریعت میں ماں باپ کا حق اولاد کے نفقہ و حق پر مقدم تھا جبھی تو اس شخص نے ماں باپ کو دودھ پلانے سے پہلے اپنے بچوں کو دودھ پلانا گوارا نہیں کیا حالانکہ بھوک کی شدت سے رات بھر روتے تڑپتے رہے اس شخص نے اپنے بچوں کو بقدر سد رمق تو دودھ پلا دیا تھا مگر وہ اتنی مقدار پر مطمئن نہیں ہوئے تھے اور مزید دودھ پینے کیلئے روچلا رہے تھے۔

علماء نے اس حدیث سے مختلف مسائل اخذ کئے ہیں۔ چنانچہ امام نوویؒ نے چند مسائل ذکر فرمائے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:

(ا): ہمارے اصحاب نے اس سے استدلال کیا ہے کہ کسی سخت آفت و مصیبت کے وقت اپنے نیک اعمال کو وسیلہ بنا کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنا مستحب ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ان تینوں کی دعا قبول فرمانا اور آنحضرت ﷺ کا اس واقعہ کو مدح و تعریف اور ذکر کی فضیلت کے طور پر صحابہؓ کے سامنے بیان کرنا اس امر کی دلیل ہے اور اگر یہ مستحب نہ بھی ہو تو اس کے جائز ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں ہے۔

(ب): ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کرنا ان کو اپنے بال بچوں پر ترجیح دینا بڑی فضیلت کی بات ہے۔

(ج): عفت و پارسائی اور انسانی نفس کو حرام امور سے باز رکھنا خصوصاً اس صورت میں جبکہ کسی طرح کی کوئی رکاوٹ بھی سامنے نہ ہو بڑی فضیلت کی بات ہے۔

(د): کرامات اولیاء برحق ہیں۔ اہل حق کا مذہب یہی ہے۔ (اللہ کے نیک صالح بندوں کے ذریعہ ایسی چیزوں کا ظاہر ہونا جو عام انسانی عادت کے خلاف ہوں، ان کو کرامات کہا جاتا ہے)

(ہ): اصحاب ابوحنیفہ وغیرہ نے اس سے استدلال کیا ہے کہ غیر کے مال میں اس کی اجازت کے بغیر تصرف کرنا جائز ہوتا ہے بشرطیکہ بعد میں اس کی اجازت حاصل ہو (امام اعظم ابوحنیفہؒ کا مسلک ہے کہ فضولی کا تصرف جائز ہو جاتا ہے، البتہ یہ جواز مالک کی اجازت پر موقوف رہتا ہے کہ اگر مالک اجازت دے دیتا ہے تو وہ تصرف نافذ العمل قرار پا جاتا ہے)۔ ہمارے اصحاب نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ یہ پچھلی شریعتوں کے بارے میں خبر دی گئی ہے، کیا وہ ہمارے لئے بھی شریعت کا درجہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رکھتی ہے کہ نہیں؟ اس میں اختلاف ہے۔

والدہ کے قدموں میں جنت

۴۹۳۹: وَعَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ جَاهِمَةَ اَنَّ جَاهِمَةَ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَدْتُّ اَنْ اَغْزُوَ وَقَدْ جِئْتُ اَسْتَشِيْرُكَ فَقَالَ هَلْ لَكَ مِنْ اُمٍّ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَالْزَمْهَا فَاِنَّ الْجَنَّةَ عِنْدَ رِجْلِهَا ۔ (رواه احمد والنسائی والبیهقی فی شعب الایمان)

أخرجه النسائی فی السنن ٥/ ١١ الحديث رقم ٣١٠٤، واحمد فی المسند ٣/ ٤٢٩ والبيهقی فی شعب الايمان ٦/ ١٧٨ الحديث رقم ٧٨٣٣۔

ترجمہ: حضرت معاویہ بن جاہمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں خدمت نبوی میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ یارسول اللہ! میں جہاد میں شرکت کرنا چاہتا ہوں آپ کی خدمت میں مشورہ کے لئے حاضر ہوا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تمہاری والدہ ہے؟ عرض کیا جی ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے پاس رہو کیونکہ جنت اس کے قدموں کے پاس ہے۔ (احمد، نسائی، بیہقی)

تشریح: جاهمة: کہا گیا ہے کہ یہ جاہمہ ابن العباس بن مرداس سلمی تھے۔

قوله: فان الجنة عند رجلها: مطلب یہ ہے کہ تم جہاد میں جانا چاہتے ہو، اور "ان الجنة تحت ظلال السيوف" والی فضیلت حاصل کرنا چاہتے ہو، تو تم جہاد میں جانے کے بجائے ماں کے قدموں میں پڑے رہ کر اس کی اطاعت وخدمت کرنا زیادہ ضروری سمجھو کیونکہ ماں کی اطاعت وخدمت جنت میں جانے کا ذریعہ ہے جیسا کہ خطیب نے "الجامع"۔ میں حضرت انس سے نقل کیا ہے: **الجنة تحت أقدام الأمهات**۔ اس جملہ (عند رجلها) کے ذریعہ بطور کنایہ اس تواضع وانکساری اور عاجزی وانکساری کو بیان کرنا مقصود ہے جس کا حکم اولاد کو دیا گیا ہے چنانچہ ارشاد ربانی ہے:

﴿وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ﴾ [الاسراء ٢٤]

"اور ان (والدین) کے سامنے شفقت سے عاجزی کے ساتھ جھکے رہو"۔ ممکن ہے کہ رسول اللہ کو ان ماں بیٹے کا حال پہلے سے معلوم ہو اس لئے آپ نے فرمایا کہ تم اپنی ماں کی خدمت کو لازمی سمجھو۔ کہ ان کے لئے یہی اولیٰ تھا۔

تخریج: منذری کا کہنا ہے کہ اس حدیث کو ابن ماجہ اور نسائی نے بھی ذکر کیا ہے۔ اور یہ الفاظ نسائی کے ہیں۔ امام حاکم کا کہنا ہے کہ یہ روایت صحیح الاسناد ہے۔

حدیث باب میں ماں کے ذکر پر اکتفاء کرنا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ماں کی خدمت اولیٰ ہے، اسی وجہ سے دوسری حدیث "الجنة تحت اقدام الامهات" میں بھی ماں ہی کے ذکر پر اکتفاء کیا۔

طبرانی نے سند جید کے ساتھ ایک روایت ان الفاظ میں ذکر کی ہے: **قال: اتيت النبی ﷺ استشيره فی الجهاد، فقال النبی ﷺ: "ألك الوالدان؟" قلت: نعم قال: الزمهما فان الجنة تحت اوجلهما**" اھ۔ والد کی خدمت بھی بلا شبہ دخول جنت کا ایک ذریعہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والد کی پسند کو اپنی پسند پر ترجیح دو

۴۹۴۰: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ تَحْتِيْ اِمْرَاَةٌ اُحِبُّهَا وَكَانَ عُمَرُ يَكْرَهُهَا فَقَالَ لِيْ طَلِّقْهَا فَاَبَيْتُ فَاَتٰى عُمَرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلِّقْهَا۔

(رواه الترمذی وابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۳۵/۵ الحديث رقم ۵۱۳۸، والترمذی فی ۲۹۴/۳ الحديث رقم ۱۱۸۹ و ابن ماجه فی ۶۷۵/۱ الحديث رقم ۲۰۸۵۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ میری ایک بیوی تھی جس سے مجھے محبت تھی حضرت عمرؓ اسے ناپسند کرتے تھے اسی وجہ سے مجھے فرمایا اسے طلاق دے دو۔ میں نے طلاق دینے سے انکار کر دیا تو حضرت عمر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گئے اور اس سلسلہ میں عرض کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا کہ اسے طلاق دے دو۔ (ترمذی، ابوداؤد)

اسنادی حیثیت:

فقال طلقها: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہ فرمانا کہ ''اس عورت کو طلاق دے دو'' استحباب کے طور پر تھا یا اگر اس عورت کو طلاق دلوانے کا کوئی شرعی سبب تھا (کہ اس بناء پر ابن عمر رضی اللہ عنہما کا اس عورت سے علیحدگی اختیار کرنا ضروری تھا تو پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا) مذکورہ ارشاد وجوب کے طور پر ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام نسائی اور ابن ماجہ نے اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں بھی روایت کیا ہے۔ (نقله میرك عن المنذری)

والدین کا اولاد پر حق

۴۹۴۱: وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّ رَجُلاً قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا حَقُّ الْوَالِدَيْنِ عَلٰى وَلَدِهِمَا قَالَ هُمَا جَنَّتُكَ وَنَارُكَ۔ (رواه ابن ماجة)

أخرجه ابن ماجه فی السنن ۱۲۰۸/۲ الحديث رقم ۳۶۶۲۔

ترجمہ: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص کہنے لگا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! والدین کا اولاد کے ذمہ کیا حق ہے؟ ارشاد فرمایا وہ دونوں تیری جنت اور دوزخ ہیں۔ (ابن ماجہ)

تشریح: **جنتك ونارك:** (یہاں مضاف محذوف ہے۔ ای: اسبابهما مطلب یہ ہے کہ والدین کی رضامندی اور خوشنودی کو بہرصورت ملحوظ رکھا جائے جو جنت میں جانے کا ذریعہ ہے۔ اور ان کی نافرمانی سے اجتناب کیا جائے جو دوزخ میں جانے کا ذریعہ ہے۔ اور یہ ایسا نہیں ہے کہ جو بعض حقوق میں منحصر ہو۔ پس یہ جواب نا صرف یہ کہ سوال کے عین مطابق ہے بلکہ اس میں مبالغہ بھی ہے۔ ''جنتك ونارك'' کا خطاب عام ہے۔ اور سائل مخاطب اول ہے۔

طیبی فرماتے ہیں، کہ اس موقع پر یہ جواب حکیمانہ اسلوب سے تعلق رکھتا ہے۔ (ورنہ اصل کلام بظاہر یوں ہوتا) حقهما

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

البروالاحسان اليها وترك العقوق الموجبان لدخول الجنة وعدا ،وترك الاحسان والعقوق الموجبان لدخول النار وعيدا۔پس نبی کریمؐ نے اپنے کلام میں ایجاز برتا۔

والدین کی خدمت سے محروم کا موت کے بعد مداوی

۴۹۴۲:وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَ لَيَمُوْتُ وَالِدَاهُ اَوْ اَحَدُهُمَا وَاِنَّهٗ لَهُمَا لَعَاقٌّ فَلَا يَزَالُ يَدْعُوْلَهُمَا وَيَسْتَغْفِرُلَهُمَا حَتّٰى يَكْتُبَهُ اللّٰهُ بَارًّا۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/ ٢٠٢ الحديث رقم ٧٩٠٢۔

ترجمہ:حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کسی آدمی کے والدین فوت ہوجائیں یا ان میں سے ایک فوت ہوا جائے اور یہ اب تک ان کا نافرمان تھا تو وہ ان کے لئے ہمیشہ دعا اور استغفار کرتا رہے تو آخر کار اللہ تعالیٰ اسے نیکوں میں لکھ دیتا ہے۔(بیہقی)

تشریح: لهما اى لأجلها أولأ حدهما ۔ جار مجرور'' عاق'' کے متعلق ہے۔اور اختصاص کی وجہ سے مقدم ہے۔'' لعاق''میں لام تاکید کا ہے۔

قوله:حتى يكتبه الله:یعنی اللہ تعالیٰ ملائکہ کو حکم دے گا کہ اس کے دیوان عمل میں اس کو نیکوکار'' لکھ'' دو۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿ان الحسنات يذهبن السيئات﴾ ارشاد نبوی ہے:''التائب من الذنب كمن لا ذنب له''.اس فضیلت کے حصول میں ایک اور شرط بھی ہے،وہ یہ کہ اولاد والدین کی نافرمانی کے گناہ سے توبہ بھی کرے۔چونکہ یہ بھی حقوق اللہ میں سے ہے،لہٰذا توبہ ضروری ہے۔تاکہ''بار'' بن سکے۔

والدین کے نافرمان کے لئے دوزخ کے دو دروازے

۴۹۴۳:وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَصْبَحَ مُطِيْعًا لِلّٰهِ فِيْ وَالِدَيْهِ اَصْبَحَ لَهٗ بَابَانِ مَفْتُوْحَانِ مِنَ الْجَنَّةِ وَاِنْ كَانَ وَاحِدًا فَوَاحِدًا وَمَنْ اَصْبَحَ عَاصِيًا لِلّٰهِ فِيْ وَالِدَيْهِ اَصْبَحَ لَهٗ بَابَانِ مَفْتُوْحَانِ مِنَ النَّارِ اِنْ كَانَ وَاحِدًا فَوَاحِدًا قَالَ رَجُلٌ وَاِنْ ظَلَمَاهُ؟ قَالَ وَاِنْ ظَلَمَاهُ وَاِنْ ظَلَمَاهُ وَاِنْ ظَلَمَاهُ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/ ٢٠٦ الحديث رقم ٧٩١٦۔

ترجمہ:حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رضائے الٰہی کی خاطر والدین کی اطاعت کرے۔اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کے دو دروازے کھول دیتا ہے اور اگر ایک ہو تو ایک دروازہ اور جو شخص اپنے والدین کا نافرمان ہو اس کے لئے دوزخ کے دو دروازے کھل جاتے ہیں اور اگر ایک ہو تو ایک دروازہ۔اس شخص نے عرض کیا اگرچہ وہ اس پر ظلم کریں۔فرمایا اگرچہ وہ اس پر ظلم کریں،ظلم کریں،ظلم کریں۔(بیہقی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: فی والدیه: (یہاں مضاف محذوف ہے۔) ای: فی حقهما۔ اور ایک نسخہ میں ''فی والده'' ہے۔ گویا کہ یہاں جنس مراد ہے، قطع نظر کرتے ہوئے مرد وعورت ہونے، اور بعض کا کہنا ہے کہ نسب کا صیغہ ہے، جس طرح کہ ''تامر'' اور ''لابن'' ہے۔ چنانچہ یہ ماں باپ دونوں کو شامل ہے۔ پس (ملا علی قاری) کہتا ہوں اس کے باوجود یہ ضروری ہے کہ اس سے مراد جنس ہوتا کہ اگلا کلام یعنی ''أصبح له بابان'' درست ہو سکے۔

من الجنة: ''بابان'' کی صفت ثانی ہے، یا ''مفتوحان'' کی ضمیر سے حال ہے (ذکرہ الطیبی)۔

وان کان: اور ایک نسخہ میں ''فان کان'' ہے۔

وان کان واحدا فواحدا: کی معنوی تقدیریوں ہے: فان کان الوالد المطاع واحدا فکان الباب المفتوح واحدا.

حدیث سے معلوم ہوا کہ ماں باپ کی اطاعت وفرمانبرداری کرنا اور ان کی نافرمانی سے یا ایذاء رسانی سے اجتناب کرنا مستقل طاعت نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے، اس لئے ان کی اطاعت وفرمانبرداری یا ان کی نافرمانی درحقیقت اللہ تعالیٰ کی اطاعت وفرمانبرداری یا اس کی نافرمانی کرنا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے باب سے ہے: ﴿ان الذین یؤذون اللہ و رسولہ﴾ [الاحزاب۔۵۷] (ذکرہ الطیبی) میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں اس کی تائید رسول اللہ ﷺ کے اس ارشاد گرامی سے بھی ہوتا ہے: لا طاعة لمخلوق فی معصیة الخلق۔ بلکہ وہ ان کی اطاعت کرے گا، اور اس طاعت سے اس کی نیت اللہ تعالیٰ کی رضا نہیں ہوگی تو وہ ''نیکوکار'' نہیں ہوگا۔

قوله: وان ظلماه: حضور ﷺ کے اس جملہ کو تین بار فرمانا ماں باپ کی اطاعت وفرمانبرداری کی اہمیت کو ظاہر کرنے اور ان کے حقوق کو ادا کرنے کی تاکید کو زیادہ سے زیادہ شدت کے ساتھ بیان کرنے کی بنا پر تھا

تاہم واضح رہے کہ ظلم سے مراد وہ ظلم ہے جس کا تعلق دنیاوی معاملات سے ہو نہ کہ دینی امور سے (کیونکہ ماں باپ کی ایسی اطاعت وفرمانبرداری جائز نہیں ہے جس سے دین کی مخالفت اور شرعی احکام ومسائل کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔)

تخریج: اس روایت کو ابن عساکر نے بھی ابن عباس سے نقل کیا ہے۔ البتہ ابن عساکر کی روایت واحدا فواحدا تک ہے۔

ایک نظر پر مقبول حج کا ثواب

۴۹۴۴: وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ وَلَدٍ بَارٍّ يَنْظُرُ اِلٰى وَالِدَيْهِ نَظْرَةَ رَحْمَةٍ اِلَّا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِكُلِّ نَظْرَةٍ حَجَّةً مَبْرُوْرَةً قَالُوْا وَاِنْ نَظَرَ كُلَّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةً قَالَ نَعَمْ اللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَطْيَبُ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/١٨٦ الحديث رقم ٧٨٥٦۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بھلائی کرنے والا بیٹا جب والدین کو بنظر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محبت دیکھے تو اللہ تعالیٰ اس ایک نظر کے بدلے مقبول حج کا ثواب لکھتے ہیں۔ صحابہ کرامؓ نے سوال کیا اگر چہ ہر روز سو مرتبہ دیکھے آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! اللہ تعالیٰ بہت بڑے اور پاکیزہ ہیں۔ (بیہقی)

تشریح: قوله: وان نظر كل يوم مائة مرة: اى أ يكون كذلك۔ صحابہ کرام کا یہ کلام ان کے استبعاد کو ظاہر کرتا ہے۔ کہ ہر نظر کے بدلے ایک مقبول نفلی حج کا ثواب لکھا جاتا ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ اگر چہ وہ دن بھر میں سو مرتبہ دیکھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ہاں! اللہ بہت بڑا ہے اس کی شان عظمت' کبریائی تصور سے بڑھ کر ہے اور اس کی خیر احصار وحصر سے بھی بڑھ کر ہے۔ یعنی ان کو یہ بات متبعد لگی کہ آدمی کو اپنے ماں باپ کی طرف ایک مرتبہ نظر بھر کر دیکھنے سے ایک حج کا ثواب ملتا ہے' اگر چہ وہ سو بار دیکھے۔ اللہ اکبر کا مطلب یہ ہے کہ تمہارا یہ جو اعتقاد ہے کہ یہ اعداد کثیرہ اس کے لئے نہیں لکھا جائے گا اور نہ اس پر ثواب دیا جائے جو اطیب ہے۔

اطیب۔ اللہ کی ذات ہر قسم کے قصور وکوتاہی سے منزہ ہے، اس کی مشیت وارادہ ہر طرح کے نقصان سے مبرّا ہے۔ اس مقام پر طیبیؒ کی عبارت ملاحظہ فرمائیے:

اس پر اشکال یہ ہے: کہ ''اطیب''، اللہ کی صفت ہے، نا کہ ثواب کی۔ واللہ اعلم

والدین کی نافرمانی کی سزا موت سے پہلے

۴۹۴۵: وَعَنْ اَبِیْ بَکْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ الذُّنُوْبِ يَغْفِرُ اللّٰهُ مِنْهَا مَاشَآءَ اِلَّا عُقُوْقَ الْوَالِدَيْنِ فَاِنَّهٗ يُعَجِّلُ لِصَاحِبِهٖ فِی الْحَيٰوةِ قَبْلَ الْمَمَاتِ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ۱۹۷/٦ الحديث رقم ۷۸۹۰۔

ترجمہ: حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ جس گناہ کو چاہیں معاف فرمادیں سوائے والدین کی نافرمانی کے۔ کیونکہ یہ ایسا عمل ہے جس کی سزا اس کے مرتکب کو موت سے قبل دی جاتی ہے۔ (بیہقی)

تشریح: قوله: يغفر الله منها: اس ''من'' کے بارے میں دو احتمال ہیں:

یہ من ''تبعيضيه'' ہے۔ اى: من جملتها. زیادہ ظاہر یہ ہے کہ یہ من ''بیانیہ'' ہے۔

فى الحياة قبل الممات: یہاں عبارت میں حذف واقع ہوا ہے۔ بایں طور کہ لام، مضاف الیہ کے عوض میں ہے۔ اى: فى حياة العاق قبل مماته، دوسری تقدیریوں ممکن ہے: فى حياة الوالدين قبل مماتهما.

پہلا احتمال: جو شخص ماں باپ کی نافرمانی کے گناہ کا ارتکاب کرتا ہے اسے اپنے اس گناہ کی سزا اپنی موت سے پہلے اسی دنیا میں بھگتنی پڑتی ہے اس کی سزا کو آخرت تک مؤخر نہیں کیا جاتا۔ دوسرا احتمال: اس دنیا کی زندگی کا تعلق ماں باپ سے ہو یعنی جو والدین اپنی اولاد کی طرف سے نافرمانی کا دکھ سہتے ہیں وہ اپنی زندگی ہی میں اس اولاد کو اپنے گناہ کی سزا بھگتتے دیکھ لیتے ہیں

تیسرا احتمال: والدین کے حقوق کے مذکورہ بالا حکم میں تمام حقوق العباد شامل ہوں اور اس لئے بھی کہ اس طرح کی وعید اہل ظلم یعنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ناحق کے بارے میں وارد ہوئی ہے (یعنی جس طرح ماں باپ کے حقوق ادا نہ کرنے والی اولاد اس گناہ کی سزا دنیا میں پاتی ہے اسی طرح ہر وہ شخص بھی اسی دنیا میں سزایاب ہوتا ہے جو بندوں کے حقوق کو پامال کرتا ہے چنانچہ حکومت وقت کے خلاف بلا کسی شرعی وقانونی وجہ کے بغاوت کرنے والے اور ناحق ظلم کرنے والے کے بارے میں مذکورہ بالا طرح کی وعید منقول ہے۔)

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''من'' تبعیضیہ ہے، محل نصب میں مجازاً ''یغفر'' کا مفعول ہے۔ ''ما شاء'' اس سے بدل ہے۔ دوسرا احتمال یہ ہے کہ ''من'' ابتدائیہ ہو، ''یغفر'' کے متعلق ہو اور ''ما شاء'' مفعول ہو۔ ''کل الذنوب'' میں استغراق ہے۔ ای: کل فرد فرد من أفراد الذنوب مغفور اذا تعلقت مشیئة الله تعالٰی به الا عقوق الوالدین. یہ حدیث تغلیظ وتشدید پر محمول ہے اور ''یعجل'' کا مفعول ''العقوبة'' محذوف ہے، جس پر سیاق کلام دلالت کر رہا ہے۔ اھ۔

ابن الملکؒ نے بھی طیبیؒ کی اتباع کی ہے۔ لیکن ان دونوں حضرات کی عبارت میں خطأ فاحش ہے۔ چونکہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ ''عقوق الوالدین'' کی مغفرت مشیئت اس کے متعلق ہو۔

حالانکہ ایسا نہیں ہے، چونکہ حدیث میں ''ما شاء'' کا لفظ ''شرک'' کے اخراج کیلئے ہے فقط۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاءُ﴾ [النساء: ٤٨] چنانچہ اس حدیث کا صحیح مفہوم یہ ہے: کل فرد من أفراد الذنوب التی قد یتعلق به مشیئة اللّٰه تعالٰی مغفور الا عقوق الوالدین، چونکہ غالب یہی ہے، کہ مغفرت کی مشیت کا تعلق اس کے ساتھ نہیں ہوگا۔ اور یہ مفہوم انتہائی زجر وتہدید پر محمول ہے۔ یہ کہنا صحیح نہیں ہے کہ عبارت کی تقدیر یوں ہے: الا عقوقهما، چونکہ عقوق کے ساتھ مشیت کا تعلق مطلق نہیں ہے۔ اس صورت میں یہ وعید وتشدید پر محمول ہے۔ چونکہ آنحضرت ﷺ کے کلام کو کسی ایسے محمل پر محمول نہیں کیا جا سکتا، کہ جس کا ظاہر کلام اللہ سے مناقض ہو۔ حالانکہ اللہ جل شانہ کا فرمانا یہ ہے کہ اس کی مشیت کا تعلق شرک کے علاوہ گناہوں سے ہے۔

بڑا بھائی بمنزلہ والد ہے

۴۹۴۶: وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقُّ كَبِيْرِ الْإِخْوَةِ عَلٰى صَغِيْرِهِمْ حَقِّ الْوَالِدِ عَلٰى وَلَدِهٖ ۔ (روی البیهقی الاحادیث الخمسة فی شعب الایمان)

أخرجه البيهقی فی شعب الايمان ٦/ ٢١٠ الحديث رقم ٧٩٢٩۔

ترجمہ: حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بڑے بھائی کا حق چھوٹے بھائی پر اس طرح ہے جیسا کہ والد کا حق اولاد پر ہوتا ہے۔ یہ پانچوں روایات بیہقی میں ہیں۔

تشریح: قوله: حق الوالد علی ولده:

(یہاں حرف تشبیہ محذوف ہے۔) ای کحقه علیهم اس میں تشبیہ بلیغ ہے۔ الجامع کی روایت میں ''کحق الوالد علی ولده'' کے الفاظ آئے ہیں۔ واللہ اعلم۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الشَّفَقَةِ وَالرَّحْمَةِ عَلَى الْخَلْقِ

بنی نوع انسان پر شفقت ورحمت کا بیان

شفقة، اسم ہے اشفاق سے ماخوذ ہے۔ اشفاق کا معنی ہے خوف۔ شفقة اس عنایت ومہربانی کو کہتے ہیں جس میں خوف بھی ہو۔ چونکہ ''مشفق'' کو ''مشفق علیہ'' سے محبت ہوتی ہے اور اس کو ''مشفق علیہ'' کے بارے دنیاوی اور اخروی مشقت کا خوف بھی ہوتا ہے۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں: أشفق ای حاذر.

الفصل الاول:

جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا

۴۹۴۷: عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَا يَرْحَمُ النَّاسَ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۳/۳۵۸ الحدیث رقم ۷۳۷۶ و مسلم فی ۴/۱۸۰۹ الحدیث رقم (۶۶-۲۳۱۹)، والترمذی فی السنن ۴/۲۸۴ الحدیث رقم ۱۹۲۲ و ابن ماجه فی ۲/۱۳۵۴ الحدیث رقم ۳۶۶۵، واحمد فی المسند ۴/۳۵۸۔

ترجمہ: حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ جو شخص لوگوں پہ رحم نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس پر رحمت نہ فرمائیں گے۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله: لا یرحم اللّٰه: اس جملہ کے دو معنی بیان کئے گئے ہیں:

پہلا مطلب یہ اخبار ہے۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ یہ بد دعا ہے۔ اور مطلب یہ ہوگا: انه لا یکون من الفائزین بالرحمة الکاملة، والسابقین الی دار الرحمة والا فرحمته وسعت کل شیء.

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: دوسری رحمت حقیقت پر محمول ہے اور پہلی رحمت مجاز پر محمول ہے۔ چونکہ رحمت کی اسناد جب مخلوق کی طرف ہو، تو اس کے معنی تعطف ورقت کے ہوتے ہیں۔ چنانچہ ان معنی کا حمل اللہ جل شانہ کی ذات پر درست نہیں۔ رحمت کی نسبت باری تعالیٰ کی طرف ہو، تو ''مرحوم'' سے رضا کے معنی پر محمول ہوتا ہے، چونکہ جس کے لئے دل میں رقت ہوتی ہے، اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے راضی بھی ہوتا ہے۔ یا انعام یا ارادہ خیر پر محمول ہے۔ چونکہ مَلِک جب اپنی رعایا پر مہربان ہوتا ہے، اور ان کیلئے اس کا دل نرم ہوتا ہے، تو ان کے ساتھ انعام واکرام کا معاملہ کرتا ہے۔

تخریج: اس حدیث کو احمد، شیخین، ابوداؤد اور ترمذی رحمہم اللہ نے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کیا ہے۔

حضرت جریر سے مروی شیخین کی ایک روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: من لا یرحم لا یرحم. حضرت جریرؓ سے مروی احمد و شیخین اور ترمذی کی ایک روایت، اور ابوسعیدؓ سے مروی احمد و ترمذی کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:

من لا یرحم الناس لا یرحمه اللّٰه.

حضرت جریرؓ سے مروی طبرانی کی ایک روایت میں: من لا یرحم من فی الأرض لا یرحمه من في السماء کے الفاظ، اور دوسری روایت میں من لا یرحم لا یرحم، ومن لا یغفر لا یغفر له، ومن لا یتب لا یتب علیه کے الفاظ آئے ہیں۔ (کذا فی الجامع الصغیر، ولم یذکر فیه لفظ المشکوٰۃ). واللہ اعلم

میں شفقت تمہارے دل میں ڈال نہیں سکتا

۴۹۴۸: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَآءَ اَعْرَابِیٌّ اِلَی النَّبِیِّ ﷺ فَقَالَ اَتُقَبِّلُوْنَ الصِّبْیَانَ فَمَا نُقَبِّلُهُمْ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَوَاَمْلِكُ لَكَ اَنْ نَزَعَ اللّٰهُ مِنْ قَلْبِكَ الرَّحْمَةَ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۴۲۶ الحدیث رقم ۵۹۹۸ و مسلم فی ۴/۱۸۰۸ الحدیث رقم ۲۳۱۷/۶۴ و ابن ماجه فی السنن ۲/۱۲۰۹ الحدیث رقم ۳۶۶۵۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک دیہاتی حاضر ہو کر عرض کرنے لگا تم لوگ بچوں کو چومتے ہو مگر ہم نہیں چومتے تو آپ ﷺ نے فرمایا اگر تیرے دل سے اللہ تعالیٰ نے رحمت کو نکال دیا ہو تو مجھے اس کے تمہارے دم میں ڈالنے کا کچھ اختیار نہیں۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: الی رسول اللّٰه: اور ایک نسخہ میں الی النبی کے الفاظ آئے ہیں۔

عرضِ مرتب:

ہمارے نسخہ میں بھی یہی الفاظ ہیں۔ اھ۔

ان نزع: ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ ''ان'' اور فعل مل کر بتاویل مصدر ہو کر موضع ظرف میں واقع ہے۔ ایک نسخہ میں ہمزہ کے کسرہ کے ساتھ (''ان'') ہے۔ اس صورت میں یہ ''ان'' شرطیہ ہے، اور ماقبل جملہ کی جزاء پر دال ہے۔

اشرفؒ فرماتے ہیں: یہ ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ مروی ہے، یہ ''ان'' مصدریہ ہے، اور مضاف محذوف ہے۔ ای: لا أملك لك دفع نزع اللّٰه من قلبك الرحمة یا تقدیری عبارت یوں ہے: لا أملك لك ان أضع فی قلبك ما نزعه اللّٰه منه من الرحمة. اور ہمزہ کے کسرہ کے ساتھ بھی مروی ہے۔ اس صورت میں یہ حرف شرط ہوگا اور جزا محذوف ہوگی جو ماقبل کی جنس سے ہوگی۔ ای: ان نزع اللّٰه من قلبك الرحمة لا أملك لك دفعه ومنعه.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أتقبلون الصبيان: ہمزہ انکاری ہے۔ ای: ان کنتم تقبلونهم فما نقبلهم. اس اعرابی کا یہ کہنا از راہ استکبار تھا، یا برائے استحقار تھا۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''فما نقبلهم'' میں فاء استبعاد یہ ہے. ای: أتفعلون ذلك وهو مستبعد عندنا؟ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ بظاہر استبعاد کے معنی استفہام سے مفہوم ہو رہے ہیں، نا کہ فاء سے' چونکہ فاء کے یہ معنی معروف نہیں ہیں۔

قوله: فقال النبی ﷺ: او أملك لك الرحمة: ہمزہ استفہام انکاری کیلئے ہے اور واؤ عاطفہ ہے، یا برائے رابطہ ہے۔

بیٹی آگ سے آڑ بنے گی

۴۹۴۹: وَعَنْهَا قَالَتْ جَآءَ تْنِي امْرَأَةٌ وَمَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا تَسْأَلُنِي فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِي غَيْرَ تَمْرَةٍ وَاحِدَةٍ فَاَعْطَيْتُهَا اِيَّاهَا فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا وَلَمْ تَاْكُلْ مِنْهَا ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهُ فَقَالَ مَنِ ابْتُلِيَ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ بِشَيْءٍ فَاَحْسَنَ اِلَيْهِنَّ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ۔

(متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۴۲۶/۱۰ الحدیث رقم ۵۹۹۵ و مسلم فی ۲۰۲۷/۴ الحدیث رقم ۱۴۷-۲۶۲۹، والترمذی فی السنن ۲۸۲/۴ الحدیث رقم ۱۹۱۵ وابن ماجه فی ۱۲۱۰/۲ الحدیث رقم ۳۶۶۸، واحمد فی المسند ۳۳/۶۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ ایک عورت اپنی دو بیٹیوں کو ساتھ لیے میرے ہاں آئی اس وقت میرے پاس سوائے ایک کھجور کے کچھ نہ تھا میں نے وہ کھجور اسے دے دی اس نے وہ کھجور ان کے درمیان دو حصوں میں تقسیم کر دی اور خود نہ کھائی پھر اٹھ کر چلی گئی اتنے میں نبی اکرم ﷺ تشریف لائے تو میں نے وہ واقع آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کر دیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص ان بیٹیوں میں مبتلا کر دیا جائے اور وہ ان کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئے تو وہ اس کے لئے آگ سے آڑ بن جائیں گی۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: ''من ابتلی من هذه البنات بشیء: یہ تعبیر اس لئے اختیار فرمائی کہ عام طور پر لوگ بچیوں کو پسند نہیں کرتے۔ اور بچیوں کی وجہ تخصیص شاید یہ ہے کہ وہ احسان کی زیادہ محتاج ہوتی ہیں بنسبت 'بچوں کے' پس جو شخص بچیوں کو عار لاحق ہونے میں ڈھال بنے گا تو اس کا پورا بدلہ یہ ہے کہ اس کو جہنم کی آگ سے ڈھال فراہم کی جائے گی۔

مصابیح کے ایک شارح فرماتے ہیں: قوله: من بلی من الابلاء من هذه البنات شیئا أی بشیء. اور مسلم کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: من ابتلی من هذه البنات بشیء. یہی الفاظ درست ہیں۔

تورپشتیؒ کا کہنا ہے، کہ'' من ابتلی من هذه البنات بشیء ''ہی کے الفاظ صحیح ہیں۔ اور صاحب مصابیح نے جس روایت کو اختیار کیا ہے، اس میں اکثر لوگوں کو لفظ'' شیئا '' کی وجہ سے مغالطہ لگ جاتا ہے۔ اور باء کی جگہ یاء بھی مروی ہے۔ یعنی ''الولایة'' سے ماخوذ فعل استعمال ہوا ہے، اس کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ اور درست الفاظ'' من بلی من هذه البنات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بشیء'' ہیں. اھ۔ ان کے کلام کا حاصل یہ ہے کہ دوسری روایت یا تو'' ابتلی '' ہے، جیسا کہ مشکوۃ میں ہے۔ یا'' بلی '' ہے، جیسا کہ مصابیح میں ہے، جب کہ درست لفظ'' بشیء'' ہیں۔'' شیئاً'' کو منصوب پڑھنا خطا ہے، اور اسی طرح یلی (یعنی یاء کے ساتھ، ولایۃ سے ماخوذ مان کر) پڑھنا تصحیف بلکہ تحریف ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: بخاری، حمیدی، بیہقی اور شرح السنہ کی روایت کے الفاظ اس طرح ہیں: من ابتلی من هذه البنات بشیء. مصابیح کی روایت کے الفاظ'' من بلی من هذه البنات شیئا'' کے الفاظ پر ہمیں'' اصول'' میں واقفیت نہیں ہو سکی. اھ۔

من ابتلی: صیغہ مجہول کے ساتھ، اور'' بشیء ''ابتلی کے متعلق ہے،'' من'' بیانیہ اپنے مجرور کے ساتھ مل کر'' شیء '' سے حال ہے۔ اور'' هذه '' کا اشارہ جنس کی طرف ہے۔

قوله: فأحسن اليهن كن له سترا: یعنی ان بچیوں کی کفو میں شادی کرادی جائے اور بہتر یہ ہے کہ'' احسان'' میں عموم رکھا جائے

اس بارے میں اختلاف ہے کہ ابتلاء و آزمائش محض لڑکیوں کا ہونا ہے یا بچیوں سے کسی ایسی بات کا صدور ہونا جو کہ باعث آزمائش ہو۔ یا ان پر خرچ کرنے کے معاملہ میں تنگی کی آزمائش کا سامنا ہو

اس طرح اس بارے میں بھی اختلاف ہے کہ احسان وسلوک سے مراد وہ نان ونفقہ ہے جو باپ پر واجب ہوتا ہے یا اس واجب نان ونفقہ کے علاوہ مزید حسن سلوک کرنا مراد ہے۔ بظاہر دوسرے معنی زیادہ صحیح ہیں۔ کہ مذکورہ احسان وسلوک کی شرط یہ ہے کہ وہ شریعت کے موافق ہو۔

اور ظاہر یہ ہے کہ بچیوں کے ساتھ احسان وسلوک کرنے کا مذکورہ اجر اس صورت میں حاصل ہوتا ہے جبکہ اس احسان و سلوک کا سلسلہ برابر جاری رہتا ہے یہاں تک کہ وہ بچیاں اپنی شادی بیاہ کی وجہ سے یا کسی اور صورت میں باپ کی کفالت اور اس کے احسان وسلوک سے بے نیاز ہو جائیں۔

تخریج: احمد اور ترمذیؒ نے بھی اس روایت کو مشکوۃ کے الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے (علی ما فی الجامع الصغیر). قوله: فلم تجد عندی غیر تمرة واحدة فاعطیتها ایاها: حضرت عائشہؓ نے اس کو وہی ایک کھجور دے دی۔ ایک کھجور کو انہوں نے حقیر شئے نہیں جانا، چونکہ ان کے سامنے یہ مسلمہ حقیقت تھی: ﴿فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ﴾ [الزلزلة:۷] اور دوسری طرف آنحضرت ﷺ کا فرمان تھا: اتقو النار ولو بشق تمرة۔

دو بیٹیوں کی پرورش والا قیامت کو میرے ساتھ ہوگا

۴۹۵۰: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَالَ جَارِيَتَيْنِ حَتّٰى تَبْلُغَا جَآءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَنَاوَهُوَ هٰكَذَا وَضَمَّ اَصَابِعَهٗ۔ (رواه مسلم)

مسلم فی صحیحه ۲۰۲۷/٤ الحدیث رقم [illegible]، والترمذی فی السنن ۲۸۱/٤ الحدیث رقم ۱۹۱٤۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' جس شخص نے دو بیٹیوں کی تربیت کی یہاں تک کہ وہ بلوغت کو پہنچیں وہ قیامت کے دن میرے ساتھ اس طرح ہوگا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دونوں انگلیوں کو اس طرح ساتھ ملایا۔ (مسلم)

تشریح: قوله: جاء يوم القيامة انا وهو هكذا: جملہ حالیہ ہے بغیر واؤ کے' ای جاء مصاحبا له

وضم اصابعه: صیغہ اگرچہ جمع کا ہے' مگر مراد تثنیہ ہے۔ ای: أصبعيه.

تخریج: جامع صغیر میں ہے:

من عال جاريتين حتى تدركا دخلت انا وهو الجنة كهاتين. اس حدیث کو امام مسلم و ترمذی نے حضرت انس سے روایت کیا ہے' اور ابو داؤد نے سند حسن کے ساتھ ابو سعید سے یوں روایت کیا ہے: من عال ثلاث بنات فأدبهن وزوجهن وأحسن اليهن فله الجنة.

مساکین پر خرچ کرنے والا مجاہد کی طرح ہے

۴۹۵۱: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّاعِیْ عَلَى الْاَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِيْنِ كَالنَّاعِیْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاَحْسِبُهٗ قَالَ كَالْقَائِمِ لَا يَفْتُرُ وَكَالصَّائِمِ لَا يُفْطِرُ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۰/۴۳۷ الحديث رقم ۶۰۰۷ و مسلم فی ۴/۲۲۱۶ الحديث رقم (۴-۲۹۸۲)، والترمذی فی السنن ۴/۳۰۵ الحديث رقم ۱۹۱۹، والنسائی فی ۵/۸۶ الحديث رقم ۲۵۷۷ و ابن ماجه فی ۲/۷۴۴ الحديث رقم ۲۱۴۰، واحمد فی المسند ۲/۳۶۱۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بیوگان اور مساکین پر خرچ کرنے والا اس طرح ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کی راہ خوب دوڑ دھوپ کرنے والا۔ راوی کہتا ہے کہ میرے خیال میں آپ نے یہ لفظ فرمائے کہ وہ اس قیام الیل کرنے والے کی طرح ہے جو اس سے کبھی نہ تھکے اور اس صائم النھار کی طرح ہے جو ہمیشہ روزہ رکھے۔

تشریح: الأرملة: میم کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ ''ارملۃ'' وہ خاتون کہ جس کا شوہر نہ ہو، خواہ کنواری ہو، کہ بیوہ۔ اور بعض نے یہ قید اضافی لگائی ہے کہ خواہ وہ غنی ہو کہ فقیرہ ہو۔ ملا علی قاریؒ نے اس قید کو'' فيه بُعد'' سے تعبیر کیا ہے، اور لکھا ہے کہ اگرچہ حدیث کا ظاہری اطلاق ہر دو کو شامل ہے، مگر غنی کا مراد ہونا بعید ہے۔ ابن قتیبہؒ لکھتے ہیں: سميت أرملة لما يحصل لها من الارمال وهو الفقر وذهاب الزاد بفقد الزوج. يقال أرمل الرجل اذا فنی زاده.

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہو: ''أرملۃ'' کے مفہوم سے ''غنیہ'' کو خارج کرنے کیلئے یہ ایک لطیف ماخذ ہے۔

المسكين: فقیر بھی اسی حکم میں شامل ہے، بلکہ بعض کے نزدیک وہ بطریق اولی اس مفہوم میں شامل ہے۔

الساعی: امام نوویؒ لکھتے ہیں: المراد بالساعی الكاسب لها العامل لمؤنتهما.

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: '' الساعی علی الأرملة'' کے معنی وہی ہیں، جو امام نوویؒ نے تحریر کئے ہیں، چونکہ نبی کریم علیہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الصلوٰۃ والسلام نے لفظ ''الساعی'' کو ''علی'' کے ذریعے متعدی کیا ہے، اس تقدیر پر یہ ''انفاق'' کے معنی کو متضمن ہوگا اھ۔ اس عظیم الشان ثواب کی وجہ یہ ہے کہ مال ''شقیق الروح'' ہے۔ اس کے خرچ کرنے میں مخالفت نفس ہے، اور ربّ کی رضا کا مطالبہ ہے۔

أحسبه: سین کے کسرہ اور فتحہ ہر دو کے ساتھ پڑھا جا سکتا ہے بمعنی ''أظنه'' ہے۔

لا یفتر: ''فتور'' سے ماخوذ ہے۔ اس کے معنی ہیں: الملل والکسل. باب نصر سے آتا ہے، جیسا کہ مفاتیح میں ہے۔ اور باب ضرب سے بھی آتا ہے، جیسا کہ قاموس میں ہے۔ اکثر نسخوں میں باب نصر سے ہے، اور یہی معتمد ہے۔

اشرفؒ فرماتے ہیں: کالقائم..... الصائم کا ''ال'' تعریف کیلئے نہیں ہے، چنانچہ ان کے بعد والا اگلا جملہ ان کی صفت ہے۔ جیسا کہ شاعر کا یہ شعر:

ولقد أمر علی اللئیم یسبنی

امام طیبیؒ لکھتے ہیں: یہ دونوں ''صوم بالنهار'' اور ''قیام بالیل'' سے عبارت ہیں۔ جیسا کہ عرب کہتے ہیں: ''نهاره صائم ولیله قائم'' اس سے مراد ''دوام'' ہوتا ہے۔

و أحسبه: یہ کلام کس کا ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔

ان الفاظ کی نسبت حضرت عبداللہ بن سلمہ قعنبیؒ کی طرف کی جاتی ہے جو بخاری و مسلم کے شیخ اور اس حدیث کے راوی ہیں جس کو انہوں نے حضرت امام مالکؒ سے روایت کیا ہے اس بات کی صراحت امام بخاریؒ نے کی ہے بہر حال ان الفاظ کے ذریعہ حضرت عبداللہ بن سلمہؒ کا مطلب یہ ہے کہ میرا گمان ہے کہ اس حدیث کے راوی حضرت امام مالکؒ نے یہ الفاظ کالقائم لا یفتر..... الخ نقل کئے تھے

(لیکن اگر بخاری کی مذکورہ صراحت سامنے نہ ہوتو) مصابیح اور مشکوٰۃ کے ظاہری الفاظ سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ اس مقولہ کا قائل حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں۔ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ''احسبہ'' کے ذریعہ یہ بیان کرنا چاہتے ہیں کہ میرے گمان کے مطابق آنحضرت ﷺ نے کالقائم لا ..... الخ کے الفاظ بھی ارشاد فرمائے تھے

یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ اس موقع پر حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنے اس شک کو ظاہر کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے ''کالساعی فی سبیل اللّٰہ'' کے الفاظ ارشاد فرمائے تھے یا ''کالقائم لایفتر'' کے الفاظ ارشاد فرماتے تھے چنانچہ اس کی تائید جامع صغیر کی اس روایت سے بھی ہوتی ہے جس کو احمد، شیخین، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہؒ سے نقل کیا گیا ہے اور جس کے الفاظ یوں ہیں: انساعی علی الارملة والمسکین کالمجاهد فی سبیل اللّٰه أو القائم اللیل الصائم النهار۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ ''أو'' بمعنی ''بل'' ہو۔ واللہ اعلم۔

یتیم کا کفیل جنت میں میرے قریب ہوگا

۴۹۰۲ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَكَافِلُ الْيَتِيْمِ لَهٗ وَلِغَيْرِهٖ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فِي الْجَنَّةِ هٰكَذَا وَاَشَارَ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى وَفَرَّجَ بَيْنَهُمَا شَيْئًا۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۰/۴۳۶ الحديث رقم ۶۰۰۵ و مسلم فی ۴/۲۲۸۷ الحديث رقم (۴۲-۲۹۸۳) و ابوداؤد فی السنن ۵/۳۵۱ الحديث رقم ۵۱۵۰، والترمذی فی ۴/۲۸۳ الحديث رقم ۱۹۱۸ و مالك فی الموطأ ۲/۹۴۸ الحديث رقم ۵من كتاب الشعر، واحمد فی المسند ۲/۳۷۵۔

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگشت شہادت اور درمیانی انگلی سے اشارہ فرمایا اور ان کے مابین ذرا سا فاصلہ رکھا۔

تشریح: الیتیم: وہ نابالغ کہ جس کا باپ وفات پا گیا ہو۔ یہ لفظ مذکر ومؤنث ہر دو کیلئے مستعمل ہے۔ اور ''کافل'' سے مراد ''مربی'' ہے۔ کہا گیا ہے کہ انسانوں میں سے ''یتیم'' وہ ہے کس باپ مرجائے اور جانوروں میں سے ''یتیم'' وہ ہے جس کی ماں مرجائے۔

له ولغيره: یہ واؤ بمعنی ''او'' ہے. أی: او كائنا لغيره .

أنا: مبتدا ہے۔ ''كافل اليتيم'' معطوف ہے۔ **فی الجنة:** ''انا'' مبتدا کی خبر ہے۔

هكذا: منصوب علی المصدریۃ ہے، خبر کے متعلق کیلئے۔ اس میں قرب کی طرف اشارہ ہے۔

صاحب النہایہ لکھتے ہیں: **الكافل هو القائم بأمر اليتيم المربی له، وهو من الكفيل بمعنى الضمين.** اور کہا گیا ہے کہ ''کافل الیتیم'' کا مصداق وہ شخص ہے جو یتیم کی دیکھ بھال کرے اس کی پرورش کرے اس پر خرچ کرے خواہ یتیم کے مال سے ہو۔ واللہ اعلم۔

اور ''**له ولغيره**'' کی ضمیر غائب ''كافل'' کی طرف راجع ہے۔

''وہ یتیم خواہ اس کا ہو یا کسی اور کا'' کے ذریعہ اس بات کو واضح کیا گیا ہے کہ مطلق یتیم کی کفالت و پرورش کرنے کی فضیلت ہے، وہ یتیم خواہ اس کا اپنا پوتا، پڑپوتا اور پڑپوتے کے اگلی اولاد ہو یا بھتیجا وغیرہ، یا خواہ کسی اجنبی کی اولاد ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کے ذریعہ اشارہ کر کے واضح کیا کہ جنت میں میرے اور یتیم کی پرورش کرنے والے کے درمیان اتنا قریب علاقہ ہوگا جتنا کہ ان دونوں انگلیوں کے درمیان ہے۔ نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں انگلیوں کی کشادگی کے ذریعہ اس طرف بھی اشارہ فرمایا کہ مرتبہ نبوت جو سب سے اعلیٰ درجہ ہے اس کے اور سخاوت ومروّت کے مرتبہ کے درمیان زیادہ فاصلہ نہیں ہے۔

قوله: هكذا واشار..... : امام طیبیؒ فرماتے ہیں: کہ راوی نے ان دو انگلیوں کے ذریعہ نبی کریمؐ کے مافی الضمیر میں موجود ''انضمام'' کے معنی کی طرف اشارہ کیا ہے۔ یہ ''**هكذا**'' کا بیان ہے. اھ۔ اور ظاہر یہ ہے کہ ''**هكذا**'' فرماتے وقت نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی انگلیاں ملائی ہوں گی۔ چنانچہ راوی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فعل کو اپنے اس قول ''واشار ''الخ سے تعبیر کیا ہے۔ چونکہ راوی کے لئے یہ متصور نہیں تھا کہ وہ نبی کریمؐ کے مافی الضمیر کی طرف اشارہ کرتا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخریج: جامع صغیر میں لکھتے ہیں: أنا و كافل اليتيم في الجنة هكذا. اس حدیث کو احمد، بخاری، ابوداؤد اور ترمذی نے سھل بن سعد سے روایت کیا ہے. اھ۔ اس کے ظاہر سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مشکوٰۃ کی روایت میں "له ولغيره" کے الفاظ حضرت سہل کا کلام ہے، یا ان کے بعد کے کسی راوی کا ادراج ہے۔ یا ایک مستقل حدیث ہے اور زیادتی مقبول ہے۔ البتہ "وأشار" یہ حضرت سہل بن سعد ہی کا کلام ہے، اور شاید کہ صاحب جامع نے اختصار کی خاطر ترک کر دیا ہے۔ واللہ اعلم

مسلمان باہمی محبت میں ایک جسم کی طرح ہیں

۴۹۵۳: وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ تَرَاحُمِهِمْ وَتَوَادِّهِمْ وَتَعَاطُفِهِمْ كَمَثَلِ الْجَسَدِ الْوَاحِدِ اِذَا اشْتَكٰى عُضْوًا تَدَاعٰى لَهٗ سَائِرُ الْجَسَدِ بِالسَّهَرِ وَالْحُمّٰى۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاري في صحيحه ١٠/٤٣٨ الحديث رقم ٦٠١١ ومسلم في ٤/١٩٩٩ الحديث رقم (٦٦-٢٥٨٦) واحمد في المسند ٤/٢٩٨۔

ترجمہ: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مسلمانوں کو باہمی رحمت و محبت میں ایک جسم کی طرح پاؤ گے کہ جب اس کا ایک عضو بیمار پڑ جائے تو دوسرے اعضاء ایک دوسرے کو بخار اور بے خوابی کی طرف بلاتے ہیں۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: توادّهم: دال مشددہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

تداعى له: صاحب النہایہ لکھتے ہیں: كان بعضه دعا بعضًا. ومنه قولهم: تداعت الحيطان اى تساقطت او كادت. اھ۔ تداعی کے اصل معنی ہیں: أن يدعو بعضهم بعضًا ليتفقوا على فعل شيىء.

السهر: دونوں حرفوں کے فتحہ کے ساتھ ہے بے خوابی۔

عضوا: تمیز ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔ اى اذا تألم الجسد من جهة ذلك العضو۔ اور ایک نسخہ میں "اذا شكى عضو" مرفوع ہے اى اذ تألم عضو من أعضاء جسده۔

جس طرح جب بدن کا کوئی ایک عضو دکھتا ہے تو سارا بدن اس دکھ سے متاثر ہوتا ہے اور محض ایک عضو میں تکلیف ہونے سے پورا جسم تکلیف میں مبتلا ہو جاتا ہے اسی طرح مسلمانوں کو بھی چاہئے کہ ایک جسم کی مانند ہو جائیں کہ اگر کسی ایک بھی مسلمان کو کوئی گزند پہنچے تو سارے مسلمان اس کے دکھ میں شریک ہوں اور سب مل کر اس کی تکلیف و مصیبت کو دور کرنے کی تدبیر کریں۔

ایک مسلمان کی تکلیف تمام مسلمانوں کی تکلیف ہے

۴۹۵۴: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤْمِنُوْنَ كَرَجُلٍ وَاحِدٍ وَاِنِ اشْتَكٰى

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَيْنُهُ اِشْتَكٰى كُلُّهُ وَاِنْ اشْتَكٰى رَأْسُهُ اشْتَكٰى كُلُّهُ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحيحه ٤/ ٢٠٠ الحديث رقم (٦٧-٢٥٨٦)، واحمد فی المسند ٤/ ٢٧٦۔

ترجمہ: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام مؤمن ایک شخص کی طرح ہیں اگر اس کی آنکھ دکھے تو تمام جسم بیمار ہو جاتا ہے اور اگر درد محسوس کرے تو تمام جسم درد محسوس کرتا ہے۔ (مسلم)

تشریح: **قوله: اشتكى عينه**: ''عينه'' مرفوع ہے، اور ایک نسخہ میں منصوب ہے۔ یہی اختلاف مابعد کے مرفوعات میں بھی ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمدؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

ایک مؤمن دوسرے کے لئے دیوار کی مانند ہے

۴۹۵۵: وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا ثُمَّ شَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاری فی صحيحه ١٠/ ٤٤٩ الحديث رقم ٦٠٢٦ و مسلم فی صحيحه ٤/ ١٩٩٩ الحديث رقم (٦٥-٢٥٨٥)، والنسائی فی السنن ٥/ ٧٩ الحديث رقم ٢٥٦٠، واحمد فی المسند ٤/ ٤٠٤۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مؤمن دوسرے مؤمن کے لئے دیوار کی مانند ہے جس کا بعض حصہ دوسرے کے ساتھ مضبوط ہوتا ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی مبارک انگلیوں کی ایک دوسرے میں ڈال کر شریک کی۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: **قوله: المؤمن للمؤمن**: ''ال'' جنسیہ ہے۔ اور مراد بعض ہے ای: **بعض المؤمن للبعض**. (ذكره الطيبی). اور ممکن ہے، کہ استغراق کیلئے ہو۔ ای: **كل مؤمن لكل مؤمن**۔ اور اظہر یہ ہے کہ پہلا ''ال'' عہد ذہنی کا ہے، اور دوسرا جنس کا ہے۔ ای: **المؤمن الكامل لمطلق المؤمن**.

يشد بعضه بعضا: ① یہ جملہ حالیہ ہے۔ ② یہ جملہ صفت ہے۔ ③ یہ جملہ مستانفہ ہے، اور وجہ شبہ کا بیان ہے۔ اور یہی اظہر ہے۔

ثم شبك بين أصابعه: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ جملہ وجہ شبہ کیلئے بیان کی طرح ہے: **أی شدّا مثل هذا الشد** قوی وہ ہے جو ضعیف کو مضبوط و قوی کرے، حاصل معنی یہ ہے کہ معاملہ خواہ دین کا ہو یا دنیا کا، مؤمن کو قوت اپنے مسلمان بھائی سے حاصل ہے جس طرح مکان کے

اجزاء اور تمام حصے ایک دوسرے کے ساتھ جڑ کر پورے مکان کو مضبوط و پختہ بناتے ہیں

امام نوویؒ لکھتے ہیں: اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ:

① حقوق مسلمین کی تعظیم کس قدر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

② ہمارا دین غیر گناہ اور غیر مکروہ کاموں میں باہمی تراحم وملاطفت وتعاون پر ابھارتا ہے۔

③ کسی بات کو عقل کے قریب تر کرنے کیلئے اس بات کو تشبیہ اور ضرب الامثال کے ساتھ سمجھانا جائز ہے۔

توضیح: امام میرکؒ نے فرمایا: اس روایت کو امام بخاریؒ نے تشبیک کے ساتھ، اور ترمذی، ونسائی نے بغیر تشبیک کے ذکر کیا ہے۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں: جامع صغیر میں بغیر تشبیک کے اس روایت کو شیخین، ترمذی اور نسائی کی طرف منسوب کیا ہے۔ اس سے اس بات کی تائید ہوتی ہے، کہ "شبك" کی ضمیر کا مرجع حضرت ابوموسیٰ اشعری ہیں، پس جس نے اس کو روایت کیا ہے، مدرجاً ہی روایت کیا ہے۔ واللہ اعلم۔

ضرورت مند کا سفارشی اجر پائے گا

۴۹۵۶: وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ اِذَا اَتَاهُ السَّآئِلُ اَوْصَاحِبُ الْحَاجَةِ قَالَ اِشْفَعُوْا فَلْتُؤْجَرُوْا وَيَقْضِيْ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِهٖ مَاشَآءَ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاري في صحيحه ١٣/٤٤٨ الحديث رقم ٧٤٧٦ و مسلم في صحيحه ٤/٢٠٢٦ الحديث رقم (١٤٥-٢٦٢٧) و ابوداؤد في السنن ٥/٣٣٤ الحديث رقم ٥١٠٨، والترمذي في ٥/٤١ الحديث رقم ٢٦٧٢، والنسائي في ٥/٧٨ الحديث رقم ٢٥٥٧، واحمد في المسند ٤/٤٠٠۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کوئی سائل یا ضرورت مند شخص آتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے اس شخص کے لئے مجھ سے سفارش کرو تمہیں اجر ملے گا اور اللہ تعالیٰ اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر جو حکم چاہتا ہے جاری فرماتا ہے۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله: اذا أتاه السائل أو صاحب الحاجة قال: اشفعوا فلتؤجروا:

او صاحب الحاجة: اس "او" میں ایک احتمال یہ ہے کہ "تنویع" کیلئے ہو۔

فلتؤجروا: ہمزہ ساکن ہے، واؤ سے بدلا بھی جاتا ہے۔ اگر چہ لام کے ساتھ ہے مگر امر مخاطب کا صیغہ ہے، جیسا کہ یہ آیت: ﴿قل بفضل اللّٰه وبرحمته فبذلك فليفرحوا﴾ [یونس-۵۸] قراءت عشرہ میں سے یعقوب کی روایت میں صیغہ خطاب کے ساتھ ہے۔ اور اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے، کہ یہ "فافرحوا" بھی پڑھا گیا ہے۔

اور "فاء" شرط کے معنی میں ہے، گویا کہ اصل کلام یوں ہے: ان شفعتم فتؤجروا.

المغنی میں لکھتے ہیں: لام طلبیہ کبھی معنی طلب سے نکل کر دوسرے معنی میں بھی مثلاً خبر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسا کہ یہاں اس آیت مبارکہ میں: قل من كان في الضلالة فليمدد له الرحمٰن مدا اتبعوا سبيلنا ولنحمل خطايا كماى فيمد ونحمل. اھ۔ خلاصہ یہ ہے کہ اس کے معنی ہوئے: اشفعوا وتؤجروا جیسا کہ ابن عساکر نے حضرت معاویہ سے روایت نقل کی ہے، علاوہ ازیں اگلی حدیث میں بھی آرہا ہے۔

امام طیبیؒ لکھتے ہیں: "فلتوجروا" کا فاء یا لام زائدہ ہے برائے تاکید ہے بلکہ دونوں ہی مؤکد ہیں۔ چونکہ اگر جواب امر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے طور پر ''تو جروا'' فرمادیا جاتا تو کلام پورا ہو جاتا۔اھ۔

مظہرؒ فرماتے ہیں: اس کا مطلب یہ ہے کہ تم لوگوں کی سفارش کرتے رہا کرو۔خواہ تمہاری سفارش قبول کی جائے یا نہ کی جائے کیونکہ کسی کا کام ہونا یا نہ ہونا تقدیر الٰہی اور حکم خداوندی کے مطابق ہے لہٰذا تم اس امر کو ملحوظ رکھتے ہوئے کہ شاید میری سفارش قبول نہ ہو سفارش کرنے سے اجتناب نہ کرو اور اسکا ثواب ہاتھ سے نہ جانے دو۔

علی لسان رسوله: ممکن ہے، کہ یہ کلام نقل بالمعنی ہو۔اور ایک احتمال یہ بھی ہے کہ اس کلام میں التفات ہو، جیسا کہ مظہرؒ کے کلام کا ظاہر ہے۔اور مضاف کی زیادتی سے معلوم ہوتا ہے، کہ اس کے علاوہ میں تو بطریق اولیٰ ہوگی۔

امام طیبیؒ نے لکھا ہے: یہ باب تجرید سے ہے، اس لئے کہ ظاہر یہ ہے کہ'' **علی لسانی** '' کہتے، تو گویا کہ آپ ﷺ کا ارشاد یوں ہے: **اشفعوا الی الخ.** مجھ سے سفارش کرو۔اور یہ مت کہو کہ کیا معلوم کہ رسول اللہ ﷺ ہماری شفاعت قبول فرمائیں گے، یا کہ نہیں؟ چونکہ اگر چہ میں اللہ کا رسول، اس کا نبی وصفی ہوں مجھے نہیں معلوم کہ میں تمہاری شفاعت قبول کروں گا، کہ نہیں؟ چونکہ ''قاضی'' تو اللہ ہے۔اگر اس کا فیصلہ ہوا کہ میں شفاعت قبول کروں تو کرلوں گا وگرنہ نہیں۔آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد گرامی اس قبیل سے ہے:

اعملوا فکل میسر لما خلق له.

میں (ملاعلی قاریؒ) کہتا ہوں: اس میں تلمیح وتلویح ہے، اس آیت کی طرف: ﴿ما أدری ما یفعل بی ولابکم﴾

امام نوویؒ لکھتے ہیں: نیز اگر کوئی شخص کسی ایسے معاملہ میں ماخوذ ہو جو حد یعنی شریعت کی طرف سے متعین شدہ سزا کو لازم کرتا ہو تو اس صورت میں اس وقت سفارش کرنا جائز نہیں ہوگا جب کہ وہ معاملہ امام وقت تک پہنچ چکا ہو اگر وہ معاملہ امام تک نہ پہنچا ہو تو پھر سفارش کی جاسکتی ہے۔ہاں تعزیری معاملات میں بہر صورت سفارش کرنا جائز ہے۔نیز یہ ساری تفصیل اس صورت سے متعلق ہے جب کہ وہ شخص موذی وشریر نہ ہو، جس کی سفارش کرنا مقصود ہے موذی اور شریر شخص کی سفارش کسی صورت میں بھی جائز نہیں ہے۔

تخریج: اس کو ابو داؤد، ترمذی اور نسائی نے (بھی) روایت کیا ہے۔اور الجامع الصغیر میں ہے: **اشفعوا تؤ جروا ویقضی الله علی لسان نبیه ما شاء۔** اس کو شیخین اور اصحاب کتب ثلاثہ نے روایت کیا ہے۔

ظالم کی مدد ظلم سے روکنا ہے

۴۹۵۷: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنْصُرْ اَخَاكَ ظَالِمًا اَوْمَظْلُوْمًا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْصُرُهٗ مَظْلُوْماً فَكَيْفَ اَنْصُرُهٗ ظَالِمًا قَالَ تَمْنَعُهٗ مِنَ الظُّلْمِ فَذَالِكَ نَصْرُكَ اِيَّاهُ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۲/۳۲۳ الحدیث رقم ٦٩٥٢ و مسلم فی ٤/١٩٩٨ الحدیث رقم (٦٢-٢٥٨٤)، والترمذی فی السنن ٤/٤٥٣ الحدیث رقم ٢٢٥٥، والدار می فی ٢/٤٠١ الحدیث رقم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۷۵۳، واحمد فی المسند ۳/۹۹۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم تو ایک شخص کہنے لگا مظلومیت کی حالت میں مدد تو سمجھ میں آتی ہے مگر ظالم ہونے کی حالت میں مدد کس طرح ہوگی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے ظلم سے روکنا اس کے حق میں یہی تیری مدد ہے۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: قوله: انصر أخاك ظالماأو مظلوما:

ظالما: مفعول سے حال ہے۔ **او مظلوما**: یہ "او" برائے تنویع ہے۔

مظلومًا: یہ حال ہے۔ ای حال کونہ مظلوما۔

قوله: متفق عليه: امام میرکؒ فرماتے ہیں: یہ محل نظر ہے، چونکہ اس سیاق کے ساتھ یہ حدیث حضرت انس سے مروی ہے جس کو روایت کرنے میں امام بخاری متفرد ہیں۔ اور امام ترمذیؒ نے بھی روایت کیا ہے جیسا کہ امام جزریؒ نے بھی تصریح کی ہے۔ البتہ امام مسلمؒ نے حضرت جابرؓ سے ایک حدیث کے ضمن میں یوں روایت کیا ہے:

"ولينصر الرجل أخاه ظالمًا أو مظلومًا 'ان كان ظالمًا فلينهه فانه له نصر، وان كان مظلوما فلينصره.

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں صاحب جامع صغیر کے صنیع سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ انہوں نے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

انصر أخاك ظالما أو مظلومًا' قيل: كيف أنصره ظالمًا؟ قال: تحجزه عن الظلم فان ذلك نصره.

اس حدیث کو احمد، بخاری اور ترمذیؒ نے حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے۔ اور پھر فرمایا کہ دارمی اور ابن عساکر نے حضرت جابرؓ سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

"انصر أخاك ظالما أو مظلوما' ان يك ظالما فارده عن ظلمه، وان يك مظلوما فانصره.

دُنیا میں مسلمان کی تکلیف کا ازالہ قیامت کے دن کی تکلیف کے ازالہ کا باعث ہے

۴۹۵۸: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهٗ وَلَا يُسْلِمُهٗ وَمَنْ كَانَ فِيْ حَاجَةِ اَخِيْهِ كَانَ اللّٰهُ فِيْ حَاجَتِهٖ وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللّٰهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ كُرُبَاتِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (متفق عليه)

أخرجه البخاري في صحيحه ٥/٩٧ الحديث رقم ٢٤٤٢ و مسلم في ٤/١٩٩٦ الحديث رقم (٥٨-٢٥٨٠)، والترمذي في السنن ٤/٢٦ الحديث رقم ١٤٢٦۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان مسلمان کا بھائی ہے وہ خود بھی اس پر ظلم نہ کرے اور نہ اسے رسواء کرے اور جو شخص اپنے بھائی کی حاجت میں کوشاں ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری کرے گا اور جس نے کسی مسلمان سے تکلیف کا ازالہ کیا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی تکالیف میں سے ایک بڑی تکلیف کا ازالہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمائیں گے اور جس نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائیں گے۔

(بخاری، مسلم)

تشریح: قوله: المسلم أخوا المسلم:

اس سے پتہ چلتا ہے، کہ ''مسلم'' اور ''مؤمن'' ایک ہے۔اس کی دلیل یہ آیت ہے: ﴿انما المؤمنون اخوة﴾ [الحجرات ۔ ۱۰] یہ مجمل ہے، اور اس کا مابعد اس کی تفصیل ہے۔اس وجہ سے ابوداؤد نے حضرت سوید بن حنظلہ سے اور ابن عساکر نے حضرت واثلہ سے جو روایت نقل کی ہے اس میں یہ اپنے مابعد کلام سے منقطع واقع ہوا ہے۔

اور حاصل یہ ہے کہ مسلمان وہ شخص ہے، جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔کوئی بھائی اپنے بھائی کو نقصان نہیں پہنچاتا۔ بلکہ ہر ممکنہ طور پر اس کو نفع پہنچاتا ہے۔اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ ترکیب تشبیہ کی قبیل سے ہو، اور مبالغہ مقصود ہو۔ جیسا کہ ایک دوسری حدیث میں مروی ہے: **لا يؤمن أحدكم حتى يحب لأخيه ما يحب لنفسه.**

قوله: لا يظلمه: یہ نفی بمعنی نہی ہے، اور مطلب یہ ہے کہ مسلمان کیلئے مسلمان پر ظلم کرنا مناسب نہیں۔ ذمی اور مستامن کا بھی یہی حکم ہے۔(کہ مسلمان ان پر بھی ظلم نہ کرے۔) واضح رہے کہ یہاں مفہوم مخالف کا اعتبار نہیں۔ چونکہ کافر کے حق میں ظلم متصور نہیں۔ یہ جملہ مستانفہ ہے۔موجب یا وجہ شبہ کا بیان ہے۔ چونکہ ظالم اول تو رتبۂ نبوت سے ہی محروم ہے: ﴿لا ينال عهد الظالمين﴾ ثانیاً یہ کہ درجۂ ولایت سے بھی محروم ہے: ﴿الا لعنة الله على الظالمين﴾ ثالثاً سلطنت سے محروم ہوتا ہے: **لبيت الظالم خراب ولو بعد حين والمعاد رابعاً:** مخلوق کی نگاہ میں اس کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی: **جبلت القلوب على حب من أحسن اليها وبغض من أساء اليها**

خامساً اپنے نفس کی حفاظت سے عاری ہوتا ہے: ﴿ولكن كانوا أنفسهم يظلمون﴾

لا تظلمن اذا ما كنت مقتدرا
فالظلم آخره يأتيك بالندم
نامت عيونك والمظلوم منتبه
يدعو عليك وعين الله لم تنم

قوله: ولا يسلمه: از باب افعال ہے۔صاحب النہایہ لکھتے ہیں: **يقال: أسلم فلان فلانا اذا ألقاه الى التهلكة ولم يحمله من عدوه، وهو عام فى كل من أسلمته الى شيء، لكن دخله التخصيص وغلب عليه الالقاء فى الهلكة، وقال بعضهم والهمزة فيه للسلب اى: لا يزيل سلمه وهو بكسر السين وفتحها الصلح.**

قوله: من كان فى حاجة أخيه كان الله فى حاجته:

یہ کلام ''مشاکلت'' کی قبیل سے ہے۔مسلم شریف میں مروی حضرت ابوہریرہؓ کی روایت میں آتا ہے: **والله فى عون العبد ما كان العبد فى عون أخيه.** حدیث مبارکہ کے اس جملہ سے اپنے مسلمان بھائی کی حاجت برآری کی فضیلت بھی معلوم ہوتی ہے۔اور تنبیہ و اشارہ ہے کہ اس حاجت برآری کی مکافات اللہ جل شانہ من جنسہ اپنی عنایت الٰہیہ سے عطا فرمائیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گے خواہ وہ حاجت قلبی ہو کہ بدنی یا دونوں ہوں۔حاجت برآری دو حال سے خالی نہیں، یا دفع مضرت ہوگی، یا جلب منفعت ہو گی، بہرحال مؤمن کی مدد کے زمرہ میں آتی ہے۔

قوله: من فرج عن مسلم كربة فرج الله عنه كربة۔۔۔:

ومن فرج: راء کی تشدید وتخفیف ہر دو کے ساتھ ہے اور ایک روایت میں من "نفس" ہے۔دونوں بہرحال ہم معنی ہیں۔

عن مسلم كربة: ایک نسخہ میں "من كرب الدنيا" ہے مسلم شریف میں مروی حضرت ابو ہریرہؓ کی روایت میں بھی اسی طرح ہے۔

كربة: کاف کے ضمہ کے ساتھ، بروزن فعلة، "كرب" سے مشتق ہے۔ **وهي الخصلة التي يحزن بها.** اس کی جمع "كرب"، کاف کے ضمہ اور راء کے فتحہ کے ساتھ ہے۔" كربة" کی تنوین افراد وتحقیر کیلئے ہے۔ **اى: هما واحدا من همومها.**

" من "تبعیضیہ ہے۔ **اى بعض كربها.** یا ابتدائیہ ہے. **اى: كربة مبتدأة.**

من كربات يوم القيامة: کاف اور راء دونوں کے ضمہ کے ساتھ ہے۔اور ایک روایت میں "من كرب يوم القيامة" کے الفاظ ہیں۔

ساری مخلوق اللہ کا کنبہ ہے۔اور ان سے تکلیف کو دور کرنا ان کے ساتھ احسان ہے۔اور ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿**هل جزاء الاحسان الا الاحسان**﴾ [الرحمن۔۶۰] یہ آیت جزاء، اس آیت: ﴿**من جاء بالحسنة فله عشر أمثالها**﴾ [الانعام۔۱۶۰] کے منافی نہیں ہے۔چونکہ نیکیوں کا بدل، مثل بھی ہوتا ہے، اور بڑھا چڑھا کر بھی دیا جاتا ہے، دس گنا، سو گنا، سات سو گنا اور بلا حساب بھی ہوتا ہے۔مزید یہ کہ قیامت کے دن کی تکلیفوں میں سے ایک ایک تکلیف دنیاوی تکلیفوں میں سے دس دس یا اس سے بھی زیادہ کے برابر ہوگی، چنانچہ اس مفہوم پر تنوین تعظیم اور" يوم القيامة" کی تخصیص دلالت کر رہی ہے۔اور حاصل یہ ہے کہ مضاعفت کما ہوگی یا کیفاً ہوگی۔

www.KitaboSunnat.com

قوله: من ستر مسلمًا ستره الله يوم القيامة:

مطلب یہ ہے کہ مسلمان بھائی کی ستر پوشی کرنے والے یا اس کے عیوب کو چھپانے والے شخص نے دنیا میں جو عیوب وگناہ کئے ہوں گے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کے ان گناہ وعیوب کی پردہ پوشی کرے گا بایں طور کہ اہل موقف کے سامنے ظاہر نہیں کرے گا اس پر مواخذہ ومحاسبہ نہیں کرے گا اور نامہ اعمال کی پیشی کے وقت ان کا ذکر پوشیدہ طور پر ہوگا۔یہ ستر پوشی کا حکم اس مسلمان کے بارے میں ہے جو فسادی معروف نہ ہو۔وگرنہ ایسے فسادی مسلمان کا قصہ والی کے ہاں لے جانا چاہئے۔پس جب اس کو دیکھے کہ وہ معصیت کا ارتکاب کر رہا ہے تو حسب قدرت اس پر نکیر کرے، اور اگر اس سے عاجز ہو تو اس کا معاملہ حاکم کے ہاں لے جائے بشرطیکہ اس پر کوئی فساد برپا نہ ہو۔(کذا فی شرح مسلم للنووی)

اور ایک روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:" **ستره الله في الدنيا والآخرة**".اس میں خفیہ اشارہ ہے کہ جو شخص اہل [illegible] کے مقامات وکرامات میں سے کسی شئی پر مطلع ہو جائے تو چاہئے کہ اس راز کی حفاظت کرے اور اس کو چھپا کر رکھے،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چونکہ اغیار پر کشف اسرار کرنا، باب عنایت کو بند کر دیتا ہے، اور موجب حرمان ہوتا ہے۔ چنانچہ کسی کا کہنا ہے:

من أطلعوه على سر فباح به
لم يأمنوه على الأسرار ما عاش

توضیح: یہ حدیث ایک طویل روایت کا ٹکڑا ہے، جس کو امام نوویؒ نے اپنی اربعین میں مسلم شریف کے حوالہ سے نقل کیا ہے وقد سبق ذكره في الكتاب.

مسلمان کا مال، جان اور آبرو سب دوسرے پر حرام ہے

۴۹۵۹: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهٗ وَلَا يَخْذُلُهٗ وَلَا يَحْقِرُهٗ اَلتَّقْوٰى هٰهُنَا وَيُشِيْرُ اِلٰى صَدْرِهٖ ثَلٰثَ مِرَارٍ بِحَسْبِ امْرِئٍ مِنَ الشَّرِّ اَنْ يَحْقِرَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ كُلُّ الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهٗ وَمَالُهٗ وَعِرْضُهٗ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ۱۹۸۶/۴ الحديث رقم (۳۲-۲۵۶۴) و ابوداؤد في السنن ۱۹۶/۵ الحديث رقم ۴۸۸۲، والترمذي في ۲۸۶/۴ الحديث رقم ۱۹۲۷، واحمد في المسند ۴۹۱/۳۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا: ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اسے نہ تو اس پر ظلم کرنا چاہیے اور نہ اسے ذلیل ہونے دے اور نہ اسے حقیر قرار دے آپ نے اپنے سینہ مبارک کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا تقویٰ یہاں ہے اور یہ کلمہ تین بار دھرایا۔ انسان کیلئے یہ شر ہی کافی ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے مسلمان کی دوسرے مسلمان پر ہر چیز حرام ہے اس کا خون، اس کا مال اور اس کی آبرو و عزت۔ (مسلم)

تشریح: قوله: المسلم أخو المسلم لايظلمه:

عرضِ مرتب:

اتنے ٹکڑے کی تشریح پچھلی روایت کے ذیل میں ملاحظہ فرمائیے۔

قوله: لا يخذله: ذال معجمہ کے ضمہ کے ساتھ، ''خذلان'' سے ماخوذ ہے۔ ''خذلان'' کا مطلب ہوتا ہے: اعانت ونصرت کو ترک کرنا۔

مسلمان:

قوله: ولا يحقره: ''يحقره'': حرف اول کے فتحہ اور قاف کے کسرہ کے ساتھ۔ اس کو ذلیل وحقیر نہ سمجھنے کا مطلب یہ ہے کہ کوئی مسلمان کسی مسلمان بھائی کو نہ حقیر سمجھے، بایں طور کہ نہ اس کے عیوب ذکر کرے، نہ برے القاب سے پکارے، نہ اس کے ساتھ ٹھٹھا کرے، کسی کو پراگندہ حال دیکھے، یا کسی جسمانی آفت میں مبتلا دیکھے تو بھی اس کو حقیر نہ سمجھے۔ چونکہ ممکن ہے کہ وہ شخص پاکیزہ نفس ہو، اور دلی طور پر انتہائی متقی ہو، اور مبادا یہ شخص اپنے نفس پر ظلم کر بیٹھے ایسے شخص کی تحقیر کے باعث کہ جس کو اللہ تعالیٰ نے عزت ووقار بکشا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: القتوى ههنا: مظہرؒ فرماتے ہیں: یعنی وہ متقی شخص جو شرک اور گناہوں سے اجتناب کرتا ہے اس کو حقیر و کمتر سمجھنا جائز نہیں ہے تقویٰ کا مصدر و مخزن اصل میں سینہ یعنی دل ہے (اور وہ ایک ایسی صفت ہے جو باطن کی ہدایت اور نورانیت سے پیدا ہوتی ہے اس صورت میں کہا جائے گا کہ ان الفاظ کا مقصد ماقبل جملہ کی تاکید و تقویت ہے اور مطلب یہ ہے کہ جو چیز کسی انسان کو معزز و مکرم بناتی ہے وہ تقویٰ ہے) اور جب تقویٰ کا تعلق باطن سے ہے اور اس کی جگہ دل ہے جو ایک پوشیدہ چیز ہے کہ جس کو انسان ظاہری طور پر نہیں دیکھ سکتا تو پھر کسی مسلمان کو کیونکر حقیر و ذلیل کہا جا سکتا ہے۔ درآنحالیکہ اس کی حقیقت معلوم نہیں ہے

ایک بات یہ بھی کہی جا سکتی ہے کہ تقویٰ کی جگہ دل کو قرار دے کر اس طرف اشارہ فرمایا گیا ہے کہ جس کے دل میں تقویٰ ہو وہ کسی مسلمان کو حقیر و ذلیل نہ کرے کیونکہ کوئی بھی متقی کسی بھی مسلمان کو ذلیل کرنے والا نہیں ہو سکتا

حدیث کے آخری الفاظ کا مطلب یہ ہے کہ کوئی بھی مسلمان ایسا کوئی کام نہ کرے اور نہ اپنی زبان سے کوئی ایسی بات نکالے جس سے کسی مسلمان بھائی کی خونریزی ہو یا اس کا مال تلف و ضائع ہو اور یا اس کی عزت و آبرو کو نقصان پہنچے۔

یہ حدیث (اپنے الفاظ کے اختصار لیکن مفہوم و معنی کی وسعت کے اعتبار سے) جوامع الکلم میں سے ہے۔ اور وہ "فصل الخطاب" ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنحضرت ﷺ کو خصوصی عطیہ ہے۔ (انتھی)

ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿انما المؤمنون اخوة فأصلحوا بين أخويكم واتقوا الله﴾، ﴿اولئك الذين امتحن الله قلابهم للتقوىٰ﴾.

ملا علی قاریؒ لکھتے ہیں: بعض عارفین فرماتے ہیں اس کا معنی یہ ہے کہ تقویٰ کی حقیقت میرے سینہ میں ہے اور اس کی فروع پوری مخلوق کے دلوں میں پھیلی ہوئی ہیں چونکہ وہ آپؐ کا (سینہ) "عین الجمع" کا محل ہے اور "کشو فغیبه" کا آئینہ ہے۔ جیسا کہ آنحضرتؐ کا ارشاد گرامی ہے: "أنا اعلمكم بالله وأخوفكم منه"۔ (اس میں) یہ بیان کیا گیا ہے کہ جو معرفت میں بڑھا ہوا ہوگا وہ خشیت میں بڑھ کر ہوگا۔ اور کونین میں کوئی بھی آپؐ سے بڑھ کر صاحب معرفت نہیں ہے۔ مروی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: لكل شيئ معدن التقوى قلوب العارفين۔ چونکہ عارف اللہ تعالیٰ کی عظمت میں غائب ہوتا ہے وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی بقاء کا شائق ہوتا ہے وہ اس کی محبت میں ہوتا ہے۔ تقویٰ کا چشمہ اس کی معرفت کے سمندروں سے جاری ہوتا ہے جو اس کی روح سے قلب کی طرف اور اس کے قلب سے اس کے قالب کی طرف بہتا ہے۔ اور اس کا راز معدن توحید ہے۔ چونکہ اس میں تجلی ڈالتا ہے۔ اور اس کی روح معرفت کی "کان" ہے۔ چونکہ حق وصف بقاء کے ساتھ اس میں اچھی طرح ظاہر ہوتا ہے۔ اور اس کا دل خشیت کی "کان" ہے۔ چونکہ وہ وصف کبریاء و عظمت کے ساتھ روشن ہوتا ہے۔ پس توحید "عین القدم" سے معرفت "عین البقاء" سے اور تقویٰ "عین الکبریاء" سے ہے۔

قوله: ويشير الى صدره ثلث مرار. اصول میں یہ عبارت اسی طرح ہے۔ بعض نسخوں میں تائے فوقیہ کے ساتھ (مرات) ہے۔ یہ جملہ واقع ہوا ہے دو جملوں کے درمیان جن میں سے پہلا "ولا يحقره" اور دوسرا "بحسب امرء" ہے۔ یہ دونوں جملے احتقار کی ممانعت کو متضمن ہیں اور آپ یہ بات جانتے ہی ہیں کہ جملہ معترضہ تاکید میں واقع ہوتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور راوی نے ماضی سے مضارع کی طرف عدول کیا' مشاہدہ سامع میں اس حالت کے استحضار کا اور اس حالت کے اہتمام کی خاطر۔

بحسب امرئ: مبتدا ہے، باء زائدہ ہے، اور ''**ان یحقرا خاہ**'': خبر ہے۔ چنانچہ تقدیری عبارت یوں ہوگی: **حسبه وكافيه من خلال الشر، ورذائل الأخلاق تحقير أخيه الملسم.** (كذا ذكره الطيبي). اس عبارت سے یہ وہم ہوتا ہے کہ یحقر باب تفعیل سے ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے، بلکہ ''اصول'' میں یاء کے فتحہ اور قاف کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

حَسْب کی نحوی تحقیق:

بعض محققین لکھتے ہیں: '' حسب '' واحد، تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کیلئے مستعمل ہے، چونکہ مصدر ہے۔

نحاۃ فرماتے ہیں: اس کا مابعد معرفہ ہو تو مرفوع ہوتا ہے خبر ہونے کی وجہ سے' یا مبتدا ہونے کی بناء پر، اور اضافت لفظی ہوتی ہے۔ اور اگر نکرہ ہو، تو یہ صرف مرفوع مبتدا ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے، اور اضافت معنوی ہوتی ہے۔

عرضِ مرتب:

'' حسب '' کے دو استعمال معروف ہیں۔

پہلا استعمال: **حسب بمعنی كفاية** مستعمل ہے۔ اس کا اعراب اسکے موقع محل کے اعتبار سے ہوتا ہے۔

① کبھی صفت واقع ہوتا ہے، جیسے: **مررت بعالم حسبك من عالم.**

② کبھی حال واقع ہوتا ہے جیسے: **هذا زيد حسبك من مجتهد.**

③ کبھی مبتدا واقع ہوتا ہے جیسے: ﴿**حسبهم جهنم**﴾.

④ کبھی حرف مشبہ بالفعل کا اسم واقع ہوتا ہے، جیسے: ﴿**فان حسبك الله**﴾ [الأنفال:٦٢]

دوسرا استعمال: یہ بمعنی '' **لا غير** '' آتا ہے۔ چنانچہ یہ مبنی علی الضم ہوتا ہے۔ اور مختلف محل اعراب میں واقع ہوتا ہے:

① نعت واقع ہوتا ہے، جب کہ اسم کا ماقبل نکرہ ہو، جیسے: **رأيت تلميذا حسب.**

② حال واقع ہوتا ہے، جب کہ اس کا ماقبل اسم معرفہ ہو، جیسے: **شاهدت زيداً حسب.**

③ کبھی اس پر فاء زائدہ بھی داخل ہوتی ہے، جیسے **نجح طالب فحسب.**

اس کی ترکیب یوں ہوگی: **فاء** حرف زائد، **مبني على الفتح، لا محل له من الاعراب.** ''**حسب**'' اسم، **مبني على الضم، في محل رفع نعت.** (موسوعة النحو والصرف والاعراب، حسب، ص: ٣٤٩)۔

''عرض'' سے مراد وہ چیز ہے کہ جس کی حفاظت شرعاً محبوب و مستحب ہو۔ چنانچہ عصبیت اور زمانہ جاہلیت والی عصبیت اس سے خارج ہے۔ بہت سے لوگوں نے انہی چیزوں کو ایک شیوہ بنا رکھا ہے، وہ اپنا مال بھی خرچ کرتے ہیں تو طلب جاہ کیلئے اور مخلوق خدا کے دل موہ لینے کیلئے۔ یہ تو خواہش نفسانی ہے، کہ جس کی اتباع کرنے والے ہلاک و برباد ہوگئے۔ لوگوں کو لوگوں نے ہی ہلاک کیا، اگر علماء انصاف کریں تو جان لیں کہ ان کو علوم و عبادات پر ابھارنے والی چیز صرف مراعاۃ الخلق ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یحییٰ بن معاذ فرماتے ہیں: ''ریاست ابلیس کے میدان ہیں' جن میں وہ راس کے لشکر پڑاؤ ڈالتے ہیں۔''
اور بعض کا کہنا ہے، کہ صدیقین کے دل و دماغ سے سب سے آخر میں رخصت ہونے والی چیز ''محبت جاہ'' ہے۔

حدیث کا حاصل:

اپنے کسی مسلمان بھائی کی عزت خراب نہ کرے۔ اپنے کسی بھی مسلمان بھائی کی غیبت نہ کرے، اس کو طعنہ نہ دے، اس پر تہمت نہ لگائے، اس پر سب وشتم نہ کرے، اس کو اشارہ نہ کرے، اس کی ٹوہ میں نہ لگے، اس کا راز افشاء نہ کرے، چونکہ جو شخص کسی کے پوشیدہ امور کی ٹوہ میں لگتا ہے، اللہ تعالیٰ بھی اس کی ٹوہ میں لگ جاتا ہے، اور رسوا کر ڈالتا ہے، اگر چہ وہ شخص اپنے گھر کی کسی کال کوٹھڑی ہی میں کیوں نہ ہو، اس سے مقابلہ باقی نہیں کرتا، ہر شخص کو خود سے افضل سمجھتا ہے۔ (صغیر) چھوٹے کو بایں طور افضل سمجھتا ہے، کہ اس نے اللہ کی نافرمانی نہیں کی۔ جب کہ یہ شخص نافرمانی کرتا ہے اور بڑے کو اس سبب سے کہ اس نے اللہ کی عبادت اس سے زیادہ کی ہے، اور عالم کو اس کے علم کے سبب سے اور جاہل کو (اس کی جہالت کی وجہ سے' بایں طور)، کہ اس نے اگر چہ اللہ کی نافرمانی کی ہے، مگر جہالت کی وجہ سے کی ہے۔ لہٰذا عالم کی پکڑ اللہ تعالیٰ کی طرف سے زیادہ سخت ہے۔ چنانچہ مروی ہے: **ویل للجاهل مرة، وويل للعالم سبع مرات.** اور کافر کو اس طور پر افضل سمجھتا ہے کہ کیا معلوم خاتمہ بالخیر کس کا ہوتا ہے۔ اور سارا مدار تو خاتمہ پر ہی ہے۔ اللہ ہم سب کا خاتمہ الخیر پر فرمائے اور بلند مقامات سے نوازے۔

توضیح: یہ حدیث بھی ایک طویل روایت کا حصہ ہے۔ جس کو امام بغویؒ نے اپنی اربعین میں ذکر کیا ہے۔ اور بحوالہ امام مسلم حضرت ابو ہریرہؓ سے مرفوعاً یوں روایت کیا ہے:

" لا تحاسدوا، ولا تناجشو، ولا تباغضوا، ولا تدابروا، ولا يبع بعضكم على بيع بعض، وكونوا عباد الله اخوانا، المسلم أخوا المسلم" (الحديث)

جنتی اور دوزخی لوگ

۴۹۶۰: وَعَنْ عِيَاضِ بْنِ حِمَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلُ الْجَنَّةِ ثَلٰثَةٌ ذُوْسُلْطَانٍ وَمُقْسِطٌ مُتَصَدِّقٌ مُوَفَّقٌ وَرَجُلٌ رَحِيْمٌ وَرَقِيْقُ الْقَلْبِ لِكُلِّ ذِىْ قُرْبٰى وَمُسْلِمٍ وَعَفِيْفٌ مُتَعَفِّفٌ ذُوْعِيَالٍ وَاَهْلُ النَّارِ خَمْسَةٌ الضَّعِيْفُ الَّذِىْ لَازَبْرَلَهُ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْكُمْ تَبَعٌ لَا يَبْغُوْنَ اَهْلًا وَلَا مَالًا وَلَا الْخَائِنُ الَّذِىْ لَا يَخْفٰى لَهٗ طَمَعٌ وَاِنْ دَقَّ اِلَّاخَانَهٗ وَرَجُلٌ لَا يُصْبِحُ وَلَايُمْسِىْ اِلَّا وَهُوَ يُخَادِعُكَ عَنْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ وَذَكَرَ الْبُخْلَ وَالْكِذْبَ وَالشِّنْظِيْرَ الْفَحَّاشَ۔ (رواه مسلم)

اخرجه مسلم فى صحيحه ٤/٢١٩٧ الحديث رقم (٦٣-٢٨٦٥)، واحمد فى المسند ٤/٢٦١۔

ترجمہ: حضرت عیاض بن حمار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنتی لوگوں کی تین قسمیں ہیں: ① ایسا حاکم جو انصاف کرنے والا، صدقہ کرنے والا، اللہ تعالیٰ کی طرف سے توفیق بخشا ہوا ہو۔ ② ایسا شخص جو ہر قرابت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والے پر رحم کرنے والا اور نرم دل ہو۔ ﴿۴﴾ وہ مؤمن جو پاکدمن، سوال سے بچنے والا اور عیالدار ہو۔ آپ نے فرمایا دوزخی پانچ طرح کے ہیں: وہ کمزور آدمی کہ جس کے پاس مال نہ ہو اور دوسروں کا تابع ہو اہل و مال کا طلبگار نہ ہو خیانت کرنے والا آدمی کہ جس کی حرص چھپی نہیں رہ سکتی اگرچہ اسے تھوڑی سی چیز ملے اور اس میں بھی خیانت کرے وہ آدمی جو صبح شام تم کو تمہارے گھر اور مال کے بارے میں دھوکہ دیتا ہو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بخیل یا جھوٹے اور بدخو اور بیہودہ گالیاں بکنے والے آدمی کا بھی ذکر فرمایا اور ابوغسان نے اپنی روایت میں یہ ذکر نہیں کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خرچ کریں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی خرچ کیا جائے گا۔

تشریح: قوله: أهل الجنة ثلاثة ذو سلطان مقسط متصدق موفق:

ثلاثة: (کی ضمیر محذوف ہے۔) ای: ثلاثة اجناس من الأشخاص.

ذو سلطان کے کئی مطالب بیان کئے گئے ہیں: ای: ذو حكم. أی: السلطان. ذو حجة.

"مقسط": مرفوع ہے' مضاف کی صفت ہے بمعنی عادل ہے۔ أقسط يقسط عدل کرنا؛ ہمزہ برائے سلب ہے، جیسا کہ "شكا اليه فأشكاه" میں۔ قسط يقسط فهو قاسط ظلم کرنا۔

قوله: رجل رحيم رقيق القلب لكل ذى قربى و مسلم:

رقيق القلب: امام طیبیؒ لکھتے ہیں: "رقيق القلب" تفسیر ہے "رحیم" کیلئے. أى يرق قلبه، ويرحم لكل من بينه وبينه لحمة القرابة او صلة الاسلام اھ۔ اور بظاہر رحیم سے مراد صفت فعلیہ اور رقیق سے مراد صفت قلبیہ ہے صفت فعلیہ کا مطلب یہ ہے کہ وہ صفت اپنا خارجی وجود بھی رکھے اور دوسروں پر اس کے اثرات ظاہر ہوں جبکہ صفت قلبیہ کا تعلق محض اس صفت کے باطنی وجود سے ہوتا ہے خواہ علمی اور خارجی طور پر اس کا اظہار ہو یا نہ ہو۔ دوسرا مفہوم اظہر ہے، چنانچہ دوسری صورت میں اعتبار قوت کا اور پہلی میں اعتبار فعل کا ہے۔

اور یہ بھی ممکن ہے، کہ "رحیم" کی رحمت کا تعلق معنی اعم سے ہو۔ جو شامل ہوگی، ہر انسان حیوان کو خواہ مؤمن ہو کہ کافر کہ جانور۔ چنانچہ دوسرا اخص ہوگا۔ اور حاصل یہ ہے کہ تاسیس، تاکید سے اولیٰ ہے۔ قوله: عفيف متعفف ذو عيال: عفيف: مرفوع ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: آپ مختلف بندوں کے احوال کا استقراء کرلیں۔ آپ کوئی ایک بھی شخص ایسا نہ پائیں گے، جو اہل جنت میں سے ہو۔ مگر یہ کہ وہ انہی تین قسموں میں سے کسی قسم سے تعلق رکھتا ہوگا۔ ان قسموں سے خارج نہ ہوگا۔

قوله: اهل النار خمسة: اس سے پتہ چلتا ہے، کہ اہل جہنم کی تعداد زیادہ ہوگی۔

قوله: الضعيف الذى لا زبر له الذين هم فيكم تبع لا يبغون اهلا و لا مالا:

لا زبر: زاء کے فتحہ اور بائے موحدہ کے سکون کے ساتھ بمعنی عقل ورائے۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں: الزبر العقل والكمال والصبر والانتهار والمنع والنهى اھ۔ یہاں تمام معنی مراد ہو سکتے ہیں۔

اور شرح السنۃ میں لکھتے ہیں: ای: لا عقل له اور غریبین میں لکھتے ہیں: کہا جاتا ہے: ما له زبر ای عقل.

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ای لا رأی و لا عقل کاملا یعقله، ویمنعه عن ارتکاب ما لا ینبغی:

چنانچہ مروی ہے۔ الدنیا دار من لا دار له، ومال من لا ماله له، ولها یجمع من لا عقل له.

تورپشتیؒ فرماتے ہیں: یہ معنی درست نہیں، چونکہ جس کو عقل ہی نہ ہو مکلّف کیوں کر ہوگا؟ چنانچہ اس پر ''اہل نار'' کا حکم کیسے لاگو ہوگا۔ میرے نزدیک تو جیہہ یہ ہے کہ اس کی تفسیر ''تماسک'' کے ساتھ کی جائے۔ چونکہ اہل لغت کہتے ہیں: لا زبر له ای: لا تماسك له. یہ اصل میں مصدر ہے۔ چنانچہ معنی یہ ہوں گے: لا تماسك له عند مجیئ الشهوات فلا یرتدع عن فاحشة، ولا یتورع عن حرام.

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: تماسك بھی تو کمال عقل وصبر ہی سے حاصل ہوتا ہے۔ چنانچہ ان میں سے کسی ایک پر محمول ہو گا۔ امام طیبیؒ نے عجیب وغریب بات کہی، وہ لکھتے ہیں:

غرابت یہ ہے کہ شیخ اور قاضیؒ کے کلام میں ایسی کوئی بات موجود نہیں ہے، کہ جو ایک مزید قسم پر دلالت کرے۔ وہ دونوں انتہاء علقمند ہیں، چہ جائیکہ یہ کہا جائے، کہ انہوں نے پانچ سے زیادہ قسمیں بنا کر نص پر زیادتی کی ہے۔ خصوصاً جب کہ اصول مشہورہ کے مطابق عاطف بھی موجود ہے۔ ان دونوں کی بیان کردہ تفسیر میں بھی کوئی ایسی بات نہیں کہ جو اس مفہوم پر دلالت کرتی ہو، جس کا وہم فاضل مصنف کو ہوا۔ چونکہ وصف سابق یا لاحق میں کوئی منافات نہیں ہے، بلکہ دوسرا پہلے کیلئے ممیّز ہے۔ اور حاصل یہ ہے کہ قسم اول، جنس ضعیف ہے۔ أی هو جنس الضعیف فی أمر دینه الناقصون فی عقولهم الذین هم فیکم تبع.

''تبع'': امام طیبیؒ لکھتے ہیں: مصابیح کے بعض نسخوں میں ''تبع'' مرفوع ہے۔ جیسا کہ صحیح مسلم کی روایت میں ہے۔ ظرف کا فاعل ہے۔ یا مبتدا ہے اور اس کی خبر ظرف ہے۔ اور جملہ ''هم'' کی خبر ہے۔ ''تبع'' بعض نسخوں میں منصوب ہے۔ جب کہ حمیدی اور جامع الاصول میں ہے: اس تقدیر پر یہ خبر کی ضمیر مستتر سے حال ہوگا۔ اھ۔ ''تبع'' بروزن ''قلم''، تابع کی جمع ہے۔ جیسا کہ خدم، ''خادم'' کی جمع ہے۔

''لا یبغون'': تصحیح شدہ صحیح معتمد نسخوں میں یاء کے فتحہ' بائے موحدہ کے سکون اور غین معجمہ کے ضمہ کے ساتھ۔ (یعنی ثلاثی مجرد سے ہے۔) اور بعض نسخوں میں یاء کے فتحہ' تائے فوقیہ مشددہ مفتوحہ بائے موحدہ کے کسرہ اور عین مہملہ کے ساتھ ''اتباع'' مصدر سے ہے۔ (یعنی یَتَّبِعُونَ ہے' غین کی جگہ عین ہے اور باب افتعال سے ہے)۔ اور ایک نسخہ میں یاء کے ضمہ' تائے فوقیہ کے سکون' بائے موحدہ کے کسرہ اور عین مہملہ کے ساتھ ہے۔ اور امام نوویؒ فرماتے ہیں: لایتبعون بالعین المهملة یخفف ویشددمن الاتباع۔ اور بعض نسخوں میں ''یبغون'' غین معجمہ کے ساتھ ہے۔

قوله: والخائن الذی لایخفی له طمع وان دق الا خانه: طمع: مصدر بمعنی مفعول ہے۔

قاضیؒ فرماتے ہیں: ای لا یخفی علیه شیء مما یمکن ان یطمع فیه. حسن بصریؒ فرماتے ہیں: الطمع فساد الدین والورع صلاحه۔

صاحب قاموس لکھتے ہیں: خفاه یخفیه أظهره وخفی کرضی لم یظهر اھ۔ چنانچہ ''لا یخفی'' میں فاء کے فتحہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ساتھ پڑھنا معتمد ہے۔ البتہ روایت کسرہ کے ساتھ ثابت ہے۔ واللہ اعلم۔

قوله: ورجل لا يصبح الخ ولا يمسي الاوهو يخا دعك عن أهلك ومالك:

"عن" باء سببیہ کے معنی میں ہے، جیسا کہ اس آیت کریمہ میں: ﴿وما ينطق عن الهوى﴾ [النجم-۲] (على ما في القاموس)۔

صاحب کشاف لکھتے ہیں: ﴿فأزلهما الشيطان عنها﴾ أي: حملهما الشيطان على الزلة بسببها. اس آیت میں بھی "عن" باء سببیہ کے معنی میں ہے۔

قوله: وذكر البخل أو الكذب: اگر صحابی کو شک ہے تو ("ذکر" کا) فاعل نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں، اور اگر شک تابعی کو ہے، تو فاعل عیاض بن حمار ہیں۔ اسی پر مزید قیاس کر لیا جائے۔

البخل او الكذب: تورپشتیؒ فرماتے ہیں: بخل، "بخیل" کے معنی میں ہے، اور کذب، کذاب کے معنی میں ہے۔ (بالفاظ دیگر یوں کہہ سکتے ہیں، کہ)

لفظ بخل اور کذب مصدر قائم مقام فاعل ہیں۔ وذكر البخل والكذب..... الخ کے ذریعہ راوی نے یہ بیان کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے دوزخیوں کی جو قسمیں بیان فرمائی تھیں ان میں بخیل اور کاذب کا بھی ذکر فرمایا اور پوری عبارت کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ ﷺ نے دوزخیوں کی مذکورہ قسمیں بیان فرمانے کے بعد فرمایا کہ دوزخیوں کی اور قسمیں بخیل و کاذب ہیں!

رہی یہ بات کہ راوی نے ذكر البخيل والكاذب کہنے کے بجائے ذكر البخل والكذب کیوں کہا تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اس موقع پر آنحضرت ﷺ نے جو ارشاد فرمایا تھا وہ بعینہ الفاظ میں راوی کو یاد نہیں رہا تھا البتہ صحیح طور پر یہ یاد تھا کہ آپ ﷺ نے باقی دو قسموں کے سلسلے میں جو الفاظ ارشاد فرمائے تھے ان میں بخل اور کذب کا ذکر ضرور تھا خواہ آپ ﷺ نے والبخيل والكاذب ہی کے الفاظ فرمائے ہوں یا کچھ اور الفاظ فرمائے ہوں۔

اکثر روایتوں میں البخل اور الكذب کے درمیان واؤ کے بجائے او ہے یعنی البخل او الكذب۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ اس موقع پر راوی کو شک واقع ہوا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے یا تو "البخل" کا لفظ ارشاد فرمایا تھا یا الكذب کا یعنی راوی گویا یہ بیان کرنا چاہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے دوزخیوں کی تین قسمیں بیان کرنے کے بعد چوتھی قسم کے طور پر یا تو بخیل کو بیان کیا تھا یا کاذب کو

اور زیادہ صحیح بات بھی یہی ہے کہ یہاں حرف او ہے جو راوی کے شک کو ظاہر کرتا ہے اور جن روایتوں میں واؤ ہے ان میں بھی واؤ حرف او کے معنی میں

نیز لفظ والشنظير کو بھی مرفوع قرار دینا زیادہ صحیح ہوگا اور اس کا عطف رجل پر کیا جاتا ہے جب کہ بعض حضرات نے اس کو منصوب قرار دیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کامل مؤمن کون؟

۴۹۶۱: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيْهِ مَايُحِبُّ لِنَفْسِهٖ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱/۵۶ الحدیث رقم ۱۳ ومسلم فی ۱/۶۸ الحدیث رقم (۷۲-۴۵)، والنسائی فی ۸/۱۲۵ الحدیث رقم ۵۰۳۹، والدارمی فی ۲/۳۹۷ الحدیث رقم ۲۷۴۰، واحمد فی المسند ۳/۲۵۱۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم ہے اس خدا کی جس کے دست قدرت میں میری جان ہے کوئی بندہ اس وقت تک کامل مؤمن نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی مسلمان کے لئے وہی چیز نہ چاہے جو اپنے لئے چاہتا ہے۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: لا یؤمن عبد: یہاں کمال ایمان کی نفی مراد ہے۔ چنانچہ اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ کسی مسلمان کا ایمان اس وقت تک کامل نہیں سمجھا جائے گا جب تک کہ وہ اپنے بھائی مسلمان کے لئے اس چیز کو پسند نہ کرے جس کو خود اپنے لئے پسند کرتا ہے۔

شرح مسلم میں امام نوویؒ لکھتے ہیں: ''لا یؤمن'' سے مراد ایمان تام ہے، وگرنہ تو اصل ایمان اس شخص کو بھی حاصل ہے جو اس وصف سے متصف نہیں۔ اور'' یحب لأخیه'' سے مراد طاعات ومباحات ہیں۔ اس کی دلیل وہ حدیث ہے، جو نسائی میں ان الفاظ کے ساتھ منقول ہے: ''لا یؤمن أحدکم حتی یحب لأخیه ما یحب لنفسه من الخیر''.

شیخ ابوعمرو بن صلاح نے فرمایا: یہ حکم صعب وممتنع شمار ہوتا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے چونکہ حدیث کا مطلب یہ ہے: حتی یحب لأخیه فی الاسلام مثل ما یحب لنفسه. اھ۔ اور اس کی تحقیق یہ ہے کہ مومنین ارواح کے اعتبار سے متحد ہیں، اور اجسام واشباح کے اعتبار سے متعدد ہیں۔ جیسا کہ ایک نور مختلف مظاہر میں ہوتا ہے، یا ایک نفس کہ جو متفرق اجسام میں ہوتا ہے، کہ اگر ایک درد محسوس کرتا ہے، تو سارے متأثر ہوتے ہیں۔ جیسا کہ اسی مفہوم کی طرف اس حدیث میں اشارہ ہے:

المؤمنون کرجل واحد' ان اشتکیٰ عینه اشتکی کله، وان اشتکی رأسه اشتکی کله.

تخریج: اس روایت کا متفق علیہ ہونا معنوی اعتبار سے ہے، چنانچہ بخاری کی روایت میں یہ الفاظ ہیں: '' لا یؤمن احدکم'' اور ایک نسخہ میں عبد ہے۔ اور ایک دوسری روایت میں'' أحد'' ہے بغیر قسم کے۔

اور مسلم کی روایت ان الفاظ کے ساتھ ہے: والذی نفسی بیده لا یؤمن عبد حتی یحب لجاره ، او قال: لأخیه ما یحب لنفسه. بخاری ومسلم کی ان روایات کو پیش نظر رکھا جائے، تو معلوم ہوتا ہے، کہ مؤلفؒ کی ذکر کردہ روایت کے الفاظ نہ بخاری میں ہیں، اور نہ مسلم کے ہیں۔ اس روایت کو ترمذی، نسائی، اور ابن ماجہ نے بھی ذکر کیا ہے۔ (ذکرہ میرکؒ)۔

روایت کا صرف اتنا ٹکڑا الفظاً متفق علیہ ہے: لا یؤمن أحدکم حتی یحب لأخیه ما یحب لنفسه جیسا کہ امام نوویؒ نے اربعین میں ذکر کیا ہے۔ اور فرمایا: اس کو احمد، شیخین اور اصحاب کتب ثلثہ نے روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پڑوسی کو ایذاء دینے والا کامل مؤمن نہیں

۴۹۶۲: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَا يُؤْمِنُ وَاللّٰهِ لَايُؤْمِنُ وَاللّٰهِ لَايُؤْمِنُ قِيْلَ مَنْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الَّذِىْ لَايَاْمَنُ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۴۴۳ الحدیث رقم ۶۰۱۶۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قسم ہے خدا کی اس شخص کا ایمان کامل نہیں ہے، قسم ہے خدا کی اس شخص کا ایمان کامل نہیں ہے، قسم ہے خدا کی اس شخص کا ایمان کامل نہیں ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا یارسول اللہ! کون؟ فرمایا جس کا پڑوسی اس کی شرارتوں سے مامون ومحفوظ نہ ہو۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله: واللّٰه لا يؤمن: یہاں بھی ایمان سے مراد ایمان کامل ہے یا وہ ایمان جو اپنے مبنیٰ ومعنی کے مطابق ہو۔ یہ جملہ تین بار آیا ہے۔ اور مکرر لانے کی غرض تاکید ہے۔

عرضِ مرتب:

مزید تشریح اگلی حدیث کے تحت فرمائیے۔

پڑوسی کو ایذا دینے والا جنت میں نہ جائے گا

۴۹۶۳: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَايَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَا يَاْمَنُ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ۔

(رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱/۶۸ الحدیث رقم (۳۳-۳۶)، واحمد فی المسند ۲/۱۳۷۳۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص جنت میں داخل نہ ہوگا جس کا پڑوسی اس کی شرارتوں سے محفوظ مامون نہ ہو۔ (مسلم)

تشریح: بوائق: بائقة کی جمع ہے، جس کا مطلب ہے: الداهية (بری بات، مصیبت، شر وفساد)۔ صاحب نہایہ نے اس کی وضاحت ''غوائل وشرور'' کے ساتھ کی ہے۔

وعید کا سبب:

کمال ایمان یہ ہے کہ قرآن پر عمل ہو، اور اعمال قرآنی میں سے من جملہ یہ بھی ہے: ﴿وَالْجَارِ ذِى الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ﴾ [النساء:۳۶]

اس حدیث میں پڑوسیوں کے حقوق کو مبالغہ کے ساتھ ذکر فرمایا ہے، بایں طور کہ عدم امن از وقوع ضرر کو نفی دخول جنت کا سبب قرار دیا ہے۔ چنانچہ اس شخص کا کیا حال ہوگا کہ جس کی طرف سے ضرر وشر متحقق ہو چکا ہو، (یعنی اس کی وجہ سے پڑوسی تکلیف میں ہوں۔)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پڑوسی کے حقوق کی شدید تاکید

۴۹۶۴: وَعَنْ عَائِشَةَ وَابْنَ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَازَالَ جِبْرَئِيْلُ يُوْصِيْنِيْ بِالْجَارِ حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّهٗ سَيُوَرِّثُهٗ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۴۴۱/۱۰ الحدیث رقم ۶۰۱۴و۶۰۱۵ومسلم فی ۲۰۲۵/۴ الحدیث رقم (۱۴۰-۲۶۲۴)و(۱۴۱-۲۶۲۵) و ابوداؤد فی السنن ۳۵۷/۵ الحدیث رقم ۵۱۵۲، والترمذی فی السنن ۲۹۳/۴ الحدیث رقم ۱۹۴۲ و ابن ماجه فی ۲۱۱/۲ الحدیث رقم ۳۶۷۳ واحمد فی المسند ۵۲/۶و۸۵/۲۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ جبرئیل امین مجھے پڑوسی کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے تاکید کرتے رہے یہاں تک کہ مجھے محسوس ہوا کہ وہ پڑوسی کو وارث بنادیں گے۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: جبریل: اس لفظ میں چار قراءتیں ماقبل میں گذر چکی ہیں۔

سیورثہ: یہ لفظ راء کی تشدید کے ساتھ ہے۔ اور تخفیف بھی درست ہے۔ (علی مافی القاموس) قصہ مختصر یہ کہ از باب سمع، افعال اور تفعیل سے استعمال ہوتا ہے۔ ورث أباه ومنه بكسر الراء يرثه كيعد، وارث ہونا۔ اورثه جعله من ورثته، وارث بنانا۔

اس حدیث سے ہمسایہ کے حقوق کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے چنانچہ حضرت جبرئیل علیہ السلام اس سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جس تواتر کے ساتھ حکم دیتے تھے اس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ گمان ہونے لگا کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام عنقریب یہ وحی لے کر نازل ہوں گے کہ پڑوسی آپس میں ایک دوسرے کے وارث ہیں۔

تخریج: منذریؒ نے فرمایا: اس حدیث کو امام ترمذیؒ نے بھی ان دونوں سے نقل کیا ہے۔ ابوداؤدؒ اور ابن ماجہ نے صرف حضرت عائشہؓ سے روایت کیا ہے۔ ابن ماجہ نے اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کیا ہے۔ (ذکرہ میرک)

جامع صغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو احمد، شیخین، ابوداؤد اور ترمذی نے ابن عمرؓ سے روایت کیا ہے۔ اور احمد، شیخین اور اصحاب اربعہ نے حضرت عائشہؓ سے نقل کیا ہے۔ اور بیہقی نے سند حسن کے ساتھ حضرت عائشہؓ کی روایت ان الفاظ کے ساتھ ذکر کی ہے: "ما زال يوصيني جبريل بالجار حتى ظننت أنه يورثه، وما زال يوصيني بالمملوك حتى ظننت أنه يضرب له أجلاً أو وقتاً اذا بلغه عتق".

تیسرے کو چھوڑ کر دو سرگوشی نہ کریں

۴۹۶۵: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كُنْتُمْ ثَلٰثَةً فَلَا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَتَنَاجَى اثْنَانِ دُوْنَ الْاٰخَرِ حَتّٰى تَخْتَلِطُوْا بِالنَّاسِ مِنْ اَجْلِ اَنْ يُّحْزِنَهٗ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۸۲/۱۱ الحدیث رقم ۲۶۹۰ و مسلم فی ۱۷۱۸/٤ الحدیث رقم (۳۷-۲۱۸٤)، والترمذی فی السنن ۱۱۷/٥ الحدیث رقم ۲۸۲۵ والدارمی فی ۳۱۷/۲ الحدیث رقم ۲٦٥۷ و مالك فی الموطأ ۹۸۹/۲ الحدیث رقم ۱٤۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم تین ہو تو تیسرے کو چھوڑ کر دو باہمی سرگوشی نہ کرو۔ یہاں تک کہ تم مجمع میں خلط ملط ہو جاؤ کیونکہ یہ بات اسے پریشان کرے گی۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: یحزنہ: یاء کے فتحہ اور زاء کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ اور ایک نسخہ میں یاء کے ضمہ اور زاء کے کسرہ کے ساتھ ہے، یہ دونوں فصیح لغات ہیں۔ پہلی لغت اشہر و اکثر ہے۔ بعض حضرات نے یہ لفظ یاء اور زاء دونوں کے فتحہ کے ساتھ ضبط کیا ہے، یہ خطا ہے۔ چونکہ یہ فعل لازم ہے، اور یہاں متعدی ہے۔ ضمیر فاعل "تناجی" کی طرف اور ضمیر مفعول "آخر" کی طرف عائد ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ممکن ہے کہ یہ نہی کی علت کا بیان ہو۔ أی: **لا تناجوا لئلا یحزن صاحبك**. اور یہ بھی ممکن ہے کہ فعل منہی عنہ کی علت ہو۔ أی: **لا ینبغی ان یصدر منکم تناج هو سبب للحزن**. چنانچہ معلوم ہوا کہ "تناجی" کی دو قسمیں ہیں: ۱ ممنوعہ تناجی۔ ۲ غیر ممنوعہ تناجی۔ روایت میں پہلی "تناجی" مراد ہے۔ اور دلیل یہ روایت ہے: **فأن ذلك یحزنه**۔

خطابیؒ فرماتے ہیں: یہ رنجیدگی دو وجہ سے ہو سکتی ہے:

① دوسرے کو بعض مرتبہ یہ وہم ہوتا ہے، کہ شاید یہ لوگ میرے ساتھ کوئی مکاری کرنا چاہتے ہیں۔

② اختصاص بالکرامۃ کا شبہ ہوتا ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: "**حتی یختلطو**" سے دوسرے قول کی تردید ہو رہی ہے۔

مطلب یہ ہے کہ اگر تین آدمی ایک ساتھ مثلاً کہیں بیٹھے ہوئے ہیں تو ان میں سے کسی بھی دو آدمیوں کے لئے یہ روا نہیں ہے کہ وہ آپس میں اس طرح سرگوشی کریں کہ ان میں کا تیسرا آدمی ان کی بات کو سننے نہ پائے' اگر کسی جگہ چار آدمی ایک ساتھ بیٹھے ہوئے ہوں اور ان میں سے دو آدمی آپس میں سرگوشی کرنے لگیں تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ تیسرے آدمی کی موجودگی میں دو آدمیوں کے آپس میں سرگوشی کرنے یا اسی طرح چوتھے آدمی کی موجودگی میں تین آدمیوں کے آپس میں سرگوشی کرنے کی مذکورہ بالا ممانعت نہی تحریمی کے طور پر ہے۔ لہٰذا دو آدمی ہوں یا تین چار ہوں یا پورا مجمع ہو ان کے لئے یہ حرام ہے کہ وہ ایک آدمی کو چھوڑ کر باقی سب آپس میں سرگوشی کریں ہاں اگر اس ایک آدمی سے پوچھنے کے بعد اور اس کی اجازت کی صورت میں سرگوشی کریں تو کوئی مضائقہ نہیں۔ حضرت ابن عمرؓ' امام مالکؒ ہمارے اصحاب اور جمہور علماء کا یہی مسلک ہے اور اس حکم کا تعلق ہر موقع و ہر زمانہ سے ہے خواہ سفر ہو یا حضر ہو۔

ایک شارح کا کہنا ہے، کہ مجمع میں اگر دو افراد سرگوشی کریں تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔ چونکہ تیسرا آدمی یہ گمان نہیں کرے گا، کہ یہ دونوں اس کی برائی کر رہے ہیں۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اگر وہ یہ گمان کرے تو تب بھی پروانہ کرنی چاہئے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چونکہ مجلس ہے۔

شرح السنہ میں لکھا ہے: حضرت عائشہ کی ایک صحیح حدیث میں ہے: أنا كنا أزواج النبي ﷺ عنده يوما فأقبلت فاطمة، فلما رآها رحب ثم سارها، یہ دلیل ہے کہ مجمع میں سرگوشی کرنا جائز ہے۔

تخریج: جامع صغیر میں اس روایت کے الفاظ یوں ہیں: "اذا كنتم ثلاثة فلا يتناجى رجلان دون الآخر حتى تختلطوا بالناس فان ذلك يحزنه"۔ اس حدیث کو امام احمد، شیخین، ترمذی اور ابن ماجہ نے ابن مسعودؓ سے روایت کیا ہے۔

دین خیر خواہی کا نام ہے

۴۹۶۶: وَعَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ ثَلٰثًا قُلْنَا لِمَنْ؟ قَالَ لِلّٰهِ وَلِكِتَابِهٖ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَعَامَّتِهِمْ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٧٤/١ الحديث رقم (٩٥-٥٥)، والترمذي في السنن ٢٨٦/٥ الحديث رقم ١٩٢٦، والنسائي في ١٥١/٧ الحديث رقم ٤١٩٩، والدارمي في ٤٠٢/٢ الحديث رقم ٢٧٥٤، واحمد في المسند ١٠٢/٤۔

ترجمہ: حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دین خیر خواہی کا نام ہے۔ یہ کلمہ تین مرتبہ دھرایا۔ ہم نے عرض کیا کس کے لئے؟ فرمایا اللہ تعالیٰ اور اس کی کتاب اس کے رسول ﷺ اور مسلمان حکام اور عام مسلمانوں کے لئے۔ (مسلم)

تشریح: امام نوویؒ فرماتے ہیں: یہ ایک عظیم الشان حدیث ہے۔ اس پر ایمان و اسلام کا دار و مدار ہے۔ اور یہ جو کہا گیا، یہ حدیث ربع اسلام ہے، یعنی چار احادیث میں سے ہے کہ جو تمام امور اسلام کو جامع ہیں۔ تو یہ ایسا نہیں ہے جیسا کہ وہ کہتے ہیں، بلکہ مدار صرف اس اکیلی حدیث پر ہے۔ اور بعض نے فرمایا: اس حدیث میں نصیحت کو دین و اسلام سے تعبیر کیا ہے۔ اور یہ کہ دین کا اطلاق جس طرح عمل پر ہوتا ہے، اس طرح قول پر بھی ہوتا ہے، اور علماء فرماتے ہیں: نصیحت فرض کفایہ ہے، ایک شخص کی بجا آوری سے باقی لوگوں سے ساقط ہو جائے گی۔ نصیحت بقدر طاقت لازم ہے، چنانچہ جب ناصح کو علم ہو کہ اس کی نصیحت کو قبول کیا جائے گا، اس کے حکم کی تعمیل ہوگی، اس کو خود پر کوئی خطرہ بھی نہ ہو۔ اور اگر اذیت کا اندیشہ ہو تو نصیحت کرنے کے معاملہ میں گنجائش ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

"نصحية" کی لغوی تحقیق:

وهي مأخوذة من نصحت العسل اذ اصفيته من الشمع، شبّهو تخليص القول والفعل من الغش بتخليص العسل من الشمع. حاصل یہ کہ "نصحت العسل" سے ماخوذ ہے، جس کے معنی ہیں شہد کو صاف کرنا۔ چنانچہ "نصح الشيء" کہتے ہیں جب کوئی شئے صاف شفاف اور خالص ہو جائے، اس طرح جب اخلاص کے ساتھ بات کی جائے تو کہتے ہیں نصح له القول۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

النصيحة وهي تحرى قول او فعل فيه صلاح لصاحبه، او تحرى اخلاص الودّ له، والحاصل انه ارادة الخير للمنصوح له وهو لفظ جامع لمعان شتى.

قال الخطابي: النصيحة كلمة جامعة يعبر بها عن جملة هي ارادة الخير، وليس يمكن ان يعبر عن هذا المعنى بكلمة وجيزة يحصرها ويجمع معنا هاغيرها. كما قالوا في "الفلاح" "ليس في كلامهم كلمة اجمع لخير الدنيا والآخرة منه

قال الطيبيؒ: النصيحة هي خلوص المحبة للمنصوح له والتحرى فيما يستدعيه حقه.

امام خطابیؒ فرماتے ہیں: نصیحت ایک جامع کلمہ ہے جو باوجود مختصر سا ہونے کے اپنے اندر بہت سے جامع معانی سموئے ہوئے ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ "منصوح لہ" کیلئے تمام حظوظ خیر کو جمع کر دینا نصیحت ہے۔

قوله: الدين النصيحة:

یہاں "الدين النصيحة" فرمایا گیا ہے۔ "النصيحة" کا حمل "الدين" پر ہے۔ چنانچہ مراد یہ ہے: عماد الدين وقوامه انما هو النصيحة وبها ثباته: یعنی دین کا دارومدار نصیحت پر ہے، بایں طور کہ اسی کے ذریعہ سے دین کو قوت وثبات حاصل ہے۔ یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ حضور اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے: "انما الأعمال بالنيات" اور "الحج عرفة". یہ حصر ادعائی ہے۔

دوسرا مطلب یہ ہے کہ دین میں اہم ترین چیز نصیحت ہے۔

ذكرها ثلاثا: آنحضرت ﷺ نے اہتمام شان اور تاکید کے سبب سے یہ جملہ تین بار ارشاد فرمایا۔ اربعین کی رویات میں یہ لفظ موجود نہیں ہے۔ چونکہ نصیحت امور اضافیہ میں سے تھی اسی لئے راوی نے اس کی تفصیل چاہی۔

قوله: قال: لله: اللہ کیلئے نصیحت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات پر حضور اکرم ﷺ کی تعلیمات وہدایات کے مطابق ایمان لائے، شرک اور اس کی تمام انواع واقسام سے اجتناب برتے، اطاعت وفرمانبرداری کو اپنا شعار بنائے، اور اخلاص نیت کے ساتھ تمام اوامر کو بجالائے، نواہی سے مکمل اجتناب کرے، خدا کے انعامات واحسانات کا معترف بنے۔ اور شکر بجالائے، اللہ کے نیک بندوں کے ساتھ محبت وموالات کا تعلق رکھے اور نافرمانوں کے ساتھ معادات کا معاملہ رکھے۔

یہ حقیقت پیش نظر رہے کہ اللہ تعالیٰ کو کسی ناصح کی نصیحت کی کوئی ضرورت نہیں۔ یہاں اگرچہ "النصيحة لله" فرمایا گیا، لیکن درحقیقت یہ امور خود بندہ (کے منافع) کی طرف راجع ہیں۔ (كذا ذكر الخطابي). اور اس کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ کے امر کی تعظیم کی جائے اور اس کی مخلوق پر شفقت کی جائے۔

بعض محققین فرماتے ہیں: "نصیحت کا مطلب یہ ہے کہ اس کے وجود پر ایمان لایا جائے، بایں طور کہ یہ اعتقاد حاصل ہو کہ اللہ موجود ہے۔ وہ خالق ہے، وہ اپنی صفات ثبوتیہ، سلبیہ، اضافیہ اور افعال سے متصف ہے، اس کی ذات کے علاوہ کائنات کی ہر چیز کہ جس کو عالم کہا جاتا ہے، وہ اللہ کی قدرت سے معرض حدوث میں آئی ہے۔ عرش سے تحت الثریٰ تک سارے کا سارا جہاں، عظمت الٰہیہ کے مقابلہ میں وہ نسبت بھی نہیں رکھتا جو نسبت رائی کے ایک دانہ کو جمیع عالم کے مقابلہ میں حاصل ہے۔ اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے احکام معلل بالاغراض نہیں ہیں۔ احکام کی مشروعیت کا مقصد منفعت عباد ہے۔ ''حکم'' وہی ہے، حکم اسی کا رواں ہے، جو چاہے سو چاہے، اس پر کوئی چیز لازم نہیں، اگر کسی کو ثواب عطاء کرے تو اس کا فضل ہے۔ اور اگر کسی کو عذاب دے، تو اس کا عدل ہے۔ اس کے اسماء توقیفی ہیں، اس کی عبادت اخلاص کے ساتھ کرے۔ اس کی نافرمانی سے اجتناب کرے، محبت رکھے تو اللہ کی خاطر، بغض رکھے تو اللہ کی خاطر۔''

قولہ: ولکتابہ: اللہ کی کتاب کیلئے نصیحت کا مطلب یہ ہے کہ اس پر ایمان لائے، کہ یہ اللہ کا کلام ہے، یہ اس کی وحی ہے۔ یہ اس کا نازل کردہ ہے۔ مخلوق میں سے کوئی بھی اس کے مثل کلام پر قادر نہیں۔

تلاوت کرتے وقت اس کے الفاظ وحروف کو درستگی کے ساتھ ادا کرے۔ اس میں مذکور وعدوں اور وعیدوں کی تصدیق کرے۔ اس کے مواعظ سے عبرت حاصل کی جائے، قرآن کے عجائبات میں تفکر کیا جائے، اس کے محکمات پر عمل کیا جائے۔ متشابہات کے سامنے سر تسلیم خم کیا جائے۔ (ذکرہ الخطابی)

بعض کا کہنا ہے کہ قرآن کی تعظیم وتکریم کرے، محرفین کی تاویلات کا ابطال کیا جائے، زبان طعن دراز کرنے والوں کی زبان کو بند کیا جائے۔

بعض محققین فرماتے ہیں: کتاب سے مراد قرآن ہے، چونکہ قرآن کریم پر ایمان لانا تمام کتب یا جنس کتب سماویہ پر ایمان لانے کو متضمن ہے۔ اس لئے کہ جنس کی اضافت مفید عموم ہوتی ہے، (**کما تقرر فی الاصول**).

''**لمن**'' کے جواب میں ''**لکتبہ**'' کا ذکر کرنا تغلیباً ہے۔

قولہ: النصیحۃ للرسول:

خدا کے رسول ﷺ کے حق میں خیر خواہی کا مطلب یہ ہے کہ اس بات کی سچے دل سے تصدیق کرے کہ وہ رسول ﷺ اور اس کے پیغمبر ہیں ان کی نبوت پر ایمان لائے وہ اللہ کی طرف سے جو پیغام پہنچائیں اور جو احکام دیں ان کو قبول کرے اور ان کی اطاعت وفرمانبرداری کرے ان کو اپنی جان اپنی آل اولاد اپنے ماں باپ اور تمام لوگوں سے زیادہ عزیز ومحبوب رکھے ان کے اہل بیت اور ان کے صحابہؓ سے محبت رکھے اور ان کی سنت پر عمل کرے۔

''رسول'' سے مراد محمد عربی ﷺ ہیں یا جنس مراد ہے، اس صورت میں ملائکہ بھی شامل ہو جائیں گے، چونکہ وہ بھی انبیاء کی طرف مبعوث، جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿**جاعل الملئکۃ رسلا**﴾ [فاطر۔ ۱] اور دوسری جگہ فرمایا: ﴿**اللہ یصطفی من الملائکۃ رسلاً ومن الناس**﴾ [الحج۔ ۷۵]

قولہ: ائمۃ المسلمین: امام کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: **ومجمل معنی الامام من لہ خلافۃ الرسول فی اقامۃ الدین بحیث یجب اتباعہ علی الکل.** چنانچہ اس مفہوم میں مسلمانوں کے امراء وخلفاء ہیں۔

مسلمانوں کے اماموں کے حق میں خیر خواہی یہ ہے کہ جو شخص اسلامی حکومت کی سربراہی کر رہا ہو اس کے ساتھ وفاداری کو قائم رکھے۔ احکام وقوانین کی بیجا طور پر خلاف ورزی کر کے ان کے نظم حکومت میں خلل وابتری پیدا نہ کرے۔ اچھی باتوں میں ان کی پیروی کرے اور بری باتوں میں ان کی اطاعت سے اجتناب کرے۔ اگر وہ اسلام اور اپنے عوام کے حقوق کی ادائیگی میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غفلت وکوتاہی کا شکار ہوں تو ان کو مناسب اور جائز طریقوں سے متنبہ کرے۔ ان کے خلاف بغاوت کا علم بلند نہ کرے اگر چہ وہ کوئی ظلم ہی کیوں نہ کریں۔ علماء کو جو مسلمانوں کے علمی و دینی رہنما ہوتے ہیں ان کی عزت واحترام کرے شرعی احکام اور دینی مسائل میں وہ قرآن وسنت کے مطابق جو کچھ کہیں اس کو قبول کرے اور اس پر عمل کرے ان کی اچھی باتوں اور ان کے نیک اعمال کی پیروی کرے اور ان کے بارے میں حسن ظن رکھے۔

قولہ: **وعامتهم**: یہاں اعادہ عامل کو ترک کیا ہے۔ یہ اشارہ ہے کہ ان کا رتبہ مقدم الذکر لوگوں سے کم ہے، چونکہ یہ تابع ہیں۔ اور پہلے متبوعات نصیحت کے اعتبار سے مستقل ہیں۔

عامۃ المسلمین کے ساتھ نصیحت کا مطلب یہ ہے کہ

عوام کی ان کے دینی و دنیاوی مصالح کی طرف راہنمائی کی جائے۔ ہر جائز ممکنہ طریقہ سے ان کو نفع پہنچانے کی کوشش کی جائے۔ ان کو ہر ممکنہ نقصان سے بچایا جائے۔ ان کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کیا جائے۔ قولاً اور فعلاً ہر اعتبار سے ان کی مدد کی جائے، دینی و دنیوی منافع کی تعلیم دی جائے۔ بڑوں کی توقیر کی جائے اور چھوٹوں کے ساتھ شفقت ومہربانی کی جائے۔ ان کیلئے مواعظ حسنہ کا اہتمام کیا جائے۔ ان کی غیبت نہ کی جائے، ان سے حسد نہ رکھے۔ ان کی آبرو اور جان ومال کی حفاظت کرے۔ خلاصہ یہ ہے: ''**يحب لهم ما يحب لنفسه من الخير ويكره لهم ما يكره لنفسه من الشر**''۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں:

تخریج: امام بخاری نے تاریخ میں، اس روایت کا فقط پہلا ٹکڑا'' **والدين النصيحة**'' حضرت ثوبان سے ذکر کیا ہے۔ (یعنی اور بزارؒ نے ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے۔

عرضِ مرتب:

امام بخاریؒ نے بخاری شریف میں ''**كتاب الايمان**'' کے اختتام پر اس حدیث کو بطور ترجمۃ الباب ذکر فرمایا ہے: **باب: قول النبي ﷺ: الدين النصيحة لله ولرسوله ولأئمة المسلمين وعامتهم**. حاصل یہ کہ امام بخاریؒ نے اس حدیث کو بخاری شریف میں اگر چہ موصولاً ذکر نہیں کیا مگر تعلیقاً ذکر کیا ہے۔ علاوہ ازیں اس حدیث کو امام نسائی، ابوداؤد، ابن حبان، ابن مندہ اور ابن خزیمہ وغیرہ نے بھی ذکر کیا ہے۔

ہر مسلمان کی خیر خواہی پر بیعت

۴۹۶۷: **وَعَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ وَالنُّصْحِ لِكُلِّ مُسْلِمٍ**۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۵/۳۱۲ الحديث رقم ۲۷۱۵ و مسلم فی ۲/۷۵ الحديث رقم (۹۷-۵۶)۔

ترجمہ: حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول کریم کی بیعت ان باتوں پر کی ہے: ✓ نماز کا قائم کرنا۔ (۲) زکوۃ دینا۔ ✓ ہر مسلمان سے خیر خواہی کرنا۔ (بخاری ومسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قوله: بايعت رسول الله ﷺ اقام الصلاة وايتاء الزكوة:

اقام: کے آخر سے تاء حذف ہے چونکہ اضافت بھی ہے، اور اطالہ بھی۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: صلاۃ وزکوۃ پر اقتصار کرنا اس سبب سے ہے، کہ یہ دونوں اعمال عبادات مالیہ اور بدنیہ میں سے ''امہات العبادات'' ہیں، شہادتین کے بعد یہ دونوں اسلام کے اہم ارکان ہیں۔ اھ۔

اس روایت میں باقی عبادات کا ذکر موجود نہ ہونے سے یہ نہ سمجھ لیا جائے کہ روزہ اور حج اس وقت تک واجب ہی نہیں ہوئے تھے۔ چونکہ اس حدیث کے راوی یعنی حضرت جریر بن عبداللہؓ نے عام الوفاۃ میں اسلام قبول کیا تھا۔ دوسری وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے، کہ روزہ من جملہ عبادات بدنیہ میں سے ہے، جو شخص نمازوں کی محافظت و مداومت کرے گا، تو روزہ بطریق اولیٰ رکھے گا، بخلاف اس کے برعکس کے۔ جیسا کہ اہل زمانہ کا مشاہدہ ہے۔ اور حج، عبادت مالیہ اور بدنیہ سے مرکب ہے، چنانچہ جو شخص ان دو عبادتوں کو بجالائے گا، وہ حج بھی اداء کرے گا۔ اور خصوصاً جب کہ اس کا موقع محل بھی ساری زندگی میں ایک بار ہے، بخلاف صلوٰۃ کے وہ ۲۴ گھنٹے میں پانچ بار اداء کی جاتی ہے، اور زکوۃ سال میں ایک مرتبہ فرض ہوتی ہے۔

قوله: والنصح لكل مسلم:

اس مفہوم میں عوام وخواص تمام مسلمان داخل ہیں۔ اس ٹکڑے کی وضاحت پچھلی حدیث کے ذیل میں ملاحظہ فرمائیے۔

ایک غلطی کی نشاندہی: ''مظاہر حق'' میں اسی حدیث کے ذیل میں لکھا ہے: ''اللہ تعالیٰ کی تمام تر عبادت وطاعت کا تعلق دو ہی چیزوں سے ہے ایک تو حقوق اللہ دوسرے حقوق العباد لہٰذا حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے حقوق اللہ میں خاص طور پر ان عبادات کا ذکر کیا جو تمام بدنی اور مالی عبادتوں میں شہادت کے بعد سب سے اعلیٰ وافضل ہیں اور ارکان اسلام میں سے اہم ترین رکن ہیں یعنی نماز اور زکوۃ جہاں تک روزہ اور حج کا تعلق ہے تو ہو سکتا ہے کہ جس وقت حضرت جریر رضی اللہ عنہ نے بیعت کی ہو اس وقت تک یہ دونوں روزہ اور حج مسلمانوں پر فرض نہ قرار دیئے گئے ہوں اسی طرح حقوق العباد سے متعلق اس چیز کو ذکر کیا جس کے دائرے میں بندوں کے تمام حقوق آجاتے ہیں یعنی خیر خواہی۔''

الفصل الثانی:

رحمت بد بخت سے چھینی جاتی ہے

۴۹۶۸: عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ الصَّادِقَ الْمَصْدُوْقَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ اِلَّا مِنْ شَقِيٍّ ۔ (رواه احمد والترمذی)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۲۲۳ الحديث رقم ۴۹۴۲، والترمذی فی السنن ۴/۲۸۵ الحديث رقم ۱۹۲۳، واحمد فی المسند ۲/۴۴۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے اپنے آقا ابوالقاسم الصادق المصدوق ﷺ سے سنا رحمت بدبخت کے دل سے ہی نکالی جاتی ہے۔ (احمد، ترمذی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: ''صادق'' اس کو کہتے ہیں جو اپنے قول وفعل میں سچا ہو۔ اور ''مصدوق'' کے معنی ہیں وہ شخص جس کو لوگوں نے سچا تسلیم کرلیا ہو یا اس کے سچا ہونے کی گواہی خود اللہ جل شانہ نے دی ہو۔ چنانچہ اللہ جل شانہ نے آپ ﷺ کے سچا ہونے کی شہادت ان الفاظ کے ساتھ دی ہے: ﴿وما ینطق عن الھوی﴾ [النجم۔۳]

قولہ: لاتنزع الرحمۃ الامن شقی:

قولہ: لا تنزع الرحمۃ: صیغۂ مجہول کے ساتھ ہے، یعنی مخلوق خدا پر رحمت وشفقت کرنے کے جذبہ کو بدبخت کے دل سے ہی نکالا جاتا ہے۔ وہ خود بھی مخلوقِ خدا میں سے ہے، دوسروں کے مقابلے میں وہ خود زیادہ رحم وشفقت کا محتاج ہوتا ہے۔ بلکہ دوسروں پر شفقت کا فائدہ بھی خود اسی کی ذات کی طرف راجع ہے۔ اس کی دلیل یہ آیت کریمہ ہے: ﴿ان أحسنتم أحسنتم لأنفسکم﴾ [الاسراء۔۷] اور اس وجہ سے بھی کہ مخلوقِ خدا پر شفقت کے سبب سے خود اس پر رحمت کی جاتی ہے۔ جیسا کہ اگلی حدیث میں آرہا ہے: ان الراحمون یرحمھم الرحمٰن.

الا من شقی: بدبخت سے مراد کافر ہے یا فاجر!

عرضِ مرتب:

اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ کافر اپنے کفر یا فاسق اپنے فسق وفجور کی وجہ سے اپنے دل کو اتنا سخت بنالیتا ہے کہ اسکے اندر سے وہ انسانی جذبہ بھی ختم ہوجاتا ہے جو ایک انسان کو دوسرے انسان پر رحم وشفقت کرنے پر مائل کرتا ہے۔ (از مظاہر حق)

میرکؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو امام ابوداؤدؒ نے روایت کیا ہے۔ اور امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث حسن ہے۔ میں کہتا ہوں اس کو ابن حبان نے اپنی صحیح میں اور حاکم نے اپنی مستدرک میں روایت کیا ہے۔

رحم کرنے والوں پر رحمٰن کی رحمت

۴۹۶۹: وَعَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّاحِمُوْنَ يَرْحَمُهُمُ الرَّحْمٰنُ اِرْحَمُوْا مَنْ فِي الْاَرْضِ يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَآءِ ۔ (رواہ ابوداؤد الترمذی)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۲۳۱/۵ الحديث رقم ٤٩٤١، والترمذی فی السنن ۲۸۵/٤ الحديث رقم ١٩٢٤، واحمد فی المسند ۱۶۰/۲۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رحم کرنے والوں پر رحمان رحم کرتا ہے تم اہل زمین پر رحم کرو تم پر آسمان والا رحم فرمائے گا۔ (ابوداؤد، ترمذی)

تشریح: یرحمکم: جواب امر ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے۔ اور ایک نسخہ میں مرفوع ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: عموم کا صیغہ لایا گیا ہے تاکہ مخلوق کی تمام اصناف کو شامل ہوسکے۔

''زمین والوں میں'' سارے جاندار داخل ہیں خواہ وہ حیوان ہوں یا انسان۔ اور انسان بھی خواہ نیک ہوں یا بد۔

البتہ لوگوں پر رحم وشفقت کرنے کی صورت یہ ہے کہ ان کو ان کی بدی اور برائی سے روکا جائے جیسا کہ اس حدیث کہ اپنے بھائی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی مدد کر خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم کی تشریح میں بتایا گیا تھا کہ ظالم کی مدد یہ ہے کہ اس کو ظلم سے باز رکھا جائے یا یہ کہ زمین والوں پر رحم وشفقت کرنے سے مراد یہ ہے کہ ان لوگوں پر رحم وشفقت کرو جو اس کے مستحق ہوں۔

جو آسمان میں ہے مراد اللہ تعالیٰ کی ذات ہے جس کا کمال قدرت اور جس کی سلطنت آسمان میں ہے یا اس سے مراد ملائکہ ہیں' اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ تم زمین پر رہنے والوں پر رحم وشفقت کرو تا کہ آسمانوں میں رہنے والے یعنی ملائکہ کا رحم تم پر ہو اور تمہارے حق میں ان کا رحم یہ ہے کہ وہ تمہارے دشمنوں اور ایذاء پہنچانے والی مخلوق (جیسے جنات وشیاطین اور شریر انسانوں) سے تمہاری حفاظت کریں اور اللہ کریم سے تمہارے لئے استغفار اور طلب رحمت کریں۔

اگر ''من فی السماء'' سے مراد وہ ذات لی جائے، کہ جس کا امر آسمان وزمین میں نافذ ہے، تو اس صورت میں حدیث کے یہ الفاظ ''باب اکتفاء'' سے ہوں گے۔

آسمان کا خصوصی طور پر ذکر کرنا اس کی شرافت کے باعث ہے۔ یا یہ کہ اس کے ذکر سے ارض بطریق اولیٰ مفہوم ہو رہی ہے۔ یا اس وجہ سے کہ آسمان زمین کو بھی محیط ہے۔ اور زمین آسمان کے مقابلہ میں ایسی ہی ہے، جیسے کہ اس کے بیچوں بیچ کوئی ''حلقہ'' (زرہ رسّی پر گول چیز) پڑا ہو۔ چنانچہ حقارت کی وجہ سے ذکر نہیں کیا۔

توضیح وتخریج: ترمذی کی روایت میں اتنا اضافہ بھی ہے: **الرحم شجنة من الرحمٰن، من وصلها وصله الله ومن قطعها قطعه وقال: حسن صحيح.اھ۔** یہ حدیث مسلسل بالاولیۃ ہے۔ (ذکرہ میرک)

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اس کا طریقہ ہم نے شرح نخبہ میں ''مسلسل'' کی بحث میں بیان کیا ہے۔

اور الجامع الصغیر میں یوں ہے کہ اس حدیث کو امام احمد، ابوداؤد، ترمذی اور حاکم نے ابن عمر سے روایت کیا ہے۔ احمد، ترمذی اور حاکم نے یہ اضافہ کیا ہے: **والرحم.....**

چھوٹوں پر رحم نہ کرنے والا ہم سے نہیں

۴۹۷۰: **وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ يَرْحَمْ صَغِيْرَنَا وَلَمْ يُوَقِّرْ كَبِيْرَنَا وَيَأْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ۔** (رواه الترمذی وقال هذا حديث غريب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥/٢٨٤ الحديث رقم ١٩٢١۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ ہم میں سے نہیں جو ہمارے چھوٹوں پر رحم اور بڑوں کی تعظیم نہیں کرتا اسی طرح اچھی باتوں کا حکم اور برائی سے نہیں روکتا۔ (ترمذی)

تشریح: لیس منا: یہ ''براءت'' سے کنایہ ہے۔ یعنی وہ ہمارے خواص میں سے نہیں۔

لم یوقر: مرقاۃ کے زیریں متن میں ''یوقر'' ہے۔ مجزوم ہے بغیر حرف جزم کے ہے۔

یامر: یہ بھی مجزوم ہے، اس کا عطف ماقبل مجزوم پر ہے۔

ینہ: بغیر الف کے ہے۔ ایک نسخہ میں الف کے اضافہ کے ساتھ ہے، یہ روایۃً تو درست نہیں، اگرچہ درایۃً کسی اعتبار سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

درست ہے۔ فتامل

قولہ: قال :هذاحديث غريب: ایک نسخہ میں ''حسن غریب'' ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام بخاری نے'' **الادب المفرد**'' میں، اور ابوداؤد نے اپنی سنن میں ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی روایت کیا ہے۔لیکن ان الفاظ کے ساتھ:''**من لم يرحم صغيرنا ويعرف حق كبيرنا فليس منا**''.

بوڑھے کا احترام بڑھاپے کی وجہ سے

۴۹۷۱: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاكْرَمَ شَابٌّ شَيْخًا مِنْ اَجْلِ سِنِّهٖ اِلَّا قَيَّضَ اللّٰهُ لَهٗ عِنْدَ سِنِّهٖ مَنْ يُّكْرِمُهٗ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٣٢٧ الحديث رقم ٢٠٢٢۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا جو نوجوان کسی بوڑھے آدمی کا احترام اس کے بڑھاپے کی وجہ سے کرے گا۔اللہ تعالیٰ اسکے بڑھاپے میں اس کیلئے ایسا شخص مقرر فرمائیگا جو اس کا احترام کرے گا۔(ترمذی)

تشریح: اس حدیث کے ذریعہ گویا اس حقیقت کو واضح کیا گیا ہے کہ جو شخص دوسروں کی تعظیم وخدمت کرتا ہے تو اس کی بھی تعظیم وخدمت کی جاتی ہے (اور جو لوگ اپنے بزرگوں کی تعظیم وخدمت نہیں کرتے اور اپنے بڑے بوڑھوں کی تحقیر کرتے ہیں وہ اپنے بڑھاپے میں اپنے چھوٹوں کی طرف سے اسی تحقیر وتذلیل اور بے وقعتی سے دوچار ہوتے ہیں۔)

اس ارشادِ گرامی میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ اُس جوان کی عمر دراز ہوتی ہے جو اپنے بڑے بوڑھوں کی تعظیم وخدمت کرتا ہے۔

چونکہ جو شخص عمر میں بڑا ہے غالب یہی ہے کہ اس کو ایمان میں سبقت ہے، اس کا علم بھی زیادہ ہے اور عمل بھی وافر ہے۔ **الا قيض الله** : یائے مشددہ کے ساتھ ہے۔اسی قبیل سے یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ﴾ [الزخرف:٣٦] ''اور جو کوئی خدا کی یاد سے آنکھیں بند کر لے (یعنی تغافل کرے) ہم اس پر ایک شیطان مقرر کر دیتے ہیں تو وہ اس کا ساتھی ہو جاتا ہے۔''

منقول ہے کہ ایک بزرگ تھے جو مصر میں سکونت پذیر تھے اور ان کا ایک مرید تھا جو خراسان میں رہتا تھا ایک مرتبہ وہ مرید اپنے شیخ کے پاس کچھ دن رہنے کے لئے خراسان سے چل کر مصر پہنچا اور وہاں ایک طویل مدت تک شیخ کی خدمت میں رہا انہی دنوں کچھ دوسرے بزرگوں کی جماعت اس کے شیخ کی زیارت کے لئے آئی تو شیخ نے اس مرید سے اشارہ کیا کہ ان بزرگوں کی سواری کے جانور تھام لو وہ ان کے پاس سے چلا گیا اور ان جانوروں کی نگرانی کرنے لگا۔مگر اس کے دل میں یہ وسوسہ پیدا ہوا کہ میں جو اتنی دور دراز کا سفر طے کر کے شیخ کی خدمت میں آیا تھا یہ اس کا نتیجہ ہے! بہرحال جب وہ بزرگ ان شیخ کے پاس سے چلے گئے اور وہ مرید اپنے پیر کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے کہا کہ عزیز من! اس وقت میں نے تمہیں ان بزرگوں کی سواری کے جانوروں کی دیکھ بھال پر جو متعین کیا تھا۔تو اس کی وجہ نہ معلوم تمہارے دل میں کیا وسوسہ پیدا ہوگا لیکن اتنی بات یاد رکھو کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تمہیں اس خدمت کا بہت بڑا اجر ملے گا اور عنقریب اللہ تعالیٰ تمہیں اس درجہ پر پہنچائے گا کہ تمہاری خدمت میں بڑے بڑے بزرگ اور اکابر آئیں گے اور پھر خدا کی طرف سے تمہارے پاس ایسے لوگ مقرر کئے جائیں گے جو ان آنے والوں کی خدمت کریں گے۔ چنانچہ بیان کیا جاتا ہے کہ ان شیخ نے جو کہا تھا وہ صحیح ثابت ہوا اور اس شخص کی ملاقات کے لئے آنے والے بڑے بڑے بزرگوں کی کثرت کی وجہ سے ہمیشہ اس کے دروازے پر خچر اور گھوڑوں کا ایک ہجوم رہا کرتا تھا۔

خود اس حدیث کے راوی حضرت انس رضی اللہ عنہ رسول خدا ﷺ کی خدمت کے سلسلے میں دین و دنیا کے بڑے بڑے اجر وانعام سے نوازے گئے چنانچہ جب وہ آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے تو اس وقت ان کی عمر دس سال تھی اور جب تک آنحضرت ﷺ اس دنیا میں تشریف فرما رہے ان کی زندگی کا سارا وقت حضور ﷺ کی خدمت ہی میں صرف ہوتا رہا اللہ تعالیٰ نے ان کو ایک بڑی نعمت تو یہ عطا کی کہ ان کی حیات بہت طویل ہوئی اور وہ تقریباً ایک سو تین سال تک نہایت پاکیزہ اور اچھے احوال اور اطمینان وسکون کے ساتھ اس دنیا میں رہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو مال و دولت کی فراوانی سے بھی نوازا اور کثیر اولاد کی نعمت سے بھی سرفراز کیا۔ کہا جاتا ہے کہ ان کے ایک سو لڑکے تھے۔ اور ان سے خلق کثیر نے روایت کیا ہے۔

اسنادی حیثیت: امام میرکؒ فرماتے ہیں: امام ترمذیؒ نے فرمایا: یہ حدیث غریب ہے۔

اللہ تعالیٰ کی تعظیم کے تین تقاضے

۴۹۷۲: وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اِجْلَالِ اللّٰهِ اِكْرَامَ ذِیْ الشَّيْبَةِ الْمُسْلِمِ وَحَامِلِ الْقُرْاٰنِ غَيْرَ الْغَالِیْ فِيْهِ وَلَا الْجَافِیْ عَنْهُ وَاِكْرَامَ السُّلْطَانِ الْمُقْسِطِ۔

(رواه ابوداؤد والبيهقی فی شعب الايمان)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۱۷٤/٥ الحديث رقم ۳۸٤۳، والبيهقی فی شعب الايمان ٤٦٠/۷ الحديث رقم ۱۰۹۸٦۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ کی تعظیم میں سے یہ ہے کہ بوڑھے مسلمان حافظ قرآن جو کہ اس میں غلو کرنے والا اور اس سے بے رخی اختیار کرنیوالا نہ ہو اور انصاف کرنے والے حاکم کا احترام کرے۔ (ابوداؤد، بیہقی)

تشریح: قوله: ان من اجلال الله اكرام ذی الشيبة المسلم:

اجلال اللّٰہ: مصدر کی اضافت اپنے فاعل کی طرف ہے یا مفعول کی طرف ہے۔ (قاله ابن الملك)۔

اور ظاہر دوسرا احتمال ہے، جیسا کہ اگلے جملہ میں یہی متعین ہے۔

غیر: مجرور ہے۔

قوله: وحامل القرآن غير الغالی فيه و لا الجافی عنه:

حامل قرآن یعنی حافظ قرآن کی تعظیم کو اس امر کے ساتھ مشروط کیا گیا ہے کہ نہ تو غلو کرنے والا ہو اور نہ قرآن پڑھنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پڑھانے کو ترک کرنے والا ہو بلکہ اعتدال و میانہ روی کو اختیار کرنے والا ہو جیسا کہ تمام عبادات میں آنحضرت ﷺ کی عادت شریفہ تھی

چنانچہ غلو نہ کرنے سے مراد یہ ہے کہ الفاظ کی تجوید (اور حسن قراءت وصوت) میں حد سے تجاوز نہ کیا جائے یا یہ کہ تلاوت اس قدر تیز نہ کی جائے کہ معنی سمجھ میں نہ آئیں۔

قرآن کے الفاظ وحروف میں تحریف کے ذریعہ خیانت کا ارتکاب نہ کیا جائے اور نہ غلط سلط تاویلات اور فاسد عقائد و نظریات کے ذریعہ اس کے معنی ومفہوم میں حذف واضافہ اور ترمیم وتبدیلی کی جائے جیسا کہ اکثر فاسد ذہن وفکر کے حامل لوگوں کا شیوہ ہے اور نہ قرآن کے احکام وہدایات کے بارے میں شکوک وشبہات اور وسوسے پیدا کئے جائیں۔

اسی طرح قرآن سے نہ ہٹنے کا مطلب یہ ہے کہ قرآن کی تلاوت کو ترک نہ کیا جائے۔ تجوید وقراءت کے آداب وقواعد سے اعراض نہ کیا جائے اور قرآن نے جو احکام وہدایات اور مسائل بیان کئے ہیں ان پر عمل کرنے سے گریز نہ کیا جائے۔

بعض حضرات نے غالی (قرآن میں غلو کرنے والا) اس شخص کو قرار دیا ہے جو تلاوت قرآن سے بالکل بے پرواہ اور گریزاں اور دوسری چیزوں میں مشغول رہے۔

قولہ: واکرام السلطان المقسط: ''عادل بادشاہ'' سے مراد وہ حاکم وسربراہ ہے جو حقیقی معنی میں عدل کا پیکر ہو اور اپنے عوام پر ظلم وجور کو گوارا نہ کرتا ہو اور اس کا کوئی فیصلہ اور کوئی عمل عدل وانصاف کے منافی نہ ہو اور یہ اعلیٰ درجہ ہے اس کا ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ اس کا عدل اس کے ظلم پر غالب ہو اس کے برخلاف (اگر اس کے عدل پر غالب ہو تو اس کو عادل نہیں کہیں گے اور ایسے) بادشاہ حاکم سے دور رہنا ہی افضل ہوگا۔

(واضح رہے کہ اس دور کے اکثر حاکموں اور سربراہوں کے جو احوال ہیں ان کے پیش نظر بلکہ اگر حقیقت کے آئینے میں دیکھا جائے تو عدل وانصاف سرنگوں اور ظلم وزیادتی کا غلبہ نظر آئے گا)۔

یہی وجہ ہے کہ ہمارے بعض علماء نے یہاں تک کہہ دیا ہے کہ جو شخص موجودہ زمانہ میں کسی بادشاہ وحاکم کو ''عادل'' کہے گا وہ کفر کی حد میں داخل ہو جائے گا اگرچہ ہر بادشاہ حاکم کو کسی نہ کسی طرح کے عدل سے بالکل خالی نہیں کہا جا سکتا دراصل اس قول کی بنیاد ایک لطیف نکتہ پر ہے اور وہ یہ کہ کسی شخص کا عدل کرنا اور کسی شخص کا عادل ہونا ان دونوں کے درمیان فرق ہے اگر یہ کہا جائے کہ زید عدل کرتا ہے تو اس کے کہنے کا مطلب یہ قطعاً نہیں ہوگا کہ زید عادل ہے کیونکہ عدل کرنے کا اطلاق اس شخص پر بھی ہو سکتا ہے جو اگرچہ گاہے بگاہے عدل کرتا ہو جب کہ ''عادل'' کا اطلاق صرف اسی شخص پر ہوتا ہے جو صفت عدل کے ساتھ دوامی طور پر موصوف ہو (اس کو مثال کے طور پر یوں سمجھا جا سکتا ہے کہ اگر اس طرح کہا جائے کہ زید نمازی ہے تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ زید پابندی کے ساتھ ایک ایک وقت کی نماز پڑھتا ہے اور کبھی بھی اس کی کوئی نماز ترک یا قضا نہیں ہوتی جب کہ اگر یوں کہا جائے کہ زید نماز پڑھتا ہے تو اس کا مفہوم بالکل دوسرا ہوتا ہے اور وہ یہ کہ زید بھی نماز پڑھتا ہے اگرچہ پابندی کے ساتھ نہیں بلکہ کبھی کبھی پڑھتا ہے۔ لہٰذا لفظ ''عادل'' اپنے جس وسیع اور اہم مفہوم کو ادا کرتا ہے اس کی بنیاد پر اس لفظ کا اطلاق نہ تو اس دور کے کسی بادشاہ وحاکم پر ہو سکتا ہے اور نہ اس دور کے کسی بھی بادشاہ وحاکم کو عادل کہنے کی اجازت ہے۔)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(حدیث باب میں تو تین طرح کے لوگوں کی توقیر و تعظیم کرنے کے حکم کا ذکر ہے) اور شرح السنہ میں ہے کہ طاؤس رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ مسنون ہے کہ تم چار آدمیوں کی تعظیم و توقیر کرو: ① عالم کی ② بوڑھے شخص کی ③ سلطان کی ④ باپ کی۔ میں (ملا علی قاری رحمہ اللہ) کہتا ہوں کہ باپ کے حکم میں ماں بھی داخل ہے اور عالم سے مراد عالم باعمل ہے جیسا کہ ''حامل القرآن'' سے مستفاد ہو رہا ہے۔ اور مذکورہ بالا حدیث میں باپ کا ذکر نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اول تو باپ کا معاملہ بالکل ظاہر ہے یا اس وجہ سے کہ یہ کلام اجانب کے بارے میں ہے (اور ہر شخص جانتا ہے کہ باپ کی تعظیم کرنی چاہئے دوسرے یہ کہ مستحق تعظیم قرار دینے کی زیادہ ضرورت انہی لوگوں کے حق میں ہے جو اجنبی ہوں اور جن سے کوئی قرابتی تعلق نہ ہو کیونکہ قرابت کا تعلق بجائے خود ایک انسان کو دوسرے انسان کی تعظیم و توقیر کرنے پر مائل کرتا ہے۔) لہٰذا اگر کسی شخص کا باپ بوڑھا بھی ہو حامل قرآن (یعنی حافظ و عالم باعمل) بھی ہو اور سلطان و حاکم بھی ہو اور سلطان بھی ہو خواہ اس کا سلطان و حاکم ہونا اپنے ظاہری منصب کے اعتبار سے ہو خواہ باطنی و روحانی طور پر تو اس صورت میں اس شخص کو اپنے باپ کی بہت زیادہ تعظیم و توقیر کرنی چاہئے کیونکہ اس کی ذات میں وہ کئی خصوصیات جمع ہیں جو تعظیم و توقیر کو واجب کرتی ہیں۔

(اس حدیث میں مذکورہ لوگوں کی تعظیم کو منجملہ تعظیم خداوندی قرار دیا گیا ہے جب کہ ایک روایت کے مطابق اس تعظیم و توقیر کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اپنی بھی تعظیم و توقیر کے مترادف قرار دیا ہے چنانچہ) خطیب رحمہ اللہ نے اپنی جامع میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اِنَّ مِنْ اِجْلَالِ تَوْقِیْرِ الشَّیْخِ مِنْ اُمَّتِیْ۔ یعنی اس بوڑھے شخص کی توقیر و تعظیم کرنا جو میری اُمت میں سے ہو منجملہ میری توقیر و تعظیم کے ہے۔ اور شاید کہ یہ حدیث بھی ''جوامع الکلم'' میں سے ہو چونکہ شیخ کا اطلاق بوڑھے شخص، عالم اور رئیس پر بھی ہوتا ہے۔ اسی قبیل سے یہ روایت ہے: الشیخ فی قومہ کالنبی فی امتہ۔

اللہ تعالیٰ کی تعظیم کے تین تقاضے

۴۹۷۳: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیْرُ بَیْتٍ فِی الْمُسْلِمِیْنَ بَیْتٌ فِیْهِ یَتِیْمٌ یُحْسَنُ اِلَیْهِ وَشَرُّ بَیْتٍ فِی الْمُسْلِمِیْنَ بَیْتٌ فِیْهِ یَتِیْمٌ یُسَآءُ اِلَیْهِ۔ (رواہ ابن ماجۃ)

اخرجہ ابن ماجہ فی السنن ۲/۱۲۱۳ الحدیث رقم ۳۶۷۹۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمانوں کا سب سے بہتر گھر وہ ہے۔ جس میں یتیم کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے اور سب سے برا گھر وہ ہے جس میں یتیم سے برا سلوک کیا جائے۔ (ابن ماجہ)

تشریح: فی المسلمین: ای فیما بین بیوتھم یحسن الیہ: بصیغۂ مجہول ہے۔

یتیم کے ساتھ برے سلوک کا مطلب یہ ہے کہ اس کو ناحق تکلیف پہنچائی جائے۔ (مثلاً گھر کے افراد اس کی ضروریاتِ زندگی کی کفالت میں غفلت و کوتاہی برتیں اس کے ساتھ ایسا برتاؤ کریں کہ جس سے اس کو اپنی کمتری و بے چارگی کا احساس ہو اور اس کو ناحق مارا پیٹا جائے اور تکلیف پہنچائی جائے اس کو تربیت کے طور پر مارنا یا تعلیم قرآن کی خاطر تادیباً مارنا جائز ہے۔ لہٰذا یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دونوں چیزیں معنوی اعتبار سے احسان میں داخل ہیں۔ اگر چہ صورتاً ''اساءۃ'' ہیں اور اس کا عکس برعکس ہے۔ یہ سزا دینا برے سلوک میں شمار نہیں ہوگا بلکہ اس کو احسان وحسن سلوک ہی میں شمار کیا جائے گا۔

توضیح: الجامع میں اتنا اضافہ ہے: أنا و كافل اليتيم فى الجنة هكذا. آگے فرماتے ہیں: اس حدیث کو امام بخاریؒ نے ''الأدب المفرد'' میں، ابن ماجہ نے، اور ابونعیم نے ''الحلیہ'' میں حضرت ابوہریرہؓ سے ذکر کیا ہے۔

ہر بال کے بدلے نیکی پانے والا

۴۹۷۴: وَعَنْ اَبِی اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَسَحَ رَأْسَ يَتِيْمٍ لَمْ يَمْسَحْهُ اِلَّا لِلّٰهِ كَانَ لَهٗ بِكُلِّ شَعْرَةٍ تَمُرُّ عَلَيْهَا يَدُهٗ حَسَنَاتٌ وَمَنْ اَحْسَنَ اِلٰى يَتِيْمَةٍ اَوْ يَتِيْمٍ عِنْدَهٗ كُنْتُ اَنَا وَهُوَ فِى الْجَنَّةِ كَهَاتَيْنِ وَقَرَنَ بَيْنَ اِصْبَعَيْهِ۔ (رواه احمد والترمذى وقال هذا حديث غريب)

أخرجه الترمذى فى السنن ٤/٢٨٢ الحديث رقم ١٩١٧، واحمد فى المسند ٥/٢٦٥۔

ترجمہ: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے لئے یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا تو اس کے ہاتھ کے نیچے آنے والے ہر بال کے بدلے اسے نیکی ملے گی اور جس نے یتیم بچے یا بچی کے ساتھ حسن سلوک کیا میں اور وہ جنت میں ان دو انگلیوں کی طرح قریب ہونگے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دونوں انگشت مبارک آپس میں ملائیں اس روایت کو احمد و ترمذی نے نقل کیا ہے اور ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے۔

تشریح: شعرة: عین کے سکون و فتح کے ساتھ۔

''تمر'': اگر تاء کے زبر اور میم کے پیش کے ساتھ یعنی مؤنث کا صیغہ ہو تو اس کا ترجمہ وہی ہوگا جو اوپر نقل کیا گیا اور اگر یہ لفظ یاء کے پیش اور میم کے زیر کے ساتھ یعنی ''یمر'' بصیغہ مذکر ہو تو اس صورت میں ترجمہ یہ ہوگا کہ (ہر اس بال کے عوض کہ) ''جس پر وہ شخص اپنا ہاتھ پھیرتا ہے''۔ مطلب کے اعتبار سے دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔

حسنات: کان کا اسم ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے۔

الى يتيمة او يتيم: ''او'' برائے تنویع ہے۔

كنت انا وهو: ضمیر فاصل لائی گی تا کہ ضمیر پر عطف درست ہو سکے۔

فى الجنة: كان کی خبر ہے۔ اس کا متعلق مقدر ہے۔ اى متقارنين فى الجنة اقترانا مثل هاتين الأصبعين. اور یہ بھی ممکن ہے کہ ''كهاتين'' خبر کی ضمیر سے حال ہو۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ خبر ہو اور ''فى الجنة'' ظرف ہو ''كنت'' کیلئے۔ (كذا حققه الطيبى).

حسنات کمیت و کیفیت کے اعتبار سے مختلف درجہ کی ہوتی ہیں اور یہ فرق و اختلاف حسن نیت کے مدار پر مبنی ہے۔

عرضِ مرتب:

اچھا سلوک کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اس کے ساتھ شفقت و مہربانی کا برتاؤ کرے اس کی تعلیم و تربیت پر توجہ دے۔ جب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ سن بلوغ کو پہنچے تو اس کا نکاح کرے اور اگر اس کا مال وغیرہ اپنے پاس رکھا ہوا ہو تو اس کی محافظت کرے۔ (از مظاہر حق)

یَتِیْمَۃٍ اَوْ یَتِیْمٍ: میں بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے حرف "او" تنویع کے لئے ہے۔ لیکن زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ یہ حرف اوشک کو ظاہر کرتا ہے یعنی اس موقع پر کسی راوی کو شک واقع ہوا ہے کہ یہاں آنحضرت ﷺ نے "یَتِیْمَۃٍ" کا لفظ ارشاد فرمایا تھا یا "یَتِیْمٍ" کا۔

حدیث میں یتیم کی پرورش وتربیت کرنے اور اس کے ساتھ اچھا سلوک اختیار کرنے والے کے بارے میں جن الفاظ کے ذریعہ تحسین فرمائی گئی ہے ان میں اس شخص کے لئے حسن خاتمہ کی بشارت ہے۔

تخریج: صاحب جامع صغیر لکھتے ہیں: من احسن الی یتیم او یتیمة کنت انا وھو فی الجنة کھاتین.

اس حدیث کو حکیم نے انسؓ سے روایت کیا ہے۔ اور طبرانی میں ابن عباسؓ سے یہ روایت ان الفاظ کے ساتھ منقول ہے:

من آوی یتیما او یتیمین ثم صبرو احتسب کنت انا وھو فی الجنة کھاتین.

جنت کی تین حقدار

۴۹۷۵: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰوٰى يَتِيْماً اِلٰى طَعَامِهٖ وَشَرَابِهٖ وَجَبَ اللّٰهُ لَهُ الْجَنَّةَ اَلْبَتَّةَ اِلَّا اَنْ يَعْمَلَ ذَنْباً لَا يُغْفَرُ وَمَنْ عَالَ ثَلٰثَ بَنَاتٍ اَوْ مِثْلَهُنَّ مِنَ الْاَخَوَاتِ فَاَدَّبَهُنَّ وَرَحِمَهُنَّ حَتّٰى يُغْنِيَهُنَّ اللّٰهُ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ الْجَنَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَوِ ثِنْتَيْنِ قَالَ اَوِ ثِنْتَيْنِ حَتّٰى لَوْ قَالُوْا اَوْ وَاحِدَةً؟ لَقَالَ وَاحِدَةً وَمَنْ اَذْهَبَ اللّٰهُ بِكَرِيْمَتَيْهِ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ قِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا كَرِيْمَتَاهُ قَالَ عَيْنَاهُ۔ (رواہ فی شرح السنہ)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٣٢٠ الحديث رقم ١٩١٧، والبغوی فی شرح السنة ١٣/٤٤ الحديث رقم ٣٤٥٧۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے یتیم کو اپنے کھانے میں شریک کیا تو اللہ تعالیٰ اپنے وعدہ کے مطابق اس کو جنت کا حقدار بنا دیتا ہے مگر یہ کہ وہ کوئی ایسا گناہ کرے جو ناقابل معافی ہو اور جس نے تین بیٹیاں یا تین بہنوں کی پرورش کی اور ان کی تعلیم وتربیت کا بندوبست کیا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان کو اس سے بے نیاز کردے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کو لازم فرما دیتا ہے ایک شخص نے عرض کیا جو دو کی خدمت کرے تو آپ ﷺ نے فرمایا یا دو کی پرورش کرے یہاں تک کہ لوگ اگر ایک کا بھی ذکر کرتے تو آپ ﷺ ایک ذکر فرما دیتے اور اللہ تعالیٰ جس کی دو محبوب چیزیں دور کردے اس کے لئے جنت واجب ہوگی آپ ﷺ سے عرض کیا گیا وہ دو چیزیں کیا ہیں؟ فرمایا اس کی دونوں آنکھیں۔ (شرح السنۃ)

تشریح: قوله: من آوی یتیما الی طعامه وشرابه:

آوی: ہمزہ کے مد اور قصر کے ساتھ۔ صاحب النہایہ نے لکھا ہے: "آوی" اور "أوی" دونوں کا ایک ہی معنی ہے۔ اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فعل مقصور لازمی ومتعدی ہر دو طرح مستعمل ہے۔

یہی حسن سلوک کسی یتیم بچی کے ساتھ کر کے بھی یہ فضیلت بطریق اولی حاصل ہو سکتی ہے۔ یا یہ کہ ''یتیم'' کا ذکر کرنا باب ''اکتفاء'' سے ہے۔

قوله: الا أن يعمل ذنبا لا يغفر اس سے مراد شرک ہے۔

اس عدم مغفرت کی دلیل یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَنْ يَشَاءُ ۚ وَمَنْ يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلَالًا بَعِيدًا﴾ [النساء: ۱۱۶] ''خدا اس گناہ کو نہیں بخشے گا کہ کسی کو اس کا شریک بنایا جائے اور اسکے سوا (اور گناہ) جس کو چاہے گا بخش دیگا اور جس نے خدا کے ساتھ شریک بنایا وہ راستے سے دور جا پڑا'' (كذا ذكره الطيبي وهو ظاهر) ایک شارح اور انہی کی اتباع میں ابن الملک فرماتے ہیں اس سے مراد شرک ہے اور بعض کا کہنا ہے کہ اس سے مراد مخلوق خدا پر ڈھائے جانے والے مظالم ہیں۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اظہر یہ ہے کہ یہ تمام مفاہیم کو شامل ہے، چونکہ اس پر اجماع ہے، کہ حقوق العباد محض کسی یتیم کو ٹھکانہ دینے سے معاف نہیں ہو سکتے، علاوہ ازیں یتیم کا مال کھانا بھی فی الجملہ حقوق العباد میں سے ہے، ہاں یہ مشیت کے تحت ہے، چنانچہ تقدیری عبارت گویا یوں ہے: **الا ان يعمل ذنبا لا يغفر الا بالتوبة او بالاستحلال ونحوه**. اور حاصل یہ ہے وہ تمام گناہ جو بین العبد و بین اللہ ہیں (یعنی جن کا تعلق اللہ کے حق سے ہے)، اگر اللہ نے چاہا تو معاف ہو جائیں گے۔

قوله: يا رسول الله واثنتين؟ قال أو اثنتين:

او اثنتين: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ عطف تلقین ہے۔ ای: قال: او اثنین. اس کا قرینہ اگلا جملہ ہے ای: او اثنتین میں (ملا علی قاریؒ کہتا ہوں: یہ ''او'' برائے تنویع ہے، یا بمعنی ''بل'' ہے یا ''او'' بمعنی واوَ، تشریک فی الحکم کیلئے ہے۔ یہ حکم الٰہی عام تھا، یا مطلق تھا مگر آپؐ کو سپرد کر دیا گیا تھا۔ چنانچہ زیادہ کا ذکر کیا، اور پھر جب آپؐ سے درخواست کی گئی کہ ''واثنتین'' تو آپؐ نے فرمایا أو اثنتین۔ (بالفاظ دیگر)۔

(احکام شرعیہ کا نفاذ آنحضرت ﷺ کی صوابدید پر ہے کہ آپ ﷺ جس طرح چاہیں نافذ فرمائیں اور جس کو چاہیں مقید و مستثنیٰ قرار دیں) اور ممکن ہے کہ حضور ﷺ نے صحابہؓ کے مذکورہ جواب میں جو بات فرمائی وہ وحی الٰہی کی بنیاد پر تھی کہ سائلین نے اپنے سوال کے ذریعہ گویا اس خواہش کا اظہار کیا تھا کہ جو ثواب تین بیٹیوں یا تین بہنوں کی پرورش و تربیت کرنے پر ملتا ہے کاش وہی ثواب دو بیٹیوں یا دو بہنوں کی پرورش و تربیت کی صورت میں بھی ملے، چنانچہ حق تعالیٰ نے ان کی اس خواہش کے مطابق وحی نازل فرمائی اور حضور ﷺ نے اس کو بیان فرمایا۔

اس کی نظیر یہ روایت ہے: ''**اللهم ارحم للمحلقين، قالوا: والمقصرين** (الحدیث) کہ صحابہ کرامؓ کی استدعا تھی کہ اس رحمت میں ''مقصرین'' کو بھی شامل فرما دیجئے۔ حدیث باب میں صحابۂ کرام کا نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اس التماس تلقینی کا سبب یہ ہوا، کہ بعض مرتبہ کسی شخص کے ہاں تین بیٹیاں یا بہنیں، دو بہنیں یا بیٹیاں نہیں ہوتی ہیں تو وہ شخص ثواب سے محروم رہ جائے گا۔ صحابہ کرام تحصیل ثواب کے ہر معاملہ میں انتہائی حریص تھے۔ جیسا کہ بخاری میں ابو سعیدؓ سے مروی ہے: انه ﷺ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قال: ما منكن امرأة تقدم بين يديها من ولدها ثلاثة الا كن لها حجابا من النار۔ فقالت امرأة منهن: يا رسول الله! او اثنين فأعادتها مرتين؟ ثم قال: واثنين واثنين.

امام احمد نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے ایک حدیث یوں نقل کی ہے: "ما من مسلمين يتوفى لهما ثلاثة الا ادخلهما الله الجنة بفضل رحمته اياهما، فقالو: يا رسول الله او اثنان؟ قال: او اثنان. قالو: او واحد؟ قال: او واحد. اور بعض روایات میں آتا ہے: ومن لم يكن له فرط فانا فرطه، فانهم لن يصابوا بمثلي.

حاصل یہ ہے کہ ایک "بنت" اور "اخت" کا حکم بھی یہی ہے۔ لیکن یہ مرتبہ میں ادنیٰ ہے، اور جس کی کوئی بہن یا بیٹی نہ ہو اس کو چاہئے کہ وہ اپنے کسی رشتہ دار یا اجانب میں سے کسی کی بچی کے ساتھ اسی انداز سے حسن سلوک کرلے۔ اور جو شخص اس کی قدرت بھی نہ رکھتا ہو، تو بھی فکر کی بات نہیں چونکہ مؤمن کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے۔

قوله: رواه في شرح السنة:

میرک "التصحیح" سے نقل کرتے ہیں کہ امام طبرانیؒ نے مکمل حدیث ذکر کی ہے۔ اور امام ترمذیؒ نے "الا ان يعمل ذنبا لا يغفر" تک نقل کی ہے۔ اور مصنف یعنی صاحب مصابیح نے شرح السنہ میں مکمل حدیث نقل کی ہے، سوائے اس ٹکڑے کے: الا ان يعمل ذنبا لا يغفر۔ اھ۔ لہٰذا درست بات یہی ہے کہ اس حدیث کو طبرانیؒ کی طرف منسوب کیا جائے، چنانچہ صاحب مشکوٰۃ پر قلت تتبع کا اعتراض وارد ہوتا ہے۔

الجامع الصغیر میں یوں ہے: من عال ثلاث بنات فأدبهن وزوجهن وأحسن اليهن فله الجنة. رواه ابو داود عن ابي سعيد، وفيه أيضًا: من ذهب بصره في الدنيا جعل الله له نورا يوم القيامة ان كان صالحا. رواه الطبراني في الاوسط عن ابن مسعود۔

صاع صدقہ سے بہتر عمل

۴۹۷۶: وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يُؤَدِّبَ الرَّجُلُ وَلَدَهُ خَيْرٌ لَّهُ مِنْ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِصَاعٍ۔

(رواه الترمذي وقال هذا حديث غريب ونا صح الراوي ليس عند اصحاب الحديث بالقوي)

أخرجه الترمذي في السنن ۲۹۷/۵ الحديث رقم ۱۹۵۱، واحمد في المسند ۹۶/۵۔

ترجمہ: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کے لئے ایک صاع صدقہ سے یہ بہتر ہے کہ وہ اپنے بچے کی بہتر تربیت کرے ترمذی نے اسے غریب کہا ہے۔ ناصح کمزور راوی ہے۔

تشریح: مذکورہ تادیب کا تصدق سے بہتر ہونا کئی وجوہ سے ہے:

① تادیب بہرحال اپنے موقع محل میں واقع ہو کر رہے گی بخلاف ثانی کے۔ چونکہ وہ محتمل ہے۔ (یقینی نہیں)

② تادیب افادہ علمیہ حالیہ ہے، بخلاف ثانی کے [illegible]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

③ تادیب کا نتیجہ طویل البقاء ہے اور تصدق کا سریع الفناء ہے۔

④ ترک تادیب گاہے باعث عقاب ہوتی ہے۔ جبکہ ترک تصدق باعث عقاب نہیں۔ وغیرہ وغیرہ

قولہ: وقال: هذا حديث غريب: کی وضاحت کرتے ہوئے امام میرکؒ فرماتے ہیں: **اى ولم يعرف هذا الحديث الا من هذا الوجه اھ۔** لیکن فضائل اعمال میں ضعیف حدیث پر بھی عمل کرنا بالاجماع جائز ہے

تادیب کا مطلب: یہاں تادیب سے مراد آداب شرعیہ کی تعلیم ہے، وہ قولاً بھی ہوتی ہے، اور فعلاً بھی۔ دلائل قرآنیہ اور احادیث سے تادیب کا یہی مفہوم مستفاد ہے۔ امام طبرانیؒ سند حسن کے ساتھ ابورافع سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں: **لأن يهدى الله على يديك رجلا خير لك مما طلعت عليه الشمس وغربت.** اس کی تائید اگلی حدیث سے بھی ہوتی ہے۔

اولاد کا سب سے بہتر عطیہ

۴۹۷۷: وَعَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَانَحَلَ وَالِدٌ وَلَدَهٗ مِنْ نَحْلٍ اَفْضَلَ مِنْ اَدَبٍ حَسَنٍ

(رواه الترمذى والبيهقى فى شعب الايمان وقال الترمذى هذا عندى حديث مرسل)

أخرجه الترمذى فى السنن ٤/٢٩٨ الحديث رقم ١٩٥٢، واحمد فى المسند ٤/٧٨ والبيهقى فى شعب الايمان ٦/٣٩٩ الحديث رقم ٨٦٥٣۔

ترجمہ: حضرت ایوب بن موسیٰ اپنے والد اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کوئی باپ اپنی اولاد کو اچھی تربیت سے بہتر عطیہ نہیں دے سکتا۔ (ترمذی، بیہقی) ترمذی نے کہا ہے کہ میرے نزدیک یہ حدیث مرسل ہے۔

راویانِ حدیث:

ایوب بن موسیٰ۔ یہ ایوب بن موسیٰ ہیں جو عمرو بن سعید بن العاص اموی کے بیٹے تھے۔ یہ بڑے فقہاء میں سے تھے انہوں نے عطاء اور مکحول اور ان کے ہم مرتبہ محدثین سے روایت کی ہے ان سے شعبہ وغیرہ نے روایت کی ہے۔ ۱۳۳ھ میں وفات ہوئی۔

سعید بن العاص۔ یہ سعید بن العاص "قریشی" ہیں ہجرت والے سال میں ان کی پیدائش ہوئی۔ قریش کے سرداروں میں سے تھے جن حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے حکم سے قرآن کی کتابت کی ان میں سے ایک یہ بھی ہیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان کو کوفہ کا گورنر بنایا تھا۔ اہل طبرستان سے ہونے والی جنگ میں شریک ہوئے۔ اور اس میں فتح یاب ہوئے۔ ۵۹ھ ان کی وفات ہوئی۔

تشریح: قوله: مانحل والد ولده من نحل أفضل من أدب حسن:

من نحل: نون کے ضمہ اور فتحہ ہر دو کے ساتھ بمعنی عطیہ و اعطاء۔ النہایہ میں لکھتے ہیں: **النحل العطية الهبة ابتداء من**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غير عوض ولا استحقاق، يقال: نحله ينحله نحلا بضم، والنحلة بالكسر العطية.

صاحب قاموس نے لکھا ہے: النحل الشيء المعطى وبالضم مصدر نحله أعطاه، والاسم النحلة بالكسر ويضم.

''اذب'' وہ عمل ہے جو عرف کے مطابق ہو اور شرع کے موافق ہو۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: کلام میں مبالغہ ہے، بایں طور کہ جنس ادب کو جنس مال وعطیات سے قرار دیا ہے۔ جیسا کہ اللہ جل شانہ نے اپنے اس فرمان گرامی میں قلب سلیم کو بنین ومال کی جنس سے قرار دیا ہے: ﴿يوم لا ينفع مال ولا بنون الا من اتى الله بقلب سليم﴾ [الشعراء:۸۸-۸۹] (میں ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں: آیت کی بابت درست بات یہ ہے کہ یہ استثناء منقطع ہے۔ اى: ولكن سلامة من اتى الله بقلب سليم تنفعه یا استثناء متصل ہے۔ اى: الامال من هذا شانه وبنوه حيث انفق ماله من البر، وارشد بنيه الى الحق.

بعض کا کہنا ہے کہ استثناء اس چیز سے ہے کہ جس پر مال وبنون دلالت کر رہے ہیں: اى: لا ينفع غنى الاغنياء. نہ حدیث میں کوئی وجہ مبالغہ نظر آتی ہے اور نہ اس آیت میں۔ باوجود یکہ حدیث تکلف سے مستغنی ہے۔ چونکہ جب یہ کہہ دیا: ''الأدب خير من الذهب'' یا یوں کہہ دیا گیا: ''البر خير من الملك'' تو معنی واضح ہے کہ یہ جنس، اس جنس سے بہتر ہے، ایک کو دوسرے کی جنس سے قرار دینے کی کوئی ضرورت ہی نہیں۔ چونکہ کلام کے معنی اس کے بغیر بھی تام ہیں۔

قوله: وقال الترمذى هذا حديث عندى مرسل:

امام طیبیؒ لکھتے ہیں: امام ترمذیؒ کا ''عندی'' فرمانا اختلاف کی علامت ہے۔ تفصیل اس کی یہ ہے کہ ''عن جده'' میں اتصال ارسال کا وہم ہوتا ہے۔ چونکہ احتمال ہے کہ (جدہ کی ضمیر ایوب کی طرف راجع ہو۔ اس صورت میں) ایوب کے جد ''عمرو'' مراد ہیں، چنانچہ حدیث مرسل ہوگی۔ اور ایک احتمال یہ بھی ہے کہ (جدہ کی ضمیر کے والد کی طرف لوٹ رہی ہو۔ اس صورت میں) جداً بیہ مراد ہیں، تو سعید چونکہ صحابی ہیں، لہٰذا یہ حدیث متصل ہوگی۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: روى البخارى الحديث فى تاريخه وقال: انه لم يصح سماع جد أيوب، فوافق الترمذى البخارى وقال: هذا عندى مرسل. وفى جامع الأصول: اشعار بأنه متصل حيث روى عن سعيد بن العاص عن النبى ﷺ.

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں: الجامع الصغیر میں اس حدیث کے مرسل ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ چنانچہ لکھا ہے: رواه الترمذى والحاكم عن عمرو بن سعيد بن العاص. جہاں تک امام بخاری کا یہ کہنا ہے کہ ''لم يصح له سماع جد يوب''، تو اگر انکی مراد جدا کبر مراد ہیں تو کوئی نقصان کی بات نہیں، زیادہ سے زیادہ یہی کہا جائے گا، یہ روایت مراسیل صحابہ میں سے ہے، سو وہ سب کے نزدیک مقبول ہے۔ اور اگر ان کی مراد یہ ہے کہ ان کے جد بلا واسطہ ہیں تو یہ حدیث مرسل متعارف ہوگی، لیکن جمہور کے نزدیک یہ بھی حجت ہے۔ علاوہ ازیں یہ کہ یہ روایت فضائل اعمال سے تعلق رکھتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اولاد کے لئے اپنی جوانی تج دینے والی عورت کا اجر

۴۹۷۸: وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَامْرَاَةٌ سَفْعَاءُ الْخَدَّيْنِ كَهَاتَيْنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَوْمَاَ يَزِيْدُ بْنُ ذُرَيْعٍ اِلَى الْوُسْطٰى وَالسَّبَّابَةِ اِمْرَاَةٌ اٰمَتْ مِنْ زَوْجِهَا ذَاتُ مَنْصَبٍ وَجَمَالٍ حَبَسَتْ نَفْسَهَا عَلٰى يَتَامَاهَا حَتّٰى بَانُوْا اَوْمَاتُوْا۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد في السنن ۳۵۶/۵ الحديث رقم ۵۱۴۹، واحمد في المسند ۲۹/۶۔

ترجمہ: حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ میں اور سیاہ رخسار والی عورت قیامت کے دن ان دو انگلیوں کی طرح ہوں گے۔ یزید بن ذریع نے درمیانی اور انگشت شہادت کی طرف اشارہ کیا۔ وہ عورت جو صاحب عزت و جمال تھی اور اپنے خاوند سے الگ ہوگئی لیکن اس نے اپنے آپ کو یتامیٰ کے لئے روک کر رکھا۔ یہاں تک کہ وہ جدا ہو گئے یا وفات پا گئے۔ (ابوداؤد)

تشریح: أومأ: کے آخر میں ہمزہ ہے ومأ سے مأخوذ ہے، بمعنی ''أشار''. کذا فی (قاموس) لیکن ''و م ی'' کا مادہ ذکر نہیں کیا، چنانچہ بعض نسخوں میں ''أومی''، یاء کے ساتھ ہے۔ اس کی کوئی مناسب توجیہہ معلوم نہیں ہوتی، الا یہ کہ یوں کہا جائے کہ ابدال ہوا ہے۔ ہمزہ متحرک کا ابدال ایک جماعت کے نزدیک ضعیف ہے۔ واللہ اعلم۔

حتی بانوا: ''بین'' سے ماخوذ ہے۔ ''بین' اضداد میں سے ہے۔ وصل و فصل ہر دو معنی میں مستعمل ہے۔ ایک شارح نے اس کو ''بون''، بمعنی'' فضل و مزیة'' سے قرار دیا ہے۔

آمت: آمت المرأة ایمة و أیوما، بغیر شوہر کے ہونا۔

امرأة: کی تنوین برائے تعظیم ہے۔ (طیبی)

سفعاء، منصوب ہے، یا مرفوع علی المدحة ہے مبتدا اور خبر کے درمیان واقع ہے۔ (طیبی) ''ھی'' مقدر ہے (یہ اس کی خبر ہے۔) یا'' أعنی'' مقدر ہے (اور یہ اس کا مفعول یہ ہے) احمد مسلم ابوداؤد اور ترمذی کی روایت میں سہل بن سعد سے مروی ہے: أنا و کافل الیتیم ھکذا۔

قولہ: حبست نفسها علی یتا ماها: ▣ جملہ مستانفہ ہے۔ ▣ صفت ثانی ہے۔ ▣ بتقدیر ''قد'' حال ہے۔ یا بغیر تقدیر کے حال ہے اور ایک نسخہ میں ''علی یتا ما ھا'' کے الفاظ ہیں۔

أو ماتوا: کی تفسیر اگر'' أو مامت'' کے ساتھ کی جائے تو ''او'' برائے تنویع ہے۔ قاضیؒ فرماتے ہیں: امرأة آمت: بدل ہے، بیان و تفسیر کے قائم مقام ہے۔

مطلب یہ ہے کہ جس عورت کا خاوند چھوٹے چھوٹے بچے چھوڑ کر مر گیا ہو یا جس عورت کو اس کے خاوند نے طلاق دے دی ہو اور اس عورت نے محض اپنے یتیم بچوں کی خاطر کسی دوسرے شخص سے نکاح نہ کیا ہو بلکہ اپنے حسن و جمال اور جاہ عزت کے باوجود اپنے جذبات کو کچل کر ازدواجی زندگی کی خوشیوں اور مسرتوں سے دور رہی اور اپنے ان بچوں کی پرورش و دیکھ بھال میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس وقت تک اپنی جان کھپاتی رہی جب تک کہ وہ اس کے ساتھ رہے یہاں تک کہ اس نے ان کی پرورش میں مشغول رہ کر اپنی زندگی کے جوان ایام کو قربان اور اپنے حسن و جمال کو برباد کر دیا۔ تو حضور ﷺ نے ایسی حوصلہ مند عورت کے بارے میں فرمایا کہ وہ قیامت کے دن میرے اس قدر قریب ہوگی جس قدر یہ دونوں انگلیاں ہیں۔

صاحب مظاہر لکھتے ہیں: اس سے معلوم ہوا کہ جو عورتیں اپنے خاوند کی وفات یا طلاق کی وجہ سے بیوہ ہو گئی ہوں تو ان کو صبر و استقامت' عفت و پاکدامنی اور ترک زیب و زینت کو اختیار کرنا اپنے بچوں کے بہتر مستقبل کی خاطر دوسرا نکاح نہ کرنا اور ان بچوں کی صحیح پرورش و تربیت میں مشغول رہنا بڑی فضیلت کا حامل ہے۔

بیٹی کی پرورش والا جنت میں

۴۹۷۹: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهٗ اُنْثٰى فَلَمْ يَئِدْهَا وَلَمْ يُهِنْهَا وَلَمْ يُؤْثِرْ وَلَدَهٗ عَلَيْهَا يَعْنِي الذُّكُوْرَ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابو داؤد في السنن ٥/٣٥٤ الحديث رقم ٥١٤٦، واحمد في المسند ١/٢٢٣۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص کی بیٹی ہو اور اس نے اسے زندہ دفن نہ کیا اور نہ اسے ذلیل کیا اور نہ اس پر بیٹے کو ترجیح دی۔ اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل فرمائے گا۔ (ابوداؤد)

تشریح: لم يئد: بروزن لم يعد.

ولم يهنها: اهانة سے ماخوذ ہے۔ حدیث مبارکہ (کے اس جملہ) میں آیت کریم کی طرف اشارہ ہے: ﴿وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ﴾ [النحل: ۵۸ ـ ۵۹] ''حالانکہ جب ان میں سے کسی کو بیٹی (کے پیدا ہونے) کی خبر ملتی ہے تو اس کا منہ (غم کے سبب) کالا پڑ جاتا ہے اور اس کے دل کو دیکھو تو وہ اندوزناک ہو جاتا ہیا اور اس خبر بد سے (جو وہ سنتا ہے) لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے (اور سوچتا ہے) کہ آیا ذلت برداشت کر کے لڑکی کو زندہ رہنے دے یا زمین میں گاڑ دے۔ دیکھو یہ جو تجویز کرتے ہیں بہت بری ہے۔''

یعنی الذکور: ''ولد'' کا اطلاق لغوی اعتبار سے چونکہ لڑکا، لڑکی دونوں پر ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی تفسیر کرتے ہوئے ''یعنی الذکور'' فرمایا۔ اور یہ بھی احتمال ہے، کہ یہ تفسیر کسی اور راوی کی ہے۔ (فتامل)

''ولد'' کی تفسیر ''ذکور'' یعنی صیغہ جمع کے ساتھ کی ہے، چونکہ ''ولد'' اسم جمع ہے۔

یا جنسیت کے معنی اضافت سے مستفاد ہو رہے ہیں،

اور ممکن ہے کہ ولد کی تفسیر ''ذکر'' کے بجائے ''ذکور'' کے ساتھ کرنے میں حفظ لسان از لفظ ''ذکر'' مقصود ہو۔ فتدبر۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''بنت'' کی جگہ لفظ ''انثی'' استعمال کرنا تحقیر شان کی طرف اشارہ ہے، جیسا کہ ''ابن'' کی جگہ لفظ ''ولد'' استعمال کرنے میں ''ابن'' کی تعظیم شان کی طرف اشارہ ہے۔ اس تعبیر سے یہ اطلاع مقصود ہے کہ خواہشات نفسانی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی پیروی سے بچے، اللہ کی چاہت کو اپنی مرضی پر مقدم رکھے اور اسی سبب سے اس پر دخول جنت کا ترتب ہے۔

مسلمان کی مدد پر مدد الٰہی

۴۹۸۰: وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اغْتِيْبَ عِنْدَهٗ اَخُوْهُ الْمُسْلِمُ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى نَصْرِهٖ فَنَصَرَهٗ نَصَرَهُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَاِنْ لَّمْ يَنْصُرْهُ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى نَصْرِهٖ اَدْرَكَهُ اللّٰهُ بِهٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔ (رواه فی شرح السنة)

أخرجه البغوی فی شرح السنة ۱۳/۱۰۷ الحديث رقم ۳۵۳۰۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے پاس کسی مسلمان کی غیبت کی جائے اور وہ اس کی مدد پر قدرت رکھتا تھا اس نے اس کی مدد کی تو اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اس کی مدد فرمائیں گے اور اگر قدرت کے باوجود مدد نہ کی تو اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اس کی گرفت فرمائیں گے۔ (شرح السنۃ)

تشریح: من اغتیب: وصل میں ''من'' موصولہ کے نون پر کسرہ اور ضمہ دونوں درست ہیں۔

وھو یقدر علی نصرہ: جملہ حالیہ ہے۔ ''من'' کی طرف راجع ضمیر سے حال ہے۔

فنصرہ: شرط پر عطف ہو رہا ہے۔

نصرہ اللّٰہ..... : جملہ جزائیہ ہے۔

اسنادی حیثیت: اس حدیث کی سند میں ضعف ہے۔ لیکن اس کے شواہد بھی ہیں جن سے اس روایت کو تقویت حاصل ہے۔

(نقله میرك عن التصحیح)

غیبت سے دفاع پر جزاء

۴۹۸۱: وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ ذَبَّ عَنْ لَحْمِ اَخِيْهِ بِالْمُغِيْبَةِ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُّعْتِقَهٗ مِنَ النَّارِ۔ (رواه البیهقی فی شعب الایمان)

أخرجه احمد فی المسند ۶/۴۶۱، والبیهقی فی الشعب الایمان۔

ترجمہ: حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے بھائی کی غیر موجودگی میں اس کے گوشت سے دفاع کرے تو اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے اس کو آگ سے آزاد کرنے کی ذمہ داری لے لیتے ہیں۔ (بیہقی شعب الایمان)

تشریح: بالمغیبة: یہ مصدر ہے یا اسم زمان یا مکان ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: گویا کلام یوں ہے: من ذب عن غیبة اخیه فی غیبته، اس تقدیر پر ''بالمغیبة'' ظرف ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ حال ہو، اس صورت میں مبالغہ سے کنایہ ہوگا۔

سندی حیثیت و تخریج: ''التصحیح'' میں لکھا ہے: اس حدیث کو طبرانی اور محی السنہ نے نقل کیا ہے، اور اس کی سند میں ایک راوی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضعیف ہے۔ حافظ منذریؒ ''الترغیب'' میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو امام احمدؒ نے سند حسن کے ساتھ، ابن ابی الدنیا، اور طبرانی وغیرہ نے روایت کیا ہے۔ (نقلہ میرک) جامع صغیر میں ان الفاظ کے ساتھ ہے: من ذب عن عرض أخيه بالمغيبة كان حقا على الله ان يقيه من النار. اس حدیث کو احمد نے، اور طبرانی نے الکبیر میں اسماء بنت یزید سے روایت کیا ہے۔

دوزخ آزادی کی ذمہ داری

۴۹۸۲: وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُرَدُّ مِنْ عِرْضِ اَخِيْهِ اِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَرُدَّ عَنْهُ نَارَ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ (رواه فی شرح السنة)

أخرجه البغوی فی شرح السنة ۱۳/۱۰۶ الحديث رقم ۳۵۲۸، والترمذی فی ۴/۳۲۷ الحديث رقم ۱۹۳۱، واحمد فی المسند ۶/۴۵۰۔

ترجمہ: حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جو مسلمان کسی مسلمان بھائی کی عزت کی حفاظت کرے گا اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے اس کو دوزخ سے آزاد فرمانے کا ذمہ لے لیتا ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت فرمائی: وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ ایمان کی مدد ہم پر لازم ہے۔

تشریح: قوله: ثم تلا هذه الآية [وكان حقا علينا نصر المؤمنين]:

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ آیت استشہاد ہے'' الا كان حق على الله ان يرد عنه'' کے لئے۔ اور'' عنه'' کی ضمیر'' المسلم الذاب عن عرض أخيه'' کی طرف راجع ہے۔ اور صیغہ عام استعمال کیا چنانچہ اس میں'' من سيق له الكلام''، کو دخول اولی حاصل ہوگا، جیسا کہ اس آیت کریمہ میں ہے: ﴿فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۚ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ﴾ [البقرة:۸۹] یہ اسلوب کلام ابلغ ہے، بنسبت اس کلام کے کہ اگر'' عليهم'' فرماتے، چونکہ موقع کنایہ ہے۔ اھ۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ بات مخفی نہ رہے کہ حدیث کی ابتداء میں موجود'' ما'' نافیہ ہے۔ اور'' من'' زائدہ ہے جو استغراق نفی کیلئے ہے۔ چنانچہ حکم عام ہے۔ اور حدیث میں کوئی چیز ایسی ہے ہی نہیں جو من سيق الكلام پر دلالت کرے۔ چہ جائیکہ دخول اولی مراد ہو۔

اور جہاں تک تعلق ہے آیت کا، سو ظاہر یہ ہے کہ ''عليهم'' سے عدول کر کے'' كافرين'' فرمانا اس لئے ہے، تاکہ اس حکم سے آئندہ ایمان لانے والے مؤمنین خارج ہو جائیں، اور ان کافروں کے علاوہ دیگر کفار اس حکم میں شامل ہو جائیں، علاوہ ازیں تنبیہ ہے کہ زندہ کافروں پر لعنت بھیجنا درست نہیں، جب کہ وہ محصور ہوں، چونکہ مدار تو خاتمہ پر ہے۔

اور امام طیبیؒ کا یہ کہنا: وفيه ان مفهوم المسلم والمؤمن واحد كما فی قوله تعالى: ﴿فأخرجنا من كان فيها من المؤمنين فما وجدنا فيها غير بيت من المسلمين﴾ محل اشکال ہے، اس میں اشکال یہ ہے کہ درست بات یہ ہے [illegible] مسلم کے مفہوم لغوی وشرعی کے اعتبار سے تغایر ہیں اس کی تائید اس آیت سے بھی ہوتی ہے: ﴿قالت الأعراب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آمنا قل لم تؤمنوا ولكن قولوا أسلمنا﴾ اس کی دلیل حدیث جبرئیل بھی ہے، کہ وہاں ایمان واسلام کی تعریف میں تغایر ہے، ہاں اتنی بات درست ہے، کہ فقہاء ومتکلمین کے عرف میں یہ دونوں ایک دوسرے کی جگہ مستعمل ہیں، چونکہ انقیاد ظاہری، انقیاد باطنی کے بغیر صحیح نہیں، اور اسی طرح اس کے برعکس بھی۔ چنانچہ ان دونوں کا تحقق ضروری ہے۔ مزید یہ کہ اعمال اسلام میں سے کسی عمل کے ترک کرنے سے عدم انقیاد ظاہر لازم نہیں آتا۔ چونکہ ترک کسلاً اور اعراضاً میں فرق ہے، چنانچہ جو شخص نماز کو عمداً ترک کرتا ہے، بایں اعتبار کہ وہ وجود ترک صلوٰۃ کا اعتقاد رکھتا ہے۔ یا کسی کو قتل کرتا ہے لیکن قتل کو حرام نہیں سمجھتا تو یہ شخص کافر ہو جائے گا، یہی وہ مذہب ہے کہ جو اہل حق اہل سنت والجماعت اور معتزلہ' خوارج اور باقی اہل بدعت وضلالت کے درمیان فارق ہے۔

تخریج: منذریؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو امام ترمذیؒ نے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

من ردّ عن عرض أخيه ردّ الله عن وجهه النار يوم القيامة. اور لکھا ہے، کہ یہ حدیث حسن ہے۔ علاوہ ازیں ابن ابی الدنیا نے اور ابوالشیخ نے "كتاب التوبيخ" میں ان الفاظ کے ساتھ ذکر کی ہے:

قال: من ذب عن أخيه رد الله عنه عذاب النار يوم القيامة، وتلا رسول الله ﷺ: ﴿وكان حقا علينا نصر المؤمنين﴾ [الروم-٤٧] [نقله ميرك]۔

الجامع الصغیر میں ان الفاظ کے ساتھ مروی ہے: من رد عن عرض أخيه رد الله عن وجهه النار يوم القيامة.

اس حدیث کو امام احمد اور ترمذی نے حضرت ابوالدرداء سے روایت کیا ہے، اور بیہقی نے حضرت ابوالدرداء سے ان الفاظ کے ساتھ بھی روایت کیا ہے:

من ردّ عن عرض أخيه كان له حجابا من النار.

حرمت وعزت میں مددگار کو خصوصی مدد

۴۹۸۳: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ اِمْرِءٍ مُسْلِمٍ يَخْذُلُ اِمْرَأً مُسْلِمًا فِيْ مَوْضِعٍ يُنْتَهَكُ فِيْهِ حُرْمَتُهٗ وَيُنْتَقَصُ فِيْهِ مِنْ عِرْضِهٖ اِلَّا خَذَلَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ مَوْطِنٍ يُحِبُّ فِيْهِ نُصْرَتَهٗ وَمَا مِنِ امْرِءٍ مُسْلِمٍ يَنْصُرُ مُسْلِمًا فِيْ مَوْضِعٍ يَنْتَقِصُ فِيْهِ مِنْ عِرْضِهٖ وَيَنْتَهِكُ فِيْهِ مِنْ حُرْمَتِهٖ اِلَّا نَصَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ مَوْطِنٍ يُحِبُّ فِيْهِ نُصْرَتَهٗ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد في السنن ٥/١٩٧ الحديث رقم ٤٨٨٤، واحمد في المسند ٤/٣٠۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی مسلمان کی کسی ایسی جگہ آبروریزی کرے جہاں اس کی بے عزتی کی جارہی ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو ایسی جگہ ذلیل کرے گا جہاں وہ مدد کا طلبگار ہوگا اور جو کوئی مسلمان دوسرے مسلمان کی ایسی جگہ مدد کرے جہاں اس کی حرمت وعزت ختم کی جارہی ہو تو اللہ تعالیٰ اس کی ایسی جگہ مدد فرمائے گا جہاں وہ مدد کو پسند کرتا ہوگا۔ (ابوداؤد)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قوله: مامن امرىء مسلم يخذل ---يحب فيه نصرته:

يخذل: ذال کے ضمہ کیساتھ ہے۔

ينتهك: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔

وينقص: "انقاص" مصدر سے صیغہ مجہول کے ساتھ ہے، لازم ومتعدی ہر دو طرح مستعمل ہے۔

ينتهك فيه حرمته: الجامع الصغیر کی روایت میں "من حرمته" کے الفاظ ہیں۔ اور شاید کہ یہی درست ہے، چونکہ درایۃً حسن مقابلہ کا تقاضا بھی یہی ہے۔ البتہ الجامع کی روایت میں" ينتقص فيه من عرضه وينتهك فيه من حرمته"، ترتیبی اعتبار سے یہ انسب ہے۔ مشکوۃ میں یہاں ترتیب برعکس ہے: من عرضه وينتهك

قوله: وما من امرى مسلم ينصر مسلما الخ: اور ایک نسخہ میں" ينتهك" کے بعد "فيه" کا اضافہ بھی ہے۔ یہ نسخہ الجامع کی روایت کے موافق ہے۔

الا نصره الله فى موطن: اس میں "نفس فی العبارۃ" ہے۔ (بایں طور کہ "موضع" کہ "موضع" فرمایا اور ایک جگہ موطن فرمایا) الجامع کی روایت میں دونوں جگہ لفظ "موطن" ہے۔ اور ممکن ہے کہ یہ حدیث ان اشادات باری تعالیٰ سے مقتبس ہو: ﴿جزاء وفاقا﴾ [النباء: ۲۱] ﴿ومن يعمل سوءًا يجزبه﴾ [النساء: ۱۲۳]

تخریج: امام احمد اور ضیاء نے بھی یہ حدیث حضرت جابر اور طلحہ بن سعد سے نقل کی ہے۔

عیب پر پردہ ڈالنے والا زندہ درگور کو زندہ کرنے والا ہے

۴۹۸۴: وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰى عَوْرَةً فَسَتَرَهَا كَانَ كَمَنْ اَحْيٰى مَوْءُوْدَةً۔ (رواه احمد والترمذى وصححه)

أخرجه ابوداؤد فى السنن ٥/ ٢٠٠ الحديث رقم ٤٨٩١، والترمذى ٤/ ٢٨٧ الحديث رقم ١٩٣٠، واحمد فى المسند ٤/ ١٤٧۔

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی کا مخفی عیب دیکھے اور اس کی پردہ پوشی کرے تو وہ اس شخص کی طرح ہے جو زندہ درگور کو زندہ کرے۔ احمد و ترمذیؒ نے اس روایت کو نقل کیا ہے اور اس کو صحیح قرار دیا ہے۔

تشریح: عورة: ہر وہ چیز جس کے ظہور کو انسان مکروہ سمجھتا ہو۔ چنانچہ یہاں "عورة" سے مراد عیب یا امر قبیح ہے، یا ستر ہے، کہ جس نے کسی مسلمان کے ستر کو اپنے پاس موجود کپڑے سے چھپایا، یا اسی کے کسی کپڑے سے چھپایا، اس کو یہ فضیلت حاصل ہو جائے گی۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اى: من رأى خللا من هتك ستر او وقع فى عرض ونحوهما.

كان كمن أحيا موء ودة: اس جملہ کے متعدد مطالب بیان کئے گئے ہیں: (۱) اس شخص کا ثواب اس شخص کے ثواب کی طرح ہے کہ جس نے موءودہ کو حیات بخشی ہو، بایں طور کہ کسی کو دیکھا کہ وہ لڑکی کو زندہ درگور کرنا چاہتا ہے، چنانچہ اس نے اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شخص کو اس ارادہ سے باز رکھا، یا کسی حیلہ وغیرہ سے اس بچی کو بچانے کی کوشش کی ہو۔ ﴿ مظہرؒ فرماتے ہیں، یعنی کسی قبر میں کسی زندہ شخص کو مدفون دیکھا، تو اس مدفون کو قبر سے اس جذبہ کے تحت نکالا کہ کہیں یہ مرنہ جائے،

وجہ تشبیہ یہ ہے کہ جس شخص کی کوئی معیوب بات ظاہر ہو جاتی ہے تو مارے شرم کے گویا مردہ کے ہو جاتا ہے اور یہ تمنا کرتا ہے کہ کاش میں مرجاتا کہ میرا عیب ظاہر نہ ہوتا اور مجھ کو اپنی یہ رسوائی دیکھنی نہ پڑتی۔ لہٰذا اگر کوئی شخص کسی کے عیب چھپاتا ہے تو گویا اس کی اس شرمندگی اور خجالت کو دفع کرتا ہے جو اس کے لئے موت کے برابر ہے' اس اعتبار سے کسی کے عیب کو چھپانا اس کو زندگی بخشنے کے مترادف ہوا۔

اور ممکن ہے کہ وجہ مشابہت ''مناسبت ضدیت'' ہو۔ چونکہ شیء سے اس کی ضد تازہ ہوتی ہے۔ چنانچہ مطلب یہ ہوا: **من ستر ما شرع اللّٰہ سترہ کان کمن رفع الستر عما لم یشرع سترہ.** یا وجہ شبہ ''اصلاح الفساد'' ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ممکن ہے کہ وجہ شبہ ''امر عظیم'' ہو۔ یعنی **من ستر علی مسلم فقد ارتکب أمرا عظیما، کمن أحیا موء ودة، فانه امر عظیم.** چنانچہ آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد گرامی اس فعل شنیع کی فخامت پر دال ہوگا۔ جیسا کہ یہ ارشاد باری تعالیٰ: ﴿**ومن أحیاها فکانما أحیا الناس جمیعا**﴾ [المائدۃ۔۳۲] صاحب کشاف لکھتے ہیں: **فیه تعظیم قتل النفس واحیائها فی القلوب لیستمر الناس علی الجسارة علیها، ویتراغبوا فی المحاماة علی حرمتها، لأن المتعرض لقتل النفس اذا تصور قتلها بصورة قتل جمیع الناس عظم ذلك علیه فثبطه، وکذلك الذی أراد احیاء ها۔ کلامه.**

پس اسی طرح جو شخص کسی مسلمان کے عیب وعزت وآبرو کی پردہ پوشی اس تصور کے ساتھ کرتا ہے، کہ یہ زندہ درگور ہونے والی کا احیاء ہے، تو اس پردہ پوش کے دل میں ستر عورۂ مومن کی عظمت جاگزین ہو جاتی ہے، چنانچہ وہ اس سلسلے میں بھرپور سعی وکوشش کرتا ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ معنی مراد لینا، ماقبل میں مذکور وجہ تشبیہ کے منافی نہیں۔

بعض علماء فرماتے ہیں: اس کا طلب یہ ہے کہ جس نے ایک مسلمان کے خون بہانے کو حلال جانا، گویا کہ اس نے تمام لوگوں کے خون کو حلال جانا۔ چونکہ یہ بھی نفس ہے اور وہ بھی نفس ہے، نفس نفس میں کوئی فرق نہیں۔ یہ قول ابن عباسؓ کا ہے۔

یا اس وجہ سے کہ اس کو قصاصاً قتل کیا جائے گا، جیسا کہ اگر یہ تمام انسانوں کو قتل کر ڈالتا، اس کی جزاء جہنم ہے۔ یہ قول مجاہد کا ہے۔

یا یہ کہ قباحت وگناہ کے اعتبار سے یہ اس شخص کی مانند ہے، جس نے ساری مخلوق کو قتل کر ڈالا ہو۔ یہ قول قتادہ کا ہے۔ اس قول سے قتل کے عظیم الشان ہونے کا پتہ چلتا ہے۔ یہ قول اسی صورت میں درست ہو سکتا ہے، کہ اس کو وعید وتہدید پر محمول کیا جائے۔

اور بیضاویؒ فرماتے ہیں: گویا کہ اس نے تمام انسانوں کو قتل کر ڈالا اس اعتبار سے کہ ایک کو قتل کرنا اور سب کو قتل کرنا اللہ کے غضب اور عذاب عظیم کے اصل استحلاب میں برابر ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخریج: میرکؒ "الصحیح" سے نقل کرتے ہیں: اس حدیث کو امام احمد اور ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔ اس میں قصہ بھی ہے اور متعدد طرق سے مروی ہے۔ اھ۔ الجامع الصغیر میں ان الفاظ کے ساتھ مروی ہے:

من رأی عورة فسترها کان کمن أحیا موء ودة من قبرها. اس حدیث کو بخاریؒ نے "**الادب المفرد**" میں، اور ابوداؤد و حاکم نے عقبہ بن عامر سے روایت کیا ہے۔

ہر مسلمان دوسرے کا آئینہ ہے

۴۹۸۵: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَدَكُمْ مِرْاٰةُ اَخِیْهِ فَاِنْ رَاٰی بِهٖ اَذًی فَلْیُمِطْ عَنْهُ (رواه الترمذی وضعفه وفی روایة له ولا بی داؤد) اَلْمُؤْمِنُ مِرْاٰةُ الْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنُ اَخُوْا الْمُؤْمِنِ یَكُفُّ عَنْهُ ضَیْعَتَهٗ وَیَحُوْطُهٗ مِنْ وَّرَائِهٖ۔

أخرجه ابو داؤد فی السنن ۵/۲۱۷ الحدیث رقم ۴۹۱۸، والترمذی فی ۴/۲۸۷ الحدیث رقم ۱۹۲۹۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہر شخص اپنے بھائی کا آئینہ ہے ترمذی نے اسے ضعیف کہا ہے۔ ابوداؤد کی روایت میں اس طرح ہے ہر مؤمن دوسرے مؤمن کے لئے آئینہ ہے اور مؤمن مؤمن کا بھائی ہے اس سے ہلاکت کو دور کرتا ہے اور اس کی غیر حاضری میں اسکی حفاظت کرتا ہے۔

تشریح: قوله: ان أحد کم مرآة أخیه فان رأی به اذی فلیمط عنه:

مرآة: میم کے کسرہ کے اور ہمزہ کے مد کے ساتھ۔

مطلب یہ ہے کہ جس طرح آئینہ دیکھنے والا اس آئینہ میں اپنے خدوخال کو دیکھتا ہے اور اس میں جو عیب وخرابی ہوتی ہے اس سے آگاہ ہو جاتا ہے خواہ وہ عیب کتنا ہی معمولی کیوں نہ ہو اسی طرح ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان کے حق میں اتنا حساس اور بہی خواہ ہونا چاہئے کہ اگر کوئی مسلمان اپنے مسلمان بھائی میں کوئی عیب دیکھے اور اس کو کسی برائی میں مبتلا پائے تو اس کو فوراً آگاہ کردے اور اس عیب و برائی کی مضرت و ہلاکت کو واضح کردے اور یہ آگاہ کرنا اور واضح کرنا پوشیدہ طور پر ہوتا کہ اس کے اس عیب سے دوسرے لوگ مطلع نہ ہوں اور وہ دنیا کی نظر میں ذلیل ورسوا نہ ہوں۔ جیسا کہ آئینہ اپنے دیکھنے والے کو اس کے عیب سے آگاہ کرتا ہے کہ کسی دوسرے شخص کو معلوم نہیں ہوتا' نیز اس مسلمان کو بھی چاہئے کہ جب کوئی مسلمان اس کو اس کے کسی عیب سے آگاہ کرے تو وہ فوراً اس عیب پر مطلع ہو جائے اور اپنی ذات کو اس کے داغ سے پاک وصاف کرے جیسا کہ کوئی شخص آئینہ میں اپنے چہرے پر کسی داغ و دھبہ کو دیکھ کر فوراً مطلع ہو جاتا ہے اور چہرے کی صفائی و زیبائش کرتا ہے!

کوئی مسلمان اپنے کسی بھائی مسلمان کو کسی برائی' کسی عیب اور کسی ناشائستہ حرکت میں مبتلا دیکھے تو اس احساس کے ساتھ کہ یہ میرا بھائی نقصان وتباہی کے راستہ پر لگ گیا ہے اور اس کا نقصان میرا نقصان ہے اور اس کی تباہی میری تباہی ہے اس کو اس عیب و برائی سے بچانے کی کوشش کرے رویم رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: **لایزل الصوفیة بخیر ماتنا فروا 'فاذا اصطلحوا** [illegible] صوفیا اس وقت تک خیر و بھلائی پر ہیں جب تک وہ ایک دوسرے کے احوال کی اصلاح کی سعی و کوشش کرتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہیں گے۔ جب بھی وہ ایک دوسرے کی طرف سے بے پرواہ اور ایک دوسرے کے احوال سے اتفاق کرلیں گے ہلاکت میں پڑ جائیں گے۔

قولہ: ویحوط من ورآئہ: کا مطلب یہ ہے کہ یہ ایمانی اخوت کا مظہر ہے کہ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کی عدم موجودگی میں بھی اس کی عزت وآبرو اور اس کی جان ومال کا تحفظ کرنا اپنی ذمہ داری سمجھتا ہے۔ چنانچہ کوئی مسلمان نہ صرف یہ کہ خود کسی مسلمان کی غیبت اور عیب جوئی نہیں کرتا۔ اگر کوئی دوسرا شخص کسی مسلمان کی غیبت کرتا ہے اور اس کو قدرت حاصل ہے تو یہ اس پر خاموش نہیں رہتا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا مقولہ ہے: رحم اللّٰہ امرًا اھدیٰ الی بعیوب نفسی اور (عیب کو) بصیغہ جمع لانے میں اشارہ ہے کہ نفس معدن عیوب ہے، اور منبع عیوب بھی ہے، اسی وجہ سے کسی کہنے والے نے کہا ہے:

وجودك ذنب لا يقاس به ذنب

تیرا وجود (اتنا بڑا اور) ایسا گناہ ہے کہ کہ جس پر کسی (بھی) گناہ کو قیاس نہیں کیا جاسکتا۔

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے انصار ومہاجرین کی ایک مجلس میں فرمایا: أرأيتم لو ترخصت في بعض الأمور ماذا كنتم فاعلين مرتين او ثلاثا؟ فلم يجيبوا. قال بشير بن سعد: لو فعلت ذلك قومناك تقويم القدح. قال عمر: أنتم اذاً أنتم: ''مجھے بتاؤ اگر میں چند امور میں رخصت دے دوں تو تم کیا کرو گے؟ حضرت عمر فاروقؓ نے یہ بات دو یا تین مرتبہ فرمائی۔ کسی نے کوئی جواب نہ دیا۔ بشیر بن سعد نے کہا: اگر آپ ایسا کریں گے تو ہم آپ کو نیزے کی طرح سیدھا کردیں گے۔ یہ سن کر حضرت عمر فاروقؓ نے فرمایا: تب تو تم، تم ہو''۔ (کذا فی کتاب العوارف)

ندیم الباری خواجہ عبداللہ انصاری فرماتے ہیں: ہائے! ہائے! اللہ کے راستے پر گامزن سالکین میں اتنا تفاوت! لوہا ایک ہی بھٹی میں ڈھلتا ہے، اس کے ایک ٹکڑے سے آئینہ بنتا ہے کہ جس میں اپنی محبوب صورت دیکھی جاتی ہے، اور دوسرے سے لوہے کا وہ سم بنتا ہے جو سواری کے کھر تلے لگتا ہے۔ ان کا اشارہ اس ارشاد باری تعالیٰ کی طرف تھا: ﴿أولئك كالأنعام بل هم أضل أولئك هم الغافلون﴾ [الاعراف۔۱۷۹]

﴿كَلَّا إِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا عِلِّيُّوْنَ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ط وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ﴾ [المطففین:۱۸۔۲۸] ''(یہ بھی) سن رکھو کہ نیکوکاروں کے اعمال علیین میں ہیں اور تم کو کیا معلوم علیین کیا چیز ہے؟ ایک دفتر ہے لکھا ہوا جس کے پاس مقرب (فرشتے) حاضر رہتے ہیں بیشک نیک لوگ چین میں ہوں گے تختوں پر بیٹھے ہوئے نظارے کریں گے تم ان کے چہروں ہی سے راحت کی تازگی معلوم کرلو گے ان کو خالص شراب سربمہر پلائی جائے گی جس کی مہر مشک کی ہوگی۔ تو (نعمتوں کے) شائقین کو چاہیے کہ اسی سے رغبت کریں اور اس میں تسنیم (کے پانی) کی آمیزش ہوگی وہ ایک چشمہ ہے جس میں سے (خدا کے) مقرب پئیں گے''۔

عارف ابن فارض فرماتے ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علیك بها صرفا و ان شئت مزجها،

فعدلك عن ظلم الحبيب هو الظلم .

توضیح: اس حدیث کا ابتدائی ٹکڑا ''المؤمن مرآة المؤمن ''مستقل حدیث کے طور پر بھی مروی ہے۔ اس کو امام طبرانی نے اوسط میں اور ضیاء نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

عیب جس کو پل صراط پر روک لیا جائے گا

۴۹۸۶: وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَمٰى مُؤْمِناً مِّنْ مُنَافِقٍ بَعَثَ اللّٰهُ مَلَكًا يَحْمِيْ لَحْمَهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ نَارِ جَهَنَّمَ وَمَنْ رَمٰى مُسْلِماً بِشَيْءٍ يُرِيْدُ بِهِ شَيْنَهُ حَبَسَهُ اللّٰهُ عَلٰى جَسَرِ جَهَنَّمَ حَتّٰى يَخْرُجَ مِمَّا قَالَ۔ (رواه ابو داؤد)

أخرجه ابو داؤد في السنن ٥/١٩٦ الحديث رقم ٤٨٨٣، واحمد في المسند ٣/٤٤١۔

ترجمہ: حضرت معاذ بن انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کسی مسلمان کو منافق سے محفوظ رکھے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ایک ایسا فرشتہ بھیجے گا جو اس کے گوشت کی دوزخ کی آگ سے حفاظت کرے گا اور جو شخص کسی مسلمان کی عیب جوئی کی خاطر گالی دے اللہ تعالیٰ اس کو دوزخ کے پل پر روک دے گا یہاں تک کہ وہ (اس کی سزا پا کر) اس سے بری ہو جائے۔ (ابوداؤد)

تشریح: یہاں ''منافق'' سے مراد غیبت کرنے والا شخص ہے۔

اس کو ''منافق'' اس لئے فرمایا گیا ہے کہ غیبت کرنے والا کسی شخص کے منہ پر اس کی برائی نہیں کرتا بلکہ اگر وہ سامنے ہوتا ہے تو دل میں اس کی طرف سے برائی رکھنے کے باوجود اس کی خیر خواہی کا دم بھرتا ہے اور پیٹھ پیچھے اس پر عیب لگاتا ہے۔ (غیبت کرنا اور عیب جوئی منافق کا کام ہے جس کا ظاہر کچھ ہوتا ہے اور باطن کچھ۔)

قوله: حَتّٰى يَخْرُجَ مِمَّا قَالَ کا مطلب یہ ہے کہ جب تک وہ شخص اپنی اتہام تراشی کا شکار بنانے والے شخص کو راضی نہ کر لے گا یا شفاعت کے ذریعہ اور یا گناہ کے بقدر عذاب بھگت لینے کے ذریعہ الزام تراشی کے گناہ سے صاف نہ ہو جائے گا اس وقت تک اس کی گلوخلاصی ممکن نہیں ہوگی۔

قوله: ومن رمى مسلما: میں تفنن ہے۔ اور اشارہ ہے کہ (مؤمن و مسلم کا) ایک دوسرے پر اطلاق درست ہے۔

يريد به شينه: یہ جملہ ضمیر سے حال ہے۔ نیز یہ احتراز ہے اس صورت سے کہ جب اس سے مراد زجر ہو یا کسی دوسرے شخص کو اس سے بچانا مقصود ہو، قصہ مختصر یہ کہ جواز شرعی سے احتراز ہے۔

جسر جهنم: اس کی تفصیل جلد نہم میں ملاحظہ فرمائیے۔

توضیح: امام میرکؒ نے ذکر کیا ہے، کہ ابوداؤد نے اس روایت کو سهل بن معاذ بن انس عن أبيه کے طریق سے روایت کیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ تعالیٰ کے ہاں بہترین پڑوسی

۴۹۸۷: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ الْاَصْحَابِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِصَاحِبِهٖ وَخَيْرُ الْجِيْرَانِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِجَارِهٖ۔

(رواه الترمذی والدارمی وقال الترمذی هذا حدیث حسن غریب)

أخرجه الترمذي في السنن ٥/٢٩٤ الحديث رقم ١٩٤٤، والدارمي في ٢/٢٤٢ الحديث رقم ٢٤٣٢، وأحمد في المسند ٢/١٦٨۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اللہ کے ہاں بہتر وہ شخص ہے جو اپنے ساتھی کے ساتھ بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ کے ہاں بہترین پڑوسی وہ ہے جو اپنے پڑوسیوں کا بہترین خیر خواہ ہو۔ (ترمذی، دارمی) ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

تشریح: مطلب یہ ہے کہ جو شخص اپنے دوستوں اور اپنے ہمسائیوں کے ساتھ حسن سلوک کرتا ہے اور ہر حالت میں ان کا خیر خواہ رہتا ہے تو وہ نہ صرف بہترین دوست اور بہترین پڑوسی قرار پاتا ہے بلکہ اس کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے بہت زیادہ ثواب بھی ملتا ہے۔

اسنادی حیثیت: امام میرکؒ نے فرمایا: اس کی اسناد جید ہے، اور اس کے رجال صحیح کے رجال ہیں۔

اور الجامع الصغیر میں ہے کہ خير الأصحاب صاحب اذا ذكرت الله أعانك، وان نسيت ذكرك اس کو ابن ابی الدنیا نے "کتاب الاخوان" میں حسن سے مرسلاً روایت کیا ہے۔

اچھے عمل کی نشانی

۴۹۸۸: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ لِيْ اَنْ اَعْلَمَ اِذَا اَحْسَنْتُ اَوْاِذَا اَسَأْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتَ جِيْرَانَكَ يَقُوْلُوْنَ قَدْ اَحْسَنْتَ فَقَدْ اَحْسَنْتَ وَاِذَا سَمِعْتَهُمْ يَقُوْلُوْنَ قَدْ اَسَأْتَ فَقَدْ اَسَأْتَ۔ (رواه ابن ماجة)

أخرجه ابن ماجه في السنن ٢/١٤١١ الحديث رقم ٤٢٢٢، واحمد في المسند ١/٤٠٢۔

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا مجھے یہ کس طرح معلوم ہو کہ میں نے یہ عمل اچھا کیا یا برا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم اپنے پڑوسی کو یہ کہتے سنو کہ تم نے اچھا کیا تو تم نے اچھا کیا اور جب اس سے سنو کہ تو نے برا کیا ہے تو تو نے برا ہی کیا ہے۔ (ابن ماجہ)

تشریح: قوله: كيف لي أن أعلم اذا أحسنت أو اذا أسأت:

اذا أحسنت او اذا أسأت: ایک نسخہ میں (او: کے بجائے) واؤ ہے، یہ واؤ بمعنی "او" ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''پڑوسیوں'' سے سارے پڑوسی مراد ہیں کیونکہ (دو چار پڑوسی تو کسی غلط بات پر اتفاق کر سکتے ہیں لیکن) عام طور پر سارے پڑوسیوں کا کسی گمراہی پر متفق ہونا ممکن نہیں ہوسکتا۔ صاحب ''مظاہر'' لکھتے ہیں: حدیث کا تعلق اس صورت سے ہے جب کہ اس کے پڑوسی اہل حق' صاحب انصاف اور کسی کام کی اچھائی کو سمجھنے والے ہوں نیز وہ اس شخص سے نہ بہت زیادہ محبت و تعلق رکھتے ہوں اور نہ بہت زیادہ دشمنی وعداوت۔

یہ حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اس عارفانہ قول کی تائید کرتی ہے: السنة الخلق اقلام الحق۔ یعنی مخلوقِ خدا کی زبان حق تعالیٰ کا قلم ہے۔ اسی مفہوم کو ہمارے یہاں اس محاورہ ''زبان خلق کو نقارۂ خدا'' کے ذریعہ ادا کیا جاتا ہے' کسی شاعر نے خوب کہا ہے۔

برا کہے جسے عالم اُسے برا سمجھو ☆ زبان خلق کو نقارۂ خدا سمجھو

تخریج: اس حدیث کو ابن حبان نے اپنی صحیح میں، احمد نے اپنی مسند میں اور طبرانی نے روایت کیا ہے، ابن ماجہ کی روایت کے رجال، صحیحین کے رجال ہیں۔ سوائے ان کے شیخ محمد بن یحییٰ کے۔ ان سے امام بخاری نے تو روایت لی ہے، لیکن امام مسلم نے نہیں لی۔ (کذا فی الصحیح) اور الجامع الصغیر میں ہے کہ اس حدیث کو امام احمد، ابن ماجہ اور طبرانی نے ابن مسعود سے، اور ابن ماجہ نے کلثوم الخزاعی سے بھی روایت کیا ہے۔

لوگوں کے ساتھ ان کے مرتبے کے مطابق سلوک کرو

۴۹۸۹: وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنْزِلُوا النَّاسَ مَنَازِلَهُمْ۔ (رواہ ابو داؤد)

أخرجه ابو داؤد فی السنن ۵/۱۷۳ الحديث رقم ٤٨٤٢۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ایک آدمی کو اس کے درجہ پر رکھو۔ (ابوداؤد)

تشریح: أنزلوا: انزال مصدر سے امر کا صیغہ ہے۔

منازلهم: منصوب بنزع الخافض ہے۔

مطلب یہ ہے کہ جس شخص کی جو حیثیت عرفی اور جس کا جو متعین مرتبہ و درجہ ہے اس کے ساتھ اسی کے مطابق سلوک و تعظیم کرو۔ یہ نہیں کہ ہر ایک شخص کے ساتھ ایک جیسا برتاؤ کیا جائے کیوں کہ کوئی شخص شریف اور صاحب عزت ہوتا ہے اور کوئی شخص ذلیل و کمینہ اگر دونوں کے ساتھ یکساں سلوک کیا جائے گا تو ظاہر ہے کہ غیر موزوں ہوگا اس لئے تعظیم و تکریم میں ہر ایک کے ساتھ ایسا سلوک کرو جو نہ تو تکلیف پہنچائے اور شکایت پیدا ہونے کا باعث ہو اور نہ درجہ و مرتبہ کے غیر مناسب۔ اس سے معلوم ہوا کہ خادم و مخدوم کے ساتھ برابری کا سلوک نہ کرنا چاہئے بلکہ دونوں میں سے ہر ایک کو اس کے درجہ پر رکھنا چاہئے اور یہ بات قرآن کریم کی اس آیت سے بھی ثابت ہوتی ہے: ﴿وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ﴾ [الزخرف: ۳۲] ایک اور فرمان باری تعالیٰ ہے: ﴿يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ﴾ [المجادلة: ۱۱]

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو علماء تفاضیل انبیاء علیہم السلام تفضیل خلفاء وغیرہ کے قائل ہیں اگر کچھ لوگ امراء و اغنیاء اور ارباب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اقتدار کے تئیں اختیار کئے جانے والے اعزاز واکرام کو اس حدیث کے ذریعہ ثابت کرنے کی کوشش کریں تو ان کی یہ کوشش گمراہی کے مترادف ہوگی (کیونکہ علماء تو اہل علم وفضل کو ان کے علم وفضل کے اعتبار سے ایک دوسرے پر فضیلت دیتے ہیں اور اس فضیلت دینے میں کسی کی حقارت وتوہین کا جذبہ ہرگز شامل نہیں ہوتا جب کہ دنیادار لوگ غریب ومسکین اور محتاج لوگوں کے ساتھ تو حقارت ونفرت کا برتاؤ کرتے ہیں چاہے کوئی غریب شخص علم وفضل کے بڑے سے بڑے درجہ کا حامل ہی کیوں نہ ہو اور امراء مقتدرین کی تعظیم وعزت کرتے ہیں۔ چاہے وہ کتنے ہی بڑے فاسق وفاجر کیوں نہ ہوں۔ اگر ایسے دنیادار لوگ اس حدیث سے استدلال کرنے لگیں تو اس حدیث کا اس کے سوا اور کیا مطلب رہ جائے گا کہ ایک طرف تو وہ علماء ہیں جنہیں اس حدیث سے استدلال اور استنباط میں اللہ تعالیٰ نے سرفراز کیا اور دوسری طرف وہ بدنصیب دنیادار ہیں جن کو گمراہ کیا۔) قد علم کُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ .....

توضیح سند: امام ابوداؤد نے اس روایت کو میمون بن ابی شعیب عن عائشة کے طریق سے روایت کیا ہے، اور فرماتے ہیں: میمون بن شعیب نے حضرت عائشہ کو نہیں پایا۔ ابوبکر رازی سے سوال کیا گیا: میمون عن عائشة متصل؟ تو انہوں نے جواب دیا نہیں۔ (نقلہ میرک عن التصحیح)

جامع صغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو امام مسلم اور ابوداؤد نے روایت کیا ہے۔ چنانچہ صاحب مصابیح اور صاحب مشکوٰۃ دونوں حضرات پر اعتراض وارد ہوتا ہے، اور اگر جامع کی نقل کو درست مان لیا جائے، تو صاحب تصحیح پر بھی اعتراض وارد ہوتا ہے۔

خرائطی نے ''مکارم الاخلاق'' میں ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

أنزل الناس منازلهم من الخير والشر و أحسن أدبهم على الأخلاق الصالحة.

الفصل الثالث:

محبتِ رسول کے تین تقاضے

۴۹۹۰: عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ قُرَادٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ یَوْماً وَجَعَلَ اَصْحَابُهٗ یَتَمَسَّحُوْنَ بِوَضُوْئِهٖ فَقَالَ لَهُمُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا یَحْمِلُكُمْ عَلٰی هٰذَا قَالُوْا حُبُّ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ یُّحِبَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ اَوْ یُحِبَّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ فَلْیَصْدُقْ حَدِیْثَهٗ اِذَا حَدَّثَ وَلْیُؤَدِّ اَمَانَتَهٗ اِذَا اؤْتُمِنَ وَلْیُحْسِنْ جِوَارَ مَنْ جَاوَرَهٗ۔

أخرجه البيهقي في شعب الإيمان ۲/۲۰۱ الحديث رقم ۱۵۳۳۔

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن ابی قراد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا تو صحابہ کرامؓ نے آپ کے بچے ہوئے پانی سے تبرک حاصل کرتے ہوئے اسے اپنے جسموں پر ملنا شروع کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں اس بات پر کس چیز نے آمادہ کیا انہوں نے عرض کیا اللہ اور اس کی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت نے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ چاہتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرے یا اس کے ساتھ اللہ اور اس کا رسول ﷺ محبت کرے تو اسے چاہیے کہ وہ جب بات کرے تو سچ بولے۔ اگر اس کے پاس امانت رکھی جائے تو وہ اسے ادا کرے۔ اپنے پڑوسی کے ساتھ بہتر سلوک کرے۔ (بیہقی)

راویٔ حدیث:

عبدالرحمٰن بن ابی قراد۔ یہ عبدالرحمٰن بن ابوقراد "اسلمی" ہیں۔ اہل حجاز میں شمار کیے جاتے ہیں۔ ان سے ان کے بیٹے ابوجعفر خطمی وغیرہ روایت کرتے ہیں۔ "قراد" قاف کے پیش اور غیر مشدد دال کے ساتھ ہے۔

تشریح: **بوضوئہ:** واؤ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ بعض حضرات نے واؤ کے ضمہ اور حذف مضاف "ماء" کے ساتھ بیان کیا ہے، لیکن یہ توجیہہ نہایت بعید ہے۔

فلیصدق: دال کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں: صدق، قاف کے کسرہ اور فتحہ کے ساتھ "کذب" کی ضد ہے۔ یا یہ کہ بفتح الاول مصدر ہے، اور بکسر الاول اسم ہے، (بواسطہ حرف جر و بدون واسطہ ہر دو مستعمل ہے۔ چنانچہ کہا جاتا ہے:) صدق فی الحدیث. صدق فلانا الحدیث او القتال. صدقه تصدیقا، کذبه کا متضاد ہے۔

اؤتمن: ہمزہ (یعنی ہمزہ ثانیہ) کے سکون کے ساتھ ہے۔ حالت وصل میں الف سے بھی بدلا جاتا ہے۔ یہ صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔ اور (از روئے رسم الخط) واؤ کے ساتھ لکھا جاتا ہے۔ چونکہ جب ماقبل پر وقف کر کے آگے پڑھیں گے تو دوسرے ہمزہ کو واؤ سے بدلنا واجب ہوگا۔

اکثر نسخوں میں یاء کے ساتھ لکھا ہوا ہے، اس سے دھوکا نہ کھائیں یہ ایک غلطی ہے، جس کا منشاء آداب رسم الخط اور آداب وصل و فصل پر قلت اطلاع ہے۔ یہ مستقل علم ہے۔ بلکہ یہ دونوں علوم، قواعد نحو یہ و صرفیہ سے ہٹ کر کلمہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ اسی قبیل سے یہ ارشاد باری تعالیٰ بھی ہے: ﴿فلیؤد الذی اؤتمن أمانته﴾ [البقرہ۔۲۸۳]

جوار: جیم کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

علی هذا: اسم اشارہ کا مشار الیہ محذوف ہے۔ ای: التمسح.

حب الله ورسوله: یہ مبتدا محذوف کیلئے خبر ہیں۔ "الحامل" ہے یا فعل محذوف ہے۔ أی: حملنا.

بوضوئه: یہاں دو معنوں میں سے کوئی ایک معنی مراد ہو سکتا ہے۔ ایک تو وہ پانی ہے جو وضو کرنے کے بعد برتن میں بچ گیا تھا اور بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ اس سے مراد وہ پانی ہے جو وضو کے وقت حضور ﷺ کے اعضاء مبارک سے جدا ہو کر گر رہا تھا۔

أَوْ يُحِبَّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ: میں حرف "او" تنویع کے لئے ہے (واضح رہے کہ ایک درجہ تو بندہ کا اللہ و رسول ﷺ سے محبت رکھنا ہے اور دوسرا درجہ اللہ و رسول ﷺ کا بندہ سے محبت رکھنا ہے ظاہر ہے کہ دوسرا درجہ پہلے درجہ سے کہیں بالا ہے لیکن حقیقت میں دونوں درجے ایک دوسرے کے لئے لازم و ملزوم ہیں۔ بایں طور کہ ہر کوئی اپنے دوست دار کو دوست رکھتا ہے)

یا یہ کہ حرف "او" دراصل لفظ "بل" کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے اس صورت میں ترجمہ یوں ہوگا کہ جو شخص یہ پسند کرتا ہے اور اس کے رسول ﷺ سے محبت رکھے بلکہ جو شخص پسند کرتا ہو کہ اللہ اور اس کا رسول ﷺ اس سے محبت کرے تو اس کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چاہئے.....الخ'') یہ قول زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے ایک احتمال یہ بھی ہے کہ حرف ''او'' راوی کے شک کو ظاہر کرتا ہے (یعنی آنحضرت ﷺ نے یہاں یا تو یہ فرمایا تھا کہ جو شخص اللہ کے رسول ﷺ سے محبت رکھنا چاہتا ہو یا یہ فرمایا تھا کہ جو شخص یہ پسند کرتا ہے کہ اللہ اور اللہ کا رسول ﷺ اس سے محبت کرے۔)

بہر حال حضور ﷺ کے ارشاد کا حاصل یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت کا دعویٰ ایسی باتوں کے ذریعہ کرنا کہ جو نفس پر چنداں شاق نہیں' کوئی حیثیت نہیں رکھتا بلکہ اس دعوے کے ثبوت کے لئے ضروری ہے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے جن چیزوں کے اختیار کرنے کا حکم دیا ہے ان کو اختیار کیا جائے اور جن چیزوں سے منع کیا ہے ان سے اجتناب کیا جائے خصوصاً ان احکام پر زیادہ توجہ و مستعدی اور زیادہ پابندی کے ساتھ عمل کیا جائے جن کا تعلق لوگوں کے حقوق اور باہمی معاملات سے ہو اور حقوق و معاملات بھی وہ کہ جن سے اکثر و بیشتر واسطہ رہتا ہے' جیسے سچ بولنا' امانت کو ادا کرنا اور پڑوسیوں کے ساتھ اچھے سلوک اور آداب ہمسائیگی کو لازم پکڑنا۔

احتمال یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ نے شاید ان صحابہؓ کو مذکورہ بالا چیزوں سے متعلق ادائے حقوق کی کسی تقصیر و کوتاہی میں مبتلا پایا ہوگا اس لئے خاص طور پر آپ ﷺ نے ان ہی چیزوں کا ذکر فرمایا۔

امام طیبیؒ کی یہ عبارت گویا کہ اس کا خلاصہ یہ ہے: **يريد أن ادعاء كم محبة الله ومحبة رسول لا يتم؛ ولا يتم بمسح الوضوء فقط؛ بل بالصدق في المقال وبأداء الأمانة وبالاحسان الى الجار.**

اسنادی حیثیت: امام میرکؒ نے لکھا ہے کہ اس روایت کو امام طبرانی نے سند ضعیف کے ساتھ نقل کیا ہے۔

جو خود سیر ہوا اور پڑوسی بھوکا رہا' مؤمن نہیں

۴۹۹۱: وَعَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيْسَ الْمُؤْمِنُ بِالَّذِيْ يُشْبِعُ وَجَارُهٗ جَائِعٌ اِلٰى جَنْبِهٖ رَوَاهُمَا الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٥/ ٣١ الحديث رقم ٥٦٦، واحمد في المسند ١/ ٥٥۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ وہ شخص کامل مؤمن نہیں ہوسکتا جو پیٹ بھر کر کھالے جب کہ اس کا ہمسایہ اس کے پہلو میں بھوکا ہو دونوں روایتوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔

تشریح: قوله: ليس المؤمن بالذي يشبع:

بالذی: ''لیس'' کی خبر پر کبھی باء زائدہ بھی داخل ہوتا ہے۔ (جیسا کہ یہاں ہے)۔ اور ایک صحیح نسخہ میں (بغیر حرف جر کے) ''الذی'' ہے۔

وجاره جائع الخ: یہ جملہ یشبع کی ضمیر سے حال ہے۔ ای يشبع وهو عالم بحال اضطراره وقلة اقتداره.

وہ مسلمان کامل ایمان کے درجہ کو کس طرح پہنچ سکتا ہے جو خود تو پیٹ بھر کے کھانا کھائے اور اس کا پڑوسی بالکل بھوکا رہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کسی کامل مسلمان کے بارے میں یہ تصور بھی نہیں کیا جاسکتا کہ یہ جاننے کے باوجود کہ اپنے پڑوسی میں فلاں شخص کو ختاجگی وافلاس وشدت بھوک نے مضطرب و بے حال کر دیا ہے وہ اس کی خبر نہ لے اور اس کو اپنے کھانے میں شریک نہ کرے۔

الی جنبہ: ''اس کے پہلو میں''۔ اس جملہ کے ذریعہ گواس طرف اشارہ مقصود ہے کہ جو شخص اپنے پڑوسی کے حالات سے بے خبر ولا پرواہ ہو اس سے بڑا غافل اور لا پرواہ کون ہوسکتا ہے۔

تخریج واسنادی حیثیت: الجامع الصغیر کی تصریح کے بموجب اس حدیث کو امام بخاریؒ نے ''الأدب المفرد'' میں، ابن حبان نے اپنی صحیح میں اور امام بیہقی نے ''شعب الایمان'' میں ذکر کیا ہے اور امام طبرانی نے ''الکبیر'' میں سند صحیح کے ساتھ روایت کیا ہے۔

پڑوسی کو ایذاء دینے والی عورت دوزخ میں

۴۹۹۲: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فُلَانَةَ تُذْكَرُ مِنْ كَثْرَةِ صَلَاتِهَا وَصِيَامِهَا وَصَدَقَتِهَا غَيْرَ اَنَّهَا تُؤْذِیْ جِيْرَانَهَا بِلِسَانِهَا قَالَ هِیَ فِی النَّارِ قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّ فُلَانَةَ تُذْكَرُ قِلَّةُ صِيَامِهَا وَصَدَقَتِهَا اَوْ صَلَاتِهَا وَاَنَّهَا تَصَدَّقُ بِالْاَثْوَارِ مِنَ الْاَقِطِ وَلَا تُؤْذِیْ بِلِسَانِهَا جِيْرَانَهَا قَالَ هِیَ فِی الْجَنَّةِ۔ (رواہ احمد والبیہقی فی شعب الایمان)

اخرجہ احمد فی المسند ۲/ ۴۴۰، والبیہقی فی شعب الایمان ۷/ ۷۹ الحدیث رقم ۵۹۴۶۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلاں عورت کی نماز، روزے اور صدقہ کی کثرت کا خوب چرچا ہے مگر وہ عورت اپنے پڑوسی کو اپنی زبان سے تکلیف دیتی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ دوزخی ہے۔

تشریح: أثوار: ثور (ثائے مثلثہ کے ساتھ) کی جمع ہے۔ جوہریؒ لکھتے ہیں: وهو قطعة من الأقط. چنانچہ کلام میں تجرید ہے یا تاکید ہے۔

تذکر: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے اور ضمیر غائب ''فلانة'' کی طرف راجع ہے۔

من کثرة: ''من'' تعلیلیہ ہے۔ ای: من أجل هذه النوافل. اور ''تذکر'' کے متعلق ہے. غیر أنها: ''غیر'' بمعنی ''الا'' ہے۔ ای: الا أنها. امام طیبیؒ کا کہنا ہے کہ استثناء منقطع ہے۔ یعنی لکن تؤذی. تذکر قلة صیامها: ایک نسخہ میں (''من'' کا اضافہ ہے، یعنی) ''من قلة صیامها'' ہے۔ امام طیبیؒ لکھتے ہیں: اس دوسرے فقرہ میں ''من'' موجود نہیں ہے، اور ''قلة'' منصوب بنزع الخافض ہے۔ اھ۔ تو گویا کہ امام طیبیؒ کے نسخہ میں روایت کے یہ الفاظ نصب کے ساتھ ہیں، جیسا کہ دونوں فقروں میں رعایت مناسبت کا تقاضا ہے۔ اور اگر رفع کے ساتھ مروی ہوتا تو وجہ رفع بالکل ظاہر ہے۔

وانها تصدق: ''انّ'' بکسر الہمزہ ہے۔ اور تصدق میں ایک تاء محذوف ہے۔ یہ جملہ حال ہے۔ اگر ''ان'' بفتح الہمزہ ہو تو [illegible] کا عطف ''تذکر'' کے معمول پر ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ولا تؤذی: اس جملہ کا عطف ''تصدق'' پر ہے، یا اس کی ضمیر سے حال ہے۔

حضور ﷺ کے ارشاد کا حاصل یہ ہے کہ اصل میں دین کا مدار جس چیز پر ہے وہ اکتساب فرائض اور اجتناب معاصی ہے (یعنی انسان کی اخروی فلاح ونجات محض اس بات پر منحصر ہے کہ وہ دینی فرائض وواجبات پر عمل کرے اور گناہ ومعصیت سے پرہیز کرے اور گناہ ومعصیت خواہ ترک فرائض وواجبات کی صورت میں ہوں یا بدعملیوں کی شکل میں) اس بات سے کچھ حاصل ہونے والا نہیں کہ فضول یعنی نفلی عبادات وطاعات کو اختیار کیا جائے اور اصول یعنی واجبات کو ضائع کر دیا جائے) جیسا کہ اکثر علماء اور صلحاء اس کمزوری میں مبتلا ہیں چنانچہ علماء تو ان چیزوں کو ترک کرتے ہیں جن پر عمل کرنا واجب ہے اور صلحاء اس علم کو حاصل نہیں کرتے جس کو حاصل کرنا واجب ہے گویا دونوں طبقے ترک واجب کی معصیت کے مرتکب ہیں البتہ صوفیاء علم وعمل دونوں کے حامل ہوتے ہیں (وہ واجبات پر عمل کرنے کو جو درجہ دیتے ہیں وہی درجہ ترک واجب کی معصیت سے اجتناب کو بھی دیتے ہیں بلکہ ایک طرح سے) ان کے نزدیک اجتناب کی اہمیت مقدم ہے اور وہ حکمائے طب کے اس اصول کو اختیار کرتے ہیں کہ تحلیہ پر تخلیہ مقدم ہے (لہٰذا جس طرح اطباء مریض کو پرہیز کراتے اور دوا بعد میں دیتے ہیں۔ اس طرح) وہ صوفیاء بھی سالکین طریقت کے لئے پہلی منزل توبہ قرار دیتے ہیں (حقیقت بھی ہے کہ جس طرح مریض مضر چیزوں سے پرہیز نہ کرے تو لاکھ دوائیں بھی اس کے لئے بے فائدہ ہیں اسی طرح کوئی مسلمان گناہ ومعصیت سے اجتناب نہ کرے اور ترک واجبات سے دامن نہ بچائے تو لاکھ عبادات کرے اور نوافل واوراد میں مشغول رہے اس کو خاص فائدہ نہیں ہوگا۔ چنانچہ) کلمہ توحید میں اسی حقیقت کی طرف اشارہ ہے کہ پہلے نفی ہے پھر اثبات اور یہ کہ صفات ثبوتیہ پر صفات سلبیہ مقدم ہیں کیونکہ صفات ثبوتیہ کا حصول تو لازم آتا ہے لیکن صفات ثبوتیہ سے صفات سلبیہ کا حصول لازم نہیں آتا۔

جراحات السنان لها التيام
ولا يلتام ماجرح اللسان

تخریج واسنادی حیثیت: اس حدیث کو اسی طرح امام بزارؒ نے، ابن حبان نے اپنی صحیح میں اور حاکم نے روایت کیا ہے۔ امام حاکمؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث ''صحیح الاسناد'' ہے۔ اور ابن ابی شیبہ نے اسناد صحیح کے ساتھ نقل کیا ہے۔ (ذکرہ میرکؒ)

اچھے برے کی پہچان

۴۹۹۳: وَعَنْهُ قَالَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ وَقَفَ عَلٰى نَاسٍ جُلُوْسٍ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِكُمْ مِنْ شَرِّكُمْ قَالَ فَسَكَتُوْا فَقَالَ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ رَجُلٌ بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنَا بِخَيْرِنَا مِنْ شَرِّنَا فَقَالَ خَيْرُكُمْ مَنْ يُرْجٰى خَيْرُهٗ وَيُؤْمَنُ شَرُّهٗ وَشَرُّكُمْ مَنْ لَا يُرْجٰى خَيْرُهٗ وَلَا يُؤْمَنُ شَرُّهٗ۔

(رواه الترمذی والبیهقی فی شعب الایمان وقال الترمذی هذا حدیث حسن صحیح)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٥٧ الحدیث رقم ٢٢٦٣، واحمد فی المسند ٢/٣٦٨ والبیهقی فی شعب الایمان ٧/٥٤٠ الحدیث رقم ١١٢٦٨۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیٹھے ہوئے کچھ لوگوں کے سامنے ٹھہر کر فرمایا کیا میں تمہیں اچھے برے کی خبر نہ دوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ یہی بات فرمائی ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمیں اچھے برے کی نشاندہی فرمایئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے اچھے وہ ہیں جن سے بھلائی کی امید ہو مگر برائی کا خطرہ نہ ہو اور برے وہ ہیں جن سے خیر کی توقع نہ ہو مگر شر کا خطرہ ہو۔ (بیہقی شعب لایمان ترمذی نے حسن صحیح کہا ہے)۔

تشریح: جلوس: جالسین کے معنی میں ہے، یا مضاف محذوف ہے۔ ای: ذوی جلوس.

من شرکم: متکلم سے حال ہے۔

قوله: ألا أخبر کم بخیر کم من شرکم: جار مجرور "متمیزا" محذوف کے متعلق ہو کر متکلم سے حال ہے۔ای ممیزا من شرکم۔

فقال رجل: تنوین برائے تعظیم ہے۔ ای کل الرجل شدید القلب.

خیر کم من یرجی خیرہ. پہلا خیر بمعنی" أخیر "اور دوسرا" خیر"، خیور کا مفرد ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس موقع پر سکوت اختیار فرمایا، انہیں توقف تھا کہ سوال اولیٰ ہے، یا سکوت احریٰ ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ ہمارا سوال کرنا ﴿لا تسئلوا عن أشیاء ان تبدلکم تسؤکم﴾ کے باب سے نہ ہو۔ اور اس حدیث: وسکت عن اشیاء رحمة لکم من غیر نیسان فلا تبحثوا، کا تقاضا بھی یہی تھا۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم فضیحت کے خوف سے خاموش رہے۔ حتی کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اپنا سوال تین مرتبہ دہرانا پڑا۔ اور پھر جواب میں اسلوب ایسا اختیار فرمایا، کہ جس میں کسی کی جگ ہنسائی اور رسوائی نہ ہو۔ تقسیم عقلی چار اقسام کا تقاضا کرتی ہے۔ چنانچہ ان دو قسموں کو ذکر فرمایا، کہ جن میں ترغیب وترہیب کا پہلو تھا، اور ان دو قسموں کو ذکر نہیں فرمایا، کہ جن میں ترغیب وترہیب کا پہلو نہیں تھا۔

وہ دونوں صورتیں باہم تعارض ہیں۔ لہٰذا ساقط الاعتبار ہیں۔ اس کی نظیر وہ حدیث ہے کہ جس کا مفہوم کچھ یوں ہے:

ان من الناس من هو سریع الغضب سریع الفیء، ومنهم بطيء الغضب بطيء الفيء وخیرهم من یکون بطيء الغضب سریع الرجوع وشرهم عکس ذلك.

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: "خیر کم من یرجی خیرہ....." کو ابو یعلی نے اپنی مسند میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے، احمد و ترمذی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ احمد، ترمذی اور ابن حبان نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

الا أخبر کم بخیر کم من شرکم؟ خیر کم من یرجی خیرہ الخ

اور ابن عساکرؒ نے حضرت معاذؓ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:

ألا أنبئکم بشر الناس؟ من أکل وحده، ومنع رفده، وسافر وحده، وضرب عبده، ألا أنبئکم بشر من هذا؟ من یبغض الناس ویبغضونه. ألا أنبئکم بشر من هذا؟ من یخشی شره ولا یرجی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خیره. ألا أنبئكم بشر من هذا؟ من باع آخرته بدنيا غيره. الا أنبئكم بشر من هذا؟ من أكل الدنيا بالدين.

مسلمان وہ ہے جس کا دِل وزبان مسلمان ہو

۴۹۹۴: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَسَمَ بَيْنَكُمْ اَرْزَاقَكُمْ اِنَّ اللّٰهَ يُعْطِي الدُّنْيَا مَنْ يُّحِبُّ وَمَنْ لَا يُحِبُّ وَلَا يُعْطِي الدِّيْنَ اِلَّا مَنْ اَحَبَّ فَمَنْ اَعْطَاهُ اللّٰهُ الدِّيْنَ فَقَدْ اَحَبَّهٗ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَا يُسْلِمُ عَبْدٌ حَتّٰى يَسْلَمَ قَلْبُهٗ وَلِسَانُهٗ وَلَا يُؤْمِنُ حَتّٰى يَاْمَنَ جَارُهٗ بَوَائِقَهٗ۔

أخرجه البيهقي في كشف الايمان ٤/٣٩٥ الحديث رقم ٥٥٢٤ واحمد في المسند ١/٣٨٧۔

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہارے درمیان اخلاق کو بھی اسی طرح تقسیم فرمائے جیسا کہ تمہارے مابین روزی کو تقسیم فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ دنیا ہر اس شخص کو بھی دیتے ہیں جو پسند ہے اور جو ناپسند ہے اور دین پسندیدہ بندے کو عنایت کرتے ہیں پس جس کو اللہ تعالیٰ نے دین دے دیا اس کو اللہ تعالیٰ نے پسند کرلیا۔ مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اور بندہ اس وقت تک مسلمان نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اس کا دل وزبان مسلمان نہ ہو اور کوئی شخص اس وقت تک مؤمن نہیں ہوسکتا یہاں تک کہ اس کے شر سے اس کے پڑوسی بچے ہوئے نہ ہو۔ (احمد، بیہقی)

تشریح: قسم: تخفیف وتشدید ہر دو طرح درست ہے۔ چنانچہ صاحب قاموس لکھتے ہیں: قسمه وقسّمه جزأه.

قوله: ان الله تعالىٰ يعطي الدنيا من يحب ومن لا يحب: یعنی اللہ تعالیٰ نے تمہارے اخلاق یعنی اعمال واحوال کو اسی طرح تقسیم فرمایا ہے، جس طرح تمہارے حلال وحرام رزق ومال کو تمہارے درمیان تقسیم کیا ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ۭ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا سُخْرِيًّا ۭ وَرَحْمَتُ رَبِّكَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ﴾ [الزخرف:۳۲] ''کیا یہ لوگ تمہارے پروردگار کی رحمت کو بانٹتے ہیں؟ ہم نے ان میں ان کی معیشت کو دنیا کی زندگی میں تقسیم کر دیا اور ایک کے دوسرے پر درجے بلند کئے تاکہ ایک دوسرے سے خدمت لے اور جو کچھ یہ جمع کرتے ہیں تمہارے پروردگار کی رحمت اس سے کہیں بہتر ہے'' اور حقیقت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ دنیا تو اس شخص کو بھی دیتا ہے، جس کو وہ دوست رکھتا ہے، خواہ وہ نبی ہو، جیسے حضرت سلیمان علیہ السلام، خواہ وہ کوئی ولی ہو، جیسے حضرت عثمان غنیؓ اور اس شخص کو بھی دیتا ہے جس کو دوست نہیں رکھتا، جیسے فرعون وہامان وغیرہ۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَاۗءِ وَهٰٓؤُلَاۗءِ مِنْ عَطَاۗءِ رَبِّكَ ۭ وَمَا كَانَ عَطَاۗءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا﴾ [الاسراء۔ ۲۰] اللہ نے بعض کو بعض پر فضیلت عطاء فرمائی، اور آخرت درجات وتفضیل کے اعتبار سے بہت بڑی ہے۔

قوله: ولا يعطي الدين الا من احب فمن اعطاه الله الدين فقد احبه: بعض اعارفین فرماتے ہیں تصوف تمام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے خلق کا۔ چنانچہ جو شخص اخلاق حسنہ میں تجھ سے بڑھ کر ہے وہ تصوف میں بھی تجھ سے بڑھ کر ہے۔ یہ توہم درست نہیں کہ جو شخص دنیاوی ارزاق اور دینی اخلاق کو جامع ہے وہ افضل ہے اس شخص سے کہ جو دین سے متصف ہونے کے ساتھ بقدر کفایت دنیا بھی رکھتا ہے۔ جیسا کہ بعض اربابِ عقل ناقص کو متبادر الی الذہن ہوتا ہے۔ چونکہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: من احب آخرته اضر بدنياه، ومن احب دنياه اضر بآخرته فآثروا ما يبقى على ما يفنى. اور ایک روایت میں آتا ہے: اجوعكم في الدنيا اشبعكم في الآخرة. مروی ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام دوسرے انبیاء کے جنت میں جانے کے پانچ سو سال جنت میں داخل ہوں گے۔ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف باوجود یکہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں، جنت میں (چوتڑوں کے بل گھسٹتے ہوئے) داخل ہوں گے۔

یہ سارا مسئلہ اس بات کے گرد گھومتا ہے کہ فقیر صابر افضل ہے کہ غنی شاکر افضل ہے۔ صوفیہ اور اکثر علماء کا اجماع ہے کہ فقیر صابر افضل ہے۔ بلکہ بعض کا کہنا ہے کہ فقیر شاکر افضل ہے۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ تفویض وتسلیم اکمل ہے، معاملہ ایسا ہی ہے لیکن اس کا بحث سے کوئی تعلق نہیں ہے، بلکہ اس میں اس آیت کریم کی طرف اشارہ ہے: ﴿ان ربك يبسط الرزق لمن يشاء ويقدر انه كان بعباده خبيرا بصيرا﴾ [الاسراء۔۳۰] اس مسئلہ کو میں نے فی الجملہ بسط کے ساتھ شرح حزب الفتح للشیخ ابی الحسن البکری میں تحریر کر دیا ہے۔ عاقل کیلئے اشارہ کافی ہے، اس کو طویل عبارت کی حاجت نہیں ہوتی، البتہ استیعاب کیلئے ''احیاء'' کا مطالعہ فرمائیں۔

قوله: والذى نفسى بيده لا يسلم عبد الخ:

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ان الله تعالىٰ يعطى الدنيا یہ کلام ماقبل کلام کیلئے بمنزلہ ''نشر'' کے ہے۔ ''دنیا'' سے ''ارزاق'' کی طرف اشارہ ہے اور ''دین'' سے ''اخلاق'' کی طرف اشارہ ہے، یہ احساس دلانا مقصود ہے کہ وہ ''رزق'' کہ جو ''خلق'' کا مقابل ہے اس کی دین کے ساتھ کوئی نسبت نہیں ہے۔ اور اخلاق حمیدہ غیر دین نہیں ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وانك لعلى خلق عظيم﴾ [القلم۔٤] پھر دینیات میں سے اعمال خارجہ اور اعمال داخلہ یعنی انقیاد وتصدیق کا ذکر فرمایا کہ جو افضل چیز ہیں۔ جیسا کہ حدیث جبرائیل میں اسلام وایمان کے بعد فرمایا: أتاكم ليعلمكم امر دينكم. اور ان کی تفسیر اخلاق کے ساتھ فرمائی، دل اور زبان کا ذکر خصوصی طور پر فرمایا، چونکہ انسان کا سارا دارومدار انہی دو چیزوں پر ہوتا ہے۔ جب کہ مثل مشہور ہے: المرء باصغريه (آدمی کی وقعت دو چھوٹی چھوٹی چیزوں یعنی دل وزبان سے وابستہ ہے) زبان کا اسلام لانا یہی ہے کہ زبان کو اس کی آفات سے محفوظ رکھا جائے۔ اور زبان کی آفتیں لامتناہی ہیں۔ اور قلب کا اسلام لانا یہی ہے کہ اس کو عقائد باطلہ، آراء زائغہ، اور اخلاق ذمیمہ سے مطہر ومزکیٰ کیا جائے۔ اور پھر ان کے برعکس امور سے اس کو محلّٰی ومجلّٰی کیا جائے۔

مؤمن اُلفت والا ہوتا ہے

۴۹۹۵: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ مَاْلَفٌ وَلَاخَيْرَ فِيْمَنْ لَا يَاْلَفُ

• لَا يُؤْلَفُ ۔ (رواهما احمد والبيهقى فى شعب الايمان)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/ ٢٧٠ الحديث رقم ٨١١٩، واحمد في المسند ٢/ ٤٠٠۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمن الفت رکھنے والا ہے جو نہ الفت رکھے اور نہ اس سے الفت کی جائے اس میں کوئی خیر نہیں۔ (احمد، بیہقی)

تشریح: دل کا اسلام تو یہ ہے کہ اس کو باطل عقائد و نظریات سے پاک رکھا جائے اور زبان کا اسلام یہ ہے کہ اس کو لایعنی باتوں سے محفوظ رکھا جائے لیکن زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ دل اور زبان کے مسلمان ہونے سے مراد وہ تصدیق و اقرار ہے جس پر ایمان کی بنیاد ہے اور اس کے ذریعہ گویا اس طرف اشارہ مقصود ہے کہ ظاہر و باطن کا ایک ہونا کمال ایمان و اسلام کی دلیل ہے اور چونکہ دل اور زبان ہی ایمان و اسلام کا مدار ہیں اس لئے خاص طور پر ان دونوں کا ذکر کیا گیا۔

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: اس (یعنی دوسری) حدیث کو امام احمد نے سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے، اور دارقطنی نے افراد میں اور ضیاء نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

المؤمن يألف ويؤلف، ولا خير فيمن لا يألف ولا يؤلف. وخير الناس أنفعهم للناس.

مؤمن کو خوش کرنا اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو خوش کرنا ہے

۴۹۹۶: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَضٰى لِاَحَدٍ مِّنْ اُمَّتِيْ حَاجَةً يُرِيْدُ اَنْ يَّسُرَّهٗ بِهَا فَقَدْ سَرَّنِيْ وَمَنْ سَرَّنِيْ فَقَدْ سَرَّ اللّٰهَ وَمَنْ سَرَّ اللّٰهَ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/ ١١١ الحديث رقم ٧٦٣٥۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے میری امت کے کسی آدمی کو خوش کرنے کے لئے اس کی حاجت پوری کی اس نے مجھے خوش کیا اور جس نے مجھے خوش کیا اس نے اللہ تعالیٰ کو خوش کیا اور جس نے اللہ تعالیٰ کو خوش کیا اس کو وہ جنت میں داخل فرمادے گا۔ (بیہقی)

تخریج: الجامع الصغیر میں ہے: **من قضى لأخيه المسلم حاجة كان له من الاجر كمن حج او اعتمر**

تشریح: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے اپنے مسلمان بھائی کی کسی حاجت و ضرورت کو پورا کیا تو اس کو حج و عمرہ کرنے والے شخص کے ثواب کی مانند ثواب ملتا ہے"۔ اس حدیث کو خطیبؒ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

ومن قضى لأخيه المسلم حاجة كان له من الأجر كمن خدم اللّٰه عمره: اس حدیث کو ابونعیم نے "الحلیۃ" میں حضرت انسؓ کے حوالہ سے نقل کیا ہے۔

تہتر مغفرتوں کا حقدار

۴۹۹۷: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَغَاثَ مَلْهُوْفًا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ ثَلٰثًا وَسَبْعِيْنَ مَغْفِرَةً وَاحِدَةٌ فِيْهَا صَلَاحُ اَمْرِهٖ كُلِّهٖ وَثِنْتَانِ وَسَبْعُوْنَ لَهٗ دَرَجَاتٌ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/ ١٢٠ الحديث رقم ٧٦٧٠۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کسی مظلوم کی فریادرسی کی تو اس کے لئے تہتر مغفرتیں لکھ دی جاتی ہیں ان میں سے ایک بھی اس کے معاملات کی درستگی کے لئے کافی ہے اور بقیہ بہتر اس کے لئے قیامت کے دن درجات کا باعث ہوں گی۔ (بیہقی)

تشریح: قوله: من أغاث ملهوفا كتب الله له ثلثا وسبعين مغفرة:

ملهوف کے معنی ہیں ضعیف ومتحیر، اور صاحب النہایہ لکھتے ہیں: "مکروب"

تہتر کی قید کی حکمت:

اس کی حکمت صاحب وحی ہی جانتا ہے۔ (البتہ ممکنہ طور پر چند احتمال ذکر کئے جاتے ہیں جو حسب ذیل ہیں۔)

ایک احتمال یہ ہے کہ کثرت مراد ہے جیسا کہ یہ عدد اکثر وبیشتر بیان کثرت کیلئے آیا کرتا ہے۔

دوسرا احتمال یہ ہے کہ یہ تہتر کا عدد "ملهوف" سے ابجد کے اعتبار سے مناسبت رکھتا ہے۔ بایں طور کہ میم اور لام کے کل عدد ستر، اور آخری تین حروف ھا' واؤ اور فاء کے کل تین عدد۔ چنانچہ لکھتے ہیں: ويمكن ان يكون بالنظر الى صاحب الحساب عدد الثلاث مأخوذ من الثلاثة الحروف في آخر الملهوف، وعدد السبعين من مجموع الميم واللام، وهذا من أنواع التعمية والابهام. واللہ اعلم بالمرام۔

قوله: واحدة فيها صلاح امره كله الخ: اس جملہ میں ایک بشارت جلیہ کی طرف خفیہ اشارہ ہے۔ وہ یہ کہ مغفرت واحدہ، اس کے تمام گناہوں کے لئے دنیا میں کافی ہوگی۔ اور مغفرت کے باقی اعداد کے عوض آخرت میں درجات عالیہ عنایت ہوں گے۔ اور ممکن ہے، کہ یہ حدیث امام نوویؒ وغیرہ کے اس قول کا مآخذ ہو: المكفرات اذا اجتمعت فتتوجه اولا الى محو الصغائر، ثم الى تخفيف الكبائر من السيئات، ثم تكون سببا لرفع الدجات العلى.

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس سے پتہ چلتا ہے، کہ گناہوں کی مغفرت' دنیا وعقبیٰ میں اللہ کی رحمت کے دروازے کی کشادگی پر مقدم ہے، چنانچہ اسی وجہ سے اس آیت کریمہ میں بھی مغفرت کا ذکر مقدم ہے: ﴿لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا﴾ [الفتح: ٢] چونکہ تحلیہ، تخلیہ کے بعد ہوتا ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: پس تأمل فرمائیے ایسی چیز ظاہر ہوگی جو کہ مخفی نہیں۔

عرضِ مرتب:

ملا علی قاریؒ کا یہ جملہ بظاہر امام طیبیؒ کی بیان کردہ وضاحت پر نقد ہے۔

مخلوق عیال اللہ ہے

٤٩٩٨ ـ ٤٩٩٩: وَعَنْهُ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْخَلْقُ عِيَالُ اللّٰهِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَاَحَبُّ الْخَلْقِ اِلَى اللّٰهِ مَنْ اَحْسَنَ اِلٰى عِيَالِهٖ رَوَى البيهقى الاحاديث الثلثة فى شعب الايمان۔

أخرجه البيهقى فى شعب الايمان ٦/ ١٢٠ الحديث رقم ٧٦٧٠۔ أخرجه البيهقى فى شعب الايمان ٦/ ٤٢ الحديث رقم ٧٤٤٧و٨٤٤٨۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مخلوق عیال اللہ ہے اور اللہ تعالیٰ کو تمام بندوں میں وہ پسند ہے جو اس کے عیال سے حسن سلوک برتنے والا ہے۔ یہ تینوں روایات بیہقی سے منقول ہیں۔

تشریح: وعنه وعن: قول مشہور کے مقتضی پر اعادہ عامل کیا تا کہ عطف درست ہو سکے۔

عیال: عین کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ رزاق وخلاق تو اللہ ہی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ﴾ [هود:٦] ''اور زمین پر کوئی چلنے پھرنے والا نہیں مگر اس کا رزق خدا کے ذمے ہے۔ وہ جہاں رہتا ہے اسے بھی جانتا ہے اور جہاں سونپا جاتا ہے اسے بھی۔ یہ سب کچھ کتاب روشن میں (لکھا ہوا) ہے۔''

قوله: فأحب الخلق الى الله من أحسن الى عياله:

جیسا کہ ایک حدیث میں آ رہا ہے: خير الناس أنفعهم للناس.

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: الخلق كلهم عيال الله ، فأحبهم الى الله انفعهم لعياله. اس حدیث کو ابو یعلی نے اپنی مسند میں، بزارؒ نے حضرت انسؓ سے، اور طبرانی نے ابن مسعودؓ سے روایت کیا ہے۔

قوله: روى البيهقى الأحاديث الثلاثة:

ضمیر کے بجائے اسم ظاہر ذکر کیا تا کہ لفظاً یا معنیً تثنیہ سے التباس نہ ہو، نیز عدد پر تنصیص ہو جائے۔ ان میں سے دوسری حدیث کو امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تاریخ میں بھی روایت کیا ہے۔

پہلا مقدمہ

٥٠٠٠: وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اَوَّلُ خَصْمَيْنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ جَارَانِ۔

(رواه احمد)

احمد فى المسند ٤/ ١٥١۔

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے پہلا مقدمہ دو پڑوسیوں کا پیش ہوگا۔ (احمد)

تشریح: مطلب یہ ہے کہ قیامت کے دن اہل دوزخ کے بعد حقوق کی عدم ادائیگی سے متعلق جو معاملہ سب سے پہلے پیش ہوگا وہ ان دو ہمسایوں کا ہوگا۔ جنہیں آپس میں ایک دوسرے سے ایذا رسانی یا حقوق واجب الادا میں تقصیر و کوتاہی وغیرہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے دوچار ہونا پڑا ہوگا۔ امام سیوطیؒ فرماتے ہیں: ایک روایت میں یوں فرمایا گیا ہے: اول ما یحاسب به العبد صلاته۔ کہ قیامت کے دن سب سے پہلے جس محاسبہ کا سامنا کرنا پڑے گا وہ نماز سے متعلق ہوگا نیز ایک روایت میں یہ منقول ہے: اول مایقضی بین الناس الدم: کہ قیامت کے دن بندہ کے سب سے پہلے جس معاملہ کا فیصلہ کیا جائے گا وہ خون کا معاملہ ہوگا (اور مذکورہ بالا روایت سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کے دن سب سے پہلے جو معاملہ پیش ہوگا وہ ہمسایوں کی مخاصمت کا معاملہ ہوگا چونکہ ان روایتوں میں بظاہر تضاد نظر آتا ہے) ان میں کوئی تنافی نہیں ہے۔ چونکہ یہ ارشاد گرامی مظالم کے بارے میں ہے (کذا فی الزجاجة حاشية علی بن ماجه) اس کا حاصل یہ ہے کہ حقوق اللہ میں سے سب سے پہلے نماز کے معاملہ کا محاسبہ ہوگا' چونکہ نماز تمام عبادات میں افضل ترین عبادات ہے اور حقوق العباد کے سلسلہ میں سب سے پہلے خون کے معاملہ کا فیصلہ کیا جائے گا کیونکہ کسی کا ناحق خون بہانا خطیات میں سے سب سے بڑی خطیہ ہے۔

رہی مذکورہ بالا حدیث تو لفظ "خصمین" کے ذریعہ یہ بات خود بخود واضح ہو جاتی ہے کہ یہ حدیث دونوں فریقوں کے ایک دوسرے کے خلاف دعویٰ رکھنے کے ساتھ مقید ہے (یعنی جو لوگ ایسے ہیں ان میں سے ہر ایک نے دوسرے کے حقوق کی ادائیگی میں تقصیر و کوتاہی کی ہے اور اس کی وجہ سے ہر ایک گناہگار ہوا ہے) تو ایسے لوگوں میں سے جو دو آدمی سب سے پہلے اپنا معاملہ لے کر پیش ہوں گے اور ایک دوسرے کے خلاف دعویٰ کریں گے وہ دو ہمسایہ ہوں گے اور ان کا فیصلہ کیا جائے گا اور اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ ادائیگی حقوق میں تقصیر و کوتاہی کا تعلق دونوں فریق سے نہ ہو بلکہ کسی ایک سے ہو تو اس صورت میں کہا جائے گا کہ دونوں فریق پر خصمین کا اطلاق بطریق تغلیب اور مشاکلت کے ہے جیسا کہ قرآن کے یہ الفاظ: ﴿وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا﴾ [الشوری - ٤٠] اس کی مثال ہیں۔ حاصل یہ کہ مذکورہ بالا روایتوں میں جن معاملات کا ذکر کیا گیا ہے ان میں سے ہر ایک میں اولیت اضافی ہے جس کی وجہ سے حقیقی طور پر کوئی باہمی تضاد لازم نہیں آتا اور یہ ممکن ہے کہ اُس سے صغائر مراد ہوں کبائر مراد نہ ہوں۔ واللہ اعلم۔

تخریج: اس حدیث کو امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی اسی راوی سے نقل کیا ہے۔

دِل کی سختی کا علاج

۵۰۰۱: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلاً شَكٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسْوَةَ قَلْبِهٖ قَالَ اِمْسَحْ رَاْسَ الْيَتِيْمِ وَاَطْعِمِ الْمِسْكِيْنَ ۔ (رواه احمد)

أخرجه احمد فی المسند ۲/۲۶۳۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنے دل کی سختی کا تذکرہ کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی یتیم کے سر پر ہاتھ پھیر اور کسی مسکین کو کھانا کھلا۔ (احمد)

تشریح: قوله: أن رجلا شكا الى النبي ﷺ قسوة قلبه:

شکا مناسب یہی ہے کہ اس لفظ کو "دعا" اور "عفا" کی طرح الف کے ساتھ ہی لکھا جائے، البتہ یاء کے ساتھ بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتابت درست ہے، چونکہ اس میں ایک لغت ''شکیت'' بھی ہے۔

قولہ: امسح راس الیتیم:

اس میں نکتہ یہ ہے کہ اس عمل سے موت کی یاد تازہ ہوگی، اور زندگی کو غنیمت جانے گا۔ چونکہ قسوت کا منشا سوائے غفلت کے کچھ نہیں۔

قولہ: واطعم المسکین:

اس عمل کے نتیجہ میں اللہ کی نعمتوں کا اظہار ہے کہ اس نے تجھ کو غنی بنایا ہے۔ تاکہ تیرا دل نرم پڑ جائے، اور قسوت زائل ہو جائے۔

اور ان دونوں کی وجہ تخصیص ممکن ہے کہ یہ ہو کہ صغیر و کبیر پر رحمت کرنا اللہ کی اپنے بندہ پر رحمت کا موجب بنتا ہے۔ چنانچہ اس پر اللہ کی رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔ اور سختی و قساوت زائل ہوتی ہے اور ساری بحث کا خلاصہ یہ ہے: **لابد ارتکاب اسباب تحصیل الاخلاق بالمعالجة العلمية او بالعملية، او بالمعجون المرکب منهما (علی مابینه فی الاحیاء)**

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ان دونوں کا خصوصی طور پر ذکر فرمانا، اس آیت کریمہ کی طرف تلمیح ہے: ﴿**او اطعام فی یوم ذی مسغبة یتیما ذا مقربة او مسکینا ذا متربة**﴾[البلد۔۱۴۔۱۶] جو شخص اس پر مشقت گھاٹی پر چڑھ گیا وہ رقیق القلب ہو جائے گا، اور ہر خیر کے کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے گا۔

اور اس سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص اخلاق ذمیمہ میں سے کسی بری بیماری میں مبتلا ہو تو اس کا علاج اس کی ضد سے کیا جائے۔ چنانچہ تکبر کا علاج تواضع کے ساتھ، بخل کا علاج سماحت و سخاوت کے ساتھ، اور قسوت قلبی کا علاج تعطف و رقت کے ساتھ کیا جائے۔

افضل ترین صدقہ مطلقہ بیٹی کی کفالت

۵۰۰۲: وَعَنْ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ اَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى اَفْضَلِ الصَّدَقَةِ اِبْنَتُكَ مَرْدُوْدَةٌ اِلَيْكَ لَيْسَ لَهَا كَاسِبٌ غَيْرُكَ۔ (رواه ابن ماجة)

أخرجه ابن ماجه فی السنن ۲/۱۲۰۹ الحديث رقم ۳۶۶۷، واحمد فی المسند ٤/۱۷۵۔

ترجمہ: حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں سب سے افضل ترین صدقہ نہ بتلادوں وہ یہ کہ تمہاری وہ بیٹی ہے جو تمہاری طرف لوٹادی گئی اور اس کا تمہارے سواء کوئی کمانے والا نہ ہو۔

(ابن ماجہ)

تشریح: قولہ: ابنتك مردودة اليك ليس لها كاسب غيرك:

ابنتك: مرفوع ہے۔

مردودة: منصوب علی الحالیۃ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غیرك: مرفوع ہے صفت ہونے کی وجہ ہے۔ اور ایک نسخہ میں منصوب علی الاستثناء ہے۔ لیکن یہ ضعیف ہے۔ چونکہ ذوالحال کے بارے میں صحیح بات یہ ہے کہ وہ معرفہ ہو۔ صاحب النہایہ کا کہنا ہے کہ یہاں مضاف محذوف ہے۔ أی ألا أدلكم على أفضل اهل الصدقة. اور امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ممکن ہے کہ تقدیری عبارت یوں ہو: صدقة تستحقها ابنتك فی حال ردها اليك،

وليس لها كاسب غيرك. یہ دونوں حال مترادفہ ہیں یا حال متداخلہ ہیں۔ واللہ اعلم۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْحُبِّ فِي اللّٰهِ وَمِنَ اللّٰهِ

للہ کے ساتھ اور اللہ کے لئے محبت کرنے کا بیان

"الحب فی اللّٰہ" کا مطلب ہے: الحب فی ذات اللّٰہ وجهته اور "الحبّ من اللّٰہ" کا مطلب ہے: الحبّ من جهة اللّٰہ یعنی کسی بندہ کے ساتھ تعلق ومحبت کا جو رشتہ قائم کیا جائے، وہ محض اللہ کی خاطر ہو، (اس میں ریاء ونمائش اور خواہشات نفسانی کی آمیزش نہ ہو۔) ترجمۃ الباب میں موجود "من اور فی" اسی معنی میں ہے جس معنی میں میں مندرجہ ذیل آیات میں موجود "من اور فی" ہے: ﴿تفیض من الدمع﴾ [المائدہ۔۸۳] اور ﴿والذین جاهدوا فینا﴾ [العنکبوت۔۶۹] یہ اسلوب کلام ابلغ ہے چونکہ اس میں "محبت" کو "مظروف" بنایا ہے۔ (کذا حققہ الطیبیؒ)

امام طیبیؒ کی بات محل نظر ہے، چونکہ ان کی ذکر کردہ توضیح کے اعتبار سے دونوں کا حاصل ایک ہی بنتا ہے۔ اور ظاہر یہ ہے کہ عنوان الباب سے "حب للہ" اور "حب اللہ" پر من جانب اللہ مرتب ہونے والے نتائج کی فضیلت کا بیان ہے۔ اس کی تصریح آگے والی روایات سے بھی ہو رہی ہے۔ لہٰذا درست بات یہ ہے کہ "فی" تعلیلیہ ہے اور "من" ابتدائیہ ہے۔ اس تقدیر پر عبارت یوں ہوگی: حب العبد العبد لأجل رضا الرب' والحب الكائن من اللّٰہ للعبد یہ دوسری محبت پہلی محبت کا نتیجہ ہے، جیسا کہ شریعت میں ہے۔ یا اس کیلئے "مقدمہ" ہے، جیسا کہ طریقت میں ہے۔ یا وہ دونوں سے "محفوف" ہے جیسا کہ حقیقت میں ہے۔ چنانچہ ان ارشادات باری تعالیٰ سے اس کا ثبوت ہوتا ہے: ﴿یحبهم ویحبونه﴾ [المائدۃ۔۵۴] اور ﴿ان کنتم تحبون اللّٰہ فاتبعونی یحببکم اللّٰہ﴾ [آل عمران۔۳۱] واللہ اعلم۔

الفصل الاول:

ارواح منضبط لشکر تھے

۵۰۰۳: عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَرْوَاحُ جُنُوْدٌ مُجَنَّدَةٌ فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ۔ (رواہ البخاری)

أخرجه البخاری • صحيحه ٣٦٩/٦ الحديث رقم ٣٣٣٦ و مسلم فی ٢٠٣١/٤ الحديث رقم (١٥٩-٢٦٣٨) و ابو داؤد فی السنن ١٩٩/٥ الحديث رقم ٤٨٣٤، واحمد فی المسند ٢٩٥/٢۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ارواح منضبط لشکر تھے تو جن کی آپس میں جان پہچان ہوگئی وہ دنیا میں اس سے مانوس ہوا اور جو ان میں ایک دوسرے سے غیر مانوس رہی۔ اس کا دوسری روحوں سے اختلاف ہوا وہ الگ تھلگ رہتی ہے۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: جنود: جند کی جمع ہے۔ بمعنی جموع

مجندہ: نون مشدد کے فتحہ کے ساتھ۔ ای مجتمعة متقابلة أو مختلطة۔

تعارف: باہمی پہچان۔ اور اس کی ضد "تناکر" آتی ہے۔

ائتلف: پہلا ہمزہ وصلی ہے۔ دوسرا ہمزہ حالت وصل میں جواز اً الف سے بدل دیا جاتا ہے۔ اور حالت ابتداء میں یاء سے وجوباً بدل دیا جاتا ہے۔ اور "ما" کے لفظ کی رعایت کے اعتبار سے دونوں فعلوں کو مذکر لایا گیا ہے۔

روحیں جسموں میں داخل کیے جانے سے پہلے لشکر کی مانند مجتمع تھیں۔ ان روحوں میں سے کچھ روحیں "حزب اللہ" کا مصداق تھیں: ﴿الا ان حزب اللّٰه هم المفلحون﴾ [المجادلة۔ ۲۲] اور بعض روحیں "حزب الشیطان" کا مظہر تھیں: ﴿الا ان حزب الشيطان هم الخاسرون﴾ [المجادلة۔ ۱۹] اس آیت کریمہ: ﴿وللّٰه جنود السمٰوٰت والأرض﴾ [الفتح۔ ۴] میں دو لشکروں کی طرف اشارہ ہے۔ کہ ان میں سے ایک لشکر "علوی الهمة" اور دوسرا لشکر "سفلی الهمة" ہے۔

صاحب شرح السنۃ لکھتے ہیں: یہ حدیث دلیل ہے کہ ارواح اعراض نہیں ہیں اور یہ کہ ارواح اجسام کی خلقت سے پہلے وجود میں آ چکی تھیں۔ (یعنی دنیا میں اب تک جتنے اجسام پیدا ہو چکے ہیں یا قیامت تک جتنے اجسام پیدا ہوں گے ان سب کی روحیں اپنے جسمانی وجود سے بھی بہت پہلے پیدا کی جا چکی ہیں، جو عالم ارواح میں جمع ہیں اور دنیا میں جب کسی روح کا جسم پیدا ہوتا ہے تو وہ روح اس جسم میں بھیج دی جاتی ہے)

چنانچہ ابتداء خلقت میں اور روز ازل اللہ تعالیٰ نے اپنی ربوبیت کا عہد و اقرار کرنے کیلئے جب پوری کائنات کی انسانی روحوں کو چیونٹیوں کی صورت میں جمع کیا تو اس وقت وہاں جو روحیں آپس میں ایک دوسرے سے مانوس و متعارف ہوئیں اور جن روحوں کے درمیان صفات کی مناسبت اور موانست و محبت پیدا ہوئی یا جو روحیں آپس میں نامانوس انجان رہیں اور جن روحوں کے درمیان اختلاف و تفرقہ رہا وہ دنیا میں اپنے اجسام میں آنے کے بعد بھی اسی مناسبت و محبت و موانست اور ایک دوسرے کی صفات سے مناسبت و محبت یا اختلاف و اجنبیت پر قائم رہتی ہیں۔

بالفاظ دیگر اس دنیا میں جو انسان آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ محبت و موانست اور ایک دوسرے کی صفات سے مناسبت و مشابہت رکھتے ہیں جیسے جو لوگ نیک اور اچھے ہوتے ہیں وہ نیک اور اچھے لوگوں سے محبت و تعلق رکھتے ہیں اور جو لوگ فاسق و بدکار ہوتے ہیں وہ فاسقوں اور بدکاروں سے محبت و تعلق رکھتے ہیں یا جو لوگ اس دنیا میں آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ اختلاف و عناد اور اجنبیت رکھتے ہیں جیسے نیک لوگ برے لوگوں سے اجتناب کرتے ہیں اور برے لوگ نیک لوگوں سے اختلاف و عناد رکھتے ہیں تو وہ دراصل اپنی روحوں کے ازلی اتحاد موانست یا اختلاف و اجنبیت کا مظہر ہیں کہ روز ازل جن روحوں میں محبت و موانست تھی ان کے درمیان اس دنیا میں بھی محبت و موانست رہتی ہے اور جن روحوں میں وہاں اختلاف و عناد رہا وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہاں بھی اختلاف وعناد رکھتے ہیں۔

روحوں کے درمیان روزِ ازل سے جو تعارف وتعلق پیدا ہو گیا تھا اس کا ظہور اس دنیا میں الہام خداوندی کے سبب ہوتا ہے بایں طور کہ جب وہ روحیں اس دنیا میں اپنے جسموں میں آتی ہیں تو اللہ تعالیٰ ان کی وہاں (روزِ ازل) کی محبت کے سبب یہاں (دنیا میں) بھی ان کے دلوں میں تعلق ومحبت ڈال دیتا ہے۔

كانت مودة سلمان له نسبا ولم يكن بين نوح ابنه رحم

حکیمؒ فرماتے ہیں: **اقرب القرب مودة القلب وان تباعد جسم احدهما من الثانی، وابعد البعد تنافر التدانی**

صاحب النہایہ لکھتے ہیں: **جنود مجندة ای مجموعة**، یہ اسلوب کلام ایسا ہے جیسا کہ "**الوف مؤلفة**" اور "**قناطير مقنطرة**"

صاحب النہایہ کے ذکر کردہ کلام سے حدیث اور عنوان باب کی مناسبت بھی واضح ہو جاتی ہے۔

۵۰۰۴: رَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ ۔

أخرجه مسلم فی صحيحه ٤/ ٢٠٣١ الحديث رقم (١٥٩-٢٦٣٨)۔

ترجمہ: مسلم نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔

تشریح: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو امام بخاریؒ نے حضرت عائشہ سے روایت کیا ہے۔ امام احمد، مسلم اور ابوداؤد نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔ طبرانی نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔ اور اس کے رجال صحیح کے رجال ہیں۔ اور اس میں یہ اضافہ بھی ہے: **تلتقی فشام كما تشام** ۔

اللہ تعالیٰ کی پسند و ناپسند

۵۰۰۵: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَحَبَّ عَبْدًا دَعَا جِبْرَئِيْلَ فَقَالَ اِنِّیْ اُحِبُّ فُلَانًا فَاَحِبَّهٗ قَالَ فَيُحِبُّهٗ جِبْرَئِيْلُ ثُمَّ يُنَادِیْ فِی السَّمَآءِ فَيَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ فُلَانًا فَاَحِبُّوْهُ فَيُحِبُّهٗ اَهْلُ السَّمَآءِ ثُمَّ يُوْضَعُ لَهُ الْقَبُوْلُ فِی الْاَرْضِ وَاِذَا اَبْغَضَ عَبْدًا دَعَا جِبْرَئِيْلَ فَيَقُوْلُ اِنِّیْ اُبْغِضُ فُلَانًا فَاَبْغِضْهُ قَالَ فَيُبْغِضُهٗ جِبْرَئِيْلُ ثُمَّ يُنَادِیْ فِی اَهْلِ السَّمَآءِ اِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ فُلَانًا فَاَبْغِضُوْهُ قَالَ فَيُبْغِضُوْنَهٗ ثُمَّ تُوْضَعُ لَهُ الْبَغْضَآءُ فِی الْاَرْضِ۔ (رواه مسلم)

أخرجه البخاری فی صحيحه ٦/ ٣٠٣ الحديث رقم ٣٢٠٩ و مسلم فی ٤/ ٢٠٣٠ الحديث رقم (١٥٧-٢٦٣٧) و مالك فی الموطأ ٢/ ٩٥٣ الحديث رقم ١٥ من باب ماجاء فی المتحابين، واحمد فی المسند ٢/ ٢٦٧۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو پسند کرتے ہیں تو جبرائیل علیہ السلام کو بلا کر فرماتے ہیں مجھے اپنے فلاں بندے سے محبت ہے پس تو بھی اس سے محبت کر؛ پس جبرئیل اس سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محبت کرنے لگتے ہیں پھر وہ آسمان میں اعلان کر دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے کو پسند کرتے ہیں پس تم بھی اسے پسند کرو تو تمام آسمان والے اس سے محبت کرنے لگتے ہیں۔ پھر زمین میں اس کی مقبولیت عام کر دی جاتی ہے اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو ناپسند کرتے ہیں تو جبرئیل کو بلا کر فرماتے ہیں کہ مجھے فلاں بندے سے بغض ہے۔ تو بھی اسے ناپسند کر۔ پھر وہ تمام آسمان والوں کو آواز دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو فلاں بندہ ناپسند ہے پس تم بھی اس سے نفرت کرو۔ پس وہ اسے ناپسند کرتے ہیں پھر زمین میں اس کے لئے بغض ونفرت رکھ دی جاتی ہے۔ (مسلم)

تشریح: ان اللہ اذا أحب عدا: اگر یہ صفات ذاتیہ میں سے ہو، تو اس کے معنی ہیں ارادۂ خیر، اور اگر صفات افعال میں سے ہو تو اس کے معنی ہیں کہ حق جل شانہ اپنے بندہ کے ساتھ اکرام واحسان اور انعام کا معاملہ فرماتے ہیں۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ کا کسی بندے کو محبوب رکھنے کا مطلب دراصل اس بندے پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے خیر و بھلائی اور ہدایت وفلاح کی بارش ہونا اور اس پر رحمت خداوندی کا نازل ہونا ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کا کسی شخص سے نفرت کرنا گویا اس شخص کو عذاب میں مبتلا کرنے کے ارادۂ خداوندی کو ظاہر کرنا اور اس کی شقاوت وغیرہ کو ظاہر کرنا ہے حضرت جبرائیل اور ملائکہ علیہم السلام کا کسی بندہ سے محبت کرنے کو دو صورتوں پر محمول کیا جا سکتا ہے۔ ایک تو یہ کہ وہ اس بندے کے حق میں استغفار کرتے ہیں اس کی مدح وتعریف کرتے ہیں اور اس کے لئے بارگاہِ خداوندی میں دعا کرتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ ''محبت'' کے وہی ظاہری معنی مراد ہیں جو عام طور پر مفہوم ہوتے ہیں۔ یعنی ان کے دل اس بندے کی طرف مائل ہوتے ہیں اور اس سے ملاقات کا اشتیاق رکھتے ہیں۔

میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ دوسری صورت (یعنی محبت کو اس کے اپنے ظاہری معنی پر محمول کرنا) زیادہ واضح ہے کیونکہ جب کسی لفظ کو اس کے حقیقی معنی پر محمول کرنا صحیح ہو تو مجازی معنی مراد لینے کا کوئی جواز نہیں' علاوہ ازیں پہلے یعنی دوسرے معنی پر متفرع ہیں۔ (محبت کو اس کے حقیقی معنی پر محمول کرنے کی صورت میں اس بندے کے حق میں جبرئیل اور فرشتوں کا دعا واستغفار اور مدح وتعریف کرنا ضمنی طور پر خود بخود متحقق ہو جاتے ہیں۔)

(امام نوویؒ) فرماتے ہیں: اہل سماء کا اس سے محبت کرنے کا سبب یہ ہے کہ وہ شخص اللہ کا مطیع وفرمان بردار ومحبوب ہے۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں یا وہ مطیع سابق ہوتا ہے، یا مطیع لاحق ہوتا ہے جیسا کہ سالک ومجذوب اور مرید ومراد کے مراتب کی تحقیق میں گزرا۔ امام نوویؒ) فرماتے ہیں: '' یوضع له القبول فی الارض '' کا مطلب یہ ہے کہ اس شخص کی محبت لوگوں کے دلوں میں پیدا ہوتی ہے اور وہ اس سے راضی ہوتے ہیں۔ چنانچہ لوگوں کے دل اس کی طرف کھنچتے چلے جاتے ہیں اور اس سے راضی ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ ایک روایت میں '' فتوضع له المحبة'' کے الفاظ آئے ہیں۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: محبت اور اس کے اشتقاق کا بھرپور بیان اسماء حسنیٰ کے ذیل گزر چکا ہے۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں: بایں ہمہ بہت سے مباحث رہتی ہیں جو ''احیاء'' میں ملیں گی۔

قوله: دعا جبرائیل: یہ جملہ حضرت جبرائیل کی شان خصوصی پر دلالت کرتا ہے، بایں طور کہ اس موقع پر صرف ان ہی کا [illegible] فرمایا گیا۔ چنانچہ یہ اسرافیل، مکائیل، حاملین عرش ملائکہ مقربین سے افضل ٹھہرے۔ اور ان کی وجہ تخصیص یہ بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ممکن ہے کہ یہ اللہ اور انبیاء ورسل کے درمیان سفیر رہے ہیں۔

قوله: فقال انی أحب فلانا فأحبه:

محبت کا سبب کا ذکر نہ کرنا بتاتا ہے کہ افعال باری تعالیٰ اغراض وعلل سے مبرا ہیں۔ بلکہ اللہ کے اپنے بندہ سے محبت کرنے پر ہی بندہ بھی اپنے اللہ سے محبت کرتا ہے۔ بایں طور کہ صراط مستقیم پر چلتا ہے' اس کے انبیاء کی اتباع کرتا ہے' ہر لحہ ذکر باری تعالیٰ میں مشغول ہو جاتا ہے، اللہ کی حمد وثناء کرتا ہے، اور اللہ کی رضاء ولقاء کا شوقین ہو جاتا ہے۔ اللہ جل شانہ کا حضرت جبرائیل علیہ السلام کو یہ حکم دینا کہ ''تم بھی اس سے محبت کرو'' اپنے اس محبوب بندہ کے مزید اکرام کی خاطر ہے، ورنہ تو اللہ جل شانہ جیسے محب ومحبوب، طالب ومطلوب اور حامد ومحمود کے ہوتے ہوئے اس کی کیا حاجت؟

قوله: ان اللّٰه يبغض فلانا فأ بغضوه: بصریین کے نزدیک اضمار القول ہے، اور کوفیین کے نزدیک نداء چونکہ قول کے معنی میں ہے اس میں '' انّ'' بکسر الہمزہ ہے۔ (ذکرہ ابن الملک) وراحتمال یہ بھی ہے کہ بفتح الہمزہ ہو اضمار الباء کے سبب جیسا کہ بعض نسخوں میں ہے، جیسا کہ اس آیت کریمہ کی بابت مفسرین کا کہنا ہے: ﴿**فنادته الملائكة وهو قائم يصلي في المحراب ان اللّٰه**﴾ [آل عمران: ۳۹]

جمہور قراء کی قراءت بفتح الہمزہ ہے۔ ان کے درمیان فرق بھی کیا جاتا ہے، بایں طور کہ بکسر الہمزہ ہو تو من جملہ منادیٰ ہوتا ہے، بخلاف اس کے کہ جب مفتوح ہو۔

اس سے پتہ چلتا ہے کہ ملأ اعلیٰ کی مخلوق کو اللہ جل شانہ کے محبوب ومبغوض افراد کا علم نہیں ہوتا، الا یہ کہ انہیں مطلع کیا جائے۔ نیز ان محبوب ومبغوض کی الفت وبغض کا یہ معاملہ کبھی بدلتا نہیں، تاکہ اخبار باری تعالیٰ میں تخلف لازم نہ آئے۔

درمنثور میں اس آیت کریمہ: ﴿**إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمَٰنُ وُدًّا**﴾ [مریم: ۹۶] ''اور جو لوگ ایمان لائے اور عمل نیک کئے خدا انکی محبت (مخلوقات کے دل میں) پیدا کردے گا'' کے تحت لکھتے ہیں: حکیم ترمذی اور ابن مردویہ حضرت علیؓ سے نقل کرتے ہیں: فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس آیت کریمہ کے بارے میں پوچھا، کہ اس کی کیا حقیقت ہے؟ تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''**المحبة في صدور المؤمنين والملائكة المقربين يا علي! ان اللّٰه اعطى المقت والمحبة والحلاوة والمهابة في صدور الصالحين**''

ابن ابی شیبہ، عبد بن حمید، ہناد، ابن المنذر اور ابن حاتم نقل کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی بابت فرمایا: **يحبهم ويحببهم**۔

عبد بن حمید، بخاری، مسلم، ترمذی، ابن المنذر، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ، نیز امام بیہقی اسماء والصفات'' میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ناقل ہیں:

ان رسول اللّٰه ﷺ قال: اذا أحب اللّٰه عبدا نادى جبرائيل عليه السلام اني قد احببت فلانا فأحبه، فينادي في السماء، ثم تنزل له المحبة في أهل الارض، فذلك قول اللّٰه تعالى: ﴿إِنَّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جبریل: انی قد أبغضت فلانا فینادی فی اهل السماء، ثم ینزل له البغضاء فی الارض۔اھ۔
پس (ان روایات کی روشنی میں کہا جاسکتا ہے کہ) مشکوٰۃ کی حدیث معنوی اعتبار سے متفق علیہ ہے۔

عظمتِ الٰہی کے لئے محبت والے سایہ عرش میں

۵۰۰۶: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَيْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ بِجَلَالِي اَلْيَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلِّيْ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱۹۸۸/٤ الحدیث رقم (۳۷-۲۵٦٦)، والترمذی فی السنن ٥١٦/٤ الحدیث رقم ۲۳۹۰، والدارمی ٤٣/٢ الحدیث رقم ۲۷۵۷ و مالك فی الموطا ۹۵۲/۲ من باب ما جاء فی المتحابین فی الله ، واحمد فی المسند ۳۳۸/۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن فرمائیں گے میری عظمت کے لئے کون آپس میں محبت کرنے والے ہیں آج میں ان کو اپنے سایہ میں جگہ دوں گا جب میرے سایہ کے سوا کوئی سایہ نہیں۔ (مسلم)

تشریح: قوله: این المتحابون بجلالی: "بجلالی": باء سببیہ ہے بسبب عظمتی ولأ جل تعظیمی أو الذین یکسون التحابب بینهم لأجل رضا جنابی وجزا ثوابی امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ باء بمعنیٰ "فی" ہے میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں: یہ "فیہ مافیہ" ہے۔ امام طیبیؒ اس سلسلۂ کلام میں آگے لکھتے ہیں: جلال کا خصوصی طور پر ذکر کیا گیا تاکہ ہیبت وسطوت پر دلالت کرے۔ یعنی المنزهون عن شائبة الهوی والنفس والشیطان فی المحبة، فلا یتحابون الا لأجلی ولوجهی

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: ممکن ہے کہ یہ کلام "باب اکتفاء" سے ہو۔ اور تقدیری عبارت: بجلالی وجمالی ہو۔ ای: المتحابون لی یعنی جو لوگ میرے جلال و جمال کے سبب دونوں حالتوں میں یعنی قبض وبسط، خوف ورجاء، محنۃ ومنحۃ میں باہم محبت کرتے تھے۔ ان کی یہ دائمی محبت ان کو نفع پہنچائے۔

"الیوم": ایک شارح کا کہنا ہے کہ یہ ظرف "این" کے متعلق ہے۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں: اظہر یہ ہے کہ ظرف تو ہے لیکن "أظلهم فی ظلی" کیلئے۔

قوله: أظلهم فی ظلی: اس کی وضاحت میں علماء کے کئی اقوال ہیں: (۱) "ظل الله" مراد "ظل حمایة الله" ہے۔ یعنی میں ان کو اپنی حمایت کے سایہ تلے جگہ دوں گا۔ (۲) میں ان کو موقف کی گرمی میں ایسی راحت سے نوازوں گا کہ جس طرح سایہ تلے موجود شخص کو راحت ملتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے سایہ سے مراد عرش کا سایہ ہے، جیسا کہ بعض احادیث میں اس کا صراحتاً ذکر ہے چنانچہ طبرانی نے "الکبیر" میں ایوب سے نقل کیا ہے: المتحابون فی الله علی کرسی من یاقوت تحت العرش شرح مسلم للنووی میں ہے کہ قاضی عیاض فرماتے ہیں ظاہر یہ ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ایسا شخص گرامی اور موقف کی تپش

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے سایہ میں ہوگا۔عیسیٰ بن دینار فرماتے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کی حفظ وامان میں ہونے سے کنایہ ہے۔(یعنی سایہ سے مراد حفاظت خداوندی اور رحمت الٰہی ہے) جیسا کہ وہ کہتے ہیں: السلطان ظل اللّٰہ فی الارض (بادشاہ) دنیا میں اللہ تعالیٰ کا سایہ ہے' اور اس کا بات کا احتمال بھی ہے کہ یہ راحت وتنعّم سے عبارت ہو۔(یعنی ''سایہ'' کے ذریعہ قیامت کے دن کی ان راحتوں اور نعمتوں کو تعبیر کیا گیا ہے جو ان لوگوں پر حق تعالیٰ کی طرف سے ظاہر ہوں گے) چنانچہ کہا جاتا ہے: ھو فی عیش ظلیل ای طیب۔(یعنی عربی میں لفظ ''ظل'' (ذکرہ الطیبی) ظل کی اسناد اللہ جل شانہ کی طرف حقیقتاً کرنا تو صحیح نہیں ہے' لہٰذا تاویل متعین ہے کہ مجازی معنی پر محمول کیا جائے' یا حذف مضاف مانا جائے۔اور مذکورہ بالا احتمالات میں سے آخری احتمال تو انتہائی بعید احتمال ہے' چونکہ اس صورت میں معنوی تقدیر یوں ہوگی: الفھم فی نعمتی لیکن تقلید میں زبردستی غالب ہے اور یہ مسلّمہ بات ہے: حبك الشئ یعمی ویصم۔(سایہ) راحت ونعمت کے مفہوم میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسا کہ خوشی وراحت کے ساتھ گزرنے والی زندگی کو ''عیش ظلیل'' کہا جاتا ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمدؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت والا اللہ تعالیٰ کا محبوب ہے

۵۰۰۷: وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَجُلًا زَارَ اَخًا لَهٗ فِيْ قَرْيَةٍ اُخْرٰى فَاَرْصَدَ اللّٰهُ لَهٗ عَلٰى مَدْرَجَتِهٖ مَلَكًا قَالَ اَيْنَ تُرِيْدُ قَالَ اُرِيْدُ اَخًا لِيْ فِيْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ قَالَ هَلْ لَكَ عَلَيْهِ مِنْ نِعْمَةٍ تَرُبُّهَا قَالَ لَا غَيْرَ اَنِّيْ اَحْبَبْتُهٗ فِي اللّٰهِ قَالَ فَاِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَبَّكَ كَمَا اَحْبَبْتَهٗ فِيْهِ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ٤/١٩٨٨ الحدیث رقم (٣٨-٢٥٦٧)۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک شخص اپنے مسلمان بھائی کی ملاقات کے لئے دوسری بستی میں گیا۔اللہ تعالیٰ نے اس کے راستہ میں ایک فرشتہ انسانی شکل میں بھیجا اس نے پوچھا تم کہاں جارہے ہو اس نے بتایا کہ اس بستی میں اپنے ایک بھائی سے ملنے جارہا ہوں۔فرشتے نے کہا کیا تیرے لئے اس کے علاوہ بھی کوئی مقصد ہے جس کو تو حاصل کرنا چاہتا ہو۔اس آدمی نے جواب دیا نہیں اس کے سواء ہرگز کوئی اور مقصد نہیں۔میں تو اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت کرتا ہوں۔فرشتے نے کہا میں تیری طرف پیغام لانے والا ہوں کہ اللہ تعالیٰ تجھ سے محبت کرتا ہے۔جیسا کہ تو نے اس کی خاطر محبت کی۔(مسلم)

تشریح: قوله: فأرصد اللّٰه له علی مدرجته:

اس کے تین معنی بیان کئے گئے ہیں: ① اعد وهیأ ② اقعد فی طریقه (اس کے راستہ میں ایک فرشتہ کو بٹھادیا۔) ③ صاحب النہایہ لکھتے ہیں: ای وکله بحفظ مدرجته یقال: رصدته اذ قعدت له علی طریقه تسترقبه۔اھ۔ چنانچہ اس ارشاد باری تعالیٰ: ﴿ان ربك بالمرصاد﴾ [الفجر:١٤] میں تجرید ہے۔اور اس کا معنی ہوگا: ان ربك مراقب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

للعباد لکھتے ہیں: مدرجۃ: میم اور راء کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ ''راستہ'' کو کہا جاتا ہے۔ اس کی وجہ تسمیہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: لأن الناس یدرجون علیها ای یمضون ویمشون اھ۔ اور اظہر یہ ہے کہ ''مدرجۃ'' اس راستہ کو کہتے ہیں جو بلندی پر ہو جس پر سیڑھیاں چڑھ کر جایا جائے، اور سیڑھیوں سے اترا جائے۔ چنانچہ اسی مناسبت سے "مدرجة منٰی" ہے۔ یہ منٰی جانے کا راستہ ہے۔

قال: این ترید یہ جملہ مستانفہ ہے۔

قوله: این ترید:

بظاہر یہ تجاہل عارفانہ ہے، نیز ایک قسم کا توریہ بھی ہے، کہ سوال سے مقصود اصلی ''من ترید'' تھا۔ لیکن بات وہی ہے، کہ'' من أحب شیئا اکثر ذکره والاناء یترشح بمافیه''۔

قال: أرید اخالی فی هذه القریة: ممکن ہے کہ اس قریہ کی تعیین اشارہ کے ساتھ کر دی ہو۔ اور کلام میں اطناب کا حکیمانہ اسلوب اختیار کیا، گویا کہ اس نے یوں: لا تسأل عن المحل واکتف بالسؤال عن الحال، فان هذا طریق ارباب الحال بلا محال

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اگر یہ کہا جائے کہ سوال و جواب میں مطابقت نہیں ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ سوال خود اس سوال کو متضمن ہے جس کا جواب مجیب نے دیا۔ یعنی: این تتوجه ومن تقصد؟ لیکن چونکہ مقصود اصلی زیارت تھا اس لئے اس کو ذکر کیا اور غیر اہم بات کو چھوڑ دیا۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں: یہ توجیہ تب ہی تام ہوتی، کہ'' فی هذه القریة'' نہ کہا ہوتا)۔

فرمایا: اور اس کی نظیر یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وما أعجلك عن قومك یا موسٰی قال هم أولاء علی أثری وعجلت الیك رب لترضی﴾ [طٰہٰ۔ ۸۴] چونکہ سوال کی غرض یہ تھی کہ تم اپنے قوم کو پیچھے چھوڑ کر خود آگے کیوں چلے آئے، تو اس غرض کو سامنے رکھتے ہوئے، جواب میں اصل کو مقدم کر دیا، اور جس چیز کی بابت سوال تھا، اس کو مؤخر کر دیا۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں: اس کا نظیر ہونا محل نظر ہے۔ بلکہ معنی کے اعتبار سے یہ اس کی مثال ہے۔ اور اس کی وضاحت وہ ہے جو قاضی بیضاویؒ:

﴿وما اعجلك عن قومك یا موسٰی﴾ [طٰہٰ۔ ۸۴] کی توضیح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: سؤال عن سبب العجلة یتضمن انکارها من حیث انها نقیضه فی نفسها انضم الیها اغفال القوم وابهام التعظیم علیهم، فلذلك أجاب موسٰی عن الأمرین، وقدم جواب الانکار لأنه أهم [قال هم أولاء عن أثری] :أی: ما تقدم عنهم الابخطا یسیرة لا یعتد به عادة ولیس بینی وبینهم الا مسافة قریبة یتقدم به الرفقة بعضهم بعضا ﴿وعجلت الیك رب لترضی﴾ فان المسارعة الی امتثال أمرك والوفاء بوعدك یوجب مرضاتك اھ ۔

قال هل لك علیه من نعمة تربها: تربها: راء مہملہ کے ضمہ اور بائے موحدہ مشددہ کے ساتھ ای تقوم باصلاحها واتمامها۔ یعنی کیا وہ تمہارا مملوک ہے، یا تیرا بیٹا ہے یا ان کے علاوہ ان لوگوں میں سے ہے جن کا نفقہ تجھ پر ہے۔ یہ'' رب الضیعة'' سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے اصلاحها واتمامها۔ بعض نسخوں میں عبارت یوں ہے:'' هل له علیك من

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نعمة تربها؟" اى تقوم بشكرها

بعض کا کہنا ہے کہ" نعمة": مبتدا ہے۔" من" زائدہ ہے اور" لك "خبر ہے۔اور" عليه" محذوف کے ساتھ مل کر "حال" ہے۔ اى:هل لك نعمة داعية على زيارتها تربها اى:تحفظها وتستزيدها بالقيام على شكرها

امام طیبیؒ لکھتے ہیں: اى:هل اوجبت عليه شيئا من النعم الدنيوته تذهب اليها فتربها اى:تملكها منه وتستو فيها؟

قوله لا غير أنى أحببتد فى اللّٰه : کی معنوی تقدیریوں ہے: ليس لى داعية الى زيارته الا محبتى اياه فى طلب مرضاة الله ۔

قوله:ان اللّٰه قد أحبك كما أحببته فيه: شاید کہ وجہ تشبیہ محبت کا دنیاوی سبب سے خالی ہونا ہے۔یعنی جیسے تو اس کو بغیر کسی دنیاوی سبب کے چاہتا ہے، اسی طرح اللہ تجھے بغیر کسی سبب اخروی کے چاہتا ہے۔اور یہ بھی ممکن ہے کہ کاف تعلیلیہ ہو۔ جیسا کہ اس آیت کریمہ میں کاف تعلیلیہ ہے:﴿واذكروه كما هداكم﴾ [البقرہ۔۱۹۸]

امام نوویؒ فرماتے ہیں: اس حدیث میں اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت کرنے کی فضیلت ظاہر ہوتی ہے اور کہ یہ چیز (حب فی اللہ) محبت الٰہی کے حصول کا ذریعہ ہے نیز اس سے صالحین کی ملاقات کے لئے ان کے پاس جانے کی فضیلت بھی ظاہر ہوتی ہے۔اور یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ انسان کبھی فرشتوں کو دیکھتا ہے۔میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں انبیاء ورسل کے علاوہ دیگر مؤمنین کا ملائکہ کو بصورت بشریہ دیکھنا ایک واضح امر ہے، جس کا ثبوت آغاز کتاب میں حدیث جبرائیل وغیرہ میں گذر چکا ہے۔ہاں یہاں یہ کہا جا سکتا ہے۔یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کبھی اپنے نیک ومحبوب بندوں کے پاس فرشتوں کو بھیجتا ہے جو ان سے ہم کلام ہوتے ہیں۔لیکن بظاہر یہ چیز پچھلی امتوں کے ساتھ مخصوص تھی کیونکہ اب نبوت کا دروازہ بند ہو چکا ہے (اور انسانوں کے پاس فرشتوں کی آمد کا سلسلہ منقطع ہو چکا ہے۔)

آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے

۵۰۰۸:وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ تَقُوْلُ فِيْ رَجُلٍ اَحَبَّ قَوْمًا وَلَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ فَقَالَ اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ۔(متفق عليه)

أخرجه البخارى فى صحيحه۱۰/۵۵۷ الحديث رقم ٦١٦٩ومسلم فى ٤/٢٠٣٤ الحديث رقم (١٦٥-٢٦٤٠) و ابوداؤد فى السنن ٥/٣٤٤ الحديث رقم ٥١٢٦، والترمذى فى السنن ٤/٥١٤ الحديث رقم ٢٣٨٧، والدارمى فى ٢/٤١٤الحديث رقم ٢٧٨٧، واحمد فى المسند ١/-٣٩٢

ترجمہ:حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ذکر کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس شخص کے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا حکم ہے جو کسی جماعت سے محبت رکھتا ہے مگر وہ ان میں شامل نہیں یا وہ علم وفضل میں ان تک نہ پہنچا ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے۔(بخاری ومسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قولہ: أحب قومًا: (قوم میں خصوص وعموم ہر دو کا احتمال ہے' تفصیل آگے آ رہی ہے۔) ایک مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ جو کسی قوم یعنی علماء یا صلحاء سے محبت رکھتا ہو لیکن اس کو ان کی صحبت حاصل نہ ہوئی' یا ان سے علم نہ حاصل نہ کر پایا ہو یا یہ کہ نہ ان کی صحبت سے فیض یاب نہ ہو سکا اور نہ ان کے علم وعمل سے۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ ان کی زیارت نہ کر پایا۔

قولہ: المرء مع من أحب: یعنی اس کا حشر اپنے محبوب کے ساتھ ہوگا' اور اپنے مطلوب کا رفیق وہمدم ہوگا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَأُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ أُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا﴾ [النساء: ٦٩] ''اور جو لوگ خدا اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں وہ قیامت کے دن ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر خدا نے بڑا فضل کیا یعنی انبیاء وصدیق اور شہید اور نیک لوگ اور ان لوگوں کی رفاقت بہت ہی خوب ہے''۔

حدیث کا ظاہری مفہوم عمومیت پر دلالت کرتا ہے جو صالح وطالح ہر دو کو شامل ہے۔ یعنی اس ارشاد گرامی میں عمومی طور پر یہ نکتہ بیان فرمایا گیا ہے کہ جو شخص کسی سے محبت رکھتا ہے اس کا حشر اسی کے ساتھ ہوگا خواہ وہ شخص کہ جس کے ساتھ محبت ہے نیک و صالح ہو یا بدکار و فاسق کی اس بات کی تائید اس حدیث: اَلْمَرْءُ عَلٰى دِيْنِ خَلِيْلِهٖ سے ہوتی ہے۔ جو آگے آئے گی۔ چنانچہ اس صورت میں اس میں ترغیب وترتیب بھی ہے اور وعدہ وعید بھی ہے۔ (یعنی جو لوگ علماء وصلحاء اور بزرگانِ دین کے ساتھ عقیدت ومحبت اور دوستی رکھتے ہیں ان کے لئے اس حدیث میں خاتمہ بخیر اور اخروی فلاح وسعادت کی بشارت ہے اور جو لوگ بدکار و فاسق اور خدا کے دشمنوں کے ساتھ عقیدت ومحبت رکھتے ہیں ان کے لئے اس حدیث میں سخت وعید وتنبیہ ہے۔)

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: المرء مع من أحب اس حدیث کو امام احمد، شیخین، ابوداؤد، ترمذی اور نسائی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔ شیخین نے اس روایت کو بحوالہ ابن مسعود بھی روایت کیا ہے۔ اور ترمذی کی ایک روایت میں حضرت انسؓ سے مروی حدیث کے الفاظ یہ ہیں: ''المرء مع من أحب وله ما اكتسب۔

میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہوں

٥٠٠٩: وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَتٰى السَّاعَةُ قَالَ وَيْلَكَ وَمَا أَعْدَدْتَّ لَهَا قَالَ مَا أَعْدَدْتُّ لَهَا إِلَّا أَنِّيْ أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ قَالَ أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ قَالَ أَنَسٌ فَمَا رَأَيْتُ الْمُسْلِمِيْنَ فَرِحُوْا بِشَيْءٍ بَعْدَ الْإِسْلَامِ فَرَحَهُمْ بِهَا۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاري في صحيحه ١٠/٥٥٣ الحديث رقم ٦١٦٧ و مسلم في ٤/٢٠٣٢، الحديث رقم (١٦١-٢٦٣٩)، والدارمي في السنن ٢/٤١٤ الحديث رقم ٦٧٨٧، واحمد في المسند ٣/١٦٨۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! قیامت کب آئے گی تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم پر افسوس ہے تم نے اس کے لئے کیا تیاری کی ہے۔ اس نے عرض کیا کہ میں نے اس کے لئے کوئی تیاری نہیں کی' سوائے اس کے کہ میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت رکھتا ہوں۔ فرمایا میں نے تو اس کے ساتھ ہوگا جس سے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محبت کرتا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اسلام لانے کے بعد میں نے مسلمانوں کو کبھی اتنا خوش نہیں دیکھا جتنا کہ وہ اس خوش خبری پر ہوئے۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: قوله: متى الساعة: اى متى وقت قيام القيامة۔

اس شخص نے ''تیاری'' کے زمرہ میں صرف خدا اور خدا کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت کو ذکر کیا اس کے علاوہ دوسری بدنی، قلبی اور مالی عبادتوں کا اس نے کوئی ذکر نہیں کیا۔ (جن سے اس کی زندگی یقیناً خالی نہیں تھی۔ اس کی وجہ ایک تو اظہارِ عجز و انکساری اور اپنے مرتبۂ عبودیت کا اخفاء تھا جو ایک مخلص مؤمن کی شان ہے، دوسری وجہ یہ تھی کہ خدا اور خدا کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ محبت ہی اصل چیز ہے اور) تمام عبادتیں اسی محبت کی شاخیں اور اس کا لازمی اثر ہوتی ہیں۔ (جس شخص کا قلب خدا اور خدا کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے سرشار ہو جاتا ہے۔ عبادت و طاعت خود بخود اس کی عادت ثانیہ بن جاتی ہے۔ علاوہ ازیں صرف محبت کو ذکر کرنے کی ایک بڑی وجہ یہ تھی کہ) محبت بذاتِ خود سب سے اعلیٰ مرتبہ ہے کیونکہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے۔ ان سے اللہ تعالیٰ بھی محبت کرتا ہے جیسا کہ خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: [يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ] [المائدة۔ ٥٤] اور ایک جگہ یوں فرمایا ہے: ﴿إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ﴾ ظاہر ہے کہ جس بندے کو محبت الٰہی کی دولت حاصل ہو جائے اس کی دنیاوی و اخروی فلاح و نجات میں کیا شبہ ہو سکتا ہے۔ اور یہ بات تو ان کے نزدیک بالکل واضح تھی کہ بغیر متابعت کے محبت محضہ کا بہت زیادہ فائدہ حاصل نہیں ہے۔

قوله: أنت مع من أحببت: کا مطلب یہ ہے کہ جو شخص کسی سے اس درجہ تعلق رکھتا ہے کہ اس کی محبت دوسری تمام چیزوں یہاں تک کہ اپنے مال، اپنے اہل و عیال اور اپنی جان تک کی محبت پر غالب آ جاتی ہے۔ تو وہ اپنے محبوب کے ساتھ منسلک و ملحق ہو جاتا ہے اور اس کا شمار محبوب کے اپنے لوگوں میں ہونے لگتا ہے۔ اور محبت صادقہ کی علامت یہ ہے کہ وہی کام کرے جس کا محبوب حکم کرے اور اس کام سے اجتناب و پرہیز کرے جو محبوب کے حکم و مرضی کے خلاف ہو اور اس کے غیر کی مرضی و مراد کو پورا کرنے والا ہو۔ (لہٰذا تم اگر اللہ کی محبت کا دعویٰ کرتے ہو تو اپنے عقیدہ و قول اور فعل و عمل سے اس دعوے کو ثابت کرتے رہو بایں طور کہ فرائض و واجبات کی بجا آوری کرو۔ حق تعالیٰ جن امور سے راضی و خوش ہوتا ہے ان کو ہمیشہ اختیار کرو اور اس نے جن چیزوں سے منع کر دیا ہے ان کے قریب بھی مت جاؤ)۔

اسی بات کو رابعہ عدویہ نے یوں بیان کیا ہے:

تَعْصِي الْإِلٰهَ وَأَنْتَ تُظْهِرُ حُبَّهُ ☆ هٰذَا لَعَمْرِي فِي الْقِيَاسِ بَدِيعٌ

لَوْ كَانَ حُبُّكَ صَادِقًا لَأَطَعْتَهُ ☆ إِنَّ الْمُحِبَّ لِمَنْ يُحِبُّ مُطِيعٌ

''تم اللہ کی نافرمانی کو اختیار کئے ہوئے حالانکہ تم اس کی محبت کا دم بھرتے ہو۔ اپنی جان کی قسم یہ چیز قیاس میں انوکھی چیز ہے۔ اگر تمہاری محبت سچی ہوتی تو یقیناً تم اس کی اطاعت کرتے (کیونکہ) محبت کرنے والا (درحقیقت) اپنے محبوب کا فرمانبردار ہوتا ہے''۔ خطابیؒ فرماتے ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت نے بغیر کسی زیادت عمل کے ان کو اصحاب اعمال صالحہ کے ساتھ ملحق فرما دیا۔ اھ۔ ان کا یہ کلام ابہام و ابہام سے خالی نہیں۔ اس بارے میں تحقیقی بات یہ ہے کہ صحابہ کرام کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گمان یہ تھا۔''

کہ جنت میں آنحضرت ﷺ کی معیت محض آنحضرت ﷺ کے ساتھ محبت اور آپ ﷺ کی متابعت کی وجہ سے حاصل نہیں ہوگی بلکہ اس سعادت کو حاصل کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ عبادت میں مشغول رہنا اور کثرت کے ساتھ ریاضت و مجاہدہ اختیار کرنا بھی ضروری ہے اس کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جس کو عماد الدین ابن کثیرؒ نے اپنی تفسیر میں اپنی پسند سے نقل کیا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ایک دن نبی کریم کی خدمت میں ایک صحابیؓ حاضر ہوئے اور کہنے لگے کہ یا رسول اللہ ﷺ حقیقت یہ ہے کہ آپ ﷺ مجھ کو اپنی جان اپنے اہل خانہ اور اپنے بچوں سے بھی زیادہ محبوب ہیں' میں اپنے گھر میں ہوتا ہوں تو جب آپ ﷺ کو یاد کرتا ہوں تو میں صبر نہیں کرتا یہاں تک کہ آپؐ کی زیارت نہ کرلوں۔ جب مجھے اپنی اور آپ کی موت کا خیال کرتا ہوں اور سوچتا ہوں کہ آپ ﷺ جنت میں جائیں گے تو جنت کے سب سے اعلیٰ درجہ میں انبیاء کے ساتھ ہوں گے اور اگر مجھے بھی جنت میں داخل کیا تو مجھے ڈر لگتا ہے کہ میں آپ ﷺ کی زیارت سے محروم رہوں گا۔ آنحضرت ﷺ نے ان صحابیؓ کی یہ بات سنی لیکن کوئی جواب نہیں دیا یہاں تک کہ یہ آیت نازل ہوئی:

﴿وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا﴾ [النساء:٦٩]

''جس نے (ضروری احکام میں) اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت و فرمانبرداری کی وہ (جنت میں) ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے اپنا انعام نازل کیا ہے یعنی انبیاء علیہم السلام' صدیق' شہداء اور صالحین''۔

قوله: أنت مع من أحببت: یہاں ''معیت'' سے معیت خاصہ مراد ہے تو جاننا چاہئے کہ ''معیت'' سے یہ مراد ہے کہ جنت میں محب و محبوب دونوں مرتبہ کے اعتبار سے ایک ہو جائیں گے بلکہ مطلب یہ ہے کہ وہ کسی نہ کسی لمحے اپنے اپنے درجات سے اتر کر جنت کے کسی باغ میں اکٹھے ہو جایا کریں گے' جس کو ابن کثیرؒ نے اپنی تفسیر میں اس سند سے یوں بیان کیا ہے: عن ابن جرير' حدينا المثنى ' حدثنا ابن أبي جعفر 'عن أبيه ' عن الربيع في قوله تعالى: [ومن يطع الله ورسوله.....] [النساء:١٣] قال: ان أصحاب رسول الله ﷺ قالوا قد علمنا أن النبي ﷺ له فضل على من آمن به في درجات الجنات وعلى من اتبعه وصدقه' وكيف لهم اذا اجتمعوا في الجنة أن يرى بعضهم بعضا فأنزل الله في ذلك يعني هذه الآية فقال :يعني رسول الله ﷺ: ان الا علين ينحد رون الى من هو أسفل منهم 'فيجتمون في ريا ضها فيذ كرون ماأنعم الله عليهم ويثنون عليه 'وينزل لهم أهل الدرجات فيسعون عليهم بما يشتهون ومام يدعون به 'فهم روضة يحبرون ويتنعمون۔ ربیع سے اللہ جل شانہ کے اس فرمان [ومن يطع الله ورسوله".....] کے بارے میں مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے اصحاب نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمیں یہ بات معلوم ہے کہ نبی کریم ﷺ کو فضیلت حاصل ہوگی جنت کے درجات میں ان لوگوں پر جو اس پر ایمان لائے اور ان پر جنہوں نے اس کی اتباع کی اور تصدیق کی۔ جب یہ سب لوگ جنت میں اکٹھے ہوں گے تو بعض' بعض کو کیسے دیکھیں گے۔ تو اس بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ یعنی آیت نازل فرمائی'۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اعلیٰ درجہ والے ان لوگوں کے پاس آئیں گے جو نیچے کے درجات

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں ہوں گے اور پھر سب جنت کے باغات میں یکجا ہوں گے۔ (وہاں ایک دوسرے کی زیارت و ملاقات ہوگی اور درجہ عالیہ والے) ان چیزوں کا ذکر کریں گے جو ان کو اللہ کی طرف سے بطور انعام حاصل ہوئی ہوں گی اور حق تعالیٰ کے انعامات و اکرامات پر اس کی حمد و ثنا کریں گے پھر درجات سافلہ والے ان کی خاطر و تواضع کریں گے اور دوڑ دوڑ کر ہر وہ چیز لائیں گے اور ان کو دیں گے جن کی وہ خواہش و طلب کریں گے غرضیکہ اس طرح وہ سب جنت کے باغات میں اس طرح کی تقریب سے لطف اندوز اور مسرور ہوا کریں گے۔

واضح رہے کہ متابعت اور ضروری احکام کے مدارج مختلف ہوتے ہیں لہٰذا جس درجہ کے احکام ضروریہ میں اطاعت ہوگی اسی درجہ کی محبت بھی شمار ہوگی اور جس درجہ کی محبت یا جس درجہ کا حسن معاملہ ہوگا اسی درجہ کی یہ معیت و ملاقات بھی نصیب ہوگی۔

اچھے برے ساتھی کی ایک عمدہ مثال

۵۰۱۰ : اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْجَلِيْسِ الصَّالِحِ وَالسُّوْءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيْرِ فَحَامِلُ الْمِسْكِ اِمَّا اَنْ يُّحْذِيَكَ وَاِمَّا اَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا طَيِّبَةً وَنَافِخُ الْكِيْرِ اِمَّا اَنْ يُّحْرِقَ ثِيَابَكَ وَاِمَّا اَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيْحًا خَبِيْثَةً۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۹/۶۶۰ الحدیث رقم ۵۵۳۴ و مسلم فی ۴/۲۰۲۶ الحدیث رقم (۱۴۶-۲۱۲۸) و ابوداؤد فی السنن ۵/۱۶۶ الحدیث رقم ۴۸۲۹، واحمد المسند ۴/۴۰۸۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اچھے اور برے ساتھی کی مثال کستوری والے اور بھٹی جلانے والے جیسی ہے۔ خوشبو والا یا تمہیں خوشبو دے دے گا یا تم اس سے خرید لو گے یا اس سے عمدہ خوشبو کا جھونکا پاؤ گے اور بھٹی والا یا تو تمہارے کپڑے جلا دے گا یا تم اس سے (دھوئیں کی) بدبو پاؤ گے۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: سوء: سین کے فتحہ اور ضمہ ہر دو کے ساتھ۔

الکیر: بکسر الکاف۔

اچھے لوگوں کی محبت و ہم نشینی اور برے لوگوں کی محبت و ہم نشینی کے درمیان جو فرق ہے اس کو مذکورہ بالا مثال کے ذریعہ واضح کیا گیا ہے کہا گیا ہے کہ اس ارشاد گرامی کی مراد اس بات کی تاکید و تنبیہ ہے کہ علماء و صلحاء سے محبت و تعلق پیدا کرو ان کی صحبت و ہم نشینی کو اختیار کرو ان کی صحبت و ہم نشینی دنیا و آخرت میں فائدہ حاصل کرنے کا سبب ہے اور برے لوگوں کی صحبت و ہم نشینی دنیا و آخرت میں نقصان کا ذریعہ ہے۔

بعض کا کہنا ہے کہ اخیار کی مصاحبت اختیار کرنا مورث خیر ہے، اور اشرار کی مصاحبت اختیار کرنا مورث شر ہے، ہوا کی مانند ہے، کہ خوشبودار چیزوں کو چھوتی ہوئی گزرتی ہے، تو ساری فضا کو معطر اور مہکتا ہوا کر چھوڑتی ہے، اور اگر ہوا بدبودار چیزوں کو مس کرتے ہوئے گزرے گی تو فضا کو بدبودار بنا دے گی۔

بعض کا کہنا ہے، کہ اگر تم احمقوں کی مصاحبت اختیار کرو گے تو تمہارے اندر حماقت گھر کر جائے گی، بخلاف عقلاء کے اگر تم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عقلمندوں کی ہم نشینی اختیار کرو گے، تو تمہیں اس قدر عقل وفہم حاصل نہ ہوگی، چونکہ ''فساد'' ایک ایسی چیز ہے جو طبائع میں بہت جلد اثر دکھاتا ہے، اور حاصل یہ ہے کہ صحبت بہر حال اثر دکھاتی ہے۔ اس وجہ سے ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿یا أیها الذین آمنوا اتقوا الله و کونوا مع الصدقین﴾ [التوبة۔۱۸۹] بعض عارفین نے فرمایا: کونوا مع اللّٰه، فان لم تقدروا أن تکونوا مع اللّٰه فکونوا مع من یکون مع اللّٰه اھ۔

اختلاط وخلوت نشینی اور مسئلہ ہذا کی تفصیل بسط کے ساتھ ملاحظہ فرمانا چاہیں تو ''احیاء'' کی طرف رجوع فرمائیں۔

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں:

مثل الجلیس الصالح والجلیس السوء کمثل صاحب المسك وکیر الحداد، لا یعدیك من صاحب المسك اما تشتریه أو تجدریحه، وکیر الحداد یحرق بیتك او ثوبك او تجد منه ریحا خبیثة۔

اس حدیث کو امام بخاریؒ نے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:

مثل الجلیس الصالح مثل العطار، ان لم یعطك من عطره أصابك من ریحه۔

ابوداؤدؒ اور حاکمؒ نے حضرت انسؓ سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

مثل المؤمن کمثل العطار، ان جالسته نفعك، وان ماشیته نفعك، وان شارکته نفعك اس حدیث کو امام طبرانی نے ابن عمرؓ سے روایت کیا ہے۔ واللہ اعلم

الفصل الثانی:

اللہ تعالیٰ کی عظمت کی خاطر محبت والے

۵۰۱۱: عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَجَبَتْ مَحَبَّتِيْ لِلْمُتَحَابِّيْنَ فِيَّ وَالْمُتَجَالِسِيْنَ فِيَّ وَالْمُتَزَاوِرِيْنَ فِيَّ وَالْمُتَبَاذِلِيْنَ فِيَّ (رواه مالك وفی روایة الترمذی) قَالَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَلْمُتَحَابُّوْنَ فِيْ جَلَالِيْ لَهُمْ مَنَابِرُ مِنْ نُّوْرٍ يَغْبِطُهُمُ النَّبِيُّوْنَ وَالشُّهَدَآءُ.

أخرجه الترمذی فی السنن ۴/۵۱۰ الحدیث رقم ۲۳۹۰ و مالك فی الموطأ ۲/۹۵۳ الحدیث رقم ۱۶ واحمد فی المسند ۵/۲۴۷۔

ترجمہ: حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا میں ان لوگوں سے یقیناً محبت کرتا ہوں جو میری وجہ سے آپس میں محبت کرتے ہیں میری وجہ سے آپس میں اکٹھے بیٹھتے اور ملاقات کرتے ہیں میری وجہ سے خرچ کرتے ہیں موطا مالک، ترمذی کے الفاظ یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں جو لوگ میری عظمت کی خاطر آپس میں محبت کریں گے ان کے لیے نور کے منبر بچھائے جائیں گے ان پر انبیاء وشہداء رشک کریں گے۔

تشریح: وجبت: یہ وجوب، ثبوت وتقدم کے معنی میں ہے۔

محبتی للمتحابین فی: ''فی'' میں یائے مشدہ ہے تعلیلیہ ہے ای لأجلی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله : المتحابون فی جلالی، یعنی میرے عظمت وجلال کی وجہ سے آپس میں محبت کرنے والے۔ نیز صرف جلال کا ذکر کرنا ''باب اکتفاء'' سے ہے۔ المتجالیسن فی: (جار مجرور کے درمیان مضاف محذوف ہے۔) ای فی جبی أو سبیلی مؤطا کی اس روایت کے بارے میں الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو امام احمد طبرانی' حاکم اور بیہقی نے حضرت معاذؓ سے روایت کیا ہے۔

یغبطهم: بائے موحدہ کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ ''غبطة'' (بکسر العین) سے ماخوذ ہے۔

غبطہ کی تعریف یہ ہے: هی تمنی نعمة علی ان لا تتحول عن صاحبها بخلاف الحسد، فانه تمنی زوالها عن صاحبها اور صاحب قاموس لکھتے ہیں: الغبطة حسن الحال والمسرة پس اس کے معنی حقیقی اس کے معنی لغوی کے مطابق ہیں۔ پس حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ انبیاء وشہداء ان کی یہ خوش حالی دیکھ کر خوشی اور مسرت کا اظہار فرمائیں گے۔ اس مطلب سے وہ اشکال بھی ختم ہو جاتا ہے جس میں علماء حیران وسرگردان ہیں۔ الجامع الصغیر میں ہے: التحابون فی الله علی کرسی من یاقوت حول العرش۔ اس حدیث کو طبرانی نے ابوایوب سے روایت کیا ہے۔

''جن پر انبیاء وشہداء رشک کریں گے'' اس جملہ میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ بات کس طرح درست ہو سکتی ہے کیونکہ انبیاء علی الاطلاق تمام لوگوں سے افضل وبرتر ہیں اور شہداء راہ میں اپنی جان ومال قربان کر دینے کے سبب عظیم فضیلت رکھتے ہیں لہٰذا ان دونوں کا ایسے لوگوں کے اجر وانعام پر رشک کرنا کس طرح موزوں ہو سکتا ہے جس کا مذکورہ عمل (یعنی خدا کے لئے آپس میں میل محبت رکھنا) نہایت آسان اور سہل ہے علاوہ ازیں اس بات سے انبیاء اور شہداء کے مقابلہ پر مذکورہ لوگوں کا زیادہ افضل ہونا لازم آتا ہے کیونکہ رشک اسی کو ہوتا ہے جو مفضول ہو اور جس پر رشک کیا جاتا ہے وہ فاضل ہوتا ہے؟

پہلا جواب یہ ہے کہ انبیاء وشہداء مذکورہ بالا لوگوں کو ملنے والے اجر وانعام پر خوشی ومسرت کا اظہار کریں گے۔ یہ رشک کا وہی مفہوم ہے جو صاحب قاموس نے ذکر کیا ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ حدیث کا مذکورہ بالا جملہ دراصل فرض وتقدیر پر مبنی ہے یعنی اس کا مطلب یہ ہے کہ ان لوگوں کو جو رتبہ ومقام حاصل ہوگا اس کی اہمیت وفضیلت کو اس پر قیاس کیا جا سکتا ہے کہ اگر بفرض محال انبیاء وشہداء کو کسی رتبہ ومقام پر رشک ہوتا تو ان لوگوں کے رتبہ ومقام پر ہوتا۔

تیسرا جواب جو اس طرح کے مواقع پر عام طور پر دیا جاتا ہے یہ ہے کہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ مفضول میں کوئی ایسی خاص صفت وفضیلت ہوتی ہے جو فاضل میں نہیں ہوتی اور باوجودیکہ فاضل اپنے اندر جو فضائل اور خوبیاں رکھتا ہے۔ ان کے مقابلہ پر مفضول کی اس صفت وفضیلت کی اہمیت نہیں ہوتی لیکن فاضل کی تمنا وخواہش ہوتی ہے کہ اس کو وہ صفت وخوبی حاصل ہو جائے جو مفضول میں ہے۔ (اس کو مثال کے طور پر یوں سمجھا جا سکتا ہے کہ زید کے پاس ایک ہزار بہت خوب صورت غلام ہوں اور ان میں خوبصورتی کے علاوہ دوسری اور خوبیاں بھی اور اس کے مقابلہ پر بکر کے پاس صرف ایک غلام بچہ ہو جو بہت نیک اور ہونہار ہو' ظاہر ہے کہ زید اپنے غلاموں کی تعداد واہمیت کے اعتبار سے بکر کے مقابلہ پر کہیں زیادہ برتری وفضیلت رکھتا ہے اور اس کو اس بات کی بظاہر کوئی ضرورت ہی نہیں کہ وہ بکر کے غلام بچہ پر رشک کرے لیکن اس کے باوجود اس کی خواہش یہ ہو کہ بکر کے پاس جو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غلام بچہ ہے اسی طرح کا ایک غلام بچہ مجھے بھی حاصل ہو جائے۔) اسی طرح انبیاء وشہداء بھی مذکورہ لوگوں کی فضیلت دیکھ کر یہ آرزو کریں گے کہ کاش دوسری فضیلتوں کے ساتھ یہ فضیلت بھی ان کو حاصل ہو جاتی۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس کی تائید مسلم کی اس روایت سے بھی ہوتی ہے: **عن المغيرة بن شعبة انه غزا مع رسول الله ﷺ بتبوك قال: فتبرز رسول الله ﷺ قبل صلاة الفجر للوضوء وحملت معه أداوة ثم أقبلنا حتى نجد الناس قدموا عبد الرحمن بن عوف فصلى بهم 'فأدرك رسول الله ﷺ احدى الركعتين فصلى مع الناس الركعة الأخيرة' فلما سلم عبد الرحمن قام رسول الله ﷺ يتم صلاته فأفزع ذلك المسلمين فاكثروا لتسبيح' فلما قضى رسول الله ﷺ أقبل عليهم ثم قال أحسنتم أوقال: أ صبتم يغبطهم أن صلوا الصلاة لوقتها۔ الصلاة لوقتها**

تائید بایں طور ہوتی ہے کہ: **يغبطهم**..... یہ راوی کا کلام ہے جو آنحضرت ﷺ کے فرمان **أحسنتم او اصبتم** کے لئے بیان وتفسیر واقع ہوا ہے۔ فرمایا نیز کوئی بعید نہیں کہ محشر میں یہ حالت لوگوں کے جنت یا جہنم میں جانے سے پہلے پیش آئے۔ اس حالت سے مراد وہ ہے جو اگلی حدیث میں آرہا ہے کہ ''**لا يخافون اذ اخاف الناس**'' اور الف لام استغراق کا ہو، چنانچہ ان لوگوں کو بعض ایسے اوقات میں امن وامان حاصل ہوگا جو دوسرے لوگوں کو حاصل نہیں ہوگا' چونکہ ان کو اپنے حال میں اشتغال ہوگا۔ یا یہ کہ امت کے حال میں اشتغال ہوگا، چنانچہ وہ اس وجہ سے اس وقت غبطہ کریں گے اھ۔

ملا علی قاریؒ آخری بات کی تردید کرتے ہوئے لکھتے ہیں: یہ بات صحیح نہیں کہ ''ان کو وہ امن وامان حاصل ہوگا جو دوسرے لوگوں کو حاصل نہیں ہوگا۔'' اور عدم صحت کی دلیل یہ آیت کریمہ ہے: ﴿اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ﴾ [الانعام:۸۲] نیز متحابین کے بارے میں امن کا تصور کرنا، اور انبیاء کرام کی بابت یہ کہنا کہ خود انہیں بعض احوال میں اپنا خوف ہوگا، یہ خطأ فاحش ہے۔ چونکہ اس سے اولیاء کی انبیاء پر تفضیل لازم آتی ہے۔ جیسا کہ حدیث کے ظاہر سے مستفاد ہوتا ہے۔ اور علماء نے اس حدیث میں ایسی تاویلات فرمائی ہیں، کہ جس سے یہ اشکال زائل ہو جائے۔ واللہ اعلم

بالحال اسی طرح بعض دیگر شراح نے لکھا ہے: **يغبطهم وقت الحساب قبل دخولهم الجنة يعنى هم على المنابر والخلق فى الحساب** اھ۔ یہ بات بھی درست راہ سے ہٹی ہوئی ہے۔

مقربین بارگاہ الٰہی

۵۰۱۲: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ لَاُنَاسًا مَا هُمْ بِاَنْبِيَآءَ وَلَا شُهَدَآءَ يَغْبِطُهُمُ الْاَنْبِيَآءُ وَالشُّهَدَآءُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِمَكَانِهِمْ مِنَ اللّٰهِ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُخْبِرُنَا مَنْ هُمْ قَالَ هُمْ قَوْمٌ تَحَابُّوْا بِرُوْحِ اللّٰهِ عَلٰى غَيْرِ اَرْحَامٍ بَيْنَهُمْ وَلَا اَمْوَالٍ يَتَعَاطَفُوْنَهَا فَوَاللّٰهِ اِنَّ وُجُوْهَهُمْ لَنُوْرٌ وَّاِنَّهُمْ لَعَلٰى نُوْرٍ لَا يَخَافُوْنَ اِذَا خَافَ النَّاسُ وَلَا يَحْزَنُوْنَ اِذَا حَزِنَ النَّاسُ وَقَرَاَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔ (رواہ ابوداؤد)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه ابو داؤد في السنن ۳/۷۹۹ الحديث رقم ۳۵۲۷، واحمد في المسند ۵/۳۴۳ ۔سورة يونس، الآية : ٦٢۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ بندے ایسے ہیں جو نہ نبی ہیں اور نہ شہید مگر ان کے اللہ کے ہاں قرب کی وجہ سے ان پر انبیاء اور شہداء رشک کریں گے۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہمیں ان لوگوں کے بارے میں آگاہ فرمائیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ ایسے لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کے قرآن کی وجہ سے ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں حالانکہ ان میں باہمی نہ تو قرابت داری ہے اور نہ کوئی مالی لین دین اللہ کی قسم ان کے چہرے سراپا نور ہوں گے اور وہ نور پر ہوں گے جب لوگ ڈر رہے ہوں گے ان پر کوئی خوف نہ ہوگا جب لوگ غمگین ہوں گے ان پر کوئی غم نہ ہوگا اور پھر یہ آیت مبارکہ تلاوت کی: ﴿اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ﴾ یہ روایت ابوداؤد کی ہے۔

تشریح: ''انبیاء'' سے وہ نبی اور پیغمبر مراد ہیں جو اپنی زندگی میں کسی عذر یا کسی اور سبب سے باہمی ملاقات کا موقع نہ پا سکے ہوں گے ورنہ تو جہاں تک نفس محبت و ہم نشینی کا تعلق ہے تو ہر نبی اور پیغمبر کو بلاشبہ اللہ کی خاطر اپنی اُمت کے لوگوں سے محبت ہوتی ہے۔

قاضیؒ فرماتے ہیں: ''رُوْح'' راء کے پیش کے ساتھ ہے (اس چیز کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ جسم زندہ رہتا ہے یا یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ اس جوہر کو کہتے ہیں جس کے سبب زندگی کو بقا حاصل ہوتی ہے) کہا گیا ہے کہ۔ یہاں ''روح'' سے مراد ''قرآن'' ہے۔ چنانچہ قرآن کریم میں ''رُوْح'' کے معنی ''قرآن'' کے بھی آئے ہیں جیسا کہ ارشاد ربانی ہے: [وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا] [الشوری۔ ۵۲] اور اس اعتبار سے بھی ''قرآن'' کو ''روح'' کہنا نہایت موزوں ہے کہ جس طرح جسم و بدن کی زندگی کا مدار ''روح'' پر ہے اسی طرح قلب انسان کی حیات کا مدار ''قرآن'' پر ہے۔

قرآن کو باہمی میل و محبت کا سبب قرار دینا یا تو اس اعتبار سے ہے کہ قرآن یعنی دین اسلام انسانوں کو جوڑنے ان میں اتحاد اور باہمی میل و محبت پیدا کرنے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے یا اس اعتبار سے ہے کہ قرآن کو نظام زندگی کا اساس و قانون ماننے اور اس پر عمل پیرا ہونے کی وجہ سے باہمی محبت و موانست کی دولت حاصل ہوتی ہے کیونکہ قرآن کریم کی تعلیمات محبت و موانست کا ذریعہ اور مؤمنین کو باہمی میل ملاپ اور اتحاد و یکجہتی اختیار کرنے کی ہدایت دینے والی ہیں۔

بعض حضرات نے ''روح اللہ'' کی مراد ''محبت'' کو قرار دیا ہے چنانچہ کہا جاتا ہے: **أنت روحي اي محبوبي** کا لروح۔ (اسی طرح فارسی میں محبوب کو ''جان من'' کہا جاتا ہے۔) ان کے نزدیک ''محبت'' پر ''روح'' کا اطلاق اور وجہ مناسبت یہ ہوگی کہ محبت بھی قلب انسان کی حیات و نشاط اور تازگی کا سبب ہے۔ **اي تحابوا بما ألقى الله قلوبهم من المحبة الخالصة لله عزوجل۔**

مشکوٰۃ کے بعض نسخوں میں یہ لفظ راء کے زبر کے ساتھ یعنی ''رَوح اللّٰہ'' منقول ہے چنانچہ النہایہ میں ہے کہ ''روح'' راء کے فتحہ کے ساتھ ''بادِ نسیم'' کو کہتے ہیں۔ پس مطلب یہ ہوگا: **انه باذن الله او ينفح من نفحاته** ۔ اور اسی سے یہ حدیث ہے: **اني لاجد نفس الرحمن من قبل اليمين۔** کے معنی رحمت اور رزق کے ہیں، بہرحال مآل و ماحصل کے اعتبار سے معنی میں کوئی فرق نہیں ہے۔ مطلب سب کا ایک ہی ہے اور وہ یہ کہ خدا کی رضا و خوشنودی کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کرنا۔ اور امام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طیبیؒ کا یہ فرمانا: اسی سے یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: [فأرسلنا اليها روحنا] [مریم ۔ ۱۷] انتہائی بعید ہے چونکہ باتفاق مفسرین یہاں اس سے مراد جبرائیل علیہ السلام ہیں اور ان کو ''روح'' اس لئے کہا گیا کہ دین ان کے اور ان کی وحی سے زندہ ہے۔

باالفاظ مصابیح یہ روایت یوں ہے:

عن ابی مالك الا شعری انه قال: كنت عند النبی صلی الله علیه وسلم اذ قال: ان لله عزوجل عبادا ليسوا بانبياء ولا شهداء يغبطهم النبيون والشهداء بقربهم ومقعدهم من الله يوم القيامة فقال أعرابی: حدثنا من هم؟ فقال: هم عباد من عباد الله من بلدان شتى وقبائل شتى' لم يكن بينهم ارحام يتواصلون ولا دنيار يتباذلون بها يتحابون بروح الله 'يجعل الله وجوههم نورا ويجعل لهم منابر من نور قدام عرش الرحمٰن۔

''حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں (ایک دن) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھا اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل کے بعض بندے ایسے ہیں جو اگرچہ انبیاء اور شہداء تو نہیں ہیں لیکن قیامت کے دن خدا کے نزدیک ان کا مرتبہ و مقام اور ان کی رفعت شان دیکھ کر انبیاء اور شہداء بھی ان پر رشک کریں گے۔ (یہ سن کر) ایک اعرابی نے عرض کیا کہ آپ ہمیں بتائیں کہ وہ کون لوگ ہوں گے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ اللہ کے بندے ہیں جن کا تعلق مختلف شہروں اور مختلف قبائل سے ہوتا ہے۔ ان کے درمیان کوئی رشتہ ناتا بھی نہیں ہوتا جس کی وجہ سے وہ ایک دوسرے سے تعلق و محبت قائم کرنے پر مجبور ہوں اور نہ وہ ایک دوسرے سے (دنیاوی) لین دین کے معاملات کرتے ہیں (جس سے ان کے درمیان تعلقات قائم ہوں) مگر وہ محض خدا کی روح یعنی قرآن کریم کے سبب آپس میں میل محبت رکھتے ہیں (قیامت کے دن) ان کے چہرے نور کے ہوں گے اور عرش الٰہی کے نیچے ان کے لئے نور کے منبر رکھے جائیں گے۔ (جن پر وہ متمکن ہوں گے)''۔

ابن ملکؒ اس کی شرح میں لکھتے ہیں: یہ اللہ عزوجل سے قرب منزلت سے عبارت ہے اور ایک دوسرے شارح ''قدام الرحمٰن'' کی وضاحت کرتے ہوئے لکھتے ہیں: یعنی رحمٰن کے عرش کے سامنے لوگ گھبرائے ہوئے ہوں گے، لیکن ان پر گھبراہٹ نہ ہوگی، دوسرے لوگ خوف میں مبتلا ہوں گے یہ لوگ بالکل بے خوف ہوں گے۔

ابن الملکؒ فرماتے ہیں: فزع اور خوف میں فرق ہے، وہ یہ کہ فزع، خوف کی نسبت سے شدید نوع ہے۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ فزع اس خوف کو کہتے ہیں، جس کے ساتھ ''جبن'' بھی ہو، اور خوف اس غم کو کہتے ہیں، جو کسی انسان کو کسی آئندہ درپیش امر مکروہ کے حوالہ سے درپیش ہو۔ اھ۔

فزع اور خوف کے درمیان فرق (کے سلسلہ) میں زیادہ واضح بات یہ ہے کہ یہاں فزع سے مراد استغاثہ ہے، جیسا کہ قاموس میں لکھا ہے۔ یہ کیفیت عقوبت کے خوف سے پیدا ہوتا ہے۔ اور کبھی بلندیٔ درجات کی طمع سے پیدا ہوتی ہے۔ واللہ اعلم۔

۵۰۱۳: وَرَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْ اَبِيْ مَالِكٍ بِلَفْظِ لِمَصَابِيْحَ مَعَ زَوَائِدِ وَكَذَا فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔

۔۔۔ البغوی فی شرح السنة ۱۳/۵۳ الحدیث رقم ۳۴۶۸، والبیهقی فی شعب الایمان ۶/۴۸۶ الحدیث رقم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۸۹۹۸۔

ترجمہ: شرح السنۃ میں ابو مالک سے مزید الفاظ مذکور ہیں اور بیہقی نے بھی وہ اضافہ نقل کیا ہے۔

تشریح: مؤلف کو یہ چاہئے تھا کہ وہ آغاز حدیث میں "عن ابن مالك" فرماتے' اور حدیث کو مصابیح کے مطابق اصل کے مقتضی کے مطابق لاتے' اور پھر یہ فرماتے: رواه البيهقي في الشعب، وكذا رواه في شرح السنة، اور پھر فرماتے: ورواه ابو داود ونحوه مع تغيير يسير، لكن من رواية عمر۔

ایمان کی مضبوط گرہ

۵۰۱۴: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِیْ ذَرٍّ يَا اَبَا ذَرٍّ اَیُّ عُرَى الْاِيْمَانِ اَوْثَقُ قَالَ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ اَلْمُوَالَاةُ فِی اللّٰهِ وَالْحُبُّ فِی اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِی اللّٰهِ۔

(رواه البيهقي في شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ۷/ ۷۰ الحديث رقم ۹۵۱۴۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوذر! ایمان کی کونسی گرہ زیادہ پختہ اور مضبوط ہوتی ہے۔ عرض کیا اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ ہی کے لئے دوستی کرنا اور اللہ تعالیٰ کے لیے محبت کرنا اور اللہ تعالیٰ ہی کے لئے بغض رکھنا۔ (بیہقی۔ شعب الایمان)

تشریح: "عری": عین کے ضمہ اور راء کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ "عروہ" کی جمع ہے۔ "عروہ" اصل میں "دلو" اور "کوز" اور ان جیسی چیزوں کی ڈنڈی کو کہتے ہیں، پھر یہ لفظ بطور استعارہ امور دین اور شعب ایمان میں ان چیزوں کے لئے استعمال ہونے لگا جن سے تمسک کیا جاتا ہے۔ أوثق: بمعنی "أحكم" ہے۔ الموالاة في الله: واضح رہے کہ معاونۃ اور محابۃ طرفین سے ہوتی ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اس موقع پر یہ سوال کرنا بظاہر اس غرض سے تھا کہ وہ جواب سنتے وقت بھرپور متوجہ ہوں، غور وفکر کے ساتھ جواب کو سنیں۔ تو گویا کہ یہ سوال بمنزلہ تاکید کے تھا۔

في الله: میں "فی" تعلیلیہ ہے۔ ای لأجله نیز اس محبت کا دوطرفہ ہونا بھی ضروری نہیں، جیسا کہ بہت سے اولیاء اللہ کہ نہ انہوں نے ہمیں دیکھا، اور نہ ہم نے ان کو دیکھا لیکن اس کے باوجود ہم ان سے محبت کرتے ہیں۔ اور "بغض في الله" کا مطلب ہے "بغض في سبيل الله" ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ۭ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ حِزْبُ اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾ [المجادلة: ۲۲] "جو لوگ اللہ پر اور روز قیامت پر ایمان رکھتے ہیں تم ان کو خدا اور اس کے رسول کے دشمنوں سے دوستی کرتے ہوئے نہ دیکھو گے خواہ وہ ان کے باپ یا بیٹے یا بھائی یا خاندان ہی کے لوگ ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں خدا نے ایمان (پتھر پر لکیر کی طرح) تحریر کر دیا ہے اور فیض غیبی سے ان کی مدد کی ہے۔ اور وہ ان کو بہشتوں میں جن کے تلے نہریں بہ رہی ہیں جا داخل کرے گا ہمیشہ ان میں رہیں گے خدا ان سے خوش اور وہ خدا سے خوش۔ یہی گروہ خدا کا لشکر ہے (اور) سن رکھو کہ خدا ہی کا لشکر مراد حاصل کرنیوالا ہے۔"

تخریج: اس حدیث کو امام طبرانی نے حضرت ابن عباسؓ سے ان الفاظ کے ساتھ مرفوعاً روایت کیا ہے:

أوثق عرى الايمان الموالاة فى الله، والمعاداة فى الله، والحب فى الله، والبغض فى الله عز وجل

اور ابوداؤد اور ضیاء نے ابوامامہ سے ان الفاظ کے ساتھ مرفوعاً نقل کیا ہے:

من أحب لله وأبغض لله واعطى لله ومنع لله فقد استكمل الايمان اور ایک روایت میں" فقد استكمل ايمانه" آیا ہے۔

عیادت وملاقات والا مسلمان

۵۰۱۵: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا عَادَ الْمُسْلِمُ اَخَاهُ اَوْزَارَهُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى طِبْتَ وَطَابَ مَمْشَاكَ وَتَبَوَّاتَ مِنَ الْجَنَّةِ مَنْزِلاً۔ (رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٣٢٠ الحدیث رقم ٢٠٠٨ و ابن ماجه فی ١/ ٤٦٤، واحمد فی المسند ٢/ ٣٤٤۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب ایک مسلمان دوسرے مسلمان کی عیادت ملاقات کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ تو اچھا ہے تیرا چلنا اچھا ہے اور تو نے جنت میں اپنا گھر بنالیا۔ (ترمذی)

تشریح: قوله: عاد المسلم أو أخاه:

اس "او" میں دو احتمال ہیں: ۱ یہ "او" برائے تنویع ہے۔ ۲ یہ "او" بیان شک کیلئے ہے، کسی ایک کو غلبہ دینے کی بناء پر یا اصل معنی کی رعایت کرتے ہوئے فرمایا۔ لفظ عیادت اور زیادہ قریب المعنی ہیں، البتہ عیادت کا لفظ عام طور پر بیماری کے موقع پر استعمال کرتے ہیں اور زیارت کا لفظ عموماً حالت صحت کے موقع پر استعمال ہوتا ہے، اور زیادہ واضح بات یہ ہے کہ لفظ زیارت، لفظ عیادت کے مقابلہ میں "اعم" ہے، جیسا کہ یہ دونوں لفظ "عیادت" کے مقابلہ میں اخص ہیں۔

دنیا میں زندگی کو خوشی واطمینان ملنے کا تعلق جن چیزوں سے ہے وہ یہ ہیں کہ قناعت وتوکل کی دولت نصیب ہو جائے رضائے الٰہی کی سعادت ملے، رزق میں برکت، قلب میں وسعت وحوصلہ، عادات واطوار میں تہذیب وشائستگی اور علم وعمل کی توفیق حاصل ہو۔

قوله: طبت وطاب عشاك وتبوا ت من الجنة منزلا: طبت: طاء مہملہ کے کسرہ کے ساتھ۔ واضح رہے کہ یہ تینوں لفظ "طبت"، "طاب" اور "تبوأت" بطور خبر نقل ہوئے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ اس شخص کو حق تعالیٰ کی طرف سے مذکورہ چیزوں کے حاصل ہو جانے کی خوشخبری دی جاتی ہے۔ لیکن یہ بھی احتمال ہے کہ یہ تینوں لفظ دعائیہ جملہ کے طور پر منقول ہوں، اس صورت میں ان الفاظ کے معنی یہ ہوں گے کہ تیری زندگی کو خوشی وراحت نصیب ہو، تیرا راہ چلنا مبارک ثابت ہو اور تجھے جنت میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اعلیٰ مقام حاصل ہو۔

اس عمل پر اس قدر اجر وثواب کا سبب یہ ہے کہ کسی مؤمن کا جی خوش کرنا عبادت ثقلین سے افضل ہے۔ خصوصاً جب کہ عیادت فرض کفایہ بھی ہے۔ اس حدیث میں وعظ وعبرت بھی ہے۔ اور تذکیر وتنبیہ ہے کہ صحت وحیات اور فراغت ورفع ہموم کو غنیمت جانو۔ نسأل الله العفو و العافيه و حسن الخاتمة۔

محبت والے بھائی کو بتلا دے

۵۰۱۶: وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَحَبَّ الرَّجُلُ اَخَاهُ فَلْيُخْبِرْهُ اَنَّهٗ يُحِبُّهٗ۔ (رواه ابوداؤد الترمذی)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۳۴۳/۵ الحديث رقم ۵۱۲۴، والترمذی فی ۵۱۷/۴ الحديث رقم ۲۳۹۲، واحمد فی المسند ۱۳۰/۴۔

ترجمہ: حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب کوئی شخص اپنے بھائی سے محبت کرے تو وہ اسے بتلا دے کہ وہ اس سے محبت کرتا ہے۔ (ابوداؤد، ترمذی)

اسنادی حیثیت: امام ترمذیؒ نے فرمایا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

تشریح: یہ حکم اس لئے دیا گیا کہ جب اس مسلمان کو یہ معلوم ہوگا کہ فلاں شخص مجھ سے دوستی اور محبت رکھتا ہے تو وہ بھی اس سے دوستی ومحبت رکھے گا اور دوستی کے حقوق ادا کرے گا نیز اس کے حق میں دعا گو وخیر خواہ رہے گا۔

تخریج: امام میرکؒ نے رمایا: اس حدیث کو امام نسائیؒ نے "اليوم والليلة" میں ذکر فرمایا ہے۔ جامع صغیر میں لکھتے ہیں: اذا احب احدكم اخاه فليعلمه انه يحبه اس حدیث کو امام احمد نے، نیز امام بخاریؒ نے اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے۔ ابوداؤد، ترمذی، حاکم اور ابن حبان نے حضرت مقدامؓ سے روایت کیا ہے۔ ابن حبان نے اس حدیث کو حضرت انسؓ سے بھی روایت کیا ہے۔

احمد اور ضیاء نے حضرت ابوذرؓ کی روایت میں یہ الفاظ ذکر کئے ہیں: اذا أحب أحدكم صاحبه فليأته فی منزله فليخبره أنه يحبه لله امام بیہقی نے اور ابونعیم نے "الحلیہ" میں یہ الفاظ نقل کئے ہیں:

اذا اجبت رجلا فلا تماره ولا تشاره ولا تسأل عنه أحدا فعسى ان توافى له عدوا فيخبرك بما ليس فيه فيفرق ما بينك وبينه

تم سے وہ ذات محبت کرے جس کی خاطر تو مجھ سے محبت کرتا ہے

۵۰۱۷: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهٗ نَاسٌ فَقَالَ رَجُلٌ مِمَّنْ عِنْدَهٗ اِنِّيْ لَاُحِبُّ هٰذَا الرَّجُلَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْلَمْتَهٗ قَالَ لَا قَالَ قُمْ اِلَيْهِ فَاَعْلِمْهُ فَقَامَ اِلَيْهِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَاَعْلَمَهٗ فَقَالَ اُحِبُّكَ الَّذِیْ اَحْبَبْتَنِیْ لَهٗ قَالَ ثُمَّ رَجَعَ فَسَاَلَهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ بِمَا قَالَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلَكَ مَا اَحْتَسَبْتَ (رواه البيهقی فی شعب الايمان وفی رواية الترمذی) اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ وَلَهٗ مَا اكْتَسَبَ۔

أخرجه ابوداؤد فی السنن ٥/٣٣٤ الحديث رقم ٥١٢٥، والترمذی فی ٤/٥١٤ الحديث رقم ٢٣٨٦، واحمد فی المسند ٣/١٥٠ واخرجه البيهقی فی شعب الايمان ٦/٤٨٩ الحديث رقم ٩٠١١۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جو لوگ کھڑے تھے ان میں سے ایک نے کہا کہ میں اس سے اللہ تعالیٰ کے لئے محبت کرتا ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ کیا تو نے اسے بتا دیا ہے اس نے عرض کیا نہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اٹھ کے اس کے پاس جاؤ اور اس کو بتا دو تو وہ شخص اٹھ کے اس شخص کے پاس گیا اور اسے (اپنی محبت کے بارے میں) بتا دیا تو اس نے کہا کہ تجھ سے وہ ذات محبت کرے جس کی خاطر تو نے مجھ سے محبت کی راوی کہتے ہیں کہ وہ واپس لوٹا اور اس نے بتلایا جو اس نے کہا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تجھے اس کا ساتھ نصیب ہوگا جس سے تجھے محبت ہے اور تیرے لئے وہ جو تم نے اجر طلب کیا۔ بیہقی، شعب الایمان، ترمذی میں اس طرح ہے آدمی اس کے ساتھ ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے اور اس کے لیے وہی ہے جو اس نے کمایا۔

تشریح: وعنده ناس: جملہ حالیہ ہے۔

أعلمته: ہمزہ مقدر ہے محققہ ومسہلہ بھی ہوسکتا ہے اور یہ بھی درست ہے کہ ہمزہ کو مد کے ساتھ پڑھا جائے چونکہ دوسرا ہمزہ منقلبہ ہے۔

ولك ما احتسب: "احتساب" کے معنی ہیں اللہ تعالیٰ سے ثواب کی امید رکھنا اور حسبہ اس لفظ کا اسم ہے یہ لفظ شاید کہ "حساب" سے یا "حسب" سے نکلا ہے جس کے معنی گننے شمار کرنے کے ہیں اور "احتسب بالعمل" اس وقت کہا جاتا ہے جب کوئی شخص اپنے کسی عمل کے ذریعہ اللہ کی رضا کا طالب ہو۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ کی رضا وخوشنودی کی خاطر کسی سے محبت کرنا ایسا فعل ہے جو اگر ثواب کی نیت سے ہو تو وہ حساب میں آتا ہے یعنی اس پر اجر مرتب ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ محبت کرنے والے کو اسکی نیت کے مطابق ثواب عطا کرتا ہے۔

تورپشتیؒ نے فرمایا: یہ دونوں لفظ معنی مرادی کے اعتبار سے قریب قریب ہیں۔

اور امام طیبی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: وذلك لأن معنى ما اكتسب كسب كسبا يعتد به، ولا يرد عليه مسب الرياء والسمعة وهذا هو معنى الاحتساب، لأن الافتعال للاعتمال

صاحب النہایہ لکھتے ہیں: "احتساب" حسب سے ماخوذ ہے، جیسا کہ "اعتداد" عدد سے ماخوذ ہے۔ جو شخص اپنے کسی عمل کے ذریعہ اللہ کی رضا کا ارادہ کرتا ہے، کہا جاتا ہے: احتسبه چونکہ اس وقت یہ حق ہے کہ اس کے عمل کو شمار کیا جاسکے، چنانچہ مباشرت فعل میں اس کو گویا کہ معتد بہ سمجھا گیا، اور "حسبة"، احتساب کا اسم ہے، جیسا کہ "عدة"، اعتداد کا اسم ہے۔

حصن الجزری میں ہے: اذا قال له: انی احبك وفی رواية: فی اللّٰه؛ قال: احبك الذی احببتنی له اس کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نسائی، ابوداؤد وابن ماجہ نے اور ابن سنی نے "عمل الیوم واللیلۃ" میں نقل کیا ہے۔

تیری دوستی مؤمن سے ہو

۵۰۱۸: وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَاتُصَاحِبْ اِلَّا مُؤْمِنًا وَلَا یَاْکُلْ طَعَامَكَ اِلَّا تَقِیٌّ۔ (رواہ الترمذی وابوداؤد والدارمی)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۱۶۷ الحدیث رقم ۴۸۳۲ والترمذی فی ۴/۵۱۹ الحدیث رقم ۲۳۹۵، والدارمی فی ۲/۱۴۰ الحدیث رقم ۲۰۵۷، واحمد فی المسند ۳/۳۸۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا کہ مؤمن کے سواء کسی سے دوستی نہ لگاؤ اور تیرے کھانا بس پرہیزگار ہی کھائے۔ (ترمذی، ابوداؤد، دارمی)

تشریح: ارشادِ گرامی صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری جملہ کا یہ مطلب بھی ہے کہ تمہیں چاہئے کہ تم اپنی روزی حلال و جائز وسائل و ذرائع سے حاصل کرو تاکہ وہ نیک و پرہیزگار مسلمانوں کے کھانے کے قابل ہو اور یہ مطلب بھی ہے کہ تمہیں چاہئے کہ تم اپنا کھانا (دعوت کی صورت میں) صرف متقی و پرہیزگار مسلمانوں کو کھلاؤ تاکہ اس کھانے کے ذریعہ انہیں عبادت خداوندی اور نیک کام کرنے کی طاقت حاصل ہو، غیر متقی اور بدکار لوگوں کو اپنا کھانا نہ کھلاؤ کہ جس سے ان کو گناہ کرنے کی طاقت حاصل ہو۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے غیر متقی کے ساتھ صحبت و ہم نشینی اور ہم پیالہ و ہم نوالہ ہونے سے اس لئے منع فرمایا چونکہ مطاعم دلی الفت و مودت پیدا کرتے ہیں۔

خطابی فرماتے ہیں صرف تیٔ کو کھانا کھلانے کے حکم کا تعلق دعوت طعام سے ہے۔ ضرورت مندی و احتیاج کی صورت اس سے مستثنیٰ ہے (کیونکہ کسی بھوکے اور محتاج کو کھانا کھلانے کیلئے کسی قسم کا امتیاز روا نہیں ہے!) یہ بات اس آیت کریمہ: ﴿وَیُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰی حُبِّهٖ مِسْكِیْنًا وَّیَتِیْمًا وَّاَسِیْرًا﴾ [الانسان ۔۸] سے بھی ثابت ہے کیونکہ یہ بات تو معلوم ہی ہے کہ اس آیت میں دوسرے ضرورتمندوں کے ساتھ جن اسیروں کا ذکر کیا گیا ہے وہ کافر تھے (لہٰذا معلوم ہوا کہ رفع حاجت یعنی بھوک سے بچانے کے لئے کافر کو کھلانا جائز ہے۔)

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اگر یہ کہا جائے کہ مؤمن سے مراد عام لینا بھی درست ہے، اور مؤمن سے خاص یعنی جو فاسق کے مقابلہ میں آتا ہے، مراد لینا بھی درست ہے۔ جیسا کہ اس آیت کریمہ میں: ﴿اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ؕ لَا یَسْتَوٗنَ﴾ [السجدہ۔۱۸] چنانچہ معنی یوں ہوں گے: لا تصاحب الا صالحا۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: مفسرین کا اتفاق ہے، کہ (یہاں) فاسق سے مراد کافر ہے، اور مابعد کلام بھی اس پر دال ہے: ﴿اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ؕ لَا یَسْتَوٗنَ اَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰی ۙ نُزُلًا بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ وَاَمَّا الَّذِیْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ كُلَّمَا اَرَادُوْۤا اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنْهَاۤ اُعِیْدُوْا فِیْهَا وَقِیْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ﴾ [السجدہ۔۱۸۔۲۰] "بھلا جو مومن ہو وہ اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو نافرمان ہو؟ دونوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

برابر نہیں ہو سکتے جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے (رہنے کے) لئے باغ ہیں یہ مہمانی ان کاموں کی جزا ہے جو وہ کرتے تھے اور جنہوں نے نافرمانی کی ان کے رہنے کے لئے دوزخ ہے جب چاہیں گے کہ اس میں سے نکل جائیں تو اس میں لوٹا دیئے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا کہ دوزخ کے عذاب کو تم جھوٹ سمجھتے تھے اس کے مزے چکھو"۔

بیضاویؒ فرماتے ہیں: یہ ان کے خلود سے عبارت ہے۔

تفسیر سید معین الدین صفوی رحمۃ اللہ علیہ میں لکھا ہے، کہ یہ آیت حضرت علیؓ اور عقبہ بن ابی معیط کے بارے میں نازل ہوئی، ان دونوں کے درمیان کوئی تنازع تھا، اس نے حضرت علیؓ سے کہا: انك صبي وانا والله ابسط لسانا وأحد سنانا، واشجع منك جنانا حضرت علیؓ نے ان کے جواب میں فرمایا: اسكت! فانك فاسق عطاء بن یسار اور سدی وغیرہ نے بھی اسی طرح کی بات کہی ہے۔ یہاں فاسق سے مراد خارج از ایمان قائم علی الکفر ہے، چنانچہ یہ اشکال نہ کیا جائے کہ ولید نے آخری عمر میں اسلام قبول کر لیا تھا۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ نہی (لاَ یاکل) غیر متقی کیلئے ہے، کہ وہ اس کا کھانا نہ کھائے، اور اس نہی سے مراد یہ ہے کہ وہ غیر متقی، متقی کو اپنے کسب حرام سے نہ کھلائے، اور نہ اس کو ایسی چیز عطاء کرے کہ جس سے متقی کو نفرت ہو۔ چنانچہ معنی یہ ہو گئے: لا تصاحب الا مطيعا، ولا تخالل الا تقيا اھ۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: امام طیبیؒ کی یہ بات ہے تو بہت پیاری ہے مگر اس سے وجہ حصر برقرار نہیں رکھتی، چنانچہ بات وہی درست ہے، جو ہم نے ماقبل میں کہی۔ واللہ اعلم

تخریج: اس حدیث کو امام احمد، ابن حبان اور حاکم نے بھی حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

انسان اپنے دوست کے دین وطریقہ پر ہوتا ہے

۵۰۱۹: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَرْءُ عَلٰى دِيْنِ خَلِيْلِهٖ فَلْيَنْظُرْ اَحَدُكُمْ مَنْ يُّخَالِلُ۔ (رواه احمد والترمذی وابوداؤد والبيهقی فی شعب الايمان وقال الترمذی هذا حديث حسن غريب وقال النووی اسناده صحيح)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ١٦٨/٥ الحديث رقم ٤٨٣٣، والترمذی فی السنن ٥٠٩/٤، واحمد فی المسند ٣٠٣/٢ والبيهقی فی شعب الايمان ٥٥/٧ الحديث رقم ٩٤٣٦۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان اپنے دوست کے دین وطریقہ پر ہوتا ہے پس غور کر لینا کہ وہ کس سے دوستی لگاتا ہے۔ (احمد، ترمذی، ابوداؤد، بیہقی) ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے اور نوویؒ نے کہا ہے اس روایت کی اسناد صحیح ہے۔

تشریح: خلیل: "النہایۃ" میں ہے کہ "خلیل" کا معنی ہے "صدیق" یہ "فعیل" بمعنی "فاعل" ہے۔ اور کبھی بمعنی "مفعول" ہوتا ہے۔

"خلۃ": خاء کے ضمہ کے ساتھ بمعنی الصداقة والمحبة التی تخللت القلب فصارت خلاله ای فی باطنه،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یعنی وہ محبت جو دل کی ہر ہر رگ اور ہر ہر ریشہ میں رچ بس گئی ہو۔ اھ۔

محبت اولیٰ ہے، کہ خلّت؟ یہ مسئلہ اختلافی ہے، بظاہر محبت اولیٰ ہے۔ یہ موضوع کلام بسط کا مقتضی ہے، چنانچہ اس سے عدول کرنا مناسب ہے۔

قال النووی: بعض نسخوں میں الف کی زیادتی بھی ہے (یعنی نوی کے بجائے نواوی ہے)۔

حدیث میں جس دوستی کے بارے میں ذکر کیا گیا ہے اس سے مراد

ارشاد باری تعالیٰ ہے: [يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ] [التوبۃ۔۱۱۹]

''اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ رہو!''۔

امام غزالیؒ نے فرمایا کہ حریص کے ساتھ ہم نشینی ومخالطت حرص کا محرک ہے اور زاہد کی ہم نشینی ومخالطت دنیا سے بے رغبتی پیدا کرتی ہے۔ کیونکہ صحبت واختلاط کا اثر قبول کرنا اور اپنے ہم نشینی ومصاحب کی مشابہت وپیروی اختیار کرنا انسانی طبیعت و جبلت کا خاصہ ہے۔ بلکہ طبائع دوسری طبائع سے چوری کرتی ہیں کہ پتہ بھی نہیں چلتا۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: امام نووی نے یہ حدیث ''ریاض الصالحین'' میں ذکر کی ہے۔ مؤلف کا اس حدیث کو ذکر کرنا اور پھر اطناب برتنا اس کا مقصد حدیث پر ہونے والے طعن کا دفعیہ ہے اور ان حضرات کے وہم کو دور کرنا ہے جن کو وہم ہوا ہے کہ یہ حدیث موضوع ہے۔ امام سیوطیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث مصابیح کی ان احادیث میں سے ہے، جن کی بابت حافظ سراج الدین قزوینی نے نقد کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ موضوع کہا ہے۔ حافظ ابن حجر یعنی عسقلانی اس کی تردید میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو امام ترمذی نے حسن اور حاکم نے صحیح قرار دیا ہے۔

دوستی کو مضبوط کرنے والی باتیں

۵۰۲۰: وَعَنْ يَزِيْدِ بْنِ نَعَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا آخٰى الرَّجُلُ الرَّجُلَ فَلْيَسْئَلْهُ عَنِ اسْمِهٖ وَاسْمِ اَبِيْهِ وَمِمَّنْ هُوَ فَاِنَّهٗ اَوْصَلُ لِلْمَوَدَّةِ۔ (رواہ الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥١٧ الحدیث رقم ٢٣٩٢۔

ترجمہ: حضرت یزید بن نعامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:..... جب کوئی شخص دوسرے سے بھائی چارہ کرے تو اس سے اس کا نام، قبیلے کا نام اور والد کا نام دریافت کرلے کیونکہ یہ دوستی کو مضبوط کرنے والی چیزیں ہیں۔ (ترمذی)

راویٔ حدیث:

یزید بن نعامۃ۔ یہ یزید۔ ''نعامہ'' کے بیٹے اور ''ضبی'' ہیں۔ ان سے ''سعید بن سلیمان'' نے روایت کی ہے۔ بحالت شرک حنین میں شریک ہوئے اور اس کے بعد مسلمان ہوئے ترمذی رحمہ اللہ کا ارشاد ہے کہ ان کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: آخی: ہمزہ ممدودہ کے ساتھ، مؤاخاۃ سے ماضی کا صیغہ ہے۔

فلیسائلہ: باب مفاعلہ سے ہے۔اور ایک نسخہ فصیحۃ میں فلیسأل ہے۔

فانہ: ضمیر کا مرجع ''السؤال عما ذکر'' ہے۔شرح المصابیح میں صرف '' اوصل '' ہے (یعنی '' للمودۃ '' کا اضافہ نہیں ہے)۔

تخریج: اس حدیث کو ابن سعد نے، اور امام بخاری نے اپنی تاریخ میں یزید بن نعامہ سے نقل کیا ہے۔امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہ حدیث غریب ہے۔اس حدیث کے راوی یزید بن نعامہ کا سماع آنحضرت ﷺ سے ہم نہیں جانتے۔اھ۔اس حدیث کے رجال موثق ہیں۔اس حدیث کو ابن عمرؓ کی حدیث سے بھی تقویت ملتی ہے، جس کو امام بیہقی نے شعب الایمان میں ان الفاظ کے ساتھ ذکر کیا ہے: **اذا احببت رجلا فاسأله عن اسمه وسم أبيه، فان كان غائبا حفظته، وان كان مريضا عدته، وان مات شهدته** یہ حدیث پچھلی حدیث کیلئے بمنزلہ تفسیر کے ہے۔واللہ اعلم بالحقائق۔

الفصل الثالث:

اللہ تعالیٰ کے لئے محبت وبغض سب سے زیادہ محبوب عمل ہے

۵۰۱۱: عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ اَیُّ الْاَعْمَالِ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى قَالَ قَائِلٌ الصَّلٰوةُ وَالزَّكٰوةُ وقَالَ قَائِلٌ الْجِهَادُ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَبَّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى اَلْحُبُّ فِی اللّٰهِ وَالْبُغْضُ فِی اللّٰهِ۔

(رواہ احمد وروی وابوداؤد والفصل الاخیر)

أخرجه احمد فی المسند ۵/۱۴۶ واخرج ابوداؤد الفصل الاخیر فی السنن ۵/۶ الحدیث رقم ۴۵۹۹۔

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے ہاں تشریف لائے اور فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کو کونسا عمل زیادہ پسند ہے کسی نے نماز تو دوسرے نے زکوٰۃ کا ذکر کیا اور کسی نے جہاد کا تذکرہ کیا۔آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ محبوب عمل اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت وبغض رکھنا ہے۔(احمد وابوداؤد نے اپنی روایت میں حدیث کا صرف آخری جزو یعنی اِنَّ اَحَبَّ الْاَعْمَالِ..... نقل کیا ہے۔

تشریح: قال أتدرون أی الاعمال احب الی اللّٰہ: جملہ مستانفہ بیانیہ ہے۔سوال مقدر کا جواب ہے۔

قولہ: قال قائل الصلوۃ والزکوۃ:

لفظ والزکوۃ میں حرف واؤ معنی کے اعتبار سے ''او'' کی جگہ استعمال ہوا ہے۔گویا مفہوم کے اعتبار سے '' الصلوۃ'' کے بعد کی عبارت گویا یوں ہے وقَالَ: قَائِلٌ الزَّكٰوةُ (اور کسی کہنے والے نے کہا کہ زکوٰۃ) قال قائل: الجهاد: ایک نسخہ میں (واؤ کے ساتھ) '' وقال قائل: الجهاد'' ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام طیبیؒ فرماتے ہیں حدیث میں آنحضرت ﷺ کے سوال' صحابہؓ کے جواب اور پھر آنحضرت ﷺ کے ارشاد کا جواب اور پھر آنحضرت ﷺ کے ارشاد کا جو اسلوب نقل کیا گیا ہے اس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حب فی اللہ اور بغض فی اللہ کا درجہ نماز' زکوٰۃ اور جہاد سے بھی بڑا ہے جبکہ حقیقت یہ نہیں ہے کیونکہ نماز و زکوٰۃ اور جہاد وہ اعمال ہیں جو بلا شک وشبہ تمام اعمال سے افضل واعلیٰ ہیں'

اشکال کا جواب یہ ہے کہ جو شخص حقیقی معنی میں کسی سے اللہ کی رضا وخوشنودی کی خاطر محبت وتعلق رکھے گا وہ یقیناً انبیاء وعلماء اور اولیاء اللہ سے سچی محبت وعقیدت رکھے گا۔ تو ظاہر ہے کہ وہ یقیناً ان کی اتباع و پیروی بھی کرے گا۔ (بایں طور کہ نماز بھی پڑھے گا)۔ اور زکوٰۃ دے گا۔ اسی طرح جو شخص کسی سے اللہ کی رضا وخوشنودی کی خاطر بغض ونفرت رکھے گا تو وہ یقیناً دشمنانِ دین سے دشمنی اور عداوت رکھے گا اور جب وہ ان سے دشمنی وعداوت رکھے گا تو ظاہر ہے کہ وہ ان کی بیخ کنی' جہاد فی سبیل اللہ اور دین کی سربلندی کی سعی وکوشش کرے گا۔ (لہٰذا حب فی اللہ اور بغض فی اللہ کے ضمن میں ساری طاعتیں آجائیں گی خواہ وہ نماز وزکوٰۃ ہو یا جہاد وغیرہ ان میں سے کوئی بھی چیز اس عمل سے باہر نہیں رہے گی اس اعتبار سے حضور ﷺ کے ارشاد کا مطلب یہ ہوگا کہ دین کی اصلی بنیاد اور اعمال وطاعات کا مدار حب فی اللہ اور بغض فی اللہ پر ہے جس شخص نے اس درجہ کو حاصل کرلیا اس کے لئے تمام عبادات وطاعات کو اختیار کرنا کچھ مشکل نہیں ہوگا۔) اھ۔ یہ جواب غیر شافی ہے' جیسا کہ مخفی نہیں' اور ان دونوں کے درمیان معنی ومبنی میں کوئی مناسبت نہیں ہے'

اس ارشاد گرامی ﷺ سے مراد یہ ہے کہ قلبی اعمال میں سب سے افضل اعمال حب فی اللہ اور بغض فی اللہ ہے اور بدنی اعمال میں سب سے افضل عمل نماز' روزہ' زکوٰۃ اور جہاد ہیں' اس صورت میں کوئی اشکال پیدا نہیں ہوگا

حاصل یہ ہے کہ شریعت نے جن امور کو اختیار کرنے کا حکم دیا ہے ان پر عمل کرنے کے بعد اور شریعت نے جن امور سے باز رکھا ہے ان سے اجتناب کرنے کے بعد (یعنی فرائض وواجبات کی تکمیل کے بعد) حب فی اللہ اور بغض فی اللہ سب سے افضل عبادت ہے اور سب سے کامل طاعت ہے لہٰذا تم ان دونوں کو لازم پکڑو۔ اس کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جس کو طبرانی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے:

أحب الاعمال الى اللّٰه بعد الفرائض ادخال السرور فى قلب المؤمن۔

''فرائض کے بعد خدا کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ عمل کسی مؤمن کے دل کو خوشی ومسرت سے بھرنا ہے''۔

یہ حدیث حکیم بن عمیر سے مروی ہے' البتہ الفاظ یوں ہیں:

أحب الأعمال الى اللّٰه من اطعم مسكينا من جوع' او دفع عنه مغرما أو كشف عنه كربا۔اھ۔

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: امام احمد نے اس حدیث کو بحوالہ ابوذر کے ان الفاظ ساتھ ذکر کیا ہے:

أحب الأعمال الحب فى اللّٰه و البغض فى اللّٰه۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ربّ کریم کا اکرام کرنے والا

۵۰۲۲: وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَحَبَّ عَبْدٌ عَبْدًا لِلّٰهِ اِلَّا اَكْرَمَ رَبَّهٗ عَزَّوَجَلَّ۔ (رواہ احمد)

أحمد فی المسند ۲۵۹/۵۔

ترجمہ: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی بندے سے اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت کرتا ہے وہ اپنے رب کریم کا احترام واکرام کرتا ہے۔ (احمد)

بہترین مسلمان کون؟

۵۰۲۳: وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ يَزِيْدَ اَنَّهَا سَمِعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ قَالُوْا بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ خِيَارُكُمُ الَّذِيْنَ اِذَا رُؤُا ذُكِرَ اللّٰهُ۔ (رواہ ابن ماجة)

أخرجه ابن ماجه فی السنن ۱۳۷۹/۲ الحدیث رقم ۴۱۱۹۔

ترجمہ: حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا سے بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ کیا میں تمہیں بہترین مسلمان کے متعلق نہ بتلاؤں۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور بتائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر وہ شخص ہے جس کو دیکھ کر ہی خدا یاد آئے۔ (ابن ماجہ)

تشریح: بخیارکم: "خیر" بمعنی "اَخیر" کی جمع ہے ای افاضلکم۔

رؤا: یہ صیغہ مفعول ہے۔ اور اسی طرح "ذکر" بھی بصیغہ مجہول ہے۔

عرضِ مرتب:

اس حدیث سے متعلقہ تمام تر تشریحات کے لئے ملاحظہ فرمائیے "باب حفظ اللسان" کی فصل ثالث کے آخر میں حدیث ۴۸۷۲، واضح رہے کہ "باب حفظ اللسان" کی روایت میں اتنا اضافہ بھی ہے:

وشرار عباد الله المشاؤون بالنمية، والمفرقون بين الأحبة، الباغون البراء العنت

تخریج: الجامع الصغیر میں ان الفاظ کے ساتھ منقول ہے: **الا انبئكم بخياركم؟ خياركم الذين اذا رؤوا ذكر الله۔**

اس حدیث کو امام احمد اور ابن ماجہ نے بھی اسی راویہ سے نقل کیا ہے۔

بھلائی کی اصل تین چیزیں

۵۰۲۴: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ عَبْدَيْنِ تَحَابَّا فِی اللّٰهِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَزَّوَجَلَّ وَاحِدٌفِی الْمَشْرِقِ وَاٰخَرُ فِی الْمَغْرِبِ لَجَمَعَ اللّٰهُ بَیْنَهُمَا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ یَقُوْلُ هٰذَا الَّذِیْ كُنْتَ تُحِبُّهٗ فِیَّ۔

أخرجه البیهقی فی شعب الایمان ٦/٤٩٢ الحدیث رقم ٩٠٢٢۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر دو شخص اللہ تعالیٰ کے لئے آپس میں محبت کرتے تھے۔ان میں سے ایک مشرق اور دوسرا مغرب میں رہتا تھا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ان کو جمع فرمائے گا اور فرمائے گا یہ وہ شخص ہے جس کے ساتھ تو میری وجہ سے محبت کرتا تھا۔

تشریح: تحابا: اصل میں "تحابیا" تھا۔

واحد: حاء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔اور فتحہ بھی درست ہے۔اور ایک نسخہ میں "واحدهما" ہے۔

یقول: ای سیقول اویقال 'اللہ کے ہاں صبح وشام نہیں ہے۔اور زیادہ واضح بات یہ ہے کہ یہ فاعل سے خالی ہے۔

فی: تعلیلیہ ہے ای لأجلی

تنہائی میں ذکرِ خدا

۵۰۲۵: وَعَنْ اَبِیْ رَزِیْنٍ قَالَ قَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اَدُلُّكَ عَلٰی مِلَاكِ هٰذَا الْاَمْرِ الَّذِیْ تُصِیْبُ بِهٖ خَیْرُ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ عَلَیْكَ بِمَجَالِسِ اَهْلِ الذِّكْرِ وَاِذَا خَلَوْتَ فَحَرِّكْ لِسَانَكَ مَا اسْتَطَعْتَ بِذِكْرِ اللّٰهِ وَاَحِبَّ فِی اللّٰهِ وَاَبْغِضْ فِی اللّٰهِ یَا اَبَا رَزِیْنٍ هَلْ شَعَرْتَ اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا خَرَجَ مِنْ بَیْتِهٖ زَائِرًا اَخَاهُ شَیَّعَهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مَلَكٍ كُلُّهُمْ یُصَلُّوْنَ عَلَیْهِ وَیَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اِنَّهٗ وَصَلَ فِیْكَ فَصِلْهُ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تُعْمِلَ جَسَدَكَ فِی ذَالِكَ فَافْعَلْ۔

أخرجه البیهقی فی شعب الایمان٦/٤٩٢ الحدیث رقم ٩٠٢٤۔

ترجمہ: حضرت ابورزین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں اس چیز کی اصل نہ بتاؤں جس سے تمہیں دنیا وآخرت کی بھلائی مل جائے تم اہل ذکر کی مجلس کو لازم پکڑو اور جب تم تنہائی میں ہو تو جہاں تک ہو سکے اپنی زبان کو ذکر الٰہی سے تر رکھو اور اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت وعداوت کرو۔

تشریح: "ألا": برائے تنبیہ ہے۔یا ہمزہ برائے استفہام انکاری اور "لا" برائے نفی ہے۔اور نفی، نفی اثبات ہوتا ہے، لیکن اس کے جواب میں بلی ذکر نہیں فرمایا، لیکن وہ لانا ضروری بھی نہیں ہے۔بہر حال اس کلام میں تنبیہ بر تنبیہ ہے۔ چنانچہ یہاں "ألا" کا معنی یہ ہو جائے گا: تنبه بقولی: ألا الخ

ملاك: کے کسرہ کے ساتھ، وہ چیز کہ جس سے کسی شیء کی بقاء وقوام ہو۔اور مشار الیہ ذہنی ہے، لیکن چونکہ مبہم تھا، چنانچہ اگلے جملہ میں اس کی وضاحت فرمادی۔

"علیك بمجالس الذكر": مجالس ذکر کو لازم پکڑو۔چونکہ یہ مجالس درحقیقت "ریاض الجنه" ہیں۔جیسا کہ امام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترمذی حضرت انسؓ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں: اذا مررتم برياض الجنة فارتعوا قال: يا رسول الله! وما رياض الجنة؟ قال: الذكر

اور مطلب یہ ہے کہ جب تم کسی ایسی جماعت کے پاس ہو، جو ذکر اللہ میں مشغول ہو، تو تم بھی ان کے ساتھ موافقت کرتے ہوئے ذکر اللہ کرلو، چونکہ وہ جنت کے باغات میں ہیں۔

ترمذی میں مروی حضرت ابو ہریرہ سے مروی ایک مرفوع حدیث میں یوں آتا ہے: اذا مررتم برباض الجنة فارتعوا قلت: وما رياض الجنة؟ قال: المساجد قلت: وما الرتع؟ يا رسول الله! قال: سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر بعض شراح حدیث فرماتے ہیں: یہ حدیث مکان اور ذکر کے بارے میں مطلق ہے۔ چنانچہ مطلق کو مقید پر محمول کیا جائے گا۔ (ذکرہ میرک)

صحیح بات یہ ہے کہ مساجد واذکار کا ذکر بطور مثال کے ہے۔ ہاں اتنی بات ضرور ہے کہ مساجد ''خیر المجالس'' ہیں، لہٰذا یہ کہا جائے گا، کہ ان کا ذکر افضل ہونے کی وجہ سے فرمایا اور جہاں تک تعلق ہے اذکار کا سو وہ باقیات صالحات ہیں، نیز قرآن میں سے ہیں۔ اس وجہ سے ان پر نص فرمائی، وگرنہ تو مجالس ذکر علماء واعظین اور اولیاء اللہ کی محافل کو بھی شامل ہیں، بایں طور کہ ان کی مجالس بھی ذکر اللہ سے پُر ہوتی ہے، ان کی مجالس معرفت عقائد، شرائع دینیہ، عبادات مالیہ وبدنیہ، حلال حرام سے متعلقہ مسائل، ترغیب وترہیب اور ان جیسے امور پر مشتمل ہوتی ہے۔ واللہ اعلم۔

واذا خلوت الخ: حاصل یہ ہے کہ کسی بھی گھڑی اللہ کے ذکر سے غافل مت ہو، نہ ''جلوت'' میں نہ ''خلوت'' میں۔ امام بزار اسناد صحیح کے ساتھ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں:

قال: قال الله تبارك وتعالى: يا ابن آدم اذ اذكرتني خاليا ذكرتك خاليا، واذا ذكرتني في ملأ ذكرتك في ملأ خير من الذي ذكرتني فيهم

ایک اور حدیث میں کہ جس کو امام ابوداؤد کے علاوہ محدثین کی جماعت نے نقل کی ہے یوں آتا ہے:

يقول الله: انا عند ظني عبدي بي، وانا معه اذا ذكرني، فان ذكرني في نفسه ذكرته في نفسي، وان ذكرني في ملأ ذكرته في ملأ خير منهم

في نفسه سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس سے مراد ذکر قلبی ہے، چونکہ اس کے مقابلہ میں ذکر نفسی ہے، اور وہ فی الجملہ کلام نفسی ہے۔ پس اس میں ذکر کی دو انواع میں سے اعلیٰ قسم ذکر خفی کی طرف اشارہ ہے۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی ''فحرك لسانك'' مبتدی پر محمول ہے، کہ وہ اپنے اعضاء وجوارح کے ذریعہ ذکر اللہ کا محتاج ہوتا ہے، جس کی تحقیق نیت کی بحث میں گزر چکی ہے۔ یا اس میں اشارہ ہے، کہ ان دونوں قسموں کو جمع کرنا اکمل ہے اگر چہ ان میں سے ایک افضل ہے۔ اس کی دلیل ابو یعلی کی وہ روایت ہے جو حضرت عائشہ صدیقہؓ سے مروی ہے:

قالت: قال رسول الله ﷺ لفضل الذكر الخفي الذي لا يسمعه الحفظة سبعون ضعفا، اذا كان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يوم القيامة وجمع الله الخلائق لحسابهم وجاء ت الحفظة بما حفظوا وكتبوا قال لهم: انظروا هل بقي له من شيء؟ فيقولون: ما تركنا شيئا مما علمناه وحفظناه الا وقد أحصيناه وكتبناه، فيقول الله: ان لك عندى حسنا لا تعلمه، وأنا أجزيك به وهو الذكر الخفي اھ۔

اس حدیث کے جملہ" لا تعلمه " میں صوفیا کی بات:"فناء الذا كر با لذكر وبقائه بالمذكور" کی طرف خفیہ اشارہ ہے۔جیسا کہ اس آیت کریمہ میں ہے:﴿واذكر ربك اذ انسيت﴾ ای:نسيت نفسك او ذكرها ايضا۔

زبرجد کے بالا خانوں کے مکین

۵۰۲۶:وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِى الْجَنَّةِ لَعُمُدًا مِنْ يَاقُوْتٍ عَلَيْهَا غُرَفٌ مِنْ زَبَرْجَدٍلَهَا اَبْوَابٌ مُفَتَّحَةٌ يُضِئُ كَمَا يُضِئُ الْكَوْكَبُ الدُّرِّيُّ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ يَّسْكُنُهَا قَالَ الْمُتَحَابُّوْنَ فِى اللّٰهِ وَالْمُتَجَالِسُوْنَ فِى اللّٰهِ وَالْمُتَلَاقُوْنَ فِى اللّٰهِ ۔ (روى البيهقى الا حاديث الثلاثة فى شعب الايمان)

أخرجه البيهقى فى شعب الايمان ٤٨٧/٦ الحديث رقم ٩٠٠٢۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت میں یاقوت کے کچھ ستون ہیں جن پر زبرجد کے بالا خانے ہیں ان کے دروازے کھلے ہیں اور روشن ستارے کی طرح چمکتے ہیں۔صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ان میں کون رہے گا؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی خاطر آپس میں محبت کرنے والے اور اللہ ہی کی خاطر آپس میں مل بیٹھنے والے اور اللہ ہی کی خاطر آپس میں ملاقات کرنے والے۔ یہ تینوں روایات بیہقی نے شعب الایمان سے ذکر کی ہیں۔

تشریح: قوله: ان فى الجنة لعمدًا من يا قوت عليها غرف من زبر جد:

"لعمدا": عین اور میم ہر دو کے ضمہ کے ساتھ، عمود بمعنى اسطوانة کی جمع ہے۔ایک نسخہ میں یہ دونوں حرف مفتوح ہیں۔اس آیت کریمہ:﴿فى عمد ممددة﴾ میں یہ لفظ دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔قاموس میں لکھتے ہیں: العمود معروف، والجمع اعمدةٌ و عمدٌ وعَمَدٌ

" غرف": غین کے ضمہ اور راء کے فتحہ کے ساتھ ہے۔" غرفه" کی جمع ہے۔

" زبرجد": زاء اور باء کے فتحہ، راء کے سکون اور جیم کے فتحہ کے ساتھ۔

ابواب مفتحة : اس قید میں اشارہ ہے کمال امن کی طرف یا اس طرف کہ یہ صاحب خانہ کے انتظار میں ہیں۔

تضئ: یہ لازم ومتعدی دونوں معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

" الدرى": دال کے ضمہ اور کسرہ کیساتھ، راء کی تشدید اور یائے تحتانیہ کے ساتھ۔صاحب قاموس کا کہنا ہے کہ یہ مثلثہ ہے۔امام بیضاویؒ اس آیت کریمہ:﴿كانها كوكب دري﴾ [illegible]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ای مضیٔ متلألئ کالزهرة فی صفائه و زهرته، منسوب الی الدر او فعیل کمریق أی العصفر من الدرء ،فانه یدفع الظلام لضوئه او بعض ضوئه بعضا من لمعانه الاأ نه قلب همزته یاء، وبدل علیه قراء ة حمزة وابی بکر علی الاصل، وقراء ة بی عمرو الکسائی دری کشریب ای کثیر الشرب، وقد قری به مقلوبا ای بکسر الدال، وقلب همزته یاء لکنه شاذ قرأبه الزهری

"المتلاقون": سے مراد باہم ایک دوسرے کی زیارت کرنے یا باہم مصافحہ کرنے والے۔

تخریج: آخری حدیث کو ابن ابی الدنیا نے "کتاب الاخوان" میں ذکر کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ مَا يُنْهٰى عَنْهُ مِنَ التَّهَاجُرِ وَالتَّقَاطُعِ وَاتِّبَاعِ الْعَوْرَات

ممنوع چیزوں یعنی ترک ملاقات' انقطاع تعلق اور عیب جوئی کا بیان

الفصل الاول:

تین دن سے زائد قطع تعلق جائز نہیں

۵۰۲۷: وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا یَحِلُّ لِلرَّجُلِ اَنْ یَّهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلٰثِ لَیَالٍ یَلْتَقِیَانِ فَیُعْرِضُ هٰذَا وَیُعْرِضُ هٰذَا وَخَیْرُهُمَا الَّذِیْ یَبْدَأُ بِالسَّلَامِ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۴۹۲/۱۰ الحدیث رقم ۶۰۷۷ و مسلم فی ۱۹۸۴/۴ الحدیث رقم (۲۵۶۰-۲۰) و ابوداؤد فی السنن ۲۱۴/۵ الحدیث رقم ۴۹۱۱، والترمذی فی ۲۸۸/۴ الحدیث رقم ۱۹۳۲ و مالك فی الموطأ ۹۰۶/۲ الحدیث رقم ۱۳ من کتاب حسن الخلق، واحمد فی المسند ۱۷۶/۱۔

ترجمہ: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ آدمی کو مناسب نہیں کہ وہ اپنے مسلمان بھائی سے تین دن سے زائد قطع تعلق کرے اور ملاقات کے وقت دونوں ایک دوسرے سے منہ پھیر لیں اور دونوں میں بہتر سلام میں پہل کرنے والا ہے۔ (بخاری و مسلم)

''ہجر'' ضد ہے، ''وصل'' کی۔ اور ''تہاجر'' اخص ہے ''تقاطع'' سے۔ اور اتباع معنی میں ہے تتبع اور تجسس کے۔ اور ''عورۃ'' انسان کے عیب وخلل کو کہتے ہیں۔

عرضِ مرتب:

''تھاجر'' کے معنی ہیں ترک کرنا' کاٹنا اور ''تقاطع'' کے معنی بھی یہی ہیں' اس اعتبار سے لفظ ''تقاطع'' معنوی طور پر لفظ'' تھاجر'' کی وضاحت اور اس کے بیان کے لئے ہے

ان دونوں لفظوں سے مراد ہے ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان سے تین دن سے زیادہ سلام وکلام اور ملنا جلنا چھوڑے رکھنا' صحبت وہم نشینی کے تعلق کو منقطع رکھنا اور اسلامی بھائی چارہ کو نظر انداز کرنا چونکہ ان امور کی ممانعت علی اطلاق نہیں ہے بلکہ بعض حالت میں اور بعض قیود کے ساتھ ان کو اختیار کرنا کوئی گناہ نہیں رکھتا اس لئے مذکورہ بالا عنوان میں یوں کہا گیا ہے'' ما ینهی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عنه من التهاجر والتقاطع۔"

''عورات'' عورت کی جمع ہے۔ لغت میں عورت اس چیز کو کہتے ہیں جو شرم کی متقاضی ہو' جس کے ظاہر ہونے کو کوئی شخص پسند نہ کرتا ہو بلکہ یہ چاہتا ہو کہ وہ چیز پوشیدہ رہے' جیسا کہ کسی شخص میں کسی عیب اور نقصان کا ہونا۔ اس اعتبار سے'' اتباع عورت'' کا مطلب ہے کسی کی عیب جوئی کرنا۔''

اگر کسی وجہ سے اظہارِ خفگی کی خاطر تین دن تک ملنا جلنا چھوڑے رکھا جائے تو یہ جائز ہے کیونکہ انسان کی طبیعت میں غیظ و غضب' کا مادہ ہے وہ بہر حال اپنا اثر ضرور ظاہر کرتا ہے اس لئے اس قدر مدت معاف کر دی گئی ہے تا کہ انسان کے ان جذبات کی بھی کچھ تسکین ہو جایا کرے اور اس تین دن کے عرصہ میں خفگی و ناراضگی اور بغض و نفرت کے جذبات بھی ختم ہو جائیں یا کم سے کم ہلکے پڑ جائیں اور صلح و صفائی ہو جائے۔ (ذکرہ السیوطی)

سیوطیؒ نے موطا کے حاشیہ میں ابن عبدالبرؒ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا ہے کہ اس حدیث میں' کعب بن مالکؓ اور ان کے رفقاء والی حدیث کے ذریعہ تخصیص کی گئی ہے' بایں طور کہ نبی کریمؐ نے اپنے صحابہ کو حکم دیا تھا ان تین حضرات سے قطع تعلق کا یعنی تین سے زائد کا' یہاں تک کہ یہ سلسلہ پچاس دنوں تک پہنچ گیا۔ فرمایا علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جس شخص کو یہ خوف ہو کہ اگر میں فلاں آدمی سے سلام کروں گا اور اس سے ملنا جلنا رکھوں گا تو اس کی وجہ سے مجھے دینی یا دنیاوی نقصان برداشت کرنا پڑے گا اس شخص سے کنارہ کشی اختیار کرنا اور اس سے دور رہنا جائز ہے۔ داناؤں نے کہا ہے'' رب صرم جمیل خیر من مخالطۃ موذیہ'' صاحب النہایہ فرماتے ہیں کہ یہاں ''ھجر'' سے مراد ''وصل'' کی ضد ہے' اجتماعی طور پر ایک جگہ رہنے سہنے اور روزمرہ کے باہمی معاملات کی وجہ سے آپس میں نزاع ہو جایا کرتا ہے اور ایک دوسرے سے کوئی شکایت پیدا ہو جانے کی وجہ سے خفگی کی صورت پیش آجاتی ہے ہاں اگر ترک موالات کسی دینی معاملہ کی وجہ سے ہو جیسے کوئی شخص خواہشات نفسانی کا غلام بن گیا ہو یا کوئی شخص بدعتی ہو تو اس سے ترک ملاقات اس وقت تک واجب ہے۔ جب تک وہ توبہ کر کے راہ راست اختیار نہ کرے اور حق کی طرف رجوع نہ کرے۔

(آنحضرت ﷺ اور صحابہؓ کے زمانہ کے ایسے بہت سے واقعات ملتے ہیں جن میں مسلمانوں کا دینی مصالح کے پیش نظر ایک دوسرے سے تین دن سے زیادہ بھی ترک ملاقات کئے رہنا ثابت ہے)

ان تین صحابہؓ کا واقعہ تو بہت مشہور ہے جو غزوۂ تبوک میں نہیں گئے اور آنحضرت ﷺ نے ان میں نفاق کی راہ پا جانے کے خدشہ سے ان کو تمام مسلمانوں سے الگ تھلگ کر دیا تھا۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ نے تمام صحابہ رضی اللہ عنہم کو یہاں تک کہ ان تینوں کی ازواج اور ان کے عزیز و اقارب کو ان سے ترک ملاقات اور ترک سلام و کلام کا حکم دیا تھا' یہ حکم اور اس پر عمل پچاس دنوں تک جاری رہا' خود آنحضرت ﷺ کے بارے میں منقول ہے کہ آپ ﷺ نے ایک مہینہ تک اپنی ازواج مطہراتؓ سے ملنا جلنا چھوڑے رکھا تھا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایک مدت تک حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے ترک ملاقات اختیار کئے رکھی اسی طرح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے کہ وہ اپنے بیٹے حضرت بلالؓ سے ایک دینی معاملہ میں اس درجہ ناراض ہوئے کہ ان سے بات چیت کرنا چھوڑ دی تھی۔ صحابہ کرام کی ایک جماعت مرتے دم تک قطع تعلق پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قائم رہی حتی کہ وفات بھی قطع تعلقی کی حالت میں پائی تو ممکن ہے کہ ان دونوں میں سے کوئی ایک منسوخ اور دوسرا ناسخ ہو۔ غرضیکہ ایسے بہت سے واقعات منقول ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ دینی معاملات میں خفگی و ناراضگی تین دن سے زیادہ بھی جاری رکھی جاسکتی ہے۔لیکن شرط یہ ہے کہ نیت صادق رکھی جائے اور اس میں کسی نفسانی خواہش اور دنیاوی غرض کا دخل نہ ہو۔

قولہ: وخیر هما الذی یبدأ بالسلام ''جو سلام کے ذریعہ ابتداء کرے'' کا مطلب یہ ہے کہ ان دونوں میں سے جو شخص خفگی و ناراضگی کو ختم کرنے کے لئے پہلے سلام کرے گا' اس کا درجہ دوسرے کے مقابلہ پر بڑا ہوگا۔ نیز اس میں اسی طرف بھی اشارہ ہے کہ سلام میں پہل کرنا ترک ملاقات کے گناہ کو زائل کر دیتا ہے اور یہ کم سے کم ترک سلام کو تو ختم کر ہی دینا چاہئے تا کہ اخوۃ اسلامی کا یہ بنیادی حق ضائع نہ ہونے پائے۔

ہمارے حدیث کے ائمہ میں سے اکمل الدین فرماتے ہیں: یہ حدیث اس بات پر دلالت کر رہی ہے، کہ اپنے مسلمان بھائی سے، تین دن سے زائد قطع متعلق کرنا حرام ہے۔ البتہ یہ کہنا کہ تین دن تک یہ قطع تعلق جائز ہے، تو یہ بات حدیث سے بطور مفہوم تو سمجھ آتی ہے، لیکن منطوق نہیں ہے۔ چنانچہ جو حضرات مفہوم مخالف کی حجیت کے قائل ہیں، جیسا کہ شافعیہ تو ان کے نزدیک تین دن تک قطع تعلق کرنا مباح ہوگا، اور جو اس کے قائل نہیں ہیں، ان کے نزدیک یہ مباح بھی نہ ہوگا اھ۔

اس میں اشکال یہ ہے کہ اشیاء میں اصل اباحت ہے۔ اور شارع نے ہجران مطلق کو حرام قرار دیا ہے، نا کہ ہجران مقید کو، باوجود یکہ اس کے اطلاق سے بھی حرج عظیم لازم آتا ہے، بایں طور کہ مطلق غضب مفضی الی مطلق ہجران ہے، اور وہ حرام ہے۔

امام خطابیؒ فرماتے ہیں: مسلمان کو اپنے بھائی سے تین دن تک غضبناک رہنے کی رخصت دی گئی ہے، چونکہ یہ مدت قلیل ہے۔ اس مدت سے زیادہ کی اجازت نہیں، الا یہ کہ ہجران کا باعث حقوق اللہ میں سے کوئی حق ہو، تو اس صورت میں تین دن سے زیادہ بھی جائز ہوگا۔

نو(۹) زرّیں نصائح

۵۰۲۸: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِیَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَاِنَّ الظَّنَّ اَكْذَبُ الْحَدِیْثِ وَلَا تَحَسَّسُوْا وَلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا تَنَاجَشُوْا وَلَا تَحَاسَدُوْا وَلَا تَبَاغَضُوْا وَلَا تَدَابَرُوْا وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا وَفِیْ رِوَایَةٍ وَلَا تَنَافَسُوْا۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۱۰/۴۸۴ الحدیث رقم ۶۰۶۶ و مسلم فی ۴/۱۹۸۵ الحدیث رقم (۲۸-۲۵۶۳) و ابوداؤد فی السنن ۵/۲۱۳ الحدیث رقم ۴۹۱۰ فی الحدیث رقم ۴۹۱۷ و مالك فی الموطأ ۲/۹۰۷ الحدیث رقم ۱۴ من کتاب حسن الخلق واحمد فی المسند ۳/۱۱۰۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ① بدگمانی سے بچو کیونکہ یہ بدترین جھوٹ ہے۔ ② عیب جوئی نہ کرو۔ ③ کسی کی خفیہ باتیں نہ سنو۔ ④ نہ برتری جتاؤ۔ ⑤ نہ حسد کرو۔ ⑥ کسی سے عداوت نہ رکھو۔ ⑦ ایک دوسرے کی پیٹھ پیچھے عیب چینی نہ کرو۔ اے اللہ کے بندو! بھائی بن جاؤ ایک روایت میں ایک دوسرے پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حسد نہ لے جاؤ۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: ایاکم والظن: (یہاں فعل محذوف ہے): ای: احذروا اتباع الظن

فان الظن: ضمیر کی جگہ اسم ظاہر ذکر فرمایا، تاکہ یہ مسئلہ ذہن سامع میں متمکن ہو جائے، نیز اجتناب پر ابھارنا مقصود ہے۔

قولہ: لا تحسسوا ولا تناجشوا ولا تحاسدوا ولا تباغضوا ولا تدابروا:

ان پانچوں افعال میں ایک ایک تاء محذوف ہے۔ اور حالت وصل میں تاء کو مشدد پڑھنا بھی درست ہے۔ جیسا کہ ابن کثیر کے راوی ''بزی'' نے ''لا تیمموا'' جیسے کلمات میں پڑھا ہے۔

قولہ: وکونوا عباد اللّٰہ اخوانا: یہ خبر ثانی ہے۔ یا بدل ہے۔ یا خبر ہے، اور عباد اللہ منصوب علی الاختصاص بالنداء ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں، یہ صورت ''اوقع'' ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: بلکہ اس کا تحت الامر خبر واقع ہونا ''اوجہ'' ہے۔ بایں طور کہ اس صورت میں علت کی طرف اشارہ ہوگا۔ اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ ایک روایت میں لفظ ''عباداً'' منصوب ہے، اور ''للّٰہ'' مجرور بلام الأجلیہ ہے۔

اخوانا: بعض کا کہنا ہے کہ ''أخ'' نسبی کی جمع ''اخوۃ'' آتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: [فان کان له اخوة] [النساء ۱۱] اور ''أخ'' مجازی کی جمع ''اخوان'' آتی ہے۔ حق جل شانہ کا ارشاد ہے: ﴿اخوانا علی سرر متقابلین﴾ [الحجر ۴۷] چنانچہ اس آیت: ﴿انما المؤمنون اخوة﴾ [الحجرات ۱۰] میں لفظ ''اخوۃ'' (کا استعمال) برائے مبالغہ ہے۔ اور قاموس سے ان دونوں میں عدم فرق مستفاد ہوتا ہے۔ واللہ اعلم۔

بدگمانی کو باتوں کا سب سے بدتر جھوٹ فرمایا گیا ہے چنانچہ جب کوئی شخص کسی کے بارے میں بدگمانی کرتا ہے تو وہ یہ فیصلہ کر لیتا ہے کہ وہ شخص ایسا ایسا ہے اور چونکہ وہ شخص حقیقت میں ایسا نہیں ہوتا اس لئے اس فیصلہ کو جھوٹ ہی کہا جائے گا۔

واضح رہے کہ ''باتوں'' سے مراد وہ باتیں ہیں جو نفس پیدا کرتا ہے اور حقیقت میں وہ شیطان کی طرف سے نفس میں ڈالی جاتی ہیں۔ اسی اعتبار سے بدگمانی کو ''بدترین جھوٹ'' کہا گیا ہے یا یہ کہ اس کو ''بدترین جھوٹ'' کا نام دینا گویا اس کی برائی کو زیادہ سے زیادہ کر کے بیان کرنا مقصود ہے۔

قرآن کریم میں یوں فرمایا گیا ہے: [اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ] چنانچہ ان الفاظ میں جس ظن کو گناہ قرار دیا گیا ہے اس سے بدگمانی مراد ہے اور جیسا کہ علماء نے وضاحت کی ہے جس بدگمانی کے بارے میں ممانعت منقول ہے۔ اس سے وہ بدگمانی مراد ہے جو ذہن میں بیٹھ جائے اور اس پر یقین کر لیا وہ بدگمانی مراد نہیں ہے جو محض خیال کے طور پر دل میں گزر جائے

بعض علماء نے یہ لکھا ہے کہ ''بدگمانی'' گناہ گار اس وقت کرتی ہے جب کہ اس کا ذکر کیا جائے اور اس کو زبان پر لایا جائے۔

عرضِ مرتب:

بدگمانی کے موجب گناہ ہونے کی شرط یہ بھی ہے کہ اس بدگمانی کو قائم کرنے کے لئے کوئی معقول وجہ اور دلیل نہ ہو یا اگر بدگمانی کی بھی معقول وجہ اور دلیل ہو تو بدگمانی نہ کرنے کی بھی کوئی معقول وجہ اور دلیل ہو اور دونوں دلیلیں باہم متعارض ہوں، ہاں بدگمانی کو درست ثابت کرنے کے لئے کوئی صحیح شرعیہ اور معقول دلیل ہو جس کو تسلیم کرنے کے علاوہ اور کوئی چارۂ کار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہ ہوتو ایسی بدگمانی پر مواخذہ نہیں ہوگا اور نہ اس کو حقیقی معنی میں ''بدگمانی'' کہیں گے۔ (مظاہر حق)

قولہ: ولا تحسوا ولا تجسسوا: تحسس اور تجسس (یعنی ٹوہ اور جاسوسی) بظاہر ایک ہی مفہوم کے حامل دو الفاظ ہیں لیکن علماء نے کئی وجوہ سے ان دونوں کے درمیان فرق ظاہر کیا ہے۔ چنانچہ صاحب قاموس نے جیم کی فصل میں لکھا ہے کہ ''تجسس'' کے معنی ہیں خبروں کی تلاش میں رہنا جیسا کہ تجسس کے معنی ہیں اور ''جاسوس'' اسی سے مشتق ہیں جن کے معنی ہیں ایسی پوشیدہ خبریں رکھنے والا جو اچھی نہ ہوں۔ پھر انہوں نے حاء کی فصل میں لکھا ہے کہ ''حاسوس'' کے وہی معنی ہیں جو جاسوس کے ہیں یا یہ کہ ''حاسوس'' خاص طور پر ایسی پوشیدہ خبریں رکھنے والے کو کہتے ہیں جو اچھی ہوں۔

بعض حضرات نے یہ لکھا ہے کہ ''تجسس'' کے معنی ہیں اچھی خبروں کو ہوشیاری اور نرمی کے ساتھ دریافت کرنا اور ''تحسس'' کے معنی ہیں ان خبروں کو قوت حاسہ کے ذریعہ دریافت کرنا جیسے کوئی شخص کسی بات کو چوری چھپے سنتا اور دیکھتا ہے۔

بعض حضرات نے یہ کہا ہے کہ ''تجسس'' کے معنی ہیں کسی شخص کی برائیوں اور عیوب کی تفتیش کرنا اور ''تحسس'' کے معنی ہیں ان برائیوں اور عیوب کو سننا۔

بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ ''تجسس'' کے معنی ہیں دوسروں کے لئے خبر کی ٹوہ میں رہنا اور ''تحسس'' کے معنی ہیں اپنے لئے کسی خبر کی ٹوہ لگانا!

اور طیبیؒ نے یہ کہا ہے کہ اس ارشاد گرامی میں ''تجسس'' مراد ہے خود اپنے طور پر یا کسی کی مدد سے دوسرے لوگوں کے عیوب اور ان کے پوشیدہ ذاتی احوال و معاملات کی ٹوہ لگانا اور ''تحسس'' کے معنی ہیں کسی کی مدد کے بغیر خود اپنے طور پر ٹوہ لگانا!

بہرحال اگر حدیث کی مراد لوگوں کے ایسے احوال و معاملات کی ٹوہ لگانے اور ایسی خبروں کی تلاش میں رہنے سے منع کرنا ہے جن کا تعلق عیب و برائی اور کردار و احوال کی کمزوریوں سے ہو تو اس کی ممانعت بالکل ظاہر ہے اور اگر اچھی خبر کی تلاش میں رہنے اور اچھے احوال و معاملات کی ٹوہ میں رہنے سے بھی منع کرنا مراد ہے تو اس صورت میں اس ممانعت کی وجہ یہ بیان کی جائے گی کہ ہوسکتا ہے کہ کسی کے بارے میں کوئی اچھی خبر پانے کے بعد اپنے اندر حسد کا جذبہ پیدا ہو جائے یا طمع و حرص جاگ اٹھے جو کوئی اچھی چیز نہیں ہے لہٰذا احتیاط اسی میں ہے کہ کسی کی اچھی خبر کی ٹوہ میں بھی نہ رہا جائے۔

قولہ: ولا تناجشوا: یہ لفظ ''نجش'' سے ماخوذ ہے جس کے اصل معنی ہیں شکار کو برانگیختہ کرنا!

اس جملہ کے متعدد مطالب بیان کئے گئے ہیں:

① بعض حضرات نے یہ معنی بیان کئے ہیں کہ دوسروں کے مقابلہ پر اپنی عظمت و وقعت اور بڑائی کی طلب و خواہش کرنا اور

② بعض حضرات نے یہ معنی بیان کئے ہیں کہ کسی کو دھوکا دینے کے لئے بکنے والی چیز کی بڑھا چڑھا کر تعریف کرنا یا مصنوعی خریدار بن کر بکنے والی چیز کی قیمت بڑھانا تاکہ دوسرا شخص اس کے دیکھا دیکھی اس چیز کو اسی قیمت میں خرید لے یا کسی بکتی ہوئی چیز کو برائی کرنا تاکہ خریدار اس کو چھوڑ کر دوسری طرف ہو جائے۔ علماء نے حدیث میں اس لفظ کو اسی معنی پر محمول کیا ہے یعنی مذکورہ بالا طریقوں میں سے کسی بھی طریقے سے سودے کو بگاڑنا!

بعض حضرات نے اس لفظ کے اصل معنی رعایت سے حدیث میں ولا تناجشوا کے یہ معنی مراد لئے ہیں کہ کسی کو کسی کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

برائی اور خصومت پر نہ اکساؤ۔

قولہ: ولا تحاسدوا (آپس میں حسد نہ کرو) کا مطلب یہ ہے کہ کسی غیر ظالم کے پاس کوئی نعمت دیکھ کر اس کے زوال کی آرزو نہ کرو یا یہ خواہش و آرزو نہ رکھو کہ وہ نعمت اس کے پاس سے ہٹ کر تمہارے پاس آجائے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوْا ؕ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ؕ وَاسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا﴾ [النساء: ۳۲] ''اور جس چیز میں خدا نے تم میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے اس کی ہوس مت کرو مردوں کو ان کے کاموں کا ثواب ہے جو انہوں نے کئے اور عورتوں کو ان کے کاموں کا ثواب ہے جو انہوں نے کئے اور خدا سے اس کا فضل (وکرم) مانگتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا ہر چیز سے واقف ہے''۔

قولہ: ولا تباغضوا (ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو) کا مطلب یہ ہے کہ ایسے اسباب کو پیدا کرنے سے احتراز کرو جو بغض ونفرت کو لازم کرتے ہیں! جس طرح محبت ایک ایسا جذبہ ہے جو خود بخود پیدا ہوتا ہے اسی طرح بغض ونفرت بھی پیدا ہوتی ہیں کہ اس جذبہ کے پیدا ہونے یا نہ ہونے میں کسی شخص کا کوئی اختیار نہیں ہے البتہ انسان اپنے آپ کو ایسے اسباب سے محفوظ رکھنے پر یقیناً قادر ہوسکتا ہے جن سے باہمی بغض ونفرت پیدا ہوسکتی ہے

بعض حضرات نے ولا تباغضوا کے یہ معنی بیان کئے ہیں کہ شرعی احکام ومسائل میں خواہشاتِ نفسانی کی بناء پر آپس میں اختلاف وانتشار پیدا نہ کرو اور خود ساختہ افکار ونظریات کو دین میں شامل نہ کرو۔ کیونکہ دین میں بدعت اختیار کرنا اور راہِ مستقیم سے گمراہ ہونا وہ اسباب ہیں جو مسلمانوں کے درمیان ایک دوسرے سے بغض ونفرت پیدا کرتے ہیں

زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ حدیث میں ایک دوسرے سے بغض رکھنے کی ممانعت کا اصل مقصد باہمی محبت والفت کے حکم کو موکد کرنا ہے اور محبت والفت کے اس حکم کا تعلق علی الاطلاق مسلمانوں کی پوری زندگی سے ہے البتہ جس محبت والفت سے دین میں خلل پڑتا ہو اس صورت میں محبت کو جائز قرار نہیں دیا جائے گا' بلکہ دین کو نقصان پہنچانے والے شخص سے بغض ونفرت ہی رکھنا جائز ہوگا حاصل یہ کہ آنحضرت ﷺ نے اس ارشادِ گرامی کے ذریعہ تمام مسلمانوں کو ہدایت فرمائی ہے کہ وہ خدا کا کلمہ بلند کرنے کے لئے محبت واتحاد کی زنجیر میں منسلک رہیں جو ارشاد خداوندی کا بھی تقاضا ہے جیسا کہ قرآن میں فرمایا گیا ہے:

﴿وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا﴾

''اور مضبوط پکڑے رہو اللہ تعالیٰ کی رسی کو اس طور پر کہ باہم سب متفق رہیں اور باہم نااتفاقی مت کرو''۔

اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ محبت والفت' اتحاد واجتماع کا ذریعہ ہے اور بغض نفرت' افتراق وانتشار کا موجب ہے۔ لہٰذا مطلب یہ ہوا کہ تم ایک دوسرے سے بغض ونفرت نہ رکھو۔

بعض حضرات نے اس کے معنی یہ بیان کئے ہیں کہ تم مسلمانوں کے درمیان عداوت ودشمنی پیدا نہ کرو! اس صورت میں مذکورہ ممانعت کا تعلق گویا چغل خوری سے ہوگا۔ کیونکہ چغل خوری سے فساد کی بنیاد پڑتی ہے اور ایک دوسرے سے عداوت ودشمنی پیدا ہوجاتی ہے۔

قولہ: ولا تدابروا: کا مطلب یہ ہے کہ آپس میں ایک دوسرے کی پیٹھ پیچھے برائی بیان نہ کرو۔ تدابر سے مراد تقاطع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(ترک ملاقات) ہے اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ ایک دوسرے سے ملنا جلنا چھوڑ دو! اس معنی کو مذکورہ جملہ سے لفظی مناسبت بایں طور ہے کہ ترک ملاقات کرنے والوں میں سے ہر ایک دوسرے سے پیٹھ پھیر لیتا ہے اور اسلام کے بتائے ہوئے باہمی حقوق کی ادائیگی سے گریز کرتا ہے۔

قولہ: وکونوا عباد اللّٰہ اخواناً کا مطلب یہ ہے کہ تم سب اللہ کے ایک بندے ہو اور عبودیت میں سب برابر ہو نیز تم سب اخوت کی ایک زنجیر سے منسلک ہو لہٰذا تمہاری اس حیثیت کا تقاضا یہ ہے کہ ایک دوسرے کے درمیان حسد، بغض اور غیبت جیسی برائیوں کو حائل کر کے اپنے دلوں میں افتراق اور اپنی صفوں میں انتشار پیدا نہ کرو۔ بلکہ اپنے مرتبہ عبودیت پر اتحاد و یکجہتی کے ساتھ قائم رہو اور آپس میں بھائی بھائی بن کر رہو۔

قولہ: ولا تنافسوا : تنافس لغوی طور پر تحاسد (ایک دوسرے سے حسد کرنے) کے معنی کے قریب ہے لیکن احتمال یہ ہے کہ تنافس کے معنی دنیا کی طرف میلان و رغبت رکھنا ہوں (اس کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جس میں فرمایا گیا ہے کہ مجھے خدشہ ہے کہ تم پر دنیا کے دروازے کھول دیئے جائیں اور تنافس کرنے لگو یعنی تم دنیا کی طرف راغب ہو جاؤ۔ اسی اعتبار سے ترجمہ میں (تنافس) کے معنی ''آپس میں حرص کرنا'' نقل کئے گئے ہیں۔)

بلکہ مناسب یہ ہے کہ ان اشیاء نفیسہ میں رغبت کی جائے، جو آخرت کے اعتبار سے محمود و مرضیہ ہیں۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿**وفی ذلك فلیتنافس المتنافسون**﴾ [المطففین۔۲۶] امام شاطبیؒ نے بھی اپنے اس نفیس کلام میں اسی مفہوم کو اجاگر کیا ہے:

علیك بها ما عشت فیها منافسا
بع نفسك الدنیا بانفاسها العلی

تخریج: جامع صغیر کی روایت میں اتنا اضافہ بھی ہے: **ولا یخطب الرجل علی خطبة اخیه حتی ینکح او یترك** اور فرماتے ہیں، کہ اس حدیث کو امام مالک، احمد، شیخین، ابوداؤد اور ترمذی نے بھی حضرت ابوہریرہؓ سے نقل کیا ہے۔

باہمی عداوت والوں کی بخشش ملتوی

۵۰۲۹: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُفْتَحُ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الْخَمِيْسِ فَيُغْفَرُ لِكُلِّ عَبْدٍ لَايُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا اِلَّا رَجُلٌ كَانَتْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ اَخِيْهِ شَحْنَاءُ فَيُقَالُ اُنْظِرُوْا هٰذَيْنِ حَتّٰى يَصْطَلِحَا ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱۹۸۷/٤ الحدیث رقم (۳۵-۲۵۶۵) و ابوداؤد فی السنن ۲۱٦/۵ الحدیث رقم ٤۹۱٦، والترمذی فی ۳۲۷/٤ الحدیث رقم ۲۰۲۳ ومالك فی الموطأ ۹۰۸/۲ الحدیث رقم ۱۷ من کتاب حسن الخلق، واحمد فی المسند ۲٦۸/۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جنت کے دروازے سوموار اور جمعرات کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کھولے جاتے ہیں اور ہر ایسے بندے کی بخشش کر دی جاتی ہے جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک نہ کرنے والا ہو۔ البتہ اس شخص کا معاملہ ملتوی کر دیا جاتا ہے جس کی کسی دوسرے مسلمان سے عداوت ہو اور یہ کہہ دیا جاتا ہے۔ ان کو صلح کرنے تک مہلت دو۔ (مسلم)

تشریح: تفتح: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔ البتہ بصیغۂ مذکر و مؤنث ہر دو طرح پڑھا گیا ہے۔

قوله: فيغفر لكل عبد لا يشرك بالله شيئا الا رجل: مشکوٰۃ کے تمام نسخوں میں لفظ ''رجل'' مرفوع ہے۔ اس سے پہلے مضاف محذوف ہے ای: الا ذنب رجل وگرنہ تو ظاہراً منصوب ہے۔ (کذا قالہ السید جمال الدین)۔

اس میں اشکال یہ ہے کہ تقدیر مضاف کی بناء پر مرفوع پڑھنا جائز تو نہیں ہو جاتا، ہاں اگر مجروراً مروی ہوتا، تو پھر یہ توجیہہ ہو سکتی تھی کہ مضاف منصوب محذوف ہے، اور مضاف الیہ کو اس کی اصل پر چھوڑ دیا گیا۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس کا منصوب ہونا ظاہر ہے، چونکہ یہ کلام موجب سے استثناء ہے۔ اور یہ کہنا بھی ممکن ہے کہ یہ کلام اس معنی پر محمول ہے ای: لا يبقى ذنب احد الا ذنب رجل۔ یہ آیت کریمہ بھی اسی طرح ہے: ﴿فشربوا منه الا قليل﴾ [البقرة۔ ۲۴۹] ای: فلم يطيعوه الا قليل منهم رفع کی قراءت شاذہ ہے، البتہ قراءت متواترہ نصب کے ساتھ ہے۔

اور بعض کا کہنا ہے، کہ لفظ ''رجل'' کل عبد کی ضعف ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے، چونکہ اس کا محل رفع ہے۔ اور الا بمعنی غیر ہے ای: غير رجل شيئا: ای من الاشرك أو من الاشيئا من شرك جلي أو خفي۔

فيغفر: جامع صغیر کی روایت میں ''فيهما'' کا اضافہ بھی ہے۔

كانت: ایک نسخہ میں ''كان'' ہے۔

لكل عبد ایک روایت میں ''لكل عبد مؤمن'' کے الفاظ ہیں اور ممکن ہے کہ مؤمن سے مراد مؤمن کامل ہو۔

قوله: فيقال: انظروا هذين حتى يصطلحا: انظروا: میں ہمزہ قطعی اور ظاء معجمہ ہے۔ اس کا معنی ہے مہلت دو۔

هذين: امام طیبیؒ فرماتے ہیں ضمیر کی جگہ اسم اشارہ کو ذکر فرمانا مزید تمیز و تعین کیلئے ہے۔ اھ۔ اور مطلب یہ ہے کہ مطلقاً ان دونوں کے گناہوں کی مغفرت کا معاملہ مؤخر کر دو، تاکہ دونوں کو زجر ہو، اور یہ بھی ممکن ہے کہ فقط قطع تعلقی کے گناہ کے مغفرت کا معاملہ مؤخر کرنے کا حکم ہو۔ اور یہی زیادہ واضح ہے۔

قوله: تفتح ابواب الجنة يوم الاثنين ويوم الخميس: ''ابواب'' کے بعد مضاف مقدر ہے۔ أى أبواب طبقاتها أو غرفها و درجاتها۔ یعنی جنت کے طبقات و درجات کے دروازے یا اس کے بالا خانوں کے دروازے ان دنوں میں کھول دیئے جاتے ہیں کیونکہ ان دونوں دنوں میں حق تعالیٰ کی رحمت کثرت سے نازل ہوتی ہے جو بندوں کی مغفرت کا باعث ہوتی ہے۔ شرح مسلم میں لکھا ہے کہ قاضی عیاض فرماتے ہیں دروازوں کا کھلنا دراصل اس بات سے کنایہ ہے کہ ان دو دنوں میں بندوں کو بہت زیادہ مغفرت سے نوازا جاتا ہے ان کے گناہ و جرائم سے درگزر کیا جاتا ہے اور انہیں ثواب کی کثرت اور بلندی درجات کی سعادت سے سرفراز کیا جاتا ہے۔ لیکن زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ حدیث کے الفاظ کو ان کے ظاہری معنی پر محمول کیا جائے، کیونکہ نصوص (یعنی قرآن و حدیث میں منقول احکام) کو ان کے ظاہری مفہوم پر محمول کرنا واجب ہے۔ تاوقتیکہ کوئی ایسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واضح دلیل موجود نہ ہو جس سے اس سے ظاہری مفہوم کے بجائے کوئی دوسرا مطلب مراد لیا جا سکتا ہے۔

''تا آنکہ وہ آپس میں صلح وصفائی کر لیں'' سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان دونوں میں سے ہر ایک کی مغفرت باہمی صلح وصفائی اور عداوت کے ختم ہو جانے پر موقوف رہتی ہے۔ خواہ وہ دونوں ہی ایک دوسرے سے عداوت رکھتے ہوں۔ یا ان میں سے ایک عداوت رکھتا ہو اور دوسرا اس عداوت سے صاف ہو۔

تخریج: اس حدیث کو امام بخاری نے الأدب المفرد میں، ابوداؤد اور ترمذی نے ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے۔

کینہ وعداوت والوں کی مغفرت میں تاخیر

۵۰۳۰: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْرَضُ اَعْمَالُ النَّاسِ فِيْ كُلِّ جُمُعَةٍ مَرَّتَيْنِ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الْخَمِيْسِ فَيُغْفَرُ لِكُلِّ عَبْدٍ مُؤْمِنٍ اِلَّا عَبْدًا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اَخِيْهِ شَحْنَاءُ فَيُقَالُ اُتْرُكُوْا هٰذَيْنِ حَتّٰى يَفِيْئَا ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحيحه ١٩٨٧/٤ الحديث رقم (٣٦-٢٥٦٥) و ابوداؤد فی السنن ٨١٤/٢ الحديث رقم ٢٤٣٦، والترمذی فی السنن ١٢٢/٣ الحديث رقم ٧٤٧، والنسائی فی ٢٠٢/٤ الحديث رقم ٢٣٥٩، والدارمی فی ٣٢/٢ الحديث رقم ١٧٥٠ ومالك فی الموطأ ٩٠٩/٢ الحديث رقم ١٨ من كتاب من حسن الخلق، واحمد فی المسند ٢٦٨/٢۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر ہفتہ میں دو بار پیر اور جمعرات کو لوگوں کے اعمال پیش کیے جاتے ہیں اور ہر مؤمن کو بخش دیا جاتا ہے سوائے ان دو آدمیوں کے جن کے مابین کینہ وعداوت ہو۔ ان کو رجوع کرنے کے لئے ملتوی کر دیا جاتا ہے۔ (مسلم)

تشریح: قوله: يعرض أعمال الناس فی كل جمعة مرتين يوم الاثنين ويوم الخميس:

يعرض: بصیغۂ مذکر ومؤنث ہر دو طرح پڑھا گیا ہے۔

جمعة: بضمتین اور بسکون الثانی دونوں طرح پڑھا جاتا ہے۔

يوم الاثنين: لفظ يوم ظرفیت کی بناء پر منصوب ہے۔ اور اظہر یہ ہے کہ ''مرتین'' سے بدل ہے، وگرنہ تو یہ وہم ہو سکتا ہے کہ ان دونوں ایام میں اعمال دو دو مرتبہ پیش کئے جاتے ہیں۔

قوله: فيغفر لكل عبد مؤمن الا عبدا

عرضِ مرتب:

مرقات کے محشی لکھتے ہیں: مرقات کے مطبوعہ نسخہ میں'' **فيغفر لكل عبد مؤمن**'' کے الفاظ موجود نہیں ہیں، البتہ مرقاۃ کے مخطوطہ اور مشکاۃ میں موجود ہیں اھ۔

تورپشتیؒ فرماتے ہیں: مصابیح میں'' **الا عبد** '' رفع کے ساتھ ہے، جب کہ مسلم شریف میں منصوب ہے، اور یہی ''اوجہ''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ چونکہ اس صورت میں کلام موجب سے استثناء ہوگا۔ اور روایات صحیحہ میں بھی اسی طرح ثابت ہے۔

حتی یفیئا: "فاء" سے مضارع کا تثنیہ کا صیغہ ہے۔

اعمال الناس: احتمال ہے کہ "الناس" سے مراد مؤمنین ہوں، چونکہ (حقیقی معنی میں) "ناس" (تو) یہی ہیں۔

فی کل جمعة: قاضیؒ فرماتے ہیں: جمعہ سے مراد "اسبوع" ہے۔ "معروض علیہ" اللہ جل شانہ ہوں گے۔ یا وہ فرشتہ ہو گا، کہ جس کے سپرد اعمال کے تمام صحائف ہیں۔ پہلا مفہوم صحیح ہے، جیسا کہ عنقریب اس کی تصریح آ رہی ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام طبرانی نے بحوالہ حضرت اسامہ بن زید ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

تعرض الأعمال علی اللّٰہ یوم الا ثنین والخمیس' فیغفر اللّٰہ الا ما کان من متشاحنین او قاطع رحم اور حکیم کی روایت عن والد عبد العزیز ان الفاظ کے ساتھ مروی ہے: **تعرض الأعمال یوم الا ثنین والخمیس علی اللّٰہ تعالٰی، وتعرض علی الأنبیاء وعلی الآباء والأمهات یوم الجمعة، فیفرحون بحسناتهم وتزداد وجوههم بیاضًا واشراقا، فاتقوا اللّٰہ ولا تؤذوا موتاکم**

فائدہ: اور ان احادیث سے تین دن سے زائد کی قطع تعلقی سے ممانعت کی حکمت بھی واضح ہو جاتی ہے، وگرنہ وہ شخص عرض اعمال کے ان دو دنوں میں مغفرت سے محروم رہ جائے گا۔ واللہ اعلم بالأحوال۔

دو آدمیوں میں صلح کرانے والا جھوٹا نہیں

۵۰۳۱: **وَعَنْ اُمِّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ عُقْبَةَ بْنِ اَبِیْ مُعَیْطٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَیْسَ الْكَذَّابُ الَّذِیْ یُصْلِحُ بَیْنَ النَّاسِ وَیَقُوْلُ خَیْرًا وَیَنْمِیْ خَیْرًا** (متفق علیه وزاد مسلم) **قَالَتْ وَلَمْ اَسْمَعْهُ تَعْنِیْ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُرَخِّصُ فِیْ شَیْءٍ مِمَّا یَقُوْلُ النَّاسُ كَذِبٌ اِلَّا فِیْ ثَلٰثٍ الْحَرْبُ وَالْاِصْلَاحُ بَیْنَ النَّاسِ وَحَدِیْثُ الرَّجُلِ امْرَاَتَهٗ وَحَدِیْثُ الْمَرْاَةِ زَوْجَهَا۔**

أخرجه البخاری فی صحیحه ۲۹۹/۵ الحدیث رقم ۲۶۹۲ و مسلم فی صحیحه ۲۰۱۱/۴ الحدیث رقم (۱۰۱-۲۶۰۵)، واحمد فی المسند ۴۰۳/۶۔

ترجمہ: حضرت اُمّ کلثوم بنت عقبہ بن ابو معیط رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا: وہ آدمی جو دو آدمیوں میں صلح کرانے کے لئے بھلی بات کہے وہ جھوٹا نہیں اور بھلی بات پہنچائے۔ یہ بخاری، مسلم کی روایت ہے۔ مسلم میں یہ اضافہ ہے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تین مقامات کے علاوہ جھوٹ (توریہ) کی کہیں اجازت دیتے نہیں دیکھا: ① جنگ۔ ② لوگوں کے مابین صلح کے موقعہ پر۔ ③ خاوند کو بیوی کے ساتھ (بہلانے کے لئے) اور بیوی کو خاوند کے ساتھ (خوش کرنے کے لئے)۔

تشریح: **قوله: لیس الکذاب الذی یصلح بین الناس وینمی خیرا:** "الکذاب": ذو کذب کے معنی میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''الذی'': اور جامع کی روایت میں ''بالذی'' ہے۔

''ینمی'': یائے فتحہ اور میم کے کسرہ کے ساتھ (بروزن یرمی)

''کذب'': کاف کے فتحہ اور ذال اور کاف کے کسرہ اور ذال کے سکون کے ساتھ ہے، اور مرفوع ہے، اور ایک نسخہ میں منصوب ہے۔ اور ایک نسخہ میں مجرور ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: کذب کا مرفوع ہونا اس بناء پر ہے کہ خبر ہے، مبتدا محذوف کیلئے جو قول کا مقولہ ہے۔ اور مما یقول بیان ہے فی شیء کیلئے ای فی شیء من اقوال الناس ھو کذب

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اظہر یہ ہے کہ کذب، مبتداء ہے، اور اس کی خبر محذوف ہے۔ اور ''من'' تبعیضیہ ہے۔ عبارت کی معنوی تقدیر یوں ہوگی: لم اسمعه ترخص فی شیء من حملة ما یقول الناس فیه ای فی حقه کذب۔

الا فی ثلاث: تمیز محذوف ہے۔ یہ استثناء شیء سے ہے۔ اور عامل کا اعادہ کیا گیا ہے۔ وہ فرماتے ہیں: اگر یہ منصوب ہو تو مفعول مطلق ہوگا۔ ای قوله کذبا

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: ممکن ہے کہ یقول مقدر کے مفعول سے حال ہو، اور وہ مفعول موصول کی طرف عائد ہو۔ طیبیؒ فرماتے ہیں: اگر مجرور مروی ہو تو شیء کی صفت ثانیہ ہوگا۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اظہر یہ ہے کہ ''شیء'' موصول سے بدل ہے۔

الحرب، ثلاث سے بدل ہونے کی باعث مجرور ہے۔ اور ایک نسخہ میں مرفوع ہے۔ اسی تقدیر پر احدھا، یا أولھا، یا منھا محذوف ہوگا۔ اور اعنی فعل محذوف کیلئے مفعول ہونے کی وجہ سے منصوب پڑھنا بھی درست ہوگا۔ جامع الاصول اور مصابیح کے اکثر نسخوں میں روایت پہلی وجہ اعراب کے ساتھ ہے، یہی اولیٰ ہے۔

قوله : الاصلاح بین الناس یہاں ثانیتھا مقدر ہے۔

قوله : وحدیث الرجل امرأته، وحدیث المرأة زوجھا یہاں تقدیری عبارت یوں ہے: وثالثھا مجموع قوله حدیث الرجل.....

''بھلی بات پہنچائے''، یعنی صلح کرانے والا شخص دونوں فریقوں میں سے ہر ایک کی طرف سے دوسرے فریق کو وہ بات پہنچائے جو حقیقت میں اس فریق نے نہ کہی ہو اور وہ بات اس طرح کی ہو جس سے دونوں کے درمیان صلح و دوستی کے جذبات پیدا کرنے میں مدد ملتی ہو مثلاً وہ دونوں فریق میں سے کسی کے پاس جائے اور اس سے یوں کہے کہ تم اس (دوسرے فریق) سے خواہ مخواہ کی عداوت رکھتے ہو حالانکہ وہ تمہارا بڑا خیر خواہ ہے اور تمہارے حق میں اچھی بات کے علاوہ اور کوئی بات نہیں کہتا اس نے تمہیں سلام کہا ہے اور تمہارے تئیں دوستی و خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا ہے۔

جنگ کی حالت میں جس جھوٹ بولنے کی اجازت ہے اس کا تعلق ایسی باتیں کہنے سے ہے جن سے مسلمانوں کی طاقت و قوت کا اظہار ہوتا ہو اپنے لشکر کے لوگوں کا حوصلہ بڑھتا ہو اور ان کے دل قوی ہوتے ہوں اور دشمن کے لشکر کا فریب کھا جانا ممکن ہو اگرچہ وہ باتیں حقیقت کے بالکل خلاف ہی کیوں نہ ہوں، مثلاً یوں کہا جائے کہ ہمارے لشکر کی تعداد اتنی زیادہ ہے کہ دشمن کا لشکر کچھ بھی حیثیت نہیں رکھتا اور ہمارے لشکر کی مدد کے لئے مزید کافی کمک آ رہی ہے یا اپنے سامنے کھڑے ہوئے دشمن سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یوں کہا جائے کہ دیکھ سنبھل فلاں شخص تجھے ختم کر دینے کے لئے تیرے پیچھے آ پہنچا ہے اور پھر جب وہ پیچھے مڑ کر دیکھنے لگے اور اس کا دھیان سامنے سے ہٹ جائے تو موقع سے فائدہ اٹھا کر اس پر وار کر دیا جائے۔

میاں بیوی کی باتوں میں جھوٹ کا مطلب یہ ہے کہ مثلاً میاں بیوی سے یا بیوی میاں سے اپنے اتنے زیادہ پیار و محبت کا اظہار کرے جو حقیقت کے خلاف ہو اور اس سے مقصد یہ ہو کہ آپس میں محبت و الفت زیادہ بڑھے۔

تخریج: جامع صغیر میں یہ الفاظ ہیں: فینمی خیرا اس حدیث کو امام احمد، شیخین، ابوداؤد اور ترمذی نے اسی راوی سے کیا ہے۔ اور طبرانی نے شداد بن اوس سے نقل کیا ہے۔ اور سنن ابوداؤد میں مروی ام کلثوم کی روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:

لم یکذب من ینم بین اثنین لیصلح

عرضِ مرتب:

اسی مفہوم پر مشتمل ایک حدیث ماقبل میں بھی گزر چکی ہے۔ ملاحظہ فرمائیے حدیث: ۴۸۲۶۔

۵۰۳۲: وَذَکَرَ حَدِیْثَ جَابِرٍ اَنَّ الشَّیْطَانَ قَدْ اٰیَسَ فِیْ بَابِ الْوَسْوَسَةِ۔

مسلم فی صحیحه ۲۱۶۶/٤ الحدیث رقم (۶۵-۲۸۱۲)۔

یہ روایت جابر رضی اللہ عنہ سے باب الوسوسہ میں گزری۔

الفصل الثانی:

تین باتوں میں جھوٹ کی اجازت

۵۰۳۳: عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ یَزِیْدَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَایَحِلُّ الْکَذِبُ اِلَّا فِیْ ثَلٰثٍ کَذِبُ الرَّجُلِ امْرَأَتَهٗ لِیُرْضِیَهَا وَالْکَذِبُ فِی الْحَرْبِ وَالْکَذِبُ لِیُصْلِحَ بَیْنَ النَّاسِ۔ (رواه احمد والترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ۲۹۲/٤ الحدیث رقم ۱۹۳۹، واحمد فی المسند ٤۶۱/۶۔

ترجمہ: حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے جھوٹ کو تین مقامات کے علاوہ بولنے کی اجازت نہیں دی۔ ① بیوی کو راضی کرنے کیلئے۔ ② لڑائی میں۔ ③ لوگوں کے درمیان صلح کرنے کے لئے۔

(احمد و ترمذی)

الا فی ثلاث: (تمیز محذوف ہے۔) ای: ثلاث کذبات

کذب الرجل: قواعد عربیہ کے مطابق یہاں تینوں اعراب مجرور علی البدلیۃ اولیٰ ہے۔

قوله: کذب الرجل مرأته لیرضیها: اس حدیث میں صرف شوہر کے جھوٹ بولنے کی اجازت کا ذکر ہے بیوی کے جھوٹ بولنے کا ذکر نہیں ہے جب کہ پچھلی حدیث میں دونوں کا ذکر ہے (ملاحظہ فرمائیے ۳۱-۵) اس کی وجہ یا تو یہ ہے کہ راوی نے یہاں اختصار کی خاطر صرف شوہر کے بارے میں نقل کیا اور بیوی کے ذکر کو حذف کر دیا یا یہ کہ خود آنحضرت ﷺ نے اکثر و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اغلب کا اعتبار کرتے ہوئے صرف شوہر ہی کا ذکر فرمایا کیونکہ عام طور پر عورتیں اپنی جہالت اور نادانی کی وجہ سے زیادہ شکی اور بدگمان ہوا کرتی ہیں۔ اسلئے انکی تسلی اور ان کو خوش رکھنے کی شوہر کو زیادہ ضرورت پیش آتی ہے۔

تین دن سے زیادہ قطع تعلق کی ممانعت

۵۰۳۴: وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ لَا يَكُوْنُ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَّهْجُرَ مُسْلِمًا فَوْقَ ثَلٰثَةٍ فَاِذَا لَقِيَهُ سَلَّمَ عَلَيْهِ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ كُلُّ ذَالِكَ لَا يَرُدُّ عَلَيْهِ فَقَدْ بَاءَ بِاِثْمِهٖ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۲۱۵ الحديث رقم ۴۹۱۳۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ کسی مسلمان کے لئے مناسب نہیں کہ وہ کسی دوسرے مسلمان سے تین دن سے زیادہ میل جول کو چھوڑے جب اس کو ملے تین مرتبہ اس کو سلام کرے اگر اس نے ہر بار جواب نہ دیا تو گناہ اسی پر لوٹے گا۔ (ابوداؤد)

تشریح: "لا یکون"۔ یہاں اس کے چار مطلب ہو سکتے ہیں:

لا ینبغی (سہل نہیں، مناسب نہیں) لا یصح (صحیح نہیں درست نہیں) لا یوجد (نہ پایا جائے)۔ لا یکون حلالا (حلال نہیں)

فوق ثلاثة: (تمیز محذوف ہے۔) ای: ثلاثة ایام

سلم علیه: لقیه سے بدل ہے، یا "لقیه" کے فاعل سے حال ہے، اس کی تائید ابوخراش کی روایت سے بھی ہوتی ہے: فلقیه فلیسلم علیه قوله: کل ذلك لایر دعلیه: کل: مبتداء ہے اور "لا یرده" اس کی خبر ہے، اور یہ پورا جملہ "ثلاث مرات" کی صفت ہے اور عائد محذوف ہے۔ ای: لا یرد فیها ای فی المرات اور ایک نسخہ میں (کل) منصوب ہے "لا یرد" کا ظرف ہونے کی بناء پر۔

قوله: فقد باء باثمه: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ جواب اذا ہے۔ ای اذا سلم علیه ثلاث مرات غیر مردود فیها فقد باء باثمه اور احتمال ہے کہ (باثمہ کی) ضمیر ثانی کی طرف عائد ہو۔ یعنی جواب نہ دینے والے کی طرف راجع ہو۔ چنانچہ مطلب یہ ہوگا کہ سلام کرنے والا تو ترک ملاقات کے گناہ سے نکل آئے گا لیکن سلام کا جواب نہ دینے والے گناہ پر بدستور رہے گا اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ ضمیر "مسلم" کی طرف راجع ہو۔ چنانچہ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا۔

کہ اگر وہ سلام کرنے والے کے سلام کا جواب نہیں دے گا تو ترک ملاقات کا گناہ اس کے سر پڑے گا بلکہ سلام کا جواب نہ دینے کی وجہ سے سلام کرنے والے کا گناہ بھی اس پر ہوگا۔

قطع تعلق کرنے والا آگ میں جائے گا

۵۰۳۵: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَّهْجُرَ اَخَاهُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَوْقَ ثَلٰثٍ فَمَنْ هَجَرَ فَوْقَ ثَلٰثٍ فَمَاتَ دَخَلَ النَّارَ۔ (رواہ احمد وابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۲۱۵ الحدیث رقم ۴۹۱۵، واحمد فی المسند ۴/۲۰۰۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مسلمان کے لئے حلال نہیں کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو تین دن سے زیادہ چھوڑے جس نے قطع تعلق کیا اور اسی دوران اس کی موت آ گئی تو وہ آگ میں جائے گا۔ (احمد ابوداؤد)

تشریح: فوق ثلاث: (تمیز محذوف ہے۔) **ای ثلاث لیال:** یہاں صنعت "تفنن" ہے، اور دونوں روایتوں کے مجموعے سے بظاہر یہ پتہ چلتا ہے کہ تین دن رات مراد ہیں جیسا کہ سیدنا حضرت زکریا کے قضیہ میں بھی تین دن رات مراد ہیں۔ **قوله: فمن هجر فوق ثلاث فمات دخل النار:** اس کا ظاہری مطلب یہ نکلتا ہے کہ خواہ تین دن سے ایک پل بھی زائد ہو تو وہ اس وعید کا مستحق ہو سکتا ہے۔ اور "فوق ثلاث" سے مراد اگلا عدد کامل یعنی چار مراد ہے۔

فمات دخل النار: امام تورپشتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یعنی یہ شخص مستوجب نار ہو گیا چونکہ گناہ میں پڑا ہوا شخص، عقوبت میں مبتلا شخص کی طرح ہے۔ اگر چاہے تو اس کو عذاب دے، اور اگر چاہے تو بخش دے۔

تخریج: امام میرکؒ نے ذکر کیا ہے، کہ اس حدیث کو امام نسائی نے ایسی اسناد کے ساتھ روایت کیا ہے جو شیخین کی شرط پر ہے۔

ایک سال کی قطع تعلقی خون بہانے کی طرح ہے

۵۰۳۶: وَعَنْ اَبِیْ خِرَاشٍ السُّلَمِیِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَقُوْلُ مَنْ هَجَرَ اَخَاهُ سَنَةً فَهُوَ كَسَفْكِ دَمِهٖ۔

(رواہ ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۲۱۵ الحدیث رقم ۴۹۱۵، واحمد فی المسند ۴/۲۲۰۔

ترجمہ: حضرت ابوخراش سلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو انہوں نے یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جس شخص نے اپنے مسلمان بھائی سے ایک سال کے لئے قطع تعلق کیے رکھا وہ اس کے خون بہانے کی طرح ہے۔ (ابوداؤد)

راوئ حدیث:

ابوخراش۔ یہ ابوخراش حدرد بن ابی حدرد اسلمی ہیں صحابی رسول ہیں۔ ان سے صرف ایک حدیث مروی ہے۔ خائے معجمہ کے زیر رائے مہملہ غیر مشدد اور شین معجمہ کے ساتھ ہے اور "حدرد" حائے مہملہ کے زبر اور دونوں دال مہملہ کے سکون اور رائے مہملہ کے زبر کے ساتھ ہے۔ فوقانی اور تحتانی دونوں متنوں میں "دسلمی" سین مہملہ کے ضمہ اور لام کے فتحہ کے ساتھ ہے، یہ کاتب کا سہو ہے۔ یہی ضبط صحیح ہے، متعدد اصحاب رجال نے اپنی کتب میں اس کی تصریح کی ہے۔

تشریح: قوله: فهو كسفك دمه:

اس سے متعدد مطالب بیان کئے گئے ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

① اپنے مسلمان بھائی کے ساتھ تہاجر موجب عقوبت ہے، جیسا کہ اپنے مسلمان بھائی کا خون بہانا موجب عقوبت ہے۔ پس یہ خون بہانے کے مشابہ ہے، بایں طور کہ اس کے سبب سے بھی عقوبت واجب ہوتی ہے۔ چونکہ عقوبت میں تو یہ اس کے مثل ہے، وجہ یہ ہے کہ قتل عظیم ترین گناہ ہے، شرک کے بعد اس سے بڑا گناہ کوئی نہیں، چنانچہ قطع تعلقی کو قتل کے ساتھ تشبیہ دینے میں ممانعت کی تاکید مقصود ہے اور مشابہت میں بعض صفات کا پایا جانا بھی کافی ہے۔

(کذا ذکرہ بعض شراح الحدیث)

② امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ اسلوب تشبیہ مبالغہ کیلئے ہے، جیسا کہ کہا جاتا ہے: **زید کالا سد** اس مثال کے ذریعے ''زید'' کو ''اسد'' کے ساتھ ملحق کر دیا جاتا ہے جراءت میں، اور یہ اس کی نظیر ہے، اس کا مقصد یہ ہرگز نہیں ہوتا کہ زید ''اسد'' سے کم ہے۔ چنانچہ حدیث باب میں بھی اسی طرح ہے، چونکہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد گرامی ''**لایحل لمؤمن ان یھجر مؤمنا فوق ثلاث**'' اس بات پر دلالت کر رہا ہے کہ تین دن سے زیادہ قطع تعلقی حرام ہے۔ اس کا مرتکب مرتکب اثم ہے۔ اور جب یہ مدت اتنی طویل ہو جائے، کہ جتنی مدت میں کوئی غیر موجود آدمی بھی اپنے وطن لوٹ آتا ہے، تو یہ تہاجر و تقاطع اپنی آخر حد کو پہنچ گیا، چنانچہ اسی طرح اس کا گناہ بھی اپنے حد کو پہنچ گیا ہے۔ سال کی تخصیص کے یہی معنی ہیں۔ واللہ اعلم۔ اھ۔

ممکن ہے کہ سال کی تخصیص اس بناء پر ہو کہ سال چار موسموں پر مشتمل ہوتا ہے، چنانچہ جب اس ترک تعلق کرنے والے شخص کا مزاج پورا سال گزرنے کے بعد بھی اعتدال پر نہ آیا، تو اس سے رجوع کی امید ختم کر لینا چاہئے۔ اور اس کی نظیر مسئلہ عنین ہے، (کہ اس کو سال بھر تک مہلت دی جاتی ہے۔)

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو امام احمدؒ نے، امام بخاری نے اپنی تاریخ میں اور ابوداؤد اور حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔ اور میرکؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو امام بیہقی نے بھی روایت کیا ہے۔

اسنادی حیثیت: امام میرکؒ فرماتے ہیں: امام ابوداؤدؒ نے اس پر سکوت اختیار کیا ہے اور امام حاکم اس روایت کو نقل کر کے فرماتے ہیں: یہ حدیث صحیح ہے، اور امام ذہبیؒ نے اس تصحیح کو برقرار رکھا ہے۔

اَجر میں دونوں شریک

۵۰۳۷: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَایَحِلُّ لِمُؤْمِنٍ اَنْ یَّهْجُرَ مُؤْمِنًا فَوْقَ ثَلٰثٍ فَاِنْ مَرَّتْ بِهٖ ثَلٰثٌ فَلْیَلْقَهٗ فَلْیُسَلِّمْ عَلَیْهِ فَاِنْ رَدَّ عَلَیْهِ السَّلَامَ فَقَدِ اشْتَرَكَا فِی الْاَجْرِ وَاِنْ لَّمْ یَرُدَّ عَلَیْهِ فَقَدْ بَآءَ بِالْاِثْمِ وَخَرَجَ الْمُسَلِّمُ مِنَ الْهِجْرَةِ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۲۱۴ الحدیث رقم ۴۹۱۲ و مالك فی الموطأ ۲/۹۰۶ الحدیث رقم ۱۳ من کتاب حسن الخلق۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو تین دن سے زیادہ چھوڑے اگر تین دن گزر جائیں تو اس کو جا ملے اور اس کو سلام کرے اگر اس نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سلام کا جواب دے دیا تو وہ دونوں اجر میں شریک ہو گئے اور اگر وہ جواب نہ دے گو وہ گناہ لے کر لوٹا۔ مسلم نے اس روایت کو نقل کیا ہے۔ (ابوداؤد)

تشریح: قوله: فان رد عليه السلام فقد اشتركا فى الاجر:

اس اجر سے کون سا اجر مراد ہے؟ اس میں تین احتمال ہیں: ۱ مراد سلام کا اجر ہے، ۲ ترک ہجران کا اجر مراد ہے ۳ یہ دونوں اجر مراد ہیں۔

قوله: وان لم يرد عليه فقد باء بالاثم:

اس گناہ سے کون سا گناہ مراد ہے۔ اس میں کئی احتمال ہیں: ایک احتمال یہ ہے کہ ترک تعلق کا گناہ مراد ہے۔ (كذا قال شارح)

۲ اظہر یہ ہے کہ گناہ ہجران وترک سلام دونوں مراد ہیں۔ چنانچہ الف لام جنس کا ہوگا، یا مضاف الیہ کے عوض ہے۔ ای باثم الأمرين ۳ یہ کہنا بھی کوئی بعید نہیں کہ ہجران کا گناہ مستمر جو مسلمان کا خون بہانے کے قریب قریب ہے، اس گناہ کے ساتھ ساتھ ترک سلام کے گناہ کے ساتھ بھی لوٹے گا۔

قوله: وخرج المسلم من الهجرة: المسلم بلام مکسورہ مشدہ کے ساتھ ہے۔ **من الهجرة:** (جار مجرور کے درمیان مضاف محذوف ہے۔)

قوله: رواه ابو داؤد: امام ابوداؤدؒ نے اس حدیث کو ہلال بن ہلال مولیٰ یعنی کعب عن ابی ہریرۃ کے طریق سے روایت کیا ہے: امام احمدؒ ہلال کے بارے میں فرماتے ہیں: میں ان کو نہیں جانتا۔ اور ابو حاتم نے فرمایا: یہ مشہور نہیں ہیں۔ اور بعض نے ان کی توثیق کی ہے۔ (ذکرہ میرک)

فساد ذات البین مونڈنے والا ہے

۵۰۳۸: وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَفْضَلَ مِنْ دَرَجَةِ الصِّيَامِ وَلصَّدَقَةِ وَالصَّلٰوةِ قَالَ قُلْنَا بَلٰى قَالَ اِصْلَاحُ ذَاتِ الْبَيْنِ وَفَسَادُ ذَاتِ الْبَيْنِ هِىَ الْحَالِقَةُ۔

(رواه ابوداؤد والترمذى وقال هذا حديث صحيح)

أخرجه ابوداؤد فى السنن ٥/٢١٨ الحديث رقم ٤٩١٩، والترمذى فى ٤/٥٧٢ الحديث رقم ٢٥٠٩ و مالك فى ٢/٩٠٢ الحديث رقم ٧من كتاب حسن الخلق واحمد فى لمسند ٦/٤٤٤۔

ترجمہ: حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تم کو ایسی چیز نہ بتلادوں جو درجے کے اعتبار سے صیام وصدقہ اور نماز سے بڑھ کر ہے انہوں نے کہا کیوں نہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رشتے داروں میں صلح کرانا اور رشتہ داروں میں فساد مٹانے اور ختم کرنے والا ہے۔ اس روایت کو ترمذی' ابوداؤد نے نقل کیا ہے اور کہا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: حدیث میں صلح کرانے کو جو روزہ' صدقہ اور نماز سے افضل کہا گیا ہے تو یہاں فرض روزہ یا فرض صدقہ یا فرض نماز مراد نہیں ہے بلکہ نوافل مراد ہیں۔ اور قرینہ یہ ہے کہ ''صدقہ'' عام طور پر نفلی ہی ہوتا ہے۔ او صلوۃ کا ذکر مؤخر کرنا ممکن ہے ''ترقی'' کے پیش نظر ہو بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ''والصدقۃ'' میں حرف واؤ جمع کے لئے ہے۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ صلح صفائی کرانا ان سب عبادات کی ادائیگی سے افضل ہے اور یہ احتمال بھی ہے کہ حرف واؤ مفہوم کے اعتبار سے ''او'' کے معنی میں ہو اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ صلح صفائی کرانا ان عبادتوں میں سے ہر ہر عبادت سے افضل ہے۔ حدیث کا جو مقصد ہے یعنی آپس میں دشمنی رکھنے والوں کے درمیان صلح کرانے کی ترغیب دلانا اس کے پیش نظر پہلا قول زیادہ بلیغ ہے۔ اشرفؒ فرماتے ہیں ان مذکورات (یعنی مذکورہ عبادات) سے مراد نوافل ہیں نا کہ فرائض۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں واللہ اعلم بالمراد۔ میرا کہنا یہ ہے کہ ویسے تو یہ اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ حقیقی مراد کیا ہے' لیکن اگر وہ فریقین کے درمیان پائی جانے والی دشمنی وعداوت کی نوعیت یہ ہو کہ اس کے نتیجہ میں لوگوں کی خونریزی' مال واسباب کی غارت گری اور عزت وناموس کی بے حرمتی کا ہونا یقینی امر ہو تو قیاس کہتا ہے کہ ایسی عداوت ودشمنی کو ختم کرانا اور دونوں فریقوں کے درمیان صلح صفائی کرانا مذکورہ فرض عبادات سے بھی افضل ہو کیونکہ اول تو یہ عبادات ایسا عمل ہیں جو کسی وقت چھوٹ جائیں تو ان کی قضا ہو سکتی ہے جب کہ اس عداوت ودشمنی کے نتیجہ میں ہلاک ہونے والی جانیں' تباہ وبرباد ہونے والے مال واسباب اور بے حرمت ہونے والی عزت وناموس کی مکافات ممکن نہیں۔

دوسرے یہ کہ ان عبادات کا تعلق حقوق اللہ سے ہے اور مذکورہ ہلاکت وتباہی کا تعلق حقوق العباد سے ہے اور اس میں شبہ نہیں کہ بعض اعتبار سے پروردگار کے نزدیک حقوق اللہ سے زیادہ حقوق العباد کی اہمیت ہے لہٰذا اس حقیقت کی بناء پر یہ کہنا زیادہ صحیح ہو سکتا ہے کہ اس جنس عمل کو ان عبادات پر جزوی فضیلت بہرحال حاصل ہے اور اسکا قرینہ یہ ہے کہ کہا جاتا ہے: البشر خير من الملك والرجل خير من المراة۔ ''انسان فرشتہ سے بہتر ہے اور مرد عورت سے بہتر ہے۔''

قوله: قال: قلنا: بلى قال: اصلاح ذات البين "قلنا بلى":

اور ایک نسخہ میں یارسول اللہ کا اضافہ بھی موجود ہے۔ ''اصلاح'' ذات کی خبر ہے۔) ی هو اصلاح ذات البين۔ ''ذات البين'' سے مراد وہ خصلت ہے جو لوگوں میں پائی جاتی ہے مثلاً قرابت' مودت' اور ان جیسی دیگر خصلتیں اور بعض کا کہنا ہے کہ البین سے مراد ہے لوگوں کا باہمی بغض وعداوت قطع تعلقی جو باعث فرقت وفتراق ہو۔ لفظ ''بین'' اضداد میں سے ہے' اس کا معنی ''وصل'' بھی آتا ہے اور ''فرق'' بھی۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں ''اصلاح ذات البین کا مطلب ہے ''اصلاح احوال بينكم'' یعنی باہمی احوال الفت ومحبت اور اتفاق کی اصلاح جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿والله عليم بذات الصدور﴾ [آل عمران ۱۵٤] ''ذات الصدر'' سے ''مضمرات الصدور'' (سینہ کی پوشیدہ باتیں) اور ''احوال'' کی چونکہ ''بین'' کے ساتھ ملابست تھی اس لئے اس کو ''ذات البین'' سے تعبیر فرمایا' جیسا کہ عرب کا یہ قول ہے: اسقنی ذا اناء ك سے ان کی مراد برتن میں موجود مشروب ہوتا ہے۔ صاحب کشاف نے اس آیت مبارکہ: [و أصلحوا ذات بينكم] [الانفال ۔ ۱] کے تحت اسی طرح کلام کیا ہے۔ اھ۔

قوله: وفساد ذات البين هي الحالقة:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کلام سابق ؒ ''صلاح ذات البین'' کی قوت وطاقت کے بارے میں تھا جو ایک خصلت صادقہ تھی' یہاں سے اس کی برعکس خصلت کا بیان ہے۔ کہ ''فساد ذات البین'' اعمال کے بدلہ اور بھلائیوں کو مٹا دیتا ہے' زائل کر دیتا ہے' اس فعل کی نحوست تحصیل طاعات وعادات سے مانع بن جاتی ہے۔ بعض کا کہنا ہے کہ ''خالقہ'' ماخوذ ہے: حلق بعضهم بعضا سے جس کا معنی ہے ایک دوسرے کو ہلاک کرنا' چنانچہ ''کالقہ'' بمعنی مهلكة ہے۔ النہایہ میں لکھتے ہیں: هي الخصلة التي من شأنها أن تحلق۔ یعنی یہ ایسی خصلت ہے جو ہلاک کر دیتی ہے اور دین کو جڑ سے پکڑتی ہے جس طرح استرا باتوں کو جڑ سے پکڑتا ہے۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ في قطيعة الرحم والتظالم۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس حدیث میں اصلاح ذات البین اور اجتناب عن فساد البین پر ابھارا گیا ہے اور ترغیب دی گئی ہے۔ چونکہ ''اصلاح'' اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے اور مسلمانوں کے درمیان عدم تفرقہ کا باعث وسبب ہے' اس کا برخلاف ''فساد ذات البین'' دین میں رخنہ ہے دین کا ضیاع ہے پس جو شخص اصلاح ذات البین کو اختیار کرے گا' ''فساد ذات البين'' کو ختم کرے گا وہ ایسا درجہ پا جائے گا جو اس روزہ دار' تہجد گزار کے درجہ سے بڑھ کر ہوگا جو اپنی ذات میں مشغول ہو۔ پس اس بنیاد پر مناسب ہے کہ صلاۃ وصوم کو اطلاق پر محمول کیا جائے اور ''حالقہ'' کو ''ما يحتاج اليه امر الدين'' پر محمول کیا جائے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد نے بھی روایت کیا ہے۔ نیز امام ترمذی فرماتے ہیں:

ويروى عن النبي ﷺ :قال: هي الحالقة لا اقول تحلق الشعر ولكن تحلق الدين اھ۔ اس معنی میں بہت سی احادیث مروی ہیں، چنانچہ امام میرک امام منذریؒ کے حوالہ سے نقل کرتے ہیں:

عن ابی هريرة قال: قال رسول الله ﷺ :مامن عمل شئی أفضل من الصلاة واصلاح ذات البين۔ (رواه اصبهانی) عبداللہ بن عمرو سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: أفضل الصدقة اصلاح ذات بين ۔ اس حدیث کو طبرانی اور بزار نے نقل کیا ہے' اس کی سند میں عبدالرحمٰن بن زیادہ بن انعم ہے' ان کی یہ حدیث حسن ہے۔ ابوداؤد اور ترمذی کی اس حدیث کی وجہ سے جو ابوالدرداء اور ابوایوب سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: يا أبا أيوب ألا أدلك على صدقه يحب الله مو ضعها ۔قلت :بلى يا رسول الله بأبى انت وأمى قال:تصلح بين الناس فانها صدقة يحب الله موضعها۔ وهو حديث غريب جدًا (رواه الاصبهانی) ان کی ایک روایت اور طبرانی کی روایت میں یوں ہے: الا ذلك على صدقه يحبها الله ورسوله تصلح بين الناس اذا تغاضبوا و تفاسد۔ اور بزار اور بزار کی ایک روایت میں ہے: الا ادلك على عمل يرضا الله ورسوله قال: من اصلح بين الناس أصلح الله امره وأعطاه بكل كلمة بها عبتق رقبة ورجع مغفور اله ماتقدم من ذنبه (رواه اصبهانی) یہ حدیث بہت ہی غریب ہے۔

حسد وبغض دین کو مونڈتے ہیں

۵۰۳۹: وَعَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَبَّ اِلَيْكُم دَاءُ الْاُمَمِ قَبْلَكُمُ الْحَسَدُ وَالْبَغْضَاءُ هِيَ الْحَالِقَةُ لَا اَقُوْلُ تَحْلِقُ الشَّعْرَ وَلٰكِنْ تَحْلِقُ الدِّيْنَ۔ (رواه احمد والترمذی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٧٣ الحديث رقم ٢٥١٠، واحمد فی المسند ١/١٦٧۔

ترجمہ: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہاری طرف پہلی امتوں کی بیماریاں سرایت کر رہی ہیں یعنی حسد اور بغض اور یہ مونڈنے والا ہے میں نہیں کہتا کہ یہ بالوں کو مونڈتا ہے بلکہ یہ دین کو مونڈ دیتا ہے۔ (احمد، ترمذی)

تشریح: قوله: دب عليكم داء الامم قبلكم :الحسد والبغضاء:

دب: دال مہملہ کے فتحہ اور باء موحدہ کی تشدید کے ساتھ۔

الحسد والبغضاء: یہ دونوں اسم "داء" سے بدل یا بیان ہونے کی وجہ سے مرفوع ہیں۔

قوله: هي الحالقة 'لا أقول :تحلق الشعر ولكن تحلق الدين: هي الحالقة: ضمیر کا مرجع "البغضاء" ہے، چونکہ معنی ومنی کے اعتبار سے وہ اقرب ہے۔ یا "الحسد والبغضاء" دونوں ہیں۔ حسد کو مقدم کیا چونکہ یہ مفضی الی الثانی (یعنی البغضاء) ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: کہ یہ خصلت دین کو مٹا ڈالتی ہے، جیسا کہ استرا بالوں کا صفایا کر ڈالتا ہے، اور ضمیر مؤنث "بغضاء" کی طرف راجع ہے۔ جیسا کہ ان آیات میں: ﴿والدين يكنزون الذهب والفضة ولا ينفقونها﴾ [التوبة۔٣٤] اور ﴿واستعينوا بالصبر والصلوٰة وانها لكبيرة﴾ [البقرة۔٤٥] بعض مفسرین نے ھاء ضمیر کے مرجع کے بارے میں کہا ہے۔ اور "بغضاء" دین کے بگاڑ میں زیادہ بڑھ کر ہے، اگرچہ بعض افراد میں یہ حسد کے نتیجہ میں پیدا ہوتی ہے۔

تخریج: جامع صغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو امام احمدؒ، ترمذی، اور ضیاء نے بحوالہ حضرت زبیر بن عوامؓ ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

دب اليكم داء الأمم قبلكم الحسد البغضاء، والبغضاء هي الحالقة حالقة الدين لا حالقة الشعر، والذى نفس محمد بيده لا تدخلوا الجنة حتى تؤمنوا، ولا تؤمنوا حتى تحابوا، أفلا أنبئكم بشئ اذا فعلتموه تحاببتم؟ افشوا السلام بينكم

اسنادی حیثیت: امام منذریؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو امام احمد اور بزار نے صحیح جید سند کے ساتھ روایت کیا ہے، اور بیہقی وغیرہ نے بھی روایت کیا ہے۔ (نقله ميرك)

حسد نیکیوں کو کھا جاتا ہے

٥٠٤٠: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِيَّاكُمْ وَالْحَسَدَ فَاِنَّ الْحَسَدَ يَاْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَاْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ٥/٢٠٨ الحديث رقم ٤٩٠٣۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حسد سے اپنے آپ کو محفوظ رکھو کیونکہ حسد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح لکڑیوں کو آگ کھا جاتی ہے۔(ابوداؤد)

تشریح: حدیث کا ظاہری مطلب یہ ہے کہ جس طرح آگ اور لکڑی کا معاملہ ہے کہ آگ لکڑی کو جلا کر اس کا وجود مٹا دیتی ہے۔اسی طرح حسد وہ خصلت ہے جو انسان کو اپنی گرفت میں لے کر اس کی نیکیوں کو مٹا دیتا ہے۔

قاضیؒ فرماتے ہیں ''معتزلہ'' اس حدیث کو اپنے مسلک کی دلیل قرار دیتے ہیں کہ ارتکاب معصیت' عمل صالح کو باطل کر دیتا ہے (برائیاں نیکیوں کو مٹا دیتی ہیں کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی مسلمان کسی گناہ کا مرتکب ہو جائے تو اس کے اچھے اعمال محض اس گناہ کے ارتکاب سے ملیا میٹ ہو جاتے ہیں اور برائی کا خاصہ یہ ہے کہ وہ پچھلی نیکیوں کو ختم کر ڈالتی ہے۔لیکن ہم سنت والجماعت ان کا کہنا یہ ہے کہ برائیوں سے نیکیاں ختم نہیں ہوتیں البتہ نیکیوں کا خاصہ یہ ضرور ہے کہ وہ برائیوں کو مٹا دیتی ہیں جیسا کہ فرمایا گیا ہے اِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ (بلاشبہ نیکیاں برائیوں کو دور کر دیتی ہیں) معتزلہ وغیرہ کی طرف سے اس کا جواب یہ ہے کہ نیکیوں کو کھا جانے سے مراد یہ ہے کہ حسد' حاسد کو محسود کا مال تلف کرنے اس کی زندگی تباہ کرنے اور اس کی عزت و آبرو کو نقصان پہنچانے پر اکساتا ہے اگر حاسد ان چیزوں کو عملاً پورا نہیں کرتا تو وہ ان باتوں کا ارادہ ورجحان ضرور رکھتا ہے اور کچھ نہیں تو غیبت وغیرہ کے ذریعہ ان کی عزت و آبرو کو نقصان پہنچاتا ہے۔لہٰذا حسد کی سزا یہ ملے گی کہ قیامت کے دن حاسد کی نیکیاں محسود کو دے دی جائیں گی اور یہ محسود ان کے حقوق کا بدلہ ہوگا جو حاسد اپنی گردن پر لے کر اس دنیا سے جائے گا۔

جہاں تک اس حدیث سے معتزلہ کے استدلال کا سوال ہے تو اہل سنت والجماعت کی طرف سے کہا جاتا ہے اس ارشاد گرامی میں جو یہ فرمایا گیا ہے کہ حسد نیکیوں کو کھا جاتا ہے تو اس کا مطلب دراصل یہ ہے کہ حسد نیکیوں کے حسن وکمال کو زائل کر دیتا ہے جیسا کہ حدیث میں فرمایا گیا ہے: الحسد يفسد الايمان كما يفسد الصبر العسل یعنی حسد ایمان میں فتور پیدا کر دیتا ہے جس طرح ایلوا شہد کو بدمزہ کر دیتا ہے۔اس حدیث میں وہ بات صراحتاً موجود ہے جو ہم نے کہی کہ حسد کمال ایمان اور دیگر نیکیوں کو خراب کر دیتا ہے' اور بے کار کر دیتا ہے' اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ یکبارگی سب نیکیاں لے جاتا ہے اور ان کو فناء کر دیتا ہے۔پس ضروری ہے کہ حدیث میں مضاف محذوف مانا جائے۔اس تاویل کی موافقت اس تشبیہ سے بھی ہو رہی ہے کہ آگ ایندھن کا نور لیتی ہے اور ایندھن کی اصل کو یعنی راکھ چھوڑ دیتی ہے۔لہٰذا یہ حدیث اس آیت مبارکہ کے معارض نہیں: [ان الحسنات يذهبن السيئات] [هود۔۱۱٤]۔میرے دل کو ایک بات سوجھی ہے۔واللہ اعلم بالحال۔کہ ممکن ہے کہ حدیث کا مطلب یہ ہو: ان الحسد يأكل حسنات المحسود الى صاحب الحسد۔یعنی انها لا تؤثر فيه ولا تغيره ولا يوجد لها قدر عنده كما تأكل النار الحطب۔چنانچہ اس میں تنبیہ ہے کہ حاسد کے ساتھ احسان کرنا نافع نہیں ہے' اس کا تقرب ضائع ہے۔

جیسا کہ ایک حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ میری اُمت میں حقیقی مفلس شخص وہ ہے جو قیامت کے دن (اپنے نامۂ اعمال میں) نماز' روزہ' زکوٰۃ اور شب بیداری (کا ثواب) لئے ہوئے آئے گا لیکن اس کی حالت یہ ہوگی کہ اس نے (دنیا میں) کسی کو گالی دی ہوگی' کسی پر زنا کا بہتان لگایا ہوگا کسی کا مال کھایا ہوگا کسی کا خون کیا ہوگا اور کسی کو مارا پیٹا ہوگا۔لہٰذا اس کی تمام نیکیاں (جو زکوٰۃ اور شب بیداری جیسی صورتوں میں [illegible] لوگوں کو دے دی جائیں گی جن پر اس نے (گالی اور بہتان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وغیرہ کے ذریعہ) زیادتی کی ہوگی لہٰذا مذکورہ بالا حدیث میں نیکیوں کے مٹائے جانے سے یہی مراد ہے یعنی قیامت کے دن اپنی نیکیوں سے محروم ہو جانا نہ کہ ان نیکیوں کو دیوانِ اعمال میں سے مٹا دینا اور ختم کر دینا مراد ہے۔ یہ مراد یوں بھی صحیح نہیں ہوگی کہ اگر کسی کی نیکیوں کو یہیں مٹا دیا جائے اور ان کو دیوانِ اعمال میں سے محو کر دیا جائے تو پھر وہ وہاں (قیامت کے دن) کن اعمال کے ساتھ آئے گا۔ درآنحالیکہ حدیث سے یہ بات ثابت ہے کہ جس شخص نے دنیا میں جو اعمال کئے ہوں گے وہ قیامت کے دن انہی اعمال کے ساتھ میدانِ حشر میں حاضر ہوگا۔

تورپشتی ؒ نے دوسرا جواب یہ دیا ہے کہ ہر بندہ اپنی دینی استعداد و صلاحیت کے مطابق اپنی نیکیوں میں اضافہ کرتا ہے اور اس کے نامہ اعمال میں ثواب کی تعداد بڑھتی رہتی ہے۔ ظاہر ہے کہ جب بندہ خطاؤں کا مرتکب ہوتا ہے تو اس کے اعمال کا ثواب کم ہو جاتا ہے مثلاً فرض کریں کہ کوئی ظالم نیکی کرتا ہے' تو اس کو اس پر دس گناہ اجر دیا جائے گا' اور وہ ظالم نہ ہوتا تو اس کو اس کی نیکی کا ثواب بڑھا چڑھا کر کئی گنا کر دیا جاتا۔ پس یہاں پر احباط سے مراد یہ ہے یعنی تضعیف میں ہونے والی وہ کمی' جو گناہ کے ارتکاب کے سبب سے ہے۔ اور امام طیبیؒ فرماتے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ حسنات بواسطہ حسد کے قبول نہیں کی جاتیں چونکہ نیکیاں حسد کی وجہ سے بے کار ہو جاتی ہیں۔ میں کہتا ہوں یہ دونوں معنی قریب قریب ہیں۔ مزید یہ کہ نفی قبول کے مضمون پر مشتمل روایات' نفی کمال پر محمول ہیں اور اس طرح اللہ جل شانہ کا یہ فرمان: [انما یتقبل اللہ من المتقین] [المائدۃ۔۲۷] بھی اہل السنّت والجماعت کے ہاں اسی طرح ہے۔ اس اعتبار سے فرمایا گیا ہے کہ حسد' حاسد کو اچھی بات سے ہٹا کر گویا ان نیکیوں سے محروم رکھتا ہے جو اس کو بری خصلت سے اجتناب کی صورت میں حاصل ہوتیں۔

حسد ہر عداوت سے بڑھ کر ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ادْفَعْ بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ فَإِذَا الَّذِي بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيمٌ﴾ [فصلت۔۳۴] ''اور بھلائی اور برائی برابر نہیں ہو سکتی تو (سخت کلامی کا) ایسے طریق سے جواب دو جو بہت اچھا ہو (ایسا کرنے سے تم دیکھو گے) کہ جس میں اور تم میں دشمنی تھی گویا وہ تمہارا گرم جوش دوست ہے''۔

کسی کا کہنا ہے:

كل العداوة قد يرجى ازالتها
الا عداوة من عاداك من حسد

''ہر عداوت کے ازالہ کی امید کی جا سکتی ہے، سوائے اس شخص کی عداوت کے جو تجھ سے حسد کے باعث دشمنی رکھتا ہے''۔

توضیح: امام ابوداؤد نے اس حدیث کو ابراھیم بن اسید عن جدہ عن ابی ھریرہ کے طریق سے روایت کیا ہے۔ اور جد ابراہیم کا نام ذکر نہیں کیا۔ حدیث کے اس راوی ابراہیم کا تذکرہ امام بخاریؒ نے ''التاریخ الکبیر'' میں کیا ہے، اور ان سے یہ حدیث بھی نقل کی ہے۔ اور فرمایا: صحیح نہیں ہے۔ (کذا ذکرہ الشیخ الجزری) امام میرکؒ فرماتے ہیں: لیکن اس کا ایک شاہد ہے جو حضرت انسؓ سے مرفوعاً مروی ہے: الحسد یأکل الحسنات کما تأکل النار الحطب اس کو ابن ماجہ اور بیہقی نے روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عرضِ مرتب:

مرقاۃ کے تخطانی متن میں یہ حدیث موجود نہیں ہے۔ مرقات کے محشی لکھتے ہیں: هذا الحديث ناقص من الشرح وأثبتناه من المشكاة.....

اپنے کو رشتہ داری کے فساد سے بچاؤ

۵۰۴۱: وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِيَّاكُمْ وَسُوْءَ ذَاتِ الْبَيْنِ فَاِنَّهَا الْحَالِقَةُ۔

(رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٧٢ الحديث رقم ٢٥٠٨۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے آپ کو رشتہ داری میں فساد سے بچاؤ اس لیے کہ یہ چیز مونڈھنے والی ہے۔ (ترمذی)

جس نے کسی کو نقصان پہنچایا وہ بدلہ پائے گا

۵۰۴۲: وَعَنْ اَبِيْ صِرْمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ قَالَ مَنْ ضَارَّ ضَارَّ اللّٰهُ بِهٖ وَمَنْ شَاقَّ شَاقَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔

(رواه ابن ماجة والترمذی وقال هذا حديث غريب)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ٤/٤٩ الحديث رقم ٣٦٣٥، والترمذی فی السنن ٤/٢٩٣ الحديث رقم ١٩٤٠ و ابن ماجه فی ٢/٧٨٥ الحديث رقم ٢٣٤٢، واحمد فی المسند ٣/٤٥٣۔

ترجمہ: حضرت ابوصرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ جس نے کسی کو نقصان پہنچایا اللہ اس کے بدلے میں اس کو نقصان پہنچائے گا اور جس نے کسی کی مخالفت کی یا کسی کو مشقت و تکلیف میں ڈالا تو اللہ تعالیٰ اس کو مشقت و تکلیف میں ڈالیں گے۔ (ابن ماجہ) اور ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے۔

تشریح: قوله: من ضار رضار الله به: ایک روایت میں "من ضار" کے بعد "مؤمنا" کا اضافہ بھی ہے۔ من ضار ضار اللّٰه به اس کلام میں ایک قسم کی مشاکلت و مقابلہ ہے۔

قوله: ومن شاق شاق الله عليه:

یعنی اللہ تعالیٰ اس شخص پر اپنا عقاب نازل فرمائے گا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ومن يشاق اللّٰه فان اللّٰه شديد العقاب﴾ [الحشر۔٤] مومن کی جگہ اپنی ذات اقدس کا ذکر کرنا درحقیقت مؤمن کے علو درجات کی طرف اشارہ ہے۔ جیسا کہ دوسری آیت میں فرمایا: ﴿ومن يشا اللّٰه رسوله﴾ [الانفال۔١٣] اور ایک اور جگہ فرمایا: ﴿ومن يشاقق الرسول من بعد ما تبين له الهدى ويتبع غير سبيل المؤمنين نوله ما تولى ونصله جهنم﴾ [النساء۔١١٥]

"مشاقه" تنازع کرنے والے دو افراد کے درمیان ہوتا ہے، بایں طور کہ ان میں سے ایک شخص ایک شق کو اختیار کئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوئے ہوتا ہے، اور دوسری شق کو چھوڑے ہوئے ہوتا ہے، یا ایک شق میں اپنے مقابل سے دور ہوتا ہے، یا ان دونوں میں سے ہر شخص دوسرے کی شق کو اختیار کرنا چاہتا ہے۔ چنانچہ لفظ ''شاق'' شق بکسر الشین بمعنی 'المشقه'' سے ماخوذ ہے۔ یہ ارشاد باری تعالیٰ بھی اسی قبیل سے ہے: ﴿الا بشق الأنفس﴾ [النحل۔۷]

یا شق بمعنی ''نصف شئے'' سے ماخوذ ہے۔ جیسا کہ حدیث میں آتا ہے: اتقوا النار ولو بشق تمرة، تو گویا کہ تنازع کرنے والے دونوں شخص پہلے مجتمع تھے، اب نصف نصف ہو گئے۔ یا ''شق'' بفتح الشین سے ماخوذ ہے' جس کا معنی ہے: فصل فی الشیء ای الفرق۔ بعض کا کہنا ہے کہ ضرر و مشقت متقارب ہیں، لیکن ضرر کا استعمال اتلاف مال کے موقع پر ہوتا ہے، اور مشقت کا اطلاق بدنی اذیت رسانی پر ہوتا ہے، جیسا کہ کسی عمل شاق کی تکلیف۔ اھ۔

اور اظہر یہ ہے کہ ''ضرر'' بدنی' مالی، دنیاوی و اخروی سب کو شامل ہے۔ اور ''مشاقہ'' اس مخالفت کو کہتے ہیں، جو'' مفضی الی المنازعة والمحاربة'' ہو۔ وغیرہ وغیرہ۔

جامع الاصول میں ہے: المضارة المضرة والمشقة النزاع، فمن أضر غيره تعديا او شاقه ظلما بغير حق فان الله يجازيه على فعله بمثله اھ۔ اس کا حاصل یہ ہے کہ یہ دونوں ہم معنی ہیں۔ اور ثانی اول کی تاکید ہے، اور چونکہ ہماری تحقیق مفید تاسیس و تقیید ہے لہٰذا ہماری تحقیق اولیٰ ہے، اور امام طیبیؒ کا یہ کہنا: ويجوز ان يحمل على المشقة ايضًا بأن كلف صاحبه فوق طاقته فيقع في التعب والمشقة'' بھی مضرت میں داخل ہے۔

توضیح و تخریج: ''التصحیح'' میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو امام ابن ماجہ، ترمذی، ابوداؤد اور امام نسائی نے بھی ذکر کیا ہے۔ امام ترمذیؒ کا کہنا ہے کہ یہ حدیث ''حسن غریب'' ہے۔ (ذكره ميرك)

اور الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: من ضار ضر الله به ومن شاق شق الله عليه اس حدیث کو امام احمد، اور اصحاب کتب اربعہ نے ابوصرمہ سے روایت کیا ہے۔

مسلمان سے مکر و فریب کرنے والا ملعون ہے

۵۰۴۳: وَعَنْ اَبِیْ بَکْرِ نِالصِّدِّیْقِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَلْعُوْنٌ مَنْ ضَارَّ مُؤْمِنًا اَوْمَكَرَبِهٖ۔

(رواه الترمذی وقال هذا حديث غريب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٢٩٣ الحديث رقم۔

ترجمہ: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ شخص ملعون ہے جو کسی مسلمان کو ضرر پہنچائے یا اس کے ساتھ مکر و فریب کرے اس روایت کو ترمذی نے نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے۔

تشریح: مطلب یہ ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کو خواہ ظاہری طور پر ضرر و نقصان پہنچائے' خواہ پوشیدہ طور پر نقصان پہنچائے وہ خیر سے دور ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

توضیح: صاحب ''التصحیح'' لکھتے ہیں: اس حدیث کی سند کے راوی ابوسلمہ کندی کا' فرقد سنجی سے روایت کرنا معروف نہیں ہے۔ ابن معین نے ان کی توثیق اور دیگر حضرات نے ان کی تضعیف کی ہے۔ (ذکرہ میرک)

عیب کا متلاشی خود ہی رُسوا ہوگا

۵۰۴۴: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَنَادٰى بِصَوْتٍ رَفِيْعٍ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ مَنْ اَسْلَمَ بِلِسَانِهٖ وَلَمْ يُفْضِ الْاِيْمَانُ اِلٰى قَلْبِهٖ لَا تُؤْذُوا الْمُسْلِمِيْنَ وَلَا تُعَيِّرُوْهُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا عَوْرَاتِهِمْ فَاِنَّهٗ مَنْ يَّتَّبِعْ عَوْرَةَ اَخِيْهِ الْمُسْلِمِ يَتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ وَمَنْ يَّتَّبِعِ اللّٰهُ عَوْرَتَهٗ يَفْضَحْهُ وَلَوْ فِيْ جَوْفِ رَحْلِهٖ۔ (رواہ الترمذی)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۱۹۴ الحديث رقم ۴۸۸۰، والترمذی فی السنن ۴/۳۳۱ الحديث رقم ۲۰۳۲، واحمد فی المسند ۴/۴۲۱۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور بلند آواز سے یہ بات فرمائی اے وہ گروہ جو فقط اپنی زبان سے ایمان لائے ہو اور ابھی ان کے دل میں ایمان نہیں پہنچا مسلمانوں کو ایذاء مت پہنچاؤ' نہ انہیں عار دلاؤ اور نہ ان کے عیوب کو تلاش کرتے پھرو اس لیے کہ جو آدمی اپنے مسلمان بھائی کے عیب تلاش کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا عیب تلاش فرمائیں گے اور جس کے عیب اللہ تلاش فرمائیں گے تو اس کو رسوا کر ڈالتے ہیں اگرچہ وہ اپنے گھر یا کجاوے میں ہو۔

تشریح: قولہ: صعد رسول اللہ ﷺ المنبر فنادی بصوت رفیع فقال: ''صعد'': عین کے کسرہ کے ساتھ ''رفیع'' بمعنی ''عالی'' ہے۔ ''فقال'' یہ بیان ہے ''فنادی'' کا۔

قولہ: یا معشر من أسلم بلسانہ ولم یفض الایمان الی قلبہ۔ ولم یفض: ''افضاء'' (باب افعال کا مصدر) سے ماخوذ ہے۔ اس خطاب میں مؤمن اور منافق دونوں شامل ہیں۔ جن کے دل تک ایمان نہیں پہنچا ہے سے مراد یہ ہے کہ جن کا دل اصل ایمان یا کمال ایمان کے نور سے منور نہیں ہوا ہے''۔ اس خطاب میں فاسق کو بھی شامل کر لیا گیا ہے۔ یہ بات اس لئے بھی زیادہ صحیح معلوم ہوتی ہے کہ ارشاد گرامی میں آگے یہ فرمایا گیا ہے ''جو شخص اپنے مسلمان بھائی کے عیب تلاش کرتا ہے'' (تو اس سے واضح ہوتا ہے کہ حضور ﷺ کا خطاب تمام مسلمانوں سے تھا خواہ وہ کامل مسلمان ہوں یا منافق اور یا فاسق!) اگر خطاب صرف منافقین سے ہوتا تو چونکہ مسلمان اور منافق کے درمیان اخوۃ یعنی بھائی چارہ نہیں ہے (اس لئے اس ارشاد گرامی میں ''اپنے مسلمان بھائی'' کا لفظ استعمال نہ کیا جاتا) لہٰذا طیبیؒ کا اس حدیث کے حکم کو منافق میں منحصر ماننا (کہ ارشاد گرامی کا مخاطب صرف منافقین کو قرار دیا) ظاہر مفہوم کے خلاف ہے۔ یہاں حکم بالکل عام ہے۔ واللہ اعلم۔

قولہ: ولا تعیروھم تعیروا: ''تعییر'' سے مشتق' اس کا معنی ہے: توبیخ (سرزنش کرنا' جھڑکنا' ملامت کرنا' عار دلانا' دھکانا) و التعیب (عیب کی نسبت کرنا' عیب دار بنانا' عار کی طرف نسبت کرنا فعل کی برائی بیان کرنا') ان کو عار نہ دلاؤ کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مطلب یہ ہے کہ کسی مسلمان کو اس کے اس گناہ پر طعن و تشنیع نہ کرو جو کبھی پہلے اس سے صادر ہوا ہو خواہ اس گناہ سے اس کا توبہ کرنا تمہیں معلوم ہو یا نہ ہو البتہ اگر کوئی شخص کسی گناہ کے ارتکاب کی حالت میں ہو یا وہ کوئی گناہ کر چکا ہو اور وہ گناہ اس کے توبہ کرنے سے پہلے علم میں آ گیا ہو تو اس صورت میں اس کو اس گناہ پر طعن و تشنیع اور تنبیہ کرنا اس شخص پر واجب ہوگا جو اس پر قادر ہو اور بعض مرتبہ وہ گناہ مستوجب حد و تعزیر ہوتا ہے۔ (یعنی اگر وہ گناہ قابل حد و تعزیر ہو تو اس پر حد اور تعزیر بھی جاری کرنا (قاضی و حاکم پر) واجب ہوگا۔) گویا اس صورت میں یہ عمل ''عار دلانے'' کے قبیل سے نہیں ہوگا بلکہ اس کا شمار امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے باب سے ہوگا۔

قولہ: ولا تتبعوا عوراتهم فانه من يتبع الخ: یعنی تم کسی مسلمان کے جن عیوب کو نہیں جانتے اس کی ٹوہ مت لگاؤ اور اس کے جو عیوب تمہارے علم میں آ گئے ہیں ان کو دوسروں کے سامنے ظاہر نہ کرو۔ اس سے ثابت ہوا کہ کسی مسلمان (جو فاسق نہ ہو) کے عیوب کی ٹوہ میں رہنے یا اس کے جو عیوب اپنے علم میں ہوں ان کو دوسروں کے سامنے ظاہر کرنے سے اجتناب کرنا واجب ہے اور جو شخص ایسا کرے (یعنی کسی مسلمان کی عیب جوئی کرے یا کسی مسلمان کے عیوب کو دوسروں کے سامنے بیان کرتا پھرے) اس سے خود بھی کنارہ کشی اختیار کرنا اور دوسروں کو بھی اس سے دور رکھنا واجب ہے۔

جو شخص اس دنیا میں کسی مسلمان کی عیب جوئی کرتا ہے یا کسی مسلمان کے عیوب کو دوسروں کے سامنے بیان کر کے اس کی رسوائی کراتا ہے اس کو جان لینا چاہئے کہ آخرت میں اس کے ساتھ بھی ایسا معاملہ ہوگا۔ بایں طور کہ اللہ تعالیٰ وہاں اس کے عیوب سے درگزر کرنے کے بجائے اس کی ایک ایک برائی پر نظر رکھے گا اور اس کے تمام عیوب کو مخلوق کے سامنے ظاہر کرے گا تاکہ جس طرح اس نے اپنے ایک مسلمان بھائی کو دنیا میں رسوا کیا تھا اسی طرح آخرت میں وہ خود رسوا ہو اور ظاہر ہے کہ آخرت کی رسوائی دنیا کی رسوائی سے کہیں زیادہ ہوگی۔ اور دنیا میں اللہ تعالیٰ اس شخص کو ایسے رسوا کرے گا کہ خواہ یہ شخص اپنے گھر کے بیچوں بیچ، لوگوں سے چھپ کر ہی کیوں نہ بیٹھا ہو، اللہ اس کو رسوا کر دے گا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: [ان الذين يحبون أن تشيع الفاحشة في الذين آمنوا لهم عذاب اليهم في الدنيا والآخرة والله يعلم وأنتم لاتعلمون] [النور۔۱۹]

امام غزالیؒ نے لکھا ہے کہ عیب جوئی وہ خصلت ہے جو دراصل مسلمان کے ساتھ بدگمانی رکھنے کا ثمرہ ہے۔ دل ظنی بات پر قناعت نہیں کرتا، اور تحقیق طلب کرتا ہے۔ چنانچہ یہ چیز اس کو پردہ دری تک لے جاتی ہے (شریعت نے کسی مسلمان کے عیوب کی پردہ پوشی کا جو حکم دیا ہے) اس کی حد یہ ہے کہ (اگر کسی کے پڑوس میں ایسا مکان ہو جہاں شغل مے نوشی ہوتا ہو اور راگ رنگ کی مجلسیں جمتی ہوں، تو) اس شخص کو چاہئے کہ وہ خود اپنے مکان کا دروازہ بند کرے (تاکہ اس کی نظر مکان میں ہونے والے غیر شرعی امور تک نہ جا سکے اس کے گھر کے لوگوں کی بدکاریاں اس کے علم میں نہ آ سکیں) نیز اس شخص کے مکان اور مذکورہ مکان کے درمیان جو دیوار حائل ہو اس سے کان لگا کر چوری چھپے اس آواز کو سننا جائز نہیں۔ جو اس مکان میں گانے بجانے اور راگ رنگ وغیرہ کے ذریعہ پیدا ہو رہی ہو اور نہ یہ جائز ہے کہ اس برائی کو دیکھنے کے لئے اس شخص کے گھر میں گھسا جائے۔ ہاں اگر اس مکان کے مکین اپنے افعال بد کو خود ظاہر کر رہے ہوں جیسے وہ اتنی بلند آواز میں گانا بجانا کر رہے ہوں کہ باہر تک آواز آ رہی ہو یا شرابی لوگ آپس میں شرابیوں جیسا شور و شغب کر رہے ہوں اور ان کی آواز ان کے شغل مے نوشی بھی ان تک ظاہر کر رہی ہو تو یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسری بات ہے۔(اسی طرح اگر وہ شخص ان کی ٹوہ لینے کے مقصد کے بغیر یونہی اس گھر میں چلا جائے اور وہ لوگ شغل مے نوشی یا گانا بجانا موقوف کر کے) شراب کے برتن اور گانے بجانے کی چیزیں اپنے دامن وغیرہ کے نیچے چھپالیں تو اس شخص کے لئے یہ جائز نہیں ہوگا کہ وہ ان کے دامن وغیرہ ہٹوا کر ان چیزوں کو دیکھنے کی کوشش کرے اس طرح شراب کی بو کی ٹوہ میں منہ وغیرہ سونگھنا بھی جائز نہیں ہوگا اور نہ یہ جائز ہوگا اپنے پڑوسیوں سے دریافت کرتا پھرے کہ اس کے مکان میں کیا کیا ہوتا ہے اسی مفہوم کو کسی نے شعر میں کہا ہے:

لا تلتمس من مساوی الناس ما ستروا
فیهتك الله سترا عن مساویکا
واذکر محاسن ما فیهم اذا ذکروا
ولا تعب أحدا بما فیکا

لوگوں کی ان برائیوں کی ٹوہ میں مت لگ کہ جس کو لوگوں نے چھپایا ہے۔کہیں ایسا نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ تیری برائیوں پر پڑا پردہ چاک کر دے۔جب لوگوں کا ذکر کیا جائے،تو ان میں موجود محاسن کا ذکر کر۔اور ان لوگوں کی بابت بھی ایسا عیب مت بیان کر جو تجھ میں ہے۔

حدیث کے الفاظ :ولم یفض الایمان الی قلبه (اور ان کے دل تک ایمان نہیں پہنچا ہے) میں اس طرف اشارہ ہے کہ جب تک ایمان کا نور دل کو روشن نہیں کر دیتا اس وقت تک نہ اللہ کی معرفت حاصل ہوتی ہے اور نہ اس کے حقوق ادا ہوتے ہیں اور یہ کہ قلب کے تمام روحانی امراض کا علاج اللہ کی معرفت اور اس کے حقوق کو ادا کرنے پر موقوف ہے چنانچہ جو شخص اللہ کی معرفت حاصل کر لیتا ہے اور اس کے حقوق کو ادا کرتا ہے تو وہ نہ کسی کو تکلیف پہنچاتا ہے اور نہ کسی کو نقصان وضرر میں مبتلا کرتا ہے نہ کسی کو عار دلاتا ہے اور نہ کسی کے احوال وکردار کی کمزوریوں اور اس کے عیوب کی تلاش وجستجو میں رہتا ہے۔(انتهی کلام الامام وحصل تمام المرام)

لا تتبعوا:باب افتعال سے ہے۔اور مطلب یہ ہے کہ تجسس مت کرو۔

فانه:ضمیر شان ہے۔

یتبع:مجزوم ہے اور تاء مشدد ہے۔بعض کا کہنا ہے کہ مرفوع ہے۔اور مشائخ کے سامنے پڑھے گئے بعض نسخوں میں باب تفعل سے صیغہ ماضی معلوم ضبط کیا گیا ہے۔یہاں بھی اور اگلے دونوں مقامات پر بھی۔

یفضحه:از باب منع ہے۔

توضیح:امام میرک نقل فرماتے ہیں کہ امام ترمذیؒ نے اس حدیث کو حسن غریب کہا ہے۔

بدترین سود

۵۰۴۵:وَعَنْ سَعِیْدِ بْنِ زَیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مِنْ اَرْبَی الرِّبٰوا الْاِسْتِطَالَةَ لَهُ فِیْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عِرْضِ الْمُسْلِمِ بِغَيْرِ حَقٍّ۔ (رواه ابوداؤد والبيهقي في شعب الايمان)

أخرجه ابوداؤد في السنن ١٩٣/٥ الحديث رقم ٤٨٧٦، واحمد في المسند ١٩٠/١، والبيهقي في شعب الايمان ٣٩٥/٤ الحديث رقم ٥٥٢١ اخرجه عن ابي هريرة وعن انس۔

ترجمہ: حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے بدترین سود یہ ہے کہ کسی مسلمان بھائی کی عزت میں ناحق دست درازی کرے۔ (ابوداؤد، بیہقی)

تشریح: "اسطالة" کے اصل معنی ہیں لوگوں کو حقیر جاننا اور ان پر اپنی بڑائی جتلانا۔

"اصر بوا": لغت میں "ربو" کے معنی ہیں زیادہ ہونا' بڑھنا۔ اور اصطلاح شریعت میں اس کا جو مفہوم ہے وہ معروف ہے کتب فقہ میں مذکور ہے اور اس کی انواع محرمہ کا بیان بھی مذکور ہے کسی کی آبروریزی کے لئے زبان درازی کو "ربوا" کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے اور پھر اس کو "اربی" کہا گیا ہے کیونکہ ارباب کمال کے نزدیک عزت وآبرو مال وزر سے زیادہ قیمتی اور عزیز ہے (اور مال وزر کی بہ نسبت عزت وآبرو کا نقصان زیادہ تکلیف دہ اور زیادہ سخت ہوتا ہے۔) ارباب کمال کے نزدیک عزت مال سے قیمتی ہے۔

اصون عرضی لمالی لا أدنسه
لا بارك الله بعد العرض في المال

"میں اپنے مال کے ذریعے اپنی عزت کی حفاظت کرتا ہوں، اپنی عزت کو خاک آلود نہیں کرتا۔ عزت (چلی جانے) کے بعد اللہ مال میں برکت نہ دے۔"

قوله: بغير حق: امام تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: کہ "ناحق" کی قید میں "تنبیہ" ہے کہ بعض صورتوں میں ایسی بات کہنا کہ جس سے عزت وآبرو مجروح ہوتی ہو' مباح ہے۔ مثلاً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے: لیّ الواجد یحل عرضه۔ (کسی شخص پر کسی شخص کا کوئی حق (جیسے قرض وغیرہ ہو اور وہ اس حق کو ادا نہ کر رہا ہو تو) صاحب حق کو اجازت ہے کہ وہ اس شخص کے بارے میں کہہ سکتا ہے کہ یہ ظالم ہے' یہ حد سے تجاوز کر رہا ہے' اور اسی جیسی دیگر باتیں۔ اور اسی طرح شاہد پر جرح کرنا بھی جائز ہے۔ (مثلاً کوئی شخص کسی کے حق میں گواہی دے رہا ہو تو اس پر جرح کرنا اور اس گواہ کے عیوب بیان کرنا درست ہے اسی قسم سے راویان حدیث پر جرح کرنا بھی ہے۔ یعنی محدثین کا حدیث کے راویوں کے عیوب ظاہر کرنا بھی درست ہے کیونکہ اس کا مقصد حدیث کی صحت کو محفوظ رکھنا اور دین کی حفاظت کرتا ہوتا ہے۔) اسی طرح لوگوں کو نقصان وفساد سے بچانے کیلئے نکاح کا پیغام دینے والے شخص کی' بدعتیوں کی اور فاسقوں کی برائیوں کو ذکر کرنا بھی درست ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمدؒ نے اپنی مسند میں روایت کیا ہے۔

تانبے کے ناخنوں سے چہرہ نوچنے والے

٥٠٤٦: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَمَّا عَرَجَ بِيْ رَبِّيْ مَرَرْتُ بِقَوْمٍ لَّهُمْ اَظْفَارٌ مِنْ نُّحَاسٍ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَخْمِشُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَصُدُوْرَهُمْ فَقُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ يَاجِبْرَئِيْلُ قَالَ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يَاكُلُوْنَ لُحُوْمَ النَّاسِ وَيَقَعُوْنَ فِيْ اَعْرَاضِهِمْ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ٥/١٩٤ الحديث رقم ٤٨٧٨، واحمد فی المسند ٣/٢٢٤۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ جب اللہ تعالیٰ نے مجھے معراج کرائی تو میرا گزر کچھ ایسے لوگوں کے پاس سے ہوا کہ جن کے ناخن تانبے کے تھے جن سے وہ اپنے چہروں اور سینوں کو نوچ رہے تھے میں نے جبرئیل سے پوچھا یہ کون لوگ ہیں تو نہوں نے کہا یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کا گوشت کھاتے اور ان کی آبروریزی کرتے ہیں۔ (ابوداؤد)

عرضِ مرتب:

محشیٰ لکھتے ہیں: مشکاۃ میں عرج بی ربی کے الفاظ ہیں۔اھ۔مرقات کے تحتانی متن میں لفظ ''ربی'' موجود نہیں ہے۔

یخمشون: میم کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ چنانچہ مصباح میں لکھتے ہیں: **خمشت المرأة کضرب وجهها بظفر جرحت ظاهر البشرة۔** (چہرہ پر ناخن مار کر خراش لگانا)

تشریح: قوله: لما عرج: بی مررت باقوام لهم اظفار من نحاس یخمشون:

حضرت جبرئیل علیہ السلام کے کہنے کا مطلب یہ تھا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو لوگوں کی غیبت کرتے ہیں ان کے حق میں نازیبا (اور ناشائستہ الفاظ اپنی زبان سے نکالتے ہیں اور اس طرح ان لوگوں کی عزت و آبرو کو پامال کرتے ہیں۔ ان لوگوں کا اپنے چہروں اور سینوں کو کھرونچنا' اس طرف اشارہ کرنا ہے کہ ان لوگوں نے اپنے بھائیوں کی آبروریزی کی اور اس آبروریزی پر خوش ہو کر ان بھائیوں کے سینوں (یعنی دلوں) اور چہروں کو مجروح و مغموم کیا لہٰذا ان کی سزا یہی ہے کہ خود اپنے ہاتھوں سے اپنے سینوں اور چہروں کو بھی زخمی کریں۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: چہرہ اور سینہ کا نوچنا نوحہ کرنے والی عورتوں کی صفات ہیں۔ غیبت کرنے والے اور مسلمانوں کی عزت کو داغ دار کرنے والے لوگوں کی جزاء بھی یہی بتلائی گئی ہے۔ اس میں اشارہ ہے کہ یہ دونوں صفات مردوں والی نہیں۔ بلکہ یہ دونوں صفات عورتوں کی خصال میں سے بدترین عادات ہیں۔

اسنادی حیثیت: اس حدیث پر امام ابوداؤد اور امام منذریؒ نے سکوت اختیار کیا ہے۔ یہ حدیث سعید بن جبیر سے مرسلاً مروی ہے۔ (ذکرہ میرک)

تخریج: جامع صغیر میں لکھتے ہیں کہ اس حدیث کو امام احمد، ابوداؤد اور ضیاء نے حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے۔

تین عملوں کی تین سزائیں

٥٠٤٧: وَعَنِ الْمُسْتَوْرِدِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَكَلَ بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ اُكْلَةً فَاِنَّ اللّٰهَ يُطْعِمُهُ مِثْلَهَا مِنْ جَهَنَّمَ وَمَنْ كَسٰى ثَوْبًا بِرَجُلٍ مُسْلِمٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَكْسُوْهُ مِثْلَهُ مِنْ جَهَنَّمَ وَمَنْ قَامَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِرَجُلٍ مَقَامَ سُمْعَةٍ وَرِيَاءٍ فَإِنَّ اللّٰهَ يَقُوْمُ لَهٗ مَقَامَ سُمْعَةٍ وَرِيَاءٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه ابو داؤد فی السنن ٥/١٩٥ الحديث رقم ٤٨٨١، واحمد فی المسند ٤/٢٢٩۔

ترجمہ: حضرت مستورد رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ جس نے کسی مسلمان کا ایک لقمہ ناحق کھایا تو اللہ تعالیٰ اسی کی مثل دوزخ کا لقمہ اسے کھلائیں گے اور جس نے کسی مسلمان کی غیبت کے عوض کپڑا پہنا اللہ تعالیٰ اسی کی مثل دوزخ کا کپڑا پہنائیں گے اور جو شخص نام ونمود اور ریاکاری کے لئے کھڑا ہوا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے شہرت کی جگہ میں کھڑا کرے گا۔ (ابوداؤد)

تشریح: قوله: من أكل برجل مسلم أكلة فان الله تعالٰى يطعمه مثلها من جهنم:

"اکلۃ" ہمزہ کے ضمہ کے ساتھ اس کے معنی "ایک لقمہ" کے ہیں اور ایک نسخہ میں یہ "اکلة" ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ منقول ہے جس کے معنی ہیں "ایک بار کھانا۔ من جهنم: (جار مجرور کے درمیان میں مضاف محذوف ہے۔) ای من نار جهنم او عذابها۔ کسی مسلمان کی آبروریزی کر کے کچھ کھانے کا مطلب یہ ہے کہ کسی شخص کی غیبت کے ذریعہ اس پر تہمت لگا کر یا اس کی آبروریزی کر کے یا دشمن سامنے اس کے کسی دشمن کا ساتھ دیکھ کر اس کو اذیت پہنچاتا ہے تو اللہ اسی شخص کو اس کے فعل کے مثل خواہ اس کا فعل قلیل تھا یا کثیر تھا، جہنم کی آگ کھلائے گا یا عذاب جہنم کھلائے گا۔ صاحب النہایہ نے اس کو مثال سے واضح فرمایا ہے۔ کہ (مثلاً) ایک شخص (زید) ہے جو کسی مسلمان سے عداوت رکھتا ہے اور اس مسلمان کی برائی سن کر بہت خوش ہوتا ہے چنانچہ ایک اور شخص بکر اس کے اس مزاج کو جان کر اس کے پاس جاتا ہے اور از راہِ خوشامد و چاپلوسی اس کے سامنے اس مسلمان کو برا بھلا کہتا ہے یا اس کے عیوب کو بیان کرتا ہے اور زید اس کی اس حرکت سے خوش ہو کر اس کو روپیہ پیسہ یا کچھ کھانے پینے کے لئے دے دیتا ہے

قوله: ومن كسا ثوبًا برجل مسلم فان الله يكسوه مثله من جهنم: لفظ "كَسَا" بصیغہ معروف ہے (اوپر ترجمہ میں اسی کا اعتبار کیا گیا ہے) ای ألبس شخصا اور ایک نسخہ میں "كُسِيَ" بصیغہ مجہول ہے۔ اس صورت میں ترجمہ یوں ہوگا کہ "جس شخص کو کسی مسلمان کی تحقیر واہانت کرنے کے بدلے میں کپڑا پہنایا جائے"۔ یہ معنی ماقبل کی عبارت کے زیادہ مطابق ہے بعض کا کہنا ہے کہ بصیغہ معروف ہونے کی صورت میں اول کا معنی یوں ہوگا: كسا نفسه ثوبا۔ اور ثانی کا معنی یوں ہوگا: اكتسى ثوبا۔ دونوں کا حاصل ایک ہی ہے۔ (قبل کی عبارت میں من اكل برجل مسلم اكله کو دیکھتے ہوئے ترجمہ یوں ہوگا "اور جو شخص کسی مسلمان کی تحقیر واہانت کرنے کے بدلہ میں اپنے آپ کو کپڑے پہنائے)

قوله: ومن قام برجل مقام سمعة ورياء .....:

"برجل": میں حرف باء تعدیہ کے لئے اور "رجل" سے مراد خود وہی شخص بھی ہوسکتا ہے اور اس کے علاوہ کوئی دوسرا شخص بھی! تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص نمود ونمائش کی خاطر خود اپنی زبان سے اپنی بڑائیاں بیان کرے اور اپنی تعریف وتوصیف میں رطب اللسان ہو یا وہ لوگوں میں اس کی بڑائی شہرات کرائے اور لوگوں کو متاثر کرنے کے لئے اس کی تعریف وتوصیف کرے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی برائیاں ظاہر کر کے لوگوں کے درمیان اس کو رسوائی پیدا کرے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مظہرؒ فرماتے ہیں: ''برجل'' میں حرف باء تعدیہ کے لئے بھی ہوسکتا ہے اور سببیت کے لئے بھی! پس اگر تعدیہ کے لئے ہو تو یہ مطلب ہوگا من أقام رجلا مقام سمعة ورياء کہ جو شخص کسی کو سمعہ وریاء (نمود ونمائش) کے طور پر اس کی پرہیز گاری ودینداری کا ڈنکا پیٹتا پھرے اور اس کے زہد وعبادات اور اس کی بزرگی کو جھوٹی شہرت دے اور اس سے مقصد یہ ہو کہ لوگ اس کے معتقد ہوں اور اس کے حلقہ ارادات میں شامل ہو کر اپنے جان ودل سے اس کی خدمت کیا کریں اور اس کی آڑ میں اپنا جاہ و مال کا فائدہ ہو جیسا کہ بعض بزرگانِ کے خدام کا شیوہ ہے کہ وہ ان کی شہرت کی آڑ میں اپنے لئے مختلف فوائد حاصل کرتے ہیں۔ ایسے شخص کے بارے میں فرمایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس شخص کو رسوائی وفضیحت کی جگہ کھڑا کرے گا یعنی فرشتوں کو حکم دے گا کہ اس شخص کے بارے میں اعلان کرو کہ یہ جھوٹا ہے۔

اور اگر حرف باء سببیت کے لئے ہو تو مطلب یہ ہوگا من قام ـــ لأجل أن يعتقد رفيه رجل..... کہ اگر کوئی شخص کسی کی توجہ حاصل کرنے کے لئے خود اپنے آپ کو سمعہ وریاء کے مقام پر کھڑا کرے یعنی اپنے آپ کو بڑا زاہد وتقی اور نہایت صالح وپاکباز ظاہر کرے تاکہ کوئی صاحب جاہ اور مالدار شخص اس کا معتقد ہو اور وہ اس کے ذریعہ جاہ ومال کی اپنی خواہش وطلب کو پورا کرے۔

قوله: فان الله يقوم له مقام سمعة ورياء يوم القيامة: یہ کنایہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص سے اپنی ناراضگی کے سبب اس کو ذلیل ورسوا کرے گا چنانچہ طبرانی کی روایت میں عبداللہ خزاعی سے مرفوعاً مروی ہے: من قام مقام رياء وسمعةفانه في مقت الله حتى يجلس۔

قوله: فان الله يفرم له مقام سمعة ورياء يوم القيامة: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ کلام از تہدید سے کنایہ ہے، جیسا کہ یہ ارشاد باری تعالیٰ: ﴿سنفرغ لكم ايها الثقلان﴾ [الرحمن۔ ۳۱] صاحب کشاف لکھتے ہیں: سنفرغ مستعار من قول الرجل لمن يهدده سأفرغ لك اى سأتجرد للايقاع بك من كل شيء ما يشغلني عنه حتى لا يكون لي شغل سواه والمراد التوفر على الكتابة فيه والا نتقام منه

اشرفؒ فرماتے ہیں: '' ومن كسا ثوبا برجل مسلم'' میں موجود باء کو بسبت کے لئے قرار دینا صحیح نہیں ہے، پس یہ بات صلہ کی ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ بات بھی درست نہیں کیونکہ عبارت کی تقدیر یوں ہو جائے گی: ومن كسا ثوبا رجلا مسلما یہ معنی کے اعتبار سے فاسد ہے، چنانچہ اصل توجیہہ وہی ہے جو ہم نے ماقبل میں ذکر کی۔ اور امام طیبیؒ کا یہ کہنا بھی محل نظر ہے کہ ہوسکتا ہے کہ ''کسا'' دو مفعولوں کی طرف متعدی ہو، اور یہاں صرف ایک ہی مفعول ہے۔ چنانچہ ضروری ہوگا کہ یہاں ''رجل'' مفعول ثانی ہو۔ وجہ نظر یہ ہے کہ اس میں بھی فساد معنی لازم آتا ہے۔ چنانچہ ضروری ہے کہ تقدیری عبارت یوں ہو: من كسا نفسه ثوبا برجل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حسن ظن بھی عبادت ہے

۵۰۴۸: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ حُسْنُ الظَّنِّ مِنْ حُسْنِ الْعِبَادَةِ۔

(رواه احمد وابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۲۶۶ الحدیث رقم ۴۹۹۳، واحمد فی المسند ۲/۴۰۷۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ حسن ظن خوبی عبادت ہے۔

(احمد، ابوداؤد)

تشریح: قوله: حسن الظن من حسن العبادة: اس جملہ کے کئی مطلب ہو سکتے ہیں:

- حسن الظن بالله من حسن عبادة الله۔ جن اعمال کو عبادت حسنہ کہا جاتا ہے ان میں سے ایک بہترین چیز اور بہترین عبادت یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اچھا گمان رکھا جائے لہٰذا ضروری ہے کہ عبادتوں کو ترک نہ کیا جائے۔ بہت سے لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ حسن ظن کا مطلب یہ ہے کہ اگر عبادتیں ترک ہوتی ہیں تو ہونے دو! البتہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر اعتماد ہونا چاہئے کہ وہ کریم اور غفور ورحیم ہے۔ (جو تارک عبادت کو بھی یقیناً بخش دے گا)
- آنحضرت ﷺ کے اس ارشادِ گرامی کا ایک مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے: ''بعض حسن العبادة حسن الظن'' خبر کو اہتماماً مقدم مان لیا جائے۔ چونکہ سالک جب اللہ جل شانہ کے ساتھ علی سبیل الرجاء حسن ظن رکھتا ہے، تو وہ جلوت وخلوت ہر دو میں اپنے خالق کی عبادت اچھے سے اچھے انداز کے ساتھ کرتا ہے۔ چنانچہ ایسے سالک کی امید ورجاء مستحسن شمار ہوتی ہے، اور قبولیت کی امید ہوتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ان الذین آمنوا والذین هاجروا وجاهدوا فی سبیل الله اولئك یرجون رحمة الله﴾ [البقرة۔۲۱۸] جو شخص عبادت کو ترک کرے اور معبود کے ساتھ حسن ظن کا دعویٰ کرے وہ شخص یقیناً مغرور ومردود اور فریب زدہ ہے۔

امام غزالیؒ نے ان دونوں کی مثال یوں بیان کی ہے، کہ ایک شخص نے زراعت کی اور دوسرے نے نہیں کی، اور دونوں کھیتی کے امیدوار ہیں۔ یہ دوسرا شخص بلاشبہ ظاہر فسادی ہے اور اللہ اپنے بندوں پر مہربان ہے۔

- مظہرؒ فرماتے ہیں: مسلمانوں کے حق میں خیر وصلاح کا اعتقاد رکھنا عبادت ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس صورت میں ''من'' تبعیضیہ ہوگا۔ ای: من جملة عبادة الله والاخلاص فیها حسن المعاشرة مع عباده اور یہ بھی ممکن ہے کہ ''من'' ابتدائیہ ہو: ای: حسن الظن بعباد الله تعالیٰ ناشیء من حسن عبادة الله اور اس کی تائید اس ارشاد نبوی سے بھی ہوتی ہے: المسلم من سلم المسلمون من لسانه ویده۔ اھ۔

ایک اشکال ہوتا ہے، وہ یہ کہ ایک روایت میں تو یہ آتا ہے: احترسوا من الناس بسوء الظن اس روایت کو ابن عدی نے اور امام طبرانی نے اوسط میں حضرت انسؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔

ملا علی قاریؒ نے اس کے کئی جواب ارشاد فرمائے ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

① یہاں تقدیری عبارت یوں ہے: من بعضهم۔ اسی وجہ سے ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿اجتنبوا كثيرا من الظن ان بعض الظن اثم﴾ [الحجرات:۱۲]

② یا اس حدیث کا مطلب یہ ہے: يحترس منهم بسوء الظن في الباطن اس روایت کو محدثین کی ایک جماعت نے ابو الدرداء سے نقل کیا ہے۔ اور اس مفہوم پر یہ حدیث بھی دلالت کرتی ہے: ان الناس كابل مائة لا تجد فيها راحلة۔

③ یا یہ کہ ظاہر میں تو معاملہ حسن ظن والا کیا جائے، البتہ بناء امر مبہم پر ہو۔ واللہ اعلم۔

تخریج: اس حدیث کو امام حاکمؒ نے اپنی مستدرک میں روایت کیا ہے۔

تادیب کے لئے تین دن سے زائد ناراضگی

۵۰۴۹: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اعْتَلَّ بَعِيرٌ لِصَفِيَّةَ وَعِنْدَ زَيْنَبَ فَضْلُ ظَهْرٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِزَيْنَبَ اَعْطِيْهَا بَعِيرًا فَقَالَتْ اَنَا اُعْطِيْ تِلْكَ الْيَهُوْدِيَّةَ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَجَرَهَا ذَا الْحَجَّةِ وَالْمُحَرَّمَ وَبَعْضَ صَفَرٍ۔ (رواه ابوداؤد وذكر حديث معاذ بن انس) مَنْ حَمٰى مُؤْمِنًا فِيْ بَابِ الشَّفْقَةِ وَالرَّحْمَةِ۔

أخرجه ابوداؤد في السنن ٨/٥ الحديث رقم ٤٦٠٢، واحمد في المسند ٢٦١/٦۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ صفیہ رضی اللہ عنہا کا اونٹ بیمار ہو گیا اس وقت زینبؓ کے پاس سواری سے زائد اونٹ تھے جانب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ اونٹ انہیں دے دو تو انہوں نے کہا کیا یہود یہ کو اونٹ دے دوں۔ اس بات پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس قدر ناراض ہوئے کہ آپ نے ان سے ذوالحجہ، محرم اور صفر کا کچھ حصہ ان سے علیحدگی کیے رکھی۔ (ابوداؤد) حضرت معاذ بن انس رضی اللہ عنہ کی روایت میں: مَنْ حَمٰى مُؤْمِنًا فِيْ بَابِ الشَّفْقَةِ وَالرَّحْمَةِ میں نقل کی جا چکی ہے۔

تشریح: اعتل: لام کی تشدید کے ساتھ (از باب افتعال) بمعنی مرض۔

قوله: أنا اعطي تلك اليهودية:

أنا أعطي: یہاں استفہام انکاری مقدر ہے۔ اور مفعول محذوف ہے تاکہ مفید عموم ہو اور نفی میں مبالغہ بھی ہو۔ ای: انا ما اعطي شيئا حضرت زینبؓ کا حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کو "یہودیہ" کہنا ان کے ماضی کے اعتبار سے تھا، اور ان کو یہ بات کہنے پر ان کی اس غیرت نے ابھارا جو ان کو اکابر قریش میں سے ہونے کے سبب لاحق ہوئی تھی۔ لیکن یہ مخالفت صرف مخالفت برائے مخالفت تھی۔

قوله: فهجرها ذا الحجة والمحرم:

والمحرم: یہ منصوب ہے۔

ابن الملکؒ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص کسی قبیح فعل کا مرتکب ہو تو اس کی تادیب و تنبیہ کی خاطر نہ کہ کسی بغض و عداوت کے تین دن سے زیادہ بھی ملنا جلنا چھوڑے رکھنا جائز ہے اور اس سے احادیث میں تطبیق بھی ہو جائے گی، جیسا کہ پہلے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھی بیان کیا جا چکا ہے۔

اسنادی حیثیت: صاحب ''التصحیح'' فرماتے ہیں: اس حدیث کے رجال مسلم کے رجال ہیں۔ مگر یہ کہ سمیہ بصریہ عن عائشہ کے طریق سے امام مسلم نے کسی حدیث کی تخریج نہیں فرمائی۔ اھ۔ منذریؒ فرماتے ہیں: سمیة لم تثبت اور عسقلانیؒ فرماتے ہیں: مقبولة من الثالثة (نقله میرك)

عرضِ مرتب:

معاذ بن انسؓ کی یہ حدیث ''باب الشفقه والرحمة'' کی فصل ثانی کے آخر میں گزری ہے۔

الفصل الثالث:

سیّدنا عیسیٰ علیہ السلام کے کمالِ ایمان

۵۰۵۰: عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَاٰی عِیْسَی بْنُ مَرْیَمَ رَجُلاً یَسْرِقُ فَقَالَ لَهٗ عِیْسَی بْنُ مَرْیَمَ سَرَقْتَ قَالَ كَلاَّ وَالَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَقَالَ عِیْسٰی اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَكَذَّبْتُ نَفْسِیْ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱۸۳۸/٤ الحدیث رقم (۱٤۹-۲۳٦۸)، واحمد فی المسند ۳۱٤/۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت عیسیٰ نے ایک آدمی کو چوری کرتے دیکھا تو آپ نے فرمایا تو نے چوری کی ہے اس نے کہا ہرگز نہیں مجھے قسم ہے اس ذات جس کے سوا کوئی معبود نہیں تو حضرت عیسیٰ نے فرمایا میں اللہ پر ایمان لایا اور میں اپنے نفس کو جھٹلاتا ہوں۔ (مسلم)

تشریح: قوله: فقال عیسی: آمنت والله وكذبت نفسی: ''میں خدا پر ایمان لایا'' یعنی تم نے اپنی قسم میں خدا کی واحدانیت کا جو ذکر کیا ہے میں اس پر اپنے ایمان واعتقاد کا اقرار کرتا ہوں

یا یہ جملہ مفہوم کے اعتبار سے یوں ہے کہ تم نے اللہ کی جو قسم کھائی ہے میں اس کا اعتبار کرتا ہوں اور اپنے نفس کو اس بات کے کہنے میں جھوٹا قرار دیتا ہوں کہ تم نے چوری کی ہے اگرچہ میرا یہ کہنا ظاہری حالات میں غمازی کی بنا پر تھا۔ ممکن ہے کہ اس شخص نے کہیں سے کوئی چیز اس کے مالک سے پوشیدہ طور پر اٹھائی ہوگی اس بنا پر چوری نہ ہو کہ اس موقع پر ایسی کوئی شرط نہیں پائی گئی ہو گی جس کا چوری کے ثبوت کے لئے اور چوری کی حد جاری کرنے کے لئے پایا جانا شرعی طور پر ضروری ہوتا ہے

امام طیبیؒ نے یہ مطلب لکھا ہے کہ میں تمہیں تمہاری قسم ''والذی لا اله الاهو'' میں سچا مانتا ہوں اور تمہیں بری قرار دیتا ہوں اپنے اس گمان سے رجوع کرتا ہوں جو میں نے تمہارے بارے میں قائم کیا تھا اور (مذکورہ بات کہنے میں) اپنے نفس کو جھوٹا قرار دیتا ہوں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِیْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا یَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ اَیُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ یَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِیْهِ مَیْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِیْمٌ﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[الحجرات:۱۲] ''اے اہل ایمان! بہت گمان کرنے سے احتراز کرو کہ بعض گمان گناہ ہیں اور ایک دوسرے کے حال کا تجسس نہ کیا کرو اور نہ کوئی کسی کی غیبت کرے کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرے گا کہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے اس سے تو تم ضرور نفرت کرو گے (تو غیبت نہ کرو) اور خدا کا ڈر رکھو بیشک خدا توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے'' انتھی۔ وفیہ مارا یخفی۔

قریب ہے فقر کُفر تک پہنچادے

۵۰۵۱: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَادَ الْفَقْرُ اَنْ يَّكُوْنَ كُفْرًا وَكَادَ الْحَسَدُ اَنْ يَّغْلِبَ الْقَدَرَ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٥/٢٦٧ الحديث رقم ٦٦١٢۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فقر وافلاس قریب ہے کہ کفر کی حد تک پہنچادے اور حسد قریب ہے کہ تقدیر پر غالب آجائے۔

تشریح: قوله: كاد الفقر أن يكون كفرا:

یعنی فقر قلبی قریب ہے کہ کفر کا سبب بن جائے۔ مطلب یہ کہ فقر وافلاس اور تنگدستی ایسی بری چیز ہے کہ بسا اوقات انسان اس سے مجبور ہو کر کفر کی حد تک پہنچ جاتا ہے۔ چنانچہ وہ اللہ تعالیٰ پر اعتراض کرنے لگتا ہے یا شکوہ وگلہ غیر خدا کے سامنے کرنے لگتا ہے اور ماسواء اللہ کو اپنا حاجت روا ماننے لگتا ہے اور یا جب وہ دیکھتا ہے کہ اکثر کافر مال دار ہیں اور عیش وراحت کی زندگی بسر کرتے ہیں اور دوسری طرف اکثر افلاس اور تنگدستی کی آزمائش میں مبتلا ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد گرامی کے مقتضی کے مطابق:

اَلدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ۔

''یہ دنیا مؤمن کے لئے قید خانہ ہے اور کافر کے لئے جنت ہے''۔ تو وہ آدمی کفر کی طرف مائل ہو جاتا ہے۔

قرآن کریم میں ایک موقع پر اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو تسلی دیتے ہوئے یوں فرماتے ہیں:

﴿لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ۝ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ثُمَّ مَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ.﴾ [آل عمران: ۱۹۶]

''(اے مؤمن) تجھ کو ان کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا' مغالطہ میں نہ ڈال دے۔ (کیونکہ یہ) چند روزہ بہار ہے پھر ان کا ٹھکانہ (ہمیشہ کے لئے) دوزخ ہوگا اور وہ برا ہی آرام گاہ ہے۔ لیکن جو لوگ (ان میں سے) خدا سے ڈریں (اور مسلمان ومطیع ہو جائیں) ان کے لئے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی اور وہ ان میں ہمیشہ (ہمیشہ) رہیں گے۔ یہ (ان کی) مہمانی ہوگی اللہ کی طرف سے اور جو چیزیں خدا کے پاس ہیں یہ نیک بندوں کے لئے بدرجہا بہتر ہیں''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قاضی بیضاویؒ فرماتے ہیں اس آیت کا سبب نزول یہ منقول ہے کہ بعض صحابہؓ جب مشرکین کے یہاں مال و دولت کی ریل پیل اوران کو دنیا کی راحت و آسائش میں دیکھتے تو ان کی زبان پر یہ الفاظ آجاتے تھے کہ یہ لوگ جو خدا کے دشمن ہیں ان کا حال تو ہم بڑا اچھا دیکھتے ہیں حالانکہ ہم افلاس و بھوک سے ہلاک ہوئے جارہے ہیں۔(اس پر مذکورہ بالا آیت نازل ہوئی)

قوله: کا دالحسدان یغلب القدر:

اس کی تشریح ماقبل میں گذر چکی ہے۔اھ۔اس کا خلاصہ یہ ہے کہ ''اور حسد قریب ہے کہ تقدیر الٰہی پر غالب آجائے'' کا مطلب یہ ہے کہ بفرض محال کوئی چیز ایسی ہوتی جو تقدیر پر غالب آجانے اور اس کو بدل دینے کی طاقت رکھتی تو حاسد کے زعم کے مطابق وہ حسد ہوتا جو تقدیر کو پلٹ کے رکھ دیتا۔الجامع الصغیر میں یہ روایت یوں مروی ہے:**وکان دالحسد أن یکون سبق القدر**۔ان لفاظ کے ساتھ ابونعیم نے ''الحلیہ'' میں اس کو روایت کیا ہے۔حدیث مبارکہ کے ان دونوں جملہ میں مناسبت یہ ہے کہ حسد عام طور پر فقر سے پیدا ہوجاتا ہے اور کبھی یہ کفر کی کوئی شکل اختیار کر رجاتا ہے چونکہ حاسد یہ چاہتا ہے کہ بندہ پر اللہ کی جو نعمت ہے وہ زائل ہوجائے تو یہ قضاء کے ساتھ معارضہ ہے یا اپنے نفس اور اپنے غیر کے حق میں تقدیر کے ساتھ لڑائی ہے پس حسد کفر کے زیادہ قریب ہے بنسبت فقر مجرد کے لہٰذا یہ ترتیب ذکری ''ترقی'' کے لئے ہے یا یہ کہ اول سبب ہے حصول ثانی کا باوجویکہ حسد پرانا مرض ہے جس سے صحت یابی کی امید نہیں۔فقر کبھی غنی سے بدل جاتا ہے اور کبھی صبر و رضا سے۔اکثر انبیاء و اولیاء کی یہی کیفیت تھی۔حتی کہ صوفیہ کا اجماع ہے کہ صابر فقیر شاکر غنی سے افضل ہے۔اکثر علماء کا بھی یہی موقف ہے۔واللہ اعلم۔

ابن راوندی فرماتے ہیں:

کم عاقل عاقل أعیت مذاهبه
وکم جاهل جاهل تلقاه مرزوقا
هذا الذی ترك الأوهام حائرة
وصیر العالم النحریر زندیقا

عرضِ مرتب:

ملا علی قاریؒ نے اس حدیث کے تحت بھی یہ مسئلہ چھیڑا ہے، کہ فقیر صابر افضل ہے، کہ غنی شاکر افضل ہے؟ یہ مسئلہ ماقبل میں نسبتاً بسط کے ساتھ گزر چکا ہے، وہاں ملاحظہ کرلیا جائے۔اور یہ حدیث:**الفقر فخری وبه أفتخر باطل** وموضوع ہے۔جیسا کہ حافظ عسقلانی وغیرہ نے اس کی تصریح کی ہے۔

معالم التنزیل میں امام بخاریؒ اپنی سند متصل ذکر کرنے کے بعد حضرت عبداللہ بن عباس کی یہ روایت ذکر کی ہے:قال:

قال عمر بن الخطاب: جئت فاذا رسول الله ﷺ فی مشربة ای غرفة'وانه لعلی حصیر مابینه وبینه شئ وتحت رأسه وسادة من أدم حشو هالیف 'وان عندرجلیه قرظا مصبوبا'وهو مایدبغ به وعند رأسه أهب معلقة' فرأیت اثر الحصیر فی جنبه فبکیت فقال :مایبکیك فقلت :یارسول الله ان کسری وقیصر فیما هما فیه وأنت رسول الله فقال :أمام ترضی أن تکون لهما الدنیا ولنا الآخرة۔ ولنا الآخرة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْحَذْرِ وَالتَّانِّی فِی الْاُمُوْرِ

معذرت قبول نہ کرنے والے پر گناہ کا بیان

۵۰۵۲: وَعَنْ جَابِرٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اعْتَذَرَ اِلٰى اَخِيْهِ فَلَمْ يَعْذِرْهُ اَوْلَمْ يَقْبَلْ عُذْرَهٗ كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ خَطِيْئَةِ صَاحِبِ مَكْسٍ ۔ (رواهما البيهقى فى شعب الايمان)

أخرجه البيهقى فى شعب الايمان ٦/ ٣٢١ الحديث رقم ٨٣٣٨۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اپنے بھائی سے معذرت کرے اور وہ معذرت نہ مانے یہ اس کا عذر قبول نہ کرے تو اس پر ٹیکس وصول کرنے والے کی طرح گناہ ہے۔ ان دونوں حدیثوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ مکاس ٹیکس لینے والے کو کہتے ہیں۔

تشریح: فلم يعذره: یاء کے ضمہ اور فتحہ اور ذال کے کسرہ کے ساتھ۔

أولم يقبل عذره: یہ راوی کا شک ہے۔ یہ جملہ ماقبل کی تفسیر ہے۔

www.KitaboSunnat.com

صاحب مكس: میم کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ ای صاحب عشر۔

بعض ''اصول'' میں (المكاس کے بجائے) ''الماكس العشار'' ہے۔

''مکس'' کے معنی ہیں محصول لینا' اسی اعتبار سے عشر لینے والے کو ''ماکس مکاس'' کہا جاتا ہے۔

عام طور پر ''صاحب مکس'' چونکہ ظلم کرتا ہے' اور علم پر عمل نہیں کرتا اس لئے اس کی مطلق مذمت کی۔ یا اس سے وہ شخص مراد ہے جو از راہ ظلم و تعدی ناحق لوگوں سے مال وصول کرے۔ چنانچہ صاحب قاموس لکھتے ہیں: المكس النقص الظلم (گھٹانا ،ظلم کرنا) ناحق اور خلاف شرع محصولات لگانے اور وصول کرنے کا گناہ بہت سخت ہے ایک حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ صاحب مکس جنت میں نہیں جائے گا۔

عذر خواہی کو قبول نہ کرنے والے اور صاحب مکس کے درمیان مشابہت کی وجہ شاید یہ ہے کہ مذکورہ شخص کی طرح مکاس بھی محصول دہندہ کے کسی عذر اور دلیل کو قبول نہیں کرتا' کوئی تاجر لاکھ کہے کہ مجھ پر اس قدر محصول عائد نہیں ہوتا یا میرے پاس مال تجارت نہیں ہے بلکہ امانت کا ہے اور یا یہ کہ میں قرضدار ہوں' یہ محصول ادا نہیں کر سکتا وغیرہ وغیرہ مگر وہ اس کی کسی بات کو تسلیم نہیں کرتا اور اس سے زبردستی محصول وصول کر لیتا ہے۔ الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو ابن ماجہ اور ضیاء نے ان الفاظ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ساتھ روایت کیا ہے: من اعتذر الیه اخوه بمعذرة فلم یقبلها کان علیه من الخطیئة مثل صاحب مکس۔

عذر خواہی کو قبول نہ کرنے کی مذمت اور اس کے گناہ کے بارے میں اور احادیث بھی منقول ہیں۔ میرکؒ نے منذریؒ سے نقل کیا ہے کہ حضرت جابر کی حدیث کو امام طبرانی نے بھی اوسط میں ذکر کیا ہے۔ چنانچہ طبرانیؒ نے اوسط میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مرفوع روایت نقل کی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

مَنِ اعْتَذَرَ اِلٰی اَخِیْهِ المسلم فلم یقبل عذره لم یرد علی الحوض ۔

''اگر کسی شخص نے اپنے کسی مسلمان بھائی سے عذر خواہی کی اور اس نے اس کے عذر کو قبول نہیں کیا تو اس کو حوض کوثر پر آنا نصیب نہیں ہوگا''۔

طبرانی اور دوسرے محدثین نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی یہ روایت نقل کی ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں بتاؤں کہ تم میں برا شخص کون ہے؟ صحابہؓ نے (یہ سن کر) عرض کیا کہ ہاں! اگر آپ ﷺ بہتر سمجھیں تو ضرور بتائیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں برا شخص وہ ہے جو تنہا کسی منزل پر اترے اپنے غلام کو کوڑے مارے اور (محتاج وضرورت مندوں کو) اپنی عطا وبخشش سے محروم رکھے۔ پھر فرمایا: کیا میں تمہیں بتاؤں کہ اس سے بھی برا شخص کون ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا کہ ہاں اگر آپ ﷺ بہتر سمجھیں تو ضرور بتائیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ شخص کہ جو قصور (کرنے والے کے عذر) کو تسلیم نہ کرے معذرت کو قبول نہ کرے اور خطا کو معاف نہ کرے۔ پھر فرمایا: کیا میں تمہیں بتاؤں کہ اس سے بھی برا شخص کون ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا کہ ہاں! اگر آپ ﷺ بہتر سمجھیں تو ضرور بتائیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: وہ شخص کہ جس سے خیر وبھلائی کی توقع نہ ہو اور نہ اس کی فتنہ انگیزیوں سے امن ملتا ہو''۔

عرضِ مرتب:

یہ حدیث قبل ازیں متن میں بھی گذری ہے۔

حاکم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ روایت نقل کی ہے: عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال: عفوا عن نساء الناس تعف نساؤکم ،وبرّوا آباء کم یبرکم أبناء کم ،ومن أتاه أخوه متنصلا فلیقبل ذلك ،محقا کان او مبطلا ،فان لم یفعل لم یرد علی الخوض۔ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں کی عورتوں کے تئیں پاکدامن رکھو (یعنی تم دوسروں کی عورتوں پر بری نظر نہ رکھو تمہاری عورتیں دوسرے لوگوں سے اپنے دامن عفت کو محفوظ رکھیں گی۔ تم اپنے باپ سے اچھا سلوک کرو تمہارے بیٹے تم سے اچھا سلوک کریں گے اور جس شخص کے پاس اس کا کوئی مسلمان بھائی (اپنے کسی قصور پر) عذر خواہ بن کر آئے تو چاہئے کہ اس کی عذر خواہی کو قبول کرے خواہ اس کی عذر خواہی صحیح ہو یا غلط اگر اس نے اپنے اس مسلمان بھائی کی عذر خواہی کو قبول نہیں کیا تو وہ (یاد رکھے کہ) اس کو حوض کوثر پر آنا نصیب نہیں ہوگا۔ (حاکم نے اس روایت کو صحیح الاسناد قرار دیا ہے۔)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الاول:

مؤمن ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا

۵۰۵۳: عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا یُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَّاحِدٍ مَرَّتَیْنِ۔

(متفق علیہ)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۵۲۹/۱۰ الحدیث رقم ۶۱۳۳ و مسلم فی ۲۲۹۵/٤ الحدیث رقم (۶۳-۲۹۹۸) و ابوداؤد فی السنن ۱۸۵/۵ الحدیث رقم ٤۸۶۲ و ابن ماجه فی ۱٤۰۱/۲ الحدیث رقم ٤۱۸۹، واحمد فی المسند ۳۷۹/۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مؤمن ایک سوراخ سے دو بار نہیں ڈسا جاتا۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: لا یلدغ: یہ لفظ دو طرح سے ضبط کیا گیا ہے۔ ❶ بصیغہ فعل مضارع منفی مرفوع۔ ❷ بصیغہ فعل مضارع نہی مجزوم۔

"لدغ" کے معنی ہیں ڈسنا' سانپ اور بچھو کا کاٹنا۔ جحر: (پہلے جیم اور پھر حاء) سوراخ اور بل کو کہتے ہیں

خطابیؒ فرماتے ہیں: حدیث کا مقصد اس حقیقت کی طرف اشارہ کرنا ہے کہ مؤمن دانا واضح رہے کہ کسی دنیاوی معاملہ میں فریب کھا جانا زیادہ اہمیت نہیں رکھتا مگر دین کے معاملہ میں ہرگز فریب نہ کھانا چاہئے۔

تورپشتیؒ فرماتے ہیں: میرا گمان ہے کہ یہ حدیث امام خطابی کو نہیں پہنچی۔ حالانکہ اہل السیر کے درمیان یہ بالکل مشہور ہے۔ اس کا پس منظر یہ ہے کہ زمانۂ رسالت میں عرب کا ایک بڑا مشہور شاعر ابوعزہ تھا اور اس کا تعلق کفار کے اس طبقہ سے تھا جو اسلام' ذات رسالت اور مسلمانوں کے خلاف نفرت وعداوت اور سب وشتم کے پہاڑ تراشنے پر مامور تھا' چنانچہ وہ اپنے اشعار کے ذریعہ مسلمانوں کی ہجو کیا کرتا تھا اور اپنی قوم کے شریر لوگوں کو مسلمانوں کی ایذاء واہانت پر اکسایا کرتا تھا۔ جب بدر کے میدان میں حق و باطل کے درمیان پہلی معرکہ آرائی ہوئی اور خدا نے اپنے مٹھی بھر بندوں کو دشمنانِ دین پر فتح عطا فرمائی اور مکہ کے بہت سارے کفار جس میں ان کے زعماء واساطین بھی تھے۔ قیدی بنا کر مدینہ منورہ لائے گئے تو ان میں وہ بدبخت شاعر ابوعزہ بھی تھا اس نے بارگاہِ رسالت میں اپنے پچھلے سیاہ کارناموں پر ندامت کا اظہار کیا اور عفوخواہی کے ساتھ یہ عہد واقرار کیا کہ اب میں کبھی بھی ایسے افعال بد کے پاس نہیں پھٹکوں گا۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ نے اس بدبخت پر رحم وکرم کر کے اس کے عہد وپیمان کی بنیاد پر اس کو رہا کر دیا۔ لیکن اس کی ازلی شقاوت وبدبختی نے اس کو چین سے نہیں بیٹھنے دیا اور وہ اپنی قوم میں پہنچ کر پہلی روش پر چلنے لگا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو دوبارہ جنگ احد کے موقع پر قیدی کی حیثیت سے بارگاہِ رسالت میں پہنچا دیا۔ اس نے اس مرتبہ بھی وہی حربہ استعمال کیا اور اظہار وندامت وعفوخواہی کے ساتھ امان چاہنے لگا اور آئندہ اپنی ان حرکتوں سے باز رہنے کا عہد وپیمان کیا۔ لیکن آنحضرت ﷺ نے اس کو معاف نہیں کیا اور اس کو جہنم رسید کرنے کا حکم فرما دیا۔ چنانچہ اسے قتل کر دیا گیا۔ اس وقت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب بعض لوگوں نے اس کی سفارش کی اور حضور ﷺ سے درخواست کی کہ اس کو مزید ایک مرتبہ معاف فرما دیا جائے تو حضور ﷺ نے فرمایا مؤمن ایک سوراخ سے دوبارہ نہیں ڈسا جاتا۔

اس ذکر کردہ سبب کی روشنی میں تو جیہہ ثانی ضعیف پڑ جاتی ہے۔(ذکرہ الطیبی) میرے نزدیک اس کی وجہ ضعف واضح نہیں۔ جب کہ یہ بھی کہا جاتا ہے، کہ" العبرة بعموم اللفظ لا بخصوص السبب" وگرنہ تو یہ آنحضرت ﷺ کے ساتھ مخصوص ہوتا۔ چونکہ آنحضرت ﷺ نے اپنے بارے میں خبر دی ہے۔ امام طیبیؒ نے خطابیؒ کے کلام کی تائید کیلئے اطناب سے کام لیا ہے، حتی کہ آخر میں لکھا ہے: فظهر ان القول بالنهي اولى والمقام له ادعى اھ۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: اس کا بُعد مخفی نہیں۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد، ابوداؤد اور ترمذی نے حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے۔ اور احمد وابن ماجہ نے ابن عمر سے روایت کیا ہے۔

دو محبوب خصال، حلم ووقار

۵۰۵۴: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَشَجِّ عَبْدِ الْقَيْسِ اِنَّ فِيْكَ لَخَصْلَتَيْنِ يُحِبُّهُمَا اللّٰهُ الْحِلْمُ وَالْاَنَاةُ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فى صحيحه ١/٤٩ الحديث رقم (٢٥-١٧)، والترمذى فى السنن ٤/٣٢٢ الحديث رقم ٢٠١١ وابن ماجه فى ٢/٤٠١ الحديث رقم ٤١٨٧، واحمد فى المسند ٣/٢٣۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے قبیلہ عبدالقیس کے سردار اشج کو فرمایا کہ تمہارے اندر جو دو خوبیاں ہیں ان کو اللہ تعالیٰ بہت پسند کرتا ہے۔ ایک حلم، دوسرا وقار۔ (مسلم)

تشریح: لا شج: مضاف ہو رہا ہے۔ اور ایک نسخہ میں فتحہ کے ساتھ ہے غیر منصرف ہونے کی وجہ سے، اور" عبدالقیس "اس سے بدل ہے۔ یا عطف بیان ہے مگر حذف مضاف کی تقدیر پر ای ارئیس عبد القیس

الحلم: بکسر الحاء، اصل کے اعتبار سے" حلم" کے معنی ہیں، ظالم کے مکافات عمل میں تاخیر کرنے کو، پھر اس لفظ کا استعمال "عفو عن الذنب" (گناہ سے معافی) کے معنی میں ہونے لگا۔

الأناة: ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ، بروزن نواة، " تأنی" کا اسم ہے۔ اس کے متعدد معانی بیان کئے گئے ہیں۔ بعض کا کہنا ہے کہ اس کے معنی ہیں الوقار والتثبت، بعض کا کہنا ہے کہ اس کے معنی ہیں: الثبات فى الطاعات، بعض کا کہنا ہے، کہ اس سے مراد جودة نظره فى العواقب ہے۔

الحلم والأناة: سید کے نسخہ میں یہ دونوں لفظ مرفوع ہیں۔ لیکن اظہر یہ ہے کہ" خصلتين "سے بدل ہونے کی بناء پر منصوب ہیں۔ جیسا کہ یہی تحقیق ﴿الحمد لله رب العلمين﴾ کے تحت اور" بنى الاسلام على خمس" کے تحت گزری ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شرح السنۃ میں منذر الشیخ سے مروی ہے:

أنه قال: يا رسول الله! : أنا أتخلق بهما الله جبلني عليها ؟ قال: الله جبلك عليها ـ قال الحمد الله الذي جبلني على خلقين يحبهما الله ورسوله اھ۔

انہوں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! میرے اندر جو یہ دو خوبیاں ہیں ان کو میں نے ازراہ تکلف اختیار کیا ہے اور میری خود ساختہ ہیں یا اللہ تعالیٰ نے ان دونوں خوبیوں کو میری فطرت میں پیدا کیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: ان دونوں خوبیوں کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے مزاج وفطرت میں ودیعت فرمایا ہے۔ (یہ سن کر) انہوں نے کہا کہ ''تمام تعریفات اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے مجھ کو ان دو خوبیوں کے ساتھ استوار کیا جن کو خدا اور اس کا رسول ﷺ پسند کرتا ہے (یعنی اگر یہ دونوں خوبیاں میری خود ساختہ اور ازراہ تکلف اختیار کی ہوئی ہوتیں تو ان کے زائل ہو جانے اور یا ان میں نقصان پیدا ہو جانے کا خدشہ ہوتا مگر چونکہ فطری ہیں اور خدا کی عطا کی ہوئی ہیں اس لئے میں بجا طور پر امید رکھتا ہوں کہ یہ دونوں میرے اندر ہمیشہ رہیں گی اور باقی رہیں گی۔)

لفظ ''رسولہ'' کا عطف لفظ جلالہ پر ہے۔ چونکہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا محبت فرمانا، اللہ جل شانہ کے محبت فرمانے کے تابع ہے، اس سے جدا نہیں ہو سکتا۔

تخریج: اس حدیث کو امام ترمذیؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

عرضِ مرتب:

حدیث باب کا تفصیلی واقعہ یوں ہے کہ عبدالقیس' ایک قبیلہ کا نام ہے۔ جب اس قبیلہ کے لوگ آنحضرت ﷺ کی زیارت وملاقات کے لئے مدینہ آئے اور مسجد نبوی کے سامنے پہنچے تو آنحضرت ﷺ کو دیکھ کر فرط شوق سے اپنے اونٹوں سے کود پڑے بے تابانہ اور دیوانہ وار دوڑتے ہوئے آنحضرت ﷺ کی خدمت میں پہنچے اور آنحضرت ﷺ کے تئیں محبت وعقیدت اور شوق ملاقات کی بے قراری کا اظہار نہایت جذباتی طور پر کیا آنحضرت ﷺ نے ان کی اس بیقراری ومضطرب حالت کو دیکھا تو سکوت فرمایا اور ان سے کچھ نہیں کہا لیکن یہ لوگ جس عظیم المرتبت شخصیت اور اپنے سردار یعنی اشج کی زیر قیادت بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے تھے اور جن کا اصل نام منذر رضی اللہ عنہ تھا ان کی کیفیت بالکل دوسری تھی وہ پہلے اپنی قیام گاہ پر اترے وہاں انہوں نے اپنے تمام رفقاء کا سامان جمع کیا اور ساری چیزوں کو باندھ کر اطمینان کے ساتھ نہائے دھوئے' نہایت نفیس وپاکیزہ کپڑے زیب تن کئے اور پھر انتہائی وقار وتمکنت کے ساتھ آہستہ آہستہ چلتے ہوئے مسجد نبوی میں آئے وہاں دو رکعت نماز ادا کی دعا مانگی اور اس کے بعد آنحضرت ﷺ کو ان کی یہ وضع اور روش بہت پسند آئی اور ان سے مذکورہ بالا الفاظ ارشاد فرمائے۔ (انتھی)

الفصل الثانی:

جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے

۵۰۵۵: وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدِ السَّاعِدِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْاَنَاةُ مِنَ اللّٰهِ وَالْعَجَلَةُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِنَ الشَّيْطَانِ۔ (رواه الترمذی وقال هذا حديث غريب وقد تَكَلَّمَ بعض اهل الحديث فی عبد المهيمن بن عباس الراوی من قبل حفظه)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٣٢٢ الحديث رقم ٢٠١٢۔

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وقار و بردباری اللہ کی جانب سے ہے اور جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے۔ یہ ترمذی کی روایت ہے انہوں نے اس کو غریب کہا ہے بعض محدثین نے عبدالمہیمن کے حافظے پر تنقید کی ہے۔

اسنادی حیثیت: امام ترمذیؒ نے کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے''۔

تشریح: قوله: العجلة من الشيطان: کا مطلب یہ ہے کہ کسی دنیاوی کام میں غور وفکر نہ کرنا اس کے انجام پر نظر رکھے بغیر اس کو شروع کر دینا اور جلد بازی کی روش اختیار کرنا ایک ایسی خصلت ہے جس کو شیطان وسوسوں اور واہموں کے ذریعہ انسان میں پیدا کرتا ہے۔ جس سے اس کا مقصد اس کے کام کو خراب کرنا اور خود اس کو پریشانیوں میں مبتلا کرنا ہوتا ہے۔ بعض حضرات کا کہنا ہے کہ اس سے وہ امور مستثنیٰ ہیں جن کی خیر و برکت میں کوئی شبہ نہیں۔ یعنی اچھی چیزوں میں عجلت کرنا شیطان کی خصلت نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: [انهم كانوا يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرَاتِ] [الانبياء ـ ٩]

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ (جہاں تک عبادات و طاعات کا تعلق ہے تو جاننا چاہئے کہ) ایک تو کسی عبادت و طاعت کی طرف سرعت و چست روی کو اختیار کرنا ہے اور دوسرے اس عبادت و طاعت کو کرتے وقت جلد بازی کرنا ہے۔ ظاہر ہے کہ ان دونوں کے درمیان فرق ہے' چنانچہ اول الذکر ایک مطلوب و مستحسن چیز ہے اور ثانی الذکر ایک مذموم خصلت ہے

صاحب ''مظاہر'' نے ان دونوں کے فرق کو ایک مثال سے واضح فرمایا ہے' چنانچہ وہ لکھتے ہیں: اس بات کو مثال کے طور پر یوں سمجھا جا سکتا ہے کہ ایک تو نماز کے لئے جلدی کرنا ہے اور ایک نماز میں جلدی کرنا ہے' نماز کے لئے جلدی کرنا تو یہ ہے کہ جب نماز کا وقت ہو جائے تو اس کو ادا کرنے میں تاخیر نہ کی جائے جلدی جلدی تیاری کرے اور نماز پڑھنے لگے۔ یہ چیز نہ صرف یہ کہ اس ''جلد بازی'' میں شامل نہیں ہے جس کی برائی بیان کی گئی ہے۔ بلکہ یہ ایک مستحسن و مطلوب فعل ہے اور (نماز میں جلدی کرنا) یہ ہے کہ جب نماز پڑھنے لگے تو اس نماز سے جلد از جلد فارغ ہو جانے کی خاطر اس کے ارکان و افعال کی ادائیگی میں عجلت کرنے لگے یہ چیز یعنی کسی نیک کام کو جلد بازی سے پورا کرنا مذموم ہے۔ لہٰذا ملا علی قاریؒ کے مذکورہ بالا الفاظ کا حاصل یہ نکلا کہ فرط شوق سے کسی اچھے کام کی طرف لپکنا اور اس کی انجام دہی کے لئے جلد سے جلد تیار ہونا ایک اچھی چیز ہے اور اس اچھے کام کو جلد بازی کے ساتھ کرنا ایک بری چیز ہے۔'' (انتہی ملخصًا)

قوله: وهذا حديث غريب: امام میرکؒ فرماتے ہیں کہ بعض نسخوں میں حسن غریب ہے۔ اس حدیث کو بیہقی نے بھی شعب الایمان میں حضرت انسؓ بطریق مرفوع نقل کیا ہے جس کے الفاظ یہ ہیں: اَلتَّاَنِّيْ مِنَ اللّٰهِ وَالْعَجَلَةُ مِنَ الشَّيْطَانِ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ٹھوکر کھانے کے بعد حلم پیدا ہوتا ہے

۵۰۵۶: وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَلِيْمَ اِلَّا ذُوْعَثْرَةٍ وَلَا حَكِيْمَ اِلَّا ذُوْتَجْرِبَةٍ۔ (رواہ احمد والترمذی وقال ھذا حدیث غریب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٣٣٢ الحدیث رقم ٢٠٣٣، واحمد فی المسند ٣/٦٩۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ ٹھوکر کھانے والا ہی حوصلہ والا ہوتا ہے اور تجربہ کار ہی حکمت والا ہوتا ہے۔ اس روایت کو احمد اور ترمذیؒ نے نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے۔

تشریح: قولہ: لا حلیم الا ذو عثرۃ: اس کے دو مطلب بیان کئے ہیں: کا مطلب یہ ہے کہ حلم و بردباری اور لحاظ و مروت کا جوہر اسی شخص میں ہوتا ہے جس نے دھوکا کھایا ہو لغزشوں اور خطاؤں سے دوچار ہوا ہو گناہ و معصیت کا مرتکب ہو چکا ہو اور اپنے معاملات میں خلل و نقصان برداشت کر چکا ہو اور ہوشیار ہونے کے بعد ندامت و خجالت کا بارِ گراں کاندھوں پر اٹھائے پھرا ہو! ظاہر ہے کہ ایسا شخص چونکہ اچھی طرح جانتا اور سمجھتا ہے کہ کسی کے دکھ درد اور نفع و نقصان کی کیا اہمیت ہوتی ہے۔ کسی کے عیوب کو چھپانے اور کسی کی خطاؤں سے درگزر کرنے کی کتنی ضرورت ہوتی ہے۔ اس لئے وہ دوسروں کے تئیں حلیم و بردبار اور خیرخواہ ہوتا ہے اور لوگوں کے عیوب کی پردہ پوشی کرتا ہے اور اگر کسی سے کوئی خطا و لغزش ہو جاتی ہے تو اس سے درگزر کرتا ہے۔

قولہ: ولا حکیم الا ذو تجربۃ: حکیم اصل میں اس شخص کو کہتے ہیں جو دانا و عقلمند، راست باز اور استوار کار ہو، کیونکہ حکمت کے معنی ہیں ہر چیز کی حقیقت و اصلیت کو جاننا! اور ''تجربہ'' کا مطلب ہے کاموں کی واقفیت حاصل ہونا اور کسی کام کو کرنے کا طریقہ جاننا۔ لہٰذا فرمایا گیا کہ جس شخص کو اشیاء کی حقیقت و پہچان حاصل ہوئی ہر چیز کے نفع نقصان سے آگاہ ہو، حالات کے اتار چڑھاؤ اور معاملات و افراد کی بھلائی برائی سے واقف ہوا تو اس کو ''حکمت کی دولت مل گئی اور وہ ''کامل حکیم'' ہوا۔

عرضِ مرتب:

اگر ''حکیم'' سے طبیب و معالج مراد لیا جائے تو بھی مطلب بالکل صاف ہے کہ کوئی شخص محض علم طب پڑھنے سے کامل طبیب و معالج نہیں ہو جاتا، بلکہ اس کے لئے تجربہ اور معالجہ کی مشق و ممارست ضروری ہے۔ (انتھی از مظاہر حق)

لیکن یوں کہنا مناسب ہے: لا حلیم و لا حکیم من المخلوقین الا کذا کہ یوں حصر برقرار رہے گا۔ اور اس کے معنی یہ بھی ہو سکتے ہیں: لا حلیم الا وقد یعثر جیسا کہ مروی ہے: نعوذ باللّٰہ من عضب الحلیم واضح رہے کہ یہ دونوں اللہ جل شانہ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہیں۔

تخریج: اس حدیث کو ابن حبان نے اپنی صحیح میں اور امام حاکم نے اپنی مستدرک میں ذکر کیا ہے۔

خوب تدبیر سے کام لو

۵۰۵۷: وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصِنِيْ فَقَالَ خُذِالْاَمْرَ بِالتَّدْبِيْرِ فَاِنْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رَأَيْتَ فِيْ عَاقِبَتِهِ خَيْرًا فَامْضِهِ وَاِنْ خِفْتَ غَيًّا فَامْسِكْ۔ (رواه فی شرح السنة)

أخرجه البغوی فی شرح السنة ۱۳/۱۷۵ الحديث رقم ۳۶۰۰۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ مجھے کوئی نصیحت فرمائیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کام خوب تدبیر سے کرو پھر اگر آپ اس کے انجام میں بھلائی پاؤ تو کر گزرو اور اگر اس میں گمراہی کا خطرہ ہو تو اس باز رہو۔ (شرح السنۃ)

تشریح: التدبیر: باب تفعیل کا مصدر ہے۔

أمضه: از باب افعال امر حاضر کا صیغہ ہے۔

وان خفت: یہ لفظ خوف بمعنی رؤیتہ ہے۔ اور اس کا قرینہ پچھلا جملہ ہے۔ چنانچہ اس میں صفت تفنن ہے۔

"غیّا": "شر" کی جگہ لفظ "غیّ" کا استعمال یہ بھی ایک انتہائی شاندار تعبیر ہے۔ بایں طور کہ اس میں رعایت مقابلہ کو ترک کیا ہے۔ تاکہ مفید مشاکلت ہو، گویا کہ شارع علیہ السلام نے پہلے جملہ میں "خیر وہدایت" کا ذکر فرمایا اور دوسرے جملہ میں "شر وضلالت" کا ذکر فرمایا ہے۔ یہ اسلوب کلام بھی "بدیع" کی ایک قسم ہے۔

رأیت: بمعنی علمت یا بمعنی ظننت ہے۔ دوسرا معنی زیادہ ظاہر ہیں، چونکہ غالب امور شرعیہ کی بناء اسی پر ہے اور سارے کے سارے مطالب عرفیہ کی بنیاد بھی اسی پر ہے خصوصاً مخاطب کی نسبت سے۔ چونکہ ہر قضیہ میں ارباب یقین یعنی انبیاء اور عارفین کاملین کہاں پائے جاتے ہیں۔ باوجودیکہ علم کا حکم تو پہلے سے بھی معلوم ہوسکتا ہے۔ جیسا کہ مخفی نہیں۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث میں موجود لفظ "خفت" بمعنی "ظن" ہے، جیسا کہ اس ارشاد باری میں ہے: ﴿الا ان یخافا ان لا یقیما حدود اللّٰه﴾ [البقرۃ۔۲۲۹] اور یہ بھی ممکن ہے بمعنی علم ویقین ہو، چونکہ جو شخص کسی چیز سے خائف ہوتا ہے، اس سے احتراز کرتا ہے، اور اس کی حقیقت کی تحری کرتا ہے۔ اھ۔

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں یہ محل بحث ہے، قابل تحقیق ہے

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ مقام کے زیادہ مناسب ہے چونکہ "رأیت" کے مقابلہ میں واقع ہوا ہے۔ اور وہ بمعنی علم ہے، اور یہ دونوں تفکر وتدبیر کا نتیجہ ہیں۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں بلکہ یہ دونوں اس پر متفرع ہوتے ہیں۔

تخریج: امام سیوطیؒ اس حدیث کا مرفوع حصہ الجامع الصغیر میں ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو عبدالرزاق نے جامع میں، ابن عدی نے کامل میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں ذکر کیا ہے۔

آخرت کے معاملات میں جلدی بہتر ہے

۵۰۵۸: وَعَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَلْاَ عْمَشُ لَا فَاَعْلَمُهُ اِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ التُّؤَدَةُ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ خَيْرٌ اِلَّا فِيْ عَمَلِ الْاٰخِرَةِ۔ (رواه ابو داؤد)

أخرجه ابو داؤد فی السنن ۵/۱۷۵ الحديث رقم ۴۸۱۰۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت مصعب بن سعدؒ نے اپنے والد سے نقل کیا۔ اعمش کہتے ہیں کہ میرے خیال میں یہ رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے وقار و تسلی سے کام کو انجام دینا ہر چیز میں بہتر ہے سوائے آخرت کے معاملات کے (یعنی ان میں جلدی کرنی چاہیے)۔

راوئ حدیث:

مصعب بن سعد۔ یہ ''مصعب'' ہیں۔ ''مصعب'' بصیغۂ مفعول ہے۔ ان کی کنیت ''ابو زارہ'' ہے۔ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے بیٹے اور قریشی ہیں۔ اپنے والد اور حضرت علی بن ابی طالب اور ابن عمر رضی اللہ عنہم سے حدیث کی سماعت کی۔ ان سے ''سماک بن حرب'' وغیرہ نے روایت کی۔

تشریح: مطلب یہ ہے کہ نیکی اور بھلائی کے کاموں میں توقف و تاخیر نہیں کرنا چاہئے بلکہ ان کو فوراً کر لینا چاہئے۔ کیونکہ نیک کام میں تاخیر کا مطلب بہت سی آفات اور کوتاہیوں کا خطرہ مول لینا ہے

علاوہ ازیں دنیاوی امور کی نوعیت یہ ہوتی ہے کہ اگر کسی دنیاوی کام کو کیا جائے تو ابتداء میں عام طور پر اس کے انجام کا حال معلوم نہیں ہوتا کہ آیا اس کام کا انجام یقینی طور پر اچھا ہوگا۔ جس کی وجہ سے اس کو فوراً کر لینا ضروری ہو یا اچھا نہیں ہوگا کہ اس کے کرنے میں تاخیر کی جائے لہٰذا تعلیم دی گئی ہے کہ اپنے دنیاوی معاملات میں توقف و تاخیر اختیار کرو اور کوئی بھی کام شروع کرنے سے پہلے اچھی طرح غور و فکر کر لو اس کے برخلاف دینی کاموں کا انجام چونکہ کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس کا علم نہ ہو اس لئے ان میں تاخیر کی گنجائش نہیں ہوتی علاوہ ازیں قرآن کریم میں یہ حکم بھی دیا گیا ہے:

﴿فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ وَسَارِعُوْا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ﴾

''نیکی و بھلائی کے کاموں میں سبقت و عجلت کرو اور مغفرت و بخشش کی طرف لپکو جو تمہارے پروردگار کی طرف سے ہے''۔

امام غزالیؒ نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد: [الشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ] [البقرۃ۔۲۶۸] کی تفسیر میں لکھا ہے کہ مؤمن کے لئے مناسب یہ ہے کہ جونہی اس کے دل میں خدا کے نام پر اپنا مال خرچ کرنے کا داعیہ پیدا ہو تو وہ اس نیک کام میں توقف نہ کرے کیونکہ شیطان اس کو فقر و افلاس سے ڈراتا ہے اور صدقہ و خیرات کرنے سے روکتا ہے۔

ابو حسن فرشخی کے بارے میں منقول ہے کہ وہ ایک دن بیت الخلاء میں تھے کہ انہوں نے وہیں سے اپنے شاگرد کو آواز دی اور کہا کہ میرے بدن کی قمیص اتار کر فلاں شخص کو دے دو شاگرد نے یہ سن کر کہا کہ یہ بات آپ بیت الخلاء سے نکلنے کے بعد بھی کہہ سکتے تھے اس قدر بے صبری کی کیا وجہ ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ جیسے ہی میرے دل میں داعیہ پیدا ہوا کہ میں یہ قمیص فلاں ضرورت مند کو دے دوں تو میں نے ارادہ کر لیا کہ فوراً یہ نیک کر لوں کیونکہ میں اپنے نفس پر بھروسہ نہیں کر سکتا نہ معلوم اس کا ارادہ کب بدل جائے۔

مروی ہے کہ اکثر اہل جہنم کا چیخنا چلانا ''تسویف العمل'' کی وجہ سے ہوگا۔ (''تسویف العمل'' کا مطلب ہے کسی عمل کے میں بار بار کہنا کہ عنقریب کروں گا۔ اور وہ کام ٹلتا چلا جائے۔ از مرتب)

تخریج: اسی طرح اس حدیث کو امام حاکم نے اپنی مستدرک میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت سعد سے مرفوعاً

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نقل کیا ہے۔

میانہ روی نبوت کا چوبیسواں حصہ

۵۰۵۹: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ السَّمْتُ الْحَسَنُ وَالتُّؤَدَةُ وَالْاِقْتِصَادُ جُزْءٌ مِنْ اَرْبَعٍ وَّعِشْرِیْنَ جُزْءً مِّنَ النُّبُوَّةِ۔ (رواہ الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ۳۲۲/٤ الحدیث رقم ۲۰۱۰ و مالك فی الموطأ ۹۵٤/۲ الحدیث رقم ۱۷ من کتاب الشعر۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پسندیدہ طریقہ اور تسلی و اطمینان سے کام کی انجام دہی اور میانہ روی یہ نبوت کا چوبیسواں حصہ ہے۔ (ترمذی)

تشریح: السمت الحسن: کے متعدد معانی بیان کئے گئے ہیں۔

صاحب فائق لکھتے ہیں: السمت اخذ المنهج ولزوم الحجة

ایک شارح لکھتے ہیں: السمت الطریق، ویستعار لهیئة اهل الخیر

ایک معنی یہ بیان کئے گئے ہیں: السیرة المرضیه والطریقة المستحسنة

امام خطابیؒ فرماتے ہیں: الهدی والسمت حالة الرجل ومذهبه سب کا حاصل تقریباً ایک ہی ہے۔

الاقتصاد: تورپشتیؒ فرماتے ہیں: اقتصاد کی دو قسمیں ہیں: پہلی قسم محمود و مذموم کا درمیانی طریقہ، جیسا کہ جود و عدل اور بخل وجود کی درمیانی حالت۔ اس ارشاد باری تعالیٰ: ﴿ومنهم مقتصد﴾ [فاطر۔ ۳۲] میں یہی قسم مراد ہے۔

اقتصاد کی دوسری قسم وہ ہے، جو علی الاطلاق محمود ہے۔ اس قسم کا تعلق ان امور و اشیاء سے ہوتا ہے، جن میں دو رخ ہوتے ہیں ایک رخ افراط اور دوسرا رخ تفریط جیسا کہ جود و سخاوت ہے کہ یہ اسراف و بخل کے درمیان ہے' اور جیسا کہ شجاعت ہے کہ وہ تہور و جبن (پرواہ کیے بغیر لڑائی میں گھس جانے اور بزدلی) کی درمیانی حالت ہے۔ بعض عارفین فرماتے ہیں: اطلب العلم بحیث لم یمنعك عن العمل، واعمل بحیث لم یشغلك عن العلم۔

''میانہ روی'' کے معنی ہیں ہر کام اور ہر حالت میں درمیانی راہ اختیار کرنا اور افراط و تفریط (یعنی زیادتی اور کمی) سے اجتناب کرنا' جیسے خرچ کرنے میں نہ تو اسراف کرنا اور نہ بخل کرنا بلکہ درمیانی طریقہ یعنی جود و سخاوت اختیار کرنا۔ ہمت و حوصلہ کے اظہار کے موقع پر نہ تو تہور دکھانا اور نہ بزدل بن جانا بلکہ درمیانی راہ شجاعت کو اختیار کرنا۔ اعتقادی اور نظریاتی معاملات میں بھی میانہ روی اختیار کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اسی عقیدہ پر اعتماد کیا جائے اور وہی نظریہ اپنایا جائے جو دین و دیانت اور عقل و دانش کے اعتبار سے معتدل سمجھا جاتا ہے مثلاً ایک عقیدہ جبر کا ہے اور ایک قدر کا ہے یہ دونوں عقیدے افراط کے حامل ہیں۔ ان دونوں کے برخلاف درمیانی عقیدہ وہ ہے جو اہل سنت والجماعت کا ہے اسی طرح میانہ روی اختیار کرنے کے حکم کا تعلق معیشت سے بھی ہے اور اس کی درمیانی راہ یہ ہے کہ ضروریاتِ زندگی پر نہ تو اتنا خرچ کیا جائے جو اسراف اور عیش و عشرت کی حد تک ہو اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہ اس قدر کم خرچ کیا جائے جو تنگی و تکلیف میں مبتلا کر دے بلکہ ان دونوں کے درمیان اعتدال پیدا کیا جائے جیسا کہ خود ایک حدیث میں فرمایا گیا ہے:

الاقتصاد فی النفقة نصف المعیشة

''خرچ کرنے میں میانہ روی اختیار کرنا معیشت کا آدھا سرمایہ ہے''۔

غرضیکہ انسانی زندگی کے ہر گوشہ اور ہر فعل و عمل میں میانہ روی اختیار کرنے کا حکم ہے اور یہی چیز (یعنی ہر ایک امر میں اعتدال و میانہ روی اختیار کرنا) وہ کمال ہے جو انسان کو اس کی مراد اور اس کے مقاصد تک پہنچاتا ہے کیونکہ بہت دوڑ کر چلنے والا اگر پڑتا ہے اور سست رفتاری سے چلنے والا پہنچ جاتا ہے۔ صرف اعتدال کی چال چل کر ہی منزل پر پہنچا جا سکتا ہے اسی لئے اللہ تعالیٰ نے متعدد مواقع پر راہِ اعتدال اختیار کرنے کا حکم دیا ہے اور بعض چیزوں کا نام لے کر ذکر فرمایا ہے جیسے ایک جگہ ارشاد ہے کہ **واقصد فی مشیك** (یعنی اپنی چال میں میانہ روی اپناؤ) اور ایک جگہ یوں فرمایا ہے کہ **كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا** (یعنی کھاؤ پیو اور اسراف سے اجتناب کرو)۔

''حصول علم میں اتنی ہی مشغولیت بہتر ہے جو عمل سے باز نہ رکھے اور عمل میں اسی قدر انہماک روا ہے جو حصولِ علم سے باز نہ رکھے''۔ علم و عمل میں میانہ روی کی وجہ سے مختلف علمی و عملی آفات سے بچا جا سکتا ہے۔

عرضِ مرتب:

جزء من النبوة: کا مطلب یہ ہے کہ یہ خوبیاں اور صفات ان خوبیوں اور صفات میں سے ایک ہیں جن سے انبیاء کرام متصف و مزین ہوتے ہیں۔ رہی یہ بات کہ اجزاء نبوت کے عدد کے تعین سے کیا مراد ہے؟ تو حقیقت یہ ہے کہ اس کی مراد صرف شارع علیہ السلام ہی بیان فرما سکتے تھے۔ جس کو بیان نہیں فرمایا گیا یوں بیان کرنے کو مختلف باتیں کہی جا سکتی ہیں مگر اس کی حقیقت تک چونکہ نورِ نبوت کے علاوہ کوئی بھی انسانی فہم و ادراک نہیں پہنچ سکتا اس لئے اس کے بارے میں کسی کو کچھ نہیں کہنا چاہئے اور اس کو اللہ اور اس کے رسول ﷺ ہی کے سپرد کر دینا چاہئے (از مظاہر حق)

خوش اخلاقی نبوت کا پچیسواں حصہ ہے

۵۰۶۰: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْهَدْیَ الصَّالِحَ وَالسَّمْتَ الصَّالِحَ وَالْاِقْتِصَادَ جُزْءٌ مِنْ خَمْسٍ وَّعِشْرِیْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ۔ (رواہ ابوداؤد)

اخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۱۳۶ الحدیث رقم ۴۷۷۶، واحمد فی المسند ۱/۲۹۶۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اچھا طریقہ اور خوش اخلاقی اور میانہ روی نبوت کا پچیسواں حصہ ہے۔ (ابوداؤد)

جزء من أربع وعشرین جزء: اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں:

پہلا مطلب یہ ہے کہ یہ تینوں خوبیاں مل کر نبوت کے چوبیس اجزاء میں سے ایک جزء (کا درجہ رکھتی) ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرا مطلب یہ ہے کہ ان تینوں خوبیوں میں سے ہر ہر خوبی نبوت کے چوبیس اجزاء میں سے ایک ایک جزء ہے۔اس کی تائید حضرت انسؓ کی اس مرفوع روایت سے بھی ہوتی ہے جس کو ضیاء نے نقل کیا ہے: السمت الحسن جزء من خمسة وسبعين جزء من النبوة۔ اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اس عدد مذکور سے تحدید نہیں بلکہ تکثیر مراد ہے۔اور اس کی تائید اگلی حدیث سے بھی ہوتی ہے، جس میں "جزء من خمس وعشرين" کے الفاظ ہیں۔

اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ اختلاف "متصف بہ" کی کم وکیف کے اختلاف کے اعتبار سے ہو۔

بعض شراح کا کہنا ہے کہ عددوں کا یہ تفاوت (یعنی چوبیس اور پچیس کا اختلاف) ممکن ہے کہ راویوں سے غلطی ہوئی ہو۔ واضح رہے کہ یہ احتمال پیش کرنا غلط ہے۔اور اس کا سبب ان امور سے غفلت ہے جن کو ہم نقلاً وعقلاً پیش کر چکے ہیں۔

قاضیؒ فرماتے ہیں: درست یہ تھا کہ اربعة بصیغہ تذکیر فرماتے۔ممکن ہے کہ عدد کو مؤنث لانا کسی تأویل کی وجہ سے ہو۔ مثلاً خصلة، قطعة یا "اجراء الجزء مجرى الكل فى التذكير والتانيث" کے باعث ایسا کیا ہو۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ تمام تاویلات مستحسن ہیں، لیکن یہ کہنا کہ "درست یہ تھا کہ" کھلم کھلا غلطی ہے۔

عرضِ مرتب:

بظاہر قاضیؒ کے کلام سے کسی درجہ میں سوءِ ادب کا پہلو نکلتا ہے۔

الهدى: ھاء کے فتحہ اور دال کے سکون کے ساتھ ہے۔

جزء من خمسة: الجامع کی روایت میں "خمسة" ہے۔یہ زیادہ ظاہر ہے۔

عرضِ مرتب:

"سمت" اور "اقتصاد" کی وضاحت پچھلی حدیث میں ملاحظہ فرمائیے۔

"ہدی صالح" اور "سمت صالح" کے درمیان فرق یہ ہے کہ "ہدی" کا تعلق انسان کے باطنی احوال سے ہے اس کا ترجمہ نیک سیرت کیا گیا ہے۔جس کو نیک خوئی سے بھی تعبیر کیا جا سکتا ہے اور "سمت" کا تعلق انسان کے ظاہری احوال وکردار سے ہے اس لئے اس کا ترجمہ "نیک راہ وروش" کیا گیا ہے اس کو نیک چلنی بھی کہا جا سکتا ہے۔

راہ سلوک وطریقت میں ان دونوں کا وہی درجہ ہے جو شریعت میں ایمان واسلام کا ہے۔اس اعتبار سے نیک خوئی اور نیک چلنی یہ دونوں خوبیاں ایک ساتھ جس مؤمن میں ہوں تو نور علی نور ہے اور اس کے مرتبہ حقیقت کے کامل ہونے میں کوئی شبہ نہیں۔

اس حدیث میں ان خوبیوں کو پچیس اجزاء میں سے ایک جزو کہا گیا ہے جب کہ پچھلی حدیث میں چوبیس کا عدد منقول ہوا ہے۔دونوں روایتوں میں یہ تفاوت وفرق کیوں ہے؟ اس کے کئی جوابات دیئے گئے ہیں:

اول: یہ کسی راوی کے وہم وخطا میں مبتلا ہو جانے کی بنا پر ہے۔

دوم: اس میں بھی کوئی بھید ہے کہ حضور ﷺ نے کسی موقع پر تو چوبیس کا عدد ذکر فرمایا ہے اور کسی موقع پر پچیس کا۔

سوم: ممکن ہے پہلے تو حضور ﷺ نے یہی فرمایا کہ یہ خوبیاں نبوت کے چوبیس اجزاء میں سے ایک جزء ہیں اور پھر آپ ﷺ نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ازراہ عنایت ان خوبیوں کا ایک درجہ اور بڑھا دیا اور یہ فرمایا کہ یہ خوبیاں نبوت کے پچیس اجزاء میں سے ایک جزء ہے۔

چہارم: پچھلی حدیث میں جن تین خوبیوں کا ذکر کیا گیا ہے وہ مل کر چوبیس اجزاء میں سے ایک جزء کا درجہ پاتی ہیں اور اس حدیث میں جن تین خوبیوں کا ذکر کیا گیا ہے وہ مل کر پچیس اجزاء میں سے ایک جزء کا درجہ پاتی ہیں' اس صورت میں یہ کہنے کی ضرورت باقی نہیں رہی کہ یہ راوی کے وہم وخطا میں مبتلا ہو جانے کا نتیجہ ہے کہ اس سے ایک روایت میں چوبیس کا عدد نقل ہوا اور ایک روایت میں پچیس کا۔

تخریج: اس حدیث کو امام حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔

گفتگو امانت ہے

۵۰۶۱: وَعَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ الْحَدِيْثَ ثُمَّ الْتَفَتَ فَهِيَ اَمَانَةٌ۔ (رواه الترمذی وابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۱۸۸/۵ الحديث رقم ٤٨٦٨، والترمذی فی السنن ۳۰۱/٤ الحديث رقم ۱۹۵۹، واحمد فی المسند ۳۷۹/۳۔

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب کسی آدمی نے ایک بات کی پھر وہ دوسری طرف متوجہ ہو گیا تو وہ بات امانت ہے۔ (ترمذی' ابوداؤد)

تشریح: فهی: خبر کی رعایت کے پیش نظر ضمیر مؤنث لائی گئی ہے۔ اور بعض کا کہنا ہے، کہ چونکہ "حدیث" بمعنی "حکایت" ہے اس لئے مؤنث لائی گئی ہے۔ اور مطلب یہ ہے کہ اس کی وہ بات' سننے والوں کے لئے ایک امانت کا حکم رکھتی ہے لہٰذا ان کو چاہئے کہ وہ اس امانت کو ظاہر کر کے خیانت نہ کریں۔

مظہرؒ نے "التفت" کی وضاحت "غاب" کے ساتھ کی ہے۔ اس صورت میں "ثم" اپنے اصل معنی یعنی "تراخی" کیلئے ہوگا۔ اس سے تعقیب کا حکم بطریق اولی مستفاد ہو رہا ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: "التفت" عبارت ہے "التفات خاطره الی ما تكلم" کہ پھر وہ احتیاطاً دائیں بائیں دیکھتا ہے، چنانچہ "ثم" تراخی فی الرتبة کے لئے ہے۔ اور فاء کا ترتب اس پر دال ہے، پہلا سبب اور دوسرا مسبب ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ تکلف ہے، اس کی کوئی حاجت نہیں، چونکہ حکم عام ہے، مخصوص نہیں ہے، اور فاء جزاء کے لئے لازم ہے، لہٰذا طیبیؒ کے مدعا پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ اس حدیث کا اجمالی مفہوم وہ نکلتا ہے، جو اگلی حدیث: المجالس بالأمانة کا ہے اور اس کے مستثنیات کا ذکر عنقریب آ رہا ہے۔

تخریج: اسی طرح امام احمد اور ضیاء نے حضرت جابر سے روایت کیا ہے، اور ابویعلی نے اس حدیث کو اپنی مسند میں حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے۔

لغت: باب افتعال سے اسم مفعول کا صیغہ ہے، "امن" سے ماخوذ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واستوص به معروفا: ("معروفًا" مفعول مطلق کے قائم مقام ہے۔) ای استیصاء معروف۔

استیصاء معروف اس جملہ کے متعدد مطالب بیان کئے گئے ہیں:

① قیل: معناه لا تأمره الا بالمعروف والنصح له

② قیل: وص فی حصه بمعروف (کذا ذکره زین العرب)

③ قال الطیبیؒ: ای اقبل وصیتی فی حقه احسن ملکته بالمعروف

ایک روایت میں یہ بھی منقول ہے کہ جب حضرت ابوالہیثم رضی اللہ عنہ اس غلام کو لے کر اپنے گھر آئے اور اہلیہ محترمہ سے فرمایا کہ سرکار ﷺ نے مجھ کو یہ غلام عطا کیا ہے اور اس کے ساتھ اچھا سلوک اور بھلائی کرنے کی وصیت فرمائی ہے تو ان کی بیوی نے کہا کہ اس وصیت پر عمل پیرا ہونے کا حق شاید پوری طرح ادا نہ ہو سکے اس لئے اس کے ساتھ حسن سلوک یہی ہے کہ اس کو آزاد کردو۔

قوله: فانی رأیته یصلی: حدیث مبارکہ کا یہ جملہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ کسی شخص میں آثار صلاح مثلاً نماز وغیرہ ظاہر ہوں تو اس شخص کے بہتر ہونے پر استدلال کیا جا سکتا ہے، چونکہ نماز بے حیائی اور برے کاموں سے روکتی ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام ترمذی نے جامع اور شمائل ہر دو میں ذکر کیا ہے۔ شمائل میں اس روایت کو تفصیل کے ساتھ ذکر کیا ہے۔ جیسا کہ ہم "باب الضیافۃ" میں ذکر چکے ہیں۔ اور اس حدیث میں یہ بات بھی مذکور ہے کہ انہوں نے وہ غلام آنحضرت ﷺ کی نصیحت کے پیش نظر آزاد کر دیا تھا۔

حدیث کے ان الفاظ: "المستشار مؤتمن" کی تخریج متعدد محدثین نے کی ہے۔ چنانچہ اصحاب کتب اربعہ نے حضرت ابوہریرہ سے اور امام ترمذی نے ام سلمہ سے نقل کیا ہے۔ ابن ماجہ نے بحوالہ ابن مسعودؓ روایت کیا ہے۔

امام طبرانی نے یہ روایت کبیر میں حضرت سمرہ سے ان الفاظ کے ساتھ ذکر کی ہے: المستشار مؤمن، ان شاء اشار، وان شاء لم یشر

الاوسط میں حضرت علیؓ سے ان الفاظ کے ساتھ منقول ہے: المستشار مؤتمن، ان شاء اشار، وان شاء لم یشر

اور الاوسط میں حضرت علیؓ سے مروی ایک اور حدیث میں یہ الفاظ وارد ہوئے ہیں:

المستشار مؤتمن، فاذا استشیر فلیشر بما هو صانع لنفسه۔

جس سے مشورہ کیا جائے وہ امین ہے

۵۰۶۲: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِی الْهَیْثَمِ بْنِ التَّیِّهَانِ هَلْ لَكَ خَادِمٌ قَالَ لَا فَقَالَ فَاِذَا اَتَانَا سَبْیٌ فَاْتِنَا فَاُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِرَاْسَیْنِ فَاَتَاهُ اَبُو الْهَیْثَمِ فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ اخْتَرْ مِنْهُمَا فَقَالَ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اخْتَرْلِیْ فَقَالَ النَّبِیُّ ﷺ اِنَّ الْمُسْتَشَارَ مُؤْتَمَنٌ خُذْ هٰذَا فَاِنِّیْ رَاَیْتُهُ یُصَلِّیْ وَاسْتَوْصِ بِهٖ مَعْرُوْفًا۔ (رواہ الترمذی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه ابوداؤد في السنن ٥/٣٤٥الحديث رقم ٥١٢٨مختصراً، واخرجه الترمذي في ٤/٤٠٥الحديث رقم ٢٣٦٩ و ابن ماجه في ٢/١٢٣٣ الحديث رقم ٣٧٤٥ واحمد في المسند ٤/١٧٢۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوالہیثم بن تیہان رضی اللہ عنہ سے دریافت فرمایا کہ تمہارا کوئی خادم ہے؟ عرض کیا نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ہمارے ہاں قیدی آئیں تو پھر ہمارے پاس آنا چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دو آدمی لائے گئے ادھر سے ابوالہیثم آ گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان دونوں میں سے ایک کو پسند کرلو انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی میرے لئے منتخب فرمادیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس سے مشورہ لیا جائے وہ امین ہے، تم یہ لے جاؤ میں نے اسے نماز پڑھتے دیکھا ہے اور اس کے ساتھ بھلائی سے پیش آنا۔ (ترمذی)

تین مجالس جن کی بات امانت نہیں

۵۰۶۳: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمَجَالِسُ بِالْاَمَانَةِ اِلَّا ثَلٰثَةَ مَجَالِسَ سَفْكُ دَمٍ حَرَامٍ اَوْفَرْجٌ حَرَامٌ اَوِاقْتِطَاعُ مَالٍ بِغَيْرِ حَقٍّ۔

(رواه ابوداؤد وذكر حديث ابى سعيد وَاِنَّ اَعْظَمَ الْاَمَانَةِ فى باب المباشرة فى الفصل الاول)

أخرجه ابوداؤد في السنن ٥/١٨٩ الحديث رقم ٤٨٦٩، والترمذي في ٤/٣٠١ الحديث رقم ١٩٥٩، واحمد في المسند ٣/٣٤٢۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجالس کی باتیں امانت ہوتی ہیں مگر تین مجالس اس سے مستثنیٰ ہیں: ❶ حرام خون بہانے کی بات کی جائے۔ ❷ حرام شرمگاہ کا مشورہ کیا جائے۔ ❸ ناحق مال کے حصول کی بات کی جائے۔ (ابوداؤد) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کی روایت: ان اعظم الامانة باب المباشرة کی پہلی فصل میں ذکر کی جاچکی ہے۔

تشریح: الاثلاثة: مجالس: ای احدی الثلاثة من المجالس۔

سفك دم: "سفك" مرفوع ہے (خبر ہونے کی وجہ سے)۔ تقدیری عبارت یوں ہے: هی مجلس اراقة دم۔

حرام: صفت ہونے کی وجہ سے مجرور ہے۔ ای دم حرام۔

مظہرؒ فرماتے ہیں مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص کسی سے یہ بات سنے کہ میں فلاں آدمی کو قتل کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں یا فلاں عورت کے ساتھ بدکاری کروں گا یا فلاں شخص کا مال زور وزبردستی ہتھیاؤں گا تو اس طرح کی بات سننے والے کو چاہئے کہ وہ اس کو ایسا راز نہ سمجھے جس کو پوشیدہ رکھنے کا حکم دیا گیا ہے بلکہ اس کو فوراً ظاہر کردے (یعنی اس بات سے متعلقہ لوگوں کو آگاہ کر دے تاکہ وہ ہوشیار ہوجائیں اور اپنے آپ کو بچائیں۔ اسی طرح اس مجلس کی باتوں کا افشاء کرنا بھی جائز ہے جن میں دین وملت اور قوم کو نقصان پہنچانے پر گفتگو وتجویز ہوئی ہو!)

اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک مؤمن کے لئے مناسب یہ ہے کہ اگر وہ کسی مجلس میں لوگوں کو کوئی برا کام کرتے دیکھے تو وہ ان [illegible] کا چرچا نہ کرتا پھرے۔ البتہ تین مجالس [illegible] میں کی جانے والی برائیوں کا چرچا کیا جاسکتا ہے۔ جن میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے ایک مجلس وہ ہے جس میں کسی کو ناحق قتل کیا جا رہا ہو دوسری مجلس وہ ہے جس میں کسی عورت کی عصمت لوٹی جا رہی ہو اور تیسری مجلس وہ ہے جس میں کسی شخص کا مال ناحق ہتھیایا جا رہا ہو۔

''بغیر حق'' کی قید کا تعلق صرف آخری الفاظ سے ہے، اور لفظ ''حرام'' سے عدول کر کے یہ اسلوب اختیار کرنا اس وجہ سے ہے کہ اس کا مفہوم حلال سے نکلتا ہے اس لیے کہ لوگوں کا مال ظلماً لوٹنا حرام ہے، خواہ مال حلال ہو کہ حرام ہو۔ لہٰذا جار مجرور کا تعلق ''اقتطاع'' کے ساتھ ہے۔ جیسا کہ مخفی نہیں ہے۔

تخریج وتوضیح: حدیث کا پہلا حصہ: '' المجالس بالأمانة'' خطیب نے حضرت علی سے نقل کیا ہے۔

ابوسعید کی وہ مکمل حدیث یوں ہے: ان اعظم الامانة عند الله يوم القيامة الرجل يفضي الى امرأته وتفضي اليه ثم ينشر سرها۔

قوله: ذكر حديث أبي سعيد..... :امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ اس بات پر تنبیہ ہے کہ یہ حدیث مصابیح میں مکرر آئی ہے۔ نیز اس حدیث کو حسان میں ذکر کرنے کے بجائے صحاح میں ذکر کرنا اولیٰ تھا۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں بظاہر اس حدیث کو یہاں کے بجائے وہاں اس لئے ذکر کیا کہ یہ حدیث اُس باب کے زیادہ مناسب تھی۔ چنانچہ یہ اعتراض بھی ہے اور اعتذار بھی ہے، کہ کہیں کسی کو یہ وہم نہ ہو کہ مؤلف نے اس حدیث کو ساقط کر دیا ہے۔ واللہ اعلم

الفصل الثالث:

عقل کے سبب آدمی مسئول ہے

۵۰۶۴: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْعَقْلَ قَالَ لَهٗ قُمْ فَقَامَ ثُمَّ قَالَ لَهٗ اَدْبِرْ فَاَدْبَرَ ثُمَّ قَالَ اَقْبِلْ فَاَقْبَلَ ثُمَّ قَالَ لَهٗ اُقْعُدْ فَقَعَدَ ثُمَّ قَالَ لَهٗ مَا خَلَقْتُ خَلْقًا هُوَ خَيْرٌ مِّنْكَ وَلَا اَفْضَلُ مِنْكَ وَلَا اَحْسَنُ مِنْكَ بِكَ اٰخُذُ وَبِكَ اُعْطِيْ وَبِكَ اُعْرَفُ وَبِكَ اُعَاتِبُ وَبِكَ الثَّوَابُ وَعَلَيْكَ الْعِقَابُ وَقَدْ تَكَلَّمَ فِيْهِ بَعْضُ الْعُلَمَآءِ۔

أخرجه البيهقي في شعب ٤/ ١٥٤ الحديث رقم ٤٦٣٣۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے عقل کو پیدا کیا تو اس سے فرمایا کہ کھڑی ہو جا! وہ کھڑی ہو گئی پھر اس سے فرمایا کہ پشت پھیر اس نے پشت پھیر لی' پھر اس سے فرمایا کہ میری طرف منہ کر' اس نے خدا کی طرف منہ کر لیا پھر اس سے فرمایا کہ بیٹھ جاؤ! وہ بیٹھ گئی اور پھر اس سے فرمایا کہ میں نے کوئی ایسی مخلوق پیدا نہیں کی جو تجھ سے بہتر ہو اور تجھ سے کوئی افضل ہے اور نہ کوئی اچھا ہے۔ میں تیری وجہ سے پکڑوں گا اور تیرے ذریعہ ہی سے عطاء کروں گا میری پہچان تیری وجہ سے ہوگی اور تیری وجہ سے میں عتاب کروں گا تیرے ہی سبب عذاب وثواب ہے بعض محدثین نے اس روایت میں کلام کیا ہے۔ (بیہقی)

تشریح: حدیث میں ''عقل'' کی طرف قیام وقعود، ادبار واقبال کا اسناد کیا گیا ہے۔ چنانچہ اس کی وضاحت علماء نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مختلف طریقے سے کی ہے۔

اس کا پہلا مطلب یہ بیان کیا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے عقل کو جسم کے ساتھ پیدا کیا تھا' جیسا کہ قیامت میں حساب کتاب کے بعد موت کو دنبہ کی صورت میں لایا جائے گا۔ اور جنت وجہنم کے درمیان ذبح کر دیا جائے گا۔

دوسرا مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ قیام وقعود اور اقبال وادبار سے مراد وہ امور معنویہ ہیں، جو عقل سے حاصل ہوتے ہیں۔ اور ارباب عقول کے اختلاف کے اعتبار سے اس سے ناشی ہوتے ہیں۔

تیسرا مطلب یہ بیان کیا گیا ہے کہ ہوسکتا ہے کہ قیام کنایہ ہو ظہور سے، قعود کنایہ ہو اس کے خفاء سے، اقبال کنایہ ہو توجہ الی الشئ سے اور ادبار کنایہ ہو اعراض عن الشئ سے ارادۂ ازلی کے تعلق کے اعتبار سے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ مجموعہ اس بات سے کنایہ ہے کہ عقل محل تکلیف ہے۔ یہی اوامر ونواہی کا منتہیٰ ہے اور مکلف مخلوق کو پیدا کرنے کی غرض یعنی عبادت کہ جس کیلئے آسمان وزمین کی تخلیق وجود میں آئی۔ عقل کے ذریعہ ہی مکمل ہوتی ہے۔ اور اس پر دلالت اس کا مابعد کر رہا ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: لفظ غرض کی جگہ لفظ حکمت درست ہے، چونکہ افعال باری تعالیٰ معلل بالاغراض ہونے سے منزہ ہیں۔

عقل کی وجہ تسمیہ یہ ہے: انه يعقل صاحبه عما لا ينبغي ''عقل'' کو'' نهية '' بھی کہتے ہیں۔ اور وجہ یہ ہے: انه ينهى عن الفحشاء والمنكر امام راغبؒ فرماتے ہیں: عقل اس قوت کو کہتے ہیں جو قبول علم کیلئے تیار ہو۔ اور اس علم کو بھی عقل کہتے ہیں، جس کو انسان اس قوت یعنی عقل کے ذریعہ حاصل کرتا ہے۔ چنانچہ اسی وجہ سے کہا گیا ہے:

فان العقل عقلان فمطبوع ومسموع

بلاشبہ عقل کی دو قسمیں ہیں، ایک قسم ہے عقل مطبوع اور دوسری قسم ہے عقل مسموع۔

ولا ينفع مسموع اذا لم يك مطبوع

اور عقل مسموع نفع نہیں دیتی، جب تک کہ وہ عقل مطبوع نہ ہو۔

كما لا تنفع الشمس وضوء العين ممنوع

جیسا کہ سورج فائدہ نہیں دیتا، درانحالیکہ آنکھ میں نور بینائی نہ ہو۔

عقل کی پہلی قسم کی طرف اشارہ اس حدیث میں ہے: ما خلق الله خلقاً أكرم عليه من العقل

اور عقل کی دوسری قسم کا بیان اس حدیث مبارکہ میں ہے: ما كسب احد شيئا افضل من عقل يهديه الى هدى او يرده عن ردى اس ارشاد باری تعالیٰ میں عقل کے یہی معنی مراد ہیں: ﴿وما يعقلها الا العالمون﴾ [العنکبوت: ۴۳] ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: جیسے کہ عقل مسموع نافع نہیں جب تک کہ مطبوع نہ ہو، اسی طرح عقل مطبوع بھی نافع نہیں جب تک مسموع نہ ہو۔ اس کی بہت واضح مثال حکماء ہیں، ان کا زعم ہے کہ وہ اکبر العقلاء (سب سے زیادہ عقل والے) ہیں، لیکن ان کی عقول مطبوعہ ان کیلئے نافع ثابت نہ ہوئیں، چونکہ انہوں نے انبیاء اور انبیاء کے اقوال مسموعہ کی متابعت نہیں کی، ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿أفرءيت من اتخذ إلهه هواه وأضله الله على علم﴾ [الجاثیۃ: ۲۳] اور اس کی آنکھوں دیکھی نظیر پیدائشی بہرا ہے کہ وہ اپنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عقل مطبوع سے نفع اٹھاتا ہے اور عقل مسموع کا اس کے پاس کوئی حصہ ہی نہیں۔

تخریج: اس حدیث کو امام بیہقی نے شعب الایمان میں ذکر کیا ہے۔ اس حدیث کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے۔

سخاوی ''مقاصد'' میں لکھتے ہیں: انه كذب موضوع اتفاقاً۔

شیخ محمد بن یعقوب فیروز آبادی ''مختصر'' میں لکھتے ہیں: اول ما خلق الله العقل..... وما خلق الله خلقا اكرم من العقل للحكيم ضعيف۔

امام طیبیؒ لکھتے ہیں: قال الشيخ تقى الدين ابن تيمية الحديث الذى ذكروه كذب موضوع عند اهل المعرفة بالحديث، كما ذكر ذلك ابو جعفر العقيلى، وابو حاتم السبتى، وابو الحسن الدار قطنى، وابن الجوزى وغيرهم اھ۔

ترجمۃ الباب سے حدیث کی مناسبت:

اس حدیث کو اس باب میں ذکر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ حذر وتانی، عقل کے نتائج میں سے ہیں۔ واللہ اعلم۔

قیامت میں عقل کے مطابق بدلہ

۵۰۶۵: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرَّجُلَ لَيَكُوْنُ مِنْ اَهْلِ الصَّلٰوةِ وَالصَّوْمِ وَالزَّكٰوةِ وَالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ وَحَتّٰى ذَكَرَ سِهَامَ الْخَيْرِ كُلَّهَا وَمَا يُجْزٰى يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلَّا بِقَدْرِ عَقْلِهٖ ۔

أخرجه البيهقى فى شعب الايمان ٤/١٥٥ الحديث رقم ٤٦٣٧۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک آدمی نماز، روزہ، اور حج وزکوٰۃ والے لوگوں سے ہوتا ہے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نیکی کی تمام اقسام کا ذکر فرمایا اور فرمایا قیامت میں وہ اپنی عقل کے مطابق بدلہ پائے گا۔

تشریح: وما يجزى: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔ ای ما یثاب

الا بقدر عقله کے متعدد مطالب بیان کئے گئے ہیں:

♜ ای بمقدار استعماله فى هذه العبادات

دوسرا احتمال یہ ہے کہ عقل سے مراد ''مستفاد بالعقل'' ہے، کہ عبادات پر بیش بہا اَجر ودرجات، اصحاب علم کے مراتب اور اربابِ عقل کے مراتب کے اختلاف کے ساتھ ہیں۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس میں اشارہ ہے کہ عقل مسموع، عقل مطبوع کے بغیر مکمل طور پر نافع نہیں، چونکہ عقل ہی وہ ممیز ہے، کہ جو ہر شیٔ کو اس کے موقع محل پر رکھتی ہے۔ اس کے ذریعہ نماز نماز، روزہ روزہ، اور صدقہ صدقہ میں فرق ہوتا ہے۔ چونکہ بعض مرتبہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ آدمی ایک (ہی رکعت پڑھ جاتا ہے جو غیروں کی ہزار رکعت سے افضل ہوتی ہے۔ یہی معاملہ صدقہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور دیگر اعمال خیر کا ہے بعض مرتبہ یوں بھی ہوتا ہے کہ وہی عمل اس کیلئے وبال بن جاتا ہے۔

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں یہ بات مخفی نہیں کہ عقل مطبوع امور شرعیہ میں کوئی تمیز نہیں کر پاتی، اسی وجہ سے نہ تحسین عقلی کا کوئی اعتبار ہے اور نہ تقبیح عقلی کا کوئی اعتبار ہے۔ چنانچہ یہاں مدار عقل مسموع پر ہے، لیکن عقل مطبوع کی مدد سے، بایں طور کہ مثلاً نماز شرعی طریقہ کے مطابق ادا کرے، ایسی جگہ ادا کرے کہ جو اس کے شایان شان ہے، اس طرح دیگر عبادات اور نیتوں کا علم تو اللہ ہی کو ہے۔ مثلاً کمال صلاۃ کا مدار، نماز کے شروط، ارکان، واجبات، سنن اور آداب مسموعہ معروفہ کے بعد حضور قلب مع اللہ اور قطع النظر عما سواہ پر ہے۔ چنانچہ امام احمد، ابوداؤد، اور ابن حبان حضرت عمار بن یاسرؓ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں:

ان الرجل لینصرف وما کتب له الا عشر صلاته، تسعها ثمنها سبعها سدسها خمسها ربعها ثلثها نصفها۔

اخلاق بڑا شرف ہے

۵۰۶۶: وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا اَبَاذَرٍّ لَا عَقْلَ کَالتَّدْبِیْرِ وَلَا وَرَعَ کَالْکَفِّ وَلَا حَسَبَ کَحُسْنِ الْخُلُقِ۔

أخرجه ابن ماجه فی السنن ۲/۱۴۱۰ الحدیث رقم ۴۲۱۸، والبیهقی فی شعب الایمان ۵/۲۷ الحدیث رقم ۵۶۴۷۔

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوذر! تدبیر جیسی کوئی عقل نہیں، پرہیز جیسا کوئی تقویٰ نہیں اور اچھے اخلاق جیسا کوئی حسب نہیں۔ (بیہقی)

تشریح: قوله: لا عقل کالتدبیر:

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: تدبیر سے مراد عقل مطبوع ہے، چونکہ ماقبل میں گزرا کہ عقل مسموع کوئی معتد بہ چیز نہیں اور نہ صاحب عقل مسموع کیلئے ثواب کی امید کی جاسکتی، الا یہ کہ عقل مطبوع بھی ساتھ ہو۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں ماقبل میں یہ بات گزر چکی ہے، کہ عقل مطبوع، عقل مسموع کے بغیر نافع نہیں، بلکہ بعض مرتبہ عقل مسموع بغیر عقل مطبوع کے بھی نفع دے جاتی ہے، مثلاً جیسا کہ کوئی شخص محض تقلیداً ایمان قبول کر لے۔ چنانچہ "**لا عقل کالتدبیر**" کا مطلب یہ ہے: **لا عقل کعقل الذی یصحبه التدبیر**

"تدبیر" کے معنی ہیں ہر کام کے انجام پر نظر رکھ کر اس کے لئے سامان کرنا۔ لہٰذا "عقل تدبیر کے مانند نہیں" کا مطلب یہ ہے کہ کوئی بھی عقل، عقل تدبیر (وہ عقل کہ جس کے ساتھ تدبیر ہو) کے برابر نہیں ہوسکتی! گویا مذکورہ جملہ میں "عقل" سے مراد مطلق علم وادراک ہے "تدبیر" سے مراد عقل تدبیر ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ جو بھی کام کیا جائے پہلے اس کے انجام پر نظر رکھی جائے اور اس میں جو بھلائیاں و برائیاں ہوں ان کو پہچانا جائے۔

قوله: ولا ورع کالکف: "ورع" کے معنی پرہیزگاری کے ہیں جس کو تقویٰ بھی کہا جاتا ہے اگرچہ بعض حضرات کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نزدیک ورع اور تقویٰ کے درمیان بھی فرق ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ ورع کا درجہ تقویٰ کے درجہ سے بڑھا ہوا ہے بایں طور کہ تقویٰ کا مطلب ہے کہ حرام چیزوں سے پرہیز کرنا اور ورع کا مطلب ہے ان چیزوں سے بھی پرہیز کرنا جو مکروہ یا مشتبہ ہوں لیکن زیادہ صحیح یہ ہے کہ تقویٰ اور تورع دونوں کے ایک ہی معنی ہیں اور عام طور پر سب لوگ ان دونوں کو ایک ہی معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

اب رہی یہ بات کہ حدیث میں جو دو لفظ ورع اور کف نقل کئے گئے اور ان میں سے ورع کا ترجمہ پرہیز گاری اور کف کا ترجمہ اجتناب واحتیاط کیا گیا ہے تو کیا ان دونوں کے درمیان کچھ فرق ہے؟ بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان دونوں کے درمیان کوئی فرق نہیں کیونکہ ورع کے معنی ہیں باز رہنا اور ''کف'' کے بھی معنی باز رہنے کے ہیں اس صورت میں حدیث کے اس جملہ لا ورع کالکف پر اشکال واقع ہوتا ہے کیونکہ اس کا لفظی ترجمہ یوں ہوگا ''باز رہنا' باز رہنے کے برابر نہیں''۔ اور ظاہر ہے کہ یہ معنی درست نہیں۔ پہلا جواب: یہاں کف کے معنی مسلمانوں کو ایذا پہنچانے یا زبان کو لایعنی باتوں میں مشغول کرنے سے پرہیز کرنا ہے اور چونکہ دینی طور پر بھی اور سماجی ومعاشرتی طور پر بھی ان دونوں چیزوں میں سے ہر ایک کے مفاسد اور اس کی برائیاں بہت زیادہ ہیں اس لئے ان کے مفاسد کو از راہ مبالغہ بیان کرنے کے لئے گویا یہ فرمایا کہ ورع یعنی حرام چیزوں سے باز رہنا ایک اعلیٰ وصف ہے دوسرا جواب: ورع وتقویٰ کے لغوی معنی اگرچہ باز رہنا اور پرہیز کرنا ہیں لیکن شرعی طور پر ان کے مفہوم میں امتثال اور اجتناب دونوں ایک ساتھ داخل ہیں اور اگر ان کا مفہوم صرف اجتناب یعنی پرہیز گاری ہی ہو تو احکام فرماں برداری ترک کرنے سے پرہیز کرنا بھی ان کے مفہوم میں داخل ہوتا لہٰذا بات وہی رہی کہ ورع اور تقویٰ کے مفہوم میں امتثال اور اجتناب دونوں داخل ہیں۔ اس صورت میں بھی حاصل یہی نکلے گا کہ ورع اور تقویٰ کا اصل مفہوم یہ ہے کہ جو احکام دیئے گئے ہیں ان پر چلا جائے خواہ امتثال کے طور پر ہو یا اجتناب کے طور پر اس طرح جب یہ بات واضح ہوگئی کہ ورع کا تعلق دو چیزوں سے ہے یعنی جن امور کو کرنے کا حکم دیا گیا ہے ان کو اختیار کرنا اور جن امور سے منع کیا گیا ہے ان سے باز رہنا اور ''کف'' کا تعلق صرف ایک چیز یعنی ممنوعات سے باز رہنے سے ہے تو مذکورہ اشکال رفع ہوگیا۔

عرض مرتب:

جانب اجتناب کی رعایت' جانب امتثال کی رعایت کی بہ نسبت زیادہ مقدم اور زیادہ ضروری ہے' یعنی شریعت نے جن چیزوں سے باز رہنے کا حکم دیا ہے وہ مقدم اور زیادہ ضروری ہے بہ نسبت اس بات کے کہ جن چیزوں کو اختیار کرنے کا حکم دیا ہے۔ اسی بنا پر علماء نے لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص جانب امتثال میں فرض وواجبات اور سنن موکدہ پر اکتفا کرے اور نوافل ومستحبات کو ترک کرے لیکن جانب اجتناب میں خوب اہتمام کرے یعنی تمام حرام مکروہ اور مشتبہ چیزوں سے پرہیز کرے تو وہ شخص منزل مقصود پالے گا۔ یعنی معرفت وحقیقت اور قرب خداوندی کا درجہ حاصل کرے گا اس کے برخلاف اگر کوئی شخص جانب امتثال میں خوب اہتمام کرے یعنی فرائض وواجبات اور سنن موکدہ پر بھی عمل کرے اور تمام نوافل ومستحبات کو بھی ادا کرے لیکن جانب اجتناب کی رعایت نہ کرے یعنی ممنوعات کا ارتکاب کرتا رہے تو وہ شخص منزل مقصود کو نہیں پہنچے گا اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص بیمار ہو اور وہ پرہیز تو پوری طرح کرے لیکن دوا نہ کھائے تو وہ اچھا ہو جائے گا خواہ کتنی ہی دیر میں اچھا ہو اس کے برخلاف اگر وہ دوائیں کھاتا رہے لیکن پرہیز بالکل نہ کرے تو وہ ہرگز شفا نہیں پائے گا۔ بلکہ روز بروز بیمار ہوتا چلا جائے گا۔ (مظاہر حق)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قولہ: ولا حسب کحسن الخلق: ''حسب'' اصل میں کہتے ہیں اپنے اور اپنے باپ دادا کے فضائل ومناقب کو گنوانا اور اپنے خاندان کے فخریہ کارناموں کو بیان کرنا۔

لہٰذا اس جملہ میں اس حقیقت کو واضح فرمایا گیا ہے کہ انسان کی ذاتی فضیلت وبزرگی اور انسانیت کا اصل تقاضا یہ ہے کہ اس میں خوش خلقی ہو اگر کوئی شخص خوش خلقی کی صفت سے محروم ہے تو وہ لاکھ اپنے مناقب گنوائے اور لاکھ اپنے فخریہ کارناموں کا اظہار کرے۔ اس کی کوئی حقیقت نہیں ہوگی۔

اگر خوش خلقی میں ''خلق'' سے مراد تمام باطنی اوصاف ہوں تو ظاہر ہے کہ حسن اخلاق کو سب سے بہتر اور اصل فضیلت کہا جائے گا

اور اگر ''خلق'' سے مراد نرم خوئی ومہربانی اور مروت کے اوصاف ہوں جیسا کہ عام طور پر خوش خلقی انہی اوصاف کو کہا جاتا ہے تو اس صورت میں یہ فرمانا کہ حسب وفضیلت خوش خلقی کے برابر نہیں ہے خوش خلقی کی فضیلت کو از راہ مبالغہ بیان کرنے کے لئے ہوگا۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: درست بات یہ ہے کہ پہلا خاص ہے اور دوسرا عام ہے، چونکہ حسن خلق تمام مستحسنات کو شامل ہے، چنانچہ مروی ہے: الخلق الحسن احسن الحسن اور ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وانك لعلى خلق عظيم﴾ [القلم۔٤]

حسن سوال نصف علم ہے

۵۰۶۷: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاِقْتِصَادُ فِي النَّفَقَةِ نِصْفُ الْمَعِيْشَةِ وَالتَّوَدُّدُ اِلَى النَّاسِ نِصْفُ الْعَقْلِ وَحُسْنُ السُّؤَالِ نِصْفُ الْعِلْمِ۔

(رواه البيهقي الاحاديث الاربعة في شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٥/٤٥٢ الحديث رقم ٦٥٦٠۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خرچہ میں میانہ روی نصف معیشت ہے لوگوں سے محبت کرنا نصف عقل ہے اور حسن سوال نصف علم ہے۔ ان چاروں روایتوں کو بیہقی نے نقل کیا ہے۔

تشریح: قوله: الاقتصاد في النفقة نصف المعيشة: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد گرامی درحقیقت اس آیت کریمہ سے مقتبس ہے: ﴿والذين اذا انفقوا لم يسرفوا ولم يقتروا وكان بين ذلك قواما﴾ [الفرقان۔٦٧]

(جز کا مطلب یہ ہے کہ اپنے اور اپنے متعلقین کی ضروریات زندگی خرچ کرنے میں نہ تو اسراف کرنا اور نہ تنگی وسختی کرنا بلکہ اعتدال اور میانہ روی اختیار کرنا زندگی کا آدھا سرمایہ ہے بایں طور کہ انسان کی معاشی زندگی کا دارومدار دو چیزوں پر ہے ایک تو آمدنی دوسرے خرچ اور ان دونوں کے درمیان توازن' خوشحالی کی علامت بھی ہے اور معیشت کے مستحکم ہونے کا ذریعہ بھی لہٰذا جس طرح آمدنی کے توازن کا بگڑنا' خوشحالی کے منافی اور معیشت کے عدم استحکام کا سبب ہے۔ اسی طرح اگر اخراجات کا توازن [illegible] تو نہ صرف خوش حالی مفقود ہوگی بلکہ معیشت کا [illegible] چنانچہ درہم برہم ہو کر رہ جائے گا۔ لہٰذا مصارف میں اعتدال اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خرچ کرنے میں میانہ روی اختیار کرنا معیشت کا نصف حصہ ہوا۔)

قولہ: والتودد الی الناس نصف العقل: اس (مطلب یہ ہے کہ نیک مسلمانوں کے ساتھ محبت کرنا اور ان کی محبت کو اپنے معاملات واحوال میں خیر وبرکت کا سرچشمہ جاننا اس عقل کا نصف حصہ ہے جو حسن معاشرت کی ضامن ہے۔ گویا پوری عقل مندی یہ ہے کہ انسان کوئی کسب وپیشہ اور سعی ومحنت کر کے جائز روزی حاصل کرے اور اس کے ساتھ آپس میں محبت ومروت کے جذبات بھی کارفرما رکھے۔ اسی وجہ سے کہا گیا ہے: **علمان خیر من علم واحد۔** ایک عارف اپنے شاگرد سے کہا کرتے تھے: **أنا وأنت انسان کامل، لأنك حافظ القرآن وأنا مفسره** (یعنی تم اور میں مل کر ایک کامل انسان ہیں۔ چونکہ تو حافظ قرآن ہے اور میں مفسر ہوں۔) بظاہر یہی مفہوم اس حدیث میں ہے: **المرء کثیر بأخیه** اس حدیث کو ابن ابی الدنیا نے ''الاخوان'' میں سہل بن سعد سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔

قولہ: وحسن السؤال نصف العلم: مطلب یہ ہے کہ کسی علمی مسئلہ میں خوب سوچ سمجھ کر اور اچھی طرح سوال کرنا آدھا علم ہے کیونکہ جو شخص سوال کرنے میں دانا اور سمجھ دار ہوتا ہے تو وہ اسی چیز کے بارے میں سوال کرتا ہے جو بہت زیادہ ضروری اور بہت کارآمد ہوتی ہے اور چونکہ وہ اپنے علم میں اضافہ کا متمنی ہوتا ہے اور اس کے ساتھ ہی وہ پوچھی جانے والی چیزوں کے درمیان تمیز کرنا جانتا ہے کہ کیا پوچھنا چاہئے اور کس سے پوچھنا چاہئے اس لئے جب وہ اپنے سوال کا جواب پالیتا ہے تو حل طلب مسئلہ میں اس کا علم پورا ہو جاتا ہے اس اعتبار سے گویا علم کی دو قسمیں ہوئیں ایک تو سوال اور دوسرے جواب۔

رہی یہ بات کہ اچھی طرح سوال کرنے کا مطلب ہے تو جاننا چاہئے کہ ''اچھے سوال'' کا اطلاق اس سوال پر ہوتا ہے جس کے تمام پہلوؤں کی تحقیق وتنقیح کر لی گئی ہو اور اس میں جتنے احتمالات پیدا ہو سکتے ہیں ان سب کی واقفیت ہوتا کہ شافی وکافی جواب پائے اور جواب میں کوئی پہلو تشنہ نہ رہنے پائے اس طرح کا سوال بذات خود علم کی ایک شق ہوگی اور اس پر یہ اشکال وارد نہیں ہوگا کہ جب سوال کرنا' جہل (ناواقفیت) اور تردد پر دلالت کرتا ہے تو سوال کرنے کو نصف علم کس طرح کہا گیا ہے تاہم مذکورہ اشکال کے پیش نظر ایک بات یہ بھی کہی جا سکتی ہے کہ جو شخص خوب سوچ سمجھ کر اور صحیح انداز میں سوال کرتا ہے اس کے بارے میں یہی سمجھا جاتا ہے کہ یہ ایک ایسا شخص ہے جو علمی ذوق کا حامل ہے اور علم میں اپنا کچھ حصہ ضرور رکھتا ہے اور اس بات کا خواہش مند ہے کہ اپنے ناقص علم کو پورا کرے لہٰذا اس کے سوال کو نصف علم کہنا موزوں ہوگا۔ اس کے برخلاف جو شخص بغیر سوچے سمجھے اور خراب انداز میں سوال کرتا ہے تو یہ اس کے نقصان عقل وکمال اور جہالت پر دلالت کرتا ہے۔

ایک مرتبہ حضرت امام ابو یوسفؒ نے اپنی علمی مجلس میں اپنے ایک شاگرد کو مسلسل خاموش بیٹھے ہوئے دیکھا تو اس سے فرمایا کہ یہاں بیان کی جانے والی باتوں میں سے کوئی تمہاری سمجھ میں نہ آئے یا کوئی مسئلہ تمہیں مشکل معلوم ہو رہا ہو تو اس کے بارے میں پوچھ لینا شرمانا نہیں' کیونکہ کسی حل طلب بات میں سوال کرنے سے شرمانا علم سے باز رکھتا ہے اس وقت حضرت امام ابو یوسفؒ روزہ کی تعریف میں گفتگو فرما رہے تھے چنانچہ جب انہوں نے فرمایا کہ روزہ صبح سے شروع ہوتا ہے اور غروب آفتاب تک رہتا ہے تو اسی شاگرد نے سوال کیا کہ حضرت اگر آفتاب غروب ہی نہ ہو تو پھر روزہ کب تک رہے گا؟ حضرت امام ابو یوسفؒ نے (اس کا جاہلانہ سوال سن کر) فرمایا کہ چپ رہو! تمہارا چپ رہنا ہی تمہارے بولنے سے بہتر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاصل یہ کہ سوال کی نوعیت اور سوال کرنے کا انداز سوال کرنے والے کی شخصیت وحالت پر بذاتِ خود دلالت کرتا ہے اور اس کے سوال کی روشنی میں یہ اندازہ نکالنا مشکل نہیں ہوتا کہ یہ شخص بالکل ہی جاہل ہے یا علم سے کچھ سروکار رکھتا ہے۔ جس شخص میں علم وعقل کی روشنی ہوگی اس کا سوال بھی عالمانہ اور عاقلانہ ہوگا اور جو شخص نرا جاہل ہوگا اس کی اور باتوں کی طرح اس کا سوال بھی جاہلانہ اور عامیانہ ہوگا

جب جاہل بات کرتا ہے تو گدھے کی طرح معلوم ہوتا ہے اور جب چپ رہتا ہے تو دیوار کی طرح معلوم ہوتا ہے۔

بعض ارباب حال نے کیا خوب کہا: **ان الجاهل اذا تكلم فهو كالحمار، واذا سكت فهو كالجدار**

آنحضرت ﷺ سے مروی ہے کہ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: **لا أدرى أعزير نبى ام لا؟** قرآن کریم میں آتا ہے: ﴿**لا أدرى ما يفعل بى ولا بكم**﴾ [الاحقاف۔۹] [**وقل الروح من امر ربى وما اوتيتم من العلم الا قليلا**﴾ [الاسراء۔۸۵]

مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ منبر پر تشریف فرما تھے، کہ ان سے کسی چیز کی بابت سوال کیا گیا، تو آپؓ نے فرمایا: **لا أدرى**، چنانچہ ان سے کہا گیا، جب آپؓ جانتے نہیں، تو منبر پر کیوں بیٹھے؟ حضرت علیؓ نے بڑا پیارا جواب دیا: **انما طلعت بقدر علمى، ولو صعدت بقدر جهلى لوصلت السماء** اور ملائکہ کا قول ہے: ﴿**سبحانك لا علم لنا الا ما علمتنا**﴾ [البقرۃ:۳۲]

تخریج: آخری حدیث کو امام طبرانی نے مکارم اخلاق میں ابن عمرؓ سے بھی روایت کیا ہے۔ اور خطیب حضرت انسؓ سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں: **الاقتصاد نصف العيش، وحسن الخلق نصف الدين**

امام احمد حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں: **ما عال من اقتصد**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الرِّفْقِ وَالْحَيَآءِ وَحُسْنِ الْخُلُقِ

نرمی، حیاء اور حسن خلق کا بیان

قولہ: الرفق: ''رفق'' ۔راء کے کسرہ کے ساتھ۔عنف کی ضد ہے۔اس کے معنی ہیں نرمی اور فروتنی کا رویہ اختیار کرنا' اپنے ساتھیوں کے حق میں مہربان ونرم خو ہونا اور ان کے ساتھ اچھی طرح پیش آنا اور ہر کام اطمینان وخوش اسلوبی کے ساتھ کرنا۔

قولہ: الحیاء: ''حیاء'' سے مراد ہے شرمندہ ہونا۔اور حیاء دراصل اس کیفیت کا نام ہے جو کسی انسان پر عیب و برائی کے خوف وندامت کی وجہ سے طاری ہوتی ہے۔اسی لئے کہا جاتا ہے کہ بہترین حیا وہی ہے جو نفس کو اس چیز میں مبتلا ہونے سے روکے جس کو شریعت نے بری قرار دیا ہے۔

جنیدؒ کا قول یہ ہے کہ حیاء اس کیفیت وحالت کا نام ہے جو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے حاصل ہونے اور ان نعمتوں کا شکرادا نہ کرنے کی وجہ سے دل میں پائی جائے۔دقاق رحمۃ اللہ علیہ کا قول یہ ہے کہ حیاء اس کیفیت کا نام ہے جو آقا کے سامنے طلب سے باز رکھتی ہے۔

قولہ: حسن الخلق: ''حسن خلق'' یعنی خوش خلق یا اچھے اخلاق کا سب سے واضح مطلب یہ ہے کہ اس چیز کی اتباع و پیروی کی جائے جس کو خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا کی طرف سے دنیا والوں کے سامنے پیش کیا ہے یعنی احکام شریعت' آداب طریقت اور احوال حقیقت ۔ چنانچہ جب حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ فرمایا ہے کہ [وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ] [القلم۔ ۴] (اور بلاشبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم خلق عظیم کے مرتبہ پر فائز ہیں) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ اخلاق کیا تھے؟ جن کو ''خلق عظیم'' سے تعبیر کیا گیا ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا خلق قرآن کریم ہے۔یعنی قرآن مجید میں جو اچھی خصلتیں اور اعلیٰ اوصاف بیان کئے گئے ہیں ان کو اپنائے ہوئے تھے اور قرآن کریم میں جو بری خصلتیں بیان کی گئی ہیں (خواہ ان کا تعلق اللہ تعالیٰ کی نافرمانی وغیرہ سے ہو یا مخلوق خدا کے ساتھ بدمعاملگی وغیرہ سے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان سب سے اجتناب فرماتے تھے (اور یہی چیز انسانی اخلاق وکردار کا سب سے اعلیٰ درجہ ہے)

رہی اتباع کے درجات کی بات تو ظاہر ہے کہ اتباع بقدر محبت وتوفیق متابعت کے حاصل ہوتی ہے (یعنی جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے جتنا زیادہ سرشار ہوتا ہے اور اس کو اتباع کرنے کی جس قدر توفیق نصیب ہوتی ہے وہ اتنا ہی زیادہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اسی قدر اتباع بھی کرتا ہے اور جس شخص کو آنحضرت ﷺ کی محبت کا جتنا کم حصہ حاصل ہوتا ہے اور اتباع کرنے میں جس قدر کم توفیق نصیب ہوتی ہے وہ اتباع میں بھی اسی قدر پیچھے رہتا ہے۔)

چنانچہ امام شاطبیؒ قراء کے اوصاف بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

اولو البر والاحسان والصبر والتقی ☆ حلاهم بها حاء القرآن مفصلا

الفصل الاول:

اللہ تعالیٰ نرمی کو پسند کرتا ہے

۵۰۶۸: وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ رَفِيْقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ وَيُعْطِيْ عَلَى الرِّفْقِ مَالَا يُعْطِيْ عَلَى الْعُنْفِ وَمَالَا يُعْطِيْ عَلَى مَاسِوَاهُ (رواه مسلم وفی روایة له) قَالَ لِعَائِشَةَ عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ وَاِيَّاكِ وَالْعُنْفَ وَالْفُحْشَ اِنَّ الرِّفْقَ لَايَكُوْنُ فِيْ شَيْءٍ اِلَّا زَانَهٗ وَلَا يُنْزَعُ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا شَانَهٗ۔

أخرجه مسلم فی صحيحه ٢٠٠١/٤ الحديث رقم (٧٧-٢٥٩٣)، والرواية الثانية فی ٢٠٠٤/٤ الحديث رقم (٧٨-٢٥٩٤) و ابود اود فی السنن ١٥٥/٥ الحديث رقم ٤٨٠٧و٤٨٠٨، والترمذی فی ٥٨/٥ الحديث رقم ٢٧٠١ و ابن ماجه فی ١٢١٦/٢ الحديث رقم ٣٦٨٨، والدارمی فی ٤١٦/٢ الحديث رقم ٢٧٩٣ و مالك فی الموطأ ٩٧٩/٢ الحديث رقم ٣٨ من كتاب الاستذان، واحمد فی المسند ١٧١/٦۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نرمی فرمانے والے اور نرمی کو پسند کرنے والے ہیں۔ نرمی پر وہ کچھ دیتا ہے جو سختی پر نہیں دیتا اور اس کے علاوہ پر نہیں دیتا۔ (مسلم)

تشریح: العنف: صاحب قاموس لکھتے ہیں: هی مثلثة العين ضد الرفق

قاضیؒ فرماتے ہیں: ظاہر یہ ہے کہ اللہ جل شانہ پر ''رفیق'' کا اطلاق بطور اسم جائز نہیں، چونکہ نہ یہ متواتر ہے اور نہ بقصد اسمیت مستعمل ہے، یہاں اس حدیث میں یہ لفظ مابعد حکم کیلئے بطور تمہید کے آیا ہے، گویا کہ ارشاد نبوی یوں ہے: هو الذی يرفق عباده فی امورهم فيعطيهم بالرفق ما لا يعطيهم علی'' ما سواه اور ما لا يعطی علی العنف'' کے بعد'' ما لا يعطی علی ما سواه'' فرمایا تاکہ اس بات پر دلالت کرے، کہ تمام اسباب میں سے رفق ہی وہ سبب ہے جو'' انجح'' اور'' انفع'' ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اسی معنی میں شاعر کا یہ قول ہے:

يا طالب الرزق الهنی بقوة
هيهات انت بباطل مشغوف
اكل العقاب بقوة جيف الفلا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ورعی الذباب الشهد وهو ضعيف

''اور مطلب یہ ہے کہ تحصیل رزق کے معاملہ میں انسان کو حرص نہیں کرنا چاہئے بلکہ اپنے معاملہ کو اللہ جل شانہ کے سپرد کر دینا چاہئے کہ تمام مخلوقات کی رزق کی تقسیم اسی کے سپرد ہے، چنانچہ گدھا اپنی سختی کی بدولت مردار کھاتا ہے، اور مکھی اپنے رفق کی بناء پر شہد کی رکھوالی کرتی ہے۔''

تورپشتیؒ فرماتے ہیں: اگر یہ کہا جائے کہ آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد مبارک: '' أنت رفيق والله الطبيب '' کے کیا معنی ہیں؟ تو ہم اس کا جواب یہ دیتے ہیں: الطبيب الحاذق بالشيء الموصوف، ولم يرد بهذا القول نفي هذا الاسم عمن يتعاطى ذلك، وانما حوّل المعنى من الطبيعة الى الشريعة، وبين لهم ان الذى يرجون من الطبيب فالله فاعله، والمنان به على عباده یہ ارشاد گرامی اس حدیث قدسی کی طرح ہے: فان الله هو الدهر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں نہ تو ''طبیب'' ہے، اور نہ ''رفیق'' ہے۔ لہٰذا دعا مانگتے ہوئے ''یا طبیب'' اور ''یا رفیق'' کہنا جائز نہیں۔ اھ۔

اس کلام میں اشارہ ہے کہ '' هو الطبيب وهو الرفيق '' کہنا درست ہے۔ غرض یہ کہ جس اسلوب میں یہ اسماء منقول ہیں اس اسلوب میں ان اسماء کا اطلاق درست ہے۔ اور جہاں تک تعلق ہے آنحضرت ﷺ کے آخری کلام ''الرفيق الاعلى '' کا سو اس میں احتمال ہے، کہ '' الرفيق الأعلى '' سے مراد اللہ جل شانہ ہوں اور یہ بھی احتمال ہے کہ ملأ اعلیٰ مراد ہوں، لہٰذا احتمال کے ہوتے ہوئے استدلال درست نہیں۔

شرح مسلم میں لکھتے ہیں: مازریؒ نے فرمایا: اللہ سبحانہ وتعالیٰ کو صرف ان اسماء سے موسوم کرنا درست ہے، کہ جو اسماء باری تعالیٰ نے خود اپنے نام کے طور پر بتلائے ہیں، یا نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بتائے ہیں۔ یا جن پر اجماع امت ہے۔ اور جن اسماء کے اطلاق کی بابت نہ اذن مروی ہے، اور نہ ممانعت مروی ہے سو، ان میں اختلاف ہے، بعض کا کہنا ہے: يبقى على ما كان قبل ورود الشرع فلا يوصف به ولا يمنعه منه اور بعض نے اس کو ممنوع قرار دیا ہے۔ اللہ جل شانہ کے جو اسماء اخبار احاد سے ثابت ہیں ان کی بابت اصولیین میں اختلاف ہے۔ چنانچہ بعض کہتے ہیں کہ جائز ہے، چونکہ خبر واحد عمل کی مقتضی ہے، اور بعض عدم جواز کے قائل ہیں، چونکہ یہ مسئلہ ''علمیات'' سے تعلق رکھتا ہے۔ لہٰذا قیاس آرائیوں کے ذریعہ یہ چیز ثابت نہیں ہوسکتی۔ اگرچہ مسائل فقہیہ عملیہ میں قیاس سے کام لیا جاتا ہے۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں: رفیق وغیرہ جیسے وہ اسماء جو اخبار احاد سے ثابت ہیں، ان سے اللہ جل شانہ کو موسوم کرنا درست ہے۔

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: ان الله رفيق يحب الرفق ويعطي عليه ما لا يعطي على العنف اس حدیث کو امام بخاریؒ نے '' الأدب المفرد '' میں روایت کیا ہے۔ اور ابوداؤد نے اپنی جامع میں عبداللہ بن مغفل سے روایت کیا ہے۔ ابن ماجہ اور ابن حبان نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے۔ امام احمد نے اپنی مسند میں، امام بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت علیؓ سے، امام طبرانیؒ نے ابوامامہؓ سے، اور امام بزارؒ نے حضرت انسؓ سے روایت کیا ہے۔ قریب ہے کہ یہ حدیث بعض حضرات کے نزدیک متواتر ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قولہ: ان الرفق لایکون فی شیئی الازانہ: یہ جملہ مستانفہ بیانیہ ہے۔

لا یکون: بمعنی "لا یوجد" ہے۔امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یکون کے بارے میں دونوں احتمال ہیں، تامہ بھی ہوسکتا ہے، چنانچہ "فی شیء" اس کے متعلق ہوگا۔اور ناقصہ بھی ہوسکتا ہے، چنانچہ" فی شیء" کان کی خبر ہوگا۔اور استثناء مفرغ اعم سے ہوگا۔عبارت یوں ہوگی: لا یکون الرفق مستقرا فی شیء یتصف بوصف من الاوصاف الا بصفة الزینة اھ۔ولا ینزع: یہ صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: علیك بالرفق وایاك والعنف والفحش ۔ اس حدیث کو امام بخاریؒ نے "الادب المفرد" میں حضرت عائشہؓ سے روایت کیا ہے۔اور امام مسلمؒ نے حضرت عائشہؓ سے یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے:

علیك بالرفق' ان الرفق لا یکون فی شیء..... الحدیث واللہ اعلم۔

نرمی سے محروم ہر خیر سے محروم

۵۰۶۹: وَعَنْ جَرِيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُّحْرَمُ الرِّفْقَ يُحْرَمُ الْخَيْرَ۔

(رواہ مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ٤/٢٠٠٣ الحدیث رقم (٧٤-٢٥٩٢) و ابوداؤد فی السنن ٥/١٥٧ الحدیث رقم ٤٨٠٩ و ابن ماجه فی ٢/١٢١٦ الحدیث رقم ٣٦٨٧، واحمد فی المسند ٤/٣٦٢۔

ترجمہ: حضرت جریر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص نرمی سے محروم کر دیا گیا وہ خیر سے ہی محروم کر دیا گیا۔(مسلم)

تشریح: من یحرم: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے اور مجزوم ہے' اور بعض کا کہنا ہے کہ مرفوع ہے۔

الرفق مفعول ثانی ہونے کی وجہ سے منصوب ہے۔

یحرم الخیر: الجامع الصغیر کی روایت میں کلہ کا (اضافہ بھی) ہے۔

اس حدیث سے مندرجہ ذیل امور معلوم ہوئے:

- رفق ایک باعث فضیلت ہے۔ عنف ایک مذموم صفت ہے۔
- رفق کو اپنانا چاہئے۔ رفق ہر خیر کا سبب ہے۔

تخریج: اسی طرح اس حدیث کو امام احمدؒ، ابوداؤدؒ اور ابن ماجہؒ نے بھی روایت کیا ہے۔

حیا ایمان سے ہے

۵۰۷۰: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَهُوَ يَعِظُ اَخَاهُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فِي الْحَيَاءِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعْهُ فَإِنَّ الْحَيَاءَ مِنَ الْإِيْمَانِ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاري في صحيحه ١/٧٤ الحديث رقم ٢٤ و مسلم في ١/٦٣ الحديث رقم (٥٩-٣٦) وابو داؤد في السنن ٥/١٤٧ الحديث رقم ٤٧٩٥، والترمذي في ٤/٣٢٩ الحديث رقم ٢٠٢٧ والنسائي في ٨/١٢١ الحديث رقم ٥٠٣٣ و ابن ماجه في ١/٢٢ الحديث رقم ٥٨ ومالك في الموطأ ٢/٩٠٥ الحديث رقم ١٠ من كتاب حسن الخلق، واحمد في المسند ٢/١٤٧۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک انصاری صحابیؓ کے پاس سے گزرے جو اپنے بھائی کو حیا کے متعلق نصیحت کر رہا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے چھوڑ دو اس لئے کہ حیاء ایمان سے ہے۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: وہ صحابیؓ اپنے بھائی کو زیادہ حیا کرنے سے منع کر رہے تھے چونکہ حیاء مانع رزق ہے اور علم سے روکتی ہے۔ جیسا کہ مروی ہے (جو شخص زیادہ حیا کرنے کی وجہ سے سوال کرنے سے باز رہتا ہے)

امام طیبیؒ نے کہا ہے کہ "یعظ" سے مراد "یعنف" ہے گویا صحابیؓ اپنے بھائی کو ڈرا دھمکا رہے تھے۔ امام راغبؒ نے لکھا ہے کہ "وعظ" کے معنی ہیں کسی کو اس طرح تنبیہ کرنا کہ اس میں کچھ ڈرانا دھمکانا بھی ہو۔ خلیلؒ نے یہ بیان کیا ہے "وعظ" کہتے ہیں خیر و بھلائی کی اس طرح نصیحت کرنا کہ اس سے دل نرم ہو جائے۔ اھ۔ یہاں حدیث میں "وعظ" عتاب کے معنی میں ہے جیسا کہ شرح السنۃ میں حدیث ہے: **مر رسول الله ﷺ برجل وهو يعاتب أخاه في الحياء ويقول: انه ليستحي** یعنی کانه یقول: **قد أضر بك**۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں۔

واضح رہے کہ لفظ "**دعه**" بخاری کی روایت میں ہے، مسلم کی روایت میں نہیں ہے۔

تخریج: حدیث کا پہلا حصہ: **الحياء من الايمان** امام ترمذیؒ نے ابن عمرؓ سے روایت کیا ہے۔ اور اس طرح ترمذی، حاکم اور بیہقی نے حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے۔ امام بخاریؒ نے "**الادب المفرد** میں، ابن ماجہ، حاکم اور بیہقی نے حضرت ابو بکرہ ثقفی سے روایت کیا ہے۔ امام طبرانیؒ اور بیہقی نے عمران بن حصین سے روایت کیا ہے، اور ابن عساکر نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے۔

حیا تمام کا تمام خیر ہے

۵۰۷۱: وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَيَاءُ لَا يَأْتِيْ إِلَّا بِخَيْرٍ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَالْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاري في صحيحه ١٠/١٥٢١ الحديث رقم ٦١١٧ ومسلم في صحيحه ١/٦٤ الحديث رقم (٦٠-٣٧)، واحمد في المسند ٤/٤٢٧۔

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حیا نیکی اور بھلائی کا ذریعہ ہے ایک اور روایت میں یہ ہے کہ حیاء کی تمام صورتیں بہتر ہیں۔ (بخاری و مسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: امام طیبیؒ حیاء کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں: الحیاء تغیر وانکساری یعتری الانسان من خوف وما یعاب به ویذم ۔

امام نوویؒ فرماتے ہیں: یہاں ایک اشکال پیدا ہوسکتا ہے کہ بسا اوقات حیا بعض حقوق کی ادائیگی جیسے امر بالمعروف ونہی عن المنکر میں مخل ہوتی ہے تو اس اعتبار سے حیا کی تمام صورتوں کو بہتر قرار دینا کیسے صحیح ہوسکتا ہے۔ اس کا جواب علماء کی ایک جماعت کہ جس میں شیخ ابوعمرو بن صلاح بھی ہیں' نے یہ دیا ہے کہ جو حیا اظہار حقیقت اور حق کی ادائیگی سے باز رکھے یہ حیا نہیں ہے بلکہ ظلم بجز اور ہے۔ اور اس کو حیاء کہنا لغت کے اعتبار سے ہے۔ (اور اگر اس کو حیا کہا بھی جائے تو زیادہ سے زیادہ مجازاً کہا جا سکتا ہے) کیونکہ شریعت کی اصلاح میں حقیقی حیا وہی ہے جو برائی کو ترک کرنے کا باعث بنے (علاوہ ازیں یہ بات بھی کہی جا سکتی ہے کہ حیا کے زیادہ صحیح معنی ہیں نفس کا برائی سے رک جانا خواہ وہ برائی طبعی ہو یا شرعی اور شریعت میں جس حیا کو بہتر اور قابل تعریف قرار دیا گیا ہے اس کی صحیح پہچان یہ ہے کہ نفس اس چیز کو اختیار کرنے سے باز رہے جس کو شریعت نے برائی قرار دیا ہے اور خواہ وہ حرام ہو یا مکروہ اور ترکِ اولیٰ ہو لہٰذا مذکورہ بالا اشکال کا زیادہ واضح جواب یہ ہے کہ [illegible] کی ان صورتوں کے ساتھ مخصوص ہے جو حق تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کے مطابق ہوں۔)

حیاء کی اس تعریف کی تائید اس کلام سے بھی ہوتی ہے، جس کو امام ابوالقاسم قشیری نے نقل کیا ہے، وہ فرماتے ہیں الحیاء رؤیة الآلاء، ورؤیة التقصیر فیتولد بینهما حالة تسمی الحیاء قاضی عیاضؒ وغیرہ فرماتے ہیں: حیا کو ایمان اس وجہ سے قرار دیا چونکہ کبھی دیگر اعمال کی طرح اکتسابی اور تخلیقی ہوتی ہے، اور کبھی "غریزی" ہوتی ہے۔ لیکن قانون شرع کے مطابق یہ صفت بھی اکتساب اور نیت وعمل کی محتاج ہوتی ہے۔ "الحیاء من الایمان" کے یہی معنی ہیں۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ بھی ممکن ہے، کہ "تعریف" کو "عہد" پر محمول کرلیا جائے، اور اس حدیث کی طرف اشارہ مقصود ہو: الاستحیاء من الله ان یحفظ الرأس وماوعی والبطن وما حوی اھ۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: وهو معنی حسن وقید مستحسن یزول به الاشکال السابق ۔

اس کی تفصیل یہ ہے کہ اللہ جل شانہ سے حیاء کرنا یہی وہ حیاء ہے جو "خیر کله ولا یأتی الا بخیر" کا مصداق ہے، یہی وہ حیاء ہے، جو ایمان سے جدا نہیں ہوتی۔ اور وہ حیاء جو مخلوقِ خدا سے کی جاتی ہے، وہ بھی محمود ہے۔ چنانچہ حصر اد عائی ہے۔ یا یہ حیاء (جو مخلوقِ خدا سے کی جاتی ہے) بھی کُل کی کُل محمود ہے۔ الّا یہ کہ جب "ترک حیاء من اللہ" اس سے معارض ہو، تو اداء حقوق کی جانب کو چھوڑ دیا جائے گا۔ اور جانب مخلوق کی رعایت رکھی جائے گی۔ اس وقت یہ "حیاء" اس بات کی مستحق ہوگی کہ اس کو "حیاء" نہ کہا جائے۔

قوله: وفی روایة: بظاہر یوں لگتا ہے، کہ یہ اگلا جملہ بھی متفق علیہ ہے۔ لیکن الجامع میں اس کو مسلم اور ابوداؤد کی طرف منسوب قرار دیا ہے۔ طبرانی نے قرہ سے روایت یوں مقل کی ہے: الحیاء هو الدین کله۔

قوله: الحیاء کله خیر: بعض کا کہنا ہے کہ یہاں عام سے خاص مراد ہے، یعنی الحیاء عن فعل ما لا یرضاه الله

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب تم میں حیاء ختم ہو جائے پھر جو چاہو کرو

۵۰۷۲: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِمَّا اَدْرَكَ النَّاسُ مِنْ كَلَامِ النُّبُوَّةِ الْاُوْلٰى اِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَاشِئْتَ۔ (رواه البخاری)

أخرجه البخاری فی صحيحه ۱۰/۵۲۳ الحديث رقم ٦١٢٠ و ابوداؤد فی السنن ۵/۱۴۸ الحديث رقم ۴۷۹۷ و ابن ماجه فی ۲/۱۴۰۰ الحديث رقم ۴۱۸۳، واحمد فی المسند ۴/۱۲۱۔

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ سابقہ انبیاء کے کلام سے ہے جب تو حیا نہ کرے تو جو چاہے کر۔ (بخاری)

تشریح: **قوله: وعن ابی مسعود:** اور ایک نسخہ میں ابن مسعود ہے، یہ غلط ہے۔

ادرك الناس: کازرونیؒ نے صراحت کی ہے، کہ از روئے روایت یہ مرفوع ہے۔ اور بعض نسخوں میں یہ منصوب ہے۔

من كلام النبوة: یہ ''مِن'' تبعیضیہ ہے۔

لم تستحی: حاء کے سکون اور یاء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ دوسری یاء محذوف ہے، چونکہ حالت جزمی ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: مما میں ''مِن'' ابتدائیہ ہے'' ان '' کی خبر ہے۔ اور'' اذا لم تستحی'' بتاویل'' هذا القول'' خبر'' ان'' ہے۔ ''ما'' کی طرف عائد ضمیر محذوف ہے۔ اور'' الناس'' ادرك کا فاعل ہے۔ مکمل تقدیری عبارت یوں ہے: ان هذا القول: اذا لم تستحی ما صنع ما شئت حاصل مما أدرك الناس

شیخ تورپشتیؒ بھی یہی فرماتے ہیں: المعنی ان مما بقی بین الناس وأدركوه من كلام الأنبياء اور یہ بھی ممکن ہے، کہ'' ادرك '' کا فاعل ضمیر ہو'' ما'' کی طرف راجع ہو۔ اور'' الناس '' مفعول بہ ہو۔

قاضیؒ کا کلام بھی یوں ہی ہے، وہ فرماتے ہیں: ای مما بلغ الناس من كلام الانبياء المتقدمين: ان الحياء هو المانع من اقتراف القبائح والاشتغال بمنهيات الشرع ومستحبات العقل

اور خطابیؒ فرماتے ہیں:'' من كلام النبوة الاولى'' معناه اتفاق كلام الانبياء عليهم السلام على استحسان الحياء فما من نبی الا وقد ندب اليه، وبعث عليه، ولم ينسخ فيما نسخ من شرائعه، ولم يبدل فيما بدل منها، وذلك انه امر قد علم صوابه وبان فضله، واتفقت العقول على حسنه، وما كان هذا صفة له لم يجر عليه النسخ والتبديل، وقد النبوة بالاولى للارشاد الى اتفاق كلمة الانبياء عليهم السلام من اولهم الى آخرهم

شرح السنۃ میں لکھتے ہیں:'' فاصنع ما شئت فيه '' کی تشریح میں متعدد اقوال ہیں:

پہلا قول یہ ہے کہ یہ امر بمعنی خبر ہے۔ گویا عبارت یوں ہے: اذا لم يمنعك الحياء فعلت ما شئت مما تدعوك اليك نفسك من القبيح ابوعبید نے اسی معنی کو اختیار کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرا قول یہ ہے کہ یہ وعید ہے۔ جیسا کہ یہ ارشاد باری تعالیٰ: ﴿اعملوا ما شئتم﴾ [فصلت۔ ٤٠] ای: اصنع ما شئت فان اللّٰہ یجازیك ابوالعباس نے اس توجیہہ کو اختیار کیا ہے۔

تیسرا قول یہ ہے کہ اس جملہ کی معنوی تقدیریوں ہے: ینبغی ان تنظر الی ماترید ان تفعله فان کان ذلك مما لا یستحی منه فافعله، وان کان مما یستحی منه فدعه ابواسحاق مروزی نے اس کو مختار قرار دیا ہے۔

(چوتھا قول) جریر نے اس حدیث کو اپنی سند کے ساتھ نقل کر کے فرمایا: اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص کسی عمل خیر کرنے کا ارادہ کرتا ہے، اور لوگوں سے حیاء کے باعث اس کو چھوڑ دیتا ہے، گویا کہ وہ ریا کاری سے ڈرتا ہے، تو اس کو خطاب کر کے کہا جا رہا ہے: فلا یمنعك الحیاء من مضی ما أردت،

ابوعبید فرماتے ہیں: یہ ایک دوسری حدیث کے ''شبیہ'' ہے، کہ جس میں یہ آتا ہے: اذا جاء ك الشیطان وأنت تصلی، فقال: انك مراء فزدها طولا میں کہتا ہوں اس کی تائید فضیل بن عیاض کے کلام سے بھی ہوتی ہے: ترك العمل لأجل الناس ریاء، والعمل لأجلهم شرك، والاخلاص ان یخلصك اللّٰہ منهما

امام نوویؒ کا قول مختار یہ ہے کہ صیغہ امر اباحت کیلئے ہے۔ چنانچہ مطلب یہ ہوگا: اذا اردت ان تفعل شیئا فان کان بحیث لا یستحی من اللّٰہ ومن الناس فی فعله فافعله، والافلا

امام نوویؒ کے کلام کا لب لباب یہ ہے کہ جب تم کسی کام کے کرنے سے حیاء محسوس نہ کرو، تو یہ دلیل ہے، کہ اس کام کا ارتکاب جائز ہے۔ پھر فرماتے ہیں: اسلام کا مدار بھی اسی پر ہے۔ اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ افعال انسانی دو حال سے خالی نہیں، کہ ان افعال سے حیاء کرے گا، کہ نہیں۔ اگر حیاء کرتا ہے، تو یہ حرام اور مکروہ کو شامل ہے۔ اور ان کا ترک مشروع ہے، اور حیاء نہیں کرتا تو یہ واجب، مندوب اور مباح کو شامل ہے۔ واجب ومندوب کو بجالانا مشروع اور مباح کو بجالانا جائز ہے، اس تفصیل وبیان کو پیش نظر رکھا جائے تو کہا جا سکتا ہے، کہ یہ حدیث ''احکام خمسہ'' کو شامل ہے۔

عارف سہروردی فرماتے ہیں: الحیاء اطراق الروح اجلا لا لعظم الجلال اسرافیل کا حیاء کرنا اسی قبیل سے ہے۔ جیسا کہ مروی ہے: انه یتستر بجناحه حیاء من اللّٰہ عز وجل اسی جیل حضرت عثمانؓ کا حیاء کرنا ہے، آپؓ فرماتے ہیں: انی لأغتسل فی البیت المظلم، فانطوی حیاء من عز وجل۔

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں' ابن عساکر نے حضرت ابو ہریرہؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے: الحیاء من الایمان وأحیی امتی عثمان۔

قوله: ان مما ادرك الناس..... : کا مطلب یہ ہے کہ مذکورہ بات پہلے انبیاء علیہم السلام پر اترنے والے کلام سے ماخوذ ہے اور جس کا حکم ابھی تک باقی ہے نہ اس کو منسوخ قرار دیا گیا ہے اور نہ اس میں کوئی تغیر وتبدل ہوا ہے۔

قوله: فاصنع ماشئت: واضح رہے کہ مذکورہ جملہ میں امر کا جو یہ صیغہ استعمال کیا گیا ہے اس سے حکم دینا یا طلب مراد نہیں ہے بلکہ یہ امر بطور خبر کے ہے۔ جس کا مطلب ہے کہ جو چیز بری باتوں سے باز رکھتی ہے وہ حیا ہے اور جب کسی نے شرم وحیا کو طاق نسیاں پر رکھ دیا اور بے حیائی کو شیوہ بنا لیا تو پھر وہ جو چاہے گا کرے گا اور اسے کسی گناہ اور کسی برائی کو اختیار کرنے میں کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باک نہیں ہوگا۔ یا یہ کہ امر کا صیغہ تہدید وتوبیخ کے طور پر ہے اور اس سے مقصد یہ آگاہی دینا ہے کہ جب تم نے بے حیائی پر کمر باندھ ہی لی ہے تو جو جی چاہے کرتے پھرو! لیکن یاد رکھو کہ وہ وقت بہت جلد آنے والا ہے کہ جب تمہیں اپنے سارے کرتوتوں کی سزا بھگتنی پڑے! گویا یہ جملہ ایسا ہی ہے جیسا کہ اِعملوا ماشِئتُم۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد، ابوداؤد اور ابن ماجہ نے ابومسعود سے نقل کیا ہے۔ امام احمد نے اس حدیث کو حضرت حذیفہؓ سے بھی روایت کیا ہے۔

نیکی عمدہ اخلاق کا نام ہے

۵۰۷۳: وَعَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ قَالَ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَ الْإِثْمِ فَقَالَ الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْإِثْمُ مَا حَاكَ فِي صَدْرِكَ وَكَرِهْتَ اَنْ يَّطَّلِعَ عَلَيْهِ النَّاسُ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٤/ ١٩٨٠ الحديث رقم (١٤-٢٥٥٣)، والترمذي في ٤/ ٥١٥ الحديث رقم ٢٣٨٩، والدارمي في ٢/ ٤١٥ الحديث رقم ٢٧٩٩، واحمد في المسند ٤/ ١٨٤۔

ترجمہ: حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نیکی اور گناہ کے متعلق سوال کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا نیکی عمدہ اخلاق کا نام ہے اور گناہ وہ ہے جو تیرے دل میں کھٹکے اور تجھے یہ پسند نہ ہو کہ لوگوں کو اس کی اطلاع ملے۔ (مسلم)

تشریح: قولہ: البر حسن الخلق: حسن الخلق کا مطلب ہے: حسن الخلق مع الخلق بأمر الحق او مداراۃ الخلق و مراعاۃ الحق

بعض کا کہنا ہے کہ حدیث میں "بر" کی مختلف تفسیریں کی گئی ہیں۔ چنانچہ ایک جگہ اس کی تفسیر یہ بیان کی گی ہے: ما اطمأنت الیہ النفس و اطمأن الیہ القلب دوسری جگہ اس کی تفسیر "ایمان" کے ساتھ بیان کی گئی ہے۔

ما یقربك الی اللّٰہ کی گئی ہے اور (چوتھی تفسیر) یہاں "بر" کی تفسیر "حسن خلق" کے ساتھ کی ہے۔

اور "حسن خلق" کی تفسیر یہ ہے کہ تکلیفوں کو برداشت کیا جائے، غصہ کم سے کم کیا جائے، خندہ پیشانی کے ساتھ ملا جائے، کلام پاکیزہ کیا جائے۔ یہ سب تفسیرات معنوی اعتبار سے قریب قریب ہیں۔ (ذکرہ الطیبی)

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں: یہاں "برّ" سے مراد صلہ، تصدق اور طاعت ہے، اور "حسن الخلق" ان سب کو جامع ہے۔

بعض محققین فرماتے ہیں: "برّ" ایسا لفظ ہے، جو تمام طاعات اور مقرب اعمال کو جامع ہے۔ اور "بر الوالدین" کا شمار بھی اسی میں ہے۔ بر الوالدین کا مطلب یہ ہے کہ ان کو ہر (جائز) طریقہ سے خوش کیا جائے۔

بعض کا کہنا ہے، کہ "برّ" انبیاء کے خواص میں سے ہے۔ یعنی کمال برانبیاء کے خواص میں سے ہے، کمال کی قید کا اضافہ اس وجہ سے ہے کہ غیر انبیاء میں بھی "بر" کا وجود بہر حال ہوتا ہی ہے۔

قولہ: والاثم ما حاك في صدرك: تردد پیدا ہو جانے" کا مطلب یہ کہ جب تم کوئی ایسا کام کرو جس پر تمہارے دل کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اطمینان نہ ہو بلکہ اس کی وجہ سے دل و دماغ میں ایک خلش پیدا ہو جائے تو سمجھو کہ تمہارا وہ کام بہتر نہیں ہے بلکہ گناہ کا باعث ہے یہاں دو باتوں کی وضاحت ضروری ہے۔

پہلی بات یہ ہے کہ اس بات کا تعلق اس شخص سے ہے جس کے سینے کو اللہ تعالیٰ نے اسلام کی دولت کے لئے کھول دیا ہو اور اس کا دل نور تقویٰ سے روشن و آراستہ ہو

دوسری بات یہ ہے کہ "کام" سے مراد وہ اعمال و افعال نہیں ہیں جن کی برائی کو شریعت نے وضاحت کے ساتھ بیان کر دیا ہے اور جس کا گناہ ہونا کسی شک وشبہ سے بالاتر ہو بلکہ اس سے مراد کوئی ایسا فعل و عمل ہے جس کا ممنوع ہونا شارع علیہ السلام سے واضح طور پر منقول نہ ہو اور اس کے متعلق علماء کے اختلافی اقوال ہوں اور تم اس بات کو پسند نہ کرو یہ گویا گناہ کی دوسری پہچان بیان فرمائی گئی ہے لیکن اس کا تعلق بھی انہی لوگوں سے ہے جو اچھے احوال کے ہوں۔

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: البر حسن الخلق (الحدیث) اس حدیث کو امام بخاریؒ نے "الادب المفرد" میں اور مسلم و ترمذی نے حضرت نواس سے نقل کیا ہے۔ امام احمد نے اس حدیث کو بحوالہ ابوثعلبہ ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

البر ما سكنت اليه النفس واطمأن اليه القلب، والاثم ما لم تسكن اليه النفس ولم يطمئن له القلب، وان أفتاك المفتون

اربعین میں امام نوویؒ نے حضرت وابصہ بن معبد الاسدی سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

قال: اتيت رسول الله ﷺ فقال جئت تسأل عن البر؟ فقلت نعم، فقال: استفت قلبك، البر ما اطمأنت اليه النفس واطمأن اليه القلب، والاثم ماحاك فى النفس وتردد فى الصدر وان أفتاك الناس وأفتوك

یہ حدیث حسن ہے، اس کو امام احمد بن حنبل اور امام دارمی نے اپنی اپنی مسند میں اسناد حسن کے ساتھ روایت کیا ہے۔

پسندیدہ شخص سب سے بہتر اخلاق والا ہے

۵۰۷۴: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ اَحَبِّكُمْ اِلَيَّ اَحْسَنُكُمْ اَخْلَاقًا۔ (رواه البخارى)

أخرجه البخارى فى صحيحه ۱۰۲/۷ الحديث رقم ۳۷۵۹، والترمذى فى ۳۲۵/٤ الحديث رقم ۲۰۱۸، واحمد فى المسند ۱۸۹/۲۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے پسندیدہ اور محبوب شخص وہ ہے جس کے اخلاق سب سے بہتر ہوں۔ (بخاری)

تشریح: قوله: عن عبد الله بن عمرو: "عمرو" واؤ کے ساتھ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: ان من أحبكم الى: اس کے دومطلب ہو سکتے ہیں: ای اکثر کم محبة لی أعظمكم محبوبية عندی۔

جوعلماء یہ کہتے ہیں کہ" من "زائدہ کلام مثبت میں بھی آسکتا ہے،ان کے مذہب پر یہ" من "زائدہ ہوسکتا ہے۔

قوله: أحسنكم اخلاقا کا ایک مطلب یہ ہے کہ جو اچھے اطوار و عادات اور بہترین خصلتوں کا حامل ہواور حقوق ربوبیت وعبودیت ہردو کی رعایت رکھتا ہو۔(یعنی اللہ تعالیٰ کے حقوق بھی ادا کرتا ہواور بندوں کے حقوق بھی ادا کرتا ہو،دونوں میں سے کسی کے حقوق میں بھی تقصیر وکوتاہی نہ کرتا ہو۔)

حکیم،علاء بن کثیر سے مرسلاً نقل کرتے ہیں:

ان محاسن الاخلاق مخزونة عند الله تعالى، فاذا أحب الله عبدا منحه خلقا حسنا

امام طبرانی الاوسط میں حضرت ابو ہریرہؓ سے ایک روایت نقل کرتے ہیں:

ان هذه الأخلاق من الله، فمن أراد الله، خيرا منحه خلقا حسنا، ومن أراد الله به سوء ا منحه سيئا

دوسرا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے: احسنكم اخلاقا مع الخلق اس مفہوم کی تائید حضرت عائشہؓ کی حدیث سے ہوتی ہے،جس کوامام ترمذیؒ وحاکم نے روایت کیا ہے:

ان من أكمل المؤمنين ايمانا احسنهم خلقا وألطفهم بأهله

اور پہلے مفہوم کی تائید الجامع الصغیر میں منقول ابن عمرؓ کی روایت سے ہوتی ہے: خياركم احسنكم أخلاقا اس حدیث کوامام احمد،شیخین اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔

بہتر شخص بہتر اخلاق والا

۵۰۷۵: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ اَحْسَنُكُمْ اَخْلَاقًا۔

(متفق علیه)

أخرجه البخارى فى صحيحه ٦/٥٦٦ الحديث رقم ٣٥٥٩ و مسلم فى ٤/١٨١٠ الحديث رقم (٦٨-٢٣٢١) والترمذى فى السنن ٤/٣٠٨ الحديث رقم ١٩٧٥، واحمد فى المسند ٢/١٩٣۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا: تم میں سے بہتر وہ ہے جو اخلاق میں اچھا ہے۔(بخاری ومسلم)

تشریح: احاسنكم :اورایک نسخہ صحیحہ میں أحسنكم کے الفاظ ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثانی:

نرمی سے محروم آخرت کی خیر سے محروم

۵۰۷۶: عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ أُعْطِيَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَنْ حُرِمَ حَظَّهُ مِنَ الرِّفْقِ حُرِمَ حَظَّهُ مِنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ۔

(رواه فی شرح السنة)

أخرجه البغوی فی شرح السنة ۱۳/ ۷٤ الحدیث رقم ۳٤۹۱، واحمد فی المسند ٦/ ۱۵۹۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ شخص جس کو نرمی سے حصہ دیا گیا اور جو نرمی سے عطیے سے محروم ہوا ہو دنیا و آخرت کی خیر سے محروم ہوا۔ (شرح السنہ)

تشریح: "اعطی" اور "حرم" دونوں فعل صیغۂ مجہول کے ساتھ ہیں۔

حظہ: منصوب ہے۔ حدیث مبارکہ کا آخری جملہ، پہلے جملہ سے مستفاد ضمنی مفہوم کیلئے مبالغہ اور تاکید فی الحکم ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد اور ترمذی نے ابوالدرداءؓ سے "من خیر الدنیا والآخرة" کے بجائے "من الخیر" کے الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے۔ دونوں حدیثیں معنوی اعتبار سے متفق ہیں، چونکہ "خیر" سے مراد جنس ہے، جو دونوں انواع کو شامل ہے۔

حیاء ایمان اور درشتی دوزخ ہے

۵۰۷۷: وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَيَاءُ مِنَ الْإِيْمَانِ وَالْإِيْمَانُ فِي الْجَنَّةِ وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ۔ (رواه احمد والترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ۳۲۱ الحدیث رقم ۲۰۰۹، واحمد فی المسند ۲/ ۵۰۱۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حیاء ایمان سے ہے اور ایمان جنت میں (لے جانے والا) ہے فحش گوئی برائی ہے اور درشتی دوزخ میں (لے جانے والی) ہے۔ (احمد، ترمذی)

تشریح: قوله: الایمان فی الجنة:

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اہل ایمان کو عین ایمان سے تعبیر کیا، یہ دلالت کرتا ہے کہ یہ لوگ ایمان کے اعلیٰ شعبہ پر فائز و متمکن ہیں۔ جیسا کہ اس ارشاد باری تعالیٰ: ﴿والذی تبوؤا الدار والایمان﴾ میں "ایمان" کو "اہل ایمان" کیلئے "مقر ومبوأ" قرار دیا ہے۔ چونکہ یہ لوگ دین میں متمکن ہیں، اور ثابت قدم ہیں۔

قوم: والبذاء من الجفاء: البذاء: باء کے فتحہ کے ساتھ، حیاء کی ضد ہے۔ فحش گوئی اور بدخلقی اس سے پیدا ہوتی ہے۔

[illegible] بھی مضاف محذوف ہے، یعنی ان صفات سے متصف لوگ جہنم میں جائیں گے، یہ جانا کسی خاص مدت کیلئے ہوگا یا ابدی طور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پر دونوں احتمال ہیں۔ چونکہ ان صفات کا ذکر ایمان کامل یا مطلق ایمان کے مقابل کے طور پر ہے، چنانچہ ان صفات (جفاء وبذاء) سے متصف شخص بھی ''اہل کفران'' میں سے ہے یا ''اہل کفر'' میں سے ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام حاکم اور بیہقی نے حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے۔ امام بخاریؒ نے ''الادب المفرد'' میں، ابن ماجہ، حاکم اور بیہقی نے ابوبکرہ ثقفی سے نقل کیا ہے۔ طبرانی اور بیہقی نے عمران بن حصین سے، احمد، ترمذی اور حاکم نے ابوامامہ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے: الحیاء والعی شعبتان من الایمان والبذاء والبیان شعبتان من النفاق۔

اللہ تعالیٰ کا بہترین عطیہ خوش اخلاقی

۵۰۷۸: وَعَنْ رَجُلٍ مِنْ مُّزَيْنَةَ قَالَ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا خَيْرُمَا اُعْطِيَ الْاِنْسَانُ قَالَ الْخُلُقُ الْحَسَنُ۔ (رواه البيهقي في شعب الايمان)

أخرجه احمد في المسند ٤/٢٧٨، والبيهقي في شعب الايمان ٦/٢٣٥ الحديث رقم ٧٩٩٢۔

ترجمہ: قبیلہ مزینہ کے ایک شخص نے بیان کیا کہ صحابہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا! یارسول اللہ ﷺ انسان کو کونسی چیز بہترین عطاء کی گئی ہے آپ ﷺ نے فرمایا خوش اخلاقی۔ اس روایت کو بیہقیؒ نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔

تشریح: قوله: ماخير ماأعطي الانسان:

الانسان: مرفوع ہے: ای اعطیه الانسان' اور مفعول ثانی محذوف ہے جو موصول کی طرف عائد ہے۔ اور ایک نسخہ میں (انسان) نصب کے ساتھ ہے۔ اس صورت میں نائب فاعل وہ ضمیر ہے جو 'ما'' اسم موصول کی طرف عائد ہے۔

الخلق الحسن: مبتدا محذوف کی خبر ہے: ای هو الخلق الحسن

۵۰۷۹: وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ۔

أحمد في المسند ٤/٢٧٨۔

ترجمہ: اور شرح السنۃ میں یہ روایت اسامہ بن شریکؓ سے منقول ہے۔

تشریح: میرکؒ فرماتے ہیں: اس کے ظاہر سے لگتا ہے، کہ امام بیہقی نے اس حدیث کو اسامہ سے نقل نہیں کیا ہے۔ لیکن شیخ جزریؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو امام بیہقی نے شعب الایمان میں اسامہؓ سے نقل کیا ہے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: الجامع میں لکھا ہے: خير ما اعطي الناس خلق حسن

اس حدیث کو امام احمد، نسائی، ابن ماجہ اور حاکم نے اسامہ بن شریک سے روایت کیا ہے۔

ابن ابی شیبہ نے عن رجل من جهينة ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

خير ما أعطى الرجل المؤمن خلق حسن، وشر ما اعطى الرجل قلب سوء في صورة حسنة

امام بیہقی حسن سے مرسلاً نقل کرتے ہیں:

ثلاث خلال من لم تكن فيه واحدة منهن. واحدة منهن كان الكلب خيرا منه: ورع يحجزه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عن محارم اللّٰہ عز وجل، او حلم یرد به جهل جاهل، او حسن خلق یعیش به فی الناس

امام سیوطیؒ عن الحسن، عن أبی الحسن، عن جد الحسن نقل کرتے ہیں:

ان أحسن الحسن الخلق الحسن

عرضِ مرتب:

حدیث: ۵۰۶۵ کی شرح کے آخر میں ملا علی قاریؒ نے اس کے برعکس نقل کیا ہے، چنانچہ وہاں یوں ہے:

ولذا ورد: الخلق الحسن أحسن الحسن

بدزبان جنت میں نہ جائے گا

۵۰۸۰: وَعَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَايَدْخُلُ الْجَنَّةَ الْجَوَّاظُ وَلَا الْجَعْظَرِيُّ قَالَ وَالْجَوَّاظُ الْغَلِيْظُ الْفَظُّ (رواه ابوداؤد فی سننه والبیهقی فی شعب الایمان وصاحب جامع الاصول فیه عن حارثة وکذافی شرح السنة عنه ولفظه) قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ الْجَوَّاظُ الْجَعْظَرِيُّ يُقَالُ الْجَعْظَرِيُّ الْفَظُّ الْغَلِيْظُ۔ وَفِيْ نُسَخِ الْمَصَابِيْحِ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ وَهْبٍ وَلَفْظُهٗ قَالَ وَالْجَوَّاظُ الَّذِيْ جَمَعَ وَمَنَعَ وَالْجَعْظَرِيُّ الْغَلِيْظُ الْفَظُّ.

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۱۵۱/۵ الحدیث رقم ۴۸۰۱، والبغوی فی شرح السنة ۱۶۹/۱۳ الحدیث رقم ۳۵۹۳، واخرجه البیهقی فی شعب الایمان ۲۸۵/۶ الحدیث رقم ۸۱۷۳۔

ترجمہ: حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ جنت میں بداخلاق اور سخت زبان والا داخل نہ ہوگا ابوداؤد، بیہقی، صاحب جامع الاصول اور صاحب شرح السنۃ نے حضرت حارثہؓ سے ان الفاظ میں روایت کی ہے کہ جنت میں جواظ، جعظری کا داخلہ نہ ہوگا یہ سخت دل سخت زبان کو کہتے ہیں مصابیح میں عکرمہ بن وہب سے ان الفاظ میں روایت ہے: قَالَ وَالْجَوَّاظُ الَّذِيْ جَمَعَ وَمَنَعَ وَالْجَعْظَرِيُّ الْغَلِيْظُ الْفَظُّ۔ وہ شخص جو مال کو جمع کرے اور سائل کو منع کرے اور جعظری، بدعادت والا سخت زبان۔ اور مصابیح کے (بعض) نسخوں میں یہ روایت حضرت عکرمہ بن وہب رضی اللہ عنہ سے منقول ہے) ان میں یوں بیان کیا گیا ہے کہ روای نے کہا ہے جواظ اس شخص کو کہتے ہیں جو مال و دولت جمع کرے لیکن سائل کو کچھ نہ دے اور جعظری اس شخص کو کہتے ہیں جو سخت کلام اور بدخلق ہو۔

تشریح: الجواظ: جیم کے فتحہ، واؤ کی تشدید اور ظاء معجمہ کے ساتھ ہے۔

الجعظری: جیم کے فتحہ، عین مہملہ کے سکون، ظاء معجمہ کے فتحہ، اور آخر میں یائے تحتیہ مشدد اور اس سے پہلے راء ہے۔

"جواظ" کے متعدد معانی بیان کئے گئے ہیں:

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: الجواظ لغلیظ الفظ کذا فی سنن ابی داود والبیهقی

نہایہ، شرح تورپشتیؒ میں اور قاضی کا کہنا ہے: کے کلام میں (اس کے کئی معانی بیان کئے گئے ہیں جو حسب ذیل ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

① الجواظ المختال

② بعض کا کہنا ہے: الجموع المنوع

③ بعض کا کہنا ہے: السمين

④ بعض کا کہنا ہے: الصياح المهذار

"جعظری" کے بھی متعدد معانی بیان کئے گئے ہیں:

① الفظ الغليظ

② بعض کا کہنا ہے: القصير المنتفخ بما ليس عنده

③ بعض کا کہنا ہے: العظيم الجسم الأكول

ان لوگوں کا عجب، بدخلقی، کھانے کی حرص اور کلام میں افراط ان کے دخول جنت سے مانع ہوگا۔اھ۔

زیادہ واضح بات یہ ہے کہ اس سے مراد "غليظ القلب سيئ الخلق" ہے۔ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ولو كنت فظا غليظ القلب﴾ [آل عمران:۱۵۹] لہٰذا مناسب یہی ہے کہ "جعظری" کی تفسیر "غليظ القلب" کے ساتھ کی جائے۔

اوپر کی بعض عبارتوں معلوم ہوا کہ "جواظ" اور "جعظری" دونوں کے ایک معنی ہیں اور بعض سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ "جواظ" کے معنی "متکبر" کے ہیں اور "جعظری" کے معنی ہیں "بدخلق" لیکن ان سب کا حاصل یہ ہے کہ یہ دونوں الفاظ معنی ومفہوم میں ایک دوسرے کے قریب ہیں۔

زیادہ صحیح ہے کہ جواظ اور جعظری سے مراد وہ شخص ہے جو سخت دل اور بدخلق ہو (یعنی وہ شخص کہ اس کے باطنی احوال کی گمراہیوں اور عادات واطوار کی خرابیوں نے اس کو شقی القلب بنا دیا ہو کہ نہ اس پر کسی وعظ ونصیحت کا اثر ہوتا ہو اور نہ اس کو خدا کا خوف برائیوں سے روکتا ہو۔اسی لئے آنحضرت ﷺ نے ایسے شخص کے بارے میں فرمایا کہ وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا) اس کا قرینہ وہ روایت ہے جس کو خطیبؒ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بطریق مرفوع نقل کیا ہے کہ (حضور ﷺ نے فرمایا) ہر چیز کے لئے توبہ ہے مگر بدخلق (یعنی بدچلن اور بداطوار شخص) کے حق میں توبہ کارگر نہیں کیونکہ وہ ایک گناہ سے توبہ کرتا ہے تو اس سے بڑے دوسرے گناہ میں مبتلا ہو جاتا ہے (اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اس کی بدچلنی اور بداطواری اپنی جگہ قائم رہتی ہے)۔

لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ الْجَوَّاظُ وَلَا الْجَعْظَرِيُّ : میں لفظ جعظری سے پہلے لا زائد لانا اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ جو شخص ان دونوں بری خصلتوں میں سے کسی بھی ایک خصلت میں مبتلا ہوگا اس کو جنت میں داخل نہیں کیا جائے گا۔اگر وہ شخص منافقین میں سے ہوگا تو اس کا جنت میں داخل نہ کیا جانا مطلق معنی پر محمول ہوگا اور اگر اس شخص کا تعلق مؤمنین سے ہو تو پھر کہا جائے گا کہ اس کے حق میں ان الفاظ کہ "وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا" کا مطلب یہ ہے کہ وہ نجات یافتہ لوگوں کے ساتھ ابتداء جنت میں داخل نہیں ہوگا۔)

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: مؤلفؒ نے یہ عبارت لا کر اشارہ کیا ہے، کہ کتب اصول میں اس حدیث کے راوی کا نام حارثہ بن وہب منقول ہے۔اور مصابیح کے بعض نسخوں میں عکرمہ بن وہب منقول ہے۔شیخ تورپشتیؒ نے لکھا ہے کہ ان کو کسی نے بھی صحابہ میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شمار نہیں کیا، لہٰذا یہ حدیث مرسل ہے، یعنی اگر ان راوی کا تابعی ہونا صحیح ہے، تو یہ حدیث مرسل ہے۔ علاوہ ازیں "جمع و منع" کے الفاظ "اصول" میں موجود نہیں ہیں، البتہ مصابیح کے مواشی میں موجود ہیں، یہاں سے متن کے ساتھ ملحق کر دیئے گئے ہیں اور اس طرح "جعظری" کی تفسیر "الغليظ الفظ" ہے کہ اصول میں "جواظ" کی تفسیر (طور پر مقبول) ہے۔ (تم کلامہ)

الجامع میں بروایت طبرانیؒ از ابوالدرداء مروی ہے:

ألا أخبرك بأهل النار؟ كل جعظرى، جواظ مستكبر جماع منوع ألا أخبرك بأهل الجنة؟كل مسكين لو أقسم على الله لأبره ۔

فحش گو اللہ تعالیٰ کو ناپسند

۵۰۸۱: وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَثْقَلَ شَیْءٍ يُوْضَعُ فِیْ مِيْزَانِ الْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ خُلُقٌ حَسَنٌ وَاِنَّ اللّٰهَ يُبْغِضُ الْفَاحِشَ الْبَذِیَّ ۔

(رواه الترمذی وقال حديث حسن صحيح وروى ابوداؤد الفصل الاول)

أخرجه ابوداؤد والفصل الاول فی السنن ۱۴۹/۵ الحديث رقم ۴۷۹۹، والرمذی فی السنن باكمله ۳۱۸/۴ الحديث رقم ۲۰۰۲، واحمد فی المسند ۴۴۲/۶۔(۱(متفق عليه ۔

ترجمہ: حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت بیان کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سب سے زیادہ وزنی چیز جو مؤمن کے ترازو میں رکھی جائے گی وہ عمدہ اخلاق ہیں اور اللہ تعالیٰ فحش گوئی اور بداخلاقی کو ناپسند فرماتے ہیں۔ ترمذی نے حسن صحیح کہا ہے اور ابوداؤد نے فصل اول میں روایت کی ہے۔

تشریح: قوله: ان اثقل شیء:

شیئ سے مراد وہ شئے مجسد بھی ہوسکتی ہے۔ صحیفہ عمل بھی مراد ہوسکتا ہے، اور ثواب بھی مراد ہوسکتا ہے۔

حدیث کا مطلب یہ ہے کہ قیامت کے دن مؤمن کے میزان اعمال میں رکھی جانے والی چیزوں میں ثقیل ترین شئے حسن خلق ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ حسن خلق کو پسند کرتا ہے، اور اصحاب حسن خلق کو بھی پسند کرتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ فحش اور بے ہودہ گو سے سخت نفرت وعداوت رکھتا ہے اور یہ بات متعین ہے کہ جو چیز عند اللہ مبغوض ہے اس چیز کی کوئی قدر وقیمت نہیں، وہ چیز بے وزنی ہے۔ اور یہ بات بھی متعین ہے کہ جو چیز اللہ کے ہاں محبوب ہے، وہ قدر وقیمت اور وزن رکھتی ہے۔ چنانچہ کفار کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿فلا نقيم لهم يوم القيامة وزنا﴾ [الكهف۔۱۰۵] اور ایک حدیث مشہور میں آتا ہے: كلمتان خفيفتان على اللسان، ثقيلتان فى الميزان حبيتان الى الرحمن: سبحان الله وبحمده سبحان الله العظيم اس سے دونوں جملوں کے درمیان مقابلہ واضح ہو جاتا ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: "ان اثقل شیء يوضع فى الميزان" کے مقابلہ میں دوسرا جملہ یہ ارشاد فرمایا: "ان الله يبغض الفاحش البذئ" یہ مقابلہ اس پر دلالت کرتا ہے کہ أخف ما يوضع فى الميزان هو سوء الخلق وان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حسن الخلق أحب الاشياء عند اللّٰه والخلق السيء أبغضها وان الفحش والبذاء ة أسوأ شيء في مساوئ الاخلاق

تخریج: امام احمد نے اسامہ بن زید سے یہ الفاظ نقل کئے ہیں: ان اللّٰه يبغض الفاحش المتفحش اور دیلمی مسند فردوس میں حضرت علیؓ سے ناقل ہیں: ان اللّٰه يبغض المعبس في وجوه الناس

اچھے اخلاق سے قائم اللیل کا درجہ

۵۰۸۲: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ يَقُوْلُ اِنَّ الْمُؤْمِنَ لَيُدْرِكُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ دَرَجَةَ قَائِمِ اللَّيْلِ وَصَائِمِ النَّهَارِ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد في السنن ٥/١٤٩ الحديث رقم ٤٧٩٨ و مالك في الموطأ ٢/٩٠٤ الحديث رقم ٦ من كتاب حسن الخلق، واحمد في المسند ٦/٩٠۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ مؤمن اچھے اخلاق کی وجہ سے رات کو قیام کرنے اور دن کو روزہ رکھنے والے کا درجہ پالیتا ہے۔ (ابوداؤد)

عرضِ مرتب:

اس حدیث سے متعلقہ ''حسن خلق'' پر کلام ہم نے حدیث: ۵۰۶۵ کے تحت ذکر کیا ہے وہاں ملاحظہ کرلیا جائے۔

قال الحسن: حسن الخلق بسط الوجه وبذل الندى وكف الأذى

قال الواسطي: هو ان لا يخاصم ولا يخاصم من شدة معرفته باللّٰه تعالٰى۔

وقال ايضا: هو ارضاء الخلق في السراء والضراء

سہلؒ فرماتے ہیں کہ ادنیٰ خوش خلقی یہ ہے کہ لوگوں کی طرف سے پہنچنے والی تکلیف کو برداشت کیا جائے' انتقام لینے سے گریز کیا جائے (اور یہ کہ نہ صرف ظالم کے ظلم سے درگزر کیا جائے بلکہ) اس پر رحمت کی جائے' اس کے حق میں مغفرت وبخشش کی دعا کی جائے اور اس کے تئیں شفقت کو اختیار کیا جائے۔

تخریج وتوضیح: الجامع میں ''درجة القائم الصائم'' کے الفاظ ہیں۔ امام ابوداؤد نے اور امام حبان بھی اپنی صحیح میں یہ روایت حضرت عائشہؓ سے نقل کی ہے۔

نیکی برائی کو مٹانے والی

۵۰۸۳: وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُ مَا كُنْتَ اَتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ۔ (رواه الترمذي والدارمي)

أخرجه الترمذي في السنن ٤/٣١٢ الحديث رقم ١٩٨٧، والدارمي في ٢/٤١٥ الحديث رقم ٢٧٩١ واحمد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فی المسند ۵/۱۵۳۔

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاں بھی ہو اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ برائی کے بعد نیکی کرو وہ اس مٹادے گی اور لوگوں سے اچھے اخلاق سے پیش آؤ۔ (احمد، ترمذی و دارمی)

تشریح: قولہ: اتق اللہ حیث ماکنت: ''اللہ سے ڈرو'' کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جن امور کو تم پر واجب کیا ہے ان سب کی بجا آوری و فرمانبرداری کرو اور جن چیزوں سے منع کیا ہے یعنی تمام طرح کی برائیاں ان سے اجتناب و پرہیز کرو کہ اسی کو ''تقویٰ'' کہا گیا ہے اور تقویٰ دین کی بنیاد ہے جس کے ذریعہ ایقان و معرفت کے مراتب و درجات حاصل ہوتے ہیں۔

تقویٰ کا سب سے ادنیٰ درجہ یہ ہے کہ شرک سے بیزاری و پاکی اختیار کی جائے اور اس کا سب سے اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ ماسوی اللہ سے اعراض کیا جائے۔ ان دونوں درجوں کے درمیان تقو[illegible] دوسرے مراتب ہیں جن میں سے بعض کو بعض پر برتری حاصل ہے۔ جیسے ممنوعات کو ترک کرنا ایک مرتبہ ہے اس سے برتر مرتبہ یہ ہے کہ مکروہات کو بھی ترک کیا جائے اور اس سے بھی برتر مرتبہ یہ ہے کہ جو چیزیں مباح ہیں ان میں سے بھی ان چیزوں کو ترک کیا جائے جو غیر ضروری اور بے فائدہ ہوں۔

قولہ: اتق اللہ حیثما کنت: ''تم جہاں کہیں ہو'' کا مطلب یہ ہے کہ تمہارا خدا سے ڈرنا یعنی احکامِ خداوندی پر عمل کرنا کسی خاص وقت، کسی خاص جگہ اور کسی خاص حالت پر موقوف نہیں ہونا چاہئے بلکہ تم خواہ سفر میں ہو یا حضر میں، خواہ نعمتوں سے بہرہ مندی کی حالت میں ہو یا آفات بلاؤں میں مبتلا اور خواہ جلوت میں ہو یا خلوت میں، غرضیکہ تم کسی جگہ پر ہو اور کسی حالت میں ہو اور اس وقت اس جگہ اور اس حالت سے متعلق جو بھی احکام خداوندی ہوں ان پر عمل پیرا ہوں کیونکہ خدا کے نزدیک تمہاری کوئی حالت پوشیدہ نہیں ہے اور وہ کسی بھی وقت تمہاری طرف سے غافل نہیں رہتا وہ جس طرح تمہاری ظاہری باتوں کو جانتا ہے اسی طرح تمہاری پوشیدہ باتیں بھی خوب جانتا ہے لہٰذا تمہارے لئے ضروری ہے کہ اس کے احکام کی بجا آوری اور اس کی معصیت سے اجتناب کے جو تقاضے اور جو آداب ہیں ان کو بہر صورت نگاہ میں رکھو!

منقول ہے کہ ایک مرتبہ حضرت داؤد طائی رحمہ اللہ (کسی قبر کے پاس سے گزر رہے تھے کہ خدا نے ان پر اس قبر کے اندر کے حالات منکشف کئے بایں طور کہ انہوں) نے سنا قبر کے اندر سے ایک آواز باہر آ رہی ہے جس میں مردہ کہہ رہا ہے کہ پروردگار! کیا میں نے تیری نمازیں ادا نہیں کی ہیں۔ کیا میں نے تیری زکوٰۃ ادا نہیں کی ہے۔ اور کیا میں نے یہ نہیں کیا ہے اور وہ نہیں کیا ہے؟ (یعنی اس نے دنیا میں جب بھی نیک کام کئے تھے ان سب کو گنواتا رہا۔ اس کی یہ بات سن کر فرشتوں نے جواب دیا' کیوں نہیں' اے اللہ کے بندے! (بے شک تو نے یہ سب کام کئے ہیں) لیکن (کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ) جب تو خلوت میں ہوتا تھا اس وقت خدا کے خوف پر گناہوں کو ترجیح دیتا تھا اور تجھے اس بات کا کوئی لحاظ نہیں ہوتا تھا کہ اس حالت میں بھی تو خدا کی نگاہ میں ہے۔

قولہ: وأتبع السیئة الحسنة تمحها: مطلب یہ ہے کہ انسان بہر حال انسان ہے لہٰذا اگر بتقاضائے بشریت تم سے کوئی گناہ صادر ہو جائے تو اس کے بعد فوراً نیک کام کر لو! تاکہ وہ نیکی اس گناہ و برائی کے اثرات کو مٹا دے!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہی یہ بات کہ نیک کام سے کیا مراد ہے؟ تو اس سے توبہ اور مطلق کوئی بھی مراد ہے یا یہ کہ وہ نیکی مراد ہے جو اس گناہ و برائی کی ضد ہو۔ چنانچہ طیبیؒ نے کہا ہے کہ انسان کو چاہئے کہ وہ نیک کام کرنے کے ذریعہ برائیوں کے اثرات مٹانے سے کسی بھی لمحہ غافل نہ رہے اس سے جو بھی برائی صادر ہو اس کے بدلہ میں اسی کی جنس سے کوئی نیک کام ضرور کر لے اگر شراب نوشی کا گناہ سرزد ہو جائے تو اس کے بدلے میں حلال چیزیں خدا واسطے لوگوں کو پلائے اگر کسی وقت تکبر میں مبتلا ہو جائے تو تواضع اختیار کرے اگر کسی جگہ گانا بجانا سننے کا اتفاق ہو جائے اور ان لوگوں کی ہم نشینی میں کچھ وقت گزارنا پڑا ہو جو گانے بجانے کی لغویت میں مبتلا ہوں تو اس کے بدلے میں قرآن پاک کی تلاوت سنے اور ذکر و نصیحت کی مجلس میں بیٹھے اور اس طرح بخل کا تدارک خدا کی راہ میں خرچ کرنے کے ذریعہ کرے۔

جو یہ فرمایا گیا ہے کہ ''تاکہ وہ نیکی اس برائی کو مٹا دے'' تو مٹانے سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس نیکی کے ذریعہ اس بندے کے دل پر سے برائی کے اثرات مٹا دیتا ہے یا اعمال لکھنے والے فرشتوں کے رجسٹر میں سے اس برائی کو محو کر دیتے ہے۔

اور یہ مٹانا اس صورت میں بھی ہوتا ہے جب کہ اس برائی کا تعلق کسی حقوق العباد سے ہوتا ہے بایں طور کہ کوئی شخص کسی کے حق کو تلف کرتا ہے یا کسی پر ظلم و زیادتی کرتا ہے تو اس حق تلفی یا ظلم کا تدارک اس طرح کیا جاتا ہے کہ حق تلفی کرنے والے یا ظلم کرنے والے کے نامۂ اعمال میں جو نیکیاں ہوتی ہیں ان میں سے اس کے بقدر نیکیاں صاحب حق کو دے دی جاتی ہیں یہ اور بات ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے دوسرے اجر و انعامات کے ذریعہ صاحب حق کو خوش کر دے اور وہ اس شخص کو معاف کرنے پر راضی ہو جائے۔

منقول ہے کہ ایک بزرگ کا انتقال ہو گیا کچھ عرصہ بعد ایک دوسرے بزرگ نے خواب میں دیکھا تو پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھ کیا سلوک کیا؟ انہوں نے جواب دیا کہ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ کو اپنے احسان و انعام سے نوازا اور میری بخشش فرما دی لیکن حساب کتاب ضرور ہوا یہاں تک کہ اس دن کے بارے میں بھی مجھ سے مواخذہ ہوا جب کہ میں روزے سے تھا اور ایک دوست کی دوکان پر بیٹھا ہوا تھا جب افطار کا وقت ہوا تو میں نے گیہوں کی ایک بوری میں سے گیہوں کا ایک دانہ اٹھا لایا اور اس کو توڑ کر کھانا ہی چاہتا تھا کہ ایک دم مجھے احساس ہوا کہ یہ گیہوں میرا نہیں ہے چنانچہ میں نے وہ گیہوں فوراً اسی جگہ ڈال دیا جہاں سے اٹھایا تھا اس کا بھی حساب لیا گیا۔ یہاں تک کہ اس گیہوں کے توڑے جانے کے نقصان کے بقدر میری نیکیاں مجھ سے لی گئیں۔

بیضاویؒ نے لکھا ہے کہ نیکیاں صغیرہ گناہوں کا بھی کفارہ ہوتی ہیں اور کبائر میں بھی ان گناہوں کا کفارہ ہو جاتی ہیں جو پوشیدہ ہوں کیونکہ حق تعالیٰ کا یہ ارشاد: [لَنُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ] [النساء۔ ۳۱] بھی عموم پر دلالت کرتا ہے اور مذکورہ بالا حدیث بھی مطلق اور عام ہے البتہ جو کبیرہ گناہ ظاہر ہو گئے اور حاکم وقاضی کے نزدیک ثابت ہو جائیں ان پر حد یعنی شرعی سزا کا نفاذ ساقط نہیں ہوگا اور نہ وہ توبہ سے معاف ہوں گے۔

بعض اہل حال نے کیا خوب کہا:

من عرف اللّٰه فلم تغنه معرفة اللّٰه فذاك الشقى ☆ ما يصنع العبد بعز الغنى فالعز كل العز للمتقى

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''جس نے اللہ کو پہچان لیا اور پھر اللہ کی معرفت نے اس کو غنی نہیں کیا تو یہی شخص بد بخت ہے، بندہ غناء و مالداری کی عزت کے ساتھ کیا کرے گا اور پوری پوری عزت تو متقی کیلئے ہے۔''

تخریج: اربعین میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو امام احمد اور ترمذی نے روایت کیا ہے۔ اور امام ترمذی نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے، اور بعض نسخوں میں ہے کہ حسن صحیح ہے۔ اھ۔

الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو امام احمد، ترمذی، حاکم اور بیہقی نے حضرت ابوذرؓ سے روایت کیا ہے۔ امام احمد، ترمذی اور بیہقی نے حضرت معاذؓ سے بھی روایت کیا ہے۔ نیز ابن عساکر نے اس حدیث کو حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے۔

نرم خو پر آگ حرام ہے

۵۰۸۴: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَنْ يَحْرُمُ عَلَى النَّارِ وَبِمَنْ تَحْرُمُ النَّارُ عَلَيْهِ عَلٰى كُلِّ هَيِّنٍ لَيِّنٍ قَرِيْبٍ سَهْلٍ۔

(رواه احمد والترمذی وقال هذا حدیث حسن غریب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٦٤ الحدیث رقم ٢٤٨٨، واحمد فی المسند ١/٤١٥۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں اس شخص کے بارے میں نہ بتاؤں جو آگ پر حرام ہے اور آگ اس پر حرام ہے ہر نرم دِل، نرم زبان اور لوگوں سے درگزر کرنے والا ہے۔ اس روایت کو احمد اور ترمذی نے نقل کیا ہے اور ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

تشریح: یعنی اس میں از راہ مبالغہ و تاکید دونوں صورتیں (یعنی اس شخص کا آگ پر حرام ہونا اور آگ کا اس شخص پر حرام ہونا) ذکر فرمائی ہیں ورنہ تو دونوں معنی لازم وملزم ہیں (یعنی عبارتوں کا حاصل ایک ہی ہے اور وہ ہے اس شخص کا دوزخ کی آگ سے محفوظ رہنا۔ اس لئے جواب میں پہلی بات کے لیے ہی جواب ذکر کیا ہے۔

''ھین'' اور ''لین'' یہ دونوں لفظ یاء مشددہ کے ساتھ ہیں۔ بعض کا کہنا ہے کہ جب ان دونوں الفاظ کا اطلاق انسان پر کرنا ہو، تو یائے مشددہ اور مخففہ ہر دو کے ساتھ درست ہے، اور جب غیر انسان پر اطلاق کیا جاتا ہے، تو یاء مخففہ کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ ابن اعرابی سے مروی ہے کہ یاء کی تخفیف کے ساتھ ہو تو مدحت کیلئے ہوتا ہے، اور یاء کی تشدید کے ساتھ ہو تو مذمت کیلئے ہوتا ہے۔

(ذکرہ ابن الملک)

''ھین'' بروزن فعیل، ھون بمعنی سکون، وقار و سہولت سے ماخوذ ہے۔ یہ کلمہ واوی ہے، واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا گیا ہے۔ اور لفظ ''لین'' یہ کلمہ یائی ہے۔

علی کل ھین لین قریب سھل: جار مجرور کا متعلق فعل محذوف ہے: ای: تحرم علی کل الخ

قریب کا مطلب یہ ہے کہ محافل طاعت میں لوگوں کی ہم نشینی اختیار کرتا ہے، اور بقدر طاقت ان کے ساتھ ملاطفت سے پیش آتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سھل: یعنی لوگوں کی حوائج وضروریات پوری کرنے میں نرم خوئی سے کام لیتا ہے۔
یا مطلب یہ ہے کہ قضاء واقتضاء میں، بیع وشراء میں سخاوت وجودت کا مظاہرہ کرتا ہے، جیسا کہ مؤمن کامل کی فضیلت میں مروی ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: علی کل ھین لین، یہ جملہ دونوں سوالوں کا جواب ہے۔ اور دونوں کا ظاہری جواب ''کل ھین لین'' ہے۔ پھر دوسرے درجہ میں پہلے کی بابت یوں فرماتے ''یحرم علی النار کل ھین لین'' اور دوسرے کی بابت یوں فرماتے ''تحرم النار علی کل ھین لین'' چنانچہ آپ علیہ السلام کا جواب ایسا جز تھا کہ جس میں دونوں پر تفصیلی دلالت ہے۔ اور اگر ویسے ذکر کرتے جیسا کہ ظاہر کا تقاضا تھا کہ '' کل ھین لین '' فرماتے، تو بالتفصیل دلالت نہ ہوتی اھ۔

امام طیبیؒ کی یہ بات عجیب وغریب ہے۔ چونکہ معاملہ برعکس ہے جیسا کہ ادنیٰ تأمل سے ظاہر ہوتا ہے۔ چونکہ تقدیری عبارت ہے: ھو کل ھین لین اور ضمیر کا مرجع دونوں اوصاف ہوں گے یعنی '' من یحرم علی النار'' اور '' من تحرم علیہ النار'' بلکہ اگر حقیقت کی نگاہ سے دیکھا جائے اور دقت تأمل سے کام لیا جائے، تو پتہ یہ چلتا ہے، کہ جو جواب بزعم طیبیؒ موجز ہے وہ تفصیل پر قطعاً دلالت نہیں کرتا، بلکہ دلالت اجمالی ہے،

اور یہ بھی کہا جاتا ہے، کہ یہ از باب اکتفاء ہے، جیسا کہ یہ ارشاد باری تعالیٰ: ﴿سرابیل تقیکم الحر﴾ [النحل-۸۱] أی: والبرد چنانچہ یہاں پر بھی مقدر مانا جائے: وعلی کل ھین لین صورت کے بیان پر اکتفاء فرمایا اور ویسے بھی یہ بات عام بول چال کے زیادہ قریب ہے کیونکہ عام طور پر اس طرح کہا جاتا ہے کہ دوزخ کی آگ فلاں شخص پر حرام ہے۔

یہاں یہ احتمال بھی ہے، کہ یہ دوسرا فقرہ کسی راوی نے مبالغہ کی غرض سے بڑھا دیا ہو۔ اس کی تائید الجامع میں موجود روایت سے ہوتی ہے: الا اخبرکم بمن تحرم علیہ النار غدا؟ علی کل ھین لین قریب سھل واللہ اعلم

تخریج: الجامع الصغیر میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو ابویعلی نے اپنی مسند میں حضرت جابرؓ سے روایت کیا ہے۔ اھ ترمذی اور طبرانی نے ابن مسعود سے روایت کیا ہے۔

فاسق عیار ہوتا ہے

۵۰۸۵: وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُ غِرٌّ کَرِیْمٌ وَالْفَاجِرُ خَبٌّ لَئِیْمٌ۔ (رواہ احمدوَ الترمذی وابوداؤد)

أخرجہ ابوداؤد فی السنن ۵/۱۴۴ الحدیث رقم ۴۷۹۰، والترمذی فی ۴/۳۰۳ الحدیث رقم ۱۹۶۴، واحمد فی المسند ۲/۳۹۴۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مؤمن بھولا بھالا باعزت ہوتا ہے اور فاسق عیار اور بداخلاق ہوتا ہے۔ (احمد، ترمذی، ابوداؤد)

تشریح: غر: غین معجمہ کے کسرہ اور راء کی تشدید کے ساتھ۔ غِرٌّ: کے معنی ہیں دھوکہ کھانے والا شخص اسی طرح صراح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وغیرہ میں غر کے معنی ناآزمودہ یا ناتجربہ کار نوجوان کے لکھے ہیں خب کے معنی ہیں وہ شخص جو دھوکہ دینے والا اور چالاک ہو۔

حدیث کا مطلب یہ ہے کہ نیکوکار شخص چونکہ طبعاً مطیع وفرمانبردار ہونے کی وجہ سے نرم مزاج، شریف النفس اور سادہ لوح ہوتا ہے اس لئے وہ ہر فریب کار شخص سے دھوکہ کھا جاتا ہے وہ نہ تو لوگوں کے مکر وفریب سے آگاہ ہوتا ہے اور نہ مکر وفریب کی باتوں اور چالوں کی چھان بین اور دھوکہ بازوں کے احوال کی تحقیق وجستجو کرتا ہے اور اس کی وجہ یہ نہیں ہوتی کہ وہ جاہل و نادان ہوتا ہے بلکہ اس کی سب سے بڑی وجہ اس کے مزاج کی نرمی ومروت، حلم وکرم، عفو درگزر کرنے کی عادت اور خوش خلقی ہوتا ہے۔

بعض حضرات نے حدیث کا مطلب اس اسلوب میں بیان کیا ہے کہ نیکوکار شخص چونکہ سلیم القلب اور سادہ لوح ہوتا ہے اس لئے وہ لوگوں کے بارے میں ہمیشہ نیک گمان رکھتا ہے کسی کے اندر کیا بھرا ہوا ہے اس کو وہ نہیں دیکھتا جس کے سینے میں کینہ ہوتا ہے اس کو پہچانتا نہیں اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جو شخص اس کے سامنے جو کچھ کہہ دیتا ہے اس کو مان لیتا ہے اور دھوکہ کھا جاتا ہے

ایک بات یہ بھی ہوتی ہے کہ اس کے سامنے آخرت کے معاملات اور نفس کی اصلاح کی زیادہ اہمیت ہوتی ہے اور دنیا کے معاملات اس کی نظر میں زیادہ اہمیت نہیں رکھتے لہٰذا وہ اپنے نفس کی اصلاح اور آخرت کے کاموں میں مشغول رہتا ہے اور دنیا کے کاموں پر زیادہ توجہ نہیں دیتا اس لئے اگرچہ وہ دنیاوی معاملات میں دھوکہ کھا جاتا ہے مگر آخرت کے معاملات میں ہوشیار اور عقل معاد میں کامل ہوتا ہے

نیکوکار مؤمن کی اس حالت کو اگرچہ تعریف کے طور پر بیان کیا گیا ہے مگر اس کے باوجود حضور ﷺ نے اپنے اس ارشاد "لا یلدغ المؤمن من جحر واحد مرتین" کے ذریعہ آگاہ بھی فرمایا ہے کہ مؤمن کے لئے مناسب نہیں ہے کہ ہمیشہ غفلت اختیار کر کے مسلسل دھوکہ کھاتا رہے اور ہوشیاری کے طریقہ کو بالکل ترک کر دے

بات پہلے بھی بتائی جا چکی ہے کہ لا یلدغ المؤمن الخ کے ذریعہ مؤمن کو جس ہوشیاری وبیدار مغزی کی تلقین کی گئی ہے اس کا تعلق دنیا وآخرت دونوں معاملات سے ہے اگرچہ بعض حضرات نے اس کو صرف اخروی معاملات کے ساتھ مخصوص کیا ہے۔

قولہ: والفجر خب لئیم: نیکوکار کے برخلاف فاجر یعنی منافق وغیرہ کی خصلت یہ بیان فرمائی گئی ہے چونکہ دھوکہ دہی اور مکاری اس کی فطرت ہی میں داخل ہوتی ہے، فتنہ وفساد پھیلانا ہی اس کا شیوہ ہوتا ہے اور اس کے نزدیک چشم پوشی ایک بے معنی چیز ہوتی ہے اس لئے وہ جلد دھوکا نہیں کھاتا الا یہ کہ کوئی شخص اس سے بھی بڑا مکار وعیار ہو اور وہ اس کو دھوکہ دینے میں کامیاب ہو جائے تاہم اگر وہ نادانستہ دھوکا کھا بھی جاتا ہے تو اس کو برداشت نہیں کرتا بلکہ انتقام لینے کی سعی کرتا ہے۔

فرزدق کہتا ہے:

ان الکریم اذا خادعته انخدع

"کریم کو جب تم دھوکہ دو گے تو بلاشبہ وہ دھوکہ کھا جائے گا۔"

الخب: خاء معجمہ کے فتحہ کے ساتھ، بمعنی خداع مصدر ہے۔ وہ شخص جو لوگوں کے درمیان فساد پھیلاتا ہے۔ کہا جاتا ہے: رجل خب خاء کو کبھی مکسور بھی پڑھا جاتا ہے۔ البتہ مصدر صرف کسرہ ہی کے ساتھ ہے۔ اھ۔ خلاصہ یہ ہوا کہ بکسر الخاء دونوں [illegible] ہیں۔ فتأمل۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخریج: امام حاکم نے بھی اس روایت کو اسی طرح نقل کیا ہے۔ البتہ امام بیہقی نے اس حدیث کو ابو ہریرہؓ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے: المؤمن هين لين حتى تخاله من اللين أحمق

مؤمن نرم دِل ہوتا ہے

۵۰۸۶: وَعَنْ مَكْحُوْلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤْمِنُوْنَ هَيِّنُوْنَ لَيِّنُوْنَ كَالْجَمَلِ الْاَنِفِ اِنْ قِيْدَ انْقَادَ وَاِنْ اُنِيْخَ عَلٰى صَخْرَةٍ اسْتَنَاخَ۔ (رواه الترمذی مرسلا)

أخرجه ابو نعيم في الحلية ۵/۱۸۹۔

ترجمہ: حضرت مکحولؒ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مؤمن نرم دل، نرم طبیعت ہوتے ہیں۔ جیسے نکیل والا اونٹ اگر اسے چلایا جائے تو اطاعت کرے اور اگر پتھر پر بٹھائیں تو بیٹھ جائے۔ ترمذی سے مرسل روایت کی ہے۔

تشریح: هينون لينون: یہ دونوں لفظ مشدد و مخفف دونوں طرح درست ہیں۔ النہایہ میں لکھتے ہیں: هما تخفيف الهين واللين اھ۔

گویا کہ ان کا اعتماد ابن اعرابی کے کلام پر ہے۔ اور ماقبل میں یہ بات گزری چکی ہے، کہ یہ ضعیف ہے، اور خلاف اصل ہے۔ لہٰذا بغیر ثبوت کے ثابت نہیں مانا جائے گا۔ اور الفائق میں لکھتے ہیں کہ ''هين'' اور ''لين'' میں پہلی یاء محذوف ہے۔ اور بعض کا کہنا ہے، کہ دوسری یاء محذوف ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: دوسری یاء پہلی یاء سے اولیٰ ہے۔ چونکہ تخفیف کے وقت اس کی احتیاج ہوتی ہے۔ اور اس لئے بھی کہ دوسری تخفیف کی نوبت نہ آئے۔ فتدبر

انف: ہمزہ کے فتحہ و مد، اور نون کے کسرہ کے ساتھ۔ صاحب قاموس لکھتے ہیں: أنف البعير كفرح اشتكى أنفه من البرة، فهو أنف ككتف وصاحب، و الأول أصح وأفصح اور ایک شارح کا کہنا ہے کہ اس میں مدّ خطا ہے۔ تو ممکن ہے کہ شارح کی مراد روایۃً یا درایۃً ہو۔ صاحب النہایہ لکھتے ہیں: ''أنف'' بمعنی ''مأنوف'' ہے۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ ''أنف'' بمعنی ''ذلول'' ہے۔ چنانچہ ''أنف البعير فهو أنف'' اس وقت کہا جاتا ہے، کہ جب اس کی ناک میں تکلیف ہو۔ اصل کے اعتبار سے ''مأنوف'' کہنا چاہئے تھا، چونکہ مفعول بہ ہے، جیسا کہ ''مصدور'' اور ''مبطون'' کہتے ہیں۔ چنانچہ یہ شاذ ہے۔ اور مد کے ساتھ ''كالجمل الآنف'' بھی مروی ہے۔ یہ بھی اسی معنی میں ہے۔

جوہریؒ کہتے ہیں: الخشاش بالكسر خشب يدخل في أنف البعير کاف محل رفع میں ہے، خبر ثالث ہے۔ اور مطلب یہ ہے: كل واحد منهم كالجمل الآنف اور یہ بھی ممکن ہے، کہ محل نصب میں ہو، مصدر محذوف کی صفت ہو۔ اور تقدیری عبارت یوں ہو: لينون لينا مثل الجمل الآنف (ذکرہ الطیبی)

دوسرا اظہر ہے پہلا أدق ہے، اور اعتماد کیلئے احق ہے۔ اور ''كل واحد'' کی تقدیر کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ معنی یہ ہوں گے: المؤمنون كلهم من كمال انقيادهم واجتماعهم في سبيل رضاء مولاهم، مثل الجمل الواحد المأنوف۔ اس کلام میں مبالغہ ہے، جیسا کہ مروی ہے: المؤمنون كرجل واحد، ان اشتكى رأسه اشتكى كله، وان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اشتکی عینه اشتکی کله جیسا کہ اس حدیث کو امام احمد اور مسلم نے نعمان بن بشیر سے روایت کیا ہے۔

یا "جمل" سے مراد جنس ہے، چنانچہ اس سے جمعیت کے معنی مستفاد ہوں گے، اس صورت میں کوئی اشکال باقی نہیں رہے گا۔

شرح السنۃ میں لکھتے ہیں: اس کا مطلب یہ ہے کہ مؤمن طبعاً فرماں بردار ہوتا ہے وہ شریعت کا اتباع بلا چون و چرا کرتا ہے خدا اور خدا کے رسول کے احکامات جس طرح ہوتے ہیں ان کو اسی طرح بجالاتا ہے اور ان میں اپنی طرف سے کوئی دخل اندازی نہیں کرتا اور ان احکام کی بجا آوری اور شریعت کی اتباع میں جو مشقت پیش آتی ہے اس کو برضا و رغبت برداشت کرتا ہے۔

یہ احتمال بھی ہے کہ اس حدیث میں مسلمانوں کی اس خصوصیت کو بیان کرنا مقصود ہو جو وہ آپس میں ایک دوسرے کی اتباع و فرمانبرداری اور ایک دوسرے کے ساتھ تواضع و انکساری اختیار کرنے اور غرور و تکبر سے اجتناب کرنے کی صورت میں رکھتے ہیں اور حقیقت میں یہ خصوصیت بھی احکامِ خداوندی کی اطاعت میں شامل ہے۔

تخریج: الجامع میں لکھتے ہیں: اس حدیث کو ابن مبارک نے مکحول سے مرسلاً روایت کیا، اور بیہقی نے ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے۔ یعنی سند متصل کے ساتھ مرفوعاً روایت کیا ہے:

تکالیف پر صابر مؤمن بہتر ہے

۵۰۸۷: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْمُسْلِمُ الَّذِيْ يُخَالِطُ النَّاسَ وَيَصْبِرُ عَلٰى اَذَاهُمْ اَفْضَلُ مِنَ الَّذِيْ لَايُخَالِطُهُمْ وَلَايَصْبِرُ عَلٰى اَذَاهُمْ۔ (رواه الترمذی وابن ماجة)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٧٢ الحديث رقم ٢٥٠٧ و ابن ماجه فی ٢/١٣٣٨ الحديث رقم ٤٠٣٢، واحمد فی المسند ٢/٤٣۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ مسلمان جو دوسروں کے ساتھ مل جل کر رہے اور ان کی طرف سے آنے والی تکالیف پر صبر کرے ایسا مسلمان اس سے بہت بہتر ہے جو نہ تو مل جل کر رہے اور نہ ان کی تکلیف پر صبر کرے۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ لوگوں کے ساتھ ربط و اختلاط اور میل جول رکھنا، عزلت و تنہائی اور گوشہ نشینی اختیار کرنے سے افضل ہے چنانچہ اکثر تابعین اس پر عامل تھے اور یہ چیز امر بالمعروف و نہی عن المنکر، خیر و بھلائی کے پھیلانے، باہمی امداد و تعاون اور دین و اسلام کی استعانت کے اعتبار سے بھی زیادہ کامل اور زیادہ افضل ہے۔

رہی یہ بات کہ عزلت و گوشہ نشینی کے بارے میں بھی احادیث منقول ہیں جس سے عزلت و گوشہ نشینی کا افضل و بہتر ہونا ثابت ہوتا ہے تو اس سلسلے میں اس حقیقت کو ذہن میں رکھنا چاہئے کہ اس اختلاف کا تعلق زمان و مکان اور لوگوں کے احوال کے اختلاف سے ہے (یعنی بعض موقعہ و مقام اور بعض لوگوں کے حالات کا تقاضا یہ ہوتا ہے کہ ان کے ساتھ ربط و اختلاط رکھا جائے۔ چنانچہ ایسی صورت میں لوگوں سے ملنا جلنا عزت و گوشہ نشینی اور لوگوں سے الگ تھلگ رہنا ہی افضل و بہتر ہوتا ہے۔

درمیانی راہ یہ ہے کہ ذہنی طور پر ضروری اور ناگزیر حالات کے علاوہ باقی اوقات میں عوام الناس سے الگ تھلگ رہا جائے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور جمعہ کے دن ان کے ساتھ اکٹھا ہونے پر اکتفا کیا جائے البتہ خواص یعنی صالحین وغیرہ کے ساتھ برابر ربط واختلاط رکھا جائے اوران سے عزلت وگوشہ نشینی اختیار نہ کی جائے۔لیکن عوام الناس سے عزلت وگوشہ نشینی اختیار کرنا اس صورت میں سودمند ہوگا جب کہ باعث عمل علم حاصل کیا جاچکا ہواور زہدوتوکل کا وہ درجہ نصیب ہوگیا ہو جہاں پہنچ کرانسان مخلوق سے بالکل بے نیاز ہو جاتا ہےاورکسی طرح کی طمع وخواہش نہیں رکھتا۔اسی لئے بعض عارفین نے کہا ہے:ا لعزلة بغير عين العلم زلة وبغيرزى الزهد علة۔کہ''عزلت وگوشہ نشینی بغیرعلم کے ذلت ورسوائی ہےاور بغیرزہدوقناعت کے علت وخرابی ہے!'' چنانچہ کامل صوفیاء جیسے نقشبندیہ شاذلیہ اور بکریہ اس طریقہ پرعامل تھے کہ وہ لوگوں سے الگ تھلگ بھی رہتے تھےاوران سے ربط واختلاط بھی رکھتے تھے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

انه قال:عليكم با لاخوان' فانهم عدة لكم فى الدنيا والآخرة، الا تسمع الى قول اهل النار:فما لنا من شافعين ولا صديق حميم

حضرت عمرؓ نے فرمایا: خذوا حظكم من العزلة اورفضیلؒ فرماتے ہیں: كفى بالله محبا وبالقرآن مؤنسا وبالموت واعظا، اتخذ الله صاحباً، ودع الناس جانبا

داؤدطائی نے ابوالربیع کووصیت کی:صم من الدنيا' واجعل فطرك الآخرة ، وفر من الناس فرارك من الاسد وہب ابن وردفرماتے ہیں:بلغنا ان الحكمة عشرة اجزاء تسعة منها فى الصمت والعاشر فى عزلة الناس

حاتم اصم کے پاس کوئی امیر آیا اور کہنے لگا:ألك حاجة؟ آپ نے فرمایا،ہاں! ہے۔اس نے کہا: کیا؟ تو آپ نے جواباً ارشادفرمایا: أن لا ترانى

ابن عباسؓ فرماتے ہیں:افضل المجالس مجلس فى قعر بيتك ان لا ترى ولا ترى

تخریج:الجامع میں یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ مروی ہے:

المؤمن الذى يخالطه الناس ويصبر على أذاهم أفضل من المؤمن الذى لا يخالط الناس ولا يصبر على أذاهم۔

اس حدیث کوامام احمد نے،امام بخاریؒ نے''الادب المفرد''میں،ترمذی اورابن ماجہ نے ابن عمرؓ سے روایت کیا ہے۔

غصہ پی جانے کا بدلہ

۵۰۸۸:وَعَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَظَمَ غَيْظًا وَهُوَ يَقْدِرُ عَلٰى اَنْ يُّنْفِذَهٗ دَعَاهُ اللّٰهُ عَلٰى رُؤُسِ الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُخَيِّرَهٗ فِىْ اَيِّ الْحُوْرِ شَآءَ۔

(رواه الترمذى وابوداؤد والترمذى هذا حديث غريب)

أخرجه ابو داؤد فى السنن ٥/١٣٧ الحديث رقم ٤٧٧٧، والترمذى فى السنن ٤/٣٢٦ الحديث رقم ٢٠٢١ وابن ماجه ٢/١٤٠٠ الحديث رقم ٤١٨٦ واحمد فى المسند ٣/٤٤٠۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت سہل بن معاذؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص غصہ پی جائے حالانکہ وہ اس کے نفاذ پر قدرت رکھتا ہو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تمام مخلوق کے سامنے بلائے گا اور اسے اختیار دے گا جو حور منتخب کرنا چاہے وہ کرے۔ ابوداؤد، ترمذی نے اسے غریب کہا۔

تشریح: قوله: دعاه الله على رؤوس اخلائق يوم القيامة:

حق تعالیٰ قیامت کے دن ساری مخلوق کے درمیان اس شخص کو نیک شہرت دے گا' اس کی تعریف وتوصیف کرے گا اور اس پر فخر کا اظہار کرے گا' نیز اس کے بارے میں اعلان کیا جائے گا کہ یہ وہ شخص ہے جس کے اندر اتنی بڑی خوبی تھی۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: غصہ پر قابو پانے کی صفت کو اتنا اونچا مقام دینے کی وجہ یہ ہے کہ غصہ دراصل نفس امارہ کی ہیجانی کیفیت کا نام ہے اور جس نے اپنا غصہ پی لیا اس نے گویا اپنے نفس امارہ کو کچل ڈالا' اسی لئے غصہ پر قابو پانے والوں کی تعریف حق تعالیٰ نے بھی ان الفاظ میں بیان فرمائی ہے: [وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ] [آل عمران۔ ۱۳۴] اور جو شخص اپنے نفس کو اس کی خواہش سے باز رکھتا ہے اس کا آخری ٹھکانہ جنت اور اس کی جزاء حور عین ہے۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں جب اتنا عظیم اجر محض غصہ کو پی جانے پر حاصل ہوگا تو اس شخص کے مقام ومرتبہ کی بلندی کا کیا اندازہ ہوسکتا ہے جو محض غصہ کو پی جانے پر اکتفا نہ کرے بلکہ اس کے ساتھ عفو واحسان کا برتاؤ بھی کرے۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں: **الاحسان أن تحسن الى المسئ فان الاحسان الى المحسن متأجرة**'' کہ اصل احسان یہی ہے کہ تم اس شخص پر احسان کرو جو تمہارے ساتھ برا کرے کیونکہ جس شخص نے تم پر احسان کیا ہے اگر تم اس پر احسان کرے ہو تو یہ تجارت ہے۔

على أن ينفذه: باب تفعیل سے ہے، اور ایک روایت میں ''**على انفاذه**'' کے الفاظ ہیں۔ لہٰذا باب افعال سے پڑھنا بھی درست ہے۔ جملہ حالیہ ہے اور جواب شرط اگلا جملہ ہے۔

كظم: صاحب نہایہ لکھتے ہیں: **كظم الغيظ تجرعه واحتمال سببه والصبر عليه۔**

بیضاوی میں لکھتے ہیں: **عن النبي ﷺ ان هؤلاء في امتي قليل الا من عصمه الله،و قد كانوا كثيرا من الأمم التي مضت۔** اھ۔ اس روایت کو ثعلبی نے مقاتل بن حبان سے نقل کیا ہے۔ **قال: بلغنا ان رسول الله ﷺ قال: ان هؤلاء الخ** اور شاید کہ یہ اس آیت مبارکہ سے ماخوذ ہے: ﴿وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ (۱۰) اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ (۱۱) فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ (۱۲) ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ (۱۳) وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ (۱۴)﴾ [الواقعة: ۱۰۔۱۴] ''اور جو آگے بڑھنے والے ہیں (انکا کیا کہنا) وہ آگے ہی بڑھنے والے ہیں وہی (خدا کے) مقرب ہیں نعمت کی بہشتوں میں وہ بہت سے تو اگلے لوگوں میں سے ہوں گے اور تھوڑے سے پچھلوں میں سے''۔

تخریج: اس روایت کو امام احمدؒ نے بھی اپنی مسند میں روایت کیا ہے۔

۵۰۸۹: وَفِيْ رِوَايَةِ الْاٰبِيْ دَاوٗدَ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَبْنَآءِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ مَلَاَ اللّٰهُ قَلْبَهٗ اَمْنًا وَاِيْمَانًا وَذَكَرَ حَدِيْثَ سُوَيْدٍ مَّنْ تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ فِيْ كِتَابِ اللِّبَاسِ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٦١ الحديث رقم ٢٤٨١۔

حضرت سوید رضی اللہ عنہ کی یہ روایت تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ فِيْ كِتَابِ اللِّبَاسِ میں نقل کی جا چکی ہے۔

واضح رہے کہ اس روایت کا ابتدائی حصہ بھی روایت سابق کے مثل ہے، البتہ سوید بن وہب کی روایت میں ''علی انفاذہ'' کے الفاظ ہیں۔

تخریج: اس روایت کو ابن ابی الدنیا نے ''ذم الغضب'' میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔ (الجامع)

عرضِ مرتب:

من ترك لباس..... یہ مکمل روایت یوں ہے:

وَعَنْ سُوَيْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ رَّجُلٍ مِنْ اَبْنَاءِ اَصْحٰبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ مَنْ تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ تَوَاضُعًا كَسَاهُ اللّٰهُ حُلَّةَ الْكَرَامَةِ وَمَنْ تَزَوَّجَ لِلّٰهِ تَوَجَّهُ اللّٰهُ تَاجَ الْمُلْكِ اھ۔

اس روایت کو تکرار کے باعث یہاں سے ساقط کر دیا ہے، باب کی مناسبت سے وہاں ذکر کیا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

الفصل الثالث:

اسلام کا اخلاق حیاء ہے

۵۰۹۰: عَنْ زَيْدِ بْنِ طَلْحَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ دِيْنٍ خُلُقًا وَخُلُقُ الْاِسْلَامِ الْحَيَاءُ۔ (رواه مالك مرسلاً)

أخرجه مالك فی الموطأ ٢/٩٠٥ الحديث رقم ٩، من كتاب حسن الخلق۔

ترجمہ: حضرت زید بن طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ ہر دین کے اخلاق ہوتے ہیں اور اسلام کا اخلاق حیاء ہے مالک نے اسے مرسلاً روایت کیا ہے۔

راویٔ حدیث:

زید بن طلحہ۔ یہ زید بن طلحہ ہیں' تابعی ہیں۔ ان سے ''سلمہ بن صفوان زرقی'' روایت کرتے ہیں۔ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے ان کی حدیث ''حیاء'' کے بارے میں ذکر کی ہے۔

تشریح: یہاں ''حیاء'' سے اس چیز میں شرم وحیا کرنا مراد ہے جس میں حیا کرنا مشروع ہے' چنانچہ جن چیزوں میں شرم وحیاء کرنے کی اجازت نہیں ہے جیسے تعلیم وتدریس' امر بالمعروف ونہی عن المنکر' ادائیگی حق کا حکم دینا' خود حق کو ادا کرنا اور گواہی دینا وغیرہ وغیرہ' ان میں شرم وحیا کرنے کی کوئی فضیلت نہیں ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ ہر دین کے لوگوں پر کوئی نہ کوئی وصف وخصلت غالب رہتی ہے چنانچہ اہل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسلام پر جس طبعی وصف کو غالب قرار دیا گیا ہے وہ حیاء ہے اور باوجودیکہ حیا بھی ان اوصاف وخصائل میں سے ہے جو تمام ادیان ومذاہب کے لوگوں میں مشترک طور پر پائی جاتی ہیں لیکن اسی وصف حیاء کو خاص طور پر اہل اسلام پر غالب کیا گیا ہے اور دوسرے مذاہب کے لوگوں میں اس جوہر کو بہت کم رکھا گیا ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ حیاء نہ صرف یہ کہ طبعی خاصیتوں اور خصلتوں میں سب سے اعلیٰ درجہ رکھتی ہے بلکہ یہ وہ جوہر ہے جس سے انسانی اخلاق وکردار کی تکمیل بھی ہوتی ہے اور چونکہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے: بعثت لا تمم مکارم الاخلاق (میں اچھے اخلاق کی تکمیل کے لئے دنیا میں بھیجا گیا ہوں) اس لئے اس جوہر کے ذریعہ ملت اسلامیہ کے اخلاق واوصاف کو کمال کے درجہ پر پہنچایا گیا ہے اور ایک موقع پر اپنے اصحاب کرامؓ کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا: استحیوا من اللہ تعالیٰ حق العیاء۔ (الحدیث) میں (ملا (علی قاری) کہتا ہوں

حقیقت تو یہ ہے کہ صرف حیا ہی میں منحصر نہیں ہے بلکہ ہم سے پہلے کی امتوں میں تمام ہی اخلاق وخصائل ناقص تھے یہاں تک کہ نبی کریم ﷺ دنیا میں تشریف لائے اور آپ ﷺ کی برکت سے ملت اسلامیہ میں تمام اخلاق وخصائل کو کامل ومکمل کیا گیا اسی لئے ملت اسلامیہ کی اس خاصیت کو اللہ تعالیٰ نے ان الفاظ میں بیان فرمایا ہے: [كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ]

[آل عمران ۔ ۱۱۰]

۵۰۹۱۔۵۰۹۲: وَرَوَاهُ ابْنِ مَاجَةِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ عَنِ أَنَسٍ وَابْنِ عَبَّاسٍ ۔

أخرجه ابن ماجه في ۲/۱۳۹۹ الحديث رقم ٤١٨١ و عن ابن عباس الحديث رقم ٤١٨٢٢ والبيهقي في الشعب ٦/١٣٦ الحديث رقم ٧٧١٦۔

ترجمہ: اور ابن ماجہ اور شعب الایمان میں بیہقی نے اس روایت کو حضرت انس وابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے۔

تشریح: ابن ماجہؒ اور بیہقیؒ نے مذکورہ بالا روایت کو حضرت انس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بطریق موقوف نقل نہیں کیا ہے جیسا کہ عبارت کے ظاہر اسلوب سے یہ گمان ہوسکتا ہے بلکہ بطریق مرفوع آنحضرت ﷺ کے ارشاد گرامی کے طور پر نقل کیا ہے۔

نیز مذکورہ عبارت سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان دونوں یعنی ابن ماجہ اور بیہقی میں سے ہر ایک نے ان دونوں صحابیؓ سے اس روایت کو نقل کیا ہے اور یہ بھی احتمال ہوسکتا ہے کہ مذکورہ عبارت میں ان دونوں کا ذکر علی الترتیب ہو یعنی ابن ماجہ نے اس روایت کو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اور بیہقی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے۔ لیکن جامع صغیر میں اس حدیث کو ابن ماجہ کے سلسلہ کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا گیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسی طرح بیہقیؒ نے بھی اس روایت کو ان دونوں صحابیؓ سے نقل کیا ہے۔

دو ساتھی حیا اور ایمان

۵۰۹۳: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الْحَيَاءَ وَالْإِيْمَانَ قُرِنَاءُ جَمِيْعًا فَإِذَا رُفِعَ أَحَدُهُمَا رُفِعَ الْآخَرُ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/ ١٤٠ الحديث رقم ٧٧٢٧۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حیاء اور ایمان ساتھی ہیں جب ایک ختم ہو جائے تو دوسرا بھی ختم ہو جاتا ہے۔

تشریح: قرناء: قرین کی جمع ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں یہ لفظ ان لوگوں کی دلیل ہے جو یہ کہتے ہیں کہ اقل جمع کا اطلاق دو پر ہوتا ہے۔ اھ۔ اور ایک نسخہ میں یہ لفظ ماضی مجہول کے صیغہ تثنیہ کے ساتھ ''قرنا'' منقول ہے ای جعلا مقرونین۔

جمیعًا: ''مجتمعین'' کے معنی میں ہے۔ یہ ماقبل کی تاکید معنوی ہے۔

٥٠٩٤ :وَفِيْ رِوَايَةِ ابْنِ عَبَّاسٍ فَاِذَا سُلِبَ اَحَدُهُمَا تَبِعَهُ الْاٰخَرُ۔ (رواه البيهقي في شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/ ١٤٠ الحديث رقم ٧٧٢٦۔

ابن عباسؓ کی روایت میں ہے کہ جب یہ چھین لیا جائے تو دوسرا خود چھن جاتا ہے۔ بیہقی شعب الایمان۔

توضیح وتخریج: امام حاکم نے اور ابونعیم نے ''الحلیہ'' میں عن ابن عمر اس کی موافقت کی ہے۔ اور طبرانی نے بھی الاوسط میں عن ابن عباس اسکی موافقت کی ہے۔ لیکن ان کے الفاظ یہ ہیں: **الحياء والايمان في قرن، فاذا سلب احدهما تبعه الآخر** اور انہی کی ایک روایت میں عن ابی موسیٰ ہے یہ الفاظ مروی ہیں: **الحياء والايمان مقرونان لا يفترقان الا جميعا۔**

ایک نصیحت اپنے اخلاق درست رکھو

٥٠٩٥ :وَعَنْ مُعَاذٍ قَالَ كَانَ اٰخِرُ مَا اَوْصَانِيْ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ وَضَعْتُ رِجْلِيْ فِي الْغَرْزِ اَنْ قَالَ يَا مُعَاذُ اَحْسِنْ خُلُقَكَ لِلنَّاسِ۔ (رواه مالك)

أخرجه مالك في الموطأ ٢/ ٩٠٢ الحديث رقم ١ من كتاب حسن الخلق۔

ترجمہ: حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے جو آخری نصیحت فرمائی جب کہ میں نے رکاب میں پاؤں رکھا فرمایا اے معاذ! اپنے اخلاق لوگوں کے لئے اچھے رکھو۔ (مالک)

تشریح: الغرز: غین معجمہ کے فتحہ، راء کے سکون اور زاء معجمہ کے ساتھ، اونٹ کے کجاوے میں موجود موضع رکاب کو کہا جاتا ہے۔ (قالہ لباجی)

النہایہ میں لکھتے ہیں: **الغرز ركاب كور الجمل اذا كان من جلد أوخشب وقيل هو الكور مطلقا كالركاب للسرج أن قال:** امام طیبیؒ فرماتے ہیں: أن قال، ''کان'' کی خبر ہے۔ اور حين وضعت، ''أن قال'' کے لئے ظرف ہے۔

قوله: أحسن خلقك للناس:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے زمانۂ حیات میں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کا قاضی بنا کر بھیجا تھا۔ چنانچہ جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ اپنے منصب سنبھالنے کے لئے یمن روانہ ہونے لگے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو بہت سی نصیحتیں فرمائیں۔ گھوڑے پر سوار کرایا اور رخصت کرنے کے لئے خود پاپیادہ کچھ دور تک ان کے ساتھ گئے اس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ الفاظ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھی فرمائے تھے کہ معاذ! شاید تم پھر مجھے نہ دیکھ پاؤ۔ چنانچہ معاذ رضی اللہ عنہ کو اس کے بعد سرکار رسالت پناہ کی زیارت نصیب نہیں ہوئی، وہ یمن ہی میں تھے کہ آنحضرت ﷺ نے اس دنیا سے پردہ فرمالیا۔ بہرحال حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے مذکورہ بالا روایت میں آنحضرت ﷺ کی جس وصیت کا ذکر کیا ہے وہ اسی موقع پر ان کے لئے آنحضرت ﷺ کی آخری نصیحت تھی۔

سیوطیؒ کہتے ہیں کہ یہاں ''لوگوں'' سے مراد وہ لوگ ہیں جو خوش خلقی اور نرمی و مہربانی کے مستحق ہوں ورنہ جہاں تک اہل کفر و کا تعلق ہے (وہ اس دائرہ سے خارج ہیں) اور ان کے ساتھ سختی کا برتاؤ کرنے کا حکم ہے (بلکہ سرکش لوگوں کے ساتھ اختیار کی جانے والی سختی و درشتی ہی حسن خلق ہے کیونکہ نہ صرف ان کی تربیت وتہذیب اسی درشتی وسختی پر منحصر ہوتی ہے بلکہ ان کے ساتھ اختیار کئے جانے والے اس رویہ کے ساتھ دوسرے لوگوں کے حالات کی بہتری وسلامتی بھی وابستہ ہوتی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ سیوطیؒ کے نزدیک گویا حدیث میں حسن خوش خلقی سے مراد نرمی و مہربانی اور عفو و درگزر کا رویہ اختیار کرنا ہے۔)

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں' کہا جاتا ہے کہ رفق و مہربانی حسن خلق میں سے ہے۔ تو ممکن ہے کہ آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد گرامی تمام مخلوق کو شامل ہو۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ادع الی سبیل ربك بالحكمة و الموعظة الحسنة.....﴾ [النحل۔۱۲۵]

مجھے عمدہ اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا

۵۰۹۶: وَعَنْ مَالِكٍ بَلَغَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بُعِثْتُ لِاُتَمِّمَ حُسْنَ الْاَخْلَاقِ۔

(رواه فی المؤطا)

أخرجه مالك فی الموطأ ۲/۹۰۴ الحديث رقم ۲ من كتاب حسن الخلق۔

ترجمہ: حضرت مالکؒ بیان کرتے ہیں کہ مجھے یہ روایت پہنچی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے اچھے اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہے۔ (مؤطا امام مالک)

تشریح: بلغه: مجرور ہے، اور فاعل ''أن رسول الله ﷺ'' الخ ہے۔

احتمال ہے کہ یہ روایت امام مالک کے نزدیک متصل ہو، لیکن انہوں نے تابعی اور صحابی دونوں کو ذکر نہیں کیا۔ اور ایک احتمال یہ ہے کہ منقطع ہو، بایں طور کہ دو راویوں کو ترک کر دیا ہے۔ اور ظاہر بھی یہی ہے، چنانچہ اگر یہ روایت مرفوع ہوتی تو صحابی کا نام ذکر کرتے، اور اگر مرسل ہوتی تو تابعی کا نام ذکر کرتے۔

امام طیبیؒ نے بھی تقریباً یہی بات کہی ہے، وہ فرماتے ہیں: هذا يحتمل ان يكون متصلا، وراوى مالك لم يذكر الاتصال وأن يكون مرسلا وان لم يذكر مالك التابعى ولا الصحابى وقيل انه منقطع

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں یہ تمام احتمالات عقلی ہیں، اور قواعد حدیث کی رو سے یہ منقطع ہے۔ اس لئے کہ اس کے علاوہ میں ''بلغه'' کی تعبیر اختیار نہیں کی جاتی، بلکہ تحقیقی بات یہ ہے کہ یہ روایت معلق کے قبیل سے ہے۔ اس میں طویل بحث ہے، جس کو میں نے ''شرح النخبة'' میں بیان کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعثت صیغۂ مجہول کے ساتھ ہے۔

حسن: حاء کے ضمہ اور سین کے سکون کے ساتھ ہے۔

حسن الأخلاق ای الاخلاق الحسنة والافعال المستحسنة

اور ایک نسخہ میں بروزن قلم ہے۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا: لان أجعل حسنها أحسنها

قاضی بیضاویؒ فرماتے ہیں: وكانت العرب أحسن اخلاقا بما بقي عندهم من شريعة ابراهيم عليه السلام، وكانوا ضلوا با لكفر عن كثير منها' فبعث ﷺ ليتم محاسن الأخلاق (ذکرہ السیوطی) اور تحقیقی بات وہ ہے جو ہم نے ماقبل میں ذکر کی ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: لأ تمم الخ اس میں دو احتمال ہیں: ﴿ ان يراد به ان كملها بعد النقصان ﴾ أنه جمعها بعد التفرقة ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿اولئك الذين هدى الله فبهدا هم اقتده﴾ [الانعام۔ ۹۰]

امام فخر الدین فرماتے ہیں یہ آیت آنحضرت ﷺ کی فضیلت پر دلالت کرتی ہے۔ چونکہ اللہ جل شانہ نے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حکم یہ دیا ہے، کہ آپ ان کے طریقہ کی اقتداء کریں، لہٰذا آنحضرت ﷺ کیلئے لازم ہے، کہ آپؐ امتثال امر فرمائیں، چنانچہ یہ بات لازم آتی ہے، کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام میں ان لوگوں کے تمام اخلاق وخصائل متفرقہ پائے جائیں۔ پہلے معنی کی طرف آنحضرت ﷺ نے ان الفاظ کے ساتھ اشارہ فرمایا: مثلي ومثل الانبياء كمثل قصر احسن بنيانه وترك موضع لبنة منه .....لكنت أنا سددت موضع تلك اللبنة حتى تم بي البنيان اھ۔ دونوں اقوال کے جمع میں بھی کوئی مانع نہیں چونکہ آنحضرت ﷺ من جانب اللہ ''جمع الجمع'' کے مرتبہ پر فائز تھے۔

قوله: رواه في المؤطا: اس عبارت میں ایک مناقشہ ہے جو ماقبل میں گزر چکا ہے۔ یا اس کی تقدیری عبارت یوں ہے: رواه مالك عن مالك لہٰذا مؤلف کو یوں کہنا چاہئے تھا: كذا في المؤطا

۵۰۹۷: وَرَوَاهُ اَحْمَدُ عَنِ اَبِیْ هُرَيْرَةَ ۔

أخرجه احمد في المسند ۲/ ۳۸۱۔

ترجمہ: اور احمدؒ نے اس روایت کو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

تشریح: الجامع میں لکھتے ہیں: ''انما بعثت لأتمم صالح الاخلاق'' اس حدیث کو ابن سعد سے امام بخاری نے ''الادب المفرد'' میں، امام حاکم نے اور امام بیہقی نے ''شعب الایمان'' میں حضرت ابو ہریرہ سے نقل کیا ہے۔

آئینہ دیکھنے کی دعا

۵۰۹۷۸: وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَظَرَ فِي الْمِرْاٰةِ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ حَسَّنَ خَلْقِيْ وَخُلُقِيْ وَزَانَ مِنِّيْ مَاشَانَ مِنْ غَيْرِيْ۔

(رواه البيهقي في شعب الايمان مرسلا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٤/ ١١١ الحديث رقم ٤٤٥٩۔

ترجمہ: حضرت جعفر بن محمد اپنے والد محترمؒ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب آئینہ دیکھتے تو یہ دعا پڑھتے: تمام تعریفیں اس اللہ تعالیٰ کے لئے جس نے میری صورت اور اخلاق دونوں کو خوبصورت بنایا اور میری ہر وہ چیز اچھی بنائی جو دوسروں کی بری ہے۔ اس روایت کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔

تشریح: المرآۃ: میم کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

حسن: از باب تفعیل صیغہ معروف کے ساتھ ہے۔ بمعنی اُحسن۔

خلقی و خلقی: پہلا لفظ بفتح الاول اور دوسرا لفظ بضم الخاء ہے۔ ''خلق'' کو خلق پر مقدم فرمایا، چونکہ خلق ظاہری چیز ہے۔

حدیث کے آخری الفاظ کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح بعض آدمیوں کی جسمانی تخلیق میں کوئی عیب ونقصان ہوتا ہے (کہ مثلاً کوئی شخص ایک ہاتھ سے یا ایک آنکھ وغیرہ سے محروم ہوتا ہے یا کسی شخص کی کوئی ٹانگ ٹیڑھی ہوتی ہے یا کوئی اور عضو ناقص ہوتا ہے) اس طرح اللہ تعالیٰ نے مجھ میں کوئی جسمانی عیب ونقص نہیں رکھا بلکہ مجھ کو تمام نقصان وعیوب سے محفوظ اور صحیح وسلامت رکھا! نقصان وعیب عام ہے بلکہ اس کا تعلق خواہ جسمانی تخلیق و پیدائش سے ہو یا اخلاق و کردار سے۔ بہرحال یہ حدیث اس بات کی واضح دلیل ہے کہ کسی بھی انسان کے مقابلہ میں آنحضرت ﷺ کی سیرت وصورت بہت اعلیٰ اور بہت خوب تھی اور جیسا کہ طیبیؒ نے کہا ہے مذکورہ بالا حدیث گویا آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد: **بعثت لا تمم حسن الاخلاق** (میں حسن اخلاق کی تکمیل کے لئے بھیجا گیا ہوں) کی وضاحت بھی ہے۔ کہ ''نقصان'' کو ''شین'' قرار یا۔ جیسا کہ ابوالطیب کا کہنا ہے: **ولم أر في عيوب الناس عيبا كنقص القادرين على التمام** آنحضرت ﷺ کا اپنے حسن صورت وحسن سیرت پر اللہ تعالیٰ کی حمد اور اس کا شکر ادا کرنا' حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت سلیمان علیہ السلام کے اس حمد وشکر کی طرح ہے جس کو قرآن میں اللہ تعالیٰ نے یوں فرمایا ہے: ﴿ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴾

[النحل:١٥]

''اور بلاشبہ ہم نے داؤد اور سلیمان کو علم سے مالا مال کیا اور ان دونوں نے کہا کہ تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں اپنے مؤمن بندوں میں سے اکثر پر فضیلت عطا فرمائی۔''

اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آئینہ دیکھنا مستحب ہے اور اپنے حسن صورت وحسن سیرت پر اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرنا بھی مستحب ہے کیونکہ یہ دونوں نعمتیں اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے عطا ہوتی ہیں لہٰذا ان پر خدا کا شکر ادا کرنا چاہئے۔ انتھی

رہی یہ بات کہ ظاہری حسن وخوبصورتی ایک ایسی چیز ہے جس کو آئینہ میں دیکھا جا سکتا ہے لہٰذا آئینہ دیکھ کر اس پر شکر ادا کرنا تو سمجھ میں آتا ہے لیکن اس کے ساتھ حسن سیرت یا حسن خلق کا ذکر سمجھ میں نہیں آتا کیونکہ وہ ایک پوشیدہ چیز ہے جس کا آئینہ میں دیکھا جانا ممکن ہی نہیں ہے؟

اس کے جواب میں یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ بے شک حسن سیرت کوئی نظر آنے والی چیز نہیں ہے لیکن انسان کا ظاہر [illegible] اس کے باطن کی غمازی کرتا ہے اور کسی دوسرے کے بارے میں بات چاہے صحیح نہ ہو لیکن رسول خدا پر یہ بات ضرور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صادق آتی ہے کہ حسن صورت وحسن سیرت کا ایک ایسا جلی عنوان ہوتا ہے جس کو دیکھ کر باطن کے احوال کا ادراک کیا جاسکتا ہے لہٰذا اس مناسبت سے حضور ﷺ نے حسن سیرت کے ساتھ حسن صورت کو بھی ذکر فرمایا

اور اگر یہ سوال پیدا ہو کہ کیا آنحضرت ﷺ کے علاوہ دوسرے لوگوں کو بھی یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کی اتباع میں آئینہ دیکھ کر مذکورہ طرح سے حمد وثنا کریں یا اس طرح حمد وثنا کرنا صرف آنحضرت ﷺ کے ساتھ مخصوص تھا اور دوسرے لوگ وہ دعا پڑھنے پر اکتفا کریں جو آگے آنے والی حدیث میں نقل ہوگی

اس کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث میں حمد وثنا اور شکر کے جو الفاظ مذکور ہیں ان کو ہر مؤمن پڑھ سکتا ہے کیونکہ انسان اس اعتبار سے کہ وہ اچھی صورت کے ساتھ پیدا کیا گیا ہے اور وہ صاحب ایمان ہے بلاشک وشبہ دین واخلاق کے اوصاف سے مزین ہوتا ہے۔

عرضِ مرتب:

بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے حمد وثنا اور شکر کے مذکورہ الفاظ اپنی ذات کے تعلق سے فرمائے تھے اور ظاہر ہے کہ حسن صورت اور حسن سیرت کا وصف جو کمال ونہایت کے ساتھ حضور ﷺ کی ذات میں تھا وہ کسی دوسرے میں نہیں ہو سکتا اس لئے کسی دوسرے کے لئے ان الفاظ کو استعمال کرنا موزوں نہیں ہوگا چاہے امت کے بعض افراد کے اعتبار سے اس طرح کے الفاظ کے استعمال کو جائز نہ کہا جائے لیکن امت کے لئے بہتر یہی ہے کہ اسی دعا کو اختیار کیا جائے جو اگلی حدیث میں منقول ہے۔ (مظاہر حق)

تخریج: اس حدیث کو بزارؒ نے حضرت انسؓ سے ان الفاظ کے ساتھ مرفوعاً روایت کیا ہے:

الحمد لله الذى سوى خلقى، واحسن صورتى، وزان منى ما شان من غيرى

حضرت انسؓ سے مروی طبرانی اور ابن سنی کی روایت میں یہ الفاظ وارد ہوئے ہیں:

الحمد لله الذى سوى خلقى فعدله، وصور صورة وجهى فأحسنها، وجعلنى من المسلمين

پاکیزگیٔ اخلاق کی دعا

۵۰۹۹: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ حَسَّنْتَ خَلْقِيْ فَاَحْسِنْ خُلُقِيْ۔

(رواه احمد)

أخرجه احمد فى المسند ٦/٦٨۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا فرمایا کرتے تھے کہ اے اللہ! تو نے میری صورت جس طرح حسین بنائی ہے اسی طرح میری سیرت کو بھی حسین بنادے۔ (احمد)

تشریح: یہ دعا یا تو آپ ﷺ مطلق (کسی بھی وقت) فرماتے تھے یا آئینہ میں اپنی صورت دیکھ کر فرماتے تھے جیسا کہ جزریؒ نے حصن حصین میں صراحت بھی کی ہے اور پہلی حدیث کے مطابق یہی زیادہ موزوں ہے!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آنحضرت ﷺ کی یہ دعا امت کی تعلیم وتلقین کے لئے تھی تاکہ امت کے لوگ اپنے حق میں اسی طرح دعا مانگا کریں اس دعا کا تعلق خود آپ ﷺ کی ذات سے تھا اس صورت میں آپ ﷺ کی مراد گویا یہ طلب ودرخواست تھی کہ خدایا! اپنے دین کو کامل اور اپنی نعمتوں کو پورا کر دے ارشاد باری تعالیٰ ہے: [الیوم اکملت لکم دینکم وأتممت علیکم نعمتی] [المائدۃ۔۳] اس مراد کا قرینہ یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کے خلق کو اچھا اور مہذب کرنے کا ذریعہ قرآن کریم تھا جیسا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تھا کہ آنحضرت ﷺ کا خلق قرآن تھا۔ لہٰذا آنحضرت ﷺ کا اپنے اخلاق کا اچھا ہونے کی دعا کرنا درحقیقت قرآن کو نازل کرنے اور اس کے نزول کو پورا کرنے کی طلب ودرخواست تھی۔

تحقیقی بات یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کا یہ دعا مانگنا طلب مزید کیلئے تھا۔ جیسا کہ اس آیت کریمہ سے مستفاد ہوتا ہے: ﴿وقل رب زدنی علمًا﴾ [طٰہٰ۔۱۱۴] بعض عارفین نے تصریح کی ہے، کہ ترقیات باطنیہ لامتناہی ہیں، حتیٰ کہ ان کا سلسلہ جنت میں بھی چلے گا۔ (اور جنت میں ہونے والی باطنی ترقیاں بھی غیر متناہی ہوں گے،) چونکہ یہ ترقیاں، تجلیات الٰہیہ سے حاصل ہوں گی، اور تجلیاتِ الٰہیہ لامتناہی ہیں۔ اور شاید کہ اس آیت کریمہ: ﴿للذین أحسنوا الحسنٰی وزیادۃ﴾ [یونس۔۲۶] میں اسی افادہ کی طرف اشارہ ہو۔

تخریج: اس حدیث کو امام دارمی نے حضرت عائشہؓ سے، اور ابن حبان نے حضرت ابن مسعودؓ سے نقل کیا ہے۔ دونوں کی روایت کے الفاظ یہ ہیں: **اللھم أنت حسنت خلقی فحسن خلقی**

اس حدیث کو امام بزارؒ نے حضرت عائشہؓ اور ابو ہریرہؓ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:

اللھم کما حسنت خلقی فأحسن خلقی وحرم وجھی علی النار

بہتر آدمی لمبی عمر اور عمدہ اخلاق والا

۵۱۰۰: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُنَبِّئُکُمْ بِخِیَارِکُمْ قَالُوْا بَلٰی یَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خِیَارُکُمْ اَطْوَلُکُمْ اَعْمَارًا وَاَحْسَنُکُمْ اَخْلَاقًا۔ (رواہ احمد)

أخرجہ احمد فی المسند ۲/۳۶۸۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا میں تمہیں بہتر لوگوں کے متعلق آگاہ نہ کروں صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ضرور کریں فرمایا تم میں بہترین وہ ہیں جن کی عمر لمبی اور اخلاق اچھے ہوں۔ (احمد)

تشریح: (ظاہر ہے کہ جن لوگوں کے اخلاق واطوار پاکیزہ اور اچھے ہوں گے اور ان کی عمر زیادہ ہوگی تو وہ نیکیاں اور عبادتیں بہت کریں گے جس کے نتیجے میں ان کو فضائل وکمالات بھی زیادہ حاصل ہوں گے اس سے معلوم ہوا کہ مسلمان کی عمر کا دراز ہونا اس کے حق میں بہت مبارک ہے اور حقیقت میں دراز عمر شخص وہی ہے جو نیک کاموں میں مشغول رہے۔)

طبرانی نے حضرت علیؓ سے اور ابو نعیم نے "الحلیۃ" میں عبداللہ بن بسر سے مرفوعاً نقل کیا ہے: **طوبی لمن طال عمرہ**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وحسن عمله امام طیبیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث مبارکہ میں ایک اور ارشاد نبوی کی طرف اشارہ ہے کہ جس میں یہ مذکور ہے، کہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سوال کیا گیا: أی الناس خیر؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: من طال عمره وحسن عمله تو گویا کہ "أحسنكم اخلاقا" حسن عمله کی طرح ہے۔ کہ طول عمر اور حسن خلق کو یکجا ذکر فرمایا۔

کامل مؤمن

۵۱۰۱: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا۔

(رواه ابوداؤد والدارمی)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ٥/٦٠ الحديث رقم ٤٦٨٢، والدارمی فی ٢/٤١٥ الحديث رقم ٢٧٩٢، واحمد فی المسند ٢/٢٥٠۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایمان کے لحاظ سے کامل مؤمن وہ ہے جو اخلاق میں سب سے اچھا ہے۔ (ابوداؤد دارمی)

تخریج: اس حدیث کو امام احمد، ابن حبان اور حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔ ترمذی اور ابن حبان کی روایت میں اتنا اضافہ بھی ہے: وخیارکم خیارکم لنسائهم

تین سچائیاں

۵۱۰۲: وَعَنْهُ اَنَّ رَجُلًا شَتَمَ اَبَابَكْرٍ وَّالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ يَتَعَجَّبُ وَيَتَبَسَّمُ فَلَمَّا اَكْثَرَ رَدَّ عَلَيْهِ بَعْضَ قَوْلِهٖ فَغَضِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَامَ فَلَحِقَهُ اَبُوْبَكْرٍ وَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَشْتِمُنِيْ وَاَنْتَ جَالِسٌ فَلَمَّا رَدَدْتُّ عَلَيْهِ بَعْضَ قَوْلِهٖ غَضِبْتَ وَقُمْتَ قَالَ كَانَ مَعَكَ مَلَكٌ يَرُدُّ عَلَيْهِ فَلَمَّا رَدَدْتَّ عَلَيْهِ وَقَعَ الشَّيْطَانُ ثُمَّ قَالَ يَااَبَا بَكْرٍ ثَلٰثٌ كُلُّهُنَّ حَقٌّ مَامِنْ عَبْدٍ ظُلِمَ بِمَظْلِمَةٍ فَيُغْضِيْ عَنْهَا لِلّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اِلَّا اَعَزَّاللّٰهُ بِهَا نَصْرَهٗ وَمَا فَتَحَ رَجُلٌ بَابَ عَطِيَّةٍ يُرِيْدُ بِهَا صِلَةً اِلَّازَادَ اللّٰهُ بِهَا كَثْرَةً وَّمَا فَتَحَ رَجُلٌ بَابَ مَسْئَلَةٍ يُرِيْدُ بِهَا كَثْرَةً اِلَّا زَادَ اللّٰهُ بِهَا قِلَّةً۔ (رواه احمد)

أخرجه احمد فی المسند ٢/٤٣٦۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے جناب ابوبکرؓ کو گالی دی آپ ﷺ تشریف فرما تھے اس پر متعجب ہو کر تبسم فرما رہے تھے جب اس نے زیادہ گالیاں دیں تو حضرت ابوبکر نے ایک کا جواب دیا آپ ﷺ ناراض ہو کر کھڑے ہو گئے۔ ابوبکر کہنے لگے یا رسول اللہ ﷺ وہ مجھے گالی دیتا رہا اور آپ ﷺ تشریف فرما رہے جب میں نے اس کی ایک گالی کا جواب دیا تو آپ اٹھ گئے آپ ﷺ نے فرمایا تیرے ساتھ ایک فرشتہ تھا جو اس کا جواب دے رہا تھا جب تو نے خود جواب دینا شروع کیا تو شیطان درمیان میں کود پڑا اور میرے بعد فرمایا تین الکل سچ ہیں جس پر ظلم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہو رضائے الٰہی کی خاطر چشم پوشی کرے تو اللہ تعالیٰ اسے معزز و منصور فرمائے گا جس شخص نے سخاوت کا دروازہ کھولا اس کا مقصود صرف صلہ رحمی تھا تو اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے مال میں اضافہ فرمائے گا اور جس نے مال بڑھانے کی خاطر مانگنا شروع کیا اللہ تعالیٰ اس کے مال میں کمی کر دے گا۔ (احمد)

تشریح: ثلاث: کی تمیز محذوف ہے أی ثلاث خصال

مظلمة: بکسر اللام مشہور ہے۔ اور بعض کا کہنا ہے کہ فتحہ کے ساتھ بھی ہے، لیکن بعض نے اس کی تردید کی ہے۔ فراء نے ضمہ بھی نقل کیا ہے۔ المغرب میں لکھتے ہیں: المظلمة الظلم واسم المأخوذ اور صاحب قاموس لکھتے ہیں: الظلم وضع الشیء فی غیر موضعه والمظلمة بکسر اللام ما یظلم الرجل

فیغض: اغضاء سے مأخوذ ہے، غین اور ضاد معجمہ کے ساتھ ہے۔ اور ایک نسخہ میں عین مہملہ کے ساتھ ہے یعنی اعفاء سے مأخوذ ہے۔ جس کے معنی ہیں عفو و درگزر اور تسامح کرنا۔

قوله: الا عز الله بها: یہ باء برائے مقابلہ ہے، یا سبب کے معنی میں ہے۔ ای: بمقابلة تلك المظلمة والاهانة او بسبب تلك الخصلة المعانة

باب عطية يريد بها صدقة: ایک روایت میں باب عطية بصدقة او صلة کے الفاظ ہیں۔

قوله: يتعجب ويتبسم: حیرت کا تعلق یا تو اس شخص کی بدزبانی اور اس میں شرم و حجاب کی کمی سے تھا یا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے صبر و تحمل اور ان کے باوقار و بردبار رویہ سے تھا اور مسکرانے کا تعلق اس فرق سے تھا جو آپ ﷺ ان دونوں کے درمیان دیکھ رہے تھے علاوہ ازیں آپ ﷺ کی نظر ان دونوں کے حق میں مرتب ہونے والے نتیجہ پر بھی تھی کہ وہ شخص تو اپنی بدکلامی کے سبب عذاب کا مستوجب ہو رہا تھا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ پر ان کے صبر و تحمل اور بردباری و چشم پوشی کے سبب رحمت الٰہی نازل ہو رہی تھی۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی اس کی بعض باتوں کا جواب دیا گویا انہوں نے اس موقع پر (جواب دے کر) رخصت و اجازت پر عمل کیا جو ایک عام آدمی کے لئے موزوں ہے اور اس عزیمت کو ترک کیا جو خواص کے مرتبہ و شان کے عین مطابق ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: [وَ جَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ] [الشوری:۳۹] ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ؕ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ﴾ [النحل:۱۲۶] (برائی کا بدلہ اس برائی کے مطابق لیا جا سکتا ہے لیکن جو شخص درگزر کرے اور اصلاح کرے تو اس کا اجر اللہ پر ہے) چنانچہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اگرچہ اس شخص کی باتوں کا بدلہ لے کر اور بعض باتوں پر صبر اختیار کر کے گویا دونوں پہلوؤں کی رعایت کی مگر نگاہ نبوت میں چونکہ ان کے لئے وہ مرتبہ کمال مطلوب تھا جو ان کی شان صدیقیت کے مطابق ہے اس لئے ان کا اس شخص کی بعض باتوں کا جواب دے کر جزوی بدلہ لینا بھی حضور ﷺ کو پسند نہیں آیا اور آپ ﷺ پر وہ کیفیت طاری ہو گئی جو ناراض ہو جانے والے شخص پر ہوتی ہے۔ چنانچہ آپ ﷺ مجلس سے اٹھ کر چلے گئے تاکہ ایک طرف تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے رویہ پر ناپسندیدگی کا [illegible] بھی ہو جائے اور دوسری طرف اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد پر عمل بھی ہو جائے: ﴿وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[القصص:۵۵] ''جب وہ کوئی لغو بات سنتے ہیں تو اس سے اعراض کرتے ہیں''۔

قوله: فلما رددت عليه وقع الشيطان: حضور ﷺ نے گویا یہ واضح فرمایا کہ جب تم خود جواب دینے لگے تو پھر شیطان کو دخل دینے کو موقع مل گیا اور وہ فرشتہ جو تمہاری طرف سے جواب دے رہا تھا آسمان پر چلا گیا اور تم یہ جانتے ہی ہو کہ جب کسی معاملہ میں شیطان کود پڑے تو کیا کچھ نہیں ہو جاتا' وہ بے حیائی اور برائی پر اکسانے کے علاوہ اور کیا کر سکتا ہے۔ چنانچہ مجھے خوف ہوا کہ کہیں شیطان کا داؤ تم پر نہ چل جائے اور تم اپنے مخالف سے بدلہ لینے میں حد سے زیادہ بڑھ جاؤ اور اس کا نتیجہ یہ ہو کہ تم جو مظلوم تھے ظالم کی جگہ پر آ جاؤ جب کہ چاہئے کہ یہ تم اللہ کے مظلوم بندے بنو ظالم بندے نہ ہو۔

ایک روایت میں ہے: **كن عبد الله المظلوم، ولا تكن عبد الله الظالم**

اور ایک دوسری روایت میں آتا ہے: **كن خير ابني آدم**، ہابیل نے قابیل کے جواب میں جو کچھ کہا تھا اللہ جل شانہ نے یوں ذکر فرمایا ہے: ﴿**لئن بسطت الي يدك لتقتلني ما أنا بباسط يدي اليك لأقتلك**﴾ [المائدة۔۲۸]

تخریج: ابن ابی الدنیا نے ''ذم الغضب'' میں عبدالرحمٰن بن عوف سے یوں روایت کیا ہے: **ثلاث أقسم عليهن ما نقص مال قط من صدقة فتصدقوا' ولاعفا رجل عن مظلمة ظلمها الا زاده الله بها عزا' فاعفوا يزدكم الله عزا' ولا فتح رجل على نفسه باب مسألة يسأل الناس الافتح الله عليه باب فقر** ۔اسی حدیث کو امام احمد اور ترمذی نے ابو کبشہ انماری سے یوں نقل کیا ہے: **ثلاث أقسم عليهن مانقص مال عبد من صدقة ولا ظلم عبد مظلمة صبر عليها الازاده الله عزوجل عزا' ولا فتح عبد باب مسألة الافتح الله عليه باب فقر' وأحد ثكم حديثا فاحفظوه' انما الدنيا لأربعة نفر عبد رزقه الله مالا وعلما فهو يتقي فيه ربه ويصل فيه رحمه ويعلم لله فيه حقا فهذا بأفضل المنازل' وعبد رزقه الله علما ولم يرزقه مالا فهو صادق النية يقول :لوان لي مالا لعملت بعمل فلان فهو بنيته فأجرهما سواء' وعبد رزقه الله مالاولم يرزقه علما يخبط في ماله بغير علم لايتقي فيه ربه ولا يصل فيه رحمه ولا يعلم لله فيه حقا فهذا بأخبث المنازل' وعبد لم يرزقه الله مالا ولا علما فهو يقول :لو أن مالا لعملت فيه بعمل فلان فهو بنيته فوزرهما سواء**

بھلائی والا خاندان

۵۱۰۳: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُرِيْدُ اللّٰهُ بِاَهْلِ بَيْتٍ رِفْقًا اِلَّا نَفَعَهُمْ وَلَا يُحْرِمُهُمْ اِيَّاهُ اِلَّا ضَرَّهُمْ۔ (رواه البيهقي في شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/٣٣٧ الحديث رقم ٨٤١٨۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ جس خاندان پر مہربانی کرتا ہے انہیں نفع دیتا ہے اور جن کو اس سے محروم کرتا ہے تو ان کے نقصان کا ارادہ کرتا ہے۔ (بیہقی شعب الایمان)

تشریح: لا يحرم : یاء کے فتحہ اور بعض کا کہنا ہے کہ ضمہ کے ساتھ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْغَضَبِ وَالْكِبْرِ

غصہ وخود بینی (خودستائی) کا بیان

"غضب" کے معنی ہیں غصہ ہونا اور حقیقت میں غضب یا غصہ اس طبعی کیفیت و حالت کو کہتے ہیں جو طبیعت و مزاج کے خلاف پیش آنے والی بات پر نفس کو برانگیختہ کرتی ہے' انتقام لینے پر اکساتی ہے اور ناپسندیدہ چیز میں مغضوب علیہ کی طرف میلان کرتی ہے تاکہ اس سے انتقام لے سکے اور طبیعت کے خلاف پیش آنے والی صورت حال کو دور کر سکے

غصہ کی حالت میں چہرہ سرخ ہو جاتا ہے اور رگیں پھول جاتی ہیں اسی طرح خوشی کی حالت میں بھی روح باہر کی طرف میلان کرتی ہے تاکہ اس چیز کے سامنے آ جائے جو خوشی کا باعث بنی ہے۔ چنانچہ غصہ یا خوشی کی زیادتی کے وقت ہلاکت کا خوف اسی لئے ہوتا ہے کہ اس موقع پر روح پوری طرح نکل آنا چاہتی ہے۔ اس کے برخلاف غم یا خوف کی حالت میں روح اندر کی طرف چلی جاتی ہے جس کی وجہ سے چہرہ پر زردی چھا جاتی ہے اور جسم کو کمزوری لاحق ہو جاتی ہے' اس حالت میں بھی ہلاکت کا خوف ہوتا ہے کیونکہ روح پوری طرح اندر کی طرف چلی جاتی ہے اور مطلق سرد ہو جاتی ہے! اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف غضب وغصہ کی نسبت کرنا جیسا کہ ایک موقع پر فرمایا گیا ہے: من لم یسأل اللہ یغضب علیہ (جو شخص اللہ کے سامنے دست سوال دراز نہیں کرتا تو اللہ اس پر غصہ ہوتا ہے) مجاز ہے اور اللہ تعالیٰ کے غصہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس بندے سے ناراض ہو جاتا ہے اور اس کے ساتھ وہ معاملہ کرتا ہے جو کوئی بادشاہ غصہ کے وقت اپنی رعایا کے ساتھ کرتا ہے یعنی سزا دیتا ہے اور عذاب نازل کرتا ہے۔

غضب کی ضد حلم ہے اور حلم دراصل نفس وطبیعت کے اس سکون واستقلال کا نام ہے جو محبوب ترین چیز کے قریب پہنچ جانے اور مقصود ومراد کے بالکل سامنے ہونے کے وقت بھی انسان کو بے قرار نہیں ہونے دیتا جیسا کہ وفد عبدالقیس کے سردار حضرت منذر رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ جب وہ اپنا وفد لے کر مدینہ پہنچے تو انہوں نے آنحضرت ﷺ کو دیکھ کر اس اضطراب وبے قراری کا اظہار نہیں کیا جو ان کی قوم کے دوسرے لوگوں نے ظاہر کیا تھا اور اسی لئے آنحضرت ﷺ نے ان کو حلم ووقار کی خوبیوں سے موصوف قرار دیا تھا۔

کیا غصہ مذموم ہے؟

واضح رہے کہ غضب غصہ کوئی ایسی خصلت نہیں ہے جس کو بذات خود برا کہا جائے بلکہ اس میں برائی اس وقت آتی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب اس کی وجہ سے راہِ حق چھوٹ جائے اور احکام شریعت کی پابندی ترک ہو جائے چنانچہ جو غضب وغصہ حق کی خاطر ہو اور حق کی راہ میں ہو اس کو محمود و مستحسن کہا جائے گا یہی وجہ ہے کہ راہ طریقت وسلوک میں ریاضت ومجاہدہ کا مقصد مطلق غضب وغصہ کو ختم کر دینا نہیں ہوتا بلکہ اس کو قابو میں رکھنا اور حق کے تابع کرنا ہوتا ہے اور ویسے بھی قدرت نے غضب کو ایک ایسی قوت بنایا ہے جو جسمانی نظام کو برقرار رکھنے کا ذریعہ اور بقاء حیات کا سبب ہے کیونکہ یہ قوت غضبیہ ایسی ہوتی ہے جو مضرات وموذیات سے بچاتی ہے چنانچہ نباتات و جمادات کو نیست و نابود کرنے پر ہر کوئی اسی لئے قادر ہوتا ہے کہ حق تعالیٰ نے ان دونوں کو قوت غضبیہ سے محروم رکھا ہے اس کے برخلاف حکمت کاملہ خداوندی نے حیوانات میں نہ صرف یہ کہ قوت غضبیہ پیدا کی ہے بلکہ ان کے بعض جسمانی حصوں کو گویا ایسے آلات وہتھیار کے طور پر بنایا جن سے وہ نقصان وایذا پہنچانے والوں سے اپنا دفاع کر سکیں' جیسے سینگ اور دانت وغیرہ اور انسان میں اگرچہ اس طرح کی چیزیں پیدا نہیں کی ہیں لیکن اس کو وہ عقل وتدبیر دکھا دی ہے جس کے ذریعہ وہ ضرورت و حالت کے مطابق ایسے آلات وہتھیار بنا سکتا ہے جو اس کو نقصان و ایذاء پہنچانے والے سے محفوظ رکھ سکتے ہوں۔ (مظاہر حق)

"کبر" کے اصل معنی تو بڑائی کے ہیں لیکن یہاں اس سے مراد وہ کبر ہے جو عجب یعنی خود بینی وخود ستائی کے نتیجہ میں پیدا ہوتا ہے چنانچہ اپنے آپ کو اس طور پر بڑا سمجھنا اور بڑا ظاہر کرنا کہ جس کے سبب لوگوں پر اپنی فوقیت برتری جتانا مقصود ہو حق کو قبول کرنے اور حق کی فرمانبرداری سے انکار ہوتا ہو اور تمرد وسرکشی ظاہر ہوتی ہو تکبر اور استکبار کہلائے گا!

واضح رہے کہ تکبر اس صورت میں مذموم ہے جب کہ وہ واقع کے خلاف ہو' یعنی اگر کوئی شخص اپنی ذات میں ایسے اوصاف و فضائل اور کمالات کا دعویٰ کرے جن سے حقیقت میں ہو خالی ہو اور مصنوعی طور پر اپنے آپ کو ان فضائل وکمالات سے متصف ظاہر کرتا ہو تو ایسا کرنا مذموم ہوگا اور اگر اس شخص کی ذات میں واقعتاً ایسے فضائل وکمالات ہوں جن کی بنا پر وہ اپنے آپ کو دوسروں سے برتر وبلند اور بڑا سمجھتا اور ظاہر کرتا ہو تو یہ مذموم نہیں بلکہ محمود ہوگا۔

نیز یہ بات بھی ذہن میں رہنی چاہئے کہ تکبر کے مقابلہ پر تواضع ہے جو کبر اور صغر کے درمیان توسط اور راہ اعتدال ہے' چنانچہ کبر تو یہ ہے کہ کوئی شخص ان اوصاف وفضائل سے بھی زیادہ کا دعویٰ کرے جو وہ اپنے اندر رکھتا ہے اور صغر یہ ہے کہ اپنے اصل مقام سے بھی نیچے گر جائے اور وہ جس چیز کے دعویٰ کا حق رکھتا ہے اس کو بھی ترک کر دے ان دونوں کے درمیان تواضع ہے جو توسط اور اعتدال کا مقام ہے یعنی اپنے آپ کو نہ تو حد سے زیادہ بڑھایا جائے اور نہ حد سے نیچے گرایا جائے بلکہ بین بین رکھا جائے' کیونکہ ہر چیز اور ہر حالت کی طرح اس معاملہ میں بھی اصل کمال توسط اور اعتدال ہی ہے۔ مشائخ اور صوفیاء قدس اللہ ارواحہم کا معمول یہ رہا ہے کہ جب وہ اپنے نفس میں تکبر کا غلبہ دیکھتے تو اس کو زائل کرنے میں اتنا مبالغہ کرتے تھے کہ تواضع کے بجائے صغر کا مقام اختیار کرنے کی کوشش کرتے تاکہ نفس آخر الامر تواضع کے مقام پر رک جائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الاول:

ایک نصیحت غصہ مت کرو

۵۱۰۴: عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَجُلاً قَالَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَوْصِنِیْ قَالَ لَا تَغْضَبْ فَرَدَّدَ ذٰلِكَ مِرَارًا قَالَ لَا تَغْضَبْ۔ (رواہ البخاری)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۵۱۹/۱۰ الحدیث رقم ٦١١٦، والترمذی فی السنن ۳۲٦/٤ الحدیث رقم ۲۰۲۰ و مالك فی الموطأ ۹۰۵/۲ الحدیث رقم ۱۱ من باب الغضب واحمد فی المسند ۱۷۵/۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص نے نصیحت کا سوال کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا غصہ مت کیا کرو اس نے دوبارہ سوال دھرایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا غصہ مت کیا کرو۔ (بخاری)

عرضِ مرتب:

سائل کے جواب میں آپؐ نے ہر بار ایک ہی جواب ارشاد فرمایا۔ اس کی بابت صاحب ''مظاہر حق'' لکھتے ہیں: چونکہ اس شخص میں غصہ کا مادہ زیادہ تھا اس لئے اس نے جتنی مرتبہ بھی یہ درخواست کی کہ مجھ کو کوئی نصیحت فرما دیجئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی جواب دیا کہ غصہ مت کرو چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول یہی تھا کہ سوال کرنے والا جس حالت و کیفیت کا حامل ہوتا اس کو جواب اسی حالت و کیفیت کے مطابق ارشاد فرماتے اور ہر ایک کے مرض کے علاج اس کے احوال کی مناسبت سے تجویز فرماتے' اسی لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے حق میں اجتناب کے حکم کو بار بار ظاہر کرنا ہی مناسب جانا۔ (انتھیٰ)

بعض محققین کہتے ہیں کہ غضب وغصہ کی کیفیت دراصل شیطانی وسوسوں سے پیدا ہوتی ہے جس کے سبب انسان ظاہر میں بھی اور باطن میں بھی' اعتدال کی راہ سے گزر جاتا ہے اور شیطان کے جال میں پھنس جاتا ہے چنانچہ اس حالت میں وہ نہ صرف اس طرح اول فول بکنے لگتا ہے اور ایسے افعال وحرکات کا ارتکاب کرتا ہے جو شرعی طور پر بھی اور اخلاقی طور پر بھی نہایت برے اور نازیبا ہوتے ہیں' بلکہ دل میں کینہ اور بغض بھی رکھتا ہے' اس کے علاوہ ایسی اور بہت سی چیزیں اس سے صادر ہوتی ہے جو بدخلقی و بدخوئی کی نشانیاں ہیں اور بسا اوقات تو غصہ کرنے والا اس درجہ مغلوب الغضب ہو جاتا ہے کہ اس سے کفر تک سرزد ہو جاتا ہے۔ غضب وغصہ چونکہ انسان کو دین و دنیا کے سخت ترین نقصان میں مبتلا کر دیتا ہے اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مذکورہ شخص کے بار بار عرض گزار ہونے کے باوجود بس ایک ہی نصیحت کی کہ غصب مت کرو! اور ہر مرتبہ اسی کی تاکید فرماتے رہے' گویا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو یہ تعلیم ارشاد فرمائی کہ غصب کا تعلق بدخلقی سے ہے اور بدخلقی محض ایک برائی ہی نہیں ہے بلکہ اس کی وجہ سے نہ معلوم کتنی برائیاں پیدا ہو جاتی ہیں اور کتنے نقصانات کرنا پڑتے ہیں۔ لہٰذا غصہ سے اجتناب و پرہیز کر کے خوش خلقی اختیار کرو جو دین و دنیا کی بھلائیوں اور دارین کی سعادتوں کی ضامن ہے۔

شریعت نے غصہ کا علاج بھی تجویز کیا ہے جو علم وعمل کا مرکب ہے' چنانچہ اگر کوئی ایسی صورت حال پیش آ جائے جو غصہ کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبب ہو تو علاج یہ ہے کہ دل میں یہ تصور کرے اور اس پر یقین رکھے کہ کوئی کام اللہ تعالیٰ کے ارادہ و تقدیر کے بغیر نہیں ہوتا' جو کچھ بھی ہوتا ہے اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہوتا ہے' نفع و نقصان سب اسی کے اختیار میں ہے' انسان تو ظاہر میں ایک آلہ ہے' لہٰذا جس شخص کی طرف سے کوئی نقصان یا تکلیف پہنچے اس پر غصہ ہونا ایسا ہے جیسے کوئی شخص چھری یا چاقو پر غصہ ہو کہ اس نے کیوں کاٹا علاوہ ازیں اپنے نفس کو سمجھائے کہ دیکھ اللہ تعالیٰ کس قدر قادر ہے اور اس کا غضب کتنا شدید ہے مگر اس کے باوجود وہ درگزر کرتا ہے بندے اس کی کس طرح مخالفت کرتے ہیں اور اس کے احکام سے کس طرح سرکشی اختیار کرتے ہیں لیکن وہ ان پر غضب نازل نہیں کرتا' پھر تو اتنا بڑا کہاں کا آیا کہ ناک پر مکھی بھی نہیں بیٹھنے دیتا

دوسرا علاج ہے وہ یہ ہے کہ فوراً وضو کر ڈالے اور اعوذ پڑھنے لگے تاکہ پانی کی ٹھنڈک' غصہ کی حرارت کو فرو کر دے اور نفس دوسری طرف مشغول ہو جائے۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ کلام و بیان بڑا مستحسن ہے، مگر تحقیق یہ ہے کہ غصہ کا مدار شہوت نفس پر ہے۔ چونکہ انسان کو غضب مذموم اسی وقت لاحق ہوتا ہے جب وہ قوت شہوت کا شکار ہوتا ہے۔ چنانچہ مشاہدہ ہے کہ جس میں شہوت زیادہ ہوگی اس کا غصہ بھی تیز ہوتا ہے جیسا کہ ملوک و امراء، لہٰذا اس سے بچنا چاہئے، اس کی تائید اگلی حدیث سے بھی ہوتی ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد اور ترمذی نے ابو ہرہ سے روایت کیا ہے اور امام احمد و حاکم نے حارثہ بن قدامہ سے نقل کیا ہے اور ابن ابی الدنیا نے "ذم الغضب" میں (کسی راوی کا نام ذکر کئے بغیر) عن رجل کہتے ہوئے یوں بیان کی ہے: "لاتغضب فان الغضب مفسدة۔" ابن ابی الدنیا کی ایک روایت میں اور طبرانی میں ابو الدرداء سے یوں منقول ہے: لا تغضب ولك الجنة۔

مضبوط غصہ پر قابو پانے والا ہے

۵۱۰۵: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصُّرَعَةِ اِنَّمَا الشَّدِيْدُ الَّذِىْ يَمْلِكُ نَفْسَهٗ عِنْدَ الْغَضَبِ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۵۱۸/۱۰ الحدیث رقم ٦١١٤ و مسلم فی ۲۰۱٤/٤ الحدیث رقم (۱۰۷-۲٦۰۹) و ابوداؤد فی السنن ۱۳۸/۵ الحدیث رقم ٤٧٧٩ و مالك فی الموطأ ۹۰٦/۲ الحدیث رقم ۱۲ من کتاب البر و الصلة، و احمد فی المسند ۲۳٦/۲۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مضبوط وہ شخص نہیں جو کشتی میں پچھاڑ دے بلکہ مضبوط وہ شخص ہے جو غصہ کے وقت اپنے اوپر قابو رکھتا ہو۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: "صرعة" بروزن همزه' صرع سے ماخوذ ہے۔ جس کے معنی ہیں اپنے مدمقابل کو پچھاڑنا۔ صاحب النہایہ لکھتے ہیں: الصرعة بضم الصاد وفتح الراء، المبالغ فی الصرع الذی لا یغلب۔

اصل میں اگر کوئی چیز انسان کی سب سے بڑی دشمن اور اس کے مقابلہ میں سب سے زیادہ طاقتور ہے تو وہ خود اس کا نفس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے! اگر کوئی شخص بڑے بڑے پہلوانوں کو پچھاڑتا رہا اور اپنے طاقتور ترین دشمن کو بھی زیر کرتا رہا' مگر خود اپنے نفس پر غالب نہیں آسکا تو یہ کوئی کمال نہیں ہے' اصل کمال تو یہ ہے کہ انسان اپنے نفس کو زیر کرے جو اس کا اصل دشمن ہے۔ اسی لئے فرمایا: اعدی عدوك نفسك التی جنبیك۔

''تمہارے دشمنوں میں سب سے بڑا دشمن تمہارا نفس ہے جو تمہارے دونوں پہلوؤں کے درمیان ہے''۔

بدن کی قوت ظاہری اور جسمانی ہے جو زوال پذیر اور فنا ہو جانے والی ہے اس کے برخلاف جو قوت نفس کو زیر کرتی ہے وہ دینی اور روحانی ہے جو حق تعالیٰ کی طرف سے عطا ہوتی ہے اور ہمیشہ باقی رہتی ہے۔ لہٰذا نفس کو مارنا' وصف اور کمال کی بات ہے جبکہ آدمی کو پچھاڑنا کوئی حقیقت نہیں رکھتا ۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد نے اپنی مسند میں نقل کیا ہے۔

اہل جنت اور اہل نار

۵۱۰۶: وَعَنْ حَارِثَةَ بْنِ وَهْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ الْجَنَّةِ كُلُّ ضَعِيْفٍ مُتَضَعَّفٍ لَوْاَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِاَهْلِ النَّارِ كُلُّ عُتُلٍّ جَوَّاظٍ مُسْتَكْبِرٍ (متفق علیه وفی روایة لمسلم) **كُلُّ جَوَّاظٍ زَنِيْمٍ مُتَكَبِّرٍ** ۔

أخرجه البخاری فی صحیحه ٨/٦٦٣ الحدیث رقم ٤٩١٨ و مسلم فی ٤/٢١٩٠ الحدیث رقم (٤٦/٢٨٥٣)، والروایة الثانیة فی (٢٧-٢٨٥٣)، والترمذی فی السنن ٤/٦١٨ الحدیث رقم ٢٦٠٥ و ابن ماجه فی ٢/١٣٧٨ الحدیث رقم ٤١١٦، واحمد فی المسند ٤/٣٠٦۔

ترجمہ: حضرت حارث بن وہب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں اہل جنت کے متعلق نہ بتاؤں؟ ہر وہ شخص جو کمزور ہو اور اسے کمزور قرار دیا جاتا ہے اگر وہ اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم اٹھالے تو اللہ تعالیٰ اس کی قسم کو پورا کر دیتے ہیں کیا میں تمہیں اہل نار کے متعلق نہ بتاؤں جو ناحق لڑائی کرنے والا اور متکبر ہو۔ (بخاری، مسلم) اور مسلم کی روایت میں درشت خو، متکبر کے الفاظ ہیں۔

تشریح: کل: ''ھو'' مبتدا محذوف کی خبر ہے، چنانچہ مرفوع ہے۔ ایک نسخہ میں مجرور ہے۔ وجہ جر بدلیت ہے۔

متضعف: باب تفعّل سے صیغہ فاعل ومفعول دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔ ''ضعیف متضعف'' از باب تاکید ہے، جیسا کہ جنود مجندة، قناطیر مقنطرة اور ظل ظلیل ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿أشداء علی الکفار رحماء بینهم﴾ [الفتح:٢٩] ﴿أذلة علی المؤمنین أعزة علی الکافرین﴾ [المائدة:٥٤] چنانچہ اس میں اشارہ ہے کہ جو شخص مؤمنین کے ساتھ بکثرت تواضع اختیار کرے گا، وہ مقربین کے اعلیٰ مراتب میں ہوگا، اور اسی طرح جو شخص بکثرت تکبر وتجبر کا اظہار کرے گا، وہ اسفل السافلین میں ہوگا۔

حدیث میں ''ضعیف'' سے مراد وہ شخص ہے جو تونگر نہیں اور متکبر ہو اور نہ لوگوں پر جبر وزیادتی کرنے والا ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام نوویؒ فرماتے ہیں: لفظ "متضعف" کو عین کے زیر اور زبر دونوں طرح ضبط کیا ہے اور مشہور عین پر زبر ہی ہے اور عین کو زیر کے ساتھ پڑھنے کی صورت میں اس لفظ کے معنی متواضع' کمتر اور گمنام کے ہوں گے۔

اور مراد یہ ہے کہ جنت میں جن لوگوں کی اکثریت ہوگی وہ یہی لوگ ہوں گے' اسی طرح دوسری قسم کے لوگ (یعنی جن کو دوزخی قرار دیا گیا ہے) سے بھی یہی مراد ہے کہ دوزخیوں کی اکثریت ان ہی لوگوں پر مشتمل ہوگی۔

علماء نے لأبره کے کئی معنی بیان کئے ہیں:

① اگر وہ شخص اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم پر اعتماد کر کے کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے پر قسم کھالے تو اللہ تعالیٰ اس کو سچا کرتا ہے اور اس کے اعتماد کو پورا کرتا ہے یعنی اس کی قسم ٹوٹتی نہیں ہے بلکہ پوری ہو جاتی ہے۔

ترجمہ میں اس معنی کو ملحوظ رکھا گیا ہے!

② اگر وہ شخص اپنے پروردگار سے کسی چیز کا طلب گار ہوتا ہے اور اس کو قسم دے کر اپنی مراد پوری ہونے کی دعا کرتا ہے تو پروردگار اس کی قسم کی لاج رکھتا ہے اور اس کی مراد پوری کرتا ہے

③ اگر وہ شخص کسی کام کے بارے میں قسم کھا کر یہ کہتا ہے کہ حق تعالیٰ اس کام کو کرے گا یا اس کام کو نہیں کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی قسم کو سچا کرتا ہے یعنی اس طرح کرتا ہے جو اس کی قسم کے مطابق ہوتا ہے۔

"زنیم" کے معنی کمینہ کے ہیں اور اس کا اطلاق اس شخص پر ہوتا ہے جو اپنے آپ کو نسبی اعتبار سے کسی ایسی قوم (یا ایسے طبقہ) کی طرف منسوب کرے جس سے حقیقت میں وہ کوئی تعلق نہیں رکھتا۔ (ذکرہ الطیبی) (اسی لئے "زنیم" کا ترجمہ "حرام زادہ" کیا جاتا ہے۔) چنانچہ "عتل" اور "زنیم" کے الفاظ قرآن کریم میں بھی آئے ہیں اور مذکورہ بالا معنی ہی میں ان الفاظ کا مصداق ولید بن مغیرہ اور اس کے مشابہ لوگوں کو قرار دیا گیا ہے (جو کفار مکہ میں سے تھا اسلام و پیغمبر اسلام کا سخت ترین دشمن تھا۔) مناسب یہ ہے کہ حدیث میں اس لفظ کی تفسیر اعم معنی کے ساتھ کی جائے۔ اس کے اعم معنی ہیں وہ لئیم جو اپنی صفت لؤم میں یا اپنے شر کی وجہ سے معروف ہو۔ (ملا علی قاری) اور یہ بھی ممکن ہے، کہ زنیم اس وصف سے کنایہ ہو، چونکہ غالب احوال میں یہ اس کو لازم ہے۔ امام احمد وغیرہ نے ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے: ولد الزنا شر الثلاثة اور ایک روایت میں ہے: اذا عمل بعمل أبويه اور یہ جو مروی ہے: "ولد الزنا لا يدخل الجنة" تو اس روایت کی بالکل کوئی اصل نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔

عتل: عین اور تاء دونوں مضموم ہیں، اور لام مشدد ہے۔ اس کے معنی ہیں: جاف شديد الخصومة بالباطل، اور بعض کا کہنا ہے، الجافي الفظ الغليظ

جوّاظ: واؤ کی تشدید کے ساتھ۔ اس کے متعدد معانی بیان کئے گئے ہیں:

جموع منوع: مختال قيل: السمين من التنعيم

قيل: الفاجر (جیم کے ساتھ) قيل: الفاخر (خاء کے ساتھ)

"متکبر" کے دو معنی بیان کئے گئے ہیں: متكبر عن الحق متكبر على أهله

تخریج: اس حدیث کو ابن ماجہ نے حضرت معاذؓ سے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ألا أخبركم عن ملوك الجنة؟ رجل ضعيف مستضعف ذو طمرين لا يؤبه له، لو أقسم على الله لأبره

اسی حدیث کو امام طبرانی نے ابوالدرداءؓ سے ان الفاظ میں نقل کیا ہے:

ألا أخبركم بأهل النار؟ كل جعظري جواظ مستكبر جماع منوع، ألا أخبركم بأهل الجنة؟ كل مسكين لو أقسم على الله لأبره

رائی کے برابر ایمان والا دوزخ میں نہ جائے گا

۵۱۰۷: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَايَدْخُلُ النَّارَ اَحَدٌ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ اِيْمَانٍ وَلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اَحَدٌ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ۔

(رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ۹۳/۱ الحديث رقم (۱۴۸-۹۱) و ابوداؤد في السنن ۳۵۱/٤ الحديث رقم ٤٠٩١، والترمذي في ۳۱۷/٤ الحديث رقم ۱۹۹۸ و ابن ماجه في ۱۳۹۷/۲ الحديث رقم ٤١٧٣، واحمد في المسند ٤١٢/١۔

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ وہ شخص دوزخ میں داخل نہیں ہوسکتا جس کے دل کے اندر رائی کے برابر ایمان ہو اور جس شخص کے دل میں رائی کے برابر تکبر ہے وہ جنت میں نہ جائیگا۔ (مسلم)

تشریح: مثقال حبة: سے مراد مقدار وزن حبہ ہے۔

من خردل: بعض کا کہنا ہے کہ "خردل" سے مراد "حبہ سوداء" ہے۔ اور یہ "قلت" کی تمثیل بیان کرنے کیلئے آتا ہے۔ جیسا کہ "مثقال ذرة" کہ یہ بھی بیان قلت کے لئے آتا ہے۔ "ایمان" سے مراد اصل ایمان نہیں ہے بلکہ ایمان کے ثمرات مراد ہیں جن کو فضائل واخلاق سے تعبیر کیا جاتا ہے خواہ ان کا تعلق ظاہر سے ہو یا باطن سے اور جو نور ایمان اور ظہور ایقان سے صادر ہوتے ہیں۔

جہاں تک اصلی ایمان کا تعلق ہے وہ چونکہ تصدیق قلبی کا نام ہے اس لئے اس میں نہ تو زیادتی ہوسکتی ہے اور نہ کمی اس اعتبار سے اس کو اجزاء میں منقسم بھی نہیں کیا جاسکتا' البتہ اس کے شعبے اور شاخیں بہت ہیں جو اصل ایمان کی حقیقت وماہیت سے خارج ہیں جیسے نماز روزہ اور زکوٰۃ اور اسی طرح اسلام کے دوسرے تمام ظاہری احکام یا جیسے تواضع اور ترحم اور اسی طرح وہ تمام چیزیں جو باطنی اوصاف وخصائل کا درجہ رکھتی ہیں' چنانچہ اس حدیث میں فرمایا گیا ہے: الایمان بضع وسبعون شعبة (ایمان کی کچھ اوپر ستر شاخیں ہیں) ظاہر ہے کہ شاخوں اور اس کی اصل کے درمیان اتنا گہرا اور قریبی تعلق ہوتا ہے کہ دونوں ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم کا درجہ رکھتی ہیں لیکن اس کے باوجود حقیقت وماہیت کے اعتبار سے کوئی بھی شاخ اپنی اصل کا مترادف نہیں ہو سکتی۔ اسی طرح اصل ایمان ایک الگ چیز ہے اور اسلام کے تمام ظاہری احکام وباطنی اخلاق وخصائل جداگانہ حیثیت رکھتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں، جن کو اصل ایمان کی حقیقت و ماہیت میں شامل نہیں کیا جا سکتا' چنانچہ آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد: الحیاء شعبة من الایمان (حیاء ایمان کی ایک شاخ ہے) مذکورہ بالا قول کی دلیل ہے کیونکہ تمام علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ حیاء ایمان کے مفہوم میں داخل نہیں ہے۔ اور اس ہر حدیث کا اگلا جملہ (ولا یدخل الجنة أحد فی قلبه مثقال حبة من خردل من کبر) بھی دلالت کر رہا ہے۔

ولا یدخل الجنة أحد فی قلبه مثقال حبة من خردل من کبر: مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص اس وقت تک جنت میں داخل نہیں ہوگا جب تک کہ اس کے نامہ اعمال میں تکبر کا گناہ موجود رہے گا ہاں جب وہ تکبر اور دوسری بری خصلتوں کی آلائش سے پاک وصاف ہو جائے گا تو اس وقت جنت میں داخل کیا جائے گا۔ اور یہ پاکی وصفائی اس طرح حاصل ہوگی کہ اللہ تعالیٰ اس کو عذاب میں مبتلا کرے گا اور وہ عذاب اس آلائش کو دھو دے گا یا اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس کو معاف کر دے گا اور یہ معافی اس آلائش کو زائل کر دے گی۔

خطابیؒ نے لکھا ہے کہ حدیث کے اس جزء کی دو تاویلیں ہیں' ایک تو یہ کہ کبر سے کفر وشرک مراد ہے۔ (اور ظاہر ہے کہ کفر و شرک پر جنت کے دروازے ہمیشہ ہمیشہ بند رہیں گے) دوسری تاویل یہ ہے کہ (''کبر'' سے مراد اس کے اپنے معنی ہی ہیں یعنی اپنے آپ کو دوسرے لوگوں سے برتر و بلند سمجھنا اور غرور و گھمنڈ میں مبتلا ہونا البتہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ) متکبر شخص اس وقت تک جنت میں داخل نہیں ہوگا جب تک کہ حق تعالیٰ کی رحمت اس پر متوجہ نہ ہو چنانچہ جب حق تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرنا چاہے گا تو اس کے دل میں سے کبر کو نکال باہر کرے گا اور پھر اس کی کدورتوں سے پاک وصاف کر کے جنت میں داخل کر دے گا۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: پہلی صورت از باب ''مقابلہ معنویہ'' ہے۔ اس میں ''ایمان'' کے ذریعہ اشارہ ہے کہ ''کبر'' کافر کی صفات میں سے ہے، لہٰذا اس سے اجتناب واجب ہے، اور ''کبر'' میں تلمیح ہے، کہ تواضع مؤمنین کی صفات میں سے ہے، لہٰذا اس میں رغبت کرنا چاہئے۔ آگے لکھتے ہیں: وهو الوجه لأن القصد الأولی فی سیاق الکلام وایراده الی معنی الوصفین الترغیب فی أحدهما والتنفیر عن الآخر، لا الی حکم الموصوفین وان لزمه تبعا اھ غایة تحقیق ونهایة تدقیق۔ امام طیبی کا یہ کلام پر مبنی ہے۔

تکبر حق کو جھٹلانا اور لوگوں کو حقیر قرار دینا

۵۱۰۸: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ كِبْرٍ فَقَالَ رَجُلٌ اِنَّ الرَّجُلَ يُحِبُّ اَنْ يَكُوْنَ ثَوْبُهٗ حَسَنًا وَنَعْلُهٗ حَسَنًا قَالَ اِنَّ اللّٰهَ جَمِيْلٌ يُحِبُّ الْجَمَالَ اَلْكِبْرُ بَطَرُ الْحَقِّ وَغَمْطُ النَّاسِ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم فی صحیحه ۱/۹۳ الحدیث رقم (۱۴۷-۹۱) و ابوداؤد فی السنن ۴/۵۳۱ الحدیث رقم ۴۰۹۱. والترمذی فی ۴/۳۱۷ الحدیث رقم ۱۹۹۹، واحمد فی المسند ۱/۳۹۹۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کے دل میں ایک ذرے کی مقدار تکبر ہے وہ جنت میں نہ جائے گا ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آدمی کو یہ بات پسند ہوتی ہے کہ اس کا کپڑا بھی خوبصورت ہو اور اس کا جوتا بھی خوبصورت ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ جمیل ہیں اور جمال کو پسند کرتے ہیں یعنی ستھرائی اس کو پسند ہے تکبر حق کو جھٹلانا اور لوگوں کو حقیر و ذلیل سمجھنا ہے۔ (مسلم)

تشریح: ان الرجل: جنس مراد ہے۔

نعله حسنا: "نعل" مؤنثات سماعیہ میں سے ہے۔ جیسا کہ ابن حاجب نے اپنے رسالہ میں ذکر کیا ہے۔ المشارق میں لکھتے ہیں: و نعله حسنة، پس صیغہ مذکر لانے میں معنی کا اعتبار ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ تقدیری عبارت یوں ہو: نعله ذات حسن اور یہ بھی ممکن ہے کہ لفظ "حسناء" بروزن "فعلاء" سے لفظ "حسن" بروزن "فعل" کی طرف عدول برائے مشاکلت ہو۔ نیز یہ لفظ اس بات کی صلاحیت بھی رکھتا ہے، کہ اس کو اس طرح پڑھا جائے۔

حدیث میں آتا ہے: ان اللّٰه يحب ان يرى اثر نعمته على عبده

قوله: الكبر بطر الحق: بطر: بائے موحدہ کے فتحہ اور طاء کے ساتھ۔ اس کے متعدد معانی بیان کئے گئے ہیں:

الكبر الذموم بطلان جمال الحق

"ذرہ" سے یا تو چیونٹی مراد ہے جس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ اس جیسی سو چیونٹیاں مل کر ایک جو کے وزن کے برابر ہوتی ہیں یا وہ ریزہ و غبار مراد ہے جو ہوا میں باریک باریک نظر آتا ہے اور روشنی کے وقت چمکتا ہے۔

قوله: فقال رجل: کے بارے میں مختلف اقوال ہیں کہ "ایک شخص" سے کون صحابیؓ مراد ہیں۔ چنانچہ بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس وقت جن صحابیؓ نے مذکورہ بات عرض کی تھی وہ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ تھے۔ بعض حضرات نے کہا ہے کہ وہ عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما تھے۔ اور بعض حضرات نے ربیعہ بن عامر رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا ہے۔

سوال کا سبب:

امام طیبیؒ نے ذکر کیا ہے کہ وہ یہ دیکھا کرتے تھے کہ جو لوگ غرور و تکبر کرتے ہیں اور اپنے علاوہ ہر ایک کو ذلیل و حقیر سمجھتے ہیں ان کی شان یہی ہوتی ہے۔ (ان کے جسم پر اعلیٰ اور نفیس لباس ہوتا ہے ان کے پیروں میں نہایت اعلیٰ جوتیاں ہوتی ہیں اور ان کے کپڑے وغیرہ اعلیٰ درجہ کے ہوتے ہیں) چنانچہ جب انہوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مذکورہ ارشاد سنا تو ان کو گمان ہوا کہ کہیں یہ چیزیں تو تکبر کی نشانیاں نہیں ہیں اور اعلیٰ و نفیس لباس وغیرہ ہی سے تو تکبر پیدا نہیں ہوتا' لہٰذا انہوں نے پوچھا کہ اگر کوئی شخص محض اپنی ذاتی خواہش و پسند اور استطاعت کی بنا پر اچھے اچھے کپڑے پہنے اور عمدہ جوتے وغیرہ استعمال کرے اور اس کے خیال میں بھی یہ بات نہ ہو کہ وہ اپنے کپڑوں وغیرہ کے ذریعہ دوسروں پر اپنی امارت و بڑائی کا رعب ڈالے گا۔ لوگوں کو ذلیل و حقیر سمجھے گا اور اتراہٹ و گھمنڈ کرے گا اور اس شخص کی اس نیت کی علامت یہ ہو کہ وہ جس طرح لوگوں کے سامنے اچھے کپڑے وغیرہ استعمال کرنا پسند کرتا ہو اسی طرح تنہائی میں بھی ان چیزوں کو پسند کرتا ہو (حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مذکورہ جواب کے ذریعہ واضح فرما دیا کہ) عمدہ زیب تن کرنا اور اچھے پہننا اس کی تہذیب و شائستگی اور اس کی خوش ذوقی کی علامت ہے اس سے شریعت نے منع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں کیا ہے) **قولہ: الکبر بطر الحق وغمط الحق الناس:** آپ ﷺ نے کبر کی حقیقت بیان فرمائی کہ جس کبر کو مذموم قرار دیا گیا ہے وہ دراصل اس کیفیت وحالت کا نام ہے جو انسان کو حق کے راستہ سے ہٹا دے یعنی توحید وعبادت خداوندی سے بے پرواہ بنا دے، حق وصداقت سے سرکشی کرنے پر مائل کرے، حقیقت تک پہنچنے سے روکے اور سچائی کو قبول کرنے سے باز رکھے اور مخلوق خدا کو ذلیل وحقیر سمجھنے پر مجبور کرے! بعض حضرات نے "بطر الحق" کے معنی "جمال حق کو باطل کرنا" لکھے ہیں۔

قولہ: ان اللہ تعالیٰ جمیل: اس کی کئی تفسیریں بیان کی گئی ہیں۔

اول: "اللہ تعالیٰ جمیل ہے" کا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنی ذات وصفات میں اور اپنے افعال میں جمیل ہے اور تمام ظاہری وباطنی حسن وجمال اسی کے جمال کا عکس ہیں۔ جمال، جلال، کمال بس اسی کی ذات پاک کا خاصہ ہے۔

ثانی: بعض حضرات نے "جمیل" کے معنی "آراستہ کرنے والے اور جمال بخشنے والے" بیان کئے ہیں۔

ثالث: بعضوں نے یہ کہا ہے کہ "جمیل" دراصل "جلیل" کے معنی میں ہے۔ اس صورت میں "اللہ جمیل ہے" کا مطلب یہ ہے کہ وہ تمام نور وبہجت اور حسن وجمال کا مالک ہے۔

اور نیز بعض حضرات نے یہ معنی بھی بیان کئے ہیں کہ وہ اپنے بندوں کا اچھا کارساز ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام ترمذیؒ نے ابن مسعودؓ سے، امام طبرانی نے ابوامامہؓ سے، امام حاکم نے ابن عمرؓ سے، اور ابن عساکر نے حضرت جابرؓ اور ابن عمروؓ سے روایت کیا ہے۔ امام بیہقی نے اس حدیث کو ابوسعیدؓ سے اس اضافہ کے ساتھ نقل کیا ہے:

ویحب ان یری أثر نعمته علی عبده ویبغض البؤس والتباؤس۔

اور ابن عدی نے اس زیادتی کے ساتھ ذکر کیا ہے: **سخی یحب السخاء، نظیف یحب النظافة۔**

نظر رحمت کے تین محروم

۵۱۰۹: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ لَایُکَلِّمُهُمُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَلَا یُزَکِّیْهِمْ وَفِیْ رِوَایَةٍ وَلَایَنْظُرُ اِلَیْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ شَیْخٌ زَانٍ وَمَلِكٌ کَذَّابٌ وَعَائِلٌ مُسْتَکْبِرٌ۔

(رواہ مسلم)

اخرجه مسلم فی ۱۰۲/۱ الحدیث رقم (۱۷۲-۱۰۷) و ابوداؤد فی السنن ۷۴۹/۳ الحدیث رقم ۳۴۷۵ والترمذی فی ۱۲۸/۴ الحدیث رقم ۱۵۹۵، والنسائی فی ۲۴۵/۷ الحدیث رقم ۴۴۵۸ و ابن ماجه فی ۷۴۴/۲ الحدیث رقم ۲۲۰۷، واحمد فی المسند ۴۸۰/۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تین آدمیوں سے اللہ قیامت کے دن نہ کلام فرمائیں گے اور نہ ان کو پاک فرمائیں گے اور ایک روایت میں یہ ہے کہ نہ ان کی طرف نگاہ رحمت ڈالیں گے اور وہ درد ناک عذاب میں مبتلا ہوں گے ان میں ایک زنا کرنے والا بوڑھا، جھوٹ بولنے والا بادشاہ اور متکبر فقیر۔ (مسلم)

تشریح: قولہ: وفی روایة ولاینظر الیهم..... اس میں دو احتمال ہیں۔ پہلا احتمال تو یہ ہے کہ حدیث کے یہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاظ (ولاینظر الیھم ..... ماقبل سے) بطور بدل کے مذکور ہوں۔ دوسرا احتمال یہ ہے، کہ (یہ الفاظ) بطور زیادت کے منقول ہوں، اور ظاہر بھی یہی ہے۔

''قیامت کے دن'' سے میدانِ حشر کا وقت مراد ہے جب اللہ کے فضل وعدل' غضب وناراضگی اور رضا کا ظہور ہوگا اور جنتیوں ودوزخیوں کے بارے میں فیصلے صادر کئے جائیں گے۔

قولہ :وَلَا يُزَكِّيهِمْ :اس کے دو معنی بیان کئے گئے ہیں: اول جب اللہ تعالیٰ میدانِ حشر میں اپنی تمام مخلوق کے سامنے اپنے مؤمن اور نیکوکار بندوں کی تعریف وستائش کرے گا تو اس وقت ان تین طرح کے آدمیوں کو اس تعریف وستائش سے خارج کر دیا جائے گا دوم: اللہ تعالیٰ ان تینوں طرح کے آدمیوں کو اپنے عفو ودرگزر کے ذریعہ ان کے گناہوں کی نجاست سے پاک و صاف نہیں کرے گا۔ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ کے بارے میں دو احتمال ہیں: ایک: یہ جملہ دوسری روایت کا تتمہ ہے۔

دوم اس کا تعلق اصل حدیث سے ہے۔ یہ دوسرا احتمال زیادہ قوی اور قابل اعتماد ہے۔

حاصل یہ کہ مذکورہ باتیں دراصل اللہ تعالیٰ کے غضب وکبر اور اس کی ناراضگی سے کنایہ ہیں' چنانچہ جو کوئی کسی شخص سے ناراض وخفا ہوتا ہے تو وہ نہ اس کی طرف نظر اٹھا کر دیکھتا ہے نہ اس سے کلام کرتا ہے اور نہ اس کی تعریف وستائش کرتا ہے بلکہ اس کو سزا وتنگی میں مبتلا کرتا ہے۔

حدیث میں جن تین برائیوں کے مرتکبین کے بارے میں وعید بیان فرمائی گئی ہے' وہ ہر حال میں مذموم اور مستوجب عذاب ہیں' خواہ ان برائیوں کا مرتکب کسی درجہ کا' کسی حیثیت کا اور کسی عمر کا آدمی ہو' لیکن یہاں ان برائیوں کے تعلق سے جن تین لوگوں کا ذکر کیا گیا ہے' ان کے اعتبار سے ان برائیوں کی سنگینی کہیں زیادہ بڑھ جاتی ہے۔

قولہ :شیخ زان: زنا ایک بہت برا فعل ہے اور جب یہ فعل جوان کے حق میں بھی بہت بڑا گناہ ہے جو طبعی طور پر معذور بھی ہوتا ہے تو ایک بڈھے کے حق میں یہ فعل کہیں زیادہ برا ہوگا کیونکہ نہ تو طبعی طور پر اس کی احتیاج رکھتا ہے اور نہ اس کی طبیعت پر جنسی خواہش اور قوت مردمی کا وہ غلبہ ہوتا ہے جو بسا اوقات عقل وشعور سے بیگانہ اور خوفِ خداوندی سے غافل کر دیتا ہے۔ لہٰذا جو بڈھا زنا کا مرتکب ہوتا ہے وہ گویا اپنی نہایت بے حیائی اور خبث طبیعت پر دلالت کرتا ہے'

قولہ :ملك كذاب: جھوٹ بولنا ہر شخص کے حق میں برا ہے لیکن بادشاہ کے حق میں بہت ہی برا ہے کیونکہ اس پر ملک کے انتظام' رعایا کے مصالح ومفاد کی رعایت اور مخلوق خدا کے معاملات کی نگہداشت کی ذمہ داری ہوتی ہے اس کا ایک ادنیٰ سا حکم پورے ملک کے نظم ونسق پر اثر انداز ہوتا ہے' اگر وہ جھوٹ کا مرتکب ہو تو اس کی اس برائی کی وجہ سے پورا ملک اور ملک کے تمام لوگ مختلف قسم کی برائیوں اور پریشانیوں میں مبتلا ہو سکتے ہیں' علاوہ ازیں جو لوگ جھوٹ بولتے ہیں وہ عام طور پر اس برائی کا ارتکاب اپنے کسی فائدہ کے حصول یا کسی نقصان کے دفعیہ کے لئے کرتے ہیں' جب کہ ایک بادشاہ وحاکم یہ مقصد بغیر جھوٹ بولے بھی حاصل کرنے پر قادر ہوتا ہے لہٰذا اس کا جھوٹ بولنا نہ صرف بالکل بے فائدہ بلکہ نہایت مذموم ہوگا۔

قولہ :عائل مستكبر: کہ جو چیزیں عام طور پر انسان کو غرور وتکبر میں مبتلا کر دیتی ہیں جیسے مال ودولت اور جاہ واقتدار (فقیر راوی) اگر کسی شخص میں پائی جائیں اور وہ ان چیزوں کی وجہ سے تکبر کرے تو اگرچہ اس شخص کو بھی برا کہیں گے مگر اس کا تکبر کرنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک طرح سے سمجھ میں آنے والی بات ہوگی۔ اس کے برخلاف اگر کوئی فقیر و مفلس تکبر کرے کہ جو نہ تو مال و دولت رکھتا ہے اور نہ جاہ و اقتدار وغیرہ کا مالک ہے تو یہ اس کا یہ فعل نہایت ہی برا ہوگا اور اس کے بارے میں اس کے علاوہ اور کیا کہا جائے گا کہ وہ خبث باطن میں مبتلا ہے۔

بعض حضرات نے عائل مستکبر میں لفظ عائل سے (مفلس کے بجائے) عیال دار مراد لیا ہے (یعنی جو بال بچے دار ہو اور اپنی خستہ حالی کی وجہ سے اپنے متعلقین کی ضروریات زندگی کو پورا کرنے پر قادر نہ ہو لیکن اس کے باوجود) از راہِ تکبر صدقہ و زکوٰۃ کا مال قبول کرنے پر تیار نہ ہو' لوگوں کی تواضع و امداد کو ٹھکراتے ہوں اور اس طرح وہ اپنے اہل و عیال کی ضرورت کو پورا کرنے سے بے پرواہ ہو کر گویا ان کو تکلیف و ہلاکت میں مبتلا کرتے ہوں تو ایسے لوگ حدیث میں مذکورہ وعید کا مورد ہیں

صاحب ''مظاہر حق'' یہاں لکھتے ہیں: واضح رہے کہ خدا کی ذات پر توکل و اعتماد اور غیرت و خودارادی کے تحت اپنی حالت کو چھپانا اور لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے شرم و حیاء کرنا تو ایک الگ چیز ہے لیکن سخت احتیاج و اضطرار کے باوجود کبر و نخوت اختیار کرنا اور از راہِ تکبر لوگوں کا احسان قبول نہ کرنا ایک ایسا فعل ہے جس کو نہایت مذموم ہی قرار دیا جا سکتا ہے۔ (انتھیٰ)

شَیْخٌ زانی کے بارے میں بھی بعض حضرات نے یہ کہا ہے کہ یہاں ''شیخ'' سے مراد محصن (شادی شدہ شخص) بھی ہو سکتا ہے خواہ وہ بوڑھا ہو یا جوان۔ جیسا کہ اس منسوخ التلاوت آیت [اَلشَّیْخُ وَالشَّیْخَۃُ اِذَا زَنَیَا فَارْجُمُوْھُمَا نَکَالًا مِّنَ اللّٰہِ وَاللّٰہُ عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ] میں ''شیخ'' سے مراد شادی شدہ مرد ہے' چنانچہ ایسے شخص کے حق میں زنا کا زیادہ برا ہونا شرعاً بھی اور عرفاً بھی بالکل ظاہر بات ہے اسی لئے ایسے شخص کو سنگسار کرنا واجب ہے

اسی طرح مَلِکٌ کَذَّابٌ کے بارے میں بھی کہا جاتا ہے کہ یہاں ملک (بادشاہ) سے مراد غنی و مالدار شخص بھی ہو سکتا ہے! چنانچہ کسی مفلس یا قلاش شخص کا جھوٹ بولنا تو ایک درجہ میں سمجھ میں آنے والی بات ہو سکتی ہے کیونکہ وہ اپنی تنگ دستی و خستہ حالی کی وجہ سے بسا اوقات اپنی کسی سخت غرض اور شدید دنیاوی ضرورت کی وجہ سے جھوٹ بولنے پر مجبور ہو جاتا ہے جب کہ غنی و مالدار شخص اپنے مال و زر کی وجہ سے ایسی کوئی احتیاج نہیں رکھتا اور وہ جھوٹ بولے بغیر بھی اپنی غرض پوری کر سکتا ہے لہٰذا جھوٹ بولنا اس کے حق میں زیادہ برا ہے۔ عائل مستکبر کے بارے میں بھی ایک قول یہ ہے کہ یہاں ''عائل'' یعنی مفلس سے مراد وہ شخص ہے جو فقیر و مسکین کے ساتھ تکبر کرے چنانچہ فقراء و مسکین کے ساتھ تکبر کرنا سخت برا ہے جب کہ مغرور مالداروں کے ساتھ تکبر کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے!

زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ یہاں ''مفلس'' سے مراد وہ شخص ہے جو کسب و کمائی اور محنت و مشقت کر کے اپنا اور اپنے بال بچوں کا پیٹ پالنے پر قادر ہو مگر اس کے باوجود از راہِ رعونت و نخوت کوئی کسب و کمائی اور محنت مزدوری کرنے کو کسر شان سمجھتا ہو جیسا کہ آج کل عام طور پر دیکھا جاتا ہے (کہ اچھے خاصے اور ہٹے کٹے لوگ کوئی کام کاج کرنے اور محنت و مزدوری اختیار کرنے میں اپنی ذلت سمجھتے ہیں خواہ ان کو اور ان کے متعلقین کو فاقوں کی اذیت ہی کیوں نہ برداشت کرنا پڑتی ہو یا ناروا طور پر دوسرے لوگوں کے کاندھوں کا بار ہی کیوں نہ بننا پڑتا ہو) اور اس میں کوئی شک نہیں کہ ایسے لوگوں کا یہ طریقہ یقیناً تکبر کے ہم معنی ہے اور یہ تکبر مالداروں کے تکبر سے کہیں زیادہ برا ہے کیونکہ اس کی بنیاد رعونت و نخوت' بے جا شان دکھانے خواہ مخواہ کے لئے اپنے اور اپنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

متعلقین کو تکلیف و ہلاکت میں مبتلا کرنے لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلانے اور ناجائز طور سے مال حاصل کرنے پر ہے خصوصاً ایسی صورت میں اس تکبر کی برائی اور کہیں بڑھ جاتی ہے جب کہ ایسا کوئی شخص اپنے دست و بازو کے ذریعہ اپنا اور اپنے متعلقین کا رزق حاصل کرنے کے بجائے دین کا لبادہ اوڑھ لے اور اپنی وضع قطع دینداروں اور بزرگوں کی سی بنا کر اپاہج کی طرح بیٹھ جائے اور سادہ لوح مسلمانوں پر اپنی مصنوعی بزرگی کا سکہ جما کر ان کے کاندھوں کا بار بنا رہے۔

تخریج: الجامع میں یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ منقول ہے:

ثلثة لا يكلمهم الله يوم القيامة ولا يزكيهم ولهم عذاب أليم: شيخ زان، وملك كذاب، وعائل مستكبر

متکبر جہنمی ہے

۵۱۱۰: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَلْكِبْرُ يَآءُ رِدَآئِيْ وَالْعَظْمَةُ اِزَارِيْ فَمَنْ نَازَعَنِيْ وَاحِدًا مِّنْهُمَا اَدْخَلْتُهُ النَّارَ۔ (رواہ مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٤/٢٠٢٣ الحديث رقم (١٣٦-٢٦٢٠) و ابن ماجه في السنن ٢/١٣٩٧ الحديث رقم ٤١٧٤، واحمد في المسند ٢/٤١٤۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ کبریائی میری ردا ہے اور عظمت میرا ازار ہے جو ان دونوں میں سے ایک کے بارے میں بھی مجھ سے جھگڑا کرے گا میں اس کو آگ میں داخل کروں گا۔ (مسلم)

تشریح: ''میری چادر'' اور ''میرا تہبند'' جیسے الفاظ حق تعالیٰ نے مثال کے طور پر فرمائے ہیں اور اس مثال کا مقصد یہ واضح کرنا ہے کہ یہ دونوں صفتیں یعنی کبریائی اور عظمت صرف میری ذات سے تعلق رکھتی ہیں جن میں کوئی بھی میرا سا جھی، ا۔ شریک نہیں ہوسکتا جیسے کسی کے لباس میں کوئی دوسرا شریک نہیں ہوسکتا' حق تعالیٰ کی صفات دو طرح کی ہیں:

اول: حق تعالیٰ کی کچھ صفات تو ایسی ہیں جن میں کا کچھ حصہ بندوں کو بھی دیا گیا ہے اور بندے بطریق مجاز خود کو ان صفات کے ساتھ موصوف کر سکتے ہیں جیسے جود و کرم اور مہربانی وغیرہ۔

ثانی: کچھ صفات ایسی ہیں جو صرف حق تعالیٰ کی ذات کے لئے مخصوص ہیں اور جن کے ساتھ کوئی بندہ اپنے آپ کو بطریق مجاز بھی موصوف نہیں کر سکتا اسی حقیقت کو مثال کے طور پر بیان فرمایا گیا ہے کہ جس طرح کوئی شخص ان کپڑوں کو نہیں پہن سکتا جو کسی دوسرے شخص کے جسم پر ہوں اسی طرح کبریائی اور حقیقی عظمت و بڑائی کا بھی کوئی بندہ دعویٰ نہیں کر سکتا کیونکہ یہ دونوں صفتیں صرف میری ذات کے لئے موزوں اور مخصوص ہیں۔

بعض حضرات کا کہنا ہے کہ "کبریاء" اور "عظمہ" دونوں ہم معنی ہیں (یعنی بزرگی اور بڑا ہونا) لیکن حدیث کے ظاہری اسلوب سے ان دونوں کے درمیان فرق معلوم ہوتا ہے کہ ایک کو چادر کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے اور دوسرے کو تہبند کے ساتھ لہٰذا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس فرق کو سامنے رکھتے ہوئے بعض حضرات نے یہ کہا ہے کہ کبریا تو صفت ذاتی ہے

یعنی اللہ کی ذات کبیر و متکبر ہے خواہ دوسرا اس حقیقت کو جانے یا نہ جانے اور ''عظمت'' لفظ کا حق تعالیٰ کی اس بڑائی کو بیان کرتا ہے جس کا ظہور اس کے غیر پر بھی ہوتا ہے کہ ساری مخلوق جانتی ہے کہ وہ ایسا بڑا ہے' پس یہ (عظمت) حق تعالیٰ کی صفت اضافی ہوئی اور ذاتی صفت کا اضافی صفت سے اعلیٰ ہونا ضروری ہوتا ہے' (انتھیٰ)

کبریائی کو چادر کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے کیونکہ چادر تہبند سے اعلیٰ ہوتی ہے اور عظمت کو تہبند کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔

صفت کا رتبہ ذات کے رتبہ سے کم ہے۔ اسی وجہ سے تکبیر کو قیام کے ساتھ مخصوص کیا، اور تعظیم کو رکوع کے ساتھ خاص کیا، کہ رکوع میں ''سبحان ربی العظیم'' کے الفاظ مقرر فرمائے۔ تعظیم لأمر اللہ بھی اسی قبیل سے ہے۔

امام طیبیؒ فخر الدین رازیؒ کے قول کی توجیہ اطناب کے ساتھ ذکر کر کے بعد فرماتے ہیں: آپ یہ جان چکے ہیں، کہ تکبر هو الاعراض عن الحق وتحقير الناس فالتواضع هو الاذعان للحق وتوقير الناس، لہٰذا" تعظيم لامر الله" اور شفقت على خلق کے یہی معنی ہیں۔ لہٰذا حدیث باب کا مطلب یہ ہوا کہ جو اللہ کے مقابلہ میں تکبر کرے گا، اور مخلوقِ خدا کے ساتھ تکبر کا معاملہ کرے گا، اللہ تعالیٰ اس متکبر کو اس دنیا میں ذلت و رسوائی سے دوچار کرے گا، اور آخرت میں جہنم کی تہہ میں پھینکے گا۔ اور جو شخص مخلوقِ خدا کے ساتھ تواضع کے ساتھ پیش آئے گا، اللہ تعالیٰ اس متواضع کو دنیا و آخرت میں بلند درجات عطاء فرمائے گا۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد، ابو داؤد، اور ابن ماجہ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے۔ امام ابن ماجہ نے اس حدیث کو ابن عباسؓ سے بھی روایت کیا ہے۔ اور امام حاکم نے حضرت ابو ہریرہؓ سے اقتصار کے ساتھ یوں نقل کیا ہے:

الكبرياء ردائي فمن نازعني ردائي قصمته

اور سمویہ نے ابو سعید اور ابو ہریرہ سے ان الفاظ میں نقل کیا ہے:

الكبرياء ردائي، والعزء ازاري، من نازعني في شيء منهما عذبته۔

الفصل الثانی:

متکبرین لکھا جانا

۵۱۱۱: عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَذْهَبُ بِنَفْسِهٖ حَتّٰى يُكْتَبَ فِي الْجَبَّارِيْنَ فَيُصِيْبُهٗ مَآ اَصَابَهُمْ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٥١٥ الحديث رقم ٢٣٩٠ و مالك فی الموطأ ٢/ ٩٥٣ الحديث رقم ١٦ واحمد فی المسند ٥/ ٢٤٧۔

ترجمہ: حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول نے فرمایا کہ آدمی اپنے آپ کو بڑھاتا رہتا ہے یعنی سمجھ بیٹھتا ہے یہاں تک کہ اس کو متکبروں میں لکھ دیا جاتا ہے اور اس کو وہی عذاب دیا جائے گا جو ان کو دیا جائے گا۔ (ترمذی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قوله: لایزال الرجل یذهب بنفسه:

لفظ "بنفسه" میں حرف باء

اولاً: کے بارے میں مظہر وغیرہ نے دو احتمال ذکر فرمائے ہیں: اگر تعدیہ کے لئے ہو تو معنی یہ ہوں گے کہ وہ اپنے نفس کو اوپر اٹھاتا ہے' خود کو بلند مرتبہ سمجھ کر لوگوں سے دور رکھتا ہے اور اپنے آپ کو ہر ایک کے مقابلہ پر بزرگ و برتر جانتا ہے

ثانیاً: اگر حرف باء مصاحبت کے لئے ہو تو یہ معنی ہوں گے کہ وہ اپنے نفس کے دھوکے میں مبتلا ہو کر اس کے ساتھ کبر و غرور کی طرف بڑھتا ہے' اس کو عزت دیتا ہے اور اس کی تعظیم و توقیر کرتا ہے۔ جیسا کہ دوست' دوست کی تعظیم و توقیر کرتا ہے' یہاں تک کہ وہ متکبر و مغرور ہو جاتا ہے۔ اساس البلاغہ میں لکھتے ہیں: یقال: ذهب به مربه مع نفسه میں (ملا علی قاریؒ) (کہتا ہوں کہ پہلے کے قبیل سے یہ آیت ہے: ﴿ذهب الله بنورهم﴾ ای أذهب نورهم

حدیث کا حاصل یہ ہے کہ جب کوئی شخص اپنے نفس کے دھوکے میں پڑ کر خود بینی و خود ستائی کا شکار ہو جاتا ہے تو اپنے آپ کو اپنے اصل مرتبہ و مقام سے اوپر اٹھا کر بڑے مرتبہ و مقام تک پہنچانے کی کوشش کرتا رہتا ہے' یہاں تک تکبر اور سرکشی میں پوری طرح مبتلا ہو جاتا ہے اور اس کے لئے دنیا و آخرت کا وہ عذاب مقدر ہو جاتا ہے جو فرعون' ہامان اور قارون جیسے سرکشوں کے لئے مخصوص ہے۔

متکبرین کو پیپ پلائی جائے گی

۵۱۱۲: وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُحْشَرُ الْمُتَكَبِّرُوْنَ اَمْثَالَ الذَّرِّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْ صُوَرِ الرِّجَالِ يَغْشَاهُمُ الذُّلُّ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ يُسَاقُوْنَ اِلٰى سِجْنٍ فِيْ جَهَنَّمَ يُسَمّٰى بُوْلَسَ تَعْلُوْهُمْ نَارُ الْاَنْيَارِ يَسْقُوْنَ مِنْ عُصَارَةِ اَهْلِ النَّارِ طِيْنَةَ الْخَبَالِ۔

(رواه الترمذی)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۳/۷۹۹ الحدیث رقم ۳۵۲۷، واحمد فی المسند ۵/۳۴۳ ۔سورة یونس، الآیة : ۶۲۔

ترجمہ: حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے دادا سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کہ متکبر لوگوں کو قیامت کے دن چیونٹیوں کی صورت میں جمع کیا جائے گا اور شکل مردوں جیسی ہوگی اور ان پر ہر جگہ ذلت چھائی ہوگی پھر انہیں دوزخ کے قید خانے کی طرف لے جائے گا جس کا نام بولن (پس) ہے ان پر آگوں کی آگ چھانے والی ہوگی اور ان کو جہنمیوں کی پیپ پلائی جائے گی جس کا نام (طینۃ الخبال) ہے۔ (ترمذی)

تشریح: قوله: یحشر المتکبرون أمثال الذر یوم القیامة: "چھوٹی چیونٹیوں کی طرح" کے اصل مفہوم کے بارے میں علماء کے اختلافی اقوال ہیں۔ بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ چیونٹیوں کی تشبیہ دراصل اس بات سے کنایہ ہے کہ تکبر کرنے والے لوگ قیامت کے دن میدانِ حشر میں نہایت ذلت و خواری کی حالت میں ہوں گے اور گویا وہ لوگوں کے پاؤں کے نیچے اس طرح پامال ہوں گے جس طرح چیونٹیوں کو روندا جاتا ہے۔ ان حضرات کی ایک دلیل تو یہ ہے کہ قیامت کے دن مخلوق کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اٹھنا اوران کے اجسام کا دوبارہ بننا ان ہی اجزاء اصل کے ساتھ ہوگا جو دنیا میں رکھتے تھے جیسا کہ یہ ثابت ہے کہ ہر شخص میدانِ حشر میں اپنے اجزاء واعضاء کے ساتھ اٹھ کر آئے گا جن پر دنیا میں اس کا جسم مشتمل تھا اور ظاہر ہے کہ چیونٹی کی صورت اور اس کا جثہ اس جسم وبدن کے اجزاء اصلی کے حامل نہیں ہوسکتا' اسی لئے حدیث میں ''فی الصور الرجال'' (مردوں کی صورت میں) کے الفاظ بھی اس قول پر دلالت کرتے ہیں بلکہ یغشاھم الذل کے الفاظ بھی اس کا قرینہ ہیں کہ ''چیونٹیوں کی طرح'' سے مراد ذلت و خواری ہی ہے نہ کہ یہ مراد ہے کہ ان کے جسم چیونٹیوں کی طرح ہوں گے۔ زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ حدیث اپنے ظاہری مفہوم پر محمول ہے' یعنی تکبر کرنے والے درحقیقت چیونٹیوں کے جسم کے ساتھ اٹھیں گے البتہ ان کی شکل وصورت مردوں جیسی ہوگی اور یہ چیز قطعاً بعید از قیاس نہیں ہے کیونکہ حق تعالیٰ کو اس امر پر پوری قدرت حاصل ہے کہ وہ قیامت میں کسی کے ان اجزاء اصلی کو جن کے ساتھ وہ اٹھے گا' ایک چیونٹی کے جثہ میں جمع کردے اور اس کو چیونٹی کا جسم دے کر پوری مخلوق کے سامنے ذلیل وخوار کرے۔

شیخ تورپشتیؒ فرماتے ہیں ہم اس حدیث کے ظاہری معنی اس لئے مراد نہیں لیتے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے کہ جب لوگ قیامت کے دن دوبارہ اٹھ کر میدان حشر میں آئیں تو ان کے جسم وبدن ان ہی اجزاء پر مشتمل ہوں گے جن پر دنیا میں ان کے جسم مشتمل تھے یہاں تک کہ ان کے عضو تناسل کی کھال کا وہ حصہ بھی لگا دیا جائے گا جو ختنہ کے وقت کاٹا جاتا ہے گویا سارے لوگ غیر مختون اٹھیں گے (لہٰذا یہ کیسے ممکن ہے کہ ایک انسان کے جسم کے سارے اجزاء یہاں تک کہ ناخن اور بال وغیرہ بھی ایک چیونٹی کے جثہ میں جمع ہوجائیں۔) اسی مفہوم کی طرف اگلے جملے (یغشاھم الذل من کل مکان) میں اشارہ فرمایا ہے۔

لہٰذا تحقیقی بات یہ ہے کہ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ جب لوگ اپنی قبروں سے اٹھ کر میدانِ حشر میں آئیں گے تو اس وقت اللہ تعالیٰ دوسرے لوگوں کی طرح تکبر کرنے والوں کے جسم کو بھی دوبارہ بنائے گا اور وہ بھی اپنے تمام اجزاء معدومہ کے ساتھ اپنے پورے جسم میں اٹھ کر آئیں گے تاکہ ہر ایک کی دوبارہ جسمانی تخلیق کی قدرت پوری طرح ثابت ہوجائے لیکن پھر ان لوگوں کو میدانِ حشر میں مذکورہ جسم وصورت میں تبدیل کردے گا یعنی ان کے جسم چیونٹیوں کی طرح ہوجائیں گے اور ان کی صورت مردوں کی سی رہے گی اور یہ تبدیلی جسم اس لئے ہوگی تاکہ ان کی ذلت واہانت پوری مخلوق کے سامنے ظاہر ہوجائے

یا یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ جب مذکورہ لوگ حساب کتاب کی جگہ آئیں گے اور ان کے سامنے عذاب الٰہی کی نشانیاں ظاہر ہوں گی تو اس وقت وہ ہیبت ودہشت کے سبب اس قدر گھٹ جائیں گے کہ ان کے جسم چیونٹیوں کی طرح معلوم ہوں گے اور اہل دوزخ کا اپنی اپنی حالتوں اور گناہوں کے اعتبار سے مختلف صورتوں جیسے کتے' سور اور گدھے وغیرہ کی شکلوں میں تبدیل ہوجانا مختلف منقولات سے ثابت بھی ہے۔

لفظ ''بولس'' بائے موحدہ کے فتحہ' واؤ کے سکون لام کے فتحہ اور سین مہملہ کے ساتھ ہے اور بعض نسخوں میں حرف اول کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ قاموس میں لکھا ہے کہ یہ لفظ با کے ضمہ اور لام کے فتحہ کے ساتھ ہے جہنم کا قید خانہ ہے۔ اور منذریؒ فرماتے ہیں کہ ''بولس'' بائے موحدہ کے ضمہ واؤ کے سکون اور لام کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ (ذکرہ میرک) اور ایک شارح فرماتے ہیں کہ یہ ''ابلاس' سے مشتق ہے اور جس کے معنی ناامیدی کے ہیں (شیطان کا نام ابلیس بھی اسی سے مشتق ہے۔)

''آگوں کی آگ میں'' کی طرف نسبت ایسی ہی ہے جیسے آگ کی نسبت کسی ایسی چیز کی طرف کی جائے جس کو آگ جلا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دیتی ہے' مطلب یہ ہے کہ وہ آگ اس طرح کی ہوگی کہ وہ خود آگ کو لکڑی کی طرح جلائے گی۔

قولہ: یسقون من عصارة أهل النار طینة الجنال: طینة الخبال: خبال خاء کے زبر کے ساتھ ہے۔اس کے لغوی معنی فساد اور خرابی کے ہیں' ایک شارح فرماتے ہیں کہ "طینة الخبال" اہل دوزخ کے "عصارہ" کا نام ہے۔یعنی وہ پیپ' خون اور کچ لہو جو دوزخیوں کے زخموں سے بہے گا۔

﴿ومن یعمل مثقال ذرة﴾ [الزلزال۔۸] ﴿ان اللّٰه لا یظلم مثقال ذرة﴾ [النساء۔۴۰] ایک حدیث میں آتا ہے:

ان الأجساد تعاد علی ما کانت علیه من الأجزاء حتی انهم یحشرون غرلا یعاد منهم ما انفصل عنهم من القلفة۔

عبداللہ بن احمد "زوائد الزہد" میں حضرت ابوہریرہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

یجاء بالجبارین والمتکبرین رجال فی صور الذر یطؤهم الناس من هوانهم علی اللّٰه، حتی یقضی بین الناس، ثم یذهب بهم الی نار الأنیار قیل: یا رسول اللّٰه! وما نار الأنیار؟ قال: عصارة أهل النار۔

اس حدیث کو امام سیوطیؒ نے "البدور السافرة فی احوال الآخرة" میں ذکر کیا ہے۔

غصہ کا علاج وضو ہے

۵۱۱۳: وَعَنْ عَطِیَّةَ بْنِ عُرْوَةَ السَّعْدِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْغَضَبَ مِنَ الشَّیْطٰنِ وَاِنَّ الشَّیْطٰنَ خُلِقَ مِنَ النَّارِ وَاِنَّمَا یُطْفَأُ النَّارُ بِالْمَاءِ فَاِذَا غَضِبَ اَحَدُکُمْ فَلْیَتَوَضَّأْ۔ (رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ۵/۱۴۱ الحدیث رقم ۴۷۸۴، واحمد فی المسند ۴/۲۲۶۔

ترجمہ: حضرت عطیہ بن عروہ سعدی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ غصہ شیطان کی طرف سے ہے اور شیطان آگ سے پیدا ہوا اور آگ پانی سے بجھتی ہے پس جب تم میں سے کسی کو غصہ آئے تو اسے وضو کر لینا چاہیے۔ (ابوداؤد)

تشریح: قوله: ان الشیطان خلق من النار: شیطان کو آگ سے پیدا کیا گیا ہے، اس کی دلیل یہ آیت کریمہ ہے:

﴿والجان خلقناه من قبل نار السموم﴾ [الحجر۔۲۷]

نیز ﴿خلقتنی من نار﴾ [الاعراف۔۱۲] یہ دلیل ہے کہ شیطان جنات میں سے ہے، چونکہ ملائکہ کو نور سے پیدا کیا گیا ہے "خلق من النار" کا مطلب یہ ہے، کہ شیطان کا عنصر ناری اس کے تمام اجزا پر غالب ہے، بخلاف انسان کے۔

قوله: فاذا غضب أحد کم فلیتو ضأ: وضوء، ماء حسی اور مطہر معنوی کا معجون مرکب ہے۔ یہ وہ طب انبیاء ہے جس سے "حکماء" غافل ہیں۔ امام طیبیؒ نے بڑی عجیب بات کہی ہے۔ انہوں نے حدیث کو حقیقت اصلی سے نکال ڈالا، حالانکہ امور نقلیہ میں سے کوئی داعی تھا، نہ امور عقلیہ میں سے کوئی باعث تھا۔ چنانچہ وہ فرماتے ہیں: کہ نبی کریمؐ کی مراد یہ تھی: اذا غضب احدکم فلیستعذ باللّٰه من الشیطان الرجیم فان الغضب من الشیطان۔ اھ۔ اور درست بات یہ ہے کہ استعاذہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علیحدہ سے ایک مستقل علاج ہے، جیسا کہ ایک ''اثر'' میں منقول ہے، جس کو جزریؒ نے ''حصن'' میں نقل کیا ہے: قال: ومن غضب فقال: أعوذ باللّٰه من الشيطان الرجيم ذهب عنه ما يجد اس اثر کو بخاری، مسلم، ابوداؤد اور نسائی نے عن سليمان بن صرد کی طرف منسوب کیا ہے۔ یہ (حدیث وعلاج) درحقیقت اس آیت کریمہ سے اقتباس ہے: ﴿واما ينزغنك من الشيطان نزغ فاستعذ باللّٰه﴾ [الاعراف۔ ۲۰۰] اس کو ابن عدی نے الکامل میں از ابو ہریرہؓ ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے: اذا غضب الرجل فقال: أعوذ باللّٰه سكن غضبه

خلاصہ یہ ہے کہ یہ علاج قولی سہل الحصول ہے، اور وضوء معالجہ فعلیہ ہے، جس میں مشقت ہے، خصوصاً وضو نماز کا مقدمہ ہے۔ یہ بمنزلہ اس معجون مسہل کے ہے، جو مواد فاسدہ کو جڑ سے نکال پھینکتا ہے۔ اور استعاذہ محضہ بمنزلہ استفراغ کے ہے، جو معدہ کی صفائی کرتا ہے۔ اور حاصل یہ ہے کہ حکیم کامل نے معالجہ میں تدریج کا راستہ بتایا۔ ہر بیمار کا مزاج اس کے موافق ہوتا ہے۔ اور اشیاء مفردہ ومرکبہ کے خواص اس کے مناسب حال ہوتے ہیں۔ مختلف امراض کی طرح غصہ کی مختلف انواع ہیں۔ چنانچہ مریض کو چاہئے کہ وہ اپنے آپ کو مکمل طور پر تسلیم وسپرد کردے، اور اپنے نفس کو اس طبیب کے سپرد کرے جو حبیب کامل ہے۔ اور اس طرح سے سپرد کرے کہ جس طرح غسل کرانے والے کے سامنے میت۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ جس وقت غصہ کے آثار محسوس کرے، تو اولاً تعوذ پڑھے، اور جب دیکھے کہ اس سے غصہ زائل نہیں ہو رہا، تو وضوء کیلئے اٹھ کھڑا ہو، اور اللہ کی رضاء کی خاطر دو رکعات ادا کرے۔ یہ وہ کڑوی دوا ہے، جو طبع شیطانی ومزاج نفسانی کیلئے انتہائی ناگوار ہے۔ بلکہ اس سے بڑھ کر ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿واستعينوا بالصبر والصلوٰة وانها لكبيرة الا على الخاشعين﴾ [البقرة:۲۴۵]

غصہ دوسرا علاج

۵۱۱۴: وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا غَضِبَ اَحَدُكُمْ وَهُوَ قَائِمٌ فَلْيَجْلِسْ فَاِنْ ذَهَبَ عَنْهُ الْغَضَبُ وَاِلَّا فَلْيَضْطَجِعْ۔ (رواه احمد والترمذی)

أخرجه ابوداؤد في السنن ۵/۱۴۱ الحديث رقم ۴۷۸۲، واحمد في المسند ۴/۱۵۲۔

ترجمہ: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ جب تم میں سے کسی کو غصہ آئے اگر وہ کھڑا ہو تو بیٹھ جائے اور اگر غصہ دور ہو جائے ٹھیک ورنہ ہو لیٹ جائے۔ (احمد، ترمذی)

تشریح: قوله: اذا غضب أحد كم وهو قائم فليجلس: کھڑا ہو تو بیٹھ جائے، چونکہ معالجہ بالاضداد کا یہی تقاضا ہے۔ قوت غضبانیہ، شیطانی وساوس سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ خفت کی مقتضی ہے، اور احساس تعلی یہ آگ کے خواص میں سے ہے، اور قیام برائے انتقام ہے، لہٰذا اس حالت کیلئے بیٹھنے کا حکم معالجہ مذکورہ میں مبالغہ کی خاطر ہے، نیز اس میں اشارہ ہے کہ انسان نے لوٹ کر مٹی میں جانا ہے، اس کا تقاضا یہی ہے کہ تواضع کرے اور یہ کہ ہر شئے اپنی اصل کی طرف لوٹتی ہے۔

شرح السنۃ میں لکھا ہے کہ غصہ کی حالت میں کھڑا رہنے کی بجائے بیٹھ جانے میں حکمت یہ ہے کہ (عام طور پر غصہ کے وقت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انسان بے قابو ہو جاتا ہے اور اگر وہ غصہ کے وقت کھڑا ہوا ہو تو اس بات کا زیادہ خوف رہتا ہے کہ وہ کوئی ایسی حرکت کر گزرے جس سے بعد میں پریشانی اور پشیمانی اٹھانی پڑے اور ظاہر ہے کہ بیٹھے ہوئے ہونے کی صورت میں کسی حرکت کا صادر ہونا اتنی سرعت اور آسانی کے ساتھ نہیں ہوتا جس قدر کہ کھڑے ہونے کی صورت میں صورت میں ہوتا ہے۔ غصہ کے وقت اپنی حالت میں اس طرح تبدیلی کر لینا جس سے جسم و ذہن کو سکون و آرام ملے جیسے کھڑا ہو تو فوراً بیٹھ جائے یا بیٹھا ہوا ہو تو لیٹ جائے' غصہ اور اشتعال کے دفعیہ کے لئے بہترین تاثیر رکھتا ہے۔)

امام طیبیؒ فرماتے ہیں ممکن ہے، کہ اس سے تواضع و خضوص مراد ہو، چونکہ غضب کا منشاء تکبر و ترفع ہے۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں ان کے جمع میں کوئی مانع نہیں چونکہ ارشاد نبوی حکمتوں کا منبع ہے۔ واللہ اعلم۔ یہ احتمال بھی ہے، کہ یہ عمل وضوء سے پہلے کیا جائے' جیسا کہ ظاہر ہے، اور احتمال یہ بھی ہے، کہ اگر غصہ زائل نہ ہو تو وضوء کے بعد کیا جائے۔

تخریج: اس حدیث کو امام ابوداؤد نے، اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہے۔

غافل بدترین بندہ ہے

۵۱۱۵: وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ تَخَيَّلَ وَاخْتَالَ وَنَسِيَ الْكَبِيْرَ الْمُتَعَالَ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ تَجَبَّرَ وَاعْتَدٰى وَنَسِيَ الْجَبَّارَ الْاَعْلٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ سَهٰى وَلَهٰى وَنَسِيَ الْمَقَابِرَ وَالْبِلٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ عَتَاوَطَغٰى وَنَسِيَ الْمُبْتَدَأَ وَالْمُنْتَهٰى بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ يَّخْتِلُ الدُّنْيَا بِالدِّيْنِ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ يَخْتِلُ الدِّيْنَ بِالشُّبُهَاتِ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدُ طَمَعٍ يَقُوْدُهٗ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ هَوًى يُضِلُّهٗ بِئْسَ الْعَبْدُ عَبْدٌ رَغَبٌ يُّذِلُّهٗ۔

(رواه الترمذی والبیهقی فی شعب الایمان وقالا لیس اسناده بالقوی وقال الترمذی ایضا هذا حدیث غریب)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٤٥ الحدیث رقم ٢٤٤٨، والبیهقی فی شعب الایمان ٦/٢٧٨ الحدیث رقم ٨١٨١۔

ترجمہ: حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا: بدترین بندہ وہ ہے جو اترا کر اور غرور سے چلے اور کبیر المتعال ذات کو بھول جائے بدترین بندہ وہ ہے جو ظلم کرے اور حد سے آگے بڑھ جائے اور جبار اعلیٰ کو بھول جائے بدترین بندہ وہ ہے جو بھولے اور غفلت میں مبتلا ہو جائے اور قبر میں گل سڑ جانے کو بھول جائے بدترین بندہ وہ ہے جو سرکشی اختیار کرے اور حد سے آگے بڑھ جائے اور اپنی ابتداء اور انتہاء کو بھول جائے بدترین بندہ وہ ہے جو شبہات کے ذریعے دین میں خلل پیدا کرے بدترین بندہ وہ ہے جو طمع باز ہو اور طمع نے اسے اپنا ماتحت بنا لیا ہو اور بدترین بندہ وہ ہے جو کہ خواہش کا بندہ بن جائے اور خواہش اسے جدھر چاہے گمراہ کرے اور بدترین بندہ وہ ہے جس کو رغبت ذلیل کر دے۔ اس روایت کو ترمذی نے اور شعب الایمان میں بیہقی نے نقل کیا ہے اور دونوں نے کہا ہے کہ اس حدیث کی اسناد قوی نہیں ہے نیز ترمذی نے بھی کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: المتعال: رعایت فاصلہ کی وجہ سے ایک یاء کو حذف کر دیا گیا ہے۔ معرف باللام اسم منقوص میں ایک لغت اسی طرح ہے۔ نیز جمہور قراء نے اس آیت میں بھی اس طرح پڑھا ہے: ﴿عالم الغیب والشهادة الكبير المتعال﴾ [الرعد۔ ۹] ابن کثیر اس یاء کو دونوں حالتوں میں برقرار رکھتے ہیں۔

سهی ولهی: ان لفظوں کو الف کے ساتھ لکھنا چاہئے تھا، چونکہ یہ دونوں کلمات واوی ہیں، ''سهو'' اور ''لهو'' سے ماخوذ ہیں اور بہت سے نسخوں میں یاء کے ساتھ ہیں۔ تو ممکن ہے فواصل جمع اور مشاکلت لفظی کی خاطر ایسا کیا گیا ہو۔

البلی: بائے موحدہ کے کسرہ کے ساتھ۔ اعضائے جسمانی اور ہڈیوں کا ٹوٹ پھوٹ کر چورہ چورہ ہو جانا۔

عتا: عتو سے ماخوذ ہے۔ طغی طغیان سے ماخوذ ہے۔ تجاوز کرنا۔ بعض کا کہنا ہے کہ دونوں لفظ ہم معنی ہیں۔ دونوں الفاظ کو ذکر کرنا، برائے تاکید ہے، یا دوسرا لفظ پہلے لفظ کی تفسیر ہے، اور فاصلہ کیلئے لایا گیا ہے۔

المستدأ والمنتهى: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔

الشبهات: شین اور باء دونوں مضموم ہیں۔ باء کو فتحہ بھی دیا جاتا ہے۔

عبد طمع: اصل عبارت ''له طمع'' ہے۔ یا مضاف محذوف ہے۔ أی ذو طمع۔ یا یہ مصدر ہے ''رجل عدل'' کے قبیل سے ہے۔ اور اگر ترکیب اضافی کے ساتھ پڑھا جائے تو کسی توجیہ کی ضرورت نہیں رہتی۔

قوله: بئس العبد عبد ر غب يذله: عبد رغب: اس لفظ کے بارے میں علماء نے بہت سا کلام کیا ہے۔ چنانچہ وہ سارا کلام ذکر کیا جاتا ہے۔ پھر اس کا خلاصہ ذکر کیا جائے گا۔

رغب: بضم الراء وفتحه۔

خلاصة الأقوال:

اس لفظ میں راء، غین اور باء ہے۔ یہ بطور فعل کے از باب سمع اور کرم مستعمل ہے۔ اس کا مصدر ''رغبا'' اور ''رغبة'' آتا ہے۔ اس کے صلہ میں ''فی'' اور ''عن'' دونوں آتے ہیں۔ لفظ ''رغب'' کو متعدد طرح سے ضبط کیا ہے۔ ▣ بروزن ظلم۔ ▣ بروزن کتب۔

تخریج: تورپشتیؒ فرماتے ہیں: اس حدیث کو امام ترمذیؒ نے اپنی سند کے ساتھ عن هاشم بن سعيد الكوفي روایت کیا ہے۔ ان کا ذکر ابن عدی نے اپنی کتاب میں کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ عامة ما يرويه لا يتابع عليه۔ میں (مال علی قاریؒ) کہتا ہوں اس حدیث کا ایک متابع ہے، چنانچہ اس متابع کو طبرانی اور بیہقیؒ نے نعیم ابن حماد سے نقل کیا ہے نیز اس کو حاکم نے بھی اپنی مستدرک میں اسماء بنت عمیس سے نقل کیا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ کثرت طرق ضعیف حدیث کو قوی کر دیتی ہے اور اس کو حسن لغیرہ کے درجہ پر پہنچا دیتی ہے جس سے روایت کا مقصود پورا ہو جاتا ہے۔ واللہ اعلم۔

قوله: وقال الترمذي ايضا هذا حديث غريب: جہاں تک ترمذی کے اس قول کا تعلق ہے کہ یہ حدیث غریب ہے تو واضح رہے کہ اول تو غرابت صحت اور حسن کے منافی نہیں، دوسرے یہ کہ تمام محدثین کے نزدیک فضائل اعمال میں ضعیف حدیث

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پر بھی عمل کیا جاتا ہے لہٰذا وعظ ونصیحت کے موقع پر (اس حدیث کا ذکر کرنا اور لوگوں کو اس سے سبق حاصل کرنے کی تلقین کرنا) بطریق اولیٰ مناسب ہوگا۔

الفصل الثالث:

سب سے زیادہ محبوب گھونٹ

۵۱۱۶: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاتَجَرَّعَ عَبْدٌ اَفْضَلَ عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ مِنْ جُرْعَةِ غَيْظٍ يَكْظِمُهَا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ تَعَالٰى۔ (رواه احمد)

أخرجه ابن ماجه فى السنن ۲/۱۴۰۱ الحديث رقم۴۱۸۹ ، واحمد فى المسند ۲/۱۲۸۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ بندے کے لئے اللہ کی بارگاہ میں سب سے زیادہ محبوب وہ غصے کا گھونٹ ہے جو رضاء الٰہی کی خاطر وہ بھرتا ہے۔ (احمد)

تشریح: أفضل: نائب عن المفعول المطلق ہے۔ای تجرعا أفضل

يكظمها: ظاء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ أى يبلغها ويمنعها من اظهارها مع كثرتها وملء باطنه منها یہ "كظم القربة" ملأهاوشد فمها سے ماخوذ ہے (على ما فى أساس البلاغة)۔اور الجامع کی روایت میں "كظمها" بصیغہ ماضی ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام طبرانی نے بھی روایت کیا ہے۔

دشمن سے حفاظت کا راز

۵۱۱۷: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِى قَوْلِهٖ تَعَالٰى اِدْفَعْ بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ قَالَ الصَّبْرُ عِنْدَ الْغَضَبِ وَالْعَفْوُ عِنْدَ الْاِسَآءَةِ فَاِذَا فَعَلُوْا عَصَمَهُمُ اللّٰهُ وَخَضَعَ لَهُمْ عَدُوُّهُمْ كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ قَرِيْبٌ۔

(رواه البخارى تَعْلِيْقًا)

البخارى تعليق من حديث طويل ۸/۵۵۵ سورة السجدة۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ اِدْفَعْ بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ کے بارے میں وہ فرماتے ہیں کہ اس کا معنی زیادتی کے وقت معاف کر دینا ہے چنانچہ جب وہ لوگ ایسا کریں گے تو اللہ ان کو دشمن سے محفوظ فرمائیں گے اور ان کے دشمن کو ان کے سامنے جھکا دیں گے گویا کہ وہ گہرا دوست اور قریبی ہے۔ بخاری نے اس کو تعلیقاً نقل کیا ہے۔

تشریح: روایت میں آیت کا جو ٹکڑا نقل کیا گیا ہے وہ اپنے سیاق وسباق کے ساتھ اس طرح ہے: وَلَا تَسْتَوِى الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ اِدْفَعْ بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ۔

"حَمِيْمٌ قَرِيْبٌ" دراصل لفظ حمیم کی تفسیر ہے جس سے قریبی مراد ہے اور یہ جملہ مذکورہ آیت کے اس آخری جزو کی تفسیر ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ یعنی پھر اچانک (تم دیکھو گے کہ) تم میں اور جس شخص میں عداوت تھی وہ ایسا ہو جائے گا جیسا کوئی قریبی دوست ہوتا ہے۔

اس آیت میں بہت زیادہ مبالغہ ہے، وہ یوں کہ لفظ ''حسنة'' سے ''أحسن'' کی طرف عدول فرمایا، اور اس آیت کریمہ: ﴿وجزاء سيئة سيئة مثلها﴾ [الشوری۔ ٤٠] سے رخصت کا مفہوم مستفاد ہوتا ہے، اس آیت میں ''بدلہ'' کو ''سیئہ'' سے تعبیر کرنا مشاکلت کی وجہ سے ہے، یا باعتبار نسبت واضافت الی الاحسن کے ہے، اگلی آیت یوں ہے:

﴿فاذا الذی بینك وبینه عداوة كأنه ولی حمیم وما یلقاها الا الذین صبروا وما یلقاها الا ذو حظ عظیم [سورة فصلت۳۵] واما ینزغنك من الشیطان نزغ فاستعذ بالله انه هو السمیع العلیم﴾ [الاعراف۔ ٢٠٠]

اس آیت میں اشارہ ہے کہ اس پر عمل کرنا، اخلاق انسانیہ کا اکمل درجہ ہے، یہ وہ اخلاق کریمہ ہیں جس سے اکثر افراد بشریہ عاجز ہیں۔

قوله: الصبر عند الغضب والعفو عند الاساءة: یہ واؤ بمعنی اَو ہے، چونکہ یہ دونوں امور خصائل حسنہ میں سے ہیں، تو گویا کہ حضرت عبداللہ بن عباس نے سالک سے مطلوب چھوٹی سے چھوٹی خوبی کا ذکر فرمایا، وگرنہ تو سادات صوفیہ تو بدلہ میں انواع احسان میں سے احسن صورت کا انتخاب فرماتے ہیں۔ تواضع اور ہاتھ پاؤں چومتے ہیں۔ اور مالی عطیات خواہ قلیل ہوں کہ کثیر، سے بھی نوازتے ہیں۔ اور اقل مراتب یہ ہے کہ حلال کروائے۔ اس کیلئے توبہ اور ہدایت کی دعا کرے، اور بعض حضرات کا کہنا ہے، کہ قیامت کے دن شفاعت کا وعدہ بھی کرے۔ یہ سارے خرق عادات ہیں۔ بعض مرتبہ ابتداء میں اور کبھی انتہاء کے باعث آدمی دھوکہ میں پڑ جاتا ہے۔ اسی وجہ سے فرمایا گیا: **الاستقامة خير من ألف كرامة** ایک روایت میں آتا ہے: **شيبتني هود**، تو آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اس کا سبب پوچھا گیا، تو آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس آیت: ﴿فاستقم كما أمرت﴾ [هود۔ ١١٢] کی طرف اشارہ فرمایا۔ اور بعض کا کہنا ہے، کہ اصل سبب وہ واقعات ہیں، جو اس سورت میں مذکور ہیں۔ واللہ اعلم۔

كأنه: ضمیر ''عدو'' کی طرف راجع ہے۔ یہ لفظ مفرد وجمع دونوں کے لئے مساوی طور پر مستعمل) ہے۔

ولی: یہاں ''ناصر'' کے معنی میں ہے۔

حمیم: اس دوست کو کہتے ہیں، جو لوگوں کے معاملات کی فکر کرے، لوگوں کی حاجات کا غم کھائے اور ''قریب'' بمعنی ''قرابت دار'' ہے۔ اور حاصل کلام یہ ہے کہ یہ وہ عادت حسنیٰ ہے کہ جو عداوت کو محبت سے بدل دیتی ہے۔ حقد، حسد اور غیبت وغیرہ جیسے اعمال ذمیمہ کو نکال پھینکتی ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ تفسیر ''ولا السيئة'' میں ''لا'' کو زائدہ ماننے کی تقدیر پر ہے۔ اور معنی یہ ہوگا: **لا تستوی الحسنة والسيئة**، چنانچہ ''التی هی أحسن'' سے مراد ''التی هی حسنة'' ہے۔ اور لفظ ''أحسن'' کا ذکر فرمانا، مفہوم کے اعتبار سے ابلغ ہے، بایں طور کہ سیئہ کا جواب سیئہ سے دینا جائز ہے، حسن سے دینا بہتر ہے، مگر احسن سے دینا چاہئے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اگر ''لا'' کو زائدہ نہ مانیں تو پھر یہ مطلب ہوگا: أن الحسنة والسيئة متفاوتتان في أنفسهما فخذ بالحسنة التي هي أحسن من أختها، فاذا اعترضك حسنات، فادفع بها السيئة التي ترد عليك من بعض اعدائك اس کی مثال یہ ہے کہ کسی نے آپ کے ساتھ برائی کی ہے تو ''حسنہ'' یہ ہے کہ آپ اس کی برائی کے بدلہ میں اس کو معاف کردیں اور ''احسن'' یہ ہے کہ آپ اس کی برائی کے بدلہ میں اس کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آئیں۔ مثلاً اس نے آپ کی مذمت بیان کی ہے، تو آپ اس کی مدحت بیان کریں، چنانچہ ایسا کرنے کے نتیجہ میں آپ کا سخت دشمن بھی آپ کا گہرا جگری دوست ہوجائے گا۔

غصہ ایمان کا بگاڑ ہے

۵۱۱۸: وَعَنْ بَهْزِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْغَضَبَ لَيُفْسِدُ الْاِيْمَانَ كَمَا يُفْسِدُ الصَّبْرُ الْعَسَلَ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/٣١١، الحديث رقم ٨٢٩٤۔

ترجمہ: حضرت بہز بن حکیم نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے دادا سے نقل کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: غصہ ایمان کو اس طرح تباہ کردیتا ہے جیسا کہ صبر شہد کو بگاڑ دیتا ہے۔ (بیہقی)

تشریح: ''ایمان'' سے یا تو کمال ایمان مراد ہے یا نور ایمان ہے اور اس میں کوئی شبہ نہیں کہ بسا اوقات غصہ کی شدت اصل ایمان کو بھی ختم کردیتی ہے۔ نعوذ باللّٰہ من ذلك۔ اور چونکہ بعض افراد یقیناً ایسے ہی ہیں، لہٰذا یہ تشبیہ دینا بالکل درست ہے۔

الصبر: صاد کے فتحہ اور باء کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ ایک نسخہ کے مطابق باء ساکن ہے۔ لیکن صاحب قاموس فرماتے ہیں: الصبر ككتف ولا يسكن الا في ضرورة الشعر عصارة شجر مر۔ انتهى۔ لوگوں کی زبان پر بسکون الباء مشہور ہے ممکن ہے کہ یہ شہرت اس وجہ سے ہو کہ اس کا ضبط بیان کرتے ہوئے ''ككتف'' کہا جاتا ہے۔ اور ''كتف'' میں خود دو لغات ہیں۔ واللہ اعلم۔

تواضع، تکبر کا موازنہ

۵۱۱۹: وَعَنْ عُمَرَ قَالَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَا اَيُّهَا النَّاسُ تَوَاضَعُوْا فَاِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِيْ نَفْسِهٖ صَغِيْرٌ وَفِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ عَظِيْمٌ وَمَنْ تَكَبَّرَ وَضَعَهُ اللّٰهُ فَهُوَ فِيْ اَعْيُنِ النَّاسِ صَغِيْرٌ وَفِيْ نَفْسِهٖ كَبِيْرٌ حَتّٰى لَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِمْ مِنْ كَلْبٍ اَوْ خِنْزِيْرٍ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/٢٧٦ الحديث رقم ٨١٤٠۔

ترجمہ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے راوی کہتے ہیں کہ وہ منبر پر خطبہ دیتے ہوئے فرمارہے تھے اے لوگو! تواضع اختیار کرو میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ جو اللہ تعالیٰ کے لئے تواضع اختیار کرے اللہ اس کو بلند فرماتے ہیں اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لوگوں کی نگاہ میں وہ بڑا ہوتا ہے اور جو شخص تکبر اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو پست کر دیتے ہیں وہ لوگوں کی نگاہ میں حقیر ہوتا ہے اور اپنے نزدیک وہ بہت بڑا بنتا ہے یہاں تک کہ وہ لوگوں کے ہاں کتے اور خنزیر سے زیادہ ذلیل ہو جاتا ہے۔

تشریح: قوله: وهو على المنبر:

اس جملہ میں اشارہ ہے، کہ راوی کو یہ قضیہ بخوبی یاد ہے۔ اور اگلی بات چونکہ صحابہ کے مجمع عام میں کہی تھی، لہٰذا گویا یہ مسئلہ اجماعی ہے۔

قوله: يا أيها الناس:

"يا أيها المؤمنون" کے بجائے "يا ايها الناس" کے الفاظ کی طرف عدول فرمانا افادۂ عموم کیلئے ہے۔ اور توہم خصوص کی نفی بھی مقصود ہے۔

قوله: تواضعوا: یعنی تم لوگ باہمی طور پر تواضع اختیار کرو، اپنے مسلمان بھائیوں کے ساتھ تکبر کے ساتھ مت پیش آؤ، چونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿أذلة على المؤمنين أعزة على الكافرين﴾ [المائدة۔ ٥٤] اور لفظ "أذلة" کی تعبیر میں کمال تواضع علی سبیل المبالغہ کی طرف اشارہ ہے۔ **من تواضع لله رفعه الله فهو في نفسه صغير:**

فهو میں فاء تفریعیہ ہے **أي فالمتواضع المرفوع نتيجته أو علامته أنه ،**

یا فاء جزائیہ ہے، اور تقدیری عبارت یوں ہے: **واذا رفعه الله فهو في نفسه صغير**

حتى: "صغير" کے متعلق ہے، یا حاصلِ مجموعہ کے متعلق ہے، اور ظاہر یہ ہے کہ یہ "حتى" ابتدائیہ ہے۔ مغنی میں لکھتے ہیں: "حتى" کبھی حرف ابتداء ہوتا ہے، یعنی ایسے حرف کے طور پر واقع ہوتا ہے، کہ جس کے بعد جملہ کی ابتداء ہو رہی ہوتی ہے۔ یعنی اس کے بعد جملہ مستانفہ ہوتا ہے۔ چنانچہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے۔ جیسا کہ جریر کا یہ قول:

فما زالت القتلى تمج دمائها
بدجلة حتى ماء دجلة أشكل

اور اس کی تائید اگلے جملہ سے بھی ہوتی ہے، کہ اس جملہ میں لام ابتداء داخل ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: "فهو" میں فاء جزائیہ ہے، اور شرط محذوف ہے۔ یعنی **من تواضع لله هضم حقه من نفسه فجعل نفسه دون منزلته**

شرح السنۃ میں لکھتے ہیں کہ عمر بن الخطاب نے فرمایا:

ان الرجل اذا تواضع رفع الله حكمته وقال: انتنفش نفسك' فهو في نفسه صغير وفي أعين الناس كبير، واذا بطر وعداً طوره وهضه الله الى الأرض، وقال: اخسأ أخسأك الله فهو في نفسه كبير، وفي اعين الناس صغير حتى يكون أهون على الله من الخنزير

مطلب یہ ہے کہ متکبر و مغرور شخص اگرچہ خود کو بڑا اور عزت دار سمجھتا ہے اور دوسروں کو بھی اپنی مصنوعی بڑائی اور عزت دکھاتا ہے لیکن وہ خدا کے نزدیک بھی ذلیل و حقیر ہوتا ہے اور لوگوں کی نظروں میں بھی نہایت کمتر و بے وقعت رہتا ہے اس کے برخلاف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو شخص تواضع وفروتنی اختیار کرتا ہے وہ اگر چہ اپنی نظر میں خود کو حقیر سمجھتا ہے اور لوگوں کے سامنے بھی اپنے آپ کو کمتر و بے وقعت ظاہر کرتا ہے مگر خدا کے نزدیک اس کا مرتبہ بہت بلند ہوتا ہے اور لوگوں کی نظروں میں بھی اس کی بڑی عزت و وقعت ہوتی ہے۔

ایک ماثور دعا میں یہ الفاظ وارد ہوئے ہیں: اللھم اجعلنی فی نفسی صغیرا و فی أعین الناس کبیرا۔

سب سے زیادہ عزت والا بندہ

۵۱۲۰: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مُوْسٰی بْنُ عِمْرَانَ عَلَیْهِ السَّلَامُ یَارَبِّ مَنْ اَعَزُّ عِبَادِكَ عِنْدَكَ قَالَ مَنْ اِذَا قَدَرَ غَفَرَ۔

أخرجه البیهقی فی شعب الایمان ٦/ ٣١٩ الحدیث رقم ٨٣٢٧۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام نے عرض کیا' میرے پروردگار! تیرے ہاں سب سے زیادہ عزت والا کون ہے؟ پروردگار نے فرمایا: جو قدرت پانے پر بخش دے۔ (بیہقی)

تشریح: قوله: من اذا قدر غفر:

مطلب یہ ہے کہ سب سے عزیز بندہ وہ ہے جو طریق عبودیت اور عبدیت میں اپنے آپ کو ذلیل کرے۔ چونکہ ''عبد'' اور ''عبادت'' یہ دونوں لفظ'' طریق معبد ای مذلل'' سے ماخوذ ہیں۔ عارفین فرماتے ہیں: العبادة هی أقصی غایة الخضوع والتذلل کہ عبادت خضوع وتذلل کی انتہاء ہے۔ اور اسی وجہ سے ''عبادت'' کا لفظ غیر اللہ کے لئے مستعمل نہیں، البتہ غفران مع القدرۃ یہ از باب تخلق باخلاق اللہ ہے۔ اس آیت مبارکہ میں اسی مفہوم کی طرف اشارہ ہے: ﴿اِنْ تُبْدُوْا خَیْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِیْرًا﴾ [النساء: ١٤٩] یعنی اگر اس پر کسی شخص نے کوئی ظلم کیا اور اس کو رنج وتکلیف میں مبتلا کیا تو وہ اس سے انتقام لینے کی طاقت وقدرت رکھنے کے باوجود اس کو معاف کر دے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طبیعت پر چونکہ جلالی کیفیت غالب تھی اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس جواب کے ذریعہ گویا ان کو تلقین کی ہے کہ وہ عفو ودرگزر کا رویہ اختیار کیا کریں۔

جامع صغیر کی ایک روایت میں منقول ہے من عفا عند القدرة عفا اللّٰه عنه یوم العسرة کہ ''جو شخص انتقام لینے کی طاقت وقدرت کے باوجود عفو ودرگزر کرے تو اللہ تعالیٰ یوم عسرت یعنی قیامت کے دن اس کے ساتھ عفو ودرگزر فرمائے گا۔'' اس حدیث کو امام طبرانی نے حضرت ابوامامہ سے نقل کیا ہے۔

کمال کا تقاضا یہ ہے کہ درجہ اعتدال حاصل ہونا چاہئے، بلکہ صفت جمال کا غلبہ ہونا چاہئے، جیسا کہ اس حدیث قدسی میں اسی طرف اشارہ ہے: غلبت رحمتی غضبی اور صفت رحمت کی وجہ سے ہمارے نبی کریم کو ''رحمۃ للعالمین'' کے لقب سے نوازا گیا، اور اس امت کو ''امت مرحومہ'' کے نام سے پکارا گیا۔ نیز ماقبل میں گزرا کہ الراحمون یرحمهم الرحمن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حفاظت زبان کا بدلہ

۵۱۲۱: وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ خَزَنَ لِسَانَهٗ سَتَرَاللّٰهُ عَوْرَتَهٗ وَمَنْ كَفَّ غَضَبَهٗ كَفَّ اللّٰهُ عَنْهُ عَذَابَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنِ اعْتَذَرَ اِلَى اللّٰهِ قَبِلَ اللّٰهُ عُذْرَهٗ ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/٣١٥ الحديث رقم ٨٣١١۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اپنی زبان کو محفوظ کر کے رکھا اللہ تعالیٰ اس کی پردہ پوشی فرمائیں گے اور جس نے اپنے غصہ کو روک لیا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس سے اپنے عذاب کو روک دیں گے اور جس نے اللہ کے دربار میں معذرت کی تو اللہ تعالیٰ اس کی معذرت قبول فرمالیں گے۔ (بیہقی)

تشریح: خزن: خاء کے فتحہ کے ساتھ بمعنی حفاظت۔ امرؤالقیس کہتا ہے:

اذا المرء لم يخزن عليه لسانه
فليس على شيء سواه بخزان

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یعنی جو شخص لوگوں کے ان عیوب اور برائیوں کو بیان کرنے سے باز رہتا ہے جو اس کے علم میں ہوتی ہیں تو اللہ تعالیٰ اس کے عیوب و معاصی کو لوگوں کی نگاہوں سے یا اعمال لکھنے والے فرشتوں سے اور یا دونوں سے چھپاتا ہے۔

الجامع میں بروایت ابن ابی الدنیا عن ابن عمر مروی ہے: من كف غضبه ستر الله عورته اس آخری جملہ کا مطلب اگر یہ بیان کیا جائے کہ اللہ تعالیٰ اس کو عذاب میں مبتلا نہیں کرے گا، تو دونوں حدیثوں میں موافقت ہو جائے گی۔

قوله: ومن اعتذر الى الله: قبل الله عذره: پچھلے جملوں کا ظاہر یہ کہتا ہے، کہ یہاں عبارت یوں ہوتی: ومن قبل عذر أخيه قبل الله عذره ممکن ہے کہ راویوں میں سے کسی کا تصرف ہو یا حکمت اسی کی مقتضی ہو۔ والله اعلم بما هنالك۔

تین نجات دہندہ اور تین ہلاک کن اشیاء

۵۱۲۲: وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلٰثٌ مُنْجِيَاتٌ وَثَلٰثٌ مُهْلِكَاتٌ فَاَمَّا الْمُنْجِيَاتُ فَتَقْوَى اللّٰهِ فِى السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ وَالْقَوْلُ بِالْحَقِّ فِى الرِّضٰى وَالسَّخَطِ وَالْقَصْدُ فِى الْغِنَا وَالْفَقْرِ وَاَمَّا الْمُهْلِكَاتُ فَهَوًى مُتَّبَعٌ وَّشُحٌّ مُطَاعٌ وَاِعْجَابُ الْمَرْءِ بِنَفْسِهٖ وَهِىَ اَشَدُّهُنَّ ۔

(روى البيهقي والاحاديث الخمسة في شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٥/٤٥٢ الحديث رقم ٧٢٥٢۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں نجات دینے والی اور تین باتیں ہلاک کرنے والی ہیں: ① خفیہ اور اعلانیہ تقویٰ اختیار کرنا۔ ② خوشی اور ناخوشی سچی بات کرنا اور ③ سرداری اور فقر میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اعتدال پر رہنا۔ ہلاک کرنے والی چیزیں یہ ہیں: ﴿۱﴾ ایسی نفسانی خواہش کی جس کی پیروی کی جائے۔ ﴿۲﴾ وہ بخل جس کی اطاعت کی جائے۔ ﴿۳﴾ انسانی خود پسندی اختیار کرنا۔ یہ ان تینوں میں سب سے بڑی چیز ہے۔ ان پانچوں روایات کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔

تشریح: قوله: القول بالحق فی الرضی والسخط: خوشی وناخوشی میں حق بات کہنے کا مطلب یہ ہے کہ حقیقت بیانی اور حق گوئی کو اپنی کسی مصلحت کسی مفاد اور اپنے کسی جذبۂ خوشی وناخوشی کا پابند نہیں بنانا چاہئے بلکہ اگر کسی سے راضی وخوش ہے تو اس کے سامنے بھی وہی بات کہے جو حق ہے اور اگر اس سے ناراض وناخوش ہو تو اس صورت میں بھی حق بات ہی کہے مثلاً اگر خود کو کسی ایسے شخص سے کوئی نفع وفائدہ پہنچتا ہے' دوسروں کے ساتھ جس کا ظلم اور جس کا فسق ظاہر وثابت ہو تو اس کی ناحق تعریف وستائش اور خلاف واقعہ بات محض اس لئے بیان نہ کرے کہ ذاتی فائدہ حاصل ہونے کی وجہ سے اس سے خوش ہے' اسی طرح اگر کسی صالح وبزرگ شخصیت سے کسی معاملہ میں کوئی اختلاف اور ناراضگی کی صورت پیدا ہو جائے تو محض اپنی ذاتی ناراضگی کی وجہ سے اس کی برائی اور مذمت نہ کرے۔ حاصل یہ کہ خواہ کسی سے خوش ہو یا ناراض' دونوں صورتوں میں راہ استقامت پر گامزن رہے اور حق گوئی کے فریضہ کو کسی بھی حالت میں پس پشت نہ ڈالے۔

قوله: والقصد فی الغنا والفقر: میانہ روی اختیار کرنے کا مطلب یہ ہے کہ خرچ واخراجات میں نہ تو اس قدر وسعت وفراخ دستی کا طور اپنائے کہ اس پر اسراف کا اطلاق ہونے لگے اور نہ اس قدر تنگی وسختی اختیار کرے کہ فقر وافلاس ظاہر ہونے لگے یا یہ مراد ہے کہ فقر وغنا کے درمیان اعتدال قائم کرے اور درمیانی راستہ کو اختیار کرے جیسا کہ علماء نے کہا ہے کہ حصولِ معاش کی جدوجہد میں اس حد پر اکتفا کرنا کہ جس سے ضروریاتِ زندگی کی تکمیل اور بقاء حیات کا سامان فراہم ہو جاتا ہو غنا اور فقر دونوں سے افضل ہے۔

قوله: فهوی متبع الخ: ''خواہش نفس کہ جس کی پیروی کی جائے'' کا مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو اس طرح کا تابع کر دینا کہ اس کی ہر خواہش پوری کرنے لگے' وہ جو کچھ کہے اور جس طرف لے جائے اِدھر چل پڑے ایک ایسی خصلت ہے جو ہلاکت وتباہی میں ڈال دیتی ہے اس کے برخلاف ایمان کا کامل ہونا اس بات پر منحصر ہے کہ اپنے نفس کو فرمانِ حق اور شریعت مصطفوی ﷺ کا تابع بنا دیا جائے۔

قوله: شح مطاع: بخل وحرص کا غلام بن جانے کا مطلب یہ ہے کہ اگرچہ بخل وحرص انسان کی طبیعت میں داخل ہے اور اس وجہ سے یہ ممکن نہیں ہے کہ انسان بخل وحرص کے مادہ سے بالکل خالی ہو' لیکن اپنے آپ کو بخل وحرص کا اس طرح غلام بنا دیا کہ کسی بھی صورت میں ان چیزوں سے خود کو محفوظ رکھنا ممکن نہ ہو ایک ایسی خصلت ہے جو انسان کو اخروی تباہی وہلاکت میں ڈال دیتی ہے۔

قوله: اعجاب المرء بنفسه وهی أشدهن: مطلب یہ ہے کہ ہلاکت میں ڈالنے والی جن تین چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے' ان میں از روئے گناہ اور نقصان سب سے بدتر خصلت عجب ہے جس کی وجہ سے انسان تکبر وغرور میں مبتلا ہو جاتا ہے' کیونکہ [illegible] کی اتباع اور بخل وحرص کی غلامی یہ دونوں بدیہی طور پر اس طرح کی ہیں کہ اگر کوئی شخص ان میں گرفتار ہو تو ان سے اپنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ کو نکال لینا اور توبہ وانابت کی راہ اختیار کر لینا زیادہ مشکل نہیں ہوتا مگر عجب ایک ایسا مرض ہے جو اگر لاحق ہو جاتا ہے تو کم ہی پیچھا چھوڑتا ہے اور انسان کو کبر ونخوت میں اس طرح مبتلا کر دیتا ہے کہ وہ اپنے کسی برے فعل کی برائی کے احساس تک سے خالی ہو جاتا ہے' اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے کسی برے فعل پر نادم نہیں ہوتا اور توبہ وانابت کی راہ اس سے دور ہوتی چلی جاتی ہے' جیسا کہ بدعتی' بدعت کے پھندے میں اس طرح پھنس جاتا ہے کہ اس سے نکلنا آسان نہیں ہوتا چنانچہ بدعتی کو کم ہی توبہ کی توفیق ہوتی ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: خود پسند اپنی خواہشات کا تابع ہوتا ہے، اور ''شح مطاع'' یہ بھی خواہشات نفسانی میں سے ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ومن یوق شح نفسه فأولئك هم المفلحون﴾ [الحشر ـ ۹] کہ یہاں ''شح'' کی اضافت ''نفس'' کی طرف کی گئی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الظُّلْمِ

ظلم کا بیان

"ظُلْمٌ" کے لغوی معنی ہیں "کسی چیز کو بے موقع محل رکھنا" (یعنی جس چیز کی جو جگہ اور جو محل ہو اس کو وہاں رکھنے کی بجائے دوسری جگہ اور دوسرے محل میں رکھنا) یہ مفہوم ہر اس چیز کو شامل ہے جو اپنی حد سے تجاوز کر جائے اور اس کو جس طرح' یا جس وقت' یا جس جگہ واقع ہونا چاہئے اس کے بجائے زیادتی ونقصان کے ساتھ' یا بے جا یا بے وقت واقع ہو۔ چنانچہ امام راغبؒ فرماتے ہیں: **الظلم عند أهل اللغة وضع الشيء في غير موضعه المختص به اما بنقصان أو بزيادة، واما بعدول عن وقته أو مكانه** شریعت میں بھی ظلم کے یہی معنی مراد لئے جاتے ہیں۔ البتہ شرعی طور پر ظلم کا اطلاق اس چیز پر ہوگا جو اپنے شرعی محل سے بلا وجہ شرعی تجاوز کر جائے۔

قطب ربانی شیخ عبدالکبیر یمانی فرماتے ہیں: **ان الله سبحانه خلق قلب عبده لذكره وفكره، فمن وضع فيه غيره فهو ظالم لنفسه** "اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنے بندہ کا دل اپنے ذکر وفکر کیلئے پیدا کیا ہے، چنانچہ جو شخص اپنے دل میں غیر اللہ کو جگہ دے گا، وہ اپنے نفس پر ظلم کرنے والا ہے"۔ عارف باللہ ابن فارض فرماتے ہیں:

عليك بها صرفا وان شئت مزجها
فعدلك عن ظلم الحجيب هو الظلم

ظلم قیامت کے دن اندھیرے ہوں گے

۵۱۲۳: عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلظُّلْمُ ظُلُمَاتٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاري في صحيحه ٥/١٠٠ الحديث رقم ٢٤٤٧ و مسلم في ٤/١٩٩٦ الحديث رقم (٥٧-٢٥٧٩)، والترمذي في السنن ٤/٣٣٠ الحديث رقم ٢٠٣٠، والدارمي في ٢/٣١٣ الحديث رقم ٢٥١٦، واحمد في المسند ٢/١٣٧۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ظلم قیامت کے دن اندھیرے ہوں گے۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قولہ: **الظلم ظلمات يوم القيامة** کا مفہوم مخالف یہ نکلتا ہے: **العدل بأنواعه أنوار** "عدل کرنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قیامت کے دن روشنیوں کا باعث ہوگا''۔اور قیامت کے دن کی تخصیص کا سبب واضح ہے کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

شرح مسلم للنووی میں قاضیؒ فرماتے ہیں: یہ اپنے ظاہر پر ہے۔اور مطلب یہ ہے کہ ظالم کو قیامت کے دن میدانِ حشر میں تاریکیاں اس طرح گھیرے ہوئے ہوں گی کہ وہ اس نور سے محروم رہے گا جو مؤمن کو نصیب ہوگا اور جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے قرآن میں یوں فرمایا:[یَسْعٰی نورھم بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَبِاَیْمَانِھِمْ] [الحدید۔۱۲] ترجمہ:(قیامت کے دن) مؤمنین کا نوران کے آگے اور دائیں طرف دوڑتا ہوگا (جس کی روشنی میں وہ اپنی منزل پائیں گے۔)

اس میں ایک احتمال یہ ہے کہ ظُلُمَاتٌ (تاریکیوں) سے آخرت کے وہ شدائد (تکلیف ومشکلات) اور عذاب مراد ہیں جن سے قیامت کے دن واسطہ پڑے گا اور جن میں اہل دوزخ مبتلا ہوں گے۔چنانچہ قرآن کریم میں فرمایا گیا ہے:[قُلْ مَنْ یُّنَجِّیْکُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ] [الانعام۔۶۳] ''کہہ دیجئے کہ تمہیں جنگل اور دریا کی تکلیف ومشکلات سے کون نجات دیتا ہے۔''

ایک احتمال یہ بھی ہے کہ ''ظلمات'' انکال وعقوبات سے عبارت ہو۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: قاضیؒ کا یہ کہنا کہ ''یہ اپنے ظاہر پر ہے'' سے یہ وہم ہوتا ہے، کہ ''ظلمات'' کے مجازی نہیں بلکہ حقیقی معنی مراد ہیں۔لیکن حقیقت یہ ہے کہ مجازی معنی مراد ہیں۔چونکہ یہاں ''حمل علی المسبّب'' ہے، چنانچہ مراد یہ ہوگا: ظلمات حقیقة مسببة عن الظلم۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں: قاضی نے ''حقیقت'' سے مراد وہ حقیقت لی ہے جو ''مجاز'' کے مقابلہ میں آتی ہے جس کی تفسیر اصلی معنی کی طرف نظر کرتے ہوئے ''شدائد'' کے ساتھ کی گئی ہے۔قطع نظر کرتے ہوئے معرب ومبنی ہونے سے۔

پھر آگے فرماتے ہیں: ''شدائد وانکال'' میں فرق یہ ہے کہ ''شدائد'' کا تعلق دخول نار سے پہلے کے اوقات کے ساتھ ہے۔اور ''انکال'' کا تعلق دخول نار کے بعد کے ساتھ ہے۔میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں: تو پھر ''یوم قیامت'' سے مراد ''دار الآخرۃ'' ہوگا۔

اللہ تعالیٰ ظالم کو پکڑتا ہے تو پھر نہیں چھوڑتا

۵۱۲۴: وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ لَیُمْلِی الظَّالِمَ حَتّٰی اِذَا اَخَذَہٗ لَمْ یُفْلِتْہُ ثُمَّ قَرَأَ وَکَذٰلِکَ اَخْذُ رَبِّکَ اِذَا اَخَذَ الْقُرٰی وَھِیَ ظَالِمَۃٌ اَلْاٰیَۃَ۔ (متفق علیہ)

أخرجہ البخاری فی صحیحہ ۸/۳۵٤ الحدیث رقم ٤٦٨٦ و مسلم فی ٤/۱۹۹۷ الحدیث رقم (۶۱-۲۵۸۳) و ابن ماجہ فی السنن ۲/۱۳۳۲ الحدیث رقم ٤۰۱۸۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلاشبہ اللہ تعالیٰ ظالم کو مہلت دیتا ہے اور جب اسے پکڑتا ہے تو پھر نہیں چھوڑتا پھر یہ آیت تلاوت فرمائی: کَذٰلِکَ اَخْذُ رَبِّکَ اِذَا اَخَذَ الْقُرٰی وَھِیَ ظَالِمَۃٌ.....

(بخاری، مسلم)

تشریح: لیملی: از باب افعال، ڈھیل دینا، مہلت دینا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لم یفلته: ''افلات'' سے ماخوذ ہے، جس کے معنی ہیں خروج من ضیق مع فرار (ذکرہ شارح) اور مطلب یہ ہے کہ اس کو چھوئے گا نہیں بلکہ سخت طریقہ سے پکڑے گا۔ (ذکرہ ابن الملک)

بعض کا کہنا ہے، کہ **أفلت الشیء وتفلت** اور ''**انفلت**'' ہم معنی ہیں۔ **افلته غیره** بھی مستعمل ہے۔ اور صاحب النہایہ نے ''**لم یفلته**'' کی توضیح ''**لم ینفلته**'' کے ساتھ کی ہے۔ اور اس کے یہ معنی بھی ممکن ہیں: **لم یفلته منه أحد أی: لم یخلصه** ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ معنی ظاہر ہیں، جیسا کہ اس پر ضمیر دلالت کر رہی ہے' اور قول اول یا تو حاصل معنی ہے، یا یہ کہا جائے کہ یہاں حذف وایصال ہے۔

اس حدیث میں گویا مظلوم کو تسلی دی گئی ہے (کہ وہ اپنے اوپر کئے جانے والے ظلم وستم پر صبر واستقامت اختیار کرے اور اس دن کا انتظار کریں جب ظالم کو اپنے ظلم کی سخت سزا بھگتنی پڑے گی) نیز اس ارشاد گرامی میں ظالموں کے لئے سخت وعید وتنبیہ ہے کہ وہ خدا کی طرف سے اس مہلت پر مغرور نہ ہو جائیں گے بلکہ ان کو اپنے ظلم کی سزا یقیناً بھگتنی ہوگی) جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: [وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلاً عَمَّا يَعْمَلُ الظَّالِمُوْنَ] [هود-۱۰۲] الاية "اور تم اللہ تعالیٰ کو اس چیز سے غافل مت سمجھو جس کو ظالم اختیار کرتے ہیں۔''

الجامع کی روایت میں ''ثم قرأ'' تک کے الفاظ ہیں۔

تخریج: اس حدیث کو شیخین، ترمذی اور ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔

ظالموں کی جائے عذاب میں مت داخل ہو

۵۱۲۵: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا مَرَّ بِالْحَجَرِ قَالَ لَا تَدْخُلُوْا مَسَاكِنَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ اِلَّا اَنْ تَكُوْنُوْا بَاكِيْنَ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ مَا اَصَابَهُمْ ثُمَّ قَنَّعَ رَاْسَهٗ وَاَسْرَعَ السَّيْرَ حَتّٰى اجْتَازَ الْوَادِيَ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۸/۱۲۵ الحدیث رقم ٤٤١٩ و مسلم فی ٤/٢٢٨٦ الحدیث رقم (٣٩-٢٩٨٠)، واحمد فی المسند ٢/٦٦۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مقام حجر سے گزرے تو فرمایا ان ظالموں کے گھروں میں تم مت داخل ہو مگر یہ کہ تم رونے والے ہو اس خطرے سے کہ کہیں ان کی طرح کا عذاب تمہیں بھی نہ آئے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سر مبارک کو ڈھانپ لیا اور وادی کو عبور کرنے تک رفتار کو تیز کر لیا۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: **ان یصیبکم:** یہاں تقدیری عبارت دو طرح سے ہو سکتی ہے:

الف **لئلا یصیبکم** **ب** **مخافة أن یصیبکم** قاضیؒ فرماتے ہیں کہ استثناء نہی سے ہے' اور ''**ان یصیبکم**'' مفعول نہ ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔ **أی مخافه ان یصیبکم**۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس کا معنی یہ ہے: **لاتدخلو مساکنهم فی جمیع الاحوال الا حال کونکم باکین**۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''حجر'' حائے مہملہ کے ساتھ ہے۔ حجر ایک جگہ کا نام ہے جہاں حضرت صالح علیہ السلام کی قوم ''ثمود'' آباد تھی۔

تورپشتیؒ لکھتے ہیں: ''حجر اس جگہ کا نام ہے جو مشہور پیغمبر حضرت صالح علیہ السلام کی قوم ثمود کا مسکن تھی! (حجاز کے شمالی علاقہ میں جس کا نام مدین ہے۔ ایک تاریخی وادی ہے جس کا نام وادی القریٰ ہے اسی وادی میں تبوک سے تقریباً چار میل کے فاصلہ پر یہ جگہ واقع ہے۔

یہاں قوم ثمود کی بستیاں تھیں۔

جب آنحضرت ﷺ غزوہ کے لئے تبوک جا رہے تھے یا غزوہ سے فارغ ہو کر وہاں سے واپس تشریف لا رہے تھے تو راستہ میں آپ ﷺ کا گزر اسی علاقہ سے ہوا'' یہ ارشاد گرامی آپؐ نے اسی موقع پر ارشاد فرمایا تھا۔

قوله: ثم قنع رأسه و أسرع السير حتى اجتاز الوادى: قنع: نون کی تشدید کے ساتھ ''قنع'' کے یہاں دو معنی ہو سکتے ہیں: ☜ اطرق رأسه ۔ یعنی سر مبارک جھکا لیا الخ ☜ جعل قناعة على رأسه ۔ کہ اپنے سر پر چادر ڈال لی۔ آنحضرت ﷺ کا اپنے سر پر چادر ڈال کر اس جگہ سے جلدی گزرنا جیسا کہ کسی جگہ سے کوئی خوفزدہ شخص جلد سے جلد گزر جاتا ہے' دو وجہ سے تھا۔

اول: آپ ﷺ کی نظر مبارک دائیں بائیں اس تباہ شدہ قوم کے مکانات کھنڈرات پر نہ پڑے اور حقیقت میں آپؐ کا یہ عمل مسلمانوں کی تعلیم کے واسطے تھا تا کہ وہ آنحضرت ﷺ کی پیروی کریں۔ چنانچہ آپ نے پہلے تو قول کے ذریعہ لوگوں کو اس امر کی طرف متوجہ کیا اور پھر از راہ تاکید اپنے فعل کے ذریعہ بھی توجہ دلائی۔

ثانی: آپ ﷺ کا وہاں سے اس طرح گزرنا اس بنا پر تھا کہ خود آپ پر خوف خدا کا نہایت غلبہ رہتا تھا اور عذاب الٰہی کے آثار آپ ﷺ کو سب سے زیادہ لرزاں کر دیا کرتے تھے چونکہ خشیت بقدر معرفت ہوتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: [انما يخشى الله من عباده العلموا] [فاطر۔۲۸] اور جیسا کہ ایک ارشاد میں فرمایا اَنَا اَعْلَمُكُمْ بِاللّٰهِ وَاَخْشَاكُمْ لَهٗ ''میں تم سب سے زیادہ خدا کا علم رکھتا ہوں اور سب سے زیادہ خدا سے ڈرتا ہوں۔''

ایک روایت میں یہ بھی منقول ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اس جگہ صحابہؓ کو یہ حکم بھی دیا تھا کہ وہ اس جگہ کا پانی پئیں۔ صحابہ کرام نے وہاں کے پانی سے آٹا گوندھا تھا۔ تو ان کو حکم دیا گیا کہ وہ آٹا اپنے جانوروں کو کھلا دیں' صحابہ کرام کو وہ آٹا استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی گئی۔

شرح السنۃ میں لکھتے ہیں کہ یہ حدیث دلیل ہے اس بات کی کہ خدا کے سرکش بندوں اور ظالموں کے مکانات اور ان کی جگہوں میں نہ تو رہائش اختیار کی جائے اور نہ ان کے علاقوں کو اپنا وطن بنایا جائے۔ چونکہ نبی کریمؐ نے منع فرمایا ہے کہ تم ان لوگوں کے مکانات میں داخل نہ ہونا الا یہ کہ تم روتے ہوئے گزرا۔ چنانچہ جو شخص ان ظالموں کے علاقوں کو اپنا وطن بنائے گا اسے تو چاہئے کہ وہ سدا روتا ہی رہے۔ (انتھیٰ) میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں اللہ جل شانہ کے اس فرمان کا ظاہر تفریع وتوبیخ میں اس کے مناسب ہے: ﴿وَّسَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ﴾ [ابراھیم: ۴۵] ''اور جو لوگ اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے تم ان کے مکانوں میں رہتے تھے اور تم پر ظاہر ہو چکا تھا کہ ہم نے ان لوگوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ساتھ کس طرح (کا معاملہ) کیا تھا اور تمہارے (سمجھانے) کیلئے مثالیں بھی بیان کر دی تھیں۔''

نیز اس حدیث میں تنبیہ ہے کہ مختلف مکانات ومقامات کی اس کے رہنے والوں کے اعتبار سے عنداللہ ایک خاص تاثیر ہے۔ جیسا کہ مختلف اوقات میں اللہ جل شانہ کے ہاں مختلف تاثیرات ہیں۔ چنانچہ طاعات کے مختلف اوقات اور اجابت کی گھڑیاں وغیرہ۔ اسی قبیل سے یہ فرمان نبویؐ ہے: ان للّٰہ فی أیام دھرکم نفحات الا فتعرضوا لھا نیز ماقبل میں یہ حدیث گزر چکی ہے۔

ان أحب البلاد الی اللّٰہ المساجد وأبغضھا الیہ الأسواق اور اس کی ایک نظیر اخیار واشرار کی مصاحبت کی تاثیر بھی ہے۔

زیادتی کی معافی دنیا میں مانگ لو

۵۱۲۶: وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ کَانَتْ لَہٗ مَظْلِمَۃٌ لِاَخِیْہِ مِنْ عِرْضِہٖ اَوْشَیْءٌ فَلْیَتَحَلَّلْہُ مِنْہُ الْیَوْمَ قَبْلَ اَنْ لَّا یَکُوْنَ دِیْنَارٌ وَّلَا دِرْھَمٌ اِنْ کَانَ لَہٗ عَمَلٌ صَالِحٌ اُخِذَ مِنْہُ بِقَدْرِ مَظْلِمَتِہٖ وَاِنْ لَّمْ تَکُنْ لَہٗ حَسَنَاتٌ اُخِذَ مِنْ سَیِّئَاتِ صَاحِبِہٖ فَحُمِلَ عَلَیْہِ۔ (رواہ البخاری)

أخرجہ البخاری فی صحیحہ ۵/۱۰۱ الحدیث رقم ۲۴۴۹، واحمد فی المسند ۲/۲۰۶۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم میں سے کسی نے دوسرے پر ظلم کیا ہے یا اس کی آبروریزی کی یا اور کچھ کہا تو اس سے آج ہی معافی مانگ لے اس سے پہلے کہ اس کے پاس دینار ودرہم نہ ہوں اگر ظالم کے پاس اعمال صالحہ ہوں گے تو اس سے لے لیے جائیں گے اور اگر اس کے پاس نیکیاں نہ ہوں تو اس پر مظلوم کے گناہ لاد دیئے جائیں گے۔ (بخاری)

تشریح: قولہ: من کانت لہ مظلمۃ لأخیہ من عرضہ أوشیٔ فلیتحللہ منہ الیوم:

مظلمۃ: لام پر کسرہ اور فتحہ دونوں درست ہیں۔

عرض: عین کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

من عرضہ: ''مظلمۃ'' کا بیان ہے۔

أوشیٔ: یہ تعمیم بعد از تخصیص ہے۔

فلیتحللہ: صاحب النہایہ لکھتے ہیں: تحللتہ واستحللتہ ان دونوں کے معنی ہیں کسی سے حلّت کا مطالبہ کرنا۔

لا یکون: ''لا یوجد'' کے معنی میں ہے۔ اور ''لم یکن'': ''لم یوجد'' کے معنی میں ہے۔

قولہ: ان عمل صالح أخذ منہ بقدر مظلمتہ الخ:

''أخذ'' اور'' حمل'' دونوں فعل مجہول ہیں۔

آخرت میں ظالم سے اس کے ظلم کا بدلہ اس طرح لیا جائے گا کہ اگر اس کے اعمال نامہ میں کچھ نیکیاں ہوں گی تو وہ مظلوم کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دے دی جائیں گی اور اگر وہ اپنے اعمال نامہ میں نیکیاں نہیں رکھتا ہوگا تو اس صورت میں مظلوم کے وہ گناہ جو اس نے دنیا میں کئے ہوں گے اس ظالم پر لاد دیئے جائینگے چنانچہ وہ اپنے گناہوں کی سزا تو بھگتے ہی گا مزید برآں مظلوم کے گناہوں کے عذاب میں بھی مبتلا ہوگا اور مظلوم کو اس کے عذاب سے نجات دے دی جائے گی جس کا وہ ان گناہوں کی وجہ سے مستوجب ہوتا۔

قولہ: قبل أن لایکون دینار ولا درھم: حدیث کے یہ الفاظ کہ ''وہ نہ درہم رکھتا ہوگا نہ دینار'' اس طرف اشارہ کرتے ہیں جس شخص نے کسی پر ظلم وزیادتی حق تلفی کی ہو تو اس پر واجب ہے کہ وہ ہر حالت میں مظلوم یا حق دار سے اس ظلم یا حق کو ضرور معاف کرالے خواہ اس معافی کے عوض درہم ودینار (یعنی روپیہ پیسہ) خرچ کرنا پڑے اور اس دنیا ہی میں معافی تلافی کا ہو جانا اس سے کہیں زیادہ بہتر اور آسان ہے کہ عدم معافی کی صورت میں اس کی نیکیاں لے لے یا اپنے گناہوں کا بوجھ اس پر ڈال دے۔ جیسا کہ اگلے کلام میں یہی بات ارشاد فرمائی گئی ہے۔

''اس کے ظلم یا واجب حق کے بقدر'' کے بارے میں زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ کمیت اور کیفیت کے اعتبار سے ان نیکیوں اور گناہوں کی مقدار کا تعین علم الٰہی کے سپرد ہے (یعنی وہی بہتر جانتا ہے کہ ان نیکیوں اور گناہوں کا لینا دینا کس طرح اور کس اعتبار سے ہوگا) ابن ملکؒ نے لکھا ہے کہ جن نیکیوں اور برائیوں کا لینا دینا ہوگا' ہوسکتا ہے کہ وہ اس موقع پر نفس اعمال ہوں گے جن کو جواہر کی مانند مجسم کر کے پیش کیا جائے گا' اور یہ احتمال بھی ہے کہ ایک دوسرے کو وہ نعمتیں یا عذاب ملیں جو ان نیکیوں یا برائیوں کی جزا وسزا کے طور پر حق تعالیٰ کی طرف سے مقرر ہیں اور یہ بات اس ارشاد باری تعالیٰ کے منافی نہیں: ﴿ولا تزر وازرة وزر أخرى﴾ [الانعام۔ ۱۶۴] چونکہ ظالم درحقیقت اپنے ہی ظلم کا بوجھ اٹھا رہا ہے۔ مظلوم کی سیئات اس لئے لی جائیں گی تاکہ مظلوم پر سے تخفیف ہو، اور عدل بھی ہو۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ان کان، جملہ مستانفہ ہے، کہ گویا جب یہ فرمایا: **فلیتحلل منه الیوم قبل أن لا یکون دینار ولا درهم یؤخذ منه بدل مظلمته۔** تو سائل کو متوجہ فرمایا کہ وہ یہ پوچھے: **فما یؤخذ منه بدل مظلمته بعد أن کان.....۔**

مفلس کسے کہتے ہیں

۵۱۲۷: وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا الْمُفْلِسُ قَالُوْا اَلْمُفْلِسُ فِيْنَا مَنْ لَّا دِرْهَمَ لَهٗ وَلَا مَتَاعَ فَقَالَ اِنَّ الْمُفْلِسَ مِنْ اُمَّتِيْ يَاْتِيْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِصَلٰوةٍ وَصِيَامٍ وَّزَكٰوةٍ وَّيَاْتِيْ قَدْ شَتَمَ هٰذَا وَقَذَفَ هٰذَا وَاَكَلَ مَالَ هٰذَا وَسَفَكَ دَمَ هٰذَا وَضَرَبَ هٰذَا فَيُعْطٰى هٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ وَهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهٖ فَاِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهٗ قَبْلَ اَنْ يُّقْضٰى مَا عَلَيْهِ اُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ۱۹۹۷/۴ الحديث رقم (۵۹-۲۵۸۱)، والترمذي في ۵۲۹/۴ الحديث رقم ۲۴۱۸، واحمد في المسند ۳۰۳/۲۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم مفلس کس کو خیال کرتے ہو۔ انہوں نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عرض کیا ہم مفلس اسے کہتے ہیں جس کے پاس درد ہم اور سامان نہ ہو آپ ﷺ نے فرمایا میری امت کا مفلس وہ ہے جو قیامت کے دن نماز روزہ زکوٰۃ لے کر آئے گا۔ مگر اس نے کسی کو گالی دی ہوگی اور دوسرے پر تہمت دھری ہوگی اور کسی کا مال لیا ہوگا اور کسی کا خون بہایا ہوگا اور کسی کی مار پٹائی کی ہوگی۔ تو اس کی نیکیاں اس مظلوم کو دے دی جائیں گی اور کچھ دوسرے کو پھر اگر اس کے ذمہ ادائیگی حقوق سے پہلے نیکیاں ختم ہو جائیں گی تو مظلوموں کی غلطیاں اس ظالم پر ڈال دی جائیں گی پھر اسے آگ میں جھونک دیا جائے گا۔ (مسلم)

تشریح: قوله: قال: أتدرون ما المفلس؟:

صحیح مسلم، جامع الترمذی، کتاب الحمیدی، جامع الاصول اور شرح السنۃ کی روایت میں "ما المفلس" کے الفاظ ہیں۔ چنانچہ اس تقدیر پر اصل سوال مفلس کے وصف کے بارے میں ہے، نا کہ اس کی حقیقت کے بارے میں۔ اسی وجہ سے آنحضرت ﷺ نے جواب میں اس کے اوصاف کا ذکر فرمایا: "شتم و اكل و قذف"، مشارق الانوار میں اور مصابیح کے بعض نسخوں میں سوال مفلس کے بارے میں ہے، کہ "من المفلس"؟ یہ سوال سوالِ ارشاد ہے نا کہ سوال استعلام۔ چنانچہ اس وجہ سے جواب میں یہ فرمایا: ان المفلس كذا و كذا ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: بظاہر "ما المفلس" سے مراد "من المفلس" ہے۔ اس کی دلیل آنحضرت ﷺ کا جواب گرامی ہے جو آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس موقع پر صحابہ کو عنایت فرمایا، نیز حضور کے اپنے کلام میں بھی "من المفلس" کی تعبیر موجود ہے۔

اس حدیث میں اس طرف اشارہ ہے کہ بندوں کے حقوق کی پامالی کرنے والے کو آخرت میں نہ تو معافی ملے گی اور نہ اس کے حق میں شفاعت کام آئے گی' ہاں اگر اللہ تعالیٰ کسی کے لئے چاہے گا تو وہ مدعی (صاحب حق) کو اس کے مطالبہ کے مطابق اپنی نعمتیں عطا فرما کر راضی کر دے گا۔

نوویؒ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے ارشاد کا حاصل یہ ہے کہ عام طور پر لوگ مفلس اس شخص کو کہتے ہیں جس کے پاس مال و دولت اور روپیہ پیسہ نہیں ہوتا یا بہت کم ہوتا ہے لیکن حقیقت میں مفلس وہی شخص ہے جس کے بارے میں ذکر کیا گیا' چنانچہ دنیاوی مال و دولت سے تہی دست شخص کو حقیقی مفلس نہیں کہا جا سکتا کیونکہ مال و دولت اور روپیہ پیسہ کا افلاس عارضی ہوتا ہے جو موت کے ساتھ ختم ہو جاتا ہے بلکہ بسا اوقات زندگی ہی میں وہ افلاس' مال و دولت کی فراوانی میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ اس کے برخلاف حدیث میں جس افلاس کا ذکر کیا گیا ہے اس کا تعلق ہمیشہ ہمیشہ کی زندگی سے ہے اور اس افلاس میں مبتلا ہونے والا شخص پوری طرح ہلاک ہوگا۔ مازریؒ فرماتے ہیں بعض بدعتیوں کا زعم ہے کہ یہ حدیث اللہ جل شانہ کے اس فرمان کے معارض ہے: [الانعام۔ ۱۶۴] (ان کا) یہ (زعم) باطل ہے۔ چونکہ اس شخص کو عقاب اس کے "وزر" کی پاداش میں ہوگا' چنانچہ اس کی طرف اس کے غرماء کے حقوق متوجہ ہوں گے' اور ان کو اس کی حسنات میں سے نیکیاں دی جائیں گی' اور جب اس کی نیکیاں ختم ہو جائیں گی تو اس کے خصوم کی سیئات لے کر اس پر ڈال دی جائیں گی پس عقوبت کی حقیقت اس کے ظلم کا سبب ہے اس کو عقاب اس کی جنایت کے بغیر نہیں دیا گیا۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: عقل و نقل ہر دو کا مقتضی یہ ہے کہ عدل ہونا چاہئے، چونکہ جب ظالم کی حسنات کثیر تعداد میں ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اس کا پلڑا بھی بوجھل ہے، اور اس کی سیئات پر غالب ہیں، تو اگر اس ظالم کو جنت میں داخل کر دیا جائے گا، تو مظلوم کا حق ضائع ہو جائے گا۔ اور اگر اس ظالم کو جہنم میں ڈال دیا جائے تو اللہ جل شانہ کے اس قول کے منافی ہوگا: ﴿فمن ثقلت موازينه فأولئك هم المفلحون﴾ [الاعراف۔۸] اور عنقریب یہ بات بھی آئے گی کہ حقوق العباد ایسی چیز ہیں، جن کو اللہ تعالیٰ چھوڑے گا نہیں۔ لہٰذا، دو باتوں میں سے کوئی ایک بات ضروری ہے۔ یا ''اخذ حسنات'' ہو یا ''وضع سیئات'' ہو، تاکہ ظالم کا میزان عمل کچھ ہلکا پڑ جائے، یوں اس کو جہنم میں داخل کر دیا جائے گا اور بقدر استحقاق عذاب دیا جائے گا، پھر جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کر دیا جائے گا بشرطیکہ اس کے نامۂ اعمال میں حسنات باقی رہی ہوں۔ وگرنہ ایمان کی برکت سے جنت میں داخل کر دیا جائے گا [فان الله لا يضيع اجر من أحسن عملا] ۔

قیامت کے دن حقوق دلوائے جائیں گے

۵۱۲۸: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَتُؤَدُّنَّ الْحُقُوْقَ اِلٰى اَهْلِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يُقَادَ لِلشَّاةِ الْجَلْحَاءِ مِنَ الشَّاةِ الْقَرْنَاءِ (رواه مسلم وذكر حديث جابر) اِتَّقُوْا الظُّلْمَ فِي بَابِ الْاِنْفَاقِ ۔

أخرجه مسلم في صحيحه ١٩٩٧/٤ الحديث رقم (٢٥٨٢/٦٠)، والترمذي في السنن ٥٣٠/٤ الحديث رقم ٢٤٢٠، واحمد في المسند ٤١١/٢۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن اہل حقوق کے حقوق دلوائے جائیں گے یہاں تک کہ سینگ والی بکری سے بے سینگ کا بدلہ لیا جائے گا۔ (مسلم)

تشریح: حضرت جابرؓ کی روایت باب الانفاق میں ذکر ہوئی جس کی ابتداء (اِتَّقُوْا الظُّلْمَ) سے ہے۔

''لتؤدين'': دال مشددہ کے فتحہ کے ساتھ ہے اور بعض نسخوں میں ضمہ کے ساتھ ہے۔

'' الحقوق'' پہلی توجیہ کی بنیاد پر مرفوع ہے اور دوسری توجیہہ کی بنیاد پر منصوب ہے۔ ایک شارح جزم کرتے ہوئے فرماتے ہیں: هو بفتح الدال على بناء المجهول والحقوق اقيم مقام فاعله

ابن الملکؒ فرماتے ہیں: یہ لام قسم مقدر کے جواب پر داخل ہے۔ اس میں دال مضموم ہے اور فعل کا اسناد اس جماعت کی طرف ہے جس سے خطاب ہو رہا ہے اور 'حقوق' اس کا مفعول ہے اور بعض کا کہنا ہے کہ دال مفتوح ہے، اور یہ صیغہ مجہول کا ہے، اور '' الحقوق'' نائب فاعل ہے، لیکن یہ بات درست نہیں ہے، چونکہ اگر ایسا ہوتا تو یاء ظاہر ہوتی، اور یوں فرمایا جاتا: لتؤدين اھ۔ اور ان کی مراد یہ ہے کہ یہ صیغہ واحد ہوتا اور اس کا حکم أخشين، اغزون اور ارمين والا ہوتا، کہ لام کلمہ کو لوٹایا جا سکتا اور تثنیہ کے مطابق فتحہ ہوتا، جیسا کہ '' اخشيا وارميا واغزوا'' میں ہے۔ اور تورپشتیؒ فرماتے ہیں: هو على بناء المجهول، ''والحقوق'' مرفوع، هذه الرواية المعتمد بها، ويزعم بعضهم ضم الدال ونصب '' الحقوق''، والفعل مسند الى الجماعة الذين خوطبوا به، والصحيح ما قدمناه۔ اھ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بظاہر صحت سے مراد صحت روایت ہے، وگرنہ تو درایت کی رو سے اس کا درست ہونا ماقبل میں تحریر کیا جا چکا ہے۔ اور شیخ کے کلام کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ سید کے اصل نسخہ میں، تمام اصول معتمدہ اور نسخہ مصححہ میں دال کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ اور اس کی وجہ شاید یہ ہے کہ اس کے ساتھ فعل صحیح والا معاملہ کیا گیا ہے، جیسا کہ مفرد مجہول میں ''لیضربن''، بائے موحدہ کے فتحہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ امام طیبیؒ نے اس طرف توجہ ہی نہیں فرمائی اور معنی کی رعایت کرتے ہوئے یہ فرمادیا: ان کان الرد لأجل الرواية فلا مقال، وان كان حسب الدراية فان باب التغليب واسع فيكون قد غلب العقلاء على غيرهم

قوله: حتى يقاد للشاة الجلحاء من الشاة القرناء: اس کو حسب ''تغلیبا'' غایت قرار دیا ہے، جیسا کہ اس فرمان باری میں ہے: ﴿جعل لكم من أنفسكم أزواجا ومن الأنعام أزواجا يذرؤكم فيه﴾ [الشوری۔۱۱] ''يذرء كم'' کی ضمیر ''الاناسی والأنعام'' کی طرف ''تغلیبا'' راجع ہے اور اس (يذرؤكم فيه) کا معنی ہے ''يكثركم'' الذرء سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے: البث (بسانا)۔ (ذكره البيضاوی) ''فی'' کو ظرفیت معنویہ کے لئے قرار دیا ہے اور ''تدبیر'' کو ''منع'' سے تشبیہ دی ہے اور ''الاتقان'' میں ہے کہ ''فی'' بمعنی ''باء'' ہے۔ ای بسببہ۔ یہ بہت واضح ہے۔ یہ ساری تقریر اس تقدیر پر ہے کہ ''جلحاء'' اور ''قرناء'' سے مراد بکریاں لی جائیں، البتہ اگر ''جلحاء'' سے مراد فقیر یا مظلوم ہو اور ''قرناء'' سے مراد غنی یا ظالم ہو، جیسا کہ ایک تفسیر یوں ہی مروی ہے۔ تو اس صورت میں تغلیب کی تاویل کرنے کی حاجت نہیں۔

جلحاء: پہلے جیم، پھر لام اور پھر حائے مہملہ ہے۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں: جلحاء، مد کے ساتھ ہے۔ بغیر سینگ کی بکری کو ''جلحاء'' کہتے ہیں۔ اور اس کی ضد ''قرناء'' ہے۔ یہ (حدیث) اس مسئلہ میں صریح ہے، کہ قیامت کے دن بہائم کا بھی حشر واعادہ ہوگا۔ جیسا کہ انسان، اطفال ومجانین میں سے مکلّف مخلوق کا اعادہ ہوگا، اور ان کا بھی کہ جن کو دعوت نہیں پہنچی۔ اس کی تائید دلائل قرآن وسنت سے بھی ہوتی ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿واذا الوحوش حشرت﴾ [التکویر۔۵] جب شریعت میں کوئی لفظ وارد ہو اور اس کو شرعاً وعقلاً ظاہر پر محمول کرنے سے کوئی مانع نہ ہو تو اس کو اس کے ظاہر پر محمول کیا جائے گا۔

مطلب یہ ہے کہ اس دن (میدانِ حشر میں) اللہ تعالیٰ کا عدل وانصاف اس حد تک کارفرما ہوگا کہ آدمیوں کے حقوق کا بدلہ تو لیا ہی جائے گا لیکن حیوانات کہ جن کو انسان کی طرح مکلّف قرار نہیں دیا گیا ہے ان سے بھی حق تلفی کا بدلہ لیا جائے گا۔

بعض علماء نے لکھا ہے کہ یہ قصاص یعنی بدلہ (جس کا ذکر مذکورہ بالا حدیث میں ہے) اس طرح کا قصاص نہیں ہے جو مکلّف سے لیا جاتا ہے بلکہ اس سے مقابلہ کا قصاص مراد ہے۔ اھ۔ اس کو مقابلہ کا قصاص قرار دینا محل نظر ہے یعنی اشکال واقع ہوسکتا ہے کہ حیوان مکلّف نہیں ہوتا لہٰذا اس سے قصاص کس طرح لیا جائے گا؟ اس کا پہلا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ''فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ'' ہے اس اعتبار سے وہ اپنی مرضی کا مالک اور اپنے ہر فعل پر قادر ومختار ہے لہٰذا ولا يسأل عما يفعل یعنی وہ جو کچھ کرے گا اور جس طرح کرے گا اس سے کوئی پوچھنے والا نہیں ہوگا

دوسرا جواب یہ ہے کہ یہاں بکری سے قصاص لئے جانے کا ذکر درحقیقت بندوں کو اس امر سے آگاہ کرنے کے لئے ہے کہ کسی کا کوئی حق ضائع نہیں ہوگا بلکہ جو بھی شخص جس شخص کا حق مارے گا اور اس کے ساتھ ظلم کرے گا اس سے اس حق تلفی اور ظلم کا [illegible] اور مظلوم کو ضرور دلایا جائے گا۔ اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ دوسری تاویل زیادہ قابل فہم انتہائی مستحسن ہے۔لیکن ''حکمت'' کی جگہ لفظ ''غرض'' کی تعبیر غیر موقع محل میں ہے۔ساری مباحث کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ قضیہ دلالت کرتا ہے، کہ تمام مکلفین کے درمیان بطریق مبالغہ کمال عدل ہوگا۔ چونکہ جب حیوانات کہ جو غیر مکلّف ہیں ان کے درمیان کا معاملہ یہ ہے تو ذوی العقول میں ہے، وضیع وشریف اور قوی وضعیف کے درمیان انصاف کا کیا عالم ہوگا۔

تخریج: الجامع کی روایت میں ''تنطحها'' کا اضافہ ہے۔اس حدیث کو امام احمد، مسلم اور امام بخاری نے ''الادب المفرد'' میں اور امام ترمذی نے ذکر کیا ہے۔حدیث جابرؓ کے الفاظ یہ ہیں: **اتقوا الظلم فان الظلم ظلمات يوم القيامة، واتقوا الشح فان الشح أهلك من كان قبلكم حملهم على أن يسفكوا دماء هم واستحلوا محارمهم** مؤلفؒ نے اس حدیث کو اگر تکرار کے باعث ساقط کیا ہے، تو یہ اعتذار ارحسن ہے۔اور اگر حدیث کو اس باب میں اس لئے ذکر کیا ہے، کہ وہ اس باب سے زیادہ مناسبت رکھتی تھی۔تو یہ اعتراض بے موقع محل ہے۔فتأمل۔

الفصل الثانی:

زیادتی والے پر ظلم نہ کریں

۵۱۲۹ :عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَكُوْنُوْا إِمَّعَةً تَقُوْلُوْنَ إِنْ اَحْسَنَ النَّاسُ اِحْسَنَّا وَاِنْ ظَلَمُوْا ظَلَمْنَا وَلٰكِنْ وَطِّنُوْا اَنْفُسَكُمْ اِنْ اَحْسَنَ النَّاسُ اَنْ تُحْسِنُوْا وَاِنْ اَسَآءُوْا فَلَا تَظْلِمُوْا۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٣٢٠ الحديث رقم ٢٠٠٧۔

ترجمہ: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگوں کی نقل کرتے ہوئے مت کہو کہ اگر لوگوں نے بھلائی کی تو ہم بھلائی کریں گے اپنے آپ کو اس پر آمادہ نہ کرو کہ اگر لوگوں نے ظلم کیا تو ہم بھی ظلم کریں گے اپنے آپ کو اس پر آمادہ کرو کہ اگر لوگوں نے احسان کیا تو ہم احسان کریں گے اور اگر وہ برائی کریں گے تو ہم ظلم نہ کریں گے۔(ترمذی)

تشریح: امعة: ہمزہ کے کسرہ اور میم مشددہ کے ساتھ ہے یاء برائے مبالغہ ہے اور ہمزہ اصلی ہے یہ کلمہ عورتوں کیلئے مستعمل نہیں ہوتا ہے۔چنانچہ'' امرأة امعة ''نہیں کہا جاتا۔(کذا فی النہایۃ)

صاحب ''الفائق'' فرماتے ہیں: '' امعة'' اس شخص کو کہتے ہیں جو ہر کسی کے پیچھے چل پڑے اور ہر ایک سے کہے: أنا معك، چونکہ اس کی اپنی کوئی رائے نہیں ہوتی کہ جس کی طرف وہ رجوع کر سکے۔اس کا وزن ہے'' فعلة ''جس طرح دیمة ہے' اس کے ہمزہ کو زائدہ کہنا درست نہیں چونکہ صفات میں سے کوئی بھی صفت'' فعلة'' کے وزن پر نہیں آتی اور اسماء میں یہ وزن قلیل ہے۔اس سے مراد وہ مقلد ہے جو اپنے دین کو دوسرے کے دین کے تابع بنا دے بلا رؤیت اور بلا تحصیل برہان کے اھ۔

اس میں اشارہ ہے کہ تقلید مجرد نہیں کرنی چاہئے، حتی کہ اخلاق میں بھی، چہ جائیکہ اعتقادات وعبادات میں تقلید محض کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جائے۔اظہر یہ ہے کہ یہ کلمہ صفت یا اسم کے طور پر موضوع نہیں ہے' بلکہ دو کلموں سے مرکب ہے''أنا'' اور'' معك'' سے۔اس کی نظیر''بسمله ''اور''حيعلة''اوران جیسے کلمات ہیں۔

صاحب قاموس لکھتے ہیں:الامع كهلع وهلعة ويفتحان، الرجل يتابع كل واحد على رأيه لا يثبت على شيء، ومتبع الناس الى الطعام من غير ان يدعى، والمحقب الناس دينه والمتردد فى غير ضعة، ومن يقول:''أنا مع الناس''، قدلا يقال:'' امرأة امعة'' أوقد يقال:وتأمع واستأمع صار امعة۔

ایک شارح لکھتے ہیں:الأمع والأمعة عند أهل اللغة الرجل الذى يكون لضعف رأيه مع كل أحد، والمرادهنا من يكون مع ما يوافق هواه، ويلائم أدب نفسه وما يتنماه۔

بظاہرلفظ أمعه مفرد وغیرمفرد ہر دو کیلئے مستعمل ہے۔

قوله:يقولون ان أحسن الناس الخ:یہ جملہ'' أمعة'' کے لئے بیان وتفسیر ہے، چونکہ اگلے جملہ کا مطلب یہ ہے: ان ظلموا أنا مقلد الناس فى احسانهم وظلمهم ومقتصى أثرهم

قوله:ولكن وطنوا أنفسكم:توطین مصدر سے امر کا صیغہ ہے،کسی کام کا عزم کرنا۔اساس البلاغۃ میں لکھتے ہیں: أوطن الأرض ووطنها واستوطنها ومن المجاز وطنت نفسى على كذا فتوطنت قال:

ولا خير فمن لا يوطن نفسه
على نائبات الدهر حين تنوب

حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اپنے نفوس پر احسان کو لازم پکڑو، بایں طور کہ اپنے نفوس کو احسان کا عادی بنالو۔امام طیبیؒ فرماتے ہیں:اس تقدیر پر'' أن تحسنوا''، وطنوا کے متعلق ہوگا اور جواب شرط محذوف ہے۔جس پر'' أن تحسنوا '' دلالت کررہا ہے۔اور تقدیری عبارت یوں ہے:وطنوا أنفسكم على الاحسان' ان أحسن ا لناس فأحسنوا، وان أساؤا فلا تظلموا ''چونکہ عدم ظلم''احسان'' ہے

بعض حضرات کا کہنا ہے کہ یہاں حدیث میں اس لفظ سے وہ شخص مراد ہے جو یہ کہے کہ لوگ جیسا سلوک میرے ساتھ کریں گے ویسا ہی سلوک میں بھی ان کے ساتھ کروں گا' اگر وہ میرے ساتھ بھلائی کریں گے تو میں بھی ان کے ساتھ بھلائی کروں گا اور اگر وہ میرے ساتھ برائی کریں گے تو میں بھی ان کے ساتھ برائی کروں گا۔میں (ملاعلی قاری) کہتا ہوں۔یہاں یہی معنی مراد لینا مستعین ہے' جیسا کہ ''تقولون''اس پر دلالت کررہا ہے۔صاحب مظاہر حق لکھتے ہیں: بھلائی کا بدلہ بھلائی تو ہے ہی لیکن برائی کا بدلہ بھی بھلائی ہی کو قرار دو! جو شخص تمہارے ساتھ برائی کرے تم اس کے ساتھ بھلائی کر کے گویا اس کے ساتھ احسان کا معاملہ کرو کیونکہ انتقاماً بھی ظلم اور برائی کی راہ کو ترک کرنا احسان ہے!لیکن یہ احتمال بھی ہے کہ''اگر لوگ برائی کریں تو تم ان کے ساتھ ظلم نہ کرو'' سے یہ مراد ہو:(۱) اگر کوئی شخص تمہارے ساتھ برائی کرے تو تم اس کے مقابلہ میں حد سے تجاوز نہ کرو بلکہ اعتدال کی حد میں رہتے ہوئے اس سے بدلہ لو جیسا کہ مشروع ہے (۲) برائی کرنے والوں سے بدلہ لینے ہی پر [illegible] کو پابند نہ بناؤ بلکہ ان کے ساتھ عفو ودرگزر کا معاملہ بھی کرو (۳) برائی کا بدلہ بھلائی کو قرار دے کر برائی کرنے والے کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ساتھ احسان کرو۔ پہلی صورت کو عام مسلمانوں کے مطابق قرار دیا جا سکتا ہے۔ دوسری صورت کا تعلق ان مسلمانوں سے ہے جن کا شمار خواص میں ہوتا ہے۔ تیسری صورت سب سے اعلیٰ درجہ ہے ان مسلمانوں سے متعلق ہے جن کو ''اخص الخواص'' کہا جاتا ہے۔

شیخ علی متقی نے ایک رسالہ میں بڑی عارفانہ بات کہی ہے: ''دنیا اور آخرت کی محبت کو پہنچانے کا معیار یہ چار چیزیں ہیں:

① جس شخص پر دنیا کی محبت غالب ہوتی ہے وہ لوگوں کو بلا وجہ ایذا پہنچاتا ہے۔

② جو شخص دنیا کی محبت میں اس درجہ مبتلا نہیں ہوتا وہ کسی کو ایذا پہنچانے میں ابتدا نہیں کرتا' البتہ جب کوئی شخص اس کو ایذا پہنچاتا ہے تو وہ حد سے تجاوز کئے بغیر اس کو اسی قدر ایذا پہنچاتا ہے جس کو شریعت نے بدلہ کے طور پر جائز رکھا ہے۔

③ جس شخص کی آخرت کی محبت قوی ہوتی ہے اور دنیا کی محبت ضعیف تو وہ ظلم کے مقابلہ میں عفو و درگزر کرتا ہے۔

④ جس شخص کی آخرت کی محبت بہت زیادہ قوی ہوتی ہے وہ ظلم کے مقابلہ پر احسان کرتا ہے۔

اور یہ وہ درجہ ہے جو صدیقین اور مقربین کو حاصل ہوتا ہے''۔ (انتھی)

حضرت صدیقہ رضی اللہ عنہا کی وصیت

۵۱۳۰: وَعَنْ مُعَاوِيَةَ أَنَّهُ كَتَبَ إِلَى عَائِشَةَ أَنِ اكْتُبِي إِلَيَّ كِتَابًا تُوصِينِي فِيهِ وَلَا تُكْثِرِي فَكَتَبَتْ سَلَامٌ عَلَيْكَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنِ الْتَمَسَ رِضَى اللّٰهِ بِسَخَطِ النَّاسِ كَفَاهُ اللّٰهُ مُؤْنَةَ النَّاسِ وَمَنِ الْتَمَسَ رِضَى النَّاسِ بِسَخَطِ اللّٰهِ وَكَلَهُ اللّٰهُ إِلَى النَّاسِ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ۔ (رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی في السنن ٤/٥٢٧ الحديث رقم ٢٤١٤۔

ترجمہ: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق وارد ہے کہ انہوں نے حضرت عائشہ کو خط لکھا کہ مجھے کچھ وصیت تحریر فرمائیں مگر وہ طویل نہ ہو انہوں نے سلام کے بعد لکھا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا لوگوں کی ناراضگی میں تلاش کرے اللہ تعالیٰ اس سے کفایت فرمائے گا اور اسے لوگوں کی تکلیف سے محفوظ کر دے گا اور جو لوگوں کی رضا اللہ تعالیٰ کی ناراضگی پر تلاش کرے گا اللہ تعالیٰ اسے لوگوں کے سپرد کر دے گا۔ واللہ اعلم۔ (ترمذی)

تشریح: قوله: ان اكتبي الى كتابا توصيني فيه ولا تكثري:

أن اكتبي: ''ان'' مصدریہ ہے، یا مفسرہ ہے۔ چونکہ '' كتابة'' میں '' قول'' کے معنی ہیں۔ '' الی'': ''مرسلاً'' یا ''موصولاً'' کے متعلق ہو کر حال ہے، یا '' كتابا توصيني فيه'' کے متعلق ہے۔

یعنی کلام میں اطناب نہ ہو بلکہ کلام موجز ہو، جامع ہو فصل الخطاب کا نمونہ ہو چونکہ آپ ایسے گھرانے سے تعلق رکھتی ہیں، کہ جو گھر ''جوامع الحکم'' اور ''بدائع الکلم'' والے صاحب کا ہے۔

قوله: ومن التمس رضى الناس بسخط الله وكله الى الناس:

وكله الله: کاف کی تخفیف کے ساتھ ہے۔ صاحب النہایہ لکھتے ہیں: وكلت أمرى الى فلان اى: ألجأته اليه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واعتمدت فيه عليه

مظہرؒ کے کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ جب کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی خفگی و ناراضگی سے بے پرواہ ہو کر لوگوں ہی کی رضامندی و خوشنودی کو ترجیح دیتا ہے تو پھر اللہ تعالیٰ بھی اس سے بے پرواہ ہو جاتا ہے اور اس کے امور کو لوگوں کے سپرد کر دیتا ہے' یہی نہیں کہ اس کے ان امور میں اس کی مدد نہیں کرتا اور دوسروں کے شر و فتنہ سے اس کو محفوظ نہیں رکھتا بلکہ لوگوں کو اس پر مسلط کر دیتا ہے جو اس کو ایذا پہنچاتے ہیں اور اس پر ظلم و ستم کرتے ہیں۔ حاصل یہ کہ بندوں کے حق میں اصل چیز رضائے مولیٰ ہے' اگر خدا راضی و خوش ہے تو مخلوق خدا بھی راضی و مطیع ہو جائے' اور اگر رضائے مولیٰ پر نظر نہ ہو تو پھر نہ خدا راضی و خوش ہوتا ہے اور نہ مخلوق خدا راضی و خوش ہوتی ہے۔

قوله: والسلام عليك:

اس روایت سے یہ معلوم ہوا کہ خط کے شروع میں بھی سلام لکھا جائے اور آخر میں بھی۔

ان دو سلاموں کے بارے میں کئی احتمال ہیں:

اولاً: شروع کا سلام تو ملاقات کے سلام کا درجہ رکھتا ہے اور آخر کا سلام رخصت کے سلام کا قائم مقام ہوتا ہے۔

ثانیاً: گویا کہ ان کے سلام کا مطلب یہ ہے کہ تم پر سلامتی ہو اولاً بھی آخراً بھی۔

ثالثاً: تم پر دنیا میں بھی سلامتی ہو اور آخرت میں بھی۔

تکرار سلام میں خفیہ اشارہ ہے کہ طلب سلامت کی تاکید اور مقضی الا الملامۃ کے ترک کی طرف۔

الفصل الثالث:

بڑا ظلم شرک ہے

۵۱۳۱: عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ شَقَّ ذٰلِكَ عَلٰى اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّنَا لَمْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ ذَاكَ اِنَّمَا هُوَ الشِّرْكُ اَلَمْ تَسْمَعُوْا قَوْلَ لُقْمَانَ لِابْنِهٖ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ وَاِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ (وفی روایة) لَيْسَ هُوَ كَمَا تَظُنُّوْنَ اِنَّمَا هُوَ كَمَا قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهٖ۔ (متفق علیه)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۸/۲۹٤ الحدیث رقم ٤٦٢٩، وأخرجه مسلم فی ۱/۱۱٤ الحدیث رقم (۱۹۷-۱۲٤)

ترجمہ: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب یہ آیت: اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ ..... نازل ہوئی تو جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے اپنے ایمان میں ظلم کی ملاوٹ نہ کی تو اس آیت کا نزول صحابہ کرامؓ پر گراں ہوا' انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم میں سے کون ہے جس نے اپنے اوپر ظلم نہ کیا ہو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لقمان کا وہ قول نہیں سنا جو انہوں نے فرمایا تھا۔ ''اے بیٹے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک مت بنا و یقیناً شرک ظلم عظیم ہے دوسری روایت ہے تم نے جو سمجھا وہ مراد نہیں اس سے مراد وہ ہے جو لقمان نے اپنے بیٹے کو فرمایا۔ (بخاری، مسلم)

تشریح: نزلت: مؤنث کا صیغہ لایا گیا چونکہ اس کا فاعل مابعد آیت ہے۔ اور تقدیری عبارت یوں ہے: لما نزلت الآیة: ﴿الذین آمنوا ولم یلبسوا﴾

یلبس: یاء کے فتحہ اور کسرہ ہر دو کے ساتھ درست ہے۔

لاتشرك بالله: اس کا مطلب ہے: **لتخلط الاشراك بالایمان بالله وسائر ما یحب الایمان به**

جب مذکورہ بالا آیت نازل ہوئی تو صحابہؓ نے ''ظلم'' کو ''گناہ'' پر حمل کیا یعنی وہ سمجھے کہ اس آیت میں جن مؤمنین کو مامون اور ہدایت یافتہ قرار دیا گیا ہے ان سے وہی مؤمنین مراد ہیں جن کے اعمال' گناہ و معصیت کی آمیزش سے بالکل پاک و صاف ہوں' چنانچہ وہ اپنے گمان کے مطابق اس آیت کریمہ کے نزول سے بہت پریشان ہوئے اور حضور سے عرض کیا کہ اس آیت کی روشنی میں تو ہم میں سے شاید ہی کوئی مؤمن ہدایت یافتہ اور مامون قرار پائے کیونکہ ہم میں سے ایسا کون شخص ہے جس سے کبھی معصیت و گناہ صادر نہ ہوا ہو! تب رسول کریم ﷺ نے صحابہؓ کے سامنے واضح فرمایا کہ اس آیت میں ''ظلم'' سے مراد ''گناہ'' نہیں ہے جیسا کہ تم نے گمان کیا ہے بلکہ ''شرک'' مراد ہے۔

اگر یہ اشکال واقع ہو کہ ایمان کے ساتھ شرک کا مخلوط ہونا کیونکر ممکن ہے کیونکہ ایمان شرک کی ضد ہے' البتہ ایمان کے ساتھ گناہ کا مخلوط ہونا سمجھ میں آنے والی بات ہے اور اسی وجہ سے صحابہؓ کا ذہن اس طرف گیا تھا کہ ''ظلم'' سے مراد گناہ ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہوگا کہ ایمان کے ساتھ شرک کا مخلوط ہونا واقع کے اعتبار سے صحیح ہے' اس کی مثال مشرکین مکہ تھے' جو اگرچہ اللہ پر ایمان رکھتے تھے لیکن اس کے ساتھ ہی بت پرستی بھی کرتے۔

واضح رہے کہ ''شرک'' کی دو قسمیں ہیں:

ایک تو شرك فی الربوبیة یعنی عبادت و تعظیم میں اور کسی کو بھی خدا قرار دینا۔ دوسرے شرك فی الالوهیة یعنی عبادت و تعظیم اور اللہ کی صفات خاص جیسے خالقیت' رزاقیت اور حاجت براری وغیرہ میں اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کرنا' چنانچہ حدیث میں جس شرک کو ظلم کا محمول قرار دیا گیا ہے اس سے وہ شرک مراد ہے جس کا تعلق دوسری قسم سے ہو اس بات کی دلیل قرآن کریم کی یہ آیت ہے: [وَمَا یُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ] (اور ان میں سے اکثر ایسے ہیں جو اللہ کو مانتے ہیں اور شرک بھی کرتے جاتے ہیں۔)

بعض کا کہنا ہے کہ ایمان کے ساتھ ظلم یعنی شرک کو ملانے سے یہ مراد ہے کہ زبان سے تو ایمان کا اقرار کیا جائے اور دل میں شرک ہو۔

قوله: اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِیْمٌ [لقمان۔ ۱۳] استیناف تعلیل ہے' جس کی مراد اس بات کو واضح کرنا ہے کہ شرک ایسا گناہ ہے جو ایمان کو سرے سے ختم کر دیتا ہے' گویا ایمان اور شرک کسی بھی حال میں جمع نہیں ہو سکتے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: [وَمَنْ یَّكْفُرْ بِالْاِیْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ] اس کے برخلاف اور تمام گناہ اس درجہ کے نہیں ہیں کہ وہ ایمان کے منافی ہوں' چنانچہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تمام اہل سنت والجماعت کا یہی مسلک ہے (کہ کفر وشرک کے علاوہ اور کوئی گناہ ایسا نہیں ہے جو ایمان کو سرے سے ختم کر دے) بخلاف معتزلہ' خوارج اور دیگر اہل بدعت کے (کہ وہ ہر گناہ کبیرہ کو ایمان کے منافی سمجھتے ہیں لہٰذا جب مذکورہ آیت نازل ہوئی تو) صحابہؓ نے پہلے یہ ہی سمجھا تھا کہ اس آیت میں جن لوگوں کو مؤمن و ہدایت یافتہ قرار دیا گیا ہے ان سے وہی لوگ مراد ہیں جنہوں نے اپنے ایمان کو گناہ سے ملوث نہیں کیا ہے کیونکہ شرک کا ایمان کے ساتھ مخلوط ہونا سمجھ میں آنے والی بات نہیں ہے۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ نے ان پر واضح فرمایا کہ بعض صورتوں میں ایمان کے ساتھ شرک کا ملنا ممکن ہے جیسے کوئی شخص اللہ پر ایمان لائے اور اس کی عبادت میں غیر اللہ کو شریک کرے۔ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ آیت میں ایمان باللہ کا مفہوم اسی وقت پورا ہوتا ہے اس سے اس کے لغوی معنی مراد ہوں نہ کہ شرعی معنی کیونکہ شرعی نقطہ نظر سے ایمان تمام صفات کمالیہ کو صرف اللہ تعالیٰ کے لئے ثابت کرنے اور اس کی ذات کو تمام نقصان وعیوب سے پاک قرار دینے پر مشتمل ہے' ورنہ (آیت میں لفظ ایمان کو اس کے لغوی معنی پر محمول قرار دینے کی صورت میں) یہ لازم آئے گا کہ حقیقت کے اعتبار سے تمام مشرکین و کفار ایمان رکھنے والے ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: [وَلَئِنْ سَأَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ.....] لیکن ظاہر ہے کہ شریعت میں اس طرح کے ایمان کا کوئی اعتبار نہیں ہے اصل ایمان وہی ہے جو اللہ کی ذات کے اعتراف و اقرار کے ساتھ اس کی صفاتِ خاص اور عبادت میں کسی کو شریک قرار نہ دینے پر مشتمل ہو۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے کسی ایسے فعل وعمل کی بھی اجازت نہیں دی ہے جس سے ظاہراً اور صورۃً ہی شرک کا ارتکاب ہوتا ہو جیسا کہ ایک حدیث قدسی میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اَنَا اَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ۔

بدترین آدمی وہ ہے جو دوسروں کی دُنیا کے بدلے اپنی آخرت برباد کرے

۵۱۳۲: وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ شَرِّ النَّاسِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَبْدٌ اَذْهَبَ اٰخِرَتَهٗ بِدُنْيَا غَيْرِهٖ۔ (رواه ابن ماجة)

أخرجه بن ماجه في السنن ۲/۱۳۱۲ الحديث رقم ۳۹۶۶۔

ترجمہ: حضرت ابو امامہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن بدترین وہ شخص ہے جو دوسروں کی دنیا کی خاطر اپنی آخرت برباد کر لے۔ (ابن ماجہ)

تشریح: قوله: قال: من شر الناس منزلة

الجامع کی روایت میں "اَن" کی زیادتی ہے جو برائے تاکید ہے۔ (ای قال: ان من شر الناس)

منزلة: ایک نسخہ میں "عند اللہ" ہے۔

"یوم القیامة": یہ قید اس لئے لگائی کہ اصل معاملہ تو اسی دن ظاہر ہوگا۔

تخریج: اس حدیث کو امام طبرانی نے بھی روایت کیا ہے۔

صاحب مظاہر لکھتے ہیں: "مطلب یہ ہے کہ یوں تو خود اپنی خاطر آخرت کے مفاد کو دنیا کے مفاد پر ترجیح دینا نہایت سنگین [illegible] لیکن یہ برائی اس وقت کہیں زیادہ سخت اور بدتر ہو جاتی ہے جب کسی دوسرے کے لئے [illegible] کو حاصل کرے اور اس کی وجہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے لوگوں پر ظلم کر کے اپنی آخرت کو ضائع کر دے جیسا کہ بعض ناعاقبت اندیش اور مفاد پرست لوگ ظالموں اور بدکاروں کی مدد و اعانت کرتے ہیں۔''

تین دفاتر کا الگ حساب

۵۱۳۳: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدَّوَاوِيْنُ ثَلٰثَةٌ دِيْوَانٌ لَّا يَغْفِرُ اللّٰهُ اَلْاِ شْرَاكُ بِاللّٰهِ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَدِيْوَانٌ لَا يَتْرُكُهُ اللّٰهُ ظُلْمُ الْعِبَادِ فِيْمَا بَيْنَهُمْ حَتّٰى يَقْتَصَّ بَعْضُهُمْ مِّنْ بَعْضٍ وَدِيْوَانٌ لَا يَعْبَأُ اللّٰهُ بِهٖ ظُلْمُ الْعِبَادِ فِيْمَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ اللّٰهِ فَذَاكَ اِلَى اللّٰهِ اِنْ شَآءَ عَذَّبَهُ وَاِنْ شَآءَ تَجَاوَزَ عَنْهُ۔

أخرجه احمد في المسند ٦/ ٢٤٠، والبيهقي في شعب الايمان ٦/ ٥٢ الحديث رقم ٧٤٧٣۔

ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دفاتر و رجسٹر تین ایک وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ معاف نہ کرے گا وہ شریک باری بنانا ہے۔ ایک دفتر وہ ہے جسے اللہ تعالیٰ چھوڑے گا نہیں وہ بندوں کا آپس میں ظلم و زیادتی کرنا ہے یہاں تک کہ وہ ایک دوسرے سے بدلہ لے لے۔ ایک دفتر ایسا ہے جس کی اللہ تعالیٰ پروا نہیں کرتے وہ ظلم ہے جو بندوں کا اپنے اور رب کے درمیان ہے اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے حوالے ہے خواہ وہ معاف کرے خواہ وہ عذاب دے۔ (بیہقی)

تشریح: قوله: الدواوين ثلاثة:

الدواوين: صاحب مغرب لکھتے ہیں: الديوان الجريدة من دون الكتب اذا جمعها لأنها قطع من القراطيس مجموعة

لا يعبأ: بائے موحدہ کے فتحہ اور ہمزہ کے ساتھ بمعنی لا يبالي یہ ''العب'' سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے ''الثقل'' اس لفظ کی تفصیلی تحقیق ماقبل میں گزر چکی ہے۔

حتى يقصه: جار مجرور ''لا يتركه'' کے متعلق ہے اور ایک صحیح نسخہ میں ''حتى يقتص'' ہے۔

صاحب مظاہر لکھتے ہیں: ''اس حدیث سے یہ واضح ہوا کہ دنیا میں بندے جن برائیوں اور گناہوں کا ارتکاب کرتے ہیں ان میں سے جن کا تعلق حقوق العباد سے ہوگا جیسے کسی نے کسی پر ظلم کیا ہوگا' کسی کا حق مارا ہوگا کسی کی عزت و آبرو کو نقصان پہنچایا ہوگا وغیرہ وغیرہ تو آخرت میں ان گناہوں پر ہر حالت میں مواخذہ ہوگا اور اس مواخذہ سے کسی کو نجات نہیں ملے گی' اسی طرح جن برائیوں اور گناہوں کا تعلق حقوق اللہ سے ہوگا ان میں شرک کا گناہ بخشش و معافی کے قابل نہیں ہوگا البتہ شرک کے علاوہ اور تمام گناہ اللہ تعالیٰ کی مشیت پر موقوف ہوں گے کہ چاہے وہ ان گناہوں پر عذاب دے اور چاہے اپنے فضل و کرم سے بخش دے۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عرضِ مرتب:

باقی حدیث:۵۱۳۶ میں ذکر ہو رہا ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: پہلے جملہ میں "لا یغفر" فرمانا، اس بات پر دلالت کرتا ہے، کہ شرک کی قطعاً معافی نہیں ہے۔ اور دوسرے جملہ میں "لا یشرك" فرمانا، اس بات کی اطلاع ہے کہ غیر کے حق کو مہمل قطعاً نہیں قرار دیا جائے گا۔ یا تو اس کے دشمن سے قصاص لیا جائے گا، یا اللہ تعالیٰ اس کو راضی فرمائیں گے، اور تیسرے جملہ میں "لا یعبأ" فرمانا اشارہ ہے کہ حقوق اللہ میں مسابلت ہے وہ اپنے حق از روئے کرم ولطف چھوڑ سکتا ہے۔

قوله: فذاك الى الله: ان شاء عذبه وان شاء تجاوذعنه:

فذاك: اصول معتمدہ میں یہ لفظ الف کے ساتھ ہے لام کے بغیر ہے۔ اور اس سے حق عبد کے قرب کی طرف اشارہ مقصود ہے۔ (اور جار مجرور کا متعلق محذوف ہے۔) ای مفوض الی مشیئة الله۔

مظلوم کی بددعا سے بچو

۵۱۳۴: وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكَ وَدَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّمَا يَسْأَلُ اللّٰهُ تَعَالٰى حَقَّهٗ وَاِنَّ اللّٰهَ لَايَمْنَعُ ذَاحَقٍّ حَقَّهٗ۔

أخرجه احمد فى المسند ۲/۳۴۳، والبيهقى فى شعب الايمان ۶/۴۹ الحديث رقم ۷۴۷۴۔

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مظلوم کی بددعا سے بچو وہ اللہ تعالیٰ سے اپنا حق مانگتا ہے اور اللہ تعالیٰ کسی صاحب حق کا حق نہیں روکتے۔ (بیہقی)

تشریح: اور سوال سے مراد سوال محاسبہ ومطالبہ ہے۔

ظالم کو مضبوط کرنے والا

۵۱۳۵: وَعَنْ اَوْسِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ مَشٰى مَعَ ظَالِمٍ لِيُقَوِّيَهٗ وَهُوَ يَعْلَمُ اَنَّهٗ ظَالِمٌ فَقَدْ خَرَجَ مِنَ الْاِسْلَامِ۔

أخرجه البيهقى فى شعب الايمان ۶/۱۲۲ الحديث رقم ۷۶۷۵۔

ترجمہ: حضرت اوس بن شرحبیل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا جو شخص کسی ظالم کا ساتھ اس لئے دیتا ہے تاکہ وہ اسے مضبوط کرے حالانکہ وہ جانتا ہے کہ وہ ظالم ہے تو وہ اسلام سے خارج ہو گیا۔ (بیہقی)

راوئ حدیث:

اوس بن شرحبیل ۔ صحابی ہیں مؤلف علیہ الرحمۃ نے "الاکمال" میں ان کا اسم گرامی ذکر نہیں کیا۔ "شرحبیل" میں شین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معجمہ مضموم' راء مہملہ مفتوح ''حا'' مہملہ ساکن' اور بائے موحدہ مکسور اور آخر میں لام ہے مغنی میں ہے کہ ''شرحبیل'' غیر منصرف ہے۔

تشریح: لیقویہ: الجامع کی روایت میں لیقویہ کی بجائے'' لیعینہ'' کے الفاظ ہیں۔

قولہ: فقد خرج من الاسلام: اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں: اول: یعنی وہ کمال ایمان سے محروم ہو جاتا ہے دوم: اسلام کی حقیقت سے خارج ہو جاتا ہے، چونکہ اسلام کا تقاضا تو یہ ہے: **أن يسلم المسلمون من لسانه ويده**

ظالم کے ظلم کی نحوست سے حباریٰ اپنے گھونسلے میں مر جاتا ہے

۵۱۳۶: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَجُلاً يَقُوْلُ اِنَّ الظَّالِمَ لَا يَضُرُّ اِلَّا نَفْسَهٗ فَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ بَلٰى وَاللّٰهِ حَتَّى الْحُبَارٰى لَتَمُوْتُ فِيْ وَكْرِهَا هُزْلاً بِظُلْمِ الظَّالِمِ۔ (رواه البيهقي والاحاديث الاربعة في شعب الايمان)

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/ ٥٤ الحديث رقم ٧٦٧٩۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کسی شخص کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ ظالم اپنے آپ کو ہی نقصان پہنچاتا ہے آپ نے فرمایا کیوں نہیں۔ اللہ تعالیٰ کی قسم ظالم کے ظلم کی وجہ سے حباری بھی اپنے گھونسلے میں کمزوری کی وجہ سے مر جاتے ہیں۔ چاروں کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔

تشریح: **قولہ: ان الظالم لا يضر الا نفسه**: اس قائل کی یہ بات بالکل درست تھی۔ اور ارشاد باری تعالیٰ کے مطابق ہے: ﴿ولكن كانوا أنفسهم يظلمون﴾ [اور ایک دوسری آیت میں ہے: ﴿من عمل صالحا فلنفسه ومن أساء فعليها﴾

قولہ: فقال ابوهريرة: بلى والله حتى الحبادى لتموت في وكرها هزلا لظلم الظالم: لیکن اللہ تعالیٰ بکثرت عفو و درگزر کا معاملہ ہی فرماتے ہیں، چنانچہ بہت سے لوگوں کو چھوڑ دیتے ہیں۔ لیکن مظلوم کا حق نہیں چھوڑتے۔ اس ارشاد باری تعالیٰ میں اسی طرح اشارہ ہے:

﴿وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاِذَا جَاءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ﴾ [النحل: ٦١] ''اور اگر خدا لوگوں کو ان کے ظلم کے سبب پکڑنے لگے تو ایک جاندار کو زمین پر نہ چھوڑے لیکن ان کو ایک وقت مقرر تک مہلت دیئے جاتا ہے۔ جب وہ وقت آ جاتا ہے تو ایک گھڑی نہ پیچھے رہ سکتے ہیں نہ آگے بڑھ سکتے ہیں۔''

امام طیبی فرماتے ہیں: '' بلی'' ماقبل کے ایجاب کیلئے آیا ہے۔ یہاں کلام مثبت کے جواب میں واقع ہوا ہے۔ چنانچہ'' لا يضر الا نفسه'' کا مطلب ہے'' لا يضر غيره'' چنانچہ جواب میں ارشاد فرمایا: **بلى يضر غيره حتى يضر الحبارى**

الحبارى: حائے مہملہ کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ مشہور پرندہ ہے۔

هزلا: هاء کے ضمہ اور زاء معجمہ کے سکون کے ساتھ ''سمن'' کی ضد ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لظلم الظالم: لام اجلیہ ہے۔ای لاجل ظلمه

تخریج: آخری حدیث حضرت ابو ہریرہؓ سے موقوفاً مروی ہے۔پہلی حدیث کو امام احمد نے، اور حاکم نے اپنی مستدرک میں ان الفاظ سے نقل کیا ہے:

الدواوين ثلاثة: فديوان لا يغفر الله منه شيئا، وديوان لا يعبأ الله به شيئا وديوان لا يترك الله منه شيئا، أما الديوان الذى لا يغفر الله منه شيًا فالاشراك بالله، وأما الديوان الذى لا يعبأ الله له شيئا فظلم العبد نفسه فيما بينه وبين ربه من صوم يوم تركه او صلاة تركها فان الله يغفر ذلك ان شاء ويتجاوز، وأما الديوان الذى لا يترك الله منه شيئا فطالم للعباد بينهم القصاص لا محالة

دوسری حدیث کو سمویہ نے حضرت انسؓ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:

اياك ودعوة المظلوم، وان كانت من كافر، فانه ليس لها حجاب دون الله عز وجل

اس حدیث کو امام احمد اور ابو لیلی نے اپنی اپنی مسند میں، اور ضیاء نے حضرت انسؓ سے ان الفاظ میں نقل کیا ہے:

اتقوا دعوة المظلوم وان كان كافرا' فانه ليس مادون دعائه حجاب

اس حدیث کو امام حاکم نے ابن عمرؓ سے بایں الفاظ نقل کیا ہے:

اتقوا دعوة المظلوم' فانها تصعد الى السماء كأنها شرارة

اس حدیث کو طبرانی اور ضیاء نے حضرت خزیمہ بن ثابت سے یوں نقل کیا ہے:

اتقوا دعوة المظلوم فانها تحمل على الغمام ثم يقول الله :وعزتى وجلالى لأ نصرنك ولو بعد حين

تیسری حدیث کو امام طبرانی نے اور ضیاء نے اوس بن شرحبیل سے بھی روایت کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ

امر بالمعروف (بھلائی) کا بیان

مؤلف کو ترجمۃ الباب یوں قائم کرنا چاہئے تھا: باب الأمر بالمعروف والنهي عن المنكر ممکن ہے، کہ مؤلفؒ نے اس طرز کو اس وجہ سے اختیار نہ کیا ہو کہ ''امر بالمعروف'' نہی عن المنکر کو بھی شامل ہے یا یہ اسلوب از باب اکتفاء ہے۔ جیسا کہ اس ارشاد باری تعالیٰ میں ہے: ﴿سرابيل تقيكم الحر﴾ [النحل-۸۱] أي والبرد۔

''معروف'' اصل میں ''معرفت'' سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں پہچاننا' حقیقت کو پالینا۔ یہاں اس سے مراد یہ ہے کہ وہ چیزیں جن کو شریعت کے ذریعہ پہچانا گیا ہے اور جن کو اختیار کرنے کا حکم شریعت نے دیا ہے۔

''معروف'' کے مقابلہ پر ''منکر'' ہے یعنی وہ چیزیں جن کا شریعت سے کوئی واسطہ نہ ہو اور ان کو اختیار کرنے سے شریعت نے باز رکھا ہو۔

واضح رہے کہ ''امر بالمعروف ونہی عن المنکر'' تعلیمات اسلامی کی ایک خاص اصطلاح ہے جس کے معنی ہیں لوگوں کو بھلائیوں کا حکم دینا اور برائیوں سے روکنا! چنانچہ اس باب میں اسی مضمون سے متعلق احادیث نقل ہوں گی۔

الفصل الاول:

برائی سے روکنے کے درجات

۵۱۳۷: وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَاٰى مِنْكُمْ مُّنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ وَذٰلِكَ اَضْعَفُ الْاِيْمَانِ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٦٩١ حديث رقم (٧٨-٤٩) و ابوداؤد في السنن ٤/٥١١ حديث رقم ٤٣٤٠، والترمذي في السنن ٤/٤٠٨ حديث رقم ٢١٧٢، والنسائي في السنن ٨/١١١ حديث رقم ٥٠٠٨، واحمد في المسند ٣/٢٠۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا: جو شخص تم میں سے کسی برائی کو دیکھے تو وہ اسے اپنے ہاتھ سے بدلے اگر یہ طاقت نہ ہو تو زبان سے اور اگر اس کی بھی طاقت نہ ہو تو دل سے (نفرت کرے) اور یہ ایمان کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سب سے کمزور درجہ ہے۔(مسلم)

تشریح: یہ خطاب اصل میں تو صحابہ کرامؓ سے ہے اور امت کے دیگر افراد کو تبعاً ہے۔اور ''من'' تبعیضہ لانے میں اشارہ ہے کہ یہ کام فروض کفایہ میں سے ہے اور اشارہ ہے کہ اس کام کو صرف وہی بجالائے جو مراتب احسان اور تفاوت منکرات کی معرفت رکھتا ہو متفق علیہ اور مختلف فیہ میں تمیز کرسکتا ہو۔

اس حدیث کا مفہوم اس آیت مبارکہ سے ماخوذ ہے:﴿وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ﴾ [آل عمران: ۱۰۴] اور دوسری جگہ یوں فرمایا گیا ہے:﴿وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ﴾[آل عمران:۱۱۴] برائیوں کے پھیلنے سے روکنے اور ان کا قلع قمع کرنے کی جو ذمہ داری اہل ایمان پر عائد ہوتی ہے اس سے عہدہ برآ ہونے کے تین درجے بیان کئے گئے ہیں: پہلا درجہ یہ ہے کہ ہر برائی کا سر طاقت کے ذریعہ کچل دیا جائے بشرطیکہ اس طرح کی طاقت میسر ہو اور اگر یہ طاقت حاصل نہ ہو تو دوسرا درجہ یہ ہے کہ اس برائی کا فریضہ زبان کے ذریعہ ادا کیا جائے اور تیسرا درجہ یہ ہے کہ اگر زبان کے ذریعہ بھی کسی برائی کی مذمت کرنے اور اس کو ختم کرنے کی ہمت نہ ہو تو پھر دل سے اس فریضہ کو انجام دیا جائے۔یعنی کسی خلاف شرع امر کو دیکھ کر اسے دل سے برا جانے اس درجہ کو ایمان کا سب سے کمزور درجہ قرار دیا گیا ہے اس کے متعدد مطالب ہوتے ہیں:

جب اہل ایمان اس درجہ کمزور ہو جائیں کہ وہ کسی برائی کو مٹانے کے لئے ہاتھ اور زبان کی طاقت سے محروم ہوں تو سمجھا جائے کہ اگر اہل ایمان طاقتور ہوتے تو وہ کسی برائی کو اپنی قولی وفعلی طاقت کے ذریعہ مٹانے کے بجائے محض قلبی نفرت پر اکتفا نہ کرتے۔

دوسرا مطلب یہ ہے کہ جو شخص کسی برائی کو محض قلبی طور پر برا جاننے پر اکتفا کرتا ہے اگر یہ دین میں متصلب ہوتا تو فقط اس پر اکتفاء نہ کرتا۔اس کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے جس میں فرمایا گیا ہے: افضل الجهاد كلمة حق عند سلطان جائر۔'' بہترین جہاد ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنا ہے'' نیز اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:[وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَاۗىِٕمٍ] المائدۃ۔۵۴] اور ان کو کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کا خوف نہیں ہوتا۔

ہمارے بعض علماء نے فرمایا ہے کہ حدیث میں پہلے حکم (یعنی برائی کو ہاتھ کے ذریعہ مٹانے) کا تعلق امراء سے ہے (یعنی بادشاہ وحاکم وغیرہ) دوسرے حکم (یعنی برائی کو زبانی مذمت اور تلقین ونصیحت کے ذریعہ ختم کرنے) کا تعلق علماء سے ہے۔

بعض حضرات نے حدیث کے اس آخری جملہ کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ یہ چیز یعنی کسی برائی کو دیکھ کر محض دل میں اس کو برا سمجھنے پر اکتفا کر لینا ایمان کے مراتب میں سب سے کمزور مرتبہ ہے کیونکہ اگر کوئی مسلمان ایسی چیز کو دیکھے کہ جس کا دینی نقطہ نظر سے برا ہونا قطعی طور پر ثابت وظاہر ہو اور وہ اس چیز کو برا بھی نہ سمجھے بلکہ اس پر اپنے اطمینان کا اظہار کرے اور اس کو اچھا جانے تو مسلمان نہیں رہے گا بلکہ کافر ہو جائے گا۔

اس موقع پر یہ بات بھی جان لینا چاہئے کہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا حکم معروف یا منکر کی شرعی حیثیت کے تابع ہوتا ہے یعنی اگر کوئی چیز اس درجہ کی ہے کہ اس کو اختیار کرنا واجب ہے تو اس کو اختیار کرنے کا حکم دینا (یعنی امر بالمعروف) بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واجب ہوگا اور اگر وہ چیز مستحب ہوگی تو امر بالمعروف بھی مستحب ہوگا' اسی طرح اگر کوئی خلاف شرع چیز حرام کا درجہ رکھتی ہو اس سے روکنا یعنی نہی عن المنکر واجب ہوگا اور اگر وہ چیز مکروہ ہو تو اس صورت میں نہی عن المنکر بھی مستحب ہوگا۔

''منہی'' کی ضد یا واجب ہے' یا مندوب ہے' یا مباح ہے' اور یہ تمام ''معروف'' ہیں۔ اسی کے ساتھ یہ امر بھی ملحوظ رہے کہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے فریضہ کی ادائیگی اس بات کے ساتھ مشروط ہے کہ ان کی وجہ سے کوئی فتنہ وفساد جیسا کہ حدیث سے معلوم ہوتا ہے نہ ہو۔ (مثلاً اگر یہ ظاہر ہو کہ فلاں شخص کو کسی نیک کام کی تلقین کرنے کی وجہ سے فتنہ اٹھ کھڑا ہوگا یا جو شخص کسی برے کام کا مرتکب ہے اگر اس کو اس برائی سے روکا گیا تو اس کے نتائج اور زیادہ فتنہ وفساد کی صورت میں نکلیں گے تو اس صورت میں اس فریضہ کی ادائیگی قطعاً ضروری نہیں ہوگی۔

اسی طرح ایک شرط یہ بھی ہے کہ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کو قبول کئے جانے کا گمان بھی ہو' لہٰذا اگر یہ گمان ہو کہ جس شخص کو نیک کام کرنے کی تلقین کی جائے گی یا اس کو کسی برے کام سے روکا جائے گا تو وہ اس بات کو قبول نہیں کریگا) تو اس کو اس نیک کام کا حکم کرنا یا برے کام سے روکنا واجب تو نہیں ہوگا) مستحسن ضرور رہے گا تاکہ شعار اسلام کا اظہار ہو جائے۔

حدیث کے الفاظ مَنْ رَأَى مِنْكُمْ مُنْكَرًا میں لفظ ''من'' کے ذریعہ مذکورہ حکم کا مخاطب جن لوگوں کو قرار دیا گیا ہے ان میں ہر فرد شامل ہے' (یعنی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ ہر مسلمان کو ادا کرنا چاہئے) خواہ وہ مرد ہو یا عورت اور خواہ آزاد ہو یا غلام یہاں تک کہ فاسق اور صبی ممیز بھی اس امر کا ذمہ دار ہے۔ اگرچہ فاسق کا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا قبیح سمجھا جاتا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: [أتأمرون الناس بالبر وتنسون أنفسكم] [البقرة۔ ٤٤] ایک دوسرے کے مقام پر اللہ عزوجل فرماتا ہے: [لم تقولون مالا تفعلون] [الصف۔ ٢] کسی کہنے والے نے کہا ہے: وغير تقي يأمر الناس بالتقى طبيب يد اوى الناس وهو مريض۔

عرضِ مرتب:

اس سے یہ بات بھی واضح ہوگئی کہ امر بالمعروف کے لئے شرط نہیں ہے کہ جو شخص کسی نیکی کا حکم کرنے والا ہو وہ پہلے خود بھی اس نیکی پر عامل ہو اور بغیر اپنے عمل کے امر بالمعروف کا فریضہ انجام دینا اس کے لئے درست نہ ہو کیونکہ جس طرح خود اپنے نفس کو کسی نیکی پر عمل کرنے کی تلقین کرنا ایک واجب چیز ہے اسی طرح ایک واجب امر یہ ہے کہ دوسروں کو نیکی کی تلقین کی جائے لہٰذا اگر ان میں سے کوئی ایک واجب ترک ہوتا تو اس کی وجہ سے دوسرے واجب کو ترک کرنا قطعاً جائز نہیں ہوگا۔ یہ الگ بات ہے کہ جس واجب کا ترک ہوگا اس کا گناہ بہرصورت لازم آئے گا۔ لہٰذا قرآن کریم میں جو یہ فرمایا گیا ہے: [لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ] (یعنی تم اس کو کیوں کہتے ہو جس پر خود عمل نہیں کرتے) تو اس آیت کریمہ کا محمول امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو تسلیم کرنے کی صورت میں یہ کہا جائے گا کہ اس آیت کی مراد ترک عمل سے روکنا اور اس پر زجر وتنبیہ ہے نہ کہ دوسروں کو بھلائی کی تلقین سے منع کرنا مراد ہے' اس بات کو زیادہ وضاحت کے ساتھ یوں سمجھئے کہ جو شخص بھلائیوں کی تلقین کرتا ہے اور دوسروں سے نیک عمل اختیار کرنے کو کہتا ہے لیکن وہ خود اس بھلائی اور نیک عمل کو اختیار نہیں کرتا تو یہ آیت کریمہ ایسے شخص کو متنبہ کرتی ہے کہ یہ تو ٹھیک ہے کہ تم دوسروں کو بھلائی اور نیک عمل کرنے کی تلقین کرتے ہوئے لیکن یہ نہایت غیر موزوں بات ہے کہ تم خود اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھلائی اور نیک عمل کو اختیار نہیں کرتے! لہٰذا آیت یہ بات قطعاً ثابت نہیں کرتی کہ جو شخص خود نیک عمل اختیار نہ کرے وہ دوسروں کو بھی نیک عمل اختیار کرنے کی تلقین نہیں کرسکتا تاہم اس میں کوئی شبہ نہیں کہ نیکی کی تلقین کرنے والا اگر خود بھی نیکی کو اختیار کرے تو اس سے اچھی کوئی بات نہیں ہوسکتی کیونکہ جو شخص خود عمل نہیں کرتا اس کی تلقین ونصیحت دوسروں پر اثر انداز نہیں ہوتی۔

(مظاہر حق)

امام نوویؒ نے شرح مسلم میں لکھا ہے کہ حدیث میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فریضہ کی ادائیگی کی جو ترتیب ذکر کی گئی ہے وہ قرآن وسنت اور اجماع امت کے ذریعہ واجب ہے نیز یہ نصیحت بھی ہے جس کو ''دین'' کہا گیا ہے۔ اس بارے میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں ہے البتہ کچھ روافض کا اس سے اختلاف ہے جن کا کوئی اعتبار نہیں ہے امام الحرمین ابوالمعالی نے لکھا ہے: ہم ان کے اختلاف کی پرواہ نہیں کرتے' اور اس عمل کا وجوب شرع سے ثابت ہے نہ کہ عقل سے' برخلاف معتزلہ کے۔ لہٰذا اگر کسی شخص نے مذکورہ ترتیب کے مطابق اس کو انجام دیا اور مخاطب نے اس کو قبول کرلیا تو سبحان اللہ اور اگر قبول نہ کیا تو وہ شخص اپنی ذمہ داری سے بہرحال سبک دوش ہوجائے گا' اس کے بعد اب اس پر کوئی اور چیز واجب نہیں ہوگی چونکہ یہ اپنی ذمہ داری ادا کرچکا ہے اس پر یہ ضروری نہیں تھا کہ مخاطب اس کی بات کو قبول کرے۔

اس امر (یعنی بھلائی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے) کی فرضیت بطریق کفایہ ہے اور جو شخص اس فریضہ کی ادائیگی کی طاقت وقوت رکھنے کے باوجود اس ذمہ داری کو بلا کسی عذر کے پورا نہ کرے تو وہ گناہ گار ہوتا ہے' اور بعض صورتوں میں یہ امر فرض عین بھی ہوجاتا ہے۔ مثلاً کوئی برائی کسی ایسی جگہ رونما ہورہی ہو کہ ایک شخص کے علاوہ کوئی اور نہیں جانتا یا اس کے ازالہ کی قدرت اس کے علاوہ کوئی اور نہیں رکھتا جیسے اس کی بیوی یا اولاد یا غلام کسی برائی کا ارتکاب کرے تو اس برائی کو ختم کرنے کی ذمہ داری خاص طور پر اسی شخص پر عائد ہوگی۔

علماء فرماتے ہیں کہ عدم قبولیت کا گمان امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے وجوب کو ساقط نہیں کرتا' (لہٰذا اگر کسی کو یہ گمان ہو کہ فلاں شخص کے سامنے بھلائی کی تلقین کرنا یا اس کو برے کام سے روکنا بے کار ہے کیونکہ وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کو قبول نہیں کرے گا تو) اس صورت میں بھی اس پر واجب ہوگا کہ وہ اس شخص کو نیک کام کرنے کا حکم دے برائی سے روکے فَاِنَّ الذِّکْرٰی تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِیْنَ۔

عرضِ مرتب:

اس بات کی قطعاً پروانہ کرے کہ اس کی بات مانی جائے گی یا نہیں کیونکہ موعظت ونصیحت اول تو بذات خود بڑے فائدے رکھتی ہے اور کسی نہ کسی صورت میں اور کبھی نہ کبھی ضرور اثر کرتی ہے جیسا کہ قرآن میں فرمایا گیا ہے دوسرے یہ کہ محض اس گمان کی بنا پر کہ مخاطب تلقین ونصیحت سے کوئی اثر نہیں لے گا اپنی ذمہ داری سے اعراض نہیں کیا جاسکتا بلکہ اس حقیقت کو سامنے رکھ کر بھلائیوں کو پھیلانے اور برائیوں کو مٹانے کی جدوجہد میں مصروف رہنا چاہئے کہ لوگوں نے تو رسولوں تک کو جھٹلایا ہے اور پیغمبروں تک کی موعظت ونصیحت کو قبول کرنے سے انکار کیا ہے تو کیا ان رسولوں اور پیغمبروں نے حق بات پہنچانے کا فریضہ ادا نہیں کیا تھا! قرآن نے جو بات رسول وپیغمبر کے بارے میں فرمائی ہے وہ ہر اس شخص پر صادق آتی ہے جو امر بالمعروف اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہی عن المنکر کا ذمہ دار قرار دیا گیا ہے یعنی وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِيْنُ یعنی رسول کا کام بس یہ ہے کہ (خدا کے احکام) صاف صاف پہنچا دے (ان احکام کا ماننا یا نہ ماننا دوسروں کا کام ہے)۔ (مظاہر حق)

واضح رہے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ صرف حاکم اور مقتدر مسلمانوں ہی پر عائد نہیں ہوتا اور نہ یہ ضروری ہے کہ اس امر کی انجام دہی کے لئے حاکم اپنی طرف سے احکام جاری کر دے بلکہ اس کا حق عام لوگوں کو بھی پہنچتا ہے کہ وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے کام کو انجام دیں۔ بلکہ ایسے زمانہ میں جب کہ طاقت و اقتدار رکھنے والے مسلمان اس فریضہ سے بالکل لاپرواہی برتتے ہیں۔ خصوصیت سے عام مسلمانوں کی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ اس کام کو انجام دیں اور تمام مسلمانوں میں بھی زیادہ ذمہ داری علماء و مشائخ پر عائد ہوتی ہے۔ اسی طرح اس فریضہ کی ادائیگی میں اپنا مخاطب صرف عام مسلمانوں ہی کو نہیں ماننا چاہئے بلکہ خواص جیسے حاکموں وغیرہ کو بھی مناسب انداز میں بھلائیوں کی تلقین کرنی چاہئے اور وہ جن برائیوں میں مبتلا ہوں ان سے ان کو روکنا چاہئے' چنانچہ پچھلے زمانوں کے بزرگ صرف عوام الناس کو بھلائیوں کی تلقین نہیں کرتے تھے اور ان کو برائیوں سے روکنے پر اکتفا نہیں کرتے تھے' بلکہ بادشاہوں' حاکموں اور مقتدر مسلمانوں کے سامنے بھی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دیتے تھے۔

تاہم یہ بات بھی ملحوظ رہنی چاہئے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر اسی شخص کو کرنا چاہئے جو یہ علم رکھتا ہو کہ وہ جس چیز کا حکم دے رہا ہے یا جس چیز سے روک رہا ہے شریعت کے اعتبار سے اس کی کیا حیثیت و اہمیت ہے' چنانچہ جہاں تک ان چیزوں کا تعلق ہے جن کا فرض و واجب ہونا یا جن کا حرام ہونا اس طرح ظاہر ہے کہ تمام مسلمان ان کو جانتے ہیں جیسے نماز اور روزہ وغیرہ یا زنا اور شراب وغیرہ تو ان چیزوں کے بارے میں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر عام مسلمان بھی کر سکتے ہیں

جو قولی یا فعلی چیزیں ایسی ہیں کہ ان کے بارے میں عام مسلمانوں کو کوئی علم نہیں ہوتا جو مجتہد فیہ امور سے تعلق رکھتی ہیں تو عوام کو اس طرح کی چیزوں سے صرف اسی چیز کو اختیار کرنے سے منع کرنا چاہئے جن کی ممانعت متفق علیہ ہو مختلف فیہ امور میں منع نہیں کرنا چاہئے خصوصاً ان حضرات کے مسلک کے مطابق کہ جو یہ کہتے ہیں کہ ہر مجتہد مصیب ہوتا ہے۔

آمر بالمعروف اور ناہی عن المنکر کو چاہئے کہ وہ نرمی سے کام لے' تاکہ تحصیل مطلوب زیادہ قریب ہو۔ (یعنی اس فریضہ کی ادائیگی میں خوش خلقی' نرمی اور تہذیب و متانت کا رویہ اختیار کریں اور وہ اس امر کو صرف اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کی خاطر انجام دیں نہ کہ کسی دنیاوی غرض و مقصد اور نفس کی خاطر' اس صورت میں مخاطب پر بات اثر بھی کرتی ہے اور اللہ تعالیٰ ثواب بھی عطا فرماتا ہے اسی طرح جب کسی شخص کو کوئی نصیحت کرنی ہو تو لوگوں کی موجودگی میں نہ کی جائے بلکہ تنہائی میں اور پوشیدہ طور پر اس کو نصیحت کرنی چاہئے کیونکہ لوگوں کی موجودگی میں کسی کو نصیحت کرنا' نصیحت نہیں بلکہ فضیحت ہے۔)

امام شافعیؒ فرماتے ہیں: من وعظ أخاه سرًا فقد نصحه وزانه، ومن وعظ علانية فقد ففضحه وشانه

قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں: ان هذا الباب باب عظيم في الدين به قوام لأمر وملاكه، فاذا فسد عم العقاب الصالح والظالم یہ باب دین کا ایک ایسا عظیم باب ہے، کہ جس سے دین قائم ہے، اور جب یہ خراب ہو جائے گا، تو عقاب باری تعالیٰ صالح و ظالم سب کو گھیر لے گا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿واتقوا فتنة لا تصيبن الذين ظلموا منكم خاصة﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[انفال۔۲۵] ابن الملکؒ فرماتے ہیں: اگر آپ یہ کہیں کہ یہ حدیث دلالت کر رہی ہے کہ ''ایمان بڑھتا گھٹتا ہے'' جیسا کہ امام شافعیؒ کا مذہب ہے تو حنفیہ کے ہاں اس کی کیا تاویل ہے؟ ہم کہتے ہیں اس کا معنی یہ ہے کہ یہ ایمان کا ضعیف ترین ثمرہ ہے۔ اور دل میں برائی کو برا سمجھنا یہ ایمان کے ثمرات میں سے ہے۔

پھر اگر آپ یہ کہیں کہ اگر بات ایسی ہی ہوتی تو لازم آتا ہے کہ اس کے انتفاء سے خروج من الایمان لازم نہ آئے' حالانکہ ایسا نہیں ہے' چونکہ بعض روایات میں یوں آتا ہے: ''ولیس وراء ذلك من الایمان حبة خردل''۔ میں کہتا ہوں مراد یہ ہے کہ جب یہ منتفی ہو جاتے ہیں تو ایمان کالمعدوم ہو جاتا ہے۔ اھ۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد اور اصحاب اربعہ نے بھی روایت کیا ہے۔

برائی سے منع نہ کرنے کے نتائج

۵۱۳۸: وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُدَاهِنِ فِيْ حُدُوْدِ اللّٰهِ وَالْوَاقِعِ فِيْهَا مَثَلُ قَوْمٍ اسْتَهَمُّوْا سَفِيْنَةً فَصَارَ بَعْضُهُمْ فِيْ اَسْفَلِهَا وَصَارَ بَعْضُهُمْ فِيْ اَعْلَاهَا فَكَانَ الَّذِيْ فِيْ اَسْفَلِهَا يَمُرُّ بِالْمَآءِ عَلَى الَّذِيْنَ فِيْ اَعْلَاهَا فَتَاَذَّوْا بِهٖ فَاَخَذَ فَأْسًا فَجَعَلَ يَنْقُرُ اَسْفَلَ السَّفِيْنَةِ فَاَتَوْهُ فَقَالُوْا مَالَكَ قَالَ تَاَذَّيْتُمْ بِيْ وَلَا بُدَّ لِيْ مِنَ الْمَآءِ فَاِنْ اَخَذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ اَنْجَوْهُ وَنَجَوْا اَنْفُسَهُمْ وَاِنْ تَرَكُوْهُ اَهْلَكُوْهُ وَاَهْلَكُوْا اَنْفُسَهُمْ۔ (رواہ البخاری)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۲۹۲/۵ حدیث رقم ۲۶۸۶، والترمذی فی السنن ۴۰۸/۴ حدیث رقم ۲۱۷۳، واحمد فی المسند ۲۷۳/۴۔

ترجمہ: حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی حدود میں سستی کرنے والے اور ان میں گرنے والے کی مثال ان لوگوں جیسی ہے جنہوں نے قرعہ اندازی کی پس کچھ لوگ اس کے نچلے حصہ میں رہے اور کچھ اوپر والے میں نیچے والے پانی لے کر اوپر والوں کے پاس سے گزرے۔ انہیں اس پر تکلیف ہوئی تو انہوں نے کلہاڑی سے نیچے والے حصہ کو توڑنا شروع کر دیا دوسروں نے کہا تمہیں کیا ہوا انہوں نے کہا ہماری وجہ سے تمہیں تکلیف ہوتی ہے اور مجھے پانی کی ضرورت ہے اگر وہ اس کا ہاتھ پکڑ لیں تو اسے اور خود کو بھی محفوظ کر لیں گے اور اگر اسے چھوڑ دیں گے تو اسے اور خود کو بھی ہلاک کر لیں گے۔ (بخاری)

تشریح: مثل قوم: لفظ ''مثل'' مرفوع ہے۔

فأسا: ہمزہ ساکن ہے، اس کو الف کے ساتھ بدل کر بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

ما لك: ''ما'' بمعنی ''ای شیء'' ہے ای: أی شیء باعث لك علی ذلك

نجوا: جیم کی تشدید کے ساتھ ہے۔

قوله: مثل المداهن فی حدود الله والواقع فیها مثل قوم:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مداھن: اس کے معنی ہیں مداہنت کرنے والا۔ مداہنت کا مفہوم یہ ہے کہ کوئی شخص طاقت وقدرت رکھنے کے باوجود کسی خلاف شرع امر کو دیکھ کر اس کو مٹانے وختم کرنے اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا فریضہ انجام دینے سے باز رہے اور یہ باز رہنا خواہ شرم حضوری کی وجہ سے ہو یا دینی بے حمیتی کی بنا پر اور خواہ کسی کی جانب داری اور کسی غرض ولالچ کی وجہ سے ہو یا دین کی پرواہ نہ ہونے کی وجہ سے۔

واضح رہے کہ لغت میں ''مداہنت'' اور ''مدارت'' کے ایک ہی معنی ہیں' لیکن شریعت میں مدارت اور مداہنت کے درمیان فرق یہ ہے کہ مدارت کی بنیاد دین کی حفاظت مصالح وقت کی رعایت اور ظالموں کے ظلم کو دور کرنے پر ہوتی ہے اور مداہنت کی بنیاد اپنے نفس کے تحفظ اور اس کی خواہشات کی تکمیل' لوگوں سے منفعت ومفاد حاصل کرنے اور دین سے لاپرواہی پر ہوتی ہے۔ اور اسی سے شاعر کا یہ قول ہے :**فدارھم مادمت فی دارھم۔**

''خدا کی حدود میں غفلت وسستی کرنے'' کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے گناہوں کی جو حد (سزائیں) مقرر کی ہیں (جیسے شرابی کو کوڑے مارنے وغیرہ) ان کو طاقت وقدرت کے باوجود قائم وجاری کرنے میں لاپرواہی وغفلت کرنا۔ یا اللہ تعالیٰ نے جن گناہوں کو موجب حد قرار دیا ہے (جیسے زنا اور شراب نوشی وغیرہ) ان کے مرتکبین کو ان گناہوں سے روکنے میں غفلت کرنا اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فریضہ کو انجام دینے سے باز رہنا۔

قولہ: فان أخذوا علی یدیه انجوه ونجو أنفسهم وان ترکوه أهلکوه وأهلکوا انفسهم :''نجوا'' تشدید ''نجوا وانجوا'' میں **تنفس فی العبادة** ہے۔ جس طرح کشتی میں سوار کوئی شخص کشتی کی سطح کو توڑنے لگے اور کشتی میں سوار دوسرے لوگ اس کو اس کی حرکت سے باز رکھیں تو کشتی ڈوبنے سے بچ جائے گی اور تمام مسافر محفوظ وسلامت رہیں گے اور اگر دوسرے مسافر اس شخص کو اس کے اس عمل سے باز رکھنے کی کوشش نہ کریں تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ نہ صرف وہی شخص بلکہ دوسرے تمام مسافر بھی اس شخص کی اس حرکت کی وجہ سے غرقاب وہلاک ہو جائیں گے اسی طرح اگر لوگ کسی فاسق وبدکار کو اس کے فسق وبدکاری سے روکیں اور برائیوں کے راستہ سے باز رکھیں تو وہ اس فاسق وبدکار کی نجات وفلاح کا بھی باعث بنیں گے اور خود کو بھی عذاب خداوندی سے محفوظ رکھ پائیں گے اور اگر لوگ اس فاسق وبدکار کو اس حالت پر چھوڑ دیں کہ وہ اسی طرح فسق وبدکاری میں مبتلا رہے تو پھر نہ صرف وہ فاسق وبدکار ہی تباہ وبرباد ہوگا بلکہ وہ لوگ اپنے آپ کو بھی ہلاکت وتباہی میں مبتلا کریں گے کیونکہ جب دنیا والوں کی بداعمالیوں اور بدکاریوں کی وجہ سے خدا کا عذاب نازل ہوتا ہے تو اس کی تباہ کاریوں میں کسی نہ کسی حیثیت سے سب ہی لوگ مبتلا ہو جاتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: [وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَاصَّةً] [الانفال۔ ۲۵] یعنی تم لوگ اپنے آپ کو اس فتنہ سے بچاؤ جو خاص طور پر ان ہی لوگوں کو مبتلا نہیں کرے گا جنہوں نے ظلم کیا ہے بلکہ تمہاری مداہنت کی وجہ سے تمہیں بھی مبتلا کرے گا۔

قولہ: استھموا سفینة: مطلب یہ ہے کہ ان لوگوں نے کشتی کو درجات میں تقسیم کر لیا ہو جن میں سے ایک درجہ تو کشتی کے اوپر کے حصہ میں واقع ہو اور دوسرا درجہ کشتی کے نیچے کے حصہ میں ہو اور ان دونوں درجات میں بیٹھنے کے لئے قرعہ اندازی کا طریقہ اختیار کیا گیا ہو کہ جس شخص کا نام قرعہ میں جس درجہ کے لئے نکلے وہ شخص اسی درجہ میں بیٹھے گا۔ واضح رہے کہ یہ قرعہ والی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بات محض ایک قید اتفاقی کے طور پر ہے ورنہ عام طور سے کشتی میں بیٹھنے کا یہ طریقہ رائج نہیں ہے بلکہ نشست اور درجات کی تقسیم کشتی کے مالک و منتظم کی صوابدید پر منحصر ہوتی ہے کہ وہ کرایہ وغیرہ کی ترتیب کے مطابق جس شخص کو جہاں چاہتا ہے جگہ دیتا ہے یا جس شخص کو جہاں جگہ مل جاتی ہے وہاں بیٹھ جاتا ہے۔ ہاں اگر کشتی کسی ایک شخص کی ملکیت ہونے کے بجائے مشترکہ طور پر چند اشخاص کی یکساں طور پر ملکیت ہو اور وہ اشخاص ایک ساتھ اس کشتی میں داخل ہونا چاہیں تو اس صورت میں یہ ہوسکتا ہے کہ وہ سب اپنی اپنی نشست کے لئے قرعہ ڈال لیں اور جس شخص کا نام جس درجہ اور جس جگہ کے لئے نکلے وہ وہاں بیٹھ جائے۔

قوله: يمر بالماء على الذين في اعلاها فتأذوا به: فَكَانَ الَّذِيْ فِيْ اَسْفَلِهَا ۔

الذی: استعمال کرنا ماسبق میں ذکر کئے گئے لفظ "بعض" کی مناسبت سے ہے اور اس میں اس طرف اشارہ ہے کہ اگر اس حصے میں بیٹھے ہوئے تمام لوگوں میں سے صرف ایک شخص بھی ایسا کرے (یعنی کشتی کی سطح کو توڑنے لگے) تو اس کے بارے میں بھی یہ ہی حکم ہوتا ہے۔

"بالماء" میں باء سببیہ ہے۔ ای بسبب الماء اور "فتأذوا به" میں ضمیر مجرور کا مرجع "مرور" ہے۔ ای بمروره عليهم۔ "وہ جب پانی لینے کے لئے اوپر کے حصہ میں آئیں" میں لفظ "پانی" سے مراد اکثر شارحین کے نزدیک وہی عام پانی ہے جو پینے وغیرہ کے استعمال میں آتا ہے اور بعض شارحین کہتے ہیں کہ یہاں "پانی" سے مراد پیشاب پاخانہ ہے جو نیچے کے حصے میں کوئی شخص کسی برتن وغیرہ میں کرے اور پھر اس کو دریا میں ڈالنے کے لئے اوپر کے حصے میں آئے اور وہاں کے لوگوں کے درمیان سے گزرے اس صورت میں اس شخص کی وجہ سے اوپر کے حصہ والوں کا تکلیف و ناگواری محسوس کرنا زیادہ بدیہی بات ہوگی اور ان کی وجہ سے وہاں کے لوگ تکلیف و اذیت محسوس کرنے لگیں اور پھر نیچے والوں میں سے کوئی شخص ان کی تکلیف و ناگواری کو دیکھ کر کشتی کے نیچے کی سطح توڑنے لگے تاکہ اس جگہ سے پانی حاصل کرے یا غلاظت وغیرہ پھینک دیا کرے.....۔

تشبیہ کی وضاحت:

اشرفؒ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے اس ارشاد گرامی کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی حدود میں غفلت و سستی کرنے والے کو اس شخص کے ساتھ تشبیہ دی ہے جو کشتی کے اوپر کے درجہ میں ہو اور حدود میں گر پڑنے والے کو اس شخص کے ساتھ تشبیہ دی جو کشتی کے نیچے کے درجہ میں ہو اور اس کے انہماک یعنی ان حدود (گناہوں) میں مشغول رہنے اور ان کو ترک نہ کرنے کو کشتی کے نیچے کی سطح کو توڑنے کے عمل کے ساتھ تشبیہ دی اور گناہوں کے مرتکب کو ان گناہوں سے روکنے کو کشتی کی سطح توڑنے والے کا ہاتھ پکڑنے اور اس کو کشتی توڑنے سے منع کرنے سے تعبیر کیا اور گناہوں سے روکنے و منع کرنے کے فائدہ کو ان سب لوگوں کی فلاح و نجات سے تعبیر کیا جو پانی لینے کے لئے اوپر آنے والوں کو منع کریں یا جو پانی کے لئے اوپر جائیں اور ان کو اوپر آنے سے روکا جائے اور گناہوں سے منع نہ کرنے والوں کو ان لوگوں سے تعبیر کیا جو کشتی توڑنے والے کو اس کے حال پر چھوڑ دیں یعنی اس کو کشتی توڑنے سے باز نہ رکھیں اور مدافعت نہ کرنے والوں یعنی لوگوں کو گناہوں سے نہ روکنے والوں کے گناہ اور گناہوں کا ارتکاب کرنے والے کے انجام کو اس امر سے تعبیر کیا کہ اگر کشتی کے اوپر والے کشتی کو توڑنے والے کو منع نہ کریں تو وہ اپنے آپ کو بھی اور کشتی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

توڑنے والے کو بھی ہلاکت وتباہی میں ڈال دیں گے! نیز اسلام کو گویا کشتی سے تعبیر فرمایا جو دونوں قسم کے لوگوں کو اپنے دامن میں لئے ہوئے ہے۔

حدیث میں منع کرنے والوں کے طبقہ کو جمع کے صیغہ کے ساتھ ذکر فرمایا جس کے ذریعہ اس طرف اشارہ کرنا مقصود ہے کہ تمام مسلمانوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس شخص کی حسب قدرت پوری مدد کریں جو لوگوں کو گناہوں اور برائیوں سے باز رکھنے کا فریضہ انجام دے اور اسی طرح گناہ کرنے والے کا ذکر مفرد کے صیغہ کے ساتھ اس طرف اشارہ کرتا ہے کہ گناہ کے مرتکب اپنی حیثیت کے اعتبار سے ناقص ہیں خواہ وہ تعداد میں کتنے ہی ہوں۔

یا اس بات کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے کہ جس شخص سے یہ نہی صادر ہوگی (یعنی ''ناھی'' کا فریضہ انجام دے گا) وہ جماعت کی مانند ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ان ابراھیم کان أمة﴾

شاعر کا یہ قول بھی اسی قبیل سے ہے:

ع فدارھم ما دمت فی دراھم

آگ میں انتڑیوں کے گرد گھومنے والا

۵۱۳۹: وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَآءُ بِالرَّجُلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُلْقٰى فِي النَّارِ فَتَنْدَلِقُ اَقْتَابُهٗ فِي النَّارِ فَيَطْحَنُ فِيْهَا كَطَحْنِ الْحِمَارِ بِرَحَاهُ فَيَجْتَمِعُ اَهْلُ النَّارِ عَلَيْهِ فَيَقُوْلُوْنَ اَىْ فُلَانُ مَا شَانُكَ اَلَيْسَ كُنْتَ تَاْمُرُنَا بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَانَا عَنِ الْمُنْكَرِ قَالَ كُنْتُ اٰمُرُكُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَا اٰتِيْهِ وَاَنْهَاكُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاٰتِيْهِ۔ (متفق علیہ)

أخرجه البخاری فی صحیحه ۳۳۱/٦ حدیث رقم ۳۲٦۷ ومسلم فی صحیحه ۲۲۹۰/٤ حدیث رقم (۵۱-۲۹۸۹) واحمد فی المسند ۲۰۵/۵۔

ترجمہ: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن ایک شخص کو لا کر دوزخ میں ڈال دیا جائے گا آگ میں اس کی انتڑیاں جلد نکل پڑیں گی وہ ان کے گرد اس طرح چکر کاٹے گا جس طرح گدھا چکی کے گرد گھومتا ہے اہل دوزخ مل کر دریافت کریں گے اے فلاں! کیا ہوا؟ کیا تم ہمیں نیکیوں کا حکم نہیں کرتے تھے اور برائیوں سے منع نہیں کرتے تھے؟ وہ کہے گا میں تمہیں نیکی کے متعلق کہتا تھا مگر خود نہیں کرتا تھا تمہیں برائی سے روکتا مگر خود نہ رکتا تھا۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: اقتاب: أی امعاء یعنی انتڑیاں۔

فیطحن: صیغۂ معروف کے ساتھ ہے۔ امام طیبیؒ نے فرمایا: '' فیطحن فیھا'' صیغہ معروف کے ساتھ ہے۔ بمعنی ''پدور'' اور ضمیر '' الرجل '' کی طرف عائد ہے۔ اور '' فیھا'' کی ضمیر '' أمعاء '' کی طرف راجع ہے۔ مصابیح کے بعض نسخوں میں صیغہ مجہول کے ساتھ ہے وہ خطأ ہے۔ چونکہ ایک دوسری روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں: فیدور کما یدور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحمار برحاه ۔

ای فلان: کنایہ ہے، اس کے علم و مشیخت کے اسم و وصف سے۔

مظہرؒ فرماتے ہیں (یعنی جس طرح چکی میں چلنے والا گدھا اپنی چکی کے گرد چلتا رہتا ہے اسی طرح وہ شخص اپنی ان انتڑیوں کے گرد چکر لگائے گا اور ان کو پیروں تلے روندتا رہے گا

آمر کم: صیغہ واحد متکلم کے ساتھ ہے۔

عرضِ مرتب:

جیسا کہ پہلے بتایا جا چکا ہے اس شخص کو یہ سزا عمل نہ کرنے کی وجہ سے ملے گی نہ کہ اس وجہ سے ملے گی کہ وہ جب خود عمل نہیں کرتا تھا تو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ کیوں انجام دیتا تھا۔ چنانچہ اگر وہ اس فریضہ کو بھی ترک کرتا تو وہ مذکورہ عذاب سے بھی سخت عذاب کا مستوجب ہوتا کیونکہ اس صورت میں اس پر دو واجب کے ترک کا گناہ ہوتا۔ (مظاہر حق)

الفصل الثانی:

نیکی کا حکم دیتے اور برائی سے روکتے رہو

۵۱۴۰: عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتَامُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ اَوْلَيُوْشِكَنَّ اللّٰهُ اَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ عِنْدِهٖ ثُمَّ لَتَدْعُنَّهٗ وَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ۔

(رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٠٦ حدیث رقم ٢١٦٩ و ابن ماجه ٢/١٣٢٧ حدیث رقم ٤٠٠٤، واحمد فی المسند ٥/٣٨٨۔

ترجمہ: حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے اس ذات کی قسم ہے جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے تم نیکی کا حکم دیتے اور برائی سے منع کرتے رہنا۔ ورنہ قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ تم پر عذاب بھیج دے۔ پھر تم دعا کرو پھر وہ تم سے قبول نہ کی جائے۔ اس روایت کو ترمذی نے نقل کیا ہے۔

تشریح: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ دونوں باتوں میں سے ایک بات ضرور ہوگی یا تو تم امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دیتے رہو اور یا اگر تم اس فریضہ کی انجام دہی سے غافل رہے تو اللہ تعالیٰ مختلف طرح کی سختیوں اور مصائب کی صورت میں تم پر اپنا عذاب نازل کرے گا اور اس وقت تم ان سختیوں اور مصائب کے دفعیہ کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگو گے تو تمہاری دعا قبول نہیں کی جائے گی۔

عرضِ مرتب:

اس سے معلوم ہوا کہ دوسرے عذاب اور مصائب دعا کی برکت سے ٹلنے کا احتمال رکھتے ہیں لیکن امر بالمعروف اور نہی عن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

المنکر کے ترک پر خدا کی طرف سے جو آفات و بلائیں نازل ہوتی ہیں وہ دعا کے ذریعہ بھی ٹلنے کا احتمال نہیں رکھتیں کیونکہ ان کے دفعیہ کے لئے کی جانے والی دعا قبول نہیں ہوتی۔ (مظاہر حق)

تخریج: بزارؒ نے اور طبرانیؒ نے اوسط میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ الفاظ نقل کئے ہیں **لتامرن بالمعروف ولتنهون عن المنكر او ليسلطن الله عليكم شراركم فيدعو خياركم فلا يستجاب لهم ۔**

حضور ﷺ نے فرمایا: دو باتوں میں سے ایک بات کا ہونا ضروری ہے یعنی یا تو تم) یقیناً امر بالمعروف بھی کرو گے اور یقیناً نہی عن المنکر کا فریضہ بھی انجام دو گے یا ان دونوں فریضوں کی عدم ادائیگی کی صورت میں یقیناً اللہ تعالیٰ تم پر تمہارے برے لوگوں کو مسلط کر دے گا اور پھر تمہارے نیک لوگ (ان برے لوگوں کے فتنہ و فساد اور ظلم و جور کے دفعیہ کے لئے) دعا کریں گے مگر ان کی دعا قبول نہیں کی جائے گی۔

گناہ سے نفرت کرنے والا غیر موجود کی طرح ہے

۵۱۴۱: **وَعَنِ الْعُرْسِ ابْنِ عُمَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا عُمِلَتِ الْخَطِيْئَةُ فِي الْاَرْضِ مَنْ شَهِدَهَا فَكَرِهَهَا كَانَ كَمَنْ غَابَ عَنْهَا وَمَنْ غَابَ عَنْهَا فَرَضِيَهَا كَانَ كَمَنْ شَهِدَهَا۔**

(رواه ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد في السنن ٤/٥١٠٥ حديث رقم ٤٣٤٥۔

ترجمہ: حضرت عرس بن عمیرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب زمین پر کوئی گناہ ہوتا ہے اور وہاں دوسرا موجود شخص اس کو ناپسند کرتا ہے۔ وہ غائب کی مانند ہوتا ہے اور جو وہاں موجود نہ تھا لیکن اس گناہ کو پسند کرتا ہے وہ تو موجود کی طرح ہوگا۔ (ابوداؤد)

راوئ حدیث:

عرس بن عمیرۃ۔ عرس بن عمیرہ ''کندی'' ہیں۔ ان سے ان کے بھتیجے عدی وغیرہ روایت کرتے ہیں۔ ''عرس'' عین کے ضمہ، راء کے سکون اور سین مہملہ کے ساتھ ہے۔ ''عمیرۃ'' میں عین مہملہ مفتوح، میم مکسور، یاء ساکن اور پھر راء ہے۔ واضح رہے کہ رجال میں ''عمیرۃ'' عین مہملہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ کوئی بھی عین مہملہ کے ضمہ کے ساتھ نہیں ہے۔ (مغنی)

عرضِ مرتب:

علامہ طاہر پٹنی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ عدی بن عمیرہ سے ان کے بھائی عرس روایت کرتے ہیں۔ (ص ۱۸۰) اس سے یوں لگتا ہے کہ عدی اور عرس دونوں بھائی ہیں، نہ کہ چچا بھتیجا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

تشریح: عملت: صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔

من شهدها: ای من حضرها جواب شرط ہے۔ اور فاء محذوف ہے جیسا کہ اس ارشاد باری تعالیٰ میں (بھی فاء محذوف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔):﴿وان اطعتموهم انكم لمشركون﴾ [الانعام:۱۲۱] (ذکرہ الطیبی)
یہاں فاء کا حذف مستحسن ہے کیونکہ شرط بلفظ ماضی ہے۔(ذکرہ القاضیؒ)

عرضِ مرتب:

حدیث کا حاصل یہ ہے کہ گناہ کو ہر حال میں گناہ سمجھو اور اس کو برا خیال کرو! اگر تمہاری آنکھوں کے سامنے کسی گناہ کا ارتکاب ہو رہا ہو تو اول اس کو ہاتھ اور زبان کے ذریعہ مٹانے اور ختم کرنے کی کوشش کرو اگر ان دونوں میں سے کسی کی بھی طاقت وقدرت نہیں رکھتے ہو تو پھر جو آخری درجہ ہے اس کو اختیار کرو یعنی اس گناہ کو برا خیال کرو۔ اس صورت میں تمہارا شمار گویا ان لوگوں کے زمرہ میں ہوگا جو وہاں موجود ہی نہ ہوں اور جن کی آنکھوں کے سامنے اس گناہ کا ارتکاب نہ ہو رہا ہو۔

اس حدیث سے واضح ہوا کہ حقیقی موجودگی وغیر موجودگی کا تعلق دل سے ہے نہ کہ جسم وبدن سے' چنانچہ جس شخص نے اپنی آنکھوں کے سامنے ہونے والے گناہ کو برا خیال کیا اور دل میں بھی اس کے خلاف نفرت رکھی تو گویا حقیقت میں اس جگہ موجود نہیں جہاں وہ گناہ کیا جا رہا ہے' اگرچہ ظاہری طور پر وہاں موجود ہے۔ اور اگر کسی شخص نے گناہ کو گناہ نہیں سمجھا یعنی اس گناہ کو اور اس گناہ کے مرتکب کو دل میں برا خیال نہیں کیا تو گویا وہ حقیقت میں اس جگہ موجود ہے جہاں وہ گناہ کیا جا رہا ہے اگرچہ ظاہری طور پر وہاں موجود نہیں ہے۔ (مظاہر حق)

الجامع میں یہ روایت ان الفاظ کے ساتھ مسند أمروی ہے:

اذا عملت الخطيئة في الارض كان من شهدها فكرهها كمن غاب عنها (الحديث)

آیت : عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ کا درست مطلب

۵۱۴۲: وَعَنْ اَبِیْ بَكْرِ نِ الصِّدِّيْقِ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّكُمْ تَقْرَءُوْنَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ النَّاسَ اِذَا رَاَوْا مُنْكَرًا فَلَمْ يُغَيِّرُوْهُ يُوْشِكُ اَنْ يَّعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابِهٖ (رواه ابن ماجة والترمذی وصححه وفی روایة ابی داؤد) اِذَا رَاَوُا الظَّالِمَ فَلَمْ يَاْخُذُوْا عَلٰى يَدَيْهِ اَوْ شَكَ اَنْ يَّعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابِهٖ وَفِیْ اُخْرٰى لَهٗ مَامِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِیْ ثُمَّ يَقْدِرُوْنَ عَلٰى اَنْ يُّغَيِّرُوْا ثُمَّ لَا يُغَيِّرُوْنَ اِلَّا يُوْشِكُ اَنْ يَّعُمَّهُمُ اللّٰهُ بِعِقَابٍ وَفِیْ اُخْرٰى لَهٗ مَامِنْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِیْ هُمْ اَكْثَرُ مِمَّنْ يَّعْمَلُهٗ۔

أخرجه ابوداؤد فی السنن ٤/٥٠٩ حديث رقم ٤٣٣٨، والترمذی فی السنن ٤/٤٠٦ حديث رقم ٢١٦٨، واخرجه ابن ماجه فی السنن ٢/١٣٢٧ حديث رقم ٤٠٠٥، واحمد فی المسند ١/٢۔

ترجمہ: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو مخاطب کر کے فرمایا: اے لوگو! تم یہ پڑھتے ہو: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا يَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَيْتُمْ اے ایمان والو! اپنی جان کی حفاظت کرو۔ تمہیں کوئی گمراہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ جب کہ تم ہدایت پر ہو۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ جب لوگ برائی کو دیکھ کر منع نہ کریں گے تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے عذاب میں مبتلا کردے۔ ابن ماجہ، ترمذی نے اسے صحیح کہا ابوداؤد کے الفاظ یہ ہیں۔ کہ جب انہوں نے ظالم کی زیادتی دیکھی تو اس کے ہاتھ نہیں پکڑے تو اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ان کو بھی عذاب میں مبتلا کردے گا۔ دوسری روایت میں اس طرح ہے جس قوم میں لوگ برائی کریں اور وہ لوگ اس کے مٹانے پر قادر ہوں اور وہ نہ مٹائیں تو قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو اس کے عذاب میں شامل کرے۔ ایک اور روایت اس طرح ہے کہ جن لوگوں میں برائی ہو اور دیگر لوگ اس برائی کے کرنے والوں سے تعداد میں زیادہ ہوں۔

تشریح: قوله: يا ايها الذين آمنوا عليكم انفسكم۔۔۔ اذا اهتديتم:

"عليكم أنفسكم": اى الزموا حفظ أنفسكم عن المعاصى

قوله: فانى سمعت رسول الله ﷺ يقول ۔۔۔۔ والترمذى وصححه: "فانى": امام طیبیؒ فرماتے ہیں: فاء فصیحیہ ہے جو محذوف پر دلالت کررہی ہے۔ گویا کہ یوں ارشاد فرمایا: انكم تقرؤون هذه الآية وتجرون على عمومها، وتمتنعون عن الأمر بالمعروف والنهى عن المنكر، وليس كذلك فانى سمعت الخ

امام طیبیؒ فرماتے ہیں: کہ میں نے "ليس كذلك" اس لئے کہا کہ یہ آیت ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی تھی کہ جن کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کیا گیا تھا تو انہوں نے اس کو قبول کرنے سے کلی طور پر انکار کردیا۔ مسلمانوں کو ان پر حسرت ہونے لگی، چنانچہ مسلمانوں کو خطاب کرکے کہا گیا کہ تم پر اپنے نفسوں کی حفاظت لازم ہے۔ اور اسی کی اصلاح کے تم مکلف بنائے گئے ہو، ہدایت کے راستے پر چلو، جب تم ہدایت پر ہو گے تو گمراہی تمہیں نقصان نہ پہنچا سکے گی۔ اس مفہوم کی تائید اس کی ماقبل آیت سے بھی ہوتی ہے: ﴿واذا قيل لهم تعالوا الى ما أنزل الله والى الرسول﴾ [المائدۃ۔۱۰۵] یہ تخصیص بحسب الاشخاص ہے۔ اور تخصیص بحسب الزمان کی دلیل ابوثعلبہ کی روایت جو آگے آرہی ہے، چونکہ عام میں بعض مرتبہ دوبارہ بھی تخصیص ہوجاتی ہے۔ اھ۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: دو وجوہ سے یہ تقریر نہ تو صحیح المبنی ہے، اور نہ صریح المعنی ہے:

اول تو یہ کہ آپ کا یہ کہنا "نزلت الآية فى قوم أمرو بالمعروف فأبوا كل الاباء،" اس کی سرے سے کوئی اصل موجود نہیں بلکہ اس کا تو کبھی آئندہ زمانہ میں بھی تصور نہیں کیا جاسکتا، چونکہ یہ بات مشہور ومعروف ہے کہ امر بالمعروف کا حکم صرف مسلمانوں ہی کو ہے، اور یہ ممکن نہیں کہ مسلمان کلی طور پر انکار کردیں۔ اور نہ یہ بات ثابت ہے کہ کوئی جماعت اس امر کی وجہ سے مرتد ہوگئی ہو، حتی کہ یہ کہنا صحیح ہو کہ "فذهبت أنفس المؤمنين حسرة عليهم ....."

دوسری وجہ یہ ہے کہ آپ کا یہ کہنا: "ويشهد لذلك ما قبل هذه الآية"، آیت کا تو باب امر بالمعروف ونہی عن المنکر سے مطلق کوئی تعلق ہی نہیں، بلکہ مطلوب یہ تھا کہ وہ "منزل من الله على الرسول" پر ایمان لے آئیں، اور اپنے آباء واجداد کے گمراہ امور کی تقلید نہ کریں، چنانچہ انہوں نے اپنے قول باطل پر اصرار کیا اور کہنے لگے: [حسبنا ما وجدنا عليه آباء نا] [المائدۃ۔۱۰۴]، اس پر یہ ارشاد باری تعالیٰ اترا: ﴿أولو كان أباؤهم لا يعقلون شيئا ولا يهتدون﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[المائدة۔ ۱۰۴] ہاں البتہ ابن ابی حاتم کی ذکر کردہ اس روایت کے ذریعے دونوں آیتوں میں اقتران ثابت ہو جاتا ہے:

أنه انما أنزلت هذه الآية، لأن الرجل كان يسلم ويكفر أبوه، ويسلم الرجل ويكفر أخوه، فلما دخل قلوبهم حلاوة الايمان دعوا آباء هم واخوانهم فقالوا: [حسبنا ما وجدنا عليه أباء نا] فأنزل الله: ﴿يا أيها الذين آمنوا عليكم أنفسكم﴾ [المائدة۔ ۱۰۵] [الاية]

بیضاوی کی بات کا مطلب بھی یہی ہے (جیسا کہ وہ فرماتے ہیں): والآية نزلت لما كان المؤمنون يتحسرون على الكفرة ويتمنون ايمانهم

قوله: وفي رواية أبي داود ـــ ان يعمهم الله بعقاب: ''يعمل'' بصیغۂ مجہول ہے اور جار مجرور نائب فاعل ہے۔ یا تقدیری عبارت یوں ہے: يعمل احد فيما بينهم۔

قوله: وفي اخرى عله: مامن قوم يعمل فيهم بالمعاصي هم اكثر ممن يعمله: ''هم'' صفت ہے ''قوم'' کی۔ معنوی اعتبار سے عبارت یوں ہے: اذا كان الذين لا يعملون المعاصي اكثر من الذين يعملونها فلم يمنعوهم عنها عمهم العذاب امام طیبیؒ فرماتے ہیں اس کے بعد یہ اضافہ ہونا چاہئے: ثم لا يغيرون الا يوشك ان يعمهم الله يعقاب۔ اور ''هم'' صفت ہے ''قوم'' کی اور ''الا يوشك'' ''ما'' کی خبر ہے۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں یہ تقدیر و ماقبل سے مستفاد ہو رہی ہے مصنفؒ کا ارادہ آغاز حدیث میں موجود اختلاف روایت بیان کرنا ہے۔ امام بغویؒ نے فرمایا: ایک روایت میں یہ الفاظ آئے ہیں:

:لتأمرن بالمعروف و لتنهون عن المنكر، أوليستعملن الله عليكم شراركم' فليسوئكم سوء العذاب، ثم ليد عن الله خيار كم فلا يستجاب لكم۔

ابو عبید فرماتے ہیں: ابو بکر صدیق کو خوف ہوا کہ لوگ اس آیت میں غلط تاویل کریں گے، چنانچہ یہ تاویل انہیں امر بالمعروف کے ترک کی دعوت دے گی، تو مجھے یہ بتا دینا چاہئے کہ ایسا نہیں ہے بلکہ ''امساك عن تغيير المنكر'' کی اجازت ذمیوں کیلئے ہے۔ یہ اجازت اہل اسلام کیلئے نہیں ہے۔ خواہ وہ فاسق ہو، عاصی ہو یا کوئی اور۔ مجاہد اور سعید بن جبیرؒ فرماتے ہیں کہ یہ آیت یہود و نصاریٰ کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ یعنی عليكم أنفسكم لا يضركم من ضل من أهل الكتاب، فخذوا منهم الجزية واتركوهم حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اس آیت کے بارے میں فرماتے ہیں: مروا بالمعروف وانهوا ما قبل منكم 'فان رد عليكم فعليكم أنفسكم..... اس وقت اس آیت کی تاویل آئے گی۔ (انتھی)

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کا یہ کلام ابو ثعلبہ کی آئندہ روایت کے مطابق ہے۔

آیت کا مطلب یہ ہے کہ اے مسلمانو! تم اپنے آپ کو گناہوں سے محفوظ رکھو اگر تم نے گناہوں اور برائیوں سے خود کی حفاظت کر لی اور اس طرح ہدایت یافتہ بن گئے نیز کسی وجہ سے تم امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دینے سے عاجز ہے تو تمہیں ان لوگوں کی گمراہی کا وبال کوئی نقصان نہیں پہنچائے گا جو خلاف شرع امور اور برائیوں کا ارتکاب کر کے گمراہ ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گئے ہوں۔

برائی سے نہ روکا تو موت سے پہلے عذاب میں مبتلا ہوگا

۵۱۴۳: وَعَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَامِنْ رَجُلٍ يَكُوْنُ فِيْ قَوْمٍ يُعْمَلُ فِيْهِمْ بِالْمَعَاصِيْ يَقْدِرُوْنَ عَلٰى اَنْ يُّغَيِّرُوْا عَلَيْهِ وَلَا يُغَيِّرُوْنَ اِلَّا اَصَابَهُمُ اللّٰهُ مِنْهُ بِعِقَابٍ قَبْلَ اَنْ يَّمُوْتُوْا۔

أخرجه ابوداؤد فی السنن ٤/ ٥١٠ حديث رقم ٤٣٣٩ و ابن ماجه فی السنن ٢/ ١٣٢٨ حديث رقم ٤٠٠٩، واحمد فی المسند ٤/ ٣٦٤۔

ترجمہ: حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات فرماتے سنا کہ جو شخص کسی قوم میں ہو اور وہ اس میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرتا ہو اور دوسرے لوگ اس کے روکنے پر قادر تھے مگر انہوں نے منع نہ کیا تو انہیں موت سے پہلے اللہ تعالیٰ عذاب میں گرفتار فرمائے گا۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ)

تشریح: قوله: ما من رجل يكون فی قوم يعمل فيهم بالمعاصی:

صیغہ معروف کے ساتھ ہے، یہ جملہ ''رجل'' کی صفت ثانی ہے یا حال ہے۔ اور اس کا حال بننا اس بناء پر صحیح ہے کہ اس کے ذوالحال کی صفت لائی گئی ہے۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ضمیر مجرور ''الرجل'' کی طرف عائد ہے یا ''عدم التغير'' کی طرف راجع ہے اور ''من'' ابتدائیہ ہے۔ أی بسبب شؤمه اور یہ بھی ممکن ہے کہ باری تعالیٰ کی طرف لوٹ رہی ہو۔ أی عذابا من عنده اور یہ ابلغ ہے، جیسے کہ یہ ارشاد باری تعالیٰ: ﴿انی أخاف أن يمسك عذاب من الرحمٰن﴾ [مریم: ٤٥]

توضیح: امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث باعتبار لفظ مصابیح کی حدیث کے مخالف ہے۔ اس کا موقع محل فصل ثالث تھا۔ لیکن انہوں نے یہاں اس تنبیہ کی خاطر ذکر کر دی کہ مؤلف کو یہ روایت اصول میں اس طرح نہیں ملی کہ جس طرح سے مصابیح میں ہے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں: یہ تنبیہ اعتراض فعلی کو متضمن ہے، اور یہ کہنا کہ اس کا موقع محل فصل ثالث تھا یہ بات خود موقع محل سے ہٹ کر ہے۔

عرضِ مرتب:

حدیث کے آخری الفاظ کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا وہ عذاب اسی دنیا میں نازل ہوتا ہے خواہ اس کی صورت کچھ ہی ہو! اس سے پہلے معلوم ہوا کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے ترک کی وجہ سے دنیا میں بھی عذاب پہنچتا ہے اور آخرت کا عذاب باقی رہتا ہے جو وہاں پہنچے گا' اس کے برخلاف اور گناہوں کے مرتکبین پر اس دنیا میں عذاب ہونا ضروری نہیں ہے۔ (مظاہر حق)

تخریج: اس حدیث کو عبدالرزاق اور عبد بن حمید نے حضرت جریر بجلی سے ان الفاظ میں نقل کیا ہے:

سمعت النبی ﷺ يقول: ما من قوم يكون من اظهرهم رجل يعمل بالمعاصی هم أمنع منه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وأعز، ثم لا يغيرون عليه الا او شك أن يعمهم الله منه بعقاب

جس کام میں تمہیں چارہ کار نہ ہو اس سے اپنے کو بچانا لازم ہے

۵۱۴۴: وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی عَلَیْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَایَضُرُّكُمْ مَنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَیْتُمْ فَقَالَ اَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ سَاَلْتُ عَنْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَلِ ائْتَمِرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنَاهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ حَتّٰی اِذَا رَاَیْتَ شُحًّا مُطَاعًا وَهَوًی مُتَّبَعًا وَدُنْیَا مُؤْثَرَةً وَاِعْجَابَ كُلِّ ذِیْ رَاْیٍ بِرَاْیِهٖ وَرَاَیْتَ اَمْرًا لَا بُدَّ لَكَ مِنْهُ فَعَلَیْكَ نَفْسَكَ وَدَعْ اَمْرَ الْعَوَامِ فَاِنَّ وَرَآءَ كُمْ اَیَّامَ الصَّبْرِ فَمَنْ صَبَرَ فِیْهِنَّ قَبَضَ عَلَی الْجَمْرِ لِلْعَامِلِ فِیْهِنَّ اَجْرُ خَمْسِیْنَ رَجُلًا یَعْمَلُوْنَ مِثْلَ عَمَلِهٖ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اَجْرُ خَمْسِیْنَ مِنْهُمْ قَالَ اَجْرُ خَمْسِیْنَ مِنْكُمْ۔ (رواه الترمذی وابن ماجة)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ٤/٥١٢ حديث رقم ٤٣٤١، والترمذی فی السنن ٥/٢٤٠ حديث رقم ٣٠٥٨ و ابن ماجه ٢/١٣٣١ حديث رقم ٤٠١٥۔

ترجمہ: حضرت ابوثعلبہ رضی اللہ عنہ سے اللہ تعالیٰ کے ارشاد: عَلَیْكُمْ اَنْفُسَكُمْ لَا یَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا اهْتَدَیْتُمْ کے متعلق مروی ہے اللہ کی قسم میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے بارے میں دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا بلکہ نیکی کا حکم دیتے رہو اور برائی سے روکتے رہو جب تم دیکھو کہ لوگ بخل کی اطاعت کر رہے ہیں اور خواہشات کے پیچھے پڑے اور دنیا کو ترجیح دے رہے ہیں اور ہر صاحب رائے اپنی رائے پر فخر کر رہا ہے اور ایسا معاملہ دیکھو جس میں کوئی چارہ کار نہ ہو تو تمہیں اپنے کو بچانا لازم ہے دوسروں کے معاملہ کو چھوڑ دو کیونکہ تمہارے پیچھے صبر کے ایام ہیں جس نے ان دنوں میں صبر کیا اس نے آگ کی چنگاری پکڑی ان دنوں میں نیکی پر عمل کرنے والوں کے لئے پچاس آدمیوں کے عمل کے برابر ثواب ہے جو اس جیسا عمل کریں گے صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ان کے پچاس آدمیوں کے عمل جیسا فرمایا تمہارے پچاس آدمیوں کے عمل کے برابر ثواب ملے گا۔ (ترمذی ابن ماجہ)

تشریح: قوله: عليكم انفسكم: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: راوی کی مراد یہ ہے: سئل ابو ثعلبة فی شأن قوله تعالٰی: [عليكم أنفسكم] [فقال الخ]۔ ''اما'': میم کی تخفیف کے ساتھ ہے یہ ''اما'' برائے تنبیہ ہے۔

قاضی بیضاویؒ (اس کی تفسیر میں) لکھتے ہیں: أی احفظوها والزموا اصلاحها جارمع مجرور ''الزموا'' کا اسم ہے، اور اسی وجہ سے ''انفسکم'' منصوب ہے۔ اور اس کو مرفوع علی الابتداء بھی پڑھا گیا ہے۔

قوله: لا يضركم من ضل اذا اهتديتم کا مطلب یہ ہے: لا يضركم الضلال اذا كنتم مهتدين اپنی طاقت کے بقدر نہی عن المنکر یہ بھی اہتداء کا حصہ ہے جیسا کہ ماقبل حدیث میں گزرا۔

ولا يضركم'': میں ایک احتمال تو یہ ہے کہ [illegible] سے مرفوع ہو، اور اس کی تائید ایک قراءت سے بھی ہوتی [illegible] میں ''لا يضركم'' کو مجزوم علی الجواب پڑھا گیا [illegible]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضاد کے ضمہ کی اتباع کے باعث ہے۔اور ضاد کا ضمہ راء مدغمہ سے منقول ہو کر آیا ہے۔اور اس کی تائید اس قراءت سے ہوتی ہے کہ جس میں'' لا یضرکم'' فتحہ کے ساتھ اور'' لا یضرکم'' ضاد کے کسرہ وضمہ اور راء کے سکون کے ساتھ پڑھا گیا ہے،اس بناء پر کہ ضارہ یضیرہ ویضورہ سے ماخوذ ہے۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں:'' بل ائتمروا'' یہ جملہ کلام مقدر سے اضراب ہے أی:سألت عنها رسول الله ﷺ وقلت: أما نترك الأمر بالمعروف والنهی عن المنكر بناء علی ظاهر الآية؟ فقال عليه الصلوٰة والسلام:لا تتركوا بل ائتمروا بالمعروف الخ (انتهیٰ) قوله:حتی اذا رأيت شحا مطاعا وهوی متبعا و دنيا مؤثرة۔

هوی متبعا:صیغہ مفعول کے ساتھ ہے۔

دنیا:قصر کے ساتھ ہے،اور ایک نسخہ میں تنوین کے ساتھ ہے۔ الاعجاب:باب افعال کا مصدر ہے۔اس کا مطلب ہے وجدان الشیء حسنا، ورؤيته مستحسنا بحيث يصبر صاحبه به معجبا، وعن قبول كلام الغير مجتنبا، وان كان قبيحا فی نفس الأمر

قوله:ورايت امر ا لا بدلك منه:''لابد'' کو دو طرح ضبط کیا گیا ہے:✖ تمام تصحیح شدہ نسخوں اور اصول معتمدہ میں بائے موحدہ کے ضمہ اور دال مہملہ مشددہ کے ساتھ ہے۔امام طیبیؒ فرماتے ہیں:احتمال ہے کہ بائے موحدہ کے ساتھ ہو اور''لافراق لك منه'' کے معنی میں ہو۔چنانچہ مطلب یہ ہوگا کہ اگر کسی ایسی برائی کا دور دورہ ہو کہ جس کی طرف خواہش نفس کا میلان ہوتا ہے اور لوگوں کے درمیان آنے اور ان کے ساتھ رہنے کی وجہ سے جبلت طبعی کی بناء پر بے اختیار اس برائی میں مبتلا ہو جانے کا خدشہ ہو تو اس صورت میں ان لوگوں سے کنارہ کشی اختیار کر لینا لازم ہے تا کہ اس برائی کا ارتکاب نہ ہو۔ یہ معنی کتاب کے ان نسخوں کی روایت کے مطابق ہے جن میں''لابد لك''(لافراق لك منه جس کے علاوہ تمہارے لئے کوئی چارہ کار نہ ہو) کے الفاظ ہیں دوم:مراد اپنے عجز کے سبب نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دینے سے معذور رہنا ہے!یعنی اگر تم کسی ایسی برائی کو دیکھو جس سے لوگوں کو روکنے اور منع کی طاقت تم نہ رکھتے ہو اور اس وجہ سے تم نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دینے سے سکوت و اعراض کرتے ہو تو اس صورت میں تمہارے لئے یہ ضروری ہے کہ تم ایسے لوگوں سے کنارہ کشی اختیار کر لو جو اس برائی میں مبتلا ہیں۔ یہ معنی مصابیح کے ان بعض نسخوں کی روایت کے مطابق ہے جن میں لا يدلك یائے مثناۃ کے ساتھ۔(بمعنی لا طاقه لك عليه یعنی جس سے روکنے اور منع کرنے کی طاقت تمہیں حاصل نہ ہو) کے الفاظ ہیں۔(انتھیٰ)اور ''نفسك'' منصوب ہے اور بعض کا کہنا ہے کہ مرفوع ہے:ای فالواجب أو فيجب عليكم حفظها من المعاصی

عرضِ مرتب:

مذکورہ جملہ کی مراد یہ بھی ہو سکتی ہے کہ اگر تمہیں کوئی ایسا امر درپیش ہو جو تمہارے لئے نہایت ضروری ہو اور سخت اہمیت کا حامل ہو اور اس کی وجہ سے تم نہی عن المنکر کا فریضہ انجام نہ دے سکتے ہو بایں طور کہ اگر تم اپنی توجہ اور اپنے وقت کو اس فریضہ کی انجام دہی میں لگاتے ہو تو تمہارا وہ ضروری امر فوت ہو جاتا ہو تو اس صورت میں تم ان لوگوں سے کنارہ کشی اختیار کر لو جو برائیوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: ودع أمر العوام:

''اور عوام کے معاملات سے کوئی تعلق نہ رکھو''۔ کا مطلب یہ ہے کہ جب تم کچھ لوگوں کو دیکھو کہ وہ گناہ کرتے ہیں اور برائیوں میں مبتلا ہیں مگر تم طاقت وقدرت نہ رکھنے کی وجہ سے ان لوگوں کو نیکی کی تلقین کرنے اور برائی سے روکنے سے سکوت و اعراض کرنا ضروری سمجھتے ہو تو اس صورت میں تمہیں چاہئے کہ بس اپنی ذات کی اصلاح کی طرف متوجہ ہو جاؤ اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دینے کے بجائے خود اپنے آپ کو گناہوں اور برائیوں سے محفوظ رکھنے اور نیک کاموں کو اختیار کرنے میں مشغول رہو اس حکم کی بنیاد اس حقیقت پر ہے: [لایکلف الله نفسا الاوسعها] کہ اللہ تعالیٰ کسی شخص کو بس اسی قدر ذمہ دار قرار دیتا ہے، جتنی ذمہ داری اٹھانے کی وہ طاقت وقدرت رکھتا ہو۔

قوله: فمن صبر فيهن قبض على الجمر ''گویا اس نے اپنے ہاتھ میں انگارہ لے لیا ہے''۔ یہ جملہ دراصل مشقت و کلفت برداشت کرنے سے کنایہ ہے۔ یعنی اس زمانہ میں دین پر چلنا اور دنیا سے بے رغبتی رکھنا کوئی آسان کام نہیں ہوگا بلکہ یہ کام اتنا سخت اور اس قدر مصائب اور کلفتوں سے بھرپور ہوگا کہ جیسے کوئی شخص اپنے ہاتھ پر دہکتا ہوا انگارہ رکھ لے اور پھر اس کی تکلیف واذیت کو برداشت کرلے۔ امام شاطبیؒ نے اپنے اس شعر میں اسی طرف اشارہ فرمایا ہے: وهذا زمان الصبر من لك بالتي كقبض على جمر فتنجو من البلا۔

عرضِ مرتب:

حدیث کے آخری جزء سے مذکورہ صفت (یعنی دین پر عمل پیرا ہونے کی کلفت ومشقت برداشت کرنے اور اس پر صابر و شاکر رہنے) میں صحابہؓ پر آخر زمانہ کے دیندار لوگوں کی فضیلت ثابت ہوتی ہے اور اسی لئے کہا جاتا ہے کہ جزوی فضیلت، کلی فضیلت کے منافی نہیں ہوسکتی، چنانچہ ابوعمرو بن عبدالبر نے، جو مشاہیر محدثین میں سے ہیں۔ اپنی کتاب استیعاب میں اس مسئلہ پر بحث کی ہے اور لکھا ہے کہ یہ ممکن ہے اس امت میں صحابہؓ کے بعد کوئی ایسا شخص پیدا ہو جو کسی صحابیؓ کے مرتبہ جیسی فضیلت رکھتا ہو بلکہ صحابیؓ سے زیادہ فضیلت کا حامل ہو! انہوں نے اپنے اس قول کی دلیل میں ان احادیث کو پیش کیا ہے جن سے یہ بات مفہوم ہوتی ہے لیکن علماء کا مختار قول اس کے خلاف ہے تاہم واضح رہے کہ یہ اختلاف اقوال بس ان صحابہؓ کی حد تک ہے جو آنحضرت ﷺ پر ایمان لائے اور واپس اپنے وطن چلے گئے، اس سے زیادہ صحبت رسول ﷺ ان کو حاصل نہ رہی، ورنہ جہاں تک صحابہ کرامؓ کی ذات کا تعلق ہے جنہیں آنحضرت ﷺ کی طویل صحبت ورفاقت کا شرف حاصل رہا ہے اور جو شب و روز آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر رہے اور انہوں نے آثار وانوار صحبت جمع کئے ان کی ذات اس اختلاف اقوال سے ماوراء ہے کہ ان کے بارے میں کسی بھی عالم کا یہ قول نہیں ہے کہ اس امت کا کوئی بھی فرد ان صحابہؓ میں سے کسی کے رتبہ کے بقدر یا اس سے زائد فضیلت رکھتا ہے، بلکہ ہم تو جمہور علماء کے قول کے مطابق بلا استثناء تمام ہی صحابہؓ کے بارے میں یہ کہتے ہیں کہ شرف صحابیت کا مرتبہ ہر ایک صحابیؓ کو حاصل ہے خواہ وہ آنحضرت ﷺ کے دست مبارک پر ایمان لا کر اپنے وطن چلے گئے ہوں اور خواہ تمام عمر آنحضرت ﷺ کی خدمت ورفاقت میں رہے ہوں اور یہ شرف بذاتِ خود اس درجہ کا ہے کہ ان کے علاوہ کوئی بھی فرد اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مرتبہ میں ان کا شریک نہیں ہوسکتا' لہٰذا اس امت کا کوئی بڑے سے بڑا شخص بھی بلا استثناء کسی بھی صحابیؓ کے مرتبہ جیسی فضیلت نہیں رکھ سکتا! قوت القلوب میں کیا خوب لکھا ہے کہ جمال مصطفیٰ ﷺ پر پڑنے والی ایک ہی نظر سے وہ حقائق آشکارا ہو جاتے ہیں اور وہ مقام ومقصد حاصل ہو جاتا ہے جو دوسروں کو سالہا سال کے چلوں اور قرنہا قرن کی ریاضت ومجاہدہ سے بھی حاصل نہیں ہو سکتا۔ (مظاہر حق)

تخریج: اس حدیث کو ابن جریر نے، امام بغوی نے اپنی معجم میں، ابن منذر، ابن ابی حاتم، طبرانی، ابوالشیخ، ابن مردویہ، حاکم، اور بیہقی نے ''شعب الایمان'' میں عن أبی أمیة الشعبانی دریں الفاظ نقل کیا ہے:

قال: قال: أتیت أبا ثعلبة الخشنی فقلت له، کیف تصنع فی هذه الآیة؟ قال: أی آیة؟ قلت: قوله تعالیٰ: ﴿یا أیها الذین آمنوا علیکم أنفسکم﴾ [المائدۃ۔۱۰۵] **قال: أما واللّٰه لقد سألت عنها خبیرا، سئلت عنها رسول اللّٰه ﷺ الحدیث الی ان قال: فان من ورائکم أیام الصبر، الصابر فیهن مثل القابقض علی الجمر، للعامل فیهن مثل أجر خمسین رجلا، یعملون مثل عملکم** اس حدیث کو امام بغوی نے اپنی تفسیر میں اپنی سند کے ساتھ ابن المبارك، عن عتبة بن ابی حکیم بالفاظ اصل مشکوۃ **مثل عمله** نقل کیا ہے، اور اس کے بعد فرمایا، **وزاد فی غیره، قال: یا رسول اللّٰه! أجر خمسین منهم؟ قال: أجر خمسین منکم**

اسنادی حیثیت: امام ترمذی اور حاکم نے اس حدیث کو صحیح قرار دیا ہے۔

آپ ﷺ کا خطبہ' دُنیا اور عورتوں سے خبردار رہو

۵۱۴۵: وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِالْخُدْرِیِّ قَالَ قَامَ فِیْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَطِیْبًا بَعْدَ الْعَصْرِ فَلَمْ یَدَعْ شَیْئًا یَکُوْنُ اِلٰی قِیَامِ السَّاعَةِ اِلَّا ذَکَرَهٗ حَفِظَهٗ مَنْ حَفِظَهٗ وَنَسِیَهٗ مَنْ نَسِیَهٗ وَکَانَ فِیْمَا قَالَ اِنَّ الدُّنْیَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ وَاِنَّ اللّٰهَ مُسْتَخْلِفُکُمْ فِیْهَا فَنَاظِرٌ کَیْفَ تَعْمَلُوْنَ اَلَا فَاتَّقُوْا الدُّنْیَا وَاتَّقُوْا النِّسَآءَ وَذَکَرَ اَنَّ لِکُلِّ غَادِرٍ لِوَآءً یَوْمَ الْقِیٰمَةِ بِقَدْرِ غَدْرَتِهٖ فِی الدُّنْیَا وَلَا غَدْرَ اَکْبَرُ مِنْ غَدْرِ اَمِیْرِ الْعَامَّةِ یُغْرَزُ لِوَآئُهٗ عِنْدَ اِسْتِهٖ قَالَ وَلَا یَمْنَعَنَّ اَحَدَ مِّنْکُمْ هَیْبَةُ النَّاسِ اَنْ یَّقُوْلَ بِحَقٍّ اِذَا عَلِمَهٗ وَفِیْ رِوَایَةٍ اِنْ رَاٰی مُنْکَرًا اَنْ یُّغَیِّرَ فَبَکٰی اَبُوْسَعِیْدٍ وَقَالَ قَدْ رَاَیْنَاهُ فَمَنَعَتْنَا هَیْبَةُ النَّاسِ اَنْ نَتَکَلَّمَ فِیْهِ ثُمَّ قَالَ اَلَا اِنَّ بَنِیْ اٰدَمَ خُلِقُوْا عَلٰی طَبَقَاتٍ شَتّٰی فَمِنْهُمْ مَنْ یُّوْلَدُ مُؤْمِنًا وَیَحْیٰی مُؤْمِنًا وَیَمُوْتُ مُؤْمِنًا وَّمِنْهُمْ مَنْ یُّوْلَدُ کَافِرًا وَّیَحْیٰی کَافِرًا وَّیَمُوْتُ کَافِرًا وَمِنْهُمْ مَنْ یُّوْلَدُ مُؤْمِنًا وَّیَحْیٰی مُؤْمِنًا وَّیَمُوْتُ کَافِرًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ یُّوْلَدُ کَافِرًا وَّیَحْیٰی کَافِرًا وَّیَمُوْتُ مُؤْمِنًا قَالَ وَذَکَرَ الْغَضَبَ فَمِنْهُمْ مَّنْ یَّکُوْنُ سَرِیْعَ الْغَضَبِ سَرِیْعَ الْفَیْءِ فَاِحْدٰهُمَا بِالْاُخْرٰی وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّکُوْنُ بَطِیْءَ الْغَضَبِ بَطِیْءَ الْفَیْءِ فَاِحْدٰهُمَا بِالْاُخْرٰی وَخِیَارُکُمْ مَنْ یَّکُوْنُ بَطِیْءَ الْغَضَبِ سَرِیْعَ الْفَیْءِ وَشِرَارُکُمْ مَنْ یَّکُوْنُ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سَرِيْعُ الْغَضَبِ بَطِيْءُ الْفَيْءِ قَالَ اتَّقُوْا الْغَضَبَ فَإِنَّهٗ جَمْرَةٌ عَلٰى قَلْبِ ابْنِ اٰدَمَ اَلَا تَرَوْنَ اِلٰى انْتِفَاخِ اَوْدَاجِهٖ وَحُمْرَةِ عَيْنَيْهِ فَمَنْ اَحَسَّ بِشَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ فَلْيَضْطَجِعْ وَلْيَتَلَبَّدْ بِالْاَرْضِ قَالَ وَذَكَرَ الدَّيْنَ فَقَالَ مِنْكُمْ مَنْ يَكُوْنُ حَسَنَ الْقَضَآءِ وَاِذَا كَانَ لَهٗ اَفْحَشَ فِي الطَّلَبِ فَاِحْدٰهُمَا بِالْاُخْرٰى وَمِنْهُمْ مَنْ يَكُوْنُ سَيِّءَ الْقَضَآءِ وَاِنْ كَانَ لَهٗ اَجْمَلَ فِي الطَّلَبِ فَاِحْدٰهُمَا بِالْاُخْرٰى وَخِيَارُكُمْ مَنْ اِذَا كَانَ عَلَيْهِ الدَّيْنُ اَحْسَنَ الْقَضَآءَ وَاِنْ كَانَ لَهٗ اَجْمَلَ فِي الطَّلَبِ وَشِرَارُكُمْ مَنْ اِذَا كَانَ عَلَيْهِ الدَّيْنُ اَسَآءَ الْقَضَآءَ وَاِنْ كَانَ لَهٗ اَفْحَشَ فِي الطَّلَبِ حَتّٰى اِذَا كَانَتِ الشَّمْسُ عَلٰى رُؤُسِ النَّخْلِ وَاَطْرَافِ الْحِيْطَانِ فَقَالَ اَمَا اِنَّهٗ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا فِيْمَا مَضٰى مِنْهَا اِلَّا كَمَا بَقِيَ مِنْ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْمَا مَضٰى مِنْهُ۔ (رواہ الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤١٩ حديث رقم ٢١٩١ و ابن ماجه فی السنن ٢/١٣٢٥ حديث رقم ٤٠٠٠ واحمد فی المسند ٣/٦١۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے مابین عصر کے بعد خطبہ دے رہے تھے اس خطبہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت تک پیش آنے والے تمام حالات کو ذکر فرمایا اس میں کسی (ضروری) چیز کو نہیں چھوڑا ان کو جس نے یاد رکھا سو یاد رکھا اور جو بھول گیا سو بھول گیا اس موقعہ پر فرمائی گئی باتوں میں سے یہ تھی دنیا میٹھی سرسبز ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس میں نائب بنایا ہے تاکہ تمہیں آزمائے کہ تم کس طرح کام کرتے ہو خبردار! دنیا سے بچتے رہنا عورتوں سے بچنا (کہیں ان کے فتنہ میں مبتلا نہ ہو جانا) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا ہر دھوکا باز کے لئے قیامت کے دن اس کے دھوکے کی مقدار جھنڈا ہوگا' جھنڈا اس کا ہوگا جس نے خلیفہ کے ساتھ غدر کیا' سب سے زیادہ بڑا ہوگا اس کا جھنڈا اس کی شرمگاہ کے قریب گاڑا جائے گا (تاکہ اس کی مزید رسوائی ہو) اور فرمایا تم میں سے کسی کو حق بات جانتے ہوئے کہنے سے لوگوں سے مرعوب ہو کر نہ رکنا چاہیے۔ ایک روایت میں اس طرح ہے۔ اگر وہ دیکھے تو اس کو بدل یعنی روک دے یہ بات بیان کر کے ابوسعید رو پڑے اور کہنے لگے ہم لوگوں کو برائی میں دیکھتے تو لوگوں کے رعب کی وجہ سے ان کے متعلق بات کرنے سے ہم رک جاتے (ابوسعید کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا)۔ اولاد آدم مختلف طبقات میں پیدا کیے گئے ہیں ان میں سے بعض ایمان کی حالت میں پیدا ہوئے مؤمن ہی زندہ رہتے اور ایمان ہی پر ان کا خاتمہ ہوتا ہے اور ان میں سے بعض کفر کی حالت میں پیدا ہوئے اور کفر پر ہی زندہ رہتے اور ان کا خاتمہ کفر پر ہوتا ہے' راوی کہتے ہیں کہ آپ نے غصے کا ذکر فرمایا۔ ان میں سے بعض کو غصہ آتا ہے اور جلد ہی غصہ چلا جاتا ہے۔ پس ایک دوسرے کے بدلے جائے گا' ان میں سے بعض کو غصہ دیر سے آتا ہے اور دیر سے ٹھنڈا ہوتا ہے۔ پس ایک دوسرے کے ساتھ ہے اور تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جسے دیر سے غصہ آئے اور جلد چلا جائے اور تم میں سے برا شخص وہ ہے جسے جلد غصہ آئے اور دیر سے جائے فرمایا غصے سے بچو کیونکہ غصہ ابن آدم کے دل پر چنگاری ہے کیا تم نے اس کی رگوں کا پھولنا نہیں دیکھا اور اس کی آنکھوں کی سرخی نہیں دیکھی تو جو شخص غصہ محسوس کرے تو چاہیے کہ پہلو کے بل لیٹ جائے راوی کہتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے قرض کا ذکر فرمایا فرمایا تم میں سے کوئی قرض احسن طریقے سے ادا کرتا ہے مگر جب اس نے کسی سے اپنا قرض لینا ہوتا ہے تو لینے میں فحش کلامی (درشتی) کرتا ہے دونوں ایک دوسرے کے بالمقابل ہیں اور ان میں سے کوئی شخص قرض ادا کرنے میں برا ہے لیکن اگر اس نے کسی سے اپنا قرض لینا ہو تو لینے میں اچھا ہے پس یہ ایک دوسرے کے مقابل ہے اور تم میں سے بدترین شخص وہ ہے کہ جب اس پر کسی کا قرض ہو تو ادا کرنے میں برا ہو اور اپنی قرض لینے کا معاملہ ہو تو فحش گوئی کرتا ہو یہاں تک کہ سورج کھجور کے درختوں کی چوٹیوں اور دیواروں کے کناروں تک باقی رہ گیا۔ نیز آپ ﷺ نے فرمایا ہاں نہیں باقی رہا دنیا کی زندگی کا وہ وقت جو گذرے ہوئے وقت کے مقابلے میں ہے مگر جتنا آج کے دن بقیہ وقت باقی ہے گذرے ہوئے دن سے۔ (ترمذی)

تشریح: قوله: ان الدنيا حلوة خضرة: اور جامع کی روایت میں یوں ہے: أما بعد: فان الدنيا.....

حلوة، بضم الحاء ہے۔

قوله: ألا فاتقوا الدنيا واتقوا النساء: یہ ألا برائے تنبیہ ہے۔

وذكر ان لكل: "ان" کو بفتح الہمزہ اور بکسر الہمزہ دونوں طرح پڑھا جا سکتا ہے۔

غدرته: مصدر بمعنی "غدر" ہے۔

لا يمنع: بصیغہ مذکر و مؤنث ہر دو طرح درست ہے۔

أن يقول بحق: النہایہ میں لکھتے ہیں، کلام عرب میں قول، تمام افعال سے عبارت ہے، اس کا اطلاق غیر کلام پر بھی ہوتا ہے۔ چنانچہ کہا جاتا ہے: قال بيده اى أخذ وقال برجله أى مشى

وفي رواية: یعنی ایک روایت میں "أن يقول بحق" کے بجائے یہ الفاظ ہیں جو آگے آرہے ہیں: بطيئ بروزن فعیل ہے، بطئ سے ماخوذ ہے، کبھی ادغام اور کبھی ابدال بھی ہوتا ہے۔ سریع کی ضد ہے۔

قوله: حتى اذا كانت الشمس على رؤوس النخل وأطراف الحيطان:

طیبیؒ فرماتے ہیں: "حتى اذا كانت الشمس"، قام فينا خطيبا کی غایت ہے أى: قام فلم يدع شيئاً الا ذكره، حتى اذا كانت الشمس أوقعت۔

الحيطان: حائط بمعنی "جدار" کی جمع ہے۔

اذا مستقبل کیلئے ہے اور كانت فعل ماضی ہے، یہ اسلوب کلام استحضار الحال الماضية فى مشاهدة السامع کا فائدہ دے رہا ہے۔ جیسا کہ یہ آیت کریمہ: ﴿وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِي الْاَرْضِ.....﴾ [آل عمران: ۱۶۵] صاحب کشاف لکھتے ہیں: هو على حكاية الحال الماضية كقوله حين يقربون فى الأرض

قوله: فقال أما انه لم يبق من الدنيا..... :

أما: برائے تنبیہ ہے اور "انه" میں ضمیر "ضمیر شان" ہے۔

الا كما بقي: لم يبق کے فاعل سے مستثنیٰ ہے۔ أى: لم يبق شيء من الدنيا الا مثل ما بقي من يومكم هذا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: ثم قال: ألا ان بنی آدم خلقوا علی طبقات شتی۔۔۔ ویموت مؤمنا:

بنی آدم کا خصوصی طور پر ذکر فرمایا، چونکہ ملائکہ صرف خیر کیلئے پیدا کئے گئے ہیں، اور شیاطین محض شر کیلئے پیدا کئے گئے ہیں، چنانچہ اول الذکر مخلوق مظاہر جمال ہے، اور مؤخر الذکر مخلوق مظاہر جلال ہے۔ اور بنی آدم کی تخلیق وصف کمال پر ہوئی۔

ممکن ہے کہ آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد گرامی: **ان اللّٰہ خلق آدم علی صورته** کا یہی مطلب ہو، کہ اللہ جل شانہ نے آدم کو اپنی صفت کمال یعنی صفات جلالیہ وکمالیہ پر بنایا۔ اور جب ان میں یہ قابلیت کاملہ ودیعت فرمادی، تو اس امانت کے بار گراں کے متحمل ہو گئے کہ جو امانت آسمان وزمین اور پہاڑوں یعنی علویات وسفلیات پر پیش کی گئی، تو انہوں نے اس امانت کو اٹھانے سے انکار کر دیا، چونکہ ان میں استعداد نہ تھی، وہ عدم استطاعت کے باعث ڈر گئے اور انسان نے اس امانت کو اٹھالیا۔ چنانچہ حضرت انسان ایسا معجون مرکب ہے کہ جس میں نعوت ملکیہ بھی ہیں جو عنایت جمال ربانی کی موہب ہیں، اس میں صفات شیطانیہ بھی ہیں جو جلال صمدانی کے غضب کی موجب ہیں، اگر سالک ملائکہ کی طرف مائل ہو گیا، تو خیر ہوگی اور اگر شیطان کی طرف جھک گیا تو شر ہوگا۔

قوله: قال: وذکر الغضب فمنهم من یکون سریع الغضب.....:

عقلی طور پر اس کی چار ہی قسمیں بنتی ہیں، پانچویں قسم نہیں بنتی۔ اور اس میں اشارہ ہے، کہ صفات حمیدہ صفات ذمیمہ پر غالب آجائیں، ایسا نہیں ہونا چاہئے کہ صفات محمودہ بالکلیہ معدوم ہو جائیں۔ چنانچہ اس ارشاد باری تعالیٰ میں اسی طرف اشارہ ہے: ﴿والکاظمین الغیظ﴾ کہ "والعادمین" نہیں فرمایا، چونکہ اصل خلق میں تغیر وتبدل نہیں ہوتا، چنانچہ اسی وجہ سے مروی ہے: **ولو سمعتم أن جبلا زال عن مکانه فصدقوه، وان سمعتم أن رجلا غیر عن خلقه أی الاصلی فلا تصدقوه**

البتہ یہ حدیث تبدیل اخلاق کے جواز پر دلالت کرتی ہے: **اللهم اهدنی لصالح الاخلاق لا یهدی لصالحها الا أنت، وانصرف عنی سیئها لا یصرف عنی سیئها الا أنت قوله: قال اتقوا الغضب۔۔۔ولیتلبد با لأرض:** قال کے اعادہ میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ راوی کو یہ حدیث طوالت کی وجہ سے کامل طور پر یاد نہیں رہ سکی۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد، ترمذی، حاکم اور بیہقی نے حضرت ابوسعید سے کچھ تغیر وزیادت کے ساتھ نقل کیا ہے۔

"یہ دنیا بڑی شیریں اور ہری بھری ہے" کا مطلب یہ ہے کہ یہ دنیا اپنے متعلقات کے ساتھ بظاہر اس قدر لذت آمیز اور خوش نما ہے کہ محض ظاہری حالت پر ریجھنے والے لوگوں کو طبعی طور پر اس سے بہت مناسبت اور اس کی طرف میلان ہوتا ہے اور ان کی آنکھوں میں اس کی حقیقت نہایت دلکش اور سرسبز معلوم ہوتی ہے!

اہل عرب کے نزدیک جو چیز نرم ونازک ہوتی ہے اور اپنی ناپائیداری کی وجہ سے زیادہ مدت نہیں ٹھہرتی بلکہ جلد جاتی رہتی ہے اس کو وہ لوگ خضروات یعنی سبزیوں اور ترکاریوں سے مشابہت دیتے ہوئے "خضراء" کہتے ہیں۔ بہرحال حدیث کے اس جملہ میں دراصل اس حقیقت کو واضح کیا گیا ہے کہ یہ دنیا مکر وتصنع اور ظاہری حسن ولذات سے بھری ہوئی ہے کہ لوگوں کو اپنے ظاہری ٹیپ ٹاپ رکھنے والے حسن وجمال پر فریفتہ کرتی ہے اور اپنی جھوٹی لذات اور خواہشات کی طرف مائل کرتی ہے حالانکہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کی تمام تر دلکشی اور رنگینی اور خواہشات ولذات بہت جلد فنا کے گھاٹ اتر جاتی ہیں۔

قولہ: ان اللہ مستخلفکم فیھا فنا ظر کیف تعملون: اس کا پہلا مطلب یہ ہے کہ اس دنیا میں تمہیں جو مال و دولت حاصل ہے اس کے بارے میں تم اس حقیقت کو جان لو کہ اس مال و دولت کے تم حقیقی مالک نہیں ہو بلکہ حقیقی مالک اللہ تعالیٰ ہے اور تم صرف اس کے خرچ وتصرف میں خلیفہ اور وکیل کی حیثیت رکھتے ہو۔

اس کا دوسرا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں ان لوگوں کا خلیفہ قرار دیا ہے جو تم سے پہلے اس دنیا میں تھے اور ان کے اموال و جائیداد کو تمہاری سپردگی میں دے دیا ہے' لہٰذا وہ دیکھتا ہے کہ تم اپنے اموال واملاک کے بارے میں کیا طرزِ عمل اختیار کرتے ہو اور اس میں کس طرح تصرف کرتے ہو' تم گزرے ہوئے لوگوں کے احوال وانجام سے کس طرح عبرت پکڑتے ہو اور ان کے چھوڑے ہوئے اموال و جائیداد میں کس طرح تصرف کرتے ہو۔

قولہ: ألافا تقو الدنیا و اتقوا النساء: ''تم دنیا سے بچو'' کا مطلب یہ ہے کہ جب تم نے دنیا کی حقیقت جان لی کہ وہ فنا ہونے والی چیز ہے اور اس کی کسی بھی شے کو کوئی استحکام ودوام نہیں ہے تو پھر اس کے پیچھے پڑنا نہایت نازیبا اور غیر دانش مندی کی بات ہے' لہٰذا تم دنیا کو اس قدر حاصل کرنے کی خواہش وکوشش نہ کرو جو ضرورت وحاجت سے زیادہ ہو اور ضرورت وحاجت بھی وہ کہ جس سے آبرومندانہ زندگی کی بقاء دین کی مدد اور آخرت میں نفع حاصل ہو۔ ''اسی طرح عورتوں سے بچو'' کا مطلب یہ ہے کہ عورتوں کے مکر وفریب اور ان کی ناروا محبت سے اپنے آپ کو بچاؤ کہ مبادا یہ چیز مال و دولت جمع کرنے کی حرص میں مبتلا کر دے جس کی وجہ سے تم علم وعمل کی راہ سے دور ہو جاؤ۔ اور الجامع کی روایت میں زیادت بھی منقول ہے: **فان اول فتنه بنی اسرائیل کانت فی النساء۔**

قولہ: ولا غدر اکبر من عذر امیر العامة یغرزلواؤ ہ عند استه: تورپشتیؒ فرماتے ہیں: ''امیر عامہ'' سے مراد متغلب ہے یعنی وہ شخص جو مسلمانوں کے معاملات اور ان کے ملک وشہر پر غالب وحکمران ہو گیا ہو اور عام لوگوں نے ارباب حل و عقد یعنی علماء اور دانشورانِ زمانہ کی رائے ومشورہ کے بغیر اس شخص کو امیر وحاکم تسلیم کر لیا ہو اور اس کے حامی ومددگار رہوں۔

یغرز: بصیغۂ مجہول ہے۔ **ای یضب لواؤہ عند استه تحقیر اله۔**

است: اس کے شروع میں یہ ہمزہ وصلی ہے' اس کا معنی ہے **مکسورة الدبر' حلقه دبر۔**

قولہ: فبکی ابو سعید وقال۔۔۔ ان فتکلم فیه: اور حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کا رونا اس احساس کی بنا پر تھا کہ ہم نے کلمہ حق کہنے کے سلسلہ میں اس مرتبہ کو ترک کر دیا جو اولیٰ ہے اور وہ یہ کہ ہر حال میں حق بات کہی جائے خواہ اس کی پاداش میں جان ہی کیوں نہ دینی پڑے! ظاہر ہے کہ ان کا یہ احساس محض اس کے کمال ایمان اور دین کے تئیں شدت احتیاط پر مبنی تھا ورنہ حقیقت یہ ہے کہ اس مرتبہ کو ترک کرنا اسلامی تعلیمات کے قطعاً خلاف نہیں تھا بلکہ ان احادیث پر عمل کرنے کی بناء پر تھا جن سے واضح ہوتا ہے کہ اہل ایمان کے ضعف واضمحلال کے زمانہ میں اور عجز وبے بسی کی صورت میں کلمہ حق کہنے سے سکوت اختیار کرنا جائز ہے' بشرطیکہ اس کی وجہ سے جان ومال اور آبرو کی ہلاکت ونقصان کا خوف ہو! اور جہاں تک بات ہے عزیمت کی سو ان مذکورہ بالا باتوں کی پرواہ نہ چاہئے' اسی لئے آنحضرت **الجهاد کلمة حق عند سلطان جائز۔** جیسا کہ اس حدیث کو ابن ماجہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے ابوسعید سے اور محدثین کی ایک جماعت نے ابوامامہ وغیرہ سے روایت کیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ﴾ [البقرة:۲۰۷] ای یبیعها ببذلها فی الجهاد أو یأمر بالمعروف وینهی عن المنکر حتی یقتلك طلبا لرضاه لالغرض سواه۔ جب اسلام کے ابتدائی زمانہ میں اکابر صحابہ کرامؓ جیسے عظیم انسان کو جو دین کے بارے میں انتہائی سخت ومضبوط تھے اور جو یقین ومعرفت کی دولت سے پوری طرح مالا مال تھے اگر وہ اس وصف ومرتبہ کے باوجود اہل باطل جیسے یزید وحجاج سفاک وغیرہ کے خوف سے اظہار حق کی قدرت نہیں رکھتے تھے تو ہم جیسے مسلمانوں کے بارے میں کیا کہا جا سکتا ہے جو اہل ایمان کے انتہائی ضعف واضمحلال کا زمانہ پائے ہوئے ہیں جن میں باعمل علماء اور ایمانی جرأت وایثار رکھنے والے راہبر کم ہیں جو ریاکار مشائخ وصوفیاء کی کثرت رکھتے ہیں اور جن پر اکثر ظالم امراء وحکماء مسلط ہیں! لہٰذا اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ زمانہ صبر وتحمل' رضا بقضاء اور سکوت ویکسوئی اختیار کرنے اور بقدر بقاء زندگی معاشی ضروریات کے حصول پر قناعت کرنے کا ہے۔

''بعض وہ ہیں جن کو مؤمن پیدا کیا جاتا ہے'' یعنی ان کی پیدائش مؤمن ماں باپ کے یہاں یا مسلم آبادی یا شہر میں ہوتی ہے اور اس اعتبار سے ان کو مؤمن کہا جاتا ہے۔ یہ وضاحت اس لئے کی جاتی ہے کہ جب کوئی شخص پیدا ہوتا ہے تو سن تمیز کو پہنچنے سے قبل اس کی طرف ایمان کی نسبت نہیں کی جاتی' یہ اور بات ہے کہ علم الٰہی کے اعتبار سے یا اس سے آئندہ زمانہ کی حالت کے اعتبار سے اس کی طرف ایمان کی نسبت کر دی جائے۔

اسی طرح ''بعض وہ ہیں جن کو کافر پیدا کیا جاتا ہے'' سے مراد وہ لوگ ہیں جو کافر ماں باپ سے پیدا ہوتے ہیں یا جن کی پیدائش کافروں کی آبادی اور ان کے شہر میں ہوتی ہے۔ اس اعتبار سے حدیث کا یہ جملہ اس حدیث کے منافی نہیں ہے جس میں فرمایا گیا ہے: کل مولود یولد علی الفطرة کیونکہ اس ارشاد گرامی (کل مولود الخ) کی مراد یہ بتانا ہے کہ جو بھی شخص اس دنیا میں آتا ہے وہ فطری طور پر ہدایت وراستی قبول کرنے کی استعداد وصلاحیت رکھتا ہے بشرطیکہ کوئی ایسا مانع پیش نہ آئے جو اس کو گمراہی کے راستہ پر ڈال دے جیسا کہ خود اسی حدیث کے بعد کے الفاظ :فابواه یهودانه..... اس پر دلالت کرتے ہیں۔

واضح رہے کہ مذکورہ بالا ارشادِ گرامی میں لوگوں کی جو قسمیں بیان کی گئی ہیں وہ غالب واکثریت کے اعتبار سے ہیں' ورنہ بعض لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو مؤمن پیدا ہوتے ہیں' کفر کی حالت پر زندگی گزارتے ہیں' لیکن ان کا خاتمہ ایمان ہی کی حالت پر ہوتا ہے' اسی طرح بعض وہ ہیں جو کافر پیدا ہوتے ہیں' ایمان کی حالت پر زندگی گزارتے ہیں لیکن ان کا خاتمہ کفر کی حالت پر ہوتا ہے۔

www.KitaboSunnat.com

نعوذ باللہ من ذلك ہوسکتا ہے کہ یہ دونوں قسمیں اس لئے ذکر نہ فرمائی گئی ہوں کہ یہاں حقیقی مقصد اس بات کو واضح کرنا ہے کہ ہدایت وگمراہی میں اصل اعتبار خاتمہ کی حالت کا ہے' اور یہ بات مذکورہ قسمیں بیان کرنے سے بھی اجمالی طور پر سمجھ میں آجاتی ہے۔

قوله: فمن احسن شیئی من ذلك فلیضطجع و لیتلبد بالارض: ''پہلو پر لیٹ جائے اور زمین سے چمٹ جائے'' غصہ آنے کے وقت اس حالت کو اختیار کرنے کا حکم اس لئے دیا گیا ہے کہ یہ حالت نفسیاتی طور پر غصہ کو فرو کرنے کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بہترین ذریعہ ہے' کیونکہ غصہ کے وقت زمین سے لگ کر پہلو پر لیٹ جانا فوری طور پر یہ احساس پیدا کرتا ہے کہ جب میری حقیقت بس اتنی ہے کہ میں مٹی سے پیدا ہوا اور آخر کار مٹی ہی میں مل جاؤں گا تو مجھ کو تکبر نہ کرنا چاہئے بلکہ تحمل اور انکساری کی راہ اختیار کرنی چاہئے۔

معذور بنا لینے میں ہلاکت کا خطرہ

۵۱۴۶: وَعَنْ اَبِی الْبَخْتَرِیِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَنْ یَّهْلِكَ النَّاسُ حَتّٰی یُعْذِرُوْا مِنْ اَنْفُسِهِمْ۔ (رواہ ابوداؤد)

أخرجه ابوداؤد فی السنن ٤/ ٥١٥ حدیث رقم ٤٣٤٧، واحمد فی المسند ٤/ ٢١٠۔

ترجمہ: حضرت ابوالبختری نے ایک صحابی سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ لوگوں کو ہرگز ہلاک نہیں کیا جائے گا یہاں تک کہ وہ اپنے آپ کو معذور بنالیں۔ (ابوداؤد)

تشریح: لن یهلك: پہلے فتحہ اور پھر کسرہ ہے۔

"یعذروا": یاء کے پیش' عین کے جزم اور ذال کے زیر اور زبر کے ساتھ ہے "اعذار" سے مشتق ہے اور ایک نسخہ میں یاء کے زبر اور ذال کے زیر کے ساتھ ہے قاضیؒ نے لکھا ہے کہ یہ اَعذر فلان سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے کثر ذنبه بہت گناہ گار ہونا۔ اس طرح قاموس میں لکھا ہے کہ اعذر فلان ای کثرت ذنوبه وعیوبه (یعنی جب اہل عرب یہ کہتے ہیں کہ "اعزر فلان" یعنی فلاں شخص نے اعذار کیا تو اس کے معنی یہ ہوتے ہیں کہ اس شخص سے بکثرت گناہ اور عیوب صادر ہوئے۔) مفہوم کے اعتبار سے حدیث نے اس جملہ میں اعذار کا لفظ گویا سلب عذر کے معنی میں استعمال ہوا ہے یعنی جب کسی شخص کے گناہ اور عیوب بکثرت ہو جائیں تو پھر اس پر حق تعالیٰ کے عذاب کے نازل ہونے اور لوگوں کی طرف سے ان کو ان گناہ وعیوب سے روکنے اور منع کرنے میں کوئی عذر حائل نہیں رہ جاتا' لہٰذا اس شخص نے اپنے گناہوں اور عیوب کی کثرت کے سبب گویا اس عذر کو ختم کر دیا جو اس کو عذاب الٰہی سے محفوظ رکھتا ہے۔

یا یہ "اعذر" بمعنی صار ذا عذر سے ماخوذ ہے۔ "صاحب عذر ہونا" کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے اور یہ معنی بھی حدیث کے مفہوم سے مطابقت رکھتے ہیں۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ لوگ اس وقت تک ہلاکت و بربادی میں مبتلا نہیں ہوں گے جب تک کہ وہ اپنے اور اپنی برائیوں کے بارے میں دور دراز کی تاویلیں اور ناروا عذر و معذرت کرنے کا رویہ اختیار نہ کریں۔ امام طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ معنی امر بالمعروف ونہی عن المنکر کے باب کے زیادہ مناسب ہیں گویا کہ ناہی اس کے گناہ پر نکیر کر رہا ہے اور وہ گناہ سے تبری کر رہا ہے اور اپنے لئے اور اقدام کے لئے عذر خواہی کر رہا ہے۔ اور ابن الملکؒ فرماتے ہیں کہ یہ لفظ "اعذر الرجل" بمعنی "صار ذا ذنب کثیر" سے ماخوذ ہے۔ اور "من" بیانیہ ہے۔ ای تکثر ذنوب أنفسهم لا ذنوب غیر هم۔ یہ بصیغۂ مجہول بھی مروی ہے' جو "اعذرہ" بمعنی "سلب عذرہ" سے ماخوذ ہے ای حتی یجعلهم الله بحیث لا اور یاء کے فتحہ کے ساتھ بھی مروی ہے۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا: حتی یعذروا نفسهم بتأویلات زائغة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وأعذار باطلة

بعض روایتوں میں یہ لفظ یعذروا (یاء کے زبر کے ساتھ) منقول ہے جس کا مادہ اشتقاق عذر (عین کے زبر کے ساتھ) ہے اور یا یہ أعذر غیرہ بمعنی جعلہ معذورا سے ماخوذ ہے اس کے معنی ہیں معذور رکھنا! اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ لوگ اس وقت تک ہلاکت وتباہی میں مبتلا نہیں ہوں گے جب تک کہ وہ لوگوں کو اس طرح معذور ومجبور نہ کر دیں کہ وہ ان کو کثرت گناہ اور برائیوں میں مبتلا دیکھ کر ان کو ان گناہوں اور برائیوں سے نہ روک سکیں اور نہ ان پر ملامت کر سکیں۔

عرضِ مرتب:

بہر حال تینوں صورتوں میں حدیث کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو دنیا کے مصائب وآفات اور ہلاکت وتباہی میں صرف اسی وقت مبتلا کرتا ہے جب کہ وہ گناہوں اور خلاف شرع امور کے ارتکاب میں منہمک ہو جاتے ہیں' احکام الٰہی کی نافرمانی کثرت سے کرنے لگتے ہیں' اور جب خدا کے نیک بندے ان کو گناہوں اور برائیوں سے روکتے ہیں تو ان کا کوئی اثر قبول نہیں کرتے بلکہ نہایت بے حسی اور لاپرواہی کے ساتھ اپنی اختیار کی ہوئی راہ پر چلتے رہتے ہیں۔ (مظاہر حق)

تخریج: اس حدیث کو امام احمد نے اپنی مسند میں اسناد حسن کے ساتھ روایت کیا ہے۔

خاص لوگوں کی وجہ سے عام کو عذاب نہیں دیا جاتا

۵۱۴۷: وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ عَدِيٍّ الْكِنْدِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا مَوْلًى لَنَا اَنَّهٗ سَمِعَ جَدِّيْ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَا يُعَذِّبُ الْعَامَّةَ بِعَمَلِ الْخَاصَّةِ حَتّٰى يَرَوُا الْمُنْكَرَ بَيْنَ ظَهْرَانِيْهِمْ وَهُمْ قَادِرُوْنَ عَلٰى اَنْ يُّنْكِرُوْهُ فَلَا يُنْكِرُوْا فَاِذَا فَعَلُوْا ذٰلِكَ عَذَّبَ اللّٰهُ الْعَامَّةَ وَالْخَاصَّةَ۔

(رواه فی شرح السنة)

أخرجه البغوی فی شرح السنة ۱۴/۳۴۶، حدیث رقم ۴۱۵۵ و مالك فی الموطأ ۲/۹۹۱ حدیث رقم ۲۳ من باب ماجاء فی عذاب العامة بعمل الخاصة، واحمد فی المسند ۴/۱۹۴۔

ترجمہ: حضرت عدی بن عدی کندی کہتے ہیں کہ ہمیں ہمارے ایک مولیٰ نے حدیث بیان کی اس نے میرے دادا سے سنا وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ فرماتے تھے کہ اللہ تعالیٰ خاص لوگوں کے عمل کی وجہ سے عام لوگوں کو عذاب نہیں دیتا یہاں تک کہ وہ اپنے درمیان برے اعمال ہوتے ہوئے دیکھیں اور وہ ان برے کاموں کے روکنے پر قادر ہوں اور نہ روکیں تو جب صورت حال یہ ہو تو اللہ تعالیٰ عام اور خاص سب کو اکٹھا عذاب میں مبتلا فرما دیتا ہے۔ (شرح السنۃ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

راویٔ حدیث:

عدی بن عدی۔ نام عدی۔ عدی کے بیٹے ہیں۔ ''بنوکندہ'' میں سے ہیں۔ اپنے والد ''عدی'' اور ''رجاء بن حیوہ'' سے روایت کی۔ ان سے عیسیٰ بن عاصم وغیرہ روایت کرتے ہیں۔ مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے والد کے حالات ذکر نہیں فرمائے۔

تشریح: قولہ: وھم قادرون علی ان ینکروہ: یہ جملہ حالیہ معترضہ ہے۔

فلا ینکروا: کا عطف ''یروا المنکر'' پر ہے۔

قولہ: فاذا فعلوا ذلك عذب الله العامة والخاصة: ذلك کا مشار الیه ما ذکر من سکوتهم عن المنکر مع قدرة الأکثر ہے۔

حدیث کا حاصل یہ ہے کہ قوم کے ان بعض افراد کو تو ان کی بدعملیوں اور احکامِ خداوندی کی نافرمانیوں کی وجہ سے عذاب میں مبتلا کیا جاتا ہے اور باقی افراد کو اس لئے عذاب میں مبتلا کیا جاتا ہے کہ انہوں نے قدرت وطاقت کے باوجود ان بعض افراد کو بدعملیوں سے باز کیوں نہیں رکھا اور برائیوں کو مٹانے کا فریضہ انجام کیوں نہیں دیا۔

جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے ﴿واتقوا فتنة لا تصيبن الذين ظلموا منكم خاصة﴾ [الانفال۔ ۲۵]

ظلم کو روکو ورنہ عذاب عام ہو جائے گا

۵۱۴۸: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا وَقَعَتْ بَنُوْا اِسْرَائِيْلَ فِي الْمَعَاصِيْ نَهَتْهُمْ عُلَمَآؤُهُمْ فَلَمْ يَنْتَهُوْا فَجَالَسُوْهُمْ فِيْ مَجَالِسِهِمْ وَاٰكَلُوْهُمْ وَشَارَبُوْهُمْ فَضَرَبَ اللّٰهُ قُلُوْبَ بَعْضِهِمْ بِبَعْضٍ فَلَعَنَهُمْ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ قَالَ فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَكَانَ مُتَّكِئًا فَقَالَ لَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ حَتّٰى تَاطِرُوْهُمْ اَطْرًا (رواه الترمذی وابوداؤد وفی روایته) قَالَ كَلَّا وَاللّٰهِ لَتَاْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ وَلَتَاْخُذُنَّ عَلٰى يَدَيِ الظَّالِمِ وَلَتَاطِرُنَّهٗ عَلَى الْحَقِّ اِطْرًا وَلَتَقْصُرُنَّهٗ عَلَى الْحَقِّ قَصْرًا اَوْ لَيَضْرِبَنَّ اللّٰهُ بِقُلُوْبِ بَعْضِكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ثُمَّ لَيَلْعَنَنَّكُمْ كَمَا لَعَنَهُمْ۔

أخرجه ابوداؤد فی ٤/٥١٩ حديث رقم ٤٣٣٧، والترمذی فی السنن ٥/٢٣٥ حديث رقم ٣٠٤٧ و ابن ماجه فی السنن ٢/١٣٢٧ حديث رقم ٤٠٠٦ واحمد فی المسند ١/٣٩١۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بنی اسرائیل گناہوں میں پڑ گئے اُن کے علماء نے انہیں روکا تو وہ نہیں رکے تو ان کے علماء نے ان کی مجلسوں میں بیٹھنا شروع کر دیا اور وہ ان (برے لوگوں کے) ساتھ کھاتے پیتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے بعض کے دلوں کو بعض سے ملا دیا حضرت داؤد حضرت عیسیٰ ابن مریم سے ان پر لعنت فرمائی یہ اس وجہ سے تھا کہ انہوں نے نافرمانی کی اور حد سے تجاوز کرتے تھے راوی نے کہا کہ رسول

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ ﷺ بیٹھے تھے اس حال میں کہ آپ ٹیک لگائے ہوئے تھے تو آپ نے فرمایا قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے یہاں تک کہ تم ان کو ظلم کرنے سے پوری طرح روک لو۔ اور ایک روایت میں ہے فرمایا ہرگز نہیں خدا کی قسم! تم ضرور بالضرور نیکی کا حکم دو اور فرمایا ضرور بالضرور برائی سے روکو اور البتہ ضرور بالضرور تم ظالم کا ہاتھ پکڑو اور ضرور بالضرور اسے حق کی طرف کھینچ لو اور اسے تم حق پر قائم رہنے پر مجبور کر دو ورنہ اللہ تعالیٰ تم سے بعض کے دلوں کو بعض سے ملا دے گا۔ پھر وہ ضرور بالضرور تم پر لعنت کرے گا جیسا کہ اس نے دوسروں پر لعنت کی تھی۔ (ابوداؤد)

تشریح: قوله: لما وقعت بنو اسرائيل --- وشارلوهم:

فجالسوا، آكلوا 'شاربوا: یہ تینوں فعل باب مفاعلہ سے ہیں، اور باب مفاعلہ میں یہاں مشارکت کا خاصہ ہے۔

قوله ضرب الله قلوب بعضهم ببعض:

امام راغبؒ فرماتے ہیں: يقال: ضرب اللبن بعضه ببعضه اى خلطه

قوله: فلعنهم على لسان دادو--- وكانوا يعتدون: اس میں تغلیب ہے، جیسا کہ اس ارشاد باری تعالیٰ میں:

﴿لعن الذين كفروا من بنى اسرائيل﴾

بما عصوا: یہ باء سببیہ ہے۔ أى بسبب عصيانهم

قوله: فقال لا والذى نفسى بيده حتى تأطر وهم أطرا: لا: یہاں اس کے بعد مختلف فعل مقدر مانے جا سکتے ہیں: مثلاً تعذرون' تنجون

تأطروهم: ہمزہ ساکن ہے، الف سے بھی بدلا جا سکتا ہے، اور طاء مکسورہ ہے۔

أطراً: ہمزہ مفتوح ہے۔ مفعول مطلق ہے اور برائے تاکید لایا گیا ہے۔ أى حتى تمنعوا أمثالكم الخ ایک شارح نے لکھا ہے: ''أطر'' کے معنی ہیں الامالة والتحريف من جانب الى جانب أى حتى تمنعوا الظلمة والفقة عن الظلم والفسق وتميلوهم عن البطل الى الحق

الفائق میں لکھتے ہیں: حتى، لا کے متعلق ہے، بایں طور کہ گویا کسی قائل نے بنی اسرائیل کے مظالم کا سن کر یوں کہا: هل يعذر فى تخلية الظالمين وشأنهم؟ فقال: لا' حتى تأطروهم الخ قسم کو'' لا ''اور''حتى'' کے درمیان ذکر فرمانا، یہ قسم وہ نہیں ہے کہ جس کے بدلے میں مقسم کو ذکر کیا جائے تاکید کی قسم کیلئے۔

قوله: وفى روايته قال: كلا والله الخ:

وفى روايته: یہ ضمیر'' ابى داؤد'' کی طرف راجع ہے۔ اور ایک نسخہ میں'' وفى رواية '' ہے۔ أى لأبى داود على ما هو الظاهر، ويحتمل الترمذى أو لهما أو لغير هما

على يدى الظالم: تثنیہ کا صیغہ مبالغہ کیلئے لایا گیا ہے، اور ایک نسخہ میں بصیغہ مفرد ہے، چنانچہ یا تو جنس مراد ہے یا ایک پر اکتفاء مقصود ہے۔

تقصرنه: صاد کے ضمہ کے ساتھ ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لیضربن اللّٰہ بقلوب: باء زائدہ تعدیہ کی تاکید کیلئے ہے۔جیسا کہ ماقبل میں گزرا کہ یہ (یعنی ضرب) براہ راست متعدی ہوتا ہے۔

ابن الملکؒ فرماتے ہیں کہ لفظ ببعض میں حرف باء سببیت کے لئے ہے' اس صورت میں مذکورہ جملہ کے معنی یہ ہوں گے کہ اللہ تعالیٰ نے گناہگاروں کی نحوست کے سبب سے ان لوگوں کے دل بھی سیاہ کر دیئے جنہوں نے گناہ کا ارتکاب نہیں کیا تھا لہٰذا وہ سب کے سب سخت دل ہو گئے حق وراستی کی راہ قبول واختیار کرنے کی استعداد وصلاحیت ان سب میں سے ختم ہو گئی اور ان میں کا ہر ایک شخص خیر ورحمت سے دور ہو گیا' اور یہ اس لئے ہوا کہ ان میں سے جن لوگوں نے گناہ اور برائی کی راہ اختیار کی تھی ان کو تو اپنے گناہوں کی سزا ملی' اور جنہوں نے گناہ نہیں کئے تھے ان کو اس لئے مبتلا کیا گیا کہ گناہگاروں کے ساتھ خلط ملط رکھا اور ان کے بارے میں سکوت ومداہنت کا رویہ اختیار کیا۔(انتھیٰ)

عمل سے دُور خطباء کا بدلہ

۵۱۴۹: وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَيْتُ لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِىْ رِجَالاً تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِمَقَارِيْضَ مِنْ نَارٍ قُلْتُ مَنْ هٰؤُلَاءِ يَا جِبْرَئِيْلُ قَالَ هٰؤُلَاءِ خُطَبَآءُ مِنْ اُمَّتِكَ يَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَيَنْسَوْنَ اَنْفُسَهُمْ (رواه فى شرح السنة والبيهقى فى شعب الايمان وفى رواية) قَالَ خُطَبَآءُ مِنْ اُمَّتِكَ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ وَيَقْرَؤُنَ كِتَابَ اللّٰهِ وَلَا يَعْمَلُوْنَ

أخرجه البغوى فى شرح السنة ٣٥٣/١٤ حديث رقم ٤١٥٩، والبيهقى فى شعب الايمان ٢٨٣/٢ حديث رقم ١٧٧٣، واحمد فى المسند ١٢٠/٣۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے شب معراج کچھ لوگوں کو دیکھا کہ ان کے ہونٹ آگ کی قینچیوں سے کترے جا رہے ہیں میں نے پوچھا کہ جبرئیل! یہ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے کہا کہ یہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت کے وہ علماء وواعظ اور مشائخ ہیں جو لوگوں کو تو نیکی کی تلقین کرتے تھے مگر خود اپنی ذات کو فراموش کر دیتے اس روایت کو بغوی نے شرح السنۃ میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے اور بیہقیؒ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام نے جواب دیا: یہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے وہ واعظ وخطیب ہیں جو اس چیز کو کہتے تھے جس کو خود نہیں کرتے تھے جو کتاب اللہ کو پڑھتے تھے لیکن اس پر عمل نہیں کرتے تھے۔(شرح السنہ، بیہقی)

تشریح: قوله: رأيت ليلة أسرى بى رجا لاتقرض شفا هم بمقاريض من نار:

ليلة أسرى بى: ''ليلة'' کی اضافت ہے مابعد کی طرف' اور'' أسرى'' فعل مجہول کا صیغہ ہے۔اور ایک نسخہ میں ''ليلة'' منصوب ہے مفعول فیہ ہونے کی وجہ سے۔أى أبصرت ليلة أسرى بى فيها

رجالا تقرض: فعل مجہول کا صیغہ ہے۔

شفاههم: فاء کے کسرہ کے ساتھ' جمع شفهة، بالفتح وبكسر اس کا لام کلمہ ھا' جیسا کہ اس کی جمع اس پر دلالت کر رہی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقاریض: مقراض ،کی جمع ہے۔مقراض،میم کے کسرہ کے ساتھ یہ کترنے کا معروف آلہ ہے۔من نار :(جار مجرور کا متعلق محذوف ہے۔)ای مخلوقة من نار۔

قوله:من هؤلاء يا جبريل؟ قال :هؤ لاء خطبا من أمتك:

هؤلاء :اس کا مشارالیہ محذوف ہے۔ أی هؤلاء الرجال۔

خطباء من أمتك:"من" بیانیہ ہے۔اورایک نسخہ میں" خطباء أمتك" کے الفاظ ہیں۔

قوله:رواه فی شرح السنة والبيهقی فی شعب الايمان:

والبيهقی:اس کا عطف فاعل مقدر (البغوی) پر ہے۔

من أمتك:"من" بیانیہ ہے۔

الذين يقولون الخ یہ خطباء سے بدل ہے۔اور یہ بھی ممکن ہے صفت ہو چونکہ اس میں کوئی توقیت نہیں ہے۔ برعکس شاعر کے اس قول کے:ولقد أمر علی اللئيم يسبنی اور یہ بھی ممکن ہے کہ منصوب علی الذم ہو، یہ صورت اوجہ ہے۔ (ذکرہ الطیبی)

اس میں کلام ہے وہ یہ کہ اہل عربیت کا اتفاق ہے کہ اس جیسی تراکیب میں بدل بنانا، بنسبت دوسرے احتمالات کے اوجہ ہے۔جیسا کہ استاذہ اور بسملہ کے بارے میں تحقیق گذری ہے۔اوران آیات میں بھی یہی صورت ہے:﴿الحمد لله رب العلمين﴾ [الفاتحة۔۲،غافر۔٦٥] ﴿فيه هدى للمتقين الذين يؤمنون﴾ [البقرة۔۲۔۳] ﴿وما يضل به الا الفاسقين الذين ينقضون﴾ [البقرة۔۲٦۔۲۷] اور نبی کریمؐ کا یہ ارشادگرامی: بنی الاسلام علی خمس شهادة أن لا اله الا الله

اورجیسا کہ حضورﷺ نے ارشادفرمایا:ويل للجاهل مرة وويل للعالم سبع مرات "جاہل کے لئے ایک بارخرابی ہے اور (بے عمل) عالم کے لئے سات بارخرابی ہے" اورایک حدیث مشہور میں یوں فرمایا گیا ہے:

اشد الناس عذابا يوم القيامة عالم لم ينفعه الله بعلمه

"قیامت کے دن لوگوں میں سب سے سخت عذاب کا مستوجب وہ عالم ہوگا جس کو اللہ نے علم سے فائدہ نہیں پہنچایا ہوگا"۔

قوله:هؤلاء خطباء أمتك يأمرون الناس بالبر وينسون أنفسهم:

محل انکار دوسرا جملہ (ينسون أنفسهم) ہے، پہلا جملہ ان کے اقوال وافعال کی شناعت کا بیان ہے،اورتوبیخ ہے کہ ان کا علم مقرون بترک العمل ہے، یہ سزا بے عمل علماء وواعظین اور مشائخ کو ان کی بے عملی کی وجہ سے ملے گی۔جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:﴿أتأمرون الناس بالبر وتنسون أنفسكم وأنتم تتلون الكتاب أفلا تعقلون﴾[البقرة۔٤٤] أی سوء صنيعكم "کیا تم لوگوں کو نیکی کی تلقین کرتے ہواور خود کو بھول جاتے ہو"۔اور دوسری جگہ یوں ارشادفرمایا:﴿كبر مقتا عند الله ان تقولوا ما لا تفعلون﴾ [الصف۔۳]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خیانت کا نتیجہ

۵۱۵۰: وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُنْزِلَتِ الْمَآئِدَةُ مِنَ السَّمَآءِ خُبْزًا وَلَحْمًا وَّاُمِرُوْا اَنْ لَا يَخُوْنُوْا وَلَا يَدَّخِرُوْا لِغَدٍ فَخَانُوْا وَادَّخَرُوْا وَرَفَعُوْا لِغَدٍ فَمُسِخُوْا قِرَدَةً وَّخَنَازِيْرَ۔

(رواه الترمذی)

أخرجه الترمذی فی السنن ۵/۲۴۲ حدیث رقم ۳۰۶۱۔

ترجمہ: حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ آسمان سے روٹی اور گوشت والا دستر خوان اتارا گیا اور حکم دیا گیا کہ نہ خیانت کرنا اور نہ ہی کل کے لئے جمع کرنا تو انہوں نے خیانت بھی کی اور کل کے لئے ذخیرہ بھی کیا اور انہوں نے اٹھایا پس وہ بندروں اور سوروں کی شکلوں میں تبدیل کر دیئے جائیں گے۔ (ترمذی)

تشریح: قولہ: انزلت المائدۃ من السماء خبزا ولحفا:

المائدۃ: امام راغبؒ فرماتے ہیں: ''مائدہ'' اس ''طبق'' کو کہتے ہیں جس پر کھانا رکھا جائے، ان میں سے ہر ایک کو مائدہ کہا جاتا ہے۔ یعنی حقیقت مشترکہ کے باعث، یا ان میں سے ایک کو باعتبار مجاورت کے مجازاً یا بذکر المحل وارادۃ الحال کے باعث۔

خبزا و لحما: تمیز ہے۔

ولا یدخروا: دال مہملہ مشددہ کے ساتھ ہے، یہ اصل میں باب افتعال سے ہے، ذخیرۃ سے ماخوذ ہے۔ تخیۃ۔ ''لا یدخروا'' میں ذال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کیا ہے۔

قولہ: وادخروا ورفعوا الغد: یہ کلام ماقبل کیلئے تفسیر ہے۔

قولہ: فمسخوا قردۃ وخنازیر: یہ دونوں اسم مفعول ثانی ہونے کے باعث منصوب ہیں۔ قاموس سے یہی مستفاد ہوتا ہے، چنانچہ وہ لکھتے ہیں: مسخہ کمنعہ حول صورتہ الی أخری ومسخہ اللّٰہ قردا فھو مسخ ومسیخ امام طیبیؒ فرماتے ہیں: یہ دونوں حال مقدرہ ہیں جیسا کہ اللہ جل شانہ کے اس فرمان میں ہے: ﴿وتنحتون من الجبال بیوتا﴾ [الشعراء۔۱۴۹] اھ۔ بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے جو لوگ بوڑھے تھے ان کو تو بندروں کی صورت میں تبدیل کر دیا گیا اور جو لوگ جوان تھے ان کی صورتوں کو سوروں جیسی بنا دیا۔

الفصل الثالث:

اُمت کے لوگوں کو حکمرانوں کی طرف سے ملنے والی آفتیں

۵۱۵۱: وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهٗ تُصِيْبُ اُمَّتِيْ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ مِنْ سُلْطَانِهِمْ شَدَآئِدُ لَا يَنْجُوْا مِنْهُ اِلَّا رَجُلٌ عَرَفَ دِيْنَ اللّٰهِ فَجَاهَدَ عَلَيْهِ بِلِسَانِهٖ وَيَدِهٖ وَقَلْبِهٖ فَذٰلِكَ الَّذِيْ سَبَقَتْ لَهُ النَّوَابِقُ وَرَجُلٌ عَرَفَ دِيْنَ اللّٰهِ فَصَدَّقَ بِهٖ وَرَجُلٌ عَرَفَ دِيْنَ اللّٰهِ فَسَكَتَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِ فَإِنْ رَاٰى مَنْ يَّعْمَلُ الْخَيْرَ اَحَبَّهٗ عَلَيْهِ وَاِنْ رَاٰى مَنْ يَّعْمَلُ بِبَاطِلٍ اَبْغَضَهٗ عَلَيْهِ فَذٰلِكَ يَنْجُوْا عَلٰى اِبْطَانِهٖ كُلِّهٖ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/٩٥ حديث رقم ٧٥٨٧۔

ترجمہ: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ میری امت کا آخری زمانے میں ان کے حکمرانوں کی طرف سے سخت تکالیف پہنچیں گی اور ان سے نجات وہی شخص پائے گا جس کو اللہ تعالیٰ نے دین کی پہچان دی ہوگی پس وہ دین کی خاطر اپنے دل اپنے ہاتھ اور اپنی زبان سے جہاد کرے گا یہ وہ شخص ہوگا جو مکمل طور پر آگے بڑھ جانے والا ہوگا اور دوسرے نمبر پر وہ آدمی ہوگا جس نے اللہ کے دین کو پہچانا اور اس کی تصدیق کی اور تیسرے نمبر پر وہ آدمی جس نے اللہ کے دین کو پہچانا اور اس پر خاموشی اختیار کی اگر اس نے کسی کو نیک عمل کرتے دیکھا تو اس سے محبت کرنے لگا اور اگر کسی برائی کرنے والے کو دیکھا تو اس سے نفرت کرنے لگا یہ اپنی باطنی حالت کی وجہ سے نجات پا جائیں گے۔ (بیہقی)

تشریح: انه: یہ ضمیر شان ہے۔

سلطان: سے مراد جنس بھی ہو سکتی ہے اور کوئی خاص شخص بھی مراد ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ یزید اور حجاج اور ان جیسے لوگ۔

لا ینجوا: یہ جملہ مستانفہ بیانیہ ہے، یا حال ہے۔

منه: سے سلطان اور اس کے شدائد و مظالم مراد ہیں، چونکہ وہ دونوں ایک ہی حکم میں ہیں، لہٰذا صیغہ مفرد کے ساتھ تعبیر کرنا درست ہے۔ اور امام طیبیؒ فرماتے ہیں: منه کی ضمیر سلطان کی طرف لوٹ رہی ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ اسم اشارہ کی جگہ واقع ہوئی ہو۔ یا شدائد کی طرف راجع ہے، باعتبار مذکور کے۔

یا باعتبار منکر کے "اور منکر" سے مراد "شدائد" ہیں، اور لا ینجوا پہلے احتمال کی تقدیر پر جملہ مستانفہ ہے، اور دوسرے احتمال کی بناء پر شدائد کی صفت ہے۔ اھ۔

برائی پر نفرت کا اظہار ضروری ہے

٥١٥٢: وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْحَى اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اِلٰى جِبْرَئِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنِ اقْلِبْ مَدِيْنَةَ كَذَا وَكَذَا بِاَهْلِهَا فَقَالَ يَارَبِّ اِنَّ فِيْهِمْ عَبْدُكَ فُلَانًا لَمْ يَعْصِكَ طَرْفَةَ عَيْنٍ قَالَ فَقَالَ اقْلِبْهَا عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ فَاِنَّ وَجْهَهٗ لَمْ يَتَمَعَّرْ فِيَّ سَاعَةً قَطُّ۔

أخرجه البيهقي في شعب الايمان ٦/٩٧ حديث رقم ٧٥٩٥۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو حکم دیا کہ فلاں فلاں بستی کو اُلٹا دو۔ انہوں نے عرض کی اے میرے رب ان میں تو تیرا فلاں بندہ بھی ہے جس نے ایک پل کے لئے بھی تیری نافرمانی نہیں کی اللہ تعالیٰ نے فرمایا اس پر بھی سب پر پلٹ دو اس لیے کہ ان کا چہرہ کبھی کسی برائی کو دیکھ ایک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لمحہ کے لئے بھی متغیر نہیں ہوا۔ (بیہقی)

تشریح: باهلها: یہ ''باء'' مصاحبت کیلئے ہے۔ **أی مصحوبة معهم**

أن قلب: امام طیبیؒ فرماتے ہیں: ''أن'' مفسرہ ہے ''اوحی'' میں قول کے معنی ہیں۔ اھ۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ ''أن'' مصدریہ ہو اور باء مقدر ہو اور ''اقلب'' میں ہمزہ وصلی اور لام مکسور ہے۔

فی: فاء پر کسرہ ہے اور یا مشدد ہے، یہ ''فی'' تعلیلیہ بھی ہوسکتا ہے **أی فی حقی ولا جلی۔**

عرضِ مرتب:

اس حدیث قدسی کا حاصل تھا کہ بے شک اس بندے نے کبھی بھی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہیں کی اور وہ ایک لمحہ بھی برائی کی راہ پر نہ چلا مگر اس کا یہ جرم ہی کیا کم ہے کہ لوگ اس کے سامنے گناہ کرتے رہے اور وہ اطمینان کے ساتھ ان کو دیکھتا رہا برائی پھیلتی رہی اور لوگ خدا کی نافرمانی کرتے رہے مگر ان برائیوں اور نافرمانی کرنے والوں کو دیکھ کر اس کے چہرہ پر کبھی بھی اس طرح کے آثار پیدا نہیں ہوئے جن سے یہ معلوم ہو کہ اس کے دل میں برائیوں کے خلاف غیظ وغضب اور نفرت وعداوت کا کوئی جذبہ ہے لہٰذا شہر کے اور باشندوں کے ساتھ وہ شخص بھی ہلاکت وبربادی کا مستوجب ہے۔ **قوله: اقلبها علیه وعلیهم فان وجهه لم یتمعر فی ساعة قط:** اس شخص کا ذکر مقدم کرنا اور بستی والوں کو مؤخر کرنا درحقیقت اس شخص کے بارے میں سخت وعید کا اعلان ہے اور ''ایک ساعت'' کے الفاظ اس طرف اشارہ کرتے ہیں کہ اگر وہ شخص اپنی پوری زندگی میں ایک مرتبہ بھی اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لئے برائیوں کے خلاف غصہ ونفرت کا اظہار کر دیتا تو اس کی زندگی کے باقی حصے میں اس کی اس تقصیر سے درگزر کیا جاتا۔

قوله: فقال: یا رب: ان فیهم عبدك فلانا لم یعصك طرفة عین:

یہ جملہ حفاظت اولیاء پر دلالت کرتا ہے۔

اُمیدِ رحمت

۵۱۵۳: وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يَسْأَلُ الْعَبْدَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَقُوْلُ مَالَكَ اِذَا رَاَيْتَ الْمُنْكَرَ فَلَمْ تُنْكِرْهُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُلْقٰى حُجَّتَهٗ فَيَقُوْلُ يَارَبِّ خِفْتُ النَّاسَ وَرَجَوْتُكَ۔

(رواه البيهقی الاحاديث الثلاثة فی شعب الايمان)

أخرجه ابن ماجه فی السنن ۱۳۳۲/۲، حديث رقم ٤٠١٧ والبيهقی فی شعب الايمان ۹۱/٦ حديث رقم ۷۵۷۵۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ بندے سے قیامت کے دن پوچھیں گے اور فرمائیں گے کہ تمہیں کیا ہو گیا تھا جب تم نے برائی کو دیکھا تو اس کا انکار نہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو اس کی دلیل القاء کی جائے گی تو وہ کہے گا اے میرے رب لوگوں کا ڈر اور تیری رحمت کی امید اس بات سے مانع رہی۔ تینوں روایتوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔

تشریح: فیلقی: قاف مفتوح ومشدد ہے۔

حجۃ منصوب ہے:

قولہ: فقیول: یارب خفت الناس ورجوتك: اس جملہ میں

اس بندہ کی طرف سے اپنی تقصیر کا اقرار اپنے عجز کا اظہار اور رب کریم کے فضل وکرم پر اپنے یقین کا بیان ہے بیہقی نے کہا ہے یہ احتمال بھی ہے کہ اس حدیث کا تعلق اس شخص سے ہو جو خلاف شرع امور کا ارتکاب کرنے والوں کے غلبہ ودبدبہ سے ڈرتا ہو اور ان کی طرف سے پہنچائے جانے والے کسی بھی طرح کے نقصان سے اپنے آپ کو محفوظ رکھنے کی طاقت وقدرت نہ رکھتا ہو۔ (ذکرہ الطیبی) اس سے معلوم ہوا کہ اگر لوگوں کے رعب داب کی وجہ سے کوئی شخص امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام نہ دے سکے تو وہ مستوجب مواخذہ نہیں ہوگا اور حق تعالیٰ کی طرف سے اس کے حق میں عفو ودرگزر کی امید رکھی جا سکتی ہے لیکن یہ محل نظر ہے چونکہ ایسا شخص شریعت کی نظر میں معذور ہے قیامت کے دن نہ تو اس سے مواخذہ ہوگا اور نہ اس کو معذرت کے لئے کسی تاویل کے سکھانے کی ضرورت ہوگی اس حدیث کا تعلق دراصل اس شخص سے ہے جس نے کسی عذر کے بغیر مذکورہ فریضہ کی انجام دہی میں کچھ تقصیر کی ہوگی اور اگر اللہ تعالیٰ اس کی اس جزوی تقصیر کو معاف کرنا چاہے تو اس کو مذکورہ تاویل القاء کر دے گا تاکہ وہ معذرت کر سکے۔

نیکی وبدی کے لئے کھڑا کیا جائے گا

۵۱۵۴: وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهٖ اِنَّ الْمَعْرُوْفَ وَالْمُنْكَرَ خَلِیْقَتَانِ تُنْصَبَانِ لِلنَّاسِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فَاَمَّا الْمَعْرُوْفُ فَیُبَشِّرُ اَصْحَابَهٗ وَیُوْعِدُهُمُ الْخَیْرَ وَاَمَّا الْمُنْكَرُ فَیَقُوْلُ اِلَیْكُمْ اِلَیْكُمْ وَمَا یَسْتَطِیْعُوْنَ لَهٗ اِلَّا لُزُوْمًا۔

(رواہ احمد والبیهقی فی شعب الایمان)

أخرجه احمد فی المسند ۳۹۱/٤ والبیهقی فی شعب الایمان ۵۱۷/۷ حدیث رقم ۱۱۱۸۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ بلاشبہ نیکی اور بدی کو قیامت کے دن لوگوں کے لئے کھڑا کیا جائے گا نیکی تو اپنے کرنے والوں کو خوش خبری سنائے گی اور انہیں بھلائی کا وعدہ دے گی اور برائی انہیں یہ کہے گی دور ہو جاؤ دور ہو جاؤ اور وہ لوگ اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے چھٹنے کے بغیر کسی اور چیز کی طاقت نہ رکھ سکیں گے۔ (احمد، بیہقی)

تشریح: خلیقتان: بمعنی ''مخلوقتان'' ہے۔ (ذکرہ الطیبیؒ) اور ظاہر معنی یہ ہے کہ یہ دونوں عنقریب پیدا ہوں گے دیگر معانی مثلاً اعمال اور موت وغیرہ کی طرح اور پھر ان کو جسم وبدن کی صورت دی جائے گی۔ اور یہ معنی مراد لینے کا قرینہ ''تنصبان'' ہے۔

الیکم عنی: اس کی معنوی تقدیر یوں ہے: ابعد واعنی وتنحوا من قربی۔

حدیث کا حاصل یہ ہے کہ انسان دنیا میں جو نیک اور اچھے اعمال کرے گا وہ اس کے مرنے کے بعد قبر میں بھی خوبصورت و پاکیزہ اور نہایت عمدہ معطر صورتوں میں ظاہر ہوں گے اور قیامت کے دن بھی بہترین شکل وصورت اختیار کر کے اس شخص کے سامنے آئیں گے اور اس کو آخرت کی لازوال سعادتوں اور حسن انجام کی خوشخبری سنائیں گے' اس کے برخلاف اگر کوئی شخص برے اعمال اختیار کرے گا تو اس کے اعمال اس کے برعکس آئیں گے (یعنی وہ اعمال قبر میں بھی خراب اور ڈراؤنی صورتوں میں آ کر پریشان کریں گے اور قیامت کے دن بھی بری شکل وصورت کے ساتھ اس کے سامنے آئیں گے اور اس کو اس کے برے انجام سے ڈراتے ہوئے کہیں گے کہ ہمارے پاس سے دور ہٹ جا' مگر وہ شخص اس سے دور ہٹنے پر قادر نہیں ہوگا یعنی ان برے اعمال پر جو سزا ملنے والی ہوگی اس سے وہ شخص بھاگ نہیں پائے گا)۔

''تنصبان'': مجہول ہونے کی وجہ سے مؤنث کا صیغہ ہے لیکن مشکوٰۃ کے ایک نسخے میں یہ لفظ بہ صیغہ مذکر منقول ہے اور یہی زیادہ موزوں ہے کیونکہ لفظ ''خلیقۃ'' میں حرف تاء تانیث کے لئے نہیں ہے بلکہ اظہار مبالغہ کیلئے ہے۔ اور اس لفظ کے معنی یہ ہیں کہ یہ دونوں (یعنی عمل خیر اور عمل بد) مخلوقات میں سے دو جدا جدا نوع ہیں جو قیامت کے دن لوگوں کے سامنے شکل وصورت اختیار کر کے ظاہر ہوں گے۔

اس کی تائید حدیث قدسی سے بھی ہوتی ہے: یا عبادی! انما هی أعمالکم أحصیها علیکم ثم أو فیکم ایاها فمن وجد خیرا فلیحمد اللّٰه ، ومن وجد غیر ذلك فلا یلومن ا لا نفسه۔ اس مقام پر تحقیق یہ ہے کہ بندوں کے افعال بذاتہا موجب ثواب وعقاب نہیں، مگر اللہ جل شانہ کی عادت مبارکہ رہی ہے کہ ان دونوں چیزوں کو اسی طرح مربوط کر دیا ہے، کہ جس طرح مسببات، اسباب کے ساتھ مربوط ہیں۔ بعض ارباب الباب نے کہا ہے:

أخاف وأرجو عفوه وعقابه
وأعلم حقا أنه حكم عدل

میں ڈرتا ہوں، اور اس کے عفو وعقاب کی امید بھی رکھتا ہوں، اور جانتا ہوں کہ وہ ''حکم'' و ''عدل'' ہے۔

فان بك عفوا فهو منه تفضل
وان یك تعذیبا فانی له أهل

اگر عفو ودرگزر کا معاملہ ہو جائے، تو اس کا فضل ہے، اور اگر تعذیب کا معاملہ ہو تو میں اس کا اہل ہوں۔

خیر وشر کا سبب فاعلی اپنے فضل وعدل کے مقتضی اور اپنے جمال وجلال کے بموجب اللہ وحدہ لاشریک کے سواء کوئی نہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور سبب قابلی بھی اگر چہ درحقیقت اسی کی طرف سے ہے، لیکن قابلیت خیر اس استعداد اصلی میں سے ہے، جو اس کے فیض اقدس سے ہے۔ اس میں اختیار کا کوئی دخل نہیں، اور قابلیت شر استعداد حادث میں سے ہے، اور اس کا سبب نفس میں ظاہر ہونے والی صفات اور دل کے افعال حاجبہ ہیں، جو جوہر روح کو مکدر کرتے ہیں، حتی کہ رزایا اور بلایا وغیرہ کے ذریعہ صقل کی حاجت پیش جاتی ہے۔ اسی لئے اللہ جل شانہ نے فرمایا: ﴿وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ۝ [الشوریٰ: ۳۰] اور وہاں قضاء وقدر کے سمندر میں موجیں اٹھ رہی ہیں، کہ بندوں کے درمیان ان کے افعال کے اعتبار سے تقسیم کی جائے، اور سفینۂ نجات یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿لَا يُسْئَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ﴾ [الانبیاء: ۲۳]

''وہ جو کام کرتا ہے اس کی پرسش نہیں ہوگی اور (جو کام یہ لوگ کرتے ہیں اس کی) ان سے پرسش ہوگی''۔



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كِتَابُ الرقاق

رقاق (رقت ورحمت) کا بیان

''الرقاق'' کا رامکسور ہے، ''رقیق'' کی جمع ہے۔ ''رقیق'' وہ جس میں رقت یعنی لطافت ہو، (قاله شارح) اور زیادہ واضح وہ معنی ہے جو علامہ سیوطی نے بیان فرمائے ہیں کہ رقاق سے مراد وہ کلمات ہیں جن کو سننے سے دل نرم ہو جائیں' دنیا سے ہٹ جائیں اور اعراض کریں ان احادیث کو ''رقاق کا'' نام دیا گیا کیونکہ یہ احادیث دل میں رقت ورحمت پیدا کرتی ہیں۔

۵۱۵۵ : عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَتَانِ مَغْبُوْنٌ فِيْهِمَا كَثِيْرٌ مِنَ النَّاسِ اَلصِّحَّةُ وَالْفَرَاغُ۔ (رواه البخاری)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۲۲۹/۱۱ حدیث رقم ٦٤١٢، والترمذی فی السنن ٤٧٧/٤ حدیث رقم ٢٣٠٤ و ابن ماجه فی السنن ١٣٩٦/٢ حدیث رقم ٤١٧٠ والدارمی فی السنن ٣٨٥/٢ حدیث رقم ٢٧٠٧، واحمد فی المسند ٣٤٤/١۔

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دو نعمتیں ایسی ہیں کہ ان کے معاملہ میں اکثر لوگ گھاٹا کھائے ہوئے ہیں (اور وہ دو نعمتیں) ''تندرستی'' اور ''فراغت'' ہیں''۔ (بخاری)

تشریح: ''نعمتان'' :مبتدا ہے۔ معبون فیها کثیر من الناس، '' نعمتان'' کی صفت ہے یا خبر ہے۔

قوله: الصحة والفراغ :بدن اور کسبی قوت کی صحت' امن کے حاصل ہونے کی وجہ سے فراغت قلب۔

مطلب یہ ہے کہ اکثر لوگ ان دو نعمتوں کی قدر نہیں کرتے بایں طور کہ ان دو نعمتوں میں اعمال کی اتنی مقدار حاصل نہیں کرتے، جس کی ان کو آخرت میں ضرورت ہوگی، یہ لوگ ان دو نعمتوں کے زائل ہونے کے بعد اپنی عمروں کو ضائع کرنے پر پشیمان ہوں گے، اور پشیمانی کا کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ذلك يوم التغابن۔ اور حضور اقدس ﷺ کا ارشاد ہے: ليس يتحسر أهل الجنة الاعلى ساعة مرت بهم ولم يذكر و الله فيها۔

''جنت والوں کو دنیا کی کسی چیز پر حسرت نہیں ہوگی سوائے اس گھڑی کے جو بغیر ذکر کے گزری ہوگی۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سیوطیؒ کے حاشیہ میں لکھا ہے کہ علماء نے فرمایا ہے کہ اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ انسان عبادت کیلئے اسی وقت فارغ ہوتا ہے، جب وہ خود کفیل اور تندرست ہو، کبھی تو انسان خود کفیل ہوتا ہے مگر تندرست نہیں ہوتا، اور کبھی تندرست ہوتا ہے، مگر خود کفیل نہیں ہوتا۔ چنانچہ کمانے کی مشغولی کی وجہ سے علم اور عمل کیلئے فارغ نہیں ہوتا جب کسی شخص کو یہ دو نعمتیں حاصل ہوں اور عبادت میں سستی کرے تو یہ شخص مغبون یعنی تجارت میں نقصان اٹھانے والا ہے۔

لفظ ''مغبون'' غبن سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے خرید وفروخت میں غبن کرنا۔ اھ۔ اور ممکن ہے کہ غبن کنایہ ہو انسان کے حال کے بگڑنے اور مال کے ضائع ہونے سے، جیسا کہ بعض حضرات نے فرمایا:

ان الشباب والفراغ والجدة

مفسدة للمرء ای مفسدة :

''انسان کی نوجوانی، فراغت اور قوت انسان کیلئے بڑی فساد والی چیزیں ہیں۔''

اور عارف باللہ ابن الفارض نے فرمایا:

علی نفسه فلیبك من ضاع عمره

ولیس له فیها نصیب ولا سهم

''وہ شخص اپنے آپ پر روئے جس نے اپنی عمر ضائع کی اور دنیا میں آخرت کیلئے کچھ حصہ نہیں بنایا۔''

تخریج: اور جامع صغیر میں لکھا ہے کہ امام بخاری نے اس حدیث کو اپنی تاریخ میں ذکر کیا ہے اور ترمذی اور ابن ماجہ نے ان (ابن عباسؓ) سے نقل کیا ہے۔

۵۱۵۲ : وَعَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ مَا الدُّنْيَا فِي الْأٰخِرَةِ اِلَّا مِثْلُ مَا يَجْعَلُ اَحَدُكُمْ اِصْبَعَهٗ فِي الْيَمِّ فَلْيَنْظُرْ بِمَا يَرْجِعُ (رواه مسلم)

اخرجه مسلم فی صحیحه ٢١٩٣/٤ حدیث رقم (٥٥-٢٨٥٨)، والترمذی فی السنن ٤٨٦/٤ حدیث رقم ٢٣٢٣، ابن ماجه فی ١٣٧٦/٢ حدیث رقم ٤١٠٨، واحمد فی المسند ٢٢٩/٤۔

ترجمہ: ''حضرت مستورد بن شداد کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''اللہ کی قسم! آخرت کے مقابلے میں دنیا کی مثال ایسی ہی ہے جیسے کہ تم میں سے کوئی آدمی اپنی انگلی کو سمندر میں ڈبوئے اور پھر دیکھے کہ وہ انگلی کیا لے کر واپس لوٹی ہے''۔ (مسلم)

تشریح: قوله: واللہ ماالدنیا۔۔۔ اصبعه فی الیمّ:

واللہ: قسم حکم کے پائے جانے میں مبالغہ کے لئے ہے۔

ماالدنیا: ''ما'' نافیہ ہے۔ (اور مضاف محذوف ہے۔) ای مامثل الدنیا من نعیمها وزمانها۔

الامثل: میم کے کسرہ اور لام کے رفع کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں لام کے نصب کے ساتھ ہے۔

مایجعل احدکم أصبعه: میں ''ما'' مصدریہ ہے ای مثل جعل احد کم اور جامع میں (أصبعه کے بعد)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''هذا'' کی زیادتی کے ساتھ منقول ہے اور ظاہر یہ ہے کہ اُنگلی سے مُراد ہاتھ کی سب سے چھوٹی اُنگلی ہے۔

فی الیم: (جار مجرور کا متعلق محذوف ہے۔) **ای مغموسا فی البحر**۔ اس کی تفسیر ماءِ کثیر (سمندر) کی گئی ہے۔

قوله فلينظر بم يرجع: ''یرجع'' اکثر اُصول میں مذکر کے صیغہ کے ساتھ منقول ہے اور بعض نسخوں میں بصیغہ تانیث کیا گیا ہے یہی زیادہ ظاہر ہے اس لئے کہ ''یرجع'' کی ضمیر ''اصبع'' کی طرف راجع ہے، اور ''اصبع'' مونث ہے 'اور کبھی مذکر ہوتا ہے جیسا کہ قاموس میں ہے اور مطلب یہ ہے کہ انسان غور کرے کہ سمندر سے اس کی اُنگلی تری کی کتنی مقدار لے کر نکلتی ہے۔ یہی کہا جا سکتا ہے کہ معنی یہ ہو کہ وہ اُنگلی فی الحال کتنا پانی ساتھ لے کر آتی ہے اور انجام کے اعتبار سے کیا حیثیت ہے۔ حاصل یہ کہ دُنیا کی عطا اور جان و مال کو حاصل کرنے کیلئے دنیا کی کوششیں فانی اور جلدی زائل ہونے والی چیزیں ہیں۔ لہٰذا کسی کیلئے دنیا کی وسعت پر دھوکہ کھانا اور خوش ہونا مناسب نہیں ہے، اور نہ دنیا کی تنگی پر فریاد اور شکایت مناسب ہے۔ بلکہ وسعت اور تنگی دونوں حالتوں میں یہ کہنا چاہیے کہ ''اصل زندگی تو آخرت کی زندگی ہے'' اس لئے کہ یہ بات حضور اقدس علیہ السلام نے ایک مرتبہ جنگ احزاب کے دن فرمائی اور دوسری مرتبہ حجۃ الوداع کے موقع پر صحابہ کی جماعت کے سامنے فرمائی۔ انسان کو یقین ہونا چاہیے کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے اور دنیا کی زندگی ایک گھڑی ہے جس کو اطاعت میں صرف کرنا چاہیے۔

طیبی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ حضور اقدس علیہ السلام نے ''**فلا یرجع بشی**'' کی جگہ ''**بم یرجع**'' فرمایا گویا کہ آپ علیہ السلام وہ حالت سننے والے کے سامنے لا رہے ہیں پھر حکم دے رہے ہیں کہ غور و فکر کرے کہ کیا اس کی اُنگلی پانی کی کوئی مقدار اپنے ساتھ لاتی ہے یا نہیں۔ اور یہ مثال ہے بات سمجھانے کیلئے، ورنہ متناہی اور غیر متناہی کے درمیان کیا مناسبت ہے۔

تخریج: احمد اور ابن ماجہ نے بھی یہ روایت نقل کی ہے۔

۵۱۵۷: وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ مَرَّ بِجَدْيٍ اَسَكَّ مَيِّتٍ قَالَ اَيُّكُمْ يُحِبُّ اِنَّ هٰذَا لَهٗ بِدِرْهَمٍ فَقَالُوْا مَانُحِبُّ اَنَّهٗ لَنَا بِشَيْءٍ قَالَ فَوَاللّٰهِ لَلدُّنْيَا اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذَا عَلَيْكُمْ (رواه مسلم)

اخرجه مسلم فی صحیحه ٤/٢٢٧٢ حدیث رقم (٢-٢٩٥٧)، والترمذی فی السنن ٤/٤٨٥ حدیث رقم ٢٣٢١ و ابن ماجه فی السنن ٢/١٣٧٧ حدیث رقم ٤١١١۔

ترجمہ: ''حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ بکری کے کن کٹے مردہ بچے کے قریب سے گزرے۔ چنانچہ آپ ﷺ نے (اس کو دیکھ کر صحابہ کرام سے) فرمایا کیا تم میں ایسا کوئی شخص ہے جو اس (مردہ بچہ) کو ایک درہم کے بدلے لینا پسند کرے؟ صحابہؓ نے عرض کیا کہ ہم تو اس کو کسی معمولی چیز کے بدلے بھی پسند نہیں کر سکتے! آنحضرت ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کی قسم! یہ دنیا (اپنی تمام لذتوں اور آسائشوں کے ساتھ) اللہ کے ہاں اس سے زیادہ حقیر ہے جتنا تمہاری نظر میں یہ مردار بچہ (حقیر ہے)''۔ (مسلم)

تشریح: بکری کا بچہ۔ **أسك** کا کاف مشدد ہے۔ ① چھوٹے کانوں والا ② جس کے کان نہ ہوں ③ کن کٹا۔

قوله: **ایکم ان هذا اله بدرهم**: نبی کریم ﷺ نے یہ بات بطور مثال کے ارشاد فرمائی۔

شیئی سے مراد وہ چیز ہے جس پر کسی طرح کا تعلق ہو کتنا ہی معمولی تعلق ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس حدیث کی تائید اُس حدیث سے ہوتی ہے جو عنقریب ذکر ہوگی: ان الدنیا لو کانت تزن عنداللہ جناح بعوضة ماسقی منها شربة ماء۔

''اگر دنیا کی قدر و قیمت اللہ کے ہاں مچھر کے پَر کے برابر ہوتی تو کافر پانی کا ایک گھونٹ بھی نہ پی سکتا تھا

مقصود دُنیا سے بے رغبتی دلانا اور آخرت کا شوق دلانا ہے، کیونکہ دنیا کی محبت ہر خطا کی جڑ ہے، جیسا کہ بیہقی نے جس سے مرسلاً نقل کیا ہے ان حب الدنیا رائس کل خطیئة۔ ''بے شک دنیا کی محبت ہر خطا کی بنیاد ہے'' اور وجہ یہ ہے، کہ دنیا سے محبت کرنے والا اگر چہ دینی کاموں میں مشغول ہو تو بھی اس کے اعمال میں اغراض فاسدہ کا دخل ہوتا ہے۔ اور جس کے دل میں دنیا کی محبت نہ ہو وہ اگر چہ دنیاوی کاموں میں مشغول ہو اُسکے سامنے کوئی اُخروی مقصد ہوگا۔ اسی لئے اہل یقین میں سے بعض حضرات نے فرمایا: ''جو دنیا سے محبت کرتا ہے اس کے تمام مرشد مل کر بھی اُس کو راہ راست پر نہیں لا سکتے اور جس نے دنیا کو چھوڑ دیا ہو تمام فساد پھیلانے والے مل کر بھی اُس کو گمراہ نہیں کر سکتے''۔

۵۱۵۸: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّةُ الْكَافِرِ.

(رواہ مسلم)

اخرجه مسلم فی صحیحه ۲۲۷۲/٤ حدیث رقم (۱-۲۹۵٦)، والترمذی فی السنن ٤٨٦/٤ حدیث رقم ۲۳۲٤ و ابن ماجه فی السنن ۱۳۷۸/۲ حدیث رقم ٤۱۱۳ واحمد فی المسند ۳۲۳/۲۔

ترجمہ: ''اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''دنیا مؤمن کے لئے قید خانہ جب کہ کافر کے لئے جنت ہے''۔ (مسلم)

تشریح: قوله :الدنیا سجن المؤمن وجنة الکافر:

یعنی دنیا مؤمن کیلئے اُس ثواب اور باقی رہنے والی نعمتوں کے مقابلہ میں جو آخرت میں مؤمن کے واسطے تیار کی گئی ہیں قید خانہ کی طرح ہے اور کافر کیلئے آخرت میں جو سزا اور دردناک عذاب تیار کیا گیا ہے اُسکے مقابلہ میں دنیا کافر کیلئے جنت کی طرح ہے۔

بعض فرماتے ہیں کہ مؤمن اپنے نفس کو دنیا کی لذات سے روکتا ہے، اور مشقتوں میں ڈالتا ہے تو گویا کہ قید خانہ میں ہوتا ہے اور کافر اپنے نفس پر خواہشات کی فراوانی کرتا ہے، تو گویا کہ جنت میں ہوتا ہے۔ (کذا ذکرہ الطیبی)

دوسرے قول کی تائید فضیل بن عیاض کے قول سے ہوتی ہے وہ فرماتے ہیں: ''جس نے دنیا کی لذتوں اور خواہشات کو چھوڑ دیا وہ قید خانہ میں ہے۔ اور جس نے دنیا کی لذتوں اور خواہشات کو نہیں چھوڑا اُس کیلئے کونسا قید خانہ ہے''۔

میں کہتا ہوں کہ بظاہر قیدیوں کے احوال کے مختلف ہونے کی وجہ سے قید خانہ کے مراتب مختلف ہوتے ہیں۔ باوجودیکہ کسی شخص کو بھی شرعی پابندیوں یعنی واجب اُمور کو بجالانے اور ممنوعہ اُمور سے پرہیز کرنے کی تنگی سے خلاصی نہیں اسی طرح تکوینی امور مثلاً گرمیوں کی گرمی اور سردیوں میں سردی کی تکالیف، دوستوں کا بچھڑ جانے اور دُشمنوں کے غالب آنے، مہنگائی اور دوسرے مصائب کی مشقتوں سے بھی کسی کو چھٹکارا نہیں ہے اسی طرح پیٹ کے اندھیروں میں نطفے کی ابتدائی تخلیق اور مختلف اطوار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے لے کر دُنیا میں ظہور اور اس کے بعد لحد کی تنگی میں داخل ہونے تک کی مختلف تکالیف اور مشقتوں سے کسی انسان کو کوئی چھٹکارا نہیں۔ اسی وجہ سے اللہ کا ارشاد ہوا:

﴿لقد خلقنا الانسان فی کبد﴾ [البلد:٤] یعنی ہمیشہ انسان ایک بہت بڑی مشقت میں رہتا ہے۔ ابتداء میں رحم مادر کی تاریکی اور رحم کی تنگی ہوتی ہے، اور انتہاء میں موت آجاتی ہے، اور اس قید خانہ کے بعد یا تو انسان کو بادشاہی لباس پہنا دیا جاتا ہے، اور بلند مقامات میں ٹھہرایا جاتا ہے، یا اللہ کی ناراضگی کے باعث اس پر زبانیہ فرشتے مسلط کر دیئے جاتے ہیں۔ اور اس انسان کو تھوڑی تکلیف والے فانی قید خانہ سے منتقل کر کے سخت تکلیف والے اور باقی رہنے والے قید خانہ میں ڈال دیا جاتا ہے۔ ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اس قید خانہ سے

جب داود طائی فوت ہو گئے تو ایک غیبی آواز سنائی دی کہ داود قید خانہ سے چھوٹ گیا۔ ابو حفص سہروردی نے فرمایا کہ قید و بند اور اس سے خلاصی دونوں حالتیں مؤمن کے دل پر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ وارد ہوتی ہیں۔ اس لئے کہ نفس جب بھی اپنی صفات کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے، تو فوراً دل کو تاریک کر دیتا ہے، یہاں تک کہ دل تنگ ہونے لگتا ہے، اور نفس کی تنگی اور اندر جانے اور باہر آنے سے رک جانے ہی کا نام ''سجن'' ہے۔ جب بھی دل دنیاوی خواہشات سے نجات حاصل کرنے' آخرت کی خواہشات کی خاطر دنیاوی خواہشات سے پرہیز کرنے کا، اور اللہ کے ازلی جمال کے مشاہدہ کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو شیطان مردود رکاوٹ پیدا کر کے اس دروازہ سے روکتا ہے، وہ نفس امارہ کے واسطہ سے مقابلہ کرتا ہے۔ انسان کیلئے زندگی مکدّر ہو جاتی ہے، اور وہ انسان اور اس کی طبیعت کی محبوب چیز کے درمیان حائل آجاتا ہے، اور یہی سخت ترین اور بڑی ہی تنگی والی قید ہے۔ اسلئے کہ جب انسان کے اور اس کی محبوب چیز کے درمیان کوئی رُکاوٹ ہو تو انسان پر زمین کشادگی کے باوجود تنگ ہو جاتی ہے، اور دل تنگ ہو جاتا ہے، اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے صحابہ کی ایک جماعت جو کہ ایک غزوہ میں حضور علیہ السلام سے پیچھے رہ گئی تھی کے بارے میں فرمایا: ﴿وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰۤى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ.....﴾ [التوبۃ:١١٨] ''اور ان تین شخصوں کے حال پر بھی جنکا معاملہ ملتوی چھوڑ دیا گیا تھا۔ یہاں تک کہ زمین باوجود اپنی فراخی کے ان پر تنگی کرنے لگی''۔

تخریج: احمد، ترمذی اور ابن ماجہ نے ابو ہریرہ سے طبرانی اور حاکم نے مسلمان سے اور بزار نے ابن عمر سے اس حدیث کو نقل کیا ہے۔

احمد، طبرانی اور ابونعیم نے حلیہ میں اور حاکم نے عمرو بن العاص سے اس روایت کو نقل کیا ہے۔ اور اس روایت کے الفاظ یہ ہیں: ''الدنیا سجن المؤمن و سنتہ' فاذا فارق الدنیا فارق السجن السنۃ:

''سنۃ'' سین کے فتحہ کے ساتھ اس کا معنی ہے قحط وجدب اور ابن مبارک نے ابن عمرو سے نقل کیا ہے: کہ دنیا کافر کیلئے جنت ہے اور مؤمن کیلئے قید خانہ ہے، اور اور مؤمن سے جب روح نکلتی ہے، تو اس کی مثال اُس شخص کی طرح ہے، جو قید خانہ میں ہو اور قید خانہ سے نکالا جائے تو زمین پر لوٹ پوٹ ہوتا ہے اور اس میں وہ کشادگی محسوس کرتا ہے۔

ابن ابی شیبہ نے بھی ابن عمرو سے اس طرح روایت نقل کی ہے، اور ابونعیم نے ابن عمر سے نقل کیا ہے: ان النبی ﷺ قال لأبی ذر: یا أباذر ان الدنیا سجن المؤمن والقبر أمنه والجنه مصیره۔ یا أباذر! ان الدنیا جنة الکافر والقبر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عذابه والنار مصيره۔ کہ حضور اقدس علیہ السلام نے حضرت ابوذرؓ سے فرمایا:

''اے ابوذر! دنیا مؤمن کیلئے قید خانہ ہے اور قبر انسان کیلئے پناہ گاہ ہے، اور جنت انسان کا اصل ٹھکانہ ہے۔ اے ابوذر! دُنیا کافر کیلئے جنت ہے اور قبر اس کے لئے عذاب کی جگہ ہے، اور جہنم اس کا اصل ٹھکانہ ہے۔

ابن لال نے عائشہؓ سے نقل کیا ہے: الدنيا تصفو المؤمن 'كيف وهي سجنه وبلائه۔

دُنیا مؤمن کیلئے خوشی کی جگہ نہیں ہے اور دنیا مؤمن کیلئے خوشی کی جگہ ہو بھی کیسے سکتی ہے جبکہ دنیا مؤمن کیلئے قید خانہ اور آزمائش ہے''۔

۵۱۵۹ : وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَايَظْلِمُ مُؤْمِنًا حَسَنَةً يُعْطٰى بِهَا فِي الدُّنْيَا وَيُجْزٰى بِهَا فِي الْاٰخِرَةِ وَاَمَّا الْكَافِرُ فَيُطْعَمُ بِحَسَنَاتِ مَا عَمِلَ بِهَا لِلّٰهِ فِي الدُّنْيَا حَتّٰى اِذَا قَضٰى اِلَى الْاٰخِرَةِ لَمْ تَكُنْ لَهٗ حَسَنَةٌ يُجْزٰى بِهَا۔ (رواه مسلم)

اخرجه مسلم فی صحيحه ٤/٢١٦٢ حديث رقم (٥٦-٢٨٠٨)، واحمد فی المسند ٣/١٢٣۔

ترجمہ: ''اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ مؤمن کی کسی نیکی کو ضائع نہیں فرماتا اس نیکی کے سبب دنیا میں بھلائیاں دی جاتی ہیں اور آخرت میں بھی اس نیکی کا اجر وثواب دیا جائے گا اور کافر کو راہ خدا میں کی گئی اچھائیوں کے بدلے میں اسی دنیا میں کھلایا جاتا ہے (یعنی وہ ان اچھے کاموں کی وجہ سے جس بھلائی کا مستحق ہوتا ہے وہ اس کو نعمتوں اور راحتوں کی صورت میں اس دنیا میں دے دی جاتی ہے) یہاں تک کہ جب وہ آخرت میں پہنچے گا تو اس کی کوئی اچھائی قابل جزا نہ ہوگی''۔ (مسلم)

تشریح: قوله: ان الله لايظلم مومناحسنة ایک شارح فرماتے ہیں یعنی اللہ تعالیٰ مؤمن کی نیکی کا اجر ضائع نہیں کرتے۔ او۔ اور یہ بات مخفی نہیں ہے کہ یہ حدیث کا حاصل معنی ہے جہاں تک ترکیب اور معنی کا تعلق ہے تو لفظ ''ظلم'' دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتا ہے، اللہ کا ارشاد ہے:

﴿ان الله لا يظلم الناس شيئًا﴾ [يونس۔ ٤٤] اللہ لوگوں پر کچھ ظلم نہیں کرتا۔

قاموس میں ہے کہ ''ظلمه حقه'' معنی ہے کہ اُسکا حق اس سے روک دیا، چنانچہ یہ حدیث قرآن کی مذکورہ آیت کی تفسیر ہے اور جنس انسان کی دونوع کا بیان ہے۔ اور اس بات کا بیان ہے، کہ اللہ تعالیٰ مؤمن اور کافر کو اُسکی ہر چھوٹی اور بڑی، تھوڑی اور زیادہ نیکی اور برائی کا دنیا میں یا آخرت میں بدلہ دے گا۔ جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ﴾ [الزلزال:٧ ـ ٨] ''سو جو شخص ذرہ برابر نیکی کرے گا۔ وہ اس کو دیکھ لے اور جو شخص ذرہ برابر بدی کرے گا، وہ اس کو دیکھ لے گا''۔

اور ایک جگہ ارشاد فرمایا ہے: ﴿ان الله لا يظلم مثقال ذرة وان تك حسنة يضاعفها ويوت من لدنه اجرًا عظيمًا﴾ [النساء۔ ٤٠] ''بلاشبہ اللہ تعالیٰ ایک ذرہ برابر بھی ظلم نہ کریں گے اور اگر ایک نیکی ہوگی تو اس کو کئی گنا کر دیں گے اور اپنے پاس سے اجر عظیم دیں گے''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس وجہ سے حضرت عمر نے فرمایا: لو کانت لی حسنة واحدة لکفتنی۔
''اگر میرے پاس ایک بھی نیکی ہوگی تو میرے لئے کافی ہوگی''
حضرت عمرؓ کا یہ فرمان اسی عظیم ثواب اور مذکورہ مضاعفت کی وجہ سے تھا۔

قوله: یعطی: یعطی بها فی الدنیا ویجزی بها فی الآخرة۔ یہ جملہ مُستانفہ ہے اور مجہول کا صیغہ ہے (اور ''بھا'' میں باء سببیہ ہے۔)۔ **ای یعطی المؤمن من کل خیر بسبب تلك الحسنة۔** اور مطلب یہ ہوگا کہ مؤمن کو اس نیکی کے سبب سے ہر خیر دی جاتی ہے' اس کی مصیبت کو رفع کرے اور رزق میں کشادگی کی جائے اور دوسری نعمتیں عطا ہوتی ہیں۔ اور ایک نسخہ میں ''**یعطی**'' معروف کے صیغہ کے ساتھ ہے۔

یجزی ''**یعطی**'' کی طرح معروف ومجہول دونوں طرح ہے۔

قوله: وأما الکافر فیطعم بحسنات ما عمل بها لله فی الدنیا۔

فیطعم صرف مجہول کے صیغہ کے ساتھ دُرست ہے۔ ''**فیطعم**'' کا لفظ لانے میں اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ کافر کو عطاء میں مقصود پیٹ ہوتا ہے، اور مطلب یہ ہے کہ اس کو جزاء دی جائے گی۔

بحسنات ما عمل بهالله: مثلاً فقیروں کو کھانا کھلانا' یتیم کے ساتھ احسان کرنا' مصیبت زدہ کی مدد کرنا اور اس جیسی وہ طاعات جن کے لئے اسلام شرط نہیں ہے۔

فی الدنیا ''**یطعم**'' کے متعلق ہے

قوله: حتی اذا أفضی الی الآخرة لم یکن له حسنة یجزی بها: کیونکہ اللہ نیک عمل کرنے والے کسی شخص کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

شرح السنہ میں ہے کہ ''**یظلم**'' دو مفعولوں کی طرف متعدی ہے، ایک مفعول ''**مؤمناً**'' ہے، اور دوسرا مفعول ''**حسنة**'' ہے اور حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جب مؤمن نیکی کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ مؤمن کو پورا بدلہ عطا فرماتے ہیں، کہ اُسکی روزی کشادہ کرتے ہیں، دنیا میں اُس کو آسودہ حال رکھتے ہیں اور آخرت میں بھی اُس نیکی کا بدلہ عطا فرماتے ہیں۔ اور کافر جب کسی قیدی کو آزاد کرے' یا پانی میں ڈوبنے والے کسی کو ڈوبنے سے بچا کر نیکی کرتا ہے، تو اللہ دنیا میں اُس کی نیکی کا پورا بدلہ عطا فرماتے ہیں، اور آخرت میں کچھ بدلہ نہیں دیتے۔ اھ۔

خلاصہ یہ کہ اللہ اپنے مؤمن بندہ کے ساتھ فضل والا اور کافر کے ساتھ عدل والا معاملہ فرماتے ہیں، اور اللہ سے اُس کے کئے کے بارے میں کوئی پوچھ نہیں سکتا۔ اور شاید کہ یہ حدیث اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد: ﴿مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۙ وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ﴾ [الشوریٰ: ۲۰] ''اور جو دنیا کی کھیتی کا طالب ہو تو ہم اس کو کچھ دنیا میں (اگر چاہیں) دے دیں گے اور آخرت میں اس کا کچھ حصہ نہیں۔'' اور سے مقتبس ہے۔

تخریج: جامع میں ہے، کہ احمد اور مسلم نے اس روایت کو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے اور الفاظ یہ ہیں:

ان الله لایظلم المؤمن حسنة یعطی علیها فی الدنیا ویثاب علیها فی الاخرة 'واما الکافر فیطعم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بحسناته في الدنيا حتى اذا افضى الى الآخرة لم تكن حسنة يعطى بها خيرا۔اھ۔

''اللہ مؤمن کی کسی نیکی میں کمی نہیں کرتے دنیا میں نیکی کے بدلہ میں عطاء کرتے ہیں اور آخرت میں اس پر ثواب عنایت فرماتے ہیں اور کافر کو اُسکی نیکی کے بدلہ میں دنیا میں کھلایا جاتا ہے، اور جب آخرت میں پہنچتا ہے تو اُسکے پاس کوئی نیکی نہیں ہوتی کہ اُسکے بدلہ میں کچھ بھلائی ملے''۔

اس مقام میں ''مقابلہ'' کا مقتضی وہ ہے جو دوسری حدیث میں وارد ہوا ہے ان المؤمن يجزى بسيئاته في الدنيا من أنواع المحنة والمشقة والبلايا والرزايا حتى اذا أفضى الى الآخرة لم يكن له سيئة يعاقب عليه کہ ''مؤمن کو اس کے گناہوں کی وجہ سے دنیا میں مختلف قسم کی تکالیف مشقتوں اور مصائب میں مبتلا کیا جاتا ہے، اور جب آخرت میں پہنچتا ہے تو اُسکا کوئی گناہ باقی نہیں رہتا کہ اُس پر سزا دی جائے''۔

اس کی تائید اس بات سے ہوتی ہے، جس کو احمد اور ابن حبان نے نقل کیا ہے: انه لما نزل قوله تعالى: ﴿مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ﴾ [النساء: ۱۲۳] ''جو شخص کوئی برا کام کرے گا وہ اس کے عوض میں سزا دیا جائے گا'' قال ابوبكر الصديق رضي الله عنه: فمن يتجو من هذا يا رسول الله ۔فقال عليه الصلوة والسلام: غفر الله لك يا أبابكر! ألست تحزن ،ألست تنصب ،ألست تمرض ،ألست تصيبك الدواد؟ قال: بلى يا رسول الله! قال: هو مما تجزون به۔ جب قرآن کی آیت ﴿مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ﴾ [النساء: ۱۲۳] ''جو شخص کوئی برا کام کرے گا وہ اس کے عوض میں سزا دیا جائے گا'' نازل ہوئی تو حضرت ابوبکر صدیق نے عرض کیا یارسول اللہ! پھر کس کو نجات ملے گی ؟حضور علیہ السلام نے فرمایا اے ابوبکر! اللہ تیری مغفرت فرمائے کیا آپ کو حزن لاحق نہیں ہوتا، کیا آپ کو تھکاوٹ نہیں ہوتی ؟ کیا آپ بیمار نہیں ہوتے ؟ کیا آپ کو رنج اور دُکھ نہیں پہنچتا ؟ ابوبکرؓ نے عرض کیا: کیوں نہیں یارسول اللہ (یہ ساری باتیں آتی ہیں) حضور علیہ السلام نے فرمایا: یہی وہ احوال ہیں، جو بطور بدلہ کے تم لوگوں پر آتے ہیں۔

ترمذی اور ابن جریر نے ایک صحیح روایت نقل کی ہے: المصائب والأمراض في الدنيا جزاء۔

''مصائب اور امراض دنیا میں گناہوں کا بدلہ ہیں''۔

حاکم نے مستدرک حاکم میں ابوبکرؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے:

من يعمل سوء ا يجزء به في الدنيا ۔ ''جو بُرا عمل کرتا ہے دنیا میں اُسکا بدلہ دیا جاتا ہے''۔

ابن عمر رضی اللہ عنہ کا ارشاد ہے۔

''جب بندہ کو دنیا کی کوئی چیز حاصل ہوتی ہے تو اللہ کے ہاں اُسکے درجات میں کمی آجاتی ہے، اگرچہ اللہ انسان پر مہربان ہے'' اس مقولہ کو ابن ابی الدنیا نے نقل کیا ہے۔

۵۱۶۰ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُجِبَتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ وَحُجِبَتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ (متفق عليه الا عند مسلم) حُفَّتْ بَدَلَ حُجِبَتْ ۔

بخاری فی صحیحه ۱۱/۳۲۰ حدیث رقم ۶۴۸۷ ومسلم فی صحیحه ۴/۲۱۷۴ حدیث رقم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۸۲۲/۱ والترمذی فی السنن ۵۹۸/٤ حدیث رقم ۲۵۵۹، والنسائی فی السنن ۳/۷ حدیث رقم ۳۷۶۳، والدارمی فی السنن ٤۳۷/۲ حدیث رقم ۲۸٤۳، واحمد فی المسند ۳۸۰/۲۔

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جہنم کو شہوات (مثل شراب و زنا) سے ڈھانپا گیا ہے اور جنت کو مشقتوں (مثل نماز، زکوٰۃ) سے ڈھانپا گیا ہے'' اس روایت کو بخاری اور مسلم نے نقل کیا ہے لیکن مسلم کی روایت میں ''حجبت'' (یعنی ڈھانکی گئی ہے کہ بجائے) ''حفت'' (یعنی گھیری گئی ہے) کا لفظ ہے''۔

تشریح: الشھوات: جیسے شراب نوشی اور زنا ہے۔

المکارہ: جیسے نماز اور زکوٰۃ ہے۔

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ناگواریاں برداشت کیے بغیر جنت میں نہیں پہنچا جا سکتا اور خواہشات پوری کیے بغیر جہنم میں نہیں پہنچایا جا سکتا' جنت اور جہنم کو ناگواریوں اور خواہشات سے ڈھانپا گیا ہے، جو پردہ پھاڑے گا پردہ میں ڈھکی ہوئی جگہ میں پہنچ جائے گا' ناگواریاں برداشت کرنے سے جنت کے پردے ہٹ جاتے ہیں، عبادت میں مشقت اُٹھانا، اطاعت پر دوام اور خواہشات سے اپنے نفس کو روکنا ''مکارہ'' میں داخل ہے اور وہ خواہشات جن سے جہنم کو ڈھانپا گیا ہے، بظاہر ان سے حرام خواہشات مراد ہیں جیسا کہ شراب نوشی، زنا اور غیبت وغیرہ۔ مباح خواہشات اس میں داخل نہیں ۔اھ۔ اسی حدیث کے ہم معنی ایک حدیث علامہ سیوطی نے جامع کبیر میں نقل کی ہے، کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا: ''ان اللّٰہ بنی مکۃ علی المکروھات و الدرجات۔ ''اللہ تعالیٰ نے مکہ مکرمہ کی بنیاد ناگواریوں اور درجات پر رکھی ہے''

یعنی بیت اللہ کا ثواب بیت اللہ کی مشقتوں کو برداشت کر کے ہی ملے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

تخریج: یہ روایت متفق علیہ ہے' امام بخاریؒ نے حجبت کا لفظ ذکر کیا ہے، اور '' حفت '' کا لفظ امام مسلم نے ذکر کیا ہے، چنانچہ ابو ہریرہ سے یہ حدیث معناً متفق علیہ ہے۔ امام احمد اور ترمذی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے امام مسلم کی طرح الفاظ نقل کیے ہیں، لیکن اس روایت میں تقدیم و تاخیر ہے، ترتیب میں بخاری کے مخالف ہے' کہ امام ترمذیؒ نے جامع ترمذی میں ''حفت الجنۃ بالمکارہ و حفت النار بالشھوات '' کے الفاظ ذکر کیے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵۱۶۱: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعِسَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ وَعَبْدُ الدِّرْهَمِ وَعَبْدُ الْخَمِيْصَةِ اِنْ اُعْطِيَ رَضِيَ وَاِنْ لَمْ يُعْطَ سَخِطَ تَعْسَ وَانْتَكَسَ وَاِذَا شِيْكَ فَلَا انْتَقَشَ طُوْبٰى لِعَبْدٍ اٰخِذٍ بِعِنَانِ فَرَسِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَشْعَثَ رَأْسُهٗ مُغْبَرَّةً قَدَمَاهُ اِنْ كَانَ فِي الْحِرَاسَةِ كَانَ فِي الْحِرَاسَةِ وَاِنْ كَانَ فِي السَّاقَةِ كَانَ فِي السَّاقَةِ اِنِ اسْتَاْذَنَ لَمْ يُؤْذَنْ لَهٗ وَاِنْ شَفَعَ لَمْ يُشَفَّعْ (رواہ البخاری)

اخرجہ البخاری فی صحیحہ ۸۱/٦ حدیث رقم ۲۸۸۷ و ابن ماجہ فی السنن ۱۳۸٦/۲ حدیث رقم ٤۱۳۵۔

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہلاک ہو دینار کا غلام' درہم کا غلام اور چادر کا غلام (یعنی اس شخص کے لئے آخرت میں ہلاکت و تباہی مقدر ہے جس نے مال و دولت کے حصول کو اپنا مقصد زندگی بنا لیا ہو) اگر اسے کچھ ملے تو خوش ہوتا ہے اور اگر نہ ملے تو ناخوش ہوتا ہے۔ ہلاکت و رسوائی ہو جب اسے کانٹا چبھ جائے تو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کوئی نہ نکالے سعادت و برکت ہو راہ خدا میں اپنے گھوڑے کی لگام تھامنے کے لئے۔ اس کے بال پراگندہ اور خاک آلود قدم ہیں۔ اگر وہ نگہبانی پر مامور ہے تو ڈٹ کر پہرہ دیتا ہے اور اگر لشکر کے پیچھے رکھا جائے تو وہیں ڈٹا ہوا ہے اگر وہ اجازت طلب کرے تو اسے اجازت نہیں دی جاتی اور اگر کسی کی سفارش کرتا ہے تو قبول نہیں کی جاتی۔

تشریح: قوله :تعس عبد الدينار وعبد الدرهم وعبد الخميصة :تعس :عین کو مکسور اور مفتوح دونوں طرح پڑھنا درست ہے۔

"عبد الدينار" سے مراد وہ شخص ہے جو ناجائز طور پر مال حاصل کرے اور ناجائز استعمال کرے اور اپنے معبود کے مقابلہ میں دنیا کو ترجیح دے، اور یہی مطلب ہے "عبدالدرهم" کا' دینار و درہم کا ذکر بطور مثال ہے۔

صوفیائے کرام کا اس میں اختلاف ہے، کہ قیمتی اور کم قیمت لباس میں کونسا لباس افضل ہے شاذلیہ نقشبندیہ اور بکریہ کے نزدیک اغنیاء کا لباس پہننا افضل ہے اور سلف میں سے بعض کی بھی یہی رائے ہے۔

تعس عبد الدينار : یہ جملہ خبریہ ہے یا بددُعا ہے اُن لوگوں کیلئے جن کو دنیا کی محبت نے اور خواہشات کی اتباع نے غلام بنا رکھا ہے، اور اپنے مولیٰ کی عبادت سے اعراض کر بیٹھے۔ اس وجہ سے ایک صاحب معرفت نے فرمایا:

اتمنى على الزمان محالا

ان ترى مقلتاى طلعة حر

"میں زمانے سے ایک ناممکن چیز کی اُمید کر رہا ہوں اور وہ یہ کہ میری آنکھیں کامل انسان کا دیدار کریں۔"

رسول اللہ علیہ السلام نے "عبدالدينار" کی جگہ "صاحب الدينار" نہیں فرمایا' یہ بات سمجھانے کیلئے کہ مذموم وہ شخص ہے، جو مال جمع کرنے کا اس طرح غلام بن جائے کہ بادشاہ حقیقی کے حقوق ادا نہ کرے۔

خاص طور پر ان دونوں کو ذکر کیا کیونکہ دینار و درھم نقدی ہے، اس سے نفس اور شیطان کے تمام مقاصد پورے ہوتے ہیں۔

" خميصه" سے مراد ہے ریشم کا کپڑا یا وہ اُونی کپڑا جس پر بیل بوٹے ہوں۔ اور اس کو بطور خاص اسلئے ذکر کیا کہ اس کے پہننے میں عموماً تکبر، بڑائی ریاء اور دکھلاوا کا اظہار ہوتا ہے اور نفس اس کی طرف کامل طور پر مائل ہوتا ہے اور اس کو چھوڑنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ گویا پہننے والا اس کپڑے کا غلام ہے۔

بعض نے کہا ہے کہ "خميصه" سے مراد وہ کالی مربع چادر ہے جس پر دو نشان ہوتے ہیں۔

"عبدالخميصة" سے مراد وہ شخص ہے جو عمدہ لباس کی کثرت پسند کرتا ہو اور طاقت سے زیادہ تزین کی حرص رکھتا ہو۔

خلاصہ: ① اس کا کہ اس مقام پر عمدہ لباس کے ذریعے ظاہری تزین کا اہتمام کرنے کی مذمت کی گئی ہے خصوصاً جبکہ وہ لباس حرام یا مکروہ ہو اور ② (یہ کہ) اپنے باطن کو بُری خصلتوں سے خالی نہ کرنے اور عمدہ صفات کے ساتھ مزین نہ کرنے کی مذمت کی گئی ہے، چنانچہ جو دنیا میں ریشم پہنے گا آخرت میں نہیں پہنے گا' جس کے کپڑے باریک ہوں گے اُسکا دین باریک (کمزور) ہوگا' آستینوں کو لمبا کرنا اور دامن گھسیٹنا (لمبا کرتہ بنوانا) بطور تکبر اور فخر کے حرام ہے' اور اگر تکبر اور فخر کیلئے نہ ہو تو مکروہ ہے اور جب لباس شریعت کی نظر میں مباح ہوگا تو لباس میں تکلف کرنے اور تکلف چھوڑنے میں نیت کے اختلاف سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حکم مختلف ہوگا چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ﴿قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ط﴾ [الاعراف:۳۲] ''آپ فرمادیجئے کہ اللہ تعالیٰ کے پیدا کیے ہوئے کپڑوں کو جس کو اُس نے اپنے بندوں کے واسطے بنایا ہے، اور کھانے پینے کی حلال چیزوں کو کسی شخص نے حرام کیا''۔

قوله: ان اعطی رضی' وان لم یعط سخط: سخط: خاء مکسور ہے اور معنی ہے ''غصہ ہوتا ہے''۔ یہ جملہ انسان کی شدت حرص اور حالت کے انقلاب کا بیان ہے جیسا کہ اللہ نے منافقین کے بارے میں فرمایا: ﴿وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي الصَّدَقٰتِ ج فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا هُمْ يَسْخَطُوْنَ﴾ [التوبۃ:۵۸] ''وہ لوگ ہیں جو صدقات کے بارے میں آپ پر طعن کرتے ہیں، سو اگر ان صدقات میں سے ان کو مل جاتا ہے تو وہ راضی ہو جاتے ہیں اور اگر ان صدقات میں سے ان کو نہیں ملتا تو وہ ناراض ہو جاتے ہیں''۔

اور دوسری جگہ ارشاد فرمایا: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى حَرْفٍ ج فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ِ اطْمَاَنَّ بِهٖ ج وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ِ انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ج خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ط ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ﴾ [الحج:۱۱]

قوله: نعس وانتکس: تعس: اس لفظ کو دوبار ذکر کیا ہے تاکہ کلام میں تاکید ہو جائے اور بیان شدت کیلئے اس پر دوسرے جملہ کا عطف ہو جائے۔

قوله: واذا شیك فلا انتقش: شیك: شین مکسور ہے۔ اس کا معنی ہے کانٹا چبھنا۔

فلا انتقش: یہ مجہول کا صیغہ ہے اور ایک نسخہ میں بصیغہ معروف ہے، یعنی اُس کانٹے کے نکالنے پر قدرت نہ رکھے اور نہ کوئی ایسا شخص ملے جو کانٹا نکال دے، مطلب یہ ہے کہ جب کسی مصیبت میں مبتلا ہو جائے تو کوئی اُس پر رحم نہ کرے اور نہ بذات خود اُس مصیبت کو دفع کر سکے۔

نہایہ میں ہے کہ ''تعس'' اُس وقت بولا جاتا ہے، جب کوئی پھسل جائے اور اوندھے منہ گرے۔ کبھی ''تعس'' کا عین مفتوح پڑھا جاتا ہے۔ اس کا معنی ہے انسان کیلئے ہلاکت کی بددُعا کرنا' اور ''انتکس'' کا معنی ہے ''سر کے بل گرنا'' یہ انسان کیلئے نامرادی کی بددعا ہے۔ اس لیے کہ جو سر کے بل گر جائے تو وہ نامراد اور ناکام ہو گیا۔ اور ''واذا شیك'' کا مطلب یہ ہے کہ جب اس کو کانٹا چبھ جائے تو ''انتقاش'' پر قادر نہ ہو یعنی کے ''منقاش'' کے ذریعے کانٹا نکالنے پر قادر نہ ہو۔ اور ''خمیصه'' سے مراد ریشم کا کپڑا یا اُون کا وہ کپڑا جس پر بیل بوٹے ہوں۔

بعض نے فرمایا ہے کہ ''خمیصه'' اُس سیاہ کپڑے کو کہتے ہیں جس پر بیل بوٹے بنے ہوئے ہوں۔ پہلے لوگوں کا لباس تھا۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ بعض شارحین نے لکھا ہے، کہ حضور اقدس کے ارشاد ''عبدالدینار'' میں لفظ عبد کو خصوصی طور پر ذکر کرنے میں اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ دُنیا کی محبت اور دُنیا کی خواہشات میں انہماک سے انسان اُس قیدی کی طرح بن جاتا ہے، جو قید سے چھوٹ نہ سکتا ہو۔

حضور اقدس علیہ السلام نے ''مالك الدینار اور جامع الدینار'' نہیں فرمایا اس لئے کہ مذموم وہ دُنیا ہے جو زائد از مقدار حاجت ہو بقدر ضرورت دُنیا مذموم نہیں اور حضور اقدس علیہ السلام کے ارشاد: ''ان اعطی رضی وان لم یعط سخط''۔ میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دُنیا کو جمع کرنے کی حرص اور لوگوں کی اشیاء میں طمع کرنے کی شدت کی طرف اشارہ ہے اور "تعس" اور "انتکس" میں "تردید" کے ساتھ "ترقی" بھی ہے۔ یعنی حضور اقدس علیہ السلام نے لفظ "تعس" جس کا معنی ہے اُوندھے منہ گر جانا کو دوبارہ ذکر کیا تا کہ اُسکے ساتھ لفظ "انتکاس" جس کا معنی ہے سر کے بل گر جانا، کو بطور ترقی ذکر کر فرمایا تا کہ بددعا ہلکی نہ رہے بلکہ مزید سخت ہو جائے اور پھر ترقی کرتے ہوئے اس سے بڑھ کر بددُعا فرمائی: واذاشیك فلا انتقش) جس کا معنی ہے کہ یہ شخص (یعنی عبدالدینار) جب کسی مصیبت میں مبتلا ہو جائے تو اللہ کرے کہ اُسکا کوئی پُرسان حال نہ ہو، کیونکہ جب مصیبت زدہ پر لوگ ترس کھاتے ہیں تو بسا اوقات اُسکی مصیبت ہلکی ہو جاتی ہے، اور کچھ تسلی مل جاتی ہے لیکن یہ لوگ ایسے نہ ہوں بلکہ دشمنوں کی راحت وطنز سے ان کا غصہ بڑھتا رہے۔

حضور اقدس علیہ السلام نے خصوصی طور پر "انتقاش الشوك (پیر سے کانٹا نکالنا) کو ذکر فرمایا، کیونکہ کسی کے پیر سے کانٹا نکالنا مصیبت زدہ کی سب سے کم درجہ کی معاونت ہے، جب اس کم درجہ کی معاونت کی نفی فرمائی تو زیادہ معاونت کی نفی بدرجہ اولی ہوگئی۔

قوله : طوبى لعبد آخذ۔۔۔ مغبرة قدماه بطوبیٰ (یہ موصوف محذوف کی صفت ہے ۔) ای حالة طیبة۔ خوشحالی یا اس سے مراد جنت کا خاص "طوبیٰ نامی" درخت ہے۔

"لعبد" سے یہاں وہ بندہ مراد ہے جو خالص اللہ ہی کی بندگی کرتا ہے۔

آخذ: اسم فاعل کا صیغہ ہے اس کا معنی ہے پکڑنے والا۔

عنان: عین مکسور ہے

اشعث: منصوب ہے عبد سے حال ہے یا "عبد" کی صفت ہے۔

راسه: مرفوع ہے "اشعث" کا فاعل ہونیکی وجہ سے اور "اشعث راسه" کا معنی ہے وہ شخص جس کے سر کے بال غبار آلود ہوں۔ اور ایک نسخہ میں "راسہ" مرفوع ہے متبدا محذوف کی خبر ہونے کی وجہ سے اور جملہ "عبد" کی صفت ہے۔

مغبرة: منصوب ہے اور ایک نسخہ میں اس کا رفع ذکر کیا گیا ہے، جب کہ ایک اور نسخہ میں یہ مجرور ہے "عبد" کی صفت ہونے کی بناء پر۔

قدماه: "مغبرة" کا فاعل ہے اور علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ "اشعث" اور "مغبرة" دونوں "آخذا" کی ضمیر سے حال ہیں، "اور آخذا" نے "موصوف" پر اعتماد کیا ہوا ہے اور یہ بھی درست ہے کہ "اشعث" اور "مغبرة" دونوں "عبد" سے حال ہوں کیونکہ "عبد" موصوف ہے۔

قوله: ان كان في الحراسة.... كان في الساقة: الحراسة: حاء مکسور ہے یعنی اسلامی لشکر کے پہرہ اور دشمن کے حملہ سے ان کی حفاظت کرنے میں مصروف عمل ہے۔ "حراسة" اگرچہ لغت میں عام ہے لیکن عُرف میں لشکر کے اگلے حصہ والے مجاہدین کے پہرہ کو کہتے ہیں۔ اس وجہ سے فرمایا: كان في الساقة، یعنی وہ لشکر کے پچھلے حصہ میں رہ کر بھی اسی طرح کامل پہرہ دیتا ہے۔ پہرہ چھوٹنے کا خوف نہیں ہوتا اور پہرہ کی جگہ سے تجاوز نہ کرے بلکہ پہرہ دیتا رہے۔ اور علم معانی میں یہ بات معلوم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہو چکی ہے، کہ جب شرط اور جزاء ایک جیسی ہوں تو جزاء سے مراد کمال ہوتا ہے۔ چنانچہ معنی یہ ہے کہ چاہے لشکر کے اگلے حصہ میں پہرہ دے یا پیچھے پہرہ دے خوب کوشش کرتا ہے، اور اس طرح کمال کے ساتھ پہرہ دیتا ہے کہ تھوڑی سی غفلت بھی نہیں کرتے۔

علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ "حراسة" سے مراد لشکر کی دشمن سے حفاظت کیلئے پہرہ دینا ہے' اور پہرہ لشکر کے اگلے حصہ میں دیا جاتا ہے' جبکہ "ساقة" لشکر کے پچھلے حصہ کو کہتے ہیں، لہٰذا معنی یہ ہوا کہ جس کام کا کہا جائے وہ کام کرے اور وہاں کھڑا رہے جہاں کھڑا ہونے کو کہا جائے اور اپنی جگہ سے نہ ہلے۔

حضور اقدس علیہ السلام نے "حراسة" اور "ساقة" ذکر فرمایا اس لئے کہ اس میں مشقت ہے۔ اوّل (اگلے حصہ میں رہ کر پہرہ دینا) میں اُس وقت مشقت ہوتی ہے جس وقت اسلامی لشکر دار الحرب میں داخل ہو رہا ہو اور دوم (پچھلے حصہ میں رہ کر پہرہ دینا) میں اُس وقت مشقت ہوتی ہے جس وقت اسلامی لشکر دار الحرب سے نکل رہا ہو۔

قوله: ان استأذن لم يؤذن له الخ:

اور ایک نسخہ میں "اذا استأذن" ہے۔

لم يشفع: فاء مفتوح اور مشدد ہے۔

بعض نے اس کی وضاحت اس طرح کی ہے کہ اس جملہ میں اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ یہ آدمی دُنیا اور دنیا والوں کی طرف کوئی توجہ نہیں کرتا یہاں تک کہ مکمل طور پر گمنام ہوتا ہے، نہ لوگوں کے ہاں عزت و مرتبہ کا طالب ہوتا ہے، اور نہ مال کا طالب ہوتا ہے جبکہ اللہ کے ہاں صاحب منزلت ہوتا ہے، اور لوگ تو اس کی سفارش قبول نہیں کرتے لیکن اللہ کے ہاں اس کی سفارش مقبول ہوتی ہے۔

تخریج: امام ترمذی نے حدیث کے شروع کے الفاظ اختصار کے ساتھ ذکر کیے ہیں "**لعن عبد الدينار لعن عبد الدرهم**"

۵۱۶۲ : وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ اِلْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مِمَّا اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِیْ مَا يُفْتَحُ عَلَيْكُمْ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتِهَا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَ يَاْتِی الْخَيْرُ بِالشَّرِّ فَسَكَتَ حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهٗ يُنْزَلُ عَلَيْهِ قَالَ فَمَسَحَ عَنْهُ الرُّحَضَاءَ وَقَالَ اَيْنَ السَّائِلُ وَكَاَنَّهٗ حَمِدَهٗ فَقَالَ اِنَّهٗ لَا يَاْتِی الْخَيْرُ بِالشَّرِّ وَاِنَّ مِمَّا يُنْبِتُ الرَّبِيْعُ مَا يَقْتُلُ حَبَطًا اَوْ يُلِمُّ اِلَّا اٰكِلَةَ الْخَضِرِ اَكَلَتْ حَتّٰى امْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا اِسْتَقْبَلَتْ عَيْنَ الشَّمْسِ فَثَلَطَتْ وَبَالَتْ ثُمَّ عَادَتْ فَاَكَلَتْ وَاِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ اَخَذَهٗ بِحَقِّهٖ وَوَضَعَهٗ فِیْ حَقِّهٖ فَنِعْمَ الْمَعُوْنَةُ هُوَ وَمَنْ اَخَذَهٗ بِغَيْرِ حَقِّهٖ كَانَ كَالَّذِیْ يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَيَكُوْنُ شَهِيْدًا عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔ (متفق علیہ)

اخرجه البخاری فی صحيحه ۳۲۷/۳ حديث رقم ۱٤٦٥ و مسلم فی صحيحه ۷۲۸/۲ حديث رقم (۱۰۵۲/۱۲۳)، والترمذی فی السنن ٤/٥٥٣ حديث رقم ۲٤٦٣۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: ''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ (ایک دن) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ مجھے اپنی وفات کے بعد تمہارے بارے میں اندیشہ ہے کہ تم پر دنیوی آرائش وزیبائش کو کشادہ کر دیا جائے گا۔ ایک آدمی نے عرض کیا۔ یارسول اللہ! کیا بھلائی اپنے ساتھ برائی بھی لے کر آئے گی؟ آپ ﷺ خاموش رہے حتی کہ ہمیں خیال ہوا کہ آپ وحی نازل ہو رہی ہے۔ روای کہتے ہیں کہ آپؐ نے اپنے چہرہ مبارک سے پسینہ صاف فرمایا اور فرمایا کہ کہاں ہے وہ شخص جس نے سوال کیا تھا۔ آپؐ نے سائل کو تحسین فرمائی۔ پھر فرمایا نہیں بھلائی اپنے ساتھ برائی کو نہیں لے کر آئے گی۔ اور یقیناً موسم بہار جو چارہ اگاتا ہے اس میں بعض چارہ جانوروں کو اپھارہ کر کے صارڈالتا ہے یا ہلاک کے قریب پہنچا دیتا ہے اور یہی چارہ سبزہ خور جانور نے کھایا کہ اس کی کوکھیں نکل آئیں۔ اور وہ سورج کے سامنے بیٹھ گیا جگالی کرتا ہے گوبر اور پیشاب کرتا ہے اور پھر چراگاہ کی طرف جا کر سبزہ کھانے لگا یہ مال بھی سرسبز وشیریں ہے چنانچہ جس نے اسے درست طریقہ سے حاصل کیا ہے اور اس کے حق کے موافق خرچ کیا تو وہی مال بہترین مددگار ثابت ہوگا اور جس نے اس مال کو ناجائز طریقہ سے حاصل کیا تو پھر وہ اس شخص کی مانند ہے جو کھاتا رہتا ہے مگر سیر نہیں ہوتا اور وہ مال قیامت کے دن اس کے خلاف گواہ ہوگا۔

تشریح: قولہ: ان مما أخاف۔۔۔۔۔ زهرة الدنيا وزينتها:

زهرة الدنيا:

زهرة: زاء مفتوح اور ھاء ساکن ہے ھاء کا فتح بھی منقول ہے۔ قاموس میں ہے کہ ''زهرة'' کا معنی ہے نبات' کلی' شگوفہ اور ''زهرة الدنيا'' سے مراد دنیا کا حُسن اور اس کی رونق ہے۔

وزينتها: عطف تفسیر ہے۔

حضور اقدس علیہ السلام نے دنیا کے حُسن ورونق کو ''زهرة'' سے تعبیر کیا۔ اس بات کی طرف اشارہ کرنے کیلئے کہ دنیا کی مٹھاس اور سرسبز وشادابی فانی ہے، اور جلد زائل ہو جانے والی ہے۔ اور مطلب یہ ہے کہ مجھے تم پر اس بات کا خوف ہے کہ مختلف ممالک کے فتح ہونیکی وجہ سے کثرت اموال تم کو نیک اعمال سے روک دے گی اور نافع علوم کے حصول سے غافل کر دے گی اور تمہارے اندر گھٹیا اخلاق تکبر' خود پسندی' غرور' مال وجاہ کی محبت' اور وہ امور دنیویہ جو مال وجاہ سے متعلق ہیں، کے پیدا ہونے کا باعث بن جائیگی اور موت اور موت کے بعد والے احوال اُخرویہ کیلئے تیاری سے اعراض کا باعث بن جائیگی۔

قولہ: اويأتي الخير بالشر؟:

واؤ مفتوح ہے اور استفہام رہنمائی طلب کرنے کیلئے ہے۔ ای أيفتح علينا ويأتي الخير من الغنائم الخ

معنی یہ ہے کہ کیا ہمیں فتوحات ہونگیں اور کیا ایسا بھی ہوگا کہ ہمارے پاس خیر یعنی اموال غنیمت اور دوسرے اموال حلال اور وسعت رزق آئے اور اُسکے بعد شر یعنی ترک عبادت اور ترک اطاعت آئے جس کا آپ کو ہم پر خوف ہے۔

بعض فرماتے ہیں کہ ''باء'' يأتي کا متعلق ہے، اور تعدیہ کیلئے ہے۔ ای هل يستجلب الخير الشر: یعنی کیا خیر اپنے بعد شر لے کر آئے گا۔ مزید وضاحت یہ ہے کہ غنیمت کا مال ہمارے لئے خیر ہے کیا یہ خیر شر کا سبب بنے گا۔

قولہ: فسكت حتى ظننا انه ينزل عليه ينزل: صیغہ مجہول ہے۔ ای نزل الوحی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

:یعنی بواسطہ جبریل کے ورنہ تو حضور علیہ السلام کوئی بات اپنی طرف سے نہیں کرتے بلکہ وہ جو بھی فرماتے ہیں، وہ اللہ کی طرف سے وحی ہوتی ہے۔ چاہے وحی جلی ہو چاہے وحی خفی ہو۔

قولہ :قال فمسح عنہ الرحضاء:

الرحضاء: ''راء'' مضموم، ''حاء'' مفتوح، اور اس کے بعد نقطہ والا ''ضاد'' اور ممدود ہے۔

مقدمہ میں مذکور ہے کہ'' الرحضاء '' کا معنی ہے بخار میں آنے والا پسینہ اس مقام پر وہ پسینہ مراد ہے جو حضور اقدس ﷺ کو آتا تھا وحی کے اُترنے کے وقت۔ اس جملہ میں ایک بلیغ تشبیہ ہے اور مطلب یہ ہے کہ حضور علیہ السلام نے وہ پسینہ پونچھ لیا جو بخار کی وجہ سے آنے والے پسینہ کی طرح تھا اور کثرت کی وجہ سے بدن پر غسل کے پانی کی طرح بہہ رہا تھا۔

قولہ:انہ لا یأتی الخیر بالشر:

فقال انہ: یہ ضمیر شان ہے۔

لایاتی الخیر بالشر : یعنی حقیقۃً کیونکہ شر اور خیر میں منافات ہے لیکن بعض اوقات خیر شر کیلئے سبب بن جاتا ہے، اس کے بعد حضور علیہ السلام نے نے اپنی بات کیلئے ایسی مثال بیان فرمائی جو خیر کو (زھرۃ) کے ساتھ بیان کرنے کے مناسب ہے۔

قولہ وان مما ینبت الربیع..... :یعنی اللہ تعالیٰ کی قدرت وارادہ سے اور ان کی جانب سے پیداوار کے اسباب کو پیدا کر کے یعنی ایسے پودے یا ایسی چیز جس سے چوپائے مرجاتے ہیں۔

حبطا: ''حاء'' اور ''باء'' دونوں مفتوح ہیں، اس کا معنی ہے پیٹ کے بھر جانے کی وجہ سے پیٹ کا پھول جانا۔ یہ ترکیب میں تمیز ہے۔ اور مطلب یہ ہے کہ یہ سبز چارہ بعض اوقات حقیقۃً چوپایوں کے مرنے کا ذریعہ بنتا ہے۔

اویلم: ''یاء'' مضموم اور ''میم'' مشدد ہے۔ مطلب یہ ہے، کہ یہ سبز چارہ جانوروں کو مرنے کے قریب کر دیتا ہے، چنانچہ ''او'' نوع بیان کرنے کیلئے ہے اور کلام کا مطلب یہ ہوا۔ کہ موسم بہار میں ایسا بہترین چارہ اور گھاس اُگتی ہے جو چوپایوں کو اچھی معلوم ہوتی ہے، اور اتنا زیادہ چارہ کھاتے ہیں کہ اعتدال سے تجاوز کرتے ہیں، اور پیٹ پھول جاتا ہے اور انتڑیاں پھول جاتی ہیں، چنانچہ چوپائے مرجاتے ہیں، یا مرنے کے قریب ہو جاتے ہیں۔

یہ بات تو واضح ہے کہ موسم بہار میں مختلف قسم کا چارہ اُگتا ہے، جو بذات خود ایک بھلائی کی چیز ہے۔ لیکن جانوروں کی ہلاکت کی صورت جو برائی ظاہر ہوئی یہ تو کھانے میں حد سے تجاوز کرنیکی وجہ سے ہوئی۔ اسی طرح مال حرام جمع کر کے یا آخرت سے غافل کرنے والا مال حلال جمع کر کے حد اعتدال سے تجاوز کرنے والا اپنے مال کے ذریعے عیش پرستی میں مگن ہو جاتا ہے، اور اپنے انجام کی فکر نہیں کرتا تو زیادہ کھا کر دل سخت ہو جاتا ہے۔ اور گھٹیا اخلاق میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ پھر تکبر کرتا ہے، ظلم کرتا ہے، اور لوگوں کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور صاحب حق کو اس کا حق نہیں دیتا، لہٰذا جب کثرت مال کا انجام دُنیا میں ہلاکت اور آخرت میں عذاب ہے تو درحقیقت یہ مال وبال، عبرتناک سزا اور بدحالی کا سبب بن جاتا ہے۔

الخضر: ''خاء'' مفتوح ہے اور ''ضاد'' مکسور ہے اور ''خضر'' تر وتازہ چارہ کو کہتے ہیں اور ایک نسخہ میں ''خاء'' مضموم اور ''ضاد'' مفتوح ہے یہ خضرۃ کی جمع ہے اور ھاء کی زیادتی کے ساتھ بھی منقول ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مطلب یہ ہے کہ یہ چارہ ہر کھانے والے چوپائے کو مار دیتا ہے سوائے اُس چوپائے کے جو اس طرح اعتدال کے ساتھ کھائے جس کو حضور علیہ السلام نے اپنے قول (اکلت) سے بیان فرمایا۔ یعنی چرنے والا چوپایہ پیٹ بھر جائے اور سیر ہو جائے، سیر ہونے کو کوکھ کے بھر جانے سے تعبیر کیا کیونکہ جانور جب سیر ہو جاتا ہے، تو کوکھ بھر جاتے ہیں، عین چارہ کھا کر سورج کی طرف منہ کر کے بیٹھ جاتا ہے۔ اس طرح کر کے جو کچھ کھایا ہوتا ہے اُس کو ہضم کرتا ہے۔

اور شارح نے لکھا ہے کہ چارہ کھانا چھوڑ دیتا ہے، اور اپنے پیٹ کی گنجائش سے زیادہ نہیں کھاتا تا کہ زیادہ کھانا موت کا سبب نہ بنے اس کے بعد دھوپ کی طرف متوجہ ہو کر آرام کرتا ہے۔ جب پیٹ کا بوجھ ہلکا ہو جاتا ہے اور کھانے کی ضرورت پڑتی ہے تو لوٹتا ہے، اور دوبارہ چرنے لگتا ہے۔ یہی حال ہے اُس شخص کا جو مال سے مال کے حقوق ادا کرے اور اپنے آپ کو اغنیاء کی طرح زندگی سے بچاتا ہے، (اغنیاء کے ساتھ برابری نہیں کرتا) نفس کی بیماری اور علاج کو جانتا ہے، حکماء، انبیا اور اولیاء کے کلام سے واقف ہے، تو مال ایسے شخص کیلئے خیر ہے کیونکہ یہ مال اس کے لئے خیر حاصل کرنے اور شر کو رفع کرنے میں معاون ہے، لیکن چونکہ مال میں خطرہ زیادہ ہے اور یہ اکثر سالکین کو نقصان پہنچاتا ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے اکثر انبیاء اور اولیاء کیلئے فقر و فاقہ کا راستہ پسند فرمایا۔

تمام صوفیاء اور اکثر علماء کا مذہب یہ ہے کہ صابر فقیر شاکر غنی سے افضل ہے۔ اس مقام میں اتنا مجمل کلام ہی مقصود ہے۔

اس حدیث کی لغوی تفصیل اور الفاظ و معانی کی تحقیق کے بارے میں نہایہ میں لکھا ہے، کہ "حبط" "حاء" اور "باء" مفتوح ہو تو اس کا معنی ہے ہلاکت عربی میں "حبطت الدبة تحبط حبطا" حاء اور باء کے فتحہ کے ساتھ) اُس وقت بولا جاتا ہے جب جانور کو عمدہ چراگاہ ملے اور چرنے میں حد سے اتنا تجاوز کرے کہ پیٹ پھول جائے یہ اُس وقت ہوتا ہے جب موسم بہار میں اچھی اور عمدہ گھاس اُگتی ہے اس لئے جانور حد سے زیادہ گھاس کھاتے ہیں۔

"یلم" کا معنی ہے ہلاکت کے قریب ہو جاتے ہیں۔

"الخضر: 'ضاد' کے کسرہ کے ساتھ یہ ایک قسم کی گھاس ہے جو اچھی نہیں ہوتی۔ جانور یہ گھاس اُس وقت کھاتے ہیں، جب دوسری قسم کی گھاس نہ ملے، اس لئے اس گھاس سے نہ اپنا پیٹ بھرتے ہیں اور نہ مزید کھانے کیلئے اس کو ہضم کرنے کیلئے کوئی حرکت کرتے ہیں۔

قاضی نے لکھا ہے کہ "آکلہ" یقتل کا مفعول بہ ہونیکی وجہ سے منصوب ہے اور استثناء مفرغ ہے اور اصل عبارت یوں ہے: "ان مما ینبت الربیع مایقتل اکلہ الا آکل الخضر علی ھذا الوجہ" (موسم بہار میں پیدا ہونے والی بعض قسم کی گھاس اُس جانور کو مار دیتی ہے جو اُس کو کھائے سوائے "خضر" نامی گھاس کے جبکہ "خضر" نامی گھاس کو حدیث میں مذکور طریقہ سے کھایا جائے۔ ("الوجہ المذکور" سے مراد، أکلت حتی اشدت استقبلت الشمس ..... الخ) اور کلام میں عموم کیلئے کلام مثبت سے استثناء مفرغ درست ہے اور اس کی نظیر "قرات الا یوم کذا" ہے (فلاں دن کے علاوہ روزانہ پڑھا)۔

علامہ طیبیؒ اللہ نے لکھا ہے کہ مظہرؒ کا کلام اچھی چیز ہے۔ زیادہ اچھا یہ ہے کہ استثناء منقطع ہو کیونکہ مثبت کلام میں واقع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔اور استثناء مفرغ صاحب کشاف کے نزدیک بغیر تاویل کے جائز نہیں کیونکہ موسم بہار میں اُگنے والی گھاس میں سے بعض قسم کی گھاس ایسی ہوتی ہے کہ جس کو جانور زیادہ کھاتے ہیں، اور مرجاتے ہیں، کیونکہ "من" تبعیضیہ اس پر دلالت کرتا ہے اور حضور علیہ السلام کے ارشاد "الا اکل الخضر" سے گھاس کے انواع کی جو تقسیم ہوئی یہ بھی دلالت کرتی ہے کہ بعض قسم کی گھاس ایسی ہوتی ہے جس کو جانور زیادہ کھاتے ہیں، اور زیادتی کی وجہ سے مرجاتے ہیں، کیونکہ (خضر) ایسی گھاس نہیں ہے جس کو جانور زیادہ کھاتے ہوں اور شرح السنہ کی عبارت سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔

ازھری نے لکھا ہے کہ اس حدیث میں دو مثالیں بیان فرمائی گئی ہیں، ایک اُس شخص کی مثال ہے جو دُنیا کو جمع کرکے اور صاحب حق سے حق روک کر حد سے تجاوز کرتا ہے۔اور دوسری اُس شخص کی مثال ہے جو دُنیا حاصل کرنے اور دُنیا سے نفع لینے میں اعتدال پر ہے۔حضور علیہ السلام کا ارشاد: "وان مما ینبت الربیع ما یقتل حبطا" اُس شخص کی مثال ہے جو ناحق دنیا حاصل کرکے حد سے تجاوز کرے اور مثال کی وضاحت اس طرح ہے، کہ موسم بہار میں عُمدہ قسم کی گھاس اُگتی ہے اور جانور اس کو اتنا زیادہ کھاتے ہیں، کہ حد اعتدال سے تجاوز کرتے ہیں۔پیٹ پھول جاتے ہیں، اور انتڑیاں پھول جاتی ہیں اور ہلاک ہوجاتے ہیں، اسی طرح وہ شخص جو ناحق دنیا کو جمع کرتا ہے۔اور صاحب حق سے حق کو روک لیتا ہے تو وہ جہنم میں داخل ہو کر آخرت میں ہلاک ہوجاتا ہے۔اور حد اعتدال پر قائم رہنے والے شخص کی مثال ارشاد رسول ﷺ "الا اکلة الخضر" میں بیان کی گئی ہے اور مثال کی وضاحت اس طرح ہے کہ "خضر" نامی گھاس موسم بہار میں اُگنے والی گھاس میں سے اتنی عُمدہ قسم کی گھاس نہیں ہے کہ جانور اس کو زیادہ کھائیں بلکہ یہ موسم گرما کی گھاس ہے۔دوسری گھاس ختم ہونے کے بعد جانور اس کو تھوڑا تھوڑا کھاتے ہیں، اور زیادتی نہیں کرتے۔یہ اُس شخص کی مثال ہے کہ جو دُنیا حاصل کرنے میں اعتدال پر ہو اور حرص اس کو ناحق دُنیا لینے پر مجبور نہ کرے۔اور دُنیا کے وبال سے نجات پالیتا ہے۔

حضور علیہ السلام کے ارشاد: "حتی امتدت خاصرتاہ استقبلت عین الشمس" کے بارے میں اشرف لکھتے ہیں کہ وہ شخص جو اعتدال پر ہو اور اُسکا انجام اچھا ہوتا ہے۔اگرچہ بعض اوقات حد اعتدال سے تجاوز کرتا ہے اور اللہ کی طرف سے انسان کی طبیعت میں رکھی ہوئی شہوت کے غلبہ سے مذموم حد اسراف کے قریب ہوجاتا ہے۔یہی مطلب ہے "اکلت حتی امتدت خاصرتاہ" کا لیکن وہ شخص جلد ہی اُس مذموم حد اسراف سے لوٹ آتا ہے اور اُس حد پر زیادہ ٹھہرتا نہیں بلکہ اُن روشن اور واضح دلائل کی طرف متوجہ ہوتا ہے جو مہلک حرص کو دفع کرتے ہیں، اور جن سے حرص کا قلع قمع ہوجاتا ہے۔یہی مطلب ہے: "استقبلت عین الشمس فثلطت وبالت" کا۔دوسری بار کچھ عبارت حذف کردی کیونکہ پہلی والی عبارت اُس محذوف عبارت پر دلالت کررہی ہے اور اس میں اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ وہ شخص جس کا انجام اچھا ہوا گرچہ بار بار شہوت کے غلبہ کی وجہ سے حد اعتدال سے تجاوز کرنے لگتا ہے اور حد اسراف کے قریب ہونے لگتا ہے لیکن اللہ کی مشیت سے حد مذموم یعنی حد اسراف سے بچ جاتا ہے اور حد محمود یعنی حد اعتدال کے قریب ہوجاتا ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ لکھتے ہیں، کہ مذکورہ وضاحت کے مطابق استثناء متصل ہے۔لیکن مستثنیٰ منہ کی جانب میں تاویل ضروری ہے اور مطلب یہ ہے کہ من جملہ اُس چارہ کے جو موسم بہار میں اُگتا ہے کچھ ایسا بھی ہے جس کی وجہ سے جانور مرجاتے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سوائے "خضر" نامی گھاس کے کہ اس کو کھانے میں جانور حد اعتدال پر ہوتے ہیں، اور اتنی مقدار میں نہیں کھاتے کہ ہلاک ہو جائیں۔

قوله: وان هذا المال خضرة حلوة:

خضرة: "خاء" مفتوح اور "ضاد" مکسور ہے۔

حلوة: "حاء" مضموم ہے۔ معنی یہ ہے کہ دُنیا اچھا منظر پیش کرتی ہے۔ کیونکہ اس کا ذائقہ بھی بہت بڑھا ہوا۔ اور مونث صیغہ لانا اس وجہ سے ہے کہ مال سے مراد دُنیا اور دُنیا کی زینت ہے۔ کیونکہ تقدیری عبارت یوں ہے "ان زهرة هذا المال خضرة حلوة".

علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اسی طرح مونث کے صیغہ کے ساتھ بخاری سے ہم نقل کرتے ہیں، اور "خضر حلو" بھی نقل کیا گیا ہے۔ ایک وجہ مونث کا صیغہ لانے کی یہ بھی ہے کہ خضرة حلوة کو مونث کے صیغہ کے ساتھ ذکر کیا گیا۔ مشبہ بہ کی تانیث کی وجہ سے یعنی "ان هذا المال شيء كالخضرة" (یہ مال "خضرۃ" کی طرح ہے)۔ بعض نے معنی "كالبقلة الخضرة" ذکر کیا ہے۔ یا یہ تاویل کی جائے کہ "فائدة المال اى الحياة به والعيشة خضرة" (مال کا فائدہ یعنی مال کے ذریعہ سے معاش اور زندگی گزارنا خضرہ کی طرح ہے۔

علامہ طیبی نے لکھا ہے کہ یہ درست ہے کہ دنیا کو مال سے تعبیر کیا جائے۔ کیونکہ مال دنیا کی زینت والی دو چیزوں میں سب سے زیادہ زینت والی چیز ہے۔ جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿المال والبنون زينة الحياة الدنيا﴾ اس طرح یہ حدیث ابوسعید خدری کی اس حدیث کے موافق ہو جائیگی: "الدنيا خضرة حلوة وان الله مستخلفكم .....الخ"۔

مطلب یہ کہ مال کو تشبیہ دی ہے اُس چراگاہ کے ساتھ جو چوپایوں کی پسندیدہ جگہ ہے۔ قوله: فمن أخذه بحقه فنعم المعونة هو: یعنی وہ چیز جس سے اطاعت پر اعانت لی جاتی ہے اور کفالت کی ضرورت کو پورا کیا جاتا ہے۔ اس لئے کہ "معونة" سے مراد وصف ہے بطور مبالغہ یعنی دین پر اعانت کرنے والی اچھی چیز۔

"هو" سے اشارہ مال کی طرف:، اور اس کی نظیر ہے یہ قول "نعم المال الصالح للرجل الصالح" جب صالح بندہ کو حلال مال مل جائے تو یہ اچھی چیز ہے۔

قوله: ومن اخذه بغير حقه كان كالذى يأكل ولا يشبع: یعنی جو شخص بغیر ضرورت مال جمع کرے اور مال حرام جمع کرے اور مال کو اللہ کی مرضی کے مطابق خرچ نہ کرے تو لاعلاج بیماری اور مہلک پریشانی میں مبتلا ہو جائے۔ حرص کے غلبہ کی وجہ سے جیسا کہ وہ مریض جس کو "جوع البقر" یا استسقاء کی بیماری ہو جس میں پانی سے پیاس نہ بجھے بلکہ جتنا پیتا جائے پیاس بڑھتی چلی جائے اور پیٹ پھولتا چلا جائے۔

قوله: ويكون شهيدا عليه يوم القيامة:

یعنی یہ مال قیامت کے دن اس شخص کے خلاف اس کی حرص اور اسراف پر گواہی دے گا۔ اور اس بات پر گواہی دے گا کہ اس نے مال اللہ کی مرضی کے مطابق خرچ نہیں کیا اور اس بات پر گواہی دے گا کہ اس شخص نے اللہ کے بندوں کے حقوق ادا نہیں کیے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام غزالی رحمہ اللہ نے فرمایا:

''دنیا کی مثال سانپ کی سی ہے۔ کہ سانپ میں نفع والی چیز تریاق بھی ہوتا ہے۔ اور نقصان والی چیز زہر بھی ہوتا ہے۔ اگر دُنیا اُس شخص کے ہاتھ لگے جو دُنیا کے شر سے بچنا جانتا ہے اور اس دُنیا سے تریاق نکالنے کا طریقہ جانتا ہے تو اُسکے لئے نعمت ہے۔ اور اگر نالائق اناڑی کے ہاتھ لگے تو اُسکے لئے ہلاکت ہے۔

اس کی وضاحت خواجہ عبید اللہ نقشبندی کے قول سے بھی ہوئی ہے وہ فرماتے ہیں کہ دُنیا سانپ کی طرح ہے جو سانپ سے بچنے کا دم جانتا ہے اُسکے لئے اس کا حاصل کرنا جائز ہے ورنہ نہیں جائز کسی نے پوچھا کہ اس سے بچنے کا دم کیا ہے؟ فرمایا کہ یہ جاننا کہ ''مال کہاں سے حاصل کرنا چاہیے اور کہاں خرچ کرنا چاہیے'' اس سے بچنے کا دم ہے۔''

۵۱۶۳ : وَعَنْ عَمْرِوبْنِ عَوْفٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَاللّٰهِ لَا الْفَقْرَ اَخْشٰى عَلَيْكُمْ وَلٰكِنْ اَخْشٰى عَلَيْكُمْ اَنْ تُبْسَطَ عَلَيْكُمُ الدُّنْيَا كَمَا بُسِطَتْ عَلٰى مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَتَنَافَسُوْهَا كَمَا تَنَافَسُوْهَا وَتُهْلِكَكُمْ كَمَا اَهْلَكَتْهُمْ (متفق عليه)

اخرجه البخاری فی صحيحه ۳۱۹/۷ حديث رقم ٤٠١٥ و مسلم فی صحيحه ۲۲۷۳/٤ حديث رقم ۲۹۶۱/٦، والترمذی فی السنن ۲٤٦۲، واخرجه ابن ماجه ۱۳۳٤/۲ حديث رقم ۳۹۹۷۔

ترجمہ: ''حضرت عمرو بن عوف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: خدا کی قسم مجھے تمہارے بارے میں فقر و افلاس کا کوئی اندیشہ نہیں ہے (کیونکہ فقر و افلاس کی حالت میں دین کی سلامتی کا امکان غالب ہوتا ہے اور یہ چیز تمہارے حق میں زیادہ سودمند ہے) بلکہ مجھے اندیشہ اس بات سے ہے کہ دنیا تم پر کشادہ کی جائے گی (اور تم مالداروں کا طور طریقہ اختیار کر کے مختلف قسم کی آفتوں اور بلاؤں کے ذریعہ ہلاکت و تباہی میں مبتلا ہو جاؤ گے) تم سے پہلے لوگوں پر دنیا کو کشادہ کیا گیا تھا (اور وہ مال و دولت کی بے حد رغبت و محبت رکھنے کی وجہ سے فقراء اور مساکین پر رحم نہیں کھاتے تھے اور ان کی مدد و اعانت سے گریز کرتے تھے جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کو تباہ و برباد کر دیا گیا) چنانچہ تم دنیا کی طرف مائل ہو جاؤ گے جیسے تم سے پہلے لوگ مال ہوئے تھے اور پھر یہ دنیا تم کو اسی طرح تباہ و برباد کر دے گی جس طرح ان کو تباہ و برباد کر چکی ہے''۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: قوله: فوالله لا الفقر أخشى عليكم:

لا الفقر: منصوب ہے مفعول ہونیکی بناء پر اور اہتمام کی وجہ سے اپنے عامل پر مقدم کیا گیا ہے۔ اور اس کا عامل ''اخشى عليكم'' ہے۔ اور اسی وجہ سے کہا جاتا ہے کہ انسان کی حفاظت اس میں ہے کہ زیادہ قدرت نہ رکھے۔ اگر چہ فقر انسان کو کفر کے قریب کر دیتا ہے۔

قوله: ولكن أخشى عليكم ـــــ وتهلكم كما أهلكتهم:

فتنافسوها: اس کی ایک ''تاء'' حذف کی گئی اور اس کا ''تبسط'' پر عطف ہے اور ''نافست في الشئ'' بمعنى رغبت فيه'' (مجھے فلاں چیز میں رغبت ہے) سے لیا گیا ہے۔ اور درحقیقت ''منافسه'' اور ''تنافس'' کا معنی ہے نفس کا نفیس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چیز کی طرف مائل ہونا، اسی وجہ سے اللہ نے فرمایا: ﴿خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ؕ وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ﴾ [المطففین : ۲۶]

کما تنافسوھا: ماضی صیغہ ہے۔

طیبی رحمہ اللہ نے فرمایا: اگر یہ سوال کیا جائے کہ پہلے جملہ میں مفعول کو مقدم کیا گیا' جبکہ دوسرے میں ایسا نہیں کیا گیا۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ تو جواب یہ ہے کہ فقر کے معاملہ کی اہمیت بتانے کیلئے اس طرح کیا گیا۔ اس لئے کہ مہربان والد کی موت کا وقت جب قریب آتا ہے تو اولاد کے ضائع ہونے اور تنگدستی کی اس کو فکر وغم بڑھتا ہے۔ تو گویا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تمہارے ساتھ میرا معاملہ اس طرح نہیں ہے جس طرح کہ والد کا معاملہ ہوتا ہے۔ کیونکہ مجھے تم پر فقر کا اس طرح اندیشہ نہیں جس طرح والد کو اولاد پر فقر کا اندیشہ ہوتا ہے۔ بلکہ مجھے تو تم پر مالداری (غنیٰ) کا خوف ہے حالانکہ یہ مالداری اولاد کیلئے والد کا مطلوب ہوتا ہے۔

"الفقر" میں "الف لام" یا تو عہدی ہیں، چنانچہ وہ حالت فقر مراد ہے جس پر صحابہ تھے یعنی اُنکے پاس دُنیا بالکل نہ تھی اور اگر تھی تو بالکل قلیل مقدار میں اور "البسط" سے مراد، وہ کشادگی ہے جو صحابہ پر مختلف ممالک فتح کرنے کی وجہ سے آئی تھی۔

یا "الف لام" جنس کیلئے ہے اور "فقر" سے مراد وہ حالت ہے جس کو ہر شخص جانتا ہے۔

"البسط" سے مراد بھی وہ حالت ہے جس کی حقیقت ہر شخص جانتا ہے۔ اور اس کی نظیر اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے: ﴿فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا﴾ [الانشراح: ۵-۶] اور بظاہر فقر سے مراد وہ حالت ہے جس میں انسان کے پاس دین اور بدن کی وہ تمام ضروریات نہ ہوں جن کی انسان کو ضرورت ہوتی ہے۔

غنیٰ سے مراد مقدار کفایت سے زائد وہ دنیا مراد ہے جس کی وجہ سے انسان میں سرکشی اور اللہ کی عبادت سے غفلت پیدا ہو جائے۔ اور طیبی رحمہ اللہ نے اس کا معنی یوں بیان کیا ہے کہ تم لوگوں کو دُنیا کی رغبت ہوگی اور دنیا کو جمع کرنے میں مشغول ہو گے۔ اور اپنے پاس مال روکے رکھنے کی حرص ہوگی۔ اور اس دُنیا کی وجہ سے سرکش ہو جاؤ گے۔ اور ہلاک ہو جاؤ گے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿كلا ان الانسان ليطغى ان راه استغنى﴾ ترجمہ "سچ مچ بیشک آدمی حد سے نکل جاتا ہے۔ اس وجہ سے کہ اپنے کو مستغنی دیکھتا ہے۔"

اور یہ بھی احتمال ہے کہ اغنیاء کی ہلاکت مال کی وجہ سے اس لئے ہوتی ہے کہ ان کے اموال میں لوگوں کو رغبت ہوتی ہے۔ اور لوگ ان سے اُمید اور توقع رکھتے ہیں' تو جب لوگوں سے مال کو روکتے ہیں تو ان کے اور لوگوں کے درمیان عداوت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور یہ عداوت ہلاکت کا باعث بنتی ہے۔ لیکن حدیث سے یہ مراد لینا بعید ہے بلکہ محال ہے اور اس احتمال کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

تخریج: طبرانی نے جامع صغیر میں انسؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے: "من اصبح حزينا على الدنيا أصبح ساخطا على ربه تعالىٰ' ومن أصبح يشكو مصيبة نزلت به فانما يشكوا الله تعالىٰ' ومن تضعضع لغنى لينال مما في يديه أسخط الله تعالىٰ فدخل النار فابعده الله تعالىٰ۔

"جو دنیا کے فوت ہو جانے پر غمگین ہو جائے وہ اللہ کے فیصلوں پر ناراض ہوتا ہے۔ اور جو کسی آئی ہوئی مصیبت کی شکایت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرے تو وہ درحقیقت اللہ کی شکایت کرتا ہے۔اور جو شخص کسی مالدار سے مال حاصل کرنیکی غرض سے اُسکے سامنے عاجزی ظاہر کرتا ہے وہ اپنے رب کو ناراض کرتا ہے۔اور جو شخص قرآن سیکھ کر بھی جہنم میں داخل ہو جائے اللہ اُس کو جہنم کے سب سے نیچے درجے تک پہنچا دیتا ہے۔"

ابوالشیخ نے ثواب میں ابودرداءؓ کی حدیث اسی طرح بیان کی ہے مگر اس حدیث کے آخر میں ہے:

ومن قعد او جلس الی غنی فتضعضع له لدنیا تصیبه ذهب ثلثا دینه ودخل النار

"جو شخص کسی مالدار کے پاس بیٹھ جائے اور دنیا حاصل کرنے کی غرض سے اُسکے سامنے ذلت اُٹھائے تو اُسکا دو تہائی دین چلا جاتا ہے اور آگ میں داخل ہو جاتا ہے۔"

۵۱۶۴ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ اٰلِ مُحَمَّدٍ قُوْتًا وَفِیْ رِوَایَةٍ كَفَافًا. (متفق علیه)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۲۸۱/۱۱ حدیث رقم ٦٤٦٠ و مسلم فی صحیحه ۲۲۸۱/٤ حدیث رقم (۱۸-۱۰۵۵)، والترمذی فی السنن ۵۰۱/٤ حدیث رقم ۲۳٦۱ و ابن ماجه فی السنن ۱۳۸۷/۲ حدیث رقم ٤۱۳۹، واحمد فی المسند ٤٤٦/۲۔

ترجمہ: "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی: "اے اللہ! تو آل محمد (ﷺ) کو بقدر قوت رزق عطا فرما" اور ایک روایت میں (قوت کے بجائے) "کفاف" کا لفظ مروی ہے۔(بخاری و مسلم)

تشریح: "آل محمد"۔سے مراد حضور اقدس علیہ السلام کی اولاد اہل بیت اور وہ لوگ جنہوں نے آپ کی کامل تابعداری کی اور آپ کے ساتھ محبت کا ثبوت دیا۔

قوت: جس سے اطاعت پر قدرت ملے اور زندگی کے لیے سانس چلتی رہے۔

قوله: وفی روایة کفافا:

"کفافاً": "کاف" مفتوح ہے اور کفاف گزارہ اس بقدر روزی کو کہتے ہیں جس کی وجہ سے انسان بھوک اور سوال سے بچ جائے۔بظاہر یہ روایت پہلی روایت کی تفسیر ہے اور اس کا بیان ہے کہ کم سے کم معیشت پر اکتفاء کرنا بہتر طریقہ ہے۔اور اللہ تعالیٰ نے حضور اقدس علیہ السلام کی اس دُعا کو ہر اُس شخص کے بارے میں قبول فرمایا جس کو اللہ نے پسند فرمایا اور منتخب کیا۔

"آل" کی تفسیر میں دوسری رائے یہ ہے کہ "آل" سے مراد اس اُمت کے وہ خواص ہیں جو اہل کمال ہیں۔اور اس کی تائید اُس حدیث سے ہوتی ہے جس کو ابن ماجہؒ نے عمرو بن غیلان الثقفی اور طبرانی نے معاذ بن جبل سے آپ کی دُعا کے بارے میں نقل کیا ہے: "اللهم من آمن بی....." اے اللہ جو شخص میرے اُوپر ایمان لایا اور میری تصدیق کی اور اس بات کا یقین رکھا کہ جو دین میں تیری طرف سے لے کر آیا ہوں وہ حق ہے اُس کو کم مال اور کم اولاد دے اور اپنی ملاقات اُسکی محبوب چیز بنا اور اُسکی عُمر مختصر کر دے۔اور جو شخص میرے اُوپر ایمان نہیں لایا اور میری تصدیق نہیں کی اور اُس دین کے حق ہونے کا یقین نہ رکھا جس کو میں تیری طرف سے لے کر آیا ہوں اُس کو زیادہ مال اور زیادہ اولاد دے اور اُسکی عُمر طویل کر دے"۔اور شاید اس کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وجہ وہ ہے جو آپؐ سے مروی ہے :"قليل يكفيك خير من كثير يطغيك" وہ قلیل مال جو بقدر کفایت ہو اُس کثیر مال سے بہت ہے، جو سرکشی پیدا کرے۔

اور ایک روایت میں ہے، کہ وہ "قلیل مال جس کا شکر ادا کیا جائے۔ بہتر ہے اُس کثیر مال سے جس کا شکر ادا کرنے کی تم طاقت نہ رکھو"۔ اور ایک صاحب حال نے کیا ہی اچھا کہا ہے:

زيادة المرء في دنياه نقصان

وربحه غير محض الخير خسران

"دُنیاوی اُمور میں انسان کی ترقی اس کے لئے نقصان دہ ہے اور نیکی کیے بغیر صرف دُنیاوی نفع حاصل کرنا آخرت کا خسارہ ہے۔

نہایہ میں ہے، کہ "کفاف" اُس مال کو کہتے ہیں، جو بقدر ضرورت ہو اور ضرورت میں خرچ کرنے کے بعد نہ بچے۔ طیبی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ یہ روایت پہلی روایت کی تفسیر کرتی ہے۔ کیونکہ (قوت) اُس رزق کو کہتے ہیں جس سے زندگی کے لیے سانس چلتی رہے۔

بعض کہتے ہیں کہ "قوت" اس وجہ سے ہیں کہ اس سے قوت حاصل ہوتی ہے۔

حضور اقدس علیہ السلام نے اللہ کے ہاں پسندیدہ عمل اعتدال کا راستہ بتایا ہے۔ کیونکہ مال کی کثرت انسان کو آخرت سے غافل کر دیتی ہے۔ اور مال کی قلت انسان کو آخرت بھلا دیتی ہے۔ چنانچہ وہ مال قلیل جو بقدر کفایت ہو بہتر ہے اُس مال سے جو کثیر ہو اور غافل کر دے۔

آپ ﷺ کی دُعا میں اُمت کیلئے مکمل رہنمائی ہے کہ بقدر ضرورت روزی سے زائد روزی طلب کرنے کیلئے اپنے آپ کو تھکانا مناسب نہیں ہے، کیونکہ اس میں خیر نہیں ہے۔

"کفاف" کا حکم اشخاص اور احوال کے اختلاف سے بدل جاتا ہے۔ بعض کو اتنا کم کھانے کی عادت ہوتی ہے کہ پورے ہفتہ میں ایک مرتبہ کھاتے ہیں ان کے لئے "کفاف" اور "قوت" وہی ایک مرتبہ کھانا ہے۔ بعضوں کو دن میں ایک یا دو بار کھانے کی عادت ہوتی ہے۔ ان کے لئے "کفاف" وہ مقدار ہے۔ اس لئے کہ اس سے کم میں ان کو نقصان پہنچتا ہے۔ اور عبادت کی طاقت نہیں رہتی۔ بعض کی اولاد زیادہ ہوتی ہے۔ ان کے لئے "کفاف" وہ روزی ہے جو اس کے عیال کی زندگی کیلئے ضروری ہو۔ اور بعض کی اولاد کم ہوتی ہے۔ ان کو زیادہ روزی اور زیادہ مشغولیت کی ضرورت نہیں ہے۔ لہٰذا "کفاف" کی مقدار متعین نہیں ہے۔ مگر پسندیدہ وہ مقدار روزی ہے جس سے اطاعت پر قدرت حاصل ہو اور بقدر ضرورت مشغول ہو۔

تخریج: اور جامع میں ہے: "اللهم ارزق آل محمد في الدنيا قوتا"

اے اللہ! آل محمد کو دنیا میں بقدر ضرورت رزق دے۔ اس کو مسلم، ترمذی اور ابن ماجہ نے ابو ہریرہ سے روایت کیا ہے۔

۵۱۶۵ : وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اَسْلَمَ وَرُزِقَ كَفَافاً وَقَنَّعَهُ اللّٰهُ بِمَا آتَاهُ۔ (رواہ مسلم)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اخرجه مسلم فی صحیحه ۲/۷۳۰ حدیث رقم (۱۲۵-۱۰۵٤)، والترمذی فی السنن ٤/٤۹۷ حدیث رقم ۲۳٤۸ و ابن ماجه فی السنن ۲/۱۳۸٦ حدیث رقم ٤۱۳۸ واحمد فی المسند ۲/۱٦۸۔

ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ کامیاب ہو گیا وہ شخص جس نے اسلام قبول کیا (یا ''اسلم'' سے مراد یہ ہے کہ اس نے قضا وقدر الٰہی کے سامنے سر تسلیم خم کیا) اس کو گزارہ لائق رزق دیا گیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنے عطا کردہ رزق پر قناعت کی توفیق بخشی۔ (مسلم)

تخریج: احمد، ترمذی اور ابن ماجہ نے اسی طرح روایت کیا ہے۔

احمد کی ایک روایت میں ابوذر رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً نقل کیا گیا ہے: ''قد افلح من اخلص۔

''جس نے اپنے دل کو ایمان کیلئے خالص کیا اور اپنے دل کو محفوظ کیا اور اپنی زبان کو سچ گو بنالیا اور اپنے نفس کو نفس مطمئنہ بنا دیا اور اپنے اخلاق کو بہتر بنالیا اور اپنے کان کو حق سننے والا بنایا اور اپنی آنکھ کو حق دیکھنے والا بنایا وہ کامیاب ہوا۔''

اور ایک روایت میں اختصار کے ساتھ منقول ہے: ''قد افلح من رزق لبا''۔ وہ شخص کامیاب ہوا جس کو عقل دی گئی۔

بیہقی نے قرہ بن ہبیرہ سے اس کو نقل کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ﴾ [المؤمنون-۱-۲] ۔ واللّٰہ تعالیٰ اعلم۔

۵۱۶۶: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْعَبْدُ مَالِیْ مَالِیْ وَاِنَّ مَالَهٗ مِنْ مَالِهٖ ثَلٰثٌ مَا اَكَلَ فَاَفْنٰى اَوْ لَبِسَ فَاَبْلٰى اَوْ اَعْطٰى فَاقْتَنٰى وَمَاسِوٰى ذٰلِكَ فَهُوَ ذَاهِبٌ وَتَارِكُهٗ لِلنَّاسِ۔

(رواه مسلم)

اخرجه مسلم فی صحیحه ٤/۲۲۷۳ حدیث رقم (٤-۲۹۵۹)، والترمذی فی السنن ٤/٤۹٤ حدیث رقم ۲۳٤۲، والنسائی فی السنن ٦/۲۳۸ حدیث رقم ۳٦۱۳ واحمد فی المسند ۲/۳٦۸۔

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بندہ کہتا رہتا ہے کہ میرا مال' میرا مال (یعنی جو شخص مالدار اور دولت مند ہوتا ہے وہ اپنے مال و دولت پر بہت فخر کرتا ہے اور دوسرے پر یہ جتانے کی کوشش کرتا ہے کہ میرے پاس مال و دولت ہے) حالانکہ اس کا مال تین طرح سے (اس کے کام کا) ہے (اور ان تین چیزوں میں سے بھی صرف ایک چیز ایسی ہے جو اس کے لئے حقیقی نفع بخش اور باقی رہنے والی ہے جب کہ بقیہ دو چیزیں ایسی ہیں جن کا تعلق دنیا سے ہے اور جو فنا ہو جانے والی ہے) ایک وہ جو اس نے کھا کر ختم کر دیا' دوسرا جو اس نے پہن کر بوسیدہ کر دیا اور تیسرا جو اللہ کی راہ میں خرچ کر کے اپنی آخرت کے لئے) محفوظ کر لیا' ان تینوں کے سوا اور جو کچھ ہے وہ لوگوں کے لئے چھوڑ کر (اس دنیا سے) چلا جانے والا ہے''۔ (مسلم)

تشریح: **قوله: يقول العبد مالی مالی**:

حالانکہ بندہ اور اُسکے قبضہ میں جو کچھ ہے اللہ کا ہے اور صوفیہ نے بھی لکھا ہے کہ انسان کیلئے دُرست نہیں کہ کسی چیز کی نسبت اپنی طرف کرے۔ یعنی میرا مال اتنا ہے اور اتنا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ بطور فخر مال گنتا ہے یا مطلب یہ ہے کہ مال کو تھوڑا سمجھ کر مال کو ذکر کرتا ہے اور مال سے جو مقصود ہے اُس کو نہیں جانتا اور مال کے انجام یعنی وبال کو نہیں جانتا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: وان ماله من ماله ثلاث: ثلاث: پہلا ''ما'' موصولہ ہے اور ''لا'' اس کا صلہ ہے اور ''من ماله'' صلہ سے متعلق ہے اور ''ثلاث'' خبر ہے۔ اور عدد میں مونث کا معاملہ کیا گیا ''منافع'' کی تاویل کر کے (یہ بات طیبی رحمہ اللہ نے ذکر کی ہے) اور مطلب یہ ہے کہ انسان کے لیے اُن میں سے ایک منفعت حقیقی اور باقی رہنے والی ہے دوسری دو صُوری اور فانی ہیں۔

ما أكل فافنى: یعنی جو کھائی جانے والی اور پی جانے والی چیزیں استعمال کی اس میں تغلیب اور اکتفاء ہے۔

قوله: فهو ذا هب وتاركه للناس:

یعنی ورثاء وغیرہ کیلئے بغیر کسی ایسے فائدہ کے جو اس بندہ کو ملے، باوجود یکہ حساب کا مطالبہ ہوگا اور سزا دی جائیگی۔

۵۱۶۷ : وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتْبَعُ الْمَيِّتَ ثَلٰثَةٌ فَيَرْجِعُ اثْنَانِ وَيَبْقٰى مَعَهٗ وَاحِدٌ يَتْبَعُهٗ اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ وَعَمَلُهٗ فَيَرْجِعُ اَهْلُهٗ وَمَالُهٗ وَيَبْقٰى عَمَلُهٗ۔ (متفق عليه)

اخرجه البخارى فى صحيحه ٣٦٢/١١ حديث رقم ٦٥١٤ واخرجه مسلم فى صحيحه ٢٢٧٣/٤ حديث رقم ٢٩٦٠/٥، والنسائى فى السنن ٥٣/٦ حديث ١٩٣٧ والترمذى فى السنن ٥٠٩/٤ حديث رقم ٢٣٧٩: واحمد فى المسند ١١٠/٣۔

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میت کے ساتھ (قبر تک) تین چیزیں جاتی ہیں اُن میں سے دو چیزیں تو (اس کو اکیلا چھوڑ کر) واپس لوٹ آتی ہیں اور ایک چیز اس کے ساتھ باقی رہ جاتی ہے اس کے اہل وعیال اس کا مال اور اسکے اعمال اہل اور مال واپس آ جاتے ہیں اسکے اعمال ساتھ رہ جاتے ہیں''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله: يتبع الميت ثلاثه:

مظہر نے فرمایا ہے کہ اس سے مراد ایک قسم کا مال اس کے غلام ہیں، اور طیبی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ گھر والوں کا میت کے پیچھے چلنا حقیقۃً ہوتا ہے اور مال کا میت کے پیچھے چلنا مجازاً ہوتا ہے۔ کیونکہ موت کے بعد بھی مال کا انسان کے ساتھ اُسکی تجہیز، تکفین، غُسل کا خرچہ، قبر تک لے جائے جانے اور تدفین میں تعلق رہتا ہے۔ اور جب میت کو دفنا دیا جاتا ہے تو مال کا اُسکے ساتھ تعلق بالکل ختم ہو جاتا ہے۔

اسی وجہ سے کہا جاتا ہے: ''القبر صندوق العمل'' قبر عمل کا صندوق ہے۔ اور حدیث میں ہے: القبر روضة من رياض الجنة أو حفرة من حفر النيران ''قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے یا جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے''۔

۵۱۶۸ : وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّكُمْ مَالُ وَارِثِهٖ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ مَالِهٖ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَامِنَّا اَحَدٌ اِلَّامَالُهٗ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ مَالِ وَارِثِهٖ قَالَ فَاِنَّ مَالَهٗ مَاقَدَّمَ وَمَالُ وَارِثِهٖ مَا اَخَّرَ ۔ (رواه البخارى)

اخرجه البخارى فى صحيحه ٢٦٠/١١ حديث رقم ٦٤٤٢ واحمد فى المسند ٣٨٢/١۔

ترجمہ: ''حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ (ایک دن) رسول اللہ ﷺ نے (صحابہ کو مخاطب کر کے) فرمایا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''تم میں سے کون ہے جسے اپنے ورثا کا مال اپنے مال سے زیادہ پسند ہو؟ صحابہ کرام نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ (ﷺ) ہم میں کوئی ایسا شخص نہیں جو اپنے مال سے زیادہ اپنے وارث کے مال کو محبوب رکھتا ہو۔ تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا حقیقت میں اس کا مال وہ ہے جسے اس نے (صدقہ وخیرات وغیرہ کے ثواب کی صورت میں) آگے بھیج دیا ہے، جب کہ پیچھے رہ جانے والا مال اس کے ورثا کا ہے (بخاری)

تشریح: قوله: فان ماله ما قدم :

یعنی جس مال کو بندہ نے اپنی موت سے پہلے آخرت کے لئے بھیج دیا۔ کیونکہ یہ مال بندہ کو نفع دے گا اور اس کے لئے آخرت میں باقی رہے گا۔ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ﴾ [البقرة: ۱۱۰] ''جو بھلائی تم اپنے لئے آگے بھیجو گے اللہ کے ہاں پالو گے۔''

قوله: ومال وارثه ما اخر یعنی جو مال اپنے ورثاء کیلئے پیچھے چھوڑ دیا۔ کہ ورثاء اُس مال سے وہ بُرائی یا بھلائی کرینگے جو اُنکے لئے مقدر ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ﴾ [الانفطار: ۵] ''ہر شخص اپنے اگلے اور پچھلے اعمال کو جان لے گا۔''

۵۱۶۹ : وَعَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقْرَءُ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ قَالَ يَقُوْلُ ابْنُ اٰدَمَ مَالِيْ قَالَ وَهَلْ لَكَ يَا ابْنَ اٰدَمَ اِلَّا مَا اَكَلْتَ فَاَفْنَيْتَ اَوْلَبِسْتَ فَاَبْلَيْتَ اَوْ تَصَدَّقْتَ فَاَمْضَيْتَ۔ (رواه مسلم)

أخرجه مسلم في صحيحه ٤/ ٢٢٧٣ حديث رقم (٣-٢٩٥٨) واحمد في المسند ٤/ ٢٤۔

ترجمہ: ''حضرت مطرف (تابعی) اپنے والد ماجد (حضرت عبداللہ بن شخیر رضی اللہ عنہ) سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ میں نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس وقت آپ الھٰکم التکاثر کی تلاوت فرما رہے تھے آپؐ نے ارشاد فرمایا ابن آدم میرا مال، میرا مال کہتا ہے آپؐ نے فرمایا اے ابن آدم! تیرا مال تو محض وہ ہے جو تو نے کھا کر ختم کر دیا یا پہن کر پرانا کر دیا یا صدقہ کر کے توشہ آخرت بنالیا''۔ (مسلم)

تشریح: قال يقول ابن آدم (مالي مالي): کیونکہ وہ امانت کا ذمہ اٹھانے میں ظلوم وجہول ہے۔

مال کو اپنی طرف منسوب کر کے کبھی تو دھوکہ کھا جاتا ہے اور کبھی فخر کرتا ہے۔

قال: وهل لك الخ : ماقبل بات کا تکرار تاکید کیلئے ہے اور اس وہم کو زائل کرنے کیلئے ''کہ یہ راوی کا قول ہے۔

یعنی اس مال کو بوسیدہ کرنے اور ختم کرنے کیلئے خرچ کیا۔ اور قیامت کے دن اپنے نفع کیلئے باقی رکھا۔ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿ما عندكم ينفدو ما عند الله باق﴾ [النحل۔۹۶]

ترجمہ ''جو تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا اور جو اللہ کے پاس ہے باقی رہے گا۔''

اللہ تعالیٰ کا ایک اور مقام پر ارشاد ہے: ﴿مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً﴾ [البقرة۔۲۴۵]

''کوئی شخص ہے جو اللہ تعالیٰ کو قرض حسنہ دے پھر خدا تعالیٰ اس کو اس شخص کیلئے بڑھاتا چلا جائے، اور اس کے لئے اجر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پسندیدہ ہے۔"

۵۱۷۰ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ الْغِنٰى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ وَلٰكِنَّ الْغِنٰى غِنَى النَّفْسِ (متفق علیه)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۲۷۱/۲۱/حدیث رقم ٦٤٤٦ و مسلم فی صحیحه ۷۲٦/۲ حدیث رقم (۱۲۰-۱۰۵۱) والترمذی فی السنن ۵۰٦/٤ حدیث رقم ۲۳۷۳وابن ماجه ۱۳۸٦/۲ حدیث رقم ٤۱۳۷، واحمد فی المسند ۲٦۱/۲۔

ترجمہ: "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "حقیقی دولتمندی مال ومنال کی کثرت نہیں بلکہ دولتمندی تو نفس (یعنی دِل) کا مالدار ہونا (مال کا غنی ہونا) ہے"۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله: لیس الغنی کثرة العرض:

حقیقت جاننے والوں کے ہاں غنی وہ نہیں ہے جو عارضی اشیاء اور عارضی احوال کے اعتبار سے غنی ہے

"عرض": "عین" اور "راء" مفتوح ہے۔ اور نہایہ میں اس کا معنی دنیا کا سامان اور ملبہ ہے۔ شارح نے لکھا ہے کہ "عرض" کی "را" اگر متحرک ہو تو نقدی اور نقدی کے علاوہ دوسرے اموال کو کہتے ہیں اور اگر ساکن ہو تو نقدی کو شامل نہ ہوگا۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ مذکور لفظ "عن" ارشاد باری ﴿فازلهما الشيطن عنها﴾ میں مذکور "عن" کی طرح ہے۔

کشاف نے لکھا ہے کہ شیطان نے اُن دونوں کو اس درخت کی وجہ سے پھسلایا اور کلام کی اصل یوں ہے کہ شیطان اپنے آپ سے اُن دونوں کا پھسلن صادر کیا۔

قوله: لکن الغنی غنی النفس: 'نون' مشدّد ہے اور مخفف پڑھنا بھی دُرست ہے۔

غنی النفس: یعنی اللہ کی توفیق سے مخلوق سے مستغنی ہونا۔ اور مطلب یہ ہے کہ حقیقی غنی اللہ کے دیئے ہوئے پر قناعت کرنے اور دنیا طلب کرنے میں حرص سے پرہیز کرنے کا نام ہے لہٰذا جس کے دل میں دنیا جمع کرنے کی حرص ہو وہ فی الحال بھی فقیر ہے اور انجام کے اعتبار سے بھی فقیر ہے اگرچہ اس کے پاس بہت سارا مال ہو؛ کیونکہ اپنی لمبی اُمیدوں کی وجہ سے مال کی زیادتی کا محتاج ہے۔ جس شخص کا دل بقدر ضرورت روزی پر قناعت کرے۔ اور مالک الملک والملکوت کے دئے ہوئے رزق پر راضی رہے اُسکا دل غنی ہے اور اپنے رب کی طرف محتاج رہ کر دوسروں سے مستغنی ہے؛ چاہے اس کے پاس مال ہو یا نہ ہو۔ اسلئے کہ یہ شخص بقدر کفایت روزی سے زیادہ طلب نہیں کرتا اور موت تک دنیا کو طلب کرنے میں اپنے آپ کو نہیں تھکاتا۔ بلکہ اللہ سے زیادہ انعام حاصل کرنے اور آخرت میں زیادہ اجر وثواب حاصل کرنے کیلئے دُنیا کی تھوڑی مقدار پر گزارہ کرتا ہے۔ حدیث میں ہے کہ "قناعت نہ ختم ہونے والا خزانہ ہے" اور ایک روایت میں ہے کہ "قناعت فنا نہ ہونے والا خزانہ ہے"۔ اور ایک صاحب دل نے کیا ہی اچھا کہا ہے:

عزیدالنفس من لزم التناعة
ولم یکشف لمخلوق قناعه

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''وہ شخص عزت والا ہے جو قناعت کو لازم پکڑے اور مخلوق کے سامنے اپنی ضروریات ظاہر نہ کرے۔''

اشرف لکھتے ہیں، کہ غنیٰ نفس سے مراد قناعت ہے۔ اور یہ بھی درست ہے کہ غنیٰ نفس سے مراد وہ روزی جو حاجت پوری ہو جائے۔ شاعر کہتا ہے:

غنى النفس ما يكفيك من سد حاجة
فان زاد شيا عاد ذاك الغنى فقر

''نفس کا غنا اتنی مقدار روزی ہے جس سے حاجت پوری ہو اگر اس سے بڑھ جائے تو غنا دوبارہ فقر بن جاتا ہے۔''

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ بھی درست ہے کہ غنیٰ نفس سے کمالات علمیہ اور عملیہ کا حصول مراد لیا جائے۔ ابوطیب نے اسی معنی کو شعر میں یوں بیان کیا ہے:

ومن ينفق الساعات فى جمع ماله
مخافة فقر فالذى فعل الفقر

''جو شخص فقر کے خوف سے مال جمع کرنے میں اپنے اوقات خرچ کرتا ہے یہی حقیقی فقیر ہے۔''

یعنی انسان کیلئے مناسب یہ ہے کہ وہ اپنے اوقات حقیقی غنیٰ حاصل کرنے میں خرچ کرے۔ اور وہ تو کمالات کو طلب کرنے کو کہتے ہیں تاکہ غنیٰ پر غنیٰ بڑھ جائے۔ مال میں کمال طلب کرنے کا نام نہیں ہے۔ کیونکہ وہ تو فقر پر فقر ہے۔ ایک صاحب کمال یوں کہتا ہے:

رضينا قسمة الجبار فينا
لنا علم و للاعداء مال

''اللہ تعالیٰ نے ہماری قسمت میں جو کچھ لکھ دیا ہے۔ ہم اس پر راضی ہیں
ہمارے لئے علم مقدر کیا اور دشمنوں کیلئے مال مقدر کیا۔''

فان المال يغنى عن قريب
وان العلم يبقى لايزال

''دنیا کا مال تو بہت جلد فنا ہونے والا ہے جبکہ علم کی دولت ہمیشہ کیلئے باقی رہنے والی ہے۔''

اور یہ بات تو ہر ایک کو معلوم ہے کہ مال فرعون، قارون، اور تمام کفار و فجار کی میراث ہے اور علم انبیاء، اولیاء اور صالح علماء کی میراث ہے۔

تخریج: امام احمد، ترمذی اور ابن ماجہ نے اس حدیث کو نقل کیا ہے۔

۵۱۷۱ : عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّاْخُذُ عَنِّیْ هٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ فَيَعْمَلُ بِهِنَّ اَوْ يُعَلِّمُ مَنْ يَّعْمَلُ بِهِنَّ قُلْتُ اَنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخَذَ بِيَدِیْ فَعَدَّ خَمْسًا فَقَالَ اتَّقِ الْمَحَارِمَ تَكُنْ اَعْبُدَ النَّاسِ وَارْضَ بِمَا قَسَمَ اللّٰهُ لَكَ تَكُنْ اَغْنَى

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

النَّاسِ وَاَحْسِنْ اِلٰى جَارِكَ تَكُنْ مُؤْمِنًا وَاَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ تَكُنْ مُسْلِمًا وَلَا تُكْثِرِ الضِّحْكَ فَاِنَّ كَثْرَةَ الضِّحْكِ تُمِيْتُ الْقَلْبَ ۔ (رواه احمد والترمذی وقال هذا حدیث غریب)

اخرجه الترمذی ٤/٤٧٨ حدیث رقم ٢٣٠٥ و ابن ماجه فی السنن ٢/١٤١٠ حدیث رقم ٤٢١٧، واحمد فی المسند ٢/٣١٠۔

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کون شخص ہے جو مجھ سے یہ باتیں سیکھے اور پھر ان پر عمل کرے یا اس شخص کو سکھائے جو ان پر عمل کرے۔ میں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! وہ شخص میں ہوں۔ حضور ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور پانچ باتیں شمار فرمائیں اور بیان فرمایا کہ تم اللہ کی حرام کردہ چیزوں سے بچو اگر تم ان سے بچو گے تو سب لوگوں سے زیادہ عبادت گزار ہو جاؤ گے۔ اللہ تعالیٰ نے جو تمہاری قسمت میں لکھ دیا ہے اس پر راضی (شکر گزار) رہو سب لوگوں سے زیادہ غنی بن جاؤ گے۔ اپنے ہمسایہ سے حسن سلوک کرو گے تو مؤمن بن جاؤ گے دوسروں کے لئے وہی پسند کرو جو اپنے لیے کرتے ہو مسلمان بن جاؤ گے۔ زیادہ ہنسنے سے اجتناب کرو ہنسنے کی کثرت دل کو مردہ کر دیتی ہے'' اس روایت کو احمد نے نقل کیا ہے اور (ترمذی) نے کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے''۔

تشریح: قوله: من یأ خذ غنی۔۔۔۔۔ أو یعلم من یعمل بهن:

من: استفہامیہ ہے۔

او: ''واؤ'' کے معنی میں ہے جیسا کہ ارشاد باری: ﴿عذرا او نذرا﴾ [المرسلات:٦] ''پھر ان ہواؤں جو (دل میں) اللہ کی یعنی توبہ کا یا ڈرانے کا القاء کرتی ہیں'' میں ہے، یہ توجیہ طیبی رحمہ اللہ نے اور ان کے متبعین نے ذکر کی ہے۔ زیادہ ظاہر یہ ہے کہ آیت مذکورہ میں ''او'' نوع بیان کرنے کیلئے جیسا کہ علامہ بیضاویؒ نے بھی اس طرف اشارہ کیا ہے۔

علامہ بیضاویؒ فرماتے ہیں: عذرا للمحقین او نذرا للمبطلین، یعنی ''عذر'' حق والوں کیلئے ہے یا ''نذر'' باطل والوں کیلئے۔ اور یہ بھی درست ہے کہ حدیث میں ''او'' بل کے معنی میں ہو۔ اور ''بل'' میں اشارہ ہے مرتبہ کمال سے مرتبہ تکمیل کی جانب ترقی کی طرف باوجود اس کے کہ ''او'' کے نوع کیلئے ہونے میں ایک بہتر تنبیہ ہے اور اعلیٰ سبب ہے۔ اس لئے کہ کسی نیک کام سے عاجز بندہ کبھی دوسرے کو اس نیکی پر لانے کا سبب بن جاتا ہے جیسا کہ حدیث میں ہے۔ کہ ''بسا اوقات فقہ کا حامل اپنے سے زیادہ فقیہ کو فقہ دیتا ہے''۔

قوله: قلت أنا یا رسول الله: قلت انا: خبر محذوف ہے: ای: انا آخذها عنك.

یہ ایک خاص بیعت اور خالص معاہدہ تھا اسی طرح بعض صحابہؓ نے آپ کے ساتھ اس بات پر بیعت کی تھی کہ مخلوق سے سوال نہیں کریں گے گھوڑے پر سوار کسی صحابی کے ہاتھ سے کوڑا گر جاتا تو نیچے اُترتا اور اپنے ساتھیوں سے مدد لئے بغیر خود ہی اُٹھا لیتا۔

قوله: فاخذ بیدی فعد خمسا: تاکہ مسئلہ مطلوبہ بتائیں اور میری خصوصیت ظاہر ہو جائے۔

فقال اتق المحارم: ''محارم'' تمام قسم کے حرام کاموں سے یعنی گناہ کرنے اور نیکی چھوڑنے سے بچو۔ اس لئے کہ فرائض کی ذمہ داری سے نکلنے سے افضل کوئی عبادت نہیں عام لوگ فرائض چھوڑتے ہیں اور نوافل کی کثرت کا اہتمام کرتے ہیں، ۔۔۔ وضائع کرتے ہیں، اور فضائل کو لیتے ہیں، بسا اوقات ایک شخص کے ذمہ فرائض کی قضاء باقی ہوتی ہے۔ اُن فرائض کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قضاء سے غافل ہوتے ہیں، کوشش کرتے ہیں، اسی طرح بسا اوقات ایک شخص کے ذمہ زکوۃ اور لوگوں کے حقوق ہوتے ہیں، اور فقراء کو کھانا کھلاتا ہے، مساجد اور مدارس وغیرہ بناتا ہے۔

حضور علیہ السلام نے پرہیز کی اہمیت بتانے کیلئے لفظ اتقاء سے اپنی بات کو بیان کیا جیسا کہ حکماء کے نزدیک دوا کے ذریعے علاج کرنے سے پرہیز کرنا زیادہ مُفید ہے۔

قولہ: وارض بما قسم اللہ لك تكن اغنى الناس :

چاہے مخلوق کے واسطے سے تجھے ملے چاہے بغیر کسی واسطہ کے۔

ایک شخص نے سید ابوالحسن شاذلی رحمہ اللہ سے پوچھا: کہ کیمیاء کیا ہے؟

دو باتیں ہیں، مخلوق سے اپنی نظریں ہٹاؤ اور اللہ سے یہ اُمید نہ رکھو کہ تجھے وہ رزق دے جو تیرے لئے مقدر نہ ہو۔

سید عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس بات کو غور سے سن لو کہ طلبِ رزق کو چھوڑنے سے مقدر فوت نہیں ہوگا اور جو تیرے مقدر میں نہیں ہے وہ نہ زیادہ حرص سے ملے گا۔ اور نہ زیادہ محنت و کوشش سے چنانچہ صبر کر موجودہ حالت پر رہو اور موجودہ روزی پر راضی رہو تا کہ اللہ ذوالجلال تجھ سے راضی ہو جائے۔

قولہ: واحسن الىٰ جارك تكن مؤمنا : اگر چہ وہ تیرے ساتھ بُرا سلوک کرے۔

''تکن مؤمنا'' اس کے دو مطلب ہو سکتے ہیں:

- تو کامل مؤمن بن جائے گا۔
- اُس کو (یعنی پڑوسی کو) امن دینے والا بن جائے گا کیونکہ حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے:

''تم میں سے کوئی اُس وقت تک کامل مؤمن نہیں بن سکتا جب تک کہ اس کا پڑوسی اس کے شرور اور تکالیف سے محفوظ نہ ہو''۔

أحب للناس ما تحب لنفسك: یعنی دوسرے عام لوگ۔ جو چیز اپنی ذات کیلئے پسند کرتے ہو۔ یہاں تک کہ کافر کیلئے ایمان اور فاجر کیلئے توبہ پسند کرو تم کامل مسلمان، یہ حدیث ''المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده'' سے عام ہے اور طیبی رحمہ اللہ نے اس استدلال کیا ہے۔ چنانچہ استدلال کیلئے زیادہ ظاہر حدیث ''لا يومن احدكم حتى يحب لأخيه مايحب لنفسه'' ہے۔

لا تكثر الضحك (جواب مخذوف ہے جس کی تقدیر یہ ہے:) ''تكن طيب القلب وحيا بذكر الرب'' (تیرا دل تروتازہ رہے گا اور اللہ کے ذکر سے دل کو زندگی حاصل ہوگی)۔

قولہ: فان كثرة الضحك تميت القلب): یعنی موت کی تیاری سے اور موت کے بعد آخرت کیلئے توشہ حاصل کرنے سے غفلت پیدا کر دیتی ہے۔ اگر دل زندہ ہو تو اس کو مار دیتی ہے اور اگر دل پہلے سے مردہ ہے تو اُسکی سیاہی کو بڑھا دیتی ہے۔

تخریج و اسنادی حیثیت: جزریؒ کی تصحیح میں ہے کہ امام ترمذی نے اس حدیث کو حسن کی سند سے ابو ہریرہؓ سے روایت کیا ہے۔ جبکہ حسن نے ابو ہریرہؓ سے سماع نہیں کیا۔ ابوعبیدہ الباجی نے اس حدیث کو حسن سے روایت کیا اور ''عن ابى هريرة عن النبى عليه السلام'' کا ذکر نہیں کیا۔ منذریؒ نے ترمذی کا قول نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ حسن نے ابو ہریرہؓ سے سماع نہیں کیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بزارؒ نے اور بیہقیؒ نے اپنی کتاب "کتاب الزھد" میں اسی طرح کی حدیث بروایت مکحول عن واثلہ نقل کی ہے۔لیکن بقیہ اسناد میں ضعف ہے (ذکرہ میرک) حسن کی حدیث کو مکحول کی حدیث سے قوت مل گئی اور ضعف کے درجہ سے ترقی کر گئی۔ علاوہ ازیں ضعیف حدیث بھی فضائل میں بالاجماع معتبر ہے۔

۵۱۷۲ : وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ ابْنَ آدَمَ تَفَرَّغْ لِعِبَادَتِىْ اَمْلَأْ صَدْرَكَ غِنًى وَاَسُدَّ فَقْرَكَ وَاِنْ لَا تَفْعَلْ مَلَأْتُ يَدَكَ شُغْلًا وَلَمْ اَسُدَّ فَقْرَكَ۔ (رواه احمد وابن ماجة)

اخرجه الترمذى فى السنن ٤/٥٥٤ حديث رقم٢٤٦٦ حديث رقم ٢/٣٥٦وابن ماجه ٢/١٣٧٦ حديث رقم٤١٠٧ ۔

ترجمہ: "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے ابن آدم! تو خود کو میری عبادت کے لئے فارغ کر لے میں تیرے سینے کو استغناء سے بھر دوں گا اور تیری غربت کو ختم کر دوں گا۔ اگر تو نے ایسا نہ کیا (اگر تو نے اس حکم سے اعراض کیا اور اپنے قوائے فکر و عمل کو میری عبادت میں مشغول رکھنے کے بجائے صرف دنیاوی امور اور اپنے نفس کی خواہشات کی تکمیل میں مشغول و منہمک رکھا) تو میں تیرے ہاتھوں کو (بے فائدہ کاموں میں) مشغول کر دوں گا اور تیری غربت کو دور نہیں کروں گا"۔

تشریح: **قوله: يقول يا ابن آدم تفرغ لعبادتى املاصدرك غنى وأسد فقرك:**

بطور خاص انسان کو اس لئے پکارا کہ عبادت کرنے والی مخلوقات میں سے انسان اشرف المخلوقات ہے اور حضرت آدم علیہ السلام کی طرف اضافت کرنے میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ تمام انسان توبہ کرنے کے مرتبہ میں حضرت آدم علیہ السلام کے تابع ہیں۔

لفظ "اسدّ" تصحیح شدہ نسخوں میں "دال" کے فتحہ اور تشدید کے ساتھ مذکور ہے کیونکہ جواب امر ہونے کی وجہ سے مجزوم پر اس کا عطف ہے۔اور ایک نسخہ میں "دال" کے ضمہ کے ساتھ ہے' دال کو عین کلمہ کی اتباع میں ضمہ دیا گیا ہے۔اور "لم يمد" میں ادغام کے ساتھ "دال" کی تینوں حرکات کو جائز قرار دیا گیا ہے۔

قوله: وان لا تفعل: کا مفعول محذوف ہے: **اى: ما امرتك من اعراض عن الدنيا والا قبال على عبادة المولى** یعنی میں نے تجھے دنیا سے اعراض اور اللہ کی عبادت کی طرف توجہ کرنے کا حکم دیا ہے جو دنیا و آخرت میں تیرے لئے مفید ہے۔

ملات يدك: یہاں "ید" سے مراد اعضاء و جوارح میں چنانچہ "يديك" کی روایت اس پر دلالت کرتی ہے۔اور جامع میں تثنیہ کے صیغہ کے ساتھ "يديك" ہے اور بطور خاص "يد" کا ذکر اس لئے کیا کہ اکثر افعال ہاتھ سے کیے جاتے ہیں۔

شغلا: "شین" مضموم اور "غین" ساکن ہے علاوہ ازیں دونوں کو مضموم پڑھنا دونوں کو مفتوح پڑھنا "شین" کو مفتوح "وغین" کو ساکن پڑھنا بھی درست ہے۔اسی طرح قاموس میں مذکور ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قولہ: ولم اسد فقرك: یعنی نہ تو تیری اپنی مشغولیت ومحنت سے تیرا فقر دور کرونگا اور نہ دوسروں کی محنت اور تعاون سے، اور کلام کا حاصل یہ ہے کہ تو مال کو طلب کرنے کیلئے پریشان ہوکر اپنے آپ کو تھکاتا ہے۔ اور وہی مال تجھے ملتا ہے جو تیرے لئے میں نے ازل میں مقدر کردیا ہے۔ اور رب کی عبادت ترک کرکے دل کے استغناء سے محروم ہوجاتا ہے۔

تخریج: جامع میں لکھا ہے کہ اسی طرح ترمذی اور حاکم نے بھی نقل کیا ہے۔ اور تصحیح میں ہے کہ اس روایت کو ترمذی اور ابن ماجہ نے ابوخالد والبی کی سند سے نقل کیا ہے۔ اور ابوخالد کا نام ہرمز ہے۔ بعض نے **ھرم عن ابی ھریرہ** کی سند سے نقل کیا ہے۔

ابن عدی فرماتے ہیں، کہ ابوخالد کی حدیث میں **سقم** ہے۔ حافظ منذریؒ نے ترغیب میں لکھا ہے کہ اس حدیث کو ابن ماجہ اور ترمذی نے نقل کیا ہے اور الفاظ اسی کے ہیں، اور فرمایا کہ **حدیث حسن** ہے۔ اور ابن حبان نے اپنی صحیح میں اختصار کے ساتھ اس روایت کو نقل کیا ہے مگر اس میں "**یدیك شعلا**" مذکور ہے اور حاکمؒ نے بھی نقل کیا ہے اور فرمایا ہے کہ "**صحیح الاسناد**" ہے اور بیہقیؒ نے اس کو "**کتاب الزھد**" میں نقل کیا ہے۔

میرک نے لکھا ہے کہ اس حدیث کی "شاہد" معقل بن یسار کی یہ حدیث ہے:

"آپ نے فرمایا کہ تمہارے رب کا ارشاد ہے: اے ابن آدم تم میری عبادت کیلئے فارغ ہوجاؤ میں تیرے دل کو غنیٰ سے اور تیرے ہاتھوں کو رزق سے بھردونگا، اے ابن آدم مجھ سے دُور نہ ہو ورنہ میں تیرے دل کو فقر اور تیرے بدن کو شغل سے بھردونگا۔ حاکم نے اس حدیث کو روایت کیا ہے اور فرمایا کہ یہ صحیح الاسناد ہے، اور ابن عساکر اور دیلمی نے مسند فردوس میں ابن عباس سے مرفوعاً نقل کیا ہے کہ سلیمانؑ کو مال، ملک اور علم کے درمیان اختیار دیا گیا تو سلیمانؑ نے علم کو اختیار کیا چنانچہ اللہ نے علم کو اختیار کرنے کی وجہ سے سلیمان کو ملک اور مال بھی دے دیا۔"

بیہقیؒ نے عمران بن حصینؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے:

"جو مکمل طور پر اللہ کی طرف یکسو ہوجائے تو اللہ ہر مشقت میں اُسکی کفایت کرتا ہے، اور ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے، جہاں سے اس کو گمان بھی نہیں ہوتا۔ اور جو مکمل طور پر دُنیا کی طرف متوجہ ہوجاتا ہے تو اللہ اُسے دُنیا کے حوالہ کردیتے ہیں۔"

دیلمی نے مسند فردوس میں ابوہریرہؓ سے اور بیہقیؒ نے علیؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے:

"**آلی اللہ ان یرزق عبدہ المؤمن الامن حیث لا یحتسب**"

"اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے کہ اپنے مؤمن بندے کو وہاں سے رزق عطا کرے گا جہاں سے اُسکا گمان بھی نہ ہو۔"

۵۱۷۳ : وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ ذُكِرَ رَجُلٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعِبَادَةٍ وَاجْتِهَادٍ وَذُكِرَ اٰخَرُ بِرِعَةٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَعْدِلُ بِالرِّعَةِ يَعْنِي الْوَرَعَ (رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٧٧ حدیث رقم ٢٥١٩۔

ترجمہ: "حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے ایک ایسے شخص کا تذکرہ کیا گیا جو خوب اہتمام اور کثرت کے ساتھ عبادت کرنے والا ہے اور ایک دوسرے شخص کے کا تذکرہ کیا گیا جو پرہیزگاری اختیار کرتا ہے (یعنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گناہوں سے بچتا ہے) تو نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: محض کثرت عبادات کو پرہیز گاری کے برابر نہ ٹھہراؤ (اگرچہ اس پرہیز گاری کے ساتھ عبادت وطاعت کی اس قدر کثرت اور سعی اور اہتمام شامل نہ ہو)۔ (ترمذی)

تشریح: قوله: ذكر رجل عند رسول الله بعبادة واجتها وذكر آخر برعة دونوں اسموں کی تنوین یا تو تعظیم کیلئے ہے یا تنکیر کیلئے۔

''رعة'': ''را'' مکسور ہے یہ ''عدة'' کے وزن پر ہے۔ یعنی حرام سے پرہیز کرتا ہے اگرچہ عبادت کم کرتا ہے اور مطلب یہ ہے کہ حضور علیہ السلام سے اُن دونوں میں سے افضل کے بارے میں پوچھا گا۔

قوله: فقال النبي ﷺ لاتعدل بالرعة:

''تعدل'': معروف کا صیغہ ہے اور مجزوم ہے اور بعض کے نزدیک مجہول کا صیغہ ہے اور مرفوع ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مصابیح کے ایک نسخہ میں ''لاتعدل بالرعة'' کے بعد ''شيئًا'' کی زیادتی ہے۔ جامع ترمذی میں اور مصابیح کے اکثر نسخوں میں یہ زیادتی نہیں ہے اور جامع میں ''لا يعدل'' صیغہ مذکر مجہول کے ساتھ ضبط کیا گیا ہے اس صورت میں جار مجرور نائب فاعل ہوگا۔ اور یہ زیادہ واضح ہے کیونکہ کسی کلمہ کو مقدر ماننے کی ضرورت نہیں ہے۔

قوله: يعني الورع: یہ راوی کی طرف سے تفسیر ہے

''ورع'' سے مراد حرام امور سے پرہیز کرنا کیونکہ حرام امور سے پرہیز کرنا واجب عبادات بجالانے کا سبب ہے۔

مظہرؒ نے فرمایا کہ ''لاتعدل'' کو اگر نہی کا واحد مذکر حاضر کا صیغہ مان لیا جائے تو بھی دُرست ہے اور ''لا'' کی وجہ سے مجزوم ہوگا۔ اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ تقویٰ کا کسی چیز کے ساتھ مقابلہ نہ کر۔ ''رعة'' رائے مکسور اور عین مخفف کے ساتھ اس کا معنی ہے ورع ''تقویٰ'' ہے۔ کیونکہ تقویٰ ہر خصلت سے افضل ہے۔ یہ بھی دُرست ہے کہ ''لاتعدل'' جملہ خبر یہ منفیہ ہو اور اس کی ''تاء'' مضموم اور ''دال'' مفتوح ہے یعنی کسی خصلت کا تقویٰ کے ساتھ مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔ کیونکہ تقویٰ سب سے افضل خصلت ہے۔

امام راغبؒ فرماتے ہیں: شریعت میں ورع سے مراد دُنیا کے اسباب کی طرف بھاگ دوڑ چھوڑنا ہے۔ اور ورع کے تین اقسام ہیں:

ایک قسم واجب ہے۔ حرام سے پرہیز کرنا۔ یہ درجہ عام متقیوں کا ہے۔

دوسری قسم مندوب ہے۔ مشتبہات سے پرہیز کرنا۔ درجہ درمیانی متقیوں کا ہے۔

تیسری قسم افضلیت کا ہے۔ بہت سارے مباحات سے پرہیز کرنا اور کم سے کم ضروریات پر اکتفاء کرنا یہ درجہ انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین کا ہے۔

۵۱۷۴: وَعَنْ عَمْرِو ابْنِ مَيْمُوْنَ الْاَوْدِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ وَهُوَ يَعِظُهُ اغْتَنِمْ خَمْسًا قَبْلَ خَمْسٍ شَبَابَكَ قَبْلَ هَرَمِكَ وَصِحَّتَكَ قَبْلَ سَقَمِكَ وَغِنَاكَ قَبْلَ فَقْرِكَ وَفَرَاغَكَ قَبْلَ شُغْلِكَ وَحَيٰوتَكَ قَبْلَ مَوْتِكَ (رواه الترمذي مرسلا)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اخرجه البغوی فی شرح السنة ۱۴/۲۲۴ حدیث رقم ۴۰۲۱۔

ترجمہ: ''حضرت عمرو بن میمون اودی (تابعیؒ) کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو نصیحت کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت جانو! اپنی جوانی کو اپنے بڑھاپے سے پہلے اپنی تندرستی کو بیماری سے پہلے اپنی دولتمندی کو اپنی غربت سے پہلے اپنی دولتمندی کو اپنی غربت سے پہلے اپنی فرصت کو اپنی مصروفیت سے پہلے اور اپنی زندگی کو موت سے پہلے زندگی کو! اس روایت کو ترمذی نے مرسلاً نقل کیا ہے''۔

راویٔ حدیث:

عمرو بن میمون۔ عمرو ''میمون'' کے بیٹے اور ''اودی'' ہیں۔ زمانہ جاہلیت اور اسلام دونوں دیکھے۔ آنحضرت ﷺ کی حیات طیبہ ہی میں مسلمان ہو چکے تھے لیکن آپ ﷺ سے ملاقات نہیں ہوئی۔ ان کا شمار کوفہ کے بڑے تابعین میں ہے۔ عمر بن الخطاب، معاذ بن جبل اور ابن مسعود رضی اللہ عنہم سے روایت کی۔ ان سے ''ابو اسحاق'' رضی اللہ عنہ نے حدیث سنی۔ ۷۴ھ میں وفات پائی۔ ''امام سیوطی'' رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ ''اودی'' میں ہمزہ مفتوح اور دال مہملہ ساکن ہے۔ ''اود بن صعب'' کی طرف منسوب ہے۔ اھ

تشریح: قوله: عن عمر وبن ميمون الأ ودی:

''الأودی'' کا ہمزہ مفتوح اور ''واؤ'' ساکن ہے۔ اُود بن صعب کی طرف منسوب ہے۔ (ذکرہ السیوطیؒ) مولفؒ نے لکھا ہے کہ انہوں نے جاہلیت کا زمانہ پایا ہے البتہ نبی علیہ السلام کے زمانہ میں اسلام لائے مگر آپ سے ملاقات نہ ہوئی۔ اور کوفہ کے بڑے تابعین میں ان کا شمار ہے۔ یہ عمر بن خطاب، معاذ بن جبل اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت حدیث کرتے ہیں۔

قوله: قال رسول الله ﷺ لرجل وهو يعظه اغتنم خمسا قبل: حال ہے۔

وهو يعظه اغتنم: یہ ''اغتنام'' مصدر سے ہے۔ اس کا معنی ہے ''غنیمت لینا''۔

هر: ''ھاء'' اور ''را'' دونوں مفتوح ہیں۔

سقم: ''سین'' اور ''قاف'' دونوں مفتوح ہیں۔ یا ''سین'' مضموم اور ''قاف'' ساکن ہے۔

قوله: غناك قبل فقرك: یعنی مطلق احوال اور عمومی اموال میں عبادات مالیہ، خیرات اور اُخروی نیکی پر قدرت سے پہلے یا موت پر ہے۔

قوله: وفراغك قبل شغلك: لفظ ''شغل'' کے معنی وبنی کا بیان پہلے گزر چکا ہے۔

قوله: وحياتك قبل موتك: اگرچہ ایسا بڑھاپا ہو جس میں ایسی بیماری لاحق ہو یا ایسا فقر ہو جس میں اللہ کو یاد کرنا آسان ہو۔

موت کے آنے اور عمل کے منقطع ہونے کے وقت۔

تخریج: تصحیح میں جزری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ عمرو بن میمون کی حدیث کو نسائی نے بھی اسی طرح مرسلاً نقل کیا ہے۔ اور عمرو بن میمون مخضرمین میں سے ایک بڑے تابعی ہیں زمانہ جاہلیت کو پایا اور حضور علیہ السلام کی زندگی میں ہی اسلام قبول کیا لیکن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آپ سے ملاقات نہ ہوئی۔

علامہ میرکؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کی تائید ابن عباسؓ کی مرفوع حدیث سے ہوتی ہے جس کو حاکم نے انہی الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے اور فرمایا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے اور بخاری و مسلم کی شرط پر ہے۔ اور جامع میں یہ حدیث ان الواظ کے ساتھ منقول ہے اور وہ "اغتنم خمسا قبل خمس ..... انح"

"پانچ چیزوں کو پانچ احوال سے پہلے غنیمت جانو! موت سے پہلے زندگی کو، بیماری سے پہلے صحت کو، مشغولیت سے پہلے فراغت کو، بڑھاپے سے پہلے جوانی کو اور فقر سے پہلے غنیٰ کو۔"

حاکمؒ اور بیہقیؒ نے اس حدیث کو ابن عباس سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔ اس حدیث کو احمدؒ نے "زہد" میں اور ابونعیم نے "حلیہ" میں اور بیہقی نے عمرو بن میمون سے مرسلاً نقل کیا ہے۔

۵۱۷۵ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَایَنْتَظِرُ اَحَدُکُمْ اِلَّا غِنًی مُطْغِیًا اَوْفَقْرًا مُنْسِیًا اَوْمَرَضًا مُفْسِدًا اَوْهَرَمًا مُفْنِدًا اَوْمَوْتًا مُجْهِزًا اَوِالدَّجَّالَ فَالدَّجَّالُ شَرُّغَائِبٍ یُنْتَظَرُ اَوِ السَّاعَةَ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰی وَاَمَرُّ ۔ (رواه الترمذی والنسائی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٧٨ حدیث رقم ٢٣٠٦۔

ترجمہ: "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے ہر شخص بہت دولتمندی کا منتظر ہے یا بھلا دینے والی غربت کا انتظار کرتا ہے یا بدن کو تباہ کرنے والے مرض کا منتظر ہے یا بد حواس کر دینے والے بڑھاپے کا انتظار کرتا ہے یا ناگہانی موت کا یا دجال کا سو دجال تو پوشیدہ فتنہ ہے یا منتظر ہے قیامت کا جو بڑی آفت انگیز اور شدید ہے" (ترمذی، نسائی)

تشریح: قوله: الاغنی مطغیا۔

قوله: "ما ینتظر احدکم" حضور ﷺ کے یہ الفاظ ان لوگوں کے حق میں تنبیہ اور ڈانٹ کے طور پر ہیں جو دینی امور میں غفلت کرتے ہیں۔ یعنی تم اپنے رب کی عبادت کس وقت کرو گے؟ کیونکہ تم اگر مشغولیت کی کمی اور بدن کی قوت کے ساتھ اللہ کی عبادت نہ کرو گے تو مشغولیت کی زیادتی اور بدن کے ضعف کے ساتھ عبادت کیسے کرو گے۔ شاید تم لوگوں کو انتظار نہیں ہے مگر ایسے غناء کا جو مجھے سرکش، عاصی اور حدود سے تجاوز کرنے والا بنا دے۔

قوله: فقر امنسیا" باب افعال سے ہے اور اگر باب تفعیل سے ہو تو بھی درست ہے۔ لیکن باب افعال سے زیادہ بہتر ہے۔ تاکہ پہلے والے لفظ "مطغیا" کے مشابہ ہو جائے۔ یعنی فقر اس فقیر کو مدہوش بنا دیتا ہے، روٹی کپڑے کی تنگی اور طلب معاش کی پریشانی کے باعث اطاعت بھلا دیتا ہے۔

قوله: او مرضا مفسدا:

یعنی شدت کے باعث بدن کو خراب کرنے والی بیماری یا ایسی بیماری کہ جس سے سستی پیدا ہو جاتی ہے اور دین میں فساد کا باعث ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: أوهر مامفندا:

"مفندا" : تخفیف کے ساتھ ہے یعنی ایسا بڑھاپا جو بوڑھے کو "فند" تک پہنچائے اور "فند" کا معنی ہے رائے کا کمزور ہوجانا۔ عرب اُس وقت "افنده" کہتے ہیں جب رائے کمزور ہوجائے اور شارح رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ عرب "فند الرجل" اُس وقت کہتے ہیں جب خوف کی وجہ سے باتوں میں تیزی آجائے اور "افنده الکبر" اُس وقت کہتے ہیں جب زیادہ بڑھاپے کی وجہ سے اپنی بات میں تمیز نہ کر سکے۔ زیادہ ظاہر یہ ہے کہ "تفنید" فسادِ عقل کی طرف نسبت کرنے کو کہتے ہیں۔ انہی الفاظ میں اللہ جل شانہٗ کا یعقوب علیہ السلام کے بارے میں یہ ارشاد ہے: ﴿انی لا جد ریح یوسف لولا ان تفندون﴾ [یوسف - ۹۴] بیضاوی رحمہ اللہ نے معنی بیان فرمائے ہیں "تم لوگ مجھے "فند" کی طرف منسوب کرتے ہو۔ اور "فند" کا معنی ہے۔ بڑھاپے کی وجہ سے عقل کا کم ہوجانا۔

قاموس میں ہے کہ "الفند" جبکہ "فا" اور "نون" متحرک ہو، کا معنی ہے "بڑھاپے یا بیماری کی وجہ سے عقل کا فاسد ہو جانا"۔ بات اور رائے میں خطا کرنا اور جھوٹ افتراء کے معنی ہے۔ فنده اور افنده کا معنی ہے جھوٹ بولا، رائے میں خطا کی اور اُس سے عاجز ہوا اور "عجوز مفندة" کہنا درست نہیں ہے کیونکہ بوڑھی عورت کبھی رائے والی نہیں ہوئی۔

علامہ بیضاویؒ نے بھی اسی طرح فرمایا ہے۔ اور علت یہ بیان کی ہے کہ عورت کی عقل کا نقصان ذاتی ہے۔ اور میری رائے ہے کہ یہ بات یقینی ہے کہ عورت کی عقل کی کمی اضافی ہے۔ اور اس وجہ سے عورت پر "مفندة" کے اطلاق کی درستگی میں کوئی حرج نہیں کیونکہ نقصان عارضی ہوتا ہے۔

نہایہ میں ہے کہ اصل میں "الفند" جھوٹ کو کہتے ہیں اور أفند کا معنی ہے "جھوٹ بولنا"۔

فائق میں ہے کہ عرب "قد افند" اُس بوڑھے کے بارے میں کہتے ہیں جو درست بات چھوڑ کر اِدھر اُدھر کی بات کرے اور اِدھر اُدھر کی بات کرنے میں بوڑھے کو چھوٹے کے ساتھ تشبیہ دی ہے اور اہل عرب کا قول "الهرم المفند" عربوں کے قول "نهاره صائم" کی قبیل سے ہے۔ چنانچہ اسی طرح "افنده الهرم" بھی کہا جاتا ہے یعنی بڑھاپے کی طرف منسوب کیا گیا، حالانکہ فند بوڑھے کی صفت ہے۔

"کتاب العین" میں ہے "شیخ مفند" وہ شخص جو "فند" کی طرف منسوب ہو۔ اور عربوں کے ہاں "امرأة مفندة" نہیں کہا جاتا ہے کیونکہ عورت جوانی میں بھی رائے والی نہیں ہوتی تو بڑھاپے میں "فند" کی طرف کیسے منسوب ہوگی۔

علامہ تورپشتیؒ نے لکھا ہے کہ "مفند" تخفیف کے ساتھ ہے اور جس نے تشدید کے ساتھ نقل کیا ہے درست نہیں کیا۔

قوله: أوموتا مجهزا: نہایہ میں ہے کہ "المجهز" کا معنی ہے "سریع" یعنی جلدی سے آنے والا، اور عربوں کے ہاں "اجهز علی الجریح" اُس وقت کہتے ہیں جب کسی کو جلدی سے قتل کر دیا گیا ہو۔

قوله: أوموتا مجهزا: قاضی رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ "الموت المجهز" سے مراد ایسی اچانک موت ہے جس کا سبب کوئی بیماری یا بڑھاپا نہ ہو۔ مثلاً قتل، پانی میں ڈوب جانا اور دیوار کا گر جانا وغیرہ۔

قوله: او الدجال فالد جال شرینتظر:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فالدجال: اور ایک نسخہ میں "والدجال" ہے۔

قولہ: والساعة ادهى امر: یعنی انسان پر آنے والے دُنیا کی مصیبتوں میں سے سخت مصیبت والی کڑوی چیز ہے اُس شخص کیلئے جو قیامت کے دن سے غفلت کرے اور قیامت آنے سے پہلے اس کے لئے تیاری نہ کرے۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ آپ کے ارشاد "فالدجال" میں "فاء" تفسیر یہ ہے۔ اس لئے کہ اس نے کلام سابق کے ابہام کی تفسیر کی ہے اور "الساعة" میں "واؤ" فاء ملابسة کے قائم مقام ہے عطف کی وجہ سے، اور میرے نزدیک زیادہ بہتر یہ ہے کہ واؤ حال کیلئے ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

خلاصہ یہ ہے کہ اس حدیث میں اُس شخص کو سستی پر تنبیہ کی گئی ہے جو فارغ ہو لیکن فرصت کے اوقات کو غنیمت نہیں سمجھتا۔ چنانچہ مطلب یہ ہے کہ انسان دینا میں مذکورہ حالات میں کسی ایک کا انتظار کرتا ہے۔ چنانچہ نیک بخت ہے وہ شخص جو فرصت کو غنیمت سمجھے اور قوت وطاقت کو غنیمت سمجھے اور موت سے پہلے فرائض اور سنتوں کی ادائیگی میں مشغول رہے۔ اور یہ ایک بلیغ نصیحت اور ایک مفید یاد دہانی ہے۔

۵۱۷۶ : وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اِنَّ الدُّنْيَا مَلْعُوْنَةٌ مَلْعُوْنٌ مَّا فِيْهَا اِلَّا ذِكْرُ اللّٰهِ وَمَا وَالَاهُ وَعَالِمٌ اَوْ مُتَعَلِّمٌ۔ (رواه الترمذی وابن ماجة)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٨٥ حديث رقم ٢٣٢٢ و ابن ماجه فی السنن ٢/١٣٧٧ حديث رقم ٤١١٢۔

ترجمہ: "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: خوب جان لو دنیا ملعون ہے اور جو کچھ دنیا کے اندر ہے وہ بھی ملعون ہے (یعنی دنیا کی جو چیزیں ذکر اللہ سے غافل رکھتی ہیں ان کو بھی راندۂ درگاہ قرار دے دیا گیا ہے) البتہ ذکر خدا اللہ کے پسندیدہ امور اور عالم اور متعلم (اس لعنت) سے مستثنیٰ ہیں"۔ (ترمذی ابن ماجہ)

تشریح: اَلَا: تنبیہ کیلئے ہے۔

ذکر اللہ: مرفوع ہے اور ایک نسخہ میں "ذکر اللہ" منصوب ہے اور استثناء منقطع ہے۔

وما والاہ: اس کے کئی مطلب بیان کیے گئے ہیں یعنی قرب اور نیکی والے وہ اعمال مراد ہیں جو اللہ کو محبوب ہیں یا وہ ذکر خیر اور اتباع اوامر اور اجتناب نواہی مراد ہیں جو ذکر اللہ کے قریب ہیں۔

مظہر فرماتے ہیں کہ اس کا معنی ہے، "ما يحبه الله فی الدنيا" وہ جس کو اللہ دنیا میں پسند فرماتے ہیں۔ اور "موالاۃ" کا معنی ہے دو اشخاص کا آپ میں محبت کرنا اور کبھی ایک جانب سے دوستی رکھنے کو بھی "موالاہ" کہتے ہیں۔ اور یہی معنی اس مقام میں مراد ہے۔ اور معنی یہ ہے کہ جو کچھ دنیا میں ہے وہ ملعون ہے سوائے اللہ کے ذکر کے، اور دنیا کی وہ اشیاء اور اُمور اللہ کو محبوب ہیں۔ اور اس کے سوا ملعون ہے۔

اشرف نے فرمایا یہ "موالاۃ" سے مشتق ہے جس کا معنی ہے متابعت کرنا اور یہ بھی درست ہے کہ ذکر کے قریب اشیاء سے مراد اللہ کی اطاعت، اللہ کے اوامر کی اتباع اور نواہی سے اجتناب ہے۔

قولہ: وعالم او متعلم:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''او'' واوٴ کے معنی میں ہے یا تنویع کیلئے ہے۔ چنانچہ دونوں واوٴ''او'' کے معنی میں ہیں۔

اشرف کہتے ہیں کہ ''عالم او متعلّم'' اکثر نسخوں میں مرفوع ہے اور قواعد عربیت کا تقاضا ہے کہ ان کا عطف ''ذکر الله'' پر ہو۔ اور کلام موجب میں مستثنیٰ ہونے کی بناء پر منصوب ہو۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس روایت کے الفاظ جامع ترمذی میں ''وما والاه وعالم ومتعلّم'' مرفوع ہیں اور جامع الاصول میں بھی اسی طرح ہیں مگر اس میں ''او'' کی جگہ ''واوٴ'' ہے۔ سنن ابن ماجہ میں حدیث کے الفاظ ''او عالمًا او متعلمًا'' او کے ساتھ وارد ہوئے ہیں تکرار کے ساتھ منصوب ہیں۔ تینوں کلمات میں نصب تو ظاہر ہے اور رفع تاویل کے ساتھ دُرست ہے گویا کہ یوں کہا گیا ہے: الدنیا مذمومة لا یحمد ما فیها الا ذکر الله و عالم و متعلّم ۔ اس ارشاد کا مطلب ہے دُنیا مذموم ہے اس میں موجودہ اُمور قابل تعریف نہیں ہیں۔ سوائے اللہ کے ذکر، عالم اور متعلّم کے۔

مختصر الاحیاء میں لکھا ہے:

''دُنیا دونوں منزلوں میں سے ایک گھٹیا منزل ہے۔ اسی وجہ سے اس کا نام دُنیا ہے اور دُنیا آخرت کی طرف چلتے ہوئے ایک گزرگاہ ہے۔ ایک جانب گہوارہ ہے اور دوسری جانب لحد ہے اور دونوں کے درمیان ایک مسافت ہے دنیا کی زندگی ایک پُل ہے۔ دُنیا سے مراد موجودہ اشیاء ہیں۔ انسان کیلئے ان میں حصہ رکھا گیا ہے۔ اور اس کو دُرست کرنے میں انسان کی مشغولیت رکھی گئی ہے اور موجودہ اشیاء سے مراد زمین اور اس میں موجود نباتات، حیوانات اور معاون ہیں۔ اور دُنیا میں انسان کیلئے رکھے گئے نصیب (حظ) سے مراد دُنیا کی محبت ہے اور دُنیا کی محبت میں تمام باطنی مہلکات مثلاً ریاء، حسد وغیرہ داخل ہیں۔ اور قول مذکور ''دُنیا کو دُرست کرنے میں انسان کی مشغولیت ہے'' کا مطلب یہ ہے کہ انسان اپنے یا کسی دوسرے شخص دنیوی یا اُخروی نصیب سے دُنیا کو درست کرتا ہے۔ چنانچہ اس میں پیشہ اور صفت داخل ہیں۔ اور جب دُنیا کی حقیقت معلوم ہوگئی تو تمہاری دُنیا وہ ہے جس میں تیرے لئے جلدی آنے والی لذت رکھی گئی ہے۔ اور یہ مذموم ہے۔ لہٰذا عبادات کا وسیلہ بننے والی اشیاء دُنیا نہیں ہے۔ مثلاً روٹی کھانا کیونکہ اس سے عبادت پر قوت حاصل ہوتی ہے۔ اور اسی کی طرف اشارہ ہے ارشاد نبی ''الدنیا مزرعة الاخرة'' دنیا آخرت کی کھیتی ہے اور ''الدنیا ملعونة'' میں اور ابن عباسؓ کا ارشاد ہے: اللہ تعالیٰ نے دُنیا کے تین اجزاء بنائے ہیں: ایک جزء مؤمن کو ملتا ہے دوسرا جزء منافق کو ملتا ہے اور تیسرا جزء کافر کو ملتا ہے۔ مؤمن آخرت کیلئے سامان سفر حاصل کرتا ہے، منافق زینت میں لگا رہتا ہے اور کافر مزے حاصل کرتا رہتا ہے۔''

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ بظاہر ''وما والاه'' پر اکتفاء کرنا چاہیے تھا کیونکہ یہ لفظ تمام بھلائیوں، نیکیوں اور شریعت کے مستحبات پر مشتمل ہے۔ دوسرے درجہ میں ''العلم'' کو ذکر کیا، یہ تعمیم کے بعد تخصیص ہے۔ علم کی فضیلت پر دلالت کرنے کیلئے اس طرح کیا پھر ''عالم ومتعلّم'' کو ذکر کیا تاکہ صراحۃً ان دونوں کی شان کی عظمت ظاہر ہو جائے۔ بخلاف پہلی صورت کے کہ اس کی دلالت عظمت پر التزامی ہے اور تاکہ یہ معلوم ہو جائے کہ عالم اور متعلّم کے علاوہ تمام لوگ بے کار اور بے فائدہ ہیں اور تاکہ یہ تنبیہ ہو جائے کہ عالم اور متعلّم سے مراد وہ علماء ہیں جو دینی علم اور عمل دونوں کے حامل ہوں۔ چنانچہ جہلاء، بے عمل عالم اور وہ شخص جس نے بے فائدہ علم یا دینی علوم کے علاوہ کے علوم حاصل کیے ہوں، نکل گئے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور حدیث میں ہے کہ اللہ کا ذکر پر عبادت اور پر سعادت کی جڑ ہے بلکہ اللہ کا ذکر ایسا ہے جیسا کہ بدن کیلئے حیات اور انسان کیلئے روح' کیا انسان کیلئے زندگی سے بے نیازی ہے؟ کیا انسان اپنی روح پر کسی اور چیز کو ترجیح دے سکتا ہے؟ اور یہ کہنا بھی بجا ہے کہ اللہ کے ذکر کی برکت سے دُنیا باقی ہے اور زمین و آسمان قائم ہیں۔ مسلم کی روایت ہے کہ حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے: کسی بھی شخص پر اُس وقت تک قیامت نہیں آئیگی جب تک کوئی اللہ، اللہ کہنے والا موجود ہو۔ چنانچہ یہ حدیث ایک بہت بڑی حکمت والی ہے اور جوامع الکلم ہے جو خصوصی طور پر حضور علیہ السلام کو عطا ہوئی تھی کیونکہ یہ حدیث اپنی منطوق کے اعتبار سے تمام اچھے اخلاق پر دلالت کرتی ہے اور مفہوم کے اعتبار سے تمام بُرے اخلاق پر دلالت کرتی ہے۔

اسنادی حیثیت: امام ترمذی کا کہنا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے۔

تخریج: بیہقیؒ نے بھی اسی طرح روایت کی ہے۔ اور جامع میں اس روایت کو ان دونوں کی طرف منسوب کیا ہے۔ بغیر لفظ "الا" کے، اور "عالما او متعلما" میں لفظ "او" کے بغیر نصب کے ساتھ منسوب کیا ہے۔ یہ باب الہمزہ میں ہے۔ اور باب الدال میں "الدنیا ملعونة ملعون ما فیها الا ما کان منها لله عزوجل" کے الفاظ ہیں۔

اس حدیث کو ابونعیم نے جابرؓ سے حلیہ میں نقل کیا ہے۔

"الدنیا ملعونة ملعون ما فیها الا ذکر الله وما والاه وعالما او متعلما" کے الفاظ کو ابن ماجہ نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور طبرانی نے اوسط میں ابوسعید سے روایت کیا ہے۔

"الدنیا ملعونة ملعون ما فیها الا امرا بمعروف اونهیا عن منکر اوذکر الله" کے الفاظ کو بزار نے ابومسعودؓ سے نقل کیا ہے۔

"الدنیا ملعونة ملعون ما فیها الا ما ابتغی به وجه الله" کے الفاظ کو طبرانی نے ابودرداءؓ سے نقل کیا ہے۔

اسنادی حیثیت: امام ترمذی نے فرمایا ہے: یہ حدیث صحیح ہے۔

۵۱۷۷ : وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللّٰهِ جَنَاحَ بَعُوْضَةٍ مَاسَقٰى كَافِرًا مِنْهَا شَرْبَةً۔ (رواه احمد والترمذی وابن ماجة)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٨٥ حدیث رقم ٢٣٢٠ و ابن ماجه فی السنن ٢/١٣٧٧ حدیث رقم ٤١١٠ .

ترجمہ: "حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ دنیا اگر اللہ کے نزدیک مچھر کے پر کے برابر بھی قدر و قیمت رکھتی تو اللہ تعالیٰ اس میں سے کافر کو ایک گھونٹ پانی بھی نہ پلاتا"۔ (احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

تشریح: تعدل "تاء" مفتوح اور دال مکسور ہے۔

جناح بعوضة: یہ قلت اور حقارت کی ایک مثال ہے کافر سے دُنیا کا تھوڑا سا فائدہ بھی روک لیتے کیونکہ کافر اللہ کا دُشمن ہے۔ اور دُشمن کو وہ چیز نہیں دی جاتی جو دینے والے کے ہاں قیمتی ہو اور دُنیا کی حقارت کی وجہ سے اللہ اپنے محبوب بندوں کو دُنیا نہیں دیتے۔ اسی کی طرف اشارہ ہے اس حدیث میں جس میں ارشاد ہے:

"اللہ اپنے مؤمن بندے کو دُنیا سے اس طرح محفوظ رکھتا ہے جیسا کہ تم مریض کو پانی سے محفوظ رکھتے ہو۔"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس حدیث میں بھی اسی کی طرف اشارہ ہے: ''دنیا کو جس سے بھی روک دیا گیا یہ اُسکے لئے بہتر ہے''۔ صوفیاء کا قول ہے کہ انسان کی پاک دامنی اس میں ہے کہ زیادہ دُنیا حاصل کرنے پر قادر نہ ہو۔ اور حضور علیہ السلام کی ایک دُعا ہے جو جامع مانع ہے رضا کے قائم مقام ہے اللہ کے فیصلوں پر قناعت دلانے والی ہے۔

''اے اللہ تو نے جو چیز مجھے میری پسند کی عطا کی ہے اُس کے ذریعے مجھے اُن کاموں کیلئے قوت عطا فرما جو کام تیری خوشنودی کا باعث ہوں۔ اور اے اللہ تُو نے میری پسند کی جو چیز مجھ سے روک دی ہے اُسکے ذریعے سے مجھے اُن کاموں کیلئے فراغت نصیب فرما جو کام تیری خوشنودی کا باعث ہوں۔''

اللہ کے ہاں دُنیا کے بے قیمت اور گھٹیا ہونے کی دلیل یہ ہے کہ اللہ کفار اور فجار کو زیادہ دُنیا دیتے ہیں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيْهَا يَظْهَرُوْنَ﴾ [الزخرف۔۳۳] ''اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ تمام آدمی ایک ہی طریقے کے ہو جائیں گے تو جو لوگ خدا کے ساتھ کفر کرتے ہیں ان کیلئے ان کے گھروں کی چھتیں چاندی کی کر دیتے۔''

آپ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا: کیا تجھے یہ بات پسند نہیں کہ کفار کو دنیا مل جائے اور ہمیں آخرت مل جائے۔ اللہ جل شانہ کا ارشاد ہے: ﴿وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ.....﴾ [آل عمران :۱۹۸]

''جو چیزیں اللہ کے پاس ہیں وہ نیک بندوں کیلئے بدرجہا بہتر ہیں اور آپ کے رب کا عطیہ بدرجہا بہتر ہے اور دیرپا ہے۔''

تخریج: اسی طرح ضیاء نے بھی نقل کیا ہے۔

۵۱۷۸ : وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَتَّخِذُوْا الضَّيْعَةَ فَتَرْغَبُوْا فِي الدُّنْيَا۔ (رواه الترمذی والبیهقی فی شعب الایمان)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٨٨ حدیث رقم ٢٣٢٨ واحمد فی المسند ١/٣٧٧ والبیهقی فی شعب الایمان ٧/٣٠٤ حدیث رقم ١٠٣٩١۔

ترجمہ: ''حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ضیعہ کو (اس طرح) اختیار نہ کرو کہ وہ دنیا کی طرف رغبت کا سبب بن جائے''۔ (ترمذی، بیہقی)

تشریح: ضیعۃ: سے مراد باغ، بستی اور کھیتی ہے۔ نہایہ میں ہے کہ ضیعۃ اصل میں ایک بار ضائع ہونے کو کہتے ہیں اور کسی کی ''ضیعہ'' سے مراد وہ اشیاء ہوئی ہیں جن سے انسان کا معاش متعلق ہے مثلاً جائیداد، تجارت اور زراعت وغیرہ۔

یعنی تم آخرت کو چھوڑ کر دُنیا کی طرف مائل ہو جاؤ گے۔ اس حدیث میں جائیداد اور اس جیسی دوسری ان چیزوں جو اللہ کی عبادت سے اور آخرت کی طرف توجہ سے مانع ہیں، میں مشغول ہونے سے روکنا مقصود ہے۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مطلب یہ ہے کہ جائیداد حاصل کرنے میں زیادہ مشغول نہ ہو۔ ورنہ اللہ کی یاد سے غافل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوجاؤ گے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿رِجَالٌ لَّا تُلْهِيهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ.....﴾ [النور: ۳۷]

''جن کو اللہ کی یاد سے اور نماز پڑھنے سے اور زکوٰۃ دینے سے تجارت اور خرید وفروخت غافل نہیں کرتی۔''

تخریج: اس حدیث کو احمد اور حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔

۵۱۷۹ : وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَبَّ دُنْيَاهُ اَضَرَّ بِاٰخِرَتِهٖ وَمَنْ اَحَبَّ اٰخِرَتَهٗ اَضَرَّ بِدُنْيَاهُ فَاٰثِرُوْا مَايَبْقٰى عَلٰى مَا يَفْنٰى۔ (رواه احمد والبيهقى فى شعب الايمان)

اخرجه احمد فى المسند ٤/ ٤١٢ والبيهقى فى شعب الايمان ٧/ ٢٨٨ حديث رقم ١٠٣٣٧۔

ترجمہ: ''اور حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنی دنیا کو محبوب رکھتا ہے (اس قدر محبوب رکھنا کہ خدا کی محبت پر غالب آجائے) تو وہ اپنی آخرت کا نقصان کرتا ہے اور جو شخص اپنی آخرت کو محبوب رکھتا ہے وہ (بظاہر) اپنی دنیا کا نقصان کرتا ہے (یعنی اخروی امور میں مشغولیت کی وجہ سے دینوی انہماک میں کمی آتی ہے) پس تمہیں چاہئے کہ فانی چیز (دنیا) پر باقی رہنے والی چیز (آخرت) کو ترجیح دو''۔ (احمد، بیہقی)

تشریح: اضر باخرته: ''باء'' تعدیہ کیلئے ہے اور اس کے مشابہ دوسرے جملہ میں بھی تعدیہ کیلئے ہے۔

فاثروا: یہ ماقبل کی تفریع ہے یا شرط مقدر کا جواب ہے۔ گویا کہ یہ فرمایا کہ جب تمہیں یہ بات معلوم ہوئی کہ آخرت اور دنیا دونوں ضد ہیں اور جمع نہیں ہوتیں۔ اسی وجہ سے حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

''دنیا میں تم میں سے زیادہ بھوک والا آخرت میں سب سے زیادہ سیر ہوگا۔ اور دُنیا میں ننگے بدن پھرنے والے بہت سے آخرت میں لباس پہنے ہوئے ہونگے۔''

قیامت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿خافضة رافعة﴾ [الواقعة: ۳]

فآثروا: مد کے ساتھ ہے۔

عقل مند شخص فنا ہونے والے سونے پر اُس مٹی کے برتن کو ترجیح دیتا ہے جو باقی رہنے والا ہے تو یہاں معاملہ برعکس کیسے۔

امام غزالی رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''کم از کم علم بلکہ کم از کم ایمان بلکہ کم از کم عقل یہ ہے کہ بندہ دنیا کو فانی سمجھے اور آخرت کو باقی رہنے والا سمجھے۔ اور اس علم کا نتیجہ یہ ہے کہ بندہ فانی دنیا سے اعراض کرے اور باقی رہنے والی آخرت کی طرف توجہ دے۔ اور آخرت کی طرف توجہ دینے اور دنیا سے اعراض کرنے کی علامت یہ ہے کہ موت کے آنے اور آخرت کے ظاہر ہونے سے پہلے موت کی تیاری کرے۔''

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ دنیا اور آخرت کی مثال ترازو کے دو پلڑوں جیسی ہے، اگر ایک پلڑا جھک جاتا ہے تو دوسرا ہلکا ہوجاتا ہے اور دوسرا جھک جاتا ہے تو پہلا ہلکا ہوجاتا ہے۔ اور یہ اس لئے کہ دنیا کی محبت دنیا میں مشغول ہونے اور دنیا میں منہمک ہوجانے کا سبب ہے۔ اور دنیا میں مشغولیت اور انہماک آخرت سے غفلت کا سبب ہے۔ اور اس وجہ سے ذکر، فکر اور عبادت چھوڑ دیتا ہے اور آخرت کے درجات اور ثواب فوت ہوجاتا ہے۔ اور یہ بذات خود ایک بہت بڑا نقصان ہے۔ جبکہ اس کے ساتھ یہ بندہ خوف پریشانی اور تکلیف جھیلتا ہے حاسدین سے اپنا دفاع کرنے، مال کمانے پھر اس کی حفاظت کیلئے مصائب اور صعوبتیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

برداشت کرتا رہتا ہے۔

اسنادی حیثیت: اس کے سارے راوی ثقہ ہیں۔

تخریج: حاکم نے اپنی مستدرک میں اسی طرح نقل کیا ہے۔ اور خطیب نے جامع میں حضرت انسؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے: ''تم میں سے سب سے بہتر شخص وہ ہے جو نہ دنیا کیلئے آخرت کو چھوڑے اور نہ آخرت کیلئے دنیا کو چھوڑے اور نہ لوگوں پر بوجھ بنے۔''

۵۱۸۰: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لُعِنَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ وَلُعِنَ عَبْدُ الدِّرْهَمِ۔

(رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٥٠٧ حدیث رقم ٢٣٧٥۔

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دینار اور درہم کے بندے پر لعنت ہو''۔ (ترمذی)

تشریح: قوله :لعن عبد الدنيا ولعن عبد الدرهم :

صحیح نسخوں اور معتمد اُصول میں اسی طرح عطف کے ساتھ منقول ہے۔ اور جامع میں ''واؤ'' عاطفہ کے بغیر منقول ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم اور اس جیسی ایک حدیث ''تعس عبد الدينار'' پہلے گزر چکی ہے۔ (ملاحظہ کیجئے اسی باب کی حدیث: ۵۱۶۱ جو ترتیب کے لحاظ سے فصل اوّل کی ساتویں روایت ہے از مرتب)

۵۱۸۱: وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ اُرْسِلَا فِيْ غَنَمٍ بِاَفْسَدَ لَهَا مِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَالِ وَالشَّرَفِ لِدِيْنِهٖ۔ (رواه الترمذی والدارمی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/ ٥٠٨ حدیث رقم ٢٣٧٦، واحمد فی المسند ٣/ ٤٦٠۔

ترجمہ: ''حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ اپنے والد سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمایا: دو بھوکے بھیڑیئے جن کو بکریوں کے ریوڑ میں چھوڑ دیا جائے وہ بھی اس قدر نقصان دہ نہیں جتنا کسی کے دین کے لئے مال و منصب کی طمع نقصان دہ ہے''۔ (ترمذی، دارمی)

تشریح: قوله :وعن كعب بن مالك عن ابيه:

موجودہ تمام نسخوں میں اسی طرح ہے مگر قلم کا سہو اور پرانی غلطی ہے۔ اسی وجہ سے میرکؒ فرماتے ہیں کہ صحیح یوں ہے: عن ابن كعب بن مالك عن ابيه: اور اس طرح بھی صحیح ہے: ''عن كعب بن مالك'' عن ابيه کے بغیر۔ اور سید جمال الدین فرماتے ہیں کہ مشکوٰۃ کے جتنے نسخوں کو ہم نے دیکھا سب میں اسی طرح ہے۔ اور مصابیح کے بہت سارے نسخوں میں ہمیں اسی طرح ملا مگر یہ سہو ہے۔ اور بظاہر یہ اصل میں مصابیح سے ہوئی۔ اور صاحب مشکوٰۃ سے تقلیداً ہوئی اور صحیح یہ ہے: عن ابن كعب بن مالك عن ابيه ،اسی طرح اصل ترمذی میں ہے۔ اور مذکور بیٹا عبداللہ ہے۔ جامع الاصول میں اس بات کی تصریح ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ما قوله: ماذئبان جائعان..... : ''ما'' نافیہ ہے۔

ذئبان: ہمزہ ساکن ہے اور کبھی یاء سے تبدیل کیا جاتا ہے۔

جائعان: اس کو مبالغہ کیلئے ذکر کیا۔

بأفسد): ''باء'' زائدہ ہے۔

لها: یعنی اُس ریوڑ کیلئے، اور مونث کی ضمیر ذکر کی ہے جنس کا اعتبار کرتے ہوئے یا (قطعة) کا اعتبار کرتے ہوئے۔

دو بھیڑیوں کے ساتھ اس لئے تشبیہ دی ہے کہ حرص کا تعلق بھی دو چیزوں کے ساتھ ہے۔ ایک ظاہری ہے۔ اور ایک باطنی ہے اور وہ دو چیزیں جن سے حرص کا تعلق ہے اُن میں سے ایک کثیر مال اور دوسری بڑا مرتبہ ہے۔

لدینه: ''افسد'' کے متعلق ہے۔ اور معنی یہ ہے کہ انسان کا مال اور جاہ کی حرص کرنا اُسکے دین کیلئے بہت زیادہ نقصان دہ ہے۔ اور ''دین'' کو ''بکری'' کے ساتھ اس لئے تشبیہ دی کہ جس طرح بکری بھیڑیا کے سامنے کمزور ہو جاتی ہے اسی طرح دین ان دو اشیاء کی حرص کے سامنے کمزور ہو جاتا ہے۔

طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ''ما'' لیس کے معنی میں ہے ''ذئبان'' اس کا اسم ہے ''جائعان'' صفت ہے ''بافسد'' ''ما'' کی خبر ہے ''باء'' زائدہ ہے اور ''افسد'' اسم تفضیل کا صیغہ ہے معنی ہے ''بہت زیادہ فساد و نقصان پہنچانے والا'' اور ''لها'' کی ضمیر ''غنم'' کی طرف راجع ہے۔ اور اس میں جنسیت کا اعتبار کیا گیا ہے۔ اس وجہ سے مونث کی ضمیر لائی گئی اور ''من حرص المرء'' اسم تفضیل کیلئے مفضل علیہ ہے۔ اور ''علی المال والشرف'' حرص کے متعلق ہیں۔ اور ''شرف'' سے مراد جاہ ہے اور (لدینه) میں لام بیان کیلئے ہے جیسا کہ اس ارشاد باری: ﴿لمن اراد ان یتم الرضاعة﴾ [البقرة:۲۳۴] ''یہ مدت اس کے لئے ہے جو شیر خوارگی کی تکمیل کرنا چاہے'' میں ہے۔

گویا کہ پوچھا گیا کہ یہ حرص کس چیز کیلئے بہت زیادہ نقصان دہ ہے۔ جواب دیا گیا اُسکے دین کیلئے اور معنی یہ ہوا کہ اگر دو بھوکے بھیڑیے بکریوں کے ریوڑ میں چھوڑ دیئے جائیں تو ان کا نقصان اُس نقصان سے زیادہ نہیں جو نقصان انسان کو مال و جاہ کی حرص سے ہوتا ہے۔ کیونکہ حرص کی وجہ سے انسان کے دین کو اس سے زیادہ نقصان پہنچتا ہے جتنا کہ دو بھوکے بھیڑیوں کو بکریوں کے ریوڑ میں چھوڑنے سے ہوتا ہے۔ مال کا نقصان اس لئے بہت زیادہ ہے کہ یہ ایک گونہ قدرت ہے جس کی وجہ سے شہوات کی طلب پیدا ہوتی ہے اور مباحات سے عیش پرستی کا باعث بنتا ہے پھر عیش پرستی اور ناز و نعمت کی زندگی محبوب بن جاتی ہے۔ اور بسا اوقات مال کے ساتھ اُنس بڑھتا جاتا ہے۔ اور حلال مال کمانے سے عاجز ہوتا ہے۔ اس لئے مشتبہات میں پڑ جاتا ہے جو اللہ کی یاد سے غفلت کا باعث ہے۔ اور اس سے تو کوئی بھی نہیں بچ سکتا اور ''جاہ'' کے نقصان دِہ ہونے کیلئے اتنا ہی کافی ہے کہ مال کو جاہ کیلئے خرچ کیا جاتا ہے۔ مگر جاہ کو مال کیلئے خرچ نہیں کیا جاتا اور یہ شرک خفی ہے۔ پھر انسان ریاکاری، مداہنت، نفاق اور تمام اخلاق ذمیمہ میں داخل ہو جاتا ہے اور یہ بہت زیادہ نقصان ہے۔

صوفیاء کا قول ہے کہ صدیقین کے سر (یعنی دماغ) سے جو چیز سب سے آخری میں نکلتی ہے وہ جاہ ہے۔ جاہ وہ چیز ہے جو سالک کیلئے جلوت میں خلوت کیلئے رکاوٹ بنتی ہے اگرچہ جاہ امور علمیہ عملیہ۔ مشیخت اور حالات کشفیہ میں ہی کیوں نہ ہو۔ اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صاحب کشاف نے ربیع الابرار میں ابن مسعودؓ سے نقل کیا ہے:

آدمی اپنی زندگی میں بھی ریا کار ہوتا ہے اور اپنی زندگی کے بعد بھی کسی نے پوچھا وہ کس طرح؟ فرمایا کہ بندہ چاہتا ہے کہ موت کے بعد لوگ کثرت سے اس کے جنازہ میں شرک ہوں۔

تخریج وتوضیح: شاید حدیث کے یہ الفاظ ترمذی کے ہیں' ورنہ تو دارمی کو مقدم رکھنا زیادہ مناسب ہے۔ کیونکہ مسلم' ابوداؤد اور ترمذی وغیرہ دارمی سے نقل کرتے ہیں۔ اور جامع میں ہے کہ احمد اور ترمذی نے اس حدیث کو کعب بن مالک سے نقل کیا ہے۔ اور ''عن ابیه'' کا ذکر نہیں کیا۔

۵۱۸۲ : وَعَنْ خَبَّابٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَنْفَقَ مُؤْمِنٌ مِنْ نَفَقَةٍ اِلَّا اُجِرَ فِيْهَا اِلَّا نَفَقَتَهٗ فِى هٰذَا التُّرَابِ۔ (رواه الترمذى وابن ماجة)

اخرجه الترمذى فى السنن ٥٨٢/٤ حديث رقم ٢٤٨٣ وابن ماجه فى السنن ١٣٩٣/٢ واحمد فى المسند ١١٠/٥۔

ترجمہ: ''حضرت خباب رضی اللہ عنہ' رسول اللہ ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مسلمان (اپنے رہن سہن پر) جو اخراجات کرتا ہے اس پر اسے اجر دیا جاتا ہے سوائے اس خرچ کے جو اس مٹی میں کرتا ہے''۔ (ترمذی ابن ماجہ)

تشریح: أجر: صیغۂ مجہول ہے۔

الا نفقته: کلام موجب سے مستثنیٰ ہونے کی بناء پر منصوب ہے اس لئے کہ استثناء اول کی وجہ سے نفی ایجاب بن گیا۔

فی هذا التراب: اسم اشارہ بیان کیلئے ہے۔ بعض کے نزدیک ''التراب'' کنایہ ہے بدن اور بدن کو حاصل ہونے والی ضرورت سے زائد دینی یا دُنیوی لذتوں سے طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ''نفقتہ'' کلام موجب سے استثناء کی بناء پر منصوب ہے اس لئے کہ مستثنیٰ منہ کلام منفی سے مستثنیٰ ہے لہٰذا کلام موجب بن گیا۔

۵۱۸۳ : وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّفَقَةُ كُلُّهَا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا الْبِنَاءَ فَلَا خَيْرَ فِيْهِ۔ (رواه الترمذى وقال هذا حديث غريب)

اخرجه الترمذى فى السنن ٥٦١/٤ حديث رقم ٢٤٨٢۔

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''(ضروریاتِ زندگی کے) تمام اخراجات اللہ کی راہ میں (خرچ کرنے کی مانند) ہیں' (یعنی انسان اپنی اور اپنے متعلقین کی ضروریات پر جو کچھ خرچ کرتا ہے اس کو اس کا ثواب ملتا ہے) البتہ (ضرورت وحاجت سے زائد) تعمیر پر خرچ کرنے میں کوئی بھلائی نہیں''۔ اس حدیث کو امام ترمذی نے نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے''۔

تشریح: '' البناء '' لام عہدی ہے۔

قوله: فلا خير فيه: اسراف کی وجہ سے اور اللہ اسراف کرنے والوں کو پسند نہیں فرماتے' اور نفقہ میں اسراف کا تصور نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے کیونکہ نفقہ یا کسی کو کھلانا ہے یا کوئی دوسرا احسان کرنا اور یہ دونوں خیر کی چیزیں ہیں۔ چاہے مستحق کو ملیں یا کسی اور کو ملیں۔

فلا خیر فیه: ''فاء'' تفریعیہ ہے اور یہ ''فاء'' موجودہ تمام نسخوں میں ہے۔ لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ طیبیؒ کے اصل نسخہ میں ''فا'' کی جگہ ''واؤ'' ہے۔ کیونکہ انہوں نے اپنی شرح میں لکھا ہے کہ ''ولا خیر فیه'' حال مؤکدہ ہے۔

۵۱۸۴ : وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمًا وَنَحْنُ مَعَهٗ فَرَاٰى قُبَّةً مُشْرِفَةً فَقَالَ مَا هٰذِهٖ قَالَ اَصْحَابُهٗ هٰذِهٖ لِفُلَانٍ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَسَكَتَ وَحَمَلَهَا فِيْ نَفْسِهٖ حَتّٰى لَمَاجَآءَ صَاحِبُهَا فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فِي النَّاسِ فَاَعْرَضَ عَنْهُ صَنَعَ ذٰلِكَ مِرَارًا حَتّٰى عَرَفَ الرَّجُلُ الْغَضَبَ فِيْهِ وَالْاِعْرَاضَ عَنْهُ فَشَكٰى ذٰلِكَ اِلٰى اَصْحَابِهٖ وَقَالَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاُنْكِرُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا خَرَجَ فَرَاٰى قُبَّتَكَ فَرَجَعَ الرَّجُلُ اِلٰى قُبَّتِهٖ فَهَدَمَهَا حَتّٰى سَوَّاهَا بِالْاَرْضِ فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَلَمْ يَرَهَا قَالَ مَا فَعَلَتِ الْقُبَّةُ قَالُوْا شَكٰى اِلَيْنَا صَاحِبُهَا اِعْرَاضَكَ فَاَخْبَرْنٰهُ فَهَدَمَهَا فَقَالَ اَمَا اِنَّ كُلَّ بِنَآءٍ وَبَالٌ عَلٰى صَاحِبِهٖ اِلَّا مَالَا اِلَّا مَا لَا يَعْنِيْ اِلَّا مَا لَا بُدَّ مِنْهُ ۔ (رواه ابو داؤد)

اخرجه ابو داؤد فی السنن ۵/۴۰۳ حدیث رقم ۵۲۳۷ واحمد فی المسند ۳/۲۲۰۔

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ ﷺ (کہیں جانے کے لئے) باہر نکلے۔ ہم صحابہؓ کی ایک جماعت بھی آپ ﷺ کے ہمراہ تھی' آپ ﷺ نے راستہ میں ایک بلند قبہ کو دیکھا تو فرمایا کہ یہ قبہ کیا ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا کہ یہ قبہ فلاں انصاری کی ملکیت ہے۔ آپ ﷺ (یہ سن کر) خاموش رہے اور (کچھ فرمایا تو نہیں لیکن) اس بات کو (ناگواری اور غصہ کے طور پر) اپنے دل میں رکھا یہاں تک کہ جب اس قبہ کا مالک آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے لوگوں کی موجودگی میں آپ ﷺ کو سلام کیا تو آپ ﷺ نے اس سے بے رخی کا مظاہرہ فرمایا (یعنی یا تو آپ نے اس کے سلام کا جواب ہی نہیں دیا یا جواب تو دیا لیکن اس سے منہ پھیر لیا اور دوسرے لوگوں کو بھی متنبہ ہو جائے) آنحضرت ﷺ نے متعدد بار ایسا ہی کیا (کہ وہ شخص آپ ﷺ کو سلام کرتا اور آپ ﷺ اس کا جواب نہ دیتے اور اس سے منہ پھیر لیتے تھے) آخر کار اس شخص نے آپ ﷺ کی ناگواری اور بے رخی کو محسوس کر لیا چنانچہ اس شخص نے صحابہؓ سے اس بات کا شکوہ کرتے ہوئے کہا کہ اللہ کی قسم مجھے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے حضور ﷺ مجھے پہچانتے ہی نہ ہوں صحابہؓ نے انہیں کو بتایا کہ حضور ﷺ ادھر (تمہاری طرف) تشریف لے گئے تھے اور تمہارے قبہ کو دیکھا تھا۔ وہ انصاری صحابی اپنے قبہ کی طرف گئے اور اسے منہدم کر کے زمین کے برابر کر دیا! (اس واقعہ کے بعد) ایک دن رسول اللہ ﷺ پھر اس طرف تشریف لے گئے اور قبہ کو وہاں نہ دیکھ کر دریافت فرمایا کہ اس قبہ کا کیا ہوا؟ صحابہؓ نے عرض کیا کہ قبہ بنانے والے نے اپنے طور پر آپ ﷺ کی بے التفاتی اور ناراضگی کا تذکرہ ہم سے کیا تھا تو ہم نے اس صورت حال سے آگاہ کر دیا تھا (کہ حضور ﷺ تم سے اس لئے ناراض ہیں کہ تم نے اس قبہ کی صورت میں ایک ناپسندیدہ تعمیر کرائی ہے) چنانچہ اس شخص نے اس قبہ کو منہدم کر دیا۔ تب آپ ﷺ نے فرمایا کہ ''خوب جان لو کہ ہر عمارت اپنے بنانے والے کے لئے آخرت میں وبال (یعنی عذاب کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سبب) بنے گی اِلَّا مَالَا اِلَّا مَالَا یعنی علاوہ اس چیز کے کہ جس کے بغیر گزارہ نہ ہو سکے"۔ (ابوداؤد)

تشریح: ونحن معه: جملہ حالیہ ہے۔

فقال: ما هذا؟: استفہام انکاری ہے۔

لفلان رجل: "رجل" مجرور ہے اور ایک نسخہ میں مرفوع ہے۔

"حملها": اساس البلاغہ میں ہے کہ "حملت الحقد" اُس وقت کہا جاتا ہے جب اس کو دل میں پوشیدہ رکھے۔ شاعر کہتا ہے:

ولا احمل الحقد القديم عليهم
وليس رئيس القوم من يحمل الحقدا

"میں ان لوگوں کے خلاف پرانی باتوں کو اپنے دل میں نہیں رکھتا اور وہ شخص قوم کا سردار نہیں بن سکتا جو پرانی باتوں کو دل میں رکھتا ہے۔"

قوله: فاعرض عنه: یعنی اُس کے سلام کا جواب نہیں دیا یا جواب دیا مگر اُسکی طرف التفات نہیں کیا۔ کسی کے ساتھ نرمی سے بھلائی کرنے کے وقت آپ علیہ السلام کی عادت مبارکہ اسی طرح تھی۔ اور آپ علیہ السلام نے اس شخص کی تادیب کرنے اور دوسروں کو تنبیہ کرنے کے واسطے اس طرح کیا۔

قوله: صنع ذالك مرارا: ممکن ہے کہ یہ جملہ "لما" کا جواب ہو اور یہ بھی احتمال ہے کہ حتیٰ کا مدخول ہو۔ اور "لما" ظرفیہ ظرف مقدر جو عامل اور معمول کے درمیان مستانفہ ذکر کیا گیا۔ طیبیؒ نے "صنع" کو جملہ مستانفہ بنایا کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ "فاعرض" "فا" سمیت کو "لما" کا جواب بنانا دُرست ہے۔ حالانکہ ایسا کم ہوتا ہے۔ اور "لما" کے جواب مقدر ہو۔ تو بھی دُرست ہے اور اصل عبارت یوں ہے: "كرهه فاعرض عنه"۔

وقال قوله: قال: ما فعلت القبة: ماقبل کی تفسیر ہے۔ "الى رسول الله" کا اضافہ ہے لیکن اس اضافہ کی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی۔ اور ایک نسخہ میں ہے: قال جملہ مستانفہ ہے۔

ما فعلت: معروف کا صیغہ ہے۔ اور ایک نسخہ میں مجہول کا صیغہ ہے۔

"اما": میم مخفف ہے تنبیہ کیلئے ہے۔

بناء: "باء" مکسور ہے۔ یہ مصدر ہے۔ اور اس سے مراد عمارت ہے۔

الا مالا: تاکید کے واسطے تکرار کیا۔

قوله: يعني الا مالابد منه:

بعض نے حدیث کا مطلب یوں بیان کیا ہے کہ ہر وہ عمارت جس کو بندہ تعمیر کرے وبال یعنی آخرت میں عذاب ہے۔ وبال اصل میں ثقل اور مکروہ یعنی ناپسندیدہ چیز کو کہتے ہیں۔ اور حدیث میں وہ عمارت مراد ہے جو ضرورت سے زائد ہو اور تفاخر اور عیش پرستی کیلئے بنائی گئی ہو۔ بھلائی اور خیر کی عمارات مثلاً مدارس، مساجد اور سرحدی لشکر کی حفاظت کیلئے پناہ گاہ مراد نہیں ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیونکہ ان کی تعمیر آخرت کیلئے ہے۔اسی طرح گزارہ کی وہ روزی لباس اور رہائش گاہ مراد نہیں ہیں جن سے کوئی خلاصی نہیں۔

بیہقی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً نقل کیا ہے:

''ہر عمارت مالک عمارت پر قیامت کے دن وبال ہوگی سوائے مسجد کے۔''

طبرانی نے واثلہؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے:

''ہر عمارت صاحب عمارت پر وبال ہوگی سوائے اُس عمارت کے جو اس طرح ہو''۔اور اپنے ہتھیلی سے اشارہ کیا''اور ہر علم صاحب علم پر قیامت کے دن وبال ہوگی سوائے اُس علم کے جس پر عمل کیا ہو۔''

۵۱۸۵ : وَعَنِ ابْنِ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ عَهِدَ إِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّمَا يَكْفِيْكَ مِنْ جَمِيْعِ الْمَالِ خَادِمٌ وَمَرْكَبٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ (رواه احمد والترمذی والنسائی وابن ماجة وفی بعض نسخ المصابیح عن ابی هاشم بن عتبد بالدال بدل التأء وهو تصحیف)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٨٨ حدیث رقم ٢٣٢٧وابن ماجه فی السنن ٢/١٤٣٢ حدیث رقم ٤١٠٣ واحمد فی المسند ٥/٢٩٠۔

ترجمہ:''حضرت ابو ہاشم بن عتبہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا: تمہارے لئے صرف اس قدر مال کا جمع کرنا کافی ہے کہ ایک خادم ہو اور ایک راہ جہاد کی سواری اس کو روایت کیا ہے احمد۔ترمذی ،نسائی اور ابن ماجہ نے جب کہ مصابیح کے بعض نسخوں میں حدیث کی سند عن ابی ہاشم بن عتبہ منقول ہے۔

راوئ حدیث:

ابو ہاشم۔یہ ابو ہاشم ہیں۔ان کا نام شیبہ ہے۔عتبہ بن ربیعہ کے بیٹے ہیں اور نسب کے اعتبار سے قرشی ہیں۔کہتے ہیں کہ ان کا نام''ہشام'' ہے اور یہ بھی کہتے ہیں کہ ان کا نام ہی ان کی کنیت ہے۔حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ کے ماموں ہیں فتح مکہ کے موقع پر مسلمان ہوئے اور شام میں سکونت پذیر ہو گئے۔نیک نہاد صاحب فضل صحابی ہیں۔ان سے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ وغیرہ نے روایت کی۔حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت کے زمانہ میں وفات پائی۔

تشریح: قوله:قال :عهد الی رسول الله ﷺ قال: قال:''عهد'' سے بدل ہے۔یا''عهد'' کی تفسیر ہے۔یا'' عهد'' کا بیان ہے۔طیبیؒ نے پہلی ترکیب کو اختیار کیا ہے۔اس لئے کہ فرمایا''عهد'' سے قال بدل ہے' یہ فعل سے فعل بدل ہے۔جیسا کہ شاعر کے اس قول میں:

متی تاتنا تلمم بنا فی دیارنا
تجد حطبا جزلا ونارا تاججا

''جب تم ہمارے پاس ہمارے علاقے میں آؤ گے تو تم وہاں ایندھن کی بہت زیادہ لکڑیاں اور بھڑکتی ہوئی آگ پاؤ گے''۔

یہاں ''تلمم بنا'' تأتنا سے بدل ہے۔

قوله:انمایکفیك من جمع المال ومرکب فی سبیل الله:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ ضرورت کے بقدر اُن چیزوں پر قناعت اور اکتفاء کیا جائے جو چیزیں آخرت کیلئے توشہ بن جاتی ہیں۔طبرانی اور بیہقی نے سے نقل کیا ہے:

''تمہارے لئے دُنیا کی اتنی چیزیں کافی ہیں جو سوار کیلئے توشہ ہوں۔''

تخریج وتوضیح: اور جامع میں ارشادِ نبوی "انما یکفیه" کی نسبت آخری تین کی طرف ہے۔ابی ہاشم بن عتبہ کی سند سے منقول ہے۔اور اس حدیث کا تتمہ ایک قصہ ہے جو فصل ثالث میں آئے گا۔

قوله:وفی بعض نسخ المصابیح عن ابی هاشم بن عتبد:

عتبد کی ''عین'' مضموم ''تاء'' ساکن اور ''باء'' مفتوح ہے (بالدال) بغیر نقطہ والی ''دال'' کے ساتھ (بدل التاء) دو نقطوں والی ''تاء'' جو لفظ عتبہ کے آخر میں ہے وہ تصحیف ہے۔اس لئے کہ یہ نام راویوں کے ناموں میں مذکور نہیں ہے۔نیز یہ اُس ضبط کے مخالف ہے جو اُصول میں موجود ہے۔بعض نسخوں میں تحریف ہے اور بعض حواشی میں بھی تحریف ہے۔چنانچہ خیال رکھیں دُرست وہ ہے جو یہاں لکھا ہے۔

۵۱۸۶ : وَعَنْ عُثْمَانَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ لِابْنِ اٰدَمَ حَقٌّ فِیْ سِوٰی هٰذِهِ الْخِصَالِ بَیْتٌ یَسْکُنُهٗ وَثَوْبٌ یُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتَهٗ وَجِلْفُ الْخُبْزِ وَالْمَآءِ ۔ (رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٩٤ حدیث رقم ٢٣٤١ واحمد فی المسند ١/٦٢۔

ترجمہ: ''حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا:''ابن آدم کو ان چیزوں کے علاوہ اور کسی چیز کا حق نہیں' ایک سکونت کے لئے گھر دوسرے ستر ڈھانپنے کے لئے لباس' تیسرے سادہ روٹی اور پانی''۔

(ترمذی)

تشریح: قوله:لیس لابن آدم حق فی سوی هذه الخصال:

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ سوی کا موصوف محذوف ہے۔اصل عبارت یوں ہے: شی سوی هذه اھ۔اور ایک نسخہ میں جامع کے موافق عبارت'' فیما سوی هذه الخصال'' ہے اور ان سے مراد بدن کی وہ ضروریات ہیں جو دین کیلئے معین ہیں۔

قوله: بیت یسکنه: بیت: مجرور ہے اور رفع کے ساتھ بھی نقل کیا گیا ہے۔اور یہی اعراب بعد میں بیان کیے گئے ''خصال'' کا بھی ہے۔

قوله:وثوب یواری به عورته: لوگوں سے یا نماز میں ستر چھپا سکے کیونکہ نماز کیلئے شرط ہے۔

جلف قوله: هو جلف الخبز: ''جیم'' مکسور اور ''لام'' ساکن ہے۔لام کو مفتوح بھی پڑھا گیا ہے۔قاموس میں ہے کہ ''جلف جیم'' کے کسرہ کے ساتھ کا معنی ہے بغیر سالن کے خشک موٹی روٹی یا روٹی کا ایک ٹکڑا اور ایک برتن اور روٹی رکھنے کیلئے ایک برتن۔

شارح نے لکھا ہے کہ اور مراد مظروف ہے۔اور زیادہ مناسب یہ ہے، کہ مراد ظرف اور مظروف دونوں ہوں۔اور ایک کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چھوڑ کر دوسرے کو ذکر کرنے پر اس لیے اکتفاء کیا کہ دونوں استعمال میں ایک دوسرے کو لازم ہیں۔

قولہ و الماء: مجرور ہے۔ "جلف" کا "خبز" پر عطف ہے۔ شراح کے کلام سے یہی بات مفہوم ہوتی ہے۔ اور ایک نسخہ میں مرفوع ہے۔ اس لئے کہ یہ بھی خصال مذکورہ میں سے ایک خصلت ہے۔

شارحؒ فرماتے ہیں کہ حق سے مراد وہ جو اللہ کی طرف سے اس کو دی گئی ہو نہ آخرت میں نہ اس کے بارے میں سوال ہوگا۔ اور نہ اس پر عقاب ہو۔ اور اللہ کی طرف سے دی گئی اشیاء میں سے حلال پر اکتفاء کرے تو اُسکے بارے میں سوال نہ ہوگا۔ کیونکہ یہ ایسے حقوق ہیں جو نفس کیلئے ضروری ہیں اور جو اُسکے علاوہ ہیں اُن کے بارے میں سوال ہوگا اور اُسکے شکر کا مطالبہ کیا جائے گا۔

قاضی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حق سے مراد وہ اشیاء ہیں جن کی انسان کو ضرورت ہو اور انسان کی زندگی اس پر موقوف ہو۔ اس وجہ سے انسان ان اشیاء کا مستحق ہو اور وہ جو مال سے حقیقی مقصود ہو۔

بعض فرماتے ہیں۔ کہ حق سے مراد وہ اشیاء کہ جن کو اگر حلال طریقہ سے کمایا جائے تو اس کے بارے میں حساب نہ ہو۔

نہایہ میں ہے کہ "جلف" بغیر سالن کی روٹی کو کہتے ہیں۔ اور بعض نے لکھا ہے کہ "جلف" خشک موٹی روٹی کو کہتے ہیں۔ اور فرمایا کہ "جلف" کو لام کے فتحہ کے ساتھ نقل کیا گیا ہے۔ یہ "جلفة" کی جمع ہے۔ اور "جلفة" کا معنی ہے روٹی کا ٹکڑا۔ الغریبین میں لکھا ہے کہ شمر نے ابن الاعرابی سے نقل کیا ہے کہ

قاضی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ظرف کو ذکر کیا اور مظروف مراد لیا یعنی روٹی کا ٹکڑا اور پانی کا ایک گھونٹ اور مقصود یہ ہے کہ انتہائی قناعت اور کفایت شعاری کے ساتھ وقت گزارے جیسا کہ ابن ادھم سے منقول ہے:

وماهي الا جوعة قد سددتها
وكل عطام بين جنبي واحد

اور امام شافعی رحمہ اللہ کے اشعار ہیں:

ايانفس يكفيك طول الحياة
اذا ماقنعت ورب الفلق

"اے نفس! جب تو قانع بن جائے گا تو رب فلق (صبح کی روشنی لانے والے رب) کی قسم تیرے لئے ساری زندگی کے واسطے۔"

رغيف بفوذنج يا بس
وما روى ولبس خلق
وخفش تكفك جدرانه
فما ذا العنا وما ذا القلق

"اور وہ جھونپڑی کافی ہوگی جس کی دیوار میں تجھ پر سایہ کرے پھر اس کے بعد دنیا کیلئے کیوں پریشان ہو۔ اور کیوں افسوس کرتے ہو۔"

تخریج: اس حدیث کو امام حاکم نے بھی اپنی مستدرک میں اسی طرح نقل کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۱۸۷ : وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ دُلَّنِيْ عَلٰى عَمَلٍ اِذَا اَنَا عَمِلْتُهٗ اَحَبَّنِيَ اللّٰهُ وَاَحَبَّنِيَ النَّاسُ قَالَ اِزْهَدْفِي الدُّنْيَا يُحِبَّكَ اللّٰهُ وَازْهَدْ فِيْمَا عِنْدَ النَّاسِ يُحِبُّكَ النَّاسُ۔

(رواه الترمذی وابن ماجة)

اخرجه ابن ماجه فی السنن ۲/۱۷۷۳ حدیث رقم ۴۱۰۲۔

ترجمہ: ''سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے (بارگاہِ رسالت میں) حاضر ہوکر عرض کیا کہ یارسول اللہ (ﷺ) میری کسی ایسے عمل کی طرف رہنمائی فرمائیں کہ میں جب اس کو اختیار کروں تو اللہ تعالیٰ بھی مجھ سے محبت کرنے اور لوگ بھی مجھ سے محبت کریں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: دنیا سے بے رغبتی اختیار کرو (یعنی دنیا کی محبت میں گرفتار نہ ہو) اس کی فضولیات سے اعراض کرو اور امورِ آخرت کی طرف متوجہ رہو) اگر تم ایسا کرو گے تو گویا تم اس چیز سے نفرت کرنے والے ہو گے جس سے اللہ تعالیٰ نفرت کرتا ہے اور اس کی وجہ سے) اللہ تعالیٰ تم سے محبت رکھے گا اور اس چیز بے اعتنائی کرو جو لوگوں کے پاس ہے (یعنی مال و دولت اور منصب) لوگ تم سے محبت کریں گے''۔

تشریح: قوله: یارسول الله دلنی ---- وأ حبنی الناس: انا: تاکید کیلئے ہے۔

احبنی: یائے متکلم کو مفتوح اور ساکن دونوں طرح پڑھنا درست ہے۔

قوله قال ازهد فی الدنیا:

اس کی محبت کو چھوڑ' بایں طور کہ اس کی زائد اشیاء سے اعراض کر اور آخرت اور آخرت میں کام آنے والی اشیاء کی طرف متوجہ ہو۔

یحبك الله : کیونکہ اللہ کے دُشمن کے ساتھ تیری محبت نہ ہوگی۔

جواب امر کی بناء پر مجزوم ہے۔ اور ''باء'' مفتوح مشدد ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ جملہ مستانفہ ہونیکی وجہ سے مرفوع ہے۔

قوله: وازهد فما عند الناس یحبك الناس:

لوگ تم سے محبت کریں گے کیونکہ تم نے اُن کی محبوب چیز کو چھوڑ دیا اور اُنکے مطلوب میں اُنکی مزاحمت نہیں کی۔

ایک شاعر کا شعر ہے:

وما الذهد الا فی انقطاع الخلائق

وما الحق الا فی وجود الحقائق

''زہد یہی ہے کہ انسان مخلوق سے طمع منقطع کر دے' اور حق تو حقائق میں ہی ہے۔''

وما الحب الا جب من کان قلبه

عن الخلق مشغولا برب الخلائق

''حقیقی محبت تو اُس شخص کی محبت ہے جس کا دل اللہ کے ساتھ لگا ہوا ہو۔ اور مخلوق سے غافل ہو گیا ہو۔''

بعض نے لکھا ہے کہ زہد سے مراد نفس کا دنیا پر قدرت رکھنے کے باوجود دنیا سے آخرت کی وجہ سے دور ہو جانا جہنم کی آگ سے خوف کی وجہ سے یا جنت کی اُمید میں یا غیر اللہ کی طرف التفات سے پرہیز کرنے کیلئے۔ اور یہ اُسی وقت ہوتا ہے جب لقمہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے نور سے شرح صدر ہو جائے۔ اور اُس شخص سے زُھد کا تصور نہیں ہو سکتا جس کے پاس نہ مال ہو۔ اور نہ جاہ۔

ابن مبارک رحمہ اللہ سے کسی نے کہا: اے زاہد! فرمایا: زاہد تو عمر بن عبدالعزیز تھے' دُنیا پیشانی رگڑ کر اُنکے پاس آئی مگر اُنہوں نے ترک کیا' اور جہاں تک میری بات ہے تو میں کس چیز میں زہد کروں۔

یہ کمال زہد کا بیان ہے' ورنہ اصل زہد یہ ہے کہ نفس کسی چیز کی طرف مائل نہ ہو' اور یہ زہد درحقیقت ایک الٰہی جذبہ ہے جو اللہ کی طرف روحانی سفر کرنے والے کو فانی امور سے بچاتا ہے اور باقی رہنے والی چیزوں میں مشغول کر دیتا ہے۔ حاصل یہ کہ نفس زہد کا دعوٰی کرتا ہے لیکن اس کا سچ اور جھوٹ اُس وقت واضح ہوتا ہے جس وقت دُنیا موجود ہو اور دُنیا قدرت ہو اور جس وقت قدرت نہ ہو تو دونوں میں سے کوئی ایک احتمال ہوتا ہے اور ثمرہ اس کا یہ ہے۔ کہ راستہ کے توشہ کے بقدر ضرورت کی دُنیا پر قناعت ہو۔ اور وہ اتنا طعام ہے جس سے بھوک دفع ہو جائے۔ اور اتنا لباس جس سے ستر و پوشی ہو جائے۔ ایسا مکان جس کی وجہ سے گرمی و سردی سے بچ جائے۔ اور اتنا سامان جس کی انسان کو ضرورت ہوتی ہے۔ جیسا کہ پہلی حدیث میں گزر چکا۔

منازل کی عبارت کا حاصل یہ ہے کہ زہد نام ہے بتکلف کسی چیز کی رغبت اپنے دل سے نکالنے کا اور اس کے تین مراتب ہیں:

پہلا مرتبہ: مشتبہات پر اللہ کے عقاب سے ڈر اور خوف کی وجہ سے مشتبہات میں زہد کرنا

دوسرا مرتبہ: مراقبہ میں مشغول ہو کر وقت کو قیمتی بنانے کیلئے فراغت کو غنیمت سمجھے اور بقدر ضرورت روزی سے زائد میں زہد کرے۔

تیسرا مرتبہ: زہد کے بارے میں زہد کرے یعنی اگر بعض چیزوں کے بارے میں زہد اختیار کیا ہے تو اللہ کی عظمت کی نسبت سے اُس زہد کو حقیر سمجھے اور اُس شخص کے ہاں زہد اور عدم زہد دونوں برابر ہو جائیں اور دُنیا کو ترک کر کے اجر حاصل کرنے کیلئے اس طرح وقت گزارنا کہ حقیقت کی آنکھوں سے فاعل حقیقی کی وحدانیت کو دیکھ رہا ہو اور اللہ کی طرف سے دین وعطاء اور منع وترک میں اللہ کے تصرف کا مشاہدہ کرے۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ زہد ایک اعلیٰ اور افضل مقام ہے۔ اس لئے کہ زہد اللہ کی محبت کا سبب ہے' اور دنیا سے محبت کرنے والا اپنے آپ کو اللہ کے بغض کے سامنے پیش کرتا ہے۔

توضیح وتخریج: میرکؒ فرماتے ہیں کہ ترمذی کا ذکر کتاب کے کاتب نے یا صاحب کتاب نے سہواً کیا ہے' کیونکہ حافظ منذری، امام نووی اور شیخ جزری ان تمام نے صرف ابن ماجہ کا ذکر کیا ہے۔

میں کہتا ہوں کہ نوویؒ نے اس حدیث کو اپنی اربعین میں ذکر کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔ اس کو ابن ماجہ نے روایت کیا ہے' لیکن ترمذی کا ذکر اُصول میں نہیں ہے۔ اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ جامع میں یہ ارشاد نبوی "ازھد فی الدنیا" منقول ہے اور آگے لکھا ہے کہ اس حدیث کو ابن ماجہ' طبرانی، حاکم اور بیہقی نے سہل بن سعید سے نقل کیا ہے۔ ہاں ایک حدیث جس کو ترمذی اور ابن ماجہ نے ابوذرؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے میں یوں وارد ہوا ہے:

"دنیا میں زہد کرنا حلال کو حرام کرنے اور مال کو ضائع کرنے کا نام نہیں ہے۔ بلکہ دُنیا کے بارے میں زہد یہ ہے کہ اپنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہاتھ میں جو کچھ ہے اُس پر اُس سے زیادہ اعتماد نہ ہو جو اللہ کے قبضہ میں ہے۔ اور اگر کسی مصیبت میں مبتلا ہو جائے اُسکے ثواب کی وجہ سے اُس مصیبت کا باقی رہنا زیادہ پسندیدہ ومحبوب ہو۔''

احمد نے ''زُھد'' میں اور بیہقی نے طاؤس سے مرسلاً نقل کیا ہے:

''دُنیا کے بارے میں زہد دل اور بدن کو راحت پہنچاتا ہے اور دُنیا کی رغبت غم اور پریشانی کو بڑھاتی ہے۔''

اس حدیث کو قضاعی نے ابن عمرؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے اور اُسکے الفاظ یہ ہیں۔ یطیل کی جگہ یکثر کا لفظ ہے۔

اس حدیث کو طبرانی نے اوسط میں' ابن عدی اور بیہقی نے ابو ہریرہ سے مرفوعاً اور بیہقی نے حضرت عمرؓ سے موقوفاً روایت کیا ہے۔ اور اس میں ''تشعب القلب والبدن'' کے الفاظ ہیں۔

بیہقی نے ضحاک سے مرسلاً نقل کیا ہے:

''لوگوں میں سب سے زیادہ زاہد وہ شخص ہے جو قبر اور قبر کی بوسیدگی کو نہ بھولے اور دُنیا کی اچھی زینت کو چھوڑ دے۔ اور باقی رہنے والی زندگی کو فنا ہونے والی زندگی پر ترجیح دے اور آنے والی کل کو اپنی زندگی میں سے نہ سمجھے اور اپنے آپ کو مردوں میں شمار کرے۔''

ابن عمر سے ﷺ مرفوعاً منقول ہے:

''اس اُمت کے پہلے طبقہ کی صلاح ودرستگی زہد اور یقین سے ہوئی اور اس کے آخری طبقہ کی ہلاکت بخل اور اُمیدوں سے ہوگی۔'' طبرانی نے اس کو نقل کیا ہے۔

۵۱۸۸ : وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَامَ عَلٰى حَصِيْرٍ فَقَامَ وَقَدْ اَثَّرَ فِيْ جَسَدِهٖ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ اَمَرْتَنَا اَنْ نَبْسُطَ لَكَ وَنَعْمَلَ فَقَالَ مَالِيْ وَلِلدُّنْيَا وَمَا اَنَا وَالدُّنْيَا اِلَّا كَرَاكِبٍ اِسْتَظَلَّ تَحْتَ شَجَرَةٍ ثُمَّ رَاحَ وَتَرَكَهَا۔ (رواه احمد والترمذی وابن ماجة)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٠٨ حديث رقم ٢٣٧٧ وابن ماجه ٢/١٣٧٦ حديث رقم ٤١٠٩ واحمد فی المسند ١/٣٩١۔

ترجمہ: ''حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ چٹائی پر سوئے اور اٹھے تو آپ ﷺ کے جسم مبارک پر چٹائی کے نشان پڑے ہوئے تھے (یہ دیکھ کر) حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! اگر آپ ہمیں اجازت دیں تو ہم آپ (ﷺ) کے لئے نرم بستر اور اچھے کپڑوں کا انتظام کر دیں (تا کہ آپ ﷺ اس سخت چٹائی پر لیٹنے سے تکلیف محسوس نہ کریں) حضور ﷺ نے فرمایا: ''مجھے اس دنیا (کے عیش وآرام) سے اور اس دنیا کو مجھ سے کیا سروکار؟ میری اور دنیا کی مثال تو اس سوار کی سی ہے جو کسی درخت کے سایہ میں آئے کچھ دیر رکنے کے بعد اسے وہیں چھوڑ کر چلا جائے''۔ (احمد' ترمذی' ابن ماجہ)

تشریح: لو امرتنا ان نبسط: ''سین'' مضموم ہے اور احتمال ہے کہ ''لو'' تمنی کیلئے ہو۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ ''لو'' شرطیہ ہو اور تقدیری عبارت یوں ہو: الو اذنت لنا ان نبسط۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: فقال مالي وللدنيا وما انا والدنيا.....:

''ما'' نافیہ ہے۔یعنی مجھے دُنیا سے اُلفت ومحبت نہیں اور نہ دُنیا کو مجھ سے اُلفت ومحبت ہے۔تاکہ میں اُسکی طرف رغبت کروں اوراس میں کشادگی کروں اوراس دنیا کی اشیاء اورلذتوں کوجمع کروں۔

''ما'' استفہامیہ ہے۔یعنی مجھے دنیا سے کیا اُلفت ومحبت ہے۔یامطلب یہ ہے کہ میرے دنیا کی طرف مائل ہونے اوردُنیا کے میری طرف مائل ہونے سے مجھے کیاواسطہ ہے میں تو آخرت کا طالب ہوں اورآخرت دنیا کی سوکن اورضد ہے۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ''نعمل'' کا متعلق محذوف ہے۔چنانچہ کلام سابق کی جنس سے کچھ مقدر مانا جائے اوروہ یہ ہے۔''عیش پرستی اوردنیوی اسباب سے لذت حاصل کرنا بستر سے عام ہے یعنی کوئی بھی شے ہو۔اس وجہ سے اس کے مطابق ہو جائے گا۔ارشادنبوی مالی وللدنیا، یعنی دنیا کے ساتھ میری حالت نہیں ہے۔مگر (کراکب) اُس سوار کے حال کی طرح

قوله: استظل تحت شجرة ثم راح وتركها:

یہ تشبیہ تمثیلی ہے۔اس میں جلدی کوچ کرنے اورقلیل قیام میں تشبیہ ہے۔اسی وجہ سے خاص طور پرسوار کا ذکر کیا

''لدنیا'' : میں لام تاکید کیلئے ہے اگر''واؤ'' مع کے معنی میں ہو۔اورگر''واؤ'' عطف کیلئے ہے تو تقدیر کی عبارت یوں ہے:

مالي مع الدنيا ومالدنيا معي.

تخریج: اس حدیث کواسی طرح حاکم اورضیائے بھی نقل کیا ہے۔

٥١٨٩ : وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَغْبَطُ اَوْلِيَائِیْ عِنْدِیْ لَمُؤْمِنٌ خَفِيْفُ الْحَاذِ ذُوْحَظٍّ مِنَ الصَّلٰوةِ اَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهٖ وَاَطَاعَهٗ فِی السِّرِّ وَكَانَ غَامِضًا فِی النَّاسِ لَايُشَارُ اِلَيْهِ بِالْاَصَابِعِ وَكَانَ رِزْقُهٗ كَفَافًا فَصَبَرَ عَلٰى ذٰلِكَ ثُمَّ نَقَدَ بِيَدِهٖ فَقَالَ عَجِلَتْ مَنِيَّتُهٗ قَلَّتْ بَوَاكِيْهِ قَلَّ تُرَاثُهٗ۔

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٩٦ وابن ماجه ٢/١٣٧٨ حديث رقم ٢٣٤٧ واحمد فی المسند ٥/٢٥٢۔

ترجمہ: ''حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشادفرمایا:''میرے نزدیک (یعنی میرے دین ومذہب کے اعتبار سے) میرے رفقاء میں نہایت قابل رشک وہ مؤمن ہے جس کا سازوسامان کم ہو' نماز میں لذت حاصل کرتا ہو۔اورحسن وخوبی سے اپنے رب کی عبادت کرتا ہو (اورجس طرح جلوت میں عبادت کرتا ہے اسی طرح) پوشیدہ طور پر بھی (خلوت میں بھی) اطاعت الٰہی میں مشغول رہتا ہو' لوگوں میں شہرت نہ ہو کہ اس کی طرف انگلیاں اٹھیں (یعنی اپنے علم وعمل کے سبب لوگوں میں مشہور ومعروف نہیں ہے بلکہ نہایت بے نفسی کے ساتھ گوشۂ گمنامی میں رہ کرعلم وعمل کے ذریعہ دین وملت کی خدمت کرتا ہے) نیز اس کا رزق یعنی ضروریاتِ زندگی کا خرچ) بقدر کفایت ہواوراسی پراوراسی پرصبروقناعت کرتا ہو۔یہ کہہ کرآپ ﷺ نے اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کے ذریعہ چٹکی بجائی اورفرمایا''اس کی موت بہت جلد اپنا کام پورا کرلیتی ہے اوراس کی موت پررونے والی عورتیں بھی کم ہوتی ہیں اوراس کا ترکہ بھی بہت مختصر (یعنی نہ ہونے کے برابر) ہوتا ہے''۔(احمد' ترمذی' ابن ماجہ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: اغبط اولیائی: اغبط اسم تفضیل ہے اور مبنی للمفعول ہے اس لئے کہ اس کی تقدیر یوں ہے: المغبوط به حاله یعنی لوگوں میں اچھی حالت والے اور لوگوں میں سے افضل انجام والے۔

لمؤمن: مبتدا کی خبر لام زائد ہے تاکید کیلئے یا یہ لام ابتدائیہ ہے۔ یا مبتدا محذوف ہے۔ ای لهو مؤمن۔

خفیف الحاذ: ''ذال'' مخفف ہے۔ یعنی وہ شخص کم مال والا اور کم عیال والا ہو۔ اور مخلوق کے درمیان اللہ کی راہ پر چلنے کی قدرت ہو اور کوئی مصیبت اور پریشانی اُسکے لئے رُکاوٹ نہ ہو۔

مجمل معنی یہ ہے کہ میرے نزدیک میرا حقیقی دوست اور حقیقی انصاری جس کی حالت قابل رشک ہے وہ مؤمن ہے جس میں مذکورہ صفات ہوں۔

ذوحظ من الصلاة: یعنی اس کے ساتھ ہی وہ مشاہدہ و مراقبہ اور اللہ کے ساتھ مناجات کی وجہ سے لذت اور راحت حاصل کر رہا ہو۔ یہی معنی اس ارشاد نبوی میں ہے:

''میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔''

''اے بلال نماز کے ذریعے ہمیں راحت پہنچاؤ۔'' اور راحت کا مفہوم آنکھوں کی ٹھنڈک کے کتنا ہی قریب ہے۔

بعض حضرات نے بڑی بعید توجیہ کی ہے کہ اس کا معنی ہے ''اے بلال! نماز کیلئے اذان دے دو، تاکہ نماز پڑھ کر دل کی پریشانی جو نماز کی وجہ سے ہے، سے راحت حاصل کریں''۔

قوله: احسن عـ ـه ربه:

تخصیص کے بعد تعمیم ہے۔ (طیبی رحمہ اللہ نے یہ بات ذکر کی ہے) یا پہلے جملہ میں کمیت (مقدار) کی طرف اشارہ ہے اور دوسرے جملہ میں کیفیت کی طرف اشارہ ہے

قوله: واطاعةٌ في السر: جیسا کہ علانیہ اللہ کی اطاعت کرتا ہے۔ اس طرح کرنا اکتفاء اور تخصیص کے باب سے ہے اس لئے کہ اس میں اہتمام ہے۔ طیبی رحمہ اللہ نے اس کو عطف تفسیر قرار دیا ہے۔ مگر ہماری تشریح زیادہ بہتر ہے اور یہ معنی بھی ممکن ہے کہ مخفی طور پر عبادت کر کے اپنے رب کی اطاعت کرے اور ملامتی صوفیاء کی طرح اس کی اطاعت مجلس میں ظاہر نہ ہو۔ اور اگلا جملہ اس کے ہم معنی ہے: قوله: وكان غامضا في الناس یعنی گمنام پوشیدہ اور غیر مشہور ہو۔ (لوگوں کے درمیان) اور اس میں اشارہ ہے۔ اس بات کی طرف کہ لوگوں سے جدائی اختیار نہیں کرتا بلکہ اُن میں رہتا ہے کیونکہ لوگوں سے الگ تھلگ ہونے سے شہرت ہوتی ہے۔ اور اس میں اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ لوگوں سے عام لوگ مراد ہیں۔ لہٰذا مجلس کے خاص ساتھی یعنی اولیاء اور صلحاء کی معرفت مُضر نہیں ہے۔ ارشاد نبوی: لا يشار اليه بالا صابع اس پر دلالت کرتا ہے۔ غموض (گمنامی) کیلئے بیان تقریر ہے۔

قوله: وكان رزقه كفافا: یعنی بقدر ضرورت ہو کہ لوگوں کی طرف جھکنے اور ہاتھ پھیلانے سے اس کو روکے۔

فصبر على ذالك: بقدر ضرورت رزق پر یا گمنامی اور پوشیدگی پر یا مذکور امور پر اس لئے کہ انسان کا سرمایہ صبر ہے۔ اور اسی سے اطاعت کو قوت ملتی ہے۔ ارشاد باری ہے: ﴿واستعينوا بالصبر والصلوة﴾ [البقرة۔۴۵]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: ''اور مدد حاصل کرو صبر اور نماز سے''۔

ایک اور ارشاد باری ہے: ﴿اولئك يجزون الغرفة بما صبروا﴾ [الفرقان۔۷۵]

قوله: ثم نقد بيده:

نقد: ''نون'' ''قاف'' اور ''دال'' تینوں مفتوح ہیں۔ ضمیر کا مرجع النبی ﷺ ہے اور معنی یہ ہے کہ حضور علیہ السلام نے ایک اُنگلی کے پورے کو دوسری اُنگلی کے پورے پر اس طرح مارا کہ اُس سے آواز سنائی دی یعنی چٹکی بجائی نہایہ میں لکھا ہے کہ عربی میں بولا جاتا ہے نقدت الشی باصبع۔ اس کا معنی ہے کہ اُنگلی سے فلاں چیز کو اس طرح اُلٹا پلٹا جس طرح درھم کو اپلٹا پلٹا جاتا ہے ''ونقد الطاير الحب'' اُس وقت بولا جاتا ہے جب پرندہ ایک ایک کر کے دانے چگتا ہے یعنی ٹھونگ مارتا ہے۔

اور ایک روایت میں ''را'' کے ساتھ منقول ہے اور اسی طرح ایک نسخہ میں محفوظ ہے۔ یعنی اپنی اُنگلی سے آواز پیدا کی اور ایک روایت جس کا معنی بہت زیادہ واضح ہے میں وارد ہوا ہے: ''ثم نفض يده''۔

عجلت: یہ باب تفعیل سے مجہول کا صیغہ ہے۔

بواکیه: باکیة کی جمع ہے اور اُس عورت کو کہتے ہیں جو میت پر روتی ہے۔

تورپشتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ''نقد'' سے مراد اُنگلیوں کے پوروں کو اُنگلیوں کے پوروں پر مارنا' چٹکی بجانا ہے۔ کسی چیز کو کم بتانے کیلئے اس طرح کیا جاتا ہے۔ یعنی دُنیا میں تھوڑی دیر ٹھہرتا ہے اور اللہ تعالیٰ روح قبض کر لیتے ہیں' اُس کو کم عمر دیتے ہیں اور اُس پر رونے والوں کو اور میراث کی مقدار کو کم کر دیتے ہیں۔

بعض کہتے ہیں کہ اس طرح اُنگلی کے پورے پر وہ شخص مارتا ہے جس کو کسی چیز پر تعجب ہو' یا کسی حسین چیز کو دیکھ کر اُسکے حسن پر تعجب ہو اور بسا اوقات اس طرح وہ شخص کرتا جو کسی چیز کے بارے میں بے پرواہی ظاہر کرے' یا فرحت اور خوشی کے وقت کرتا ہے۔ مطلب یہ ہوا کہ جس کی یہ صفت ہو تو وہ اپنی دنیاوی زندگی کی سہولت اور آخرت میں اپنے اچھے انجام پر خوش ہوگا۔

بعض کہتے ہیں کہ ''عجلت منيته'' کا معنی ہے۔ کہ دنیا سے تعلق کم ہو اور مولیٰ سے ملاقات کا شوق ہو کیونکہ حدیث میں ہے ''الموت تحفة المؤمن'' اس وجہ سے اُس کی روح جلدی سے نکلے۔

اشرف رحمہ اللہ فرماتے ہیں ممکن ہے کہ اس سے مراد وہ شخص ہو جس کی ساری زندگی دنیا میں کم تکلفات والی ہو اور موت پر بھی کم تکلفات اور کم خرچہ ہو۔

جامع میں ہے کہ اس حدیث کو احمد ترمذی، حاکم اور بیہقی نے ابوأمامہؓ سے نقل کیا ہے اور اُسکے الفاظ یہ ہیں:

''اغبط الناس عندى مؤمن خفيف الحاذ ذوحظ من الصلاة وكان رزقه كفافا فصبر عليه حتى يلقى الله واحسن عبادة ربه وكان غامضا فى الناس عجلت منيته وقل تراثه وقلت بواكيه''.

دیلمی نے اپنی مسند میں حضرت حذیفہؓ سے نقل کیا ہے:

''خير كم فى المأتين كل خفيف الحاذ الذى لااهل له ولاولد''

شیخ المشائخ سخاوی نے کتاب ''المقاصد الحسنة فى الاحاديث المشهورة على الالسنة'' میں لکھا ہے کہ امام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابوداؤدؒ نے اس حدیث کو معلول قرار دیا ہے۔ اور اسی وجہ سے خلیلؒ فرماتے ہیں کہ حفاظ حدیث نے اس روایت کا ضعف اور غلطی بیان کی ہے۔ اگر یہ حدیث صحیح ہے تو زمانہ فتن میں رھبانیت کے جواز پر محمول ہوگی اور اس حدیث کے معنی میں بہت ساری ضعیف احادیث موجود ہیں اُن میں سے ایک وہ حدیث ہے۔ جس کو حارث بن ابی اُسامہ نے ابن مسعودؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے:

لوگوں پر عنقریب ایک ایسا زمانہ آئے گا جس میں بغیر شادی کے رہنا جائز ہوگا اور صرف اُسی شخص کا دین محفوظ ہوگا' جو اپنے دین کو لے کر ایک پہاڑ سے دوسرے پہاڑ پر بھاگے اور ایک ٹیلہ سے دوسرے ٹیلہ کی طرف بھاگے جس طرح پرندہ اپنے بچوں کو اور لومڑی اپنے بچوں کو لے کر بھاگتی ہے اور نماز قائم کرے اور زکوٰۃ دے اور کسی بھلائی کے کام کے علاوہ لوگوں سے دُور رہے۔''

اور اُن میں سے ایک حدیث زکریا بن یحییٰ صوفی کی وہ حدیث ہے جس کو وہ ابن حذیفہ بن الیمان سے اور وہ اپنے والد حذیفہؓ سے مرفوعاً نقل کرتے ہیں:

''خیر نسائکم بعد ستین ومائة العواقر' وخیر اولادکم بعد اربع وخمسین البنات'' ۔

''۱۶۰ برس کی عمر میں تمہارے لئے اچھی عورتیں وہ ہیں جو بانجھ ہو اور ۵۴ برس کی عمر میں اچھی اولاد بیٹیاں ہیں۔''

اور ترمذی میں ہے جس کو علی بن یزید عن القاسم عن ابی امامۃ کی سند سے مرفوعاً نقل کیا گیا ہے:

ان اغبط أولیائی۔۔۔فصبر علی ذالك ثم نفض یده فقال عجلت منیته ..... ''

عقبہ فرماتے ہیں کہ ''علی'' ضعیف ہے۔ اور اس حدیث کو احمد نے' بیہقی نے زہد میں اور حاکم نے اپنی مستدرک کے باب الاطعمۃ میں نقل کیا ہے اور فرمایا کہ یہ شامی راویوں کی سند ہے اور اُن کے ہاں صحیح ہے۔ اس حدیث کو صرف علی بن یزید نے روایت نہیں کیا بلکہ ابن ماجہ نے اپنی کتاب کے باب الزہد میں دوسری سند یعنی:

صدقة بن عبدالله عن ابراهیم بن قرة عن ایوب بن سلیمان عن ابی اُمامة کی سند سے یوں نقل کیا ہے: اغبط الناس عندی مؤمن حفیف الحاذ ..... ''

اس کی تائید ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی اُس مرفوع حدیث سے بھی ہوتی ہے جس کو خطیب اور دوسروں نے نقل کیا ہے:

''جب اللہ کسی بندہ سے محبت کرتا ہے۔ اُسکو اپنے لئے خاص کر لیتا ہے' نہ اسکو بیوی میں مشغول کرتا ہے اور نہ اولاد میں۔''

دیلمی نے عبداللہ الوھاب الخوازمی عن داؤد بن غفال عن انس کی سند سے حدیث مرفوع نقل کی ہے:

''یأتی علی الناس زمان لان یربی احدکم جرو کلب خیرله من ان یربی ولد من صلبه''

''لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا کہ کتے کے بچے کو پالنا اپنی صلبی اولاد کی پرورش سے اُسکے لئے زیادہ بہتر ہوگا۔''

۵۱۹۰ : وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَضَ عَلَيَّ رَبِّيْ لِيَجْعَلَ لِيْ بَطْحَاءَ مَكَّةَ ذَهَبًا فَقُلْتُ لَا يَا رَبِّ وَلٰكِنْ اَشْبَعُ يَوْمًا وَاَجُوْعُ يَوْمًا فَاِذَا جُعْتُ تَضَرَّعْتُ اِلَيْكَ وَذَكَرْتُكَ وَاِذَا شَبِعْتُ حَمِدْتُّكَ وَشَكَرْتُكَ ۔ (رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٩٦ حدیث رقم ٢٣٤٧ واحمد فی المسند ٥/٢٥٤۔

ترجمہ: ''حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''میرے رب نے مجھے پیشکش کردی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ وہ میرے لئے وادی بطحا مکہ (کے سنگریزوں) کو سونا بنادے لیکن میں نے عرض کیا کہ میرے پروردگار! مجھ کو اس چیز کی قطعاً خواہش نہیں ہے میں تو صرف یہ چاہتا ہوں کہ ایک روز پیٹ بھر کر کھاؤں اور ایک روز بھوکا رہوں اور جب میں بھوکا رہوں تو تیرے حضور گڑگڑاؤں (اپنی عاجزی بیان کروں) اور تجھے یاد کروں اور جب میں شکم سیر ہوں تو تیری حمد وثنا کروں اور تیرا شکر ادا کروں"۔ (احمد، ترمذی)

تشریح: قوله: عرض علی ربی لیجعل لی بطحاء مکة ذهباً: یعنی حسی طور پر پیش کیا یا معنوی طور پر۔ یہ زیادہ واضح ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے مشورہ فرمایا اور مجھے اختیار دیا کہ چاہوں تو دُنیا کی وسعت پسند کرلوں اور چاہوں تو بغیر حساب وعذاب آخرت میں نجات کی راہ اختیار کر کے آخرت کا توشہ پسند کرلوں۔

یجعل لی: یعنی میری ملک میں دے یا دُنیا کی طرف میرے متوجہ ہونے کی صورت میں میری وجہ سے میری اُمت کیلئے مخصوص کردے۔

اصل میں "بطحاء" پانی بہنے کی نالی کو کہتے ہیں یہاں اس سے مراد مکہ کے میدان اور صحراء ہیں۔ چنانچہ اضافت بیانی ہے۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ "**بطحاء مکه**" میں دو فعلوں یعنی عرض اور "**یجعل**" کا تنازع ہے۔ یعنی میرے اُوپر مکہ کی وادیوں کو پیش کیا کہ ان کو میرے لئے سونا بنادیا جائے۔

قوله: فقلت: لا رب! ولکن الخ:

وذکرتك: فقر کی وجہ سے کیونکہ فقر سے اللہ کی یاد آجاتی ہے جس طرح غنی ناشکری پیدا کرتی ہے۔ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ صبر اور شکر کو جمع کیا کیونکہ یہ دونوں کامل مؤمن کی صفات ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿**ان فی ذلك لایات لکل صبار شکور**﴾ [ابراهیم ـ ۵، لقمٰن ـ ۳۱، سبأ ـ ۱۹، الشوریٰ ـ ۳۳]

ترجمہ "اس میں ہر صبر اور شکر کرنے والے کیلئے نشانیاں ہیں"۔ صاحب کشاف نے لکھا ہے کہ آزمائشوں پر صبر کرنے والا اور نعمتوں پر شکر کرنے والا اور یہ دونوں مخلص مؤمن کی نشانیاں ہیں۔" چنانچہ "صبار" اور شکور میں اشارہ ہے مخلص مؤمن کی طرف۔

صوفیاء کے نزدیک تحقیق یہ ہے کہ مذکورہ بالا دو صفتیں بندہ میں اُس وقت پیدا ہوتی ہیں اللہ جلال اور جمال کی کیفیت میں بندہ سالک کی تربیت کرتا ہے۔ اس لئے کہ ان دونوں سے مرتبہ کمال پورا ہوجاتا ہے۔ اور مرتبہ کمال یہ ہے کہ اللہ کے فیصلوں پر ہر حال میں راضی ہو رہے۔ اور سیدھی راہ سے بھٹکے ہوئے سیاہ کار اور حق کے بارے میں سرگرداں لوگوں کی حالت اس سے مختلف ہے اُن کے بارے میں ارشاد باری ہے: ﴿**فان اعطوا منها رضوا وان لم یعطوا منها اذاهم یسخطون**﴾

[التوبة ـ ۵۸]

"سو اگر ان (صدقات) میں سے ان کی خواہش کے مطابق ان کو مل جاتا ہے تو وہ راضی ہوجاتے ہیں۔ اور اگر ان (صدقات) میں سے ان کو (ان کی خواہش کے موافق) نہیں ملتا تو وہ ناراض ہوجاتے ہیں۔"

نیز ارشاد فرمایا: ﴿**وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰی حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَیْرُ ِۨاطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ فِتْنَةُ ِۨانْقَلَبَ**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلٰی وَجْهِهٖ ۚ خَسِرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةَ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِیْنُ﴾ [الحج۔۱۱] "پھر اگر اس کو کوئی (دنیوی) نفع پہنچ گیا تو اس کی وجہ سے (ظاہری) قرار دیا لیا اور اگر اس کی کچھ آزمائش ہوئی تو منہ اٹھا کر (کفر کی طرف) چل دیا (جس سے) دنیا و آخرت دونوں کو کھو بیٹھا یہی کھلا نقصان (کہلاتا) ہے۔"

۵۱۹۱ : وَعَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ مِحْصَنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَصْبَحَ مِنْكُمْ اٰمِنًا فِیْ سِرْبِهٖ مُعَافًی فِیْ جَسَدِهٖ عِنْدَهٗ قُوْتُ یَوْمِهٖ فَكَاَنَّمَا حِیْزَتْ لَهُ الدُّنْیَا بِحَذَافِیْرِهَا ۔

رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٩٦ حدیث رقم ٢٣٤٦ وابن ماجه فی السنن ٢/١٣٨٧ حدیث رقم ٤١٤١۔

ترجمہ: "حضرت عبیداللہ بن محصن رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "تم میں سے جو شخص اس حال میں صبح کرے کہ اپنے اہل وعیال کے متعلق بے خوف ہو (ظاہری طور پر بھی اور باطنی طور پر بھی) اس کا بدن تندرست ہو اور اس کے پاس ایک دن کے کھانے کا سامان ہو تو گویا اس کے لئے دنیا بھر کی نعمتیں جمع کر دی گئی ہیں"۔ اس روایت کو ترمذی نے نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے"۔

راوئ حدیث:

عبداللہ بن محصن ۔ عبداللہ بن محصن انصاری وخطمی ہیں۔ اہل مدینہ میں ان کا شمار ہوتا ہے آپ کی حدیث مدینہ والوں میں پائی جاتی ہے۔ ان سے ان کے بیٹے سلمہ روایت کرتے ہیں۔ حافظ ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے کہ کچھ لوگ ان کی حدیث کو "مرسل" کہتے ہیں۔ عرض مرتب: فوقانی وتحتانی متن میں "عبیداللہ" ہے جبکہ "الاکمال" میں عبداللہ ہے واللہ اعلم بالصواب۔

تشریح: قوله: وعن عبد الله بن محصن:

احتمال ہے کہ صحابی ہوں۔ مگر آپ علیہ السلام سے ان کا سماع ثابت نہیں چنانچہ ان کی حدیث مراسیل صحابہ میں ہے اور یہ اتفاقی طور پر حجت ہے۔ اور احتمال ہے کہ یہ تابعی ہوں۔ اور تابعی کی مرسل حدیث جمہور کے نزدیک حجت ہے جبکہ امام شافعی کے نزدیک حجت نہیں، پہلی بات راجح ہے۔ کیونکہ محدثین ان کی حدیث کو مطلق بیان کرتے ہیں۔

قوله: من أصبح آمناً: دشمن سے خوف نہ ہو یا گناہ سے پرہیز کرنے۔ یا گناہ سے توبہ کرنے کی وجہ سے اللہ کے عذاب سے محفوظ ہو۔ اسی وجہ سے فرمایا کہ "عید اُس شخص کیلئے نہیں جو نیا لباس پہنے بلکہ عید تو اُس شخص کیلئے ہے جو وعید سے بچے"۔

سربه: سین کا کسرہ مشہور ہے۔ یعنی اپنی ذات میں

بعض نے "مسترب" کا معنی جماعت لکھا ہے۔ چنانچہ معنی یہ ہوگا "**فی اهله وعیاله**" یعنی اپنے اہل وعیال میں۔ بعض کہتے ہیں کہ "سین" مفتوح ہے اور معنی ہے "**فی مسلکه وطریقه**" یعنی اپنے راستے میں بعض کہتے ہیں کہ "سین" اور "را" دونوں مفتوح ہیں۔ اور معنی ہے "فی بیته" یعنی اپنے گھر میں شارح نے اسی طرح ذکر کیا ہے۔

تورپشتی فرماتے ہیں کہ بعض کے نزدیک تو "سین" اور "را" پر فتحہ پڑھنا ہی درست ہے اور دوسری روایات نقل نہیں کی، اگر ان کی یہ بات اس طرح تسلیم کی جائے کہ "سَرَب" کا اطلاق ہر گھر پر کیا جائے تو پھر یہ اقوال میں سب سے زیادہ مضبوط قول

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے لیکن ''سَرَب'' اُس گھر کو کہتے ہیں جو زمین پر ہوتا ہے۔

قاموس میں ہے کہ ''سَرَب'' بمعنی راستہ کے ہے اور سین کے کسرہ کے ساتھ اس کا معنی ہے راستہ، حال، دل، نفس اور ''سین'' اور ''را'' دونوں کی حرکت کے ساتھ اس کا معنی ہے زمین کے نیچے جنگلی جانور کا بل حدیث سے مراد امن ملنے میں مبالغہ اگرچہ زمین کے نیچے تنگ مکان ہو جیسا کہ جنگلی جانور کا بل ہوتا ہے۔ یا خفاء اور روشنی کے فقدان میں وحشی جانور کے بل کے ساتھ تشبہ مقصود ہے۔

قولہ: معافی فی جسدہ عندہ قوت یومہ: معافی: باب مفاعلہ سے اسم مفعول کا صیغہ ہے۔ یعنی تندرست ہو اور عیوب سے سالم ہو۔

حیزت: ''حیازۃ'' مصدر سے مجہول کا صیغہ ہے۔ اور اس کا معنی ہے جمع کرنا اور ملانا

''لہ'': ضمیر ''من'' کی طرف راجع ہے اور جملہ کیلئے رابط ہے۔

بحذافیرھا: تصحیح شدہ نسخہ میں اسی طرح ہے۔ یعنی ساری کی ساری ''حذافیر'' کا معنی ہے اطراف بعض نے اس کا معنی ''بلندیاں'' بیان کیا ہے۔ اس کا واحد ''حذفآء'' یا ''حذفور'' ہے۔ اور مطلب یہ ہے کہ گویا ساری دنیا اُس کو دی گئی۔

تخریج: جامع میں ہے کہ بخاری نے اس حدیث کو ''الادب المفرد'' میں ذکر کیا ہے۔ اور ترمذی اور ابن ماجہ نے ''حذا فیرھا'' کا ذکر نہیں کیا۔

۵۱۹۲ : وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيكَرِبَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَامَلَأَ اٰدَمِيٌّ وِعَاءً شَرًّامِنْ بَطْنٍ بِحَسْبِ ابْنِ اٰدَمَ اُكُلَاتٌ يُقِمْنَ صُلْبَهٗ فَإِنْ كَانَ لَامُحَالَةَ فَثُلُثٌ طَعَامٌ وَثُلُثٌ شَرَابٌ وَثُلُثٌ لِنَفَسِهٖ ۔ (رواہ الترمذی وابن ماجۃ)

اخرجہ الترمذی فی السنن ۲/۵۰۹ حدیث رقم ۲۳۸۰ وابن ماجہ فی السنن ۲/۱۱۱۱ حدیث رقم ۳۳۴۹ واحمد فی المسند ۴/۱۳۲۔

ترجمہ: ''حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ''انسان (اگر اپنے پیٹ کو حد سے زیادہ بھر لے تو اس) نے پیٹ سے برا کوئی برتن نہیں بھرا (کیونکہ پیٹ کو زیادہ بھرنے سے جو برائیاں اور خرابیاں پیدا ہوتی ہیں ان کا کوئی شمار نہیں) ابن آدم کے لئے بس چند لقمے کافی ہیں جو اس کی کمر کو سیدھا رکھ سکیں (تاکہ وہ اطاعت الٰہی کی بجا آوری اور بقدر ضرورت اپنی معاشی جدوجہد کو جاری رکھنے پر قادر رہ سکے) اگر زیادہ کھانے کی ضرورت ہو (یعنی کوئی پیٹ بھرنا ہی چاہتا ہو اور کھانے کی کم سے کم مقدار پر قناعت نہ کر سکتا ہو) تو اس کو چاہئے کہ پیٹ کا ایک حصہ کھانے کے لئے ایک حصہ پانی کے لئے ہو اور ایک حصہ سانس (کی آمد و رفت) کے لئے (خالی چھوڑ دے''۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

تشریح: قولہ: ماملأ آدمی وعاء شر من بطن ۔۔۔ یقمن صلبہ بشر امن بطن: ''وعاء'' کی صفت ہے ''حسب'': مبتدا ہے اور ''باء'' زائد ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اکلات: ''ہمزہ'' اور ''کاف'' دونوں مضموم ہیں۔ یہ مبتدا کیلئے خبر ہے۔ جس طرح ''بحسبك درهم'' میں۔
''الاكلة'' ہمزہ کے ضمہ کے ساتھ کا معنی ہے لقمہ اور ایک روایت میں (لقیمات) یعنی تصغیر کے ساتھ وارد ہوا ہے۔ تحقیر کی طرف اشارہ کیا اور تنکیر سے تقلیل کی طرف اشارہ کیا اور ''الاكلات'' کی طرف اقامت کی نسبت مجازی ہے۔

قوله: فان كان لامحالة فثلث طعام..... : ''میم'' مفتوح ہے البتہ ضمہ کے ساتھ بھی درست ہے۔

فثلث: ''ثا'' اور ''لام'' دونوں کے ضمہ کے ساتھ اور نیز لام کے سکون کے ساتھ ''**ثلث طعام**'' مبتدا اور خبر ہیں۔

وثلث شراب: ان دونوں جملوں میں ''لام'' مقدر ہے۔ اگلا جملہ ''**وثلث لنفسه**'' اس پر قرینہ ہے۔

''نفس''، ''نون'' اور ''فا'' دونوں متحرک ہیں۔

مطلب یہ ہے کہ اگر ادنیٰ مقدار طعام پر اکتفاء نہ کرے اور پیٹ بھرنا ضروری ہو تو پیٹ ایک تہائی حصہ کھانے کیلئے رکھے ایک تہائی پانی کیلئے اور تیسرا تہائی خالی رکھے سانس کیلئے۔ یہ لوگ چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ زیادہ گمراہ ہیں۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿ذَرْهُمْ يَأْكُلُوا وَيَتَمَتَّعُوا وَيُلْهِهِمُ الْأَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُونَ﴾ [الحجر:٣] ''آپ ان کو ان کے حال پر رہنے دیجئے کہ وہ (خوب) کھالیں اور چین اڑالیں اور خیالی منصوبے ان کو غفلت میں ڈالے رکھیں۔ ان کو ابھی حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے۔'' اور یہ پہلے گزر چکا ہے کہ مؤمن ایک انتڑی کے بقدر کھاتا ہے اور کافر سات انتڑیوں کے بقدر کھاتا ہے۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ واجب ہے کہ جس سے کمر سیدھی ہو اور اللہ کی اطاعت کیلئے قوت حاصل ہو اور اُس مقدار سے تجاوز نہ کرے اگر کچھ زیادہ طعام کھانا چاہتا ہے تو مذکورہ تقسیم سے تجاوز نہ کرے۔ اوّلاً ''بطن'' کو گھر کی ضروریات کیلئے استعمال کیے جانے والے برتنوں کی طرح ایک برتن کہا پیٹ کے معاملہ کی توہین کیلئے پھر پیٹ کو بدترین برتن کہا گیا اس لئے کہ برتن جس مقصد کیلئے بنائے جاتے ہیں اُسی میں استعمال کیے جاتے ہیں۔ جبکہ پیٹ کو تو اس لئے پیدا کیا گیا تھا کہ اس میں کھانا جا کر انسان کو قوت بخشے اور کمر سیدھی رہے۔ لیکن اس کا بھر جانا دین دنیا میں فساد کا باعث ہے۔ چنانچہ بدترین برتن ہے۔

شیخ ابو حامد فرماتے ہیں کہ بھوک میں دس فوائد ہیں:

پہلا فائدہ: دل کی صفائی حاصل ہوتی ہے، طبیعت کھل جاتی ہے، عقل بڑھ جاتی ہے، پیٹ بھر کر کھانے سے دل اندھا ہو جاتا ہے، دماغ میں بخارات زیادہ ہو جاتے ہیں اور جال کی طرح اس پر پھیل جاتے ہیں کہ فکر کے معادن کو گھیر لیتے ہیں اور دل اس کی وجہ سے اپنی حرکت سے سست پڑ جاتا ہے۔

دوسرا فائدہ: دل کی نرمی اور دل کی وہ صفائی حاصل ہوتی ہے جس سے دل مناجات کی لذت حاصل کرنے اور اللہ کے ذکر سے اثر لینے کیلئے تیار ہو جاتا ہے۔

تیسرا فائدہ: عاجزی اور تواضع پیدا ہوتی ہے۔ اور تکبر اور اکڑ ختم ہوتی ہے اور وہ خوشی زائل ہو جاتی ہے جس سے سرکشی کی ابتدا ہوتی ہے اور نفس میں بھوک سے جتنی عاجزی پیدا ہوتی ہے۔ اتنی عاجزی کسی اور چیز سے پیدا نہیں ہوتی۔ بھوک کے وقت اللہ کے سامنے عاجزی کرتا ہے اور عاجزی پر برقرار رہتا ہے۔

چوتھا فائدہ: اللہ کی آزمائش، اللہ کے عذاب اور مصیبت زدہ لوگوں کو نہیں بھولتا کیونکہ سیر آدمی بھوک اور بھوکوں کو بھول

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جاتا ہے۔

پانچواں فائدہ: یہ بہت بڑا فائدہ ہے وہ یہ کہ تمام شہوتیں ٹوٹ جاتی ہیں نفس امارہ پر غلبہ حاصل ہو جاتا ہے اور بھوک کی کمی سے ہر شہوت اور قوت بڑھ جاتی ہے۔ اور ''سعادت'' اس میں ہے کہ بندہ اپنے نفس کو قابو میں رکھے اور ''شقاوت'' اس میں ہے کہ نفس انسان کو قابو میں رکھے۔

چھٹا فائدہ یہ: نیند بھاگ جاتی ہے اور بیداری پیدا ہو جاتی ہے۔ کیونکہ جو پیٹ بھر کر کھاتا ہے وہ پانی زیادہ پیتا ہے اور جو زیادہ پیتا ہے وہ زیادہ سوتا ہے اور زیادہ سونے میں عمر ضائع ہو جاتی ہے تہجد فوت ہو جاتی ہے طبیعت سُست ہو جاتی ہے دل سخت ہو جاتا ہے۔ عمر انسان کیلئے ایک عمدہ اور نفیس موتی ہے اور بندے کا راس المال ہے جس میں انسان تجارت کرتا ہے۔ نیند موت ہے اس کی زیادتی عمر کو گھٹاتی ہے۔

ساتواں فائدہ: عبادت پر ہمیشگی آسان ہو جاتی ہے۔ کیونکہ زیادہ کھانا عبادت کی کثرت سے مانع ہے۔ کیونکہ کھانے میں بھی وقت لگتا ہے اسی طرح طعام کے خریدنے اور پکانے میں وقت خرچ ہوتا ہے ہاتھ دھونے اور بیت الخلاء کے استعمال میں وقت خرچ ہوتا ہے اسی طرح پانی لینے کیلئے پانی کی جگہ بار بار آنے جانے کیلئے وقت درکار ہوتا ہے اور اگر یہ اوقات ذکر و مناجات اور دوسری عبادات میں صرف کرے گا تو بہت زیادہ نفع مل جائے گا۔

حضرت سریؒ فرماتے ہیں کہ میں نے علی جرجانی کو دیکھا کہ ستو پھانک رہے تھے۔ میں نے پوچھا کہ صرف ستو کیوں پھانک رہے ہو؟ فرمایا کہ میں نے روٹی چبانے اور پھانکنے کا حساب لگایا تو روٹی چبانے میں ستر (۷۰) مرتبہ تسبیح کے بقدر زیادہ وقت خرچ ہوتا ہے۔ چنانچہ چالیس سال سے روٹی کھانا چھوڑ دیا ہے۔

آٹھواں فائدہ یہ: کم کھانے سے بدن تندرست رہتا ہے اور بیماریاں دُور ہوتی ہیں۔ اخلاط کا فضلہ جمع ہونے سے بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔ پھر یہ بیماریاں عبادات سے مانع بنتی ہیں اور دل کو تشویش میں ڈالتی ہے۔ اور انسان کو ان بیماریوں کی وجہ سے پچھنا لگوانے، دوائی اور طبیب کی ضرورت پڑتی ہے۔ اور ان سارے کاموں کیلئے خرچہ اور مشقت کی ضرورت ہے۔ اور بھوک میں ان سب سے خلاصی ہے۔

نواں فائدہ: خرچہ اور محنت کم ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ جس کو کم کھانے کی عادت ہوگی اُسکے لئے تھوڑا مال بھی کافی ہوگا۔

دسواں فائدہ: جو کھانا بچے گا اُس کو مساکین پر صدقہ کرنے میں آسانی ہوگی اور قیامت کے دن اپنے صدقہ کے سایہ میں ہوگا۔ اور جو خود کھائے گا اُسکا ٹھکانہ بیت الخلاء ہے۔ اور جو صدقہ کرے گا اُسکا بدلہ اللہ کی طرف سے فضل و احسان ہوگا۔

تخریج: جامع میں ہے کہ اس حدیث کو احمد، ترمذی، ابن ماجہ اور حاکم نے نقل کیا ہے۔ جس کے الفاظ یوں ہیں:

فثلث لطعامه وثلث لشرابه.

۵۱۹۳ : وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا فَقَالَ اَقْصِرْ مِنْ حُشَاءِكَ فَاِنَّ اَطْوَلَ النَّاسِ جُوْعًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَطْوَلُهُمْ شِبَعًا فِي الدُّنْيَا.

(رواه في شرح السنة وروى الترمذي نحوه)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اخرجه البغوی فی شرح السنة ۱۴/۲۵۰ حدیث رقم ۴۰۴۹ والترمذی فی السنن ۴/۹۶۰ حدیث رقم ۲۵۸۷ وابن ماجه فی السنن ۲/۱۱۱۱ حدیث رقم ۳۳۵۰۔

ترجمہ: ''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو ڈکار تے سنا تو اس سے فرمایا کہ اپنی ڈکار کو کم کردو (یعنی اتنا زیادہ نہ کھایا کرو کہ لمبی لمبی ڈکاریں آنے لگیں) اس لئے کہ قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ دیر تک بھوکا وہ رہے گا جو دنیا میں خوب شکم سیر ہو کر کھاتا تھا۔ (یعنی جو شخص اس دنیا میں بہت زیادہ کھانے والا ہوگا اس کو قیامت کے دن بھی بہت زیادہ بھوک لگے گی)۔ جس کی وجہ سے وہ نہایت پریشانی میں مبتلا ہوگا''۔ بغوی نے بھی اسی طرح کی روایت نقل کی ہے۔

تشریح: قوله: ان رسول الله ﷺ سمع رجلا يتجشأ: يتجشا) ''شین'' مشدد ہے اس کے بعد ہمزہ ہے۔ یعنی ڈکار آرہی تھی۔ اور ''جشاء'' اُس آواز کو کہتے ہیں جو فم معدہ سے معدہ بھر جانے کے بعد آتی ہے اور ساتھ ہوا بھی نکلتی ہے۔

بعض نے کہا ہے کہ یہ آدمی وہب بن عبداللہ تھے اور ان کا شمار چھوٹے صحابہ میں ہوتا تھا۔ حضور علیہ السلام کے زمانہ میں بالغ نہیں ہوئے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ اس کے بعد انہوں نے پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا۔

تورپشتی فرماتے ہیں کہ یہ آدمی وہب ابوجحیفہ سوائی تھے، ان سے روایت ہے کہ میں نے گوشت میں گندم کی روٹی کی ثرید بنا کر کھائی اور میں حضور علیہ السلام کے پاس آیا اس حال میں کہ مجھے ڈکار آرہے تھے۔

قوله: فقال: اقصر من جشائك: ہمزہ مفتوح اور صاد مکسود ہے۔ یعنی رُک جا

جشاء جیم مضموم ہے ممدود ہے اصل میں کلام اس طرح تھا ''اقصر عنا'' اس کا معنی یہ ہے کہ ہماری طرف ڈکار نہ نکال بلکہ اس کو روک دے۔ اور ڈکار سے روکنا زیادہ کھانے سے روکنا ہے۔ کیونکہ زیادہ کھانا ہی ڈکار کا سبب ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ ''التجشؤ'' کا معنی ہے تکلف۔

قوله: فان أطول الناس جو عايوم القيامة اطولهم شبعافى الدنيا:

''شین'' مکسور اور ''با'' مفتوح ہے۔

تخریج: میرکؒ فرماتے ہیں کہ یہ شخص وہب بن عبداللہ ابوجحیفہ تھے۔

فرماتے ہیں کہ میں نے گوشت میں روٹی کی ثرید بنا کر کھائی اور آپ علیہ السلام کے پاس اس حال میں آیا کہ مجھے ڈکار آرہے تھے۔ تو فرمایا کہ اے فلاں ڈکار بند کردے۔ کیونکہ دنیا میں زیادہ کھانے والے قیامت کے دن زیادہ بھوکے ہونگے۔

اس حدیث کو حاکم نے نقل کیا ہے اور فرمایا کہ اس کی سند صحیح ہے۔ منذری فرماتے ہیں کہ یہ حدیث بہت زیادہ ضعیف ہے۔ اس میں وھد بن عوف اور عمرو بن موسیٰ ہیں۔ لیکن بزار نے اس حدیث کو دو سندوں کے ساتھ نقل کیا ہے۔ ایک کے راوی ثقہ ہیں۔

اس کو ابن ابی الدنیا نے اور طبرانی نے الکبیر الاوسط میں اور بیہقی نے روایت کیا ہے اور یہ بات بھی لکھی ہے کہ راوی فرماتے ہیں کہ ''ابوجحیفہ نے موت تک پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا جب رات کا کھانا کھاتے تو صبح کو کچھ نہ کھاتے اور جب صبح کھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لیتے تو رات کو کچھ نہ کھاتے۔''

ابن ابی الدنیا کی ایک روایت میں ہے:

ابو جحیفہ نے فرمایا کہ میں نے تیس برس سے پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا۔

میرک فرماتے ہیں اس کے الفاظ ابن عمرؓ سے اس طرح منقول ہیں:

تجشأ رجل عند رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال له: كف عنا جشائك' فان اكثرهم شبعافى الدنيا اطولهم جوعا يوم القيامة. اس حدیث کو ابن ماجہ' بیہقی اور دوسرے سب نے یحیٰ البکاء عن ابن عمرؓ کی سند سے نقل کیا ہے۔ اور ترمذی نے فرمایا ہے کہ یہ حدیث حسن ہے۔ منذری کی ''الترغیب'' میں اسی طرح لکھا ہے۔

شیخ جزری فرماتے ہیں کہ اس حدیث کی سند میں عبد العزیز بن عبداللہ عن یحیٰ ہیں اور یہ دونوں ضعیف ہیں۔ لیکن اس حدیث کی تائید ابو جحیفہ وہب بن عبداللہ السوائی کی حدیث سے ہوتی ہے۔

۵۱۹۴ : وَعَنْ كَعْبِ بْنِ عِيَاضٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ فِتْنَةً وَفِتْنَةُ اُمَّتِىَ الْمَالُ۔ (رواه الترمذى)

اخرجه الترمذى فى السنن ٤/٤٩٢ حديث رقم ٣٣٣٦ واحمد فى المسند ٤/١٦٠۔

ترجمہ: ''حضرت کعب بن عیاض رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ (حق تعالیٰ کی طرف سے) ہر اُمت کے لئے ایک امتحان اور آزمائش ہے (جس میں اس امت کے لوگوں کو مبتلا کر کے ان کو آزمایا جاتا ہے) اور میری امت کے لئے آزمائش مال ہے''۔ (ترمذی)

راوئ حدیث:

کعب بن عیاض۔ یہ ہیں ''مرہ کعب'' جو ''عیاض'' کے بیٹے ہیں۔ اشعری ہیں۔ طبقہ صحابہ رضی اللہ عنہم سے تعلق رکھتے ہیں اور اہل شام میں شمار ہوتے ہیں۔ ان سے جابر بن عبداللہ اور جبیر بن نفیر نے روایت کی۔ عیاض میں عین مہملہ پر کسرہ اور یاء مخففہ کے نیچے دو نقطے اور ضاد معجمہ ہے۔

تشریح: ''فتنہ'' وہ چیز ہے جو کسی کو گمراہی اور معصیت میں مبتلا کر دے۔

وفتنة: مرفوع ہے اور ایک نسخہ میں منصوب ہے۔ یعنی میری امت کے لئے وہ آزمائش مال ہے۔

کیونکہ مال حصول منال کیلئے جامع اور آخرت کے کمال سے مانع ہے۔

تخریج: اس حیثیت کو امام حاکم نے بھی اپنی مستدرک میں نقل کیا ہے۔

۵۱۹۵ : وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُجَاءُ بِابْنِ اٰدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كَاَنَّهٗ بَذَجٌ فَيُوْقَفُ بَيْنَ يَدِى اللّٰهِ فَيَقُوْلُ لَهٗ اَعْطَيْتُكَ وَخَوَّلْتُكَ وَاَنْعَمْتُ عَلَيْكَ فَمَا صَنَعْتَ فَيَقُوْلُ رَبِّ جَمَعْتُهٗ وَنَمَّيْتُهٗ وَتَرَكْتُهٗ اَكْثَرَ مَا كَانَ فَارْجِعْنِىْ اٰتِكَ بِهٖ كُلِّهٖ فَيَقُوْلُ لَهٗ اَرِنِىْ مَا قَدَّمْتَ فَيَقُوْلُ رَبِّ جَمَعْتُهٗ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَثَمَرَتَهٗ وَتَرَكْتُهٗ اَكْثَرَ مَا كَانَ فَارْجِعْنِيْ اٰتِكَ بِهٖ كُلِّهٖ فَاِذَا عَبْدٌ لَمْ يُقَدِّمْ خَيْرًا فَيُمْضٰى بِهٖ اِلَى النَّارِ۔

(رواه والترمذی وضعفه)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٣٤ حديث رقم ٢٤٢٧ والدارقطنی ١/٥١ حديث رقم ٢ من باب النية۔

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن ابن آدم کو (اس کے کمال ضعف کی وجہ سے) بکری کے بچے کی طرح (ذلت کے ساتھ) لایا جائے گا' اور اسے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیا جائے گا اور اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا کہ میں نے تجھے عطاؤں سے نوازا (زندگی' عقل' تندرستی اور عافیت) تمہیں خدمتگار دیئے' تم پر انعام فرمایا پس تو نے کیا کام کیا؟ (یعنی کیا تو نے ان چیزوں کے حقوق ادا کئے اور ان سب نعمتوں کا شکر گزار رہا)'' وہ شخص عرض کرے گا ''میرے پروردگار! میں نے (تو بس یہ کیا کہ تجارت اور کاروبار کے ذریعہ) مال و دولت جمع کرنے اور اس کو بڑھانے میں لگا رہا اور (مرتے وقت) اس کو دنیا میں اس سے زیادہ چھوڑ کر آیا جتنا کہ (میری زندگی کے دنوں میں پہلے میرے پاس) تھا' اور اب آپ مجھے دنیا میں دوبارہ بھیج دیجئے تاکہ میں اس تمام مال و دولت کو (آپ کی راہ میں خرچ کروں اور اس کا ثواب) لے کر آپ کی خدمت میں پیش کروں''۔ اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا کہ کوئی مال دکھاؤ جو تم نے آگے بھیجا ہو (یعنی تم کو پہلے کبھی راہ خدا میں خرچ کرنے کی توفیق ہوئی ہے جواب ہو گی؟) تو پھر وہ (اپنی بات دہراتے ہوئے کہے گا کہ ''میں تو بس مال کو جمع کرنے اور اضافہ کرنے میں مشغول رہا اور اس کو دنیا میں اس سے زیادہ کر کے چھوڑ آیا جتنا کہ پہلے تھا اور اب آپ مجھے دنیا میں دوبارہ بھیج دیجئے تاکہ میں اس تمام مال و دولت کو لے کر آپ کے ہاں پیش کروں''۔ یہ ایک ایسا شخص ہوگا جس نے کوئی بھلائی آگے نہ بھیجی ہوگی چنانچہ اسے جہنم کی طرف دھکیل دیا جائے گا اسے امام ترمذی نے روایت فرمایا اور اسے سنداً ضعیف قرار دیا ہے۔ (اگرچہ معنی کے لحاظ سے یہ بالکل صحیح ہے)

تشریح: قوله: يجاء ابن آدم يوم القيامة كانه بذج: یعنی زیادہ ضعف کی وجہ سے

''بذج'': ''باء'' مضموم' اس کے بعد ''ذال'' اور اس کے بعد ''جیم'' بھیڑ کا بچہ ''برہ'' کا معرب ہے۔ اس سے مراد اس انسان کی کمزوری اور عجز ہے۔ اور شرح السنہ میں ہے کہ ابن آدم کو چھوٹا ہونے کی وجہ سے بھیڑ کے بچے کے ساتھ تشبیہ دی۔ یعنی حقیر اور ذلیل ہوگا۔

قوله: فيقول له: أعطيتك وخولتك وانعمت عليك:

خولتك یعنی میں نے تجھے خدم وحشم اور مال وجاہ وغیرہ دیا تھا۔

بعض کہتے ہیں کہ مطلب یہ ہے کہ میں نے تجھے بعض کا مالک بنایا تھا اور بعض کا مملوک بنایا تھا۔

قوله: فيقول: يارب! جمعته ۔۔۔ آتك به كله: فارجعني: ہمزہ وصلی کے ساتھ

آتك به كله: آپ کے راستہ میں خرچ کر سکے۔ کفار کے بارے میں اللہ نے فرمایا کہ آخرت میں کہیں گے: ﴿رَبِّ ارْجِعُوْنِ لَعَلِّيْ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ﴾ [المؤمنون-٩٩-١٠٠] ''اے میرے رب مجھ کو دنیا میں واپس بھیج دیجئے تاکہ جس (دنیا) کو میں چھوڑ آیا ہوں (پھر جا کر) نیک کام کروں۔ ہرگز ایسا نہیں (ہوگا)''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لم يقدم خير افيمضى به الى النار :

''فاذا'' ''فاء'' فصیحیہ ہے جو مقدر عبارت پر دلالت کرتا ہے ''اذا'' مفاجاتیہ ہے اور ''عبد'' مبتدا محذوف کی خبر ہے۔ مقدر عبارت کے ساتھ عبارت یوں ہے:

قال رسول الله صلى الله عليه وسلم فاذاهو عبد:

مطلب یہ ہوا کہ اُن نعمتوں میں جو اللہ نے اُسے دی تھیں اور اللہ نے جن باتوں کا حکم دیا اُس کی بجا آوری نہیں کی۔ اور اللہ نے اپنے اس ارشاد: [**ولتنظر نفس ماقدمت لغد**] [الحشر۔۱۸]: ''جس چیز کی نصیحت کی تھی اس سے نصیحت حاصل نہیں کی'' اور [**ماتقدموا لانفسكم من خير تجدوه عندالله**] [البقرہ:۱۱۰] ''اور ہر شخص دیکھ لے گا کہ کل (قیامت) کے واسطے اس نے کیا (فیض) بھیجا ہے''۔

يضى: مجہول کا صیغہ ہے۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس شخص کے بارے میں جو حکایت بیان کی گئی اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس آدمی کی مثال اُس غلام جیسی ہے جس کو اس کے آقا نے رأس المال دیا ہو کہ اس میں تجارت کرے اور نفع حاصل کرے' تو وہ اپنے آقا کے حکم کو پورا نہ کرے اور رأس المال کو بے جا خرچ کر کے ضائع کر دے اور ان چیزوں کی تجارت کرے جن کی تجارت کرنے کا اس کو کہا نہیں گیا تھا تو یہ غلام خوفزدہ ہوگا اور نقصان اُٹھائے گا۔ ارشاد باری ہے: ﴿أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ﴾ [البقرۃ:۱۶] ''یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے گمراہی لے لی بجائے ہدایت کے تو سودمند نہ ہوئی ان کی یہ تجارت اور نہ یہ ٹھیک طریقہ پر چلے''۔

اس مقام میں غلام کا واقعہ کتنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

شیخ ابوحامد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہر خبر، لذت اور سعادت بلکہ ہر مطلوب اور پسندیدہ چیز کو نعمت کہتے ہیں لیکن حقیقی نعمت آخرت کی سعادت ہے' اور اس کے ماسوا کو نعمت کہنا غلط ہے یا مجاز ہے۔ جیسا کہ دنیا کی وہ سعادت جس کے ذریعے انسان آخرت کی سعادت تک نہ پہنچے اس کو نعمت کہنا غلط ہے۔ اور ہر وہ سبب جو آخرت کی سعادت تک پہنچائے اور آخرت کی سعادت کیلئے ایک واسطہ سے معین ہو یا کہ کئی واسطوں سے تو اُس کو نعمت کہنا دُرست ہے۔ اس لئے یہ حقیقی نعمت کا ذریعہ ہے۔

۵۱۹۶ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوَّلَ مَا يُسْاَلُ الْعَبْدُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ النَّعِيْمِ اَنْ يُّقَالَ لَهٗ اَلَمْ نُصِحَّ جِسْمَكَ وَنُرْوِّكَ مِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ. (رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ۵/۴۱۸ حدیث رقم ۳۳۵۸۔

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''قیامت کے دن ابتدائی طور پر بندے سے نعمتوں کے بارے میں جو سوال کیا جائے گا وہ یوں ہوگا کہ ''کیا ہم نے تیرے جسم کو صحت مند نہیں بنایا تھا اور تجھے کو ٹھنڈے پانی سے سیراب نہیں کیا تھا''۔ (ترمذی)

تشریح: قوله: ان اول ما يسأل العبد يوم القيامة من النعيم أن يقال: ''من النعيم'' کا بیان ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''ان یقال له: ان کی خبر ہے۔ طیبی رحمہ اللہ نے ''من النعیم'' کو ''یسال'' کا متعلق قرار دیا ہے اس لئے کہ فرماتے تھے کہ ''ما'' مصدر یہ ہے اور ''ان یقال'' ان کی خبر ہے۔ (یعنی بندہ سے پہلا سوال یہ ہوگا کہ اُس سے کہا جائے گا۔)

الم نصح: اصحاح مصدر سے ہے اور اس کا معنی ہے ''صحت دنیا'' ۔

نروك: ''واؤ'' کی تشدید کے ساتھ اور ایک نسخہ میں ارواء مصدر ہے۔

تخریج: اس حدیث کو ابن حبان اور حاکم نے بھی روایت کیا ہے۔ اور ان دونوں کے الفاظ یوں ہیں:

اول مایحاسب به العبد یوم القیامة ان یقال له الم اصح لك جسمك واروك من الماء البارد

حاکم فرماتے ہیں کہ اس کی سند صحیح ہے۔ (ذکرہ میرک)۔

۵۱۹۷ : وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَزُوْلُ قَدَمُ ابْنِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَتّٰى يُسْأَلَ عَنْ خَمْسٍ عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَا اَفْنَاهُ وَعَنْ شَبَابِهٖ فِيْمَا اَبْلَاهُ وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَا اَنْفَقَهٗ وَمَاذَا عَمِلَ فِيْمَا عَلِمَ (رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٢٩ حدیث رقم ٢٤١٦۔

ترجمہ: ''حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''قیامت کے دن انسان کے پاؤں سرکنے نہیں پائیں گے جب تک کہ اس سے پانچ چیزوں کے بارے میں پوچھ نہ لیا جائے گا۔ اس سے پوچھا جائے گا کہ اس نے اپنی عمر کن کاموں میں صرف کی؟ (خصوصاً) اس نے اپنی جوانی کو کس کام میں بوسیدہ کیا (یعنی جوانی گویا نیا لباس ہے جو رفتہ رفتہ پرانا ہوتا ہے) اس نے مال کہاں سے کمایا (یعنی اس نے دنیا میں جو کچھ مال و دولت اور روپیہ پیسہ کمایا وہ حلال و وسائل ذرائع سے حاصل کیا یا حرام ذرائع سے؟) اس نے مال کو کن مصارف میں خرچ کیا (یعنی اپنے مال اور روپیہ پیسہ کو اچھے کاموں میں صرف کیا یا برے کاموں میں ضائع کیا) اور یہ کہ اس نے اپنے علم پر کس قدر عمل کیا؟'' ترمذی نے اس روایت کو نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے''۔

تشریح: قوله: لاتزول قدما ابن آدم ۔۔۔ فیما أبلاه: خمس: (کی تمیز محذوف ہے۔) ای خمسة احوال مذکر اور مؤنث دونوں طرح درست ہے۔ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ''خصال'' کی تاویل کے اعتبار سے مونث لایا گیا ہے۔

عمرہ: ''عین'' اور ''میم'' دونوں مضموم ہیں اور ''میم'' کا سکون بھی درست ہے۔

وعن شبابه فیما أبلاه: اس میں تعمیم کے بعد تخصیص ہے۔ اور جوانی کے طرفین یعنی بچپن اور بڑھاپا کے بارے میں مسامحت کی طرف اشارہ ہے۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگر اعتراض ہو کہ یہ خصلت پہلی خصلت میں داخل ہے تو دوبارہ ذکر کرنے کی کیا وجہ ہے؟ جواب یہ ہے کہ اس سے مراد انسان کی قوت اور اُس زمانہ کے بارے میں سوال کرنا ہے جس زمانہ میں زیادہ قوت والی عبادت پر قادر ہوتا ہے۔

قوله: وماذا عمل فیما علم:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شاید اُسلوب سے عدول مطلوب تک پہنچانے والی عبارت میں تفنن پیدا کرنے کیلئے ہے۔ اور طیبی نے جو بات ذکر کی ہے کہ ''پانچویں خصلت میں انداز سوال کو تبدیل کیا کہ ''وعن علمه ماذاعمل به'' نہیں فرمایا کیونکہ یہ اشیاء میں سے اہم اور اولیٰ شے ہے۔'' تو یہ بات مناسب نہیں ہے' ہاں اس پر ''خصال'' کا اختتام کرنے میں نکتہ ترقی ہے۔

پھر فرمایا کہ ''اس میں اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ علم عمل کیلئے مقدمہ ہے' اور علم کا کوئی اعتبار نہیں اگر عمل نہ ہو''۔ یہ بات علی الاطلاق دُرست نہیں۔ یہ بات صرف دنیوی فروع کے علم میں ہے اور اللہ کی ذات وصفات کا علم حاصل کرنا اور اس کی کتاب اور نشانیوں کی معرفت حاصل کرنا یہ سب علوم سے افضل واکرم ہیں۔ فرمایا کہ ''جو علم تم سیکھو گے وہ تمہارے ساتھ جائے گا''۔ اور اس میں اشارہ ہے اُس روایت کی طرف جس میں ہے کہ اہل جنت بھی جنت میں علماء کے محتاج ہونگے اور ایک حدیث میں ہے جس کو عساکر نے ابودرداءؓ سے نقل کیا ہے:

''اے عویمر! تمہارا کیا حال ہوگا جس وقت تجھ سے پوچھا جائے گا کہ علم حاصل کیا یا جاہل رہ کر آیا ہے۔ اگر تم کہو کہ علم حاصل کیا تو پوچھا جائے گا کہ اپنے علم پر کتنا عمل کیا' اور اگر تم کہو کہ جاہل ہوں تو پوچھا جائے گا کہ تیرا کیا عذر ہے علم کیوں حاصل نہیں کیا۔؟

اس کے ساتھ یہ بھی مروی ہے:

ویل للجاهل مرة وویل للعالم سبع مرات: جاہل کیلئے ایک مرتبہ ہلاکت ہے، اور عالم کیلئے سات مرتبہ ہلاکت ہے۔

اور ایک صحیح حدیث میں ہے: **أشد الناس عذابا يوم القيامة عالم لم ينفعه الله بعلمه۔**

''لوگوں میں سب سے زیادہ عذاب قیامت کے دن اُس عالم کو ہوگا جس کو اس کے علم نے نفع نہیں دیا۔''

قولہ: وقال هذا حديث غريب امام ترمذیؒ کا مکمل کلام یوں ہے: ابن مسعود کی حدیث کو ہم نہیں جانتے مگر حسین بن قیس سے' اور حسین بن قیس حدیث میں ضعیف ہے ذکرہ میرک)

۵۱۹۸ : وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ اِنَّكَ لَسْتَ بِخَيْرٍ مِنْ اَحْمَرَ وَلَا اَسْوَدَ اِلَّا اَنْ تَفْضُلَهٗ بِتَقْوٰى۔ (رواه احمد)

اخرجه احمد فی المسند ۱۵۸/۵۔

ترجمہ: ''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: (ابوذر!) تم نہ تو سرخ رنگ والے سے بہتر ہو اور نہ سیاہ رنگ والے سے سوائے اس بات کے کہ پرہیزگاری میں تم ان پر فضیلت پاؤ''۔ (احمد)

تشریح: مطلب یہ ہے کہ انسان کی فضیلت کسی ایک خاص رنگ کی وجہ سے نہیں ہے۔ اور خصوصی طور پر ان دو رنگوں کا ذکر اس لئے کیا کہ یہ دو رنگ انسانوں میں زیادہ پائے جاتے ہیں۔ اور راجح یہ ہے کہ ان دو رنگوں سے مراد آقا اور غلام کا رنگ ہے۔ جیسا کہ عموماً اسی طرح ہوتا ہے۔ علامہ طیبی نے بڑا عجیب کام کیا ہے کہ بڑے وثوق سے فرمایا ہے کہ احمر سے مراد عجم ہیں اور اسود سے مراد عرب ہیں۔

تفضله ''ضاد'' کے ضمہ کے ساتھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بتقویٰ: قصر کے ساتھ اور ایک نسخہ میں تنوین کے ساتھ ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿افمن اسس بنیانه علی تقویٰ من اللہ﴾ [التوبۃ۔۱۰۹] قرأت شاذہ میں تنوین کے ساتھ ہے۔ اور معنی یہ ہے کہ فضیلت نہ ظاہری صورت کی وجہ سے ہے اور نہ اُونچی نسبت کی وجہ سے بلکہ تقویٰ کی وجہ سے ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿یٰاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّقَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ﴾ [الحجرات:۱۳] ''اے لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے اللہ کے نزدیک تم سب سے بڑا شریف وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہو۔''

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ''تفضله'' کی ضمیر ''احمر'' اور ''اسود'' میں سے ہر ایک کی طرف لوٹ رہی ہے اور ان دونوں کی طرف انسان کی تاویل سے لوٹی ہے۔ اور استثناء مفرغ ہے اور عبارت کی تقدیر اس طرح ہے لست بافضل منهما بشئ من الاشياء الا بالتقویٰ'' یعنی تم تقویٰ کے علاوہ کسی اور چیز کی وجہ سے کسی کالے اور گورے سے افضل نہیں ہو۔ اور ''ان تفضله'' کا تکرار تاکید کیلئے ہے۔ اس میں تامل کریں کیونکہ ''احمر'' اور ''اسود'' تمام جنس انسان پر دلالت کرتے ہیں اور مخاطب بھی جنس انسان کا ایک فرد ہے۔ پھر ضمیر کو ''اسود'' اور ''احمر'' کی طرف لوٹانا درست نہیں ہے۔ اسی طرح ''احمر'' اور ''اسود'' کو انسان کی تاویل میں لینا ظاہر یہ ہے کہ یہ عمومی احوال سے استثناء مفرغ ہے یعنی تم اللہ کے ہاں ان دو قسم کے انسانوں میں سے کسی سے کسی حال میں فضیلت والے نہیں ہو سوائے اُس حال کے کہ میں جس حال میں تمہارے اندر اُس تقویٰ کی زیادتی ہو جو شریعت میں معتبر ہے۔

تقویٰ کے کئی مراتب ہیں:

تقویٰ کا ادنیٰ مرتبہ شرک جلی سے پرہیز کرنا ہے۔

اوسط درجہ معاصی، منکرات، لہو ولعب اور شرک خفی سے پرہیز کرنا ہے شرک خفی سے مراد عبادت واطاعت میں ریاکاری اور شہرت کا جذبہ ہے۔

اعلیٰ درجہ یہ ہے کہ ہر وقت اللہ کا استحضار ہو اور غیر اللہ کا استحضار بالکل نہ ہو۔ اسی کی طرف اشارہ ہے اُس حدیث میں جو حضور علیہ السلام سے مروی ہے: ما فضلكم ابو بكر صوم ولا صلاة ولكن بشئ وقر فی قلبه

''ابوبکرؓ! تم لوگوں سے روزہ اور نماز کی وجہ سے افضل نہیں۔ بلکہ ایک ایسی چیز کی وجہ سے افضل ہے جو چیز ان کے دل میں قرار پکڑ چکی ہے''۔ عراقی فرماتے ہیں کہ میں نے اس حدیث کو مرفوعاً نہیں دیکھا اور یہ حکیم ترمذی اور نوادر میں بکر بن عبداللہ مزنی کے قول کے حوالہ سے مذکور ہے۔ اور الجامع میں ہے: انظر فانك لست بخير۔ (الحدیث)

۵۱۹۹ : وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَازَهِدَ عَبْدٌ فِي الدُّنْيَا اِلَّا اَنْبَتَ اللّٰهُ الْحِكْمَةَ فِيْ قَلْبِهٖ وَاَنْطَقَ بِهَا لِسَانَهٗ وَبَصَّرَهٗ عَيْبَ الدُّنْيَا وَدَائَهَا وَدَوَائَهَا وَاَخْرَجَهٗ مِنْهَا سَالِمًا اِلٰى دَارِ السَّلَامِ ۔ رواه البيهقي في شعب الايمان

اخرجه البيهقي في شعب الايمان ۳٤٦/۷ حديث رقم ۱۰۵۳۲۔

ترجمہ: ''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو بندہ دنیا میں (زائد از ضرورت و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاجت' دنیاوی مال و جاہ سے) زہد یعنی بے رغبتی اختیار کرتا ہے' اللہ تعالیٰ اس کے دل میں حکمت یعنی معرفت و یقین کی دولت پیدا فرما دیتا ہے۔ اس کی زبان سے حکمت کو جاری کر دیتا ہے اور اس کو دنیا کے عیوب (جیسے کثرت غم و رنج' قلت غناء' خست شرکاء' سرعت فنا اور ذکر الٰہی سے دل کی غفلت وغیرہ کو یقین کی آنکھوں سے) دکھلا دیتا ہے' نیز اس دنیا کی بیماری (یعنی دنیاوی محبت کی علت وسبب) اور (علم و عمل' صبر و قناعت اور زہد و تقویٰ اور رضا قضاء کی توفیق عطا فرما کر) اس بیماری کا علاج بھی اس کو دکھلاتا ہے (اور اس کے دنیا سے اعراض کرنے اور عقبیٰ کی طرف متوجہ رہنے کے سبب) اللہ تعالیٰ اس کو دنیا (کی آفات و بلیات) سے سلامتی کے ساتھ دار السلام میں پہنچا دیتا ہے''۔ (بیہقی)

تشریح: قوله: بصره عيب الدنيا ودائها ودواها وبصره) ''صاد'' کی تشدید کے ساتھ بصیرت سے ماخوذ ہے۔ یعنی معائنہ کرا دیتے ہیں دنیا کے عیوب کا مثلاً کثرت غم و رنج' قلت غناء' شرکاء کا گھٹیا پن' جلدی فنا ہونا اور دوسرے عیوب مثلاً بدن کی تھکاوٹ' غموں کی کثرت اور دل کا اللہ کے ذکر سے غافل ہونا۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ دوسرے درجہ کی طرف اشارہ ہے' یعنی جب انسان کو دنیا کے عیوب کا علم الیقین حاصل ہو جاتا ہے۔ اور دُنیا سے بے رغبتی اختیار کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے بصیرت عطا فرماتے ہیں جس کی وجہ سے دنیا کے عیوب کا عین الیقین حاصل ہو جاتا ہے۔

یعنی دنیا کو چاہنے اور طلب کرنے کی بیماری اس کو دکھا دی جاتی ہے۔

ودائها: اس کی آزمائش کی علت اور طلب کرنے کی

ودواها: یعنی علم و عمل کے معجون سے علاج اور صبر و قناعت اور اللہ کی تقسیم پر راضی ہو کر اس کی آزمائش سے بچ جانا۔

قوله: أخرجه منها سالما الى دار السلام: سالما: بونیا سے اعراض کرتا ہوا اور آخرت کی طرف توجہ کرتا ہوا دار السلام میں پہنچا دیا گیا۔ اس میں اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ جو دُنیا میں بے رغبتی نہ کرے۔ اس کے عیب بیماری اور دوا پر مطلع نہ ہو۔ تو وہ شخص یا تو جنت میں بالکل داخل نہ ہوگا یا سلامتی کے ساتھ داخل نہ ہوگا بلکہ عذاب بھگت کر اور تکالیف کا حجاب لاحق ہونے کے بعد۔

تخریج: ابونعیم نے حلیہ میں ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے:

مازان الله العباد بزينة أفضل من زهادة في الدنيا وعفاف في بطنه وفرجه۔

''اللہ تعالیٰ نے بندوں کو دنیا کی بے رغبتی اور پیٹ اور شرمگاہ میں پاکدامنی سے جتنی زینت زیادہ افضل اسی اور چیز سے اپنے بندوں کو زینت نہیں بخشی۔''

۵۲۰۰ : وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ اَخْلَصَ اللّٰهُ قَلْبَهٗ لِلْاِيْمَانِ وَجَعَلَ قَلْبَهٗ سَلِيْمًا وَلِسَانَهٗ صَادِقًا وَنَفْسَهٗ مُطْمَئِنَّةً وَخَلِيْقَتَهٗ مُسْتَقِيْمَةً وَجَعَلَ اُذُنَهٗ مُسْتَمِعَةً وَعَيْنَهٗ نَاظِرَةً فَاَمَّا الْاُذُنُ فَقَمْعٌ وَاَمَّا الْعَيْنُ فَمُقِرَّةٌ لِمَا يُوْعِى الْقَلْبُ وَقَدْ اَفْلَحَ مَنْ جَعَلَ قَلْبَهٗ وَاعِيًا ۔

(رواه احمد والبيهقي في شعب الايمان)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اخرجه البيهقي في شعب الايمان ۱/۱۳۲ حديث رقم ۱۰۸ واحمد في المسند ۵/۱۴۷۔

ترجمہ: ''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''وہ شخص حقیقتاً کامیاب ہوگیا جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے (نفاق کی آمیزش سے پاک کر کے) ایمان کے لئے خالص کر دیا' اور اس کے دل کو (تمام دل کی بیماریوں سے) سلامتی عطا فرمائی' اس کی زبان کو راست گو بنایا' اس کے نفس کو (ذکر اللہ اور محبت الٰہیہ سے مطمئن فرمایا اس کی خلقت وطبیعت کو (کجی و باطل کی طرف مائل اور افراط وتفریط میں مبتلا ہونے سے بچا کر) اور سیدھا رکھا' اس کے کانوں کو (حق بات کا) سننے والا بنایا اور اس کی آنکھوں کو (وحدانیت کے دلائل ومشاہدات اور پروردگار کے نظام قدرت و صنعت کا) دیکھنے والا بنایا' پس کان تو ''قیف'' ہیں اور آنکھ اس چیز کو قائم اور ثابت رکھنے والی ہے جس کو دل محفوظ کرتا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ شخص فلاح یاب ہوا جس نے اپنے دل کو (حق کا) محافظ بنایا۔

تشریح: **قوله: قدا فلح من اخلص الله قلبه للايمان:** یعنی اُسکے دل کو ایمان کیلئے اس طرح خالص کر دیتے ہیں کہ دوسری چیز کی اس میں نہ گنجائش ہے اور نہ دوسری کوئی چیز اس کے بعد وارد ہوسکتی ہے۔

قوله: وجعل قلبه سليما۔۔۔۔ وخليقة مستقيمة: حسد، کینہ، بغض، برے اخلاق اور دوسرے بُرے احوال مثلاً دنیا کی محبت، اللہ سے غفلت اور آخرت سے بے توجہی ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿**يوم لاينفع مال ولابنون الامن اتى الله بقلب سليم**﴾ [الشعراء: ۸۸۔۸۹]

ولسانه صادقا: قول میں، وعدہ میں اور عہد میں

''خليقه'' وہ عادت جس پر اس کو پیدا کیا گیا ہے۔ اُن عوارض سے قطع نظر کر کے جن کو فطرت سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

قوله: وجعل اذنه مستمعة وعينه نا ظرة:

''اذنة'' ہمزہ اور ''ذال'' دونوں کے ضمہ کے ساتھ اور ''ذال'' کو ساکن پڑھنا بھی دُرست ہے۔ ک

قوله: فمأما الاذن فقمع: ''فاما'' ''فاء'' عاطفہ ہے اور شاید معطوف علیہ مقدر ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جو چیزیں پہلے ذکر کی گئیں یعنی دل، زبان وغیرہ ان کا کامیابی اور نجات کیلئے شرط ہونا تو ظاہر ہے۔

قمع: ''قاف'' کا فتحہ اور میم کا سکون بھی درست ہے۔ اور ''قاف'' کا کسرہ اور میم کا سکون اور فتحہ بھی درست ہے۔ قاموس میں ہے کہ ''القمع'' فتحہ اور کسرہ کے ساتھ ''عنب'' کے وزن پر ہے۔ اس کا معنی ہے وہ چیز جس کو برتن کے منہ پر رکھتے ہیں تاکہ اس سے تیل وغیرہ ڈالا جائے۔ اور نہایہ میں ہے کہ ''القمع'' (قیف) ایک نلکی دار برتن ہوتا ہے جس کو تنگ منہ والے برتن مثلاً بوتل وغیرہ کے منہ پر رکھ کر مائع چیز تیل اور پانی وغیرہ ڈالا جاتا ہے۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں وہ لوگ جو بات کو کانوں سے سُن کر دلوں میں محفوظ کر لیتے ہیں۔ ان کے کانوں کو ''اقماع'' کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔

www.KitaboSunnat.com

قوله: واماالعين فمقرة لما يوعى القلب:

مقرة: ''میم'' مضموم ''قاف'' مکسور اور ''را'' مشدد ہے۔ اصل نسخوں میں اس طرح ہے۔ اور اکثر نسخوں میں دونوں مفتوح ہیں اور یہ زیادہ ظاہر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''القلب'': مرفوع ہے اور بعض نسخوں میں منصوب ہے۔اس سے اصل نسخہ کی عبارت کی تائید ہوتی ہے۔اور ''یوعیٰ'' کے مناسب یہی ہے۔

طیبی فرماتے ہیں کہ آپ کا قول ''فمقرۃ'' میں استعارہ ہے۔اس لئے کہ قلب میں وہ چیز قرار پکڑتی ہے جس کا حاسہ سے ادراک کیا ہو گویا کہ دل ایک برتن ہے اور اس میں وہ چیزیں محفوظ ہوتی ہیں جن کو آنکھوں سے دیکھا ہے۔

اساس البلاغۃ میں ہے کہ (''قر الکلام فی اذنہ'' یہ مجاز اس معنی میں ہے کہ فلاں کے کان پر اپنا منہ رکھا اور بات سنائی اور یہ ''قر الماء فی الاناء'' سے ماخوذ ہے۔یہ جملہ اُس وقت بولا جاتا ہے جب کوئی برتن میں پانی اُنڈیلے۔

''قلب'' فاعل ہونے کی بناء پر مرفوع ہے۔اور نصب کا احتمال بھی ہے۔اس وقت معنی یہ ہوگا کہ دل میں قرار پکڑتی ہے یعنی دل اس کو محفوظ کر لیتا ہے۔خاص طور پر کان اور آنکھ کا ذکر اس لئے کیا کہ اللہ کی وحدانیت پر دلالت کرنے والی نشانیاں یا تو سمعی ہیں (یعنی سننے سے تعلق رکھتی ہیں)' تو کان ان کو سن کر دل کو اُسکے لئے برتن بنا دیتے ہیں۔اور یا دیکھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔ تو آنکھیں اُنکو دیکھ کر دل میں پہنچاتی ہیں۔اور دل کو ان کے لئے برتن بنا دیتے ہیں۔

قولہ: وقد افلح من جعل قلبہ واعیا:

میں کہتا ہوں کہ اسی پر علم کے آلات اور اسباب ختم ہو جاتے ہیں۔اس لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا﴾ [الاسراء:۳۶]

''کیونکہ کان اور آنکھ اور دل ہر شخص سے ان سب کی (قیامت کے دن) پوچھ ہوگی''۔

''سمع'' کو مقدم کرنے میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ''عُمدہ'' وہ علوم شرعیہ ہیں جو ایسے سماعی دلائل سے حاصل کیے جاتے ہیں جو علم یقین پیدا کر دیتے ہیں۔پھر غور وفکر کے مرتبہ تک ترقی کر جاتا ہے۔یہاں تک کہ یہ علم ''عین الیقین'' بن جاتا ہے اور دل پر انتہا ہوتی ہے۔اور دل اللہ کا عرش ہے۔اور اس کے ذریعے ''حق الیقین'' کے کمال تک پہنچ جاتا ہے۔اللہ تعالیٰ ہمیں دین کے درجات میں یقین کے وہ تمام مراتب نصیب فرمائیں جن کو اللہ نے اس آیت میں بیان فرمایا: [واعبد ربك حتى ياتيك اليقين] [الحجر:۹۹] ''اور آپ اپنے ربّ کی عبادت کرتے رہنا یہاں تک کہ آپ کو موت آ جائے''۔

اور یقین کے عبادت کی غایت وانتہا ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یقین کے حاصل ہونے کے بعد ترک عبادت کا تصور نہیں کیا جاسکتا۔بلکہ میت کو غاسل (نہلانے والے) کے سامنے رکھنے کا مرتبہ حاصل ہو جاتا ہے۔جیسا کہ کہا جاتا ہے: موتوا قبل ان تموتوا'' (موت سے پہلے مر جاؤ) اسی وجہ سے تمام مفسرین فرماتے ہیں کہ یقین سے مراد موت ہے۔اور یہ کتنی اچھی موت ہے جو بعینہٖ زندگی ہے۔اللہ ہمیں اس کا کچھ ذائقہ جو شوق کی حلاوت کے ساتھ ہو نصیب فرمائے۔

۵۲۰۱ : وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَاَيْتَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ يُعْطِي الْعَبْدَ مِنَ الدُّنْيَا عَلٰى مَعَاصِيْهِ مَايُحِبُّ فَاِنَّمَا هُوَ اِسْتِدْرَاجٌ ثُمَّ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا نَسُوْا مَاذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى اِذَا فَرِحُوْا بِمَا اُوْتُوْا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَاِذَاهُمْ مُبْلِسُوْنَ ۔ (رواہ احمد)

اخرجہ احمد فی المسند ٤/١٤٥۔

ترجمہ: ''حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ''جب تم دیکھو کہ اللہ تعالیٰ کسی بندہ کو اس کے گناہ و معصیت میں مبتلا ہونے کے باوجود اس کی محبوب ترین چیزیں (یعنی مال و جاہ و صحر اور لمبی عمر وغیرہ) دیتا ہے تو سمجھ لو کہ وہ (یعنی اس کو اس کی محبوب ترین چیزیں دینا) استدراج ہے۔ اس کے بعد رسول کریم ﷺ نے بطور استشہاد یہ آیت تلاوت فرمائی: فَلَمَّا نَسُوْا مَاذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ..... ۔ ''جب کافر اس نصیحت کو بھول گئے جو انہیں کی گئی تھی (یعنی اللہ تعالیٰ کا عہد یا یہ کہ جب انہوں نے حق تعالیٰ کی نافرمانی کی) تو ہم نے ان پر (دنیا کی نعمتوں کی) ہر چیز کے دروازے کھول دیئے یہاں تک کہ جب وہ ان چیزوں پر خوش ہوئے جو انہیں دی گئی تھیں (یعنی جاہ و دنیوی عیش و عشرت وغیرہ ہم نے ان کو (اپنے عذاب میں) پکڑ لیا اور وہ نہایت حیران و ناامید ہو گئے''۔ (احمد)

تشریح: **قولہ: اذا رأیت اللہ عزوجل ۔۔۔ فانما ھو استدراج:**

مراد ہے اللہ کی طرف سے ایک مہلت اور حیلہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿سنستدرجهم من حيث لا يعلمون﴾ [الاعراف ۔ ١٨٢]

ترجمہ: ''ہم اُنکو بتدریج (جہنم کی طرف) لئے جا رہے ہیں اس طور پر کہ اُنکو خبر بھی نہیں۔''

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ''استدراج کا معنی ہے کسی کام کو شروع کر کے اس کام میں درجہ بدرجہ آگے بڑھنا' جیسا کہ چڑھنے والا چڑھتے ہوئے ایک ایک سیڑھی پر ترتیب وار چڑھتا ہے اور اسی طرح اُترنے والا اُترتے ہوئے کرتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کے استدراج کا مطلب یہ ہے کہ انسان کی معصیت کے باوجود اللہ تعالیٰ اپنی نعمتیں دے کر آہستہ آہستہ ہلاکت کی طرف بڑھاتا ہے اور ان کیلئے آخرت کے عذاب کو اس طرح بڑھاتا رہتا ہے کہ ان کو اس کا شعور نہیں ہوتا۔ اور یہ اس طرح کہ اللہ تعالیٰ وقفہ وقفہ سے اپنی نعمتیں دیتا ہے۔ اور یہ لوگ سرکشی میں منہمک ہوتے ہیں جب اللہ نئی نعمت بھیجتے ہیں ان لوگوں میں سرکشی بڑھتی جاتی ہے۔ اور نئے نئے انداز میں نافرمانی کرتے ہیں اور لگاتار نعمتوں کی وجہ سے نافرمانی میں درجہ بدرجہ بڑھتے ہیں۔ اور ان کا یہ خیال ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے پے در پے نعمتوں کا آنا اللہ کی طرف سے اکرام اور اللہ کا قرب ہے۔ حالانکہ یہ اللہ کی طرف سے رسوائی اور دُوری ہوتی ہے۔

قولہ: ثم تلا رسول اللہ ﷺ الخ: فلما نسوا یعنی اللہ کے عہد و اللہ کے امر اور نہی کی پروانہ کی۔

فتحنا تخفیف اور تشدید دونوں کے ساتھ پڑھا گیا ہے۔

اخذناھم بغتة: اچانک موت یا عذاب میں اس حالت میں عذاب زیادہ شدید محسوس ہوتا ہے۔

مبلسون: غمگین خاموش حسرت والے پریشان حال نا اُمید۔

تخریج: اور جامع میں ان سے یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ منقول ہے:

اذا رأیت اللہ یعطی العبد من الدنیا مایحب وھو مقیم علی معاصیه فانما ذالك منه استدراج۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کو طبرانی، احمد اور بیہقی نے نقل کیا ہے۔

۵۲۰۲ : وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ اَنَّ رَجُلاً مِنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ تُوُفِّیَ وَتَرَكَ دِیْنَارًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَیَّةٌ قَالَ ثُمَّ تُوُفِّیَ اٰخَرُ فَتَرَكَ دِیْنَارَیْنِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ كَیَّتَانِ ۔

رواه احمد والبیهقی فی شعب الایمان

اخرجه احمد فی المسند ۲۵۸/۵ والبیهقی فی شعب الایمان ۳۶٤/۵ حدیث رقم ٦٩٦٤۔

ترجمہ: ''حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اصحاب صفہ میں سے ایک شخص وفات پا گئے اور (بطور ترکہ) ایک دینار چھوڑا۔ رسول کریم ﷺ نے (جب اس دینار کو دیکھا تو) فرمایا کہ ''یہ دینار (اس شخص کی پیشانی' پشت اور پہلو پر) ایک داغ ہے''۔ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ پھر (کچھ دنوں بعد) صفہ والوں میں سے ایک اور شخص نے وفات پائی اور اس نے (بطور ترکہ) دو دینار چھوڑے' نبی کریم ﷺ نے ان (دیناروں کو) دیکھ کر فرمایا۔ یہ دو دینار دو داغ ہیں'' ۔(احمد' بیہقی)

تشریح: قوله: ان رجلا من اهل الصفة توفی وترك دینار افقال رسول الله كیة:

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ''رجل'' کو اس صفت کے ساتھ موصوف کرنے میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ متصل حکم کیلئے یہ صفت علت ہے۔ یعنی اس شخص کا اُن فقراء کی طرف منسوب ہونا جو دنیا میں بے رغبت تھے۔ حالانکہ دینار یا دو دینار پاس تھے۔ ایک جھوٹا دعویٰ تھا۔ جس کی وجہ سے عقاب کا مستحق تھا۔ ورنہ تو بہت سارے صحابہ مثلاً عثمان بن عفانؓ، عبدالرحمٰن بن عوفؓ اور طلحہ بن عبیداللہؓ مال کماتے تھے اور اس میں تصرف کرتے تھے۔ چونکہ اعراض کرنا، افضل چیز کو اختیار کرنا ہے۔ (وگرنہ ورع اور زہد فی الدنیا) کے حکم میں داخل ہوگا۔ اور اس میں انتفاع برتنا مباح و مرخص ہے اور وہ شخص قابل مذمت ہے ہر چیز کی ایک حد ہوتی ہے۔

توفی: مجہول کے صیغہ کے ساتھ بعض نے معروف کا صیغہ بھی جائز قرار دیا ہے۔

''كیة'' ای هو كیة مبالغہ کیلئے یا داغ کا سبب ہے یا داغ کا آلہ ہے۔ اور آخری قول زیادہ راجح ہے۔ کیونکہ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿یوم یحمی علیها فی نار جهنم فتكوی بها جباههم﴾ [التوبة: ۳۵] الآیة

''ان کو دوزخ کی آگ میں (اول) تپایا جائے گا پھر ان سے ان لوگوں کی پیشانیوں کو داغ دیا جائے گا۔''

اس مقام میں مقصود کی وضاحت اس طرح ہے کہ یہ دونوں اُن فقراء کے ساتھ رہتے تھے جن کو لوگ صدقہ دیا کرتے تھے۔ کیونکہ یہ فقراء بہت زیادہ محتاج تھے اور ان پر فاقہ بہت زیادہ ہوتا تھا اور گویا کہ یہ لوگ قولاً یا حالاً سوال کرنے والے تھے اور اُس شخص کیلئے سوال کرنا جائز نہیں جس کے پاس موجودہ دن کیلئے بقدر ضرورت روزی ہو۔ ان دونوں کے پاس دینار موجود تھا اور پھر بھی سوال کیا جو کہ حرام ہے۔ اسی طرح ہر وہ شخص جو پرانے پھٹے کپڑے پہن لے یا گداگروں کی ہیئت اختیار کرے اور اس کے پاس کچھ نقدی یا نقدی کے قائم مقام کچھ ہو اور لوگوں سے کچھ لے اور کھائے تو یہ حرام ہے۔ اسی طرح جو اپنے آپ کو عالم یا دیندار ظاہر کرے اور حقیقت میں اس طرح نہ ہو۔ اور کوئی اس کو اس کے علم یا دینداری یا شرافت کی وجہ سے کچھ دے تو یہ اُسکے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لئے حرام ہے۔

حکایت: کسی نے حکایت بیان کی ہے کہ شیخ ابواسحاق کازرونی رحمہ اللہ نے فقراء کی ایک جماعت کو دیکھا جو ایسا کھانا کھا رہے تھے۔ جو مستحقین کیلئے رکھا گیا تھا۔ تو فرمایا اے حرام کھانے والو! کھانے سے باز آجاؤ۔ اور فرمایا جس شخص کے پاس کچھ دنیا بھی نہ ہو وہ تو کھائے ورنہ نہ کھائے۔ چنانچہ بعض کھاتے رہے اور بعض رُک گئے۔ فرمایا سبحان اللہ! ایک ہی کھانا بعض کیلئے حلال ہے اور بعض کیلئے حرام۔

لہٰذا اہل حرمین شریفین اعزھما اللہ کو احتیاط کرنی چاہیے کہ کوئی ایسا شخص جو شرعی غنی ہو وہ مال نہ کھائے جو فقراء کیلئے وقف کیا گیا ہے۔ اسی طرح جو مکانات اور کمرے مساکین کی رہائش کیلئے بنائے گئے ہیں ان میں مالداروں کا رہائش اختیار کرنا حرام ہے۔

ابن ھمام رحمہ اللہ نے اس بات کی تصریح کی ہے کہ غنی کیلئے حرام ہے کہ خانقاہوں کے رہائشی صحروں میں مفت رہائش اختیار کرے۔ اور کوئی بھی اس بات سے دھوکہ نہ کھائے جو مشہور ہو چکی ہے کہ حرمین کے وقف کی اشیاء فقیر اور غنی دونوں کیلئے عام ہیں۔ کیونکہ ایسا ہو تو ہمارے نزدیک اُن اغنیاء کیلئے وقف کرنا جائز نہیں جو محصور نہ ہوں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے امام اعظم اور عظیم پیشوا اگر اس زمانہ میں ہوتے اور اس جگہ کے رہائشی لوگوں کا مشاہدہ کرتے تو اُن کے ساتھ پڑوس میں رہائش کی حرمت کا فتویٰ دیتے جبکہ پہلے زمانہ میں صرف کراہت کا فتویٰ دیا ہے۔ اس لئے کہ اس مشرف مکان کا احترام اور تعظیم بہت کم ہی افراد کرتے ہیں' اور اتنے تھوڑے افراد کا اعتبار نہیں ہوتا۔

۵۲۰۳ : وَعَنْ مُعَاوِيَةَ اَنَّهٗ دَخَلَ عَلٰى خَالِهٖ اَبِىْ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ يَعُوْدُهٗ فَبَكٰى اَبُوْ هَاشِمٍ فَقَالَ مَا يُبْكِيْكَ يَاخَالُ اَوَجَعٌ يُّشْئِزُكَ اَمْ حِرْصٌ عَلَى الدُّنْيَا قَالَ كَلَّا وَلٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلَيْنَا عَهْدًا لَمْ اٰخُذْبِهٖ قَالَ وَمَا ذٰلِكَ قَالَ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ اِنَّمَا يَكْفِيْكَ مِنْ جَمْعِ الْمَالِ خَادِمٌ وَمَرْكَبٌ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاِنِّىْ اَرَانِىْ قَدْ جَمَعْتُ۔ (رواه احمد والترمذى والنسائى وابن ماجة)

اخرجه الترمذى فى السنن ٤/٤٨٨ حديث رقم ٢٣٢٧، والنسائى فى السنن ٨/٢١٨ حديث رقم ٥٣٧٢ وابن ماجه فى السنن ٢/١٣٧٤ حديث رقم ٤١٠٣ واحمد فى المسند ٥/٢٩٠۔

ترجمہ: ''حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ (ایک دن) اپنے ماموں حضرت ابو ہاشم بن عتبہ رضی اللہ عنہ کے پاس ان کی عیادت کو گئے تو حضرت ابو ہاشم رضی اللہ عنہ (ان کو دیکھ کر) رونے لگے' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ ماموں جان! کون سی چیز آپ کو رلا رہی ہے؟ کیا بیماری (کی شدت) آپ کو اضطراب میں مبتلا کر رہی ہے یا دنیا کی حرص وتمنا؟'' انہوں نے فرمایا (عزیز من! تم نے جو کچھ کہا ہے) ایسا ہرگز نہیں ہے' بلکہ (وجہ اضطراب یہ ہے کہ) نبی کریم ﷺ نے ہم (صحابہؓ) کو ایک وصیت کی تھی اور میں اس پر عمل کرنے سے قاصر رہا ہوں! معاویہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ وہ وصیت کیا تھی؟ انہوں نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تمہارے لئے دنیا کے مال میں سے بس اس قدر جمع کرنا کافی ہے کہ تمہارے پاس ایک خادم ہو اور حق تعالیٰ کی راہ میں (لڑنے کے لئے) ایک سواری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہو"۔اور میرا خیال ہے کہ میں نے (ان دونوں چیزوں سے کہیں زیادہ مال واسباب) اپنے پاس رکھا ہوا ہے"۔
(احمد ترمذی نسائی ابن ماجہ)

تشریح: قوله: عن معاوية أنه ذخل على خاله ابى هاشم بن عتبة يعوده:

"يعوده": حال ہے یا جملہ مستانفہ ہے۔

قوله: ما يبكيك يا حال؟---حرص على الدنيا: ياخال) "لام" کے کسرہ کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں "لام" کے ضمہ کے ساتھ ہے "یاغلام" کی طرح ہے۔

يشزئك: "یا" کے ضمہ اور "ہمزہ" کے کسرہ کے ساتھ یعنی کس چیز سے بے قرار اور پریشان ہو کر رو رہے ہو۔قاموس میں لکھا ہے کہ مشنز شازًا کا معنی ہے بڑھ گیا سخت ہو گیا۔اور "اشازہ" کا معنی ہے بیقرار کرنا۔

ام حرص على الدنيا: یعنی حرص تجھے بے قرار کر رہی ہے اور رُلا رہی ہے۔اس میں اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ یہ پریشانی یا تو ظاہری بیماری کی سختی کی وجہ سے ہے یا معنوی عرض کی وجہ سے ہے۔اور دونوں ظاہری اور باطنی دشواری کا باعث ہیں۔

قوله: قال كلا.....: چھوڑ دو اپنا گمان یعنی ان میں سے کوئی چیز میرے رونے کا باعث نہیں۔اور عہد سے مراد عام وصیت ہے یا خصوصی بیعت۔

ما ذالك: ایک نسخہ میں "وماذاك" ہے۔

قوله: قام سمعته يقول.....:

انی ارانی ہمزہ مضموم ہے۔(یعنی میرا گمان ہے)۔اور ایک نسخہ میں ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ ہے۔(یعنی میں دیکھتا ہوں یا مجھے یقین ہے۔)

قد جمعت: اپنے عہد سے زیادہ۔طیبی رحمہ اللہ نے عجیب بات فرمائی ہے کہ اس کے متعلق کو حذف کیا تا کہ مال کی انواع کی کثرت پر دلالت کرے۔

۵۲۰۴ : وَعَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ قَالَتْ قُلْتُ لِاَبِی الدَّرْدَاءِ مَالَكَ لَاتَطْلُبُ كَمَا يَطْلُبُ فُلَانٌ فَقَالَ اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اَمَامَكُمْ عَقَبَةً كُؤُدًا لَا يَجُوْزُ هَا الْمُثْقِلُوْنَ فَاُحِبُّ اَنْ اَتَخَفَّفَ لِتِلْكَ الْعُقْبَةِ۔

اخرجه البيهقى فى شعب الايمان ۳۰۹/۷ حديث رقم ۱۰٤۰۸۔

ترجمہ: "حضرت ام درداء رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ (ایک دن) میں نے (اپنے شوہر) حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے کہا آپ کو کیا ہو گیا ہے کہ آپ (حضور اکرم ﷺ سے یا صحابہ کرام سے مال ومنصب) نہیں مانگتے جیسا کہ فلاں فلاں لوگ مانگتے ہیں؟ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے (یہ سن کر) جواباً فرمایا کہ (میں کسی سے اس کا مطالبہ کرنے سے اس لئے اجتناب کرتا ہوں کہ) میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے خبردار تمہارے سامنے ایک دشوار گزار گھاٹی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس سے وہ لوگ (آسانی اور سہولت کے ساتھ) نہیں گزر سکتے جو گرانبار ہیں''۔ چنانچہ میں یہ پسند کرتا ہوں کہ (مال و دولت کے بوجھ سے) ہلکا رہوں تاکہ اس گھاٹی سے (گزرنے کے لئے ہلکا رہوں''۔

تشریح: فقال: انی: ہمزہ کے کسرہ کے ساتھ اور ہمزہ کا فتحہ بھی دُرست ہے اُس وقت تقدیری عبارت ''لانی'' ہو گی۔

''امامکم'' ہمزہ مفتوح ہے۔ یہ ظرف ہے اور خبر مقدم ہے۔

''عقبة'' عین اور ''قاف'' دونوں مفتوح ہیں۔ پہاڑوں کے درمیان دُشوار گزار گھاٹی قاموس میں اسی طرح لکھا ہے۔

کؤدا ''کاف'' مفتوح' ہمزہ مضموم پھر واؤ اور اُسکے بعد ''دال''۔ یعنی دُشوار جو تمہارے اور جنت کے درمیان آڑ ہے، طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس سے مراد موت، قبر، حشر اور ان کی ہولناکیاں اور سختیاں ہیں۔ ان کو گھاٹی کے ساتھ گھاٹی کو عبور کرنے میں آنے والی دُشواریوں میں تشبیہ دی۔

المثقلون: باب افعال سے ہے۔ یعنی مال کے بوجھ اور وسعت حال اور جاہ کی مشقت کو اُٹھایا ہوگا۔ اس لئے بعض نے کہا ہے کہ ''ہلکے لوگ کامیاب ہو گئے اور بوجھل لوگ ہلاک ہو گئے''۔

۵۲۰۵ : وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مِنْ اَحَدٍ يَمْشِيْ عَلَى الْمَآءِ اِلَّا ابْتَلَّتْ قَدَمَاهُ قَالُوْا لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَذَالِكَ صَاحِبُ الدُّنْيَا لَا يَسْلَمُ مِنَ الذُّنُوْبِ ۔(روا هما البيهقي في شعب الايمان)

اخرجه البيهقي في شعب الايمان ۳۲۳/۷ حديث رقم ۱۰٤٥۷۔

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ (ایک دن' مجلس نبوی ﷺ میں موجود صحابہؓ سے) رسول اللہ ﷺ نے پوچھا' کیا کوئی شخص پانی پر اس طرح چل سکتا ہے کہ اس کے پاؤں گیلے نہ ہوں؟ صحابہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ ایسا تو ممکن نہیں! حضور ﷺ نے فرمایا: دنیادار بھی ایسا ہی ہوتا ہے کہ وہ گناہوں سے محفوظ وسلامت نہیں رہ سکتا''۔ (ان دونوں روایتوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔

تشریح: قوله: هل من احد يمشي على الماء الا بتلت قدماه: هل يمشي على الماء في حال من الاحوال الافي حال الابتلال۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس میں متقین کیلئے خطرناک وعید ہے۔ اور دنیا سے بے رغبتی اور آخرت کو دُنیا پر ترجیح دینے کی بڑی ترغیب ہے اور وعید کیلئے اتنی بات کافی ہے کہ فقراء جنت میں اغنیاء سے پانچ سو برس پہلے داخل ہونگے۔ اللہ اپنے کرم اور فضل سے ہمارے ساتھ بھی عافیت والا معاملہ فرمائے۔

تخریج: پہلی حدیث کو حاکم نے بھی نقل کیا ہے امام میرک نے منذریؒ سے نقل کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ حضرت اُم درداءؓ کی حدیث کو طبرانیؒ نے صحیح سند کے ساتھ نقل کیا ہے اور اس کو بزارؒ نے حضرت ابودرداءؓ سے سند حسن کے ساتھ مرفوعاً یوں نقل کیا ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان بين ايديكم عقبة كوء ودالا ينجو منهالاكل مخف

۵۲۰۶ : وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ مرْسَلاً قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنْ اَجْمَعَ الْمَالَ وَاَكُوْنَ مِنَ التَّاجِرِيْنَ وَلٰكِنْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنْ سَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِنَ السّٰجِدِيْنَ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ۔ (رواه فى شرح السنة وابو نعيم فى الحلية عن ابى مسلم)

اخرجه البغوى فى شرح السنة ۲۳۷/۱۴ حديث رقم ۴۰۳۶۔

ترجمہ: ''حضرت جبیر بن نفیر (تابعیؒ) بطریق ارسال روایت کرتے ہیں کہ پیغمبر خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھ پر یہ وحی نازل نہیں ہوئی ہے کہ میں دولت جمع کروں اور تاجروں بلکہ مجھ پر یہ وحی نازل ہوئی ہے کہ ''آپ ﷺ اپنے پروردگار کی تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان کیجئے اور سجدہ کرنے والوں (یعنی نمازیوں) میں سے بنیں۔ اور اپنے رب کی عبادت میں مشغول رہئے یہاں تک کہ آپ ﷺ (حیاۃ طیبہ) کا آخری وقت آ جائے''۔ اس حدیث کو بغوی نے شرح السنہ میں اور ابونعیم نے کتاب حلیہ میں ابومسلمؒ سے نقل کیا ہے''۔

تشریح: قوله: قال رسول اللهؐ ما اوحى ـــ واكون من التاجرين: ان اجمع المال ''ان'' مصدریہ ہے اور ''باء'' مقدر ہے۔

واکون کا اس پر عطف ہے۔

قوله: ولكن اوحى الى.....:

''ان وحی میں قول کا معنی ہے ان اُسکی تفسیر کرتا ہے۔

بحمد ربك جار مجرور ''مقرونا'' کے متعلق ہے۔

مطلب یہ ہے کہ اُن اُمور سے اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کریں جو اللہ تعالیٰ کی شان کے لائق نہیں ہیں اور صفات جلال و جمال کو بیان کر کے اللہ کی ثنا بیان کریں۔

وكن من الساجدين: نماز پڑھنے والوں میں، نماز کا ایک رکن ذکر کیا مگر پوری نماز مراد ہے۔ جزء بول کر مجازاً کل مراد لیا گیا ہے۔

سجدہ کی تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ حدیث میں وارد ہوا ہے کہ ''بندہ نماز میں اللہ کے سب سے زیادہ قریب سجدہ کی حالت میں ہوتا ہے''۔

واعبد ربك: تخصیص کے بعد تعمیم ہے۔ چاہے عبادت کا حکم مقصود ہو چاہے بندگی کرنے کا حکم مقصود ہو۔

حتى يأتيك اليقين: تمام مفسرین کے نزدیک ''یقین'' سے مراد موت ہے حدیث میں قرآن کی آیات: ﴿وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ﴾ سے اقتباس ہے۔

مؤلف فرماتے ہیں کہ مراد ابومسلم خولانی ہیں جو بڑے زاہد تھے ان کی ملاقات ابوبکر، عمر اور معاذ سے ہوئی ہے۔ اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جبیر بن نفیر، عروہ اور ابو قلابہ نے ان سے روایات نقل کی ہیں۔ ان کے مناقب بہت زیادہ ہیں۔ ۶۰ھ میں فوت ہو گئے۔ ممکن ہے کہ یہ حدیث جبیر عن ابی مسلم کی سند سے مروی ہو اور یہ بھی ممکن کہ دوسری سند سے مروی ہو۔

۵۲۰۷ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ طَلَبَ الدُّنْيَا حَلَالاً اِسْتِعْفَافًا عَنِ الْمَسْئَلَةِ وَسَعْيًا عَلٰى اَهْلِهٖ وَتَعَطُّفًا عَلٰى جَارِهٖ لَقِيَ اللّٰهَ تَعَالٰى يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَوَجْهُهٗ مِثْلُ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وَمَنْ طَلَبَ الدُّنْيَا حَلَالاً مُكَاثِرًا مُفَاخِرًا مُرَائِيًا لَقِيَ اللّٰهَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَعَالٰى وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ ۔ (رواه البيهقى فى شعب الايمان وابو نعيم فى الحلية)

اخرجه البيهقى فى شعب الايمان ۲۹۸/۷ حديث رقم ۱۰۳۷۵ وابو نعيم فى الحلية ۲۱۵/۸۔

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی سے سوال کرنے کی ذلت سے بچنے' اپنے اہل وعیال کی ضروریات زندگی کو پورا کرنے اور اپنے ہمسایہ پر مہربانی کرنے کی خاطر جائز وذرائع سے دنیا کو حاصل کرے' وہ قیامت کے دن خدا تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ اس کا چہرہ انتہائی مسرت اور نورانیت کی بناء پر چودھویں رات کے چاند کی مانند ہوگا اور جو شخص مال ودولت میں اضافہ کرنے (غرباء وفقراء پر) فخر کرنے' اور (محض اپنا اثر ورسوخ قائم کرنے کے لئے) نام ونمود کی غرض سے (حرام وسائل تو الگ رہے) جائز ذرائع سے (بھی) دنیا کو حاصل کرے تو وہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ اللہ تعالیٰ اس پر غضب ناک ہوگا'' اس روایت کو بیہقی نے شعب الایمان میں ابونعیم نے کتاب حلیہ میں نقل کیا ہے''۔

تشریح: **قوله: من طلب الدنيا حلالا ---- وجهه مثل القمر ليلة البدى:**

نہایہ میں ہے کہ '' استعفاف'' کا معنی ہے ''عفت طلب کرنا' اور ''عفت'' کا معنی ہے حرام سے بچنا اور لوگوں سے سوال کرنے سے بچنا۔

وسعيا على اهله اپنے ان عیال کیلئے جن کا خرچہ اس پر واجب ہے۔

وتعطفا على جاره اپنے سے زائد مال کے ذریعے پڑوسی پر احسان کرنے کیلئے۔

مثل القمر ليلة البدر اس کی حالت یہ ہوگی کہ اس کا چہرہ کمال نور اور زیادہ خوشی کی وجہ سے

مثل القمر ليلة البدر ''لیلۃ البدر'' کے ساتھ اس لئے مقید کیا کہ یہ رات چاند کے کمال کا وقت ہے اور اس میں مخفی اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ یہ نور اس محمد مصطفیٰ ﷺ کی برکت سے ہے۔ جس پر [طه ماانزلنا اليك القران لتشقى] ''طٰہٰ (کے معنی تو اللہ کو معلوم ہیں) ہم نے آپ پر قرآن مجید اس لئے نہیں اتارا کہ آپ تکلیف اٹھائیں'' نازل ہوئی۔

قوله: ومن طلب الدنيا حلالا 'مكاثرا الخ: مكاثرا مال کی کثرت طلب کرے۔ تاکہ دنیا کی حالت اچھی ہو اور آخرت سنوارنے کی نیت نہ ہو۔

مرائيا: اگر بالغرض کوئی نیکی یا کوئی بخشش کرے۔

حضور علیہ السلام نے طلب حرام کا ذکر نہیں فرمایا۔ اس لئے کہ یا تو بات مضمون کلام سے مفہوم ہو رہی ہے۔ یا اس بات کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرف اشارہ کرنے کیلئے کہ طلب حرام مسلمان کی شان نہیں ہے۔ یا یہ بتانے کیلئے کہ حرام کھانا اور حرام کے قریب ہونا دونوں حرام ہیں۔ اگرچہ حرام کو طلب نہ بھی کرے۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں ارشاد باری: ﴿یوم تبیض وجوہ وتسود وجوہ﴾ [آل عمران: ۱۰۶] کا مفہوم موجود ہے۔ چہروں کے سفید اور کالے ہوجانے سے مراد اللہ تعالیٰ کی رضا اور ناراضگی ہے۔ اور "وجھه مثل القمر" کے ذریعے اللہ کی رضا کے حصول میں مبالغہ بیان کیا گیا کیونکہ مقابلہ میں "هو عليه غضبان" ارشاد فرمایا ہے۔

۵۲۰۸ : وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ هٰذَا الْخَيْرَ خَزَآئِنُ لِتِلْكَ الْخَزَآئِنِ مَفَاتِيْحُ فَطُوْبٰى لِعَبْدٍ جَعَلَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِفْتَاحًالِلْخَيْرِ مِغْلَاقًا لِلشَّرِّ وَوَيْلٌ لِعَبْدٍ جَعَلَهُ اللّٰهُ مِفْتَاحًا لِلشَّرِّ مِغْلَاقًا لِلْخَيْرِ ۔ (رواه ابن ماجة)

اخرجه ابن ماجه فی السنن ۱/۸۷ حدیث رقم ۲۳۸۔

ترجمہ: "حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "یہ خیر (یعنی مال و دولت کے ڈھیر) خزانے ہیں اور ان خزانوں کی کنجیاں ہیں۔ بشارت ہو اس شخص کو جس کو خدا نے خیر کے دروازے کھلنے اور برائی (یعنی غربا اور فقراء کی ضروریات کی پرواہ کرنے) کے دروازے بند ہونے کا سبب بنایا ہے اور (دین و دنیا کی) تباہی ہے اس بندہ کے لئے جس کو خدا نے برائی کے دروازے کھلنے اور خیر کے دروازے بند ہونے کا سبب بنایا ہے"۔ (ابن ماجہ)

تشریح: قوله: ان هذا الخير خزائن لتلك الخزائن مفاتيح: اس کی کئی انواع ہیں جن کو پوشیدہ رکھا گیا ہے۔

"تلك الخزائن" خبر مقدم ہے اور مبتدا "مفاتیح" ہے یعنی اللہ کے اُن بندوں کے ہاتھوں میں جو بمنزلہ اللہ کے وکیل کے ہیں۔

خیر کو ذکر کر کے شر کو ذکر نہ کرنا، اکتفاء کے باب سے ہے۔ یا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ شر مخلوق لذاتہ نہیں ہے۔ اسی وجہ اللہ کا ارشاد ہے۔: بیده الخير [آل عمران: ۲۶]

حالانکہ تمام اُمور اللہ کے ہاتھ میں ہیں۔ اور حدیث شریف میں ہے کہ "خیر سارے کا سارا تیرے قبضہ میں اور شر کی نسبت تیری طرف نہیں ہے۔" ادب کی وجہ سے اس طرح فرمایا۔ معنی یہ ہے کہ شر کی نسبت تیری طرف نہیں کی جاتی۔ ظاہر یہ ہے کہ شر خیر کو چھوڑنے سے وجود میں آتا ہے۔ لہٰذا دونوں میں نسبت تضاد ہے۔ جیسا کہ نور اور ظلمت میں، عدم اور وجود میں۔

بعض آیات دلالت کرتی ہیں اس بات پر کہ شر کے خزانے بھی اللہ کے قبضہ میں ہیں۔ اُن میں ایک آیت ارشاد نبوی (فطوبیٰ لعبد جعله الله مفتاحالخير) ہے۔

قوله: فطولى لعبد جعله الله مفتاحا.....:

خیر عمل کے اعتبار سے ہو یا علم کے اعتبار سے یا دنیا کے اعتبار سے ہو یا آخرت کے اعتبار سے

مغلاق لشرويل لعبد جعله الله مفتاحا للشر: کفر، نافرمانی، سرکشی، بغاوت، بخل اور بھائیوں کے ساتھ بری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معاشرت کیلئے۔

امام راغب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ''خیر'' سے مراد وہ اشیاء ہیں جن میں ہر ایک رغبت رکھے۔ مثلاً عقل، عدل، احسان، نفع بخش کوئی چیز اور ''شر'' اس کی ضد ہے۔ خیر اور شر کبھی کبھار ایک جگہ جمع ہو جاتے ہیں یعنی ایک خیر دوسرے کا شر ہوتا ہے جیسا کہ مال کہ زید کیلئے خیر کا ذریعہ ہے تو عمرو کیلئے شر کا ذریعہ ہے۔ اسی وجہ سے اللہ نے مال کو دونوں کے ساتھ موصوف کیا ہے۔ ایک جگہ ارشاد ہے: ﴿ان ترك خيرًا﴾ [البقرہ: ۱۸۰] ''بشرطیکہ کچھ مال ترکہ میں چھوڑا ہو۔'' یہاں ''خیر'' سے مراد ''مال'' ہے اور دوسری جگہ ارشاد ہے: **ايحسبون انما نمدهم به من مال وبنين نسارع لهم في الخيرات۔** ''کیا یہ لوگ یوں گمان کر رہے ہیں کہ ہم ان کو جو کچھ مال واولاد دیتے چلے جاتے ہیں تو ہم ان کو جلدی جلدی فائدہ پہنچا رہے ہیں۔''

اسی طرح علم بعض کیلئے حجاب اور سبب عذاب ہے اور بعض کیلئے رب الارباب کے قرب کا ذریعہ ہے۔ اسی پر عبادت کو قیاس کرو۔ کیونکہ بعض اوقات عجب اور غرور پیدا کرتی ہے اور بعض اوقات نور، سرور اور خوشی کا باعث بنتی ہے۔ جس طرح کہ تلوار اور گھوڑا وغیرہ کبھی اس کو کفار کے ساتھ جہاد میں بطور آلہ جہاد استعمال کیا جاتا ہے۔ اور کبھی یہ انبیاء اور اولیاء کے قتل کا ذریعہ اور جہنم کی نچلی وادی میں پہنچنے کا سبب بن جاتا ہے۔ اسی ایک حدیث آگے آئیگی:

الا أوان الخير كله بحذافيره في الجنة' الا وان الشر كله بحذافيره في النار۔

''خیر ساری کی ساری جنت میں ہے۔ اور شر سارے کا سارا دوزخ میں ہے۔''

یعنی جیسی اللہ تعالیٰ نے ازلی وابدی تقسیم رکھی ہے کہ بعض کو نظاہر جلال اور بعض کو مظاہر جمال بنایا ہے۔ ارشاد باری ہے: ﴿فريق في الجنة وفريق في السعير﴾ [الشوری:۷] اور حدیث قدسی ہے کہ ''میں نے ان کو جنت کیلئے پیدا کیا اور مجھے کوئی پروا نہیں اور ان کو جہنم کیلئے پیدا کیا اور مجھے کوئی پروا نہیں۔'' اس میں اشارہ ہے اس ارشاد باری تعالیٰ کی طرف: ﴿لا يسئل عما يفعل وهم يسئلون﴾ [الانبیاء:۲۳]

اور اللہ کے فیصلے کا سمندر ایک گہرا چوڑا سمندر ہے۔ اس میں وہی شخص غوطہ لگاتا ہے جس کو اللہ کی توفیق سے تحقیق حاصل ہو اور اس مسئلہ میں بڑے ارباب ساحل حیران ہیں اور کامل دینداری کے حامل اصحاب سفن اس سے گزر جاتے ہیں۔

تخریج: طبرانی نے اوسط میں ابو ہریرہ سے حدیث مرفوع نقل کی ہے:

ان هذا الاخلاق من الله فمن أراد الله به خيرا منحه خلقا حسنا 'و من ارادبه سوءً منحه سيئًا۔

''یہ اخلاق اللہ کی طرف سے ہیں۔ جس کے ساتھ اللہ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے۔ اُس کو اچھے اخلاق عطا کرتا ہے۔ اور جس کے ساتھ برائی کا ارادہ کرتا ہے۔ اُس کو برے اخلاق عطا کرتا ہے۔

۵۳۰۹ : وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَظَرَ اَحَدُكُمْ اِلَى الْعَبْدِ فِيْ مَالِهٖ جَعَلَهُ فِي الْمَاءِ وَالطِّيْنِ۔

اخرجه البيهقي في شعب الايمان ۳۹٤/۷ حديث رقم ۱۰۷۱۹۔

ترجمہ: ''حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عطا نہیں ہوتی (یعنی اس کو اپنے مال و دولت کے ذریعہ اپنی آخرۃ سنوارنے کی توفیق نہیں ہوتی) تو وہ اس مال کو پانی اور مٹی میں لگا دیتا ہے یعنی اپنی دولت وضرورت سے زائد عمارتیں بنانے اور ان کی زینت و آرائش میں خرچ کرتا ہے"۔

۵۲۱۰: وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اتَّقُوْا الْحَرَامَ فِی الْبُنْیَانِ فَاِنَّهٗ اَسَاسُ الْخَرَابِ۔ رواهما البیهقی فی شعب الایمان

اخرجه البیهقی فی شعب الایمان ۷/۳۹٤ حدیث رقم ۱۰۷۲۲۔

ترجمہ: "حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: (لوگو!) تم عمارتوں میں حرام مال لگانے سے اجتناب کرو کیونکہ عمارتوں میں حرام مال لگانا (دین یا اس عمارت کی) خرابی کی بنیاد ہے"۔ ان دونوں روایتوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا"۔

تشریح: جامع میں ہے: **اتقوا الحجر الحرام:** کہ "حرام پتھر استعمال کرنے سے بچو"۔

فانه اساس الخراب: بچے پیدا کرتے ہو جن کا انجام موت ہے۔ اور عمارتیں کھڑی کرتے ہو جن کا انجام ویرانی ہے۔ حرام کے ساتھ مقید کرنے میں کوئی خاص مقبر مفہوم نہیں ہے۔ بلکہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ مال حلال کو آخرت کی بھلائی کے علاوہ کسی اور جگہ میں خرچ نہ کیا جائے۔

امام غزالی فرماتے ہیں اگر لوگ چالیس دن تک حلال کھاتے تو دنیا برباد ہو جاتی اور موجودہ نظام باقی نہ رہتا۔ اسی وجہ سے بعض کہتے ہیں: **لولا الحمقی لخربت الدنیا** (اگر بے وقوف لوگ نہ ہوتے تو دنیا برباد ہو جاتی) اور بعض نے کہا ہے کہ غفلت رحمت ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿**اقترب للناس حسابهم وهم فی غفلة معرضون**﴾ [الانبیاء ـ۱]

ترجمہ: "ان (منکر) لوگوں سے اُن کا وقت (حساب) نزدیک آ پہنچا اور یہ ابھی غفلت (ہی) میں (پڑے ہیں اور اعراض کیے ہوئے ہیں"۔

بعض تقدیری عبارت یوں بتاتے ہیں: "**اسباب خراب الدین**" یا "**اساس خراب البنیان**" پہلی عبارت تعمیر میں حلال مال خرچ کرنے کے جواز پر دلالت کرتی ہے۔ دوسری عبارت جواز پر دلالت نہیں کرتی۔ اور دوسری عبارت باب کے زیادہ مناسب ہے۔

تخریج: طبرانی نے پہلی حدیث کو ابو ہریرہؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے مگر اس میں "**لاعبد**" کی جگہ "**لرجل**" ہے۔

۵۲۱۱: وَعَنْ عَآئِشَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلدُّنْیَا دَارُمَنْ لَّادَارَلَهٗ وَمَالُ مَنْ لَّامَالَ لَهٗ وَلَهَا یَجْمَعُ مَنْ لَا عَقْلَ لَهٗ ۔۔ رواه احمد والبیهقی فی شعب الایمان

اخرجه احمد فی المسند ٦/۷۱ والبیهقی فی شعب الایمان ۷/۳۷۵ حدیث رقم ۱۰٦۳۸۔

ترجمہ: "حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ ﷺ سے روایت نقل کرتی ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: دنیا اس شخص کا گھر ہے جس کے لئے (آخرت میں) گھر نہیں ہے اور اس کا مال ہے جس کا کوئی مال نہیں۔ نیز مال و دولت وہی جمع کرتا ہے جس کو عقل نہیں ہوتی"۔ (احمد، بیہقی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قوله: الدنيا دار من لا دار له:

امام طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں چونکہ گھر سے پہلا مقصود خوشحال قیام ہے اور دنیا میں خوشحال قیام نہیں ہوتا اس لئے دنیا گھر کہلانے کا حق نہیں رکھتی لہٰذا جو دُنیا کو اپنا گھر بنائے اُسکا کوئی گھر نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿وان الدار الاخرة لهي الحيوان لو كانوا يعلمون﴾ [العنكبوت ۔ ۶۴]

ترجمہ: ''اور اصل زندگی عالم آخرت ہے اگر ان کو اس کا علم ہوتا تو ایسا نہ کرتے''

اور حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ ''اے اللہ! اصل زندگی تو آخرت کی زندگی ہے۔''

قوله: ومال من لا مال له:

کیونکہ مال سے مقصود یہ ہے کہ نیکی اور بھلائی کے مصارف میں خرچ کیا جائے' جو شخص خواہشات پورا کرنے اور لذات حاصل کرنے میں مال ضائع کرے حق یہی ہے کہ یہ مال اُس شخص کا مال نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وما الحياة الدنيا الا متاع الغرور﴾

ترجمہ: ''دنیا کی زندگی دھوکہ کا سامان ہے۔''

اسی وجہ سے ظرف کو اپنے عامل پر مقدم کیا۔

قوله: ولها يجمع من لا عقل له: کامل عقل یا دینی عقل اس میں اس بات پر دلالت ہے کہ آخرت کے توشہ کیلئے مال محمود چیز ہے۔ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿وتزودوا فان خير الزاد التقوىٰ﴾ [البقرة ۔ ۱۹۷]

(اور جب حج کو جانے لگو) خرچ ضرور لے لیا کرو کیونکہ سب سے بڑی بات خرچ میں (گداگری سے) بچا رہنا ہے۔''

خلاصہ یہ کہ دنیا صرف اُس شخص کا گھر کہلانے کا حق رکھتی ہے جس کا کوئی گھر نہ ہو اور اُس شخص کا مال کہلانے کا حق رکھتی ہے جس کا کوئی مال نہ ہو۔ اس کی حقارت بیان کرنا مقصود ہے اور یہ بتانا مقصود ہے کہ جن کیلئے آخرت میں دارالقرار اور بے پناہ دولت مقدر ہے اُن کیلئے یہ دنیا گھر اور مال کہلائے جانے کے قابل نہیں ہے۔

راغب فرماتے ہیں ہر اسم نوع دو طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک استعمال یہ ہے کہ کہ مسمیٰ پر دلالت کرے اور دوسری شے سے تمیز کرے۔ دوسرا استعمال یہ ہے کہ اس صفت کی موجودگی کیلئے استعمال کیا جاتا ہے جو صفت اس شے کے ساتھ ہے اور اسی وصف کی وجہ سے اس شے کی تعریف کی جاتی ہے۔ چنانچہ ہر بلکہ اُس شے سے نام کی نفی کی جاتی ہے۔ جیسا کہ لوگوں کا مقولہ ہے:

فلان ليس بانسان: (فلان انسان نہیں ہے۔) یعنی اُس میں وہ وصف نہیں پایا جاتا جس کے لئے اُس کو پیدا کیا گیا تھا۔

تخریج: بیہقی نے اس حدیث کو شعب الایمان میں ابن مسعود سے موقوفاً روایت کیا ہے۔

۵۲۱۲ : وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ خُطْبَتِهِ الْخَمْرُ جُمَّاعُ الْاِثْمِ وَالنِّسَآءُ حَبَائِلُ الشَّيْطَانِ وَحُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ قَالَ وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ اَخِّرُوْا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

النِّسَآءَ حَيْثُ اَخَّرَهُنَّ اللّٰهُ ۔ (رواہ رزین)

رواہ رزین وردی عبدالرزاق فی المصنف عن ابن مسعودقولہ (اخروھن حیث اخرھن اللّٰہ)۳/۱۴۹ حدیث رقم ۵۱۱۵۔

''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایک خطبہ کے دوران یہ فرماتے ہوئے سنا: یاد رکھو! شراب پینا' گناہوں کو جمع کرنا ہے (یعنی شراب چونکہ تمام برائیوں کی جڑ ہے اس لئے شراب پینے سے طرح طرح کے گناہ سرزد ہوتے ہیں) اور عورتیں شیطان کے جال ہیں اور دنیا کی محبت ہر گناہ کی اصل ہے''۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم ﷺ کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''عورتوں کو مؤخر کرو جہاں اللہ تعالیٰ نے ان کو موخر کیا ہے' (یعنی شہادت و جماعۃ اور امامۃ وغیرہ میں خدا تعالیٰ نے ان کو فضیلت نہیں دی لہٰذا تم بھی نہ دو)۔ رزین نے یہ پوری روایت نقل کی ہے''۔

قولہ: الخمر جماع الاثم:

''جماع'' : ''جیم'' کے کسرہ کے ساتھ یعنی ہر قسم کے گناہوں کا جامع ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ اصل میں جماع کا معنی ہے وہ جو کئی سارے افراد کو جمع کرے۔ طبرانی نے ابن عباسؓ سے اس کے ہم معنی ایک حدیث مرفوع نقل کی ہے:

''شراب بے حیائی کی جڑ اور بہت بڑا گناہ ہے۔ جو اس کو پیتا ہے۔ اپنی ماں، خالہ اور پھوپھی سے بدفعلی کرتا ہے۔''

اور بیہقی میں ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے:

''شراب بے حیائی کی جڑ اور بہت بڑا گناہ ہے۔ جو شراب پیتا ہے۔ نماز چھوڑتا ہے اور اپنی ماں، خالہ اور پھوپھی سے بدفعلی کرتا ہے۔''

کہا جاتا ہے ایک شخص سے بُت کے سامنے سجدہ کرنے کا مطالبہ کیا گیا تو انکار کیا' پھر قتل کا مطالبہ کیا گیا تو انکار کیا' پھر زنا کا مطالبہ کیا گیا تو انکار کیا' پھر شراب پینے کا مطالبہ کیا گیا تو شراب پی لی۔ اور جب شراب پی لی تو وہ تمام کام کیے جن کا اس سے مطالبہ کیا گیا تھا اور اس نے انکار کیا تھا۔

قولہ: النساء حبائل الشیطان:

شیطان سے مراد جنس شیطان ہے۔ یا شیطانوں کا سردار ایک نسخہ میں لفظ ''شیطین'' ہے۔ اس پہلے احتمال کی تائید ہوتی ہے۔ ''حبائل'' کا معنی جال اور پھندا کے ہے اس کا واحد ''حبال'' ''حاء'' کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ اور ''حبال'' اُس چیز کو کہتے ہیں جس سے کسی بھی چیز کا شکار کیا جائے۔ بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ شیطان جب بھی انسانی سے نا اُمید ہو جاتا ہے۔ تو عورت کے ذریعہ سے آ کر حملہ کرتا ہے۔

قولہ: وحب الدنیا راس کل خطیئۃ:

ہر گناہ کا سہارا اور جڑ ہے۔ اس سے یہ بات مفہوم ہوتی ہے۔ کہ دُنیا کو ترک کرنا ہر عبادت کی جڑ ہے۔ بعض لوگوں کا کہنا ہے۔ کہ جو دنیا سے محبت کرے تمام مرشدین مل کر اُسکی اصلاح نہیں کر سکتے اور جو دنیا کو ترک کرے۔ تمام مفسدین ملکر اُس کو راہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

راست سے ہٹا نہیں سکتے۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ تینوں جملے جوامع کلم میں سے ہیں۔ کیونکہ ان میں سے ہر ایک علحدہ طور پر گناہوں اور جرائم کی اصل اور دُنیا ہے۔

قولہ: اخروا النساء حیث اخرھن اللہ:

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حیث تعلیل کیلئے ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے ذکر، حکم اور مرتبہ میں ان کو پیچھے رکھا ہے۔ لہٰذا تم عورتوں کو ذکر، حکم اور مرتبہ میں آگے نہ رکھو۔ میں کہتا ہوں۔ کہ ہمارے اصحاب (احناف) نے اسی سے اس بات پر استدلال کیا ہے کہ عورت کا محاذاۃ میں کھڑا ہونا باطل ہے۔ جبکہ محاذاۃ کی وہ شرائط موجود ہوں جن کو احناف نے اپنی کتابوں میں بیان کیا ہے۔ اور ابن الہمام نے اُنکی تحقیق کی ہے۔

تخریج: ابن الربیع کی ''کتاب التمیز'' میں ہے:

اخروھن حیث اخرھن اللّٰہ۔ یعنی النساء

ہمارے شیخ نے مصنف عبدالرزاق میں طبرانی کی سند سے اس کے ہم معنی کئی احادیث ذکر کی ہیں۔ اور اس کے بعد فرمایا کہ اور پھر فرمایا کہ ہم اس کو طویل کرنا نہیں چاہتے ہمارے شیخ نے بعض کی طرف ارشارہ ہے۔ چنانچہ یہ حدیث محدثین کے ہاں مشہور ہے لیکن لغوی معنی کے اعتبار سے مشہور ہے اصطلاحی معنی کے لحاظ سے مشہور نہیں ہے۔ اسلئے کہ حدیث مشہور کا اطلاق اُس حدیث پر کیا جاتا ہے جو متواتر قطعی کے قریب ہو۔ اسی وجہ سے علامہ ابن الہمام صاحب ہدایہ کے قول ''ولنا الحدیث المشھور'' کے بارے میں فرماتے ہیں **لایثبت رفعہ فضلاعن شھرتہ**'' اس حدیث کا تو مرفوع ہونا بھی ثابت نہیں ہے چہ جائیکہ مشہور ہو۔) صحیح یہ ہے کہ یہ حدیث حضرت عبداللہ بن مسعودؓ پر موقوف ہے، لیکن مرفوع کے حکم میں ہے۔

۵۲۱۳ :وَرَوَى الْبَيْهَقِيُّ مِنْهُ فِيْ شُعَبِ الْإِيْمَانَ عَنِ الْحَسَنِ مُرْسَلاً حُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ۔

اخرجہ البیھقی فی شعب الایمان ۳۸۸/۷ حدیث رقم ۱۰۵۰۱۔

ترجمہ: ''اور امام بیہقیؒ نے شعب الایمان میں حضرت حسن بصریؒ سے بطریق ارسال روایت کا صرف یہ حصہ نقل کیا ہے کہ حُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ۔'' دنیا کی محبت ہر برائی کی جڑ ہے۔''

تشریح: قولہ: وروی البیھقی عنہ..... ایک طویل حدیث سے جو متفرق جملوں پر مشتمل ہے۔

ابونعیم نے سفیان ثوریؒ کے ترجمہ میں اس کو عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا قول بتایا ہے۔ اور ابن ابی دنیا نے اپنی کتاب ''مکائد الشیطان'' میں اس کو مالک بن دینار کا قول بتایا ہے۔ اسی طرح بیہقی نے ''زہد'' میں ذکر کیا ہے کہ یہ عیسیٰ علیہ السلام کا کلام ہے۔ علامہ سیوطی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو موضوعات میں سے بتایا گیا ہے۔ اور شیخ الاسلام ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ نے اس پر اعتراض کرتے ہوئے فرمایا کہ ابن مدینی نے حسن کی مرسل روایات کی تحسین کی ہے اور اس کی سند حسن ہے اور دیلمی نے اپنی مسند میں اس کو علی بن ابی طالب کی حدیث کے طور پر ذکر کیا ہے اور اس کی سند بیان نہیں۔ اور یہ قول تاریخ ابن عساکر میں نسعد بن مسعود الصدفی التابعی سے ''**حب الدینار أس الخطایا**'' کے الفاظ کے ساتھ منقول ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۲۱۴ : وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَتَخَوَّفُ عَلٰى اُمَّتِى الْهَوٰى وَطُوْلُ الْاَمَلِ فَاَمَّا الْهَوٰى فَيَصُدُّ عَنِ الْحَقِّ وَاَمَّا طُوْلُ الْاَمَلِ فَيُنْسِى الْاٰخِرَةَ وَهٰذِهِ الدُّنْيَا مُرْتَحِلَةٌ ذَاهِبَةٌ وَهٰذِهِ الْاٰخِرَةُ مُرْتَحِلَةٌ قَادِمَةٌ وَلِكُلٍّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا بَنُوْنَ فَاِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ لَّا تَكُوْنُوْا مِنْ بَنِى الدُّنْيَا فَافْعَلُوْا فَاِنَّكُمُ الْيَوْمَ فِى دَارِ الْعَمَلِ وَلَا حِسَابَ وَاَنْتُمْ غَدًا فِى دَارِ الْاٰخِرَةِ وَلَا عَمَلَ۔

رواه البيهقى فى شعب الايمان

اخرجه البيهقى فى شعب الايمان ۷/ ۳۷۰ حديث رقم ۱۰۶۱۶۔

ترجمہ: ''حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اپنی امت کے بارے میں جن دو چیزوں سے بہت زیادہ ڈرتا ہوں' ان میں سے ایک تو خواہش نفس ہے' اور دوسری (اعمال صالحہ سے غفلت اور تاخیر کے ذریعہ) درازی عمر کی آرزو ہے' پس نفس کی خواہش (جو حق کے مخالف اور باطل کے موافق ہوتی ہے) قبولیت حق سے روکتی ہے اور جہاں تک درازئ عمر کی آرزو کا تعلق ہے تو وہ آخرت کو بھلا دیتی ہے اور خبردار یہ دنیا کوچ کر کے چلی جانے والی ہے اور آخرت کوچ کر کے آنے والی ہے (یعنی یہ دنیا لمحہ بہ لمحہ گزرتی چلی جارہی ہے اور آخرت لمحہ بہ لمحہ تمہاری طرف چلی آرہی ہے) نیز ان دونوں (یعنی دنیا اور آخرت) میں سے ہر ایک کے بیٹے ہیں (یعنی طلب گار ہیں) لہٰذا اگر تم سے یہ ہو سکے کہ تم دنیا کے بیٹے نہ بنو تو ایسا ضرور کرو کہ (یعنی طلب دنیا چھوڑ کر محض طالب آخرت بن جاؤ) کیونکہ تم آج دنیا میں ہو جو کام کرنے کی جگہ ہے جہاں عمل کا حساب نہیں لیا جاتا (پس اس موقع کو غنیمت جانو اور اجل آنے سے پہلے عمل کر لو) جب کہ تم کل آخرت کے گھر میں جاؤ گے تو وہاں عمل کرنے کا کوئی موقع نہیں ملے گا (بلکہ وہاں صرف محاسبہ ہوگا'')۔ (بیہقی)

تشریح: قوله: ان اخوف ما اتخوف ---- فينسى الآخرة فينسى:

''الانساء'' سے ہے' اور تشدید بھی جائز ہے۔

اس لئے کہ اس کا ذکر اُمید کو ختم کرتا ہے اور عمل پر اُبھارتا ہے۔

قوله: هذه الدنيا مرتحلة وهذه الدنيا: جو ذہن میں متعین ہے اور حسی طور پر مفہوم ہے۔

اس طرح گزر رہی ہے کہ انسان کو احساس نہیں ہوتا۔ جیسا کہ کشتی کا سوار کشتی کی حرکت کو محسوس نہیں کرتا۔ اس لیے کہا جاتا ہے: كل نفس خطوة الى اجل راعيها

ذاهبة: وهذه الاخرة مرتحلة قادمة:

دنیا اور آخرت کو ایسی دو سواریوں کے ساتھ تشبیہ دی جو دو مختلف راستوں پر مختلف طریقے سے چلتی ہیں۔ اور اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ آنے والی چیز قریب ہے۔ اور اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ہر گھڑی انسان کی زندگی کی آخری گھڑی ہو سکتی ہے۔ اور اس کا تقاضا یہ ہے کہ ہر گھڑی کو اطاعت میں گزارا جائے۔

قوله: ولكل واحدة منهما بنون:

یعنی دنیا کے ساتھ چمٹے رہنے والے محبت کرنے والے، سواری کرنے والے اور رغبت رکھنے والے۔ اور دنیا اور آخرت دونوں کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمع کرنا ایسی ضدین کو جمع کرنا ہے جن کا ضدین ہونا واضح ہے۔ علماء ربانی کی تحقیق اسی طرح ہے۔

قولہ: فان استطعتم ان لا تکونوا .....

اس میں دنیا کو ترک کرنے کا مکمل اہتمام ہے۔ اور آخرت کی تیاری کا اہتمام کرنے میں بے انتہا مبالغہ ہے۔ اسلئے کہ اس طرح نہیں فرمایا۔ فان استطعتم ان تکونوا من ابناء الاخرة فافعلو۔ شاید اس تعبیر سے عدول اس لئے کیا کہ دنیا کی محبت ترک کرنے سے آخرت مل جاتی ہے لیکن آخرت کے حاصل ہونے سے دنیا ترک کرنا لازم نہیں آتا اس لئے کہ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۙ وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ﴾ [الشوری: ۲۰] ''جو شخص آخرت کی کھیتی کا طالب ہو ہم اس کو اس کی کھیتی میں ترقی دیں گے۔ اور جو دنیا کی کھیتی کا طالب ہو تو ہم اس کو کچھ (اگر چاہیں) دے دیں گے اور آخرت میں اس کا کچھ حصہ نہیں۔''

اور اللہ کا ارشاد ہے: ﴿مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۭ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا انْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۭ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا﴾ [الاسراء ۱۸-۱۹-۲۰-۲۱] ''جس کا مقصد دنیا ہوتی ہے تو ہم دنیا کے اندر جس کو مناسب سمجھتے ہیں اور جتنا چاہتے ہیں فوراً دیدیتے ہیں۔ پھر ہم نے اس کے لئے جہنم مقرر کردی ہے جس کی آگ میں وہ داخل ہوگا۔ ایسی حالت میں کہ اس کو برا کہا جائے گا اور پھٹکار پڑے گی' اور جو آخرت کا طلبگار ہوگا اور ایمان دار ہونے کی حالت میں آخرت کیلئے اس کے مناسب کوشش کرے گا اپنی عطاء سے ہم ہر فریق کی امداد کرتے ہیں ان کی بھی اور اُن کی بھی آپ کے رب کی عطاء سے اور آپ کے رب کی دین روکی نہیں گئی ہے۔ دیکھو ہم نے بعض کو بعض پر کس طرح فوقیت عطاء کی ہے۔ البتہ آخرت مراتب کے اعتبار سے بہت بڑی ہے۔ اور فضلیت کے اعتبار سے بھی بہت بڑی ہے۔''

قولہ: فانکم الیوم فی دار العمل و لاحساب:

یعنی اُس مکان میں جس میں تم لوگوں سے آخرت کا عمل مطلوب ہے۔ اس لئے کہ دنیا دار التکلیف اس لئے اُمید چھوڑ کر موت سے پہلے عمل کو غنیمت سمجھو۔ چونکہ دُنیا ایک گھڑی ہے۔ اسلئے مناسب ہے کہ اطاعت میں گزار دی جائے۔

یعنی بظاہر آج حساب نہیں ہے۔

یہ ارشاد فاجروں کے اعتبار سے ہے۔ ورنہ نیکوکاروں کو مخاطب کر کے ارشاد فرمایا گیا۔ ''اپنے آپ کا محاسبہ کرو اس سے پہلے کہ تمہارا محاسبہ کیا جائے'' اور اس پر اللہ عزوجل کا یہ ارشاد دلالت کرتا ہے:

﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ﴾ [الحشر-۱۸] ''اے ایمان والو! اللہ سے ڈرتے رہو اور ہر شخص دیکھ بھال لے کہ کل (قیامت) کے واسطے اُس نے کیا بھیجا ہے' اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بیشک اللہ تعالیٰ کو تمہارے اعمال کی سب خبر ہے۔''

قولہ: وانتم غداء فی دار الآاخرة و لاعمل: یعنی اُس حساب میں جس پر ثواب اور عقاب مرتب ہوتے ہیں۔ اُس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دن موت کی وجہ سے عمل منقطع ہو جائے گا۔

سیوطی رحمہ اللہ فرماتے ہیں "ولا حساب" کی "باء" مفتوح ہے بغیر تنوین کے اور تنوین کے ساتھ رفع بھی جائز ہے۔ اسی طرح اعراب ہے "ولا عمل" کا۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں "هذه الدنيا" سے دُنیا کی حالت کی حقارت اور دنیا کے جلدی زائل ہونے کی طرف اشارہ ہے۔ اور "الآخرة" میں آخرت کی حالت کی عظمت اور جلدی آنے کی طرف اشارہ ہے۔

فان استطعتم کا مطلب یہ ہے۔ کہ میں نے تمہارے سامنے دنیا کے دھوکہ اور فناء کا حال بیان کر دیا۔ اور آخرت کی نعمت اور بقاء کا حال بھی بیان کر دیا۔ اور اختیار کی لگام تمہارے ہاتھ میں ہے لہٰذا جو چاہو لے لو اور بظاہر حق تو یہ تھا۔ کہ یوں کہا جاتا: فانكم اليوم فيدار الدنيا ولا حساب" لیکن "دار الدنیا" کی جگہ "دار العمل" ذکر کیا تا کہ معلوم ہو جائے۔ کہ دنیا صرف عمل اور آخرت کیلئے توشہ حاصل کرنے کیلئے ہی پیدا کی گئی ہے اور اس کے برعکس اس لئے ذکر نہیں کیا تا کہ معلوم ہو جائے کہ گھر اصل آخرت کا گھر ہی ہے۔

تخریج: طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس حدیث کو جابرؓ نے مرفوعاً نقل کیا ہے۔ اور بخاری کی ایک روایت میں بھی علی رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً یہ روایت منقول ہے۔ یہ حدیث دلالت کرتی ہے کہ علی رضی اللہ عنہ کی حدیث بھی مرفوع ہے۔ میری رائے ہے کہ اس میں بحث ہے۔ اسلئے کہ وہ موقوف حدیث جو خلاف رائے ہو اُسکے بارے میں یہ کہا جاتا ہے کہ یہ مرفوع کے حکم ہے۔ اور اس بات میں کوئی شک نہیں کہ یہ حدیث موقوف اس قبیل سے نہیں ہے۔ لہٰذا یہ بھی احتمال ہے کہ یہ حدیث مرفوع ہو کہ آپؐ سے سنی گئی۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ یہ حدیث حضرت علیؓ کا اپنا ارشاد ہو۔ اور اتفاقی طور پر حضرت جابرؓ کی حدیث کے مطابق ہو گیا ہو۔

۵۲۱۵ : وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ ارْتَحَلَتِ الدُّنْيَا مُدْبِرَةً وَارْتَحَلَتِ الْآخِرَةُ مُقْبِلَةً وَلِكُلٍّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا بَنُوْنَ فَكُوْنُوا مِنْ اَبْنَآءِ الْآخِرَةِ وَلَاتَكُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الدُّنْيَا فَاِنَّ الْيَوْمَ عَمَلٌ وَلَا حِسَابَ وَغَدًا حِسَابٌ وَلَا عَمَلَ۔ (رواه البخاری فی ترجمة باب)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۱۱/۲۳۵ فی باب رقم ٤ باب فی الامل وطوله ۔

ترجمہ: "حضرت علی رضی اللہ عنہ سے (بطریق موقوف) روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا: "یہ دنیا اِدھر سے کوچ کر کے منہ پھیرے ہوئے چلی جا رہی ہے اور آخرت اُدھر سے کوچ کر کے ہماری طرف منہ کئے آ رہی ہے (یعنی دنیا کی فنا اور آخرۃ کی بقاء ظاہر ہو رہی ہے) اور ان دونوں (دنیا و آخرت) میں سے ہر ایک کے بیٹے ہیں پس تم (اعمالِ صالحہ اور آخرت کی طرف راغب ہو کر) آخرت کے بیٹے بنو اور (دنیا کی طرف متوجہ ہو کر) دنیا کے بیٹوں میں سے نہ ہو یاد رکھو! تم عمل کرنے کی جگہ میں ہو۔ جس میں کوئی حساب نہیں۔) اور کل (قیامت) کا دن حساب کا دن ہو گا عمل کرنے کا نہیں" اس روایت کو امام بخاریؒ نے ترجمۃ الباب میں نقل کیا ہے"۔

تشریح: قوله: ولكل واحدة منهما بنون۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ولا تكونوا فان اليوم عمل عمل کا وقت (ولا حساب) ایسا وقت ہے جس میں کمانے پر محاسبہ نہیں کہا جاتا ہے۔ بطور مبالغہ "یوم" کو عمل اور محاسبہ قرار دیا گیا۔ اسی طرح "غداً" کا معاملہ ہے "غداً" سے مراد "یوم القیامة"

حساب ولا عمل: ان کے اعراب کا اختلاف پہلے گزر چکا ہے۔

۵۲۱۶ : وَعَنْ عَمْرٍو اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ يَوْمًا فَقَالَ فِيْ خُطْبَتِهٖ اَلَا اِنَّ الدُّنْيَا عَرْضٌ حَاضِرٌ يَّاْكُلُ مِنْهُ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ اَلَا وَاِنَّ الْاٰخِرَةَ اَجَلٌ صَادِقٌ وَيَقْضِيْ فِيْهَا مَلِكٌ قَادِرٌ اَلَا وَاِنَّ الْخَيْرَ كُلَّهٗ بِحَذَافِيْرِهٖ فِي الْجَنَّةِ اَلَا وَاِنَّ الشَّرَّ كُلَّهٗ بِحَذَافِيْرِهٖ فِي النَّارِ اَلَا فَاعْمَلُوْا وَاَنْتُمْ مِنَ اللّٰهِ عَلٰى حَذَرٍ وَاعْلَمُوْا اِنَّكُمْ مُعْرِضُوْنَ عَلٰى اَعْمَالِكُمْ مَنْ يَعْمَلُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهٗ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهٗ ۔ (رواه الشافعي)

لم اقف عليه في مسند الامام الشافعي ۔

ترجمہ: "حضرت عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک روز رسول اللہ ﷺ نے خطبہ ارشاد فرمایا اور اس خطبہ میں فرمایا: (لوگو) رہو! دنیا بے ثبات سامان ہے اس میں سے نیک اور بد کھاتا ہے (یعنی اللہ تعالیٰ کے وعدہ "وما من دابة في الارض الا على الله رزقها" کی بنا پر ہر فرمانبردار اور نافرمان کو رزق دیا جاتا ہے) خبردار رہو! آخرت واقعی مدت ہے جو سچی یعنی متحقق و ثابت ہے اور اس (آخرت) میں قادر مطلق بادشاہ (یعنی اللہ تعالیٰ مومن اور کافر کے درمیان ثواب وعذاب کے ذریعہ فرق ظاہر فرمانے کے لئے) فیصلہ کرے گا یاد رکھو! تمام بھلائیاں اور خوبیاں اپنے انواع واقسام کے ساتھ جنت میں ہیں یاد رکھو تمام برائیاں اور خرابیاں اپنے انواع واقسام کے ساتھ دوزخ میں ہیں خبردار رہو! پس تم (نیک) عمل کرتے رہو درآنحالیکہ تم پر خدا کے حساب وعذاب کا خوف طاری ہو (یا یہ یعنی کہ نیک عمل کرو اور سارے میں خدا سے ڈرتے رہو کہ تمہارے وہ نیک عمل قبول ہوتے ہیں یا نہیں) اور اس بات کو یاد رکھو کہ اپنے اعمال کے ساتھ (خدا کے سامنے) پیش ہونا ہے پس جو شخص ذرہ برابر بھی نیک کام کرتا ہے وہ (دنیا یا آخرۃ میں) اس کی جزا پائے گا اور جو شخص ذرہ بھی برا عمل کرتا ہے وہ اس کی سزا پائے گا"۔ (شافعی)

تشریح: قوله: ان الدنيا عرض حاضر يأكل منه البر والفاجر: تنبیہ کیلئے ہے۔

عرض: عین اور راء دونوں مفتوح ہیں۔

معنی یہ ہے کہ حادث مال ہے اور عارض حال ہے (حاضر) جلدی گزرنے والی محسوس ہونے والی زندگی ہے۔

يأكل منه: اور ایک نسخہ میں "منها" ہے اور "بر وفاجر" سے مراد

مؤمن اور کافر ہے اسلئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وما من دابة في الارض الا على الله رزقها﴾ [الانعام-۳۸]

"اور کوئی رزق کھانے والا جانور روئے زمین پر چلنے والا ایسا نہیں کہ اس کی روزی اللہ کے ذمہ نہ ہو۔"

اور ارشاد باری ہے: ﴿كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۭ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا﴾ [الاسراء-۱۷]

"آپ کے رب کی (اس) عطا (دنیوی) میں سے تو ہم ان کی بھی امداد کرتے ہیں اور ان کی بھی اور آپ کے رب کی (یہ) عطا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(دنیوی کسی پر) بند نہیں" اس آیت میں "مظور" کا معنی ہے "ممنوع"۔

امام راغب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ عرض اُس چیز کو کہا جاتا ہے جو جوہر کے بغیر باقی نہ رہے۔ مثلاً رنگ اور ذائقہ اور دنیا کو "عرض حاضر" کہا اس پر تنبیہ کرنے کیلئے کہ دنیا باقی نہیں رہتی۔

قوله: وان الاخرة اجل صادق ويقضي فيها ملك قادر:

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ حرف تنبیہ زائد ہے اور حرف تنبیہ کے مابعد کا "ان الدنیا" پر عطف ہے۔ سابق جملہ کے مقابلہ میں "الاوان لاخرة" کو ذکر کیا گیا۔ "اجل" مقرر کردہ۔

"صادق" اس کا واقع ہونا ایک سچی خبر ہے

نیک مؤمن کو ثواب دے کر اور فاسق اور کافر کو سزا دے کر دونوں کو جُدا جدا کر دینگے۔ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ "الاجل" سے مراد وہ مقررہ مُوت ہے جس کا ہر انسان کیلئے فیصلہ کیا گیا ہے۔ صدق کو "اجل" کی صفت کے طور پر ذکر کیا۔ اجل کی تحقیق، تاکید اور بقاء پر دلالت کرنے کیلئے۔

امام راغب فرماتے ہیں کہ ہر اُس چیز کے بارے میں "تصدیق" استعمال کیا جاتا ہے جس میں تحقیق ہو۔ چنانچہ کہا جاتا ہے:

"**صدقني فعله وكتابه**" اور مثل ہے: **صدقني من بكره وصدق في القتال اذاوفى حفه۔**

قوله: الاوان الخير كله بحذافيره في الجنة..... :معطوف اور معطوف علیہ میں سے ہر ایک کو حرف تنبیہ کے ساتھ ذکر کرنا بظاہر اس بات کی طرف اشارہ کرنے کیلئے ہے کہ دونوں جملے مستقل جملے ہیں۔ اور اس طرح نہیں جس طرح طیبی رحمہ اللہ کے حوالے سے پہلے گزر چکا ہے۔

قوله:الا فاعملوا..... واعلموا انكم معروضون على اعمالكم:

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مطلب یہ ہے **الاعمال معروضة عليكم** لیکن اس طرح کرنا باب القلب سے ہے۔ جس طرح کہ عربوں کی کہاوت ہے: **عرضت الناقة على الحوض**

اور زیادہ بہتر معنی یہ ہے کہ "تم اپنے اعمال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش کیے جاؤ گے اور اپنے اعمال کے مطابق تمہیں سزا و جزاء دی جائیگی۔" جس طرح کہ لشکر کو امیر کے سامنے لایا جاتا ہے۔ اور اسی طرح کا معنی ہے اس ارشاد باری کا: ﴿**يومئذ تعرضون لاتخفى منكم خافية**﴾ نیز یہ بھی احتمال ہے کہ "علیٰ" علت کیلئے ہو جس طرح ارشاد باری: ﴿**ولتكبروا الله على ماهداكم**﴾ میں ہے۔ یا یہ جملہ "**علفت ماءً وتبناً**" کے قبیل سے ہے اور تقدیری عبارت یوں ہوگی: **معرضون على مجازون على اعما لكم ان كان خير فخير وان كان شرفشر.**

قوله: ﴿فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ﴾ [الزلزال:۷ ـ ۸] "سو جو شخص ذرہ برابر نیکی کرے گا۔ وہ اس کو دیکھ لے اور جو شخص ذرہ برابر بدی کرے گا، وہ اس کو دیکھ لے گا"

سیوطی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ "ذرۃ" سرخ رنگ کی چیونٹی کو کہتے ہیں۔ ثعلب سے "ذرۃ" کے بارے میں پوچھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گیا تو فرمایا کہ سو چیونٹیوں کا وزن ایک حبہ کے وزن کے برابر ہے۔ بعض کہتے ہیں ''ذرۃ'' کا کوئی وزن نہیں ہوتا۔ اور اس سے مراد وہ ذرات ہیں جو کھڑکی سے اندر داخل ہونے والی سورج کی شعاعوں میں نظر آتے ہیں۔ (رواہ الشافعی)۔

۵۲۱۷ : وَعَنْ شَدَّادٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَآيُّهَا النَّاسُ اِنَّ الدُّنْيَا عَرَضٌ حَاضِرٌ يَاكُلُ مِنْهَا الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ وَاِنَّ الْاٰخِرَةَ وَعْدٌ صَادِقٌ يَحْكُمُ فِيْهَا مَلِكٌ عَادِلٌ قَادِرٌ يُحِقُّ فِيْهَا الْحَقَّ وَيُبْطِلُ الْبَاطِلَ كُوْنُوْا مِنْ اَبْنَآءِ الْاٰخِرَةِ وَلَاتَكُوْنُوْا مِنْ اَبْنَاءِ الدُّنْيَا فَاِنَّ كُلَّ اُمٍّ يَتْبَعُهَا وَلَدُهَا ۔

ابو نعیم فی الحلیۃ ۱/۲۶۴۔

ترجمہ: ''حضرت شداد (بن اوس) رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''لوگو! بے شک یہ دنیا ایک ناپائیدار سامان ہے جس میں نیک و بد (یعنی مؤمن و کافر) دونوں کھاتے ہیں اور بلاشبہ آخرت ایک یقینی طور پر پورا ہونے والا وعدہ ہے اس (آخرت) میں کامل قدرت رکھنے والا اور عدل و انصاف کرنے والا بادشاہ (اپنے فیصلہ اور حکم کے ذریعہ) حق کو ثابت کر دے گا اور باطل کو مٹا دے گا (یعنی ثواب و عذاب کے ذریعہ اہل باطل اور اہل حق کو ایک دوسرے سے ممتاز کر دے گا) تم آخرت کے بیٹے بنو اور دنیا کے بیٹوں میں اپنا شمار نہ کراؤ کیونکہ ہر ماں کا بیٹا اسی (ماں) کا تابع ہوتا ہے''۔

تشریح: قوله: وان دالآخرة وعد صادق۔۔۔۔ ويبطل الباطل:

طیبی رحمہ اللہ کی مختصر میں ہے کہ ''وعد'' کو ''صدق'' کے ساتھ موصوف کرنا اسنادی مجازی ہے۔ یعنی ''صادق وعده'' جس کا مطلب ہے ''صادق فی وعده'' (اپنے وعدہ میں سچا ہے۔)

عادل: ایسا جو ظلم نہیں کرتا۔

الباطل: طلب یہ ہے کہ باطل والوں اور حق والوں کے درمیان فیصلہ کرے گا اور اہل حق کو ثواب دے کر اور اہل باطل کو سزا دے کر ایک دوسرے سے الگ کر دے گا۔

قوله: كونوا من ابناء الآخرة الخ:

گویا کہ باطل دنیا کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ جو بہت بُرا ٹھکانہ ہے۔ اور حق دین کا ٹھکانہ جنت ہے جو نعمتوں والا گھر ہے۔

۵۲۱۸ : وَعَنْ اَبِى الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاطَلَعَتِ الشَّمْسُ اِلَّا وَبِجَنْبَتَيْهَا مَلَكَانِ يُنَادِيَانِ يُسْمِعَانِ الْخَلَائِقَ غَيْرَ الثَّقَلَيْنِ يَآيُّهَا النَّاسُ هَلُمُّوْا اِلٰى رَبِّكُمْ مَاقَلَّ وَكَفٰى خَيْرٌ مِمَّا كَثُرَ وَاَلْهٰى ۔

احمد فی المسند ۵/۱۹۷ وابو نعیم فی الحلیۃ ۱/۲۲۶۔

''حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب بھی آفتاب طلوع ہوتا ہے اس کے دونوں طرف فرشتے ہوتے ہیں جو اعلان کرتے ہیں اور جن و انس کے علاوہ تمام مخلوق کو سناتے ہیں (اور اعلان یہ ہوتا ہے کہ) کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے لوگو! اپنے پروردگار کی طرف آؤ (یعنی اپنے پروردگار کے احکام کی اتباع کرو) (اور اس بات کو جان لو کہ) جو مال قلیل ہو اور (دینی معاملات کی تکمیل یا توشہ آخرۃ کے طور پر) کفایت کرے وہ اس مال سے بہت زیادہ بہتر ہے جو زیادہ ہو اور عبادت خداوندی سے غافل اور سکون واطمینان کی زندگی سے محروم رکھے"۔ ان دونوں روایتوں کو ابونعیم نے کتاب حلیہ میں نقل کیا ہے۔

قولہ: ماطلعت الشمس لا۔۔۔غیر الثقلین:

جنبتیھا "جیم" اور "نون" کے فتحہ کے ساتھ اور نون کا سکون بھی دُرست ہے۔ "باء" کے فتحہ کے ساتھ اور "یاء" کے سکون کے ساتھ "الجنبة" کا تثنیہ ہے۔ اور اس کا معنی ہے ایک جانب مقدمہ میں لکھا ہے:

انها بالتحريك وفي القاموس الجنب والحانب والجنبة محركه شق لانسان وغيره وجانبا الانف وجنتاه ويحرك جنباه۔

امام طیبیؒ فرماتے ہیں واؤ حالیہ ہے۔ اور استثناء مفرغ ہے۔

"ملکان" نحویوں کے ایک مذہب کے مطابق اس کو جار مجرور کا فاعل بنانا بھی دُرست ہے۔ یا یہ مبتدا ہے اور جار مجرور اس کی خبر ہے۔

یا دیان حال ہے۔ یا جملہ مستانفہ ہے۔ ملکان کی صفت ہے۔

"یسمعان الخلائق غیر الثقلین" ماقبل سے بدل ہے یا ضمیر سے حال ہے یا بیان کے بعد بیان ہے۔

بظاہر مخلوق کو سُنانا حقیقت پر محمول ہے۔ پھر شاید انس اور جن کو نہ سنانے کی حکمت یہ ہو کہ غیب کا معائنہ کرنے کی وجہ سے تکلیف مرتفع نہ ہو جائے۔ یہی بات معلوم ہوتی ہے اُس ارشاد نبوی سے:

لولا ان تدافعوا الدعوت الله ان يسمعكم من عذاب القبر

"اگر اس بات کا خوف نہ ہوتا کہ تم لوگ مردوں کو دفن کرنا چھوڑ دو گے۔ تو میں اللہ سے دُعا کرتا کہ تم کو عذاب قبر سنا دے۔"

اگر کوئی اعتراض کرے کہ انس اور جن کے علاوہ دوسری مخلوقات کو سُنانے کا کیا فائدہ حالانکہ انسان اور جنات آخرت سے غفلت پر متنبہ کرنے کے محتاج ہیں۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس کا فائدہ یہ ہے کہ صادق ومصدوق حضور اکرم ﷺ نے اپنے اس ارشاد سے اُس چیز کی خبر دی جس کو خود سنایا جس کی اللہ نے "اللہ کے امر اور فیصلہ کی طرف یا دوسروں کو چھوڑ کر اللہ کی طرف یکسو ہو جاؤ" اور جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ ففر واالى الله وتتبل اليه تبتيلا ﴾ "تو تم اللہ ہی کی توحید کی طرف دوڑو اور سب سے قطع کر کے اسی کی طرف متوجہ رہا کرو"۔

ما: "ما" موصولہ ہے۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ بھی دُرست ہے کہ فرشتوں کا سُنانا حقیقت پر محمول ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ غفلت سے بیدار کرنے کیلئے مجازاً کہا گیا ہو۔ چنانچہ "یسمعان الخلائق غیر الثقلین" کا مطلب یہ ہوگا کہ فرشتوں کے سُنانے میں مقصود

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انس اور جن ہے' مگر ان دونوں کے علاوہ دوسری مخلوقات کو سُنا دیتے ہیں۔ پھر حضور اکرم ﷺ نے اپنے ارشاد "یایھا الانسان" میں خاص انسان کو اسلئے ذکر کیا تا کہ غفلت میں آگے بڑھنے، حرص میں منہمک ہو جانے اور دنیا کے اتنے ساز و مان کو جمع کرنے جو اللہ کے ذکر و عبادت سے غافل کر دے۔ پر انسان کو تنبیہ ہو جائے۔ لہٰذا انسانوں سے فرمایا گیا کہ کب تک یہ غفلت رہے گی اور ذکر سے اعراض رہے گا' اپنے رب کی عبادت کی طرف آ وہ قلیل مال جو تمہارے لئے کافی ہو اور غافل نہ کر رے بہتر ہے اُس زیادہ مال سے جو اللہ سے غافل کر دے۔ اس آواز کو اُس شخص نے سُنا جو حاضر دماغی کے ساتھ کان لگا کر سنتا ہے۔ اور یہ وہ لوگ ہیں جن کے مرتبہ کو اللہ نے بلند کیا۔ اور اپنے ارشاد: ﴿لاتلھیھم تجارۃ ولابیع عن ذکر اللّٰہ.....﴾[النور: ۳۷] میں ان کی طرف اشارہ فرمایا۔ اور فرشتوں کا غیر مکلّف مخلوقات کو سُنانے کا مطلب یہ ہے کہ یہ مخلوقات اللہ کی تسبیح کرتی ہیں اور اُس کام کو بجالاتی ہیں جو ان سے مطلوب ہے۔ [وان من شی الا یسبح بحمدہ] انتھی اور کوئی چیز ایسی نہیں جو تعریف کے ساتھ اس کی پاکی (بزبان حالیا بزبان قال) بیان نہ کرتی ہو۔ انتھی اور یہ بات واضح ہے کہ کلام کے صحیح ہونے کیلئے تقدیری عبارت "غیر عامۃ الثقلین" ماننا ضروری ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

تخریج: ابن حبان نے پہلی حدیث کو اپنی صحیح میں روایت کیا ہے۔

۵۲۱۹: وَعَنْ اَبِی ھُرَیْرَۃَ یَبْلُغُ بِہٖ قَالَ اِذَامَاتَ الْمَیِّتُ قَالَتِ الْمَلٰئِکَۃُ مَاقَدَّمَ وَقَالَ ابْنُوْا آدَمَ مَا خَلَّفَ.

(رواہ البیھقی فی شعب الایمان)

رواہ البیھقی فی شعب الایمان ۳۲۸/۷ حدیث رقم ۱۰۴۷۵۔

ترجمہ: "حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت منقول ہے جس کو وہ رسول اللہ ﷺ تک پہنچاتے ہیں کہ انہوں نے کہا: جب کوئی شخص مرتا ہے تو فرشتے تو یہ پوچھتے ہیں کہ اس شخص نے آخرت کے لئے (اعمال خیر کی صورت میں) کیا بھیجا ہے اور لوگ (یعنی مرنے والے کے ورثا اور دیگر متعلقین وغیرہ) یہ پوچھتے ہیں کہ اس نے (اپنے ترکہ میں) کیا چھوڑا ہے؟ (یعنی فرشتے اعمال پر نظر فرماتے ہیں جب کہ لوگ اموال پر)" اس روایت کو بیہقیؒ نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔

تشریح: "یبلغ بہ": "باء" تعدیہ کیلئے ہے۔

قولہ: قال: اذامات المیت.....:

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مال کے اعتبار سے مجازاً یوں فرمایا' کیونکہ مردہ نہیں مرتا بلکہ زندہ مرتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ سوائے اُس زندہ ذات کے جو نہیں مرے گا۔ کشاف میں ابن عباسؓ کا ارشاد منقول ہے کہ "جب تم میں سے کوئی حج کا ارادہ کرے تو جلدی کرے۔ کیونکہ مریض بیمار ہو جاتا ہے اور راستہ بھول جانے والا راستہ بھول جاتا ہے۔" اس حدیث میں بیماری اور راستہ بھول جانے کے قریب ہو جانے والے کو بیمار اور راستہ بھول جانے والا کہا گیا۔ اسی طرح مذکورہ بالا حدیث میں عنقریب مرنے والے کو "میت" کہا گیا۔ میں کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد: ﴿انک میت وانھم میتون﴾ [الزمر: ۳۰] اسی معنی میں ہے۔ دونوں قولوں کا مال ایک ہی ہے۔ اختلاف صرف پہلی حالت اور آخری حالت پر نظر کرنے کے اعتبار سے ہے۔ جس طرح کہ صوفیاء پہلی اور آخری حالت میں نظر کرتے ہیں۔ پہلی رائے اولیٰ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قالت: جامع کی ایک روایت میں "تقول" کا لفظ ہے۔

قدم: دال کی تشدید کے ساتھ

وقال بنو آدم: اور جامع کی روایت میں "یقول الناس" کے الفاظ ہیں۔

ماخلف: "لام" کی تشدید کے ساتھ جو اموال پیچھے چھوڑ دیئے ہیں۔

اس سے یہ معلوم ہوا کہ فرشتے اعمال کی فکر کرتے ہیں کہ کونسا عمل آگے بھیج دیا ہے جس پر اس کو ثواب ملے گا یا سزا ملے گی اور ورثاء کو مال کی فکر رہتی ہے۔

۵۲۲۰: وَعَنْ مَالِكٍ اَنَّ لُقْمَانَ قَالَ لِابْنِهٖ يَا بُنَيَّ اِنَّ النَّاسَ قَدْ تَطَاوَلَ عَلَيْهِمْ مَايُوْعَدُوْنَ وَهُمْ اِلَى الْاٰخِرَةِ سِرَاعًا يَذْهَبُوْنَ وَاِنَّكَ قَدِ اسْتَدْبَرْتَ الدُّنْيَا مُنْذُ كُنْتَ وَاسْتَقْبَلْتَ الْاٰخِرَةَ وَاِنَّ دَارَ تَسِيْرُ اِلَيْهَا اَقْرَبُ اِلَيْكَ مِنْ دَارٍ تُخْرَجُ مِنْهَا ۔ (رواہ رزین)

رواہ رزین

ترجمہ: "حضرت امام مالکؒ سے روایت ہے کہ لقمان (حکیم) نے اپنے بیٹے سے کہا اے میرے صاحبزادے! جس بات (یعنی مردوں کا دوبارہ زندہ ہونا اور حساب وقصاص وغیرہ) کا لوگوں سے وعدہ کیا گیا تھا' اس کی مدت (از آدم تا ایں دم) ان پر دراز ہو چکی ہے دراز ہوگئی جب کہ لوگ آخرت کی طرف تیزی سے چلے جارہے ہیں اور میرے بیٹے! جس زمانہ تم پیدا ہوئے تھے اسی وقت سے تمہاری پیٹھ دنیا کی جانب اور تمہارا رخ آخرت کی جانب ہے (یعنی تم اپنی پیدائش کے دن سے گویا دنیا کو پیچھے چھوڑتے چلے آرہے ہو اور آخرت کی طرف بڑھتے جارہے ہو) اور یقیناً جس گھر اور مقام کی طرف تم رواں دواں ہو وہ تم سے اس گھر اور مقام کی بہ نسبت زیادہ قریب ہے جس نے تم نکالے جارہے ہو"۔ (رزین)

تشریح: قولہ: ان لقمان قال لابنہ بنی ان الناس قدتطاول علیھم مایوعدون:

"بنی:" تصغیر کا صیغہ ہونے کی بناء پر "یاء" مفتوح مشدد ہے اور "یاء" کا کسرہ بھی درست ہے۔ اور تصغیر کا صیغہ شفقت کی وجہ سے استعمال کیا۔

ما یوعدون: طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کے ساتھ جس چیز کا وعدہ کیا گیا تھا اُس کا زمانہ لوگوں کیلئے طویل ہوگیا۔

قولہ: وھم الی الآخرۃ سراعا یذھبون:

"سراعا:" مبتدا سے حال ہے' یا خبر کی ضمیر سے حال ہے اور خبر "یذھبون" ہے۔ حال کو اہتمام کی وجہ سے مقدم کیا گیا۔ اور یہ جملہ "مایوعدون" کی ضمیر سے حال ہے۔ مطلب یہ ہے: "تطاول علی الناس بُعد الوعد وقرب العھد" حالانکہ یہ لوگ ہر گھڑی بلکہ زندگی کی ہر سانس میں آخرت کے احوال کی طرف اس طرح بڑھ رہے ہیں جس طرح ایک قافلہ جارہا ہو۔ لیکن ان لوگوں کو لدی ہوئی کشتی کے سواروں کی طرح اپنے سفر کا احساس نہیں ہوتا۔ پھر اس مطلب کو لقمان علیہ السلام نے اپنے اگلے ارشاد سے واضح فرمایا۔ اس سے مراد ایک عام خطاب ہے جو اپنے آپ اور دوسروں کو بھی شامل ہے۔

قولہ: وانك قد استدبرت الدنیا الخ: زندگی کی ہر سانس میں جبکہ تمہیں شروع سے لے کر آخر تک اس سفر میں کچھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اختیار نہیں۔ پھر لقمان علیہ السلام نے اپنے بیٹے کے سامنے حکیمانہ انداز میں ایک قصہ کی وضاحت اس طرح کی کہ محسوس گھر کے ذریعے معنوی گھروں کو بیان کیا۔ اس نصیحت کے ذریعے آخرت سے غفلت کو دفع کرنا مقصود ہے۔

۵۲۲۱ : وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ النَّاسِ اَفْضَلُ قَالَ كُلُّ مَخْمُوْمِ الْقَلْبِ صَدُوْقِ اللِّسَانِ قَالُوْا صَدُوْقُ اللِّسَانِ نَعْرِفُهُ فَمَا مَخْمُوْمُ الْقَلْبِ قَالَ هُوَ التَّقِيُّ لَا اِثْمَ عَلَيْهِ وَلَا بَغْيَ وَلَا غِلَّ وَلَا حَسَدَ ۔ رواه ابن ماجة والبيهقي في شعب الايمان

اخرجه ابن ماجه في السنن ۲/۱۴۰۹ حديث رقم ۴۲۱۵۔

ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ (ایک روز) رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا گیا کہ کون آدمی زیادہ بہتر ہے؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر شخص جو مخموم دل اور زبان کا سچا ہو''۔ (یہ سن کر) صحابہؓ نے عرض کیا کہ زبان کے سچے کو تو ہم جانتے ہیں (کہ جو کبھی جھوٹ نہ بولے) لیکن ''مخموم دل'' سے کیا مراد ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مخموم دل وہ شخص ہے جو صاف اور پاک دل والا ہو پرہیزگار جس کے ذمہ نہ کوئی گناہ ہو اور نہ ہی کوئی ظلم اور نہ ہی حد سے تجاوز پایا گیا ہو اور اس میں کدورت و کینہ اور حسد کا مادہ نہ ہو''۔ (ابن ماجہ، بیہقی)

تشریح: **قوله: قال كل مخموم القلب** نقطہ والی ''خاء'' کے ساتھ یعنی قلب سلیم والا جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿**الامن اتى الله بقلب سليم**﴾ مخموم کا لفظ (**خممت البيت**) سے ماخوذ ہے۔ اور ''**خممت البيت**'' کا معنی ہے۔ میں نے گھر کو جھاڑو دے کر صاف کیا۔ قاموس اور دوسری کتابوں نے اس طرح ذکر کیا ہے۔ لہٰذا معنی یہ ہوا کہ وہ شخص جس کے دل میں سے اغیار کے غبار کو جھاڑو سے صاف کیا گیا ہو اور برے اخلاق کی گندگی سے پاک ہو۔

قوله: صدوق اللسان مجرور ہے۔ یعنی اُسکی زبان میں سچ گوئی ہو۔ جس کی وجہ سے زبان اور بیان دونوں حسین بن چکے ہوں۔ اور ریاکار اور اپنی بات میں جھوٹا ہونے سے بچ گیا ہو۔

قالوا: صدوق اللسان اعراب حکائی کی بناء پر مجرور ہے۔ اور مبتدا ہونے کی بناء پر رفع بھی جائز ہے۔ اس وقت اس کی خبر (**نعرفه**) ہوگی

قوله: قال هو النقي التقي: ''**النقي**'' صاف دل والا اور وہ شخص جس کا باطن اللہ کے غیر کی محبت سے پاک ہو۔

''**التقي**'' برے خیالات سے پرہیز کرنے والا

لا اثم عليه کیونکہ یہ گناہوں سے محفوظ ہے۔ اور اللہ کی معفرت سے اس کو حصہ ملا ہے۔ اور اللہ کی مہربانی کی نگاہوں میں ہے۔ ''**لا**'' کا نفی جنس کیلئے ہونا معلوم ہے۔

قوله: ولا حسد نہ دوسرے سے نعمت زائل ہونے کی تمنا کی ہے تکمیل اور تتمیم کیلئے خاص اور عام گناہوں کی نفی کی تاکہ صرف خاص حقوق اللہ کی نافرمانی کا وہم کوئی نہ کرے۔ اس لئے صراحۃ بیان فرمایا کہ نہ مخلوق کی جانب سے حق کا مطالبہ کرنے والا کوئی ہو اور نہ خالق کی جانب سے کسی حق کا مطالبہ ہو۔ (**والله اعلم بالحقائق**)

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس جواب سے ارشاد باری کی طرف اشارہ ہے: ﴿**اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِلتَّقْوٰی [الحجرات:۳] ''یہ لوگ وہ ہیں جن کے قلوب کو اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کیلئے خاص کر دیا ہے۔''

یعنی اللہ نے ان کے دلوں کو تقویٰ کیلئے خالص کر دیا۔ عرب ''امتحن الذهب وفتنه'' اُس وقت کہتے ہیں جب وقت سونے کو پگھلایا جائے اور اس سے اُسکا کھوٹ الگ ہو جائے اور خالص سونا باقی رہ جائے۔ حضرت عمرؓ سے روایت ہے اذهب الشهوات عنها۔

''امتحن الله قلوبهم للتقوٰی'' کا معنی ہے: اللہ نے ان کے دلوں سے شہوات کو ختم کر دیا۔

۵۲۲۲ : وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعٌ اِذَا كُنَّ فِيْكَ فَلَا عَلَيْكَ مَافَاتَكَ الدُّنْيَا حِفْظُ اَمَانَةٍ وَصِدْقُ حَدِيْثٍ وَحُسْنُ خَلِيْقَةٍ وَعِفَّةٌ فِي طُعْمَةٍ۔

رواه احمد والبيهقي في شعب الايمان

احمد في المسند ۲/۱۷۷ ورواه البيهقي في شعب الايمان ٤/۳۲۱ حديث رقم ۵۲۵۸

ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''(لوگو!) چار خصلتیں ایسی ہیں کہ اگر وہ تم میں موجود ہوں تو دنیا کے فوت ہونے نہ ہونے کا تمہیں کوئی غم نہ ہو' ایک تو امانت کی حفاظت کرنا یعنی تمام حقوق کی مکمل ادائیگی کی رعایت کرنا دوسرے سچی بات کہنا' تیسرے اخلاق کا اچھا ہونا اور چوتھے کھانے میں احتیاط و پرہیزگاری اختیار کرنا (یعنی شریعت کے حرام کردہ کھانے سے اجتناب کرنا اور زیادہ کھانے سے رکنا وغیرہ) اور زیادہ کھانے سے اجتناب کر کے بقدر حاجت وضرورت پر اکتفا کرنا''۔ (احمد' بیہقی)

تشریح: قوله: أربع اذا كن فيك فلا عليك مافاتكامن لدنيا:

جامع میں ''مافاتك من الدنيا'' کے الفاظ ہیں۔ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ایک احتمال یہ ہے کہ ''ما'' مصدریہ ہو اور ''وقت'' مقدر ہو۔ ای لا بأس عليك وقت فوت الدنيا ان حصلت لك هذه الخصال'' (اگر تیرے اندر یہ خصلتیں ہوں تو دنیا فوت ہونے کے وقت کوئی حرج نہیں۔)

دوسرا احتمال یہ ہے کہ ''ما'' نافیہ ہو۔ معنی یہ ہوں گے کہ تجھ پر کوئی حرج نہیں اسلئے کہ تم سے دنیا فوت نہیں ہوئی اگر یہ خصلتیں تیرے اندر ہوں۔ (انتہی) پہلی توجیہ زیادہ بہتر ہے۔ یہ بات واضح ہے۔

'' حفظ امانة'' مال اور اعمال کی امانت کو شامل ہے' اور ''صدق حديث'' تمام اقوال کو شامل ہے۔

وحسن خليقه: یعنی اخلاق میں حسن ہو۔ تصنع اور تکلف کر کے یہ حسن نہ ہو۔

وعفة في طعمة ''طا'' مضموم اور ''تا'' منون ہے۔ حرام سے احتراز کرنا اور حلال حاصل کرنا۔

تخریج: جامع میں ''صدق الحديث وحفظ الامانة وحسن الخلق وعفة مطعم'' کے الفاظ ہیں۔ اس حدیث کو احمد' طبرانی، حاکم اور بیہقی نے ابن عمرؓ بغیر واؤ کے سے نقل کیا ہے۔ اور طبرانی نے ابن عمرو (واؤ کے ساتھ) سے نقل کیا ہے۔ اور ابن عدی اور ابن عساکر نے ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے۔

۵۲۲۳ : وَعَنْ مَالِكٍ قَالَ بَلَغَنِيْ اَنَّهٗ قِيْلَ لِلُقْمَانَ الْحَكِيْمِ مَابَلَغَ بِكَ مَانَرٰى يَعْنِي الْفَضْلَ قَالَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صِدْقُ الْحَدِيْثِ وَاَدَآءُ الْاَمَانَةِ وَتَرْكُ مَالَا يَعْنِيْنِىْ ۔ (رواه فى المؤطا)

اخرجه مالك فى الموطأ ۲/ ۹۹۰ حديث رقم ۱۷ من كتاب الاحكام ۔

ترجمہ: ''حضرت امام مالکؒ کہتے ہیں کہ مجھے یہ روایت پہنچی ہے کہ جب لقمان حکیم سے یہ دریافت کیا گیا کہ جس مرتبہ (یعنی فضیلت ورفعت کی جس شان پر) پر ہم آپ کو دیکھ رہے ہیں اس تک آپ کو کس چیز نے پہنچایا ہے؟ لقمان حکیم نے فرمایا ''سچ بولنے نے (یعنی میں نے ہمیشہ سچائی کا دامن تھاما ہے ادائیگی امانت نے (یعنی میں نے ہمیشہ دیانتداری ملحوظ رکھا) ان تمام چیزوں کے ترک کرنے جس کا کرنا میرے لیے غیر ضروری اور غیر مفید تھا۔ (مؤطا)

تشریح: **یعنی الفضل:** ممکن ہے کہ یہ امام مالک کا کلام ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ کسی اور نے تفسیر کی ہو۔ **قولہ: مابلغ بك مانرى:** پہلا ''ما'' استفہامیہ ہے اور مطلب یہ ہے کہ دوسرے لوگوں پر تیری جو فضیلت جو ہم دیکھ رہے ہیں اس مرتبہ تک تجھے کسی چیز نے پہنچایا؟

صدق الحديث: بات کرنے اور بات نقل کرنے میں سچ کو لازم پکڑنے نے

اداء الامانة: مال اور عمل کی امانت

وترك ما لا يعنينى جو مجھے نہ فی الحال فائدہ دے اور نہ انجام کے اعتبار سے فائدہ دے۔

۵۲۲۴ : وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُجِىْءُ الْاَعْمَالُ فَتَجِىْءُ الصَّلٰوةُ فَتَقُوْلُ يَارَبِّ اَنَا الصَّلٰوةُ فَيَقُوْلُ اِنَّكَ عَلٰى خَيْرٍ فَتَجِىْءُ الصَّدَقَةُ فَتَقُوْلُ يَارَبِّ اَنَا الصَّدَقَةُ فَيَقُوْلُ اِنَّكَ عَلٰى خَيْرٍ ثُمَّ يَجِىْءُ الصِّيَامُ فَيَقُوْلُ يَارَبِّ اَنَا الصِّيَامُ فَيَقُوْلُ اِنَّكَ عَلٰى خَيْرٍ ثُمَّ تَجِىْءُ الْاَعْمَالُ عَلٰى ذٰلِكَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّكَ عَلٰى خَيْرٍ ثُمَّ يَجِىْءُ الْاِسْلَامُ فَيَقُوْلُ يَارَبِّ اَنْتَ السَّلَامُ وَاَنَا الْاِسْلَامُ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّكَ عَلٰى خَيْرٍ بِكَ الْيَوْمَ اٰخُذُ وَبِكَ اُعْطِىْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فِىْ كِتَابِهٖ وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِى الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۔

مالك بن انس' الموطا۔

اخرجه مالك فى الموطأ ۲/ ۹۹۰ حديث رقم ۱۷ من كتاب الكلام واحمد فى المسند ۲/ ۳۶۲

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: (قیامت کے دن) اعمال (اللہ جل جلالہ کی بارگاہ میں) کے پیش ہوں گے۔ پس (سب سے پہلے) نماز پیش ہوگی اور عرض کرے گی کہ اے میرے پروردگار! میں نماز ہوں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا ''بے شک تو بھلائی ہے'' پھر صدقہ یعنی زکوٰۃ پیش ہوگی اور عرض کرے گی کہ اے میرے پروردگار! میں صدقہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا ''بے شک تو بھلائی ہے'' اور پھر روزہ پیش ہوگا اور عرض کرے گا کہ اے میرے پروردگار! میں روزہ سے ہوں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا ''بے شک تو بھلائی ہے'' اسی طرح (یکے بعد دیگرے) دوسرے اعمال (جیسے حج' جہاد اور طلب علم وغیرہ) پیش ہوں گے (اور ہر ایک عمل اپنا تعارف پیش کرے گا) اور حق تعالیٰ شانہ فرمائے گا کہ تو خیر پر ہے (یعنی ہر اچھے عمل کے اپنا تعارف کرانے کے بعد اس کی قبولیت کو فی الحال ملتوی کر دیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جائے گا اور یہ ملتوی ہونا اسلام کے پیش ہونے تک ہوگا) پھر (سب سے آخر میں) اسلام پیش ہوگا اور عرض کرے گا کہ اے پروردگار! تیرا نام سلام ہے (کہ تو تمام تر نقص وعیب سے خود پاک ہے اور انسانیت کو ہر مصیبت والم سے سلامتی بخشنے والا ہے) اور میں اسلام ہوں پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا بے شک تو بھلائی پر ہے' آج کے دن میں تیرے ہی سبب مواخذہ کروں گا اور تیرے ہی وسیلہ سے عطا کروں گا (یعنی آج جزا وسزا کے دن میں تجھے ہی اصل اور طاعت ومعصیت کے فیصلوں کا مدار ومعیار قرار دیتا ہوں کہ جس نے تجھے اختیار نہیں کیا اور تیرے راستے پر نہیں چلا اس سے مواخذہ کروں گا اور اس کو عذاب میں مبتلا کروں گا اور جس نے تجھے اختیار کیا اور تیرے راستہ پر گامزن رہا اس کو جزا وثواب دوں گا' لہٰذا تو جو کچھ چاہتا ہے ہمارے سامنے عرض کر' ہم تیری ہر سفارش وشفاعت قبول کریں) چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں فرمایا: وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا..... یعنی جو شخص اسلام کے علاوہ کسی اور مذہب کو اختیار کرے گا اس سے وہ دین ہرگز مقبول نہیں ہو گا اور وہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا۔

تشریح: تجیئ: مونث کا صیغہ بھی جائز ہے اور مذکر کا بھی' اعمال مجسم ہونگے تاکہ انسان کیلئے اللہ سے حجت بازی کریں۔ نیک اعمال کی رعایت رکھنے والوں کیلئے سفارش کرینگے اور نیک اعمال کو چھوڑنے والوں کے خلاف مخاصمت کرینگے۔

قوله: فتجيىء الصلاة فتقول: اپنی بولنے والی زبان سے اور یہ بھی ممکن ہے کہ بزبان حال بولنا مراد ہو۔ اور اعمال کے آنے سے مراد اعمال کے اثر کا ظاہر ہونا اور آخرت میں اعمال کا نتیجہ۔

قوله: يارب انا الصلوٰة: یعنی وہ عمل جس کو تیری کتاب میں تمام اعمال کی ابتدا میں ذکر کیا گیا ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری ہے: ﴿الا المصلين الذين هم على صلاتهم دائمون﴾ [المعارج۔۲۳]

ترجمہ: ''مگر وہ نمازی (یعنی مؤمن) جو اپنی نماز پر برابر توجہ رکھتے ہیں۔''

اور تمام اعمال کے اختتام میں بھی ذکر کیا گیا ہے۔ جیسا کہ ارشادِ باری ہے: ﴿وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ﴾ [المعارج ۔۳۴۔۳۵] ''اور جو اپنی (فرض) نمازوں کی پابندی کرتے ہیں۔ (پس) ایسے لوگ بہشتوں میں عزت سے داخل ہونگے۔''

یوں بیان کی ہے: انا المعروفة المشهورة بالفضل والمزية'' (میں وہ معروف عمل نماز ہوں جس کی فضیلت اور فوقیت مشہور ہے۔) جیسا کہ کہا جاتا ہے: انا العالم ۔ (میں معروف عالم ہوں۔) اور اس کی طرح ہے ایک قائل کا یہ قول:

انا ابو لنجم وشعری شعری

''میں معروف ومشہور شخص ابو نجم ہوں اور میرے اشعار معروف اشعار ہیں۔''

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں مطلب یہ ہے کہ مجھے شفاعت کا مرتبہ حاصل ہے کیونکہ میں دین کا ستون ہوں۔ جیسا کہ ارشاد ربانی [اُولئك على هدى] میں ہے۔ یعنی بے شک تُو بھلائی کی حامل ہے لیکن صرف تُو نجات کیلئے کافی نہیں ہے۔ اور صرف تیری شفاعت ہی کافی نہیں ہے۔ بلکہ دوسرے اعمال یعنی صدقہ، روزہ وغیرہ کو بھی دیکھا جائے گا اور ان کو دیکھ کر فیصلہ کیا جائے

قوله: فتجيىء الصدقة..... ثم يجيىء الصيام:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شاید آخرت میں صدقہ سے صیام کا ذکر اسلئے مؤخر ہوا کہ دنیا میں صوم صدقہ کے بعد واجب ہوا ہے۔

یقول: جملہ مستانفہ ہے۔ یا حال ہے۔ اور بظاہر "فیقول" ہونا چاہیے تھا۔

اللّٰہ تعالٰی: اور ایک صحیح نسخہ میں "عزوجل" کے الفاظ بھی ہیں۔

یجیٔ الاسلام: یعنی وہ باطنی تابعداری جو ظاہری تابعداری کیلئے باعث ہے اور اس کو ایمان سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اور اصحاب یقین اور مضبوط علم کے حامل علماء اسلام اور ایمان کے مترادف ہونے کے قائل ہیں۔

فیقول: یا رب انت السلام و انا الاسلام:

ہمارے ناموں کے درمیان مادہ اشتقاق کے اعتبار سے ہے مناسبت ہے۔ ایک حدیث میں ثابت ہے:

الرحم شجنة من الرحمن: (رحم، رحمٰن کی ایک شاخ ہے)

لہٰذا اس کا مقتضی یہ ہے کہ مجھے قائم کرنے والا تیرے مہمان خانہ "دارالسلام" میں داخل ہو جائے۔

قولہ: فیقول اللّٰہ تعالٰی: انك علی خیر: بہت بڑی خیر پر ہو کیونکہ تم ایک حسین مذہب پر مشتمل ہو۔

آخذ: متکلم کے صیغہ کے ساتھ ہے۔

یعنی جس کو انعام دے کر چشم پوشی کروں تو ہی اصل ہے اطاعت اور معصیت کا مدار تجھ پر ہے۔

قولہ قال اللّٰہ تعالٰی فی کتابہ.....: اس میں ایک باریک اشارہ ہے جو ایک عمدہ خوشخبری کو متضمن ہے۔ اور وہ خوشخبری یہ ہے کہ جو شخص اسلام پر مرے وہ ہمیشہ کیلئے نقصان اٹھانے والوں میں سے نہیں ہوگا بلکہ آخر میں کامیاب نجات پانے والوں میں سے ہوگا۔ اور اطاعت اور عبادت میں جبکہ اس کے ساتھ اسلام کی قوت بھی ہو اللہ کی طرف سے مسامحت اور معافی کی اُمید ہے۔ ہم اللہ سے معافی اور عافیت طلب کرتے ہیں اور دوزخ کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

۵۲۲۵ : وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ لَنَا سِتْرٌ فِيْهِ تَمَاثِيْلُ طَيْرٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاعَائِشَةُ حَوِّلِيْهِ فَاِنِّيْ اِذَا رَاَيْتُهٗ ذَكَرْتُ الدُّنْيَا ۔

اخرجه احمد فی المسند ۲٤۱/٦۔

ترجمہ: "حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ ہمارے ہاں (دروازے پر یا بطور دیوار گیری) جو پردہ تھا اس پر پرندوں کی تصویریں بنی ہوتی تھیں چنانچہ (ایک دن) رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! اس پردہ کو تبدیل کر دو کیونکہ جب میں اس کو دیکھتا ہوں تو مجھے دنیا یاد آنے لگتی ہے"۔

تشریح: **قولہ: قالت: کانت لناسز فیہ تماثیل طیر**: ستر "سین" کے کسرہ کے ساتھ

حولیہ: اس کو تبدیل کر دو یا دوسری جگہ منتقل کر دو۔

قولہ: فانی اذا رایتہ ذکرت الدنیا:

حکم کی جو علت بیان فرمائی یہ علت دلالت کرتی ہے کہ وہ تصاویر بہت چھوٹی تھیں۔ یا یہ واقعہ اُس زمانے کا ہے جب تصویر کی حرمت نازل نہیں ہوئی تھی۔ اور تصاویر والی جگہ میں ملائکہ رحمت کے داخل نہ ہونے کی بات بھی نازل نہیں ہوئی تھی۔ اور نہ یہ علم تھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ اغنیاء کی عیش وعشرت کی چیزوں کو دیکھنا فقراء کے قلوب کی حلاوت کو زائل کرتی ہے۔﴿وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ﴾ [طٰہٰ-۱۳۱] ''ہرگز اُن چیزوں کی طرف آپ آنکھ اٹھا کر نہ دیکھئے جس سے ہم نے ان (کفار) کے مختلف گروہوں کو ان کی آزمائش کیلئے متمتع کر رکھا ہے کہ وہ (محض) دنیوی زندگی کی رونق ہے۔اور آپ کے رب کا عطیہ (جو آخرت میں ملے گا) بدرجہا بہتر ہے اور دیرپا ہے۔''

۵۲۲۶ : وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عِظْنِیْ وَاَوْجِزْ فَقَالَ اِذَا قُمْتَ فِیْ صَلَاتِكَ فَصَلِّ صَلٰوۃَ مُوَدِّعٍ وَلَا تُكَلِّمْ بِكَلَامٍ تَعْتَذِرُ مِنْہُ غَدًا وَاَجْمِعِ الْاِیَاسَ مِمَّا فِیْ اَیْدِی النَّاسِ۔

اخرجہ ابن ماجہ ۱۳۹۶/۲ حدیث رقم ٤١٧١ واحمد فی المسند ٤١٢/٥۔

ترجمہ: ''حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا پھر عرض کیا کہ (یارسول اللہ!) مجھے کوئی نصیحت فرما دیجئے اور اس میں اختصار فرمائیے گا! حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم اپنی نماز کو ادا کرنے کے لئے کھڑے ہو تو اس شخص کی طرح نماز پڑھو جو رخصت کرنے والا اور چھوڑنے والا ہے (حاصل یہ کہ نماز کے دوران تمام سے اپنا دھیان ہٹا کر مکمل اخلاص کے ساتھ اپنے پروردگار کو اپنی توجہ کا مرکز بنائے رکھو) نیز اپنی زبان سے ایسی کوئی بات نہ نکالو جس کے سبب تمہیں کل (قیامت کے دن اللہ کے حضور) عذرخواہی کرنی پڑے (یا یہ کہ عذرخواہی کا مفہوم عموم پر محمول ہے یعنی کوئی ایسی بات زبان سے نہ نکال جس کے سبب تمہیں اپنے دوستوں، رفقاء و متعلقین اور تمام مسلمانوں کے سامنے پشیمان ہونا پڑے اور معذرت کرنے کی ضرورت پیش آئے) اور اس چیز سے ناامید ہو جانے کا پختہ ارادہ کرلو جو لوگوں کے ہاتھوں میں ہے (یعنی خدا نے تمہاری مقدر میں جتنا لکھ دیا ہے اور تمہیں جو کچھ دے دیا ہے اسی پر کفایت و قناعت کرو اور لوگوں کے مال ومتاع سے اپنی امید وابستہ نہ کرو)۔ (یعنی اختصار کے ساتھ بیان کریں اور اہم بات پر اکتفاء کریں)۔

تشریح: قولہ: اذا قمت فی صلاۃ فصل صلاۃ مودع:

''دال'' کے کسرہ اور تشدید کے ساتھ یعنی اپنے مولیٰ کے ساتھ مناجات میں مشغول ہو کر غیر اللہ کو چھوڑنے والا ہو۔یا معنی یہ ہے کہ اُس شخص جیسی نماز پڑھو جو نماز کو زندگی کی آخری نماز سمجھ کر پڑھتا ہے۔اور اسی معنی میں حجۃ الوداع ہے یعنی اس طرح فرض کرو کہ یہ تمہاری زندگی کی آخری نماز ہے لہٰذا اپنے آخری عمل کو اچھی طرح ادا کر کے اچھا خاتمہ حاصل کریں۔اور اپنی اُمیدوں کو مختصر کر دو۔کیونکہ ممکن ہے کہ موت کا وقت قریب آچکا ہو۔طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں مطلب یہ ہے کہ مکمل طور پر اللہ کی طرف متوجہ ہو جاؤ اور اپنے رب کی مناجات کیلئے دوسروں کو چھوڑ دے۔

قولہ: ولا تکلم بکلام تعذر منہ غدا: لا تکلم: ایک ''تاء'' حذف ہے اور ایک نسخہ میں دونوں تاء مذکور ہیں۔

تعزر ''تاء'' کے فتحہ اور ''ذال'' کے کسرہ کے ساتھ

اور اسی معنی میں یہ ارشاد نبوی ہے کہ ''مسلمان کے اسلام کا حسن اس میں ہے کہ بے کار باتوں کو چھوڑ دے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: وأجمع الاياس ممافی ایدی الناس: واجمع لایاس ہمزہ کے فتحہ اور ''میم'' کے کسرہ کے ساتھ اور اس کے برعکس بھی درست ہے۔

اور اسی باب سے ہے یہ ارشاد باری تعالیٰ [فاجمعوا کیدکم] ابوعمرو کی قرات میں یہ لفظ باب جمع یجمع سے ہمزہ وصلی اور ''میم'' کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ اور دوسروں کی قراءت میں باب اجمع سے ہمزہ قطعی اور ''میم'' کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ اور اجمع کا معنی ہے کسی کام کا پختہ ارادہ کرنا۔ یا یہ دو لغات ہیں' جمع کے معنی میں ہے لہٰذا مطلب یہ ہوا کہ اُمید منقطع کرنے کا پختہ ارادہ کرو' یا طمع چھوڑ و اور اُمید کو قطع کرنے پر اپنے دل کو جمائے رکھو۔

ضرورت کے بقدر اللہ کے ہاں جو روزی مقرر ہے لکھی جا چکی ہے اُس پر قناعت کر' جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿نحن قسمنابينهم معيشتهم فی الحياة الدنيا۔۔۔ وان كل ذالك لما متاع الحياة الدنيا والآخرة عندربك للمتقين﴾ [الزخرف ۔۳۲۔۳۵]

ترجمہ: ''اور یہ سب (ساز و سامان) کچھ بھی نہیں صرف دنیوی زندگی کی چند روزہ کامرانی ہے۔۔۔۔ اور آخرت آپ کے رب کے ہاں خدا ترسوں کیلئے۔''

اور حدیث میں اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ لوگوں کے مال و دولت پر نظر رکھنا فقر و افلاس کی علامت ہے۔ اور قلبی غنی لوگوں کے پاس موجود اشیاء سے اُمیدوں کے منقطع ہونے کا نام ہے۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں معنی یہ ہے کہ لوگوں سے اُمیدیں منقطع کرنے پر اپنی رائے کو مضبوط کر دو اور پختہ ارادہ کرو۔ اور اس ارشاد باری تعالیٰ: فاجمعوا کیدکم کے ہم معنی ہے۔ اور بظاہر کاتب نے ''یاس'' کی جگہ ''ایاس'' لکھا ہے کیونکہ ''ایاس'' اسہ بمعنی ''اعطی'' کا مصدر ہے تاکہ ''ایس'' کا جو کہ یئس مصدر ہے' کیونکہ فعل مقلوب کا مصدر فعل اصلی کے موافق ہوتا ہے نہ کہ فعل مقلوب کے اور یہ بھی ممکن ہے کہ یہ باب مفاعلہ کا مصدر ہو اور تقدیر یہ ہو: انه من ايس نفسه بما فی ايدی الناس ایاسا اور دوسرے ہمزہ کو تخفیف کیلئے حذف کر دیا ہو۔ (انتہی) قاموس میں لکھا ہے کہ ''ایس'' باب سمع سے جس کا مصدر ''ایاس'' آتا ہے کا معنی ہے نا اُمید ہونا۔

چنانچہ اُن لوگوں کا روایت کو غلطی پر محمول کرنا درست نہیں ہے جو اپنے سینے کے علم پر اعتماد کرتے ہیں اور کتاب کے الفاظ پر اعتماد نہیں کرتے۔ خصوصاً جبکہ یہ حدیث ایسے متعدد طرق سے مروی ہے جن کی تصحیح کی گئی ہے۔ میرک نے مؤلف کے قول (رواہ احمد) کے بعد منذری سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی حدیث سے اس حدیث کو تائید حاصل ہوتی ہے۔

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور علیہ السلام کے پاس آیا اور عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے وصیت فرما دیجئے۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا لوگوں کے ہاتھوں میں موجود اشیاء سے نا اُمیدی کو لازم پکڑو اور اپنے آپ کو طمع سے بچاؤ کیونکہ یہ فی الحال نقد فقر ہے' اور اس طرح نماز پڑھا کرو جیسے رخصت ہونے والا شخص نماز پڑھتا ہے اور اپنے آپ کو اُن باتوں سے بچاؤ جن کی وجہ سے تمہیں معذرت کرنی پڑے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس حدیث کو حاکم نے اور بیہقی نے زہد میں نقل کیا ہے اور حاکم نے فرمایا ہے کہ ان الفاظ کی سند صحیح ہے۔ اور طبرانی نے ابن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالہ سے اس جیسی حدیث نقل کی ہے۔ اور یہ بات محال ہے کہ ایک کاتب سے سہو ہوا اور حفاظ اور اصحاب حدیث اُس پر اتفاق کریں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

۵۲۲۷ : وَعَنْ مُعَاذِبْنِ جَبَلٍ قَالَ لَمَّا بَعَثَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ اِلَى الْيَمَنِ خَرَجَ مَعَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْصِيْهِ وَمُعَاذٌ رَاكِبٌ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِيْ تَحْتَ رَاحِلَتِهٖ فَلَمَّا فَرَغَ قَالَ يَا مُعَاذُ اِنَّكَ عَسٰى اَنْ لَّا تَلْقَانِيْ بَعْدَ عَامِيْ هٰذَا وَلَعَلَّكَ اَنْ تَمُرَّ بِمَسْجِدِيْ هٰذَا وَقَبْرِيْ فَبَكٰى مُعَاذٌ جَشَعًا لِفِرَاقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ الْتَفَتَ فَاَقْبَلَ بِوَجْهِهٖ نَحْوَالْمَدِيْنَةِ فَقَالَ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِيَ الْمُتَّقُوْنَ مَنْ كَانُوْا وَحَيْثُ كَانُوْا ۔

روی الاحادیث الاربعة احمد

اخرجه احمد في المسند ۲۳۵/۵۔

ترجمہ: ''حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے انہیں (عامل بنا کر) یمن روانہ فرمایا تو آپ ﷺ (الوداع کہنے کے لئے کچھ دور تک) ان کے ساتھ گئے اور (اس دوران) آپ ﷺ ان کو نصیحت و ہدایت کرتے رہے' نیز اس وقت حضرت معاذ رضی اللہ عنہ تو اپنی سواری پر سوار تھے جب کہ رسول خدا ان کی سواری کے ساتھ ساتھ (پیدل) چل رہے تھے! جب آپ ﷺ (تلقین و نصیحت سے) فارغ ہوئے تو ارشاد فرمایا: ''معاذ! میری عمر کے اس سال کے بعد شاید تم مجھ سے ملاقات نہ کر سکو اور ممکن ہے کہ تم (جب یمن سے واپس لوٹو گے تو مجھ سے ملاقات کرنے کے بجائے) میری اس مسجد اور میری قبر کے پاس سے گزرو''۔ معاذ رضی اللہ عنہ (یہ سن کر) رسول اللہ ﷺ کی جدائی کے غم میں رونے لگے اور رسول کریم ﷺ نے معاذ رضی اللہ عنہ کی طرف منہ پھیر کر مدینہ کی جانب اپنا رخ انور فرمالیا' پھر فرمایا: میرے زیادہ قریب وہ لوگ ہیں جو پرہیزگار ہیں خواہ وہ کوئی ہوں (یعنی کسی بھی طبقہ و مرتبہ کے کسی بھی رنگ و نسل کے لوگ ہوں) اور کہیں ہوں (یعنی کسی بھی ملک اور خطہ ارض سے ان کا تعلق ہو) رنگ و نسل' کسی ملک و قوم اور کسی طبقہ و مرتبہ کے ہوں)'' ان چاروں روایتوں کو امام احمدؒ نے نقل کیا ہے''۔

تشریح: یوصیه مخفف اور مشدّد دونوں طرح پڑھنا جائز ہے۔

اللہ کے سامنے تواضع اور مؤمنین کے ساتھ خوش خلقی کا سلوک کرنے کے واسطے اس طرح کرتے تھے۔ اور اسی سے ساتھیوں کے ہمراہ چلنے کے استحباب پر استدلال کیا گیا ہے۔

وقبری ای: مع قبری۔ ''واؤ'' ''مع'' کے معنی میں ہے۔ یہ طیبی رحمہ اللہ کی رائے ہے۔ بظاہر ''قبری'' کا ''مسجدی'' پر عطف ہے۔

اور تقدیر عبارت یوں ہے: ان تمر بمسجدی هذا و بقبری ایضا: شاید تم میری اس مسجد اور میری قبر کے پاس سے بھی گزرو)۔ حضور علیہ السلام نے اس بات کو مبہم طور پر کیا کیونکہ ظاہر ہے کہ یہ بات مکمل طور پر واضح نہ تھی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پھر خوب سمجھ لو کہ "عسٰی" کا معنی محبوب چیز کی اُمید کرنا اور ناپسندید چیز سے خوف کرنا ہے۔ یہ دونوں معانی اللہ کے اس ارشاد گرامی میں پائے جاتے ہیں: ﴿وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۭ﴾ [البقرہ:۲۱۶]

''اور یہ بات ممکن ہے کہ تم کسی امر کو گراں سمجھو اور وہ تمہارے حق میں خیر ہو۔ اور یہ بات بھی ممکن ہے کہ تم کسی امر کو مرغوب سمجھو اور وہ تمہارے حق میں (باعث) خرابی ہو''۔

''لعل'' کا معنی ہے توقع کرنا' اور ''توقع'' کا معنی ہے محبوب چیز کی اُمید کرنا اور ناپسندید چیز کا خوف کرنا۔ جیسے: لعل الحبیب واصل اُمید ہے میرا دوست پہنچ جائے گا) اور ''لعل الرقیب حاصل'' ''لَعل'' صرف ممکن اُمور میں استعمال کیا جاتا ہے جبکہ ''لَیتَ'' ناممکن اُمور میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً لیت الشباب یعود (کاش کہ جوانی لوٹ آتی) چنانچہ ''عسٰی'' اور ''لعل'' جو حدیث بالا میں مذکور ہیں آخری معنی میں استعمال ہوئے ہیں۔ ظاہر اور متبادر یہی ہے۔ ''المغنی'' میں لکھا ہے کہ ''لعل'' کو اکثر ''عسٰی'' پر محمول کر کے اس کی خبر پر ''ان'' داخل کرتے ہیں۔ جیسا کہ شاعر کا شعر ہے:

لعلك يوما ان تلم ملمة
عليك من اللائى يد عنك اجدعا

''شاید تجھ پر کسی دن مصیبت آجائے۔ اور تم دیکھ لو گے کہ کون ہے جو تجھے بے یار و مددگار چھوڑے گی۔''

اور طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ''لَعَل'' حقیقت (اُمید کے معنی) میں مستعمل ہے' کیونکہ حضور اقدس ﷺ کو اللہ جل شانہ کی ملاقات کی رغبت تھی۔ ''لَعَل'' کو ''عسٰی'' کے ساتھ تشبیہ دیتے ہوئے ''لَعَل'' کی خبر پر ''اَن'' داخل فرما کر اس ارشاد باری کی طرف اشارہ کیا۔ ﴿عسى ان يبعثك ربك مقاما محمودا﴾ [الاسراء ۔۷۹]

قوله: فبكى معاذ جشعا لفراق رسول الله ثم التفت فاقبل بوجهه نحو المدينة: ''جیم اور شین کے فتحہ کے ساتھ بمعنی (جزعا وفزعا۔ یعنی (دوست کی جدائی پر غمگین ہونا)۔ حدیث کے الفاظ ''لفراق رسول الله صلى الله عليه وسلم'' تاکید کیلئے ہیں' یا تجرید کی وجہ سے لائیں گئے ہیں۔

التفات کی تفسیر ہے۔ شاید حضور علیہ السلام کا معاذؓ سے اپنا چہرہ مبارک پھیرنے کی وجہ یہ ہو کہ معاذؓ کو روتا ہوا مزید نہ دیکھیں کہ کہیں حضور علیہ السلام کو رونا آجائے اور حضور علیہ السلام کے رونے سے معاذؓ کا غم مزید بڑھ جائے۔ اور ساتھ اس بات کی طرف اشارہ فرمایا کہ دنیا میں جدائی ایک ضروری چیز ہے اور آخرت کی طرف توجہ کرنے سے کوئی چارہ کار نہیں۔ چنانچہ آپ علیہ السلام نے معاذ رضی اللہ عنہ کو اپنے فعل سے تسلی دیا اور اپنے قول سے وصیت فرمائی۔ جب فرمادیا کہ تم مجھ سے جدا ہو رہے ہو' مدینہ سے جدا ہو رہے ہو' اور مدینہ کو چھوڑ رہے ہو' مجھے اس کے بعد (دنیا میں) نہ دیکھو گے۔ اور اس بات کی طرف اشارہ فرمادیا' کہ انبیاء اور متقی لوگوں کے اکٹھے ہونے کی جگہ آخرت میں ہے۔

قوله: فقال: ان اولى الناس بى من كانوا حيث كانوا: میری شفاعت کے زیادہ حق دار یا لوگوں میں میرے مقام کے زیادہ قریب ہیں.....

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"من" کے معنی کا اعتبار کرتے ہوئے جمع کا صیغہ ذکر کیا۔ اور مطلب یہ ہے کہ جو بھی ہو۔ عربی چاہے عجمی کالا ہو چاہے گورا شرافت وعزت والا ہو چاہے کم درجہ والا انسان ہو۔ چاہے مکہ اور مدینہ میں ہو چاہے۔ یمن کوفہ اور بصرہ میں ہو۔ لہٰذا اُویس قرنی کو دیکھیں کہ یمن میں رہ کر تقویٰ کا کامل درجہ حاصل کیا۔ دوسری جانب حرمین شریفین میں ایک جماعت کی یہ حالت تھی کہ حضور علیہ السلام کے قریب مقام سے نہ صرف محروم ہوئے بلکہ حضور علیہ السلام کو تکالیف پہنچائیں یہاں تک کہ رشتہ داروں میں سے بعض نے ایذائیں پہنچائیں۔ خلاصہ یہ کہ (اے معاذ) جب تم معنوی طور پر مجھ سے قریب ہو تو صوری طور پر تمہارا مجھ سے دور ہونا کوئی نقصان کی بات نہیں۔ کیونکہ اعتبار تقویٰ کا ہے۔ جیسا کہ اللہ جل شانہ نے اپنے اس ارشاد میں مطلقاً فرمایا ہے، یہ ارشاد کسی مکان یا زمانہ یا انسان کے کسی نوع کے ساتھ مختص نہیں ہے:

﴿اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ﴾ [الحجرات: ۱۳] "اللہ کے نزدیک تم سب میں بڑا شریف وہی ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہو۔"

اور اس میں اس بات کی ترغیب ہے کہ تقویٰ کو لازم پکڑنا چاہیے۔ اور دنیا کی عارضی جدائی اور دائمی جدائی (موت) کے وقت تقویٰ کی وصیت کرنی زیادہ مناسب ہے۔ جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ﴾ [النساء: ۱۳۱] "اور واقعی ہم نے ان لوگوں کو بھی حکم دیا تھا جن کو تم سے پہلے کتاب ملی تھی اور تم کو بھی، کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔"

نیز اس حدیث میں اُن اُمتیوں کیلئے تسلی ہے جنہوں نے حضور علیہ السلام کا زمانہ نہیں پایا اور حضور علیہ السلام کی خدمت اقدس کی سعادت نصیب نہ ہوئی۔ اس مقام میں اس عبارت کے منصود کی وضاحت کے سلسلے میں میں اتنا ہی لکھ سکا ہوں۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کا معاذؓ کو اپنی موت کی اطلاع دینے کے بعد اپنا چہرہ مبارک پھیرنا شاید تسلی کے طور پر تھا کہ جب تم میرے بعد مدینہ لوٹو تو اُن لوگوں کی اقتدا کرنا۔ جو میرے زیادہ قریب ہیں اور وہ متقی لوگ ہیں۔ اور ان سے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کیا۔ اسی طرح کی ایک حدیث جبیر بن مطعم سے مروی ہے کہ ایک عورت حضور علیہ السلام کے پاس آئی اور کسی چیز کے بارے میں آپ سے بات چیت کی۔ حضور علیہ السلام نے اس عورت سے فرمایا کہ بعد میں حاضر ہو۔ تو اُس عورت نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! اگر میں حاضر ہوؤں اور آپ مجھے نہ ملے تو پھر کیا ہوگا؟ اس عورت کا مطلب یہ تھا کہ آپ وفات پا گئے ہوں۔ میری رائے ہے کہ اس عورت کے قول کا یہ مطلب مراد لیا بظاہر خلاف ادب ہے۔ بلکہ مراد یہ تھا کہ اگر میں آپ ﷺ کو گھر میں نہ پا سکوں۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر میں نہ ملا تو ابوبکر کے پاس چلی جانا۔

یہ دلیل ہے کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ حضور علیہ السلام کے بعد حضور علیہ السلام کا خلیفہ اور قائم مقام ہیں۔

میں کہتا ہوں کہ یہ حدیث اس مدعیٰ پر دلالت کرنے میں صریح نہیں ہے۔ کیونکہ اس بات کا صرف احتمال ہے کہ اس مسئلہ کا تعلق ابوبکرؓ سے ہے۔ اس لئے علماء نے تصریح فرمائی ہے کہ ابوبکرؓ کی خلافت پر کوئی صریح دلیل ہے نہ علیؓ کی خلافت پر۔

اسنادی حیثیت: احمد کی اسانید میں کم سے کم درجہ یہ ہے کہ سند حسن ہوتی ہے۔

۵۲۲۸: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ النُّوْرَ اِذَا دَخَلَ الصَّدْرَ انْفَسَحَ فَقِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لِتِلْكَ مِنْ عَلَمٍ يُعْرَفُ بِهٖ قَالَ نَعَمْ التَّجَافِيْ مِنْ دَارِ الْغُرُوْرِ وَالْاِنَابَةُ اِلٰى دَارِ الْخُلُوْدِ وَالْاِسْتِعْدَادُ لِلْمَوْتِ قَبْلَ نُزُوْلِهٖ۔

رواه البيهقي في شعب الايمان ۳۵۲/۷ حديث رقم ۱۰۵۵۲

ترجمہ: ''اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے آیت شریف تلاوت فرمائی پڑھی: فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ: یعنی اللہ تعالیٰ جس شخص کو ہدایت بخشنے کا ارادہ فرماتا ہے (یعنی خاص ہدایت کہ جو اس کو مرتبۂ اختصاص تک پہنچا دے تو اس کا سینہ اسلام کے لئے کشادہ کر دیتا ہے (بایں طور کہ اس کو شرائع اسلام اخلاص کے ساتھ قبول کرنے کی توفیق عطا فرماتا ہے) پھر حضور ﷺ نے (گویا آیت کی تفسیر میں) فرمایا: جب (ہدایت کا) نور سینہ میں داخل ہوتا ہے تو سینہ کشادہ ہو جاتا ہے۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! (کیا کوئی ایسی علامت ہے کہ جس سے اس حالت اور کیفیت کو معلوم کیا جا سکے) حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہاں! اس کی نشانی ہے دار الغرور (دنیا) سے دور ہونا 'اور آخرت کی طرف کہ جو ہمیشہ ہمیشہ باقی رہنے والا جہان ہے' رجوع کرنا پوری طرح متوجہ رہنا اور مرنے سے پہلے مرنے کے لئے تیاری کرنا''۔

تشریح: **قوله: تلا رسول الله ﷺ .....**: طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اللہ اُسکے ساتھ مہربانی کرتے ہیں اور اُس کے دل میں نور داخل کر دیتے ہیں جس کی وجہ سے اسلام کیلئے رغبت پیدا ہو جاتی ہے اور نفس کو اسلام کی وجہ سے آرام حاصل ہوتا ہے اور اسلام میں داخل ہونا محبوب بن جاتا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ معنی نفس الامر میں درست ہے مگر شرح صدر کی جو تفسیر عنقریب آگے ذکر ہوگی' اُسکے موافق نہیں ہے۔

ان النور اذا دخل الصدر انفسح ۔ ہدایت کا نور جب سینہ میں داخل ہوتا ہے تو دل کھل جاتا ہے اور اس طرح وسیع ہو جاتا ہے کہ شریعت کے تمام احکام کو قبول کرنے کی گنجائش رکھتا ہے۔ اور وہ احکام جن کو اللہ نے مقرر کیا ہے اور اللہ نے اُن کا فیصلہ کیا ہے اُنکی کڑواہٹ اس کے لئے مٹھاس میں بدل جاتی ہے۔ اور یہ دل درحقیقت اللہ کا عرش ہے جس کو حدیث قدسی میں یوں بیان کیا ہے: **لا يسعني ارضي ولا سمائي ولكن يسعني قلب عبدي المؤمن**

''مجھے نہ میری زمین سموسکتی اور نہ میرا آسمان میں، لیکن میرے مؤمن بندہ کا دل مجھے سمو لیتا ہے''۔

اسلئے کہ نچلی اور اُوپر کی تمام مخلوقات میں اُن کلیات اور جزئیات کے ادراک کی قابلیت نہیں ہے جن کا تعلق اللہ کی ذات اور صفات سے ہے۔ اور اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ﴿اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ .....﴾

[الاحزاب:۷۲]

''ہم نے یہ امانت (یعنی احکام جو بمنزلہ امانت کے ہیں) آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں کے سامنے پیش کی تھی''۔

یہ اُن لوگوں کے بارے میں ہے جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ اسلام کیلئے کھول دے اور ہدایت کا ارادہ کرے' اس کے برعکس جن کی گمراہی کا اللہ تعالیٰ ارادہ کرے تو اُن کے بارے میں ارشاد باری ہے: ﴿وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كَأَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ ط.....﴾ [الانعام۔۱۲۵] ''اور جس کو بے راہ رکھنا چاہتے ہیں اس کے سینے کو تنگ بہت تنگ کر دیتے ہیں۔ جیسے کوئی آسمان میں چڑھتا ہو۔''

قوله: فقيل يارسول الله هل لتلك من علم يعرف به:

درست یہ ہے کہ کیا اس حالت کی جس کو کشادگی سے تعبیر کیا گیا۔

ومن علم: یعنی علامت ونشانی اور ''من'' زائدہ ہے۔

تعرف: ایک نسخہ میں اس لفظ کو مذکر کے صیغہ کے ساتھ نقل کیا گیا ہے۔ معنی کا اعتبار کرتے ہوئے۔ تاکہ ہم اپنی حالت کا اندازہ لگا سکیں اور جب آراء کا اختلاف ہو تو رجوع کریں۔ فرمایا کہ ہاں بہت سی علامت ہیں۔

قوله: التجافي: یعنی دنیا کی حقارت کی بناء پر بے رغبتی کے ساتھ دنیا سے دُوری میں تکلف اور مبالغہ کرنا تاکہ سعادت حاصل ہو جائے۔

قوله: التجافي: دنیا جو دھوکہ باز ہے جادوگر ہے' غدر کرنے والی ہے' اور مکر وفریب کرنے والی ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿**فلا تغرنكم الحياة الدنيا**﴾ [لقمان۔۳۳' فاطر۔۵] ''ایسا نہ ہو کہ یہ دنیوی زندگی تم کو دھوکہ میں ڈالے رکھے''۔ کیونکہ یہ تھکاوٹ اور بدبختی کی جگہ ہے اگرچہ اس کی صورت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ خوشی کی جگہ ہے۔ اس کی مثال اُس سراب جیسی ہے جس کو پیاسا بندہ پانی سمجھتا ہے۔ یہاں تک کہ اس دنیا کے بارے میں بادشاہ، اغنیاء اور کمزور سب کے سب دوڑ میں لگے ہوئے ہیں۔

والانابة الى دار الخلود والاستعداد لموت: رجوع اور مکمل طور پر مائل ہونا۔ یعنی گناہوں سے توبہ کر کے اور عبادت کی طرف آگے بڑھ کر اور اپنی طاقت کو اطاعت میں صرف کر کے

قبل نزوله: یعنی موت کے آنے سے پہلے یا موت کے مقدمات یعنی بیماری اور بڑھاپے سے پہلے جس میں بندہ علم حاصل کرنے اور عمل کرنے پر قادر نہیں ہوتا اور پشیمانی کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

۵۲۲۹۔۵۲۳۰ :وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ وَاَبِیْ خَلَّادٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَاَيْتُمُ الْعَبْدَ يُعْطٰى زُهْدًا فِي الدُّنْيَا وَقِلَّةَ مَنْطِقٍ فَاقْتَرِبُوْا مِنْهُ فَاِنَّهٗ يُلَقَّى الْحِكْمَةَ۔

رواهما البيهقي في شعب الايمان

اخرجه ابن ماجه في السنن ۱۳۷۳/۲ حديث رقم ٤١٠١ والبيهقي في شعب الايمان ۲٥٤/٤ حديث رقم ٤٩٨٥

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوخلاد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم کسی بندے کو اسحال میں دیکھو کہ اس کو (دنیا سے) بے رغبتی اور کم گوئی عطا کی گئی ہے تو اس کی صحبت وقرب میں رہا کرو۔ کیونکہ اس کو حکمت ودانائی کی دولت سے نوازا گیا ہے''۔ ان دونوں روایتوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے

۱۔ پہلی حدیث جہت سے طرق سے ثابت ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

راویٔ حدیث:

ابوخلاد۔ یہ ابوخلاد ایک صحابی ہیں۔ حافظ ابن عبدالبر رحمۃ اللہ علیہ نے کہا میں ان کے نام اور نسب سے واقف نہیں ہوں۔ ان کی حدیث یحییٰ بن سعید کے نزدیک معتبر ہے جو ابوفروہ سے اور ابوفروہ خلاد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم دیکھو کسی مؤمن کو کہ اس کو دنیا کے بارے میں زہد عطا کر دیا گیا ہے اور کم گوئی عطا کی گئی ہے تو اس کی صحبت اختیار کرو۔ اس لئے کہ وہ حکمت سکھلائے گا اور دوسری روایت بھی اسی طرح ہے لیکن اس دوسری حدیث میں ابوفروہ اور ابوخلاد کے درمیان ''ابو مریم'' کا واسطہ ہے اور یہی زیادہ صحیح ہے۔

تشریح: قولہ: وابی خلاد: ''لام'' کی تشدید کے ساتھ مؤلف فرماتے ہیں کہ ابوخلاد صحابی ہیں۔

قولہ: اذا رایتم العبد یعطی زھدا فی الدنیا وقلة فاقتربوا منه:

جب تم کسی ایسے مؤمن کو دیکھو جس کو دُنیا کے بارے میں زہد اور کم گویائی کی صفت عطا کی گئی ہو تو اُسکے قریب رہو کیونکہ اُس سے حکمت کی باتیں ملتی ہیں۔ انتہیٰ اس میں اس حدیث کے منقطع اور متصل ہونے میں اختلاف کی طرف ارشارہ ہے۔ اور ابن عبدالبر نے جو فرمایا کہ ''اس جیسی ایک روایت جس میں'' اس جیسی روایت سے مراد یہ ہے جس کو مصنفؒ نے اپنے قول ''ان رسول اللّٰہ ﷺ قال اذا رأیتم العبد یعطی زھدا'' سے ذکر کیا ہے۔ یعنی دنیا کی رغبت کی قلت

قولہ: فانه یلقی الحکمة: یلقی: ''قاف'' مفتوح ومشدد ہے اور ''قاف'' کی تخفیف بھی جائز ہے۔

''الحکمة'' ایسی نصیحت کی بات جو قرآن وسنت کے موافق ہو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿یُؤْتِی الْحِکْمَةَ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَمَنْ یُّؤْتَ الْحِکْمَةَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا کَثِیْرًا ؕ وَمَا یَذَّکَّرُ اِلَّاۤ اُولُوا الْاَلْبَابِ﴾

[البقرة۔۲۶۹]

''دین کا فہم جس کو چاہتے ہیں دیدیتے ہیں اور (سچ تو یہ ہے کہ) جس کو دین کا فہم عطا کر دیا گیا اسکو بڑی خیر کی چیز مل گئی۔''

حکمت درحقیقت شریعت وطریقت کے مطابق علم اور عمل میں مضبوطی پیدا کرنے کا نام ہے۔ ایک حدیث میں آتا ہے: ''من اخلص لله اربعین صباحا أظهر الله ینابیع الحکمة من قلبه علی لسانه۔''

''جو شخص چالیس دن تک خالصۃً اللہ (کی عبادت) کرے گا اللہ تعالیٰ اُس کے دل سے حکمت کے چشمے اُس کی زبان پر جاری کر دیتا ہے''۔ اس کی رُو سے صاحب حکمت وہ شخص ہے جو عالم باعمل ہو کامل ہو مخلص ہو مرشد ہو دوسروں کا روحانی علاج کر کے دوسروں کو کامل کرنے والا ہو۔ چنانچہ ہر شخص کیلئے ضروری ہے کہ اُسکے ساتھ مجلس میں رہے اور اُسکے کے ساتھ ہم کلامی رکھے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ﴾ [التوبة:۱۱۹]

یعنی جو قول اور حال دونوں میں سچا ہو۔ کسی عارف باللہ کا قول ہے کہ اللہ کی صحبت حاصل کرو اگر یہ نہیں کر سکتے تو اُن لوگوں کی صحبت حاصل کرو جو اللہ کے صحبت یافتہ ہیں۔ بندہ کے افعال اور اقوال کی درستگی کے بعد احوال کی درستگی کی علامت وہ ہے جو سابق حدیث میں گزر چکی ہے۔ یعنی سینہ اس طرح کھل جائے کہ اُسکی صحبت تمام اُمور میں اثر کرے اور اُسکی صحبت میں رہنے والے دنیا سے بے رغبت ہوتے ہیں اور آخرت کا وسیلہ بننے والے بقدر ضرورت روزی سے زائد مال اور جاہ سے بے رغبت ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جاتے ہیں۔ بلکہ دونوں جہانوں کے امور سے فارغ کر دیتے ہیں۔

تخریج: پہلی حدیث کو ابن مبارک نے ''زہد'' میں نقل کیا ہے۔ فریابی' عبدالرزاق، ابن ابی شیبہ، عبد بن حمید، ابن جریر ابن منذر، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ نے، اور بیہقی نے ''الاسماء و الصفات'' میں بنو ہاشم کے ایک شخص ابوجعفر المدائنی سے نقل کیا ہے اور یہ ابوجعفر المدائنی محمد بن علی نہیں ہیں بلکہ کوئی اور روای ہے)

فرماتے ہیں کہ کسی نے حضور علیہ السلام سے پوچھا کہ مؤمنین میں سے کونسا مؤمن زیادہ سمجھدار ہے؟۔ حضور علیہ نے فرمایا ''جو شخص موت کو کثرت سے یاد کرے اور موت کے بعد والے احوال کیلئے زیادہ تیاری کرے''۔

نیز فرماتے ہیں کہ کسی نے حضور علیہ السلام سے : ﴿فمن یرد اللّٰہ ان یھدیہ یشرح صدرہ لاسلام﴾ [الانعام: ۱۲۵] کے بارے میں پوچھا کہ اے اللہ کے رسول! اللہ کس طرح سینہ کھول دیتے ہیں؟ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ ایک نور دل میں ڈال دیتے ہیں اور دل اس دین کیلئے کھل جاتا ہے اور وسیع ہو جاتا ہے۔ پھر صحابہ نے پوچھا کہ کیا اسکی کوئی علامت ہے جس سے پہچانا جائے؟۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا: ہمیشگی کے گھر آخرت کی طرف متوجہ ہونا' اور دھوکہ کے گھر سے اعراض کرنا' اور موت سے پہلے موت کیلئے تیاری کرنا''۔ اور ایک روایت میں ''قبل لقاء الموت'' کی جگہ ''قبل نزول الموت'' کے الفاظ وارد ہوئے ہیں۔

عبد بن حمید اور ابن ابی حاتم نے ابن عباسؓ سے ﴿فَمَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ اَنْ یَّھْدِیَہٗ یَشْرَحْ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ..... ﴾ [الانعام: ۱۲۵] کی تفسیر میں نقل کیا ہے کہ اللہ اُسکے دل کو توحید کے لئے اور توحید پر ایمان لانے کیلئے کشادہ کر دیتے ہیں۔

اور ﴿وَمَنْ یُّرِدْ اَنْ یُّضِلَّہٗ یَجْعَلْ صَدْرَہٗ ضَیِّقًا حَرَجًا.....﴾ [ایضا] کی تفسیر میں ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ توحید کے بارے میں شک کرتا ہے۔

اور ﴿وَمَنْ یُّرِدْ اَنْ یُّضِلَّہٗ یَجْعَلْ صَدْرَہٗ ضَیِّقًا حَرَجًا﴾ [ایضا] ''اے ایمان والو اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور (عمل میں) سچوں کے ساتھ رہو۔ سو جس شخص کو اللہ تعالیٰ رستے پر ڈالنا چاہتے ہیں اس کے سینے کو اسلام کے لئے کشادہ کر دیتے ہیں۔ اور جس کو بے راہ رکھنا چاہتے ہیں اس کے سینے کو تنگ بہت تنگ کر دیتے ہیں'' [ترجمہ الانعام: ۱۲۵] کی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ جس طرح ابن آدم آسمان تک نہیں پہنچ سکتا اس طرح انسان کو یہ قدرت حاصل نہیں ہے کہ توحید اور ایمان اُس کے دل میں داخل ہو جب تک اللہ تعالیٰ اُس کے دل میں داخل نہ کر دے۔ درمنثور میں اس حدیث کے کئی طرق مذکور ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب فضل الفقراء وما كان من عيش النبي ﷺ

باب فقراء کی فضیلت اور نبی ﷺ کی زندگی کے بیان میں

یہاں ''فضل'' سے مراد اجر اور ثواب کی زیادتی ہے۔ مال کی فضیلت اور کپڑوں کے حُسن کی زیادتی مراد نہیں ہے۔ اور ''وما كان من عيش النبي عليه السلام'' سے مراد حضور علیہ السلام کی معیشت وزندگی۔ ایک اور نسخہ میں ''ما كان من عيش النبي صلى الله عليه وسلم'' ''فضل الفقراء'' پر مقدم کیا گیا ہے ترجمہ: الباب میں دونوں چیزوں کو جمع کر کے ذکر فرمانے میں اشارہ ہے کہ آپ ﷺ کی زندگی فقراء کی مانند تھی جیسا کہ اکثر انبیاء اور اولیاء کی زندگی تھی۔ اور اغنیاء پر فقراء کی فضیلت کیلئے اتنی بات کافی ہے۔ اگر چہ یہ بات ہی اُن بعض اغنیاء پر مخفی ہے جو عالم ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔

۵۲۳۱ : عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُبَّ اَشْعَثَ اَغْبَرَ مَدْفُوْعٍ بِالْاَبْوَابِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهٗ. (رواه مسلم)

اخرجه مسلم فی صحيحه ٤/٢٠٢٤ حديث رقم (١٣٨-٢٦٢٢)

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بہت سے وہ لوگ جو (بظاہر تو) پراگندہ بال اور غبار آلود (یعنی نہایت خستہ حال اور پریشان صورت) دکھائی دیتے ہیں جن کو (ہاتھ یا زبان کے ذریعہ) دروازوں سے دھکیل دیا جاتا ہے لیکن (وہ خدا تعالیٰ کے ہاں مقبول اور رفیع الشان ہوتے ہیں) اگر وہ اللہ کے بھروسہ پر قسم کھالیں تو اللہ ان کی قسم کو یقیناً پورا فرما دیتا ہے''۔ (مسلم)

تشریح: قوله: رب اشعث اغبر مدفوع ..... : مدفوع: جر کے ساتھ ہے۔ یعنی مطلب یہ ہے کہ اگر بالفرض کسی کے دروازہ پر کھڑا ہو جائے تو لوگوں کی نگاہوں میں ذلیل ہونے کی وجہ سے لوگ اُس کو اپنے گھر میں اپنے ساتھ نہیں لے جاتے۔ اور یہ اس لئے ہوتا ہے کہ اللہ مخلوق سے اس کی حالت کو چھپانا چاہتے ہیں اور اس لئے کہ کہیں دوسری چیزوں میں اس کا دل نہ لگے اور اس کو ظلم اور حرام کھانے کے دروازوں پر کھڑا ہونے سے اس طرح محفوظ کرتے ہیں جس طرح کہ ہم مریض کو کھانے سے بچاتے ہیں۔ پھر یہ شخص صرف اللہ کے دروازہ پر حاضر ہوتا ہے۔ اپنے کامل غنی کی وجہ سے اللہ کے ماسوا سے سوال نہیں کرتا اور اس کا مطلب یہ نہیں کہ یہ شخص دنیاداروں کے دروازوں پر آتا ہے اور دنیادار اس کو دھکیل دیتے ہیں اور اپنے گھروں میں داخل ہونے سے روکتے ہیں۔ چونکہ اللہ کے اولیاء اللہ اس قسم کی ذلت سے محفوظ ہوتے ہیں۔ اگر چہ بعض اوقات ان کو بعض لوگوں کی طرف سے ذلت اور ملامت برداشت کرنی پڑتی ہے۔

شاید بعض نسخوں میں (''مدفوع'' کی بجائے) ''مرفوع'' ''راء'' کے ساتھ ہے۔ کیونکہ قاضی بیضاوی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ''الا شعث'' کا معنی ہے وہ شخص جس کا سر غبار آلود ہو اور بال بکھرے ہوئے ہوں۔ اور (اس مادہ کی) اصل ترکیب تفرق اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انتشارہ (کے معنی پر دلالت کرتی) ہے۔ مگر دُرست "مدفوع" دال کے ساتھ ہے۔ یعنی بڑے لوگوں کے پاس جانے اور محفلوں میں حاضر ہونے سے اُس کو روکا جاتا ہے۔ اور اُس کو کسی دروازے سے اندر جانے نہیں دیا جاتا ہے۔ چہ جائیکہ اُن کے درمیان جا کر مجلس میں بیٹھ جائے۔

قولہ: لو اقسم علی اللہ لابرہ یعنی اللہ کے کسی کام پر قسم اُٹھائے مثلاً قسم اُٹھائے کہ اللہ اس طرح کرے گا یا مثلاً اللہ ایسا نہیں کرے گا تو اللہ تعالیٰ اُسکی قسم کو سچا کر دکھاتے ہیں اور اُسکی قسم کو پورا کر دیتے ہیں۔ اس طرح کہ وہ کام کر دیتا ہے جو قسم کے موافق ہوتا ہے۔ جیسا کہ انس بن نضر کے ساتھ ہوا۔ جب حضور علیہ السلام نے فرمایا: "کتاب اللہ القصاص" تو انس بن نضر نے قسم کھا کر فرمایا: "واللہ لاتکسر ثنیتھا خدا کی قسم اس کے دانت نہیں توڑے جائیں گے چنانچہ جب قصاص والوں نے قصاص چھوڑا دیا تو اس عورت کے گھر والے دیت پر راضی ہوگئے۔ قاضی فرماتے ہیں مطلب یہ ہے اگر اللہ سے کوئی چیز مانگے اور قسم اُٹھائے کہ یہ کام کرے گا تو اللہ اس کے اس قول میں اس کو نامراد نہیں کرتے۔ یعنی کسی شخص کے کسی چیز کی قسم اُٹھانے کی قبولیت کو اُس قسم کے پورا ہونے کے ساتھ تشبیہ دی گئی۔

شارح فرماتے ہیں بعض نے کہا ہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ اگر اللہ پر اس طرح قسم اُٹھائے کہ اے اللہ میں تیرے جلال کے واسطے تجھ پر قسم اُٹھاتا ہوں کہ تو اس طرح کر دے یعنی اُسکی قسم کو سچا کر دیتے ہیں۔ اور اس قسم کی قسم میں سچ اور جھوٹ کا کوئی دخل نہیں کہ نیک لوگ اس میں داخل ہوں۔ میری رائے ہے کہ وہی کہا جا سکتا ہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ اُسکی اُمید کو سچا کر دیتا ہے اور دُعاء کو قبول کر لیتا ہے۔

تخریج: اس حدیث کو امام احمد نے بھی نقل کیا ہے اور حاکم کی ایک روایت اور حلیہ میں ابونعیم سے یہ الفاظ منقول ہیں:

رب اشعث اغبر ذی طمرین تنبو عنہ اعین الناس لو اقسم علی اللہ لابرہ

"بہت سے پراگندہ بال غبار آلود اور دو پرانے کپڑوں والے افراد کہ جن کو لوگ نفرت کی نگاہوں سے دیکھتے ہوں اگر اللہ کے نام کی قسم کھائیں۔ تو اللہ اُنکی قسم پوری کر دیتا ہے۔"

۵۲۳۲ : وَعَنْ مُصْعَبِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ رَاٰی سَعْدٌاَنَّ لَہٗ فَضْلاً عَلٰی مَنْ دُوْنَہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَلْ تُنْصَرُوْنَ وَتُرْزَقُوْنَ اِلَّا بِضُعَفَاءِکُمْ۔ (رواہ البخاری)

اخرجہ البخاری فی صحیحہ ۸۸/۶ حدیث رقم ۲۸۹۶ واحمد فی المسند ۱۷۳/۱۔

ترجمہ: "حضرت مصعب بن سعد (تابعی) کہتے ہیں کہ (میرے والد) حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے اپنے بارے میں یہ خیال کیا کہ وہ اس شخص سے افضل ہیں جو ان سے کمتر ہے (یعنی ضعیف و ناتواں شخص یا فقیر و مفلس) چنانچہ رسول کریم ﷺ نے (ان کا یہ گمان ختم کرنے اور دوسروں کو آگاہ کرنے کے لئے) فرمایا: تمہیں (دشمنانِ دین کے مقابلہ پر) مدد و سہارا اور رزق انہی لوگوں کی برکت سے ملتا ہے جو کمزور اور ناتواں اور مفلس و نادار ہیں"۔ (بخاری)

تشریح: یعنی شجاعت یا سخاوت وغیرہ کی وجہ سے وہ ان فقراء و ضعفاء سے افضل ہیں جو ان سے کمتر ہیں۔ یعنی لہٰذا فقراء عباد و بلاد کیلئے بمنزلہ اقطاب و اوتاد (کیل اور سہارا) کے ہیں۔ حاصل یہ کہ دشمنوں کے خلاف اللہ کی طرف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے تمہاری مدد اور اغنیاء کیلئے رزق کی وسعت فقراء کی برکت سے ہے۔لہٰذا ان کا اکرام کرو اور اُن کے مقابلہ میں تکبر نہ کرو۔کیونکہ یہ لوگ تنگدستی کی حالت میں اللہ کی محبت کی راہ پر چلنے والے ہیں اور جنت میں عزت کے اعلیٰ مراتب والے ہیں۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ''ان له فضلا'' کا مطلب ہے ان کی شجاعت، اعزاز اور سخاوت ہے۔لہٰذا حضور علیہ السلام نے جواب میں فرمایا کہ یہ شجاعت کمزور مسلمانوں کی برکت سے ہے اور یہ سخاوت بھی کمزور مسلمانوں کی برکت سے ہے۔اور اس بات کو استفہام کی صورت میں اسلئے بیان کیا تا کہ مزید تعزیر و توبیخ (سخت ڈانٹ اور ملامت) پر دلالت کرے۔

تخریج: اس حدیث کو ابونعیم نے حلیہ میں ان الفاظ سے بیان کی:

هل تنصرون الا بضعفائكم بدعوتهم واخلاصهم

''تمہاری مدد صرف کمزور مسلمانوں کی دعاؤں اور ان کے اخلاص کی وجہ سے کی جاتی ہے۔''

۵۲۳۳ : وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْتُ عَلٰى بَابِ الْجَنَّةِ فَكَانَ عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا الْمَسَاكِيْنَ وَاَصْحَابُ الْجَدِّ مَحْبُوْسُوْنَ غَيْرَاَنَّ اَصْحَابَ النَّارِ قَدْ اُمِرَبِهِمْ اِلَى النَّارِ وَقُمْتُ عَلٰى بَابِ النَّارِ فَاِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَاءُ. (متفق علیه)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۱۱/ ٤١٥ حدیث رقم ٦٥٤٧ومسلم فی صحیحه ٤/ ٢٠٩٦ حدیث رقم (٩٣-٢٧٣٦) واحمد فی المسند ٥/ ٢٠٥۔

ترجمہ: ''حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ (ایک روز) رسول اللہ ﷺ فرمانے لگے کہ میں (معراج کی رات' یا خواب میں' یا حالت کشف میں) جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا تھا میں نے دیکھا کہ جو لوگ جنت میں داخل ہوئے ہیں ان میں اکثریت غریبوں کی ہے' اور صاحب ثروت کو قیامت کے میدان میں روک رکھا گیا ہے۔مگر اصحاب نار یعنی کافروں کو جہنم میں لے جانے کا حکم دے دیا گیا ہے اور جب میں جہنم کے دروازے پر کھڑا ہوا تو دیکھا کہ جو لوگ اس میں ڈالے گئے ہیں ان میں اکثریت عورتوں کی ہے''۔(بخاری و مسلم)

تشریح: **قوله: قمت على باب الجنة فكان عامة من دخلها۔**

''عامة'' مرفوع ہے' اور بعض نے منصوب کہا ہے۔

قوله: واصحاب الجد محبوسون:

اور جامع میں ''واذا اصحاب الجد'' کے الفاظ ہیں۔

''الجد'' ''جیم'' کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

یعنی مؤمنین میں سے مال والے اغنیاء اور اُمراء یعنی قیامت کے دن صحراء میں روکے گئے تھے۔خلاصہ یہ کہ فانی نصیب والے یعنی اموال والے اور عہدوں والے اپنے اموال کی کثرت اور عہدے اور ان کی وجہ سے دنیاوی لذات اور نفس کی خواہشات کو پورا کرتے ہوئے عیش و عشرت کی زندگی گزارنے کی وجہ سے طویل حساب میں مبتلا ہونگے اور قیامت کے میدان میں اُن کو روک دیا جائے گا کیونکہ حلال دنیا کا حساب ہوگا۔اور حرام پر سزا ملے گی اور فقراء اس سے بری ہیں۔اس لئے نہ تو ان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے حساب ہوگا اور نہ جنت میں داخل ہونے سے روکا جائے گا۔ بلکہ اغنیاء سے چالیس برس پہلے جنت میں داخل ہوں گے۔ اور یہ آخرت میں فوت شدہ دنیا کا بدلہ ہوگا۔

قولہ: غیر أن اصحاب النار قد امر بهم الی النار:

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یعنی کفار کو دوزخ میں داخل کر دیا جائے گا اور ایمان والوں کو محشر کے میدان میں حساب کیلئے روک دیا جائے گا اور فقراء فقر کی وجہ سے جنت کی طرف سبقت لے جائیں گے کہ میدان میں رُکے بغیر بڑھتے چلے جائیں گے۔

اور جامع میں ''الا اصحاب النار فقد امربهم الی النار'' کے الفاظ ہیں۔

خلاصہ یہ کہ ''غیر'' ''لکن'' کے معنی میں ہے مطلب یہ ہے۔ کہ مسلمانوں کی دو قسمیں ہوں گی' ایک محبوسین دوسرے مدخلین (یعنی وہ مؤمنین جن کو جنت میں داخل کر دیا جائے گا۔ لیکن کفار کی ایک ہی قسم ہوگی ان کے جہنم میں جانے کا فیصلہ ہوگا۔

قولہ: وقمت علی باب النار فاذا عامة من دخلها (النساء: کیونکہ عورتیں دنیا کی طرف کثرت سے مائل ہوتی ہیں اور مردوں کو آخرت کی تیاری سے روکتی ہیں۔

تخریج: احمد اور نسائی نے اس حدیث کو نہی (یعنی اسامہ بن زید) سے روایت کیا ہے۔

۵۲۳۴ : وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِطَّلَعْتُ فِي الْجَنَّةِ فَرَأَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا الْفُقَرَآءُ وَاطَّلَعْتُ فِي النَّارِ فَرَأَيْتُ اَكْثَرَ اَهْلِهَا النِّسَآءُ. (متفق علیه)

اخرجه البخاری فی صحیحه ٤١٥/١١ حدیث رقم ٦٥٤٦ ومسلم فی صحیحه ٢٠٩١/٤ حدیث رقم (٩٤-٢٧٣٧) والترمذی فی السنن ٦١٧/٤ حدیث رقم ٢٦٠٢ واحمد فی المسند ٢٣٤/١۔

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے جنت میں جھانک کر دیکھا تو مجھے جنت والوں کی اکثریت غرباء مساکین کی نظر آئی اور دوزخ میں جھانک کر دیکھا تو اس میں اکثر تعداد عورتوں کی دکھائی دی''۔

تشریح: قولہ: اطلعت فی الجنة فرأیت اکثر اهلها الفقراء ''فی'' بمعنی ''علی'' کے ہے۔ چونکہ اللہ جل شانہ کا فرمان ہے: **لو اطلعت علیهم** [الکهف:١٨] اگر اے مخاطب تو ان کو جھانک کر دیکھتا'' ''فی'' علی کے معنی میں ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری ہے: **لاصلبنکم فی جذوع النخل۔** سب کو کھجوروں کے درختوں پر ٹنگواتا ہوں''۔

حاصل یہ کہ میں نے جنت کی طرف دیکھا اور اُسکے احوال پر مطلع ہوا۔

فرایت: ''علمت'' کے معنی میں ہے۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ **اطلعت**، تاملت کے معنی کو اور ''رایت'' علمت کے معنی کو متضمن ہے۔ اسلئے دو مفعولوں کی طرف متعدی ہیں۔ اور اگر ''الاطلاع'' اپنے حقیقی معنی پر محمول ہوتا تو اس کے لئے ایک مفعول کافی ہوتا۔ انتہیٰ۔ مگر اس پر اشکال ہے۔ وہ یہ کہ یہاں یہ دو مفعولوں کی طرف متعدی نہیں ہے۔ جیسا کہ یہ بات واضح ہے۔

تخریج: اس حدیث کو بخاری نے عمران بن حصین اور ابوہریرہؓ کے حوالہ سے بھی نقل کیا ہے۔ اور مسلم نے ابن عباسؓ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حوالہ سے اور ترمذی نے عمرانؓ اور ابن عباسؓ کے حوالہ سے نقل کیا ہے۔ اسی طرح شیخ جزری نے فرمایا ہے۔

میرک نے ذکر کیا ہے کہ اس بناء پر حدیث کے آخر میں مؤلف کا ''متفق علیہ'' کہنا تامل سے خالی نہیں۔ اس کی یہ توجیہ ہو سکتی ہے کہ اس کی بنیاد مسامحت پر ہے۔ چونکہ حدیث کے الفاظ میں اتفاق ہے اگر چہ صحابی کے بارے میں اختلاف ہے جن سے حدیث نقل کی گئی ہے۔ ہاں صحیح اس طرح تھا کہ یوں کہتے کہ اس حدیث کو مسلم نے روایت کیا ہے اور بخاری نے اس حدیث کو عمران بن حصینؓ سے روایت کیا ہے۔ جیسا کہ بعینہٖ اسی حدیث کو ذکر کرنے کے بعد جامع میں یوں فرمایا ہے: اس حدیث کو احمد مسلم اور ترمذی نے ابن عباسؓ سے اور بخاری و ترمذی نے عمران بن حصینؓ سے روایت کیا ہے۔

۵۲۳۵ : وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْ لُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فُقَرَآءَ الْمُهَاجِرِيْنَ يَسْبِقُوْنَ الْاَغْنِيَآءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلَى الْجَنَّةِ بِاَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا۔ (رواہ مسلم)

اخرجه مسلم فی صحیحه ۲۲۸۵/٤ حدیث رقم (۳۷-۲۹۷۹) وابن ماجه فی السنن ۱۳۸۱/۲ حدیث رقم ٤۱۲۳ والدارمی فی السنن ٤۳۷/۲ حدیث رقم ۲۸٤٤ واحمد فی المسند ۱٦۹/۲

ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: فقراء مہاجرین قیامت کے دن جنت میں اغنیاء (مالداروں) سے چالیس سال پہلے داخل ہو جائیں گے۔ (مسلم)

تشریح: قوله: ان فقراء المهاجرين يسبقون الاغنياء

يوم القيامة الى الجنة بأربعين خريفا: لہٰذا غیر مہاجرین سے تو بطریق اولیٰ سبقت کر جائیں گے اسی وجہ سے اغنیاء کو مطلق رکھا گیا۔ اسی پر قیاس کیا جائے گا ہر وقت اور ہر جگہ فقراء کو اُس جگہ اور اُس وقت کے اغنیاء کے مقابلہ میں۔ چونکہ اغنیاء تو حساب دینے میں لگے ہوں گے اور فقراء حساب دینے کی مشقت سے خلاصی پا چکے ہوں گے۔ مفلس دنیا میں بھی اللہ کی امان میں ہوتا ہے آخرت میں بھی اللہ کی امان میں ہوگا۔

الى الجنة: ''يسبقون'' کے متعلق ہے۔

خريفا: طیبی رحمہ اللہ نے نہایہ سے نقل کرتے ہوئے فرمایا کہ ''خریف'' اُس معروف وقت کو کہتے ہیں جو موسم گرما اور موسم سرما کے درمیان ہوتا ہے لیکن (یہاں) اس سے مراد سال ہے کیونکہ خریف سال میں ایک ہی مرتبہ آتا ہے۔ (انتہی) لہٰذا معنی یہ ہوا کہ دنیا آخرت کے چالیس برس کے بقدر ہے۔ نیز یہ بھی احتمال ہے کہ اس سے کثرت مراد ہو۔ شریعت میں معتبر کیفیت اور کمیت میں فقراء اور اغنیاء کے احوال کے مختلف ہونے سے حکم مختلف ہوگا۔ خلاصہ یہ ہے کہ آخرت میں فقراء کیلئے اس موت کے دوران اچھی زندگی ہوگی اور یہ بدلہ ہوگا اس بات کا کہ ان فقراء سے دنیا کی نعمتیں فوت ہوگئی تھیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓئًا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ﴾ [الحاقة: ۲٤]

'' کھاؤ اور پیو مزے کے ساتھ ان اعمال کے صلہ میں جو تم نے گزشتہ ایام (یعنی زمانہ قیام دنیا) میں کئے ہیں''۔

یعنی گزرے ہوئے ایام میں یا اُن ایام میں جو کھانے پینے سے خالی تھے روزوں کی وجہ سے یا بھوک کے وقت حدیث میں وارد ہوا ہے جو کہ پہلے گزر چکا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''قیامت کے دن سب سے زیادہ دیر تک وہ لوگ بھوکے رہیں گے جو دنیا میں زیادہ دیر تک سیر رہے۔

اور ہم نے جو مراتب کا اختلاف ذکر کیا اس کی تائید اُس حدیث سے ہوتی ہے جو ابن ماجہ میں ابوسعید کے حوالہ سے ان الفاظ کے ساتھ گزری ہے:

''فقراء مہاجرین اپنے اغنیاء سے پانچ سو برس پہلے جنت میں داخل ہونگے۔''

۵۲۳۶ : وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ مَرَّرَجُلٌ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِرَجُلٍ عِنْدَهٗ جَالِسٌ مَا رَأْيُكَ فِي هٰذَا فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ اَشْرَافِ النَّاسِ هٰذَا وَاللّٰهِ حَرِيٌّ اِنْ خَطَبَ اَنْ يُّنْكَحَ وَاِنْ شَفَعَ اَنْ يُّشَفَّعَ فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ مَرَّرَجُلٌ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَأْيُكَ فِيْ هٰذَا فَقَالَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا رَجُلٌ مِنْ فُقَرَآءِ الْمُسْلِمِيْنَ هٰذَا حَرِيٌّ اِنْ خَطَبَ اَنْ لَّايُنْكَحَ وَاِنْ شَفَعَ اَنْ لَّايُشَفَّعَ وَاِنْ قَالَ اَنْ لَّايُسْمَعَ لِقَوْلِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا خَيْرٌ مِّنْ مِّلْءِ الْاَرْضِ مِثْلَ هٰذَا. (متفق علیہ)

اخرجہ البخاری فی صحیحہ ۲۷۲/۱۱ حدیث رقم ٦٤٤٧ وابن ماجہ فی السنن ۱۳۷۹/۲ حدیث رقم ٤١٢٠۔

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ (ایک دن) رسول اللہ ﷺ کے سامنے سے ایک شخص گزرا تو آپ ﷺ نے (اس کو دیکھ کر) اپنے پاس بیٹھے ہوئے ایک شخص سے پوچھا کہ یہ جو شخص گزرا ہے اس کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے' اس شخص نے جواب دیا کہ یہ شخص نہایت معزز اور شریف ترین لوگوں میں سے ہے' بخدا اس شخص کی حیثیت یہ ہے کہ اگر کسی عورت سے نکاح کا پیغام بھیجے تو اس عورت سے اس کا نکاح ہو جائے اور اگر (کسی حاکم وسردار سے کسی شخص کے بارے میں) کوئی سفارش کرے تو اس کی سفارش مان لی جائے! راوی حضرت سہل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ (یہ جواب سن کر) خاموش رہے' اتنے میں ایک دوسرا شخص سامنے سے گزرا تو آپ ﷺ نے (اس کو دیکھ کر) اپنے پاس بیٹھے ہوئے اسی شخص سے پوچھا کہ اچھا' اس شخص کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟ اس نے جواب دیا کہ یا رسول اللہ! یہ شخص نادار' قلاش مسلمانوں میں سے ہے' اس کی حیثیت تو یہ ہے کہ اگر نکاح کا پیغام دے تو اس سے کوئی نکاح نہ کرے' اگر کسی کی سفارش کرے تو اس کی سفارش قبول نہ ہو اور اگر کوئی بات کہے تو اس کی وہ بات سننے پر کوئی تیار نہ ہو (یعنی یہ شخص اپنے فقر وافلاس کی وجہ سے اتنی قدر ومنزلت نہیں رکھتا کہ کوئی شخص اس کی بات سننے پر آمادہ ہو جائے اور اس کی طرف التفات وتوجہ کرے) رسول کریم ﷺ نے (یہ سنا تو) فرمایا: ''یہ شخص دوسرے جیسے زمین بھر لوگوں سے بہتر ہے۔ جس کی تم نے تعریف کی ہے''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله : فقال لرجل عنده جالس : بظاہر یہ شخص مالداروں میں سے تھا۔ حضور علیہ السلام کے سوال وجواب میں فقراء کی فضیلت پر بڑی تنبیہ ہے

''جالس'' جر کے ساتھ ''رجل'' کی صفت ہے۔ اور ایک نسخہ میں مرفوع ہے ظرف کا فاعل ہونے کی بناء پر' یا خبر کے خبر ہونے کی بناء پر یا مبتدا محذوف کی خبر ہونے کی بناء پر اور مبتدا محذوف ''ھو'' ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''قوله: فقال رجل من أشراف الناس..... :رجل'' مبتدا محذوف کی خبر ہے۔ای هو رجل أو هذا الماررجل.

'' اشراف الناس'' :بڑے اور اُونچے لوگ۔

هذا :یعنی بعینہ یہی شخص یا اس جیسا شخص۔

و الله حری ''فعیل'' کے وزن پر ہے۔ یہ ''هذا'' کی خبر ہے اور قسم مبتدا اور خبر کے درمیان بطور جملہ معترضہ کے مذکور ہے۔ (لائق اور حق دار) ہے۔

ان ینکح :مجہول کے صیغہ کے ساتھ

وان شفع ان یشفع: یعنی کوئی چیز عطاء کرنے یا کسی مصیبت کے دفع کرنے کیلئے حکام یا سرداروں کے پاس کسی کیلئے سفارش کردے۔

ان یشفع :صیغہ مجہول کا ہے۔

قوله: فقال یا رسول الله هذا رجل من فقراء المسلین هذا حری:

قسم کو ذکر نہیں کیا احتمال تھا کہ اس کے گمان کے خلاف معاملہ ہو جائے۔ جبکہ پہلی مرتبہ میں قسم کھا کر حکم میں تاکید پیدا کی اپنے گمان کے تحقق میں مبالغہ کیلئے۔ معنی یہ ہے کہ یہ لائق ہے۔

ان لا یسمع :مجہول کے صیغہ کے ساتھ اور نائب فاعل ''لقوله'' ہے

ایک عجیب قصہ نقل کیا ہے کہ ایک فقیر اجنبی ایک ایسے شخص کا رفیق بن گیا جس کے پاس ایک اُونٹ تھا۔ اُس شخص نے اُونٹ پر ایک بھاری وزن رکھا۔ فقیر نے پوچھا اس ایک طرف کا بوجھ کیا ہے اور اس دوسری طرف کا بوجھ کیا چیز ہے؟ اُس شخص نے جواب دیا کہ ایک جانب کا بوجھ غلہ ہے اور دوسری جانب کا بوجھ کنکریاں ہیں۔ تاکہ دونوں طرف کا وزن برابر ہو۔ فقیر نے کہا اگر تم کنکریوں کو گرادو اور غلہ کو تقسیم کر کے آدھا غلہ ایک جانب رکھو اور دوسرا آدھا غلہ کجاوہ کی دوسری جانب رکھ دو گے تو بوجھ کم ہو جائے گا اور تم بھی ساتھ بیٹھ جاؤ گے۔ اُس شخص نے کہا: بہت اچھا اللہ تیری اس بات میں برکت ڈالے۔ اس شخص نے اُس فقیر کی بات مانی اور اُسکے سامنے اُونٹ پر سوار ہوا۔ فقیر نے پوچھا کیا تم اپنی اس عقل کے ساتھ اپنے ملک میں بادشاہ ہو؟ اُس نے کہا نہیں۔ پھر پوچھا کیا تم وزیر ہو؟ جواب دیا نہیں اسی طرح اُس فقیر نے امیر، تاجر، سردار اُونٹوں کا مالک، گھوڑوں کا مالک بکریوں کا مالک اور صاحب زراعت ہونے کے بارے میں باری باری سوال کیا۔ اور وہ شخص جواب میں ''نہیں'' کہتا رہا۔ پھر فقیر نے پوچھا کیا تم اپنی اس عقل کے ساتھ اپنے ملک کے فقیر ہو۔ اُس نے کہا: جی ہاں' وہ صاحب شتر بولا: **انت شوم ووجهك شوم ومن یسمعك ایضاشوم**'' یہ کہہ کر اپنے اونٹ سے اترا اور حکم دیا کہ سامان کو پہلی حالت پر کر دیا جائے۔

اس طرح کے واقعات کا اس دنیا میں بکثرت مشاہدہ ہوتا رہتا ہے۔ مثلاً مفلس عالم اور دنیوی لحاظ سے کم رتبہ شیخ کی بات کی طرف کوئی توجہ نہیں کرتا اور اُسکے مرتبہ کے بقدر اُسکی تعظیم نہیں کی جاتی۔ مگر ایک عالم اور بزرگ اگر مشہور ہو اور اُسکے علم وجاہ کی خبریں پھیل گئی ہوں تو اُسکی بات مانی جاتی ہے اور اُسکے فعل کی لوگ اتباع کرتے ہیں۔ اگرچہ اُس کا علم وعمل درحقیقت کمزور بھی ہو۔ اللہ ہی اپنے دین اور اپنے نبی کی نصرت کرتا ہے۔ اسی طرح جب حضور اقدس ﷺ نے مال اور جاہ کو چھوڑا تو کفار حضور علیہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

السلام کے حق میں کہتے تھے: ﴿وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ﴾ [الزخرف:۳۱] ''اور کہنے لگے یہ قرآن اگر کلام (الٰہی) ہی ہے تو ان دونوں بستیوں مکہ اور طائف کے رہنے والوں میں سے کسی بڑے آدمی پر کیوں نہیں نازل کیا گیا۔''

''قریتین'' سے مراد مکہ اور طائف ہے' ہر بستی والے یہی بات کرتے تھے۔ اس کلام میں اس حالت پر اعتماد کرتے ہوئے تفصیل کی بجائے اجمال کے ساتھ ذکر کیا: ﴿اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا.....﴾ [الزخرف:۳۲] ''کیا یہ لوگ آپ کے رب کی رحمت (خاصہ یعنی نبوت) کو تقسیم کرنا چاہتے ہیں۔ دنیوی زندگی میں (تو) اُنکی روزی ہم (ہی) نے تقسیم کر رکھی ہے۔''

قوله: هذا خير من مل ألارض مثل هذا:

فقیر کا دل چونکہ تکبر وغیرہ سے خالی ہوتا ہے اسلئے اللہ کے امر کی قبولیت کے زیادہ قریب ہوتا ہے۔ اور اللہ کی محبت کے مرتبہ تک پہنچنے کے قریب ہوتا ہے۔ جبکہ نالائق مالداروں کے دلوں میں تکبر' فخر اور استغناء ہوتا ہے' وہ سرکش ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿سَاَصْرِفُ عَنْ اٰيٰتِىَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ﴾ [الاعراف:۱۴۶] 'میں ایسے لوگوں کو اپنے احکام سے برگشتہ ہی رکھوں گا جو دُنیا میں تکبر کرتے ہیں جس کا ان کو کوئی حق حاصل نہیں۔''

علماء کے شاگردوں صلحاء کے مریدین' انبیاء کے متبعین اور عبادت نماز وغیرہ میں آگے بڑھنے والوں میں دیکھی جا سکتی ہے۔ یہاں تک کہ حج جو کہ صرف مالداروں پر فرض ہے اس حج کے اخلاص کے ساتھ بغیر اغراض فاسدہ کے ادا کرنے والے بھی فقراء ہی ہیں۔

شارح نے لکھا ہے کہ ''مثل'' ''ملء الارض'' سے تمیز ہونے کی بنا پر منصوب ہے۔ اس کی تائید طیبی رحمہ اللہ کے قول سے بھی ہوتی ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ ''ملء الارضی'' اپنے ممیز کے اعتبار سے ''مفضل علیه'' ہے اور وہ ''مثل هذا'' ہے اسلئے کہ بیان اور مبین ایک ہی چیز ہیں۔ (انتہیٰ)

یہ بھی ممکن ہے کہ اس کا نصب عامل جار کے حذف کی وجہ سے ہو۔ اس کی تائید اس بات سے ہوتی ہے کہ ایک نسخہ میں جر کے ساتھ ہے۔ ای من مثل هذا الرجل الاول۔ لیکن تصحیح شدہ نسخوں میں پہلی والی عبارت ہے اور وہی معتمد ہے۔

اور ابن حجر نے جو فرمایا ہے ''مثل هذا'' میں ''لام'' مکسور ہے ورفتہ بھی دُرست ہے۔ یہ بات تمہیں دھوکہ میں نہ ڈالے۔ اور وہ پہلا شخص جو بڑے لوگوں میں سے تھا اُس سے مالدار مؤمنین میں سے کوئی ایک شخص مراد ہے۔ اور مقصود میں مبالغہ کے واسطے خاص فرد کو عام لفظ سے تعبیر کیا۔ کیونکہ مالداری کی وجہ سے خواص وعوام کے مزاج میں تکبر کا مادہ پیدا ہوتا ہے۔

یہ وہم نہ کرنا چاہیے کہ اس پہلے شخص سے مراد کوئی کافر شخص ہے' کیونکہ اس وقت کلام کا معنی درست نہ ہوگا۔ اسلئے کہ نبی علیہ السلام کے ارشاد ''هذا خير'' کا معنی ہے: ''هذا افضل منه'' جبکہ کفار اور اہل اسلام کے درمیان کوئی مفاضلہ ہے ہی نہیں' کیونکہ کفار میں کوئی چیز ہے ہی نہیں' یہاں تک کہ بعض علماء نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی یہ کہے کہ ''نصرانی مجوسی سے بہتر ہے۔'' اس کفر کا خوف ہے۔ اسلئے کہ اس شخص نے اُس کیلئے ہر قسم کی بہتری ثابت کیا جس میں کوئی بہتری ہے ہی نہیں۔ مگر اس شخص پر کفر کا فتویٰ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں لگایا گیا۔ اسلئے کہ ''خیر'' سے مراد حق کے زیادہ قریب ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰى﴾ [المائدۃ۔۸۲] ''تمام آدمیوں سے زیادہ مسلمانوں سے عداوت رکھنے والے آپ اُن یہود اور ان مشرکین کو پاویں گے اور اُن میں مسلمانوں کے ساتھ دوستی رکھنے کے قرب تر ان لوگوں کو پاویں گے جو اپنے کو نصاریٰ کہتے ہیں۔''

جیسا کہ ''خیر'' سے بعض اوقات صرف زیادہ اچھا مراد لیا جاتا ہے۔ اسی معنی میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے:

﴿اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا﴾ [الفرقان۔۲۴] ''اہل جنت اس روز قیام گاہ میں بھی اچھے رہیں گے اور آرام گاہ میں بھی خوب اچھے ہونگے۔''

لیکن اس حدیث کو اس باب میں ذکر کرنا دلالت کرتا ہے اس پر جو ہم نے ذکر کیا ہے اور وہ ہی درست ہے۔ اور یہ اس بات کے منافی نہیں جو امام غزالی نے ذکر کی ہے کہ گھٹیا درجے کے کافر فقیر کا عذاب مالدار کافر کے عذاب سے کم ہوگا۔ پس جب فقر جہنم میں کافر کو فائدہ دے رہا ہے تو جنت میں نیکوکار مسلمانوں کیلئے فقر کے فائدہ مند ہونے کے بارے میں تیرا کیا گمان ہے۔

۵۲۳۷ : وَعَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ مَاشَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ مِنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ يَوْمَيْنِ مُتَتَا بِعَيْنِ حَتّٰى قُبِضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (متفق علیہ)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۵۴۱۶/۹ حدیث رقم ۵۴۱۶ ومسلم فی صحیحه ۲۲۸۲/۴ حدیث رقم (۲۲-۲۹۷۰)

واخرجه النسائی فی السنن ۲۳۶/۷ حدیث رقم ۴۴۳۲ واخرجه ابن ماجه ۱۱۱۰/۲ حدیث رقم ۳۳۴۳۔

ترجمہ: ''اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ ایسا کبھی نہیں ہوا کہ محمد ﷺ کے اہل بیت (یعنی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن اور متعلقین) نے دو روز مسلسل جو کی روٹی سے پیٹ بھرا ہو (چہ جائیکہ گیہوں کی روٹی سے) یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ اس دنیا سے تشریف لے گئے''۔

راوئ حدیث:

سعید مقبری۔ یہ سعید بن ابی سعید مقبری ہیں۔ ابوسعید کا نام ''کیسان'' تھا۔ وہ چونکہ ایک مقبرہ کے قریب رہائش پذیر تھے اس لیے ''مقبری'' کہلاتے ہیں۔ اھ مؤلف رحمۃ اللہ علیہ نے ان کا اسم گرامی ''الاکمال'' میں ذکر نہیں فرمایا۔ ''المقبری'' میں میم مفتوح، قاف ساکن اور بائے موحدہ مضموم ہے۔ باء کو مفتوح و مکسور بھی پڑھا جاتا ہے۔

وعن سعید: اور ایک نسخہ میں ''ابوسعید'' مذکور ہے لیکن یہ غلط ہے۔ تصحیح شدہ نسخوں اور معتمد اُصول کے مخالف ہے۔ جیسا کہ بعض نے تصریح کی ہے کہ یہ سعید بن ابی سعید المقبری ہیں۔ اور ابوسعید کا نام کے سان ہے۔ یہ ایک مقبرہ کے پاس رہتے تھے۔ اس لئے مقبرہ کی طرف منسوب ہو گئے۔ اور مؤلف نے ان دونوں کا اسماء میں ذکر نہیں کیا۔

مقبری: ''میم'' کے فتحہ ''قاف'' کے سکون اور باء کے فتحہ یا ضمہ یا کسرہ کے ساتھ ''مقبرہ'' کی طرف منسوب ہے۔ اور مراد ابوسعید اور ان کا بیٹا سعید ہیں۔ معنی کے انساب میں اس طرح مذکور ہے۔

تشریح: مصلیة: صلیٰ سے اسم مفعول ہے۔ ''مرمیۃ'' کے وزن پر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب ایک دن سیر ہو کر کھاتے دوسرے دن فاقہ رہتا تھا۔ کیونکہ حضور علیہ السلام نے اسی طرح اختیار کیا تھا جس وقت حضور علیہ السلام کے سامنے زمین کے خزانے پیش کیے گئے۔ اور یہ پیشکش کی گئی کہ اگر چاہیں تو مکہ کے پہاڑ سونا بن جائیں مگر حضور علیہ السلام نے فقر کو اختیار کیا۔ اور فرمایا کہ ایک دن بھوکا رہوں اور صبر کروں اور دوسرے دن سیر ہو کر کھاؤں تا کہ شکر کروں۔ کیونکہ ایمان کے دو حصے ہیں' ایک حصہ شکر ہے۔ اور دوسرا حصہ صبر ہے۔ جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے:

﴿ان فی ذالك لايات لكل صار شكور﴾ [ابراهيم ۔ ۵' لقمان ۔ ۳۱' سبا ۔ ۱۹' الشوری ۔ ۳۳]

''بے شک اس میں نشانیاں ہیں ہر صابر شاکر کیلئے''

یعنی ہر اُس مؤمن عالم و عامل کیلئے جس کے اندر یہ دونوں وصف ہوں۔

''حتیٰ'' یعنی مذکور طریقے سے آپ علیہ السلام کا بھوکا رہنا برقرار رہا یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔ وفات کے وقت ایک صاع جو کے ادھار کے بدلہ میں آپ کی زرہ ایک یہودی کے پاس گروی تھی۔ اس میں اُن لوگوں پر رد ہے جو کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام آخری عمر میں مالدار ہو گئے تھے۔ ہاں آپ علیہ السلام کے پاس بہت اموال آ گئے تھے۔ لیکن حضور علیہ السلام مال نے اپنے پاس نہیں رکھا' بلکہ اللہ کی رضا حاصل کرنے کیلئے خرچ کیا اور آپ علیہ السلام کا دل ہمیشہ غنی رہا' اللہ کی طرف سے دل کا غنا عطا ہوا تھا۔

تخریج: اس حدیث کو ترمذی نے شمائل میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے۔ اور ابن عباسؓ سے مروی ہے:

قال كان رسول الله ﷺ يبيت الليالى المتتابعة طاويا اى جائعا هو واهله لا۔ يجرون عشاء' وكان اكثر خبزهم الشعير۔

''حضور علیہ السلام اور حضور کے گھر والے مسلسل کئی راتوں تک خالی پیٹ سوتے تھے' رات کا کھانا نہیں ملتا تھا' اور اکثر اُنکی روٹی جو کی روٹی ہوتی تھی۔''

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہمارے زمانہ میں کوئی فقیر بھی حضور علیہ السلام کی طرح زندگی نہیں گزارتا' حالانکہ حضور علیہ السلام تمام انبیاء میں افضل نبی تھے۔ چنانچہ حضور علیہ السلام کے اس فعل میں فقراء کیلئے بہت تسلی ہے جیسا کہ آپ علیہ السلام کے قول میں مالداروں کیلئے بہت بڑی وصیت ہے۔ آپ علیہ السلام تمام عالموں کیلئے رحمت ہیں اور باعمل علماء کے امام ہیں۔

۵۲۳۸ : وَعَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ مَرَّ بِقَوْمٍ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ شَاةٌ مُّصْلِيَّةٌ فَدَعَوْهُ فَاَبٰى اَنْ يَّاْكُلَ وَقَالَ خَرَجَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الدُّنْيَا وَلَمْ يَشْبَعْ مِنْ خُبْزِ الشَّعِيْرِ (رواه البخارى)

اخرجه البخارى فى صحيحه ۵۴۱۴/۹ حديث رقم ۵۴۱۴۔

ترجمہ: ''حضرت سعید مقبری (تابعیؒ) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ (ایک روز) وہ (حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ) کچھ لوگوں کے پاس سے گزرے (جو کھانا کھانے کے لئے ایک مقام پر دستر خوان لگائے ہوئے تھے) اور ان کے سامنے بھنی ہوئی بکری رکھی تھی' انہوں نے (کھانے کے لئے) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بھی دعوت دی' مگر انہوں نے کھانا کھانے سے انکار کر دیا۔ اور (اپنے نہ کھانے کے عذر میں) فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ اس دنیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے اس حال میں کوچ فرما گئے کہ جناب نے جو کی روٹی کو بھی سیر ہو کر نہ کھایا۔ (لہٰذا میں کیسے گوارا کر سکتا ہوں کہ بھنی ہوئی بکری سے تلذذ حاصل کروں)''۔ (بخاری)

۵۲۳۹ : عَنْ اَنَسٍ اَنَّهٗ مَشٰى اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخُبْزِ شَعِيْرٍ وَاِهَالَةٍ سَنِخَةٍ وَلَقَدْ رَهَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِرْعًا لَهٗ بِالْمَدِيْنَةِ عِنْدَ يَهُوْدِيٍّ وَاَخَذَ مِنْهُ شَعِيْرًا لِاَهْلِهٖ وَلَقَدْ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ مَا اَمْسٰى عِنْدَالِ مُحَمَّدٍ صَاعُ بُرٍّ وَلَا صَاعُ حَبٍّ وَاِنَّ عِنْدَهٗ لَتِسْعَ نِسْوَةٍ (رواه البخاری)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۳۰۲/٤ حدیث رقم ۲۰٦۹ وابن ماجه فی السنن ۱۳۸۹/۲ حدیث رقم ٤۱٤۷ واحمد فی المسند ۱۳۳/۳

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ (ایک بار) وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں جو کی روٹی اور ایسی چربی لے کر آئے جو زیادہ دن پڑے رہنے کی وجہ سے بدبودار ہو کر رنگ بدل گئی تھی۔ نیز (حضرت انس رضی اللہ عنہ ہی نے بیان کیا) کہ حضور اکرم ﷺ نے (ایک بار) اپنی زرہ مدینہ میں ایک یہودی کے پاس گروی رکھ کر اس سے اپنے گھر والوں کے لئے کچھ جو لئے''۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرنے والے نے یہ بھی بیان کیا کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ محمد ﷺ کے اہل بیت کی ایسی کوئی شام نہیں ہوتی تھی جس میں ان کے پاس ایک صاع گندم یا کوئی اور اناج رہتا ہو حالانکہ حضور ﷺ کی نو ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن تھیں''۔ (بخاری)

تشریح: **بخبز شعیر**: ''باء'' مصاحبت کیلئے ہے۔ **أی مصحوبا به.**

اهالة: ہمزہ کے کسرہ کے ساتھ ہر وہ تیل جس میں سالن تیار کیا جائے۔

سنخة ''سین'' کے فتحہ ''ون'' کے کسرہ ''خاء'' کے فتحہ اور اس کے بعد ''ھاء''۔ یعنی زیادہ دیر تک پڑے رہنے کی وجہ سے بدبودار ہو گیا تھا۔ نہایہ میں مذکور ہے کہ دُنبہ کی پگھلی ہوئی چکی اور چربی کو ''اھالۃ'' کہتے ہیں۔

''السنخة'' کا معنی گلا سڑا بدبودار۔

جیسا کہ اللہ نے ارشاد فرمایا: ﴿قل لا اسئلكم عليه من اجر ان اجرى الا على الله﴾ [الشوری:۲۳]

اسی طرح کا واقعہ امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں منقول ہے کہ اگر کوئی شخص امام صاحب سے اُدھار مانگ لیتا تو اُس شخص کی دیوار کے سایہ میں کھڑے نہ ہوتے تھے۔ اس حدیث کی وجہ سے جس میں ارشاد ہے:

كل قرض جر نفعا فهو ربا۔ ''جو بھی قرض کوئی نفع کھینچ کر لائے وہ سود ہے''۔

کہا جاتا ہے کہ امام حمزہ جو قراء سبعہ میں سے ہیں۔ اور جن کی منقبت میں شاطبی رحمہ اللہ نے فرمایا:

وحمزة ماز كاه من متورع
اماما صبورا للقران مرتلا

''حمزہ ایک بہت پاکیزہ اور پرہیزگار انسان تھا' امام تھا' صابر تھا۔ اور قرآن کو ترتیل کے ساتھ پڑھنے والا تھا''۔

وہ قرآن سنانے پر اُجرت نہیں لیتے تھے۔ کیونکہ قرآن پر اُجرت لینے کے بارے میں وعید جس حدیث میں وارد ہوئی اُس حدیث کی بناء پر اُن کا یہی مذہب تھا۔ یا کمال تقویٰ کی وجہ سے اس طرح کرتے تھے۔ یہاں تک کہ ایک شاگرد نے گرمی کے دن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پانی پیش کیا' تو انہوں نے پانی نہیں لیا۔

کہا جاتا ہے وہ کہ ایک مرتبہ کنوئیں میں گر گئے' جو شخص بھی ان کو کنوئیں سے نکالنے کیلئے کنوئیں کے پاس آتا تو پوچھتے کہ کیا تم نے مجھ سے پڑھا ہے؟ جب وہ کہتا کہ جی ہاں تو کنوئیں سے باہر آنے کیلئے اُس سے مدد نہیں لیتے تھے۔ کوفہ والے سارے ان کے شاگرد تھے چنانچہ سارے عاجز آ گئے۔ پھر ان کو ایک اعرابی ملا اس کو لے کر آئے۔ اُس نے امام حمزہ کو نکالا لیکن اُس نے امام حمزہ کو پہلے یقین دہانی کروائی کہ نہ تو خود براہ راست ان سے پڑھا ہے اور نہ ان کے کسی شاگرد سے پڑھا ہے۔

قولہ: ولقدسمعته يقول :طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مفعول کی ضمیر انسؓ کی طرف اور فاعل کی ضمیر انسؓ سے روایت کرنے والے کی طرف راجع ہے۔ ابن ملک اور دوسرے شراح نے بھی انہی کی اتباع کی ہے۔

اى قال راوى الحديث عن انس: سمعت انسا" یعنی حدیث کے راوی کہتے ہیں کہ میں نے انسؓ سے سنا:

"قوله:ما أمسى عند آل محمد صاع ولا صاع" تخصیص کے بعد تعمیم ہے مطلب یہ ہے کہ حضور علیہ السلام نے رات کو صبح کیلئے نہیں رکھا۔

قوله:وان عنده لتسع نسوة:"ان" ہمزہ کے کسرہ کے ساتھ ہے اور یہ جملہ حالیہ ہے۔ اور بعض روایات میں ہے:" وان عنده يومئذلتسع نسوة" یہ جملہ راوی کا کلام ہے۔ راوی نے حدیث منقطع کر دی اور اپنی طرف سے یہ جملہ ذکر کیا۔ جنہوں نے یہ تاویل کی ہے کہ اس کلام میں التفات ہے تو یہ تاویل غیر معتبر ہے۔ اختلاف تو اس کے ماقبل میں ہے۔ کیونکہ بعض کہتے ہیں کہ زیادہ دُرست یہ ہے کہ مفعول کی ضمیر نبی علیہ السلام کی طرف راجع ہے اور فاعل کی انسؓ کی طرف راجع ہے۔ جب کہ شیخ ابن حجر عقلانی رحمہ اللہ نے اس کی تصریح کی ہے۔ اس پر احمد کی روایت "قال ولقد سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم الخ دلالت کرتی ہے۔ اور اس کی تائید "ماامسى عند آل محمد" کے الفاظ سے بھی ہوتی ہے۔ اسلئے کہ اگر یہ راوی کا کلام ہوتا تو مناسب تھا۔ کہ یوں کہتے: "عند النبى صلى الله عليه وسلم" واللہ تعالیٰ اعلم

۵۲۴۰ : وَعَنْ عُمَرَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا هُوَ مُضْطَجِعٌ عَلٰى رُمَالِ حَصِيْرٍ لَيْسَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَهٗ فِرَاشٌ وَقَدْ أَثَّرَ الرِّمَالُ بِجَنْبِهٖ مُتَّكِئًا عَلٰى وِسَادَةٍ مِنْ أَدَمٍ حَشْوُ هَالِيْفٌ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اُدْعُ اللّٰهَ فَلْيُوَسِّعْ عَلٰى أُمَّتِكَ فَإِنَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ قَدْ وُسِّعَ عَلَيْهِمْ وَهُمْ لَايَعْبُدُوْنَ اللّٰهَ فَقَالَ أَوَفِى هٰذَا أَنْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ أُولٰئِكَ قَوْمٌ عُجِّلَتْ لَهُمْ طَيِّبَاتُهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِىْ رِوَايَةٍ أَمَا تَرْضٰى أَنْ تَكُوْنَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْأٰخِرَةُ. (متفق عليه)

اخرجه البخارى فى صحيحه ٦٥٧/٨ حديث رقم ٤٩١٣ومسلم فى صحيحه ١١٠٥/٢ حديث رقم (٣٠-١٤٧٩) وابن ماجه فى السنن ١٣٩٠/٢ حديث رقم ٤١٥٣ واحمد فى المسند ١٤٠/٣

ترجمہ:"حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ (ایک روز) میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ حضور ﷺ کھجور کے پتوں کی چٹائی پر لیٹے ہوئے تھے' آپ ﷺ کے جسم اطہر اور چٹائی کے درمیان کچھ بھی حائل نہ تھا جس کی وجہ سے حضور ﷺ کے پہلوئے مبارک پر چٹائی نے نشان بنا ڈالے تھے اور آپ ﷺ نے سر مبارک کے نیچے جو تکیہ رکھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوا تھا وہ چمڑے کا تھا جس کا بھراؤ کھجور کی چھال تھی' میں نے (سرور دو عالم کو اس حالت میں دیکھ کر) عرض کیا کہ یا رسول اللہ! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمایئے کہ وہ آپ ﷺ کی امت کو مالی وسعت اور خوش حالی فرما دے؟ فارس اور روم کے لوگوں کو کس قدر وسعت وخوشحالی عطا کی گئی ہے حالانکہ وہ تو اللہ تعالیٰ کی عبادت بھی نہیں کرتے! حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: ابن خطاب یہ تم کیا کہہ رہے ہو' کیا تم ابھی تک اسی جگہ ہو (جہاں سے تم شروع میں چلے تھے اور اتنی عمر بیت جانے کے بعد بھی تمہارا فہم وفراست اور نگاہ بصیرت اس کی حقیقت کا ادراک نہ کر سکی خبردار یہ اہل فارس وروم اور تمام کفار) وہ لوگ ہیں کہ انہیں تمام لذتیں اور نعمتیں بس ان کی دنیاوی زندگی ہی میں دے دی گئی ہیں (جب کہ ہمیشہ کی زندگی یعنی آخرت میں ان کو فقر وافلاس' ذلت وخواری اور خسران ونقصان کے سوا کچھ نہیں ملے گا)'' ایک دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ ''کیا تم اس پر رضامند ومطمئن نہیں ہو کہ ان (اہل فارس وروم اور دیگر کفار) کو دنیا ملے (جو بالآخر ختم ہونے والی ہے) اور ہمیں آخرت ملے (جس کی نعمتیں اور تمام تر راحت وآرام حقیقی اور دائمی ہے)''۔ (متفق علیہ)

تشریح: **قوله: دخلت على رسول الله ﷺ فاذا هو مضطجع على رمال حصير** :اضافت کے ساتھ ہے اور اضافت بیانیہ ہے ای علی رمال من حصیر۔شارح فرماتے ہیں کہ ''رمال'' ''را'' کے کسرہ کے ساتھ اور ضمہ کے ساتھ دونوں طرح درست ہے' رمیل کی جمع ہے اور رمیل ''مرمول'' کے معنی میں ہے۔اس کو واحد کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔جیسا کہ ''خاتم فضة'' میں ہے اور اس حدیث میں ''حصیر'' سے مراد کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چٹائی ہے۔(انتہیٰ) بعض فرماتے ہیں ''الرمال ماینسج عوداعودا'' اور بظاہر ''را'' کا ضمہ زیادہ مشہور ہے۔اسی وجہ سے صاحب قاموس نے اسی پر اکتفاء کرتے ہوئے فرمایا کہ '' رمال الحصير''غراب کے وزن پر ''مرمول'' کے معنی میں ہے۔اور نہایہ میں لکھا ہے ''الرمال'' اُس چیز کی کہتے جس کو بُنا جائے۔

زمخشری فرماتے ہیں اس کی نظیر ہے ''حطام'' اور ''زکام'' حُطام کا معنی ہے ''مایحطم'' اور زکام کا معنی ہے: ''مایزکم'' صاحب کشاف کے علاوہ دوسرے حضرات کہتے ہیں کہ ''رمال'' رِمل کی جمع ہے اور ''مرمول'' کے معنی میں ہے جس طرح کہ ''خلق اللہ'' مخلوق اللہ کے معنی میں ہے۔

مطلب یہ ہے کہ حضور علیہ السلام کی چارپائی پر ایک چٹائی تھی جو کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی تھی۔اور چارپائی پر اس چٹائی کے علاوہ کوئی نرم چیز نہ تھی۔طیبی رحمہ اللہ نے اس طرح ذکر کیا ہے۔لیکن ''رمال الحصير'' سے یہ مراد لینا کہ ''چارپائی کی رسیاں کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی تھیں'' فقیر کی شان سے بعید ہے۔بلکہ بظاہر مطلب یہ ہے کہ حضور علیہ السلام کا بستر ہ ایک چٹائی تھی جو کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی تھی۔

قوله: ليس بينه وبينه فراش .....:

یعنی حضور اقدس ﷺ کے اور چٹائی کے درمیان (بستر) نہ روئی کا اور نہ ریشم کا تھا۔

ليف: قاموس میں ہے۔''لیف'' کسرہ کے ساتھ معنی ہے۔

''**وليوسع**'' ''سین'' مشدہ مکسورہ اور ''عین'' کے سکون کے ساتھ۔

کیونکہ یہ لوگ آپ جیسی مشقتوں کو برداشت کرنے کی طاقت نہیں رکھتے۔اس لئے بسا اوقات آپ کے دین کی طرف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مائل ہونے سے متنفر ہوتے ہیں۔

گویا کہ عمر بن خطابؓ جو ہمیشہ حق بات کرتے تھے اور جن کی رائے کتاب اللہ کے موافق ہوتی تھی۔ نے یہ اس ارشاد باری سے اخذ کیا:

﴿وَلَوْلَآ اَنْ يَّكُوْنَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلْنَا لِمَنْ يَّكْفُرُ بِالرَّحْمٰنِ لِبُيُوْتِهِمْ سُقُفًا مِّنْ فِضَّةٍ﴾

[الزخرف۔۳۳۔الآیۃ]

''اور اگر یہ بات (متوقع) نہ ہوتی کہ تمام آدمی ایک ہی طریقہ کے ہو جاویں گے تو جو لوگ خدا کے ساتھ کفر کرتے ہیں ان کے لئے ان کے گھروں کی چھتیں اور (زینے) ہم چاندی کی کر دیتے۔''

اس آیت کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کفار پر دنیا کو مکمل طور پر کشادہ نہیں کیا' اور مؤمنین پر دنیا کو مکمل طور پر تنگ نہیں کیا۔ اگرچہ کفار اور مؤمنین کے درمیان دنیا و آخرت کی تقسیم کے اعتبار سے عدل کا مقتضی وہ تھا۔ جیسا کہ کفار اور مؤمنین کے درمیان تقسیم کو حدیث نبوی: ''الدنیا سجن المؤمن و جنة الكافر'' میں بیان فرمایا۔ لہٰذا حکمت بالغہ ہی مؤمنین کو کفار کے راستہ کی طرف مائل ہونے سے روکتی ہے' اور یہ حالت عام مخلوق کے اعتبار سے ایک درمیانی حالت ہے' ورنہ خاص مخلوق یعنی انبیاء اور اولیاء کے اعتبار سے اُونچا مرتبہ یہ ہے کہ دنیا کے بارے میں کامل زہد کرے۔ اور دنیا کا وہ کم سے کم ساز و سامان جس کا تصور کیا جا سکتا ہو پر قناعت کرے تا کہ آخرت میں کامل طور پر نعمتوں سے لطف اندوز ہوں۔

قوله: فقال او في هذا انت يا ابن الخطاب:

استفہام انکاری ہے' اس کے بعد ''واؤ'' مفتوح ہے اور معطوف علیہ مقدر ہے۔ ای اتقول هذا الكلام و انت الى الآن في هذا المقام ولم يحصل لك الترقي الى فهم المرام؟ (یعنی کیا تم یہ بات کرتے ہو اور ابھی تک اسی مقام میں ہو اور مقصد پہچاننے کے مقام تک ترقی نہیں کی۔)

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ ہمزہ استفہام کو اس لئے مقدم کیا کہ یہ صدر کلام کا تقاضا کرتا ہے' اور واؤ کو ماقبل اور مابعد کلام کے ربط کیلئے ذکر کیا گیا۔

www.KitaboSunnat.com

يا ابن الخطاب! حضرت عمرؓ کو ''ابن الخطاب'' کے لفظ سے مخاطب کیا اور ''عمر'' کے لفظ کو ترک کیا' یہ سمجھانے کیلئے کہ دنیا کی چیزوں سے لذت حاصل کرنا جاہل اور آخرت سے اندھے شخص کی خصلت ہے۔ گویا کہ یوں کہا اے فلاں کے بیٹے جو دنیا کی آسائشوں میں گرفتار ہے اور آخرت کی نعمتوں سے غافل ہے۔

قوله: اولئك قوم عجلت لهم طيباتهم في الحياة الدنيا: یعنی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں بتایا ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن کفار پر اپنے خطاب سے اس طرح عیب لگائیں گے: ﴿وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى النَّارِ ۭ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ تَفْسُقُوْنَ﴾ [الاحقاف۔۲۰] ''اور جس روز کفار آگ کے سامنے لائے جائیں گے کہ تم اپنی لذت کی چیزیں اپنی دنیوی زندگی میں حاصل کر چکے اور ان کو برت چکے ہو آج تم کو ذلت کی سزا دی جائے گی اس وجہ سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ تم دُنیا میں ناحق تکبر کیا کرتے تھے اور اس وجہ سے کہ تم نافرمانیاں کیا کرتے تھے۔"

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ظاہر یہ ہے کہ "فلیوسع" جواب امر ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔ای (ادع اللّٰہ فلیوسع' اور لام تاکید کیلئے ہے۔جس روایت میں مجزوم ہے تو امر غائب کی بناء پر منصوب ہے۔گویا کہ عمر رضی اللہ عنہ نے حضور علیہ السلام سے اس اُمت کیلئے وسعت کی دُعا کی درخواست کی اللہ تعالیٰ سے دُعا کی قبولیت طلب کی اور حق تو یہ تھا کہ یوں فرماتے: ادع اللّٰہ لیوسع علیك (یعنی اللہ سے دعا کریں کہ آپ پر وسعت ہو جائے) لیکن اُمت کیلئے دُعا کی درخواست حضور علیہ السلام کی تعظیم کی وجہ سے کی اور حضور علیہ السلام کی عظمت شان اور شان نبوت کے مناسب نہیں سمجھا کہ بذات خود اس گھٹیا دنیا کو اپنے لئے طلب کریں' اس کے باوجود حضور علیہ السلام نے اس طرح شدید انکار فرمایا۔

اوفی هذا: ہمزہ کا مدخول محذوف ہے۔ای اتطلب هذا وفی هذا أنت و کیف یلیق بمثلك ان یطلب من اللّٰہ التوسعة فی الدنیا؟ (یعنی کیا تم یہ طلب کر رہے ہو' اور اس میں پڑے ہوئے ہو' تمہارے جیسے شخص کیلئے کیسے مناسب ہے کہ اللہ سے دنیا کی وُسعت طلب کرے۔)

قوله: وفی روایة اما ترضی ان تکون لهم الدنیاولنا الآخرة یعنی انہیں خصوصی وسعت ملے اور ہمیں خاص مقام ملے۔

تخریج: ابن ماجہ نے آخری روایت کو نقل کیا ہے۔

۵۲۴۱ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ لَقَدْ رَاَیْتُ سَبْعِیْنَ مِنْ اَصْحَابِ الصُّفَّةِ مَامِنْهُمْ رَجُلٌ عَلَیْهِ رِدَاءٌ اِمَّا اِزَارٌ وَاِمَّا کِسَاءٌ قَدْ رَبَطُوْا فِیْ اَعْنَاقِهِمْ فَمِنْهَا مَایَبْلُغُ نِصْفَ السَّاقَیْنِ وَمِنْهَا مَا یَبْلُغُ الْکَعْبَیْنِ فَیَجْمَعُهُ بِیَدِهٖ کَرَاهِیَةَ اَنْ تُرٰی عَوْرَتُهٗ۔ (رواه البخاری)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۵۳۶/۱ حدیث رقم ۴۴۲

ترجمہ: "حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے اصحاب صفہ میں سے ستر اشخاص کو دیکھا جن میں سے کوئی فرد ایسا نہیں تھا کہ اس کے پاس کوئی چادر ہو (جس کو کاندھے پر ڈال لے یا اوڑھ لے یعنی ان حضرات کو صرف ایک ہی کپڑا میسر ہوتا تھا اور وہ کپڑا (بھی) یا تو تہبند ہوتا یا کملی ہوتی' جس کو وہ اپنی گردنوں میں باندھ لیتے تھے (اور اس کے ذریعہ اپنے جسم وستر کو ڈھانکتے تھے) ان تہبند اور کملیوں میں سے کچھ ایسی تھیں جو صرف آدھی پنڈلیوں تک آتی تھیں اور بعض ایسی تھیں جو دونوں ٹخنوں تک پہنچ جاتی تھیں چنانچہ (سجدہ میں جاتے وقت یا گھٹنے اٹھا کر بیٹھتے وقت) اس خوف سے کہ کہیں ان کا ستر نہ کھل جائے وہ اپنے اس تہبند یا کملی کو ہاتھ سے پکڑے رہتے تھے"۔ (بخاری)

تشریح: قوله: لقدر أیت سبعین من اصحاب الصفة:

من اصحاب الصفة اور ایک نسخہ میں "من اهل الصفة" کے الفاظ ہیں۔

یہ چار سو (۴۰۰) مہاجرین تھے جو علم قرآن حاصل کرنے کیلئے صفہ پر رہتے تھے اور ہر وقت سرکش قوم کے ساتھ جہاد میں نکلنے کیلئے تیار رہتے تھے۔حضرت ابو ہریرہؓ ان کے نگران تھے ان کے حالات معلوم کیا کرتے تھے۔یہ لوگ مسجد نبوی کے آخری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حصے میں ایک چبوترہ پر رہتے تھے۔ان کے حق میں یہ آیت نازل ہوئی: ﴿لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ۫ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ؕ﴾ [البقرۃ۔۲۷۳]

"(صدقات) اصل حق ان حاجتمندوں کا ہے جو مقید ہو گئے ہوں اللہ کی راہ میں (اور اسی وجہ سے) وہ لوگ کہیں ملک میں چلنے پھرنے کا (عادۃ) امکان نہیں رکھتے' اور ناواقف ان کو تونگر خیال کرتا ہے اُن کے سوال سے بچنے کے سبب سے' (البتہ) تم ان کو ان کے طرز سے پہچان سکتے ہو۔(کہ فقر وفاقہ سے چہرہ پر اثر ضرور آجاتی ہے۔) وہ لوگوں سے لپٹ کر مانگتے نہیں پھرتے۔"

یعنی بالکل نہیں مانگتے بلکہ توکل کرنے والے تھے۔اور دنیا میں زندہ رہنے اور آخرت کیلئے بطور توشہ زمین پر گری پڑی کھجور اُٹھا کھا لیتے تھے۔اور کپڑوں کا حال وہ تھا جو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اگلے جملہ میں بیان فرمایا ہے:

قوله: مامنهم رجل عليه رداء

نہایہ میں لکھا ہے کہ "رداء" اُس کپڑے یا اُس دھاری دار چادر کو کہتے ہیں۔جس کو انسان اپنے کپڑوں کے اُوپر اپنے کندھے پر رکھتا ہے۔

سید جمال الدین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ صاحب نہایہ کی یہ بات کہ کپڑوں کے اُوپر رکھتا ہے لغت کے مذہب کے خلاف ہے۔بلکہ "رداء" اُس کپڑے کو کہتے ہیں جس سے بدن کے اُوپر والے حصہ کو ڈھانپا جاتا ہے اور میں کہتا ہوں کہ اس کی تائید (اما ازار.....) سے ہوتی ہے کہ ایک ازار ہوتا تھا جس سے ستر چھپائے تھے یا ایک ایسا کپڑا (کساء) ہوتا تھا جو پورے بدن پر لیتے تھے۔

قوله: قد بطوا في اعناقهم: حاصل یہ کہ اُن کے پاس ایسا کپڑا نہیں ہوتا تھا کہ دوسرے کپڑوں کے اُوپر پہن کر بطور چادر استعمال کرتے بلکہ یا تو صرف لنگی ہوتی تھی یا صرف چادر ہوتی تھی۔

اور حدیث میں "قد ربطوا في اعناقهم" فرمایا "قد ربطه في عنقه" نہیں فرمایا (یعنی مفرد ضمیر کی بجائے جمع کی ضمیر ذکر کی) یہ اس بات کی طرف اشارہ کرنے کیلئے کہ تمام صحابہؓ کی حالت اسی طرح تھی۔لفظ "رجل" کو نکرہ ذکر کرنے اور نفی کے استغراق سے بھی یہ فائدہ حاصل ہوتا ہے۔(منهم: "من" زائدہ ذکر کر کے مزید مبالغہ پیدا کیا گیا۔**قوله: (فمنها ما يبلغ اصف الساقين ومنها ما يبلغ الكعبين**: ضمیر کی تانیث باوجود یکہ یہ ضمیر "کساء" اور "رداء" کی طرف لوٹتی ہے۔جمع یعنی اکسیۃ اور "ازر" کے اعتبار سے ہے۔یا صرف "اکسیۃ" کی طرف راجع ہے۔کیونکہ یہ لفظ ضمیر کے قریب مذکور ہے اور دوسرے کو اس پر قیاس کیا جائے گا۔اور اس کی نظیر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ﴾ [البقرۃ: ۴۵]: "(اور اگر تم کو جب مال وہ جاہ کے غلبہ سے ایمان لانا دشوار معلوم ہو تو) مدد لو صبر اور نماز سے اور بے شک وہ نماز دشوار ضرور ہے۔مگر جن کے قلوب میں خشوع ہے۔اُن پر کچھ دشوار نہیں ہے۔"

اور دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[التوبة: ٣٤] ''اور (غایت حرص سے) جولوگ سونا چاندی جمع کر کر رکھتے ہیں۔اوران کو اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے''۔

کیونکہ مفرد جمع پر دلالت کرتا ہے خصوصاً جب مفرد سے جنس مراد ہو کیونکہ جنس کو کبھی تانیث کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں' اس لئے کہ جماعت افراد پر دلالت کرتا ہے' جس طرح کہ کبھی لفظ کا اعتبار کرتے ہوئے مفرد کا معاملہ کیا جاتا ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ''کساء'' اور ''ازار'' کی جمع (اکسیة) اور ''ازر'' کا اعتبار کرتے ہوئے اور پہننے والوں کے جمع ہونے کا لحاظ رکھتے ہوئے مؤنث کی ضمیر ذکر کی ہے۔اور ''بیدہ'' میں ضمیر کو مفرد ذکر کرنا ''رجل مذکور'' کی تاویل کے اعتبار سے ہے۔

٥٢٤٢ : وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَظَرَ اَحَدُكُمْ اِلٰى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ وَالْخَلْقِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلَ مِنْهُ (متفق عليه وفي رواية لمسلم) قَالَ انْظُرُوْا اِلٰى مَنْ هُوَ اَسْفَلُ مِنْكُمْ وَلَا تَنْظُرُوْا اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَكُمْ فَهُوَ اَجْدَرُ اَنْ لَّا تَزْدَرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ. (متفق عليه)

اخرجه البخاری فی صحیحه ٣٢٢/١١ حدیث رقم ٦٤٩٠ومسلم فی صحیحه ٢٢٧٥/٤ حدیث رقم (٨-٢٩٦٣) والترمذی فی السنن ٥٧٤/٤ حدیث رقم ٢٥١٣وابن ماجه ١٣٨٧/٢ حدیث رقم ٤١٤٢ واحمد فی المسند ٣١٤/٢۔

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم میں سے جو شخص کسی ایسے آدمی کو دیکھے جو اس سے زیادہ مالدار اور اس سے زیادہ اچھی شکل وصورت کا ہو (اور اس کو دیکھ کر اپنی حالت پر غم وحسرت ہو' خدا کا شکر ادا کرنے میں سستی وکوتاہی واقع ہو اور اس شخص کے بارے میں رشک وحسد کے جذبات پیدا ہونے لگیں) تو اس کو چاہئے کہ وہ اس شخص پر نظر ڈالے جو اس سے کمتر درجہ کا ہے (اسے دیکھ کر اپنے رب کے بے شمار نعمتوں پر شکر گزاری کی توفیق ہو اور اپنی حالت پر راضی رہے)۔'' (بخاری ومسلم) اور مسلمؒ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''تم اس شخص کو دیکھو (یعنی اس کے حالات کا جائزہ لو) جو تم سے کمتر درجہ اس شخص کی طرف نہ دیکھو جو تم سے برتر درجہ کا ہے پس ایسا کرنا تمہارے لئے نہایت مناسب ہے تاکہ تم اس انعام وکرم کو جو خدا نے تم پر فرمایا ہے حقیر نہ جانو''۔

تشریح: **فضل علیه**: مجہول کے صیغہ کے ساتھ ہے اور باب تفعیل سے ہے۔

مطلب یہ ہے کہ اگر تم میں سے کوئی کسی ایسے شخص کو دیکھ لے جو زیادہ اثر ورسوخ والا ہو اور اُسکے پاس زیادہ مال، لباس اور جمال ہو اور یہ معلوم نہ ہو کہ آخرت میں اس شخص کیلئے وبال ہے۔

اسفل: لام کا مفتوح اور مضموم ہونا دونوں درست ہے۔تو اس شخص کی طرف دیکھو جو دنیا میں اس سے کم درجہ والا ہو۔کم مال اور کم اسباب والا ہو۔اور آخرت میں اس کے لئے بلند درجات ہوں گے۔حدیث میں اس بات پر دلالت ہے کہ اکثر لوگوں کی حالت اعتدال کی ہے۔چاہے یہ اعتدال اضافی ہو یا عارضی ہو۔چنانچہ انسان اپنے دونوں جانبوں کے اعتبار سے اچھی حالت میں ہوتا ہے۔

حدیث میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وہ شخص جس کو مثلاً یا بالفرض تمام انسانوں پر ہر طرح سے فضیلت دی گئی ہو اُس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو اپنے سے کم درجہ والے لوگوں کی طرف نہیں دیکھنا چاہیے۔ تاکہ خود پسندی، غرور۔ فخر اور تکبر پیدا نہ ہو۔ بلکہ ایسے شخص پر واجب ہے کہ اللہ کی دی ہوئی نعمتوں پر شکر کرنے کا حق ادا کرے۔ اور وہ شخص جو اتنا فقیر ہو کہ اُس سے نیچے کوئی کم درجے کا فقیر نہ ہو اُس کو چاہیے کہ اپنے رب کا اس بات پر شکر ادا کرے کہ اللہ نے دُنیا دے کر آزمائش میں نہیں ڈالا جبکہ دنیا کی مالداری مختصر موت کیلئے ہے۔ اس کی مشقتیں زیادہ ہیں یہ جلد فنا ہونے والی ہے اور اس میں شریک خسیس ہیں۔

اسی وجہ سے جب شبلی رحمہ اللہ دنیاداروں میں سے کسی کو دیکھتے تو فرماتے: اے اللہ! میں تجھ سے دنیا و آخرت میں معافی اور عافیت مانگتا ہوں۔

حکایت: اسی کے مناسب ایک واقعہ نقل کیا گیا ہے کہ ایک فقیر ایک واعظ ولی کی مجلس میں کھڑا ہو گیا اور شکایت کی کہ میں نے اتنے عرصے تک نہ کسی کے سامنے اور نہ کسی سے چھپ کر کچھ کھایا پیا ہے۔ شیخ نے کہا: اے اللہ کے دُشمن! تم جھوٹ بولتے ہو۔ کیونکہ اللہ کی طرف سے شدید بھوک کی حالت اُنہی لوگوں پر آتی ہے جو اللہ کے خاص منتخب نبی اور ولی ہوتے ہیں۔ اگر تم اللہ کے ولی ہوتے تو بھوک کی شکایت نہ کرتے اور مخلوق سے اپنی مراد کو چھپا کر رکھتے۔

خلاصہ کلام یہ ہے کہ جب بندہ اپنے دین کو خلل اور زوال سے محفوظ کر لیتا ہے تو جاہ و مال کے نقصان کی پرواہ نہیں کرتا اور نہ موجودہ اور آئندہ آنے والی کسی مشقت کی پرواہ کرتا ہے۔

حکایت: جیسا کہ نقل کیا گیا ہے کہ امام غزالی کے ایک ساتھی کو کسی نے مارا اور پھر قید کر لیا تو اُس ساتھی نے فریاد کی جس پر امام غزالی نے فرمایا کہ شکر کر اللہ کی آزمائش اس سے بڑی بھی ہوتی ہے۔ اس کے بعد اُس شخص کو جیل سے نکال کر کنوئیں میں پھینکا گیا۔ چنانچہ دوبارہ اُس نے امام غزالی کے سامنے فریاد کی۔ امام غزالی نے پہلے کی طرح جواب دیا۔ پھر ایک دن ایک یہودی کو زنجیروں میں باندھ کر اس کے ساتھ کنوئیں میں ڈالا گیا۔ اُس یہودی کو پیچش کی بیماری تھی جس کی وجہ سے بار بار اُس تنگ و تاریک مقام میں پاخانہ کرتا تھا۔ ان کا وہ ساتھی تعفن سے نہایت پریشان ہو گیا۔ اس سے جب امام غزالیؒ سے تکالیف کی شکایت کی اس پر بھی امام غزالیؒ نے صبر و شکر کی تلقین کی تو اُس شخص نے بے صبری میں جواب دیا کہ اس عذاب سے زیادہ آزمائش اور کیا ہوگی۔ امام غزالی نے فرمایا کہ اس سے بڑی مصیبت یہ ہے کہ (خدانخواستہ) تیری گردن میں کفر و شرک کا طوق پڑ جائے اور سیدھی راہ سے بھٹک جاؤ۔

﴿رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ﴾ ''اے ہمارے پروردگار! ہمارے دلوں کو کج نہ کیجئے۔ بعد اس کہ آپ ہم کو ہدایت کر چکے ہیں اور ہم کو اپنے پاس سے رحمت (خاصہ) عطا فرمایئے بلاشبہ آپ بڑے عطا فرمانے والے ہیں۔''

تخریج: اس حدیث امام احمد نے بھی اس کو نقل کیا ہے۔ **قوله: وفي رواية لمسلم قال: الظروا۔۔۔الخ**: امام احمد، ترمذی اور ابن ماجہ نے بھی ان سے مرفوعاً نقل کیا ہے۔

یعنی یہ دیکھنا جس کا نفی اور اثبات کے ساتھ ذکر ہوا ہے زیادہ بہتر اور زیادہ حقدار ہے اس بات کی کہ تم لوگ اللہ کی اُن [illegible] کو حقیر نہ جانو جو اللہ نے دنیا میں تم کو دی ہیں کیونکہ اس دیکھنے سے تم کو معلوم ہو جائے گا کہ اللہ تعالیٰ نے جو نعمتیں دی ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ تم سے کم رتبہ والوں کی نعمتوں سے کہیں زیادہ ہیں۔ یا یہ کہ اللہ نے تم کو بہت زیادہ نعمتیں دی ہیں' اور وہ اس طرح کہ اللہ نے تمہارے لئے فقر اور مصائب کا انتخاب فرما کر تم کو اپنے اولیاء میں سے بنایا اور انبیاء کے ساتھ مشابہت رکھنے والا بنایا' اور حاکموں کے ظلم اور نالائق مالداروں کی ظلمت سے خلاصی عطا فرمائی۔

الفصل الثانی:

۵۲۴۳ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَدْخُلُ الْفُقَرَاءُ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاَغْنِیَاءِ بِخَمْسِ مِائَةِ عَامٍ نِصْفِ یَوْمٍ. (رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٩٩ حدیث رقم ٢٣٥٤ وابن ماجه فی ٢/١٣٨٠ حدیث رقم ٤١٢٢ واحمد فی المسند ٢/٣٤٣

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: فقراء جنت میں اغنیاء سے پانچ سو سال پہلے داخل ہوں گے جو کہ آدھا دن ہے''۔ (ترمذی)

تشریح: "الفقراء" سے مراد صابرین ہیں' اور بعض فرماتے ہیں کہ اگرچہ وہ شاکی ہوں۔

نصف: مجرور ہے۔ اس بناء پر کہ ''خمس مائة عام'' سے بدل ہے یا صفت فارقہ ہے یا عطف بیان ہے چونکہ آخرت کے ایک دن کی مقدار دنیا کے ایک ہزار سال کے برابر ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وان یوما عندربك كالف سنة مما تعدون﴾ [الحج۔٤٧] ''اور آپ کے رب کے پاس کا ایک دن (یعنی قیامت کا دن امتداد میں یا اشتداد میں) برابر ایک ہزار سال کے ہے۔ تم لوگوں کے شمار کے موافق''

چنانچہ اس دن کا نصف پانچ سو سال کے برابر ہوگا۔

اور دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿فی یوم كان مقداره خمسین الف سنة﴾ [المعارج۔٤] ''ایسے دن میں ہوگا جس کی مقدار (دنیا کے) پچاس ہزار سال کے برابر) ہے۔

گذشتہ نص کے عموم سے خاص کیا گیا ہے۔ یا اس بات پر محمول ہے کہ کفار کیلئے اس دن کو لمبا کر دیا جائے گا' جس طرح کہ نیکوکاروں کیلئے اس دن کو سمیٹ دیا جائے گا یہاں تک کہ نیکوکاروں کیلئے ایک گھڑی کے بقدر معلوم ہوگا۔ یہ ارشاد باری تعالیٰ بھی اس پر دلالت کرتا ہے: ﴿فاذا نقر فی الناقور فذالك یومئذ یوم عسیر علی الكفرین غیر یسیر﴾

[المدثر۔٨۔٩۔١٠]

ترجمہ: ''پھر جس وقت صور پھونکا جاوے گا۔ سو وہ (وقت) یعنی وہ دن کافروں پر ایک سخت دن ہوگا جس میں ذرا آسانی نہ ہوگی''۔

اشرف فرماتے ہیں کہ اگر یہ سوال کیا جائے کہ اس حدیث اور گذشتہ حدیث جس میں ''اربعین خریفا'' (چالیس برس) کا ذکر ہے کے درمیان تطبیق کیسے ہوگی؟

تو اُسکا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ پہلی حدیث میں اغنیاء سے مراد مالدار مہاجرین ہوں۔ یعنی فقراء مہاجرین چالیس برس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پہلے جنت میں داخل ہونگے۔ اور دوسری حدیث میں وہ اغنیاء مراد ہوں جو مہاجرین نہیں ہیں۔ چنانچہ دونوں حدیثوں میں کوئی تناقض نہیں ہے۔ (انتھی)

یہ جواب اُس وقت مکمل ہوگا جب فقراء سے خاص فقراء مراد لیے جائیں اور اغنیاء سے عام اغنیاء مراد لیے جائیں۔ چنانچہ مہاجرین کے علاوہ دوسرے فقراء کا حکم معلوم نہ ہوگا۔ لہٰذا حدیث کو ایسے معنی پر محمول کرنا زیادہ بہتر ہے جس سے عام فقراء کا حکم معلوم ہو جائے۔ اور یہ اس طرح ہوگا کہ یوں کہا جائے کہ ہر عدد سے مراد کثرت بتانا ہے' کوئی معین مقدار بتانا مقصود نہیں ہے۔ ایک مرتبہ کثرت کو "اربعین خریفاً" سے تعبیر کیا' اور دوسری مرتبہ کثرت کو "خمسمائة عام" سے تعبیر کیا کلام دونوں کا حاصل ایک ہے۔

یا پہلی مرتبہ وحی کے ذریعے سے چالیس کی خبر دی گئی' پھر جب حضور اقدس ﷺ کی برکت سے فقراء پر اللہ کا فضل بڑھ گیا تو پانچ سو سال کی خبر دی گئی۔

یا چالیس برس کم سے کم مدت کی طرف' اور پانچ سو سال زیادہ سے زیادہ مدت کی طرف اشارہ ہے۔ اور اس پر وہ قول دلالت کرتا ہے۔ جس کو طبرانی نے مسلمہ بن مخلد سے نقل کیا ہے:

"مہاجرین جنت کی طرف دوسرے لوگوں سے چالیس برس آگے چلے گئے۔ پھر دوسرا گروہ سو سال آگے چلا گیا"۔

مطلب یہ ہے کہ تیسرا گروہ دو سو سال آگے جائے گا' اسی طرح بڑھتا جائے گا' گویا کہ وہ پانچ گروہوں میں محصور ہیں۔

یا احادیث میں اختلاف اس وجہ سے ہے کہ شکر کرنے، اللہ کے فیصلوں پر راضی رہنے اور صبر کرنے میں فقراء کی حالت مختلف ہیں۔ یہی زیادہ ظاہر اور اُس قول کے موافق ہے جو جامع الاصول میں ہے کہ دونوں حدیثوں میں تطبیق اس طرح ہے کہ چالیس والی حدیث میں بے رغبت فقیر کا رغبت والے غنی سے آگے بڑھنا مراد ہے۔ لہٰذا حریص فقیر زاہد فقیر کے پچیس مراتب میں سے دو درجے رکھتا ہے اور یہی پانچ سو سے چالیس کی نسبت ہے۔ اور یہ خیال نہ کیا جائے کہ یہ مقدار اور اس جیسی اور مقداریں حضور علیہ السلام کی زبان پر اتفاق سے جاری ہوئی ہیں' بلکہ ان میں ایک راز ہے جو حضور علیہ السلام کو معلوم ہے۔ اور یہ ایک نسبت ہے۔ جس کا احاطہ حضور علیہ السلام کے علم نے کیا ہے۔ کیونکہ حضور علیہ السلام اپنی طرف سے کوئی بات ارشاد نہیں فرماتے بلکہ جو کچھ فرماتے ہیں وہ اللہ کی طرف سے وحی ہوتی ہے۔

اسنادی حیثیت: امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

ابن حبان نے اس حدیث کو اپنی صحیح میں نقل کیا ہے۔ منذریؒ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کے راویوں کو صحیح میں قابل استدلال سمجھا گیا ہے۔ ابن ماجہ نے اس حدیث کو "موسیٰ بن عبیدة عن عبد الله بن دینار عن عبد الله بن عمر" کی سند سے کچھ زیادتی کے ساتھ نقل کیا ہے۔

۵۲۴۴ : وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْكِیْنًا وَاَمِتْنِیْ مِسْكِیْنًا وَاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِیْنِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ لِمَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّهُمْ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ اَغْنِیَآءِ هِمْ بِاَرْبَعِیْنَ خَرِیْفًا یَا عَائِشَةُ لَا تَرُدِّی الْمِسْكِیْنَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ یَا عَائِشَةُ اَحِبِّی الْمَسَاكِیْنَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَقَرِّبْهُمْ فَإِنَّ اللّٰهَ يُقَرِّبُكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ. (رواه الترمذی والبیهقی فی شعب الایمان)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٩٩ حدیث رقم ٢٣٥٢

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اللہ ﷺ نے یہ دعا فرمائی ''اے اللہ! مجھے مسکین بنا کر زندہ رکھنا' مسکینی ہی کی حالت میں مجھے موت دینا اور مسکینوں ہی کی جماعت میں میرا حشر فرمانا''۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے حضور کو یہ دعا مانگتے ہوئے سنا۔ تو عرض کرنے لگیں کہ یارسول اللہ! آپ ﷺ ایسی دعا کیوں فرماتے ہیں؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اس لئے کہ مساکین (اپنے دوسرے فضائل وخصوصیات اور حسن اخلاق وکردار کی وجہ سے آخرت کی سعادتوں اور نعمتوں سے تو بہرہ ور ہوں ہی گے لیکن اس سے قطع نظر ان کی سب سے بڑی فضیلت یہ ہے کہ وہ) صاحب ثروت جنتیوں سے چالیس سال پہلے جنت میں داخل ہو جائیں گے! ارے عائشہ رضی اللہ عنہا کسی مسکین کو اپنے دروازہ سے ناامید واپس نہ لوٹانا (بلکہ ہر حالت میں اس کے ساتھ احسان اور رحم کا معاملہ کرنا اگرچہ اس کو دینے کے لئے تمہارے پاس محض کھجور کا ایک ٹکڑا ہی کیوں نہ ہو۔ دیکھو عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے دل میں مسکینوں کی محبت رکھو اور ان کو اپنی (مجلسوں اور محفلوں کی) قربت سے نوازو (یعنی ان کو حقیر وکمتر خیال کر کے اپنے پاس آنے سے منع نہ کرو) اگر تم ایسا کرو گی تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تمہیں اپنی قربت سے نوازے گا (کیونکہ ان لوگوں سے کی جانے والی محبت ورحمدلی درحقیقت حق تعالیٰ شانہ کی محبت وقربت کا ذریعہ ہے)۔ (ترمذی' بیہقی)

تشریح: قوله: اللهم احيني مسكينا:

حضور اقدس ﷺ نے ''فقیراً'' نہیں فرمایا تاکہ حضور علیہ السلام کے محتاج اور حقیر ہونے کا وہم نہ ہو اور حضور علیہ السلام کی اُس دُعا کے خلاف نہ ہو جس میں فرمایا کہ ''اے اللہ! مجھے میری نگاہ میں چھوٹا بنا اور لوگوں کی نگاہوں میں بڑا بنا''

لفظ مسکین ''مسکنة'' سے خوذ ہے' اور ''مسکنة'' کا معنی ہے بہت زیادہ تواضع کرنا اگرچہ انسان کو ذلت اُٹھانی پڑے۔ یا سکون اور سکینہ سے ماخوذ ہے۔ اور ''سکون'' اور ''سکینہ'' کا معنی ہے اللہ تعالیٰ کے فیصلوں پر رُاضی ہو کر اللہ کے احکام کے سامنے وقار اور اطمینان کے ساتھ رہنا۔

بعض نے حضور علیہ السلام کی دُعا کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ ''اے اللہ! مجھے تواضع کرنے والا بنا اور متکبر اور جبر کرنے والا نہ بنا۔

اس دعا میں اُمت کو فقراء کی فضیلت بتائی گئی ہے تاکہ لوگ فقراء سے محبت کریں' ان کے پاس بیٹھیں اور ان کی برکت حاصل کرے۔ نیز اس دُعا میں فقراء کیلئے تسلی ہے اور اُنکے بلند درجات پر تنبیہ ہے۔

یہ بھی دُرست ہے کہ اس دعا کا مطلب یہ ہو کہ اے اللہ! میری روزی بقدر ضرورت رکھ' اور مجھے زیادہ مال کے ساتھ مشغول نہ کر' کیونکہ مال کی کثرت مقربین کے حق میں دنیا وآخرت کے وبال کا درجہ رکھتی ہے۔

قوله: وأمتني مسكينا امتني: حاکم کی روایت میں ''توفني'' کا لفظ ہے۔

یہ اس بات پر دلالت ہے کہ حضور علیہ السلام آخری عمر میں بھی مسکنت کی حالت میں تھے۔

قوله: واحشرني في زمرة المساكين:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یعنی مساکین کے گروہ اور جماعت میں میرا حشر فرما اس میں مبالغہ کا ہونا مخفی نہیں ہے۔ اسلئے کہ اگر حضور علیہ السلام یوں فرماتے کہ ''ان فقراء کا حشر میری جماعت میں کردے'' تو بھی یہ فقراء کیلئے فضیلت اور بلند درجہ کی بات تھی۔ اسی کی مانند وہ حدیث ہے کہ جس میں ارشاد فرمایا کہ ''عابد پر عالم کی فضیلت اس طرح ہے جیسا کہ میری فضیلت تم میں سے ادنیٰ پر ہے''۔ اس موقع پر حضور علیہ السلام نے یوں نہیں فرمایا کہ ''جیسا کہ میری فضیلت تم میں سے کسی بلند مرتبہ شخص پر ہے۔''

ایک مرتبہ ایک مسلمان بادشاہ فقراء اور صلحاء کی ایک جماعت کے پاس سے گزرا تو اُنہوں نے نہ بادشاہ کی طرف کوئی توجہ دی اور نہ بادشادہ کی طرف آگے بڑھے۔ تو بادشاہ نے پوچھا تم کون ہو؟ اُنہوں نے جواب میں کہا: ''ہم وہ لوگ ہیں جن کو ترک دنیا سے محبت ہے اور ترک آخرت سے عداوت ہے''۔ چنانچہ بادشاہ نے چشم پوشی کی اور آگے بڑھتے ہوئے کہا۔ ''میں نہ تو تم سے محبت رکھنے کی قدرت رکھتا ہوں اور نہ تم سے عداوت رکھنے کی مجھ میں طاقت ہے۔''

قوله: فقالت عائشه رضى الله عنها

یعنی آپ نے اس طرح کی دُعا کیوں مانگی؟ اغنیاء کو چھوڑ کر فقراء اور مساکین کے ساتھ مرنے اور جینے کو کیوں اختیار کیا۔

انهم يد خلون الجنة : مستانفہ ہے جو جملہ تعلیلیہ کے معنی میں ہے۔

قبل اغنيائهم باربعين خريفا: قبلیت سے یا تو قبلیت زمانی مراد ہے (یعنی چالیس برس پہلے جنت میں داخل ہونگے۔) یا اس سے قبلیت مکانی مراد ہے (یعنی فقراء کا مکان چالیس برس کی مسافت کے بقدر بلند ہوگا۔) یا قبلیت مکانت مراد ہے۔ (یعنی فقراء کا رُتبہ چالیس برس کی مسافت کے بقدر اُونچا ہوگا۔)

باربعين خريفا: صرف ''چالیس خریف'' کی مقدار پر اکتفاء اسلئے کیا کہ جنت کی طرف مسابقت کی مدت کے بارے میں یہ کم سے کم مقدار ہے جس کا وعدہ کیا گیا ہے جیسا کہ اطاعت میں نیکی کی مضاعفت کی کم سے کم مقدار دس گنا ہے۔

قوله: يا عائشة لا تردى المسيكن:

یعنی مسکین کو نامراد رخصت نہ کر بلکہ جب کوئی مسکین آئے تو بھی چشم پوشی کر اور جب واپس ہو تو بھی چشم پوشی کر اور مسکین کے ساتھ احسان کر چاہے قلیل مقدار میں ہو چاہے کثیر مقدار میں ہو۔

قوله: ولو بشق تمرة:

یعنی آدھی کھجور سے یا کھجور کے ایک ٹکڑے سے یا مسکین کو اس طرح اچھے اسلوب کے ساتھ رخصت کرو کہ تم بڑے اجر کی مستحق ہو جاؤ۔ اسی وجہ سے جب کوئی مسکین آتا اور ان کے ہاتھ میں انگور کا ایک دانہ ہی بچا ہوا ہوتا وہ اس کو عنایت فرمادیتیں۔ کہ مسکین ناراض بھی ہوتا۔ مگر آپ یہ آیت تلاوت فرماتیں: ﴿فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ﴾ [الزلزال: ۷ ـ ۸] ''سو جو شخص ذرہ برابر نیکی کرے گا۔ وہ اس کو دیکھ لے اور جو شخص ذرہ برابر بدی کرے گا، وہ اس کو دیکھ لے گا''۔

۵۲۴۵ : وَرَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ اِلٰى قَوْلِهٖ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ۔

اخرجه ابن ماجة ۲/۱۳۸۱ حديث رقم [illegible]

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: ''ابن ماجہ نے اس روایت کو حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے صرف زمرۃ المساکین تک نقل فرمایا ہے (یعنی ان کی روایت میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا سوال و جواب اور حدیث کے دیگر جملے نہیں ہیں۔

تشریح: وابن ماجه عن ابی سعید الی قوله زمرة المساکین: ورویا: اور ایک نسخہ میں ''رواہ'' کے الفاظ ہیں۔

میرکؒ نے منذریؒ سے نقل کرتے ہوئے فرمایا کہ اس حدیث کو حاکم نے ان سے یعنی ابوسعیدؓ سے نقل کیا ہے۔ اور اس میں یہ زیادت نقل کی ہے:

''سب سے بڑا بد بخت وہ شخص ہے جس پر دنیا کا فقر اور آخرت کا عذاب جمع ہو جائے۔''

اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔

ابو شیخ اور بیہقی نے اس حدیث کو عطاء بن ابی رباح سے اس طرح نقل کیا کہ عطاء ابن ابی رباح نے ابوسعیدؓ کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

'اے لوگو! تنگدستی تم لوگوں کو کہیں حرام طلب کرنے پر مجبور نہ کر دے۔ کیونکہ میں نے حضور علیہ السلام کو فرماتے ہوئے سنا ہے: اے اللہ مجھے فقر کی حالت میں موت عطا کر' مالداری کی حالت میں مجھے موت نہ دے۔ اور مجھے قیامت کے دن مساکین کے ساتھ اُٹھا کیونکہ بڑا بد بخت ہے وہ شخص جو فقیر بھی رہے اور آخرت میں عذاب کا بھی مستحق ہو جائے۔''

ابو شیخ فرماتے ہیں کہ ابوزرعہ کے علاوہ دوسروں نے سلیمان بن عبدالرحمٰن سے ان الفاظ کی زیادتی بھی نقل کی ہے:

''اور مجھے قیامت کے دن اغنیاء کی جماعت میں نہ اُٹھا۔''

میں کہتا ہوں کہ اگر اس حدیث کے علاوہ کوئی اور دلیل نہ بھی ہو تو یہ حدیث اس بات پر ایک واضح اور روشن دلیل ہے کہ صابر فقیر شاکر غنی سے افضل ہے۔ اور جہاں تک بات ہے اس حدیث کی:

''الفقر فخری وبه افتخر'' فقر میرا فخر ہے اسی پر میں فخر کرتا ہوں۔''

تو یہ حدیث باطل ہے' اس کی کوئی اصل نہیں ہے۔ حفاظ حدیث علامہ عسقلانی وغیرہ نے اس کی صراحت کی ہے۔

اور یہ حدیث'' کاد الفقر ان یکون کفرا'' بہت زیادہ ضعیف ہے۔ اور اگر صحیح فرض کی جائے تو بھی اس سے مراد وہ قلبی فقر ہے جس کی وجہ سے انسان جزع فزع کرتا ہے اور اللہ کے فیصلوں پر راضی نہ رہنے اور زمین و آسمان کے رب کی تقسیم پر اعتراض کرنے کا سبب بن جاتا ہے۔ اس لئے حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ'' کثرت اسباب کا نام غنی نہیں ہے بلکہ دل کی بے نیازی کا نام غنی ہے۔''

مروی ہے:

''دلہن کے رخسار پر باریک بالوں سے پیدا شدہ حسن سے بڑھ کر زینت بخش ہے اور ایک روایت ہے کہ فقر لوگوں کے ہاں تو باعث ننگ ہے لیکن روزِ قیامت اللہ کے ہاں زینت ہوگا۔ اس کو طبرانی نے شداد بن اوس سے نقل کیا ہے۔

اور نقل کیا گیا ہے: ''فقر امانت ہے، جو اس کو چھپائے تو عبادت ہے' اور اگر اس کو ظاہر کرے تو تحقیق اس نے اپنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسلمانوں بھائیوں کی تقلید کی۔'' اس حدیث کو ابن عساکر نے عمر سے روایت کیا ہے

۵۲۴۶ : وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ ابْغُوْنِیْ فِیْ ضُعَفَائِکُمْ فَاِنَّمَا تُرْزَقُوْنَ اَوْ تُنْصَرُوْنَ بِضُعَفَاءِ کُمْ. (رواہ ابوداؤد)

اخرجہ ابوداؤد فی السنن ۷۳/۳ حدیث رقم ۲۵۹۴ والترمذی فی السنن ۱۷۹/٤ حدیث رقم ۱۷۰۲ والنسائی فی السنن ٤٥/٦ حدیث رقم ۳۱۷۹ واحمد فی المسند ۱۹۸/٥

ترجمہ: ''حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت نقل کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''تم لوگ مجھے اپنے کمزور لوگوں میں تلاش کیا کرو کیونکہ تمہیں رزق کا دیا جانا یا یہ فرمایا کہ تمہیں اپنے دشمن کے مقابلہ پر مدد کا حاصل ہونا انہی لوگوں کی برکت سے ہوتا ہے جو تم میں کمزور ہیں''۔ (ابوداؤد)

تشریح: **ابغونی**: ہمزہ قطعی مفتوحہ کے ساتھ ہے۔ اور ایک نسخہ میں ہمزہ وصلی مکسورہ کے ساتھ ہے۔ یعنی فقراء کے ساتھ احسان کر کے

فانما ترزقون برزق حسی یا رزق معنوی مراد ہے۔

ظاہری اور باطنی دشمنوں کے خلاف اور ''او'' نوع بتانے کیلئے ہے۔ ''واؤ'' والی روایت سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ یہ بھی احتمال ہے کہ ''او'' راوی کی طرف سے شک بتانے کیلئے ہو۔

ان کے وجود کی برکت سے اور ان کے احسان کی برکت سے اسلئے کہ ان ہی میں اقطاب واوتاد ہوتے ہیں۔ انہی سے عباد و بلاد کا نظام قائم ہے۔

ابن الملک فرماتے ہیں یعنی **اطلبوا الی حفظ حقوقھم وجبر قلوبھم** کیونکہ میں صورۃً ان کے ساتھ ہوتا ہوں۔ بعض اوقات میں اور میرا دل ان کے ساتھ ہر وقت رہتا ہے۔ جس نے ان کا اکرام کیا اُس نے میرا اکرام کیا اور جس نے ان کو تکلیف دی۔ اُس نے مجھے تکلیف دی۔ (انتھی) اس کی تائید اس حدیث قدسی سے ہوتی ہے: **''من عا دی لی ولیا فقد بارزنی بالحرب''**

''جس نے میرے کسی ولی سے عداوت کی اُس نے میرے سامنے اعلان جنگ کیا۔''

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ (**ابعونی**) ہمزہ وصلی اور ہمزہ قطعی دونوں کے ساتھ پڑھنا درست ہے۔ عرب ''**یبغی بغیا**'' کو طَلَب (طلب کیا) کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ اس ارشاد نبوی میں اغنیاء کے ساتھ میل جول رکھنے سے نہی ہے۔ اور حضور علیہ السلام کی طرف سے اُمت کیلئے تعلیم ہے۔ اس کی تائید اُس حدیث سے ہوتی ہے جس میں ارشاد فرمایا کہ ''مردوں کے ساتھ بیٹھنے سے پرہیز کرو۔ پوچھا گیا کہ مردوں سے کون مراد ہیں؟ فرمایا مالدار لوگ۔

مختصر نہایہ میں لکھا ہے کہ **ابغنی** جب ہمزہ وصلی کے ساتھ ہو تو اس کا معنی ہے: **اطلبہ لی** (میرے لئے تلاش کرو) اور جب ہمزہ قطعی کے ساتھ ہو تو معنی ہے: **اعنی علی الطلب** (تلاش کرنے میں میری اعانت کرو) اور قاموس میں لکھا ہے: **بغیتہ طلبتہ** میں نے تلاش کیا) کے معنی ہیں **طلبہ لہ** اُس کیلئے تلاش کیا جیسا کہ **بغاہ ایاہ الشی** کے معنی ہیں:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے یہ ''دماہ'' کے وزن پر ہے۔ یا اس کا معنی ہے: أعانه على طلبه (تلاش کرنے میں اُسکی اعانت کی)

تخریج: ترمذی اور نسائی نے بھی روایت کیا ہے۔

امام ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے۔ (نقلہ میرک عن تصحیح)

اور جامع میں یہ الفاظ ہیں: ''ابغوني الضعفاء فانما ترزقون وتنصرون بضعفائكم''

اس روایت کو احمد، اصحاب کتب ثلثہ، حاکم اور ابن حبان نے نقل کیا ہے۔

۵۲۴۷ : وَعَنْ اُمَيَّةَ اَنَّ خَالِدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ كَانَ يَسْتَفْتِحُ بِصَعَالِيْكِ الْمُهَاجِرِيْنَ. (رواه في شرح السنة)

اخرجه البغوي في شرح السنة ١٤/ ٢٦٤ حديث رقم ٤٠٦٢

ترجمہ: ''حضرت امیہ بن خالد بن عبداللہ بن اسید رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ (جب اللہ تعالیٰ سے کفار کے مقابلہ فتح مانگنے کی ضرورت ہوتی) تو فقراء مہاجرین کی برکت کے ذریعہ فتح حاصل ہونے کے لئے درخواست کرتے''۔

راوئ حدیث:

امیہ بن عبداللہ۔ یہ ''امیہ'' ہیں ''عبداللہ ابن خالد بن اسید مکی'' کے بیٹے ہیں۔ انہوں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے اور ان سے زہری وغیرہ نے۔ ثقہ تھے۔ والی خراسان تھے اور ۸۰ھ میں انتقال کیا۔ ''امیہ'' تصغیر کے ساتھ ہے ''امیہ'' میں ہمزہ مفتوح اور سین مہملہ مکسور ہے۔ میرک نے الصحیح سے نقل کیا ہے کہ ابن عبدالبر فرماتے ہیں امیہ بن خالد رسول ﷺ سے حدیث نقل کرتے ہیں۔ (اور پھر یہ حدیث نقل کرنے کے بعد ابن عبدالبر فرماتے ہیں) میرے نزدیک ان کی صحابیت ثابت نہیں ہے۔ لہٰذا یہ حدیث مرسل ہے۔

امیہ بن خالد نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں اور پھر یہ حدیث ذکر کی ہے اور فرمایا کہ میرے نزدیک اُمیہ بن خالد کا صحابی ہونا دُرست نہیں ہے۔ اور حدیث مرسل ہے۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ مرسل تابعی جمہور کے نزدیک حجت ہے۔ تو اُس شخص کی مرسل روایت کا اعتبار کیوں نہ ہو جن کے صحابی ہونے میں اختلاف ہو۔

عرضِ مرتب:

ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مؤلف نے امیہ بن خالد کا نام ذکر نہیں فرمایا۔ اھ۔ مگر ہمارے نسخہ میں ان کا نام اور حالات موجود ہیں نیز مرقات کے دونوں (فوقانی وتحتانی) متون میں امیہ کی ولدیت خالد بن عبداللہ ہے جبکہ ''الاکمال'' میں عبد اللہ بن خالد ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

تشریح: قوله: وعن أمية بن خالد بن عبد الله بن اسيد، عن النبي صلى الله عليه وسلم: ''امیہ'' تصغیر کے ساتھ اور ''اسید'' میں، پہلے فتحہ اور پھر کسرہ ہے۔ مؤلف نے ''الدسماء'' میں ان کا اسم گرامی ذکر نہیں کیا ہے اور میرکؒ نے التصحیح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے نقل کیا ہے کہ ابن عبدا کبر فرماتے ہیں۔

انه كان يستفتح: یعنی کفار کے مقابلہ میں اللہ سے فتح اور مدد طلب کرتے تھے۔

بصعاليك المهاجرين یعنی فقراء کے ذریعہ سے اور اُنکی دُعا کی برکت سے نہایہ میں لکھا ہے: **اى يستنصر بهم** اور اسی سے یہ اشاد باری تعالیٰ ہے: [**ان تستفتحو افقد جاء كم الفتح**][الانفال۔۱۹]

ابن الملک فرماتے ہیں مطلب یہ ہے کہ یوں دعا مانگتے: اے اللہ! اپنے مہاجرین فقراء بندوں کے طفیل دُشمن کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما۔ اس میں فقراء کی عظمت بیان کی گئی ہے اور ان کی دُعا اور ان سے برکت حاصل کرنے کا شوق دلایا گیا ہے۔

میں (ملا علی قاری) کہا ہوں "مہاجر" کی قید لگانے کی وجہ شاید یہ ہے کہ مہاجرین فقراء تھے اجنبی تھے۔ مظلوم تھے محنتی اور مجاہد تھے۔ چنانچہ عام مسلمانوں اور مالدار مسلمانوں کی بنسبت ان کی دُعاؤں کی تاثیر کی زیادہ اُمید ہوتی تھی۔

"**صعاليك**" "**صعلوك**" کی جمع ہے اور "**صعلوك**" "**عصفور**" کے وزن پر ہے۔ قاموس میں "صعلوک" کا معنی "فقیر" لکھا ہے۔

علامہ بغوی نے اس حدیث کو مطلق ذکر کیا اور اس حدیث کے مرسل ہونے کو بیان نہیں کیا۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ علامہ بغوی راوی کے صحابی ہونے قائل ہیں اور سند حدیث کے متصل ہونے کے قائل ہیں۔ اس روایت کے معنی کو تقویت ملتی ہے اس حدیث سے جو ماقبل گزری ہے: "**انما تنصرون بضعفائكم**"۔

پھر یہ کہ اس حدیث کو میں نے جامع میں دیکھا تو اس میں لکھا تھا کہ اس حدیث کو ابن ابی شیبہ اور طبرانی نے امیہ بن عبداللہ سے نقل کیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں: "**كان صلى الله عليه وسلم يستفتح ويستنصر بصعاليك المسلمن**"۔

۵۲۴۸ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَغْبِطَنَّ فَاجِرًا بِنِعْمَةٍ فَاِنَّكَ لَاتَدْرِیْ مَاهُوَلَاقٍ بَعْدَ مَوْتِهٖ اِنَّ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ قَاتِلًا لَايَمُوْتُ يَعْنِیْ النَّارَ (رواه فی شرح السنة)

اخرجه البغوی فی شرح السنة ۲۹۴/۴ حدیث رقم ۴۱۰۳۔

ترجمہ: "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "کسی فاجر (یعنی فاسق یا کافر) کو دنیاوی نعمتوں "یعنی مال و دولت اور شہرت سے بہرہ ور دیکھ کر اس پر رشک نہ کرو کیونکہ تمہیں معلوم نہیں کہ مرنے کے بعد (حشر یا قبر میں) اس کو کیسے کیسے حالات کا سامنا کرنا ہے (یعنی وہ یہاں تو یقیناً دنیاوی نعمتوں سے مالا مال دکھائی دیتا ہے لیکن اس کے برعکس آخرت میں مختلف انواع کی سختیوں اور عذاب کا سامنا کرے گا) اور (سن لو!) فاجر کے لئے خدا کے یہاں ایک ایسا قاتل ہے جس کو موت اور فنا نہیں آتی" اور اس قاتل سے حضور ﷺ کی مراد "آگ" ہے۔"

(شرح السنۃ)

تشریح: **لاتغبطن فاجرا بنعمة**: لاتغبطن: باء کے کسرہ اور نون تاکید کی تشدید کے ساتھ

بنعمة: وہ نعمتیں جو اُس کے پاس ہے۔ مثلاً لمبی عمر یا زیادہ اولاد یا زیادہ مال یا عہدہ اس طرح کہ تم اس نعمت کے زوال کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قولہ: فانك لاندری ماھو..... عنداللہ قاتلا لا یموت :اس کو ہلاک کرنے والا۔ یا ایسا دردناک عذاب جو قتل کر ڈالتا ہے۔

قولہ: یعنی النار: طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ ابو ہریرہؓ سے نقل کرنے والے عبداللہ بن مریم کی تفسیر ہے۔ اسی طرح شرح السنہ میں ہے۔ انتہیٰ۔

جزری فرماتے ہیں کہ بعض کے نزدیک یہ لفظ "قائلاً" ہے جس کا ہمزہ مکسورہ ہے اور یہ "قیلولۃ" سے ماخوذ ہے' اور بعض کے نزدیک "قاتلاً" تاء کے ساتھ ہے۔ یعنی آگ اس کو قتل کرے گی۔

تخریج: جامع میں ہے کہ بیہقی نے اس حدیث کو "شعب" میں ان سے نقل کیا ہے اور اُس کے الفاظ یوں ہیں:

"لا تغبطن فاجرا بنعمة ان له عنداللہ قاتلا لایموت".

۵۲۴۹ : عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَسَنَتُهُ وَاِذَا فَارَقَ الدُّنْيَا فَارَقَ السِّجْنَ وَالسَّنَةَ. (رواہ فی شرح السنۃ)

احمد فی المسند ۱۹۷/۲

ترجمہ: "حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "یہ دنیا! مؤمن کے لئے قید خانہ اور قحط ہے جب وہ مؤمن دنیا سے کوچ کرتا ہے تو (گویا) قید خانہ اور قحط سے چھٹکارا حاصل کر لیتا ہے"۔ (شرح السنۃ)

تشریح: قولہ: الا یا سجن المؤمن وسنتہ:

یعنی اُن نعمتوں اور ثواب کی نسبت سے عذاب اور قید ہے جو نعمتیں اور ثواب اللہ نے آخرت میں تیار کر رکھا ہے۔

سنتہ: سین اور نون کے فتحہ کے ساتھ۔ قحط اور زندگی کی تنگی۔ اسی وجہ سے نقل کیا گیا ہے کہ مؤمن تنگی بیماری اور ذلت سے خالی نہیں رہتا' اور کبھی یہ تمام چیزیں مؤمن میں جمع ہو جاتی ہیں۔

طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ لفظ "السنۃ" اُن اسماء میں ہے' جن کو زیادہ تر قحط کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔

ابن عطاء رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جب تک دنیا میں رہو ناگوار اُمور کو عجیب نہ سمجھو بلکہ اس کے بالمقابل اگر کچھ ہو تو اُس کو عجیب سمجھو۔

قولہ: واذا فارق الدنیا فارق السجن والسنۃ دونوں کو ذکر کرنے کی وجہ شاید اُس وھم کو زائل کرنا ہے جو بعض اوقات ہوتا ہے کہ قید خانہ میں بھی بعض اوقات کشادگی ہوتی ہے جیسا کہ کبھی کبھار ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اس وھم کو "والسنۃ" کے لفظ سے زائل کر دیا۔ چنانچہ اس کی زیادتی تتمہ اور تکمیل کیلئے ہے اور گذشتہ حدیث صحیح میں مطلق رکھا گیا اکثر احوال پر اعتماد کرتے ہوئے۔ اگرچہ قید خانہ میں ضرور مکان کی تنگی' رزق کی تاخیر اور دل کی پریشانی ہوتی ہے باوجود یہ کہ خدمت کرنے والے بھی ہوں۔

تخریج: ابن مبارک اور طبرانی نے بھی ان سے اس روایت کی تخریج کی ہے۔ امام میرک فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو حاکم نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے۔ مگر اس کی سند میں عبداللہ بن ایوب مغافری ہے۔ (انتہیٰ) اس حدیث کا کچھ ٹکڑا اور معانی کا بیان آغاز باب میں گزر چکا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امام حافظ ابوالقاسم وراق فرماتے ہیں اگر اعتراض کیا جائے کہ حدیث کا معنی اس طرح کیسے ہوسکتا ہے جبکہ ہم دیکھتے ہیں کہ مؤمن خوشحال زندگی گزارتا ہے اور کافر پریشانی اور تنگدستی کی زندگی گزارتا ہے؟ تو اس کا جواب دو طرح سے ہے:

اول یہ کہ دنیا کافر کیلئے اُس عذاب کے مقابلہ میں جنت کی طرح ہے جو عذاب اللہ نے اُسکے لئے آخرت میں تیار کر دیا ہے اور یہی دنیا مؤمن کیلئے اُس ثواب اور نعمتوں کے مقابلہ میں قید خانہ کی طرح ہے جو ثواب اور نعمتیں اللہ نے اس کے لئے آخرت میں تیار کر رکھی ہیں۔ چنانچہ کافر دنیا میں قیام پسند کرتا ہے اور دنیا سے جدائی اس کو ناگوار ہے اور مؤمن اس دنیا سے نکلنے کا مشتاق ہوتا ہے اور اس کی آفات سے اس طرح خلاصی کی طلب ہوتی ہے جس طرح قیدی کو قید خانہ سے نکلنے کی طلب ہوتی ہے۔

دوم یہ کہ یہ اُس مؤمن کی صفت ہے جو کامل ایمان والا ہو جس نے اپنے نفس کو دنیا کی لذتوں اور خواہشات سے دُور رکھا ہو تو یہ دنیا سختی اور تنگی کی وجہ سے بمنزلہ قید خانہ کے ہو جاتی ہے۔ اور کافر اپنے نفس کو چھوڑے رکھتا ہے اور دنیا کی لذتوں اور خواہشات کی طلب میں اپنے نفس کو خوش رکھتا ہے۔ چنانچہ دنیا وسعت اور خوشی کی وجہ سے اس کے لئے بمنزلہ جنت کے ہے۔

۵۲۵۰ : عَنْ قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَحَبَّ اللّٰهُ عَبْدًا حَمَاهُ الدُّنْيَا كَمَا يَظَلُّ اَحَدُكُمْ يَحْمِيْ سَقِيْمَهُ الْمَآءَ. (رواه احمد والترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٣٣٤ حديث رقم ٢٠٣٦ واحمد فی المسند ٤٢٧٥

ترجمہ: ''حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب حق تعالیٰ شانہٗ کسی بندے کو دوست رکھتا ہے تو اس کو دنیا سے ایسے بچائے رکھتا ہے جس طرح کہ تم میں سے کوئی شخص اپنے مریض کو پانی سے پرہیز کراتا ہے''۔ (احمد، ترمذی)

راویٔ حدیث:

قتادۃ بن النعمان۔ یہ قتادہ ہیں۔ نعمان کے بیٹے ہیں۔ انصار میں سے ہیں۔ بیعت عقبہ اور غزوۂ بدر اور اس کے بعد تمام غزوات میں حاضر رہے۔ صاحب فضل صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے تھے۔ ان سے ان کے اخیافی (ماں شریک) بھائی ابوسعید خدری اور ان کے بیٹے عمر نے روایت کی۔ ۲۳ھ میں بعمر ۶۵ سال انتقال فرمایا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔

تشریح: یعنی اس کو دنیا کے مال و مرتبہ اور ہر اُس چیز سے محفوظ رکھتے ہیں جو اس کے دین کیلئے نقصان دہ ہو اور آخرت میں نقصان کا ذریعہ ہو۔

اشرف فرماتے ہیں کہ اللہ اس شخص کو دنیا سے روک دیتے ہیں اور دنیا کی زینت میں ملوّث ہونے سے بچا لیتا ہے تاکہ دنیا کی بیماری سے اس کا دل بیمار نہ ہو۔

یظل ظاء کے فتحہ کے ساتھ ظل زید صائما بمعنی ''صار زید صائما'' سے ماخوذ ہے چنانچہ معنی تم اپنے مریض کو بچاتے ہو۔ خصوصاً جب استسقاء کی بیماری ہو یا ضعف معدہ کی بیماری ہو یا اور کوئی ایسی بیماری ہو جس کے [illegible] ہو۔ کہ پانی پینے سے بیماری بڑھ نہ جائے۔ اور ایسے موقع پر مریض کے مطالبہ پر بھی پانی نہیں دیا جاتا باوجود یہ کہ گھر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والے اس سے محبت کرتے ہیں' اور پانی تقریباً تمام اشیاء میں سستی چیز ہے جس میں بخل کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ خصوصاً اُس مریض کی بنسبت جس پر ہر شخص مہربان ہو۔ حاصل یہ کہ حکمت کا تقاضا ہے کہ وہ شخص جو اپنے اہل واقارب کے ہاں محبوب ہوتا ہے اُس کو ہر اُس چیز سے روکا جاتا ہے جو فی الحال اُسکے لئے مضر ہو۔

تخریج: جامع کے الفاظ یوں ہیں: "اذا احب الله عبدا حماه الدنيا كما يحمى احدكم سقيمه الماء" اس حدیث کو امام ترمذی، حاکم اور بیہقی نے شعب میں نقل کیا ہے۔ اور بیہقی کی ایک روایت میں حضرت حذیفہؓ سے یہ الفاظ منقول ہیں: "ان الله يحمى عبده المؤمن كما يحمى الراعى الشفيق غنمه من مراتع الهلكة" اور یہ معنی قرآن مجید کی اس آیت مبارکہ: ﴿انت ارحم الراحمين﴾ [الاعراف۔۱۵۱، الانبیاء۔۸۳] "اور سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے" سے ماخوذ ہے۔

۵۲۵۱ : وَعَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اثْنَتَانِ يَكْرَهُهُمَا ابْنُ اٰدَمَ يَكْرَهُ الْمَوْتَ وَالْمَوْتُ خَيْرٌ لِّلْمُؤْمِنِ مِنَ الْفِتْنَةِ وَيَكْرَهُ قِلَّةَ الْمَالِ وَقِلَّةُ الْمَالِ اَقَلُّ لِلْحِسَابِ. (رواه احمد)

اخرجه الحمد فى المسند ۵/۴۲۷۔

ترجمہ: "حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "دو چیزیں ایسی ہیں جن کو ابن آدم طبعاً ناپسند خیال کرتا ہے (اگر چہ درحقیقت وہ دونوں چیزیں بہت اچھی ہیں) چنانچہ ابن ادم ایک تو موت کو ناپسند کرتا ہے حالانکہ مؤمن کے لئے موت فتنہ سے بہتر ہے' دوسرے مال و دولت کم ہونے کو ناپسند کرتا ہے' حالانکہ مال کا کم ہونا حساب کی کمی کا باعث ہے"۔ (احمد)

تشریح: يكرههما :

قوله يكره الموت والموت خير لمؤمن من الفتنة:

ابن الملک فرماتے ہیں کہ وہ فتنہ جس سے موت بہتر ہے' شرک میں مبتلا ہونا ہے۔ یا وہ فتنہ جس سے انسان تنگ دل ہو جائے اور اس کی زبان پر ایسے کلمات جاری ہوں۔ جو نامناسب ہوں اور ان کا اعتقاد ہو جانا جائز نہ ہو۔

امام راغب فرماتے ہیں علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کبھی فتنہ دینی امور کا ہوتا ہے۔ مثلاً مرتد ہو جانا یا دوسرے کو معاصی پر مجبور کرنا۔ اسی کی طرف ارشارہ ہے حضور علیہ السلام کے اس ارشاد گرامی میں: "اذا اردت فتنة فى قوم فتوفنى غير مفتون" اے اللہ! جب تو کسی قوم میں کسی فتنہ کا ارادہ کرے تو مجھے فتنہ سے محفوظ کر کے موت دے۔)

میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ ابونعیم نے "حلیہ" میں ابوعبداللہ صنابحی سے نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں کہ "دنیا فتنہ کی طرف بلاتی ہے اور شیطان برائی کی طرف بُلاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی ملاقات ان دونوں مصیبتوں کے ساتھ رہنے سے بہتر ہے۔

تخریج: اسی طرح سعید بن منصور نے اپنی سُنن میں صحیح سند کے ساتھ محمد بن لبید سے نقل کیا ہے۔

امام بیہقی نے شعب الایمان میں زرعہ بن عبداللہ سے مرسلاً نقل کیا ہے:

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: انسان زندہ رہنے کو پسند کرتا ہے حالانکہ موت اس کے لئے بہتر ہے۔ اور انسان کثرت مال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پسند کرتا ہے حالانکہ کم مال کی صورت میں حساب کم سے کم ہوگا۔''

حاکم نے مستدرک میں' طبرانی نے کبیر میں' ابن مبارک نے زہد میں اور بیہقی نے شعب الایمان میں عبداللہ بن عمرو سے نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''مؤمن کا تحفہ موت ہے۔''

مروزی نے ''جنائز'' میں' ابن ابی شیبہ نے مصنف میں اور طبرانی نے ابن مسعودؓ سے نقل کیا ہے:

''قال ذهب صفو الدنيا فلم يبق منها الا لكدر' فالموت تحفة لكل مسلم''.

چنانچہ موت ہر مسلمان کیلئے تحفہ ہے۔''

امام مروزی اور ابن ابی الدنیا نے اور امام بیہقی نے ''الشعب'' میں ابن مسعود سے نقل کیا ہے:

وہ فرماتے ہیں کہ ''یہ دو ناگوار چیزیں یعنی فقر اور موت اچھی چیزیں ہیں۔''

امام احمد نے زہد میں اور ابن ابی الدنیا نے ابن مسعود سے نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں:

''اللہ کی ملاقات کے علاوہ مؤمن کیلئے کوئی راحت نہیں ہے۔''

ابن ابی الدنیا نے جعفر احمر سے نقل کیا ہے:

''جس شخص کیلئے موت میں کوئی خیر نہیں ہے تو اُسکے لئے زندگی میں بھی کوئی خیر نہیں ہے۔''

میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ اسی طرح جس کے لئے زندگی میں کوئی خیر نہیں اُس کی موت میں کوئی خیر نہیں ہے۔

ابن ابی شیبہ نے مصنف میں' عبدالرزاق نے اپنی تفسیر میں، حاکم نے مستدرک میں' اور طبرانی اور مروزی نے جنائز میں ابن مسعود سے نقل کیا ہے:

وہ فرماتے ہیں جو بھی کوئی نیک یا فاجر ہو اُسکے لئے موت اُسکی زندگی سے بہتر ہے۔ اگر انسان نیک ہو تو اللہ کا ارشاد ہے: ﴿وما عند الله خير للابرار﴾ [آل عمران:۱۹۸] اور اگر انسان فاجر ہو تو اللہ کا ارشاد ہے: ﴿وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ۭ اِنَّمَا نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ﴾ [آل عمران :۱۷۸] ''اور جو لوگ کفر کر رہے ہیں وہ یہ خیال ہرگز نہ کریں کہ ہمارا ان کو مہلت دینا ان کے لئے بہتر ہے۔ ہم ان کو صرف اسلئے مہلت دیتے رہے ہیں تاکہ جرم میں ان کو اور ترقی ہو جانے اور ان کو توہین آمیز سزا ہوگی''۔

۵۲۵۲ : وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ اُحِبُّكَ فَقَالَ انْظُرْ مَا تَقُوْلُ فَقَالَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاُحِبُّكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ قَالَ اِنْ كُنْتَ صَادِقًا فَاَعِدَّ لِلْفَقْرِ تِجْفَافًا لِلْفَقْرُ اَسْرَعُ اِلٰى مَنْ يُّحِبُّنِيْ مِنَ السَّيْلِ اِلٰى مُنْتَهَاهُ (رواه الترمذى وقال هذا حديث غريب)

اخرجه الترمذى فى السنن ٤/٤٩٨ حديث رقم ٢٣٥٠

ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں آپ ﷺ سے (بہت شدید) محبت کرتا ہوں۔ حضور ﷺ نے یہ (سن کر) ارشاد فرمایا کہ غور کر لو کہ کیا کہہ رہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہو؟ (یعنی اچھی طرح سوچ لو کہ تم کیا کہہ رہے ہو' کیونکہ بڑی عظیم الشان بات کا تم دعویٰ کر رہے ہو' ایسا نہ ہو کہ بعد میں اپنی بات پر پورا نہ اتر سکو) اس شخص نے عرض کیا کہ خدا کی قسم میں یقیناً آپ ﷺ سے محبت رکھتا ہوں اور تین بار یہی جملہ ادا کیا! حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر تم (اپنے پاس دعوے میں) سچے ہو تو پھر فقر کے لئے اپنی جھول تیار کر لو کیونکہ جو شخص مجھ سے محبت رکھتا ہے اس کو فقر و افلاس' اس سیل رواں سے بھی زیادہ جلد پہنچتا ہے جو اپنے منتہا کی طرف جاتا ہے''۔ اس حدیث کو ترمذیؒ نے نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے''۔

تشریح: قوله:فقال: والله انی لاحبك ثلاث مرات:

ثلاث مرات: ''قال'' فعل کیلئے ظرف ہے۔ اہبت زیادہ محبت مراد ہے ورنہ تو ہر مؤمن کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت ہوتی ہے۔

اور جامع کے الفاظ یوں ہیں ''**ان کنت تحبنی**''۔

قوله: ان کنت صادقا فاعد للفقر تجفا فا: (لفقر): یعنی میری محبت کے دعویٰ میں سچے ہو اور مشقت برداشت کرنے کے دعویٰ میں سچے ہو۔

تجفافا ''تاء'' کے کسرہ اور جیم کے سکون کے ساتھ۔ زرہ اور ڈھال مُغرب میں لکھا ہے کہ ''**تجفاف**'' اُس چیز کو کہتے ہیں جو جنگ کے دوران گھوڑے پر رکھتے ہیں گویا کہ زرہ کو کہتے ہیں۔ ''**تجفاف**'' تفعال کے وزن پر ہے۔ اور ''**جف**'' سے ماخوذ ہے کیونکہ اس میں بھی سختی اور خشکی کا معنی موجود ہے۔ (انہتیٰ) اس کی تاء زائد ہے جیسا کہ نہایہ میں اس کی تصریح ہے۔

قاموس میں ہے کہ تجفاف ''تاء'' کے کسرہ کے ساتھ ہے۔ اُس آلہ کو کہتے ہیں جس کو جنگ کے دوران انسان اپنی حفاظت کیلئے خود پہنتا ہے اور گھوڑے کی حفاظت کیلئے گھوڑے کو پہناتا ہے۔

حدیث کا معنی یہ ہے کہ اگر تم اپنے دعویٰ میں سچے ہو اور اپنی بات میں پکے ہو تو ایسا آلہ تیار کرو جو آزمائش کے وقت تجھے فائدہ دے۔ کیونکہ آزمائش اور میری محبت خلوت اور جلوت میں ایک دوسرے کو لازم ہیں۔ خلاصہ یہ کہ صبر کیلئے تیار ہو جاؤ' خصوصاً فقر پر صبر کرنے کیلئے' تاکہ تم اپنے یقین کی قوت سے اپنے دین سے ان چیزوں کو دور کر سکو' اس چیز کا جو دین کے منافی ہے۔ یعنی جزع جزع، قناعت کی کمی اور اللہ کی تقسیم پر ناراضگی۔ ''**تجفاف**'' کنایہ ہے صبر سے' کیونکہ صبر فقر پر پردہ ڈال کر اس کو چھپا دیتا ہے۔ جیسا کہ ''**تجفاف**'' بدن کو نقصان والی چیز سے چھپا کر بچاتا ہے۔

قوله:للفقر اسرع الی من الخ:لفقر: لام مفتوحہ کے ساتھ ہے' یہ لام ابتدا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ جو شخص مجھ سے محبت کرتا ہے اس کی طرف ضرور فقر تیزی کے ساتھ پہنچے گا اور ضرور اُس پر آزمائش اور مصائب آئیں گے کیونکہ لوگوں میں سب سے زیادہ آزمائش انبیاء علیہم السلام پر آتی ہیں اس کے بعد ان پر جو انبیاء کرام سے زیادہ مماثلت رکھے۔ اس طرح بقدر مماثلت ترتیب کے ساتھ آزمائش آتی ہے۔ خصوصاً سید الانبیا ﷺ پر کہ آپ علیہ السلام پر انبیاء میں سے زیادہ آزمائش آئی۔ اور آپ علیہ السلام کے متبعین پر اُنکی محبت کے اعتبار سے آزمائش آئیگی اور کوئی انسان جب کسی سے محبت رکھتا ہے اُسی کے ساتھ خوشگواریوں اور ناگواریوں میں رہتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس میں اس بات پر دلالت ہے کہ فقر ایک بڑی آزمائش ہے کیونکہ یہ تمام مشقتوں اور مصیبتوں پر مشتمل ہے۔ لیکن فقر دنیا میں کڑواہٹ کے باوجود آخرت میں اللہ کی مہربانیوں اور عطاء کی صورت میں حلاوت کا ذریعہ ہے۔

تخریج: احمد نے بھی نقل کیا ہے۔

۵۲۵۳ : وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ اُخِفْتُ فِى اللّٰهِ وَمَا يُخَافُ اَحَدٌ وَلَقَدْ اُوْ ذِيْتُ فِى اللّٰهِ وَمَايُؤْذٰى اَحَدٌ وَلَقَدْ اَتَتْ عَلَيَّ ثَلٰثُوْنَ مِنْ بَيْنِ لَيْلَةٍ وَيَوْمٍ وَمَالِىْ وَلِبِلَالٍ طَعَامٌ يَاكُلُهُ ذُوْكَبِدٍ اِلَّا شَيْءٌ يُوَارِيْهِ اِبْطُ بِلَالٍ (رواه الترمذى وقال معنى هذا الحديث حين خرج النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) هَارِباً مِنْ مَّكَّةَ وَمَعَهٗ بِلَالٌ اِنَّمَا كَانَ مَعَ بِلَالٍ مِنَ الطَّعَامِ مَا يَحْمِلُ تَحْتَ اِبْطِهٖ.

اخرجه الترمذى فى السنن ٥٥٦/٤ حديث رقم ٢٤٧٢ وابن ماجه فى السنن ٥٤/١ حديث رقم ١٥١ واحمد فى المسند ١٢٠/٣۔

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''خدا (کے دین کو پھیلانے اور اس کی وحدانیت اور اپنی رسالت کی دعوت دینے بلانے) کی راہ میں جس قدر مجھ کو خوف و ہراس میں مبتلا کیا گیا اس قدر کسی اور کو خوفزدہ نہیں کیا گیا اور خدا (کے دین) کی راہ میں جتنی ایذاء رسانیوں سے میں دوچار ہوا ہوں اتنی ایذا رسانیوں سے کوئی اور دوچار نہیں ہوا ہے (یعنی ابتدا میں تن تنہا میں نے دعوت اسلام کو پیش کیا اور اس کے مقابلے میں پیش آنے والی تمام تکالیف والام وخوف و ہراس کو برداشت کرنے والا واحد میں ہی تھا) بلاشبہ مجھ پر مسلسل تیس دن اور تیس راتیں ایسی بھی گزری ہیں جن میں میرے اور بلال رضی اللہ عنہ کے لئے کھانے پینے کا ایسا کوئی سامان نہیں تھا جس کو کوئی جگر والا (یعنی حیوان) کھا سکتا ہے (یعنی ان دنوں میں ہم دونوں کے پاس کھانے کی ان چیزوں میں سے بھی کچھ نہ تھا جس کو جانور ہی کھا سکیں چہ جائیکہ انسانوں کے کھانے کے لائق کوئی چیز ہوتی) ماسوا اس نہایت معمولی سی چیز کے جس کو بلال رضی اللہ عنہ کی بغل چھپا لیتی تھی (اور ظاہر ہے کہ جس چیز کو انسان اپنی بغل میں دبا لے اس کی حیثیت ہی کیا ہوتی ہے خصوصاً اس صورت میں جب کہ باہر سے یہ نظر بھی نہ آئے کہ بغل میں کیا چیز ہے'')۔ ترمذی نے اس روایت کو نقل کیا ہے اور کہا کہ اس حدیث میں رسول اقدس ﷺ نے جو صورت بیان فرمائی ہے اس کا تعلق اس وقت سے ہے جب سرور دو عالم ﷺ مکہ سے نکلنے پر مجبور ہو گئے تھے اور اس وقت آپ ﷺ کے ہمراہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ تھے نیز حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے پاس کھانے کی اشیاء میں سے محض اتنا تھا جسے کوہ اپنی بغل میں دبائے رہتے تھے''۔

تشریح: قوله: لقدأ خفت فى الله۔۔۔وما يؤذى احد: اخفت: ''اخافة'' سے ماضی مجہول کا صیغہ ہے۔ دونوں جملوں میں جملہ حالیہ کے ساتھ مقید کرنے کا فائدہ یہ ہے کہ ان دونوں حالتوں میں تخویف اور ایذاء شاق گزرتی ہے۔ کیونکہ مصیبت اگر عام ہو تو سہل ہو جاتی ہے۔ خلاصہ یہ کہ اپنی حالت کی حکایت ہے شکایت نہیں ہے بلکہ اظہار نعمت اور مشقت پر صبر کی توفیق کا بیان ہے۔ اور اُمت کیلئے تسلی ہے تاکہ وہ پریشانی زائل ہو جائے جو ان کو لاحق ہوتی ہے۔ یعنی میں دین کی ابتدائی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محنت میں تنہا تھا اور ملعون کفار نے مجھے اس جدوجہد میں دھمکیاں دی اور اُس وقت سوائے میرے مولیٰ اور رفیق اعلیٰ (اللہ کی ذات) کے کوئی نہیں تھا جو میری معاونت کرتا۔ اس کے بعد اپنے قول "علی ثلثون من بین لیلة ویوم" سے یہ بیان فرمایا کہ اس کے باوجود حضور علیہ السلام کے پاس توشہ اور اسباب بہت کم تھے۔

قوله: ولقد اتت علی --- شئی یواریه ابط بلال: علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ شمول کی تاکید ہے۔ یعنی متواتر تیس دن اور راتیں گزریں میں سے کچھ بھی کم نہیں۔ "کاف" کے فتحہ اور "باء" کے کسرہ کے ساتھ قاموس میں لکھا ہے کہ فتحہ اور کسرہ کے ساتھ "کتف" کے وزن پر ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ یعنی ہمارے پاس نہ تو ایسی کوئی چیز ہوتی تھی۔ جس کو جانور کھاتے ہیں اور نہ انسانوں کے کھانے کی کوئی چیز ہوتی تھی۔

الاشی: تنوین برائے تقلیل ہے۔

ابط: ہمزہ کے کسرہ اور "باء" کے سکون کے ساتھ "با" کو مکسور بھی پڑھا جاتا ہے۔ صحاح میں لکھا ہے کہ "الابط" باء کے سکون کے ساتھ اس کا معنی ہے وہ جگہ جو بازو کے نیچے ہوتی ہے۔ قاموس میں لکھا ہے کہ "الابط" کا معنی ہے وہ جگہ جو مونڈھے کے نیچے ہوتی ہے۔ اور "با" کو مکسور پڑھا جاتا ہے۔ اور کبھی اس کو مونث پڑھا جاتا ہے۔ مطلب یہ کہ بلال اُس وقت میرا ساتھی تھا۔ اور ہمارے پاس صرف اتنا تھوڑا سا کھانا ہوتا تھا جس کو بلالؓ اپنی بغل میں رکھتے تھے اور کوئی برتن نہیں ہوتا تھا جس میں رکھتے۔

تخریج: جامع میں "لقد اوذیت" کے الفاظ مقدم ذکر کیے گئے ہیں۔ اس حدیث کو امام احمد، امام ترمذی، ابن ماجہ اور ابن حبان نے ان (یعنی انس رضی اللہ عنہ) سے نقل کیا ہے۔

قوله: وقال: ومعنی هذا الحدیث الخ وقال: ایک نسخہ میں "قال" (بغیر واؤ کے) ہے۔ یعنی مخلوق کو چھوڑ کر جب اللہ کی طرف جب جا رہے تھے۔ جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿ففروا الی اللہ﴾ [الذاریات: ۵۰] "تو تم اللہ ہی کی طرف دوڑو"

نقل کیا گیا ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے نکل کر "عبد یالیل" کے پاس طائف چلے گئے تاکہ وہ آپ علیہ السلام کو مکہ کے کفار کی اذیت سے بچائے اور آپ پیغام نبوت کا فریضہ ادا کر سکیں۔ چنانچہ اُس نے بچوں کو حضور علیہ السلام کے پیچھے لگا دیا جنہوں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پتھروں سے اتنا مارا کہ آپ علیہ السلام کے قدم مبارک خون سے لہولہان ہو گئے۔ بعض نے اسی طرح نقل کیا ہے۔

مواہب لدنیہ میں لکھا ہے کہ حضور علیہ السلام طائف اس وجہ سے گئے کہ ابو طالب کی وفات کے بعد کفار مکہ نے حضور علیہ السلام کو کھلم کھلا "اذیتیں" دینا شروع کر دی تھیں۔ اور آپ علیہ السلام کا طائف جانا حضرت خدیجہؓ کی وفات کے تین ماہ بعد ہوا جبکہ نبوت کا دسواں سال تھا اور شوال کے کچھ دن باقی تھے۔ آپ علیہ السلام کے ساتھ زید بن حارثہ تھے۔ آپ علیہ السلام طائف میں ایک ماہ تک ٹھہرے رہے۔ وہاں بنو ثقیف کے سرداروں کو اللہ کی طرف دعوت دی لیکن انہوں نے دعوت کو قبول نہیں کیا۔ اور حضور علیہ السلام کے مقابلہ میں اپنے بے وقوف لڑکوں اور غلاموں کو اُبھارا جنہوں نے آپ علیہ السلام کو گالیاں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دی۔ موسیٰ بن عقبہ فرماتے ہیں کہ اُن لڑکوں نے حضور کی ایڑیوں اور پنڈلیوں پر اس قدر پتھر مارے کہ آپ علیہ السلام کے جوتے خون سے رنگین ہو گئے۔

دوسرے مورخین نے یہ بھی لکھا ہے کہ جب پتھر لگنے سے حضور علیہ السلام کو چوٹ لگتی اور درد ہوتا تو حضور علیہ السلام بیٹھ جاتے' وہ شریر لڑکے حضور علیہ السلام کو بازو سے پکڑ کر کھڑا کر دیتے اور جب حضور علیہ السلام چلتے تو وہ شریر لڑکے پتھر مارتے اور مذاق اُڑاتے' زید بن حارثہ حضور علیہ السلام کو پتھروں سے بچانے کی کوشش کرتے یہاں تک کہ زید بن حارثہ کے سر میں کئی زخم آئے۔

صحیحین میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے کہ ایک دن میں نے حضور علیہ السلام سے دریافت کیا کہ کیا اُحد سے زیادہ کوئی سخت دن آپ پر گزرا ہے؟ تو آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ تمہاری قوم کی طرف سے مجھے بہت تکلیفیں پہنچی ہیں مگر سب سے زیادہ تکلیف تمہاری قوم کی طرف سے مجھے یوم عقبہ میں پہنچی جب میں ''عبد یالیل بن عبد کلال'' کے پاس اپنی حفاظت کی غرض سے گیا۔ اُس نے میری بات رد کی تو میں بہت زیادہ غمزدہ ہو کر واپس لوٹا۔ مجھے ''قرن الثعالب'' مقام پر افاقہ ملا۔ میں نے سر اُوپر اُٹھایا تو ایک بادل مجھ پر سایہ کیے ہوئے تھا۔ میں نے بادل میں جبریل علیہ السلام کو دیکھا جو مجھے پکار رہے تھے اور کہہ رہے تھے کہ اللہ نے آپ کی قوم کے وہ جوابات سنے جو انہوں نے آپ کی بات کے مقابلہ میں کہے' اور آپ کی طرف پہاڑوں پر مقرر فرشتہ بھیج دیا ہے تا کہ آپ فرشتہ کو جو حکم دیں۔ وہ پورا کر دے۔ پھر پہاڑوں پر مقرر فرشتہ نے مجھے سلام کیا اور کہا: اے محمد! اللہ نے آپ کی قوم کی بات سنی ہے اور میں پہاڑوں پر مقرر فرشتہ ہوں۔ اللہ نے مجھے آپ کی طرف بھیجا ہے تا کہ میں آپ کے حکم کی تعمیل کروں۔ اگر آپ چاہیں تو میں دونوں جانب کے پہاڑوں کو ان کے اُوپر گرا کر ان کو کچل دوں۔

قاموس میں ہے کہ یہ پہاڑ مکہ کے دو پہاڑ جبل ابوقبیس اور جبل احمر تھے۔ یا منیٰ کے دو پہاڑ تھے۔ حضور علیہ السلام نے جواب دیا کہ نہیں بلکہ مجھے اللہ سے اُمید ہے کہ اللہ ان کی نسلوں میں سے ایسے افراد پیدا کرے گا جو صرف اللہ کی عبادت کریں گے اور اللہ کے ساتھ شرک نہیں کریں گے۔

''عبد یالیل'' ''یا'' کے بعد الف' پھر لام مکسورہ' پھر ''یا'' ساکنہ اور پھر لام ہے

ابن عبد کلال: کاف مضموم اور لام مخفف ہے۔

عبد یالیل طائف کے قبیلہ بنوثقیف کے سرداروں میں سے ایک سردار تھا۔ ''قرن الثعالب'' نجد والوں کیلئے میقات ہے اور اس کا دوسرا نام ''قرن المنازل'' ہے۔

طبرانی نے ''کتاب الدعاء'' میں عبداللہ بن جعفر سے نقل کیا ہے کہ جب ابوطالب کا انتقال ہوا تو حضور علیہ السلام طائف چلے گئے اور طائف والوں کو اسلام کی دعوت دی۔ لیکن اُنہوں نے اسلام کی دعوت قبول نہیں کی۔ چنانچہ حضور علیہ السلام ایک درخت کے سایہ میں تشریف لائے اور دو رکعت نماز پڑھ کر یہ دُعا فرمائی: اے اللہ! تجھ ہی سے شکایت کرتا ہوں اپنی کمزوری اور بے کسی کی اور لوگوں میں ذلت کی۔ اے ارحم الراحمین! تو ہی ضعفاء کا رب ہے اور تو ہی میرا پروردگار ہے۔ تو مجھے کس کے حوالے کرتا ہے۔ کسی اجنبی دُشمن کے جو مجھے دیکھ کر منہ چڑاتا ہے یا کسی قریبی دوست کے جس کو تو نے میرے کام کا ذمہ دار بنایا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! اگر تو مجھ سے ناراض نہیں ہے تو مجھے کسی کی بھی پرواہ نہیں تیری حفاظت مجھے کافی ہے۔ میں تیرے چہرے کے اُس نور کے طفیل جس سے تمام اندھیرے روشن ہو گئے اور جس سے دُنیا اور آخرت کے سارے کام درست ہو جاتے ہیں۔ اس بات سے پناہ مانگتا ہوں کہ مجھ پر تیرا غصہ ہو یا تو مجھ سے ناراض ہو تیری ناراضگی کا اُس وقت تک دور کرنا ضروری ہے جب تک تو راضی نہ ہو۔ نہ تیرے سوا کوئی طاقت ہے نہ قوت۔

قولہ: ومعہ بلال:

یہ اس کے منافی نہیں ہے کہ زید بن حارثہؓ حضور علیہ السلام کے ساتھ تھے۔ کیونکہ ممکن ہے کہ آپ علیہ السلام طائف کی طرف ایک سے زائد بار تشریف لے گئے ہوں۔ لیکن حدیث کے الفاظ ''**ومعہ بلال**'' سے یہ معلوم ہوا کہ یہ مکہ سے مدینہ ہجرت کا سفر نہیں تھا کیونکہ اُس وقت بلالؓ آپ علیہ السلام کے ساتھ نہیں تھے۔

قولہ: انما کان مع بلال من الطعام ما یحمل تحت ابطہ: یہ اس طعام کی قلت وخفت سے کنایہ ہے۔

۵۲۵۴ : وَعَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ قَالَ شَکَوْنَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْجُوْعَ فَرَفَعْنَا عَنْ بُطُوْنِنَا عَنْ حَجَرٍ حَجَرٍ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَطْنِهٖ عَنْ حَجَرَیْنِ .

(رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث)

اخرجہ الترمذی فی السنن ٤/٥٠٦ حدیث رقم ٢٣٧١۔

ترجمہ: ''حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ سے بھوک کی شکایت کی اور اپنے پیٹ پر ایک ایک پتھر بندھا ہوا دکھایا' (یعنی ہم میں سے ہر شخص نے بھوک کی شدت سے بے تاب ہو کر اپنے پیٹ پر ایک ایک پتھر باندھ رکھا تھا جس کو ہم نے اپنا پیٹ کھول کر حضور ﷺ کو دکھایا) تب محبوب کبریاء ﷺ نے (ہماری تسلی اور تشفی کے لئے) اپنا بطن مبارک کھول کر دو پتھر دکھائے''۔ ترمذی نے اس روایت کو نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے''۔

تشریح: قولہ: شکونا الی رسول اللہ ﷺ الجوع اور ایک نسخہ میں ''**الی النبی**'' کے الفاظ ہیں۔

قولہ: فرفع رسول اللہ ﷺ عن بطنہ عن حجرین) طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں پہلا لفظ ''**عن**'' ''**رفعنا**'' کے متعلق ہے اور ''**رفعنا**'' **کشف** کے معنی کو متضمن ہے۔ اور دوسرا ''**عن**'' مصدر محذوف کی صفت ہے۔ ای ''**کشفنا عن بطوننا کشفا صادرا عن حجر**'' اور یہ بھی جائز ہے کہ ''**حجر**'' کی تنکیر کو نوع پر محمول کیا جائے۔ یعنی ایسا پتھر جو ہمارے پیٹوں پر بندھا ہوا تھا۔ اس صورت میں بدل ہوگا۔ عموماً جب بھوک بڑھ جاتی ہے اور پیٹ خالی ہو تو پیٹ پر پتھر باندھا جاتا ہے تاکہ کمر سیدھی اور مضبوط ہو جائے۔ (انتہیٰ)

مقام کی وضاحت یہ ہے کہ جب دو حروف جر ایک ہی مرتبہ میں عامل کے معنی میں ہوں تو انکا تعلق دُرست نہیں۔ اور دوسرے حرف جر کا تعلق پہلے حرف جر کی تقیید کے بعد دُرست ہے۔ جیسا کہ اپنی جگہ پر اس بات کی تحقیق ہو چکی ہے۔ چنانچہ حرف جر کا مصدر محذوف کیلئے صفت بننا ظاہر ہے۔ اس میں کوئی غبار نہیں۔ اور جار کے اعادہ کے ساتھ بدل اشتمال بنانا باوجود یہ کہ بدل اشتمال میں مبدل منہ کی ضمیر کا ہونا ضروری ہے۔ اس بات پر مبنی ہے کہ حجر سے مراد ایک نوع ہو۔ اور تقدیر یہ ہو: ''**عن حجر**

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشدود عليها" .

علامہ طیبی رحمہ اللہ کے کلام سے یہ وہم پیدا ہوتا ہے کہ بدل کا قول انکا قول ہے حالانکہ امام میرک نے زین العرب سے نقل کیا ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ بدل اشتمال ہے۔ جس طرح کہ کوئی کہے: "زيد كشف عن وجهه عن حسن خارق" ۔

پھر بعض شارحین فرماتے ہیں کہ پیٹ پر پتھر باندھنے کا فائدہ یہ ہے کہ خالی انتڑیوں میں نفخ نہیں ہوتا اور بذات خود انتڑیوں کو باندھنے سے کمر کو مضبوطی حاصل ہوتی ہے۔

بعض فرماتے ہیں کہ پیٹ پر پتھر اسلئے باندھا جاتا ہے تاکہ پیٹ ڈھیلا نہ پڑھے پھر اس کی وجہ سے انتڑیاں نیچے کی طرف نہ سرک جائیں اور حرکت مشکل نہ ہو جائے۔ انسان جب پیٹ پر پتھر باندھتا ہے تو پیٹ اور کمر سخت ہو جاتے ہیں اور حرکت کرنا آسان ہو جاتا ہے۔ اور جب بھوک زیادہ بڑھ جائے تو پتھر باندھتے ہیں۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ کو سب سے زیادہ بھوک ہوتی تھی اور سب سے زیادہ مشقت اُٹھاتے تھے اسلئے اپنے پیٹ پر دو پتھر باندھتے تھے۔

مظہر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس طرح کرنا زیادہ مجاہدہ کرنے والوں کی عادت ہے۔

ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ عرب کی یا مدینہ والوں کی عادت ہے۔

صاحب الازھار فرماتے ہیں کہ پیٹ پر پتھر باندھنے کے بارے میں کئی اقوال ہیں۔ جب زیادہ بھوک لگتی تھی تو اُن میں سے ایک پتھر اُٹھا کر پیٹ پر نا ندھتے تھے۔ اللہ نے ان پتھروں میں ٹھنڈک پیدا کی تھی۔ جب باندھتے تھے تو بھوک اور گرمی سے سکون حاصل ہوتا تھا۔

بعض شارحین فرماتے ہیں کہ جب کسی کو صبر کرنے کا کہنا ہو تو عرب کہتے ہیں: "اربط على قلبك حجرا" (اپنے دل پر پتھر باندھ لے) گویا کہ نبی علیہ السلام نے اپنی اُمت کو اپنے قول سے بھی صبر کرنے کا حکم دیا اور اپنے حال سے بھی۔ واللہ اعلم

تخریج: شمائل میں امام ترمذی نے تصریح کی ہے: "هذا حديث غريب من حديث ابى طلحة لانعرفه الامن هذا الوجه اھ" ۔ یہ حدیث ابوطلحہ کی سند کے ساتھ غریب ہے۔ یہ حدیث صرف اسی سند کے ساتھ معروف ہے۔ انتہی۔ چنانچہ اس حدیث کا غریب ہونا ابوطلحہ کی سند سے ہے نہ کہ باقی اسناد سے جبکہ امام میرک فرماتے ہیں اس کے راوی ثقہ ہیں۔

۵۲۵۵ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ اَصَابَهُمْ جُوْعٌ فَاَعْطَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرَةً تَمْرَةً

(رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٥٧ حديث رقم ٢٤٧٤ واخرجه ابن ماجه ٢/١٣٩٢ حديث رقم ٤١٥٧ ۔

ترجمہ: "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ (ایک بار) فقراء صحابہ شدید بھوک سے دوچار ہوئے تو رسول اللہ ﷺ نے ان (میں سے ہر ایک) کو ایک کھجور عطا فرمائی"۔ (ترمذی)

تشریح: یعنی کھجور کی تھوڑی مقدار اس طرح دی کہ حضور اکرم ﷺ نے کھجوریں تقسیم کیں تو ہر ایک صحابی کو ایک ایک کھجور ملی۔ اسلئے کہ اصحاب صفہ کی تعداد چار سو بلکہ اس بھی زیادہ تھی۔ بسا اوقات ان کھجوروں میں ایسی برکت آجاتی کہ بھوک کی [illegible] مشقت ختم ہو جاتی اور ایک کھجور کے دانہ سے [illegible] ہو جاتی جو ہر عطا سے بڑھ کر ہوتی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۲۵۶ : وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَصْلَتَانِ مَنْ كَانَتَا فِيْهِ كَتَبَهُ اللّٰهُ شَاكِرًا صَابِرًا مَنْ نَظَرَ فِيْ دِيْنِهٖ اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَهٗ فَاقْتَدٰى بِهٖ وَنَظَرَ فِيْ دُنْيَاهُ اِلٰى مَنْ هُوَ دُوْنَهٗ فَحَمِدَ اللّٰهَ عَلٰى مَا فَضَّلَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ كَتَبَهُ اللّٰهُ شَاكِرًا صَابِرًا وَمَنْ نَظَرَ فِيْ دُنْيَاهُ اِلٰى مَنْ هُوَ فَوْقَهٗ فَاَسِفَ عَلٰى مَا فَاتَهٗ مِنْهُ لَمْ يَكْتُبْهُ اللّٰهُ شَاكِرًا وَلَا صَابِرًا (رواه الترمذی وذكر حديث ابی سعيد اَبْشِرُوْا يَا مَعْشَرَ صَعَالِيْكِ الْمُهَاجِرِيْنَ فِيْ بَابِ بَعْدَ فَضَائِلِ الْقُرْاٰنِ ۔

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٧٤ حديث رقم ٢٥١٢ وابن ماجه فی السنن ٢/١٣٨٧ حديث رقم ٤١٤٢

ترجمہ: ''حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''دو صفات ایسی ہیں کہ وہ جس شخص میں موجود ہوتی ہیں اس کو اللہ تعالیٰ شاکر و صابر قرار دیتا ہے ایک یہ کہ جب وہ شخص اپنے دینی معاملہ (یعنی اچھے اعمال وغیرہ) میں ایسے شخص پر نگاہ رکھے جو (اتباع شریعت واتباع سنت ذوقِ طاعت و عبادت علم وعمل واخلاص کے لحاظ سے) اس سے برتر ہو پھر اس کی پیروی بھی کرے (یعنی اس میں دینی برتری وفضیلت سے اس طرح استفادہ کرے کہ خود بھی علم وعمل کی راہ پر چلے طاعات وعبادات کی ریاضت اور معاصی سے پرہیز پر استقامت اختیار کرے اور جو روحانی کمالات پہلے فوت ہو چکے ہیں ان پر رنجیدہ ہو) اور دوسرے یہ کہ جب اپنی دنیا کے معاملہ میں اس آدمی کو دیکھے جو (مال و دولت اور عزت وحشمت کے لحاظ سے) اس سے کم تر ہو تو اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرے اور اس کا شکر ادا کرے اس بات پر کہ اس نے اس کو اس آدمی پر فوقیت وفضیلت عطا فرمائی ہے پس اللہ تعالیٰ اس شخص کو ''صابر وشاکر'' قرار دیتا ہے (یعنی شاکر تو اس لئے کہ اس نے دنیاوی لحاظ سے اپنے سے کمتر کو دیکھ کر خدا کا شکر ادا کیا اور ''صابر'' اس لئے کہ اس نے دینی معاملہ میں سے اپنے سے برتر شخص کو دیکھ کر اس سے رہنمائی اور فیضان حاصل کیا) اور جو شخص ایسا ہو کہ جب وہ کسی ایسے شخص کو دیکھے جو اس کے دینی معاملہ کے اعتبار سے اس سے کمتر درجہ کا ہو (تو اس کے بارے میں سوچ کر خود پسندی اور غرور ونخوت میں پڑ جائے) اور جب کسی ایسے آدمی کو دیکھے جو اس کی دنیا (مال وجاہ اور منصب) کے اعتبار سے اس سے برتر ہو تو (اس کے بارے میں رشک وحسد اور حرص وخواہش میں مبتلا ہو جائے) اور اس چیز (یعنی جاہ ومال) پر رنجیدہ ہو جایا کرے جس سے وہ محروم ہے تو ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ نہ ''شاکر'' قرار دیتا ہے اور نہ ''صابر''۔ (ترمذی) حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کی روایت اَبْشِرُوْا يَا مَعْشَرَ صَعَالِيْكِ الْمُهَاجِرِيْنَ..... اس باب میں نقل کی جا چکی ہے جو فضائل قرآن کے باب کے بعد ہے۔

تشریح: قوله: وعن عمرو بن شعب عن ابيه عن جده: یعنی ابن عمرو کے جد امجد سے جیسا کہ جامع میں اس کی تصریح کی گئی ہے۔

قوله: قال خصلتا ن من كانتا فيه كتبه الله صابرا شاكرا: یعنی کامل مؤمن اسلئے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ان فی ذالك لايات لكل صبار شكور﴾ [ابراهيم ـ ٥ لقمان ـ ٣١ سبا ـ ١٩ الشوری] ''بے شک اس میں نشانیاں ہیں۔ ہر صابر لکھا جاتا ہے اور شاکر کیلئے اور حدیث میں وارد ہوا ہے کہ ''ایمان کے دو حصے ہیں: آدھا ایمان صبر ہے اور آدھا ایمان شکر ہے۔ صبر برائیوں سے ہے اور شکر اطاعت پر ہے۔ اور جامع میں بہ زیادتی بھی منقول ہے کہ ''جس میں یہ دو خصلتیں نہ ہوں اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ہاں صابر اور شاکر نہیں لکھا جاتا'' ۔اور یہ بھی ممکن ہے کہ ''من نظر'' جملہ مستانفہ ہو اور اُس صابر اور شاکر کا بیان ہو جس کے یہ مذکورہ دونوں خصلتیں ہوں ۔اُن میں سے ایک خصلت یہی ہے۔اور دوسری خصلت کو اگلے جملہ: ونظر فی دنیاہ الی من ھو دونہ الخ۔میں بیان کیا گیا ہے۔

قولہ: فحمداللّٰہ علی مافضلہ اللّٰہ علیہ :اور جامع کی روایت میں ''**فحمداللّٰہ علی ما فضلہ بہ**'' کے الفاظ وارد ہوئے ہیں۔ چنانچہ اس میں لف ونشر مشوش (اجمال اور تفصیل میں ترتیب نہیں) ہے۔اور چونکہ مفہوم کا اعتبار کبھی کیا جاتا ہے اور کبھی اعتبار نہیں کیا جاتا ہے جبکہ منطوق کا اعتبار اقویٰ بھی ہے۔اسلئے جو بات ضمنی طور پر معلوم ہو رہی تھی اُس کو صراحت کے ساتھ ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

ومن نظر فی دینہ الی الخ فأسف: سین کے کسرہ کے ساتھ۔

ما فاتہ منہ یعنی مال اور دوسری اشیاء کی عدم موجودگی کی صورت میں جو مال وغیرہ فوت ہو جائے۔حالانکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:﴿**لکیلا تأسوا علی ما فاتکم ولا تفرحوا بما اتاکم**﴾ [الحدید: ۲۳] ''تاکہ جو چیز تم سے جاتی رہے تم اس پر رنج نہ کرو اور تاکہ جو چیز تم کو عطا فرمائی ہے، اس پر اتراؤ نہیں''۔

حضور اکرم ﷺ سے نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص دُنیا کے فوت ہونے پر غمگین ہو جائے ایک ہزار (۱۰۰۰) سال کی مسافت کے بقدر جہنم کے قریب ہو جاتا ہے۔اور جو آخرت کے فوت ہو جانے پر غمگین ہو وہ ایک ہزار سال کی مسافت کے بقدر جنت کے قریب ہو جاتا ہے۔''

قولہ: لم یکتبہ اللّٰہ شاکرا ولا صابرا۔

چونکہ اس میں کوئی خصلت ہی نہیں پائی جاتی' بلکہ ان صفات کی ضد یعنی دل اور زبان سے کفران نعمت اور جزع فزع صادر ہوا ہے۔

قولہ: وذکر حدیث ابی سعید:

ایک طویل حدیث کے ضمن میں جس کا ابتدائی حصہ باب القراءۃ سے مناسبت رکھتا ہے۔

قولہ: ابشروا یاصعالیك المھاجرین یعنی قیامت کے دن مکمل کامیاب ہو۔کہ تم مالدار لوگوں سے آدھا دن قبل جنت میں داخل ہو گے اور اس دن کی مقدار پانچ سو (۵۰۰) سال ہو گی۔

ابوداؤد نے اس کو کتاب فضائل القرآن کے بعد بغیر کسی باب' کسی عنوان کے نقل کیا ہے۔

الفصل الثالث:

۵۲۵۷ : عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُبُلِیِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو وَسَأَلَہٗ رَجُلٌ قَالَ اَلَسْنَا مِنْ فُقَرَآءِ لْمُھَاجِرِیْنَ فَقَالَ لَہٗ عَبْدُ اللّٰہِ اَلَکَ امْرَأَۃٌ تَاوِیْ اِلَیْھَا قَالَ نَعَمْ قَالَ اَلَکَ مَسْکَنٌ تَسْکُنُہٗ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاَنْتَ مِنَ الْاَغْنِیَاءِ قَالَ فَاِنَّ لِیْ خَادِمًا قَالَ فَاَنْتَ مِنَ الْمُلُوْكِ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَجَآءَ ثَلٰثَۃٌ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نَفَرٍ اِلٰی عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَاَنَا عِنْدَهٗ فَقَالُوْا يَا اَبَا مُحَمَّدٍ اِنَّا وَاللّٰهِ مَانَقْدِرُ عَلٰی شَیْءٍ لَا نَفَقَةٍ وَلَا دَابَّةٍ وَلَامَتَاعٍ فَقَالَ مَاشِئْتُمْ اِنْ شِئْتُمْ رَجَعْتُمْ اِلَيْنَا فَاَعْطَيْنٰكُمْ ثم مَايَسَّرَاللّٰهُ لَكُمْ وَاِنْ شِئْتُمْ ذَكَرْنَا اَمْرَكُمْ لِلسُّلْطَانِ وَاِنْ شِئْتُمْ صَبَرْتُمْ فَاِنِّی سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ فُقَرَآءَ الْمُهَاجِرِيْنَ يَسْبِقُوْنَ الْاَغْنِيَاءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلَی الْجَنَّةِ بِاَرْبَعِيْنَ خَرِيْفًا قَالُوْا فَاِنَّا نَصْبِرُ لَانَسْاَلُ شَيْئًا. (رواہ مسلم)

اخرجہ مسلم فی صحیحہ ۲۲۸۵/٤ حدیث رقم (۳۷-۲۹۷۹)

ترجمہ: ''حضرت ابوعبدالرحمٰن جبلیؒ (جن کا اسم گرامی عبداللہ بن زید مصری ہے اور ثقہ تابعین میں شمار ہوتے ہیں کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا' جب کہ ایک شخص نے ان سے سوال کیا اور کہا کہ کیا ہمارا شمار (ان) فقراء مہاجرین میں نہیں ہے؟ (انہیں یہ خوشخبری سنائی گئی ہے کہ ان کا جنت میں داخلہ اہل ثروت سے بہت پہلے ہوگا؟) حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما نے (یہ سن کر) اس شخص سے دریافت فرمایا کہ کیا تم بیوی والے ہو جس کے پاس سے تم قرار اور سکون و راحت پاتے ہو؟ اس شخص نے جواب دیا کہ ہاں! پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما نے دریافت فرمایا کہ کیا تمہارے پاس گھر ہے جس میں تم رہائش اختیار کرو؟ اس شخص نے کہا کہ ہاں مکان بھی ہے! حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تو پھر تم دولت مندوں میں سے ہو (یعنی تم ان مہاجرین کی حیثیت کے آدمی ہو غربت و اخلاص کا شکار نہ ہوئے تھے کیونکہ جن مہاجرین کو فقراء شمار کیا جاتا ہے ان کے پاس تو یہ دونوں نعمتیں نہ تھیں یا ان سے کسی ایک سے محرومی تھی۔) اس شخص نے (یہ سن کر کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما نے بیوی اور مکان کی موجودگی میں گویا دولت مند قرار دیا ہے تو) کہا کہ میرے پاس تو ایک خادم بھی ہے (یعنی غلام یا لونڈی) حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما نے فرمایا تب تو تم بادشاہوں میں سے ہو (یعنی اس صورت میں تمہیں رؤساء اور بادشاہوں میں شمار ہونا چاہئے' تمہیں فقیر و مفلس کہنا کسی طرح درست نہ ہوگا''۔) حضرت عبدالرحمٰنؒ (راوی) نے یہ بھی بیان فرمایا کہ (ایک روز) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کے پاس تین آدمی آئے' اس وقت میں بھی ان کی خدمت میں حاضر تھا' ان تینوں نے کہا: ''ابومحمد! بخدا ہم کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتے' نہ تو خرچ کرنے کی (کہ حج وغیرہ کرسکیں) نہ کسی جانور کی (کہ جہاد میں شریک ہو جائیں) اور نہ کسی دوسرے ساز و سامان کی (کہ جس کو بیچ کر کے اپنی ضروریات پوری کرسکیں) حضرت عبداللہ نے (ان لوگوں کی گفتگو کو سنا اور) فرمایا کہ تمہارا مطالبہ کیا ہے؟ اگر تمہاری (یہ) خواہش ہے کہ (میں تمہیں اپنے پاس سے کچھ دے کر تم سے تعاون کروں) تو تم لوگ دوبارہ کسی وقت آنا پھر میں تمہیں وہ چیز دوں گا جس کا حق تعالیٰ شانہٗ تمہاری خاطر انتظام کر دے گا (اس لئے کہ فی الحال تمہاری مراد کے لئے میرے پاس کچھ بھی موجود نہیں ہے) اور اگر تمہاری (یہ) خواہش ہے کہ میں تمہاری حالت کا بادشاہ (امیر معاویہ رضی اللہ عنہ) سے تذکرہ کروں (تمہیں اپنی عطاء سے فارغ البال کر دیں تو ایسا بھی کر دونگا) اور اگر تم چاہو کہ (کاملین مقربین کے رتبہ کے طالب ہو) تو صبر کرو (یعنی اپنی اسی حالت فقر و افلاس پر استقامت اختیار کرو) کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ فقراء مہاجرین قیامت کے دن جنت میں دولت مندوں سے چالیس سال پہلے جائیں گے''۔ ان تینوں نے (یہ حدیث سنی تو) کہنے لگے کہ ''بے شک ہم صبر وا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ستقامت ہی کا دامن تھامتے ہیں اب (ہم آپ سے) کچھ نہیں مانگتے (یا یہ کہ اب آئندہ ہم کسی سے کچھ نہیں مانگیں گے"۔ (مسلم)

تشریح: و ساله (قد کی تقدیر کے ساتھ ہے)۔

قال ألسنا من فقراء المهاجرين: یہ جملہ مستانفہ بیانیہ ہے۔

قال: الك مسكن؟: کاف کے فتحہ کے ساتھ ہے اور کاف کو مکسور بھی پڑھا جاتا ہے۔

قوله: فأنت من الاغنياء: یعنی مالدار مہاجرین میں سے ہو کیوں کہ فقراء مہاجرین کے پاس نہ بیویاں تھیں اور نہ کوئی رہائش گاہ یا اگر کسی کے پاس ان دو میں سے ایک چیز ہوتی تو دوسری چیز نہ ہوتی۔

قوله: قال: فأنت من الملوك: شاید انھوں نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد کا اقتباس کیا ﴿وجعلكم ملوكا﴾ [المائدة۔ ۲۰] جیسا کہ عبدالرزاق، عبد بن حمید اور ابن جریر نے ابن عباسؓ سے وجعلكم ملوكا کی تفسیر میں نقل کرتے ہوئے فرمایا: بیوی اور خادم۔ اور ابن جریر نے ابن عباسؓ سے مزید یہ بھی نقل فرمایا کہ جب بنی اسرائیل میں کسی کے پاس بیوی، خادم اور گھر ہوتا اُس کو مَلک کہتے تھے۔

قوله: "قال عبدالرحمن" مشکوٰۃ کے تمام موجودہ نسخوں میں اسی طرح لکھا ہوا ہے۔ لیکن دُرست "ابوعبدالرحمٰن" ہے۔ جیسا کہ پہلے گزرا ہے۔ محدث سید جمال الدین فرماتے ہیں کہ مشکوٰۃ کے اُن اکثر نسخوں میں جن کو ہم نے دیکھا اور یہ ظاہر طور پر غلطی ہے اور دُرست ابوعبدالرحمٰن ہے، یہی حدیث کے راوی ہے۔ جیسا کہ مسلم میں مذکور ہے

"ثلاثة نفر" اضافت کے ساتھ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ﴿تسعة رهط﴾ میں ہے۔

اور اس جملہ کا گذشتہ جملہ: "وسأله رجل" پر عطف ہے۔ (یعنی حال یہ تھا کہ تین فقراء آئے۔)

لانقدر على شيئ لانفقة: واضح تعمیم ہے۔

ولا دابة: کہ اُس پر بیٹھ کر جہاد کریں یا حج کیلئے جائیں۔

ولا متاع: یعنی کوئی زائد ساز و سامان جس کو بیچ کر اُسکی قیمت گھر کے خرچ اور سواری میں صرف کریں۔

فقال لهم ماشئتم: "ما" استفہامیہ ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ "ما" موصولہ ہو "هو" مبتدا ہو اور خبر محذوف ہو۔ (یعنی وہ مسائل جو تمہیں درپیش ہیں اور تم لوگ اُن کا حل چاہتے ہو تو ہم اُنکا انتظام کرینگے۔)

۵۲۵۸: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَ قَالَ بَيْنَا قَاعِدٌ فِي الْمَسْجِدِ وَحَلْقَةٌ مِنْ فُقَرَآءِ الْمُهَاجِرِيْنَ قُعُوْدٌ اِذْ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَعَدَ اِلَيْهِمْ فَقُمْتُ اِلَيْهِمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُبَشِّرْ فُقَرَآءَ الْمُهَاجِرِيْنَ بِمَايَسُرُّ وُجُوْهَهُمْ فَاِنَّهُمْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاَغْنِيَآءِ بِاَرْبَعِيْنَ عَامًا قَالَ فَلَقَدْرَأَيْتُ اَلْوَانَهُمْ اَسْفَرَتْ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو حَتّٰى تَمَنَّيْتُ اَنْ اَكُوْنَ مَعَهُمْ اَوْمِنْهُمْ۔

(رواه الدارمي)

اخرجه الدارمي في السنن ۲/۴۳۷ حديث رقم ۲۸۴۴

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ ہم لوگ مسجد (نبوی ﷺ) میں بیٹھے ہوئے تھے اور فقراء مہاجرین بھی حلقہ لگائے ہوئے بیٹھے تھے کہ اچانک نبی اکرم ﷺ تشریف لے آئے اور فقراء کی طرف منہ کر کے بیٹھ گئے میں بھی اپنی جگہ سے اٹھ کر (حضور ﷺ کی اتباع میں) فقراء کے قریب پہنچ کر ان کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو گیا (تا کہ جناب رسالتمآب ﷺ کے ان تمام ملفوظات کو سماعت کر سکوں جو آپ ان سے ارشاد فرمائیں) چنانچہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''چاہیئے کہ فقراء مہاجرین کو اس بات کی خوشخبری سنائی جائے جو انہیں شاداں و فرحاں کر دے' پس (وہ خوشخبری یہ ہے کہ) فقراء مہاجرین جنت میں اہل ثروت سے چالیس سال پہلے داخل ہوں گے''۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ خدا کی قسم میں نے دیکھا کہ (اس خوشخبری کو سننے کے بعد) فقراء (کے چہروں) کا رنگ تاباں و روشن ہو گیا۔ پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ (یہ بشارت سن کر اور فقراء مسرت اور شادمانی دیکھ کر) میرے دل میں یہ آرزو پیدا ہوئی کہ (کاش) میں بھی ان کے ساتھ ہوتا (یعنی اس دنیا میں بھی غربت و ناداری کا سامنا کرتا اور اس جماعت فقراء میں شمار ہوتا) یا یہ کہ ان میں سے ہوتا (یعنی آخرت میں اسی طبقہ فقراء میں شمار ہو کر میں حشر ہوتا)۔'' (دارمی)

تشریح: **قوله: قال بينما أنا قعود۔۔۔۔ فعدد: قال بينا:** ایک نسخہ میں ''بینما'' ہے۔

حلقة: ''حاء'' کے فتحہ اور ''لام'' کے سکون کے ساتھ' لام کو مفتوح بھی پڑھا جاتا ہے۔ ایسی جماعت جو حلقہ کی صورت میں ہو اور اُنکے دل اس حلقہ سے متعلق ہوں۔

قعود: ''ذوو قعود'' کے معنی میں ہے (یعنی بیٹھنے والے)

قاموس میں لکھا ہے ''حلقة الباب و القوم'' اس کا لام کبھی مفتوح پڑھا جاتا ہے اور کبھی مکسور پڑھا جاتا ہے۔ یا کلام عرب میں ''حلقة'' حا اور لام کی) حرکت کے ساتھ صرف ''حالق'' کی جمع آتی ہے' یا یہ ضعیف لغت ہے۔ اور اس کی جمع ''حلق'' (حا اور لام کی) حرکت کے ساتھ ہے۔ یا ''بدر'' کے وزن پر ہے۔

قوله: اذ دخل النبي ﷺ فقعد اليهم: یعنی فقراء کی طرف متوجہ ہو کر تشریف فرما ہوئے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿واصبر نفسك مع الذين يدعون ربهم بالغداة والعشيٰ يريدون وجهه﴾ [الكهف۔۲۸] ''اور آپ اپنے کو ان لوگوں کے ساتھ مقید رکھا کیجئے جو صبح و شام اپنے رب کی عبادت محض اس کی رضا جوئی کیلئے کرتے ہیں۔''

قوله: فقال النبي ﷺ ليبشر فقراء المهاجرين بما ليسر وجوههم:

يبشر: ''تبشير'' مصدر سے امر مجہول کا صیغہ ہے۔ اور یہ بھی درست ہے کہ ''بشارة'' مصدر سے ہو۔ اس سے مراد خبر ہے یا دُعا مراد ہے۔

وجوههم: منصوب ہے اور ایک نسخہ میں رفع کے ساتھ ہے۔ تقدیری عبارت یوں ہو گی ''بما يسر وجوههم'' جس سے ان کے چہروں پر خوشی کا اثر ظاہر ہو۔

فلقد لام جواب قسم کیلئے ہے۔ ای ''فوالله لقد''۔

اسفرت: ''اسفار'' سے ماخوذ ہے۔ اس کا معنی ہے ''رنگ کا چمکنا'' اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وجوه يومئذ مسفرة﴾ [عبس۔۳۸] ''بہت سے چہرے روز روشن خنداں ہونگے''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور دوسری جگہ ارشاد ربانی ہے ﴿والصبح اذا اسفر﴾ [المدثر۔۳۴] ''اور قسم ہے! صبح کی جب وہ روشن ہو جائے''
اور حدیث میں وارد ہوا ہے: ''اسفروا بالفجر فانه أعظم لاجر'' (فجر کی نماز روشنی ظاہر ہونے کے وقت میں پڑھو کیونکہ اس کا اجر زیادہ ہے۔

حتی تمنیت: '' اسفرت'' کے متعلق ہے۔

''او'' نوع بیان کیلئے ہے یا شک کیلئے ہے۔ اور معنی یہ ہے کہ مجھے یہ تمنا ہوئی کہ میں بھی فقراء مہاجرین میں سے ہو جاؤں۔

تخریج: اس حدیث کو ابونعیم نے حلیہ میں ابوسعیدؓ سے یوں نقل کیا ہے ہیں:

''چاہیے کہ فقراء مہاجرین کو قیامت کے دن کی کامیابی کی خوشخبری سنا دی جائے۔ اور یہ لوگ مالداروں سے پانچ سو (۵۰۰) سال قبل داخل ہو کر خوشیاں منائیں گے جبکہ یہ لوگ (مالدار) حساب وکتاب میں مشغول ہونگے۔

۵۲۵۹ : وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ اَمَرَنِیْ خَلِیْلِیْ بِسَبْعٍ اَمَرَنِیْ بِحُبِّ الْمَسَاکِیْنِ وَالدُّنُوِّ مِنْهُمْ وَاَمَرَنِیْ اَنْ اَنْظُرَ اِلٰی مَنْ هُوَ دُوْنِیْ وَلَا اَنْظُرَ اِلٰی مَنْ هُوَ فَوْقِیْ وَاَمَرَنِیْ اَصِلَ الرَّحِمَ وَاِنْ اَدْبَرَتْ وَاَمَرَنِیْ اَنْ لَا اَسْئَلَ اَحَدًا شَیْئًا وَاَمَرَنِیْ اَنْ اَقُوْلَ بِالْحَقِّ وَاِنْ کَانَ مُرًّا وَاَمَرَنِیْ اَنْ لَا اَخَافَ فِی اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ وَاَمَرَنِیْ اَنْ اُکْثِرَ مِنْ قَوْلِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَاِنَّهُنَّ مِنْ کَنْزٍ تَحْتَ الْعَرْشِ ۔ (رواہ احمد)

اخرجه احمد فی المسند ۱۵۹/۵

ترجمہ: ''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میرے خلیل (جناب رسالتمآب ﷺ) نے مجھے سات کاموں کو کرنے کا حکم فرمایا' چنانچہ آپ ﷺ نے ایک حکم تو یہ فرمایا کہ میں فقراء ومساکین سے کو دوست رکھوں اور ان سے قربت رکھوں۔ دوسرا حکم یہ کہ میں اس شخص کی طرف دیکھوں جو (دنیاوی لحاظ سے) مجھ سے کمتر درجہ کا ہے اور اس شخص کی طرف نہ دیکھوں جو (جاہ وحشمت اور مال ومنصب) میں مجھ سے بالاتر ہے' تیسرا حکم یہ دیا کہ میں قرابت داروں سے رشتہ کو برقرار رکھوں اگرچہ کوئی (قرابت دار) ناتے داری کو منقطع کرے' چوتھا حکم یہ دیا کہ میں کسی شخص سے کسی چیز کا سوال نہ کروں' پانچواں حکم یہ دیا کہ میں (ہر حالت میں) حق بات کہوں اگرچہ وہ (سننے والے) کڑوی اور ناخوش کرنے والی معلوم ہو' چھٹا حکم یہ دیا کہ میں اللہ کے دین کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ گھبراؤں اور ساتواں حکم یہ ارشاد فرمایا کہ میں کثرت کے ساتھ لا حول ولا قوۃ الا باللہ کا ورد کرتا ہوں۔ پس یہ ساتوں باتیں اور عادتیں اس خزانہ کی ہیں جو عرش الٰہی کے نیچے ہے''۔ (احمد)

تشریح: قوله: امرنی بحب المساکین والدنو منهم.

یعنی فقراء کی حالت کے قریب ہونے یا اُنکے انجام کے قریب ہونے کا حکم دیا۔

قوله: وأمرنی أن أصل الرحم وان ادبرت: مراد اہل قرابت ہیں۔ اس کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے۔ ''صلہ رحمی'' کرو اگرچہ سلام کے ذریعے سے ہی ہو۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں معنی یہ ہے اگرچہ رشتہ داری ٹوٹ جائے جیسا کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حدیث میں وارد ہوا ہے۔ صل من قطعك "اُس شخص سے رشتہ جوڑ جو رشتہ توڑے"۔ اور "ادبار" کا اسناد "الرحم" کی طرف مجازا کیا ہے۔ اسلئے کہ "ادبار" صاحب قرابت کا فعل ہے۔

قوله: وأمرني أن لاأسئل أحد شيئًا: احمد رحمہ اللہ کی یہ دعا مانگا کرتے تھے: اللهم كما صنت وجهي عن سجود غيرك فصن وجهي عن سألة غيرك۔ اے اللہ! جس طرح تُو نے اپنے سوا کسی کے سامنے سجدہ کرنے سے میرے چہرہ کی حفاظت کی ہے اسی طرح اپنے سوا کسی سے سوال کرنے سے بھی میرے چہرہ کی حفاظت کر۔

ممکن ہے کہ "احدا" اپنے عموم پر قائم ہو۔ اس بات کی بنا پر جو ایک صاحب کمال سے منقول ہے کہ "اے میرے معبود! میری حالت کا تجھے علم ہونا ہی میرے دعا مانگنے کی طرف سے کافی ہے۔ اور تیرا کرم ہی میرے سوال کرنے کی طرف سے کافی ہے"۔ یہ ایک بہت بڑا مقام ہے جو خلیل اللہ علیہ السلام کی حالت سے ماخوذ ہے جس وقت جبرائیل علیہ السلام نے اُن سے کہا تھا "کیا آپ کو میری مدد کی ضرورت ہے؟۔ تو خلیل اللہ (ابراہیم) علیہ السلام نے فرمایا کہ "مجھے تیری مدد کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ پھر جبرائیل علیہ السلام نے کہا کہ اپنے رب سے دُعا کریں۔ تو ابراہیم علیہ السلام نے جواب میں فرمایا۔ کہ اللہ کا میری حالت پر خبردار ہونا ہی میرے سوال کی طرف سے کافی ہے۔" اور یہی اللہ تعالیٰ کے اُس ارشاد کا معنی ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ السلام کے صحابہ کی حکایت کی ہے: ﴿حسبنا الله ونعم الوكيل﴾ [آل عمران: ۱۷۳] ہم کو حق تعالیٰ کافی ہے اور وہی سب کام کرنے کیلئے اچھا ہے۔ ابن عطاء اللہ کے "حکم" (یعنی ان کی فرمودہ حکمت کی باتوں) میں ہے کہ بسا اوقات صاحب معرفت اللہ کی مشیت پر اکتفاء کرتا ہے اس وجہ سے اس کو اللہ کے سامنے اپنی حاجت رکھنے سے حیاء آتی ہے۔ تو مخلوق کے سامنے اپنی حاجت رکھنے سے حیاء کیوں نہ آئیگی۔"

قوله: وامرني ان لا أخاف في الله لومة لائم:

قوله: وأمرني أن أكثر من قول: لاحول ولا قوة الا بالله: اطاعت کیلئے، مصیبت پہنچنے کے وقت اللہ کی مدد حاصل کرنے اور مُصیبت کو دفع کرنے کیلئے مدد حاصل کرنے کے واسطے خصوصاً عجب، غرور اور تکبر کے خلاف اللہ کی مدد حاصل کرنے کے واسطے یہ کلمات پڑھوں۔

قوله: فانهن من كنز تحت العرش:

یعنی اُس معنوی خزانہ سے جو رحمٰن کے عرش تلے ہے۔ اور اُس تک رسائی صرف اللہ کی قوت اور توفیق سے ہی ہوسکتی ہے۔

یا کہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ کیونکہ اللہ کا عرش جنت کی چھت ہے۔

اور اُن لوگوں کی بات درستگی سے دُور ہے جو کہتے ہیں کہ یہ سات خصلتیں عرش کے نیچے ایک خزانہ ہے۔ اسلئے کہ اس بات کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ یہ حدیث متعدد سندوں کے ساتھ وارد ہوئی ہے۔

صحاح ستہ میں اس حدیث کو ابوموسیٰ اشعریؓ سے نقل کیا گیا ہے۔ احمد اور بزار نے ابوہریرہؓ سے، طبرانی نے حضرت معاذؓ سے، نسائی نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اور ابوذرؓ سے بھی مرفوعاً نقل کیا ہے: "لا حول ولا قوة الا بالله" پڑھا کرو۔ کیونکہ یہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علماء نے اس کے مختلف معانی بیان کئے ہیں۔

اول: بعض فرماتے ہیں کہ اس کلمہ کو "جنت کا خزانہ" اسلئے کہا گیا کہ خزانہ کی طرح لوگوں کی نگاہوں سے محفوظ ہے اور نفیس ہے۔

دوم: اس وجہ سے کہ جنت کے ذخائر میں سے ہے۔

سوم: جنت سے حاصل شدہ نفیس اُمور میں سے ہے۔

چہارم: امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس کلمہ کے پڑھنے سے ایسا نفیس ثواب ملتا ہے جو اس کے لئے جنت میں ذخیرہ کر کے رکھ دیا جاتا ہے۔ (انتہی)

اور یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ یہ کلمہ چنانچہ جو اس کلمہ کے معنی کو سمجھ کر اس کے پڑھنے پر مداومت کرے گا تو ایک ایسے بڑے خزانے کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے گا جو دوسرے کئی ایسے خزانوں پر مشتمل ہوگا۔ جن کی حقیقت اور منتہیٰ معلوم نہ ہوگی۔

بزار نے ابن مسعودؓ سے نقل کیا ہے کہ میں حضور اقدس ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے یہ کلمہ پڑھا تو حضور اقدس ﷺ نے فرمایا۔ کیا تجھے یہ معلوم ہے کہ اس کی تفسیر کیا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ اللہ اور اللہ کا رسول ہی زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: "لا حول عن المعصية الا بعصمة الله ولا قوة على طاعة الله الا بعون الله" (گناہ سے بچنا صرف اللہ تعالیٰ کے بچانے سے ممکن ہے اور نیکی کی قوت اللہ ہی کی مدد سے ہی ممکن ہے۔)

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس کلمہ میں اپنے احوال کو اللہ کے سپرد کرنے اور مکمل فرمانبرداری کرنے کا اقرار ہے۔ اور اس بات کا اقرار ہے کہ بندہ کسی چیز کا بھی مالک نہیں اور اللہ کے ارادے کے بغیر نہ کسی شر سے بچنے کا حیلہ انسان کے پاس ہے۔ اور نہ کسی خیر کے حاصل کرنے کا حیلہ اس کے پاس ہے۔ (انتہی) چنانچہ اس کلمہ کے پڑھنے والے کے پاس ایک شاندار ملک اور عظیم خزانہ ہے بشرطیکہ اپنے دل سے اللہ کی طرف متوجہ ہو اور تمام مخلوق کے اعتبار سے اپنے رب کی قدرت کا مشاہدہ کر رہا ہو۔ چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ: ﴿ولمن خاف مقام ربه جنتان﴾ [الرحمن:٤٦] (اور جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرتا رہتا ہو اس کیلئے دو باغ ہونگے۔)

کے بارے میں ایک صاحب معرفت نے درست فرمایا کہ "ایک جنت دُنیا میں اور دوسری جنت آخرت میں۔"

صوفیاء میں سے ایک صاحب رابعہ عدویہ کے قول "استغفارنا يحتاج الى استغفار كثير" (ہمارا استغفار کرنا بھی بہت زیادہ استغفار کا محتاج ہے۔) کے بارے میں فرماتے ہیں کہ ان کی مراد یہ ہے کہ ہمارا گناہوں سے عذر خواہی کرنا خود بہت سے گناہ لئے ہوئے ہے۔ وجود اصلی فعل حقیقی اور اقتدار استقلالی کے دعووں سے بھی بڑا ہے حالانکہ آپ ﷺ نے "لاحول ولاقوۃ" میں ماسوی اللہ کی نفی کی طرف ارشاد کیا ہے۔

٥٢٦٠ : وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ مِنَ الدُّنْيَا ثَلٰثَةٌ اَلطَّعَامُ وَالنِّسَآءُ وَالطِّيْبُ فَاَصَابَ اثْنَتَيْنِ وَلَمْ يُصِبْ وَاحِدًا اَصَابَ النِّسَآءَ وَالطِّيْبَ وَلَمْ يُصِبِ الطَّعَامَ.

(رواه احمد)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اخرجه احمد فی المسند ۷۲/۶۔

ترجمہ: ''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ دنیا کی چیزوں میں سے تین چیزیں رسول اکرم ﷺ کی نظر میں موغوب تھیں ایک تو کھانا (کہ جس کے ذریعہ جسمانی توانائی برقرار رکھ کر اصل مقدر زندگی الٰہی پر معاونت حاصل کی جا سکے) دوسرے عورتیں (کہ جن کے ذریعے نفس کو غلط خیالات سے سلامت رکھا جا سکے) اور تیسرے خوشبو (کہ جو دل و دماغ کو نشاط و فرحت بخشے چنانچہ حکماء کا قول ہے کہ عقل و فراست کا مخزن دماغ ہی ہے) چنانچہ ان تینوں اشیاء میں سے دو چیزیں تو حضور ﷺ کو (وافر) حاصل ہوئیں اور ایک چیز (زیادہ) نہ مل سکی یعنی ایک تو عورتیں آپ ﷺ کو (زیادہ) ملیں (بایں طور کہ آپ ﷺ نے نو شادیاں فرمائیں) اور دوسرے (خارجی طور پر) خوشبو آپ ﷺ کو (بہت) ملی (حالانکہ آپ ﷺ کا پسینہ مبارک وہی مشک و عنبر سے بھی زیادہ خوشبودار تھا) لیکن تیسری چیز کھانا آپ ﷺ کو (زیادہ) نہیں ملا''۔ (احمد)

تشریح: **من الدنیا ثلثة** (یعنی تین چیزیں) جیسا کہ ایک روایت میں ''ثلثة اشیاء'' کے الفاظ ہیں۔

ولم یصب الطعام: مطلق نفی مبالغہ کیلئے ہے' کیونکہ حدیث پہلے گزر چکی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے اپنی وفات تک مسلسل دو دن تک جَو کی روٹی بھی پیٹ بھر کر نہیں کھائی۔ اور اس حدیث کی شرح میں علامہ طیبی رحمہ اللہ نے جو بات فرمائی ہے وہ کمزور ہے کہ حضور کو خوشبو اور عورتیں جس طرح زیادہ مہیا ہوئیں اس طرح کھانا زیادہ میسر نہ ہوا۔ کیونکہ اس سے یہ وہم ہوتا ہے کہ حضور اکرام ﷺ کو کھانا تو زیادہ میسّر آیا مگر عورتوں اور خوشبو کی بنسبت کم تھا۔

اسنادی حیثیت: علامہ سیوطی رحمہ اللہ نے ''شفاء'' کی احادیث کی تخریج میں فرمایا کہ ''اس کی اسناد تو صحیح ہے مگر اس میں ایک راوی ہے جس کا نام معلوم نہیں ہے۔

۵۲۶۱: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُبِّبَ اِلَيَّ الطِّيْبُ وَالنِّسَآءُ وَجُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ (رواه احمد والنسائي وزاد ابن الجوزي بعد قوله حُبِّبَ اِلَيَّ) مِنَ الدُّنْيَا.

احمد بن حنبل' المسند۔

اخرجه النسائي في السنن ۶۱/۷ حديث رقم ۳۹۳۹ واحمد في المسند ۱۲۸/۳

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''خوشبو اور عورتیں مجھے محبوب کر دی گئی ہیں اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک (یعنی قلبی نشاط و سکون) نماز میں رکھ دیا گیا ہے''۔ (احمد' نسائی) اور ابن جوزی نے اس ارشاد میں حُبِّبَ اِلَيَّ کے بعد مِنَ الدُّنْیَا کے الفاظ بھی نقل کئے ہیں۔

تشریح: **حبب الی**: ایک روایت میں (ان الفاظ کے بعد) ''من دُنیا کم'' کے الفاظ وارد ہوئے ہیں۔

قوله: وجعلت قرة عيني في الصلوٰة: اسی طرح مشکوٰۃ کے نسخوں میں ''جعلت'' آیا ہے۔ گویا کہ یہ لفظ علامہ طیبی رحمہ اللہ کی اصل میں موجود نہیں ہے جیسا کہ ایک روایت میں آیا بھی ہے۔ یا اُن کی طرف سے غفلت ہے کیونکہ وہ فرماتے ہیں کہ ''الفاظ حدیث ''قرة عيني في الصلوة'' جملہ اسمیہ ہے اور اس کا جملہ فعلیہ پر عطف اسلئے کیا گیا ہے کہ ''ثبات'' پر دلالت کرتا ہے۔ دوسرے جملے میں دوام ہے اور پہلے جملے میں تجدد ہے۔

میر (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ یہ بات محل نظر ہے۔ اسلئے کہ تجدد کا قول فعل مضارع میں ہوتا ہے اور جملہ اسمیہ کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بات ہے تو ماضی ثبات کیلئے آتا ہے۔ یہاں تک کہ جب مضارع کو ماضی سے تعبیر کیا جائے تو اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ اس طرح تحقق کیلئے کیا' گویا کہ یہ فعل ہو گیا۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ فعل مجہول کو اسلئے ذکر کیا تا کہ اس بات پر دلالت ہو کہ یہ حضور علیہ السلام کی فطرت اور طبیعت نہیں تھی بلکہ انسانوں کیلئے بطور رحمت آپ علیہ السلام اس محبت پر مجبور تھے۔ بخلاف نماز کے کہ نماز حضور علیہ السلام کیلئے بذاتہ محبوب تھی۔ اسی وجہ سے حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: ارحنا یا بلال

یعنی اذان کے ذریعہ اس کے ماسوا سے ہمیں غافل کر دو۔ استراحت تو نماز میں ہے۔ اپنی اذان کے ذریعہ ہمیں نماز سے راحت بخشو۔

تخریج: اس حدیث حاکم نے مستدرک میں' بیہقی نے ''شعب'' میں اور جامع میں نقل کیا ہے۔ ابن الربیع نے امام سخاوی کی ''مختصر المقاصد'' میں ذکر کیا ہے کہ اس حدیث کو طبرانی نے کبیر میں اور نسائی نے سنن نسائی میں انہی الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے اور حاکم نے مستدرک میں جعلت کے بغیر ذکر کیا ہے۔ اور فرمایا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے' مسلم کی شرط کے موافق ہے۔ اور اس حدیث میں لفظ (ثلاث) کی جو زیادتی مشہور ہے اس کے بارے میں علامہ سخاوی فرماتے ہیں کہ یہ لفظ مجھے (الاحیاء) میں دو جگہوں کے علاوہ کہیں نہیں ملا۔ اور کشاف میں سورۃ آل عمران کی تفسیر میں لکھا ہے کہ یہ لفظ اس حدیث کی مختلف روایات میں کافی تفتیش کے بعد بھی مجھے نہیں ملا۔ اور اسی بات کی علامہ زرکشی نے تصریح کی ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ لفظ (ثلاث) اس حدیث میں وارد نہیں ہوا ہے' اور اس کی زیادتی معنی کو فاسد کر دیتا ہے کیونکہ نماز دنیاوی اُمور میں سے نہیں ہے۔

من الدنیا ''زاد'' کا مفعول بہ ہونے کی بنا پر منصوب ہے۔

حافظ سیوطی رحمہ اللہ نے فتاوٰی حدیثیہ میں ایک سوال ذکر کیا ہے' وہ یہ ہے۔ کہ ارشاد نبوی ''حبب الی من دنیا کم النساء والطیب وجعلت قرۃ عینی فی الصلوۃ'' میں حضور علیہ السلام نے نساء کا ذکر مقدم کیوں کیا اور نماز کا ذکر مؤخر کیوں کیا؟

جواب یہ ہے کہ چونکہ حدیث ذکر کرنے سے مقصود دنیا کا وہ ساز و سامان بتانا ہے جو حضور علیہ السلام کو ملا تھا۔ اسلئے ابتداً اسی کو ذکر فرمایا جیسا کہ حدیث میں ارشاد نبوی ہے کہ ''ہمیں تمہاری اس دنیا سے صرف عورتیں ملی''۔ اور حدیث نبوی ''دنیا تھوڑی دیر کا ساز و سامان ہے اور دنیاوی ساز و سامان میں سے بہترین چیز نیک بیوی ہے۔'' کی رُو سے آپ علیہ السلام کی محبوب چیز یعنی عورت چونکہ افضل چیز ہے اسلئے مناسب تھا کہ اسی کے ساتھ دینی امور میں سے افضل امر یعنی نماز کا ذکر کیا جائے' کیونکہ نماز ایمان کے بعد عبادات میں سے افضل عبادت ہے۔ حدیث شریف میں دنیاوی امور میں سے افضل یعنی صالح عورت اور دینی امور میں سے افضل یعنی نماز کو جمع کر کے ذکر کرنا بلاغت کا اسلوب ہے۔ اور اس میں ایک چیز کو اس کی نظیر کے ساتھ یکجا ذکر کیا گیا ہے۔ اور دنیاوی چیز کی بنسبت دینی چیز (نماز) کو زیادہ بلیغ عبارت کے ساتھ بیان کیا۔ کیونکہ دنیاوی چیز کے بارے میں صرف محبوب ہونا ارشاد فرمایا جبکہ دینی امر (نماز) کے بارے میں فرمایا میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔ اسلئے کہ ''آنکھوں کی ٹھنڈک'' سے محبت کی اتنی زیادتی سمجھ میں آئی ہے۔ جو کسی سے مخفی نہیں ہے انتہی۔

خوشبو کو ذکر نہ کرنے کی وجہ شاید یہ ہو کہ خوشبو وجود اور عدم کے اعتبار سے نساء کے تابع ہے۔ جیسا کہ دو روایتوں میں مذکور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ جمہور علماء کے نزدیک حدیث میں مذکور لفظ ''صلوٰۃ'' سے مراد معروف عبادت ہے۔ جبکہ بعض شراح حدیث فرماتے ہیں کہ لفظ ''صلوٰۃ'' سے مراد حضور علیہ السلام پر درود بھیجنا ہے۔

۵۲۶۲ : وَعَنْ مُعَاذِبْنِ جَبَلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَ بِهٖ اِلَى الْيَمَنِ قَالَ اِيَّاكَ وَالتَّنَعُّمَ فَاِنَّ عِبَادَ اللّٰهِ لَيْسُوْا بِالْمُتَنَعِّمِيْنَ ۔

رواه احمد

اخرجه احمد فی المسند ۲۴۳/۵۔

ترجمہ: ''حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب انہیں رسول اکرم ﷺ نے (قاضی بنا کر) یمن کی جانب روانہ فرمایا تو ان کو یہ نصیحت بھی فرمائی کہ ''اپنے آپ کو راحت طلبی اور زیادہ ناز نعمت کی زندگی سے بچانا کیونکہ اللہ تعالیٰ کے بندگانِ خاص آرام وآسائش کی زندگی گزارنے والے نہیں ہوتے''۔ (احمد)

تشریح: قال ایاك والتنعم..... : تنعم کا معنی یہ ہے کہ خواہش کی حرص اور نعمت کی بڑھوتری کی کوشش میں تکلف کرے اور خواہش پوری کرنے میں مبالغہ کرے۔ تنعم تو، کفار فجار اور جہلاء کے ساتھ خاص ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ذرهم ياكلوا ويتمتعوا و يلههم الامل فسوف يعلمون﴾ [الحجر۔۳]

ترجمہ: ''آپ ان کو ان کے حال پر رہنے دیجئے کہ وہ کھالیں اور چین اڑالیں اور خیالی منصوبے ان کو غفلت میں ڈالے رکھیں ان کو بھی حقیقت معلوم ہوئی جاتی ہے۔''

نیز ارشاد باری ہے: ﴿يا كلون كما تاكل الانعام والنار مثوى لهم﴾ [محمد۔۱۲] ''اور اس طرح کھاتے ہیں جس طرح چوپائے کھاتے ہیں، اور جہنم ان لوگوں کا ٹھکانہ ہے۔''

نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے: [انهم كانوا قبل ذالك مترفين] [الواقعة ۔۴۵] ''وہ لوگ اس کے قبل بڑی خوشحالی میں رہتے تھے۔''

تخریج: اس حدیث کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔

۵۲۶۳ : وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَضِيَ مِنَ اللّٰهِ بِالْيَسِيْرِ مِنَ الرِّزْقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالْقَلِيْلِ مِنَ الْعَمَلِ ۔

رواه البيهقی فی شعب الايمان ۱۳۹/۴ حديث رقم ۴۵۸۵

''حضرت علی کرم اللہ وجہہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص تھوڑے سے رزق سے اللہ پر راضی ہو جاتا ہے (یعنی اپنی ضروریات زندگی میں تھوڑے مال پر قناعت کرتا ہے) تو حق تعالیٰ اس کے (عبادت واطاعت میں) تھوڑے سے عمل پر راضی ہو جاتا ہے''۔

رضی اللہ منہ اور ایک نسخہ میں ''عنہ'' ہے۔

بالقلیل اور ایک نسخہ میں ''بالیسیر'' ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابن عساکر نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے نقل کیا ہے:

من رضی عن اللّٰہ رضی اللہ عنہ: جو اللہ سے راضی ہو۔ اللہ اُس سے راضی ہو جاتے ہیں۔ ملا علی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ بندہ کی رضا مقدم ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ﴿رضی اللہ عنهم ورضوا عنه﴾ [المائدۃ: ۱۹، التوبۃ: ۱۰۰، المجادلۃ: ۲۲، البینۃ: ۸] ''اللہ تعالیٰ ان سے خوش رہیگا اور وہ اللہ سے خوش رہیں گے''۔ میں اس بات کی طرف ارشارہ ہے کہ بندہ کی رضا موخر ہے۔ چنانچہ ملا علی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں تحقیقی بات یہ ہے کہ بندہ کی رضاء اللہ کی دو رضاؤں کے درمیان گھری ہوئی ہے ایک اللہ کی رضاء ازلی ہے جس سے علم اوّلی کا تعلق ہے۔ اور دوسری اللہ کی رضاء ابدی ہے جو بندے کے عمل سے متعلق ہے۔ اور اسی پر اُخروی جزاء مرتب ہوئی ہے۔ اور درحقیقت بندے کی رضاء اللہ کی پہلی رضاء کا اثر و نتیجہ ہے۔ یعنی احسان وانعام اسی طرح تشریح ہوگی اس ارشاد باری کی: یحبهم ویحبونه [المائدۃ: ۵۴] اور ﴿قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ﴾ [آل عمران - ۳۱] ''آپ فرمادیجئے کہ اگر تم خدا تعالیٰ سے محبت رکھتے ہو تم لوگ میرا اتباع کرو خدا تعالیٰ تم سے محبت کرنے لگیں گے''۔

۵۲۶۴ : وَعَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَاعَ اَوِاحْتَاجَ فَكَتَمَهُ النَّاسُ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اَنْ يَّرْزُقَهُ رِزْقَ سَنَةٍ مِنْ حَلَالٍ ۔ (رواهما البيهقی فی شعب الايمان)

اخرجه البيهقی فی شعب الايمان ۲۱۵/۷ حديث رقم ۱۰۰۵٤

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص بھوک سے دوچار ہو یا (کسی چیز کا) مضرورت مند ہو اور اپنی اس بھوک ومحتاجگی کو لوگوں سے مخفی رکھے (یعنی غیر اللہ کے سامنے نہ تو دست سوال دراز کرے اور نہ ہی اپنی مجبوری اور لاچاری ظاہر کرے بلکہ راہ استغناء کا راہی بن جائے) تو اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ ہے (جو کہ بہرحال برحق ہے) کہ وہ اس شخص کو حلال ذریعہ سے ایک سال کا رزق پہنچائے گا''۔ (ان دونوں روایتوں کو بیہقیؒ نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے''۔

تشریح: ''او'' حتاج: ''اونوع'' بیان کرنے کیلئے ہے۔

فکتمه الناس: بعض فرماتے ہیں کہ عبارت کی تقدیر ''من الناس'' ہے۔ چنانچہ اس میں اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ ''کتم'' تاء کی تخفیف کے ساتھ منقول ہے اور ایک مفعول بہ کی طرف متعدی ہے۔ اور ''الناس'' کا نصب عامل جار کو حذف کرنے کے بدلے میں ہے۔ اور یہ بھی احتمال ہے کہ تاء کی تشدید کے ساتھ مروی ہو اس وقت دو مفعول بہ کی طرف متعدی ہوگا۔ جیسا کہ قاموس میں ہے: ''کتم کتما و کتمانا و کتمه ایاه''

بھوک سے مراد اتنی بھوک ہے جس کے ساتھ صبر کا تصور ہو۔ اس طرح کی بھوک میں اپنی حالت کو پوشیدہ رکھنا دُرست ہے۔ ورنہ علماء نے اس بات کی تصریح کی ہے کہ اگر کوئی شخص بھوک کی وجہ سے مرجائے اور نہ سوال کرے اور نہ کچھ کھائے اگرچہ مراد ہی کیوں نہ ہو تو گنہگار مرے گا۔

۵۲۶۵ : وَعَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَبْدَهُ الْمُؤْمِنَ الْفَقِيْرَ الْمُتَعَفِّفَ اَبَا الْعِيَالِ (رواه ابن ماجة)

اخرجه ابن ماجه فی السنن ۲/ ۱۳۸۰ حدیث رقم ۴۱۲۱۔

ترجمہ: ''حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ اس مسلمان کو دوست رکھتا ہے جو نادار و پاکدامن اور صاحب عیال ہو''۔ (ابن ماجہ)

تشریح: ابالعیال مطلب یہ ہے کہ جو اہل وعیال والا، فقر والا اور پریشان حال ہونے کے باوجود سوال کرنے سے بچتا ہے، وہ کامل مؤمن ہے۔ اسی وجہ سے اللہ جل جلالہ اُس سے محبت کرتے ہیں۔

۵۲۶۶ : وَعَنْ زَيْدِ ابْنِ اَسْلَمَ قَالَ اسْتَسْقٰى يَوْمًا عُمَرُ فَجِيْءَ بِمَآءٍ قَدْ شِيْبَ بِعَسَلٍ فَقَالَ اِنَّهٗ لَطَيِّبٌ لٰكِنِّيْ اَسْمَعُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ نَعٰى عَلٰى قَوْمٍ شَهَوَاتِهِمْ فَقَالَ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا فَاَخَافُ اَنْ تَكُوْنَ حَسَنَاتُنَا عُجِّلَتْ لَنَا فَلَمْ يَشْرَبْهُ۔

رواه رزين

ترجمہ: ''حضرت زید بن اسلمؒ (تابعی) کہتے ہیں کہ ایک روز امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے پینے کے لئے پانی طلب کیا تو ان کی خدمت میں جو پانی پیش کیا گیا اس میں شہد ملایا گیا تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (اس پانی کو دیکھ کر اور جانتے ہوئے کہ اس میں شہد ملایا گیا ہے ارشاد فرمایا: ''بلاشبہ یہ پانی پاک وحلال اور نہایت عمدہ ہے لیکن (میں اس کو نہیں پیوں گا' کیونکہ) میں اللہ تعالیٰ کے بارے میں (قرآن سے) سنتا اور جانتا ہوں کہ اس نے ایک قوم کو خواہشات نفس کی پیروی پر معیوب قرار دیا اور (بطور سرزنش وتنبیہ) فرمایا: کہ تم نے اس دنیاوی زندگی میں اپنی نعمتیں اور راحتیں حاصل کرلیں اور ان سے خوب نفع حاصل کرلیا (اب آخرت میں تمہارا کچھ نصیب نہ رہا)''۔ لہٰذا میں ڈرتا ہوں کہ کہیں ہماری) نیکیاں بھی ایسی نہ ہوں جن کا اجر وثواب (دنیاوی نعمتوں اور راحتوں کی شکل میں) جلد ہی دنیا میں ہمیں دے دیا جائے (اور پھر آخرت میں محرومی کا سامنا کرنا پڑے) چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے شہد ملا ہوا وہ پانی نوش نہ فرمایا''۔ (رزین)

تشریح: قوله :استسقى يومًا عمر ..... انه لطيب :قد شيب :شین کے کسرہ کے ساتھ۔

لطيب :طبیعت کو بھی اچھا لگتا ہے۔ شرعاً بھی اچھا ہے اور نفع کے اعتبار سے بھی اچھا ہے۔

لكني اسمع الله عزوجل : علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ مقدر عبارت سے مستدرک ہے۔ ای ''انه لطيب اشتهيه لكني اعرض عنه لاني سمعت'' یہ شہد والا پانی اچھا ہے اور میرا دل اس کو چاہتا ہے لیکن میں سے اعراض کرتا ہوں کیونکہ میں نے اللہ تعالیٰ کو فرماتے ہوئے سنا (از جہنم) استفہام انکاری کے ہمزہ مقدرہ کے ساتھ اور ہمزہ ایک قراءت میں موجود بھی ہے۔ دنیا کی گھٹیا زندگی میں نفیس خواہشات کی اتباع میں اور آخرت کے گھر کیلئے بطور ذخیرہ کوئی چیز نہیں چھوڑی۔

محبلت بنا :طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں مطلب یہ ہے کہ جو نیک کام ہم کرتے تھے اُنکا ثواب آخرت سے پہلے دنیا میں پورا پورا مل رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

﴿مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا﴾ [الاسراء: ۱۸] ''جو شخص دنیا کی نیت رکھے گا ہم ایسے شخص کو دنیا میں جتنا چاہیں گے جس کے واسطے چاہیں گے فی الحال ہی دیدیں گے۔ پھر ہم اُس کیلئے جہنم تجویز کریں گے۔ وہ اُس میں بدحال راندہ ہو کر داخل ہوگا۔''

ملا علی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ دونوں آیتیں اگرچہ کفار کے بارے میں نازل ہوئی ہیں مگر اعتبار لفظ کے عموم کا ہے نہ کہ سبب کی خصوصیت کا۔

۵۲۶۷ : وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَا شَبِعْنَا مِنْ تَمْرٍ حَتّٰى فَتَحْنَا خَيْبَرَ (رواه البخاری)

اخرجه البخاری فی صحیحه حدیث رقم ٤٢٤٣

ترجمہ: ''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ ہم (صحابہؓ) کھجوروں سے کبھی سیر نہ ہو سکے یہاں تک کہ ہم فاتح خیبر بن گئے''۔ (بخاری)

تشریح: وعن ابن عمر قال ما شبعنا.....:

اس ''ہم'' سے مراد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے گھر والے یا صحابہ کرام کی جماعت بشمول نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہے اور یہی زیادہ ظاہر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْاَمَلِ وَالْحِرْص

آرزو اور حرص کا بیان

جوہریؒ فرماتے ہیں کہ "أمل" کا معنی ہے رجاء (امید رکھنا)۔

امام راغب فرماتے ہیں کہ حرص کا معنی ہے ارادہ میں خواہش کی زیادتی۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ان تحرص علی هداهم﴾ [النحل:۳۷] "ان کے راہ راست پر آنے کی اگر آپ کو تمنا ہو" یعنی اگر آپ کو ان کی ہدایت کی بہت زیادہ خواہش ہے۔

قاموس میں ہے کہ بدترین حرص یہ ہے کہ تم اپنا حصہ بھی حاصل کر کے دوسرے کے حصہ میں بھی طمع رکھو۔ (انتہیٰ)

یہاں پر اَمَل سے مراد ہے موت کی تیاری اور توشہ آخرت سے غافل ہو کر دنیاوی امور کی اُمیدوں کا طویل ہونا۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ذرهم یاکلوا ویتمتعوا ویلههم الامل﴾ [الحجر-۳] "آپ ان کو ان کے حال پر رہنے دیں کہ وہ کھالیں اور چین اڑالیں اور خیالی منصوبے ان کو غفلت میں ڈالے رکھیں۔"

علماء کا اجماع ہے کہ علم و عمل حاصل کرنے میں اُمیدوں کا دراز ہونا محمود ہے۔ جیسا کہ رسول ﷺ کا ارشاد ہے: طوبی لمن طال عمره "اُس شخص کی بہت بڑی خوش قسمتی ہے کہ جس کی عمر لمبی ہو اور عمل اچھا ہو"۔ نیز آپ علیہ السلام نے فرمایا: لو عشت الی قابل لأصومن التاسع۔ اگر میں اگلے سال تک زندہ رہا تو (محرم کی) نویں تاریخ کو ضرور روزہ رکھوں گا"۔ اور اسی طرح مال جمع کرنے، عہدہ حاصل کرنے کی آرزو رکھنا بُری بات ہے۔ ورنہ کفار کے ساتھ جہاد کرنے اور علوم حاصل کرنے اور اعمال بڑھانے کی آرزو رکھنا مستحسن ہے۔ علماء کے درمیان اس مسئلہ میں کوئی نزاع نہیں ہے۔

اہل یقین محققین کی تحقیق کے مطابق اَمَل کی حقیقت وہ ہے۔ جو امام غزالی نے "منهاج العابدین" میں ذکر کی ہے چنانچہ وہ فرماتے ہیں:

اکثر علماء کے نزدیک امل سے مراد ہے بعد میں آنے والے وقت تک زندہ رہنے کا ارادہ کرنا ہے اور آرزوؤں کو مختصر رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ آئندہ وقت تک زندہ رہنے کے ارادے کا فیصلہ نہ کرے۔ اس طرح کہ بات کرنے میں بعد تک زندہ رہنے کو اللہ تعالیٰ کے علم اور مشیت کے ساتھ مقید کرے۔ اس وقت اگر کوئی اپنی زندگی اس طرح بیان کرے یہ میں اگلی سانس تک یا اگلی گھڑی تک یا اگلے دن تک زندہ رہوں گا۔ اور یہ بات یقین اور اعتماد کے ساتھ کہے تو یہ شخص آمل (آرزو رکھنے والا) ہوگا۔ اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ معصیت ہے۔ کیونکہ ایک غیبی امر کا یقین اور فیصلہ ہے۔ اور اگر یہ بات اللہ کی مشیت اور علم کے ساتھ مقید کر کے کہے تو یہ شخص "آمِل" (آرزو رکھنے والا) نہیں کہلائے گا۔

عنوان میں "اَمَل" اور "حرص" دونوں کو اسلئے ذکر کیا کہ امکان میں یہ دونوں ایک دوسرے کو لازم ہیں۔ اور "اَمَل" کو اس لئے مقدم کیا کہ یہ عمل کو مؤخر کرنے اور نامناسب امور کی حرص کا باعث ہے۔

الفصل الاول :

۵۲۶۸ : عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ خَطَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطًّا مُرَبَّعًا وَخَطَّ خَطًّا فِي الْوَسَطِ خَارِجًا مِنْهُ وَخَطَّ خُطُطًا صِغَارًا اِلٰى هٰذَا الَّذِيْ فِي الْوَسَطِ مِنْ جَانِبِهِ الَّذِيْ هُوَ فِي الْوَسَطِ فَقَالَ هٰذَا الْاِنْسَانُ وَهٰذَا اَجَلُهٗ مُحِيْطٌ بِهٖ وَهٰذَا الَّذِيْ هُوَ خَارِجٌ اَمَلُهٗ وَهٰذِهِ الْخُطَطُ الصِّغَارُ الْاَعْرَاضُ فَاِنْ اَخْطَاهُ هٰذَا نَهَسَهٗ هٰذَا وَاِنْ اَخْطَاَهُ هٰذَا نَهَسَهٗ هٰذَا۔ (رواه البخاری)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۲۳۵/۱۱ حدیث رقم ٦٤١٧ والترمذی فی السنن ٥٤٨/٤ حدیث رقم ٢٤٥٤ وابن ماجه فی السنن ١٤١٥/٢ حدیث رقم ٤٢٣١ والدارمی فی السنن ٣٩٣/٢ حدیث رقم ٢٧٢٩ واحمد فی المسند ٣٨٥١

ترجمہ: "حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ (ایک روز) رسول اللہ ﷺ نے ہماری تعلیم کے لئے چار خط کھینچ کر ایک مربع بنایا' پھر اس مربع کے درمیان ایک اور خط کھینچا جو اس چوکور سے باہر نکلنے والا تھا' اس کے بعد آپ ﷺ نے اس درمیانی خط کے اس حصہ کی طرف جو (مربع کے) خطوں کے درمیان تھا چھوٹے چھوٹے کئی خطوط کھینچے اور پھر فرمایا" (اس خاکہ کو اچھی طرح ذہن نشین کرلو! درمیانی خط کا یہ حصہ جو کہ مربع کے خطوں کے درمیان ہے گویا انسان ہے اور یہ خط (کہ جس نے چاروں طرف سے مربع بنا رکھا ہے) اس انسان کی موت ہے (یعنی مربع کے چاروں خطوط گویا اس کی موت کا وقت اور اس کی عمر کی آخری حد ہے جس نے چاروں طرف سے اس کو گھیر رکھا ہے) اور درمیانی خط کا وہ حصہ کہ جو مربع سے باہر نکلا ہوا ہے یہ گویا انسان کی (وہ) آرزو اور خواہش ہے (جس وہ اپنی موت آنے سے پہلے پہلے حاصل کر لیتے کا گمان رکھتا ہے حالانکہ وہ ایک بے بنیاد خیال میں مبتلا ہے کیونکہ موت اس کی تمام امیدوں اور تمناؤں کی تکمیل سے زیادہ قریب ہے) اور درمیانی خط کے اندرونی حصے پر جو یہ چھوٹی چھوٹی لکیریں ہیں وہ پیش آنے والے حوادث (یعنی آفات ومصائب جیسے غربت وناداری اور فقر وبیماری اور مفلوک الحالی وغیرہ) ہیں (کہ جو انسان پر ہر طرف سے مسلط رہتے ہیں اور اگر وہ عوارض اپنا کام کر جاتے ہیں تو وہ ہلاک ہو جاتا ہے) پس اگر وہ (انسان) کسی ایک عارضہ یا حادثہ سے بچ جاتا ہے تو دوسرا حادثہ وعارضہ حملہ کر دیتا ہے اگر اس حادثہ وعارضہ سے بھی بچ نکلتا ہے تو پھر تیسرا گھیر لیتا ہے' جن کا وہ یکے بعد دیگرے سامنا کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ موت آ کر اس خاتمہ کر دیتی ہے"۔ (بخاری)

تشریح: خطاً مربعاً: ظاہر یہ ہے کہ آپ علیہ السلام نے اپنے دست مبارک سے زمین پر خط کھینچا۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ خط سے مراد شکل اور نقشہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خط: ای خطا، جیسا کہ ایک صحیح نسخہ میں مذکور ہے

خطا: اس کی صفت محذوف ہے) ای خطا آخر۔ خارجاً منه: (حال ہے۔) ای حال کون الخط خار جامن احد طرفی المربع۔

خط خططا: خا کے ضمہ کے ساتھ' ئے معجمہ اور اکثر کے نزدیک پہلی طا کے ضمہ کے ساتھ جمع ہے۔ اور طاء کا فتحہ بھی جائز ہے۔ "خطط" بمعنی "خطوط" ہے۔ (لکیریں)

صغار اصغیرة کی جمع ہے۔

الی هذا: جار مجرور کا متعلق محذوف ہے۔) ای متوجهة ومائلة ومنتهية الى هذا الخط (یعنی وہ چھوٹی لکیریں اُس اور اِس خط سے مل رہی تھیں۔)

الذی فی ..... فی الوسط): یعنی مربع کے درمیان اس درمیانی خط کے دونوں طرف سے اور مفرد سے مراد جنس ہے۔

فقال هذا الانسان: اشارہ درمیانی خط کی طرف ہے۔ (کذا قالہ شارح) اور بظاہر "هذا" سے مراد مربع شکل کا مرکز ہے۔ اگر چہ ظاہری خط میں اُسکے لئے کوئی مُستقل صورت نہیں ہے۔ یا "هذا" سے مراد پوری شکل اور صورت ہے۔ جو لکیروں سے معلوم ہو رہی ہے۔ اور ذہن میں محفوظ ہے۔ کیونکہ انسان مع اُسکی اُمیدوں اور عوارض (مصائب حادثات) کے جو موت تک رہتی ہیں "هذا" کا مشارالیہ ہے۔ چنانچہ حاصل یہ ہے۔ کہ یہ لکیروں سے بننے والی پوری شکل انسان ہے۔

اجله انسان کی مقررہ وقت اور زندگی کی موت ہے۔ تمام اطراف سے اس طرح کہ انسان کیلئے اس سے نکلنا اور بھاگنا ممکن نہیں ہے۔

وهذه الخطط: یہ چھوٹے خطوط۔

الصغار الاعراض یعنی آفات، حادثات اور مصائب ہیں جیسے بیماری بھوک اور پیاس اور دوسری مشکلات جو انسان کو پیش آتی ہیں۔ اور "اعراض" "عرض (را کے فتحہ کے ساتھ) کی جمع ہے۔

نهسه: سین مہملہ کے ساتھ اور بعض کا کہنا ہے کہ شین کے ساتھ ہے۔

مصیبت کے پیش آنے کو "نهس" سے تعبیر کیا زہریلی چیز کا کاٹنا۔ دُنیاوی مصائب کی مضرت میں مبالغہ کیلئے یہ تعبیر اختیار کی ہے۔

وان اخطاه هذا: وہ دوسری مصیبت۔

نهسه هذا ایک اور مصیبت اسی طرح موت کے آنے اور اُمیدوں کے پورا نہ ہونے تک ہوتا رہتا ہے۔ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ چنانچہ (هذا الانسان) سے درمیانی نقطہ کی طرف اشارہ ہے۔ اور (هذا الذی هو خارج امله) سے علیحدہ کھینچے گئے۔ مستطیل خط کی طرف اشارہ ہے۔ (هذا) سے خطوط کی طرف اشارہ ہے۔ اور اس نقشہ کو مثال کے طور پر ذکر کیا گیا ہے۔ یہ مراد نہیں ہے۔ کہ وہ عوارض اس متعین تعداد میں منحصر ہیں۔ اس کی تائید بعد میں مذکور انس رضی اللہ عنہ کی حدیث کے الفاظ "اذ جاء ة الا قرب" سے ہوتی ہے اور اس بات میں تو کوئی شک نہیں۔ کہ وہ خط جو احاطہ کر رہا ہے۔ اُس خط کی بنسبت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زیادہ قریب ہے۔ جو خط باہر کی طرف نکل رہا ہے۔ انتہیٰ۔

زیادہ مناسب ہے۔ کہ خطوط کی تعداد سات قرار دی جائے۔ کیونکہ سات کا عدد حضور علیہ السلام عموماً ذکر کیا کرتے تھے۔ اور اُس عدد (ستر) کا عُشر (دسواں) ہے۔ جس کے ذریعے کثرت کو بیان کیا جاتا تھا۔ نیز انسان کے سات اعضاء اور یقین کے مراتب میں سات مراحل ہوتے ہیں۔ اور سات زمینوں کا احاطہ کیے ہوئے۔ سات آسمانوں کے دوران پر سات ایام گزرتے ہیں۔

جان لو اس بات کو کہ شیخ نے جس درمیانی نقطہ کی طرف ارشار کیا ہے۔ وہ نبوی نقشہ سے معلوم نہیں ہو رہا۔ اسی وجہ سے شراح حدیث میں سے ایک شارح کے علاوہ کسی نے اس کا نقشہ نہیں بتایا مثلاً طیبی رحمہ اللہ نے ذکر کیا ہے۔ ملا علی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ کہ مشہور مذکور نقشہ کے علاوہ میں نے دوسرا نقشہ دیکھا جو یہ ہے۔ یہی ہیئت بعض شراح کی تشریح کے مطابق ہے اور زیادہ ظاہر نقشہ یہی ہے۔؟؟

۵۲۶۹ : وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ خَطَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خُطُوْطاً فَقَالَ هٰذَا الْاَمَلُ وَهٰذَا اَجَلُهٗ فَبَیْنَمَا هُوَ كَذٰلِكَ اِذَا جَآءَهُ الْخَطُّ الْاَقْرَبُ. (رواه البخاری)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۲۳۶/۱۱ حدیث رقم ۶۴۱۸ وابن ماجه فی السنن ۱۴۱۴/۲ حدیث رقم ۴۲۳۱۔

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ (ایک روز) رسول اللہ ﷺ نے کئی خطوط کھینچے (جیسا کہ گذشتہ حدیث میں گزرا کہ آپ ﷺ نے چار خط کھینچ کر ایک چوکور بنایا اور اس مربع کے درمیان ایک اور خط کھینچا جو مربع سے باہر نکلا ہوا تھا) پھر فرمایا کہ درمیانی خط کا یہ حصہ (جو مربع سے باہر نکلا ہوا ہے) انسان کی آرزو ہے اور یہ خط (جس نے چاروں طرف سے اس درمیانی خط کو گھیرا ہوا ہے) اس (انسان) کی موت ہے' پس انسان اسی حال میں (یعنی امیدوں اور تمناؤں کے پورا ہونے کی جستجو میں) رہتا ہے کہ اچانک موت کا خط اس پر حملہ آور ہوتا ہے جو اس شخص کے نسبت امیدوں اور آرزوؤں کی تکمیل کے) زیادہ قریب ہے''۔ (بخاری)

تشریح: خطوطا گذشتہ مذکور نقشہ کی طرح مختلف خطوط کھینچے۔

فقال هذا: اشارہ لکیر کی طرف تھا جو مربع کی ایک جانب سے باہر نکلی ہوئی تھی۔

الامل: انسان کی اُمید۔

هذا اجله فبینما هو کذالك مشار الیہ وہ مربع خط تھا جس نے احاطہ کیا ہوا تھا۔

یعنی ان ساعات کے دوران۔

اذجاءه الخط الاقرب: اور یہی اس کی موت ہے۔ جو تمام اطراف سے انسان کو گھیرے ہوئے ہے۔ اور مربع سے باہر نکلنے والا خط چوک جاتا ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ (بینما هو کذالك) کا معنی ہے کہ انسان اپنے دُور کی اُمید کو طلب کر رہا ہوتا ہے۔ وہ آفات اس کو گھیر لیتی ہیں۔ جو زیادہ قریب ہیں۔ جو اس کو اس موت کے گھاٹ اُتار دیتی ہیں' جس نے اس کا احاطہ کیا ہوتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ یہ تاویل گذشتہ حدیث کے معنی پر محمول ہے۔ اور یہ بھی جائز ہے۔ کہ دوسری فصل میں آنے والی ابوسعیدؓ کی حدیث پر محمول کیا جائے۔ وہ حدیث ہے: ان النبی ﷺ غرز عمودًا بین یدیه" [الحدیث]

ملا علی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو مذکورہ بالا معنی پر محمول کرنا واضح خطا ہے۔ چونکہ دونوں روایات کے الفاظ بالکل صریح ہیں کہ ایک روایت میں لکڑیاں اور دوسری روایت میں خط کھینچا منقول ہے۔

۵۲۷۰ : وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهْرَمُ ابْنُ اٰدَمَ يَشِبُّ مِنْهُ اثْنَانِ الْحِرْصُ عَلَى الْمَالِ وَالْحِرْصُ عَلَى الْعُمُرِ۔ (متفق علیه)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۲۳۹/۱۱ حدیث رقم ٦٤٢٠ومسلم فی صحیحه ۷۲٤/۲ حدیث رقم (۱۱٤-۱۰٤٦) والترمذی فی السنن ٤٩٣/٤ حدیث رقم ۲۳۳۸وابن ماجه فی السنن ۱٤۱٥/۲ حدیث رقم ٤۲۳۳۔

ترجمہ: "حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "انسان (خود تو) بوڑھا ہو جاتا ہے مگر اس (کے اخلاق) میں دو چیزیں جوان (قوی) ہو جاتی ہیں ایک تو مال (جمع کرنے) کی شدید لالچ (اور اس کو خیرات نہ کرنا) اور دوسرے درازیٔ عمر کی آرزو"۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: یھرم را کے فتحہ کے ساتھ جیسا کہ ایک روایت میں "یشیب" کا لفظ ہے۔

یشب: شین معجمہ کے کسرہ اور بائے مؤدت کی تشدید کے ساتھ ہے۔

شب شبابا: امام بیہقی کی "تاج" اور قاموس میں لکھا ہے کہ ھرم باب سمع سے ہے اور اس کا معنی ہے بوڑھا ہو جانا اور باب ضرب سے ہے۔

والحرص علی العمر: یعنی اپنی اُمیدوں کو دراز کر کے، عمل میں ٹال مٹول کر کے اور اپنی موت کو دُور تصور کر کے

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ "یشب" استعارہ ہے۔ اور اس کا معنی یہ ہے کہ بوڑھے کا دل (دنیا کی) محبت میں کامل ہوتا ہے اور اتنا قوی ہوتا ہے جتنا کہ جوانی میں نوجوان کا دل قوی ہوتا ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ بھی دُرست ہے کہ (کلام) مطابقت اور مشاکلت کے باب سے ہو۔ "یھرم" کا معنی ہے: یشیب۔

تخریج: امام میرک فرماتے ہیں کہ یہ الفاظ امام مسلم کے ہیں۔ اور امام بخاری نے "یکبر ابن آدم" کے الفاظ نقل کئے ہیں۔ باقی الفاظ دونوں کتابوں میں ایک ہی طرح ہیں۔ نیز امام ترمذی اور ابن ماجہ نے بھی اس حدیث کو نقل کیا ہے۔ (انتہیٰ)

چنانچہ مصنف کے قول "متفق علیہ" کا معنی یہ ہے کہ اس حدیث کے معنی کو نقل کرنے پر امام بخاریؒ اور امام مسلم متفق ہیں، تمام الفاظ متفق علیہ میں ہیں۔ یہ بات تو امام میرک کے قول پر مبنی ہے۔ ورنہ جامع میں بھی "یھرم ابن آدم ویبقی فیه اثنان الحرص والامل" کے الفاظ ہیں۔ اس کو امام احمد، امام مسلم، امام بخاری اور نسائی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔ لہٰذا ظاہر یہ ہے کہ "یکبر" کا لفظ بخاری کا ہے۔ اور صحیحین میں متعدد روایات ہیں جیسا کہ "مقاصد" میں سخاوی کا کلام اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بات پر دلالت کرتا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ حدیث ''یھرم ابن ادم ویبقی فیه اثنان الحرص والامل'' متفق علیہ ہے۔ اور ایک روایت میں ''یشیب ابن آدم ویشب فیه'' کے الفاظ ہیں۔

۵۲۷۱ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَزَالُ قَلْبُ الْکَبِیْرِ شَابًّا فِیْ اثْنَیْنِ فِیْ حُبِّ الدُّنْیَا وَطُوْلِ الْاَمَلِ. (متفق علیه)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۱۱/۲۳۸ حدیث رقم ٦٤٢٠

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کریم ﷺ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بوڑھے کا دل ہمیشہ دو باتوں میں جوان (قوی) رہتا ہے ایک تو دنیا کی محبت میں اور دوسرے درازی عمر کی شدید تمنا میں'' کیونکہ دنیا سے دل لگی کے باعث موت ناگوار لگتی ہے۔ اور آرزوئے درازیٔ عمر اعمال صالحہ میں تاخیر کا سبب بن جاتی ہے''۔ (بخاری ومسلم)

۵۲۷۲ : وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَعْذَرَ اللّٰهُ اِلَیٰ اَمْرِءٍ اَخَّرَ اَجَلَهٗ حَتّٰی بَلَغَهٗ سِتِّیْنَ سَنَةً. (رواه البخاری)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۱۱/۲۸ حدیث رقم ٦٤١٩

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے اس آدمی کا عذر ختم کر دیا جس کی موت کو ساٹھ سال کی عمر تک مؤخر کر دیا''۔

تشریح: اعذر اللہ: بعض شارحین کے نزدیک ہمزہ سلب کیلئے ہے: ای ازال اللہ العذر منهیا۔ (یعنی اللہ نے موقع دے کر اُسکا عذر دور کر دیا۔)

اخر اجله: اور ایک روایت میں ''عمرہ'' کا لفظ ہے۔

حتی بلغه: لام کی تشدید کے ساتھ ہے اور ایک روایت میں ''حتی بلغ'' کے الفاظ ہیں۔

مراد یہ ہے کہ اپنے گناہوں سے توبہ نہیں کی اور اپنے غلطیوں کی اصلاح نہیں کی اور اُسکی بھلائی برائیوں پر غالب نہیں ہوئی۔ چنانچہ اللہ نے اس شخص کیلئے عبادت چھوڑنے زندگی ضائع کرنے کا کوئی عذر نہیں چھوڑا حاصل یہ کہ جس کی عمر ساٹھ برس تک پہنچی اور بعض شراح کے نزدیک چالیس برس تک پہنچی اور اس کی بھلائی اس کی برائیوں پر غالب نہیں ہوئیں۔ تو موت اس شخص کیلئے بہتر ہے۔

علامہ تورپشتی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ نے اُسکا عذر اس تک پہنچا دیا۔ اب اس کے پاس کوئی عذر نہ رہا۔ عرب کہتے ہیں ''اعذر الرجل الی فلان ای بلغ به اقصی العذر، اس قبیل سے عرب کا یہ قول ہے اعذر من انذر، ای اتی بالعذر واظهره اور یہ کلام مجازی ہے۔ چونکہ عذر اللہ کی طرف نہیں بلکہ بندوں کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ حقیقی معنی یہ ہوئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس شخص کیلئے کوئی ایسا عذر نہیں چھوڑا کہ جس سے وہ تمسک کر سکے۔ مطلب یہ ہے۔ کہ اللہ نے اس شخص کا عذر کو مکمل طور پر ختم کر دیا۔ گویا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو سزا دینے اور آزمائش میں مبتلا کرنے میں اپنا عذر قائم کیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مختصر النہایہ میں ہے عذر کرنے کیلئے اللہ تعالیٰ نے کوئی گنجائش نہیں چھوڑی کیونکہ ساری زندگی آزاد چھوڑا اور بطور عبرت اس کو سزا نہیں دی۔

تخریج: اسی طرح امام احمد، عبد بن حمید، نسائی، بزار، ابن جریر، ابن ابی حاتم، حاکم، ابن مردویہ اور بیہقی نے ان سے روایت کیا ہے۔ عبد بن حمید طبرانی رویانی اور رامھر مزی نے امثال میں نقل کیا ہے۔

حاکم اور ابن مردویہ نے سہل بن سعد سے نقل کیا ہے: **قال قال رسول الله ﷺ: اذا بلغ العبد ستين سنة فقد اعذر الله اليه في العمر۔**

رسول ﷺ نے فرمایا: جب بندہ ساٹھ برس کی عمر تک پہنچ جاتا ہے تو اللہ نے اُس شخص کیلئے زندگی میں عذر زائل کر دیا: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿**اولم نعمر كم مايتذكر فيه من تذكر**﴾ [فاطر۔۳۷] ترجمہ: ''کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہ دی تھی کہ جس کو سمجھنا ہو سمجھ سکتا''۔

اس حدیث کو عبد الرزاق، فریابی، سعید بن منصور، عبد بن حمید، ابن جریر، ابن المنذر، ابو شیخ اور حاکم نے روایت کیا ہے اور حاکم نے صحیح قرار دیا ہے۔ اور ابن مردویہ نے ابن عباسؓ سے اس کی تفسیر کے بارے میں نقل کیا ہے کہ ابن عباسؓ نے فرمایا ساٹھ برس مراد ہے۔

ابن جریر نے حضرت علیؓ سے اس آیت کی تفسیر میں نقل کیا ہے **قال: العمر الذى اعذرهم الله منه ستون سنة۔** فرمایا کہ وہ عمر جس میں اللہ نے انسان کے عذر کو زائل کر دیا ہے ساٹھ برس ہے۔

عبد بن حمید اور ابن ابی حاتم نے حسن سے آیت کی تفسیر میں نقل کیا ہے کہ چالیس برس مراد ہیں۔ اور ارشاد باری تعالیٰ ﴿**وقد جاء كم النذير**﴾ [فاطر۔۳۷] ''اور تحقیق تمہارے پاس ڈرانے والا بھی پہنچا تھا''۔ تو اس کے بارے میں ابن ابی حاتم، عبد بن حمید اور ابن المنذر نے عکرمہؓ سے نقل کیا ہے کہ ''نذیر'' سے مراد بڑھاپا ہے۔ اسی طرح ابن مردویہ اور بیہقی نے سنن میں ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے کہ اس سے مراد بڑھاپا ہے۔

۵۲۷۳ : **وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ كَانَ لِابْنِ اٰدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغٰى ثَالِثًا وَلَا يَمْلَاُ جَوْفَ ابْنِ اٰدَمَ اِلَّا التُّرَابُ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ.** (متفق عليه)

اخرجه البخارى فى صحيحه ۲۵۳/۱۱ حديث رقم ٦٤٣٦ومسلم فى صحيحه ۷۲۵/۲ حديث رقم (۱۱۸-۱۰٤۹)اخرجه الترمذى ٦٦٨/٥ حديث رقم ۳۸۹۸وابن ماجه فى السنن ۱٤۱٥/۲ حديث رقم ٤۲۳٤ والدارمى فى السنن ٤۱۰/۲ حديث رقم ۲۷۷۸ واحمد فى المسند ۱۲۲/۳

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اگر (بالفرض والتقدیر) کسی انسان کے پاس (خزانوں سے بھرپور) دو وادیاں ہوں تب بھی یقیناً تیسری وادی کی تلاش میں رہے گا (یعنی انسان کی حرص وطمع کی درازی کا یہ عالم ہے کہ کسی بھی مقام پر پہنچ کر سیر نہیں ہو سکتا اور انسان کے پیٹ کو مٹی کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں بھر سکتی (یعنی جب تک وہ قبر میں جا کر نہیں لیٹ جاتا اس وقت تک اس کی حرص وطمع کا خاتمہ نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوتا۔ تاہم یہ بات اکثر لوگوں کے اعتبار سے فرمائی ہے۔ ورنہ ایسے بندگانِ خدا بھی ہیں جن میں حرص وطمع کے ہونے کا سوال تو کجا' بقدرِ ضرورت مال واسباب کی بھی پرواہ نہیں کرتے) اور حق تعالیٰ شانہٗ جس بندہ کی توبہ چاہتا ہے قبول فرمالیتا ہے''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله: لو كان لابن آدم واديان من مال لا بتغى ثالثا:

ایک روایت میں ہے: ''من ذهب'' کے الفاظ ہیں۔

یعنی ایک اور وادی جس میں ان دونوں سے زیادہ ذخیرہ ہو اسی طرح زیادہ سے زیادہ کی طلب ہوتی۔ جیسا کہ اس کی طرف اشارہ فرمایا۔

ولا يملا جوف ابن آدم الا التراب:

چنانچہ اس میں ایک بڑی تنبیہ اس بات پر ہے کہ بخل جو کہ انسان میں حرص پیدا کر دیتا ہے۔ انسان کی فطرت میں ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کے بارے میں قرآن کریم میں اس حدیث اور قول سے زیادہ بلیغ عبارت میں فرمایا:

﴿قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآىِٕنَ رَحْمَةِ رَبِّيْۤ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ قَتُوْرًا﴾

[الاسراء - ۱۰۰]

''آپ فرمادیجئے کہ اگر تم لوگ میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے مختار ہوتے تو بھی تم خرچ کرنے کے اندیشہ سے ضرور ہاتھ روک لیتے اور آدمی ہے بڑا تنگدل۔''

یہ دلالت کرتا ہے کہ انسان کی حرص اور فقر کا خوف جو کہ بخل کرنے حتی کہ اپنی ذات کیلئے بھی بخل کرنے کا ذریعہ بنتا ہے۔ اُس پرندے کے خوف سے زیادہ ہے۔ جو کہ سمندر کے ساحل پر پیاس سے مرجاتا ہے۔ (پانی نہیں پیتا) کہ پانی ختم نہ ہوجائے اور اُس کیڑے کے خوف سے بھی زیادہ جس کی خوراک مٹی ہے اور وہ بھوک سے مرجاتا ہے۔ (مٹی نہیں کھاتا) کہ کہیں مٹی ختم نہ ہوجائے اسلئے کہ یہ پانی اور مٹی رب الارباب کی رحمت کے خزانوں کے مقابلہ میں اس طرح ہے۔ جیسا کہ بادل کے مقابلہ میں ایک قطرہ۔

قوله: ويتوب الله على من تاب:

یعنی گناہوں سے بچاؤ کی طلب کے ساتھ رجوع کرے یا اللہ دنیا کی محبت اور اللہ تعالیٰ سے غفلت سے توبہ کرنے والے کو توبہ کی توفیق دے۔ کر اور آخرت کے مصائب سے نجات دے کر اُس شخص پر فضل وکرم کرتا ہے۔

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حدیث کا معنی یہ ہے کہ انسان ہمیشہ دُنیا کی حرص کرتا ہے یہاں تک کہ مرجاتا ہے۔ اور اُس کا پیٹ قبر کی مٹی سے بھر جاتا ہے۔ اس حدیث میں دُنیا کی حرص انسانوں کے اکثر افراد کے اعتبار سے بتائی گئی ہے اس کی تائید ''ويتوب الله على من تاب'' سے ہوتی ہے۔ یہ قول پہلے والے قول سے متعلق ہے اور مطلب یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ انسان کے بُرے فعل حرص اور دوسرے نامناسب افعال سے توبہ کرنے کو قبول فرماتے ہیں۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مطلب یہ ہے کہ تمام انسانوں کو مال کی محبت کی فطرت پر پیدا کیا گیا ہے۔ اور ان کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فطرت میں ہے کہ مال کو طلب کرنے کی کوشش کریں اور مال سے سیر نہ ہوں۔ سوائے اُن لوگوں کے جن کو اللہ نے (مال کی محبت سے) محفوظ رکھا اور اُنکو اپنے آپ سے یہ فطرت زائل کرنیکی توفیق دی۔ اور ایسے لوگ بہت کم ہیں اس بات کی جگہ "ویتوب الله علی من تاب) فرمایا اس بات کی طرف اشارہ کرنے کیلئے کہ انسان کے اندر پیدا کی گئی یہ طبیعت مذموم ہے۔ اور گناہ کے قائم مقام ہے۔ اور اس کا ازالہ ممکن ہے۔ مگر اللہ کی توفیق سے اسی طرح اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ومن یوق شح نفسه فأولئك هم المفلحون﴾ [الحشر-۹] (اور جو شخص اپنی طبیعت کے بخل سے محفوظ رکھا جائے ایسے ہی لوگ فلاح پانے والے ہیں)۔ اللہ تعالیٰ نے شح اور حرص کی نسبت نفس کی طرف اس بات پر دلالت کرنے کیلئے کہ انسان کی طبیعت وفطرت میں بخل وحرص رکھا گیا ہے۔ اور اس حرص کو زائل کرنا۔ اللہ نے (یوق) سے بیان فرمایا۔ اور اس پر (فاولئك هم المفلحون) کو مرتب کیا۔

اس مقام پر ایک باریک نکتہ ہے۔ کیونکہ ابن آدم کو ذکر کرنے میں اس بات کی طرف اشارہ ہے۔ کہ انسان مٹی سے پیدا کیا گیا ہے۔ اس کی طبیعت میں سختی اور خشکی ہے اور اس کا ازالہ اس طرح ممکن ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ اپنی توفیق کے بادلوں سے بارش برسائے اور اس کی وجہ سے پاکیزہ خصلتیں اور پسندیدہ اخلاق پیدا ہو جائے۔ جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿والبلد الطيب يخرج نباته باذن ربه والذى خبث لا يخرج الا نكدا﴾ [الاعراف:۵۸] "اور جو ستھری سرزمین ہوتی ہے اس کی پیداوار تو خدا کے حکم سے خوب نکلتی ہے۔ اور جو خراب ہے اس کی پیداوار (اگر نکلی بھی) تو بہت کم نکلتی ہے۔"

چنانچہ جس کو توفیق نہ ملی اور اللہ نے اُس کو اور اُسکی حرص کو اپنے حال پر چھوڑا تو اُسمیں صرف حرص اور مال کی خواہش ہی بڑھتی چلی جائیگی۔ ارشاد نبوی "لا يملا جوف ابن آدم" موضع رکوز جبلت میں واقع ہیں۔ اس فطرت کے مرکوز (مضبوط) ہونے کا بیان ہے۔ اور اس کے ساتھ ایک عام اور وسیع تر حکم متعلق کیا گیا ہے۔ گویا کہ یوں کہا گیا۔ اور جس شخص کو مٹی سے پیدا کیا گیا ہے۔ وہ مٹی سے ہی سیر ہوگا۔ اور "يتوب الله على من تاب" میں اس طبیعت سے واپس لوٹنے کا بیان ہے۔ یعنی کہ اس طبیعت کا زائل ہو جانا بہت مشکل ہے۔ مگر جس کیلئے اللہ آسان کر دے۔ اُسکے لئے آسان ہے۔ چنانچہ حقیقت یہی ہے۔ کہ یہ بشر کا کلام نہیں۔ بلکہ تقدیر اور قوتوں کے خالق اللہ کا کلام ہے۔

امام ترمذی کے حوالے سے ابی بن کعب کی روایت ہم تک پہنچی ہے کہ رسول ﷺ فرماتے ہیں کہ اللہ نے مجھے حکم دیا ہے۔ کہ میں تجھے قرآن سناؤں چنانچہ حضور علیہ السلام نے [لم يكن الذين كفروا] [البينة:۱] تلاوت فرمائی اور اس میں یہ بھی پڑھا: "ان الدين عند الله الحنيفية المسلمية لا اليهودية ولا النصرانية ولا المجوسية ومن يعمل خيرا فلن يكفر"۔ "اللہ کے ہاں مقبول دین اسلام ہے۔ جس میں ایک اللہ کی طرف یکسوئی اور فرمانبرداری ہے۔ اور یہودیت، نصرانیت اور مجوسیت اللہ کے ہاں قابل قبول نہیں ہے۔ جو نیک عمل کرے گا اُسکی نیکی کی ناقدری نہیں کی جائیگی)۔ اس کے بعد حضور علیہ السلام نے فرمایا: لوان لابن آدم واديا من مال لابتغى اليه ثانيا' ولو ان له ثانيا لابتغى اليه ثالثا' ولا يملأ جوف ابن آدم الا التراب' ويتوب الله على من تاب (انتھی) اگر ابن آدم کے پاس مال و دولت سے بھری ہوئی۔ ایک وادی ہوتی تو دوسری وادی کو طلب کرتا اور دو وادیاں ہوتیں تو تیسری وادی کی تلاش میں رہتا۔ اور آدمی کے پیٹ کو مٹی کے علاوہ اور کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چیز نہیں بھرتی اور اللہ تعالیٰ اُس شخص کی توبہ کو قبول فرماتا ہے' جو توبہ کرتا ہے۔

امام میرک رحمۃ اللہ علیہ تصحیح سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ حدیث "لو کان لا بن آدم وادیان..... الخ" کو امام بخاری نے انہی الفاظ کے ساتھ ابن عباسؓ کی سند سے نقل کیا ہے۔ اور اس کے ہم معنی حدیث حضرت انسؓ کی سند سے نقل کی ہے۔ اور مسلم نے انہی الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے۔ اور امام ترمذی نے بھی اس کی ہم معنی حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما کی سند سے نقل کی ہے اور ایک حدیث سے ثابت ہے۔ کہ یہ قرآن تھا۔ پھر اس کی تلاوت منسوخ ہوگئی۔ اس بات کو امام احمد اور دوسروں نے نقل کیا ہے۔

ابن عباسؓ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں ہے۔ کہ نہ معلوم یہ بات آسمان سے نازل ہوئی تھی۔ یا رسول فرماتے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں۔ کہ ہم اس کو قرآن کا حصہ سمجھتے تھے۔ یہاں تک کہ (الھاکم التکاثر) نازل ہوئی۔ اس بات کو امام بخاری نے نقل کیا ہے، انتہیٰ۔

جامع میں الفاظ اس طرح ہیں: "لو کان لابن آدم واد من مال لابتغی الیه ثانیا ولو کان له وادیان لابتغی لهما ثالثا' ولا یملأ جوف ابن آدم الا التراب 'ویتوب الله علی من تاب".

اس کو امام احمد' شیخین اور امام ترمذی نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے' اور امام احمد اور شیخین نے ابن عباسؓ سے' اور امام بخاری نے ابن زبیرؓ سے اور نسائی نے ابو ہریرہؓ سے اور امام احمد نے ابی واقد سے' امام بخاری نے اپنی تاریخ میں' اور بزار نے بریدہؓ سے نقل کیا ہے۔

امام احمد اور ابن حبان نے حضرت جابرؓ سے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

"لو کان لابن آدم واد من نخل لتمنی مثله ثم تمنی مثله حتی یتمنی اودیة ولا یملا جوف ابن آدم الا التراب".

۵۲۷۴ : عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعْضِ جَسَدِیْ فَقَالَ كُنْ فِی الدُّنْيَا كَاَنَّكَ غَرِيْبٌ اَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ وَعُدَّ نَفْسَكَ مِنْ اَهْلِ الْقُبُوْرِ (رواه البخاری)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۲۳۳/۱۱ حدیث رقم ٦٤١٦ والترمذی فی السنن ٤٩٠/٤ حدیث رقم ۲۳۳۳ وابن ماجه ۱۳۷۸/۲ حدیث رقم ٤١١٤ واحمد فی المسند ٢٤/٢

ترجمہ: "حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ (ایک روز) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے جسم کے کسی حصہ (یعنی دونوں مونڈھوں) کو پکڑ کر ارشاد فرمایا" تم دنیا میں یوں گزر بسر کرو گویا کہ تم مسافر ہو یا راہ گیر ہو اور تم خود کو قبروں والوں میں سے شمار کیا کرو۔ (بخاری)

تشریح: قوله: أخذ رسول الله ﷺ ببعض جسدی:

جیسا کہ ایک روایت "بمنکبی" میں کا لفظ وارد ہے۔ ان کا شانہ پکڑ کر یہ بات ارشاد فرمانے میں یہ نکتہ ہے کہ حضور علیہ السلام نے اپنے قریب کر دیا۔ اور اُن کی طرف متوجہ ہوگئے تا کہ اچھی طرح ذہن نشین ہو جائے۔ وہ بات جو حضور علیہ السلام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمارہے ہیں۔اوراس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے۔کہ یہ اللہ کی پسندیدہ حالت اللہ کی توفیق سے ہی حاصل ہوتی ہے۔

قولہ:کن فی الدنیا کانك غریب:

یعنی لوگوں کے درمیان کیونکہ تمہاری ان کے ساتھ موانست نہ رہے گی اور اُنکے ساتھ بیٹھنا لم ہوگا۔

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مطلب یہ ہے کہ دنیا کی طرف مائل نہ ہواوراس کو اپناوطن اورٹھکانہ نہ سمجھ اور دنیا کی صرف اتنی چیزوں سے تعلق رکھو۔جتنی چیزوں سے مسافراجنبی شہر میں تعلق رکھتا ہے۔انتہیٰ۔

یہ اسلئے کہ دنیا ایک گزرگاہ ہے'ایک پُل ہے۔جس پر گزرنا ہے۔چنانچہ مؤمن کیلئے مناسب ہے کہ عبادت اور طاعت میں مشغول رہے۔اور ہرآن ہرگھڑی اس دنیا سے کوچ کرنے کا انتظار کرے اورظلم اور حرام کے ارتکاب پر ہیز کر کے سفرِ آخرت کے اسباب کو اختیار کرے حقیقی وطن کا شوق رکھے۔اور دنیا کے سفر میں اتنی اشیاء پر قناعت کرے۔جس سے ضرورت پوری ہو اور عزت نفس باقی رہے۔اوراپنے اس سفر میں آنے والی مصائب کا مقابلہ کرے۔اور بے فائدہ لمبی اُمیدوں اور زیادہ حرص میں مشغول نہ ہو۔

قولہ:اوعابر سبیل:او:تنویع کیلئے ہے۔یا بل کے معنی میں ہے'جو ترقی کیلئے آتا ہے۔اور معنی یہ ہے۔کہ بلکہ اس طرح رہو جیسے راہ چلتا مسافر کہ وہ چلتے ہوئے راستہ طے کرتا ہے۔اگرچہ ساتھیوں کے بغیر ہو اوراس تعبیر میں غریب کے لفظ کی نسبت زیادہ مبالغہ ہے۔کیونکہ اجنبی مسافر تو پھر بھی دوسرے علاقے میں کچھ آرام کر لیتا ہے۔اور ایک وقت تک ٹھہر کر ستالیتا ہے۔ کتنی خوش نصیب ہے۔وہ جماعت جس نے اپنے مولیٰ کی ملاقات کے شوق میں دنیا کو ترک کر دیا۔اور آخرت کی طرف مکمل متوجہ ہوگئے ہیں۔اورلوگوں سے منقطع ہوگئے ہیں۔کیونکہ لوگوں کے ساتھ دل لگانا انسان کی (اعمال کے اعتبار سے) ناداری کی علامت ہے۔اور یہ لوگ دنیا کے ساز وسامان اور لباس سے خالی ہو چکے ہیں۔بلکہ ننگے پیر،ننگے بدن اور چھلے سر ہو چکے ہیں۔ حالانکہ یہی لوگ عقلمند،سمجھدار ہیں۔ان کی فضیلت حداوراندازے سے بڑھ گئی ہے۔

ان للہ عبادا فطنا ○ طلقوا الدنیا وخافوا الفتنا

اللہ کے کچھ بندے بڑے سمجھدار ہیں۔

جنہوں نے دنیا کو چھوڑ دیا۔اور دنیا کے فتنوں سے ڈر گئے۔

نظروا فیھا فلما عرفوا

انھا لیست لحی وطنا

اُنہوں نے دنیا میں غور کیا۔پس جب وہ سمجھ گئے کہ یہ دنیا کسی زندہ کیلئے ٹھکانہ نہیں ہے۔

جعلوھا لجۃ واتخذوا

صالح الاعمال فیھا سفنا

اُنہوں نے دنیا کو ایک سمندر سمجھا اور نیک اعمال کو اپنے لئے کشتیاں بنالیا۔

قولہ:وعد نفسك فی أھل القبور:

عد:عین کے ضمہ اور دال مشدد کے فتحہ کے ساتھ (جارمجرور کا متعلق محذوف ہے۔) ای "عدھا کا ئنة أو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ساکنۃ فیھم" اور ایک تصحیح شدہ نسخہ میں "من اھل القبور" کے الفاظ ہیں یعنی تو اپنے آپ کو اُن میں سے ایک فرد شمار کر۔ چنانچہ اس میں اشارہ ہے اس بات کی طرف: "موتوا قبل ان تموتوا" موت سے پہلے مرجاؤ اور اپنا حساب کرو اس سے پہلے کہ تمہارا حساب کیا جائے۔

قولہ: رواہ البخاری: امام میرک فرماتے ہیں یہ بات محل نظر ہے۔ اسلئے کہ مذکور الفاظ جامع ترمذی کے ہیں امام بخاری نے ابن عمرؓ سے یہ الفاظ نقل کیے ہیں: "اخذ رسول اللہ ﷺ بمنکبی فقال: کن فی الدنیا کانک غریب اوعابر سبیل" بخاری میں "عدنفسک فی اھل القبور" کے الفاظ نہیں ہیں بلکہ یہ الفاظ ترمذی اور بیہقی میں ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم وحکم۔

میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں کہ جامع میں ہے: کن فی الدنیا کانک غریب اوعابر سبیل، اس کو بخاری نے ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے۔ امام احمد، ترمذی اور ابن ماجہ نے "عد نفسک من اھل القبور" کی زیادت نقل کی ہے۔

امام نووی نے اربعین میں یہ اضافہ نقل کیا ہے وکان ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھا یقول: اذا أمسیت فلا تنتظر الصباح' واذا صحبت تنتظر المساء وخذ من صحتک لمرضک وخذ من حیاتک لموتک۔ کہ ابن عمرؓ فرمایا کرتے تھے کہ جب تجھ پر شام آجائے تو صبح کا انتظار نہ کر اور جب صبح ہوجائے تو شام کا انتظار نہ کر اور اپنی صحت کے زمانہ سے اپنی بیماری کے زمانہ کیلئے (اعمال کا) حصہ حاصل کر اور زندگی سے موت (کے بعد) کیلئے (اعمال کا) توشہ حاصل کر۔ امام غزالی نے اپنی اربعین میں یہ زیادت نقل کی ہے: فانک یا عبد اللہ لا تدری ما اسمک غدا' کہ "اے اللہ کے بندے! تجھے یہ نہیں معلوم کہ کل کو تیرا نام کیا ہوگا" اور حدیث کے شروع کے حصہ کو مرفوعاً یوں نقل کیا ہے: قال رسول اللہ ﷺ لعبد اللہ بن عمر: اذا أصبحت ..... واللہ تعالیٰ اعلم

الفصل الثانی:

۵۲۷۵: وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ مَرَّ بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ وَاَنَا وَاُمِّی نَطَيِّنُ شَيْئًا فَقَالَ مَا هٰذَا يَا عَبْدَ اللّٰهِ قُلْتُ شَیْءٌ نُصْلِحُهٗ قَالَ اَلْاَمْرُ اَسْرَعُ مِنْ ذٰلِكَ (رواہ احمد والترمذی وقال ھذا حدیث غریب)

اخرجہ ابوداؤد فی السنن ٤٠١/٥ حدیث رقم ٥٢٣٦ والترمذی فی السنن ٤٩١/٤ حدیث رقم ٢٣٣٥ وابن ماجہ فی السنن ١٣٩٣/٢ حدیث رقم ٤١٦٠ واحمد فی المسند ١٦١/٢۔

ترجمہ: "حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ (ایک روز) میں اور میری والدہ گارے سے کسی چیز کو (یعنی اپنے مکان کی دیواروں یا چھت کو) مٹی کا لیپ کر رہے تھے کہ رسول اللہ ﷺ کا گزر ہمارے پاس سے ہوگیا' آپ ﷺ نے (ہمیں اس حالت میں دیکھ کر) دریافت فرمایا کہ عبداللہ یہ کیا ہے (یعنی لیپ پوت کیوں کر رہے ہو؟) میں نے عرض کیا کہ اس چیز (یعنی دیواروں یا چھت) کی درستی ومرمت کر رہے ہیں (یا اس کو مضبوط کرنا مقصود ہے) حضور ﷺ نے فرمایا: "امر' یعنی موت اس سے بھی زیادہ جلد آجانے والی ہے۔ اس حدیث کو احمدؒ وترمذیؒ نے روایت کیا ہے اور امام ترمذیؒ نے فرمایا کہ یہ حدیث غریب ہے"۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: عبداللہ بن عمرو: ''عمرو واؤ کے ساتھ ہے

تطین: یائے مکسورہ کی تشدید کے ساتھ۔

فقال ماھذا یعنی گارا کیوں استعمال کر رہے ہو۔

قولہ: قال: الامر اسرع من ذالك یعنی امر (موت) اس مکان کی خرابی کی مرمت اور درستگی سے زیادہ جلدی آنے والی ہے۔ سوچا چاہیے کہ موت کے بعد والی زندگی کی درستگی کی جائے اور پہلی قوموں کی تعمیرات سے عبرت حاصل کیجائے۔ بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا اپنے مکان کی مرمت کرنا اشد ضرورت کے تحت نہیں تھا۔ بلکہ عمارت کی مزید مضبوطی کے خیال سے یا آرائش کے خیال سے مرمت کرتے تھے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں مطلب یہ ہے کہ ہمارا دنیا میں راہ چلتے مسافر کی طرح رہنا اور اُس سوار کی طرح رہنا جو ایک درخت کے سایہ میں ستانے کیلئے تھوڑی دیر ٹھہرے۔ تعمیر میں مشغول ہونے کی بنسبت زیادہ بہتر ہے۔ شارح رحمہ اللہ فرماتے ہیں معنی یہ ہے کہ موت اس مکان کے خراب ہونے سے زیادہ قریب ہے۔ یعنی تم اپنے مکان کی مرمت اسلئے کر رہے ہو۔ کہ کہیں یہ مکان تیرے مرنے سے پہلے گر نہ جائے۔ جبکہ ہوسکتا ہے۔ کہ تم ہی مکان کے گر جانے سے پہلے موت کے نیچے میں آجاؤ۔ چنانچہ اعمال کی دُرستگی اس مکان کی درستگی سے زیادہ اہم ہے۔

قولہ: رواہ احمد، والترمذی وقال ھذا حدیث غریب:

امام میرکؒ منذریؒ سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن عمرو کی حدیث کو ابوداؤد اور ترمذی نے نقل کیا ہے۔ اور فرمایا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابن حبان اور ابن ماجہ نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے۔ اور سید جمال الدین رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ مجھے جامع ترمذی میں نہیں ملی۔ لیکن ان کے الفاظ کے ساتھ مل گئی ہے: قال: مر علینا رسول اللہ ﷺ ونحن تعالج خصاً لنا قال ماھذا قلنا قدر وھی فنحن نصلح' فقال مااری الأمر الا أعجل من ذلك۔ وقال: ھذا حدیث صحیح حسن۔ عبداللہ بن عمروؓ فرماتے ہیں۔ کہ ایک دن حضور علیہ السلام ہمارے پاس سے گزرے جبکہ ہم اپنے جھونپڑے کی مرمت کر رہے تھے۔ فرمایا: یہ کیا؟ ہم نے عرض کیا کہ یہ کمزور ہوگیا ہے۔ فرمایا میں موت کو اس سے زیادہ جلدی آنے والا سمجھتا ہوں۔ امام ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث صحیح حسن ہے۔

۵۲۷۶ : وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ كَانَ يُهْرِيْقُ الْمَآءَ فَتَيَمَّمَ بِالتُّرَابِ فَاَقُوْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ الْمَآءَ مِنْكَ قَرِيْبٌ يَقُوْلُ مَايُدْرِيْنِيْ لَعَلِّيْ لَااَبْلُغُهٗ. (رواہ فی شرح السنۃ وابن الجوزی فی کتاب الوفاء)

اخرجہ البغوی فی شرح السنۃ ۲۳۲/۱۴ حدیث رقم ۴۰۳۱ واحمد فی المسند ۲۸۸/۱

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ (کبھی یوں بھی ہوتا کہ) رسول اللہ ﷺ حاجت سے فراغت کے بعد (اور وضو کرنے سے قبل) مٹی سے تیمم کر لیتے' میں (یعنی ابن عباس رضی اللہ عنہما یہ دیکھ کر) درخواست کرتا کہ یارسول اللہ ﷺ! پانی تو آپ ﷺ کے بہت نزدیک ہے؟ (یعنی جب پانی آپ ﷺ کی قدرت اور پہنچ سے اتنا دور نہیں ہے کہ وضو نہ کیا جاسکے تو پھر تیمم کیوں فرما رہے ہیں؟) حضور ﷺ (میری اس بات کے جواب میں) فرماتے مجھے یقینی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علم نہیں ہے (کہ میں اس تک پہنچنے تک زندہ رہ سکوں گا یا نہیں لہٰذا ممکن ہے کہ) شاید میں اس تک نہ پہنچ سکوں'' اس روایت کو بغویؒ نے شرح السنۃ میں اور ابن جوزی نے کتاب الوفاء میں نقل کیا ہے''۔

تشریح: الماء: پیشاب سے کنایہ ہے۔ مطلب یہ ہے۔ کہ بعض اوقات جب حضور علیہ السلام پیشاب کرتے تو فیتیمم بالتراب، جو چیز مٹی کے قائم مقام ہو۔ اسلئے کہ یہ بات ثابت ہے۔ کہ آپ علیہ السلام نے تیمّم کیلئے صرف دیوار پر ہاتھ رکھنے پر اکتفا کیا۔ جبکہ دیوار پر غبار نہیں تھا۔

یقول: جملہ مستانفہ ہے

ما یدریني: ما استفہام کیلئے ہے۔

میں پانی تک پہنچ نہ سکوں کیونکہ موت تیزی سے آگے بڑھ رہی ہے۔ لہٰذا میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ موت کے وقت باطنی اور ظاہری دونوں طرح پاک رہوں۔ اور اشرف کی بات صحت سے کتنی دُور اور ضُعف کے کتنی قریب ہے کہ انہوں نے اس حدیث کو ایسے معنی پر محمول کیا ہے جو اس باب اور الفاظ سے مناسبت نہیں رکھتا۔ کیونکہ وہ فرماتے ہیں مطلب یہ ہے۔ کہ حضور اکرم ﷺ وقت سے پہلے پانی استعمال کرتے تھے۔ جب پانی ختم ہو جاتا۔ تو تیمّم کرتے۔ واللہ اعلم۔

قولہ: رواہ البغوی فی شرح السنۃ وابن الجوزی فی کتاب الوفا: ''الوفاء'' علامہ ابن جوزی کی کتاب ہے۔ میرے خیال کے مطابق کتاب آنحضرت ﷺ کے فضائل کے بیان میں ہے۔

۵۲۷۷: وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ ھٰذَا ابْنُ اٰدَمَ وَھٰذَا اَجَلُہٗ وَوَضَعَ یَدَہٗ عِنْدَ قَفَاہُ ثُمَّ بَسَطَ فَقَالَ وَثَمَّ اَمَلُہٗ . (رواہ الترمذی)

اخرجہ الترمذی فی السنن ۴۹۱/۴ حدیث رقم ۲۳۳۴ ابن ماجہ فی السنن ۱۴۱۴/۲ حدیث رقم ۴۲۳۲ واحمد فی المسند ۲۵۷/۳۔

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یہ تو ابن آدم (انسان) ہے اور یہ اس کی موت ہے یہ فرما کر آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ اپنی گدی کے قریب رکھا (یعنی پہلے تو ایک جگہ اشارہ کر کے بتایا کہ یہ انسان ہے اور پھر اس جگہ سے کچھ پیچھے کی طرف ہاتھ ہٹا کر بتایا کہ یہ اس کی موت ہے) اس کے بعد آپ ﷺ نے اپنے ہاتھ کو دراز فرمایا اور دور اشارہ کر کے) فرمایا کہ اس جگہ انسان کی آرزو ہے (یعنی انسان کی موت اس کی تمناؤں کی تکمیل سے بہت زیادہ اس کے قریب ہے)''۔

تشریح: قولہ: ھذا ابن آدم ھذا اجلہ: بظاہر آپ علیہ السلام نے معنوی وجود کی طرف ظاہری (حسی) اشارہ فرمایا اس کی وضاحت یہ ہے کہ حضور علیہ السلام نے اپنے سامنے زمین کے حصے میں یا ہوا میں لمبائی اور چوڑائی میں اپنے دست مبارک سے اشارہ کیا۔ اور فرمایا یہ انسان ہے۔ پھر اپنے ہاتھ مبارک کو پیچھے ہٹایا۔ اور جس جگہ پہلے اشارہ فرمایا تھا۔ اُسکے قریب ہی ہاتھ رکھ اشارہ کیا اور فرمایا یہ انسان کی موت ہے۔

قولہ: ووضع یدہ عند قفاہ الخ: اور یہ بات (یہ انسان ہے۔ اور یہ اُسکی موت ہے) کرتے ہوئے ہاتھ کی اُنگلیاں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کھول کر ہاتھ پھیلایا تاکہ اپنی ہتھیلی اور اُنگلیوں سے اشارہ فرمائیں یا یہ مطلب ہے کہ جہاں آپ نے پہلے موت کی طرف اشارہ کیا تھا اُس جگہ سے ہاتھ کو آگے تک لمبا کرلیا۔

ثم: ثاء کے فتحہ اور میم کی تشدید کے ساتھ اختصاص اور اہتمام کیلئے۔ ان عبارات اور اعتبارات کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ اشارے جن کو بشارتوں سے تائید حاصل ہے اور قولی وفعلی حرکات وسکنات سے مؤکد ہیں۔ اور گذشتہ تصورات کے مطابق ہیں۔ یہ ایک معنوی اشارے ہیں۔ جو انسان کو خواب غفلت سے بیدار کرتے ہیں۔ اور یہ بیان کرتے ہیں۔ کہ انسان کی موت اس کی آرزوؤں سے زیادہ قریب ہے۔ اور انسان کے آرزو انسان کی موت سے زیادہ دُور ہے۔ کسی نے کیا ہی خوب کہا ہے:

كل امرى مصبح فى اهله
والموت ادنى من شراك نعله

ہر شخص اپنے گھر والوں کے ساتھ صبح کا وقت گزارتا ہے۔ جبکہ موت جوتے کے تسمہ سے اس کے زیادہ قریب ہوتی ہے۔

اس مقام میں مقصود کی اتنی ہی وضاحت مجھے سمجھ آئی ہے۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ دوسرے تمام شراح کی بنسبت علیحدہ بات کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ''ووضع يده'' میں واؤ حالیہ ہے اور ''وهذا اجله'' میں واؤ مطلق جمع کیلئے ہے۔ چنانچہ مشارالیہ بھی مرکب ہوگا۔ چنانچہ پیچھے ہاتھ رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ یہ انسان کہ موت جس کے پیچھے پیچھے رہتی ہے وہ مشارالیہ ہے۔ اور ہاتھ پھیلانے سے مراد آگے کی طرف ہاتھ پھیلانا ہے۔ [انتہیٰ الکلام]۔

۵۱۷۸ : وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِالْخُدْرِیِّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَرَزَعُوْدًا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاٰخَرَ اِلٰی جَنْبِهٖ وَاٰخَرَ اَبْعَدَ فَقَالَ اَتَدْرُوْنَ مَاهٰذَا قَالُوْا اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ هٰذَا الْاِنْسَانُ وَهٰذَا الْاَجَلُ اَرَاهُ قَالَ وَهٰذَا الْاَمَلُ فَيَتَعَاطٰی الْاَمَلَ فَلَحِقَهُ الْاَجَلُ دُوْنَ الْاَمَلِ. (رواه فی شرح السنة)

اخرجه البغوی فی شرح السنة ۲۸۶/۱۴ حدیث رقم ۴۰۹۳ وابن ماجه ۱۴۱۴/۲ حدیث رقم ۴۲۳۲ واحمد فی المسند ۱۸/۳۔

ترجمہ: ''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنے سامنے ایک لکڑی (زمین میں) نصب فرمائی اور ایک دوسری لکڑی کے پہلو میں گاڑ دی' پھر ایک اور لکڑی (دونوں لکڑیوں سے یا دوسری لکڑی سے) کافی دور جگہ پر گاڑ دی اور پھر دریافت فرمایا: ''تمہیں معلوم ہے کہ یہ کیا ہے؟ (یعنی ان لکڑیوں سے کیا مراد ہے اور یہ کس چیز کی مثالیں ہیں؟) صحابہؓ نے عرض کی کہ اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''(سنو!) یہ (پہلی) لکڑی (گویا) انسان ہے' یہ (دوسری لکڑی) گویا) اس انسان کی موت ہے) جو انسان کے اتنے ہی نزدیک ہے جتنا کہ یہ دوسری لکڑی پہلی لکڑی کے قریب ہے۔ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میرا خیال یہ ہے کہ اس کے بعد حضور ﷺ نے یہ فرمایا: ''اور یہ (تیسری) لکڑی کہ جسے کافی فاصلے پر نصب کیا گیا ہے گویا) اس (انسان) کی آرزو ہے (جو اس سے بہت دور ہے) پس انسان اپنی تمنا اور آرزو کی تکمیل کی فکر میں لگا رہتا ہے (اور اپنا وقت اس سعی میں صرف کرتا رہتا ہے کہ موت سے پہلے آرزو کو پورا کرلے مگر ہوتا یہ ہے) کہ اس کی موت' اس کی آرزو کے پورا ہونے سے پہلے ہی اس پر حملہ آور ہو جاتی ہے''۔ (شرح السنۃ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: قوله: ان النبی ﷺ غرز ۔۔۔قالوا :الله ورسوله اعلم:

ان النبی: اور ایک صحیح نسخہ میں "ان رسول الله" کے الفاظ ہیں۔

أراه: ہمزہ کے ضمہ کے ساتھ یعنی راوی کہتے ہیں میرا گمان ہے۔

"فلحقه الاجل: اس مضمون کو مضارع کی بجائے ماضی سے تعبیر کیا اس حالت کے وقوع کے تحقق میں مبالغہ کیلئے۔

دون الامل: یعنی آرزو حاصل کرنے اور اپنے اُس کام کو پورا کرنے سے پہلے۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ "دون الامل" "لحقه" کی ضمیر منصوب سے حال ہے۔ یعنی یہ انسان اپنے مقصودی اُمید سے تجاوز کر جاتا ہے۔ اُمیہ کہتا ہے:

یا نفس مالك من دون الله من واقی،

"اے نفس اللہ کے سوا کوئی اور تجھے بچانے والا نہیں ہے۔"

۵۲۷۹: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُمْرُ اُمَّتِیْ مِنْ سِتِّیْنَ سَنَةً اِلٰی سَبْعِیْنَ.

(رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤٨٩/٤ حدیث رقم ٢٣٣١۔

ترجمہ: "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "میری امت (کے افراد) کی عمر ساٹھ سال سے ستر سال تک ہے"۔ اس روایت کو امام ترمذیؒ نے روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے"۔

تشریح: بعض حضرات کا کہنا ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ میری اُمت کے آخری عمر کی ابتدا ساٹھ سے ہوگی۔ اور انتہاء ستر برس پر ہوگی۔ اور بہت کم افراد ایسے ہونگے جن کی عمر ستر سال سے تجاوز کرے۔ اور یہ بات اکثریت کے اعتبار سے ہے۔ کیونکہ حال اس پر شاہد ہے۔ اسلئے کہ بعض لوگ ایسے ہیں۔ جن کی عمر ساٹھ برس تک نہیں پہنچتی اور بعض ایسے ہیں۔ کہ جن کی عمر ستر سال سے تجاوز کر جاتی ہے۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ نے یہ بات ذکر کی ہے۔

اس میں یہ بات محل نظر ہے کہ یہ بات تو اچھی طرح واضح ہے۔ کہ زیادہ سے زیادہ عمر کا ستر برس ہونا اکثریت کے اعتبار سے ہے۔ لیکن اُمت کی آخری عمر کا ساٹھ برس تک پہنچنا۔ بہت زیادہ عجیب بات ہے۔ اور مشاہدہ کے مخالف ہے۔ چنانچہ بظاہر مطلب یہ ہے۔ کہ ساٹھ اور ستر برس کے درمیان کی عمر وہ بہترین، متوسط اور معتدل عمر ہے۔ جس میں اس اُمت کے اکثر افراد وفات پاتے ہیں۔ اور اس عمر میں فوت ہونے والوں میں سید الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام، بڑے خلفاء مثلاً ابوبکر صدیق، عمر فاروق اور علی مرتضی رضی اللہ عنہم اور دوسرے وہ علماء اور اولیاء شامل ہیں جن کا احاطہ دُشوار اور اُن کی عدد معلوم کرنا مشکل ہے۔

۵۲۸۰: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَعْمَارُ اُمَّتِیْ مَابَیْنَ السِّتِّیْنَ اِلَی السَّبْعِیْنَ وَاَقَلُّهُمْ مَنْ یَّجُوْزُ ذٰلِكَ. (رواه الترمذی وابن ماجة وذكر حدیث عبد الله ابن الشخیر فی باب عبادة والمریض)

أخرجه الترمذی فی السنن ٥١٧/٥ حدیث رقم ٣٥٥٠ وابن ماجه ١٤١٥/٢ حدیث رقم ٤٢٣٦

ترجمہ: "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "میری اُمت کے زیادہ تر افراد کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عمریں ساٹھ اور ستر سال کے درمیان ہوں گی اور میری اُمت میں ایسے لوگوں کی تعداد بہت کم ہوگی جو اس (ستر سال) سے تجاوز کر جائیں (اور ان کی عمر سو یا سو سال سے بھی زائد ہو) (ترمذی' ابن ماجہ) اور حضرت عبداللہ بن شخیرؓ کی روایت باب عیادۃ المریض میں مذکور ہے۔

تشریح: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور ائمہ حضرات رحمہم اللہ میں زیادہ عمر والے جو ہمارے علم میں ہیں' اُن میں سے حضرت انس بن مالکؓ ہے۔ جو ایک سو تین برس کی عمر میں فوت ہوئے۔ اور اسماء بنت ابی بکر ہیں جنہوں نے سو سال کی عمر پائی اور اس عمر میں بھی نہ تو اُن کا کوئی دانت گرا یا ٹوٹا اور نہ ہی عقل وحواس میں اختلال پیدا ہوا۔ اور ان دونوں حضرات سے حسان بن ثابتؓ کی عمر زیادہ تھی جن کی وفات ایک سو بیس سال کی عمر میں ہوئی۔ ابتدائی ساٹھ برس کفر میں گزارے اور پھر ساٹھ برس ایمان واسلام کی حالت میں گزارے اور ان سے بھی زیادہ عمر سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی تھی۔

بعض فرماتے ہیں کہ ان کی وفات ڈھائی سو سال کی عمر میں ہوئی۔ اور بعض فرماتے ہیں کہ ان کی عمر ساڑھے تین سو سال تھی۔ لیکن پہلا قول صحیح ہے۔ واللہ اعلم۔ لیکن اس کے ساتھ ہی ان کے وفات کی تاریخ سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ انہوں نے اسلام کی حالت میں اپنی زندگی کا تھوڑا سا حصہ گزارا ہے۔ اسلئے کہ مؤلف نے یہ فرمایا ہے۔ کہ ان کا انتقال مدائن میں (شاید) ایک سو پینتیس سال میں ہوا۔ ہماری اپنے بزرگ زکریا رحمہ اللہ سے ملاقات ہوئی ہے۔ اور اُن کا درس سنا ہے جبکہ اُن کی عمر ایک سو بیس برس تھی۔

تخریج: اس حدیث کو ابو یعلیٰ نے اپنی مسند میں حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے۔

ابن ربیع فرماتے ہیں کہ ابن حبان اور حاکم نے اس روایت کی تصحیح کرتے ہوئے فرمایا یہ حدیث صحیح ہے اور مسلمؒ کی شرط پر ہے۔

امام ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث ''حسن: غریب'' ہے۔

امام احمد اور امام ترمذی نے مرفوعاً نقل کیا ہے "معترك المنايا ما بين الستين الى السبعين" (انتہیٰ)۔ لیکن الجامع میں اس حدیث کو حکیم ترمذیؒ کی طرف منسوب کیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

قوله: وذكر حديث عبد الله بن الشخير فى باب عيادة المريض:

شین کے کسرہ اور خاء مشددہ کے ساتھ' ماقبل میں "شخير" کو الف لام کے بغیر ضبط کیا گیا ہے۔

اس حدیث کو دوسری فصل کے آخر میں ذکر کیا ہے اور وہ روایت یہ ہے: **قال قال رسول الله ﷺ: مثل ابن آدم اى صور والى جنبه تسع وتسعون منية 'اى مهلكة۔ ان اخطئته المنا يا وقع فى الهرم حتى يموت** ۔(انتہیٰ) اس روایت کی مناسبت گذشتہ فصل کی بنسبت اس فصل سے زیادہ ہے''۔

الفصل الثالث:

۵۲۸۱ : وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَوَّلُ صَلَاحِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ الْيَقِيْنُ وَالزُّهْدُ وَاَوَّلُ فَسَادِهَا الْبُخْلُ وَالْاَمَلُ ۔ (رواه البيهقى فى شعب الايمان)

رواه البيهقى فى شعب الايمان ٤٢٧/٧ حديث رقم ١٠٨٤٤۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: ''حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے نقل کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ''اس امت کی پہلی نیکی (آخرۃ کا) یقین کرنا اور دنیا سے بے رغبتی اختیار کرنا ہے اور اس امت کا پہلا فساد بخل اور دنیاوی زندگی کی درازی کی آرزو کرنا ہے''۔ (بیہقی)

تشریح: البخل: با کے ضمہ اور خا کے سکون کے ساتھ اور با اور خاء دونوں کے فتحہ کے ساتھ بھی ہے۔ اور یہ زیادہ مناسب ہے۔ تاکہ ''والامل'' کے ہم وزن ہو جائے۔

اَمل کا معنی ہے موت اور قیامت کے جلدی آنے سے غفلت میں رہنا اور بخل دُنیا کی محبت کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ اور حسن بصریؒ کے قول کا مطلب اس حدیث کے قریب قریب ہے۔ حسن بصریؒ فرماتے ہیں۔ کہ انسان کے دین کی مضبوطی طمع سے بچنا ہے۔ اور دین کا فساد طمع ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یقین سے مراد یہ ہے۔ کہ یہ اعتقاد رکھے کہ رزق پہنچانے والا اور رزق کا ضامن و متکفل اللہ ہی ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وما من دابة فی الارض الا علی الله رزقها﴾ چنانچہ جس شخص کو یہ یقین حاصل ہو گیا اور دنیا سے بے رغبتی رکھ۔ تو نہ لمبی اُمید اور آرزو رکھے گا۔ اور نہ بخل کریگا۔ کیونکہ بخیل مال اسلئے خرچ نہیں کرتا۔ کہ لمبی آرزوئیں ہوتی ہیں۔ اور اللہ کی رزاقیت کا یقین نہیں ہوتا۔

امام اصمعیؒ سے منقول ہے وہ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے ایک دیہاتی شخص کے سامنے سورہ الذاریات پڑھنی شروع کی۔ جب میں اس آیت پر پہنچا: ﴿وفی السماء رزقکم وما توعدون﴾ [الذاریات۔ ۲۲] ترجمہ: اور تمہارا رزق اور جو تم سے وعدہ کیا جاتا ہے سب آسمان میں ہے''۔ تو اس دیہاتی نے کہا بس کافی ہے۔ اور پھر وہ اپنی اُونٹنی کی طرف بڑھا اپنی اُونٹنی کو ذبح کیا۔ اور گوشت کاٹ کر تمام آنے جانے والوں میں تقسیم کیا۔ اس کے بعد اپنی تلوار اور کمان کی طرف بڑھا اور ان کو توڑ ڈالا اور چلا گیا۔ بیت اللہ کے طواف کے دوران اُس شخص سے ملا۔ اس کا بدن بالکل سوکھ گیا تھا اور رنگ زرد ہو گیا تھا۔ اُس نے مجھ کو دیکھ کر سلام کیا اور کہنے لگا کہ وہی سورت پھر پڑھئے۔ چنانچہ میں سورت پڑھتے ہوئے جب اُسی آیت پر پہنچا تو اُس نے ایک چیخ ماری اور کہا: قد وجدنا ماو عدنا ربنا حقا، اس کے بعد مجھ سے کہا کہ کیا اس کے علاوہ سورت پڑھ کر سناؤ گے۔ اس پر میں نے: [فورب السماء والارض انه لحق] [الذریات۔ ۲۳] ''تو قسم ہے آسمان اور زمین کے پروردگار کی کہ وہ برحق ہے۔'' تلاوت کی تو اس نے یہ آیت سن کر پھر چیخ ماری اور کہنے لگا۔ اے اللہ پاک ہے۔ وہ کون بدبخت ہے جس نے اللہ تعالیٰ جیسی جلیل ذات کو اتنا غصہ دلایا کہ اللہ کو قسم کھانا پڑی جس نے اللہ کے وعدوں پر یقین نہیں کیا اور اللہ تعالیٰ کو قسم اُٹھا کر یقین دلانا پڑا۔ یہ جملے تین مرتبہ بولے۔ اور اس کے ساتھ ہی روح پرواز کر گئی۔

۵۲۸۲ : وَعَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ قَالَ لَيْسَ الزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا بِلُبْسِ الْغَلِيظِ وَالْخَشِنِ وَأَكْلِ الْجَشِبِ إِنَّمَا الزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا قِصَرُ الْأَمَلِ ۔ (رواه فی شرح السنة)

اخرجه البغوی فی شرح السنة ۱۴/۱ ۲۸۶

ترجمہ: ''حضرت سفیان ثوریؒ سے منقول ہے کہ انہوں نے فرمایا: ''دنیا سے بے رغبتی اس کا نام نہیں ہے کہ موٹے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جھوٹے اور سخت کپڑے اوڑھ لئے جائیں اور روکھا سوکھا اور بدمزہ کھانا کھالیا جائے بلکہ دنیا سے بے رغبتی اختیار کرنا درحقیقت آرزوؤں اور امیدوں کی کمی کا نام ہے''۔(شرح السنۃ)

تشریح: الغلیظ کاتنے میں۔

الخشن: خاء کے فتحہ اور شین کے کسرہ کے ساتھ

الجشب: جیم کے فتحہ اور شین کے کسرہ کے ساتھ یعنی موٹا اور بدمزہ کھانا بعض کا کہنا ہے کہ ''جَشِب'' کا معنی ہے بغیر سالن کی روٹی۔

قولہ: انما الزھد فی الدنیا قصر الامل:

قصر: قاف کے کسرہ اور صاد کے فتحہ کے ساتھ اور ایک نسخہ میں قاف کے ضمہ اور صاد کے سکون کے ساتھ ہے۔یعنی اُمیدوں کو کم کرنا اور علم وعمل اور توبہ کی طرف متوجہ ہوکر موت کی تیاری کرنا۔حاصل یہ کہ حقیقی زُھد دل کی اُس حالت کا نام ہے۔ جس میں دل دُنیا سے بیزار ہوجائے۔اور آخرت کی طرف مکمل طور پر متوجہ اور راغب ہوجائے۔اور زُھد کا مدار اس بات پر نہیں ہے۔کہ انسان کا بدن دیناوی چیزوں سے نفع اُٹھاتا ہے۔یا نہیں کیونکہ حقیقت کے اعتبار سے زُھد کے معاملہ میں یہ دونوں باتیں برابر ہیں۔اگرچہ لباس کا بھٹا پرانا ہونا اور کھانے کی بدمزگی اور کمی سلوک وطریقت کی راہ میں بندے کی استقامت کو تقویت دیتی ہے۔حاصل یہ کہ دل میں دُنیا کی محبت کا ہونا۔انسان کیلئے انتہائی مھلک ہے۔اور صرف انسانی بدن پر دیناوی جائز نعمتوں کا ہونا۔انسان کیلئے کوئی مُضر نہیں۔دل کی مثال کشتی کی سی ہے۔اگر پانی جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے دنیا کو تشبیہ دی ہے:﴿انما مثل الحیاۃ الدنیا کماء انزلناہ من السماء﴾ [یونس۔۲۴] ''پس دنیوی زندگی کی حالت تو ایسی ہے جیسے ہم نے آسمان سے پانی برسایا''

کشتی کے اندر آجائے تو کشتی کو اس میں بیٹھے ہوئے سواروں سمیت ڈبو دیتا ہے۔اور اگر یہی پانی کشتی کے باہر کشتی کے اردگرد رہتا ہے تو کشتی کو رواں رکھتا ہے اور منزل تک پہنچا دیتا ہے۔اسی لئے حضور علیہ السلام نے فرمایا: **نعم المال الصالح للرجل الصالح۔** کہ بہت اچھی چیز ہے۔وہ حلال مال جو نیک شخص کے پاس ہو (جائز امور میں خرچ کرتا ہو) اسی وجہ سے صوفیاء کی ایک جماعت اسی طرح کا لباس پہنا کرتے تھے۔جیسا کہ عام طور پر استعمال کیا جاتا تھا۔اور بعض تو بڑے امیروں والا لباس پہنا کرتے تھے۔تاکہ اُن کے باطنی احوال اور اللہ کے ہاں کی محبوبیت کا لوگوں کو علم نہ ہوجائے۔پیوند والے کپڑے پہنتا تو مخلوق کے سامنے خالق کی طرف سے شکایت ہے۔اور بزبان حال سوال ہے۔اور بے جا طمع کرنا ہے۔اور ریاء اور سُمعہ میں مبتلا ہونا ہے۔

دیلمی نے ابوسعید خدری سے مسند فردوس میں مرفوعاً نقل کیا ہے: **لیس البر فی حسن اللباس والزی ولکن البر السیکنۃ والوقار** کہ اچھا اور سادہ لباس پہننا نیکی نہیں بلکہ نیکی تو سکینہ اور وقار کا نام ہے۔اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے اسباب کی تعداد مخلوق کی سانسوں کے بقدر ہے اور اصل مدار اخلاص اور بے جا تعلقات اور امورِ دینیہ میں رکاوٹ بننے والے کاموں سے خلاصی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۲۸۳ : وَعَنْ زَيْدِ ابْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ سَمِعْتُ مَالِكًا وَسُئِلَ اَيُّ شَيْءٍ اَلزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا قَالَ طِيْبُ الْكَسْبِ وَقِصَرُ الْاَمَلِ ۔ (رواه البيهقي في شعب الايمان)

رواه البيهقي في شعب الايمان ٧/٤٠٦٢ حديث رقم ١٠٧٧٩

ترجمہ: ''حضرت زید بن حسین (جو حضرت امام مالکؒ کے رفقاء اور مصاحبین میں سے تھے) کہتے ہیں میں نے حضرت امام مالکؒ کو یہ کہتے ہوئے سنا جب کہ ان سے سوال کیا گیا کہ دنیا سے زہد اختیار کرنے کی حقیقت کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: ''حلال کمائی اور آرزوؤں کی کمی کا نام زہد ہے''۔ (بیہقی)

تشریح: وعن زيد بن حصين: مؤلف نے اسماء میں ان کا ذکر نہیں کیا ہے' چونکہ یہ امام مالک کے رواۃ میں سے ہیں امام مالکؒ ان کے استاد تھے اور یہ دونوں نہ صحابہ میں سے ہیں اور نہ تابعین میں سے ہیں۔ قوله: وسئل اى شئى الزهد فى الدنيا: (یہ جملہ حالیہ ہے۔) اى والحال انه سئل ۔

قوله: قال طيب الكسب وقصر الامل: یعنی کھانے پینے کی وہ چیزیں جو حلال اور پاکیزہ ہوں۔ اور ان کو استعمال کرنے سے علم نافع اور عمل صالح حاصل ہو۔ اسلئے کہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء سے فرمایا: [كلوا من الطيبات واعملوا صالحا] [المؤمنون:٥١] ''نفیس چیزیں کھاؤ اور نیک کام (یعنی عبادت) کرو''۔ نیز ارشاد فرمایا: [ياايها الذين امنوا كلوا من طيبات مارزقنكم واشكروا لله ان كنتم اياه تعبدون] [البقرة:٧٢] ''اے ایمان والو جو (شرع کی رو سے) پاک چیزیں ہم نے تم کو مرحمت فرمائی ہیں ان میں سے (جو چاہو) کھاؤ (برتو) اور حق تعالیٰ کی شکر گزاری کرو اگر تم انہی کی عبادت کرتے ہو''

قوله: وقصر الامل: موت کے آنے کے خوف سے عمل میں زیادتی کرے۔ جبکہ موت کی یاد انسان کو دنیا سے بے رغبتی دلاتی ہے۔ اور آخرت کی رغبت دلاتی ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اگر اس موقع پر کوئی یہ سوال کرے کہ زہد سے حلال کمائی کا کیا تعلق ہے۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ امام مالک رحمہ اللہ نے اپنے اس قول کے ذریعے اس خیال کی تردید کی ہے کہ ''زُہد'' محض اس چیز کا نام ہے کہ دُنیا سے کنارہ کشی اختیار کر لی جائے' پھٹا پرانا کپڑا پہنا جائے' اور بدمزہ کھانا کھایا جائے۔ یعنی زہد کی حقیقت وہ نہیں جس کا تمہیں گمان ہے۔ بلکہ زُہد کی حقیقت یہ ہے۔ کہ تم حلال کھانا کھاؤ۔ حلال لباس پہنو اور بقدر ضرورت روزی پر قناعت کرو۔ اور اُمیدوں کو مختصر کرو۔ جیسا کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا ہے: الزهادة فى الدنيا لسيت بتحريم الحلال ولا باضاعة المال 'ولكن الزهادة فى الدنيا بان لاتكون بما فى يديك أوثق بما فى أيدى الناس۔ (انتھی)۔ دُنیا سے زہد اختیار کرنا اس بات کا نام نہیں ہے۔ کہ حلال چیزوں کو اپنے اوپر حرام قرار دے دو اور اپنے مال واسباب کو ضائع کر دو۔ بلکہ زُہد در حقیقت اس چیز کا نام ہے۔ کہ جو چیز تمہارے ہاتھ میں ہے۔ اس پر اس چیز سے زیادہ اعتماد نہ کرو۔ جو اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ اس حدیث کا بقیہ حصہ جس کو امام ترمذی اور ابن ماجہ نے ابوذرؓ سے نقل کیا ہے اور جامع میں موجود وہ یہ ہے: وأن تكون فى ثواب المصيبة إذا أنت أصبت بها أرغب منك فيها لو أنها ابقيت لك ۔ اور جب تم پر کوئی مصیبت آئے' تو اس کے ثواب کے شوق سے اُس مصیبت کے باقی رہنے کی تجھے رغبت ہو۔ یہ حدیث اس کتاب کے آخری ابواب میں آئیگی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسی طرح کی بات امام حنیفہؒ کے شاگرد امام محمدؒ کے بارے میں منقول ہے کہ جب اُن سے پوچھا گیا کہ آپ نے تصوف کے بارے میں کوئی تصنیف کیوں نہیں کی۔ تو فرمایا کہ میں نے تصوف کے بارے میں کتاب لکھی ہے۔ تو پوچھا گیا کہ کونسی کتاب لکھی ہے؟ فرمایا کہ میں نے ''کتاب البیع'' لکھی ہے۔ اور جو بیع کی جائز اور ناجائز صورتوں کو نہیں جانتا وہ حرام کھائے گا اور جو حرام کھائے گا اُسکی اصلاح کبھی نہیں ہوسکتی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ اِسْتِحْبَابِ الْمَالِ وَالْعُمُرِ لِلطَّاعَةِ

خدا کی طاعت وعبادت کیلئے مال اور عمر سے محبت رکھنے کا بیان

یعنی اللہ کی اطاعت اور عبادت میں مال وجان خرچ کرنے کے جذبہ سے مال اور لمبی عمر کو طلب کرنے کے جواز کا بیان

الفصل الاول :

۵۲۸۴ : عَنْ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعَبْدَ التَّقِيَّ الْغَنِيَّ الْخَفِيَّ (رواه مسلم وذكر حديث ابن عمر) لَاحَسَدَ اِلَّا فِي اثْنَيْنِ فِي بَابِ فَضَائِلِ الْقُرْآنِ ۔

اخرجه مسلم فی صحيحه ۲۲۷۷/٤ حديث رقم (۱۱-۲۹٦٥) واحمد فی المسند ۱۷۷/۱-البخاری فی صحيحه ۷۷/۱ حديث رقم ٦٤٤٦ ومسلم فی ٦٢٦/٢ حديث رقم ۱۰۵۱

''حضرت سعد (بن ابی وقاص) رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یقیناً اللہ تعالیٰ پرہیز گار مالدار اور چھپے چھپائے شخص کو محبوب رکھتا ہے''۔ (مسلم) اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت لَاحَسَدَ اِلَّا فِي اثْنَيْنِ فضائل کے باب میں نقل کی جا چکی ہے''۔

''المتقی'' وہ شخص ہے جو منکرات سے بچتا ہے۔ یا وہ شخص جو لہو ولعب میں مال خرچ نہیں کرتا۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ جو حرام اور سے بچتا ہے اور مباحات وخواہشات سے گریز کرتا ہے۔

الغنی: امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ غنی سے مراد وہ شخص ہے۔ جو دل کا غنی ہو۔ اور یہی (دل کا غنی) اللہ کو محبوب ہے۔ کیونکہ حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ کامل غنیٰ دل کا غنی ہے۔

قاضی رحمہ اللہ نے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔ کہ اس مقام میں غنی سے مراد مالدار شخص ہے۔ ملا علی قاریؒ کے نزدیک یہ دوسری رائے ہی اس باب کے مناسب ہے۔ اور یہ بات دل کے غنی ہونے کے منافی نہیں ہے۔ کیونکہ غنا کے باب میں وہی شخص کامل اور اصل ہے جو ظاہری مال ودولت کے ساتھ دل کا غنا بھی رکھتا ہو۔ جس کے ذریعے ہاتھ کا وہ غنا بھی حاصل ہو جاتا ہے۔ جو دُنیا وآخرت میں مراتب اور درجات کی بلندی کا باعث بنتا ہے۔ حاصل یہ کہ مراد اس مقام پر شکر گزار مالدار ہے۔

اس حدیث سے اس بات پر استدلال کیا گیا ہے۔ کہ شکر گزار مالدار صبر کرنے والے فقیر سے افضل ہے۔ لیکن یہ قول اُس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قول کے خلاف ہے جو زیادہ قابل اعتماد ہے۔ اور اُسکا بیان اور دلائل پہلے ذکر کئے جا چکے ہیں۔

"الخفی" :خائے معجمہ کے ساتھ۔ یعنی وہ گوشہ نشین جو تنہائی اور یکسوئی حاصل کر کے اپنے رب کی عبادت اور اپنے ضروریات ہی میں مشغول رہے۔ یا خفی سے مراد وہ شخص ہے۔ جو اللہ کی رضا حاصل کرنے کی غرض سے اپنے نیک کاموں اور اپنے مال کو خرچ کرنے میں اس طرح راز داری اور پوشیدگی اختیار کرے۔ کہ کسی کو اس کا علم نہ ہو۔ اس صورت میں لفظ "خفی" کا اطلاق نادار اور فقیر شخص پر بھی ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ حدیث میں وارد ہوا ہے۔ کہ اس طرح چھپا کر صدقہ کرے۔ کہ دائیں ہاتھ سے جو مال خرچ کر رہا ہے۔ بائیں ہاتھ کو اُسکا علم نہ ہو یہی مطلب زیادہ ظاہر ہے۔ اس لفظ کو حا (بغیر نقطہ والی) کے ساتھ بھی نقل کیا گیا ہے۔ یعنی مہربان اور نرم مزاج شخص۔

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ "خفی" سے مراد وہ شخص ہے۔ جو رشتہ داروں سے رشتہ جوڑے رکھے اور رشتہ داروں اور ناداروں کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرے۔ زیادہ درست پہلا معنی ہے۔ یہ حدیث اُن لوگوں کیلئے دلیل ہے۔ جو یہ کہتے ہیں۔ کہ لوگوں سے کنارہ کشی اختیار کرنا ان کے ساتھ میل جول رکھنے سے افضل ہے۔ لیکن جو حضرات لوگوں کے ساتھ میل جول کو لوگوں سے کنارہ کشی کرنے سے افضل سمجھتے ہیں۔ انہوں نے یہ تاویل کی ہے کہ لوگوں سے کنارہ کشی کی فضیلت اُس وقت ہے۔ جب فتنوں کا زور ہو یا یہ کہ کنارہ کشی اختیار کرنا اُن لوگوں کے ساتھ میل جول رکھنے سے بہتر ہے۔ جن کے ساتھ میل جول رکھنے سے دین و آخرت کے معاملات پر بُرا اثر پڑتا ہو۔

ابن الملک فرماتے ہیں۔ کہ خفی سے وہ شخص مراد ہے۔ جو لوگوں سے چُھپ کر نوافل میں مشغول رہے تا کہ ریاء کاری سے محفوظ ہو۔ بعض حضرات فرماتے ہیں۔ کہ "خفی" سے وہ شخص مراد ہے۔ جو لوگوں پر جبر و ظلم نہ کرے اور مال کے ذریعے فخر و تکبر نہ کرے۔ بلکہ تواضع اور انکساری کے ساتھ رہے۔ بعض حضرات کے نزدیک "خفی" سے مراد وہ شخص ہے۔ جو بازاروں میں زیادہ نہ گھومے پھرے۔

قولہ: رواہ مسلم:

امام مسلمؒ نے اس حدیث کو عامر بن سعد بن ابی وقاص کی سند سے روایت کیا ہے یہ بات جزری نے ذکر کی ہے جامع میں ہے۔ کہ اس حدیث کو امام احمد اور امام مسلم نے سعد بن ابی وقاص سے نقل کیا ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ مصابیح کے ایک نسخہ میں لفظ "تقی" کے بعد لفظ "نقی" (نون کے ساتھ) بھی مذکور ہے۔ لیکن صحیح مسلم اور اس کی شرح میں یہ لفظ ملا اور نہ ہی حمیدی اور جامع الاصول میں ملا۔

قولہ: وذکر حدیث ابن عمر لاحسد الا فی اثنین فی باب فضائل القران: درست "فی کتاب فضائل القرآن" ہے۔

چونکہ یہ حدیث ایسے دو معانی پر مشتمل ہے جو مذکورہ افراد کے اعتبار سے دونوں بابوں کے مناسب ہے اور اُن میں سے پہلا فضیلت قرآن سے متعلق ہے۔ تو اولاً تاکید کے ساتھ اسی کے ساتھ خاص کر کے ذکر کیا اور دوسرا تو بر سبیل ذکر اور مکرر کے طور پر ہی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثانی:

۵۲۸۵ : عَنْ اَبِیْ بَکْرَۃَ اَنَّ رَجُلاً قَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّ النَّاسِ خَیْرٌ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُہٗ وَحَسُنَ عَمَلُہٗ قَالَ فَاَیُّ النَّاسِ شَرٌّ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُہٗ وَسَآءَ عَمَلُہٗ۔

(رواہ احمد والترمذی والدارمی)

اخرجہ الدارمی فی السنن ۳۹۸/۲ حدیث رقم ۲۷۴۲ والترمذی فی السنن ۴۸۹/۴ حدیث رقم ۲۳۳۱ واحمد فی المسند ۴۰/۵

ترجمہ: ''حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے سوال کیا کہ یارسول اللہ ﷺ! کون سا شخص بہترین ہے؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''وہ شخص جس کی عمر زیادہ ہو اور اس کا عمل اچھا ہو''۔ پھر اس شخص نے دریافت کیا ''کون سا شخص بدترین ہے؟'' حضور ﷺ نے جواباً ارشاد فرمایا: ''وہ شخص جس کی عمر زیادہ ہو اور اس کا عمل برا ہو''۔

(احمد، ترمذی، دارمی)

تشریح: **قولہ: عن ابی بکرۃ ان رجلا قال.....**

عن ابی بکرۃ: تاء کے ساتھ ہے۔

قولہ: من طال عمرہ: فصیح لغت کے مطابق لفظ ''عمر'' عین اور میم کے ضمہ کے ساتھ ہے، اور اسی لغت کے موافق قرآن میں وارد ہوا ہے۔ اور عوام میں تخفیفاً عین کے ضمہ اور میم کے سکون کے ساتھ مشہور ہے۔ اور عین کا فتحہ اور میم کا سکون بھی اس میں ایک لغت ہے۔ اللہ کا یہ ارشاد اسی لغت میں وارد ہوا ہے: ﴿لعمرك انهم لفی سکر تهم یعمهون﴾ [الحجر۔۷۲] اور قاموس میں ہے کہ ''العمر'' عین کے فتحہ، عین کے ضمہ اور دونوں کے ضمہ کے ساتھ ہے۔ جس کا معنی ہے زندگی

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ بات پہلے گزر چکی ہے کہ وقت انسان کیلئے اس طرح ہے جس طرح تاجر راس المال ہے۔ اسلئے انسان کو چاہیے کہ ایسے کاموں میں وقت صرف کرے۔ جہاں زیادہ نفع حاصل ہو۔ اور جتنا راس المال زیادہ ہوتا ہے۔ اتنا ہی نفع بھی زیادہ ہوتا ہے۔ چنانچہ جو شخص اوقات کے نیک اعمال میں خرچ کرے گا کامیاب و کامران ہوگا۔ اور جو شخص اپنے اس راس المال کو ضائع کرے گا۔ بہت بڑا نقصان اُٹھائے گا۔ انتہی۔

اس کے علاوہ انسان کی وہ دو قسمیں ہیں۔ جو برابر ہیں نہ تو بہت زیادہ بہتر ہے۔ اور نہ بہت زیادہ بدتر ہے۔ اور اُن میں سے ایک وہ قسم کہ جن کی عمر کم ہو اور نیک عمل کرے۔ دوسری وہ کہ جن کی عمر کم اور بُرا عمل کرے۔

قولہ: رواہ احمد والترمذی: ایک نسخہ میں ہے فرمایا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

تخریج: طبرانی نے اس حدیث کو صحیح سند کے ساتھ نقل کیا ہے۔ اور حاکم اور بیہقی نے ان سے روایت کیا ہے۔ اور طبرانی اور ابونعیم نے حلیہ میں عبداللہ بن بسر سے مرفوعاً نقل کیا ہے: **طوبی لمن طال عمرہ وحسن عملہ**۔

خوش قسمتی ہے اُس شخص کی جس کی عمر لمبی ہو اور عمل اچھا ہو۔

اور حاکم نے حضرت جابرؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے: **خیارکم اطولکم اعمارا واحسنکم اعمالا** کہ تم میں سے سب سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بہتر وہ شخص ہے۔ جس کی عمر طویل ہو اور عمل اچھا ہو۔

۵۲۸۶ : وَعَنْ عُبَيْدِ ابْنِ خَالِدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخٰى بَيْنَ رَجُلَيْنِ فَقُتِلَ اَحَدُهُمَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتَ الْاٰخَرُ بَعْدَهٗ بِجُمُعَةٍ اَوْنَحْوِهَا فَصَلَّوْا عَلَيْهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قُلْتُمْ قَالُوْا دَعَوْنَا اللّٰهَ اَنْ يَّغْفِرَلَهٗ وَيَرْحَمَهٗ وَيُلْحِقَهٗ بِصَاحِبِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَيْنَ صَلٰوتُهٗ بَعْدَ صَلٰوتِهٖ وَعَمَلُهٗ بَعْدَ عَمَلِهٖ اَوْقَالَ صِيَامُهٗ بَعْدَ صِيَامِهٖ لَمَا بَيْنَهُمَا اَبْعَدُ مِمَّا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ۔ (رواہ ابوداود والنسائی)

اخرجہ ابوداؤد فی السنن ۳۵/۳ حدیث رقم ۲۵۲۴ والنسائی فی السنن ۷۴/۴ حدیث رقم ۱۹۸۵ وابن ماجہ فی السنن ۱۲۹۴/۲ حدیث رقم ۳۹۲۵ واحمد فی المسند ۵۰۰/۳۔

ترجمہ: ''حضرت عبید بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے دو شخصوں کے درمیان بھائی چارہ قائم کرادیا تھا (یعنی ان دونوں کو جو صحابہؓ میں سے تھے بھائی بھائی بنادیا تھا) ان میں سے ایک شخص خدا کی راہ میں قتل کردیا گیا (یعنی جہاد میں شہید ہوگیا) اور اس کی شہادت کے ایک ہفتہ یا یا ایک ہفتہ کے قریبی عرصہ کے بعد دوسرا شخص بھی (بیمار ہوکر بستر مرگ پر) فوت ہوگیا۔ صحابہؓ نے اس شخص کی نماز جنازہ پڑھی اور (جب وہ نماز جنازہ سے فارغ ہوئے تو) حضور اقدس ﷺ نے ان سے پوچھا کہ تم نے مرنے والے شخص کی جو نماز جنازہ پڑھی ہے اس میں تم نے کیا پڑھا ہے اور کیا کہا ہے (یعنی تم نے نماز جنازہ میں مرحوم کے لئے کیا دعا کی ہے؟) صحابہؓ نے عرض کیا کہ ہم نے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کی ہے کہ اس کے گناہوں کی بخشش فرمادے اس پر رحمت نازل کرے اور اس کو اس کے (شہید ہوجانے والے) ساتھی کے پاس (جنت کے اعلیٰ درجہ میں) پہنچادے (جیسے وہ دونوں زندگی اتفاق کے ساتھ مل کر رہا کرتے تھے) نبی کریم ﷺ نے (یہ سن کر) فرمایا: ''تو پھر اس کی وہ نماز کہاں گئی جو اس نے اپنے ساتھی کی نماز کے بعد کے دنوں میں) پڑھی تھی اور اس کے ان اعمال کا ثواب کہاں گیا جو اس نے اپنے ساتھی کے اعمال کے بعد (کے دنوں میں) کئے تھے۔ یا ارشاد فرمایا کہ ''اس کے ان روزوں کا ثواب کہاں گیا جو اس نے اپنے اس ساتھی کے روزوں کے بعد (کے دنوں میں) رکھے تھے؟'' (یعنی تم نے مرحوم کے حق میں جو یہ دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو اس کے اس بھائی و ساتھی کے پاس جنت میں پہنچائے جو شہید ہوا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ تمہارے گمان میں اس شخص کا درجہ و مرتبہ اپنے اس شہید بھائی کے درجہ و مرتبہ سے کم ہے۔ اگر تم ایسا سمجھتے ہو تو پھر بتاؤ کہ اس مرحوم کی وہ نمازیں وہ روزے اور وہ دوسرے اچھے اعمال اور ان کا اجر و ثواب کہاں جائے گا جو اس نے اپنے بھائی کے انتقال کے بعد کے دنوں میں کئے ہیں) بلاشبہ جنت کے اندر اور قرب الٰہی میں ان دونوں لوگوں کے درمیان فرق اور دوری ہے وہ اس دوری سے بھی کہیں زیادہ ہے جو زمین و آسمان کے درمیان ہے''۔ (ابوداؤد، نسائی)

تشریح: عن عبید: تصغیر کے ساتھ ہے۔

قوله: ان النبی ﷺ آخی.....: بعده: ایک نسخہ میں ''بعد'' دال کے ضمہ کے ساتھ ہے یعنی مبنی ہے۔ **ای بعد قتل أخیه** (اپنے بھائی کی شہادت کے بعد) **ماقلتم:** ''ما'' استفہام کیلئے ہے۔ **ای ما قلتم فی حقه من الکلام۔**

بلحقه: ''الحاق'' مصدر سے ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فقال النبی ﷺ فاین: یہ شرط مقدر کا جواب ہے ای: اذا کنتم تدعون اللہ بان یلحقه بصاحبه زعما منکم ان مرتبته دون مرتبة اخیه فاین صلاته، (یعنی اگر تم اللہ سے دُعا کر رہے ہو کہ اللہ اس شخص کو جنت میں اُس شہید کے مرتبہ تک پہنچادے۔ اور تمہارا گمان یہ ہے کہ اس شخص کا مرتبہ اُس شہید سے کم ہے۔ تو کہاں گئی وہ نمازیں جو اس شخص نے زائد پڑھی ہیں۔)

"وعمله بعد عمله: تخصیص کے بعد تعمیم ہے۔ یا تقدیری عبارت یوں ہے" وسائر عمله ای عمل المیت بعد انقطاع عمله" (یعنی شہید کے تمام اعمال منقطع ہونے کے بعد اس دوسرے بھائی کے باقی تمام اعمال)

صیامه بعد صیامه: شاید یہ واقعہ رمضان میں ہوا ہو یا بعد میں فوت ہونے والے صاحب نفلی روزے زیادہ رکھتے تھے۔

لما بینهما.....: ابن الملک فرماتے ہیں کہ یہ "لام" یا قسم کیلئے بطور توطیہ ہے۔ یا ابتدائیہ ہے۔ ملا علی قاری رحمہ اللہ کی رائے یہ ہے کہ دوسری رائے زیادہ دُرست ہے کیونکہ موطیہ کی شرط یہ ہے کہ ان شرطیہ کے ساتھ متصل ہو۔ جیسا کہ ارشادِ باری: "لئن اشرکت" میں ہاں یہ بھی ممکن ہے کہ یہ لام قسم مقدر کے جواب میں ہو اور عبارت کی تقدیر" واللہ لما بینهما" ہو۔ مطلب یہ ہے کہ اللہ کے قرب کے اعتبار سے ان دونوں کے درمیان جو فرق ہے وہ اس فاصلہ سے بھی زیادہ ہے جو آسمان وزمین کے درمیان ہے۔

یعنی اس دوسرے میت کا مرتبہ جلند ہے۔ چنانچہ شہید اس بات کا زیادہ حقدار ہے۔ کہ اُسکے لئے اس دوسرے بھائی کے مرتبہ تک پہنچنے کی دعا کی جائے اور یہ اسلئے کہ یہ دوسرا بھائی بھی میدان جنگ میں شریک ہوا تھا۔ چنانچہ وہ حکماً شہادت میں اُس شہد کے شریک ہے۔ اور اطاعت وعبادت میں۔ حقیقتاً، اُسکو مزید برتری حاصل ہوگئی۔ ورنہ تو یہ بات واضح ہے کہ اللہ کے دین کو غالب کرنے کیلئے اللہ کے راستہ میں جہاد کرتے ہوئے شہادت سے بڑھ کر کوئی ثواب کا عمل نہیں ہے۔ خصوصاً جبکہ یہ زمانہ اسلام کا ابتدائی زمانہ تھا۔ اور دین کے مددگاروں کی کمی تھی۔

اشکال: علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اگر کوئی یہ اشکال کرے کہ بغیر شہادت کے عمل کی کثرت شہادت کے ساتھ عمل پر کیوں زیادہ فضیلت حاصل ہے۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ حضور علیہ السلام کو وحی کے ذریعے معلوم ہوگیا کہ دوسرے صاحب کا عمل بغیر شہادت کے اخلاص اور خشوع کی زیادتی کی وجہ سے شہید کی شہادت اور عمل کے مساوی ہوگیا پھر شہید کی شہادت کے بعد دوسرے صاحب نے جو اعمال کیے اُنکی وجہ سے شہید سے آگے بڑھ گیا۔ اور بہت سے شہید ایسے ہیں جن کو کوئی مقام حاصل نہیں ہوتا۔ اگرچہ عمل میں مخلص ہوں۔ انتہی۔

یہ بات محل نظر ہے۔ کیونکہ حدیث میں شہید کے اخلاص کی کمی کی طرف کوئی اشارہ بھی نہیں ہے۔ چنانچہ صحابہ پر ایسا گمان کرنا درست نہیں ہے۔ مزید یہ کہ اگر فضیلت کی علت یہ ہوتی تو نبی علیہ السلام اس کو بیان کرتے۔ اور صدیق کے بارے میں تو کوئی کلام نہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو عمل کی زیادہ توفیق دیتے ہیں۔ جبکہ یہ دوسرے صاحب حکماً شہید بھی ہیں اور اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کے کئی مقامات میں صدیقین کا مرتبہ شہداء سے مقدم کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسنادی حیثیت: اس حدیث کے راوی صحیح کے راوی ہیں سوائے عبداللہ بن ربیعہ سلمی کے جو نقل کرتے ہیں عبید بن خالد سے نسائی فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن ربیعہ صحابی ہیں اور صحابی نہ ہونے کی صورت میں تابعی ہیں اور کسی نے ان کو ضعیف نہیں کہا۔ اور جہاں تک بات ہے عبید بن خالد کی وہ ابوعبداللہ السلمی البھزی ہیں۔ یہ وہ صحابی ہیں اور کوفہ میں رہتے تھے ان سے عبداللہ بن ربیعہ، تمیم بن سلمہ اور سعید بن عبیدہ روایات کرتے ہیں۔ (نقلہ میرک عن تصحیح) اور تقریب میں ہے کہ عبداللہ بن ربیعہ بن فرقد السلمی کا ذکر صحابہ میں کیا گیا ہے۔ ابوحاتم نے اس کا انکار کیا ہے اور ابن حبان نے اس کی توثیق کی ہے (انتھی) اور اس میں مزید تفصیل آگے آئیگی۔

۵۲۸۷ : وَعَنْ اَبِیْ کَبْشَةَ الْاَنْمَارِیِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ ثَلٰثٌ اُقْسِمُ عَلَیْهِنَّ وَاُحَدِّثُکُمْ حَدِیْثًا فَاحْفَظُوْهُ فَاَمَّا الَّذِیْ اُقْسِمُ عَلَیْهِنَّ فَاِنَّهٗ مَانَقَصَ مَالُ عَبْدٍ مِنْ صَدَقَةٍ وَلَا ظُلِمَ عَبْدٌ مُظْلِمَةً صَبَرَعَلَیْهَا اِلَّازَادَهُ اللّٰهُ بِهَا عِزًّا وَلَافَتَحَ عَبْدٌ بَابَ مَسْئَلَةٍ اِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَیْهِ بَابَ فَقْرٍ وَاَمَّا الَّذِیْ اُحَدِّثُکُمْ فَاحْفَظُوْهُ فَقَالَ اِنَّمَا الدُّنْیَا لِاَرْبَعَةِ نَفَرٍ عَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالاً وَّعِلْمًا فَهُوَ یَتَّقِیْ فِیْهِ رَبَّهٗ یَصِلُ رَحِمَهٗ وَیَعْمَلُ لِلّٰهِ فِیْهِ بِحَقِّهٖ فَهٰذَا بِاَفْضَلِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ عِلْمًا وَّلَمْ یَرْزُقْهُ مَالاً فَهُوَ صَادِقُ النِّیَّةِ یَقُوْلُ لَوْاَنَّ لِیْ مَالاً لَعَمِلْتُ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَاَجْرُهُمَا سَوَاءٌ وَعَبْدٍ رَزَقَهُ اللّٰهُ مَالاً وَلَمْ یَرْزُقْهُ عِلْمًا فَهُوَیَتَخَبَّطُ فِیْ مَالِهٖ بِغَیْرِ عِلْمٍ لَایَتَّقِیْ فِیْهِ رَبَّهٗ وَلَایَصِلُ فِیْهِ رَحِمَهٗ وَلَا یَعْمَلُ فِیْهِ بِحَقٍّ فَهٰذَا بِاَخْبَثِ الْمَنَازِلِ وَعَبْدٍ لَّمْ یَرْزُقْهُ اللّٰهُ مَالاً وَّلَا عِلْمًا فَهُوَ یَقُوْلُ لَوْاَنَّ لِیْ مَالاً لَعَمِلْتُ فِیْهِ بِعَمَلِ فُلَانٍ فَهُوَ نِیَّتُهٗ وَوِزْرُهُمَا سَوَآءٌ (رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث صحیح)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٨٧ حدیث رقم ٢٣٢٥ واخرجه ابن ماجه ٢/١٤١٣ حدیث رقم ٤٢٢٨ واحمد فی المسند ٤/٢٣١

ترجمہ: ''حضرت ابوکبشہ انماریؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ''تین خصلتیں ایسی ہیں جن کی حقانیت وصداقت پر میں قسم کھا سکتا ہوں اور میں تم سے ایک بات بیان کرتا ہوں (یعنی اپنی حدیث) اس کو محفوظ رکھنا (یعنی اپنے عمل میں لانا) پس وہ تین باتیں جن کے حق اور سچ پر میں قسم کھا سکتا ہوں، یہ ہیں کہ انسان کا مال اللہ کے راستے میں صرف کرنے (یعنی خیرات کی وجہ سے گھٹتا نہیں (یعنی کسی شخص کا اپنے مال کو حق تعالیٰ شانہ کی خوشنودی کے حصول کی خاطر بظاہر تو اپنے مال کو کم کرنا اور ہے مگر درحقیقت اس کو کوئی نقصان اور خسارہ نہیں ہوتا کیونکہ اس کا صدقہ وخیرات کرنا دنیاوی طور پر بھی اس کے مال واسباب میں خیر وبرکت کا موجب ہے اور آخرت میں بھی جزائے عظیم کے حصول کا موجب ہے اور ظاہر ہے کہ یہ چیز کثرت وزیادتی کے حکم میں ہوگی نہ کہ نقصان کے حکم میں) اور جس بندہ پر ظلم کیا جائے اور وہ بندہ اس ظلم وزیادتی پر صبر کرتا ہے تو خدا تعالیٰ اس کے باعث اس کی عزت میں اور اضافہ فرما دیتا ہے اور رہی اس حدیث کی بات جس کو میں نے تم سے بیان کرنے کا وعدہ کیا تھا تو اب میں وہ حدیث سناتا ہوں (دھیان سے سنو اور) اس کو یاد رکھو اس کے بعد آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ دنیا بس چار آدمیوں کے لئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے (یعنی یہ دنیا اپنے مال کی قلت و کثرت اور اپنے خیر اور شر کے اعتبار سے چار طرح کے لوگوں میں منحصر ہے) ایک تو وہ شخص جس کو اللہ تعالیٰ نے دولت و ثروت سے بھی نوازا ہو اور علم کی دولت سے بھی مالا مال کیا ہو (ایسا علم کہ جس کے ذریعہ وہ اپنے مال کو صحیح مصارف میں لگانے کے طریقہ سے بخوبی واقف ہو اور) پس وہ اپنے مال و دولت کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہتا ہے (یعنی اس کو حرام وغیر مناسب جگہوں میں خرچ نہیں کرتا) اس کے ذریعہ اپنے اقرباء و اعزہ کے ساتھ احسان کا معاملہ کرتا ہے اور اس مال و زر میں سے اس کے حق کے مطابق اللہ تعالیٰ کے لئے عمل کرتا ہے۔ دوسرا وہ بندہ جس کو اللہ تعالیٰ نے علم تو عطا کیا لیکن اس کو مال عنایت نہیں فرمایا پس وہ شخص صاحب علم ہونے کی وجہ سے صدق نیت رکھتا ہے (مال و دولت کے ملنے کی تمنا رکھتے ہوئے) خواہش ظاہر کرتا ہے کہ اگر میرے پاس دولت تو میں اس کے تئیں اچھے عمل کرتا جیسا کہ وہ فلاں بندہ اپنے مال و زر کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے چنانچہ ان دونوں لوگوں کا ثواب برابر ہے تیسرا وہ شخص ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے مال و دولت سے نوازا لیکن علم سے محروم رکھا پس وہ بندہ بے علم ہونے کی وجہ سے اپنے مال کے بارے میں گمراہی بے راہ روی کا شکار ہو جاتا ہے وہ (اپنی بدعملی کے سبب) اس مال و دولت کے متعلق اپنے رب سے نہیں ڈرتا ہے (یعنی ذرائع آمدن سے اجتناب و احتیاط نہیں کرتا جو حرام و ناجائز اور مشتبہ ہوتے ہیں اور نہ ایسے امور میں اپنا مال خرچ کرنے سے پرہیز کرتا ہے جو غیر شرعی ہیں) اور علم و تربیت کی کمی، رحم دلی اور ہمدردی کے جذبہ کی کمی اور دھنیا کی محبت کے غلبہ اور مریص اور بخیل ہونے کے سبب) اپنے اعزہ و اقرباء کے ساتھ مالی ہمدردی نہیں کرتا ہے اور اپنے مال سے متعلقہ حقوق کی تعمیل بھی نہیں کرتا اور چوتھا بندہ وہ ہے جس کو خدا تعالیٰ نے نہ تو مال عنایت فرمایا ہو اور نہ علم کی دولت سے نوازا (یعنی ایسا علم جس کے ذریعہ وہ اس بات کا امتیاز کر سکے کہ کیا میرے لئے بہتر ہے اور کیا بدتر ہے) پس وہ شخص کہتا ہے کہ اگر میرے پاس مال و دولت ہوتی تو میں بھی اس کو فلاں آدمی کی طرح (برے امور میں) لگاتا، چنانچہ یہ بندہ بری نیت رکھنے والا ہے) اور اس کا گناہ اس (تیسرے آدمی) کے گناہ کے مساوی ہے یعنی وہ تیسرا شخص اگرچہ اپنا مال برے کاموں میں خرچ کرنے کی وجہ سے گنہگار ہوتا ہے اور یہ (چوتھا) شخص صاحب مال نہ ہونے کے باعث برے کاموں میں صرف تو نہیں کرتا لیکن چونکہ برے کاموں میں خرچ کرنے کا عزم رکھتا ہے اس سبب سے اس کو بھی وہی گناہ ملتا ہے جو برے کاموں میں حقیقتاً لگانے والے کو ملتا ہے"۔ اس روایت کو ترمذی نے نقل کیا ہے اور کہا ہے یہ کہ حدیث صحیح ہے"۔

تشریح: قوله: يقوله ثلاث اقسم عليهن واحدثكم حديثا فا حفظوه: احدثكم کا عطف معنی کے اعتبار سے "ثلاث" پر ہے گویا کہ یوں فرمایا: ' اخبر كم بثلاث أؤكدهن بالقسم عليهن واحد ثكم، (میں تم لوگوں کو تین خصلتوں کی خبر دیتا ہوں اور ان کو قسم کھا کر مؤکد کرتا ہوں اور تمہیں بیان کر دیتا ہوں)۔

حديثا: "فاحفظوه": کی ضمیر منصوب کا مرجع "حديثا" ہے یا اگلی پچھلی تمام کی طرف ہے۔

فانه: یہ ضمیر شان ہے۔

مال کی برکت صدقہ دینے کی وجہ سے کیونکہ اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ دُنیا و آخرت میں مقدار اور کیفیت کے اعتبار سے خیر و برکت دیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ وما انفقتم من شئ فهو يخلفه ﴾

ترجمہ: "اور جو چیز تم خرچ کرو گے سو وہ اس کا عوض دے گا"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: ولا ظلم عبد۔۔۔ زاده الله بها عزا:

ظلم: مجہول کے صیغہ کے ساتھ۔

مظلمة: ہم کے فتحہ اور لام کے کسرہ کے ساتھ ہے۔اس کا معنی ہے۔وہ چیز جس کو ظالم ظلماً لے اس طرح لکھا ہے۔اور قاموس میں لکھا ہے۔کہ'' **المظلمة**'' جبکہ لام کے کسرہ کے ساتھ ہو کا معنی ہے۔کہ آدمی جو چیز ظلماً لے اور بظاہر اس مقام میں مصدر ہے۔اور مفعول کے معنی میں ہے اس کی صفت ہے۔

قوله: ولا فتح عند باب ۔۔۔باب فقر:

اس شخص کی مثال اس گدھے کی سی ہے۔جس کی دُم نہ ہو اور وہ چارہ کی تلاش گھوم پھر کر کسی کے باغ میں داخل ہو تو باغ میں کسان اُسکے کان بھی کاٹ دے۔نیز اس شخص کو ایسے کتے کے ساتھ بھی تشبیہ دی گئی ہے۔جس کے منہ میں کوئی ہڈی ہو اور وہ کسی چھوٹی نہر کے پاس سے گزر رہا ہو تو نیچے پانی میں کوئی دوسری اچھی ہڈی نظر آئے۔اور پانی میں پڑی ہوئی ہڈی کیلئے جب منہ کھولے تو وہ ہڈی بھی پانی میں گر کر ضائع ہو جائے۔جو پہلے سے منہ میں تھی۔چنانچہ حرص ایک نحوست ہے۔جس کی وجہ سے حریص آدمی محروم ہوتا ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں'' **فاما الذی اقسم علیهن**'' میں **الذی** کو مذکور موعود کے اعتبار سے جمع کے صیغہ کے ساتھ ذکر کیا گیا اور ارشاد باری ﴿**مثلهم کمثل الذی استوقد**﴾ [البقرۃ۔۱۷] کی تفسیر اسی طرح کی گئی ہے۔یعنی **الذی**:،کو ''**الفوج**'' (مجموعے اور گروہ) کے اعتبار سے مفرد کے صیغہ کے ساتھ ذکر کیا گیا۔مصابیح'' **اما اللاتی اقسم علیهن**'' کے الفاظ ہیں اور وہ تو ظاہر ہیں،اس مقام میں قسم اُٹھانا مقصود نہیں ہے۔بلکہ اگلی بات کی عظمت کے پیش نظر اس کی تاکید مقصود ہے۔کیونکہ مدعیٰ کبھی تو قسم کو ذکر کرنے سے ثابت ہوتا ہے۔اور کبھی قسم کے کسی لفظ سے ثابت ہوتا ہے۔انتہی۔

زیادہ بہتر یہ ہے کہ تقدیر عبارت یہ تسلیم کی جائے'**فاما قولی الذی اقسم فیه علی الخصال الثلاث واؤکد فانه.....**''۔

قوله: واماالذی..... انما الدنیا لأربعة نفر:

یہ تفسیر اور بیان ہے بلکہ قال تاکید کیلئے جملہ معترضہ ہے۔اور تقدیر یہ ہے:**فانما الدنیا**،اس کی تائید اس بات سے ہوتی ہے کہ جامع میں لفظ'' قال''نہیں ہے بلکہ اس میں صرف'' **انماالدنیا**''، کے الفاظ ہیں

قوله: عبد رزقه الله مالا وعلما..... فهذا :عبد جر کے ساتھ اور مرفوع پڑھنا بھی منقول ہے۔

''**رزقه الله مالا وعلما**'' میں اشارہ ہے۔کہ علم بھی اللہ کی طرف سے عطا کردہ ایک نعمت ہے۔اور اللہ ہی علم اور مال عطا کرتا ہے۔اور اُسی کی توفیق سے کمال کے دروازے کھلتے ہیں۔حدیث میں وارد ہوا ہے کہ ''**ان علما لا یقال به ککنز لا ینفق منه**'' ''جس علم کا بیان نہ ہو وہ اس خزانے کی طرح ہے جسے خرچ نہ کیا جائے'' چنانچہ علماء اگرچہ فقیر ہوں'ارشاد باری ﴿**ومما رزقنا هم ینفقون**﴾ [البقرۃ] ''اور جو کچھ دیا ہے ہم نے ان کو اس میں سے خرچ کرتے ہیں'' میں داخل ہیں اور اس میں اشارہ ہے۔اس بات کی طرف کہ مال سے مراد وہ مال جو ضرورت کی مقدار سے زائد ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ویعمل لله فیه بحقه: یعنی علم کا حق ادا کرے۔یعنی علم انسان سے حقوق اللہ اور حقوق العباد پر عمل پیرا ہونے کا جو تقاضہ کرے۔اُس کو پورا کریا اس مقام میں لف ونشر مرتب ہے۔اور اس کی تائید جامع کے الفاظ سے ہوتی ہے۔جامع کے الفاظ ہیں۔'' ویعلم الله فیه حقا'' ''اپنے علم کے موافق اللہ کو ٹھیک ٹھیک پہچانے'' اور''فیه'' اور بحقه، میں دونوں ضمیروں کو مال اور علم میں سے ہر ایک کی طرف لوٹانا درست ہے۔اور ضمیر کو مذکور کیا اعتبار سے مفرد کے صیغہ کے ساتھ ذکر کیا۔ابن الملک فرماتے ہیں یعنی'' بحق المال''، اور مطلب یہ ہے۔کہ جو مالی حقوق ہیں مثلاً زکوٰۃ نکالنا، مالی کفارات ادا کرنا، صدقہ وخیرات کرنا، اور مہمانوں کو کھانا کھلانا وہ ادا کرے۔اور یہ بھی درست ہے کہ، بحقه، کی ضمیر اللہ کی طرف لوٹے اور اسوقت مطلب یہ ہوگا۔کہ اللہ کا حق جو کہ مال میں واجب ہو چکا ہے۔ادا کرے۔

قوله: وعبد رزقه الله علما ..... صادق النية: یعنی اُسکا ظاہر اُسکے باطن کے موافق ہے۔

فاجرهما سواء: یہ جملہ مستانفہ ہے۔یا حال ہے۔

قوله: وعبد رزقه الله مالا۔۔۔فهذا بأخبث المازل:

قوله: وعبد لم يرزقه الله مالا ولا علما۔۔۔ فهو نيته: یعنی نیت کی وجہ سے مغضوب ہے اور باطن کے ارادہ کی وجہ سے اس کے ساتھ فیصلہ کیا جائے گا۔یا'' فية'' کا جمل بطور مبالغہ کے ہے۔جیسا کہ ''رجل عدل'' میں ہے گویا کہ اس کی ذات بعینہٖ نیت ہے۔ایک نسخہ میں'' فهو بنيته'' کے الفاظ ہیں۔اسی طرح جامع میں ہے۔یعنی اس کو اپنی نیت کے موافق بدلہ دیا جائے گا۔اور جب بظاہر یہ گناہ صرف نیت کی وجہ سے ہے۔اُس عمل کا گناہ نہیں ہے۔جو کہ نیت اور فعل دونوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ اسلئے سخت وعید اور شدید دھمکی دی گئی۔

قوله: وزرهما سواء: اور جامع میں''فوزرهما سواء'' کے الفاظ ہیں۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ'' فهو نيته'' مبتدا اور خبر ہے۔یعنی اس شخص کی نیت بُری اور غلط ہے۔اور اس مطلب پر یہ بات دلالت کرتی ہے کہ پہلے جملہ میں اس کے مقابلہ میں'' فهو صادق النية'' کے الفاظ وارد ہوئے ہیں۔اور حدیث کے الفاظ'' يقول لو ان لي مالا'' :ارشاد نبوی'' صادق النية'' کی تفسیر ہے۔اور قول رسول ﷺ'' يقول لو ان لي مالا'' اس کے مقابلہ میں ہے۔اور قول رسول ﷺ فاجرهما سواء، قول رسول ووزرهما سواء، کے مقابلہ میں ہے۔

ابن الملک فرماتے ہیں کہ یہ حدیث اس حدیث رسول کے منافی نہیں ہے جس میں فرمایا گیا ہے: اللہ تعالیٰ نے میری اُمت کے اُن خیالات اور وساوس سے درگذر کر دیا جو ان کے دلوں میں پیدا ہوتے ہیں جب تک کہ ان وساوس پر عمل نہ کرے۔ اس لئے کہ اس حدیث میں زبان سے ایسی بات کر کے عمل کر لیا ہے۔اور اللہ کی طرف سے جن خیالات سے درگزر کر کیا گیا ہے وہ ذالات ہیں۔جو صرف دل میں پیدا ہوں، انتہی۔

زیادہ ہ بن اعتماد وہی معنی ہے جو محققین فرماتے ہیں، کہ یہ اللہ کی طرف سے درگذر اُس وقت ہوتا ہے۔جبکہ انسان کا نفس گناہ پر مکمل آمادہ نہ ہو اور دل میں گناہ کرنے کا ارادہ پختہ نہ ہو۔اگر گناہ کا عزم کیا اور ارادے نے دل میں جگہ پکڑ لی تو گناہ لکھ دیا جاتا ہے۔گو نہ وہ گناہ کا کام کرے۔اور نہ گناہ کی کوئی بات کہے اور یہ مفہوم پہلے گزر چکا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: قال: هذا حديث صحيح:

منذری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ابو کبشہ کی حدیث کو امام احمد اور امام ترمذی نے نقل کیا ہے۔ اور یہ الفاظ انہی کے ہیں، اور فرماتے ہیں کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ ابن ماجہ نے بھی اس معنی کی حدیث نقل کی ہے۔ (ذکرہ میرک) اور جامع میں ہے کہ اسی طرح امام احمد نے اس حدیث کو اپنی مسند میں ذکر کیا۔ اور ابن ابی الدنیا نے ''ذم الغضب'' میں عبدالرحمن بن عوف سے اس حدیث کے صرف شروع والے حصے کو نقل کیا ہے جس کے الفاظ یہ ہیں:

ثلاث اقسم عليهن بما نقص مال قط من صدقة فتصدقوا ولا عفا رجل مظلمة ظلمها الا زاده الله تعالى جل جلاله بها عزا فاعفوا يزيدكم الله عزا' ولا فتح رجل باب مسألة يسال الناس الا فتح الله عليه باب فقر''۔

یہ اس بات پر دلالت ہے کہ پہلی حدیث دو حدیثوں سے مرکب ہے' راوی نے دونوں حدیثوں کو جمع کر کے ایک حدیث بنا دیا ہے۔ '' **ثلاث اقسم عليهن** '' '' **باب فقر** '' **ثم قال'' احد ثكم حديثا فاحفظوه 'انما الدنيا** '' 'ور جو تفسیرات تا ویلات کی محتاج ہیں تو یہ بعض راویوں کی طرف سے تصرفات ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۵۲۸۸ : وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اِذَا اَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْرًا اِسْتَعْمَلَهٗ فَقِيْلَ وَكَيْفَ يَسْتَعْمِلُهٗ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ يُوَفِّقُهٗ لِعَمَلٍ صَالِحٍ قَبْلَ الْمَوْتِ (رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ۳۹۲/٤ حديث رقم ۲۱٤۲ واحمد فی المسند ۱۰٦/۳

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''حق تعالیٰ شانہ جب بندہ کی بھلائی (یعنی اس کے حسن انجام) کا ارادہ فرما لیتے ہیں تو اس سے اعمال خیر کرواتے ہیں۔'' پوچھا گیا کہ یا رسول اللہ اس سے بھلائی کے کام اللہ کس طرح کرواتے ہیں؟ فرمایا ''اس کو موت سے پہلے اچھے عمل کی توفیق عنایت فرما دیتے ہیں''۔ (ترمذی)

تشریح: عمل کے اطلاق کے وقت یہی فرد اکمل ہے۔ حالانکہ ہمیشہ عمل کی توفیق اللہ تعالیٰ دیتا ہے۔ یہاں تک کہ توبہ اور عبادت کی حالت میں موت آجاتی ہے۔ اور اس وجہ سے اس کو حسن انجام کی سعادت حاصل ہو جاتی ہے۔

جامع میں '' **ثم يقبضه عليه** '' کی زیادتی ہے۔

تخریج و اسنادی حیثیت: امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے۔ حاکم نے اس حدیث کو نقل کیا ہے اور فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے شیخین کی شرط پر ہے۔ منذری نے اس کو ذکر کیا ہے اور جامع میں ہے کہ امام احمد، ترمذی، ابن حبان اور حاکم نے اس حدیث کو نقل کیا ہے۔ اور طبرانی نے اس حدیث کو ابو امامہؓ سے بایں نقل کیا ہے: '' **اذا اراد الله بعبد خيرا طهره قبل الموت قالوا وماطهر العبد؟ قال: عمل صالح يلهمه اياه حتى يقبضه عليه** ۔

''جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اُس کو موت سے پہلے پاک کر دیتا ہے۔ صحابہ نے عرض کیا کہ بندے کی پاکی کیا ہے۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ نیک عمل جس کا ارادہ اللہ تعالیٰ انسان کے دل میں پیدا کر دیتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہاں تک کہ اسی حالت پر اللہ تعالیٰ اُس کو اُٹھالیتا ہے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور طبرانی نے ابوعتبہؓ سے نقل کیا ہے جس کے الفاظ اس طرح ہیں:

اذا اراد الله بعبد خيرا عسله، ۔عین اور سین کے فتحہ کے ساتھ۔ **قالوا: وماعسله؟** (اسی ضبط مذکور کے ساتھ)

قال: يفتح له عملا صالحا قبل موته ثم يقضبه عليه۔

اس حدیث کو امام احمد اور حاکم نے عمرو بن حمق۔ حا کے فتحہ اور میم کے کسرہ کے ساتھ۔ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے

'' اذا اراد الله بعبد خيرا استعمله قيل وما استعمله قال: يفتح له عملا صالحا بين يدى موته حتى يرضى عنه من حوله،

اس حدیث کو امام احمد اور ابن حبان نے ابوسعیدؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے جس کے الفاظ یہ ہیں:

'' ان الله اذا رضى عن العبد اثنى عليه بسبعة اصناف من الخير لم يعمله 'واذا سخط على العبد اثنى عليه بسبعة اصناف من الشر لم يعمله'' ،انتہیٰ۔

عمل کا دارومدار دونوں جگہ نیت پر موقوف ہے۔ یا کہ ظالم کی عبادت مظلوم کو دے دی جائے گی اور مظلوم کے مظالم ظالم کے سر ڈال دیئے جائیں گے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵۲۸۹ : وَعَنْ شَدَّادِبْنِ اَوْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهٗ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَاجِزُ مَنْ اَتْبَعَ نَفْسَهٗ هَوَاهَا وَتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ. (رواه الترمذى وابن ماجة)

اخرجه الترمذى فى السنن ٤/ ٥٥٠ حديث رقم ٢٤٥٩ واخرجه ابن ماجه ٢/ ١٤٥٤ حديث رقم ٤٢٦٠ واحمد فى المسند ٤/ ١٢٤

ترجمہ: ''حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''عقلمند و بہادر آدمی وہ ہے جو اپنے نفس کو (اللہ تعالیٰ کے حکم و فیصلہ' قضاء و قدر اور اس کی رضا خوشنودی کی خاطر فرمان الٰہی کا) تابع بنا دے اور اس جزائے عظیم (اچھے) عمل کرے جو موت کے بعد حاصل ہونے والی ہے۔ نیز بزدل اور بے وقوف شخص وہ ہے جو اپنے نفس کو خواہشات کے لئے جھکا دے اور موت کے بعد کی زندگی کے لئے عمل کرے۔''۔ (ترمذی' ابن ماجہ)

تشریح: الکیس: کاف کے فتحہ اور یا مشدد ہ کے ساتھ۔ وہ شخص جو عقل مند' سمجھدار اور اپنے کاموں میں محتاط ہو۔ یعنی اپنے نفس کو ذلیل کر کے اللہ تعالیٰ کے احکام کا پابند اور اللہ کے فیصلوں اور اللہ کی تقدیر کے سامنے جھکنے والا بنا دیا۔ نہایہ میں ہے کہ اپنے نفس کو ذلیل کر دے اور اللہ کا غلام بنا دے۔

بعض شارحین فرماتے ہیں معنی یہ ہے اپنے نفس کا محاسبہ کرے۔ اور امام نووی فرماتے ہیں۔ کہ امام ترمذی اور دوسرے علماء نے دان نفسه، کا معنی حاسبها (نفس کا محاسبہ کرے) بیان کیا ہے۔ یعنی عقلمند وہ ہے۔ جو اپنی دنیاوی زندگی میں اپنے اقوال، احوال اور اعمال کا خود محاسبہ کرے، چنانچہ اگر اس کے اقوال، احوال اور اعمال بھلائی والے ہوں تو اللہ کا شکر ادا کرے اور اقوال احوال اور اعمال بُرے ہوں تو توبہ کرے۔ اور اس سے پہلے تلافی کرے کہ اس کا آخرت میں محاسبہ ہو۔ جیسا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ ایک روایت میں ہے کہ اپنے نفس کا حساب کرو قبل اس کے کہ (آخرت میں) تمہارا حساب کیا جائے اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ولتنظر نفس ماقدمت لغد﴾ [الحشر:۱۸] :اور ہر شخص دیکھ بھال لے کہ کل کے واسطے اس نے کیا بھیجا''۔

قوله: والعاجز من أتبع تفسه هوا هاوتمنى على الله: عقل استعمال کرنے اور عمل میں احتیاط کرنے سے عاجز حاصل یہ کہ سمجھدار مؤمن وہ ہے۔ جو قوت رکھے (اپنے نفس کو قابو کرنے کی) اور ناسمجھ مؤمن وہ ہے جو کمزور ہو (اپنے نفس کو قابو کرنے سے) اور نادان۔

''اتبع''، اتباع، مصدر سے ماخوذ ہے۔ حرام کا ارتکاب کرے اور واجبات کو ترک کرے۔

یہ کہہ کر کہ میرا رب کریم ہے بخشنے والا ہے۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ماغرك بربك الكريم﴾ [الانفطار۔٦] ''تجھ کو کس چیز نے تیرے ایسے رب کریم کے ساتھ بھول میں ڈال رکھا ہے۔''

نیز ارشاد فرمایا: ﴿نبئ عبادى انى انا الغفور الرحيم وان عذابى هو العذاب الاليم﴾

[الحجر۔٤٩۔٥٠]

آپ میرے بندوں کو اطلاع دیدیجئے کہ میں بڑا مغفرت رحمت والا بھی ہوں اور (رہا) میرا عذاب (سو وہ بھی) بہت درناک ہے۔''

نیز ارشاد باری ہے: ﴿ان رحمة الله قريب من المحسنين﴾ [الاعراف۔٥٦]

بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت نزدیک ہے نیک کام کرنے والوں سے۔''

نیز ارشاد باری ہے: ﴿ان الذين امنوا والذين هاجروا وجاهدوا فى سبيل الله اولئك يرجون رحمة الله﴾

[البقرة:٢١٨]

''حقیقتاً جو لوگ ایمان لائے ہوں، اور جن لوگوں نے راہ خدا میں ترک وطن کیا ہو اور جہاد کیا ہو ایسے لوگ تو رحمت خداوندی کے امیدوار ہوا کرتے ہیں''۔

حضور علیہ السلام نے حدیث شریف میں بغیر اطاعت کے اُمید رکھنے کو ''تمنی'' کے لفظ سے تعبیر کر کے اس بات کی طرف اشارہ فرمایا کہ اس طرح ہونا محال کے قریب ہے۔ اگرچہ بلند و بالا بادشاہ (اللہ تعالیٰ) اگر اپنی طرف سے فضل و احسان کرے تو ممکن ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ''عاجز'' وہ شخص ہے جس کا نفس اُس پر غالب ہو جائے۔ اور جس بات کا نفس حکم دے یہ انسان اُس کو کرے چنانچہ یہ شخص اپنے نفس سے مغلوب بن چکا ہے۔ اور اپنے نفس کو خواہشات کا تابع بنا دیا اور جو نفس نے طلب کیا وہ نفس کو دے دیا۔ ''کیس'' (دانا) کے مقابلہ میں ''عاجز'' ذکر کیا حالانکہ ''کیس'' کا حقیقی متبادل ''سفیه'' (بے وقوف کمزور رائے والا) ہے اس میں اس بات پر دلالت ہے کہ ''کیس'' (دانا) ہی قادر ہے اور ''عاجز'' (نفس سے مغلوب) ہی بے وقوف ہے۔ اور ''تمنى على الله'' کا معنی ہے اللہ کی نافرمانی کرتا ہے اور بغیر توبہ و استغفار کے جنت کی اُمید رکھتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخریج: امام احمد اور حاکم نے بھی اسی طرح روایت کیا ہے۔

الفصل الثالث:

۵۲۹۰ : وَعَنْ رَجُلٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُنَّا فِيْ مَجْلِسٍ فَطَلَعَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى رَأْسِهِ اَثَرُ مَآءٍ فَقُلْنَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَرٰكَ طَيِّبَ النَّفْسِ قَالَ اَجَلْ قَالَ ثُمَّ خَاضَ الْقَوْمُ فِيْ ذِكْرِ الْغِنٰى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا بَاسَ بِالْغِنٰى لِمَنِ اتَّقَى اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ وَالصِّحَّةُ لِمَنِ اتَّقٰى خَيْرٌ مِنَ الْغِنٰى وَطِيْبُ النَّفْسِ مِنَ النَّعِيْمِ. (رواه احمد)

اخرجه ابن ماجه فی السنن ۲/۷۲۴رقم ۲۱۴۱ واحمد فی المسند ۵/۳۷۲

ترجمہ: ''نبی کریم ﷺ کے صحابہ میں سے ایک شخص کہتے ہیں کہ ہم لوگ ایک مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ رسول اللہ ﷺ آ کر ہمارے درمیان تشریف لائے۔ اس وقت آپ ﷺ کے سر اقدس پر (غسل کے سبب) پانی کی تری تھی' ہم نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! اس وقت ہم آپ ﷺ کو بہت مسرور وخوش دل حالت میں دیکھ رہے ہیں. (جس کے آثار چہرہ انور پر عیاں ہیں)'' حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ہاں!'' راوی کہتے ہیں کہ اس کے بعد اہل مجلس مالداری کے ذکر میں مشغول ہو گئے (یعنی آپس میں یہ گفتگو کرنے لگے کہ مالداری و دولتمندی اچھی چیز ہے یا بری چیز) رسول اللہ ﷺ نے (ہماری) یہ گفتگو سن کر فرمایا: ''اس شخص کا دولت مند ہونے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے جو اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا ہو اور (جسم کی) صحت مندی' خدا تعالیٰ سے ڈرنے والے (یعنی متقی و پرہیزگار) شخص کے لئے دولت مندی سے زیادہ بہتر ہے (اگرچہ وہ صحت مندی فقر وافلاس کے ساتھ ہو) نیز شادمانی وخوش دلی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔'' (احمد)

تشریح: **طلع علينا رسول الله ﷺ:** یعنی حضور اکرم ﷺ اس طرح ظاہر ہوئے جیسا کہ سورج طلوع ہوتا ہے۔

قوله: فقلنا يا رسول الله نراك طيب النفس' قال: اجل:

اجل: ہمزہ اور جیم کے فتحہ اور لام کے سکون کے ساتھ۔

فقال لاباس بالغنى لمن اتقى الله عزوجل: حضور علیہ السلام نے' **لا بأس**'' کے لفظ سے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ اللہ سے ڈرنے والے کیلئے فقر افضل ہے۔

قوله: والصحة لمن اتقى خير من الغنى: یعنی مطلقاً یا مطلب یہ ہے کہ تندرستی پرہیزگار کیلئے اُس مالداری سے بہتر ہے جو آخرت میں حساب اور بُرے انجام کا باعث ہو (وطیب النفس) خوشدلی جو کہ شکر اور صبر کا تقاضہ کرتی ہے۔ اور مالداری اور فقر ایسی حالت میں برابر ہے۔

قوله: وطيب النفس من النعيم: نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے جس کو جنت نعیم سے تعبیر کیا گیا ہے۔ جیسا کہ ایک صاحب معرفت اللہ تعالیٰ کے ارشاد ﴿ولمن خاف مقام ربه جنتان﴾ (اور جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈرتا رہتا ہو اُسکے لئے دو باغ ہیں) کے بارے میں کہتا ہے کہ ایک جنت دُنیا میں ملے گی اور دوسری آخرت میں بعض فرماتے ہیں۔ کہ یہ (خوشدلی) اُن نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔ جس کا ذکر اللہ تعالیٰ کے ارشاد ﴿ثم لتسئلن یو مئذعن النعیم﴾ [التکاثر۔۸] ''پھر (اور بات ہو کہ) اس روز تم سب سے نعمتوں کی پوچھ ہوگی'' میں کیا گیا ہے۔ اور یہ بات ہماری مذکورہ تشریح کے منافی نہیں ہے۔ کیونکہ یہ جنس نعمت کا اکمل فرد ہے۔ جس کے علاوہ کسی دوسری چیز کے بارے میں یہ نہیں کہا جا سکتا کہ یہی نعمت ہے۔ کیونکہ اس کے ماسوا کو ''ماء حمیم'' اور ''عذاب الجیم'' میں سے شمار کیا جاتا ہے۔

تخریج: اسی طرح ابن ماجہ اور حاکم نے بھی یسار بن عبد سے روایت نقل کی ہے۔ جیسا کہ جامع میں مذکور ہے۔ چنانچہ ''رجل'' کا ابہام واضح ہو گیا' اگر چہ صحابی کا مجہول ہونا حدیث کی صحت کیلئے مُضر نہیں ہے کیونکہ صحابہ تمام کے تمام عادل ہیں۔

۵۲۹۱ : وَعَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ قَالَ كَانَ الْمَالُ فِيمَا مَضٰى يُكْرَهُ فَاَمَّا الْيَوْمَ فَهُوَّ تُرْسُ الْمُؤْمِنِ وَقَالَ لَوْلَا هٰذِهِ الدُّنْيَا نِيرُ لَتَمَنْدَلَ بِنَا هٰؤُلَاءِ الْمُلُوكُ وَقَالَ مَنْ كَانَ فِي يَدِهِ مِنْ هٰذِهِ شَيْءٌ فَلْيُصْلِحْهُ فَاِنَّهُ زَمَانٌ اِنِ احْتَاجَ كَانَ اَوَّلُ مَنْ يُبَدِّلُ دِينَهُ وَقَالَ اَلْحَلَالُ لَا يَحْتَمِلُ السَّرَفَ ۔ (رواه فی شرح السنة)

اخرجه البغوی فی شرح السنة ۱۴/ ۲۹۰ حدیث رقم ۴۰۹۸

ترجمہ: ''حضرت سفیان ثوریؒ بیان فرماتے ہیں کہ ماضی میں (ارباب حال کے نزدیک) مال کو برا تصور کیا جاتا تھا لیکن جہاں تک موجودہ زمانہ کا تعلق ہے تو اب مال و دولت مسلمانوں کی ڈھال ہے۔ حضرت سفیانؒ نے یہ بھی بیان فرمایا کہ ''اگر ہم (لوگوں کے پاس) یہ مال بصورت درھم و دینار یا روپیہ پیسہ نہ ہوتا تو یہ (آج کل کے) حکمران ہمیں ذلیل و پامال کر ڈالتے'' نیز انہوں نے فرمایا ''کسی شخص کے پاس اگر تھوڑا بہت بھی مال ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ اس کو کار آمد بنائے (یعنی اس کو ضائع ہونے سے بچائے بلکہ تدبیر و ہنرمندی کے ساتھ اس کو کسی تجارت وغیرہ میں لگا کر بڑھانے کی کوشش کرے یا یہ کہ اس کو بہت کفایت شعاری کے ساتھ برتے تا کہ جلدی ختم نہ جائے) کیونکہ یہ وقت ایسا ہے کہ اس میں اگر کوئی محتاج و مفلس ہوگا تو (دنیا حاصل کرنے کی خاطر) اپنے دین کو بیچ ڈالنے والا سب سے پہلا شخص وہی ہوگا'' حضرت سفیان کا ایک قول یہ بھی ہے کہ ''مال حلال' اسراف کا تحمل نہیں رکھتا''۔ (شرح السنۃ)

تشریح: **قوله: كان المال فيما مضى..... فهو ترس المؤمن:** حاصل یہ کہ مال حلال انسان کو مشتبہات اور حرام میں مبتلا ہونے سے بچاتا ہے ظلم کرنے سے روکتا ہے اور ظالموں کی مصاحبت سے محفوظ رکھتا ہے۔ یا مطلب یہ ہے کہ مال کے ذریعے انسان اپنے آپ کو عوام کے سامنے ریاکاری، شہرت سے بچاتا ہے۔

قوله: وقال: لو لا هذه الدنانير لتمندل بنا هولاء الملوك:

ہمیں اپنے میل دور کرنے کیلئے رومال بنا دیتے یہ کنایہ ہے۔ ظالم اُمراء کے مظالم اور تذلیل سے یا یہ کنایہ ہے۔ مسائل کیلئے حیلہ کر کے اُن ظالم اُمراء کی موافقت کرنے سے۔ بعض شارحین فرماتے ہیں۔ کہ تمندل، ندل سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے ''میل کچیل'' ایک شخص سے کسی نے کہا کہ مال تجھے دُنیا کے قریب کر دے گا۔ اُس نے جواب میں کہا اگر مال نے مجھے دُنیا کے قریب کر دیا تو اس نے مجھے دنیا کے مصائب سے محفوظ کر دیا۔ کسی نے کہا ہے کہ اگر میں مال چھوڑ کر دُنیا سے چلا جاؤں یا اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ مجھ سے اُس مال کا حساب کرے یہ میرے لئے اس سے بہتر ہے کہ میں لوگوں کا محتاج ہوں یعنی اللہ کے سامنے میری احتیاج اللہ کے غیر کے سامنے احتیاج سے بہتر ہے۔

طبرانی سے اوسط میں مقدام بن معدی کرب سے مرفوعاً نقل کیا ہے یأ تی علی الناس زمان من لم یکن معه اصفر ولا ابیض لم یتهن بالعیش۔

امام احمدؒ نے دوسرے الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:

یاتی علی الناس زمان لاینفع فیه الا الدرهم والدینار۔ ''لوگوں پر ایک زمانہ ایسا بھی آئے گا جس میں درہم و دینار ہی نفع دیں گے۔''

بعض نے یہ بھی کہا ہے کہ دراھم زخموں کیلئے مرہم ہیں۔

قوله: فانه زمان ان احتاج کان اول من یبدل دینه: یعنی دنیا کو حاصل کرنے کیلئے اور لفظ ''اوّل'' منصوب ہے۔ بعض کے نزدیک مرفوع ہے۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ یہ شخص وہ پہلا شخص ہوگا جو اپنی ضرورت کی اشیاء حاصل کرنے کیلئے اپنا دین گنوائے گا۔ اگر لفظ ''مَن'' کو ''ما'' پر محمول کیا جائے جیسا کہ مالکی نے قطرب سے نقل کیا ہے۔ تو زیادہ واضح ہوتا اس کی تائید کشاف کی روایت سے ہوتی ہے: کشاف کی روایت کے الفاظ یہ ہیں۔ '' کان اول ما یاکل دینه، چنانچہ ما، اور ''اول'' کان کا اسم ہے اور '' دینه'' کان ، کی خبر ہے۔

اس کے برعکس بھی ممکن ہے بلکہ یہ زیادہ بہتر ہے۔

قوله :وقال الحلاللا یحتمل السرف: اسلئے کہ حلال مال کا وجود کم ہے۔

یعنی زیادہ مقدار میں خرچ کرنا۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اس قول کے دو معانی ہیں۔

ایک مطلب یہ ہے کہ حلال مال زیادہ نہیں ہوتا ہے۔ اسلئے حلال مال زیادہ خرچ کرنے کے قابل نہیں ہوتا۔

دوسرا مطلب یہ ہے کہ چاہیے کہ حلال مال کو اسراف کے ساتھ خرچ نہ کرے تاکہ کسی دوسرے کا محتاج نہ ہو انتہی۔

دونوں معانی میں اشکال ہے۔ اسلئے کہ اسراف کا معنی ہے حد سے تجاوز کرنا بایں طور کہ ضرورت سے زیادہ بے جا خرچ نہ کرے اور اس معنی میں اسراف زیادہ مال اور تھوڑے مال دونوں میں ہوسکتا ہے۔ اور اسی طرح حلال مال اور حرام مال دونوں میں ہوسکتا ہے۔ چنانچہ زیادہ اچھا مطلب یہ ہے۔ کہ حلال مال کی خاصیت یہ ہے کہ اسراف کے ساتھ خرچ نہ ہو مثلاً مٹی گارے میں بغیر ضرورت کے استعمال کرے۔ اور جیسا کہ ریاکاری اور شہرت کیلئے زیادہ کھانا کھلانا۔ اسی لئے کہا جاتا ہے۔ کہ خیر میں کوئی اسراف نہیں اور اسراف میں کوئی خیر نہیں۔ اور اس میں اس بات پر تنبیہ ہے کہ طالب کو چاہیے کہ مال حلال کو طلب کرے۔ اگرچہ کم ہو اور قناعت کرے اور اسراف کے ساتھ مال خرچ نہ کرے۔ تاکہ اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں مالداروں کا محتاج نہ بنادے۔

۵۲۹۲: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِيْ مُنَادٍ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَيْنَ اَبْنَاءُ السِّتِّيْنَ وَهُوَ الْعُمُرُ الَّذِيْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(رواه البيهقي في شعب الايمان)

رواه البيهقي في شعب الايمان ٢٦٤/٧ حديث رقم ١٠٥٤

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''منادی کرنے والا (فرشتہ) روز قیامت (اللہ تعالیٰ کے حکم سے) یہ آواز لگائے گا کہ ساٹھ سال کی عمر والے لوگ کہاں ہیں (یعنی دنیا میں جن لوگوں نے ساٹھ سال کی عمر پائی وہ اپنی عمر کا حساب دینے کے لئے پیش ہو جائیں) اور یہ عمر ایسی عمر ہے جس کے بارے میں اللہ جل جلالہٗ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: کیا ہم نے تم کو ایسی عمر عطا نہیں کی تھی جس میں نصیحت حاصل کرنے والا نصیحت حاصل کرتا حالانکہ تمہارے پاس آگاہ کرنے والا بھی آیا۔ اس روایت کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے''۔

تشریح: **قوله: اولم نعمركم ما يتذكر فيه من تذكر وجاء كم النذير**: علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ'' ما'' موصوفہ ہے۔ یعنی کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر نہیں دی تھی جس میں وہ عقل مند نصیحت حاصل کر لیتا ہے۔ جس نے نصیحت حاصل کرنی ہو۔

وجاء كم النذير: یہ جملہ حالیہ ہے یعنی ڈرانے والا یا ڈرانا اور اس سے مراد بڑھاپا ہے۔ یا قرآن ہے یا رسول ہے۔ یا موت ہے یا ڈرانے والے کی جنس مراد ہے چنانچہ ہر ایک مذکور کو شامل ہوگا۔

٥٢٩٣ : وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ شَدَّادٍ قَالَ اِنَّ نَفَرًا مِّنْ بَنِيْ عُذْرَةَ ثَلٰثَةَ اَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْلَمُوْا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّكْفِيْنِيْهِمْ قَالَ طَلْحَةُ اَنَا وَكَانُوْا عِنْدَهٗ فَبَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا فَخَرَجَ فِيْهِ اَحَدُهُمْ فَاسْتُشْهِدَ ثُمَّ بَعَثَ بَعْثًا فَخَرَجَ فِيْهِ الْاٰخَرُ فَاسْتُشْهِدَ ثُمَّ مَاتَ الثَّالِثُ عَلٰى فِرَاشِهٖ قَالَ قَالَ طَلْحَةُ فَرَاَيْتُ هٰؤُلَاءِ الثَّلٰثَةَ فِي الْجَنَّةِ وَرَاَيْتُ الْمَيِّتَ عَلٰى فِرَاشِهٖ اَمَامَهُمْ وَالَّذِي اسْتُشْهِدَ اٰخِرًا يَلِيْهِ وَاَوَّلُهُمْ يَلِيْهِ فَدَخَلَنِيْ مِنْ ذٰلِكَ فَذَكَرْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ فَقَالَ وَمَا اَنْكَرْتَ مِنْ ذٰلِكَ لَيْسَ اَحَدٌ اَفْضَلَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ مُّؤْمِنٍ يُعَمَّرُ فِي الْاِسْلَامِ لِتَسْبِيْحِهٖ وَتَكْبِيْرِهٖ وَتَهْلِيْلِهٖ ۔

احمد بن حنبل' المسند۔

اخرجه احمد في المسند ١٦٣/١

ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن شداد کہتے ہیں' قبیلہ بنو عذرہ کے کچھ افراد جن کی تعداد تین تھی' نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اسلام قبول کیا (اور پھر وہ لوگ راہ خدا میں ریاضت کے ارادہ سے حصول علم دین کے لئے حضور ﷺ کے پاس ٹھہر گئے چونکہ یہ لوگ مالی لحاظ سے انتہائی خستہ حالت میں تھے اس وجہ سے اپنی ضروریات زندگی کی فراہمی پر خود قادر نہ تھے لہٰذا) رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ کون ہے جو ان لوگوں کی کفالت کر کے مجھے بے فکر کر دے؟ حضرت طلحہؓ نے عرض کیا کہ میں اس ذمہ داری کو قبول کرتا ہوں! چنانچہ وہ تینوں حضرات طلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس رہنے لگے! (کچھ دن گزرنے کے بعد) جب حضور اقدس ﷺ نے کسی طرف ایک لشکر روانہ فرمایا تو اس لشکر) کے ہمراہ ان تینوں میں سے جن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک آدمی گیا اور میدانِ جنگ میں (دشمنوں سے لڑتا ہوا) شہید ہو گیا' اس کے بعد نبی کریم ﷺ نے ایک اور لشکر روانہ فرمایا اس کے ساتھ ان میں سے دوسرا شخص نکلا اور وہ بھی شہید ہو گیا اور پھر تیسرا شخص اپنے بستر پر انتقال کر گیا (اور یہ شخص دلی طور پر کافروں سے جنگ کے لئے پرعزم تھا لیکن اسے میدان جنگ میں شہید ہونے کا موقع نہ مل سکا) راوی کہتے ہیں کہ حضرت طلحہؓ نے بیان فرمایا کہ (ان تینوں میں سے دو کی شہادت اور ایک کی قدرتی موت کے بعد ایک دن خواب میں) میں نے ان تینوں اشخاص کو جنت میں دیکھا' جو شخص اپنے بستر پر اللہ کو پیارا ہوا تھا اس کو میں نے ان میں سے سب سے آگے دیکھا اور جو شخص بعد میں شہید ہوا تھا اس کے ساتھ تھا جب کہ پہلے شہید ہونے والا شخص اس دوسرے کے ساتھ' چنانچہ (ان تینوں کو اس طرح ایک دوسرے کے آگے پیچھے دیکھ کر) میرے دل میں خلش پیدا ہو گئی کیونکہ اللہ کے نزدیک اس مسلمان سے زیادہ افضل کوئی نہیں ہے' جس نے مسلمان ہونے کی حالت میں طویل عمر پائی اور اس کی وجہ سے اس کو خدا کی تسبیح و تکبیر اور تہلیل (اور دیگر تمام مالی و بدنی عبادتوں) کا زیادہ موقع ملا''۔

راویٔ حدیث:

عبداللہ بن شداد۔ جلیل القدر تابعی ہیں۔ مؤلف رحمہ اللہ نے ان کا اسم گرامی ذکر نہیں کیا۔

تشریح: قوله: ان نفوا من بني عذرة۔۔۔ قال طلحه: أنا فكانوا عنده: عذرة: عین کے ضمہ اور ذال کے سکون کے ساتھ' بنو عذرہ ایک مشہور قبیلہ ہے۔

ثلاثة: نصب کے ساتھ، نفرا، سے بدل ہے یا عطف بیان ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ هم "يكفي" کیلئے مضاف کی تقدیر پر دوسرا مفعول ہے۔

قوله: فبعث النبي ﷺ بعثا۔۔۔ ثم مات الثالث على فراشه: بعث: مبعوث کے معنی میں ہے۔

فاستشهد: مجہول کے صیغہ کے ساتھ۔

قوله: قال قال طلحة فذكرت ذلك للنبي ﷺ:

امامهم: ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، کہ بظاہر، امامهما، کہنا مناسب تھا مگر" امامهم" بول کر مراد یہ ہے کہ اُن تینوں میں سے آگے۔ یا اُس مذہب کے مطابق کہا گیا، جس میں جمع کے کم سے کم افراد دو ہوتے ہیں۔

والذي: اس کا عطف، الميت، پر ہے اور ایک نسخہ میں" فالذي" کا لفظ ہے۔

و اولهم: نصب کے ساتھ اور بعض کے نزدیک رفع کے ساتھ۔

قوله: فقال: وما انكرت من ذلك الخ من ذالك: فاعل ابن مالک کے مذہب کے مطابق محذوف ہے۔

ليس احد افضل عندالله: جملہ مستانفہ علت کو متضمن ہے۔

يعمر: میم مفتوحہ کی تشدید کے ساتھ۔

جامع میں امام احمد کی ایک روایت کے الفاظ اس طرح ہیں:

"تكبيره وتحميده وتسبيحه وتهليله۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخریج: امام میرک فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن شداد کی حدیث کو احمد اور ابویعلی نے نقل کیا ہے۔ اور ان کے راوی صحیح کے روای ہیں۔ اور اس کے شروع میں امام احمد کی روایت میں ارسال ہے۔ لیکن ابویعلی نے طلحہؓ کا ذکر کر کے اس روایت کو موصول کر دیا ہے اسی طرح منذری نے ترغیب میں فرمایا ہے۔ اور گویا کہ وہ اس بات کی طرف اشارہ کر رہے ہیں، کہ عبداللہ بن شداد صحابی نہیں ہے اگرچہ وہ حضور علیہ السلام کے زمانہ میں پیدا ہوئے تھے۔ جیسا کہ عجلی نے ذکر کیا ہے کہ عبداللہ بن شداد قابل اعتماد کبار تابعین میں سے ہیں اور انکا شمار فقہاء میں ہوتا ہے۔ اور امام احمد نے اس حدیث میں سماع کی تصریح نہیں کی بلکہ یوں فرمایا: ان نفرا الخ' اور ابویعلی نے اس بات کی تصریح کی ہے کہ اس حدیث کو انہوں نے طلحہؓ سے نقل کیا ہے۔ عبداللہ بن شداد کی اس حدیث اور عبید بن خالد کی اس حدیث جس کا ذکر دوسری فصل میں ہوا ہے کے موافق ہے وہ روایت جس کو امام احمد نے سند حسن کے ساتھ ابوہریرہؓ سے نقل کیا ہے قال : كان رجلان من بني قضاعة أسلما مع رسول الله ﷺ فاستشهد احدها وأخر الآخر سنة قال طلحة بن عبيد الله : فرأيت المؤخر منها أدخل الجنة قبل الشهيد فتعجبت لذلك فأصبحت فذكرت ذلك للنبي ﷺ فقال رسول الله ﷺ : أليس قدصام بعده رمضان وصلى ستة آلاف ركعة وكذا وكذا ركعة صلاة سنة۔ وہ فرماتے ہیں کہ بنو قضاعہ کے دو آدمی ایک ساتھ رسول ﷺ کے پاس آ کر اسلام لائے اُن میں سے ایک صاحب شہید ہو گئے۔ اور دوسرے صاحب کا ایک سال بعد انتقال ہوا۔ طلحہ بن عبید فرماتے ہیں، کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ اُن میں سے بعد میں فوت ہونے والا شخص شہید سے پہلے جنت میں داخل ہوا۔ مجھے اس پر تعجب ہوا' چنانچہ صبح کو میں نے یہ واقعہ حضور علیہ السلام سے ذکر کیا۔ تو حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ کیا اس دوسرے شخص نے شہید کے بعد ایک رمضان کے روزے نہیں رکھے تھے۔ اور چھ ہزار اور اتنی اتنی رکعت نماز نہیں پڑھی تھی۔

اس حدیث کو ابن ماجہ نے ابن حبان نے اپنی صحیح میں اور بیہقی نے طلحہؓ سے اسی طرح اس سے کچھ طویل حدیث نقل کی ہے۔ اور ابن ماجہ کی روایت کے آخر میں یہ زیادت نقل کی ہے فلما بينهما أبعد مما بين السماء والأ ض۔ کہ ان کے درمیان کا فرق زمین اور آسمان کے درمیان مسافت سے زیادہ ہے۔

۵۲۹۴ : وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عُمَيْرَةَ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ عَبْدًا لَوْ خَرَّ عَلٰى وَجْهِهِ مِنْ يَوْمٍ وُلِدَ إِلٰى أَنْ يَّمُوْتَ هَرِمًا فِي طَاعَةِ اللّٰهِ لَحَقَّرَهُ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَوَدَّانَهُ رَدَّ إِلَى الدُّنْيَا كَيْمَا يَزْدَادَ مِنَ الْأَجْرِ وَالثَّوَابِ. (رواهما احمد)

اخرجه احمد فی المسند ۱۸۵/٤.

ترجمہ: ''حضرت محمد بن ابوعمیرہ رضی اللہ عنہ جو رسول اللہ ﷺ کے صحابی ہیں' انہوں نے ارشاد فرمایا کہ ''اگر کوئی بندہ اپنی پیدائش کے دن سے لے کر بڑھاپے میں مرنے تک (اپنی زندگی کے مکمل عرصہ کے دوران) صرف خدا کی طاعت و عبادت میں سجدہ ریز رہے تو وہ بھی اس (قیامت کے) (عمل کی خیرائے عظیم دیکھ کر) اپنی اس تمام طاعت وعبادت کو بہت کم خیال کرے گا اور یہ خواہش کرے گا کہ کاش اس کو دنیا میں پھر لوٹا دیا جائے تا کہ اس کا اجر وثواب میں اضافہ ہو سکے''۔ (ان دونوں روایتوں کو امام احمد نے نقل کیا ہے)۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: خر: خاء کے فتحہ اور راء کی تشدید کے ساتھ۔

من یوم: میم کے فتحہ کے ساتھ مبنی ہے اور بعض نے جر اور تنوین کے ساتھ ضبط کیا ہے۔

هرما: هاء اور را کے فتحہ کے ساتھ بمعنی، ذاهرم، اور ایک نسخہ میں را کے کسرہ کے ساتھ ہے بمعنی ''شیخا کبیرا'' ۔

لحقره: قاف کی تشدید کے ساتھ۔

یعنی عمل کے اجر کو کم سمجھے۔

تخریج: اس حدیث کو امام بخاری نے اپنی تاریخ میں اور اس حدیث کو طبرانی نے عقبہ بن عبداللہ سے مرفوعاً ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے: '' **لوان رجلا یخر علی وجهه من یوم ولد الی یوم یموت هرما فی مرضاة الله لحقره یوم القیامة**'' توکل اور صبر کا بیان اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿**ومن یتوکل علی الله فهو حسبه**﴾ [اطلاق ۔۳] ''اور جو شخص اللہ پر توکل کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس (کی اصلاح) کے لئے کافی ہے'' [**ان الله یحب المتوکلین**﴾ [آل عمران۔۱۵۹] ''اور آپ صبر کیجئے آپ کا صبر کرنا خاص اللہ ہی کی توفیق سے ہے'' ۔

نیز ارشاد باری ہے: ﴿**واصبروما صبرك الا بالله**][النحل۔۱۲۷] **ان الله مع الصابرین**﴾ [البقرۃ۔۱۵۳' الانفال۔٤٦] ''بلاشبہ اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ رہتے ہیں'' اللہ تعالیٰ نے صبر اور توکل کو ایک ساتھ ذکر کیا کیونکہ یہ دونوں ایک دوسرے کو لازم ہیں۔ اور ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوتے۔

توکل کو مقدم ذکر کیا کیونکہ اسی کے نتیجہ میں صبر حاصل ہوتا ہے۔ اور اسی سے کڑوا بھی میٹھا بن جاتا ہے۔ اور پریشانی سہل ہو جاتی ہے۔ اللہ کی مدد صبر کے ساتھ ہے اور جس نے اللہ پر توکل کیا، اللہ اُسکے لئے کافی ہو جاتا ہے۔

بعض حضرات فرماتے ہیں کہ کسی پر توکل کرنے کا مطلب یہ ہے کہ اُس کو اپنا وکیل بنالیا ہے اپنے کام کا ذمہ دار ٹھہرالیا ہے اور اُسکی قدرت کی بناء پر اس کو اپنے کاموں کی اصلاح کا متکفل سمجھ لیا ہے۔

ابن الملکؒ فرماتے ہیں کہ توکل کا معنی یہ ہے کہ اس بات کا یقین رکھے کہ اس کو وہی نفع اور نقصان پہنچے گا جو اللہ نے اس کے لئے لکھ دیا ہے۔ (انتہیٰ)

صبر کے مراتب:

صبر کے کئی مراتب ہیں:

پہلا مرتبہ: نفس کو مناہی سے روکنا۔ دوسرا مرتبہ: خواہشات اور لہو ولعب سے بچنا۔

تیسرا مرتبہ عبادات کی ادائیگی میں مشقتیں برداشت کرنا۔

چوتھا مرتبہ: مصیبتوں اور آزمائشوں کے وقت کڑوا گھونٹ پینا اور صبر کرنا۔

صبر کی لغوی تحقیق:

نہایہ میں لکھتے ہیں: کہا جاتا ہے: **توکل بلامر**ئ اس وقت کہا جاتا ہے جب بجا آوری کی ضمانت لے، ور وکلت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

امری الی فلان، کا معنی ہے میں نے اپنا کام اُسکے سپرد کر دیا اور اُس کام میں اُس شخص پر اعتماد کیا' اور وکل فلان فلانا، کا معنی ہے کہ فلاں نے فلاں کو اپنے کام کیلئے کافی سمجھا اس لئے کہ اس کی کفایت پر اعتماد ہے یا بذات خود کام کرنے سے عاجز ہے۔ اور وکیل سے مراد وہ قیم ذات ہے جو بندوں کے رزق کا کفیل ہو۔ اور اس کی حقیقت یہ ہے کہ جو کام سپرد کیا گیا ہو اُس کام کے کرنے میں خود مختار ہو۔

امام راغب فرماتے ہیں کہ ''صبر'' کا معنی ہے ''نفس کو تنگی میں روکے رکھنا'' کہا جاتا ہے: '' صبرت الدابة'' کہ میں نے جانور کو بغیر چارہ کے باندھے رکھا ''صبر'' کا معنی ہے نفس کو اُس چیز پر قائم و باقی رکھنا جس کا تقاضا عقل و شرع کرے' یا نفس کو اُن چیزوں سے روکے رکھنا جس سے روکنے کا تقاضا عقل اور شریعت تقاضا کرے۔ چنانچہ لفظ '' صبر'' عام ہے۔ اور مواقع کے اختلاف کی وجہ سے اس کا نام مختلف ہوتا رہتا ہے' لہٰذا اگر کسی مصیبت کے وقت نفس کو قابو میں رکھے تو اس کو ''صبر'' کہتے ہیں، اور اس کی ضد ''جزع'' ہے' اور اگر جنگ کے دوران نفس کو قابو میں رکھے اس کو '' شجاعت'' کہتے ہیں، اور اس کی ضد ''بزدلی'' ہے۔ اور اگر کسی پریشانی میں ہو تو اس کو '' رحب الصدر'' کہتے ہیں اور اس کی ضد ''ضجر'' آتی ہے۔ اور اگر بات کرنے سے اپنے نفس کو روکے اس کو ''کتمان'' کہتے ہیں اور اس کی ضد افشاء ہے۔ اور تھوڑی سی دنیا پر نفس کو قابو میں رکھنا ''قناعت'' ہے۔ اور اس کی ضد '' شرہ'' ہے۔ (انتہیٰ)

سری سقطی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، کہ عارفین کے ہاں توکل کا معنی ہے: لانخلاع من الحول والقوة بلا نزاع (بغیر نزاع کے قوت اور طاقت سے خالی ہونا)۔

ابن مسروق فرماتے ہیں توکل کا معنی ہے احکام میں فیصلہ کرنے کیلئے اپنے آپ کو سپرد کرنا۔

جنیدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ توکل کا معنی یہ ہے کہ بندہ اپنے آپ کو اللہ کے سامنے اس طرح مٹا دے۔ جیسا کہ اس کا وجود ہی نہیں اور اللہ تعالیٰ اس شخص کیلئے اس طرح ہو جائے جیسا کہ ازل سے ہے۔

صبر کی اقسام:

صبر تین قسم پر ہے:

پہلی قسم عوام کا صبر۔ عوام کا صبر یہ ہے کہ نفس کو ناگواریوں پر قابو میں رکھے۔

دوسری قسم: خواص کا صبر۔ خواص کا صبر یہ ہے کہ چیں بجبیں ہوئے بغیر کڑوے گھونٹ پی جانا۔

تیسری قسم: اخص الخواص کا صبر۔ اس قسم کا صبر یہ ہے کہ آزمائش سے لذت حاصل ہو۔ اور اسی سے مرتبہ شکر اور رضاء بالقضاء کی انتہا تک پہنچ جاتا ہے۔ اور مروی ہے: اعبد الله على الرضا فان لم تستطع فالصبر على ماتكره خير كثير: کہ اللہ کے فیصلوں پر راضی ہو کر اللہ کی عبادت کرو' اگر اتنا نہ کر سکو تو ناگواریوں پر صبر کرنا خیر کثیر ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿فعسى ان تكرهوا شيئا ويجعل الله فيه خير اكثيرا﴾ ''تو ممکن ہے کہ تم ایک شے کو ناپسند کرو اور اللہ تعالیٰ اس کے اندر کوئی بڑی منفعت رکھ دے۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۲۹۵ : عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِيْ سَبْعُوْنَ اَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ هُمُ الَّذِيْنَ لَايَسْتَرْقُوْنَ وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ (متفق عليه)

اخرجه البخاری فی صحيحه ۳۰۵/۱۲ حديث رقم ٦٤٧٢ومسلم فی صحيحه ۱۹۸/۱ حديث رقم (۳۷۲-۲۱۸) واخرجه الترمذی فی السنن ٥٤٠/٤ حديث رقم ۲٤۳۷ابن ماجه ۱٤۳۱/۲ حديث رقم ٤۲۸٦ والدارمی فی السنن ٤۲۲/۲ حديث رقم ۲۸۰۷ واحمد فی المسند ٤٤۱/٤۔

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میری اُمت میں سے ستر ہزار افراد بغیر حساب جنت میں داخل ہوں گے یہ وہ لوگ ہیں نہ جو منتر کراتے ہیں اور نہ شگون لیتے ہیں اور (اپنے تمام امور میں خواہ کسی چیز کو اختیار کرنا ہو خواہ چھوڑنا) صرف اپنے پروردگار پر بھروسہ کرتے ہیں''۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: **قوله: يدخل الجنة من امتی سبعون الفابغير حساب**: ''یعنی ان کے متبعین سے قطع نظر'' یہ اُس حدیث کے منافی نہیں جس میں وارد ہوا ہے: **ان مع كل واحد منهم سبعون الفا**۔ کہ ان میں سے ہر ایک کے ساتھ ستر ہزار متبعین ہونگے۔

هم الذين لا يسترقون: یعنی جو منتر طلب نہیں کرتے مطلقاً یا مطلب یہ ہے کہ جو قرآنی کلمات اور اسماء الٰہی کے علاوہ کے ذریعہ منتر نہیں کرتے،

ولا يتطيرون: یعنی پرندے وغیرہ سے بدشگونی نہیں لیتے اور حیوانات و مسموعہ کلمات کو شر و خیر کی علامت نہیں سمجھتے بلکہ اس طرح کہتے ہیں جیسا کہ مروی ہے: **اللهم لاطير الا طيرك 'ولاخير' ولا إله غيرك 'اللهم لايأتی بالحسنات الاانت' ولا يذهب بالسيئات الاانت**۔ اے اللہ تیرے فیصلہ کے علاوہ کسی کا فیصلہ نہیں' تیری بھلائی کے علاوہ کوئی بھلائی نہیں ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ اے اللہ! تو ہی اچھے حالات پیدا کرتا ہے اور تو ہی تکالیف ختم کرتا ہے۔

''**وعلى ربهم يتوكلون**'' جو کام کرتے ہیں، اور جو کام چھوڑتے ہیں۔ (سب میں اللہ پر توکل کرتے ہیں)۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، کہ'' **لا يسترقون اور لا يتطيرون**'' دونوں جملوں کو ایک ساتھ ذکر کرنے سے استیعاب مقصود ہے۔ جیسا کہ کوئی یہ کہے: '' **لاينفع زيد ولا عمرو**'' اس کا مطلب ہوتا ہے: '' **لا ينفع انسان**'' (کوئی انسان کسی کو نفع نہیں پہنچا سکتا)۔

صاحب نہایہ فرماتے ہیں کہ مذکورہ بالا صفات اولیائے کاملین کی خصوصیات میں سے ہیں۔ یہ اولیاء اللہ دنیا کے اسباب اور وسائل سے بے اعتنائی برتتے ہیں۔ اور دنیا سے تعلق رکھنے والی کسی بھی چیز کی طرف التفات نہیں کرتے اور یہ خواص کا درجہ ہے جس تک دوسروں کی رسائی نہیں ہوتی۔ اور جہاں تک عوام کی بات ہے تو اُن کیلئے دوا حاصل کر کے علاج معالجہ کرانے میں کوئی مضائقہ نہیں اور جو شخص کسی مصیبت میں مبتلا ہونے پر اُس مصیبت پر صبر کرے۔ اور پھر دُعا کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی طرف سے کشادگی اور راحت کا منتظر ہو۔ تو وہ شخص یقیناً اولیاء اللہ اور خواص میں سے ہے۔ اور جو شخص اس پر صبر نہ کر سکے اُسکے لئے اجازت ہے کہ دُعا و تعویذ اور دوا علاج کے ذریعے اس مصیبت سے چھٹکارا حاصل کرنیکی کوشش کرے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنا سارا مال واسباب اللہ کے راستے میں خرچ کرنے کیلئے حضور علیہ السلام کی خدمت میں پیش کیا۔ تو آپ علیہ السلام نے کوئی انکار نہیں کیا کیونکہ آپ ﷺ حضرت ابوبکرؓ کے یقین اور صبر کو اچھی طرح جانتے تھے۔ اس کے برعکس ایک اور شخص نے جب کبوتر کے انڈے کے برابر ہونا، حضور علیہ السلام کی خدمت میں پیش کیا اور کہا کہ میرے پاس اس کے سوا اور کچھ نہیں تو حضور علیہ السلام نے اس کو قبول نہیں فرمایا بلکہ اُن صاحب کو یوں مارا کہ اگر اچھی طرح لگ جاتی تو زخمی ہو جاتا اور اس کو ڈانٹا بھی۔

حضور علیہ السلام کو غصہ اس وجہ سے نہیں آیا کہ وہ صحابی اپنا سارا مال خُدا کی راہ میں خرچ کرنے کیلئے لایا بلکہ اس وجہ سے ناراض ہوئے۔ کہ اُس صاحب نے یہ کہہ کر ''میرے پاس اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے'' اپنا داز اور اپنا حال ظاہر کیا نیز اس میں ریاء کاری اور شہرت کا وہم ہے۔ واللہ اعلم۔

امام نوویؒ نے مسلم کی شرح میں لکھا ہے کہ مازریؒ فرماتے ہیں، کہ بعض شارحین نے اس حدیث سے اس بات پر استدلال کیا ہے کہ دوا کے ذریعے علاج کرانا مکروہ ہے۔ لیکن اکثر علماء اس کے خلاف رائے رکھتے ہیں۔ اور انہوں نے اُن احادیث سے استدلال کیا ہے۔ جن میں ادویہ کے منافع منقول ہیں، اور اس سے استدلال کیا ہے کہ حضور علیہ السلام نے علاج کرایا ہے۔ اور اُن احادیث سے استدلال کیا ہے۔ کہ جن میں عائشہؓ سے حضور علیہ السلام کے کثرت علاج کے بارے میں منقول ہے۔ اور اسی طرح اُن روایات سے استدلال کیا ہے کہ جن میں دم وتعویذ سے علاج کرانا منقول ہے۔ جب دوا سے علاج کرنا ثابت ہے تو اس حدیث کو ان لوگوں پر محمول کیا جائے گا۔ جو یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ ادویہ بذاتِ خود نفع دیتے ہیں۔ اور اس بات کو اللہ کی طرف منسوب نہیں کرتے۔

حدیث مذکور کی مذکورہ توجیہ کرنا درست نہیں ہے۔ کیونکہ اس حدیث میں صراحت ہے کہ یہ لوگ کامل اولیاء ہیں، اور اللہ کے منتخب برگزیدہ بندے ہیں۔ چنانچہ زیادہ دُرست وہی بات ہے۔ جو صاحب نہایہ نے لکھی ہے۔ اور وہ یہ کہ اہل ہدایت کے حق میں یہ بات زیادہ بہتر ہے کہ غیر عادی اسباب کو استعمال نہ کرے اگرچہ عوام کیلئے اس طرح کرنا جائز ہے۔ اور حضور علیہ السلام نے دوا کے ذریعے جو علاج کیا ہے اس فعل کو رخصت پر محمول کیا جائے گا۔ کیونکہ حضور علیہ السلام نے عام اُمت کی رعایت کرتے ہوئے رخصت کو اختیار کیا ہے: [انما یوفی الصابرون أجرھم بغیر حساب] [الزمر۔ ۱۰] ''مستقل مزاج والوں کو ان کا صلہ بے شمار ہی ملے گا'' واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۵۲۹۶ : وَعَنْهُ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ عُرِضَتْ عَلَيَّ الْاُمَمُ فَجَعَلَ يَمُرُّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ الرَّجُلُ وَالنَّبِيُّ وَمَعَهُ الرَّجُلَانُ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ الرَّهْطُ وَالنَّبِيُّ وَلَيْسَ مَعَهُ اَحَدٌ فَرَاَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْاُفُقَ فَرَجَوْتُ اَنْ يَّكُوْنَ اُمَّتِيْ فَقِيْلَ هٰذَا مُوْسٰى فِيْ قَوْمِهٖ ثُمَّ قِيْلَ لِيْ انْظُرْ فَرَاَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْاُفُقَ فَقِيْلَ لِيْ انْظُرْ هٰكَذَا وَهٰكَذَا فَرَاَيْتُ سَوَادًا كَثِيْرًا سَدَّ الْاُفُقَ فَقِيْلَ هٰؤُلَاءِ اُمَّتُكَ وَمَعَ هٰؤُلَاءِ سَبْعُوْنَ اَلْفًا قُدَّامَهُمْ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ هُمُ الَّذِيْنَ لَايَتَطَيَّرُوْنَ وَلَايَسْتَرْقُوْنَ يَكْتُوُوْنَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ فَقَامَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ فَقَالَ اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِىْ مِنْهُمْ قَالَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ ثُمَّ قَامَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَقَالَ اُدْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِىْ مِنْهُمْ قَالَ سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ. (متفق علیہ)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۴۰۵/۱۱ حدیث رقم ۶۵۴۱ومسلم فی صحیحه ۱۹۹/۱ حدیث رقم (۳۷۴۔۲۲۰) والترمذی فی السنن ۵۴۴/۴ حدیث رقم ۲۴۴۶

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے اور ارشاد فرمایا کہ (حالت کشف یا خواب میں) مجھ پر امتوں کو (ان کے انبیاء کے ساتھ) پیش کیا گیا (یعنی ہر نبی کو اس کی امت کے ساتھ دکھایا گیا) پس (جب ان انبیاء نے اپنی امتوں کے ساتھ گزرنا شروع کیا تو ایک نبی گزرے ان کے ساتھ صرف ایک آدمی تھا (یعنی دنیا میں اس نبی کی) اور ایک نبی ایسے تھے کہ ان کے ساتھ دو افراد تھے ایک اور نبی گزرا تو اس کی معیت میں پوری ایک جماعت تھی اور پھر ایک نبی ایسا بھی گزرا کہ ان کے ہمراہ ایک بھی شخص نہیں تھا (یعنی دنیا میں کوئی بھی ان کا پیروکار نہ بن سکا) اس کے بعد میں نے (اپنے سامنے) ایک بہت بڑا گروہ دیکھا جو آسمان کے کناروں تک پھیلا ہوا تھا (اتنی بڑی امت دیکھ کر) مجھے امید ہوئی کہ یہ میری امت ہوگی۔ لیکن مجھے بتایا گیا کہ یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی امت کے ہمراہ ہیں (یعنی ان کے ساتھ جوان پر ایمان لائے تھے) پھر مجھ سے کہا گیا کہ ذرا آپ ﷺ (نگاہ) اٹھا کر تو دیکھئے میں نے (جو نظر اٹھائی تو اپنے سامنے) ایک بہت وسیع ہجوم کا نظارہ کیا جو آسمان کے کناروں تک پھیلا ہوا ہے (میں اتنا بڑا انبوہ دیکھ کر مطمئن ہو گیا اور خدا کا شکر ادا کیا) پھر مجھ سے کہا گیا کہ (آپ ﷺ) اس انبوہ کو بس نہ سمجھئے آپ (ﷺ) اس سے کہیں زیادہ لوگوں کو دیکھیں گے) ذرا اِدھر اُدھر یعنی دائیں بائیں بھی نظر گھما کر تو دیکھئے چنانچہ میں نے (دائیں بائیں) نگاہ پھیر کر) دیکھا تو (دونوں جانب) بے پناہ ہجوم تھا جو آسمان کے کناروں تک پھیلا ہوا تھا۔ اس کے بعد (مجھے) کہا گیا کہ (آپ ﷺ) کے سامنے اور دائیں بائیں آسمان کے کناروں تک جو انسانوں کا ایک بحر بیکراں دکھائی دے رہا ہے) یہ سب آپ (ﷺ) کی امت کے لوگ ہیں اور ان کے ساتھ (یعنی منجملہ ان لوگوں کے یا ان کے علاوہ مزید) ان کے آگے ستر ہزار لوگ ایسے ہیں جو جنت میں بغیر حساب کے داخل ہوں گے اور یہ وہ لوگ ہوں گے جو نہ بدشگون نہیں لیتے ہیں نہ منتر پڑھواتے ہیں اور نہ اپنے جسم کو داغواتے ہیں اور اپنے پروردگار پر پورا بھروسہ کرتے ہیں۔ یہ سن کر ایک صحابی عکاشہؓ بن محصن کھڑے ہوئے اور درخواست کی کہ (یا رسول اللہ ﷺ) اللہ تعالیٰ سے دعا فرمایئے کہ وہ مجھے انہی لوگوں میں شامل فرما دے (جو خدا پر مکمل اعتماد کرتے ہیں اور بغیر حساب جنت میں داخل ہوں گے) حضور ﷺ نے دعا فرمائی ''الٰہی عکاشہ'' کو ان لوگوں میں شامل فرما دے'' پھر ایک اور شخص کھڑا ہوا اور اس نے بھی عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ سے دعا فرما دیجئے کہ وہ مجھے ان لوگوں میں شامل فرما دے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اس دعا کے سلسلہ میں عکاشہؓ تجھ سے سبقت لے گئے''۔

تشریح: قوله: فقال عرضت علی الامهم۔۔۔۔ ولیس معه أحد:

فجعل یمر النبی لام تعریف جنس کیلئے ہے اور لام جنس وہ ہے جس کے مدخول کی حقیقت ہر ایک کو معلوم ہو۔ چنانچہ لام جنس کا مدخول بمنزلہ نکرہ کے ہوتا ہے۔ لہٰذا معنی یہ ہے کہ جس وقت اُمتوں کو مجھ پر پیش کیا گیا تو اُن کے نبی ان میں موجود تھے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور یہاں نبی سے مراد رسول ہیں جو تبلیغ احکام کا مامور ہے اور، رجولیت، (مرد ہونے) کی قید واقعی اور اکثری ہے یا مثالی قضیہ ہے اور اس سے مراد وحدت، تثنیہ اور جمع ہے۔

قولہ: فرأیت سوادا کثیرا ـــــ ھذا موسی فی قومہ:

قولہ: ثم قیل لی انظر یدخلون الجنة بغیر حساب: گویا کہ حضور علیہ السلام نے اس وقت اپنا سر مبارک جھکا دیا تھا۔ اور حیاء کی وجہ سے اس اُمتوں کے گروہ سے اعراض کیا۔ اس لئے آپ ﷺ سے عرض کیا گیا کہ آپ دیکھے آپ کو افراد کی جماعت نظر آئیگی۔ اس منظر کو دیکھ کرو۔

سبعون الفا قدامھم: اور امیں اُمت کیلئے بہت بڑی منقبت ہے۔

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ بھی ہوسکتا ہے کہ آپ کی اُمت کے یہ ستر ہزار افراد اُن کے علاوہ ہیں۔ اور یہ معنی بھی ہوسکتا ہے کہ منجملہ اُن کے ستر ہزار افراد ایسے بھی ہیں۔ اس دوسرے معنی کی مائید بخاری کی اس روایت سے ہوتی ہے جس کے الفاظ ہیں: "**ھذہ امتك ویدخل الجنة من ھؤلاء سبعون الفا**"

ھم الذین لا یتطیرون الخ: جملہ استینافیہ ہے۔

قولہ: ولا یکتوون: سوائے بقدر ضرورت کے کیونکہ بعض صحابہ نے داغ لگوائے ہیں ان میں سے سعد بن ابی وقاص بھی ہے۔ جو کہ عشرہ مبشرہ میں سے ہے۔ یا معنی یہ کہ مطلقاً یہ لوگ داغ نہیں لگواتے کیونکہ اللہ کے تقدیر وقضاء پر راضی ہوتے ہیں، اور (مصیبت کے دفع کرنے کی بجائے) اس سے ایک خاص لذت محسوس کرتے ہیں، اور ان کو اس بات کا مکمل یقین ہے۔ کہ فائدہ اور نقصان پہنچانے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے اور حقیقت میں اللہ کے سوا کوئی مؤثر نہیں۔ گویا مرتبہ مشہور پر فائز ہوتے ہیں۔ اور ان کی نظر میں ان کا وجود اور عدم برابر ہے اور انہیں نفسانی خواہشات کے اعتبار سے فنا کا مقام حاصل ہوتا ہے اور اپنے نفوس کی نگرانی کر کے اللہ کے حقوق کی ادائیگی کرتے ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: [وعلی ربھم یتوکلون] اپنے پروردگار پر توکل کرتے ہیں۔"

قولہ: فقام عکاشة بن محصن فقال ادع اللہ یجعلنی منھم:

عکاشہ: عین کے ضمہ کے ساتھ اور کاف کی تشدید یا تخفیف کے ساتھ جیسا کہ قاموس اور معنی میں ہے۔

حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ نے کتنا اچھا اور قیمتی سوال کیا اور حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کا یہ سوال اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ حضرت عکاشہؓ ایک کامل شخصیت تھے اور عقلمندی کے بلند مرتبہ تک پہنچ چکے تھے۔ اس لئے کہ انہیں یہ بات معلوم ہوئی کہ اس حال اور مقام تک پہنچنے کا واحد راستہ یہی ہے۔ **قولہ: ثم قام رجل آخر** ..... کہ حضور علیہ السلام اللہ سے دُعا کریئے۔ اور دُعا وسیلہ بن جائے (عکاشہؓ) اُن کے اعمال جیسے اعمال کا ارادہ کر چکے تھے بلکہ اُن کے اوصاف جیسے اوصاف کے ساتھ متصف تھے، اور دوسرے شخص نے کسی عمل اور صفت کا اہتمام اور قصد کیے۔ بغیر صرف تمنا کی اور کسی ایمانی صفت کے ساتھ متصف ہوئے، بغیر صرف تقلید کرتے ہوئے دُعا طلب کی۔

اس واقعہ میں عکاشہؓ کی سبقت کو واضح کیا گیا۔ جیسا کہ حدیث میں وارد ہوا ہے: "**ان الصبر عند الصدمة لاولی**"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(اصل صبر تو پہلے صدمہ کے وقت ہوتا ہے) اور شاید دوسرے شخص کیلئے دُعا اس وجہ سے نہیں کی کہ اس طرح اس بات کا دروازہ کھل جائے گا۔ کہ صرف دُعا پر اکتفاء کرینگے۔ ابن الملک فرماتے ہیں کہ دوسرے شخص کیلئے اس وجہ سے دُعا نہیں مانگی کہ حضور علیہ السلام کو اللہ کی طرف سے اُس مجلس میں صرف ایک ہی شخص کے حق میں دُعا کرنے کی اجازت دی گئی تھی۔

حضور علیہ السلام کے اس ارشاد گرامی میں اس بات کی ترغیب ہے کہ نیک بزرگانِ دین سے دعاؤں کی درخواست کی طرف سبقت اور جلدی کرنی چاہئے کیونکہ تاخیر میں آفات ہیں۔ بعض شارحین نے لکھا ہے۔ کہ حضور علیہ السلام نے دوسرے شخص کیلئے دعا اسلئے نہیں کی کہ یہ دوسرا شخص دراصل منافق تھا۔ چنانچہ حضور علیہ السلام نے حُسن اخلاق کی وجہ سے ایک محمل جواب دیا اور صراحۃ یہ نہیں فرمایا کہ تم ان لوگوں میں سے نہیں ہو۔ انتہیٰ۔

بعض نے یہ جواب بھی دیا ہے۔ کہ وحی کے ذریعے حضور علیہ السلام کو صرف عکاشہؓ کے حق میں دُعا کی اجازت دی گئی تھی اور یہ اجازت اُس دوسرے شخص کے حق میں نہیں تھی۔

قاضی عیاضی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ کہ بعض شراح حدیث کے نزدیک دوسرا شخص اپنی باطنی حیثیت کے اعتبار سے اس منزلت کا مستحق نہیں تھا اور اس مرتبہ کے لوگوں کی صفات کے ساتھ متصف نہیں تھا۔ بخلاف عکاشہ کے علامہ طیبی کی شرح میں لکھا ہے۔ کہ شیخ فرماتے ہیں کہ خطیب بغدادی نے اپنی کتاب "الاسماء المبهمة" میں لکھا ہے کہ کہا جاتا ہے کہ یہ شخص سعدؓ بن عبادہ ہیں اگر یہ بات دُرست ہو تو اُن لوگوں کی بات باطل ہو جائیگی جو یہ کہتے ہیں کہ یہ شخص منافق تھا۔

۵۲۹۷ : وَعَنْ صُهَيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجَبًا لِاَمْرِ الْمُؤْمِنِ اِنَّ اَمْرَهُ كُلَّهُ لَهُ خَيْرٌ وَلَيْسَ ذٰلِكَ لِاَحَدٍ اِلَّا لِلْمُؤْمِنِ اِنْ اَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَهُ وَاِنْ اَصَابَتْهُ ضَرَّآءُ صَبَرَ فَكَانَ خَيْرًا لَهُ. (رواه مسلم)

اخرجه مسلم فی صحيحه ٢٢٩٥/٤ حديث رقم (٦٤-٢٩٩٩) واخرجه الدارمی فی ٤٠٩/٢ حديث رقم ٢٧٧٧ واحمد فی المسند ١٧٧/١

ترجمہ: "حضرت صہیب رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "مومن کا معاملہ اور شان بھی انوکھی ہے کہ اس کی ہر حالت اس کے لئے خیر و بھلائی کا باعث ہے اور ایسا معاملہ صرف مؤمن کے ساتھ مخصوص ہے کوئی اور اس کے وصف میں شریک نہیں ہے اگر اس کو (رزق و فراخی و وسعت راحت، چین، صحت و تندرستی، نعمت و لذت اور طاعت و عبادت کی توفیق کی صورت میں) خوشی ملتی ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کی شکر گزاری کرتا ہے، بس یہ شکر اس کے لئے باعث خیر و بھلائی بن جاتا ہے اور اگر اس کو (فقر و افلاس، مرض و تکلیف، رنج و الم اور آفات و حادثات کی صورت میں) مصیبت آ پہنچتی ہے تو وہ اس پر صبر کرتا ہے۔ پس یہ صبر بھی اس کے لئے باعث خیر و بھلائی میں جاتا ہے"۔ (مسلم)

تشریح: **قوله: عجبا لأ مر المؤمن ان أمره كله له خير:**

ان امره كله: نصب کے ساتھ اور رفع بھی جائز ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری: [قل ان الامر كله لله] [آل عمران-١٥٤] دونوں اعراب کے ساتھ پڑھا گیا ہے یعنی اس کے تمام امور انجام کے اعتبار سے اس کے لئے بہتر ہے۔ اگرچہ بعض امور ظاہری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طور پر فی الحال بُرے اور ناگوار ہیں۔ظرف (جار اور مجرور) کو اہتمام کی وجہ سے مقدم کیا گیا۔

وليس ذلك لأ حدالا للمؤمن:

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ضمیر کی بجائے اسم ظاہر کو ذکر کیا تا کہ علیت پر دلالت کرے۔انتہی ،ملاعلی قاری فرماتے ہیں، کہ اس میں اشکال ہے کیونکہ علیّت پر دلالت کرنے میں اسم ظاہر اور اسم مضمر دونوں برابر ہیں،شاید اس طرح کرنے میں یہ نکتہ ہے کہ صراحتاً دلالت ہوجائے کیونکہ (ضمیر کے ذریعے) اشارہ کرنے سے اسم ظاہر ذکر کرنے میں تاکید ہے۔اس کے بعد مزید وضاحت کیلئے حضور علیہ السلام نے اچھی بات فرما

قوله: ان اصابته سراء شكر فكان خير اله..... اسی وجہ سے بعض عارفین کی یہ بات واضح ہوگئی جو یہ کہتے ہیں کہ مطلقاً صابر فقیر کے شاکر غنی سے افضل ہونے کا قول درست نہیں ہے۔حالت تفویض وتسلیم اولیٰ ہے اور وقت کے مقتضی کے مطابق بجا آوری اختلاف احوال اور تفاوت حال کے اعتبار سے اعلیٰ ہے۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿**والله يعلم وانتم لا تعلمون**﴾ [البقرة:٢١٦] ''اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور تم (پورا پورا) نہیں جانتے۔''

نیز ارشاد باری ہے: ﴿**ان ربك يبسط الرزق لمن يشاء ويقدر انه كان بعباده خيرا بصيرا**﴾ [الاسراء:٣٠] ''بلاشبہ تیرا رب جس کو چاہتا ہے زیادہ رزق دیتا ہے اور وہی تنگی کر دیتا ہے۔بے شک وہ اپنے بندوں کو خوب جانتا ہے دیکھتا ہے''۔

حدیث قدسی میں ہے: **ان من عبادى من لايصلحه الا الفقر 'فلو أ غنيته لفسد حاله 'وان من عبادى من ليلصلحه الا الغنى 'فلو أ فقر ته لضاع حاله** ۔میرے بندوں میں سے بعض بندے ایسے ہیں،جن کی اصلاح صرف فقر سے ہوتی اگر میں ان کو مال دے دوں تو ان کی حالت بگڑ جائیگی۔اور اسی طرح میرے بندوں میں سے بعض ایسے ہیں،جن کی اصلاح صرف مالداری سے ہوتی ہے۔اگر میں ان کو فقیر بنادوں تو ان کی حالت بگڑ جائے۔

اسی وجہ سے حضرت عمرؓ فرماتے ہیں کہ فقر اور مالداری دو سواریاں ہیں مجھے کوئی پرواہ نہیں کہ کسی پر بھی سوار ہوجاؤں۔

اسی بناء پر اس میں بھی اختلاف ہوا ہے۔کہ اللہ کی عبادت کیلئے عمر کی درازیٔ طلب کرنا افضل ہے یا فتنہ کے خوف سے موت طلب کرنا افضل ہے۔اسی طرح اللہ کی عبادت کیلئے عمر کا طول طلب کرنا افضل ہے یا اللہ کی ملاقات کے شوق سے موت طلب کرنا افضل ہے لہٰذا قابل اعتماد قول یہی ہے۔کہ احوال وافراد کے اختلاف سے حکم کا اختلاف ہوتا ہے۔جیسا کہ حضور علیہ السلام نے اپنی دُعا میں ارشاد کیا **اللهم أحينى ما كانت الحياة خيرا لى وتوفنى اذا كانت الوفاة خيرا لى' واجعل الحياة زيادة لى فى كل خير'واجعل الموت راحة لى من كل شى**''اے اللہ! مجھے اُس وقت تک زندہ رکھ جب تک زندہ رہنا میرے حق میں بہتر ہو اور جس وقت مرنا میرے حق میں بہتر ہو تو مجھے موت دیدو اور زندگی کو میرے لئے ہر خیر کی زیادتی کا ذریعہ بنا اور موت کو میرے لئے ہر شر سے چھٹکارے کا ذریعہ بنا۔''

اور یہ صرف کامل مؤمن کی شان ہے کہ ہر حالت میں (فراخی وتنگی میں) اس کے لئے بھلائی اور خیر ہے۔اسلئے کہ انسان اگر کامل مؤمن نہ ہو تو اگر اس کو فراخی اور وسعت حاصل ہو تو اکڑتا ہے اور ہٹ دھرمی کرتا ہے۔اور اگر تنگی اور فقر آجائے تو جزع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فزع کرتا ہے۔ بخلاف مؤمن کامل کے اس کی حالت ایسے ہوتی ہے جیسا کہ ایک صاحب کمال کہتا ہے:

اذا کان شکر نعمة الله نعمة
علی له فی مثلها یجب الشکر

جب اللہ کی نعمت کا شکر ادا کرنا بھی مجھ پر ایک نعمت ہے تو اس کا شکر بھی واجب ہے۔

فکیف بلوغ الشکر الا بفضله
وان طالت الایام واتسع العمر

انسان صرف اللہ کے فضل سے ہی شکر کے حق تک پہنچ سکتا ہے اگر زمانہ طویل ہو اور عمر لمبی ہو جائے تو پھر کیسے ہو۔

اذامس بالنعماء عم سرورها
وان مس بالضراء اعقبه الاجر

اگر انسان کو اللہ کسی نعمت سے نوازے تو خوشی حاصل ہوتی ہے۔ اگر آزمائش میں مبتلا کر دے تو اس پر اللہ اجر دیتا ہے۔

تخریج: اسی طرح امام احمد نے بھی اس کو نقل کیا ہے۔ اور امام احمد اور ابن حبان نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً نقل کیا ہے: **عجبت للمؤمن ان الله تعالٰی لم یقض له قضاء الا کان خیرا له۔**

''مجھے مؤمن بہت اچھا لگتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے لئے جو بھی فیصلہ کرتا ہے تو اس میں اس کے لئے خیر ہے۔''

طیالسی اور بیہقی نے شعب الایمان میں حضرت سعدؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے: **عجبت للمسلم اذا اصابته مصیبته احتسب وصبر ،واذا أصابه خیر حمد الله وشکر ،ان المسلم یؤجر فی کل شیئ حتی فی اللقمة یرفعها الی فیه۔**

مجھے مسلمان پر تعجب ہے جب اس کو مصیبت پہنچتی ہے اور اس پر صبر کرتا ہے (صبر کا اجر ملتا ہے) اور جب اس کو کوئی بھلائی ملتی ہے اور اس پر اللہ کا شکر کرے (شکر کا اجر ملتا ہے) اور مسلمان کو ہر حالت میں اجر ملتا ہے۔ یہاں تک کہ جو لقمہ منہ تک اُٹھاتا ہے، (اس پر بھی اجر ملتا ہے)

۵۲۹۸ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْمُؤْمِنُ الْقَوِیُّ خَیْرٌ وَاَحَبُّ اِلَی اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِیْفِ وَفِیْ کُلٍّ خَیْرٌ اِحْرِصْ عَلٰی مَا یَنْفَعُكَ وَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَلَا تَعْجِزْ وَاِنْ اَصَابَكَ شَیْءٌ فَلَا تَقُلْ لَوْ اَنِّیْ فَعَلْتُ کَانَ کَذَا وَکَذَا وَلٰکِنْ قُلْ قَدَّرَ اللّٰهُ وَمَاشَآءَ فَعَلَ فَاِنَّ لَوْ تَفْتَحُ عَمَلَ الشَّیْطَانِ (رواه مسلم)

اخرجه مسلم فی صحیحه ۲۰۵۲/٤ حدیث رقم (۳٤-۲٦٦٤)وابن ماجه فی ۱۳۹۵/۲ حدیث رقم (۳٤-۲٦٦٤) واخرجه احمد فی المسند ۳۷۰/۲

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''قوی مومن'' (ضعیف مومن سے) بہتر اور خدا کے نزدیک زیادہ محبوب ہے اور ہر مسلمان (خواہ وہ قوی ہو یا ضعیف) اپنے اندر نیکی و بھلائی رکھتا ہے۔ (یعنی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کوئی مسلمان نیک صفات سے مکمل خالی نہیں ہوتا بلکہ ہر شخص میں کوئی نہ کوئی خوبی ضرور ہوتی ہے کیونکہ تمام نیکیوں اور بھلائیوں کا بنیادی منبع اور مادی ایمان ہے اور بنیادی ایمان ہر مسلمان میں ہوتا ہے) جو چیز تمہیں (دین اخروی کے اعتبار سے) نفع والی ہو اس کی حرص پیدا کرو خدا تعالیٰ سے (نیک عمل کرنے کی) مدد و توفیق مانگا کرو اور اس (طلب مدد و توفیق سے عاجز اور سست نہ ہو (کیونکہ اللہ تعالیٰ تمہیں اطاعت اور عبادت کی توفیق بخشنے پر پورے طور پر قادر ہے بشرطیکہ تم اس کی استعانت پر سیدھی طرح قائم رہو۔ اور بعض حضرات نے اس کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ تم اس چیز پر عمل کرنے سے عاجز نہ رہو جس کا تمہیں حکم دیا گیا ہے۔) نیز اگر تمہیں (دین و دنیا) کی کوئی مصیبت تکلیف پہنچے تو یوں نہ کہو "اگر میں اس طرح کرتا تو ایسا ہوتا (بلکہ زبان قال یا زبان حال سے) یہی کہو کہ "اللہ تعالیٰ نے یہی مقدر کیا تھا"۔ لہٰذا جو کچھ بھی پیش آیا ہے قضاء و قدر الٰہی کے عین مطابق ہی پیش آیا ہے) اور اللہ جو کچھ چاہتا ہے کرتا ہے"۔ اور یہ اس لئے کہ "اگر" اور "کاش" کا لفظ شیطانی عمل دخل کا دروازہ کھول دیتا ہے (اور دل میں یہ غلط وسوسہ اور خیال جاگزیں ہو جاتا ہے کہ ہر کام کا انجام ہماری ہی تدبیر سے نکلتا ہے تقدیر الٰہی کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔" (مسلم)

تشریح: قوله: المؤمن القوی خیر و احب ۔۔۔ وفی کل خیر:

"القوی" سے مراد ہے جو زیادہ سے زیادہ عبادت کرنے پر قادر ہو۔

غیر و أحب:

"الضعیف" سے مراد ہے وہ شخص جو زیادہ سے زیادہ عبادت کرنے سے عاجز ہو۔

بعض شارحین فرماتے ہیں، کہ "مؤمن قوی" سے مراد وہ شخص ہے جو لوگوں کے ساتھ اختلاط پر صبر کرنے والا ہو اور لوگوں کی اذیتوں کو برداشت کرنے والا ہو اور لوگوں کو خیر کی باتیں سکھانے اور سیدھی راہ کی طرف رہنمائی کرنے والا ہو۔ اور اس کی تائید اس روایت سے ہوتی ہے۔ جس کو امام احمد نے ابن عمرؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے: **المؤمن الذی یخالط الناس ویصبر علی اذاهم افضل من المؤمن الذی لایخالط الناس ولا یصبر علی اذاهم۔**

"وہ مؤمن جو لوگوں کے ساتھ اختلاط کرے اور لوگوں کی اذیتوں پر صبر کرے یہ بہتر ہے۔ اُس مؤمن سے جو نہ لوگوں کے ساتھ اختلاط رکھے اور نہ لوگوں کی اذیتوں پر صبر کرے۔"

بعض شارحین فرماتے ہیں، کہ "مؤمن قوی" سے مراد وہ شخص ہے جو ایمان میں قوی ہو اور یقین میں پختہ ہو اس طرح کہ اسباب پر اس کی نظر نہ ہو اور مسبّب الاسباب پر نظر ہو اور "مؤمن ضعیف" اس کے برخلاف ہے۔ جو ایمان کے ادنیٰ مرتبہ پر ہو۔

امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، کہ قوت سے مراد "آخرت کے امور میں نفس کا عزم" ہے چنانچہ اس عزم والا جہاد اور غزوات میں زیادہ اقدام کرتا ہے۔ اور علم کو طلب کرنے کیلئے زیادہ تر گھر سے نکلتا ہے۔ اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں زیادہ پختہ ارادہ رکھتا ہے۔ اور ان تمام اُمور میں آنے والی اذیتوں پر صبر کرتا ہے اور ارشادِ نبوی "فی کل خیر" کا مطلب یہ ہے کہ قوی مؤمن اور ضعیف مؤمن دونوں میں خیر ہے۔ کیونکہ صفت ایمان میں دونوں مشترک ہیں، نیز مؤمن ضعیف ایمان کے ساتھ کچھ اعمال صالحہ بھی کرتا ہی ہے۔

قوله: احرص علی ماینفعك واستعن بالله ولا تعجز:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

احرص اء کے کسرہ کے ساتھ اور اسی سے ارشاد باری ہے: ﴿ان تحرص علی هداهم﴾ [النحل:۳۷] ''ان کے راہِ راست پر آنے کی اگر آپ کو تمنا ہے'' اور ایک نسخہ میں ''راء'' کے فتحہ کے ساتھ۔ قاموس میں ہے۔ ''حرص'' ضرب سے بھی ہے سمع سے بھی اور معنی یہ ہے کہ حرص کرو۔

واستعن باللہ: اپنے کاموں میں کیونکہ اللہ کی توفیق سے ہی بندہ گناہ سے بچتا ہے اور نیکی کا کام کرتا ہے۔

ولا تعجز: جیم کے کسرہ کے ساتھ اور اسی مادہ سے ارشاد باری ہے: [اعجزت] [المائدۃ:۳۱] اور ایک نسخہ میں ''جیم'' کے فتحہ کے ساتھ چنانچہ قاموس میں ہے۔ عجز، ضرب، سے بھی ہے اور سمع، سے بھی مطلب یہ ہے کہ حرص کرنے اور اللہ سے مدد طلب کرنے سے عاجز نہ بن کیونکہ اللہ تعالیٰ اس بات پر قادر ہے۔ کہ تمہیں اپنی عبادت کی قوت دے، جب تم استقامت کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے مدد مانگتے رہو۔

بعض شارحین نے یہ معنی بیان کیا ہے، کہ تجھے جس عمل کا حکم دیا جاتا ہے اس عمل سے عاجز نہ بن اور صرف اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرنے پر اکتفا کر کے عمل نہ چھوڑ و کیونکہ کامل ایمان یہ ہے کہ بندہ عمل بھی کرے اور اللہ تعالیٰ سے مدد بھی طلب کرتا رہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہ بھی کہا جا سکتا ہے۔ کہ اس مقام پر لف ونشر مرتب ہے چنانچہ'' احرص علی ماینفعك ولا تترك الجهد'' قوی کا بیان ہے اور'' لا تعجز'' ضعیف کا بیان ہے۔

قوله: وان اصابك شيئ فلاتقل :لو۔۔۔وما شاء فعل: کیونکہ ایسی بات درست نہیں ہے اور کوئی فائدہ بھی نہیں دیتی کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿قل لن يصيبنا الا ماكتب الله لنا﴾ [التوبۃ:۵۱] ''کہہ دو کہ ہمیں صرف وہی پہنچے گا جو اللہ نے ہمارے لئے لکھ دیا ہے۔''

اور حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے ماأصابك لم يكن ليخطئك وما أ خطأك لم يكن ليصبك ۔ کہ جو مصیبت تمہیں پہنچے اس مصیبت نے تم سے چوکنا نہیں تھا۔ اور جو مصیبت تجھ سے چوک جائے اس نے تجھے پہنچنا نہیں تھا''۔ نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿لكيلاتاسوا على مافاتكم﴾ [الحدید:۲۳] ''تا کہ جو چیز تم سے جاتی ہے تم اس پہ رنج نہ کرو۔''

''قدر'' دال کی تشدید کے ساتھ یعنی یہ کہہ دو کہ اللہ نے اس طرح مقدر کیا تھا، اور دال کی تخفیف بھی جائز ہے۔ یعنی اس طرح اللہ کے فیصلہ کا مقتضی ہے اور اللہ کی طرف سے مقرر کردہ ہے۔

یعنی اللہ نے جس کے کرنے کا (فعل) کیونکہ اللہ جس چیز کا ارادہ کرتا ہے اس کو کر گزرتا ہے اور اللہ کے فیصلہ کو کوئی رد نہیں کر سکتا اور نہ اللہ کے فیصلہ کو مؤخر کر سکتا ہے۔

www.KitaboSunnat.com

قوله: فان لوتفتح عمل الشيطان:

یعنی کلمہ شرط یا لفظ '' ان'' ۔

علامہ شاطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، کہ لفظ، لم، لو، ''اور لیت'' مصابیح کے بعض شارحین فرماتے ہیں کہ لفظ، لو، اور اس کے معنی کا اعتقاد رکھنا بندے کو ''تقدیر'' کی تکذیب تک پہنچاتا ہے یا اللہ کے فیصلوں پر ناراضگی تک پہنچاتا ہے: اسلئے کہ مقدر جب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایسے کام کی صورت میں ظاہر ہو جائے جو بندے کو ناگوار گزرے تو بندہ کہتا ہے۔ اگر میں اس طرح کرتا تو اس طرح نہ ہوتا حالانکہ علم الٰہی میں یہ بات مقرر اور طے ہو چکی ہے۔ کہ اس شخص نے ایسا ہی کرنا ہے اور وہی ہوگا جو ہو گیا اور حضور علیہ السلام نے ''ولکن قدر اللہ وماشاء فعل'' فرما کر ایسی بات کی طرف اشارہ کیا اور لفظ، لو، تمام احوال اور تمام صورتوں میں مکروہ نہیں ہے۔ بلکہ لفظ ''لو'' کی ممانعت ایسی بات کے متعلق ہے جس میں تقدیر الٰہی کے ساتھ معارضہ ہو اور کسی دنیاوی امر کے فوت ہونے پر افسوس کا اظہار ہو ورنہ تو قرآن میں بھی اس طرح وارد ہوا ہے:[لو کنتم فی بیوتکم لبرز الذین کتب علیھم القتل] [آل عمران ۔۱۵۴] اور اسی طرح حدیث میں بھی وارد ہوا ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا:'' لوانی استقبلت من امری ما استدبرت'' (اگر مجھے پہلے سے معلوم ہوتا جو بعد میں معلوم ہوا) اسلئے کہ اس سے تقدیر الٰہی کا معارضہ مقصود نہیں ہے۔

قاضی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ'' فان لو تفتح'' کا معنی یہ ہے کہ اگر یہ معاملہ میرے پاس ہوتا، اور میں اس کام کے کرنے اور نہ کرنے میں آزاد ہوتا، یُوں یُوں ہو جاتا اور اس میں فوت شدہ امر پر افسوس ہے اور تقدیر الٰہی کا معارضہ ہے۔ اور اس بات پر دلالت ہے کہ جس کام کو میں اپنے اختیار سے اپنی رائے کے مطابق کرتا ہوں یہ بہتر ہے۔ اس کام سے جو تقدیر الٰہی سے مجھے ملا اسلئے کہ ''لو'' زمانہ ماضی میں کسی ایک امر کے انتفاء سے دوسرے امر کے انتفاء پر دلالت کرتا ہے۔ اس لئے حضور علیہ السلام نے اس کو مکروہ بتایا اور اُن امور میں سے بتایا جو شیطان کا دروازہ کھولتے ہیں، اور حضور علیہ السلام کا فتح حج کے سلسلہ میں یہ ارشاد گرامی'' ولو انی استقبلت من امری ماستدبرت'' اِس قبیل سے نہیں ہے۔ بلکہ اس بات سے حضور علیہ السلام کا مقصود صحابہ کے دلوں کو خوش و مطمئن کرنا اور صحابہ کو عمرہ کے اعمال کے بعد احرام کھولنے کی ترغیب دینا تھا۔

امام نووی نے مسلم کی شرح میں لکھا ہے کہ قاضی عیاض رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ لفظ، لو کی ممانعت اس شخص کے واسطے ہے جو اس بات پر پختہ اعتقاد رکھتے ہوئے ایسی بات کرے۔ اور جہاں تک حضرت ابوبکر صدیق کے قول'' لوان احدھم رفع راسہ لرآنا'' کا تعلق ہے تو اس میں کوئی دلیل نہیں اسلئے کہ ابوبکر صدیقؓ نے امر مستقبل کی خبر دی ہے۔ اسی طرح حضور علیہ السلام کا قول'' لو کنت راجما بغیر بینۃ لرجمت ھذا'' اور اس جیسے اور اقوال میں تقدیر الٰہی کے ساتھ کوئی معارضہ اور اعتراض نہیں ہے اسلئے اس میں کوئی کراہت بھی نہیں ہے۔ کیونکہ ان میں تو اُن امور کے بارے میں اعتقاد کی خبر دی ہے۔ جن امور میں اگر مانع نہ ہوتو وہ کر لیتے تھے۔ اور اُن امور کے بارے میں خبر دی ہے۔ جو قدرت میں ہے اور گذشتہ امور تو ان پر انسان کو قدرت نہیں ہوتی۔

'' فان لو تفتح عمل الشیطان'' کا معنی یہ ہے کہ شیطان انسان کے دل میں تقدیر الٰہی کا معارضہ القاء کرتا ہے۔ اور اس کا وسوسہ ڈالتا ہے۔ شیخ فرماتے ہیں کہ'' لو'' کا استعمال ماضی کے امور کے بارے میں بھی وارد ہوا ہے۔ جیسا کہ ارشاد نبوی ہے:''لو استقبلت من امری ما استدبرت لم اسق الھدی'' چنانچہ بظاہر لفظ'' لو'' کی ممانعت اُن امور سے متعلق ہے جن میں کوئی فائدہ نہ ہو لہٰذا یہ نہی تنزیہی ہے نہی تحریمی نہیں ہے۔ اور جو شخص اللہ کی اطاعت و عبادت کے فوت ہو جانے پر اظہار افسوس کیلئے لفظ'' لو'' کہے یا اپنی معذوری بیان کرنے کی غرض سے کہے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اور احادیث میں جو یہ لفظ منقول ہوا ہے۔ تو اُس کو اسی صورت پر محمول کیا گیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں کہتا ہوں اللہ کی اطاعت کے فوت ہو جانے پر افسوس کرنے پر ثواب ملتا ہے۔ چنانچہ اس کو مستحب امور میں شمار کیا جاتا چاہیے۔ امام رازیؒ نے اپنی کتاب مشیخت میں ابوعمرو سے نقل کیا ہے۔ کہ جس شخص نے اپنی کسی دنیاوی چیز کے فوت ہو جانے پر افسوس کیا۔ وہ ایک ہزار سال کی مسافت کے بقدر دوزخ کے قریب ہو جاتا ہے۔ اور جس شخص نے اپنے کسی دینی عمل کے ضائع ہونے پر افسوس کیا تو وہ ایک ہزار سال کی مسافت کے بقدر جنت کے قریب ہو جاتا ہے۔ اس کو علامہ سیوطی نے جامع میں ذکر کیا ہے۔

تخریج: اس حدیث کو جزری نے "الحصن" میں ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:

"من وقع له مالا يختاره فلا يقل لو انى فعلت كذا وكذا لكان كذا وكذا، ولكن ليقل بقدر الله وماشاء فعل"

اس کو مسلم، نسائی، ابن ماجہ اور ابن السنی نے نقل کیا ہے۔ لیکن نسائی اور ابن السنی نے "بقدر الله" کی بجائے "قدر الله" نقل کیا ہے۔ اور اس لفظ کو بصیغہ فعل تشدید اور تخفیف کے ساتھ بھی نقل کیا گیا۔ اور مصدر مرفوع کے ساتھ مضاف ہونے کی صورت میں بھی نقل کیا گیا ہے۔ اسی طرح نسائی اور ابن السنی نے "فعل" کی بجائے "صنع" کا لفظ نقل کیا ہے۔ اور ابوداؤد، نسائی اور ابن السنی نے عوف بن مالک اشجعی سے مرفوعاً نقل کیا ہے: **من غلبه امر فليقل: حسبى الله ونعم الوكيل** ۔ جس کو کوئی بات پریشان کر دے۔ تو اُس کو چاہیے "حسبى الله ونعم الوكيل" کہے۔

۵۲۹۹ : عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّكُمْ تَتَوَكَّلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهٖ لَرَزَقَكُمْ كَمَا يَرْزُقُ الطَّيْرَ تَغْدُوْا خِمَاصًا وَتَرُوْحُ بِطَانًا۔

(رواه الترمذى وابن ماجة)

اخرجه الترمذى فى السنن ٤٩٥/٤ حديث رقم ٢٣٤٤ وابن ماجه ١٣٩٤/٢ حديث رقم ٤١٦٤ واحمد فى المسند ٣٠/١

ترجمہ: "حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: "حقیقت یہ ہے کہ اگر تم خدا تعالیٰ پر یوں توکل و اعتماد کرو جیسا کہ بھروسہ کرنے کا حق ہے تو یقیناً وہ تمہیں اسی طرح روزی دے گا جس طرح کہ پرندوں کو رزق عنایت کرتا ہے وہ (پرندے) صبح کو بھوک کی حالت میں نکلتے ہیں اور شام کو سیر ہونے کی حالت میں (اپنے گھونسلوں میں) لوٹ آتے ہیں"۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

تشریح: **تتوكلون**: جامع کی ایک روایت میں ایک تاء کے بغیر نقل کیا گیا ہے۔

بایں طور کہ اس بات کا یقین ہو جائے۔ کہ اللہ کے سوا کوئی بھی کسی چیز کو وجود میں نہیں لا سکتا اور ہر موجود خواہ وہ مخلوق ہو یا رزق، کسی چیز کا ملنا ہو یا کسی چیز سے محروم ہونا، نفع ہو یا نقصان، فقر ہو یا مالداری بیماری ہو یا صحت، موت ہو یا زندگی غرضیکہ جس چیز پر موجود کا اطلاق ہو سکتا ہو۔ یہ سب اللہ کی طرف سے ہے۔ پھر رزق کے طلب کرنے میں حلال راستہ اختیار کرے۔ جس کے لئے پرندہ کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔ کہ پرندے صبح کے وقت خالی پیٹ کے ساتھ رزق کی تلاش میں نکلتے ہیں، اور رات کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب واپس لوٹتے ہیں، تو اُنکے پیٹ بھر چکے ہوتے ہیں۔

اگر چہ تم اسباب معیشت کو ترک کر دو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ بڑے طاقتور اور ہمت والے شخص کو بھی رزق دیتا ہے۔ اور ایک عام مزدور کو بھی اور اتنے کمزور کو بھی رزق دیتا ہے۔ جس پر قوی اور تندرست آدمی کو تعجب ہوتا ہے۔

یرزق: معروف کے صیغہ کے ساتھ

خماصا: خاء کے کسرہ کے ساتھ ''خمیص'' کی جمع ہے۔

تروح: دن کے آخر میں لوٹتے ہیں۔

بطانا: ''باء'' کے کسرہ کے ساتھ ''بطین'' کی جمع ہے اس کا معنی ہے بڑے پیٹ والا اور اس سے مراد ہے، سیر ہو کر اور ''تغدو'' میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ مناسب طریقے سے معاش کیلئے کوشش کرنا اللہ تعالیٰ پر اعتماد اور بھروسہ کے منافی نہیں ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وکاین من دابة لا تحمل رزقها الله یرزقها وایاکم﴾ [العنکبوت ـ ۶۰] (اور بہت سے جانور ایسے ہیں جو اپنی غذا اُٹھا کر نہیں رکھتے اللہ ہی ان کو اور تمہیں بھی روزی پہنچاتا ہے) حاصل یہ کہ حدیث میں اس بات پر تنبیہ ہے کہ کسب وعمل رزق دینے والا نہیں ہے۔ بلکہ حقیقی رازق اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ حدیث کا مقصد یہ نہیں کہ انسان کو روزی کمانے سے روکا جائے۔ کیونکہ توکل کا تعلق دل سے ہے۔ لہٰذا اعضاء ظاہری کی حرکت توکل کے منافی نہیں ہے۔ گو بعض اوقات اللہ تعالیٰ اعضاء وجوارح کی حرکت کے بغیر بھی رزق پہنچا دیتا ہے۔ بلکہ توکل کی برکت سے اللہ تعالیٰ کسی اور کو استعمال کر کے اس کا رزق پہنچا دیتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کے عموم سے معلوم ہوتا ہے: ﴿وما من دابة علی الارض الا علی الله رزقها﴾ [ھود:۶] ''اور کوئی جانداروں سے زمین پہ چلنے والا ایسا نہیں کہ اس کی روزی اللہ کے ذمہ نہ ہو''۔

کہا جاتا ہے کہ جب کوّے کے بچے انڈے سے باہر آتے ہیں، تو سفید رنگ کے ہوتے ہیں، اور کوّا ان بچوں کو دیکھتا ہے۔ تو وہ اسے بہت بُرے لگتے ہیں، چنانچہ ان بچوں کو چھوڑ کر کوّا چلا جاتا ہے۔ اور وہ تنہا پڑے رہ جاتے ہیں، تب اللہ تعالیٰ ان کے پاس مکھی اور چیونٹیاں بھیجتا ہے۔ جن کو وہ بچے چن چن کر کھاتے ہیں، اور پرورش پاتے رہتے ہیں یہاں تک کہ جب وہ بڑے ہو جاتے ہیں، تو ان کا رنگ بدل جاتا ہے۔ اور سیاہ ہو جاتے ہیں، پھر جب کوّا ان کے پاس آتا ہے۔ اور ان کو سیاہ رنگ کا دیکھتا ہے۔ تو ان کو اپنے ساتھ لے کر ان کی نگرانی اور پرورش شروع کر دیتا ہے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ بغیر سعی وکوشش کے بھی رزق پہنچاتا ہے۔ اس سلسلے کی کافی حکایات بیان کی جاتی ہیں، اور کئی روایات مشہور ہیں۔ یہ واقعہ تو بہت ہی عجیب وغریب ہے۔

اللہ تعالیٰ نے روح قبض کرنے والے فرشتے عزرائیل سے پوچھا کہ کیا کسی کی روح نکالتے وقت تجھے رحم بھی آیا ہے۔ عزرائیل نے کہا کہ ہاں اے میرے پروردگار اُس وقت مجھے رحم آیا کہ جب ایک کشتی ٹوٹ گئی تھی۔ اور اس کے لوگ پانی میں غرق ہو گئے تھے۔ لیکن کچھ لوگ ڈوبنے سے بچ گئے تھے۔ اور کشتی کے تختوں پر تیر رہے تھے۔ ایک عورت ایک تختے پر بیٹھی ہوئی اپنے بچے کو دودھ پلا رہی تھی۔ اس وقت تیرا حکم ہوا کہ اُس عورت کی روح قبض کر لی جائے۔ چنانچہ اُس وقت مجھے اُس بچے پر رحم آیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں نے اُس تختے کو ایک جزیرے کے کنارے لگا دیا اور میں نے ایک شیرنی کو اس بچے کے پاس بھیج دیا جس نے اُس بچے کو دودھ پلا کر پرورش کی جب وہ کچھ بڑا ہو گیا تو میں جنات متعین کر دے تا کہ وہ اس بچے کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آدمیوں کی بول چال سکھا دے۔ یہاں تک کہ وہ ایک مضبوط نوجوان بن گیا۔ پھر یہ نوجوان آبادی تک پہنچ گیا۔ اور امارت ملی اور سلطنت کے مرتبہ تک پہنچ گیا۔ اور تمام روئے زمین کا حکمران بن گیا۔ پھر اس نے الوہیت کا دعویٰ کیا اور بندگی اور اللہ کے حقوق کو بھول گیا اور اس کا نام شداد تھا۔ لیکن اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر مہربان ہے۔ چنانچہ وہ رحیم و کریم ذات جو اپنے دشمنوں کو کھلاتا ہے۔ وہ اپنے محبوب بندوں کو کیسے بھولے گا۔

شیخ ابو حامد رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

''بعض لوگوں کا خیال ہے۔ کہ توکل کا معنی یہ ہے۔ کہ اعضاء و جوارح سے محنت کو ترک کرے اور اپنے دل سے تدبیر سوچنا چھوڑ دے۔ اور زمین پر اس طرح پڑا رہے۔ جیسے کہ کوئی کیڑا زمین پر پڑا رہے یا کوئی گوشت جو قصاب کے تختہ پر پڑا ہو اور یہ جاہلانہ گمان ہے اور شریعت میں اس طرح کرنا حرام ہے۔ حالانکہ شریعت نے متوکل کی ثناء بیان کی ہے۔ اور شریعت کی طرف سے ممنوعہ اُمور کے ذریعے سے اس طرح دین کے بلند مقام کو کیسے حاصل کیا جا سکتا۔ بلکہ اس کی حقیقت یہ ہے۔ کہ جب بندہ اپنے مقاصد کی تحصیل کی خاطر حرکت و سعی کرتا ہے۔ تو اس وقت توکل کی تاثیر ظاہر ہوتی ہے۔ اور امام ابوالقاسم قشیری فرماتے ہیں، کہ توکل کا محل دل ہے۔ اور معاش کیلئے حرکت و کوشش ظاہری اعضاء سے ہوتی ہے اسلئے توکل حصول معاش کیلئے محنت کرنے کے منافی نہیں ہے۔ جبکہ یہ بات معلوم ہو کہ رزق اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ اگر کوئی کام مشکل ہو تو اللہ کے مشکل بنانے سے مشکل ہے۔ اور اگر آسان ہے تو اللہ کے آسان بنانے سے آسان ہے۔''

تخریج: اسی طرح احمد اور حاکم نے بھی اس روایت کو نقل کیا ہے۔

۵۳۰۰ : وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّهَا النَّاسُ لَيْسَ مِنْ شَيْءٍ يُقَرِّبُكُمْ اِلَى الْجَنَّةِ وَيُبَاعِدُكُمْ مِنَ النَّارِ اِلَّا قَدْ اَمَرْتُكُمْ بِهٖ وَلَيْسَ شَيْءٌ يُقَرِّبُكُمْ مِنَ النَّارِ وَيُبَاعِدُكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ اِلَّا قَدْ نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ وَاِنَّ الرُّوْحَ الْاَمِيْنَ وَفِيْ رِوَايَةٍ وَاِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ نَفَثَ فِيْ رَوْعِيْ اَنَّ نَفْسًا لَنْ تَمُوْتَ حَتّٰى تَسْتَكْمِلَ رِزْقَهَا اَلَا فَاتَّقُوْا اللّٰهَ وَاَجْمِلُوْا فِي الطَّلَبِ وَلَا يَحْمِلَنَّكُمُ اسْتِبْطَاءُ الرِّزْقِ اَنْ تَطْلُبُوْهُ بِمَا عَاصِيَ اللّٰهُ فَاِنَّهٗ لَا يُدْرَكُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ اِلَّا بِطَاعَتِهٖ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ اِلَّا اَنَّهٗ لَمْ يَذْكُرْ وَاِنَّ رُوْحَ الْقُدُسِ ۔

رواه البيهقي في شعب الايمان ٧/٢٩٩ حديث رقم ١٠٣٧٦ والبغوي في شرح السنة ١٤/٣٠٣ حديث ٤١١١

''حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: لوگو! کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو تم کو جنت کے قریب کر دے اور دوزخ کی آگ سے دور کر دے مگر وہی چیز ہے جس (کو اختیار کرنے) کا حکم میں نے تمہیں دیا ہے اور کوئی ایسی چیز نہیں ہے جو تم کو دوزخ کی آگ کا قریبی بنا دے اور جنت سے دور کر دے ماسوا اس چیز کے جس سے میں نے تمہیں روکا ہے اور روح الامین۔ یا ایک اور روایت کے مطابق روح القدس (یعنی حضرت جبرئیل علیہ السلام) نے میرے دل میں یہ بات ڈالی ہے (یعنی میرے پاس وحی خفی لائے ہیں) کہ بلاشبہ کوئی شخص اس وقت تک فوت نہیں ہوتا جب تک کہ اپنا رزق پورا نہیں کر لیتا' دیکھو خدا کی نافرمانی سے بچتے اور ڈرتے رہو اور ذریعہ معاش کے حصول کی کوشش د

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محنت میں نیک روی اور اعتدال اختیار کرو (تا کہ تمہارا رزق تم تک پہنچ جائے نیز کہیں ایسا نہ ہو کہ رزق پہنچنے میں تاخیر تمہیں اس بات پر برانگیختہ یا آمادہ کر دے کہ تم خدا تعالیٰ کی معصیت کے ذریعہ رزق حاصل کرنے کی جستجو کرنے لگو) حقیقت یہ ہے کہ جو چیز خدا کے پاس ہے اس کو اس کی طاعت وخوشنودی ہی کے ذریعہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس روایت کو بغویؒ نے شرح السنہ میں اور بیہقیؒ نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے لیکن بیہقیؒ نے وَاِنَّ رُوْحَ الْقُدُس کے الفاظ نقل نہیں کئے ہیں"۔

قولہ: ایھا الناس ! لیس من ۔۔۔۔ الا قد نھیتکم عنہ:

من شی: من، زائدہ برائے مبالغہ ہے۔

یقربکم: راء کی تشدید کے ساتھ۔

یقربکم الی الجنۃ ویباعدکم من النار: دونوں فعلوں میں نسبت مجازی ہے۔

الا قد امرتکم بہ: یعنی اس مذکور کا یا ان میں سے ہر ایک کی طرف راجع ہے۔

ولیس شئ: اُصول کی اس عبارت میں "من" نہیں ہے۔

قولہ: الا قد امرتکم بہ الا قد نھیتکم عنہ: اس میں اس بات پر دلیل ہے کہ تمام مفید اُمور اور برائی سے بچانے والے امور کے علوم قرآن وسنت میں موجود ہیں، اور قرآن وحدیث کے علاوہ میں مشغول ہونا اپنی عمر ضائع کرنے کے مترادف ہے۔

قولہ: وان الروح الامین ۔۔۔ حتی تستکمل رزقھا:

وان الروح لامین اور ایک نسخہ میں "روح الامین" کا لفظ ہے۔ مراد جرائیل علیہ السلام ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿نزل بہ الروح الامین﴾ ترجمہ: "اس کو امانتدار فرشتہ لے کر آیا ہے"۔

القدس: قاف اور دال کے ضمہ کے ساتھ یا قاف کے ضمہ اور دال کے سکون کے ساتھ۔ جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے: ﴿وایدناہ بروح القدس﴾ [البقرۃ۔۸۷] یعنی وہ روح جس کو نامناسب اخلاق سے پاک کیا گیا ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، یہ کلمہ "حاتم الجود" یا "رجل صدق" کی طرح ہے یعنی اس میں صفت کی طرف موصوف کی اضافت ہے۔ اس طرح اختصاص میں مبالغہ کیلئے کیا جاتا ہے۔ چنانچہ صفت کی صورت میں "القدس" کی طرف نسبت کی گئی ہے۔ اور اضافت کی صورت میں اس کے برعکس ہے۔ جیسا کہ مال زید۔

نفث فی روعی: را کے ضمہ کے ساتھ "النفث بالفم" سے ماخوذ ہے۔ اور یہ پھونک مارنے کے مشابہ ہوتا ہے۔ اور "نفل" (تھوکنے) کی ہیئت سے کچھ کم ہوتا ہے۔ اسلئے کہ "نفل" میں ہوا کے ساتھ کچھ تھوک بھی ہوتا ہے۔ اور "الروع" میں صرف ہوا نکلتی ہے۔ اسی طرح نہایہ میں منقول ہے۔ مطلب یہ ہے کہ مجھے وحی خفی کے ذریعے بتا دیا۔

ان نفسا: ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ اور کسرہ بھی جائز ہے۔ اسلئے کہ "ایحاء" قول کے معنی میں ہے اور مطلب یہ ہے۔ کہ کوئی ذی روح ذات یعنی زندہ مخلوق۔

یعنی وہ رزق جو اس کے لئے مقرر ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد میں اس بات کی طرف اشارہ ہے: ﴿اللہ الذی خلقکم ثم رزقکم ثم یمیتکم﴾ "اللہ ہی وہ ہے جس نے تم کو پیدا کیا۔ پھر تم کو رزق دیا پھر تم کو موت دے گا"۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الا: تنبیہ کیلئے ہے۔یعنی غور سے سنو۔

فاتقو الله: کیونکہ تمہیں تقویٰ اور بلند درجات تک پہنچنے کیلئے محنت کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

اجملوا: ''اجمال'' سے ہے یعنی اچھی طرح کوشش کرو لیکن رزق کو حاصل کرنے میں اس کی طلب میں زیادہ مبالغہ نہ کرو۔ کیونکہ تم لوگوں کو رزق طلب کرنے کا مکلّف نہیں بنایا گیا۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿وما خلقت الجن والانس الا ليعبدون ما اريد منهم من رزق وما أريد ان يطعمون ان الله هوالرزاق ذو القوة المتين﴾ [الذاریات ۔۵۸]

''اور میں نے جن اور انسان کو اسی واسطے پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کیا کریں''۔

نیز ارشاد باری ہے:﴿وامر اهلك بالصلوة واصطبر عليها لا نسألك رزقا نحن نرزقك والعاقبة للتقوى﴾

[طٰہٰ ۔۱۳۲]

''اور اپنے متعلقین کو بھی نماز کا حکم کرتے رہے اور خود بھی اس کے پابند رہے ہم آپ سے معاش نہیں چاہتے معاش تو آپ کو ہم دینگے اور بہتر انجام تو پرہیزگاری ہی کا ہے۔''

چنانچہ امر اباحت کیلئے ہے۔یا معنی یہ ہے کہ حلال طلب کرو۔چنانچہ امر وجوب کیلئے ہے۔اور اس کی تائید آئندہ قول سے ہوتی ہے۔میم کے کسرہ کے ساتھ۔

بمعاصی الله: حرام راستوں میں سے کسی حرام راستہ سے معصیت کا ارتکاب کر کے مثلاً چوری غصب، خیانت، اپنی عبادت دیانت اور سید ہونا ظاہر کر کے یا حق سے زائد مال بیت المال سے لے کر وغیرہ۔

فانه: ضمیر شان ہے

لا يدرك ما عند الله: یعنی حلال رزق یا جنت کا اچھا انجام۔

ارشادِ گرامی کا حاصل یہ ہے کہ وبال ومصیبت کے راستے سے مال حاصل نہ کرے۔

علامہ طیبی رحمہ فرماتے ہیں کہ'' فاجملوا'' کا معنی یہ ہے کہ مال اچھے طریقے سے کماؤ اور اچھے طریقے سے کمانے کا مطلب یہ ہے کہ شریعت کے احکام کے مطابق مال کمائے۔اور، استبطاء''ابطاء'' کے معنی میں ہے اور سین مبالغہ کیلئے ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد ﴿ومن كان غنيا فليستعفف﴾ [النساء: ٦] ''اور جو شخص مستغنی ہو تو وہ اپنے آپ کو بالکل بچائے'' استعف، عف کے معنی میں ہے۔

اس میں اس بات پر تنبیہ ہے۔کہ رزق مقدر ہے اور اللہ کی طرف سے تقسیم کیا گیا ہے۔ہر بندہ تک اپنے مقدر رزق کا پہنچنا ضروری ہے۔لیکن جب بندہ شروع طریقے سے رزق حاصل کرنے کیلئے کوشش کرے۔تو مال حلال ہونے کے ساتھ مستر ہو جاتا ہے اور جب غیر شروع طریقے سے رزق کو طلب کرے۔تو مال حرام ہو جاتا ہے۔

اور'' ما عند الله'' میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ مال چاہے حلال ہو چاہے حرام اللہ کی طرف سے ہے اور'' ان تطلبوه بمعاصي الله'' میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ جو رزق اللہ کے خزانوں میں ہے اُس کو جب نافرمانی کے ساتھ غلب کیا جائے۔تو یہ بات قابل مذمت ہے۔اور حرام کہلاتا ہے اور اس میں اہلسنّت والجماعت کیلئے ایک واضح دلیل ہے کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حلال اور حرام دونوں کو رزق کہا جاتا ہے۔ اور دونوں اللہ کی طرف سے ہے۔ بخلاف معتزلہ کے۔

قولہ: رواہ فی شرح السنۃ۔۔۔لم یذکروا ان روح القدس:

چنانچہ "روح القدس" والی روایت بغوی کی روایات میں ہے یا کسی اور کی روایات میں ہے۔

تخریج: امام میرکؒ فرماتے ہیں، کہ اس حدیث کو ابن ابی الدنیا نے "قناعۃ" میں اور حاکم نیر روایت کیا ہے۔ حاکم نے تصحیح بھی کی ہے۔ حضرت جابرؓ سے نقل کیا ہے: **قال رسول اللہ ﷺ: یا ایھا الناس اتقوا اللہ واجملوا اللہ واجملوا فی الطلب فان نفسا لن تموت حتی تستوفی رزقھا وان ابطأعنھا فاتقوا اللہ وأجملوا فی الطلب خذوا ما حل ودعوا ما حرم۔**

رسول ﷺ نے فرمایا: "اے لوگوں اللہ سے ڈرو اور رزق تلاش کرنے میں صحیح طریقہ اختیار کرو۔ کیونکہ کسی بھی نفس کو اس وقت تک موت نہیں آئیگی جب تک اپنا رزق مکمل طور پر حاصل نہ کر لیا گرچہ کچھ تاخیر سے ہو چنانچہ اللہ سے ڈرو اور رزق تلاش کرنے میں صحیح طریقہ اختیار کرو۔ جو حلال ہو وہ لو اور جو حرام ہو اس کو چھوڑ دو۔

اس حدیث کو ابن ماجہ نے روایت کیا ہے۔ اور یہ الفاظ ان کے اور حاکم کے ہیں، اور حاکم فرمایا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔ مسلم کی شرط پر ہے۔

ابونعیم نے حلیہ میں ابوامامہؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے: **ان روح القدس نفث فی روعی أن نفسا لن تموت حتی تستکمل أجلھا وتسـ ـب رزقھا فاجملوا فی الطلب ولا یحملن احد کم استبطاء الرزق ان یطلبہ بمعصیۃ اللہ فان اللہ تعالی لا ینال ماعندہ الا بطاعتہ۔**

روح القدس، نے مجھے وحی خفی کے ذریعے بتایا کہ کسی نفس کو بھی اُس وقت تک موت نہیں آئیگی جب تک اپنی موت پوری نہ کر لے اور جب تک اپنا رزق پورا کا پورا حاصل نہ کر لے چنانچہ رزق طلب کرنے میں صحیح طریقہ اختیار کرو۔ اور رزق پہنچنے میں تاخیر تم میں سے کسی کو اس بات پر نہ مجبور کرے کہ اللہ کی نافرمانی کا ارتکاب کر کے رزق حاصل کرنے کی کوشش کرنے لگے۔ کیونکہ جو چیز اللہ کے پاس ہے۔ اس کو اللہ کی اطاعت ہی کے ذریعے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

۵۳۰۱ : وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الزَّھَادَۃُ فِی الدُّنْیَا لَیْسَتْ بِتَحْرِیْمِ الْحَلَالِ وَلَا بِاِضَاعَۃِ الْمَالِ وَلٰکِنَّ الزَّھَادَۃَ فِی الدُّنْیَا اَنْ لَّاتَکُوْنَ بِمَا فِیْ یَدَیْکَ اَوْثَقَ بِمَافِیْ یَدِی اللّٰہِ وَاَنْ تَکُوْنَ فِی ثَوَابِ الْمُصِیْبَۃِ اِذَا اَنْتَ اَصَبْتَ بِھَا اَرْغَبَ فِیْھَا لَوْ اَنَّھَا بَقِیَتْ لَکَ (رواہ الترمذی وابن ماجۃ وقال الترمذی ھذا حدیث غریب وعمرو بن واقد الراوی منکر الحدیث)

اخرجہ الترمذی فی السنن ۴۹۳/۴ حدیث رقم ۲۳۴۰ وابن ماجہ ۱۳۷۳ حدیث رقم ۴۱۰۰۔

ترجمہ: "حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: دنیا سے بے رغبتی اختیار کرنے کی حقیقت یہ نہیں ہے کہ حلال چیزوں کو حرام قرار دے دیا جائے اور مال واسباب کو ضائع کر دیا جائے بلکہ دنیا سے بے رغبتی اختیار کرنا یہ ہے کہ (یعنی اس دنیا کے تئیں مکمل ومعتبر زہد یہ) کہ مال ودولت اور دیگر دنیاوی اسباب میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے) جو کچھ تمہارے ہاتھوں میں ہے اس پر اس چیز سے زیادہ وثوق و بھروسہ نہ کرو جو اللہ تعالیٰ کی خدمت میں ہے) نیز زہد (کی حقیقت میں) یہ بات بھی داخل ہے کہ تم جس وقت کسی مصیبت و آفت سے دوچار ہو تو حصول جزائے عظیم کی خاطر اس مصیبت کے تم پر باقی رہنے میں زیادہ رغبت رکھو"۔ (ترمذی' ابن ماجہ) اور ترمذی نے کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے اور اس حدیث کے ایک راوی عمرو بن واقد منکر الحدیث ہیں"۔

تشریح: قاله: الزهادة في الدنيا ليست بتحريم المال ولا إضاعة المال:

الزهادة: زا کے فتحہ کے ساتھ ہے۔

جیسا کہ بعض جاہل لوگ کرتے ہیں، کیونکہ وہ یہ سمجھتے ہیں، کہ یہی کمال ہے اس لئے گوشت، حلوا اور پھل کھانے، نئے کپڑے پہننے اور شادی وغیرہ سے گریز کرتے ہیں۔ حالانکہ اللہ کا ارشاد ہے ﴿یایها الذین امنو لا تحرموا طیبات ما احل الله لکم ولا تعتدوا ان الله لا یحب المعتدین﴾ [المائدہ:۸۷] "اے ایمان والو اللہ تعالیٰ نے جو پاک ولذیذ چیزیں تمہارے واسطے حلال کی ہیں اُنہیں حرام مت کرو اور حدود سے آگے مت نکلو بے شک اللہ تعالیٰ حد سے نکلنے والوں کو پسند نہیں کرتے۔"

نیز یہ بات ثابت ہے کہ حضور علیہ السلام نے یہ سب کچھ کیا ہے۔ حالانکہ ایمانی حالت میں آپ ﷺ سے زیادہ کوئی کامل شخص نہیں ہے۔

ولا اضاعة المال: یعنی اُس مال کو ضائع کرے اور اس کو بے جا استعمال کر کے بایں طور کہ سمندر میں پھینک دے یا مالدار اور غریب میں تمیز کیے۔ بغیر لوگوں میں تقسیم کر دے۔ حاصل یہ کہ اپنے ہاتھوں کو اموال ظاہرہ سے خالی کرنے اور ظاہری زہد کا کوئی اعتبار نہیں جبکہ بعد میں فی الحال معیشت کیلئے محتاج ہو کر دل مخلوق کی طرف متوجہ ہو جائے۔ بلکہ زُھد کا اصل مدار تو یہ ہے۔ دل میں ربانی جذبہ ہو اور دُنیا کی بے رغبتی ہو اسی لئے گذشتہ بات سے استدراک کرتے ہوئے فرمایا۔

قوله: ولكن الزهادة ان لاتكون۔۔۔۔ في يدي الله:

لكن: نون کی تشدید اور تخفیف دونوں درست ہیں۔

یعنی اموال بیز اور کسب مال کی تدبیریں

"اوثق" زیادہ قابل اعتماد و بھروسہ

بما في يدي الله: تثنیہ کے صیغہ کے ساتھ یعنی اللہ کے ظاہری اور باطنی خزانوں میں اس میں ایک گونہ مشاکلت ہے۔ اس جملہ کا مطلب یہ ہے کہ تمہارا اصل اعتماد اور بھروسہ اللہ تعالیٰ کے اُس وعدہ پر ہونا چاہیے جو اس نے تمہیں رزق دینے اور ایسی جگہ سے تم تک اپنی نعمتیں پہنچانے کے بارے میں کیا ہے۔ جس جگہ کا تم گمان بھی نہیں کر سکتے اور تمہارے پاس جو جاہ و مال، زمین و جائیداد اور صنعتی کاروبار اور بالفرض علم کیمیا اور علم سیمیا ہے اس سے زیادہ قیمتی اور دیرپا چیزیں تم حاصل نہیں کر سکتے کیونکہ جو کچھ تمہارے پاس ہے۔ یہ ضائع بھی ہو جاتا ہے اور فانی بھی ہے۔ جبکہ جو کچھ اللہ کے خزانوں میں ہے وہ حقیقی اور پائیدار ہے۔ جیسا کہ خود اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ﴿ما عند کم ینفد وما عند الله باق﴾ "اور جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ دائم رہے گا"۔

قوله: وان تكون في ثواب۔۔۔۔ ابقيت لك:

وان تكون: اس کا عطف" ان لا تكون" پر ہے۔ مطلب یہ ہے کہ دنیا کے بارے میں زہد یہ ہے کہ تم دُنیا کے آرام وآسائش کی طرف مائل نہ ہو اور دنیاوی نعمتوں سے لطف اندوز ہونے کی طرف متوجہ نہ ہو۔ بلکہ تم دُنیا کی نعمتوں اور لذتوں میں آفات اور مصیبتوں کا یقین رکھو۔ تاکہ تمہارا دل دنیا کی لذتوں کی طرف مائل نہ ہو۔ اور تمہارا نفس دنیاوی چیزوں سے کوئی اُنس نہ رکھے۔

اصبت: مجہول کے صیغہ کے ساتھ دیا جائے۔ اس مقام میں" لم تصب" کی جگہ" ابقيت" بولا گیا۔ اور، لو، کا جواب وہ ہے۔ جس پر اس کا ماقبل دلالت کر رہا ہے۔ حاصل یہ کہ ثواب کے شوق کی وجہ سے اس مصیبت کی طرف تمہاری رغبت عدم مصیبت کی رغبت سے زیادہ ہونی چاہیے۔ اور کسی شخص میں ان دو صفات کا ہونا اس بات پر واضح دلیل ہے۔ کہ یہ دنیا سے بے رغبت ہے۔ اور آخرت کی طرف متوجہ ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ" لو انها ابقيت لك" ارغب کے فاعل سے حال ہے اور" لو" کا جواب محذوف ہے۔ اور" اذا" ظرف ہے۔ معنوی اعتبار سے تقدیری عبارت یوں ہے:" ان تكون في حال المصيبة وقت اصابتها ارغب من نفسك في المصيبة حال كونك غير مصاب بها" چونکہ اگر یہ تمہیں پہنچی تو ثواب ملے گا اور اگر نہیں پہنچی تو ثواب نہیں ملے گا۔

قوله: قال الترمذي هذا غريب.....: میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں زیادہ سے زیادہ یہ حدیث الفاظ کے اعتبار سے ضعیف ہے لیکن معنی کے اعتبار سے صحیح ہے۔ اور اس جیسی حدیث کو تمام اقوال کے مطابق فضائل اعمال میں معتبر سمجھا جاتا ہے۔ اور من جملہ ان اعمال کے دنیا کی بے رغبتی اور آخرت کی رغبت ہے۔

۵۳۰۲ : وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ يَاغُلَامُ اِحْفَظِ اللّٰهَ يَحْفَظْكَ اِحْفَظِ اللّٰهَ تَجِدْهُ تُجَاهَكَ وَاِذَا سَاَلْتَ فَاسْئَلِ اللّٰهَ وَاِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَاعْلَمْ اِنَّ الْاُمَّةَ لَوْاجْتَمَعَتْ عَلٰى اَنْ يَّنْفَعُوْكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَنْفَعُوْكَ اِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ لَكَ وَلَوِ اجْتَمَعُوْا عَلٰى اَنْ يَّضُرُّوْكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَضُرُّوْكَ اِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ رُفِعَتِ الْاَقْلَامُ وَجُفَّتِ الصُّحُفُ. (رواه احمد والترمذي)

اخرجه الترمذي في السنن ٤/٥٧٥ حديث رقم ٢٥١٦ واحمد في المسند ١/٢٩٣

ترجمہ:" حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان فرمایا کہ ایک روز (دوران سفر) میں رسول اللہ ﷺ کی سواری پر آپ ﷺ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا کہ آپ ﷺ نے (مجھے مخاطب کر کے) ارشاد فرمایا: اے لڑکے! اللہ تعالیٰ کو (اس کے امر اور نواہی کی پابندی کر کے) یاد رکھو (ایسا کر لینے سے)' اللہ تعالیٰ تمہارا خیال رکھے گا (بایں معنی کہ حق تعالیٰ شانہ تمہیں دنیا میں بھی ہر طرح کے مصائب وآفات سے سلامتی دے گا اور اخروی طور پر بھی ہر عذاب وعتاب سے بچائے گا)۔ اللہ تعالیٰ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حق کا خیال رکھو گے تو تم اللہ تعالیٰ کو اپنے سامنے پاؤ گے (یعنی اگر تم اللہ تعالیٰ کے حقوق کی ادائیگی کو ہر لمحہ یاد رکھو گے اس کے نظام قدرت میں غور وفکر کرو گے اور ان نعمتوں کا شکر ادا کرتے رہو گے تو تم اس کی رحمت کے بحر بیکراں کو اور اس کے انعامات کو اپنے سامنے پاؤ گے) جب تم سوال کا ارادہ کرو تو صرف اللہ تعالیٰ کے سامنے دست سوال بڑھایا کرو جب تمہیں (دنیا و آخرت کے کسی بھی معاملہ میں) مدد طلب کرنی ہو تو صرف اللہ تعالیٰ سے مدد مانگا کرو اور یہ یقین رکھو کہ اگر تمام مخلوق (کہ خواہ عوام ہوں یا خواص انبیاء ہوں یا اولیاء اور ائمہ دین ہوں یا سلاطین دنیا) کسی معاملہ میں تمہیں نفع پہنچانے پر متفق ہو جائیں (یعنی اگر بفرض محال یہ ساری مخلوق اس بات پر جمع ہو جائیں کہ وہ سب مل کر تمہیں کسی دُنیاوی یا اُخروی معاملہ میں کوئی نفع پہنچا دے تو ہرگز تمہیں فائدہ نہیں پہنچا سکے گی سوائے اتنی مقدار نفع کے جو خدا تعالیٰ تمہارے لئے فیصلہ فرما چکا ہے اور اگر دنیا کے تمام لوگ متفق ہو کر تمہیں کسی طرح کا کوئی نقصان وضرر پہنچانے پر کمر بستہ ہو جائیں تو وہ ہرگز تمہیں کوئی نقصان وضرر نہیں پہنچا سکیں گے علاوہ صرف اس چیز کے جس کو اللہ تعالیٰ نے تمہارے مقدر میں لکھ دیا ہے قلم اٹھا کر رکھ دیئے گئے ہیں اور صحیفے خشک ہو سکے"۔ (احمد و ترمذی)

تشریح: **قوله: كنت خلف رسول الله ﷺ يوما فقال: يا غلام:** اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہ بات راوی کو اچھی طرح یاد ہے اور اُس قول کے الفاظ مستحضر ہیں اور اُن الفاظ کا یقین ہے۔ یہ حدیث اُن احادیث میں سے ہے۔ جن کو ابن عباس رضی اللہ عنہما نے خود حضور علیہ السلام سے سنا ہے اور ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اکثر روایات کسی واسطہ سے مروی ہیں، لیکن وہ واسطہ معتبر ہے۔ کیونکہ یہ صحابہ کی مراسیل میں سے ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما حضور علیہ السلام کے زمانہ میں بہت چھوٹے تھے۔

بعض شارحین فرماتے ہیں، کہ پہلے جملہ کا مطلب یہ ہے کہ میں حضور علیہ السلام کے پیچھے چل رہا تھا۔ لیکن ملا علی قاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں، کہ یہ مطلب دُرست نہیں ہے۔ کیونکہ واحدی نے "وسیط" میں ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے۔ کہ کسریٰ نے حضور علیہ السلام کو ایک خچر ہدیہ میں بھیج دیا تھا۔ چنانچہ حضور علیہ السلام نے بالوں کی ایک رسّی میں باندھ کر اس پر سوار ہوئے اور مجھے اپنے پیچھے بٹھا دیا۔ اور جب ہم ایک میل تک چلے تو حضور علیہ السلام نے متوجہ ہو کر کہا:

فقال يا غلام: غلام مرفوع ہے معتمد اُصول اور متعدد نسخوں میں اسی طرح ہے۔ اور بظاہر میم مکسور ہے کیونکہ اس کی اصل (یا غلامی) تھی یا کا فتحہ اور کسرہ دونوں درست ہے۔ پھر جب "یا" کو تخفیفاً حذف کر دیا گیا۔ تو "یا" کے ماقبل کسرہ پر اکتفاء کیا گیا لیکن کبھی ضمہ بھی دیا جاتا ہے۔ اور اس طرح (ضمہ دینا) اُس اسم میں جائز ہے۔ جس کا غالب استعمال "یا" کی طرف اضافت کے ساتھ ہو کیونکہ ایسی صورت میں مراد معلوم ہوتی ہے اور اسی سے "رب احکم" کی شاذ قراءت بھی ہے جبکہ "رب" میں "با" کو مضموم پڑھا جائے علاوہ ازیں "با" کا "ضمہ کاف کے ضمہ کی مشاکلت کی وجہ سے ہے جیسا کہ "وان احکم" میں اس بات کی تحقیق ہو چکی ہے۔ کیونکہ "ان احکم" کو سات قراءتوں میں سے دو قراءتوں کے ساتھ پڑھا گیا ہے۔

"یا غلام" میں ایک دوسری لغت ہے اور وہ یہ کہ یا کو الف سے بدل دیا جاتا ہے۔ نیز ایک شاذ قراءۃ یہ بھی ہے کہ "یا غلام" پڑھا جائے یعنی الف کے بجائے فتحہ پر اکتفاء کیا جائے۔ پھر زیادہ ظاہر یہی ہے۔ کہ حضور علیہ السلام نے سکون کے ساتھ وقف کر کے پڑھا ہے۔ اور اس پر اعراب ظاہر نہیں کیا جیسا کہ اس طرح کے مقام میں متعارف ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غلام سے مراد چھوٹا بچہ ہے۔ مملوک مراد نہیں ہے۔ قاموس میں ہے کہ الغلام کا معنی ہے نوجوان اور الکھل اس کی ضد ہے یا "غلام" کا لفظ انسان کیلئے پیدائش سے لے کر جوانی تک بولا جاتا ہے۔

اور نداء سے مقصود یہ ہے کہ ابن عباسؓ متحضر ہو جائے۔ اور اس بات کی طرف متوجہ ہو جائے۔ جو بات حضور علیہ السلام بیان کرنے والے ہیں، اور اربعین میں مزید یہ الفاظ بھی منقول ہے۔ "انی اعلمك كلمات" یعنی ایسی باتیں جو مصائب دفع کرنے کے واسطے اور منافع حاصل کرنے کے واسطے مفید ہیں۔

قوله: احفظ الله يحفظك الله تجده تجاهك: تجاهك: "تاء" کے ضمہ کے ساتھ جس کا معنی ہے اپنے سامنے مطلب یہ ہے کہ تم اپنے نگاہ معرفت سے اللہ کو اپنے سامنے اس طرح پاؤ گے۔ کہ گویا وہ تمہارے سامنے موجود ہے اور مقام احسان اور کمال ایمان کے ساتھ تم اس کا مشاہدہ کرو گے۔ اور بالکل اس طرح محسوس کرو گے جیسے تم خدا کو دیکھ رہے ہو۔ اس طرح کہ اللہ کے سوا ہر چیز تمہاری نظر کے سامنے سے بالکل فنا ہو جائے گی۔ اور اس طرح تمہیں مراقبہ کی کیفیت بھی حاصل ہو جائیگی ۔اور مقام مشاہدہ بھی نصیب ہوگا۔

بعض شارحین نے یہ مطلب بیان کیا ہے۔ کہ جب تم اللہ کی اطاعت کو محفوظ رکھو گے۔ تو اللہ تعالیٰ کو اپنا مددگار پاؤ گے۔ اور جس طرف بھی متوجہ ہو گے اللہ تعالیٰ تمہارے تمام امور میں تمہاری مدد کرے گا۔ اور جن کاموں کا ارادہ کرو گے اللہ تعالیٰ وہ اُمور آسان کر دے گا۔

بعض شارحین یہ مطلب بیان کرتے ہیں، کہ تم اللہ کی رحمت اور مہربانی کو اپنے قریب دیکھو گے کہ تمام حالات میں اللہ کی رحمت اور مہربانی تمہارے ساتھ ہوگی۔ اور اللہ تعالیٰ تمہیں تمام تکالیف سے محفوظ کرینگے اور مختلف قسم کے کرامات اور انعامات سے نوازیں گے۔ چنانچہ اس ارشاد باری میں اشارہ ہے: ﴿ونحن اقرب اليه من جبل الوريد﴾ [ق:۱۶] "اور ہم انسان کے اس قدر قریب ہیں کہ اس کی رگِ جان سے بھی زیادہ" اور ایک عارف باللہ نے اشارہ کیا ہے۔ اس بات کی طرف کہ عالم کے جتنے ذرات ہیں انوار الٰہی ان کا احاطہ کیے ہوئے ہیں۔ اور ان پر غالب ہیں یہاں تک کہ انوار الٰہی پر ذرے کے اس بھی زیادہ قریب ہیں، جتنا کہ اُس ذرے کے وجود اُس ذرے کے قریب ہے۔ اور صرف اللہ تعالیٰ اپنے علم اور ایجاد کی صفت کے ساتھ نہیں بلکہ ایک معنی کے ساتھ

اذا ما تلاشيت في نوره
يقول لي ادع فاني قريب

"جب میں اس کے نور میں معدوم و مضمحل ہو جاتا ہوں تو وہ مجھ سے کہتا ہے کہ مجھے پکارو! میں قریب ہوں۔"

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، یعنی اللہ کے حقوق کی رعایت کرو اور اللہ کی رضا حاصل کرنیکی کوشش کرو اُس کو اپنے سامنے پاؤ گے۔ یعنی اپنے سامنے اور بالمقابل اور "تا" واؤ کی بدلہ میں ہے۔ جیسا کہ "تقاة اور تخمة" میں ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے حقوق کی حفاظت کر یہاں تک کہ اللہ تجھے دنیا اور آخرت کی تکالیف سے محفوظ رکھے۔

قوله: واذا سألت فاسال الله واذا استعنت فاستعن بالله:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واذا سألت: یعنی سوال کا ارادہ کرو۔

فاسال اللہ: یعنی ہمزہ کو باقی رکھ کر اور ہمزہ کو نقل کرنا بھی جائز ہے۔

کیونکہ عطایا کے خزائن اُسکے پاس ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے پاس ہی انعامات اور فتوحات کی چابیاں ہیں، اور ہر نعمت اور ہر دنیوی یا دینی مصیبت، اللہ کے رحمت سے بندے تک پہنچتی ہے۔ یا دور ہوتی ہے بغیر کسی غرض اور علت کے کیونکہ اللہ تعالیٰ مطلق جواد ہے۔ اور ایسا غنی ہے جو کسی کا محتاج نہیں ہے۔ چنانچہ مسلمان کو صرف اُسی کی رحمت کی اُمید رکھنی چاہیے، اور صرف اُسی کے عذاب سے ڈرنا چاہیے اور بڑے اہم امور میں اُسی کو جائے پناہ بنایا جائے اور تمام امور میں اسی پر اعتماد کیا جائے اور اُسکے ماسوا سے کوئی سوال نہ کیا جائے اسلئے کہ اللہ غیر نہ عطا کرنے پر قادر ہے۔ اور نہ کوئی چیز روکنے پر قادر ہے۔ نہ کسی مصیبت کے دفع کرنے پر قادر ہے۔ اور نہ کوئی منفعت دینے پر قادر ہے۔ کیونکہ اللہ کا ماسوا نہ اپنے کسی نفع ونقصان کا مالک ہیں، اور نہ موت وحیات کا اور نہ قیامت کے دن اُٹھانے کا اور چاہیے۔ کہ انسان کسی حال میں بھی اللہ سے سوال کرنا نہ چھوڑے نہ بزبان حال اور نہ بزبان قال کیونکہ حدیث میں ہے۔ جو اللہ سے سوال نہ کرے۔ اللہ ناراض ہوتا ہے کیونکہ سوال کرنا اپنی انکساری کا اظہار ہے۔

اللہ یغضب ان ترکت سؤالہ

وبنی آدم حین یسأل یغضب

''اللہ ناراض ہوتا ہے اگر تم اس سے مانگنا چھوڑ دو اور نبی آدم سے اگر مانگا جائے تو ناراض ہوجاتے ہیں۔''

فاستعن باللہ: کیونکہ اللہ ہی مدد طلب کیے جانے کے قابل ہے اور ہر جگہ اور ہر زمانہ میں اللہ ہی پر بھروسہ ہے۔ قولہ واعلم ان الامۃ لواجتمعت علی۔۔۔۔ قد کتبہ اللہ علیک۔ اس میں حضور علیہ السلام نے اپنے آئندہ کلام کی طرف توجہ بڑھانے اور کلام سے استفادہ کر کے اللہ کا تقرب حاصل کرنیکی ترغیب دی ہے۔

الا..... لک) یعنی جو تیرے لئے مقدر کر دیا گیا اور تقدیر کی کتاب میں محفوظ کر دیا گیا اور اس کے لکھنے سے فراغت ہوگئی ہے۔ اور اللہ کی طرف سے اجازت مل گئی ہے۔

لو اجتمعوا: اربعین میں ''لواجتمعوا'' کی بجائے ''وان اجتمعوا'' کے الفاظ ہیں۔ بعض محققین شراح فرماتے ہیں کہ گذشتہ مقام میں لفظ ''لو'' ''ان'' کے معنی میں ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری ﴿لو ترکوا من خلفھم﴾ [النساء: ۹] ''لو'' استقبال پر دلالت کرتا ہے۔ اور عدول میں نکتہ یہ ہے۔ کہ تمام اُمت کا امداد پر مجتمع ہونا محال ہے۔ بخلاف تکلیف دینے پر اتفاق کے کہ یہ ممکن ہے۔ اور اسی وجہ سے کسی نے شاعر نے کہا ہے:

الظلم من شیم النفوس فان تجد

ذاعفۃ فلعلۃ لا یظلم

یہ قول اُس بات سے غفلت کی بنا پر ہے جو عقائد میں طے ہے کہ نفع اور نقصان پہنچانے پر اُمت کا متفق ہونا اللہ کے ارادے کے بغیر محال ہے۔ چنانچہ اگر روایت میں یہ لفظ اختلاف کے ساتھ منقول ہے۔ تو یہ تفنن کے باب سے ہے۔ اور پہلے جملہ میں لفظ ''لو'' کو اختیار کرنا اولیٰ ہے کیونکہ ''لو'' فرضیت اور محالیت پر زیادہ اچھی طرح دلالت کرتا ہے۔ اور دوسرے جملہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں ''ان'' اپنے اصل پر باقی ہے۔ جبکہ جملہ معطوف علیہا سے حکم مستفاد ہو رہا ہے۔ خلاصہ یہ کہ ہر نفع اور نقصان کے بارے میں اللہ کو ''واحد لا شریك له'' مانو، کیونکہ اللہ ہی نقصان پہنچانے والا ہے۔ اور اللہ ہی نفع پہنچانے والا ہے۔ وہی دینے والا ہے اور وہی روکنے والا ہے۔

الٰہیات کی بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم میں اس شخص کو ضرور بہ ضرور اپنی رحمت سے قطع کرتا ہوں جو میرے علاوہ کسی اور سے اپنی اُمیدیں وابستہ کرے۔ اور اُس شخص کو لوگوں کی نظر میں ذلت کا لباس پہنا دیتا ہوں۔ اور اپنے قرب سے محروم کرتا ہوں اور اپنے وصال سے دور کر دیتا ہوں۔ اور حیران و پریشان کر کے تفکرات میں پھنسا دیتا ہوں جو مشکلات اور پریشانیوں کے وقت میرے علاوہ کسی اور سے اُمیدیں وابستہ کرے۔ جبکہ پریشانیاں میرے ہاتھ میں ہیں۔ اور حی اور قیوم ہوں۔ اور یہ شخص پریشانی کے عالم میں دوسروں کے دروازوں کو کھٹکھٹاتا پھرتا ہے۔ جب کہ تمام دروازوں کی کنجیاں میرے ہاتھ میں ہیں۔ اور دوسروں کے دروازے بند ہیں۔ جبکہ میرا دروازہ ہر اُس شخص کیلئے کھلا ہے۔ جو میری طرف آئے اور مجھ سے دُعا مانگے نفع کے مقام میں ''لام'' ذکر کیا کیونکہ ''لام'' (جارہ) ملک کا فائدہ دیتا ہے۔ اور اس کا حقیقی معنی ہے۔ ''مفید اختصاص'' اور ''وان اسأتم فلها'' ''اور اگر (پھر) تم برے کام کرو گے تو بھی اپنی ہی لیے'' میں ''لام'' کا استعمال ضرر کی صورت میں مجازاً ہوا ہے۔ جیسا کہ جمہور کے نزدیک مشہور ہے۔

قوله: رفعت الاقلام وجفت الصحف:

یعنی قیامت تک جو مخلوقات کے فیصلے اس میں تھے اُسی پر صحیفے خشک ہو گئے۔ لہٰذا اس کے بعد کسی چیز کے لکھنے یا تبدیل کرنے کیلئے دوبارہ صحیفوں پر قلم نہیں رکھا جائے گا۔

حاصل یہ کہ جو کچھ مقدر ہے۔ وہ سب کچھ لوحِ محفوظ میں لکھ دیا گیا۔ اور اس لکھائی سے فراغت کے بعد اب کچھ مزید نہیں لکھا جائے گا۔ چنانچہ ہر شخص کی تقدیر کے پہلے سے لکھے جانے کو قلم اُٹھا کر رکھ دینے اور صحیفوں کے خشک ہو جانے سے تعبیر کر دیا۔ اس میں تشبیہ ہے کہ جس طرح کاتب کتاب کو مکمل لکھ لینے کے بعد قلم رکھ دیتا ہے۔ اور کتاب کو بند کر دیتا ہے۔ اسی طرح تقدیر کی کتابت میں ہوا اور کتاب کی ابتدا میں یہ حدیث گزر چکی ہے: **ان اول ماخلق الله القلم فقال: اكتب قال: وما كتب؟ قال: اكتب القدر. فكتب ماكان هو كائن الى الأبد۔** کہ اللہ نے سب سے پہلے جس چیز کو پیدا کیا وہ قلم تھا۔ پھر قلم سے فرمایا کہ لکھو قلم نے عرض کیا کیا لکھوں؟ اللہ نے فرمایا تقدیر لکھو چنانچہ قلم نے وہ سب کچھ لکھا جو وقوع پذیر ہو چکا ہے۔ اور جو قیامت تک واقع ہوگا۔ اور حدیث ''**جف القلم على علم الله**'' کا مطلب یہ ہے کہ جو کچھ اللہ تعالیٰ نے ازل میں قلم کو بتایا اور جس کا حکم دیا وہ نہ تبدیل ہوگا۔ اور نہ متغیر ہوگا۔ اور قلم کے خشک ہو جانے سے یہی مراد ہے۔ واللہ اعلم۔

یہ اشکال نہ کیا جائے کہ یہ روایت ارشاد باری ﴿**يمحو الله مايشاء ويثبت**﴾ [الرعد:۳۹] خدا تعالیٰ جس حکم کو چاہیں موقوف کر دیتے ہیں اور جس حکم کو چاہیں قائم رکھے جیسا کے منافی ہے۔ کیونکہ، **محو** (مٹانا) اور اثبات، (باقی رکھنا) بھی در حقیقت انہی چیزوں میں سے ہے۔ جو مقدر ہو چکی ہے۔ اور جن کو لکھنے کے بعد صحیفے خشک ہو گئے کیونکہ قضاء کی دو قسمیں ہیں۔ مبرم اور معلق علاوہ ازیں محو اور اثبات کا تعلق لوحِ محفوظ سے ہے۔ اور اللہ کے علم کے اعتبار سے اس میں نہ کوئی تبدیلی ہوتی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور نہ کوئی تغیر ہوگا اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿وعنده ام الكتاب﴾ [الرعد۔۳۹]

بعض حضرات یہ فرماتے ہیں۔ کہ اللہ کے پاس دو کتابیں ہیں ایک تو لوح محفوظ ہے کہ اس میں کوئی تغیر وتبدل نہیں ہوتا اور دوسری کتاب وہ ہے۔ جس میں فرشتے بندوں کے اعمال لکھتے ہیں اور محو اور اثبات کا تعلق اسی کتاب سے ہے۔ سو یہ تقدیر کا تذکرہ حدیث میں ہے۔ (رواہ احمد والترمذی) اور ترمذی فرماتے ہیں۔ کہ یہ حدیث حسن ہے اور صحیح ہے۔ امام نووی رحمہ اللہ نے بھی اسی طرح فرمایا ہے۔ اور ساتھ یہ بھی لکھا ہے کہ ترمذی کے علاوہ دوسروں کی روایت میں احفظ الله تجده امامك کے علاوہ "تعرف الى الله" الفاظ ہیں۔ "تعرف" را کی تشدید کے ساتھ یعنی اللہ کے احکام کی حفاظت کر کے اللہ کا محبوب بن جا۔ یہ معنی امام نووی نے ذکر کیا ہے۔ کیونکہ اللہ کی معرفت اللہ کی محبت کا سبب ہے۔

"يعرفك في الشدة" "را" کی تخفیف کے ساتھ یعنی اللہ سختی اور تنگی میں انعام کریں گے۔

واعلم ان ماخطاك" یعنی جو نعمت، راحت اور تنگی و پریشانی تم سے چھوٹ جائے "خطا" کا اصل معنی ہے۔ مقصود سے ہٹ جانا۔ اُس نعمت، راحت اور تنگی و پریشانی نے تجھے ملنا نہیں تھا۔ یعنی اُس کا ملنا محال تھا۔ اور اس میں کئی طریقوں سے مبالغہ ہے کیونکہ نفی میں تاکید پیدا کرنے کیلئے خبر پر لام تاکید یہ داخل کر لیا گیا۔ اور خبر میں نفی کی سرایت کیلئے نفی کو مسلط کیا گیا۔ "وما اصابك لم يكن ليخطئك" اس میں توکل اور اللہ کے قضاء پر رضاء کی ترغیب ہے۔ اور انسان سے قوت وطاقت کی نفی کرنے کی ترغیب ہے۔ کیونکہ جو کچھ بھی پیش آتا ہے۔ مثلاً نیک بختی، بدبختی، تنگی، کشادگی، بھلائی، برائی، نفع نقصان موت زندگی ان کا فیصلہ اور تقدیر زمین وآسمان کی پیدائش سے پچاس ہزار سال قبل ہو چکا ہے۔ جو کچھ ہوگا اُس کو تقدیر کے قلم نے لکھ دیا ہے چنانچہ حرکت اور سکون دونوں برابر ہیں۔ لہٰذا "[قل كل من عند الله] (النساء:۷۸) "آپ فرما دیجئے کہ سب کچھ اللہ ہی کی طرف سے ہے" کہہ کر ہر راحت کے وقت شکر اور ہر مصیبت کے وقت صبر کرنا واجب ہے۔ اور یاد رکھنا چاہیے کہ دشمن کے خلاف اللہ کی مدد مصائب اور آزمائشوں پر صبر کرنے کے ساتھ ہے۔ اور "فرج" یعنی غموں سے خلاصی "کرب" یعنی برداشت کے ساتھ ہے۔ اسی لئے وارد ہوا ہے۔ "اشتدى ازمة تنفرجي" اور "اپنے نفس کی لگامیں کھینچ کر رکھو" وسعت ملے گی۔ [ان مع العسر يسرا] [الشرح:۹] "بے شک موجود مشکلات کے ساتھ آسانی ہونے والی ہے"۔

شارح فرماتے ہیں کہ یہ آیت قرآن میں مکرر وارد ہوئی ہے تاکہ یہ بات معلوم ہو جائے کہ جب بھی کوئی تنگی آئیگی اس کے ساتھ دو کشادگیاں ہونگیں اور یہ بات ایک مشہور قاعدہ پر مبنی ہے کہ جب نکرہ دوبارہ ذکر کیا جائے۔ تو اُس سے مراد پہلے نکرہ کے علاوہ دوسری شے ہوگی۔ اور اگر معرفہ کو دوبارہ ذکر کیا جائے۔ تو اُس سے وہی مراد ہوگا جو پہلے معرفہ سے مراد ہوتا ہے۔ لیکن یہ قاعدہ اکثریہ ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿قل اللهم مالك الملك تؤتي الملك﴾ [آل عمران:۲۶] (اے محمد) آپ اللہ تعالیٰ سے یوں کہیے کہ اے اللہ مالک تمام ملک کے آپ ملک جس کو چاہیں دے دیتے ہیں" اس آیت میں پہلا لام استغراق کیلئے ہے۔ دوسرا لام جنس کیلئے ہے اور جنس ماقبل کے ایک فرد سے مستفاد ہوگا۔

پھر بعض شارحین فرماتے ہیں کہ مع بعد کے معنی میں ہے۔ اور یہ حقیقی معنی سے بعید ہے۔ الفاظ میں مبالغہ مراد ہے۔ اسلئے کہ عبارت سے یہ مقصود ہے کہ عسر (تنگی) اور یُسر (کشادگی) میں سے ایک دوسرے کے بعد فوراً پایا جائے گا۔ اور ایک دوسرے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ساتھ اس طرح متصل رہے گا۔ جیسا کہ دونوں ساتھ ساتھ ہیں۔ اور الفاظ سے یہ اس معنی کا قصد کر کے مبالغہ اسلئے مراد ہے۔ کہ اچھی طرح تسلی اور اطمینان حاصل ہو جائے۔ علاوہ ازیں یہ بات بھی معلوم ہوگئی۔ کہ مشقت اللہ کی طرف سے انعام سے خالی نہیں ہے۔ بلکہ مشقت بعینہٖ اللہ کی طرف سے انعام ہے ﴿وفی ذالکم بلاء من ربکم عظیم وما یلقاها الا ذوحظ عظم﴾ [فصلت۔۳۵]

قطب ربانی، غوث صمدانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اپنی کتاب ''فتوح الغیب'' میں فرماتے ہیں

''ہر مؤمن کیلئے ضروری ہے کہ وہ اس حدیث کو اپنے دل کا آئینہ، اپنا شعار، اپنا سرمایہ اور اپنی گفتگو بنا لے اور اپنی تمام حرکات وسکنات میں اس کے مطابق عمل کرے تا کہ دنیا و آخرت میں سالم رہے اور دنیا و آخرت میں اللہ کی رحمت کے سبب عزت سے نواز جائے۔

تخریج: اس حدیث کو احمد اور ترمذی نے نقل کیا ہے۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ رزین کی روایت میں ''تجاهك'' کے بعد ''تعرف الی اللہ فی الرخاء یعرفك فی الشدة'' کی زیادتی منقول ہے۔ اور آخر میں یوں ہے:

''فان استطعت ان تعمل للہ بالرضا فی الیقین فافعل فان لم تستطع فان فی الصبر علی ماتکرہ خیرا کثیرا، واعلم ان النصر مع الصبر والفرج مع الکرب وان مع العسر یسرا ولن یغلب عسر یسرین'' اور اس طویل حدیث جیسی حدیث مسند احمد بن حنبل میں موجود ہے۔

نہایہ میں ہے کہ ''تعرف الی اللہ'' کا معنی یہ ہے کہ: ''اجعل تعرفك بطاعتك والعمل فیما أولاك من نعمته، فانه یجازیك عند الشدة والحاجة فی الدنیا والآخرة'' اور ''لن یغلب عسر یسرین'' دوسرے العسر میں تعریف عہد کیلئے ہے۔ اور ''یسرا'' میں تنکیر نوعیت کیلئے ہے۔ اسلئے ''العسر'' ایک ہوا اور ''یسر'' دو ہوئے۔ اور وہ مشقتیں اور تھکاوٹ ہیں جو صحابہ کو پیش آئی تھی۔ اور ''یسر'' سے مراد فتوحات، دشمن کے خلاف مدد ہے۔ اور آخرت میں اچھا انجام اور محبوب دوستوں کی ملاقات ہے۔

۵۳۰۳: وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَعَادَةِ ابْنِ اٰدَمَ رِضَاهُ بِمَا قَضَى اللّٰهُ لَهٗ وَمِنْ شَقَاوَةِ ابْنِ اٰدَمَ تَرْكُهٗ اِسْتِخَارَةَ اللّٰهِ وَمِنْ شَقَاوَةِ ابْنِ اٰدَمَ سَخَطُهٗ بِمَا قَضَى اللّٰهُ لَهٗ۔

(رواہ احمد والترمذی وقال ھذا حدیث غریب)

اخرجہ الترمذی فی السنن ۳۹۶/۴ حدیث رقم ۲۱۵۱ واحمد فی المسند ۱۶۸/۱

ترجمہ: ''حضرت سعد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ پیغمبر خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ابن آدم (انسان) کی سعادمندی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے جو کچھ مقدر فرمایا ہے وہ اس رضامند رہے اور ابن آدم کی بدنصیبی یہ ہے کہ وہ خدا تعالیٰ سے خیر و بھلائی کو مانگنا چھوڑ دے۔ نیز ابن آدم کی بدنصیبی یہ ہے کہ خدا تعالیٰ نے جو کچھ اس کے لئے مقدر فرمایا ہے وہ اس سے ناخوش و ناراض ہو۔ اس روایت کو احمد و ترمذیؒ نے نقل کیا ہے اور ترمذیؒ نے کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے''۔

تشریح: قولہ: ومن اسخارة ابن آدم ترکه استخارة اللہ:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یعنی خیر طلب کرنا کیونکہ انسان کیلئے جو چیز بہتر ہوتی ہے اللہ اُس کیلئے اُس کو مقدر کر دیتا ہے۔ اسی وجہ سے ایک عارف باللہ کہتا ہے۔ کہ خود اپنے لئے کسی چیز کو پسند نہ کیا کرو اور اگر کچھ پسند کرنا ہی ہے تو عدم اختیار کو پسند کرو۔ اگر چہ اپنے لئے کسی کام کو منتخب کرنا ضروری ہی کیوں نہ ہو" **وربك يخلق مايشاء ويختار**" (اور آپ کا رب جس چیز کو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور پسند کرتا ہے)۔ نیز ارشاد باری ہے: ﴿**وما كان لمؤمن ولامؤمنة اذاقضى الله ورسوله امرا ان يكون لهم الخيرة من امرهم**﴾ [الاحزاب۔۳۶] "اور کسی ایماندار مرد اور کسی ایماندار عورت کو گنجائش نہیں جبکہ اللہ اور اس کا رسول کسی کام کا حکم دیدیں کہ ان کو ان کے اُس کام میں کوئی اختیار ہو۔"

قوله: ومن شقاوة من آدم سخطه قضى الله له:

اللہ کے فیصلہ و تقدیر پر راضی ہونا اللہ تعالیٰ کی رحمت کا بڑا دروازہ ہے۔ اور یہ اہل سلوک کے منازل میں سے ایک منزل ہے۔ اور "**مقام افخم**" کے نام سے موسوم ہے۔ استخارہ کے ذکر کو مقدم کیا کیونکہ استخارہ اللہ کی تقدیر پر راضی ہونے کا سبب ہے۔ اور اسلئے کہ استخارہ فیصلے کے متحقق ہونے سے پہلے ہوتا ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ اللہ کی تقدیر و قسمت پر راضی ہونا یعنی ناراضگی کا اظہار نہ کرنا۔ انسان کی سعادت کی علامت ہے۔ اور اس کو انسان کی سعادت کی علامت دو وجہوں سے قرار دیا گیا۔ پہلی وجہ ہے کہ عبادت کیلئے فارغ ہونا کیونکہ انسان جب اللہ کے فیصلوں پر راضی نہیں ہوتا وہ ہمیشہ غمگین رہتا ہے۔ اور واقعات کے رونما ہونے سے اُسکا دل مشغول رہتا ہے۔ اور کہتا ہے کہ اسی طرح کیوں ہوا اور اس طرح کیوں نہیں ہوا۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اللہ کی تقدیر پر ناراض ہونے سے اللہ کا غضب نازل نہ ہو۔ اور بندے کا اللہ کی تقدیر پر ناراض ہونا یہ ہے۔ کہ وہ چیزیں یاد کریں اور بہتر سمجھے جنکا اللہ نے اس کے لئے فیصلہ نہیں کیا اور خُدا نے جس چیز کو مقدر کیا ہے۔ وہ اس چیز سے بہتر اور اولیٰ جس کا اچھا یا بُرا ہونا یقین نہیں ہے۔

اگر یہ سوال کیا جائے کہ دو ہم مفہوم متقابل جملوں کے درمیان "**ومن شقاوه ابن آدم تركه استخارة الله**" کو کیسے ذکر کیا گیا۔ تو اس کا جواب یہ ہے۔ کہ اُس شخص کا وہم دور ہو جائے جو استخارہ چھوڑ دے اور اپنے معاملہ کو کلیتاً سپرد کرے۔ انتہیٰ۔

اس جواب میں اشکال ہے۔ کیونکہ استخارہ اور تفویض کا انجام تو ایک ہے۔ اسی طرح آئندہ روایت میں دونوں جملوں میں صرف استخارہ پر اکتفاء کیا گیا۔ پھر اس بات میں کوئی شک نہیں کہ مطلق تسلیم استخارہ سے اولیٰ ہے۔ کیونکہ استخارہ بھی ایک گونہ مطالبہ اور چاہت کا اظہار ہے۔ اور اس امر کے بارے میں منازعہ ہے جو متحقق ہو چکا اور استخارہ کی حقیقت یہ ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ سے تمام امور میں بھلائی طلب کی جائے۔ بلکہ یہ اعتقاد رکھے کہ انسان اپنی خیر اور شر میں امتیاز نہیں کر سکتا جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے:

﴿وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ﴾ [البقرۃ۔۲۱۶]

"یہ بات ممکن ہے کہ تم کسی امر کو گراں سمجھو اور وہ تمہارے حق میں خیر ہو اور یہ (بھی) ممکن ہے کہ تم کسی امر کو مرغوب سمجھو اور وہ تمہارے حق میں باعث خرابی ہو اور اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور تم نہیں جانتے۔"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پھر اس سے ترقی یہ ہے کہ انسان کا یقین ہو کہ کائنات میں جو کچھ ہو رہا ہے۔ اس میں خیر ہے چنانچہ مروی ہے: الخیر بیدیك والشر لیس الیك، خیر تیرے ہاتھوں میں اور شر تیری طرف منسوب نہیں ہے۔ پھر مستحب یہ ہے کہ دینی یا دینا وی اہم معاملات میں مشورہ کرنے کے بعد استخارہ کی دُعا مانگی جائے۔ اور کم از کم استخارہ یہ ہے کہ یوں کہے" اللھم خرلی واخترلی ولا تکلنی الی اختیاری" اور زیادہ کامل دُعاء استخارہ کی صورت یہ ہے کہ دو رکعت نفل پڑھے پھر اس کے بعد وہ مشہور دُعا پڑھے جو احادیث میں موجود ہے اور کتاب الصلاۃ میں ہم نے ذکر کر دی ہے۔

قولہ: وقال ھذا حدیث غریب : امام ترمذیؒ کا مکمل کلام یوں ہے: یہ حدیث محمد بن حمید کی سند سے ہی معروف ہے اور محمد بن حمید محدثین کے نزدیک قوی نہیں ہے۔ اور حاکم نے اس کو اپنی صحیح میں نقل کیا ہے اور اس میں یہ زیادتی بھی ہے:

"من سعادۃ ابن آدم کثرہ استخارتہ اللہ' ومن شقاوتہ ترکہ استخارۃ اللہ" اس حدیث کو حاکم اور ترمذی نے نقل کیا ہے۔

امام میرکؒ فرماتے ہیں کہ دونوں حدیثیں سعد ابن ابی وقاص سے مروی ہیں اور امام ترمذی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے اور اس کے الفاظ ہیں:

"من سعادۃ ابن آدم کثرۃ استخارتہ اللہ ورضاہ بما قضی اللہ لہ' ومن شقاوۃ ابن آدم ترکہ استخارہ اللہ وسخطہ بما قضی اللہ لہ" جامع میں اس حدیث کو سعد کی سند سے امام ترمذی اور حاکم کی طرف منسوب کیا ہے۔ لیکن اُسکے الفاظ یہ ہیں "من سعادۃ ابن آدم استخارتہ اللہ ومن سعادۃ ابن آدم رضاہ بما قضی اللہ' ومن شقاوۃ ابن آدم ترکہ استخارۃ اللہ ومن شقاوۃ ابن آدم سخطہ بما قضی اللہ" اس سے اور اس کے ماقبل کے الفاظ سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ مشکاۃ کے الفاظ میں بہت اختصار ہے جو مخل ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

طبرانی نے اوسط میں حضرت انسؓ سے مرفوعاً یوں اس روایت نقل کیا ہے:

ماخاب من استخار' ولا ندم من استشار ولا عال من اقتصد:

"وہ شخص نامراد نہیں ہو سکتا جو استخارہ کرے اور وہ شخص نادم اور پشیمان نہیں ہو سکتا جو مشورہ کرے اور وہ شخص محتاج نہیں بن سکتا جو میانہ روی اختیار کرے۔

بعض حکماء فرماتے ہیں کہ جس شخص کو چار چیزیں حاصل ہو گئیں وہ چار چیزوں سے محروم نہیں ہو سکتا:

1. جس شخص کو شکر گزاری کا مرتبہ حاصل ہوا وہ نعمتوں میں زیادتی سے محروم نہیں رہے گا۔
2. جس شخص کو توبہ کی توفیق نصیب ہوئی وہ قبولیت سے محروم نہیں رہے گا۔
3. جس شخص نے استخارہ کا راستہ اختیار کیا وہ بھلائی سے محروم نہیں رہے گا۔
4. جس شخص نے مشورہ حاصل کیا وہ صحیح بات تک پہنچنے سے محروم نہیں رہے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثالث:

۵۳۰۴ : عَنْ جَابِرٍ اَنَّهُ غَزَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ نَجْدٍ فَلَمَّا قَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَفَلَ مَعَهُ فَاَدْرَكَتْهُمُ الْقَائِلَةُ فِيْ وَادٍ كَثِيْرِ الْعِضَاهِ فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَفَرَّقَ النَّاسُ يَسْتَظِلُّوْنَ بِالشَّجَرِ فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ سَمُرَةٍ فَعَلَّقَ بِهَا سَيْفَهُ وَنِمْنَا نَوْمَةً فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْنَا وَاِذَا عِنْدَهُ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ اِنَّ هٰذَا اخْتَرَطَ عَلَيَّ سَيْفِيْ وَاَنَا نَائِمٌ فَاسْتَيْقَظْتُ وَهُوَ فِيْ يَدِهِ صَلْتًا قَالَ مَنْ يَّمْنَعُكَ مِنِّيْ فَقُلْتُ اَللّٰهُ ثَلٰثًا وَلَمْ يُعَاقِبْهُ وَجَلَسَ (متفق عليه)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۹۶/۶ حدیث رقم ۲۹۱۰ ومسلم فی صحیحه ۱۷۸۷/۴ حدیث رقم (۱۴-۸۴۳) واحمد فی المسند ۳۶۵/۳۔

ترجمہ: ''حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ اس غزوہ میں شریک تھے جو نجد کی جانب ہوا تھا اور جب رسول اللہ ﷺ جہاد سے فارغ ہو کر واپس تشریف لائے تو جابر رضی اللہ عنہ بھی آپ ﷺ کے ساتھ ہی واپس ہوئے پس (کسی دن) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم دوپہر کے وقت ایک گھنی جھاڑیوں والے جنگل میں پہنچے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو قیلولہ نے آلیا۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے (صحابہؓ کے ہمراہ) وہاں پڑاؤ ڈال لیا اور تمام لوگ درختوں کے سایہ کی تلاش میں اِدھر اُدھر منتشر ہو گئے (یعنی ہر شخص ایک ایک درخت کے نیچے چلا گیا اور اس کے سایہ میں کچھ دیر استراحت کی غرض سے لیٹ گیا) رسول اللہ ﷺ بھی کیکر کے ایک بڑے درخت کے نیچے فروکش ہو گئے اور اپنی تلوار کو اس درخت کے ساتھ لٹکا دیا (حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ) ہم لوگ کچھ نیند لینے کی غرض سے سو گئے تھے کہ اچانک ہم نے سنا کہ رسول اللہ ﷺ ہمیں بلا رہے ہیں چنانچہ ہم لوگ (اپنی اپنی جگہ سے اٹھ کر) آپ ﷺ کے پاس پہنچے تو کیا دیکھتے ہیں کہ آپ ﷺ لیٹے ہوئے ہیں اور وہیں آپ ﷺ کے پاس ایک دیہاتی کافر موجود ہے۔ آنحضرت ﷺ نے (ہمارے جمع ہونے پر) ارشاد فرمایا کہ یہ دیہاتی اس وقت جب کہ میں سو رہا تھا مجھ پر میری تلوار سونت کر کھڑا ہو گیا اور جب میں بیدار ہوا میں نے دیکھا کہ میری ننگی تلوار اس کے ہاتھ میں ہے۔ اس نے مجھ سے کہا کہ اب تمہیں مجھ سے کون بچائے گا؟ میں نے فوراً جواب دیا کہ میرا اللہ مجھے بچائے گا۔ اور میں نے یہ بات تین مرتبہ کہی۔ اور (راوی کا بیان ہے کہ حضور ﷺ نے) اس دیہاتی کی کوشش کو سرزنش نہیں فرمائی پھر آپ ﷺ اٹھ کر بیٹھ گئے۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: **علی جابر انه غزا مع النبی:** اور ایک نسخہ میں (''النبی'' کی بجائے) ''رسول اللہ'' کا لفظ ہے۔

قبل: قاف کے کسرہ اور با کے فتحہ کے ساتھ

''نجد'': اور نہایہ میں ہے کہ ''نجد'' بلند ٹیلہ کو کہتے ہیں۔ یہ حجاز کے قریب ایک خاص علاقہ کا نام ہے۔

قفل: قافلہ کو ''قافلہ'' کہا جاتا ہے اگرچہ وہ جا رہا ہو لوٹنے کی نیک فالی لیتے ہوئے۔

العضاہ: عین کے کسرہ کے ساتھ۔ کانٹے دار درخت کہا جاتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سمرة: سین کے فتحہ اور میم کے ضمہ کے ساتھ ایک کانٹے دار (ببول کا) درخت ہے۔ ''عضاہ'' سے بڑے درخت کو ''سمرة'' کہا جاتا ہے۔

نمنا: نون اول کے کسرہ کے ساتھ۔

واذا: ایک نسخہ میں'' فاذا'' ۔

وانا نائم: حال ہے۔ صلتا: صاد کے فتحہ کے ساتھ اور ضمہ بھی پڑھا گیا ہے۔ جوہری فرماتے ہیں کہ ''صلت'' صاد کے فتحہ اور ضمہ کے ساتھ ہے۔ اور قاموس میں ہے کہ ''صلت'' کا معنی ہے وہ تلوار جس کو صیقل کیا گیا ہو اور صاد کو ضمہ دیا جاتا ہے۔ اور نہایہ میں ہے کہ'' الصلت'' کا معنی ننگی تلوار ہے۔

قوله: قال: من يمنعك مني: فعل اپنے حقیقی معنی پر قائم ہے اور مضاف مقدر ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ اس کا معنی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ای من يحميك مني ۔ تجھے مجھ سے کون بچائے گا۔'' اساس البلاغہ'' میں لکھا ہے: ومن المجاز'' فلان يمنع الجار'' ای يحميه من ان يضام۔

فقلت الله: حقیقت یہی ہے کہ اللہ مجھے بچائے گا۔ یا اُس حفاظت کا اعتبار کرتے ہوئے فرمایا جس حفاظت کا اللہ تعالیٰ نے نبی علیہ السلام سے وعدہ کیا ہے: [والله يعصمك من الناس] [المائدة۔٦٧] (اور اللہ تعالیٰ آپ کو لوگوں سے محفوظ رکھے گا)۔

قوله: فلقت: الله ثلاثا ولم يعاقبه وجلس: یعنی تین مرتبہ اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ اللہ سے مدد طلب کرتے وقت تین مرتبہ اللہ کا نام لینا مستحب ہے۔

وجلس: یعنی نبی ﷺ بیٹھ گئے جبکہ پہلے بیٹھے یا لیٹے ہوئے تھے پھر یہ بھی احتمال ہے کہ یہ سارا معاملہ صحابہ کو بلانے سے پہلے ہوا ہو اور بعد میں بلایا ہو تا کہ خلاف عادت معاملہ کی خبر دے دیں۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ صحابہ کو بلانے کے بعد یہ سارا معاملہ ہوا ہو۔ اور حضور علیہ السلام نے صحابہ کو بلایا ہو تا کہ اُنکو معجزہ دکھائیں۔ اور پہلی بات زیادہ ظاہر ہے۔

٥٣٠٥ : وَ فِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ بَكْرِ الْاِسْمَاعِيْلِيِّ فِيْ صَحِيْحِهٖ فَقَالَ مَنْ يَّمْنَعُكَ مِنِّيْ قَالَ اللّٰهُ فَسَقَطَ السَّيْفُ مِنْ يَدِهٖ فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّيْفَ فَقَالَ مَنْ يَّمْنَعُكَ مِنِّيْ فَقَالَ كُنْ خَيْرَ اٰخِذٍ فَقَالَ تَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَالَ لَا وَلٰكِنِّيْ اُعَاهِدُكَ عَلٰى اَنْ لَّا اُقَاتِلَكَ وَلَا اَكُوْنُ مَعَ قَوْمٍ يُقَاتِلُوْنَكَ فَخَلّٰى سَبِيْلَهٗ فَاَتٰى اَصْحَابَهٗ فَقَالَ جِئْتُكُمْ مِنْ عِنْدِ خَيْرِ النَّاسِ هٰكَذَا فِيْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ وَفِي الرِّيَاضِ۔

اخرجه البخاری فی صحيحه ٩٧/٦ حديث رقم ٢٩١٣ واخرجه مسلم فی ١٧٨٧/٤ حديث رقم (١٤-٨٤٣) واحمد فی المسند ٣٩٠/٣

ترجمہ: ''اس روایت میں کہ جس کو ابوبکر اسماعیلی نے اپنی صحیح میں نقل کیا ہے یہ الفاظ ہیں کہ اس دیہاتی نے (آنحضرت ﷺ پر تلوار سوت کر) پوچھا کہ اب تمہیں مجھ سے کون بچائے گا؟ تو حضور ﷺ نے جواباً فرمایا: ''اللہ''۔ (۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سنتے ہی) دیہاتی کے ہاتھ سے تلوار گر گئی پھر حضور ﷺ نے تلوار کو پکڑ لیا اور فرمایا کہ (اگر میں تمہیں قتل کرنا چاہوں تو بتاؤ کہ) اب تمہیں کون مجھ سے بچا سکے گا؟ دیہاتی نے جواب دیا آپ ﷺ تو بھلائی کے ساتھ پکڑنے والے ہیں (یعنی آپ ﷺ کی شان سے تو مجھے یہ توقع ہے کہ میرے لئے انتقامی کارروائی نہیں فرمائیں گے اور آپ ازراہ لطف وکرم مجھے معافی عنایت فرمائیں گے) حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: اچھا اس بات کی گواہی دو کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود برحق نہیں اور بلاشبہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ (گویا آپ ﷺ نے اس سے یہ فرمایا کہ اگر تمہیں میرے اوپر اتنا زیادہ اعتماد ہے تو پھر یقیناً یہ بات بھی اچھی طرح سمجھتے ہو کہ میری دعوت اسلام بالکل برحق اور مبنی برصداقت ہے' اس صورت میں تو تمہیں چاہئے کہ کلمہ پڑھ لو اور مسلمان ہو جاؤ) دیہاتی نے جواباً کہا کہ نہیں اسلام تو نہیں قبول کر سکتا مگر جانے دے آپ ﷺ سے یہ عہد ضرور کرتا ہوں کہ نہ میں خود آپ ﷺ سے قتال کروں گا اور نہ ہی آپ کے مقابلے میں لڑنے والوں کا ساتھ دوں گا۔ بہرحال آپ ﷺ نے اس دیہاتی کو جانے دے دیا اور جب وہ دیہاتی اپنے رفقاء میں آیا تو کہنے لگا کہ میں تمہارے درمیان ایک ایسے شخص کے پاس سے ہو کر آیا ہوں جو سب سے بہتر شخص ہے۔ بخاری ومسلم کی مذکورہ بالا روایت اسی تین کے ساتھ کتاب حمیدی اور امام محی الدین کی تصنیف ''ریاض الصالحین'' میں بھی منقول ہے''۔

تشریح: قولہ: کن خیر آخذ: ای آخذ السیف۔ یعنی ''قدرت کے باوجود معاف فرما دیجئے جملہ۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں: ای بالجنایات عفو مراد ہے۔ (انتہیٰ)۔ چنانچہ ''اخذ'' مؤاخذہ کے معنی میں ہے۔

فقال: تشھد: حرف استفہام محذوف ہے ای اتشھد

قال لا: (فعل محذوف ہے۔) ای لا اشھد۔

۵۳۰۶ : وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّیْ لَاَعْلَمُ اٰيَةً لَوْ اَخَذَ النَّاسُ بِهَا لَكَفَتْهُمْ وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ. (رواه احمد وابن ماجة والدارمی)

اخرجه ابن ماجه فی السنن ۱۴۱۱/۲ حدیث رقم ۴۲۲۰ والدارمی فی السنن ۳۰۹۲/۲ حدیث رقم ۲۷۲۵ واحمد فی المسند ۲۴۸/۱

ترجمہ: ''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یقیناً میں ایک ایسی آیت جانتا ہوں کہ اگر لوگ (محض) اسی آیت پر عمل پیرا ہو جائیں تو ان کے حق میں وہی ایک آیت کافی ہو جائے۔ وہ آیت یہ ہے: وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ (الایۃ) یعنی جو شخص اللہ سے ڈرنے لگ جائے تو اللہ اس کے لئے دنیا اور آخرت کے غموں سے) نجات کا راستہ پیدا فرما دیتا ہے اور اس کو ایسی جگہ سے (بغیر تکلیف ومشقت اٹھائے اور بغیر غم وفکر کے) عزق عطا فرماتا جہاں سے ملنے کا خیال بھی نہیں ہوتا''۔ (ابن ماجہ، دارمی)

تشریح: اس آیت کا اگلا حصہ یوں ہے: ﴿وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا﴾ [الطلاق:۳] ''اور جو شخص اللہ پر توکل کرے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے کافی ہے اللہ تعالیٰ اپنا کام پورا کر کے رہتا ہے' اللہ تعالیٰ نے ہر شئے کا ایک انداز مقرر کر رکھا ہے۔''

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ یہاں پوری آیت مراد ہے۔ اور [ومن یتق اللہ۔۔۔من حیث لا یحتسب] تک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ وہ تمام وہ دنیاوی اور اُخروی امور جن کا انسان کو خوف وخطرہ ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اپنی طرف سے اُن تمام کی کفایت کرتا ہے۔ اور ومن یتوکل.....'' میں اشارہ ہے کہ اللہ انسان کے اُن تمام اُمور کی کفایت کرتا ہے جن کو انسان تلاش کرتا ہے چاہے دینادی اُمور ہوں چاہے اُخروی اُمور ہوں۔ اور وبالغ امرہ کا مطلب ہے کہ وہ اپنے حکم کو نافذ کر کے رہتا ہے۔ اس حدیث میں اللہ پر توکل کے ضروری ہونے اور تمام امور کو اللہ کے سپرد کرنے کا بیان ہے۔ اسلئے کہ جب انسان کو اس بات کا یقین ہوگیا کہ رزق اور اس جیسی ہر چیز تقدیر الٰہی اور توفیق الٰہی سے ہی تعلق رکھتی ہے تو قدر وقضا کے آگے سر تسلیم خم کرنے اور توکل کے علاوہ اور کوئی راستہ نہیں رہتا۔ کسی نے کہا ہے۔

اذا المرء امسٰی حلیف التقٰی
فلم یخش من طارق حله
الم تسمع اللّٰه سبحانه
ومن یتق اللّٰه یجعل له مخرجًا

۵۳۰۷: وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اَقْرَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَنَا الرَّزَّاقُ ذُوْالْقُوَّةِ الْمَتِیْنِ.

(رواه ابوداؤد والترمذی وقال هذا حدیث حسن صحیح)

اخرجه الترمذی فی السنن ۱۷۶/۵ حدیث رقم ۲۹۴۰۔

ترجمہ: ''حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ کو یہ آیت سکھائی اِنِّیْ اَنَا الرَّزَّاقُ ذُوْالْقُوَّةِ الْمَتِیْنِ یعنی (اے انسان یاد رکھ کہ) بلاشبہ میں ہی رزق عطا کرنے والا ہوں (اور) غالب طاقت والا ہوں''۔ (ابوداؤد، ترمذی) اور ترمذیؒ نے کہا ہے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے''۔

تشریح: قوله: اقرأنی رسول الله ﷺ: یعنی مجھے قراءت کرنے پر اُبھارا (ذکرہ الطیبی) اور زیادہ ظاہر معنی یہ ہے کہ مجھے یہ آیت سکھائی ''انی انا الرزاق'' یعنی اس کی قراءت اسی طرح سکھائی۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ ایک شاذ قراءت ہے جو حضور علیہ السلام کی طرف منسوب ہے۔ اور مشہور قراءت یہ ہے [ان الله هو الرزاق][الذاریات۔۵۸]۔ (انتہیٰ) مطلب یہ ہے کہ [انی انا الرزاق] ایک قطعی قراءت تھی اور معنی کے اعتبار سے متواتر تھی۔ رسول ﷺ نے یہ آیت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو سکھائی تھی لیکن پھر یہ قراءت منسوخ ہوگئی یا ابن مسعود کے بعد شاذ ہوگئی۔

ذو القوة المتین: ''غالب طاقت والا'' اللہ تعالیٰ کے ''قوة'' اور ''متانة'' کے ساتھ موصوف ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بے پناہ قدرت والا ہے اس کی قدرت ہر چیز پر ہے۔ ''ذو القوة'' خبر ثانی ہے۔ اور اس میں کئی وجوہ سے مبالغہ ہے۔ اول یہ کہ جملہ کے شروع میں ''ان'' ہے دوم یہ کہ مبتدا اور خبر کے درمیان ضمیر فصل لائی گئی ہے جو مفید اختصاص ہے۔ سوم یہ کہ خبر پر لام جنس لایا گیا اور پھر تمیم کے لئے ''ذو القوة'' کے بعد ''متین'' کو ذکر کیا گیا۔ اسلئے واجب ہے کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی پر اعتماد کیا جائے اور اپنے امور صرف اُسی کے سپرد کیے جائیں۔

۵۳۰۸: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ اَخَوَانِ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَکَانَ اَحَدُهُمَا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَاتِيْ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاٰخَرُ يَحْتَرِفُ فَشَكَا الْمُحْتَرِفُ اَخَاهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَعَلَّكَ تُرْزَقُ بِهٖ . (رواه الترمذی وقال هذا حدیث صحیح غریب)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٩٦ حدیث رقم ٢٣٤٥

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے دور میں دو بھائی تھے جن میں سے ایک تو نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں رہا کرتا تھا' اس کا زیادہ وقت رسول اللہ ﷺ کی صحبت میں رہ کر علم ومعرفت کے حصول اور عبادت واطاعت اور دینی خدمات کی مشغولیت میں صرف ہوا کرتا تھا) جب کہ دوسرا بھائی کوئی کام کرتا تھا (یعنی حصولِ معاش کے لئے کسی ہنر و پیشہ کے ذریعہ کمائی کرتا تھا اور دونوں بھائی ایک ساتھ کھاتے پیتے تھے) چنانچہ کمانے والے بھائی نے حضور ﷺ سے اپنے دوسرے بھائی کی شکایت کی (یعنی میرا بھائی نہ تو میرے کام کاج میں ہاتھ بٹاتا ہے اور نہ ہی اس کا کوئی ذاتی پیشہ ہے اور اس طرح اس کے کھانے پینے کا خرچ مجھے ہی برداشت کرنا پڑتا ہے) حضور ﷺ نے (اس کی یہ شکایت سن کر) ارشاد فرمایا: ''یہ بھی تو ہوسکتا ہے کہ تمہیں اسی کی برکت سے رزق دیا جارہا ہو''۔ اس روایت کو ترمذی نے نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث صحیح غریب ہے''۔

تشریح: فشكا المحترف اخاه النبی: ''منصوب بنزع الخافض ہے۔ ای :الی النبی ﷺ۔

ترزق به: مجہول کے صیغہ کے ساتھ

مجھے اُمید ہے یا مجھے اس بات کا خوف ہے کہ تجھے اس کی برکت سے رزق ملتا ہے۔ صنعت وحرفت کی وجہ سے روزی ملتی ہے چنانچہ اس پر اپنی صنعت وحرفت کا احسان نہ جتلا۔

یہ حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ انسان کا دنیاوی مشاغل کو چھوڑنا جائز ہے' اور یہ زادِ عقبیٰ کی خاطر علم وعمل میں مشغول ہونا اور تجرد کی زندگی بسر کرنا جائز ہے۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ''لعلك'' میں موجود معنی کا رسول اللہ ﷺ کی طرف راجع ہونا بھی ممکن ہے۔ اس صورت میں یقین توبیخ کا معنی دے گا۔ جیسا کہ اس روایت میں وارد ہوا ہے: ''فهل ترزقون الا بضعفائكم''

اور یہ بھی ممکن ہے کہ مخاطب کی طرف راجع ہوتا' کہ مخاطب کیلئے غور وفکر کا باعث بنے اور خود عدل وانصاف سے کام لے۔

تخریج: اس حدیث کو امام حاکم نے بھی نقل کیا ہے۔

٥٣٠٩ : وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ قَلْبَ ابْنِ اٰدَمَ بِكُلِّ وَادٍ شُعْبَةٌ فَمَنِ اتَّبَعَ قَلْبُهُ الشُّعَبَ كُلَّهَا لَمْ يُبَالِ اللّٰهُ بِاَيِّ وَادٍ اَهْلَكَهٗ وَمَنْ تَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ كَفَاهُ الشُّعَبَ. (رواه ابن ماجة)

اخرجه ابن ماجه ١٣٩٥ حدیث رقم ٤١٦٦۔

ترجمہ: ''حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بلاشبہ انسان کے دل کے لئے ہر وادی میں ایک گوشہ اور ایک حصہ ہے۔ پس جس شخص نے اپنے دل کو ان حصوں اور گوشوں پیچھے لگائے رکھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(یعنی اس نے اپنے دل کو ان تفکرات اور غموں میں مشغول و منہمک رکھا اور پراگندہ خاطری کا شکار ہوا) تو اللہ تعالیٰ کو کوئی پرواہ نہیں کہ اس کو کس جنگل میں ہلاک کرے (یعنی جب انسان اللہ تعالیٰ کو حقیقی ذمہ دار ہے یہ اعتماد نہیں کرتا بلکہ ساری توجہ اپنی ذاتی تدبیر و سعی اور تگ و دو میں مشغول رکھتا ہے تو پھر اللہ تعالیٰ بھی ایسے شخص کی کوئی پرواہ نہیں فرماتے جہاں چاہے ہلاک ہو جائے کسی بھی مشغولیت میں دنیا سے چلا جائے) اور جس شخص نے اللہ پر اعتماد و بھروسہ کیا (اور اپنے تمام کاموں کو اسی کے حوالہ کر دیا) تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام امور کی بہتری کے لئے کافی ہو جاتا ہے"۔

تشریح: قولہ: ان قلب ابن آدم بکل واد شعبة: یعنی انسان کے دل میں ایک شاخ اور ٹکڑا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ انسان کے دل کا ایک گوشہ (معیشت کی طرف) متوجہ ہوتا ہے۔ کیونکہ دل ایک ہے اور اس میں تفکرات و غموم متعدد ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ماجعل الله لرجل من قلبين فی جوفه﴾ "کسی شخص کے پیٹ (یعنی جسم) میں دو دل نہیں رکھے"۔ نہایہ میں ہے "الشعبة" ہر چیز کے ایک حصہ اور ٹکڑے کو کہا جاتا ہے۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ کہ یہاں کچھ مقدر ماننا ضروری ہے۔ (ای) "فی کل واد له شعبة"

قوله: فمن اتبع قلبه الشعب۔۔۔ اهلكه:

اتبع: اتباع سے ماخوذ ہے۔ یعنی جو شخص غموں کی وادیوں میں اپنے دل کو تفکرات کی گھاٹیوں کا تابع بنائے گا۔

قوله: ومن توكل على الله كفاه الشعب: یعنی اللہ اس شخص کی مختلف متفرق ضروریات کیلئے کافی ہو جاتا ہے۔ اسی کے ہم معنی حضور علیہ السلام کا یہ ارشاد ہے: من جعل الهموم هما واحدا هم الدين كفاه الله هم الدنيا والآخرة

۵۳۱۰ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَبُّكُمْ عَزَّوَجَلَّ لَوْاَنَّ عَبِيْدِیْ اَطَاعُوْنِیْ لَاَسْقَيْتُهُمُ الْمَطَرَ بِاللَّيْلِ وَاَطْلَعْتُ عَلَيْهِمُ الشَّمْسَ بِالنَّهَارِ وَلَمْ اُسْمِعْهُمْ صَوْتَ الرَّعْدِ.

(رواه احمد)

اخرجه احمد فی المسند ۲/۳۵۹

ترجمہ: "حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہارا پروردگار جس کی شان بزرگی اور برتری ہے ارشاد فرماتا ہے کہ اگر میرے بندے میری بعداری کرنے لگیں (یعنی میرے امر و نہی کے مطابق چلیں) تو یقیناً میں کو رات کے وقت تو بارش سے سیرابی عطا کروں (تاکہ وہ سکون کی نیند سوئیں) اور دن کے وقت ان پر دھوپ کی چادر پھیلاؤں (تاکہ وہ اپنے کام و کاج میں مشغول رہ سکیں) ان کو بادل گرجنے کی آواز نہ سناؤں"۔ (احمد)

تشریح: اطلعت: باب افعال سے ہے اس کا معنی ہے ظاہر کرنا

لم اسمعهم: اور جامع کی روایت میں "لما اسمعتهم" کے الفاظ ہیں۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ بات "تتمیم" کے باب سے ہے کیونکہ جب بادل کے ساتھ گرج بھی ہو تو اس میں خوف کا شائبہ ہوتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد: ﴿هو الذی یریکم البرق خوفا وطمعا﴾ [الرعد: ۱۲] "وہ ایسا ہے کہ تم کو بجلی دکھلاتا ہے جس سے ڈر بھی ہوتا ہے اور امید بھی ہوتی ہے"۔ چنانچہ اس کی نفی فرما دی تاکہ وہ رحمت محضہ بن جائے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخریج: اس طرح اس حدیث کو امام حاکم نے بھی نقل کیا ہے۔

۵۳۱۱ : وَعَنْهُ قَالَ دَخَلَ رَجُلٌ عَلٰى اَهْلِهٖ فَلَمَّا رَاٰى مَابِهِمْ مِنَ الْحَاجَةِ خَرَجَ اِلَى الْبَرِيَّةِ فَلَمَّا رَاَتِ امْرَاَتُهٗ قَامَتْ اِلَى الرَّحٰى فَوَضَعَتْهَا وَاِلَى التَّنُّوْرِ فَسَجَرَتْهُ ثُمَّ قَالَتْ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا فَنَظَرَتْ فَاِذَا الْجَفْنَةُ قَدِ امْتَلَأَتْ قَالَ وَذَهَبَتْ اِلَى التَّنُّوْرِ فَوَجَدَتْهُ مُمْتَلِئًا قَالَ فَرَجَعَ الزَّوْجُ قَالَ اَصَبْتُمْ بَعْدِىْ شَيْئًا قَالَتِ امْرَاَتُهٗ نَعَمْ مِنْ رَبِّنَا وَقَامَ اِلَى الرَّحٰى فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَمَا اَنَّهٗ لَوْ لَمْ يَرْفَعْهَا لَمْ تَزَلْ تَدُوْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ. (رواه احمد)

اخرجه احمد فى المسند ۲/۵۱۳

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ ایک شخص گھر میں (داخل ہوا) تو اس نے گھر والوں فقر و افلاس کو محسوس کیا' وہ (یہ دیکھ کر اپنے رب کے سامنے عرض و منایات کرنے اور اس کی بارگاہ میں یکسوئی کے ساتھ اپنی حاجات کی درخواست کرنے کی غرض سے جنگل کی طرف چلا گیا' اِدھر جب اس کی اھلیہ نے یہ دیکھا (کہ شوہر خود مجبور ہے اور وہ شرم کے باعث گھر سے باہر چلا گیا ہے) تو وہ اٹھی اور چکی کے پاس گئی' چکی کو اس نے اپنے سامنے رکھا (یا اس نے چکی کے اوپر والے پاٹ کو نیچے والے پاٹ پر رکھ دیا اور یا یہ معنی ہیں کہ اس نے اس چکی کو صاف کیا اور درست کر کے رکھ دیا اور اسے امید یہ تھی کہ شوہر باہر سے آئے گا تو کچھ لے کر آئے گا اس کو پیس کر روٹی پکالوں گی) پھر وہ تنور کے پاس گئی اور اس کو گرم کیا' اس کے بعد یوں عطا کرنے لگی۔ الٰہی! ہمیں رزق عنایت فرمادے''۔ پھر جو اس نے نظر اٹھائی تو کیا دیکھتی ہے کہ چکی کا پاٹ آٹے سے بھرا ہوا ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ اس کے بعد جب وہ آٹا (گوندھ کر) تنور کے پاس گئی روٹیاں لگانے کی غرض سے۔ تو تنور کو روٹیوں سے بھرا ہوا پایا (یعنی خدا کی قدرت نے یہ کرشمہ دکھایا کہ خود بخود اس آٹے کی روٹیاں بن کر تنور میں جالگیں یا یہ کہ آٹا تو اپنی جگہ چکی کے پاٹ میں رہا اور تنور میں غیب سے روٹیاں نمودار ہوگئیں) راوی کہتے ہیں کہ کچھ دیر بعد جب خاوند (رب العزت کی بارگاہ میں التجاء و مناجات سے فارغ ہو کر) گھر آیا تو بیوی سے دریافت کیا کہ کیا میرے جانے کے بعد تمہیں (کہیں سے) کچھ (غلہ وغیرہ) مل گیا تھا (کہ تم نے یہ روٹیاں بنالی؟ بیوی نے جواب دیا کہ ہاں! یہ ہمیں ہمارے پروردگار حقیقی کی جانب سے ملا ہے (یعنی عمومی معمول کے مطابق کسی انسان کے ذریعہ سے نہیں پہنچا۔ بلکہ یہ رزق محض غیب سے اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا ہے) شوہر کہ یہ جان کر بہت حیرت ہوئی اور وہ) اٹھ کر چکی کے پاس گیا (اور چکی کو اٹھایا تا کہ اس کا کرشمہ دیکھے) پھر جب اس واقعہ کا ذکر نبی کریم ﷺ کے سامنے کیا گیا تو آپ ﷺ نے (پورا قصہ سن کر) فرمایا ''جان لو'' بلاشبہ کہ اگر وہ شخص اس چکی کو اٹھا نہ لیتا تو وہ چکی مسلسل روز قیامت تک گردش میں رہتی اور اس سے آٹا نکلتا رہتا''۔ (احمد)

تشریح: ''البریۃ'' البر کی طرف منسوب ہے۔

فسجرتہ: جیم کی تشدید اور تخفیف کے ساتھ۔

اس میں اشارہ ہے کہ بندہ حال کے مقتضی کے مطابق جتنا ممکن ہو رزق حلال کی تلاش کرے پھر اپنے مقصود کو حاصل کرنے کیلئے بادشاہ بلند و بالا سے دُعا کرے مثلاً اس جیسے الفاظ سے دعا کرے۔ اللھم ارزقنا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قاموس میں ہے: ''الجعفة'' القصعة کے معنی میں ہے۔خلاصۃ اللغۃ میں ہے کہ ''قصعة كبيرة''کو کہتے ہیں۔'' الجفنة'' سے مراد وہ برتن ہے جس کو چکی کے نیچے رکھتے ہیں تا کہ آٹا اس میں جمع ہوتا رہے۔

و ذهبت: اور ایک صحیح نسخہ میں ''فذهبت'' ہے۔

قال اصبتم: یہ جملہ مستانفہ ہے۔

اصبتم: تم نے کھالیا یا کچھ حاصل کرلیا۔

قالت امراته نعم: ای: اصبنا۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ نے ''اللهم ارزقنا'' کا عجیب وغریب معنی بیان کیا ہے۔فرماتے ہیں اس عورت نے دُعا کی کہ اسکے شوہر کو کچھ غلہ مل جائے تا کہ اُسکو پیس کر گوندھ لیا جائے اور روٹیاں بنائی جائیں۔اس کیلئے اس نے اسباب تیار کیے۔(انتہی)

فذكر: مجہول کے صیغہ کے ساتھ اور ایک صحیح نسخہ میں ''فذكر'' ہے۔

فقال: اما: تخفیف کے ساتھ تنبیہ کیلئے ہے۔

انه: ضمیر شان ہے۔

میں (ملا علی قاری) کہتا ہو بلکہ انسان کا رزق اس کو اس کی موت سے۔اسلئے کہ انسان کو موت پورا ہونے کے بعد ہی آتی ہے۔اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿الله الذى خلقكم ثم رزقكم ثم يميتكم ثم يحييكم﴾ [الروم: ٤٠]

''اللہ ہی وہ ہے جسے نے تم کو پیدا کیا پھر تم کو رزق دیا پھر تم کو موت دیتا ہے پھر تم کو جلائے گا''۔

تخریج وتوضیح: امام میرک منذری سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو ابن ماجہ نے اپنی صحیح میں اور بزار نے نقل کیا ہے اور طبرانی نے اس وجید سند کے ساتھ نقل کیا' مگر اس میں یہ زیادتی ہے: ان الرزق ليطلب زلعبد اكثر مما يطلبه أ جله۔

''رزق بندے کو اس سے زیادہ تلاش کرتا ہے جتنا کہ موت انسان کو تلاش کرتی ہے۔''

۵۳۱۲ : وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرِّزْقَ لَيَطْلُبُ الْعَبْدَ كَمَا يَطْلُبُهٗ اَجَلُهٗ۔

ابو نعیم فی حلیة الاولیاء ٦/ ٨٦

''حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''بلا شبہ رزق بندے کی اس طرح تلاش میں رہتا ہے جس طرح انسان کو اس کی موت ڈھونڈتی ہے''۔اس روایت کو ابو نعیم نے کتاب حلیہ میں روایت کیا ہے''۔

میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں اس حدیث کو ابن عدی نے ''الكامل'' میں نقل کیا ہے۔اور میں نے جو معنی پہلے بیان کیا ہے اس کی تائید اس سے ہوتی ہے اور ابو نعیم نے حلیہ حضرت جابرؓ سے میں یہ مرفوع روایت نقل کی ہے:

''لوان ابن آدم هرب من رزقه كما يهرب من الموت لأدركه رزقه كما يدركه الموت''

''اگر انسان اپنے رزق سے بھی اس طرح بھاگے جس طرح وہ اپنی موت سے بھاگتا ہے تو یقیناً اس کا رزق بھی اس کو اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرح پالے گا جس طرح کہ اس کی موت اس کو پالیتی ہے۔''

۵۳۱۳ : وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ يُحْكِيْ نَبِيًّامِنَ الْاَنْبِيَاءِ ضَرَبَهُ قَوْمُهُ فَاَدْمَوْهُ وَهُوَ يَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ وَيَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِقَوْمِيْ فَاِنَّهُمْ لَايَعْلَمُوْنَ. (متفق علیہ)

اخرجه البخاری فی صحیحه ٥١٤/٦ حدیث رقم ٣٤٧٧ وابن ماجه فی السنن ١٣٣٥/٢ حدیث رقم ٤٠٢٥ واحمد فی المسند ٤٤١/١۔

ترجمہ: ''حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان کرتے ہیں کہ ''گویا میں اب بھی رسول اللہ ﷺ کو دیکھ رہا ہوں کہ آپ ﷺ ایک ایسے نبی کے واقعہ کا تذکرہ فرما رہے ہیں (اور اس کی صورت ہمیں بتا رہے ہیں) جنہیں ان کی قوم نے مارا اور لہولہان کر دیا لیکن وہ نبی (بجائے اس کے کہ قوم کے بارے میں عداوت میں مبتلا ہوئے یا ان کے بارے میں انتقامی جذبات رکھتے اور ان کے لئے بددعا فرماتے' صبر وتحمل کا دامن پکڑے ہوئے) اپنے چہرے سے خون صاف کر رہے تھے اور یہ کہتے جاتے تھے۔ اے اللہ میری قوم کو بخش دے یہ لوگ میری حقیقت سے آگاہی نہیں رکھتے ہیں''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: اس معاملہ کے مستحضر ہونے اور اس قصہ کے مستفظ ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

یحکی نبیاً (جملہ حالیہ ہے)۔ای حال کو نه یحکی حال نبی۔ اس حال میں کہ حضور علیہ السلام ایک نبی کی حکایت بیان کر رہے تھے ''ضربه قومه'' قد، کی تقدیر کے ساتھ حال ہے۔ اور بعض نے ''قد'' کے بغیر بھی حال کو جائز قرار دیا ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں ''نبیاً'' منصوب علی شریطة التفسیر (تفسیر کی شرط پر منصوب) ہے اور ''ضربه قومه'' اس کا قرینہ ہے۔ یہ رسول ﷺ کے الفاظ کی حکایت ہے۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ ''مضاف'' مقدر مانا جائے۔ ای یحکی حال نبی من الانبیاء۔ یعنی حضور علیہ السلام انبیاء میں سے ایک نبی کی حالت بیان کر رہے تھے۔ اور اس طرح یہ حضور علیہ السلام کے الفاظ کا معنی ہوگا۔ اور اس وقت یہ بھی درست ہے کہ '' ضربه'' ''نبی'' کی صفت واقع ہو اور یہ بھی درست ہے کہ جملہ مستانفہ ہو گویا کہ سوال کرنے والے نے سوال کیا کہ اُن کا قصہ کیا تھا۔ جواب میں فرمایا: ضربه قومه (ان کی قوم نے ان کو مارا)۔

وهو یمسح الدم عن وجهه: اس خوف سے کہ کہیں یہ خون منہ میں یا آنکھ میں چلا نہ جائے۔

قوله اللهم اغفر لقومی: یعنی میری قوم کا یہ فعل بدمعاف فرما دیجئے۔ مطلب یہ ہے کہ میری اس قوم کو ان کے اس برے فعل کی وجہ سے دنیا میں عذاب نہ دے اور ان کو جڑ سے ختم نہ کر۔ ورنہ تو یہ بات معلوم ہی ہے کہ کفار کیلئے مغفرت مانگنا بایں معنی کہ ان کا شرک اور کفر معاف کر دیا جائے باجماع امت ناجائز ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ مغفرت کنایہ ہو اس توبہ سے جو مغفرت کا موجب بن جائے۔ اگلے جملہ میں طرف اشارہ کیا۔

قوله: فانهم لا یعلمون: یہ نبی کا کمال صبر اور حسن اخلاق ہے کہ قوم گناہ کما رہی ہے اور آپ ﷺ انہی کی طرف سے اللہ کے دربار میں عذر بیان کر رہے ہیں' کہ ان لوگوں نے جو کچھ بھی کیا محض اس وجہ سے کیا کہ اللہ اور اس کے رسول سے ناواقف ہیں۔ اس میں اس اشارہ ہے کہ جہالت میں گناہ کرنا علم کے ساتھ گناہ کی بنسبت ہلکا ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے وارد ہوا ہے:

''ویل للجاهل مرة وویل للعالم سبع مرات'' (جاہل کیلئے ایک مرتبہ ہلاکت ہے اور عالم کیلئے سات مرتبہ ہلاکت ہے۔)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ

ریاوسمعہ کا بیان

''مغرب'' میں لکھا ہے: کہا جاتا ہے ''فعل ذالك سمعة'' کا معنی ہے اس شخص نے وہ کام لوگوں کو دکھانے کیلئے کیا اور ''انتہی۔ تحقیقی بات یہ ہے کہ ''ریاء'' رویة سے ماخوذ ہے۔ اور اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی کام اس لئے کرے تاکہ لوگ اس کو دیکھیں اور صرف اللہ سبحانہ وتعالیٰ کیا جائے' یا کوئی بات اس لئے کہی جائے تاکہ لوگ سن لیں کے دیکھ لینے کو کافی نہ سمجھے اور ''السمعة'' سین کے ضمہ کے ساتھ ''سمع'' سے ماخوذ ہے۔ اور اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی کام اسلئے اور صرف اللہ جل شانہٗ کے سن لینے پر اکتفاء نہ کرے۔

ان میں سے ہر ایک کو دوسرے کی جگہ پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اور کبھی تاکید کیلئے دونوں کو ایک ساتھ ذکر کیا جاتا ہے۔

یا دونوں کو اسلئے ایک ساتھ استعمال کیا جاتا ہے کہ دونوں کا اپنا اصل معنی تفصیلی طور پر مقصود ہوتا ہے۔

ان دونوں کی ضد اخلاص ہے۔ یعنی نجات کی غرض سے عمل کو خالص اللہ کیلئے کرنا۔

لفظ ''ریاء'' میں صحیح روایت یہی ہے کہ ہمزہ کے ساتھ پڑھا جائے اور قراءت سبعہ میں بھی اسی طرح ہے۔ اور ہمزہ کو یاء سے بدل دینا بھی جائز ہے۔ اور بعض قراء نے اس طرح پڑھا ہے۔ اور عوام کی زبان پر اسی طرح مشہور ہے۔

الفصل الاول :

۵۳۱۴ : عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَايَنْظُرُ اِلٰى صُوَرِكُمْ وَاَمْوَالِكُمْ وَلٰكِنْ يَّنْظُرُ اِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَاَعْمَالِكُمْ ۔ (رواه مسلم)

اخرجه مسلم فی صحيحه ۱۹۸۷/٤ حديث رقم (۳٤-۲٥٦٤)وابن ماجه ۱۳۸۸/۲ حديث رقم ٤١٤٣ واحمد فی المسند ۲۸٥/۲۔

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یقیناً اللہ تعالیٰ نہ تمہاری صورتوں کو دیکھتا ہے اور نہ ہی تمہارے مالوں کو دیکھتا ہے (یعنی اس کی نظر قبولیت واعتبار میں تمہاری صورتیں اللہ تمہارے اموال معتبر نہیں ہیں' کیونکہ اس کے نزدیک نہ تو صورت کی اچھائی یا برائی کا کوئی مقام ہے اور نہ مال ومتاع کی کمی وبیشی کی کوئی حیثیت واہمیت ہے) بلکہ وہ تمہارے دلوں کو اور تمہارے اعمال کو دیکھتا ہے (یعنی اس کے ہاں تو بس اس چیز کو دیکھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جاتا ہے کہ تمہارے دل میں یقین وصدق اور اخلاص وغیرہ ہے یا نفاق اور ریا وسمعہ وغیرہ اسی طرح اس کی بارگاہ میں اعمال کی اچھائی برائی کو دیکھا جاتا ہے اچھے اعمال صاحب عمل کو جزائے عظیم کا لائق بناتے ہیں جب کہ برے اعمال لائق سزا و عتاب بناڈالتے ہیں۔'' (مسلم)

تشریح: ولکن: اور جامع میں ''لکن انما'' کے الفاظ ہیں۔

نہایہ میں ہے کہ اس حدیث میں نظر سے مراد اللہ کی عنایت، رحمت اور مہربانی ہے۔ اسلئے کہ کسی موجود چیز کی طرف دیکھنا محبت کی دلیل ہے۔ اور نظر ہٹانا بغض، کراہت اور امور فانیہ کی طرف میلان کی دلیل ہے۔ اور اللہ تعالیٰ مخلوق کی مشابہت سے پاک ہے۔ اسلئے اللہ کی نظر اُس چیز پر ہے جو اصل ہے اور وہ انسان کا دل اور عمل ہے اور نظر اجسام ومعانی دونوں کی طرف ہوتی ہے۔ جو نظر آنکھوں سے ہوتی ہے وہ اجسام پر پڑتی ہے۔ اور جو بصیرت سے ہوتی ہے وہ معانی پر پڑتی ہے۔ (طیبی) اور نظر سے رحمت ومہربانی کے معنی مراد لینا' سو اس کا بعد مخفی نہیں' خصوصاً جانب نفی میں یہ بات قابل غور ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ سے اس کی نفی متصور نہیں واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵۳۱۵ : وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنَا اَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ مَنْ عَمِلَ عَمَلاً اَشْرَكَ فِيْهِ مَعِيَ غَيْرِيْ تَرَكْتُهٗ وَشِرْكَهٗ وَفِيْ رِوَايَةٍ فَاَنَا مِنْهُ بَرِيْءٌ هُوَ لِلَّذِيْ عَمِلَهٗ. (رواہ مسلم)

اخرجه مسلم فی صحیحه ۲۲۸۹/٤ حدیث رقم (٤٦-۲۹۸۵) وابن ماجه فی السنن ۱٤۰۵/۲ حدیث رقم ٤۲۰۲ واحمد فی المسند ۳۰۱/۲

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ میں تمام شرکاء کے مقابلے میں شرک سے سب سے زیادہ بے نیاز ہوں' چنانچہ ارشاد فرمایا کہ جو شخص (میری طاعت و عبادت کے طور پر) کوئی ایسا کام انجام دے کہ جس میں وہ میرے ساتھ کسی دوسرے کو بھی شریک کرے تو میں اس شخص کو اس کے شرک سمیت ٹھکرا دیتا ہوں اور ایک (دوسری) روایت میں تَرَكْتُهٗ وَ شِرْكَهٗ کی بجائے) یہ الفاظ ہیں فَاَنَا مِنْهُ بَرِيْءٌ هُوَ لِلَّذِيْ عَمِلَهٗ یعنی (جو شخص میری عبادت واطاعت میں کسی دوسرے کو شریک کرتا ہے) تو میں اس سے بری ہوں۔ وہ شخص یا اس کا وہ عمل محض اسی کی خاطر ہے جس کے لئے اس نے وہ عمل کیا ہے''۔ (مسلم)

تشریح: اغنی الشرکاء عن الشرک: یعنی بالفرض اگر کوئی مستغنی اور بے نیاز ہو اور وہ یہ دعویٰ کرے کہ یہ سارے شریک ہیں تو میں ان سب سے میں سب سے زیادہ بے نیاز ہوں۔

یعنی میں صرف اسی عمل کو قبول کرتا ہوں جو میری وجہ سے کیا ہو اور مجھے راضی کرنے کیلئے کیا گیا۔ چنانچہ اسم مصدر ''الشرک'' اسم مفعول کے معنی میں استعمال کیا گیا ہے۔ اور جو تشریح میں نے پہلے ذکر کی اس کی تائید آئندہ جملہ مستانفہ سے ہوتی ہے۔

قوله: من عمل عملا اشرك فيه غيري تركته وشركه:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لہٰذا عبادت میں مثلاً جنت اور اس کے توابع کی نیت کرنا مضر نہیں ہے۔ کیونکہ یہ بھی اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مرضی میں داخل ہیں۔ اگر چہ عبادت کا اکمل مقام یہ ہے کہ اللہ کی عبادت جنت کے شوق یا جہنم کے خوف سے نہ کی جائے۔ کیونکہ بعض عارفین نے اس یعنی (جنت یا جہنم کی وجہ سے عبادت) کو کفر قرار دیا ہے۔ لیکن اس سلسلہ میں تحقیق یہ ہے کہ اگر انسان اللہ کی عبادت اس حیثیت سے کرے کہ اگر جنت اور جہنم نہ ہو تو وہ اللہ کی عبادت نہ کرتا تو وہ شخص کافر ہو جائے گا۔ کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ عبادت کا مستحق لذاتہ ہے۔ اسی وجہ سے صہیبؓ کی تعریف کی گئی: ''نعم العبد صهيب لو لم يخف الله ماعصاه''۔

''تركته وشركه'' : ''من'' کی خبر ہے' اور واؤ ''مع'' کے معنی میں ہے۔ یا مطلب یہ ہے کہ اس کو اپنی رحمت کی نگاہ سے گرا دیتا ہوں اور اس کا وہ عمل جس میں شرک کیا گیا تھا' کو قبولیت کے درجہ سے گرا دیتا ہوں۔

وفی روایة فانا منه بری: بعض نے ضمیر مجرور کا مرجع '' ذالك العمل'' بتلایا ہے۔ لیکن زیادہ ظاہر یہ ہے کہ اس کا مرجع ''عامل'' ہے۔ ای من عامل ذلك العمل تاکہ آئندہ قول میں تکرار نہ ہو۔

قوله: هوللذی عمله: یعنی وہ عمل اسی مقصد کیلئے ہے جس کا اس عمل میں ریاء وسمعہ کا قصد کیا گیا تھا۔ یہ جملہ ماقبل کی تاکید ہے۔ اور ایک شارح فرماتے ہیں: ای ''هو لفاعله'' یعنی ترکت ذلك العمل وفاعله..... اور مطلب یہ ہے کہ میں نے اس عمل اور اس کے فاعل کو چھوڑ دیا اس کو قبول نہیں کرتا اور نہ اس عمل کے کرنے والے کو اس عمل کا اچھا بدلہ دیتا ہوں' اسلئے کہ اس نے یہ عمل میرے لئے نہیں کیا۔ (انتہیٰ)

اس معنی پر اشکال یہ ہے کہ اس سے معلوم ہو رہا ہے کہ اس وقت اس شخص کا یہ عمل مباح ہے۔ جبکہ شرک کے ساتھ عمل کرنا بالاجماع حرام ہے اور اس طرح عمل کرنے پر عمل کرنے والے کو سزا ملے گی۔ (فتامل)

اب ہم دوسرے شراح کا کلام ذکر کرتے ہیں۔ چنانچہ ابن الملکؒ فرماتے ہیں کہ، ''اغنی'' اسم تفضیل ہے۔ جو ''غنی به عنه غنية'' سے ماخوذ ہے۔ اور اس کا معنی ہے استغنی به عنه، اور اس کی اضافت یا تو مطلق زیادتی بیان کرنے کیلئے ہے۔ ای: ''انا غنی من بين الشركاء'' یا مضاف الیہ کی بنسبت زیادتی بیان کرنے کیلئے ہے۔ ''انا اكثر الشركاء استغناء عن الشرك'' (میں شرکاء میں شرک سے سب سے زیادہ مستغنی ہوں) اسلئے کہ اللہ تعالیٰ کا استغناء تمام جہات سے ہے اور تمام اوقات میں ہے۔

اس ذکر کردہ دوسری توجیہ کا محل نظر ہونا مخفی نہیں۔

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اسم تفضیل صرف زیادت کیلئے ہے۔ اور ایک جماعت کے قول کے مطابق اضافت بیان کیلئے ہے۔

لیکن اس پر یہ اشکال ہے کہ اضافت کا بیان کیلئے ہونا مزید بیان کا محتاج ہے۔ گویا کہ انہوں نے یہ معنی مراد لیا ہے انا غنی عما بنيهم دونهم، اور پھر فرمایا کہ '' ترکته'' کی ضمیر منصوب کا مرجع عمل بھی ہو سکتا ہے اور شرک سے مراد ''شریک'' ہے۔

علامہ نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ میں مشارکت وغیرہ سے بے نیاز ہوں لہٰذا جو عمل میرے اور میرے علاوہ کسی اور کیلئے کیا جائے گا میں اس کو قبول نہیں کرتا بلکہ اُس کو اس غیر کے ساتھ چھوڑ دیتا ہوں۔ اور اس پر دوسری فصل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی پہلی حدیث دلالت کر رہی ہے۔ اور یہ بھی درست ہے کہ ضمیر عامل کی طرف لوٹے اور شرک سے مراد شرکت ہو اور ''ھو'' ضمیر پہلی صورت میں ''العمل'' کی طرف عائد ہے اور دوسری صورت میں عامل کی طرف راجع ہے۔ (یعنی عمل کندہ کے لئے وہی ہے جو اس نے قصد کیا تھا) اور ''منه'' کی ضمیر کا بھی یہی حال ہے۔

اور میں کہتا ہوں کہ اس کا یہ معنی بھی ممکن ہے کہ میں ان تمام سے زیادہ بے نیاز ہوں جن پر لفظ شریک کا اطلاق کیا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ ارشاد باری ہے: [احسن الخالقین][الصافات:۱۲۵] ''جو سب سے بڑھ کر بنانے والا ہے'' کیونکہ دنیا میں بہت سارے مالدار شرکاء ایسے ہوتے ہیں جب ان کا کوئی حق فقراء کے ساتھ بنتا ہو تو ان فقراء کے ساتھ مسامحت والا معاملہ کرتے ہیں۔ اور اپنا وہ حق ان کو دے دیتے ہیں۔ یا اس کو ھبہ کر دیتے ہیں ان میں سے زیادہ فقیر ہو جب کمزور شرکاء کا یہ حال ہے تو اس ذات کا کیا حال ہوگا جس کا کوئی شریک ہی نہیں ہے' اور عظمت اور کبریائی والا ہے۔

حجۃ الاسلام فرماتے ہیں کہ ریاء کے درجات کی چار اقسام ہیں:

پہلی قسم غلیظ ترین قسم ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ انسان کا مقصود حصول ثواب بالکل نہ ہو۔ جیسا کہ وہ شخص جو اگر لوگوں کے درمیان ہو۔ تو نماز پڑھتا ہے۔ لیکن اگر تنہا ہوتا تو نماز نہ پڑھتا بلکہ بسا اوقات لوگوں کے ساتھ بغیر پاکی کے نماز پڑھتا ہے۔ یہ وہ شخص ہے جس نے خالص ریاء کاری کا قصد کیا ہے اور اللہ کا قہر وغضب نازل ہونے کا مستحق ہے۔

دوسری قسم یہ ہے کہ عبادت میں ثواب کا قصد وارادہ بھی ہو مگر اتنا ضعیف قصد ہو کہ اگر تنہائی میں ہوتا تو یہ عبادت نہ کرتا اور عبادت کا یہ ارادہ اس کو اس عمل پر نہ ابھارتا۔ اور اگر بالفرض ثواب نہ بھی ہوتا تو ریاء کاری کا جذبہ اس کو اس عمل پر ابھارتا۔ چنانچہ اس عبادت میں ثواب کا ارادہ اس سے اللہ کے عذاب وغضب کی نفی نہیں کرتا۔

تیسری قسم یہ ہے کہ ثواب وریاء کا ارادہ برابر ہو' بایں حیثیت کہ اگر بالفرض وہ عمل ان دونوں چیزوں میں سے کسی بھی ایک چیز سے خالی ہوتا تو عمل پر کوئی دوسرا اس کو نہ ابھارتا' بلکہ جب دونوں چیزیں جمع ہو گئیں تو عمل کی رغبت پیدا ہوئی) اور احادیث کا ظاہر اس بات پر دال ہے کہ یہ برابر سرابر نہیں چھوٹے گا۔

چوتھی قسم یہ ہے کہ لوگوں کا اس کے عمل پر مطلع ہو جانا اس انسان کے نشاط کا باعث بنے اور عمل میں زیادہ کوشش کرنے کا باعث بنے' لیکن اگر لوگ مطلع نہ بھی ہوتے تو عبادت ترک نہ کرتا' اس شخص کا مقصود اگر صرف ریاکاری ہوتا تو اس عمل پر اقدام نہ کرتا۔

پس ہمارا گمان یہ ہے کہ یہ کیفیت عمل کے اصل ثواب کو ضائع نہیں کرے گی۔ حقیقی علم تو اللہ ہی کے پاس ہے۔ لیکن اجر وثواب میں کمی آئیگی یا بقدر قصد ریاکاری سزا دی جائیگی اور ثواب کے ارادہ کے بقدر ثواب دیا جائے گا۔ اور حضور علیہ السلام کا یہ ارشاد مبارک '' انا اغنی الشرکاء'' اس صورت پر محمول ہے جس صورت میں دونوں قصد برابر ہوں یا ریاکاری کا ارادہ غالب ہو۔

تخریج: اسی طرح ابن ماجہ نے بھی پہلی روایت کو نقل کیا ہے۔

۵۳۱۶ : وَعَنْ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهِ وَمَنْ يُرَائِي

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يُرَائِي اللّٰهُ بِهِ ۔ (متفق علیہ)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۳۳۵/۱۱ حدیث رقم ٦٤٩٩ومسلم فی صحیحه۲۲۸۹/٤ حدیث رقم (٤٨-٢٩٨٧) والترمذی فی السنن ٥١٠/٤ حدیث رقم ۲۳۸۱وابن ماجه فی السنن ۱٤۰۷/۲ حدیث رقم ٤۲۰۷ واحمد فی المسند ٤۰/۳۔

ترجمہ: ''حضرت جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو شخص لوگوں کو سنانے اور شہرت حاصل کرنے کی خاطر کوئی عمل کرے گا تو اللہ تعالیٰ (روز قیامت) اس کا حال لوگوں کو سنائے گا ذلیل و رسوا کرے گا نیز جو شخص لوگوں کو دکھانے کے لئے کوئی عمل کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے (لوگوں کو) دکھلا دے گا (کہ یہ شخص ریا کار تھے) (یعنی روز قیامت اس سے کہا جائے گا کہ اپنے عمل کا بدلہ بھی اسی سے مانگو جس کی خاطر تم نے وہ عمل کیا تھا''۔ (بخاری و مسلم)

تشریح: قال النبی: اور ایک نسخہ میں ''رسول اللہ'' کے الفاظ ہیں۔

سمع: میم کی تشدید کے ساتھ۔

سمع اللہ به: یہ بھی میم کی تشدید کے ساتھ ہے اور علامہ طیبی نے امام نووی سے جو یہ نقل کیا ہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ ''جو شخص ریا کاری کرنے کیلئے اپنا عمل لوگوں کے سامنے ظاہر کرے گا'' تو یہ معنی ریاء وسمعہ کے معانی میں تفصیل وتمیز کے اس مقام کے مناسب نہیں ہے۔

قوله: ومن یرائی یرائی اللہ به: یا کو دونوں فعلوں میں باقی رکھنا اس بنا پر ہے کہ من موصولہ مبتدا ہے اور معنی یہ ہے کہ جو شخص اسلئے عمل کرے کہ دنیا میں لوگ اس کو دیکھ لیں تو اللہ اس کو اس طرح بدلہ دے گا کہ اس کی ریاء کو لوگوں کے سامنے ظاہر کر دے گا۔ دونوں جملوں کا خلاصہ اور لب لباب یہ ہے کہ اس کا مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کا ''مسمع'' ہونا لوگوں کو سنا دے گا اور اس کا ریا کار ہونا لوگوں کو دکھا دے گا۔

مسلم کی شرح میں لکھا ہے ''من یرائی'' کا معنی یہ ہے کہ جو شخص اپنا نیک عمل لوگوں پر ظاہر کرے تا کہ لوگوں کے ہاں اس کی قدر و منزلت ہو حالانکہ وہ اس طرح نہیں ہے۔ اور: ''یرائی اللہ به'' کا معنی یہ ہے کہ اللہ اس کے باطنی معاملات کو مخلوق کے سامنے ظاہر کر دے گا۔

اس پر اشکال یہ ہے کہ حالانکہ وہ اس طرح نہیں ہے'' کی قید لگانا بظاہر درست نہیں ہے۔ بلکہ یہ اپنے اطلاق پر ہے چاہے اس طرح ہو یا اس طرح نہ ہو۔

پھر (شرح مسلم میں) فرمایا کہ بعض کے نزدیک اس کا معنی یہ ہے کہ کوئی شخص لوگوں کے عیوب سنے اور ان عیوب کو لوگوں کو سامنے ظاہر کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے عیوب ظاہر کر دے گا۔

بعض نے یہ معنی بیان کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو ناگوار فیصلے سنائے گا۔

اور بعض نے یہ معنی بیان کئے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو اس عمل کا ثواب دکھائے گا لیکن دے گا نہیں' تا کہ یہ افسوس و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حسرت کا باعث ہو۔ بعض نے یہ معنی بیان کیا ہے کہ جو شخص اس لئے عمل کرے کہ لوگ اس کو جان لیں تو اللہ تعالیٰ یہ عمل لوگوں کو سنا دے گا اور اس کے اس عمل کا بدلہ یہی ہوگا۔

شیخ ابو حامدؒ فرماتے ہیں کہ "ریاء" "روية" "سے" اور "سمعة" "سماع" سے مشتق ہے۔ اور ریاء کی حقیقت یہ ہے کہ انسان اپنی خصال محمودہ لوگوں کو دکھا کر لوگوں کی نگاہوں میں قدر و منزلت طلب کرے۔ چنانچہ "مرائی" (دکھلاوا کرنے والا) یہ "عابد" ہے اور "مراء ی له" (جن کو دکھلایا جائے) وہ لوگ ہیں۔ اور "مراءی بہ" (وہ چیز جو دکھلائی جائے) خصال حمیدہ ہیں۔ اور "ریاء" ان اچھے عادات کو ظاہر کرنے کا قصد کرنے کو کہتے ہیں۔

تخریج: اس حدیث کو مسلم اور احمد نے ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے اور اس روایت کے الفاظ یہ ہیں:

"من سمع سمع الله به ومن راء ی راء ی الله به"۔

۵۳۱۷: وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قِیْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَاَيْتَ الرَّجُلَ يَعْمَلُ الْعَمَلَ مِنَ الْخَيْرِ وَيَحْمِدُهُ النَّاسُ عَلَيْهِ وَفِیْ رِوَايَةٍ وَيُحِبُّهُ النَّاسُ عَلَيْهِ قَالَ تِلْكَ عَاجِلُ بُشْرَى الْمُؤْمِنِ. (رواه مسلم)

اخرجه مسلم فی صحيحه ۲۰۳٤/٤ حديث رقم (۱٦٦-۲٦٤۲) وابن ماجه ۱٤۱۲/۲ حديث رقم ٤۲۲٥ واحمد فی المسند ۱٥٦/٥۔

ترجمہ: "حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ اس شخص کے بارے میں بتلائیے جو کوئی عمل خیر کرتا ہے اور اس کی وجہ سے لوگ اس کی تعریف و توصیف کرتے ہیں اور ایک روایت میں (اس جملہ کے بعد) یہ بھی ہے کہ اور اس عمل کی وجہ سے لوگ اس سے محبت کرتے ہیں! (ایسے شخص کا کیا حکم ہے اس کا اجر و ثواب برقرار رہتا ہے یا کالعدم ہو جاتا ہے) حضور ﷺ نے (یہ سوال سن کر) ارشاد فرمایا کہ "لوگوں کا اس شخص کی تعریف و توصیف کرنا اور اس کو محبوب رکھنا درحقیقت اس کے حق میں مؤمن کے ذریعہ پیشگی خوشخبری ملنے والی ہے"۔ (مسلم)

تشریح: **قوله: الرجل يعمل العمل**: مبتدا اور خبر ہیں (اور جملہ) محلاً منصوب ہے۔ علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ "ای اخبرنا بحال الرجل" چنانچہ "الرجل" منصوب بنزع الخافض ہے۔ اور عمل سے مراد جنس عمل ہے۔ اور "من الخير" اس کا بیان ہے۔

اور یہ بات معلوم ہی ہے کہ ریاء کی وجہ سے عمل میں کوئی خیر نہیں ہوتی پس اس کا عمل خاص ہوگا۔

قوله: ويحمده الناس عليه وفی رواية ويحبه الناس عليه: اس عمل پر لوگ اس کی تعریف بیان کرتے ہیں (یعنی علیہ میں ضمیر ذالك العمل کی طرف لوٹتی ہے) یا اس بھلائی کی وجہ سے اس کی تعظیم بیان کرتے ہیں۔

قوله: قال تلك عاجل بشرى المؤمن:

یعنی وہ تعریف یا محبت یا خصلت یا ثواب اس کی نقد بشارت ہے۔ اور اُدھار بشارت قیامت کے دن تک باقی رہے گی۔ اور اس کا ظاہر یہ ہے کہ اس کو لوگوں کی تعریف اور محبت اچھی لگے یا نہ لگے دونوں برابر ہیں۔ دوسری بات اولیٰ ہے اور پہلی بات زیادہ ظاہر ہے۔ اور اگلی فصل میں ابو ہریرہؓ کی حدیث میں اس کی تصریح آئیگی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مظہر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یعنی مجھے اس شخص کا حال بتادیں جو کوئی نیک عمل اللہ کیلئے کرے' مخلوق کیلئے نہ کرے اور مخلوق اس کی تعریف کرے تو کیا اس کا ثواب باطل ہو جائے گا؟ جو حضور علیہ السلام نے فرمایا: تلك عاجل بشرى المؤمن یعنی یہ شخص اپنے اس عمل میں دکھلاوا کرنے والا نہیں ہے' بلکہ اس عمل کے بدلہ میں اللہ اس کو دو ثواب دنیا میں عطا فرماتے ہیں' ایک دنیا میں ہے کہ لوگ اس کی اچھائی بیان کرتے ہیں' اور دوسرا آخرت میں ہے جو اللہ نے اس کے لئے تیار کر رکھا ہے۔

۵۳۱۸ : عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ فُضَالَةَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا جَمَعَ اللّٰهُ النَّاسَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِيَوْمٍ لَا رَيْبَ فِيْهِ نَادٰى مُنَادٍمَّنْ كَانَ اَشْرَكَ فِيْ عَمَلٍ عَمِلَهٗ لِلّٰهِ اَحَدًا فَلْيَطْلُبْ ثَوَابَهٗ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ اَغْنَى الشُّرَكَاءِ عَنِ الشِّرْكِ. (رواه احمد)

اخرجه الترمذی فی السنن ۲۹٤/٥ حديث رقم ۳۱٥٤ واحمد فی المسند ٤٦٦/۳۔

ترجمہ: ''حضرت ابوسعید بن ابوفضالہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب خدا تعالیٰ قیامت کے اس دن میں جس کے وقوع میں کوئی شبہ نہیں ہے' لوگوں کو (حساب اور جزا و سزا کے لئے) جمع فرمائے گا تو ایک منادی فرشتہ یہ اعلان کرے گا کہ جس شخص نے اللہ کے لئے کیے ہوئے عمل میں کسی اور کو شریک بنایا تھا۔ تو وہ اپنے اس عمل کا بدلہ بھی اسی غیر اللہ سے طلب کرے جس کو اس نے شریک ٹھہرایا تھا کیونکہ خدا تعالیٰ شرک سے تو تمام شرکاء (یعنی جن کو لوگ شریک ٹھہراتے ہیں) سے زیادہ بے نیاز ہے''۔ (احمد)

راوئ حدیث:

ابوسعید بن ابی فضالۃ ۔ یہ ابوسعید بن ابی فضالہ حارثی انصاری ہیں۔ ان کی کنیت ہی ان کا نام ہے۔ اہل مدینہ میں شمار کیے جاتے ہیں۔ ان کی حدیث ''حمید بن جعفر'' سے مروی ہے جو اپنے باپ سے اور وہ زیاد بن مینا سے روایت کرتے ہیں۔ ''مینا'' میم کے کسرہ اور دو نقطوں والی یاء کے سکون کے ساتھ ہے پھر نون ہے مد کے ساتھ بھی ہے اور بلا مد کے بھی۔

تشریح: ''فصالہ'' فاء کے فتحہ کے ساتھ ہے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ مسند احمد استیعاب اور جامع الاصول میں ''ابوسعد'' کو عین کے سکون کے ساتھ ذکر کیا گیا۔ اور مصابیح کے نسخوں میں ''ابوسعید'' عین کے بعد ''یا'' کے ساتھ ہے۔ (انتہیٰ) جزری فرماتے ہیں یہ تصحیف ہے۔ مؤلفؒ فرماتے ہیں ان کی کنیت ہی انکا نام ہے۔ یہ حارثی و انصاری ہیں۔ ان کا شمار اہل مدینہ میں ہوتا ہے۔

قوله: اذا جمع الله الناس يوم القيامة ليوم لا ريب فيه: طیبیؒ فرماتے ہیں لام جمع کے متعلق ہے۔ اور مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ لوگوں کو ایسے دن میں جمع فرمائے گا جس دن کا آنا ضروری ہے اور اس کے واقع ہونے میں کوئی شک نہیں ہے' تاکہ ہر نفس کو اس کے کیے کا بدلہ دیا جائے۔ اور ''يوم القيامة'' اس کے لئے بطور تمہید ہے' اور یہ بھی درست ہے کہ ''جمع'' کیلئے ظرف ہو جیسا کہ استیعاب میں اس طرح کی حدیث ان الفاظ کے ساتھ ہے: ''اذا كان يوم القيامة جمع الله الاولين والآخرين ليوم لا ريب فيه.....''۔

اس بنا پر ''ليوم'' اسم ظاہر اسم مضمر کی جگہ واقع ہوا ہے: ای ''جمع الله الخلق يوم القيامة ليجز يهم فيه''۔

قوله: نادى احدا.....: ''احدا'' اشرك فعل کا مفعول ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔ احدا غير الله (اللہ کے سوا کسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور کو) اس معنی کا مراد ہونا ہر اگلے جملہ قرینہ ہے۔

''من عنده'' یا ''من عند ذالك الاحد'' سے عدول کر کے ''من عند غير الله'' کے الفاظ کو ذکر کرنے کی وجہ شاید یہ ہے کہ ان میں ایسا ابہام اور ایہام ہے جس سے اس مقام کے مقصود سمجھنے میں خلل واقع ہوگا۔

قوله: فان الله اغنى الشركاء عن الشرك): پہلی حدیث کے معنی کی تائید اس حدیث سے ہوتی ہے۔

تخریج: ترمذی اور ابن ماجہ نے بھی اس کو روایت کیا ہے۔ اور اس کی سند کے راوی سوائے زیاد بن بینا کے مسلم کے راوی ہیں۔ اور زیاد بن بینا کی علماء نے توثیق کی ہے۔ اور اس حدیث کو ابن حبان نے اپنی صحیح میں اور بیہقی نے بھی ذکر کیا ہے۔

(ذکرہ میرک)

۵۳۱۹ : وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَمَّعَ النَّاسَ بِعَمَلِهٖ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهٖ اَسَامِعَ خَلْقِهٖ وَحَقَّرَهٗ وَصَغَّرَهٗ. (رواه البيهقي في شعب الايمان)

رواه البيهقي في شعب الايمان ٣٣١/٥ حديث رقم ٦٨٢١ واحمد في المسند ١٦٢/٢

ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: جو شخص اپنے عمل کی لوگوں کے درمیان تشہیر کرائے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے اس ''ریا کارانہ عمل کو اپنی مخلوق کے کانوں تک پہنچا دے گا۔ نیز (قیامت کے دن) اس کو ذلیل کرے گا اور (دنیا و آخرت میں) رسوائی سے دوچار کرے گا''۔ اس روایت کو بیہقیؒ نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے''۔

تشریح: وعن عبد الله بن عمرو: ''عمرو'' واؤ کے ساتھ۔

سمع الناس: میم کی تشدید کے ساتھ یعنی اپنا عمل لوگوں کو دکھائے یعنی اس سے مطلوب تو یہ تھا کہ اس عمل کو مخلوق کی نگاہوں سے مخفی رکھتا لیکن اس نے یہ عمل ان کے سامنے ظاہر کر دیا گویا کہ اس نے لوگوں کو (اپنے عمل کی طرف) پکارا۔

مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ وہ عمل لوگوں کے کانوں تک پہنچا دے گا اور آخرت میں لوگوں کے درمیان مشہور کر دے گا۔

یا مطلب یہ کہ اللہ تعالیٰ اس عمل کے بدلہ میں اس شخص کا باطن (اندر کے جذبات) لوگوں کے سامنے ظاہر کر دے گا۔ اور اس کے باطن کی وہ خباثت لوگوں کے کانوں میں ڈال دے گا جس خباثت پر اس کا عمل مشتمل تھا۔

یہ بھی ممکن ہے کہ ''به'' کی ضمیر موصول کی طرف راجع ہو۔

شرح السنہ میں ہے کہ کہا جاتا ہے ''سمعت بالرجل تسميعًا'' اذا اشهرته۔ (میں نے اس کو مشہور کر دیا)۔

''اسامع'' اسمع، کی جمع ہے۔ کہا جاتا ہے: سمع و کی جمع، اسمع، واسامع جمع الجمع ہے مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن مخلوق کے کانوں کو بات سنا دیں گے۔

اس کا حاصل یہ کہ ''اسامع'' سمع کا مفعول ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ مخلوق کے کانوں تک یہ بات پہنچا دے گا کہ یہ شخص ریا کار اور دکھلاوا کرنے والا تھا۔ اور اس بات کو لوگوں کے درمیان مشہور کر دے گا۔ اسامع، اسمع کی جمع ہے۔ اور ''اسمع سمع'' کی جمع ہے۔ اور ''سمع'' سماع کے معنی میں ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''سامع خلقه'' کو رفع کے ساتھ میں نقل کیا گیا ہے۔اس بناء پر کہ یہ لفظ جلالہ کی صفت ہے: سمع الله الذی هو سامع خلقه۔ یعنی کہ وہ اللہ جو سنانے والا ہے مخلوق کو سنائے گا۔یعنی اللہ اس کو رسوا کرے گا۔صاحب فائق اس روایت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اگر یہ نصب کے ساتھ منقول ہو تو معنی یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ یہ عمل مخلوق میں سے اس شخص کو سنائے گا جس کو سنائی دیتا ہے۔

حقره وصغره: دونوں لفظ مشدد ہیں۔اس کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو حقیر اور ذلیل بنا دیگا ''صغار'' بمعنی ''دل'' سے ماخوذ ہے۔اور یہ بھی کوئی بعید نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کو چیونٹی کی طرح چھوٹا کر دے جیسا کہ متکبرین کے حق میں وارد ہوا ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

قوله: رواه البيهقي: اور ایک صحیح نسخہ میں یوں ہے:''رواه احمد والبيهقي في شعب الايمان'' امام میرکؒ، فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن عمرو کی حدیث کو طبرانی نے کئی سندوں کے ساتھ نقل کیا ہے، ان میں سے ایک صحیح ہے۔اور بیہقی نے بھی نقل کیا ہے۔(كذا قاله المنذري)

۵۳۲۰: وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَتْ نِيَّتُهُ طَلَبَ الْاٰخِرَةِ جَعَلَ اللّٰهُ غِنَاهُ فِي قَلْبِهِ وَجَمَعَ لَهُ شَمْلَهُ وَاَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ وَمَنْ كَانَتْ نِيَّتُهُ طَلَبَ الدُّنْيَا جَعَلَ اللّٰهُ الْفَقْرَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَشَتَّتَ عَلَيْهِ اَمْرَهُ وَلَا يَاْتِيْهِ مِنْهَا اِلَّا مَا كُتِبَ لَهُ. (رواه الترمذي)

اخرجه الترمذي في السنن ٥٥٤/٤ حديث رقم ٢٤٦٥ وابن ماجه ١٣٧٥/٢ حديث رقم ٤١٠٥ واحمد في المسند ١٨٣/٥۔

ترجمہ:''حضرت انسؓ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص کی نیت صرف آخرت کی جستجو ہو تو خدا تعالیٰ اس کے دل میں غنا کو پیدا کر دیتا ہے اور اس کے لئے اس کے منتشر امور کو جمع کر دیتا ہے نیز اس کے پاس دنیا ذلیل ہو کر آتی ہے (یعنی اس کی نظر میں اس کی کوئی حیثیت کوئی مقام اور وقعت نہیں ہوتی)۔(یعنی کسی بھی علمی یا عملی کار خیر کو اختیار کرنے کے سلسلے میں جس شخص کی نیت اور اصل مقصد محض رضائے حق تعالیٰ اور ثواب آخرت کی جستجو ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو قدر کفایت پر قناعت اور صبر کی توفیق دے کر اور زیادہ طلبی کی محنت ومشقت کے کشت ورنج سے بچا کر غنائے قلبی کی دولت سے نواز دیتا ہے جس کی وجہ سے وہ اس بات سے بے نیاز اور مستغنی ہو جاتا ہے کہ ریا کاری کے ذریعہ لوگوں سے مال و جاہ اور عزت ومنفعت حاصل کر کے آخرت کا نقصان وخسران مول لے۔ نیز اللہ تعالیٰ حصولِ معاش اور ضروریاتِ زندگی کو پورا کرنے کی خاطر میں ان کی پریشانیوں' الجھنوں اور ذہنی انتشار وتفکرات کو سمیٹ کر خاطر جمعی میں تبدیل کر دیتا ہے۔ بایں طور کہ اس کو ایسی جگہوں اور حصول معاش کے ایسے ایسے ذرائع اور اسباب پیدا فرما دیتا ہے جن کا اس کو خیال وگمان بھی نہیں ہوتا اور اس کے معاملات کو اس طرح درست فرما دیتا ہے کہ اس کا وہم وگمان بھی اس کو نہیں ہوتا اور پھر ان تمام چیزوں کا مجموعی اثر یہ ہوتا ہے کہ اس شخص کی نظر میں دنیا اور دنیا بھر کی نعمت ولذائذ کوئی اوقات نہیں رکھتیں' وہ دنیا سے دامن بچاتا ہے لیکن اس کے قدموں تلے بچھتی چلی جاتی ہے' اس کی ضروریاتِ زندگی اور معیشت کے وہ اسباب جو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کے لئے مقدر ہیں' بغیر کسی محنت ومشقت کے' بغیر کسی سعی وکوشش کے' اور بغیر کسی ذلت وخواری کے اس کو حاصل ہوتے رہتے ہیں۔ اور جس شخص کا ارادہ اور مقصد اصلی' دنیا کی طلب ہو (یعنی جس شخص پر دنیا اس حد تک غالب ہو جائے کہ وہ نیک اعمال کو ئی حصول دنیا کا ذریعہ بنانے لگے) تو اللہ تعالیٰ اس کی آنکھوں کے سامنے اس کے فقر اور افلاس کو ظاہر فرما دیتا ہے (یعنی اللہ تعالیٰ اس کو لوگوں کے سامنے دست سوال دراز کرنے کی رسوا کن چیز سے دو چار کر دیتا ہے اور وہ اپنے فقر و افلاس اور محتاجگی کو نظر آنے والی چیز کی طرح اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھتا ہے) اور اس کو ہر معاملہ میں پراگندہ خاطر اور ذہنی انتشار و تفکرات کا شکار بنا دیتا ہے نیز دنیا بھی اس کو صرف اتنی ہی ملتی ہے' جس قدر خدا نے اس کیلئے مقدر کر رکھا ہے (ترمذی)

تشریح: قولہ: من کانت نیتہ طلب الآخرۃ۔۔۔ وھی راغمۃ: یعنی علمی اور عملی سرگرمی میں مقصود اصلی اپنے مولیٰ کی رضا۔

جعل اللہ غناہ فی قلبہ: یعنی اللہ تعالیٰ بقدر ضرورت اور بقدر کفایت روزی پر اس کو قناعت والا بنا دے گا تا کہ زائد اسباب کی تلاش میں وہ نہ تھکے۔

وجمع لہ شملہ: یعنی اس کے منتشر امور کو جمع فرما دیں گے۔ بایں طور کہ ایسی جگہ سے جہاں سے اس کا گمان نہ ہو اسباب معیشت کا بندوبست کر کے اس کو دل جمعی نصیب فرما دے گا۔

واتتہ الدنیا وھی راغمۃ: حتمی اس کے لئے مقدر ہے اور اس کی قسمت میں ہے۔ ذلیل حقیر اور تابع ہو کر' اس کی طلب میں زیادہ سعی کی ضرورت نہیں پڑتی' اسی وجہ سے کہا جاتا ہے: ''العلم یعطی ولو یبطی''۔

قولہ: ومن کانت نیتہ طلب الدنیا ۔۔۔ الا ما کتب لہ:

شتت: پہلی تا کی تشدید کے ساتھ' بمعنی ''فرق''

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہا جاتا ہے'' جمع اللہ شملہ'' یعنی اللہ اس کے متفرق امور کو سمیٹ دے' اور'' فرق اللہ شملہ'' کا معنی ہے کہ اللہ نے اس کے مجتمع امور کو متفرق کر دیا' چنانچہ لفظ'' شمل' اضداد میں سے ہے۔ اور حدیث تقابل و مطابقت کے باب سے ہے۔ چنانچہ'' جعل اللہ غناہ فی قلبہ'' یہ جملہ'' جعل اللہ الفقر بین عینیہ'' کے مقابلہ میں ہے اور ''جمع لہ شملہ'' : یہ جملہ ''وشتت علیہ امرہ'' کے مقابلہ میں' اور'' اتتہ الدنیا وھی راغمۃ'' یہ جملہ'' لا یاتیہ منھا الا ما کتب لہ'' کے مقابلہ میں ہے۔ اسلئے'' اتتہ الدنیا'' کا معنی یہ ہوگا کہ وہ دنیا جو اس کے لئے مقدر ہے اس کے پاس ذلیل ہو کر آئیگی اور دوسرے جملہ' لا یاتیہ منھا الا'' کا معنی یہ ہوگا کہ وہ دنیا جو اس کے لئے مقدر ہے اس کے پاس اس حال میں آئیگی کہ وہ شخص ذلیل وخوار ہوگا۔

۵۳۲۱ : وَرَوَاہُ اَحْمَدُ وَالدَّارِمِیُّ عَنْ اَبَانَ عَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ۔

احمد فی المسند ۱۸۳/۵۔

ترجمہ: ''اور احمدؒ اور دارمیؒ نے اس روایت کو ابانؒ سے اور انہوں نے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے''۔

تشریح: قولہ: وروا احمد والدارمی عن ابان:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''ابان'' ہمزہ کے فتحہ اور با کی تشدید کے ساتھ اس کو منصرف بھی پڑھا جاتا ہے اور غیر منصرف بھی یہ عثمان ابن عفان کے صاحبزادے ہیں' تابعی ہیں۔ اپنے والد ماجد اور دوسرے کئی صحابہ سے احادیث کا سماع کیا ہے۔

امام میرک فرماتے ہیں کہ بزار اور طبرانی نے ایک ہم معنی روایت نقل کی ہے۔ اور ابن حبان نے اس حدیث کو اپنی صحیح میں نقل کیا ہے۔

۵۳۲۲: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَبِیْنَ اَنَا فِی بَیْتِی فِی مُصَلَّایَ اِذَادَخَلَ عَلَیَّ رَجُلٌ فَاَعْجَبَنِی الْحَالُ الَّتِیْ رَاٰنِیْ عَلَیْهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَكَ اللّٰهُ یَا اَبَا هُرَیْرَةَ لَكَ اَجْرَانِ اَجْرُ السِّرِّ وَاَجْرُ الْعَلَانِیَةِ. (رواه الترمذی وقال هذا حدیث غریب)

اخرجه الترمذی فی السنن ۵۱۲/۴ حدیث رقم ۲۳۸۴ وابن ماجه ۱۴۱۲/۲ حدیث رقم ۴۲۲۶

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ (ایک روز) میں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ! میں اپنے گھر میں اپنے مصلے پر (نماز پڑھ رہا) تھا کہ اس وقت اچانک ایک شخص میرے پاس داخل ہوا' مجھے اپنے نماز پڑھنے کی اس حالت پر خوشی ہوئی جس پر اس نے مجھے دیکھا ہے (تو کیا اس وقت میرا خوش ہونا بھی ریا میں شمار ہوگا یا نہیں ہوگا؟) رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ! تم پر اللہ رحم فرمائے' تمہارے لئے دوہرا اجر ہے ایک تو پوشیدہ کرنے کا اور دوسرا ظاہر ہو جانے کا''۔ امام ترمذی نے اس روایت کو نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے''۔

تشریح: علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ حدیث کا ابتدائی جملہ اخبار ہے لیکن استخبار کے معنی میں ہے۔ یعنی یارسول اللہ کیا آپ ریاء کا حکم لگائیں گے یا نہیں؟ اور حضور علیہ السلام کا ارشاد گرامی ''رحمك الله يا ابا هريرة'' بھی اسی کے مطابق ہے۔

قوله: لك اجران: اجر السر واجر العلانيه:

یعنی تیرے اخلاص کی وجہ سے' تیری اقتداء کی وجہ سے یا اس وجہ سے کہ تجھ سے عبادت ظاہر ہوئی اور تجھے اپنی عبادت سے خوشی ہوئی۔ بعض نے یہ معنی بتایا ہے کہ ابوہریرہ کو اس بات سے خوشی اس بناء پر ہوئی کہ یہ شخص جو مجھے نماز پڑھتا ہوا دیکھے گا تو یہ بھی اس طرح رات نماز پڑھے گا۔ اور مجھے اس کے اس عمل کے مثل اجر ملے گا۔ اور یہی اس حدیث کا مفہوم ہے جس کو شرح السنہ میں نقل کیا گیا ہے: ''من سن سنة حسنة كان له اجرها واجر من عمل بها''۔

زیادہ ظاہر یہ ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ کا خوش ہونا اصل طبیعت کی بناء پر تھا جو شریعت کے مطابق تھی۔ وہ یہ ہے کہ ہر انسان کی یہ چاہت ہوتی ہے کہ جب کوئی اس کو دیکھے تو اچھی حالت میں دیکھے' اور ہر انسان اس بات کو ناپسند کرتا ہے کہ کوئی اس کو بُری حالت میں دیکھے' قطع نظر اس سے کہ یہ عمل ریا اور سمعہ کے ارادہ اور امید سے ہو۔ لہٰذا یہ حضور علیہ السلام کے اس ارشاد کے عین مطابق ہے جس کو طبرانی نے ابوموسیٰؓ سے نقل کیا ہے: ''من سرته حسنة وساء ته سية فهو مؤمن'' جس کو نیکی کرنے سے خوشی ہو اور برائی کرنے سے رنج ہو وہ مؤمن ہے نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ۭ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ﴾ [یونس:۵۸] ''آپ کہہ دیجئے! کہ پس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لوگوں کو خدا کے اس انعام اور رحمت پر خوش ہونا چاہئے وہ اس سے بدرجہا بہتر ہے، جس کو جمع کر رہے ہیں۔"

پس مؤمن اعمال صالحہ کی توفیق سے اس طرح خوش ہوتا ہے جس طرح کہ غیر مؤمن کثرتِ اموال سے خوش ہوتا ہے۔ واللہ اعلم بالاحوال۔

تخریج: امام میرک جزری سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ اس حدیث کو صاحب مصابیح نے شرح السنہ میں اسی سیاق کے ساتھ سعد بن بشر عن اعمش عن ابی ہریرہؓ نقل کیا ہے۔ اور پھر فرمایا کہ امام ابوعیسیٰ ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور یہ کلام بظاہر اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ امام ترمذی نے اس حدیث کو اسی طرح نقل کیا ہے اور ترمذی میں جو حدیث دوسرے الفاظ کے ساتھ منقول ہے اس کے بارے میں امام ترمذیؒ یوں فرماتے ہیں: حدثنا محمد بن المثنی حدثنا ابو سنان الشیبانی عن حبیب بن ابی ثابت عن ابی صالح عن ابی هریرة قال: قال رجل: یارسول اللہ! الرجل یعمل العمل فیسره فاذا اطلع علیه أعجبه ذلك فقال رسول الله ﷺ له اجران: أجر السر وأجر العلانیة۔" . [الحدیث]

امام ترمذیؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور اعمش اور دوسروں نے حبیب عن ابی صالح عن النبی ﷺ کی سند سے اس حدیث کو مرسلاً نقل کیا ہے۔ امام ترمذیؒ کی بات پوری ہوگئی واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵۳۲۳ : وَعَنْهُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ فِي اٰخِرِ الزَّمَانِ رِجَالٌ يَخْتِلُوْنَ الدُّنْيَا بِالدِّيْنِ يَلْبَسُوْنَ لِلنَّاسِ جُلُوْدَ الضَّانِ مِنَ اللِّيْنِ اَلْسِنَتُهُمْ اَحْلٰى مِنَ السُّكَّرِ وَقُلُوْبُهُمْ قُلُوْبُ الذِّئَابِ يَقُوْلُ اللّٰهُ اَبِيْ يَغْتَرُّوْنَ اَمَا عَلَيَّ يَجْتَرِؤُوْنَ فَبِيْ حَلَفْتُ لَاَبْعَثَنَّ عَلٰى اُولٰئِكَ مِنْهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ الْحَلِيْمَ فِيْهِمْ حَيْرَانَ. (رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٥٢٢/٤ حدیث رقم ٢٤٠٤

ترجمہ: "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "(میں تمہیں بتاتا ہوں) آخری زمانے میں میں ایسے لوگ بھی ظاہر ہوں گے جو دین کے بدلے میں دنیا کو طلب کریں گے (یعنی دینی واخروی اعمال کے ذریعہ دنیا کمائیں گے) (اور) لوگوں (پر اثر ڈالنے) کے لئے بکری کی کھال کا لباس پہنیں گے (تاکہ لوگ انہیں عابد و زاہد دنیاوی نعمتوں سے بے نیاز اور طالب آخرۃ سمجھ کر ان کی طرف مائل ہوں اور ان کے مرید و معتقد ہوں) ان کی زبانیں تو شکر سے زیادہ مٹھاس والی ہوں گی لیکن ان کے دل بھیڑیوں کے دلوں کی مانند ہوں گے (یعنی اپنے کلام و گفتگو میں اور اپنے ظاہری معاملہ کے لحاظ سے تو نہایت با اخلاق نیک خو لطاف و کرم نرمی اور شائستگی کے اوصاف سے متصف ہوں گے اور دین و مذہب کے حقیقی درمند اور مسلم معاشرے کے حقیقی غم خوار معلوم ہوں گے، لیکن حقیقت یہ ہوگی کہ اپنے ذاتی اغراض و منافع کے لئے دوستی و دشمنی کرنے اور اہل تقویٰ اور دین و ملت کے حقیقی خدمتگاروں کو نقصان و تکلیف پہنچانے اور دیگر حیوانی خصلتوں میں ان کے دل بھیڑیے کے دل کی طرح سخت اور شقی ہوں گے) اللہ تعالیٰ (ایسے لوگوں کو متنبہ فرمانے کے لئے) ارشاد فرماتا ہے۔ کیا یہ لوگ میری طرف سے مہلت مل جانے اور میرے ڈھیل دے دینے کی وجہ سے مغرور ہو گئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں اور دھوکے میں مبتلا ہیں (یعنی کیا یہ ان کو یہ غلط فہمی ہوگئی کہ میں ان کا معین و مددگار ہوں اور اس دنیا میں انہیں جو کامرانیاں اور کامیابیاں نصیب ہیں وہ مرحوم و مغفور ہونے کی وجہ سے ہیں؟ کیا یہ لوگ اس بات کا علم نہیں رکھتے کہ ہم ایسے لوگوں کو اسی طرح ڈھیل دیا کرتے ہیں؟ یا اس جگہ "اغترا" سے مراد اللہ تعالیٰ سے نہ ڈرنا اور اپنے افعال بد سے توبہ نہ کرنا ہے اس صورت میں "یجترؤن" کی مراد یہ ہوگی کہ یہ لوگ میرے غضب اور میرے عذاب سے نہیں ڈرتے اور کیا یہ اتنے جرات مند ہوگئے کہ اعمال صالح کے ذریعہ اور دین کے نام پر لوگوں کو دھوکا دے کر گویا میری مخالفت پر کمر بستہ ہیں؟) پس میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں یقیناً ان لوگوں پر انہی میں سے کسی فتنہ و مصیبت کو بھیجوں گا (یعنی انہی لوگوں میں سے ایسے سلاطین و حکمران اور ایسے افراد و گروہ متعین کردوں گا جو ان کو آفات و مصائب اور مختلف طرح کے نقصان اور تکالیف سے دو چار کر ڈالیں گے) اور وہ فتنہ و بلا بڑے سے بڑے دانشور و عقلمند آدمی کو بھی (اس مصیبت و آفت کو ٹالنے) ان پر آشوب حالات سے "گلوخلاصی پانے اور اس کے بارے میں کسی مناسب و موزوں اقدام و کارروائی کرنے سے" عاجز و حیران کر ڈالے گا"۔ (ترمذی)

تشریح: قولہ: یخرج فی آخر الزمان رجال ۔۔۔قلوب الذئاب: یختلون: خا کے سکون اور تاء کے کسرہ کے ساتھ۔ یعنی اخروی اعمال کے ذریعہ یا دین کے بدلہ میں دنیا لیں گے اور دنیا کو دین کے مقابلہ میں ترجیح دینگے۔ زیادہ واضح معنی یہ ہے کہ یہ لوگ دینی اعمال کے ذریعہ دنیا والوں کو دھوکہ دینگے "یختلون" ماخوذ ہے "ختله اذا خدعه" (دھوکہ دیا) سے اور مطلب یہ ہے کہ دنیا کو طلب کرنے کیلئے امور دینیہ کا لبادہ اوڑھ کر اور اپنی وضع قطع کے ذریعے لوگوں کو دھوکہ دیں گے جیسا کہ اس کا کلام اس پر دلالت کرتا ہے۔

الضان: ہمزہ کے سکون کے ساتھ اور ہمزہ کو کبھی الف سے بدل دیا جاتا ہے۔

"جلود" سے مراد چمڑا ہے۔ یا اس کے بال مراد ہیں اور یہی زیادہ واضح ہے۔ چنانچہ مطلب یہ ہوا کہ یہ لوگ صوف کا لباس پہنیں گے تاکہ لوگ انہیں زاہد عابد، دنیا کو ترک کرنے والے اور آخرت کے طلبگار سمجھیں۔

من اللین ("من" تعلیہ ہے) ای من اجل اظهار التلين ..... ۔: یعنی لوگوں کے ساتھ نرمی، مہربانی، عاجزی اور ہمدردی ظاہر کرنیکی وجہ درحقیقت اس سے لوگوں کے سامنے تملق اور تواضع دکھانا چاہتے ہونگے تاکہ لوگ ان کے احوال کے معتقد ہو کر ان کے مرید بن جائیں۔

الذئاب": ہمزہ کے ساتھ اور اس کو بدل بھی دیا جاتا ہے۔

یعنی دنیا اور جاہ کی شدید محبت، اہل تقوی کے ساتھ بے پناہ بغض عداوت، بہیمانہ صفات و حیوانی شہوات و نفسانی خواہشات کی وجہ سے ان کے دل بھیڑیے کے دل سے زیادہ سخت ہونگے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ﴾

[البقرة:٢٠٤]

"اور کوئی آدمی ایسا بھی ہے کہ آپ کو اس کی گفتگو جو محض دنیوی غرض سے ہوتی ہے خوب معلوم ہوتی ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کو حاضر و ناظر بتاتا ہے اپنے مافی الضمیر پر، حالانکہ وہ (آپ کی) مخالفت میں (نہایت) شدید ہے"۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: يقول الله ابى يغترون ام..... :یعنی میری طرف سے مہلت دیئے جانے کی وجہ سے ''اغترار'' سے مراد ہے اللہ سے خوف نہ کرنا اور اپنے فعل قبیح سے توبہ نہ کرنا۔یعنی کیا یہ لوگ میری ناراضگی اور میرے عقاب سے نہیں ڈرتے؟

''یجترؤن'' ''جراءۃ'' سے ماخوذ ہے'ازباب افتعال ہے'اسی لئے بعض فرماتے ہیں''الاجتراء'' کا معنی ہے انبساط۔(بے تکلف ہوجانا)اور تشجیع قوی دِل بنانا'جرات دلانا۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں''ام'' منقطعہ ہے پہلے اللہ کی مہلت کی وجہ سے دھوکہ دینے کا انکار کیا پھر اس سے اضراب کرتے ہوئے ان کے اس فعل کا انکار کیا جو اس سے زیادہ ظالمانہ تھا اور وہ ہے ان کا اللہ کی مخالف پر جرات کرنا۔

فبی: یہاں بھی مضاف محذوف ہے) ای فبذاتی و صفاتی۔یعنی میں اپنی ذات اور اپنی صفات کی قسم کھاتا ہوں۔

لابعثن: ''البعث'' سے ماخوذ ہے۔یعنی میں ان پر مسلط کردونگا یا فیصلہ کردونگا۔

اولئك: ان مذکورہ صفات سے متصف افراد۔

''الحلیم'' مصابیح کے بعض نسخوں میں''حلیم'' (لام کے ساتھ) کی بجائے''حکیم'' (کاف کے ساتھ) ہے۔حاصل دونوں کا ایک ہی ہے۔

''حیران'' یعنی اس حال میں کہ فتنوں میں متحیر ہوگا اس کو دفع کرنیکی قدرت رکھے گا اور نہ ان سے خلاصی حاصل کرسکے گا۔ نہ اس میں ٹھہر کر اور نہ اس سے بھاگ سکے گا۔

اشرفؒ فرماتے ہیں کہ''منهم'' میں''من'' کا بیانیہ بمعنی''الذين'' ہونا بھی درست ہے اور اشارہ رجال کی طرف ہوگا اور اس کی تقدیر اس طرح ہوگی''على اولئك الذين يختلون الدنيا بالدين'' اور''فتنة'' کے متعلق کرنا بھی درست ہے ای''لا بعثن على الرجال الذين يختلون الدنيا بالدين فتنة ناشئة منهم''

۵۳۲۴ : وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى قَالَ لَقَدْ خَلَقْتُ خَلْقًا اَلْسِنَتُهُمْ اَحْلٰى مِنَ السُّكَّرِ وَقُلُوْبُهُمْ اَمَرُّ مِنَ الصَّبْرِ فَبِيْ حَلَفْتُ لَاُتِيْحَنَّهُمْ فِتْنَةً تَدَعُ الْحَلِيْمَ فِيْهِمْ حَيْرَانَ فَبِيْ يَغْتَرُّوْنَ اَمْ عَلَيَّ يَجْتَرِؤُنَ (رواه الترمذی وقال هذا حديث غريب)

اخرجه الترمذی فی السنن ۵۲۲/۴ حديث رقم ۲۴۰۴۔

ترجمہ: ''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم ﷺ سے نقل فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ میں نے ایک ایسی مخلوق کو پیدا کیا ہے جس کی زبان چینی سے زیادہ مٹھاس والی ہے اور جس کے دل ایلوے (ایک تلخ پھل) سے زیادہ کڑوے ہیں۔پس میں اپنی ذات کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں یقیناً ان کو ایسے مصائب و مسائل میں مبتلا کروں گا جو بڑے سے بڑے دانشور عقلمند آدمی کو بھی حیران و عاجز بنا چھوڑیں گے'تو کیا وہ لوگ مجھ سے دھوکہ بازی کرتے ہیں'یا میرے مقابلے میں جرأت و دلیری دکھاتے ہیں؟ ترمذی نے اس روایت کو نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: السنتهم احلى من السكر: یعنی ان پر وعظ ذکر صبر اور شکر کا اثر ظاہر ہے۔

وقلوبهم امر من الصبر: اکثر نسخوں میں "الصبر" باء کے کسرہ کے ساتھ ہے اور بعض نسخوں میں باء کے سکون کے ساتھ ہے۔ اور قاموس میں ہے "الصبر" "کتف" کی طرح ہے۔ اور اس کی باء کو صرف ضرورت شعری کی وجہ سے ساکن پڑھا جاتا ہے۔ "صبر" ایک کڑوے درخت کے شیرہ کو کہتے ہیں۔ عوام کی زبانوں پر یہ لفظ صاد کے کسرہ اور باء کے سکون کے ساتھ مشہور ہے۔ اور شاید یہ ضبط اس بناء پر ہو کہ "الکتف"

لا تیحنهم: "الاتاحة" سے ماخوذ ہے۔ بمعنی تقدیر کہا جاتا ہے: "اتاح الله لفلان كذا" کا ای ہے "قدره وانزله به"۔ چنانچہ یہ فعل حذف وایصال کے باب سے ہے اور معنی یہ ہوگا: "لا تیحن لهم"۔

یغترون: استفہام مقدر ہے۔

۵۳۲۵ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ شَیْءٍ شِرَّةً وَلِكُلِّ شِرَّةٍ فَتْرَةً فَاِنْ صَاحِبَهَا سَدَّدَ وَقَارَبَ فَارْجُوْهُ وَاِنَّ اُشِیْرَا اِلَیْهِ بِالْاَصَابِعِ فَلَا تَعُدُّوْهُ (رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٥٤٨/٤ حدیث رقم ٢٤٥٣ وابن ماجه ١٤٠٥/٢ حدیث رقم ٤٢٠١ واحمد فی المسند ١٥٨/٢۔

ترجمہ: "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ہر چیز کے لئے نشاط ورغبت اور زیادتی ہے اور پھر ہر حرص وزیادتی کے لئے سستی اور ضعف ہے۔ پس اگر عمل کی رغبت رکھنے والے نے کام کو درست انداز سے کیا اور وہ اعتدال کے قریب قریب رہا (یعنی وہ افراط وتفریط سے بچا رہا) تو اس کے بارے میں توقع رکھو (کہ وہ اپنی منزل مقصود کو پہنچ جائے گا) اور اگر اس کی جانب انگلیوں سے اشارہ کیا گیا (یعنی اس نے طاعت وعبادت اور اوراد ووظائف کے مشغل ومصروفیت اور دنیاوی نعمتوں ولذتوں سے اجتناب میں اس لئے مبالغہ کو اختیار کیا کہ لوگوں میں اس کے زہد وعبادت کی شہرت ہو جائے اور وہ ہو بھی گئی) تو تم اس کو (عابدین وزہاد اور صلحاء میں) شمار نہ کرو (کیونکہ اصل میں اس کا شمار ریاکار لوگوں میں ہوتا ہے)"۔ (ترمذی)

تشریح: قال: قال النبی: ایک نسخہ میں "النبی" کی بجائے "رسول الله" کا لفظ ہے۔

شرة: شین کے کسرہ اور راء کی تشدید کے ساتھ۔ اس کا معنی ہے کسی چیز کی حرص اور شوق ورغبت۔

قوله: ولكل شرة فترة: فاء کے فتحہ اور تاء کے سکون کے ساتھ، ایک نسخہ میں یہ مرفوع ہے

اور مطلب یہ ہے کہ عابد شروع میں عبادت میں بہت مبالغہ کے ساتھ کرتا ہے اور ہر وہ شخص جو کسی کام میں مبالغہ کرتا ہے وہ تھک جاتا ہے اس کی تیزی تھم جاتی ہے، اگرچہ کچھ زمانہ بعد ہو۔

قوله: فان صاحبها سدد وقارب فارجوه: "صاحبها" فاعل ہے فعل محذوف ہے جس پر مابعد فعل "سدد" دلالت کر رہا ہے: یعنی میانہ روی اور استقامت کا ارادہ کرتا ہے یا مطلب یہ ہے کہ اس فعل کی مداومت پر اس کام میں اعتدال سے کام لیا لیکن یہ عبادت اور اطاعت اس سے منقطع نہیں ہوتی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تو یہ شخص کامیاب لوگوں میں سے ہے کیونکہ جو شخص میانہ روی کا راستہ اختیار کرتا ہے وہ اس عمل پر مداومت کر سکتا ہے لیکن یہ بات قطعیت کے ساتھ مت کہو اس لئے کہ حقیقت حال اللہ ہی خوب جانتا ہے۔

قولہ وان اشیر الیہ بالا صابع فلا تعدوہ: یعنی اس کو کچھ نہ سمجھو اور اس کو نیک خیال مت کرو کیونکہ یہ ریاء کار ہے اس لئے کہ اس نے اپنے اوقات فترت بھی عبادت میں لگا دیئے اور یہ وہیں متصور ہو سکتا ہے جہاں ریاء اور سمعہ ہو، نیز جب لوگ اس کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں تو بسا اوقات عبادت میں اضافہ کر دیتا ہے، اور عجب وغرور کا شکار ہو جاتا ہے اور ہلاک ہونے والوں میں سے ہو جاتا ہے الا یہ کہ اللہ تعالیٰ اس کو اپنے فضل سے نواز دے اور اس کو مخلصین میں سے بنا دے۔

اس کی وضاحت یہ ہے کہ انسان ابتداءً کسی کام میں بہت زیادہ حرص اور انتہائی تیزی کے ساتھ لگتا ہے لیکن پھر اُس تیزی اور زیادتی کے بعد کمزوری اور سستی آتی ہے، چنانچہ اگر انسان میانہ روی سے چلے اور افراط وتفریط سے اجتناب کرے اور سیدھے راستے پر چلے تو اُس شخص کے کامیاب وکامل ہونے کی امید رکھو، اور اگر افراط کے ساتھ چلے یہاں تک لوگ اس کی طرف اشارے کرنے لگیں تو اس شخص کی طرف التفات نہ کرو اور اس پر اعتماد نہ کرو، کیونکہ بسا اوقات ایسا شخص ہلاک ہو جاتا ہے، لیکن اس بات پر جزم مت کرو کہ یہ شخص یقیناً خسارہ پانے والوں میں سے ہے اور اس کو بالیقین ہلاک ہونے والوں میں سے شمار نہ کرو، لیکن اس سے اس طرح امید نہ رکھو جس طرح معتدل مزاج شخص سے رکھتے ہو، اس لئے کہ کبھی اللہ تعالیٰ انسان کو افراط اور شہرت کی حالت میں بھی بچا لیتا ہے، جیسا کہ کبھی تفریط کرنے والے اور عبادت میں کوتاہی کرنے والے کو معاف کر دیتا ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اس تاویل کی تائید اگلی حدیث سے اور اس میں موجود استثناء سے ہوتی ہے اور تیسری قسم کا ذکر اس کے واضح ہونے کی وجہ سے چھوڑ دیا۔

تخریج: اس حدیث کو بیہقی نے ابن عمرؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے اور اس کے الفاظ یہ ہیں:

"ان لکل شئ شرة ولکل شرة فترة فمن کانت فترته الی سنتی فقد اهتدیٰ ومن کانت فترته الی غیر ذالك فقد هلك"۔

۵۳۲۶ : وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بِحَسْبِ امْرِيءٍ مِنَ الشَّرِّ اَنْ يُّشَارَ اِلَيْهِ بِالْاَصَابِعِ فِيْ دِيْنٍ اَوْ دُنْيَا اِلَّا مَنْ عَصَمَهُ اللّٰهُ (رواه البيهقي في شعب الايمان)

رواه البيهقي في شعب الايمان ٣٦٧/٥ حديث رقم ٦٩٧٨

ترجمہ: "حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے نقل فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے: "انسان کی برائی کے لئے اتنا کافی ہے کہ دینی یا دنیوی اعتبار سے اس کی طرف انگلیوں سے اشارہ کیا جائے۔ سوائے اس شخص کے جس کی خدا تعالیٰ خود حفاظت فرمائے"۔ (بیہقی)

تشریح: بحسب امری: "باء" زائدہ ہے۔ ای یکفیہ یعنی اس شخص کیلئے کافی ہے۔ کیونکہ جو شخص کسی خصلت وخوبی میں مشہور ہو جائے تو وہ باطنی آفات سے بہت کم ہی بچ پاتا ہے مثلاً کبر، عجب، ریاکاری، سمعہ اور دیگر اخلاق رذیلہ۔

الا من عصمه الله: یعنی اللہ تعالیٰ مقام تقویٰ میں اس کی حفاظت کرے،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

منقول ہے کہ حسن بصریؒ سے ایک شخص نے کہا کہ (آپ مشہور ہو گئے ہیں اس لئے) لوگ آپ کی طرف انگلیوں سے اشارے کرتے ہیں۔ اس کے جواب میں حسن بصریؒ نے فرمایا کہ حضور علیہ السلام کے ارشاد گرامی کی مراد یہ نہیں ہے۔ حضور علیہ السلام کے ارشاد گرامی کا تعلق تو اُس شخص سے ہے جو دین کے اعتبار سے بدعتی اور دنیا کے اعتبار سے فاسق ہو۔ (انتھی)

اور اس کی وجہ یہ ہے کہ لوگوں کی طرف سے اشارے بدعت وغرابت کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ لیکن کبھی اُس کثرت کی وجہ سے بھی ہوتے ہیں جو عادت کی حد سے زائد ہوں چنانچہ (عادت کی حد سے) تجاوز کرنے کی وجہ سے اشارے ہونے لگتے ہیں چنانچہ بعض اوقات یہ حد سے تجاوز کرنا' ریاء کاری' سمعہ اور عزت واحترام کیلئے لوگوں سے طمع کرنے کا ذریعہ بنتا ہے اور کبھی اللہ اس شخص کو اپنے غیر کی طرف نظر کرنے سے بچاتا ہے، اس لئے وہ کسی اور کی طرف التفات نہیں کرتا اور یہ یقین رکھتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی بھی نہ تو شر دفع کرنے پر قادر ہے، اور نہ خیر پہنچانے پر قادر ہے۔ اور لوگوں کی مدحت و مذمت کا کوئی اعتبار نہیں نہ تو عبارت اور نہ اشاروں میں کیونکہ مخلوق نے نہ تو کسی دعویٰ کو آسان کیا ہے اور نہ کسی معنی کو مشکل [illegible]ہے، چنانچہ یہی وہ حالت ہے جس میں انسان کامل خوشخبری ہے۔ لیکن یہاں بڑے بڑے بہادروں کے بھی پاؤں پھسل جاتے ہیں، اور بڑے پہاڑ جیسے سمجھ والوں کی عقل ہل جاتی ہے۔ جیسا کہ منقول ہے: لایؤمن أحد کم حتی یکون الخلق عندہ کالأباعر۔

''تم میں سے کوئی کامل ایمان والا اس وقت تک نہیں ہوسکتا جب تک تمام مخلوق اس کی نظر میں مینگنیوں کی طرح نہ ہو جائے۔''

اس مقام کی وضاحت علامہ طیبیؒ نے حسین عبارت اور مزین اشارہ کے ساتھ کی ہے وہ فرماتے ہیں، کہ سرداری اور لوگوں کے دلوں میں جاہ کی محبت اس میں علماء، اللہ کے نیک بندے اور آخرت کی طلب میں چلتے ہوئے غیر معمولی کوشش اور محنت والے زاہد لوگ بھی مبتلا ہیں۔ کیونکہ ان لوگوں نے جب اپنے نفسوں کو مغلوب کر دیا' ان کو شہوات سے روکا' مشتبہات سے بچایا' ان کو مغلوب کر کے مختلف قسم کی عبادات پر آمادہ کیا، تو ان کے نفوس اعضاء وجوارح سے ظاہر ہونے والے معاصی میں طمع اور اُمید سے عاجز ہو گئے اس لئے ان کے نفوس نے اپنے علم وعمل کو ظاہر کر کے اور اپنی بھلائی کو آشکارا کر کے استراحت وآرام کا مطالبہ کیا' اور مجاہدہ کی مشقت سے خلاصی پا کر مخلوق کے ہاں قبولیت کی لذت حاصل کی' اور اپنے اعمال پر صرف خالق کے مطلع ہونے پر قناعت نہیں کی، لوگوں کی تعریف پر خوش ہوئے' صرف خالق کی تعریف پر قناعت نہیں کی لوگوں کی تعریفیں ان کو معلوم ہونے لگیں اور لوگ جب ان کی زیارت کیلئے آتے ہیں، اور اس کی خدمت اور اکرام کرتے ہیں، اور محافل میں ان کو اونچی جگہ دیتے ہیں، تو نفس کو ان ساری باتوں میں انتہائی لذت ملتی ہے جبکہ وہ شخص سمجھتا ہے کہ اس کی زندگی اللہ اور اس کی عبادت کیلئے گزر رہی ہے، حالانکہ اس کی زندگی ان پوشیدہ شہوات میں گزرتی ہے جن کو دیکھنے سے انسانوں کی آنکھیں اندھی ہیں، سوائے اُن عقول کے جو پرکھنے والی ہیں، حالانکہ اس شخص کا نام منافقین کے ساتھ لکھا جا چکا ہوتا ہے' اور وہ یہ سمجھ رہا ہوتا ہے کہ میں اللہ کے ہاں مقربین میں سے ہوں، یہ نفس کا ایسا دھوکہ ہے جس سے صرف مخلص صدیق ہی محفوظ رہ پاتے ہیں، اسی وجہ سے کہا جاتا ہے:

''آخر ما یخرج من رؤوس الصدیقین حب الریاسة''

''صدیقین کے سروں سے جو چیز آخر میں نکلتی ہے وہ حبِ جاہ ہے''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس لئے اللہ کے ہاں محمود وہ شخص ہے جو گمنام ہو، الا یہ کہ اللہ تعالیٰ کسی کو اپنے دین کی نشر و شاعت کی وجہ سے شہرت دے، اور اس کو یہ شہرت مقصود نہ ہو، جیسا کہ انبیاء، رُسل، خلفاء راشدین، علماء محققین اور سلف صالحین۔ والحمد للہ رب العالمین

یہ حدیث حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اور حضرت ابو ہریرہؓ سے بھی مرفوعاً منقول ہے، جیسا کہ جامع میں لکھا ہے۔

الفصل الثالث:

۵۳۲۷ : عَنْ اَبِیْ تَمِیْمَةَ قَالَ شَهِدْتُّ صَفْوَانَ وَاَصْحَابَهٗ وَجُنْدُبٌ یُوْصِیْهِمْ فَقَالُوْا هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ شَیْئًا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهٖ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَمَنْ شَاقَّ شَقَّ اللّٰهُ عَلَیْهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ قَالُوْا اَوْصِنَا فَقَالَ اِنَّ اَوَّلَ مَایُنْتِنُ مِنَ الْاِنْسَانِ بَطْنُهٗ فَمَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ لَّا یَاْکُلَ اِلَّا طَیِّبًا فَلْیَفْعَلْ وَمَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ لَا یَحُوْلَ بَیْنَهٗ وَبَیْنَ الْجَنَّةِ مِلْءُ کَفٍّ مِنْ دَمٍ اَهْرَاقَهٗ فَلْیَفْعَلْ ۔ (رواہ البخاری)

اخرجہ البخاری فی صحیحہ ۱۲۸/۱۳ حدیث رقم ۷۱۵۲

ترجمہ: ''حضرت ابی تمیمہؒ (تابعی) نے بیان فرمایا کہ ایک روز میں حضرت صفوان اور ان کے ساتھیوں کی ہم نشینی میں اس وقت موجود تھا کہ جب (مشہور اور جلیل القدر صحابیؓ) حضرت جندب رضی اللہ عنہ (بن عبداللہ بن سفیان بجلی) حضرت صفوان اور ان کے رفقاء کو (اخلاص وللّٰہیت کے ساتھ اور عبادت واطاعت کے جذبہ حقیقی کے ساتھ سرشار ہو کر ریاضت وعبادت میں افراط تفریط سے بچتے ہوئے راہ مستقیم اختیار کرنے کی) تاکیدی نصیحت فرما رہے تھے۔ پھر حضرت صفوان اور ان کے ساتھیوں نے ان سے پوچھا کہ کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ سے کچھ سنا ہے؟ حضرت جندب رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث بیان فرمائی کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ ''جو شخص سنائے گا (یعنی لوگوں کو سنانے اور شہرت حاصل کرنے کی خاطر جو شخص نیک عمل کرے گا) تو اللہ تعالیٰ روز قیامت اس کو رسوا کرے گا اور جو شخص مشقت ڈالے گا (یعنی اپنی ہمت وطاقت سے بڑھ کر کوئی کام کرنے کی صورت میں اپنے آپ کو مشقت سے دوچار کرے گا۔ یا کسی دوسرے شخص مثلاً اپنے غلام یا ملازم وغیرہ پر اس کی ہمت وطاقت سے بڑھ کر کوئی کام لازم کر دے یا ناقابل برداشت ذمہ داری عائد کر دے) تو خدا تعالیٰ اس کو روز قیامت مشقت میں مبتلا کرے گا''۔ (یہ سن کر) انہوں نے (یعنی صحابہؓ نے آنحضرت ﷺ سے یا حضرت صفوان اور ان کے ساتھیوں نے حضرت جندب رضی اللہ عنہ سے عرض کیا) کہ آپ ہمیں (کچھ اور) نصیحت فرمائیے تو (حضور ﷺ نے یا حضرت جندب رضی اللہ عنہ نے) ارشاد فرمایا: انسان کی جو چیز سب سے پہلے گندی اور بدبودار ہوتی ہے وہ اس کا پیٹ ہے (یعنی جو چیز انسان کو سب سے پہلے بڑھ کر نافرمانی پر آمادہ نے والی ہے سب سے پہلے دوزخ کی آگ کا مستوجب بناتی ہے اور آخرت میں سب سے پہلے دوزخ میں جانے اور عذاب بھگتنے کا سبب بننے والی ہے وہ اس کا پیٹ ہے)۔ پس جو شخص اس بات پر قادر ہو کہ اس چیز کے علاوہ اور کچھ نہ کھائے جو حلال وجائز ہے تو ایسے بس یوں ہی کرنا چاہئے اور جو شخص اس بات پر قادر ہو کہ اس کے اور جنت کے درمیان ایک مٹھی بھر بھی ایسا خون مائل نہ ہو جس کو ناحق بہایا ہو تو بے شک ایسا ہی کرنا چاہئے (کہ کسی کا ایسا جو بھی ناحق خون بہانے سے اجتناب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرے)''۔(بخاری)

راویٔ حدیث:

ابوتمیمہ۔ یہ ابوتمیمہ طریف بن بصری ہیں۔ان کی اصل عرب کے خطہ یمن سے ہے۔ان کے چچا نے ان کو بیچ دیا تھا اور یہ تابعی ہیں۔متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں۔اوران سے قتادہ وغیرہ نے روایت کی ہے ۹۵ھ میں انتقال ہوا۔

عرض مرتب:

طریف کی ولدیت ملاعلی قاری نے مجالد جہمی ذکر کی ہے۔صاحب ''الاکمال'' نے خالد جہمی ذکر کی ہے اور الاکمال کے محشیٰ کا کہنا ہے کہ ''الخلاصہ'' اور ''التقریب'' کے مطابق ''خالد جحمی'' اور یہ ثقہ روای ہیں۔اھ

تشریح: قوله:قال :شهدت صفوان:

بظاہر صفوان بن سلیم الزہری مراد ہیں، جو حمید بن عبدالرحمٰن بن عوف کے آزاد کردہ غلام تھے اور اہل مدینہ میں سے جلیل القدر تابعی تھے۔اُنس بن مالک اور تابعین کی ایک جماعت سے روایات نقل کی ہیں۔اللہ تعالیٰ کے نیک اور منتخب بندوں میں سے تھے۔کہا جاتا ہے، کہ انہوں نے چالیس برس تک اپنا پہلو زمین پر نہیں رکھا۔اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ سجدوں کی کثرت کے باعث ان کی پیشانی میں گڑھا پڑ گیا تھا اور امراء وسلاطین کے ہدایا کو قبول نہیں کرتے تھے۔ان کے مناقب وفضائل بہت ہیں۔ ابن عیینہ نے ان سے روایات نقل کی ہیں، یہ بات مؤلف نے ذکر کی ہے۔اور بظاہر ان کے اصحاب سے مراد علم وعمل میں ان کے ساتھی ہیں۔

قوله:وجندب يوصيهم:يوصيهم: تخفیف اور تشدید دونوں کے ساتھ درست ہے۔

مطلب یہ ہے کہ مجاہدہ پر استقامت' یا عبادت میں زیادتی، یا عبادت میں اعتدال کی' یا ریاء وسمعہ اور شہرت کے جذبہ سے اجتناب کرنے کی نصیحت فرمارہے تھے۔لیکن زیادہ صحیح آخری دو احتمال ہیں، جیسا کہ سوال وجواب اس پر دلالت کررہے ہیں۔

قوله:فقالوا هل سمعت من رسول الله ﷺ شيئاً: یعنی احادیث۔پس ہمیں حدیث بیان کریں اور ہمیں ان سے استفید کریں۔اس لئے کہ حضور علیہ السلام کا کلام زیادہ مؤثر اور دلوں کو زیادہ نرم کرنے والا ہے۔

شاق: باب مفاعلہ سے ہے جب مغالبہ کے معنی میں نہ ہو تو مبالغہ کیلئے ہوتا ہے،

مطلب یہ ہے کہ جو شخص اپنے آپ کو اپنی طاقت سے زیادہ بوجھ کا مکلّف بنا کر اپنے آپ کو مشقت میں ڈالے گا،

یا مطلب یہ ہے کہ جو شخص کسی اور پر زیادہ بوجھ ڈال کر اس کو مشقت میں ڈالے گا، اور اسی سے ارشاد نبوی ہے: ''لو لا ان أشق على امتي لأمرتهم بالسواك عند كل صلاةٍ''۔علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں اس کو مطلق رکھا، تاکہ عموم حاصل ہو۔

شق الله: ایک صحیح نسخہ میں ''شاق الله'' کا لفظ ہے۔

ينتن: یا کے ضمہ کے ساتھ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یعنی دنیا میں کیونکہ پیٹ ہی گندگی کی جگہ ہے یا قبر میں پیٹ پھٹ کر خراب ہوگا۔

جتنا ہو سکے یا معنی یہ ہے کہ اس کو کھالے، کیونکہ جس کو یہ معلوم ہو گیا کہ کھائی ہوئی چیز کا انجام وہی ہے جو اوپر ذکر کیا گیا ہے، تو اس کیلئے ضروری ہے، کہ نفس کی لذات کو حرام طریقے سے حاصل نہ کرے، بلکہ حلال مال پر اکتفاء کرے، اگرچہ تھوڑا سا مال ہی کیوں نہ ہو۔ ابن ادھم نے شعر کہا ہے:

وما هی الا جوعة قد سددتها
وکل طعام بین جنبی واحد

علامہ طیبیؒ نے تکلف کیا ہے چنانچہ فرماتے ہیں کہ پیٹ کا بدبودار اور خراب ہونا اس کو آگ کے چھونے سے کنایہ ہے۔ اور اس تاویل کی ضرورت اس لئے پیش آئی تا کہ اگلے جملہ "فمن استطاع ان لا یأکل الا طیباً" ای حلالا کے مطابق ہو جائے، اور اس کی نظیر یہ ارشاد باری ہے: ﴿ان الذین یأکلون أموال الیتٰمی ظلماً انما یأکلون فی بطونهم ناراً.....﴾ [النساء: ۱۰] "بلاشبہ جو لوگ یتیموں کا مال بلا استحقاق کھاتے (برتتے) ہیں اور کچھ نہیں اپنے شکم میں آگ بھر رہے ہیں۔"

اور اس بات پر کوئی دلالت نہیں کہ پہلی چیز جس کو آگ چھوئے گی وہ پیٹ ہے۔

قوله: ومن استطاع ان لا یحول بینه وبین الجنة..... :یعنی کامیاب لوگوں کے ساتھ دخول اولی ہو۔

اهراقه: "ھا" کے فتحہ کے ساتھ اور سکون کے ساتھ بھی درست ہے۔

"ایک چلو بھر" سے تقلیل مراد ہے جو اشارہ ہے کہ تھوڑا سا ناجائز خون بہانا جنت میں جانے سے مانع ہے، تو زیادہ خون بہانے کا کیا حال ہوگا۔ کہا گیا ہے کہ اس میں اُس شخص کو بیوقوف ٹھہرایا گیا، جو یہ کہتا ہے کہ انسان سے جنت کا فوت ہو جانا اس حقیر اور گھٹیا چیز کی وجہ سے ہے۔

امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کو اپنی کتاب "شرح الصدور فی احوال القبور" میں "باب نتن المیت وبلاءِ جسده الا الانبیاء ومن الحق بهم" کے تحت ذکر کیا ہے۔ بخاری نے جندب بجلی کی حدیث اس طرح نقل کی ہے: "ول ما ینتن من الانسان بطنه" انتہی۔ اور ان کی عبارت سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ مکمل حدیث مرفوع ہے۔ واللہ اعلم۔

۵۳۲۸ . وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهٗ خَرَجَ يَوْمًا اِلٰى مَسْجِدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ قَاعِدًا عِنْدَ قَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِيْ قَالَ مَا يُبْكِيْكَ قَالَ يُبْكِيْنِيْ شَيْءٌ سَمِعْتُهٗ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ يَسِيْرَ الرِّيَآءِ شِرْكٌ وَمَنْ عَادٰى لِلّٰهِ وَلِيًّا فَقَدْ بَارَزَ اللّٰهَ بِالْمُحَارَبَةِ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْاَبْرَارَ الْاَتْقِيَآءَ الْاَخْفِيَآءَ الَّذِيْنَ اِذَا غَابُوْا لَمْ يُتَفَقَّدُوْا وَاِنْ حَضَرُوْا لَمْ يُدْعَوْا وَلَمْ يُقَرَّبُوْا قُلُوْبُهُمْ مَصَابِيْحُ الْهُدٰى يَخْرُجُوْنَ مِنْ كُلِّ غَبْرَآءَ مُظْلِمَةٍ.

(رواه ابن ماجة والبيهقي في شعب الايمان)

اخرجه ابن ماجة في السنن ۱۳۲۰ حديث رقم ۳۹۸۹ والبيهقي في شعب الايمان ۳۲۸/۵ حديث رقم ۶۸۱۲

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: ''امیر المؤمنین حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ ایک روز رسول اللہ ﷺ کی مسجد (یعنی مسجد نبوی) میں تشریف لائے تو انہوں نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کے پاس بیٹھ کر روتا ہوا پایا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا کہ آپ کو کیا چیز رُلا رہی ہے؟ (کیا حضور ﷺ کی مفارقت کا غم ہے یا کسی آفت و مصیبت کے پیش آ جانے کے باعث رو رہے ہو اور یا ان کے سوا کوئی اور وجہ ہے جو آپ کو رونے پر مجبور کر رہی ہے؟) حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا'' مجھے ایسی بات رلا رہی ہے جسے میں حضور اکرم ﷺ سے سنا تھا۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ ''یقیناً معمولیسا ریا بھی شرک ہے''۔ (نیز آپ ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ) جس شخص نے خدا کے دوست سے عداوت رکھی (یعنی اولیاء اللہ کو اپنے کسی قول و فعل کے ساتھ ناحق ستایا پریشان کیا یا ان کو غصہ دلایا) تو وہ گویا اللہ تعالیٰ سے جنگ کرنے کے لئے میدان جنگ میں اتر آیا (اور ظاہر ہے کہ جس شخص نے خدا کے ساتھ مقابلہ آرائی کی اس کا ذلیل و رسوا ہونا اور ہلاک و برباد ہونا یقینی ہے) یقیناً اللہ تعالیٰ نیکوکاروں' اہل تقویٰ اور ایسے مخفی حالت والے لوگوں کو محبوب رکھتا ہے جن کی ظاہری حالت تو اتنی خستہ اور عام نگاہوں میں اس قدر ناقابل توجہ ہوتی ہے کہ) جب وہ نظروں سے غائب ہوں تو ان کی تلاش و جستجو نہ کی جائے اور جب موجود ہوں تو انہیں (کسی دعوت و مجلس میں) دعوت نہ دی جائے اور اگر وہ بلائے بھی جائیں تو قریب نہ کئے جائیں''۔ (لیکن باطنی و روحانی طور پر ان کا مقام بہت بلند ہوتا ہے چنانچہ ان کے دل ہدایت کے چراغ ہیں (جن کے نور سے راہ راست پائی جاتی ہے) اور یہ لوگ ہر تاریک زمین سے نکل کر آتے ہیں (اس روایت کو ابن ماجہ نے اور شعب الایمان میں بیہقیؒ نے نقل کیا ہے''۔

تشریح: **قولہ: ان یسیرا الریاء شرك**: بڑا شرک ہے یا شرک کی ایک قسم ہے۔ یعنی یہ بہت زیادہ مخفی ہے اس لئے کہ یہ تو کالی رات میں کالی چٹان پر چلنے والی کالی چیونٹی سے بھی باریک ہے۔ اور قوی تقویٰ والے بھی بہت کم افراد ایسے ہیں، جو اس سے محفوظ ہیں، تو ضعفاء کا کیا حال ہوگا؟ یہ رونے کے اسباب میں سے ایک سبب تھا، دوسرا سبب اولیاء اللہ کو ایذاء پہنچانا ہے، جبکہ اکثر اولیاء پوشیدہ ہوتے ہیں، جیسا کہ حدیث قدسی میں ہے: ''**اولیائی تحت قبائی لا یعرفھم غیری**''

''میرے اولیاء میری چادر تلے ہیں، میرے علاوہ کوئی اُن کو نہیں پہچانتا''

اور انسان سے اپنے بھائیوں اور ساتھیوں کے ساتھ زبان کی ایسی بے تکلفی ہو ہی جاتی ہے جو باعث عصیان ہوتی ہے، اور گویا کہ اگلے جملہ سے یہی معنی مراد ہے۔

اور مخالفت کو محاربہ سے تعبیر کرنے میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہ بہت بڑی جرأت و جنایت ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ لفظ'' للہ'' کو ''عادیٰ'' کے متعلق کرنا درست نہیں ہے، بلکہ یہ ''ولیا'' کے متعلق ہے یا ''ولیًّا'' کی صفت تھی مقدم کیا تو حال بن گیا۔

قولہ: ان اللہ یحب الابرار .....:

''ابرار'' سے مراد وہ لوگ ہیں جو نیک اعمال کرتے ہیں یعنی اللہ کی اطاعت کرتے ہیں، اور مخلوق کے ساتھ احسان کرتے ہیں۔ بعض عارفین فرماتے ہیں' کہ دین کا مدار اللہ کے حکم کی تعظیم اور اللہ کی مخلوق پر شفقت کرنے پر ہے۔

الاتقیاء: جو شرک جلی' شرک خفی، لہو ولعب اور ممنوع امور سے بچتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الأخفياء: یعنی عام مخلوق کی نگاہوں سے پوشیدہ ہیں اور ان کے ساتھ اختلاط اور معاشرت سے پوشیدہ ہیں۔

الذين اذا غابوا: زیادہ گمنامی کی وجہ سے۔

لم يتفقدوا: مجہول کے صیغہ کے ساتھ ہے۔ قاموس میں ہے، "تفقد" طلبه عند غيبته "غائب ہونے کے بعد تلاش کرنا" اور اسی سے یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿وتفقد الطير﴾ [النمل: ۲۰]

لم يدعوا: مجہول کے صیغہ کے ساتھ۔

لم يقربوا: مجہول کے صیغہ کے ساتھ بھی ہے۔

یعنی عام لوگ ان کو اپنے قریب نہیں بلاتے اور ان کی قدر قرب اور مقدار مرتبہ سے نا آشنا ہیں۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ "ان الله" سے جملہ مستانفہ ہے "ولی" کی حقیقت کا بیان ہے، اور اولیاء اللہ کے تین احوال ذکر کئے ہیں جب وہ سفر میں ہوتے ہیں تو لوگ ان کو تلاش نہیں کرتے اور جب وہ حاضر ہوتے ہیں تو دعوت طعام کیلئے ان کو نہیں بلایا جاتا، اور اگر وہ مجلس میں حاضر ہو جائیں تو ان کو قریب جگہ نہیں دی جاتی بلکہ جوتیوں کی جگہ میں چھوڑ دیا جاتا ہے، اور تفصیل ہے اس روایت کی: "رب أشعث اغبر لا يعبأ به لو أقسم على الله لأبره"

"بہت سے لوگ ایسے ہوتے ہیں، جو پراگندہ بال اور غبار آلود ہوتے ہیں، اور ان کو وقعت نہیں دی جاتی، اگر وہ اللہ پر (اعتماد کر کے) قسم اٹھالیں، تو اللہ یقیناً ان کی قسم کو پورا کر دے۔"

قوله: قلوبهم مصابيح الهدىٰ:

یعنی ہدایت کے رہبر ہیں، اور راہ عنایت کے ہادی ہیں، پس پردہ رعایت کے مستحق ہیں، بلکہ ضروری ہے، کہ اُن سے حفاظت طلب کی جائے۔

قوله: يخرجون من كل غبراء مظلمة:

یعنی ہر مشکل مسئلہ کی ذمہ داری سے اور دردناک مصیبت سے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ یہ کنایہ ہے اس بات سے کہ ان کی رہائش گاہیں حقیر درجہ کی ہیں اور تاریک وغبار آلود ہیں، کیونکہ ان کے پاس وہ اشیاء نہیں، جن سے وہ اپنی رہائش گاہوں کو روشن کر سکیں اور صاف رکھ سکیں۔

اربعین کے شروع میں ایک حدیث منقول ہے، جس کو امام بخاریؒ نے ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے، کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا: "من عادىٰ لي وليًا فقد آذنته بالحرب".

اس کے شارح میں اس شخص کو بتا دیتا ہوں کہ اس نے مجھ سے دشمنی کی ہے یا یہ کہ میں تجھ سے مقابلہ کروں گا، تجھے مغلوب کرونگا اور تجھ سے بدلہ اور انتقام لوں گا۔ اور ایک روایت میں ہے: انی لأغضب اوليائي كما يغضب الليث للجرو اى لولده۔ "مجھے اپنے ولی کی وجہ سے اتنا غصہ آتا ہے، کہ جتنا غصہ کہ شیر کو اپنے بچے کی وجہ سے آتا ہے۔"

اور دوسری روایت میں ہے: انه ينتقم بعد وہ اللہ تعالیٰ اس کے دشمن سے انتقام لیتا ہے۔

"ولی" کی تحقیق لفظ "ولی" اپنی ترکیب کے اعتبار سے "قرب" پر دلالت کرتا ہے، گویا کہ "ولی" اللہ کے "قریب" ہوتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے، کیونکہ اللہ کا ولی اللہ کی معرفت جلال و جمال اور کمالِ مشاہدہ کے نور میں مستغرق ہوتا ہے۔

''ولی'' کی تعریف میں علماء کا اختلاف ہے۔

متکلمین فرماتے ہیں کہ ''ولی'' وہ شخص ہے جو دلیل پر مبنی صحیح عقیدہ کا حامل ہو۔ اور اعمال شرعیہ کا پابند ہو۔ کی تائید بعض اکابر کے اس قول سے ہوتی ہے، کہ اگر علماء اولیاء نہیں، تو پھر اللہ کا کوئی ولی نہیں۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں ''ولی'' وہ شخص ہے جس کو بعض غیبی امور کا کشف ہوا ہو، اور لوگوں کی اصلاح پر مأمور نہ ہو۔

ان دونوں باتوں میں اشکال ہے، اس لئے کہ اکثر اولیاء خصوصاً سلف صالحین کی کوئی کرامت ظاہر نہیں ہوئی، اور نہ کسی چیز کا کشف ہوا۔ بخلاف بعض متأخرین کے (کہ ان سے کرامت کا ظہور ہوا اور کشف بھی ہوا ہے)۔

اس کی وجہ بعض حضرات یہ بتاتے ہیں، کہ پہلے لوگوں کے دل قوی تھے، اور متأخرین کا دین کمزور ہے، اور دوسری وجہ یہ ہے علماء عاملین ہی اولیاء ہوتے ہیں، اور یہ بات یقینی ہے کہ علماء عاملین اپنی ذات میں کامل ہوتے ہیں' دوسروں کو کامل کرتے ہیں، چنانچہ یہی لوگ نیکیوں کا حکم کرتے ہیں، برائیوں سے روکتے ہیں، اللہ کی حدود کا خیال رکھتے ہیں، جیسا کہ حدیث کے ان الفاظ: ''قلوبهم مصابيح الهدى'' میں اس کی طرف اشارہ ہے۔

خوشخبری ہو اس شخص کیلئے جو ان کی اقتداء کرے اور ان کے نور سے روشنی حاصل کرے اور ان سے رہنمائی حاصل کرے۔

معنوی اعتبار سے اس کے زیادہ قریب بات وہ ہے جو امام قشیریؒ نے ذکر کی ہے، کہ ''ولی'' فعیل بمعنی مفعول ہے۔ کہ ''ولی'' وہ شخص ہے کہ جس کی مسلسل حفاظت کا ذمہ اللہ تعالیٰ نے لیا ہو، یا ''فعیل'' بمعنی فاعل ہے۔ کہ ''ولی'' وہ شخص ہے جو اللہ کی اطاعت وعبادت ذمہ داری کے ساتھ کرے، اور مسلسل کرے بایں طور کہ معصیت کے ذریعے خلل نہ آئے۔ یہ دونوں وصف ولایت کیلئے شرط ہیں، (انتہی)۔

اس سے معلوم ہوا کہ ''او'' تنویع کیلئے ہے، اور پہلے (جملے) میں اشارہ ہے اس مجذوب سالک کی طرف جس کو ''مراد'' (مرشد) سے تعبیر کیا جاتا ہے، اور دوسرے (جملے) میں اشارہ ہے اس مجذوب سالک کی طرف جس کو ''مرید'' (مسترشد) سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے اپنے اس فرمان میں ان دونوں کی طرف اشارہ فرمایا ہے:

﴿الله يجتبى اليه من يشاء ويهدى اليه من ينيب﴾ [الشوری:۱۳] ''اللہ اپنی طرف جس کو چاہے کھینچ لیتا ہے اور جو شخص رجوع کرے اس کو اپنے تک رسائی دیتا ہے''۔

اس کی تحقیق یہ ہے کہ یوں کہا جائے کہ ''ولی'' وہ ہے جس کے معاملہ کی اللہ تعالیٰ بذات خود ذمہ داری لے، چنانچہ اس شخص کا اپنا کوئی تصرف باقی نہ رہے، چونکہ اس کا اپنا نہ وجود ہے، نہ ذات، نہ کوئی فعل نہ کوئی وصف۔ بلکہ یہ ''فانی'' ایک باقی ذات کے ہاتھ میں ہے جیسا کہ نہلانے والے کے سامنے میت ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ جو چاہتا ہے کرتا ہے، اس کی شکل اور نام کو مٹا ڈالتا ہے۔ اسکی ذات اور اس کے اثر کو مٹا دیتا ہے، اس کو ایک وقت تک زندہ و باقی رکھتا ہے۔ پھر اپنی ملاقات کیلئے بلاتا ہے۔

۵۳۲۹ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْعَبْدَاِذَا صَلّٰى فِى الْعَلَانِيَةِ فَاَحْسَنَ وَصَلّٰى فِى السِّرِّ فَاَحْسَنَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى هٰذَا عَبْدِىْ حَقًّا (رواه ابن ماجة)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اخرجه ابن ماجه فی السنن ۱۴۰۵/۲ حدیث رقم ۴۲۰۰

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: انسان جب علی الاعلان (سب کے سامنے) نماز پڑھے اور بہترین انداز سے پڑھے (یعنی نماز کی تمام شرائط وواجبات سنن اور مستحبات کا لحاظ رکھ کر پڑھتا ہے اور اسی طرح دیگر عبادات وطاعات بھی پورے آداب وشرائط کے ساتھ ادا کرتا ہے) اور جب مخفی طور پر (یعنی تنہائی میں) پڑھے (تو اس وقت بھی اسی خوبی کے ساتھ پڑھا کرے (جس اچھے طریقے کے ساتھ علی الاعلان پڑھا کرتا ہے) تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میرا یہ بندہ صدق وراستی کا حامل ہے (یعنی مخلص ہے اور اس کی طاعت وعبادت ریاکاری سے پاک ہے''۔ (ابن ماجہ)

تشریح: فاحسن: یعنی خالق کے دیکھنے پر اکتفاء کر کے اپنے عمل میں حسن پیدا کرے۔

قال الله هذا: عبدی: میرا یہ مخلص بندہ سچا ہے، اور اس بات سے خالی ہے کہ اس کا علانیہ طور پر عمل کرنا، نفاق کی وجہ سے ہے، اور حضور علیہ السلام نے سنن ونوافل گھر میں پڑھنے کی جو ترغیب دی ہے ممکن ہے اس میں یہی راز ہو۔

۵۳۳۰ : وَعَنْ مُعَاذَ ابْنِ جَبَلٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَكُوْنُ فِیْ آخِرِ الزَّمَانِ اَقْوَامٌ اِخْوَانُ الْعَلَانِيَةِ اَعْدَاءُ السَّرِيْرَةِ فَقِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَكُوْنُ ذٰلِكَ قَالَ بِرَغْبَةٍ بَعْضِهِمْ اِلٰى بَعْضٍ وَرَهْبَةٍ بَعْضِهِمْ مِنْ بَعْضٍ ۔

اخرجه احمد فی المسند ۲۳۵/۵

ترجمہ: ''حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''دور آخر میں ایسے لوگ اور جماعتیں بھی وجود میں آئیں گی جو بظاہر دوستی رکھنے والی ہونگی باطنی طور طرد شمن ثابت ہوں گے''۔ عرض کیا گیا کہ یا رسول اللہ ﷺ! ایسا کس طرح اور کس سبب سے ہو جائے گا؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس بناء پر ہوگا کہ ان میں سے بعض، بعض سے غرض ولالچ رکھیں گیا اور بعض، بعض سے خوف زدہ ہوں گے''۔

تشریح: قوله: يكون فی آخر الزمان اقوام أخوان العلانية أعداء السريرة:

یعنی ظاہر میں تو دوست ہوں گے اور باطن میں دشمن ہوں گے۔ ان دونوں اوصاف کو ذکر کرنا کرنا بیا یہ بغیر عطف کے ذکر خبر ثانی ہے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ دونوں جگہ ''فی'' مقدر ہے۔ جوہری فرماتے ہیں کہ ''سر'' پوشیدہ راز کو کہتے ہیں اور ''سریرۃ'' کا معنی بھی یہی ہے۔ حاصل یہ کہ محبت وبغض اللہ کے لئے نہیں رکھیں گے، بلکہ ان کے امور فاسدا غراض اور مقاصد کا سرچشمہ ہونگے، چنانچہ اغراض کیلئے کبھی تو ایک گروہ سے رغبت رکھیں گے اور اُن کے ساتھ دوستی ظاہر کریں گے، اور کبھی اس گروہ سے مختلف وجوہات کی بناء پر نفرت کریں گے، اور اُن کے سامنے عداوت ظاہر کرینگے۔ اور خلاصہ یہ کہ مخلوق کی محبت وعداوت کا کوئی اعتبار نہیں کیونکہ ان کی محبت وعداوت اپنی اغراض وخواہشات کی بناء پر ہوتی ہے۔

۵۳۳۱ : وَعَنْ شَدَّادِ ابْنِ اَوْسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ صَلّٰى يُرَآئِیْ فَقَدْ اَشْرَكَ ۔ (رواهما احمد)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اخرجه احمد فی المسند ۱۲۶/٤۔

ترجمہ: ''حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' جو شخص ریاکاری کی غرض سے نماز پڑھے اس نے درحقیقت شرک کا ارتکاب کیا' جس شخص نے دکھلانے کو روزہ رکھا اس نے شرک کیا اور جس شخص نے دکھلانے کو صدقہ خیرات کیا وہ شرک کا مرتکب ہوا''۔ دونوں روایتوں کو احمدؒ نے نقل کیا ہے''۔

تشریح: ومن صام یرائی فقد اشرك:

اس سے معلوم ہوا کہ روزہ رکھنے میں بھی ریاء کاری کو دخل ہے، بخلاف بعض حضرات کے جو روزہ سے ریاء کی نفی کرتے ہیں، اور وجہ یہ بتاتے ہیں، کہ روزہ کا مدار نیت پر ہے اور اس میں ریاء داخل نہیں ہوتا۔ اور نیت ٹھیک نہ ہونے کی صورت میں کھانا پینا چھوڑ دینے کا کوئی اعتبار نہیں۔ چونکہ ہم کہتے ہیں کہ محض ریاء تو روزہ رکھنے میں متصور نہیں ہوسکتا لیکن کبھی ریاء بطور اشتراک ہوسکتا ہے، بایں طور کہ روزہ رکھنے میں اللہ کو راضی کرنے کی نیت بھی کرے اور شہرت کی بھی یا کوئی اور غرض بھی مقصود ہو، چاہے دونوں مقصد برابر درجہ میں ہوں یا دونوں متقابل ہوں، جیسا کہ ماقبل میں حجۃ الاسلام کے کلام میں اس بات کی تفصیل گزر چکی ہے۔

۵۳۳۲ : وَعَنْهُ اَنَّهُ بَكٰى فَقِيْلَ لَهُ مَا يُبْكِيْكَ قَالَ شَيْءٌ سَمِعْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فَذَكَرْتُهُ فَاَبْكَانِيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَتَخَوَّفُ عَلٰى اُمَّتِيَ الشِّرْكَ وَالشَّهْوَةَ وَالْخَفِيَّةَ قَالَ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَتُشْرِكُ اُمَّتُكَ مِنْ بَعْدِكَ قَالَ نَعَمْ اَمَا اِنَّهُمْ لَايَعْبُدُوْنَ شَمْسًا وَلَاقَمَرًا وَلَاحَجَرًا وَلَا وَثَنًا وَلٰكِنْ يُرَاؤُوْنَ بِاَعْمَالِهِمْ وَالشَّهْوَةُ الْخَفِيَّةُ اَنْ يُّصْبِحَ اَحَدُهُمْ صَائِمًا فَتَعْرِضُ لَهُ شَهْوَةٌ مِنْ شَهْوَاتِهِ فَيَتْرُكُ صَوْمَهُ. (رواه احمد والبيهقی فی شعب الايمان)

اخرجه ابن ماجه فی السنن ۱٤۰٦/۲ حديث رقم ٤۲۰٥ واحمد فی المسند ۱۲٦/٤ والبيهقی فی شعب الايمان ۳۳۳/٥ حديث رقم ٦۸۳۰

ترجمہ: ''حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ کے بارے میں مروی ہے کہ (ایک موقع پر) وہ رونے لگے' ان سے پوچھا گیا کہ چیز آپ کو رلا رہی ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ مجھے اس بات نے رلا دیا ہے جسے میں نے حضور اقدس ﷺ سے سنا تھا' اس وقت مجھے وہ بات یاد آ گئی تو اس نے مجھے رونے پر مجبور کر دیا ہے اور وہ بات یہ ہے کہ میں نے آپ ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے میں اپنی اُمت پر شرک (یعنی شرک خفی) اور چھپی خواہشات کا اندیشہ رکھتا ہوں''۔ حضرت شداد کا بیان ہے کہ میں نے یہ سن کر) عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ! کیا آپ ﷺ کی امت آپ ﷺ کے بعد شرک کرنے لگ جائے گی؟ آپ ﷺ نے جواباً ارشاد فرمایا: ہاں! یاد رکھو میری امت کے لوگ سورج اور چاند اور پتھر کی پرستش نہیں کریں گے اور (علی الاعلان) بتوں کی پوجا نہیں کریں گے (یعنی وہ شرک جلی میں تو نہیں مبتلا ہوں گے) لیکن لوگوں کو دکھلانے کے لئے نیک کام کریں گے (یعنی شرک خفی میں وہ مبتلا ہوں گے) اور چھپی خواہش کی حقیقت یہ ہے کہ (مثلاً) تم میں سے کوئی شخص روزہ کی حالت میں صبح کرے اور پھر اس پر نفسانی خواہشات میں سے کوئی خواہش غالب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آ جائے (جیسے کھانے کی خواہش کا غلبہ ہو جائے! یا جنسی خواہش جاگ اٹھے) اور وہ (اس خواہش کے غلبہ سے مرغوب ہو کر کھانا کھا کر یا ہم بستری کر کے) اپنا روزہ توڑ ڈالے (جب کہ شرعی طور پر قابل اعتبار کسی ضرورت و حالت کے پیش آنے کے بغیر روزہ توڑنا حرام ہے)"۔ (احمد، بیہقی)

تشریح: سمعت من رسول الله: یہاں "من" اپنے اصل معنی میں مستعمل ہے۔

یقول: ای حال کو نه قائلا اس میں یک گونہ تاکید ہے۔

فابکانی: یعنی وہ بات میرے غم اور میرے رونے کا سبب بن گئی اس میں ایک قسم کا اجمال ہے اس لئے اس کی تفصیل از سر نو بیان فرمائی۔

أتخوف: امام راغب فرماتے ہیں کہ "**خوف**" کا معنی ہے "کسی مظنون یا معلوم علامت کی بناء پر ناگوار امر کا متوقع ہونا" اور "**تخوف**" کا معنی ہے انسان سے خوف و خطرہ کا ظاہر ہونا، (انتہیٰ)۔ اور بظاہر یہ "تا" مبالغہ کیلئے ہے، اور معنی یہ ہے کہ مجھے بہت زیادہ خوف ہے۔

الشرك: خفی شرک مراد ہے۔ اور ہماری اس تقدیر کی صحت پر یہ روایت دال "**اخوف ما اخاف علی امتی الاشراك**" کہ مجھے اُمت پر سب سے زیادہ جس چیز کا خوف ہے وہ اللہ کے ساتھ شرک کا ہے۔

شہوت خفیہ کا ادراک صرف اُن لوگوں کو ہوتا ہے، جو اللہ کی رضا کیلئے مجاہدے اور ریاضتیں کرتے ہیں، اور نفس کی مخالفت کرتے ہیں۔

تشرك: بصغة: مذکر و مؤنث دونوں طرح درست ہے۔

أما: تخفیف کے ساتھ تنبیہ کیلئے ہے اس بناء پر کہ شرک جلی مراد نہیں ہے۔

لاحجر اولا وثنا: یعنی نہ بُت وغیرہ کی، یہ تخصیص کے بعد تعمیم ہے۔

ولكن يراؤون بأعمالهم): یعنی لوگوں کو دکھلانے کے لئے ایک کام کریں گے۔ حالانکہ اللہ کا ارشاد ہے:

﴿فمن كان يرجو لقاء ربه فليعمل عملاً صالحاً ولا يشرك بعبادة ربه أحدًا﴾ [الكهف: ۱۱۰] "سو جو شخص اپنے رب سے ملنے کی آرزو رکھے تو نیک کام کرتا رہے، اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔"

فتعرض: راء کے کسرہ کے ساتھ مرفوع و منصوب دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔

شهوة من شهواته: زیادہ ظاہر یہ ہے کہ شہوت خفیہ سے مراد ایک خاص نفسانی خواہش ہے، جو دوسری خواہشات کی بنسبت نادر الوقوع ہو، اور ہر وقت پیدا نہ ہوتی ہو اور اس کی طرف بالطبع میلان ہو اور انسان شریعت کی مخالفت کا لحاظ نہ رکھے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿لا تبطلوا أعمالكم﴾ [محمد: ۳۳] ترجمہ: "اور اپنے اعمال کو برباد مت کرو۔"

اور نفل شروع کرنے سے: مہ میں لازم ہو جاتے ہیں، اس لئے نفل کو شروع کرنے کے بعد پورا کرنا ضروری ہے۔

قوله: فيترك صومه: حالانکہ، کسی ضرورت و مجبوری کے یہ حرام ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامہ طیبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں، یعنی جب انسان اللہ کی عبادتوں میں سے کسی عبادت میں مشغول ہو اور نفسانی خواہشات میں سے کوئی خواہش اس کو پیش آجائے تو خواہش کو اللہ کے حق پر ترجیح دے کر اپنے نفس کی خواہش کا اتباع کرتا ہے، اور اسی وجہ سے ہلاکت و تباہی تک پہنچا دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿فأما من طغى وآثر الحياة الدنيا فان الجحيم هي المأوى وأما من خاف مقام ربه ونهى النفس عن الهوى فان الجنة هي المأوى﴾

[النازعات۔۳۷۔۳۸۔۳۹۔۴۰۔۴۱]

''تو جس شخص نے سرکشی کی ہوگی اور دنیوی زندگی کو ترجیح دی ہوگی سو دوزخ اُن کا ٹھکانہ ہوگا، اور جو شخص اپنے ربّ کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرا ہوگا، اور نفس کو خواہش سے روکا ہوگا، سو جنت اُس کا ٹھکانہ ہوگی۔'' (انتہی)

اس پر اشکال ہے اور وہ یہ کہ آیت میں ''ھوٰی'' سے مراد ظاہری شہوت ہے، جو محرمات ممنوعہ امور میں سے ہو، پھر (علامہ طیبیؒ) فرماتے ہیں، کہ اس کو ''خفی شہوت'' اس لئے کہا گیا کہ اس کی ہلاکت مخفی ہے، یا شرک سے مشاکلت کی بناء پر اس طرح کہا، اس لئے کہ اس سے مراد شرک خفی ہے، جیسا کہ اگلی حدیث اس پر دلالت کر رہی ہے۔ (انتہیٰ)۔

اس میں محل نظر ات یہ ہے کہ مشاکلت کی وجہ بطور مقابلہ کے نہ مطلقاً ظاہر ہے نہ مقیداً ظاہر ہے۔

امام میرکؒ فرماتے ہیں، کہ اس حدیث کو حاکم نے نقل کیا ہے اور فرمایا ہے کہ یہ حدیث صحیح الاسناد ہے، اور جامع میں ہے: "الشهوة الخفية والرياء شرك۔ شہوت خفیہ اور ریاء شرک ہیں۔ اس کو طبرانی نے شداد سے اور ابن ماجہ نے ان سے نقل کیا ہے، اور اس کے الفاظ یہ ہیں:

''ان اخوف ما أخاف على امتي الا شراك بالله' اما اني لست اقول يعبدون شمسا ولا قمرا ولا وثنا ولكن اعمالاً لغير الله وشهوة خفية''.

''مجھ کو سب سے زیادہ خوف اللہ کے ساتھ شرک کرنے کا ہے (کہ وہ اللہ کے ساتھ شریک کریں گے) میں یہ نہیں کہتا کہ وہ سورج، چاند یا بت کو پوجیں گے بلکہ خوف ایسے اعمال سے ہے جو غیر اللہ کے لئے ہوں گے اور شہوت خفیہ سے ہوں گے۔''

۵۳۳۳ : وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ خَرَجَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَتَذَاكَرُ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِمَا هُوَ اَخْوَفُ عَلَيْكُمْ عِنْدِیْ مِنَ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ فَقُلْنَا بَلٰى يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشِّرْكُ الْخَفِیُّ اَنْ يَّقُوْمَ الرَّجُلُ فَيُصَلِّیْ فَيُزَيِّدُ صَلَاتَهٗ لِمَا يَرٰى مِنْ نَظَرِ رَجُلٍ (رواه ابن ماجة)

اخرجه ابن ماجه فی السنن ۱۴۰۶/۲ حدیث رقم ۴۲۰۴

ترجمہ: ''حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ (ایک روز) ہم لوگ باہم میں مسیح دجال کے فتنوں اور اس کے ابتلاء کا تذکرہ کر رہے تھے کہ رسول اللہ ﷺ آ کر ہمارے درمیان تشریف فرما ہو گئے اور (پھر ہماری باہمی گفتگو سن کر) فرمانے لگے کہ کیا میں تمہیں اس چیز کے متعلق آگاہ نہ کروں جو میرے نزدیک (یعنی میری شریعت اور میرے طریق کے مطابق) تمہارے حق میں مسیح دجال کے فتنہ سے بھی زیادہ خطرناک ہے (اور تمہارے لئے اس کے بارے میں ہوشیار بنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور اس سے اجتناب کرنا ضروری ہے) ہم نے عرض کیا جی ہاں! یا رسول اللہ ﷺ! اس چیز کے بارے میں آپ ہماری راہنمائی فرمایئے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ چیز شرک خفی ہے (اور شرک خفی اس چیز کو کہتے ہیں کہ مثلاً) ایک آدمی نماز کے لئے کھڑا ہوتا ہے اور نماز ادا کرتا ہے اور اس نماز کے تمام ارکان یا بعض ارکان) میں (کیفیت یا کمیت کے اعتبار سے) غلو اور زیادتی کرنے لگتا ہے محض اس وجہ سے کوئی شخص اس کو نماز پڑھتے دیکھ رہا ہے''۔ اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے مطلع ہونے کو کافی نہ سمجھے۔ (ابن ماجہ)

تشریح: وعن ابی سعید: الخدری، جیسا کہ ایک نسخہ میں ہے۔

الا اخبر کم: ای الا اعلمکم۔ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ ''الا'' تنبیہ نہیں' بلکہ ''لا'' نافیہ ہے، اور اس پر ہمزہ استفہام داخل ہوا ہے، اور پر قرینہ یہ ہے کہ سائلین کے جواب میں ''بلی'' ارشاد فرمایا ہے۔

قولہ: الا اخبر کم بما ھو اخوف علیکم عندی من المسیح الدجال: اس لئے کہ وہ عام بھی ہے اور مخفی بھی ہے۔

عن اس لئے کہ دجال کا وقت خاص ہے اور اس کا فتنہ ظاہر ہے' اس لئے تم لوگوں پر (مخفی اور خوفناک چیز یعنی شرک خفی) کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

الشرك الخفی أن یقوم: ماقبل سے بدل ہے، یا تقدیری عبارت یوں ہے: ''ھو أن یقوم''.

فیصلی: رفع ونصب دونوں درست ہیں۔

فیزید: کو بھی دونوں طرح پڑھا جاتا ہے۔

۵۳۳۴ : وَعَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمُ الشِّرْكُ الْاَصْغَرُ قَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا لشِّرْكُ الْاَصْغَرُ قَالَ الرِّيَآءُ (رواه احمد وازاد البيهقی فی شعب الايمان يَقُوْلُ اللّٰهُ لَهُمْ يَوْمَ يُجَازِی الْعِبَادَ بَاَعْمَالِهِمْ اِذْهَبُوْا اِلَى الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُرَاءُوْنَ فِی الدُّنْيَا فَانْظُرُوْا هَلْ تَجِدُوْنَ عِنْدَ هُمْ جَزَآءً اَوْ خَيْرًا۔

رواه البيهقی فی شعب الايمان ۳۳۳/۵ حديث رقم ٦٨٣١۔

ترجمہ: ''حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''(مسلمانو) بہت زیادہ خطرناک چیز کہ جس کے متعلق میں تمہیں خوف دلاتا ہوں' شرک اصغر (چھوٹے درجہ کا شرک) ہے''۔ صحابہؓ نے (یہ سن کر) عرض کیا کہ یارسول اللہ! اور شرک اصغر سے کیا مراد ہے؟ آپ ﷺ نے جواب فرمایا وہ ریاکاری ہے'' اور بیہقیؒ نے شعب الایمان میں یہ اضافی الفاظ نقل کئے ہیں کہ خدا تعالیٰ جس روز بندوں کو ان کے اعمال کی جزاء دے گا۔ (یعنی قیامت کے دن) ریاکاروں سے فرمائے گا کہ تم ان لوگوں کے پاس چلے جاؤ جن کو دکھلانے کے لئے تم عمل کرتے تھے پھر دیکھو کہ تم ان کے پاس جزاء یا بھلائی پاتے ہو؟''

تشریح: قولہ: وما أن النبی ... سالشرك الاصغر؟:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ دلیل ہے کہ شرک اصغر کی تعبیر پہلی بار اس حدیث میں بیان ہوئی ہے۔

قال: الریاء: یعنی ریاء وسُمعہ کی جنس، چاہے ظاہر ہو چاہے مخفی ہو۔

یجازی: معروف کا صیغہ ہے اور "**العباد**" منصوب ہے۔ اور ایک نسخہ میں "**یجازی بصیغۃ**" مجہول اور "**العباد**" رفع کے ساتھ منقول ہے۔ اگر عمل اچھا ہوگا تو بدلہ اچھا ہوگا اور اگر عمل برا ہوگا تو بدلہ برا ہوگا۔

الی الذین کنتم تراؤون): یعنی عبادت کو اچھے طریقے سے ادا کرنے میں، یا اس کی اصل کی تم لوگ ان کی نظروں کی رعایت رکھتے تھے۔

قولہ: فانظرو ھل تجدون عند ھم جزاء و خیرا؟: واؤ "او" کے معنی میں ہے، جیسا کہ ایک نسخہ میں "او" ہے، یا عطف تفسیری ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

تخریج: حافظ منذریؒ فرماتے ہیں، کہ محمود بن لبید کی اس حدیث کو احمدؒ نے جید سند کے ساتھ نقل کیا ہے، اور ابن ابی الدنیا اور بیہقی نے زہد وغیرہ میں نقل کیا ہے۔

۵۳۳۵ : وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِالْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْاَنَّ رَجُلاً عَمِلَ عَمَلاً فِیْ صَخْرَۃٍ لَا بَابَ لَھَا وَلَا کُوَّۃَ خَرَجَ عَمَلُہٗ اِلَی النَّاسِ کَائِنًا مَاکَانَ ۔

رواہ البیھقی فی شعب الایمان ۳۵۹/۵ حدیث رقم ۶۹۴۰۔

ترجمہ: "حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر کوئی شخص کسی ایسے بڑے پتھر کے اندر بھی کوئی نیک کام کرے کہ جس میں نہ تو کوئی دروازہ ہو اور نہ کوئی طاق (کھڑکی یا روشن دان) ہو تو اس کا وہ عمل خواہ کیسا ہی ہو لوگوں پر عیاں ہو کر رہے گا"۔

تشریح: فی صخرۃ: یعنی بالفرض ایک سخت چٹان کے اندر یا پہاڑ کے کسی غار میں۔

لا کوۃ: کاف کے فتحہ کے ساتھ ہے اور ضمہ بھی جائز ہے، اور واؤ کی تشدید کے ساتھ، روشندان کو کہتے ہیں۔ کہ کاف کے فتحہ کے ساتھ اُس سوراخ کو کہتے ہیں جو دیوار کے آر پار نہ ہو یعنی جو (ایک طرف سے بند ہو) اور اگر کاف کا ضمہ ہو، تو اُس سوراخ کو کہتے ہیں جو آر پار ہو (یعنی جو دونوں طرف سے کھلا سوراخ ہو)۔ پس اول (معنی مراد لینا) اولیٰ ہے اس لئے کہ مبالغہ میں یہ اعلیٰ ہے۔

"**کائناً**": حال ہونے کی بناء پر منصوب ہے: **ای حال کون ذلک العمل:** یعنی اس حال میں کہ وہ عمل خواہ یعنی قول و فعل کسی طرح کا بھی ہو، چاہے اچھا ہو یا بُرا ہو۔ اور ایک نسخہ میں ہے "**من کان**" ہے۔ چنانچہ تقدیر یہ ہوگی "**کائناً ذالک العامل من کان**" او **کائنا صاحب العمل من کان** یعنی چاہے اُس عمل کے ظاہر ہونے کا ارادہ کیا ہو چاہے نہ کیا ہو، کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿واللہ مخرج ما کنتم تکتمون﴾ [البقرۃ: ۷۲] "اور اللہ تعالیٰ کو اس امر کا ظاہر کرنا منظور تھا جس کو تم مخفی رکھنا چاہتے تھے"۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۳۳۶ : وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهٗ سَرِيْرَةٌ صَالِحَةٌ اَوْ سَيِّئَةٌ اَظْهَرَ اللّٰهُ مِنْهَا رِدَاءً يُعْرَفُ بِهٖ ۔

رواه البيهقي في شعب الايمان ۳۵۹/۵ حديث رقم ٦٩٤٢۔

''حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جس شخص کے اندر کوئی نیک یا بد عادت یا خصلت پوشیدہ ہوتی ہے تو حق تعالیٰ شانہ اس عادت وخصلت کو نمایاں کر دینے والی کوئی ایسی چیز پیدا کر دیتا ہے جس کی وجہ سے اس شخص کی اس عادت وخصلت کے ساتھ شناخت کر لی جاتی ہے''۔

من كانت :مؤنث کے صیغہ کے ساتھ ہے اور ایک نسخہ میں ''من كان'' ہے۔

اس کے ذریعے دوسروں سے ممتاز ہوگا جیسا کہ چادر کی وجہ سے شخص کا سردارِ قوم ہونا اور مددگارِ قوم ہونا معلوم ہو جاتا ہے۔

۵۳۳۷ : وَعَنْ عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا اَخَافُ عَلٰى هٰذِهِ الْاُمَّةِ كُلَّ مُنَافِقٍ يَتَكَلَّمُ بِالْحِكْمَةِ وَيَعْمَلُ بِالْجَوْرِ ۔ (رواه البيهقي الاحاديث الثلثة في شعب الايمان)

رواه البيهقي في شعب الايمان ۲۸٤/۲ حديث رقم ۱۷۷۷

ترجمہ: ''حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے نقل فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''میں اس اُمت (یعنی امت محمد یہ ﷺ) کے بارے میں جس چیز کا اندیشہ رکھتا ہوں وہ ہر منافق (یعنی ریا کار یا فاسق) کا شر ہے جو گفتگو تو علم وحکم اور موعظت ونصیحت کی کرتا ہے لیکن عمل ظلم ونا انصافی پر مبنی کرتا ہے''۔ ان تینوں روایتوں کو بیہقی نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔

تشریح: هذه الامة اُمت اجابت مراد ہے۔

كل :نصب کے ساتھ ہے۔ معنوی اعتبار سے عبارت یوں ہے: ما أخاف عليهم الاشر كل منافق. اور منافق سے مراد ریاء کار یا فاسق ہے۔

ويعمل بالجور: ظلم اور برائی کرتا ہے، اور استقامت کے راستے سے عدول کرتا ہے، اور علامہ طیبیؒ نے مستبعد کلام کیا ہے) وہ فرماتے ہیں: ''كل منافق'' کا مجرور ہونا اس بناء پر کہ ''هذه الأمة'' سے بدل ہو بھی درست ہے، چونکہ اس کا تقاضا یہ ہے کہ تقدیر عبارت یوں ہے: ''ما أخاف الا على كل منافق''. اور اس کے حاصل معنی کا فساد مخفی نہیں ہے، چاہے اس کو بدل الکل بنایا جائے یا بدل البعض، کیونکہ ''مبدل منه'' کا نظر انداز ہونا لازم آئے گا، اور ''بدل'' مہتم بالشان ہو جائے گا۔ مزید کہ ''اخاف عليهم من النفاق'' سے استدراک کا فائدہ حاصل نہ ہوگا، کیونکہ یہ معنی نفس الامر میں بالاتفاق صحیح ہے۔ (تو استدراک چہ معنی دارد)۔

۵۳۳۸ : وَعَنِ الْمُهَاجِرِبْنِ حُبَيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنِّي لَسْتُ كُلَّ كَلَامِ الْحَكِيْمِ اَتَقَبَّلُ وَلٰكِنِّي اَتَقَبَّلُ هَمَّهٗ وَهُوَاهُ فَاِنْ كَانَ هَمُّهٗ وَهَوَاهُ فِي طَاعَتِيْ جَعَلْتُ صَمْتَهٗ حَمْدًا لِيْ وَوَقَارًا وَاِنْ لَّمْ يَتَكَلَّمْ ۔ (رواه الدارمي)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اخرجه الدارمی فی السنن ۹۱/۱ حدیث رقم ۲۵۲۔

ترجمہ: ''حضرت مہاجر بن حبیب رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ میں عقلمند کی تمام گفتگو کو نہیں لیتا (یعنی دانا و عقلمند صاحب علم و صاحب انسان کی ہر بات کو قبول کرنا میرا شیوہ اور دستور نہیں ہے) بلکہ میں اس کے نیت ارادہ اور محبت کو قبول کرتا ہوں (یعنی یہ غور کرتا ہوں کہ اس نے جو بات کہی ہے اس کے کہنے کا مقصد و ارادہ کیا ہے) پس اگر اس کی خواہش میری طاعت و فرمانبرداری کی ہوتی ہے تو میں اس کی خاموشی کو (بھی) اپنی مدح و ثنا اور اس کے حلم و وقار کے مرادف قرار دیتا ہوں اگر چہ وہ کوئی کلام نہ کرے۔ (دارمی)

تشریح: **قوله: انی لست کل کلام الحکیم اتقبل:**

لیس کی خبر ''اتقبل'' کا مفعول مقدم ہے۔!

اسلئے کہ میں اقوال اور زبان کی حرکت کو نہیں دیکھتا، بلکہ احوال اور دِل کے ارادہ کو دیکھتا ہوں اور یہی معنی ہے اگلے جملہ کا۔

قوله: ولکنی أتقبل همه و هواه: یعنی اس کی نیت اگر چہ ارادہ کے مراتب میں سے پہلے مرتبہ کی ہو۔

یعنی آخر میں جو پختہ ارادہ ہوتا ہے، اس لئے کہ مؤمن کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہے، یہاں تک کہ طول امل پر بھی اجر ملتا ہے اگر چہ موت کے بعد ہو۔

قوله: فان کان همه و هواه فی طاعتی..... :اور اس کا مفہوم (یعنی مفہوم مخالف) یہ ہے کہ اگر اس کا ارادہ و قصد میری معصیت یعنی مخالفت میں ہو میں اس کے کلام کو گناہ قرار دیتا ہوں، اگر چہ وہ (میری) تعریف کرے اور علم و ذکر ظاہر کرے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ الْبُكَاءِ وَالْخَوْفِ

رونے اور خوفزدہ ہونے کا بیان

''بکاء'' اور ''خوف'' دونوں کو ایک باب میں اس لئے جمع کیا کہ عموماً دونوں ایک دوسرے کو لازم ہوتے ہیں۔ اور ''بکاء'' (رونا) کو مقدم کیا، اگرچہ اس کا سبب خوف ہے، اس لئے کہ پہلے رونا ظاہر ہوتا ہے یا خوف سے تعمیم مراد ہے، چنانچہ ''بکاء'' کے بعد ''خوف'' کا ذکر بمنزلہ تتمیم کے ہوگا۔

البکاء قصر کے ساتھ، اس کا معنی ہے ''غم کے ساتھ آنسو کا نکلنا'' اور مد کے ساتھ اس کا معنی ہے آنسو کا نکلنا اس طرح کہ آواز بھی ساتھ بلند ہو۔ (کذا قیل) اور مد کے ساتھ زیادہ مشہور ہے اور بظاہر اس سے مراد عام معنی ہے، چنانچہ ایک معنی سے ''تجرید'' زیادہ بہتر ہے۔

الفصل الاول :

۵۳۳۹: وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَبَكَيْتُمْ كَثِيْرًا وَلَضَحِكْتُمْ قَلِيْلًا (رواه البخاری)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۳۱۹/۱۱ حدیث رقم ٦٤٨٥ ومسلم فی صحیحه ٦١٨/٢ حدیث رقم (١-٩٠١) والترمذی فی السنن ٤٨١/٤ حدیث رقم ٢٣١٣ وابن ماجه ١٤٠٢/٢ حدیث رقم ٤١٩١ والدارمی فی السنن ٣٩٦/٢ حدیث رقم ٢٧٣٥ ومالك فی الموطأ ١٨٦/١ حدیث رقم ١ من کتاب الصلاة واحمد فی المسند ٢٥٧/٢

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ سیدنا ابوالقاسم (محمد) ﷺ نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے اگر تم اس چیز سے آگاہ ہو جاؤ جس کو میں جانتا ہوں تو یقیناً تم زیادہ رونے اور کم ہنسنے لگو''۔ (بخاری)

تشریح: ما أعلم: یعنی نافرمانوں کے لئے اللہ کی سزا اور قیامت کے دن نافرمانوں کے ساتھ سخت مناقشہ اور باطنی احوال کا انکشاف اور نیتوں کی برائی۔

لبکیتم: جواب قسم ہے اور ''لو'' کے جواب کا قائم مقام ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کثیرا (یہ معفول مطلق کی صفت ہے یا مفعول فیہ کی صفت ہے) ای بکاء اکثرا أوزمانا کثیرا۔ یعنی: بہت زیادہ روتے یا طویل زمانے تک روتے، یعنی اللہ کی خشیت کو امید پر ترجیح دیتے ہوئے اللہ کی خشیت سے یا بُرے خاتمہ کے خوف سے۔

یہ حدیث اقتباس ہے اس ارشاد باری تعالیٰ سے: ﴿فلیضحکوا قلیلاً ولیبکوا کثیرًا﴾ [التوبۃ۔۸۲] ''سو تھوڑے دنوں دنیا میں ہنس لیں، اور بہت دنوں آخرت میں روتے رہیں۔

امام غزالیؒ فرماتے ہیں، کہ یہ حدیث اُن رازوں میں سے ایک راز ہے جو اللہ نے حضور علیہ السلام کے قلب مبارک میں محفوظ فرمائے تھے، اور اس راز کو افشاء کرنا درست نہیں ہے، کیونکہ ایسی مبارک ہستیوں کے سینے رازوں کے خزانے ہوتے ہیں، بلکہ حضور علیہ السلام نے یہ اس لئے فرمایا کہ صحابہ میں رونے کی صفت پیدا ہو، کیونکہ جب دل اللہ تعالیٰ کے ذکر سے زندہ ہوتا ہے، تو اس زندہ دل کے درخت کا ثمرہ یہ ہوتا ہے، کہ انسان روتا ہے، اور یہ رونا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ انسان اللہ کی عظمت، ہیبت اور جلال سے متاثر ہے، اور زیادہ ہنسنا ان صفات سے دل کے خالی ہونے کا نتیجہ ہے۔ لہٰذا درحقیقت حضور علیہ السلام نے انسانوں کو زندہ دل طلب کرنے کی ترغیب دی ہے، اور غافل دل سے پناہ مانگنے کی ترغیب دی ہے۔

تخریج: ترمذی اور نسائی نے بھی اس حدیث کو نقل کیا ہے، (ذکرہ میرکؒ) ہے۔ اور جامع میں ہے کہ اس حدیث کو احمد، شیخین، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ نے حضرت انسؓ سے نقل کی ہے۔ اور حاکمؒ نے حضرت ابو ہریرہؓ سے نقل کی ہے۔ اور ضیاء نے اُبوذرؓ سے نقل کیا ہے اور اس میں یہ زیادتی بھی ہے: ''ولما ساغ لکم الطعام والشراب''.

اس حدیث کو طبرانی، حاکم اور بیہقی نے حضرت اُبو درداءؓ سے نقل کیا ہے اور اُسکے الفاظ یہ ہیں: ''لو تعلمون ما اعلم لبکیتم کثیرا ولضحکتم قلیلا ولخرجتم الی الصعدات تجأرون الی اللہ لا تدرون تنجون اولا تنجون''.

اور دوسری فصل میں یہ حدیث تفصیل کے ساتھ ذکر کی جائے گی۔

نقل کیا گیا ہے کہ ایک منادی آسمان سے نداء کرتا ہے: ''کاش! یہ مخلوق پیدا نہ ہوتی اور اگر پیدا ہوتی تو کاش کہ انہیں معلوم ہوتا کس مقصد کیلئے ان کو پیدا کیا گیا ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق کے بارے میں منقول ہے کہ عذاب کے خوف سے فرمایا کرتے تھے کہ کاش! میں گھاس ہوتا، جس کو جانور کھا جاتا۔

حضرت عمر کے بارے میں منقول ہے، کہ انہوں نے ایک شخص کو یہ آیت تلاوت کرتے ہوئے سنا:

﴿هل أتی علی الانسان حین من الدهر لم یکن شیئًا مذکورًا﴾ [الانسان۔۱]: ''بے شک انسان پر زمانہ میں ایک ایسا وقت بھی آچکا ہے، جس میں وہ کوئی چیز قابل تذکرہ نہ تھا۔''

یہ سن کر فرمانے لگے کہ کاش! کہ معاملہ اس وقت ختم ہو جاتا، بلکہ ایک روایت میں ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا: لیت رب محمد لم یخلق محمدًا'' کاش! محمد کا ربّ، محمد کو پیدا ہی نہ کرتا''۔

فضیلؒ کے بارے میں منقول ہے کہ مجھے کسی مقرب فرشتہ، کسی مقرب نبی اور کسی نیک بندے پر رشک نہیں آتا، کیا انہوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے قیامت کے دن کا سامنا نہیں کرنا؟ مجھے اس پر رشک آتا ہے، جو پیدا ہی نہیں ہوا۔''

۵۳۴۰ : وَعَنْ اُمِّ عَلَاءِ الْاَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَا اَدْرِىْ وَاَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا يُفْعَلُ بِىْ وَلَا بِكُمْ (رواه البخارى)

اخرجه البخارى فى صحيحه ۱۲/ ۴۱۰ حديث رقم ۷۰۱۸۔

ترجمہ: ''حضرت ام العلاء انصاریہ رضی اللہ عنہا نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ نے ارشاد فرمایا: باوجودیکہ میں اللہ کا پیغمبر ہوں لیکن اللہ کی قسم یہ نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا اور تمہارے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا''۔ (بخاری)

تشریح: **واللّٰه لا أدرى**: اور ایک نسخہ میں ''**واللّٰه لا ادرى**'' تکرار کے ساتھ آیا ہے۔

وأنا رسول الله: جملہ حالیہ ہے۔

ما يفعل بى ولا بكم: ''**لا أدرى**'' کا مفعول ہے، اور ''**لا**'' کو مزید تاکید کیلئے داخل کیا گیا ہے، تاکہ نفی ہر ایک فریق کو علیحدہ شامل ہو جائے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اس میں کئی توجیہات ہیں، ایک توجیہ یہ ہے کہ یہ بات حضور علیہ السلام نے اس وقت فرمائی تھی، جس وقت حضرت عثمان بن مظعونؓ کی فوتگی پر ایک عورت نے یہ کہا تھا ''تجھے جنت مبارک ہو''۔ اس لئے حضور علیہ السلام نے ڈانٹتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی تھی۔ اس عورت نے غیبی واقعہ کا حکم لگا کر بے ادبی کی اور اس کی نظیر حضور علیہ السلام کا حضرت عائشہؓ سے یہ ارشاد فرمانا ہے، جس وقت عائشہؓ نے یہ کہا: **طوبى لهذا عصفور من عصافير الجنة** خوشخبری ہو اس کیلئے جنت کے پرندوں میں سے ایک پرندہ ہے۔

میں کہتا ہوں یہ بات مخفی نہیں کہ یہ اس حدیث کے وارد ہونے کا سبب اور اس حدیث کے ورود کا زمانہ ہے اس حدیث کے معنی پر وارد ہونے والے اشکال کو زائل کرنے میں اس کا کوئی دخل نہیں۔

دوسری توجیہ یہ ہے کہ یہ قول اس ارشاد باری سے منسوخ ہے: ﴿**ليغفر لك الله ما تقدم من ذنبك وما تأخر**﴾ [الفتح ـ ۲] ''تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کی سب اگلی پچھلی خطائیں معاف فرما دیں۔'' جیسا کہ ابن عباسؓ نے اس ارشاد باری: [**وما ادرى مايفعل بى ولا بكم**] [الاحقاف: ۹] کی تفسیر میں ذکر کیا ہے۔

اگر میں کہتا ہوں، یہ محل اشکال ہے، وہ یوں کہ ناسخ کی تاخیر صحیح طور پر ثابت ہو بھی جائے تو نسخ احکام میں ہوتا ہے، اخبار میں نہیں ہوتا۔ جیسا کہ یہ بات اصول میں موجود ہے۔

تیسری توجیہ یہ ہے کہ ممکن ہے کہ تفصیلی احوال کی نفی ہو، اجمالی احوال کی نفی نہ ہو۔

یہی احتمال صحیح ہے۔

رکھنا چوتھی توجیہ یہ ہے کہ سبب ورود سے قطع نظر یہ حکم دنیاوی امور کے ساتھ خاص ہے۔ اھ میں کہتا ہوں یہ توجیہ ماقبل کے تحت داخل ہے۔ اور حکم کو عام رکھنا زیادہ مناسب ہے۔

آپ ﷺ کیلئے دنیوی امور سے مراد بھوک پیاس، بیرابی، شکم بیری، مرض، صحت، فقر اور غنی ہیں، اور یہی حال امت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا ہے۔

بعض نے یہ مطلب ذکر کیا ہے کہ ''کیا مجھے میرے وطن سے نکال دیا جائے گا، یا شہید کر دیا جائے گا؟ جیسا کہ پہلے انبیاء کے ساتھ ہوا، اور کیا تم لوگ پتھر مار مار کر ہلاک کر دیئے جاؤ گے، یا زمین میں دھنسا دیا جائے گا؟ حاصل یہ کہ حضور علیہ السلام کا مقصود اپنی ذات سے علم غیب کی نفی کرنا تھا، کہ مجھے پوشیدہ باتوں کا علم نہیں ہے۔

علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، کہ اس حدیث کو اور اس کے ہم معنی دیگر احادیث کو اس معنی پر محمول کرنا جائز نہیں ہے، کہ حضور علیہ السلام اپنی عاقبت کے بارے میں متردد تھے، اور اللہ کے ہاں موجود اپنے بہترین ٹھکانہ اور انعام کا یقین نہیں تھا، کیونکہ حضور علیہ السلام سے ایسی صحیح احادیث منقول ہیں جس سے یہ عذر منقطع ہو جاتا ہے اور اس معنی پر کس طرح محمول کیا جا سکتا ہے جبکہ حضور علیہ السلام نے ہی اللہ کی طرف سے خبر دی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مقام محمود کا وعدہ کیا ہے، اور یہ اعلان کیا ہے کہ اللہ کے ہاں ساری مخلوق میں مکرم آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، اور سب سے پہلے قیامت کے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہی سفارش کریں گے، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سفارش پہلے قبول کی جائے گی وغیرہ وغیرہ۔

۵۳۴۱ : وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرِضَتْ عَلَيَّ النَّارُ فَرَاَيْتُ فِيْهَا اِمْرَاَةً مِنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ تُعَذَّبُ فِيْ هِرَّةٍ لَهَا رَبَطَتْهَا فَلَمْ تُطْعِمْهَا وَلَمْ تَدَعْهَا تَاْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْاَرْضِ حَتّٰى مَاتَتْ جُوْعًا وَرَاَيْتُ عَمْرَو ابْنَ عَامِرٍ الْخُزَاعِيَّ يَجُرُّ قُصْبَهٗ فِي النَّارِ وَكَانَ اَوَّلَ مَنْ سَيَّبَ السَّوَائِبَ (رواه مسلم)

اخرجه البخاری فی صحیحه ٥١٥/٦ حدیث رقم ٣٤٨٢ ومسلم فی صحیحه ٦٢٢/٢ حدیث رقم (٩٠٤-٩) والنسائی ١٣٧/٣ حدیث رقم ١٤٨٢ واحمد فی المسند ٣٣٥/٣۔

ترجمہ: ''حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (معراج کی رات میں یا اور کسی موقعہ پر حالت خواب یا بیداری ہی میں) میرے سامنے جہنم کی آگ (دکھانے کے لئے) پیش کی گئی تو میں نے اس میں بنی اسرائیل کی ایک خاتون کو (جلتے ہوئے) دیکھا (جس کا شمار بنی اسرائیل کے مومنین میں ہوتا تھا) اس کو ایک بلی کی وجہ سے مبتلائے عذاب کیا جا رہا تھا جس کو اس نے باندھ رکھا تھا نہ تو خود اس کو کچھ کھلایا پلایا کرتی تھی اور نہ اس کو کھول کر چھوڑتی تھی کہ وہ (چل کر) حشرات الارض (یعنی چوہوں وغیرہ) میں سے کچھ کھا لے اور بالآخر وہ بلی بھوک سے دوچار ہو ہو کر مر گئی۔ نیز میں نے دوزخ میں عمرو بن عامر خزاعی کو بھی دیکھا جو اپنی انتڑیوں کو دوزخ کی آگ میں گھسیٹ رہا تھا یہ وہ سب سے پہلا شخص تھا جس نے (بتوں کے نام) اونٹنی چھوڑنے کی رسم ایجاد کی تھی''۔ (مسلم)

تشریح: قوله: عرضت علی النار۔۔۔۔ حتی ماتت جوعا:

تعذب فی هرة: (''فی'' تعلیلیہ ہے۔) ای فی شأن هرة ولأجلها اور ایک صحیح نسخہ میں ''فی هرة لها'' کے الفاظ ہیں۔

ربطتها: جملہ مستانفہ مبینہ ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تاکل: رفع کے ساتھ ہے اور یہ جملہ حال ہے۔

خشاش: خاء کے فتحہ کے ساتھ اور خاء کو مکسور و مضموم بھی پڑھا جاتا ہے۔ چنانچہ قاموس میں لکھا ہے "الخشاش" تینوں حرکات کے ساتھ، اس کا معنی ہے زمین کے کیڑے مکوڑے۔ ابن الملکؒ فرماتے ہیں، کہ یہ لفظ "خاء معجمہ" کے فتحہ کسرہ اور ضمہ تینوں کے ساتھ درست ہے۔ لیکن فتحہ زیادہ واضح ہے۔ نہایہ میں ہے کہ اس کو بغیر نقطہ والی حاء کے ساتھ بھی نقل کیا گیا ہے، جس کا معنی ہے خشک پودے۔ یہ ان کا صرف وہم ہے۔

قوله: ورأيت عمرو بن الخزاعي يجر قصبه في النار:

الخزاعي: خائے معجمہ کے ضمہ کے ساتھ ایک مشہور قبیلہ ہے بنو خزاعہ کی طرف منسوب ہے۔

تورپشتی ﷺ فرماتے ہیں کہ یہ وہ پہلا شخص ہے جس نے مکہ میں بتوں کی عبادت شروع کی اور بتوں کا تقرب حاصل کرنے کیلئے نذر کی اونٹنی آزاد کیلئے چھوڑنے کی رسم پر مکہ والوں کو آمادہ کیا۔ ایک رسم تھی کہ اونٹنی کو کھلا چھوڑ دیتے تھے، اور وہ اونٹنی جہاں چاہتی، وہاں چرتی اور اس کو نہ کسی حوض سے روکا جاتا تھا، اور نہ کسی چارہ سے اور نہ کوئی اس پر سواری کرتا اور نہ کوئی اس پر سامان لادتا، اور اسی طرح غلاموں سائبہ بناتے تھے، کہ غلاموں کو آزاد کر کے چھوڑ دیتے تھے اس کا ولاء اس کے آزاد کرنے والے کو نہ ملتا تھا اس غلام کو سائبہ کہتے تھے۔

قصبة: "قاف" کے ضمہ کے ساتھ اور "صاد" کے سکون کے ساتھ

شاید حضور علیہ السلام پر جہنم کے تمام احوال یعنی آنتوں کو کھینچنا وغیرہ منکشف ہو گئے ہوں، کیونکہ اس شخص نے اپنی طرف سے ایک بدعت جاری کی۔ جس کے ذریعے اپنی مجرم قوم کو بت پرستی کے جرم کی طرف کھینچ کر لے گیا۔

قوله: وكان اول من سيب السوائب:

"سوائب" سائبہ کی جمع ہے۔ سائبہ اُس اونٹنی کو کہا جاتا تھا جس کو کوئی شخص آزاد چھوڑ دیتا تھا جو بیماری سے تندرست ہو جاتا، یا جو سفر سے واپس آتا، تو کہتا کہ میری اونٹنی سائبہ ہے، چنانچہ اس کو نہ تو کسی چراگاہ سے روکا جاتا، نہ کسی حوض سے پانی پینے سے روکا جاتا نہ کسی چارہ کھانے سے روکا جاتا نہ اُس پر سامان اٹھایا جاتا نہ اس پر سواری کی جاتی نہ اس کا دودھ دوہا جاتا۔ وہ یہ سب کچھ اپنے بتوں کا تقرب حاصل کرنے کیلئے کرتے تھے۔ ابن الملکؒ فرماتے ہیں کہ سائبہ اُس اونٹنی کو کہا جاتا تھا جو مسلسل دس (۱۰) مادہ بچے جنتی تھی۔

قوله: رواه مسلم:

یعنی ایک طویل حدیث میں جو صلاۃ الکسوف کے ذکر کو بھی متضمن ہے جابرؓ سے نقل کیا ہے۔ اور حدیث "ہرۃ" کو ابن عمرؓ اور ابو ہریرہؓ سے، امام مسلم اور امام بخاری دونوں نے نقل کیا ہے۔ اور اس میں عمرو بن عامر کا ذکر نہیں ہے لیکن عمرو کے واقعہ کو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے دونوں نے نقل کیا ہے (اسی طرح میرکؒ نے تصحیح سے نقل کیا ہے۔)

جامع میں ہے: "رأيت عمرو بن عامر الخزاعي يجر قصبه في النار، وكان اول من سيب السوائب بحر البحائر يعني اذا نتجت الناقة خمسة أبطن بحروا اذنها أي شقوها وخلوا سبيلها فلا تركب ولا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تحلب"

۵۳۴۲ : وَعَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا يَوْمًا فَزِعًا يَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَيْلٌ لِلْعَرَبِ مِنْ شَرٍّ قَدِ اقْتَرَبَ فُتِحَ الْيَوْمَ مِنْ رَدْمِ يَاجُوْجَ وَمَاجُوْجَ مِثْلُ هٰذِهِ وَحَلَّقَ بِاَصْبَعَيْهِ الْاِبْهَامِ وَالَّتِيْ تَلِيْهَا قَالَتْ زَيْنَبُ قُلْتُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَهْلِكُ وَفِيْنَا الصَّالِحُوْنَ قَالَ نَعَمْ اِذَا كَثُرَ الْخَبَثُ (متفق عليه)

اخرجه البخاری فی صحيحه ۳۸۱/٦ حديث رقم ۳۳٤٦ ومسلم فی صحيحه ۲۲۰۸/٤ حديث رقم (۲۸۸/۲) والترمذی فی السنن ٤١٦/٤ حديث رقم ۲۱۸۷ وابن ماجه ۱۳۰۵/۲ حديث رقم ۳۹۵۳ و الحاكم فی الموطأ ۹۹۱/۲ حديث رقم ۲۲ من كتاب الكلام واحمد فی المسند ۳۹۰/۲

ترجمہ: ''حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے منقول ہے کہ ایک روز رسول اللہ ﷺ ان کے ہاں ایسے حال میں تشریف لائے کہ جیسے بہت گھبراہٹ طاری ہو۔ پھر ارشاد فرمانے لگے: ''اللہ کے سوا کوئی معبود حقیقی نہیں (یعنی جو لائق عبادت ہو)۔ افسوس صد افسوس عرب کے اس شر و فتنہ پر' جو اپنی ہلاکت آفرینی کے ساتھ نزدیک آ چکا ہے۔ آج یاجوج ماجوج کی دیوار میں اتنا سا سوراخ ہو چکا ہے۔ یہ کہہ کر آپ ﷺ نے اپنی دو انگلیوں یعنی انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی یعنی انگشت شہادت سے حلقہ بنایا۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا نے بیان فرمایا کہ میں نے عرض کیا ''یارسول اللہ ﷺ! کیا ہم اس صورت میں بھی ہلاک کر دیئے جائیں گے جب کہ ہمارے درمیان صالح و پاکباز لوگ موجود ہوں گے؟ (کیا ہمارے درمیان خدا کے ایسے لوگوں کے وجود بابرکت کے باعث فتنوں کے پھیلنے اور بلاو آفات کے نزول کا سدباب نہیں ہو سکے گا؟) حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہاں! تمہارے درمیان علماء اور بزرگان دین کی موجودگی کے باوجود تم ہلاکت و تباہی سے دوچار ہو گے جب کہ فسق و فجور کی کثرت ہو گی (یعنی جب معاشرہ میں طرح طرح کی برائیاں جنم لیں گی اور ہر طرف فسق و فجور کا دور دورہ ہو گا تو ان برائیوں اور فسق و فجور کے سبب نازل ہونے والے فتنہ و آلام اور آفات کو صلحاء) اور بزرگوں کی موجودگی اور ان کی برکت بھی نہیں روک سکے گی''۔ (بخاری و مسلم)

راوئ حدیث:

زینب بنت جحش۔ یہ زینب رضی اللہ عنہا کی بیٹی امہات المؤمنین میں سے ہیں۔ ان کی والدہ کا نام ''امیہ'' ہے جو ''عبدالمطلب'' کی بیٹی ہیں اور آنحضور ﷺ کی پھوپھی ہیں۔ زید بن حارثہ حضور ﷺ کے آزاد کردہ تھے۔ ان کی بیوی تھیں پھر حضرت زید رضی اللہ عنہ نے ان کو طلاق دے دی تھی۔ اس کے بعد آنحضور ﷺ نے ۵ھ میں ان سے نکاح کر لیا تھا۔ یہ زینب تمام ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن میں سے آپ ﷺ کی وفات کے بعد سب سے پہلے انتقال کرنے والی ہیں۔ ان کا پہلا نام ''برہ'' تھا۔ آنحضور ﷺ نے ان کا نام ''زینب'' رکھا تھا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ان کی شان میں فرماتی ہیں ''کوئی عورت ان (زینب رضی اللہ عنہا) سے بہتر دین میں نہیں ہے یہ سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والی ہیں اور سب سے زیادہ سچ بولنے والی ہیں' سب سے زیادہ پاس قرابت رکھنے والی ہیں' سب سے زیادہ صدقات دینے والی ہیں اور ان تمام کاموں میں جن میں اللہ کا قرب حاصل کرنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے لیے جان کام آ سکتی ہے سب سے زیادہ جان لڑانے والی ہیں ۲۰ھ میں مدینہ میں وفات پائی اور بعض نے کہا ہے کہ ۲۱ھ میں وفات پائی۔عمر تریپن (۵۳) سال کی پائی۔حضرت عائشہ اور ام حبیبہ ﷺ وغیرہ ان سے روایت حدیث کرتی ہیں۔

تشریح: فزاعًا: فا کے فتحہ اور زاء کے کسرہ کے ساتھ۔بمعنی خائف

قاموس میں ہے کہ "الویل" کا معنی ہے "برائی کا آنا"۔یہ کلمہ افسوس کیلئے استعمال کیا جاتا ہے، انتہی۔عرب کا ذکر بطور خاص اس لئے فرمایا کہ اس وقت سب سے زیادہ عرب لوگ اسلام میں داخل ہوئے تھے۔

یا جوج ماجوج :الف اور ہمزہ کے ساتھ دونوں کو غیر منصرف بھی پڑھا جاتا ہے۔

"ردم" دیوار ہے۔اس میں اسم اور مصدر دونوں برابر ہیں، اور یہ وہی دیوار ہے جس کو ذوالقرنین نے تعمیر کیا تھا۔

مثل : "فتح" کے لئے نائب فاعل ہونے کی بناء پر مرفوع ہے اور اشارہ اس حلقہ کی طرف ہے جس کا ذکر اگلے جملہ (وحلق باصبعیه) میں ہے۔

حلق:لام کی تشدید کے ساتھ۔حلقہ بنانا

"الابهام":"حلق" کا مفعول ہونے کی بناء پر منصوب ہے یا "أعنی" مقدر ہے۔"اصبعین" تفسیر ہونے کی بنا پر منصوب ہے۔اور دونوں "بدل" ہونے کی وجہ سے مجرور پڑھنا بھی جائز ہے۔مطلب یہ ہے کہ آج تک اس دیوار میں سوراخ ہو گیا۔اور جب یہ سوراخ وسیع ہو جائے گا، تو یأجوج مأجوج نکل آئیں گے، اور یأجوج ومأجوج کا نکلنا دجال کے نکلنے کے بعد ہوگا، جیسا کہ آ رہا ہے۔اور یاجوج ماجوج انسانوں کی دو مختلف جنسیں ہیں۔ترک قبیلہ سے ہیں، اور کافر ہیں۔

فنهلك : اهلاك ،مصدر سے ماخوذ ہے اور بصیغۂ مجہول ہے اور ایک صحیح نسخہ میں نون کے فتحہ اور لام کے کسرہ کے ساتھ ہے۔

وفينا الصالحون: جملہ حالیہ ہے ای أنعذب فنهلك نحن معشر الأمة 'والحال أن بعضنا مؤمنون وفينا الطيبون الطاهرون اور یہ بھی ممکن ہے کہ برتقدیر استغناء یہ اکتفاء کے باب سے ہو "وفينا الصالحون ومنا القاسطون'.

الخبث:"خا" اور "با" کے فتحہ کے ساتھ' فسق وفجور اور شرک وکفر۔بعض نے کہا ہے کہ اس کا معنی "زنا" بتایا ہے۔

مقصود یہ ہے کہ جب آگ کسی جگہ میں لگتی ہے اور اچھی طرح بڑھ جاتی ہے تو خشک وتر دونوں کو جلا کر رکھ دیتی ہے، اور پاک وناپاک پر غالب آتی ہے۔اور مومن ومنافق' موافق ومخالف کسی میں فرق نہیں کرتی، اور عنقریب آئے گا: ان الله اذا انزل بقوم عذابا أصاب العذاب من كان فيهم ثم بعثوا على أعمالهم۔اور ایک صحیح نسخہ میں "خبث" خاء کے ضمہ اور باء کے سکون کے ساتھ ہے' جس کا معنی ہے فواحش' فسوق یا دونوں کا معنی ایک ہی ہے۔

تخریج:اس حدیث کو ابوداؤد اور حاکم نے ابوہریرہ سے نقل کیا ہے اور الفاظ یہ ہیں:

"ويل للعرب من شر قد اقترب قد افلح من كف يده".

۵۳۴۳ : وَعَنْ اَبِیْ عَامِرٍ اَوْ اَبِیْ مَالِكِ الْاَشْعَرِیِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيَكُوْنَنَّ مِنْ اُمَّتِیْ اَقْوَامٌ يَسْتَحِلُّوْنَ الْخَزَّ وَالْحَرِيْرَ وَالْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ وَلَيَنْزِلَنَّ اَقْوَامٌ اِلٰى

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جَنْبِ عَلَمٍ يَرُوْحُ عَلَيْهِمْ بِسَارِحَةٍ لَهُمْ يَاتِيْهِمْ رَجُلٌ لِحَاجَةٍ فَيَقُوْلُوْنَ ارْجِعْ اِلَيْنَا غَدًا فَيُبَيِّتُهُمُ اللّٰهُ وَيَضَعُ الْعِلْمَ وَيَمْسَخُ اٰخَرِيْنَ قِرَدَةً وَخَنَازِيْرَاِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ (رواه البخاری وَفِیْ بَعْضِ نُسَخِ الْمَصَابِيْحِ الْحِرِ بِالْحَاءِ وَالرَّاءِ الْمُهْمَلَتَيْنِ وَهُوَ تَصْحِيْفٌ وَاِنَّمَا هُوَ بِالْخَاءِ وَالزَّاءِ الْمُعْجَمَتَيْنِ نَصَّ عَلَيْهِ الْحُمَيْدِيُّ وَابْنُ الْاَثِيْرِ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَفِيْ كِتَابِ الْحُمَيْدِيِّ عَنِ الْبُخَارِيِّ وَكَذَا فِيْ شَرْحِهِ الْخِطَابِيُّ تَرُوْحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَةٌ لَهُمْ يَاتِيْهِمْ لِحَاجَةٍ (رواه البخاری)

اخرجه البخاری فی ۱۰/ ۵۱ حدیث رقم ۵۵۹۰ وابوداؤد فی السنن ۴/ ۳۱۹ حدیث رقم ۴۰۳۹

ترجمہ: ''حضرت ابو عامر رضی اللہ عنہ یا حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے (یعنی ابو عامر رضی اللہ عنہ یا ابو مالک رضی اللہ عنہ نے) بیان فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: میری امت میں کچھ ایسے لوگ اور طبقے بھی جنم لیں گے جو ریشمی کپڑے کو اور شراب کو اور باجوں کو حلال جائز سمجھا کریں گے اور ان میں سے کچھ لوگ بلند پہاڑ کے پہلو میں قیام کریں گے' یعنی وہ ایسی جگہوں پر رہائش اختیار کریں گے جو بلند و ممتاز اور نمایاں ہوں گے اور ان کی یہ ممتاز و نمایاں حیثیت دیکھ کر فقیر و مفلس لوگ اپنی ضروریات و حاجات لے کر ان کے پاس آیا کریں گے) رات کو ان کے جانور (جو چرنے کے لئے گئے ہوں گے) سیر ہو کر لوٹا کریں گے اور ان جانوروں کا چرانے والا ان کو دودھ سے بھرا ہوا لے کر آئے گا لیکن جب کوئی شخص (محتاج) اپنی حاجت لے کر ان کے پاس آئے گا (اور یہ آرزو ظاہر کرے کہ ان مویشوں کے دودھ کا کچھ حصہ ضرورت و حاجت پورا کرنے کے لئے اس کو دیدیا جائے) تو وہ اس کو یہ کہہ کر ٹال دیں گے کہ کل ہمارے پاس آنا اور پھر راتوں رات اللہ تعالیٰ ان پر اپنا عذاب اس طرح نازل کرے گا کہ ان میں سے بعض پر تو پہاڑ کی چوٹی الٹ دے گا (تاکہ وہ اس کے نیچے دب کر تباہ و ہلاک ہو جائیں اور ان کا نام و نشان تک بھی مٹ جائے اور باقی لوگوں کی صورتیں مسخ کر کے بندر اور سور بنا دے گا جو قیامت تک اسی شکل و صورت میں رہیں گے یا یہ کہ اس طرح کے بدکار لوگوں پر جو بھی عذاب نازل ہوگا وہ قیامت تک ان پر مسلط رہے گا''۔ (بخاری) اور مصابیح کے بعض نسخوں میں ''الخز'' کے بجائے ح اور را کے ساتھ ''الحر'' ہے اور ح کے زیر اور را کے جزم کے ساتھ ''الحر'' کے معنی عورت کی شرمگاہ کے ہیں' اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ وہ لوگ زنا و بدکاری کے قائل ہو جائیں گے۔ لیکن درحقیقت کہ اس لفظ کا حا اور را کے ساتھ یعنی ''الحر'' نقل ہونا درست نہیں ہے بلکہ یہ کتابت کی غلطی ہے جو کاتب سے واقع ہو گئی ہے اصل میں یہ لفظ ''خز'' (یعنی خ اور ز کے ساتھ) ہی ہے۔ حمیدی اور ابن اثیر نے اس حدیث کے سلسلہ میں اس لفظ کی تصریح کی ہے۔ نیز حمیدی کی کتاب میں امام بخاری کی جو یہ روایت منقول ہے اور اسی طرح خطابی نے شرح بخاری میں جو روایت نقل کی ہے ان دونوں میں (يَرُوْحُ عَلَيْهِمْ بِسَارِحَةٍ) کے بجائے یوں ہے تَرُوْحُ عَلَيْهِمْ سَارِحَةٌ لَهُمْ يَاْتِيْهِمْ لِحَاجَةٍ

راویٔ حدیث:

أبی عامر: یہ ابوموسیٰ اشعریؓ کے چچا ہیں۔ ان کا نام عبید بن وہب تھا۔

أبی مالك الاشعری: ان کو الاشجعی بھی کہا جاتا ہے۔ ان کے نام میں اختلاف ہے، اور بخاری نے ان کی حدیث شک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ساتھ نقل کر کے فرمایا: "عن أبی مالك الاشعری أو أبی عامر".

تشریح: قوله: لیکونن من امتی اقوام یستعلون الخر۔۔۔ والمازف:

من امتی: بخاری کے نسخوں میں اسی طرح ہے اور مصابیح کے نسخوں میں "فی امتی" کے الفاظ ہیں۔

الخز: "خاء" کے فتحہ اور "زاء" کے شد کے ساتھ گھٹیا ریشم۔

والحریر: تعمیم کے بعد تخصیص ہے۔ یا "خز" کے استعمال سے روکنے کا مطلب یہ ہے کہ اس پر بیٹھ کر سواری نہ کی جائے یا زمین پر نہ بچھایا جائے۔ اس لئے کہ یہ اسراف ہے اور اسراف مکروہ ہے۔ اس کپڑے کو پہننے کی ممانعت کا سبب یہ ہے کہ یہ کپڑا ریشم اور اون سے بُنا جاتا تھا، اگر کپڑے کا بانا ریشم کا ہو اور تانا کسی اور چیز کا ہو تو جنگ کے علاوہ اس کا پہننا ممنوع ہے، بخلاف عکس کے کیونکہ ایسا کپڑا تو روئی کا ہے جس کا پہننا مشروع ہے۔

المعازف: میم کے فتحہ کے ساتھ۔ گانے بجانے کے آلات لہو مثلاً طنبور، عود اور بانسری وغیرہ

اور مطلب یہ ہے کہ وہ لوگ ان محرمات کو حلال سمجھیں گے۔ اس پر وہ کچھ باطل اور لغو دلیلیں دیتے ہیں۔

جن میں سے کچھ یہ ہیں: ☒ ہمارے بعض علماء نے ذکر کیا ہے کہ ریشمی کپڑا پہننا (مردوں کیلئے) حرام ہے بشرطیکہ بدن سے لگا ہوا ہو اگر کسی اور کپڑے کے اوپر پہنا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اھ۔ یہ قید بغیر کسی دلیل نقلی و عقلی کے ہے۔ نیز حضور علیہ السلام کا فرمان مطلق ہے: من لبس الحریر فی الدنیا لم یلبسه فی الآخرة۔

"جس نے دنیا میں ریشم کا کپڑا پہنا آخرت میں اس کے پہننے سے محروم کر دیا جائے گا۔"

اور بہت سارے امراء و عوام ایسے ہیں کہ جب ان سے کہا جائے کہ ریشمی کپڑا پہننا حرام ہے، تو جواب میں کہتے ہیں، کہ اگر حرام ہوتا تو قاضی اور بڑے علماء اس کو نہ پہنتے۔ اس طرح یہ لوگ حرام کو حلال سمجھنے کے مرتکب ہوتے ہیں، اسی طرح بعض علماء کا آلاتِ لہو و لعب سے تعلق ہے جس کا بیان بہت لمبا ہے۔

میں اس کی تفصیل سے احتراز کرتا ہوں کیونکہ اس کی وضاحت کیلئے ایک الگ مستقل کتاب لکھنے کی ضرورت ہے۔ اور اس حدیث کی تائید اللہ تعالیٰ کے ارشاد سے ہوتی ہے۔:

﴿ومن الناس من یشتری لهو الحدیث لیضل عن سبیل الله بغیر علم﴾ [لقمان۔٦] "اور لوگوں میں سے ایک آدمی ایسا ہے جو اُن باتوں کا خریدار بنتا ہے جو غافل کرنے والی ہیں، تاکہ اللہ کی راہ سے بے سمجھے بوجھے گمراہ کرے"۔

ابن ابی الدنیا، لہو و لعب کی مذمت میں حضرت انسؓ سے حدیث مرفوع نقل کرتے ہیں: لیکونن فی هذه الأمة خسف وقذف ومسخ وذلك اذا شربوا الخمور 'واتخذوا القینات وضربوا بالمعازف۔

"اس امت میں زمین میں دھنسائے جانے، پتھر برسائے جانے اور شکلیں مسخ ہونے کے واقعات رونما ہونے والے ہیں اور یہ اُس وقت ہوگا جب شراب کو کھلے عام پئیں گے اور آلات لہو بجائیں گے یعنی جب ان امور کو حلال سمجھ کر ایسا کریں گے۔

قوله: ولینزلن اقوام۔۔۔ بسارحة لهم یعنی انہی میں سے۔ جیسا کہ اُن لوگوں کے عذاب کا مستحق ہونے سے ظاہر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسارحة زائدہ ہے۔کہا گیا ہے کہ صحیح الفاظ یہ ہیں:"یروح علیهم رجل بسارحة".(ذکرہ الطیبی)

زیادہ صحیح یہ ہے کہ اس کو فعل لازم کے قائم مقام کیا گیا ہے اور تقدیری عبارت یوں ہے:"یقع السیر علیهم بسیر ماشیة".اس میں ایک لطیف اشارہ ہے کہ وہ اپنی خواہشات نفسانیہ اور طبائع حیوانیہ پر چلنے میں جانوروں کے تابع ہونگے،اور آیات قرآنیہ اور احادیث (سے روگردانی کرنے) کی وجہ سے علماء کی متابعت کو چھوڑیں گے۔اسی وجہ سے اولاً تو اس مصیبت میں مبتلا ہونگے۔اور انتہاءً اپنے کئے دھرے کو جائز سمجھیں گے۔

بعض حضرات کا کہنا ہے کہ زیادہ واضح یہ ہے کہ" یروح " کا فاعل ضمیر ہے جو سیاق سے مفہوم ہو رہی ہے ای"یاتیهم راعیهم کل حین بسارحة الخ"یعنی ہر وقت ان کے چرواہے ان کے مویشیوں کو لائیں گے جو دن کو چرتے رہے ہوں گے اور ان مویشیوں کے دودھ اون سے فائدہ اٹھائیں گے۔

قوله.یأتیهم رجل لحاجة۔۔۔ویضع العلم کسی ضروری حاجت کیلئے ورنہ تو یہ لوگ دوسرے لوگوں سے دور رہتے ہونگے،یا اس لئے آئے گا تاکہ مؤمنین میں سے کسی سے کچھ اُنس حاصل کرے۔

فیقولون سخاوت کرتے ہوئے یا بخل کی وجہ سے یا حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے۔

ارجع الینا غدًا تاکہ تیری ضرورت پوری کریں یا تیرا مطالبہ پورا کریں۔اور وہ یہ بات ان شاء اللہ کہے بغیر کہیں گے۔

فیبیتهم "یاء" کی تشدید کے ساتھ رات کے وقت کیونکہ رات کی ہلاکت زیادہ خوفناک ہوتی ہے۔

یعنی بعض کے اوپر پہاڑ جیسا کہ اگلا جملہ اس پر دلالت کر رہا ہے۔

قوله.ویمسخ آخرین قردة وخنازیر.ای یحول صور بعضهم الی صورة القردة والخنازیر۔(یعنی ان میں سے کچھ کی شکلیں بندروں اور خنزیروں کی شکلوں جیسی ہو جائینگی،)چنانچہ یہ(قردة وخنازیر)عامل جار کو حذف کر کے فعل کو براہ راست متعدی کرنے کی وجہ سے منصوب ہیں۔قاموس میں ہے:مسخه منعه کی طرح ہے،اور اس کا معنی ہے.حول صورته الی اخری۔(یعنی اس کی صورت کو دوسری صورت کی طرف پھیر دیا)۔اور ممکن ہے کہ مراد یہ ہو کہ نوجوان بندر بن جائیں گے اور بوڑھے خنزیر بن جائیں گے،کیونکہ بڑوں کے گناہ زیادہ ہوتے ہیں،اور نوجوانوں کا معاملہ(نسبتاً)خفیف ہے،کیونکہ بندر میں ایک گونہ پہچان باقی رہتی ہے اور جنس انسانی کے ساتھ کچھ مشابہت بھی باقی رہتی ہے۔

"الی یوم القیامة".میں اشارہ ہے کہ ان کا یہ مسخ موت تک برقرار رہے گا،اور اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ جو مر گیا اس پر قیامت آ گئی،اور ممکن ہے کہ ان کا حشر بھی انہی صورتوں کے ساتھ ہو۔

تخریج ابوداؤد نے بھی اسی طرح نقل کی ہے۔اور طبرانی نے ابوامامہؓ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کی ہے:

"لیبیتن اقوام من امتی علی أکل ولهو و لعب ثم لیصبحن قردة وخنازیر".

باحجاء:حاء مکسورہ کے ساتھ۔والراء:رائے مخففہ کے ساتھ۔

باحجاء مشددہ کے ساتھ۔الزای:مشددہ کے ساتھ۔ابن الاثیر:صاحب جامع الاصول مراد ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: تروح عليهم سارحة لهم يأتيهم لحاجة:

عليهم "تروح": بعض کا کہنا ہے کہ یہ صیغۂ تانیث ہے اور بصیغۂ تذکیر بھی درست ہے، بلکہ تذکیر کے ساتھ زیادہ واضح ہے۔

سارحة: "باء" جارہ کے بغیر ہے۔

يأتيهم لحاجة: فاعل کے حذف کے ساتھ اور تقدیر یوں ہے: "يأتيهم الآتي" اور "يأتيهم المحتاج" اور "يأتيهم الرجال" جیسا کہ سیاق سے معلوم ہو رہا ہے، اور اسماعیلی کی روایت میں اس طرح ہے: "يأتيهم طالب حاجة" جیسا کہ عسقلانیؒ نے ذکر کیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

یہاں شراح حدیث نے عمدہ ابحاث اور لطیف جوابات ذکر کیے ہیں، ان میں سے ایک قول علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ کا ہے، کہ الحر "راء" کی تخفیف کے ساتھ اس کا معنی ہے۔ "فرج" اور کتاب المصابیح میں اس لفظ کے ضبط میں تصحیف ہوئی ہے۔ اسی طرح اصحاب حدیث میں سے بعض راویوں نے تصحیف کی ہے اور اس لفظ کو "الخز" خاء اور زاء کے ساتھ گمان کیا ہے حالانکہ "خز" تو حرام ہی نہیں ہے، جس کو حلال سمجھا جائے۔

اور میں نے ایک صاحب کو دیکھا جو علم حدیث اور حفظ حدیث میں معروف تھے، انہوں نے بھی "خاء" اور "زاء" کے ساتھ ضبط کیا ہے، اور یہ ہے یا اُن لوگوں کی روایت کی اتباع کا نتیجہ ہے جن کو (روایت و روایت کے اعتبار سے) اس کا علم نہ تھا۔

اور اُن عمدہ مباحث میں سے ایک بحث علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ نے "تروح عليهم بسارحته" پر کی ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ "تروح" کا ساقط کر دیا گیا، اس لئے اُن لوگوں کو معنی میں التباس ہوا جنہیں علم نہیں ہے۔

درست تو (ضبط) یہ ہے يروح عليهم رجل بسارحة لهم۔ مسلم نے اس روایت کو اپنی کتاب میں اس طرح نقل کیا ہے اور سہو مؤلف سے ہوا ہے اس لئے کہ ہم نے سارے نسخے اسی طرح دیکھے ہیں۔ اور اُن میں سے ایک یہ کہ "يضع العلم" کے بعد "عليهم" کا لفظ ساقط ہے۔

اس کی تائید اُس بات سے ہوتی ہے جس کو مصابیح کے شراح میں سے صاحب المفاتیح نے ذکر کی ہے کہ "الحر" حائے مہملہ مکسورہ اور راء مہملہ مخففہ کے ساتھ ہے اور اس کی اصل "الحرج" ہے آخری "حاء" کو حذف کر دیا گیا، اور اس کی جمع احراج آتی ہے اور "الحر" کا معنی ہے "فرج" (شرمگاہ) یعنی آخری زمانہ میں ایسے گروہ ہونگے جو زنا کرینگے اور یہ عقیدہ رکھیں گے کہ جب مرد و زن راضی ہوں تو تمام انواع کے استمتاع جائز ہیں، اور کہیں گے کہ عورت باغ کی طرح ہے جیسا کہ باغ والے کیلئے جائز ہے کہ اپنے باغ کا پھل جس کو چاہے دے دے، اسی طرح شوہر کیلئے درست ہے اپنی بیوی جس کے لئے چاہے مباح کر دے اور جن کا یہ عقیدہ ہے وہ تحریف کرنے والے اور ملحد ہیں۔

اور جہاں تک بات ہے ریشمی کپڑا پہننے کی تو مردوں کیلئے حرام ہے، جو اس کو حلال سمجھے گا وہ کافر ہوگا۔

اس حدیث میں مصابیح کے نسخوں میں دو جگہ اختلاف ہے

ایک لفظ "الحر" کے بارے میں کہ یہ لفظ بعض نسخوں میں خاء اور زراء کے ساتھ ہے اور درست وہی ہے جو ہم نے ذکر کیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے کیونکہ سنن ابی داؤد میں حاء مہملہ اور راء کے ساتھ ہے۔ دوسرا موضع اختلاف "یروح علیهم رجل بسارحته لهم" کے الفاظ ہیں۔ چنانچہ بعض نسخوں میں اسی طرح ہیں اور بعض نسخوں میں یروح علیھم کے الفاظ ہیں یعنی "رجل" کے بغیر ہیں۔ اور "الرجل" کا لفظ ابوداؤد میں مذکور ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آخری زمانے میں فتنوں کا نزول ہوگا اور صورتوں کا مسخ ہوگا، چنانچہ مؤمن کو گناہوں سے اجتناب کرنا چاہئے تاکہ عذاب اور مسخ صور میں مبتلا نہ ہو۔

علامہ طیبیؒ شارح کی پہلی بات نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں کہ ان کی پہلی بات کہ "تصحیف ہوئی ہے" تو اس کا جواب وہ ہے جو حمیدی نے بین الصحیحین "یستحلون الخز" کے بعد ذکر کیا ہے کہ الخز بالخاء والزاء المعجمتین ہے۔

میں کہتا ہوں خصم کا معارضہ جواب بننے کی اہلیت نہیں رکھتا۔

فرماتے ہیں، کہ وہ روایت جس کو ابواسحاق حربی نے "باب الحاء والراء" میں ذکر کیا ہے اس کا اس سے کوئی تعلق نہیں وہ دوسری حدیث ہے جو ابی ثعلبہؓ کے واسطے سے حضور علیہ السلام سے منقول ہے:

اول دینکم نبوة ورحمة، ثم ملك ورحمة وخيرة، ثم ملك عض يستحل فيه الحر والحرير.

اس سے مراد حرام شرمگاہ کو حلال سمجھنا ہے، اور یہ اُس حدیث کے موافق نہیں جس کی تخریج بخاری نے کی ہے اور اس طرح ابوداؤد نے سنن میں کتاب اللباس کے تحت "باب الخز ولباسه" میں نقل کی ہے۔

ہم نے یہ بات محض اس لئے ذکر کی ہے کہ بعض لوگ اس کے متعلق وہم میں مبتلا ہیں، اس لئے ہم نے بیان کر دیا۔ اور ابو ثعلبہ کی حدیث صحیح کی شرط پر نہیں ہے۔ ابواسحاق کا کلام مکمل ہوگیا۔

اور اس کے قریب قریب صاحب نہایہ نے "باب الحاء والراء المهملتين" میں ذکر کیا ہے۔

میں کہتا ہوں اس کا دوسری حدیث ہونا مسلّم ہے، لیکن یہ تو مختلف فیہ کی تائید کرتی ہے، بلکہ معنی مقصود میں نص ہے۔ اور جب اس کی صحت ثابت ہے تو اس کا صحیحین کی شرط پر نہ ہونا کوئی مضر نہیں ہے۔ اصل تو دو حدیثوں کا موافق ہونا ہے، اس لئے کہ ایک حدیث دوسری حدیث کی تفسیر کرتی ہے، خصوصاً "خز" زاء کے ساتھ، یہ تو محرمات میں سے ہے ہی نہیں چہ جائیکہ اس کو حلال سمجھنا کفریات میں سے ہو۔ پھر میں نے جامع صغیر میں دیکھا کہ ابن عساکر نے حضرت علیؓ سے مرفوع روایت نقل کی ہے:

"او شك امتي ان تستحل فروج النساء والحرير"

"عنقریب میری امت عورتوں کی شرمگاہوں اور ریشمی کپڑے کو حلال سمجھے گی"

اور ان کا یہ فرمانا کہ "خز" کا استعمال حرام تو ہے ہی نہیں ہے، چہ جائیکہ کو حلال سمجھا جائے۔ اس کا جواب وہ ہے جس کو ابن الاثیر نے نہایہ میں حضرت علیؓ کی حدیث: "انه نهى عن ركوب الخز والجلوس عليه" کے ضمن میں ذکر کیا ہے، اور وہ یہ ہے کہ "خز" معروف پہلے زمانہ میں اُس کپڑے کو کہا جاتا تھا جو اُون اور ریشم سے بُنا جاتا تھا، وہ مباح ہے۔ صحابہ اور تابعین نے یہ کپڑا پہنا ہے، چنانچہ اُس پر نہی اس لئے وارد ہوئی کہ اس میں عجمیوں اور عیش پرستوں کے ساتھ مشابہت ہے۔

اور اگر "خز" سے دوسری قسم کا کپڑا مراد ہو جو آج کل کے زمانے میں معروف ہے، تو وہ حرام ہے۔ اس لئے کہ آج کل کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معروف ''خز'' مکمل طور پر ریشم سے بنا ہوا ہوتا ہے۔ دوسری حدیث کو اسی پر محمول کیا جائے گا۔ اور اس حدیث کا معنی یہ ہوا کہ وہ لوگ ''خز'' اور ''حریر'' کو حلال سمجھیں گے۔ ابن اثیر کا کلام مکمل ہو گیا۔

اس پر ایک اشکال ہے اور وہ یہ کہ ''خز'' پر سواری کرنے اور بستر بنانے کا مکروہ ہونا جبکہ ''حریر'' کا حکم بھی یہی ہے، اس بات کا تقاضا نہیں کرتا کہ اس کو مباح سمجھنا کفر ہو اور موجب عذاب ہو خصوصاً جبکہ ''خز'' لغوی اور اصطلاحی طور پر حضور علیہ السلام کے زمانہ میں مباح تھا، تو یہ کیسے ممکن ہے کہ اس پر محمول کیا جائے؟ اور بعض لوگوں کے نزدیک جو یہ متعارف ہے کہ ''خز'' کو خالص ریشمی کپڑے پر محمول کیا جائے، خصوصاً جبکہ صراحۃً لفظ حریر کے ساتھ تکرار ہے اور اصل معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان تغایر ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ اگر یہ اشکال ہو کہ ''حریر'' کا عطف ''خز'' پر کیسے درست ہوگا جبکہ شئے اول (خز) مکروہ ہے اور شے ثانی (حریر) حرام ہے پہلے معنی کے مطابق اور دوسرے معنی کے مطابق ایک چیز کا عطف اپنی ذات پر (**عطف الشئ علی نفسه**) لازم آئے گا۔ نیز وہ کیسے حرام ہے جبکہ اُس وقت یہ اصطلاح نہیں تھی؟

پہلی بات کا جواب یہ ہے کہ اس معاملہ میں شدت اور سختی پیدا کرنے کیلئے تغلیب کو اختیار کیا۔ میں (ملا علی قاری) کہتا ہوں: **التغليب تغلب وعن ظاهره تقلب.**

(طیبیؒ) فرماتے ہیں دوسری بات کا جواب یہ ہے کہ یہ عطف بیان ہے اور تیسری بات کا جواب یہ ہے کہ یہ ایک غیبی حالت کے بارے میں خبر دی گئی جو کہ حضور علیہ السلام کا معجزہ ہے۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ عطف بیان ہونا مسلم ہے بشرطیکہ حضور علیہ السلام کے زمانہ میں خز کا اطلاق حریر پر ہوتا ہو اور اس کو معجزہ قرار دینا، بایں طور کہ اس زمانہ میں خز کا اطلاق حریر پر ہوگا تو یہ بات حقیقت سے بہت دور ہے۔

(علامہ طیبیؒ) فرماتے ہیں کہ (علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ) کا تیسرا قول کہ ''یروح'' کا فاعل ساقط ہوا ہے اس لئے معنی میں التباس ہو گیا تو اس کا جواب یہ ہے کہ اس سے معنی میں التباس پیدا نہیں ہوا بلکہ اس کو بخاری نے نقل کیا ہے جیسا کہ مصابیح میں ہے لیکن حمیدی، خطابی اور صاحب جامع الاصول نے ذکر کیا ہے کہ ''**تروح عليهم سارحة**'' تاء کے ساتھ ہے اور ''**سارحة**'' فاعل ہونے کی بناء پر مرفوع ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ یوں کہا جائے کہ ''باء'' زائدہ ہے، کیونکہ فاعل پر ''باء'' زائد آجاتی ہے جیسا کہ امرأ القیس کے شعر سے استدلال کیا گیا ہے:

ألا هل أتاها والحوادث جمة
بأن امرأ القيس بن نملك بيقرا

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ اُس نسخہ کے مطابق التباس واقع ہونے میں کوئی شک نہیں ہے، علاوہ ازیں فاعل پر ''باء'' زائدہ کا داخل ہونا ''**كفى**'' فعل کے ساتھ مختص ہے۔ اور یہ شعر معنی میں صریح نہیں ہے بلکہ زیادہ واضح یہ ہے کہ فاعل محذوف ہے جیسا کہ بعض نے فاعل کے حذف کو جائز قرار دیا ہے۔

فرمایا: اور جہاں تک بات ہے مسلم کی طرف نسبت کی کہ امام مسلمؒ نے اپنی کتاب میں اسی طرح نقل کیا ہے تو یہ سہو ہے، اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لئے کہ میں نے امام مسلمؒ کی کتاب میں یہ حدیث نہیں دیکھی اور اس طرح کیسے ہوسکتا ہے جبکہ حمیدی نے اس حدیث کو امام بخاری کی منفرد احادیث میں ذکر کیا ہے۔ اور جامع الاصول والے نے اس حدیث کو بخاری اور ابوداؤد سے نقل کیا ہے

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ حافظ غیر حافظ پر حجت ہے اور مثبت نافی پر مقدم ہے۔ اور شیخ ایک محقق وثقہ ہستی ہیں، خصوصاً دلائل ذکر کرنے ہیں۔

(علامہ طیبیؒ) فرماتے ہیں کہ شیخ (تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ) کا چوتھا قول کہ "علیهم" محذوف ہوا ہے، حالانکہ اصول میں مجھے یہ کلمہ نہیں ملا۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ مدعیٰ (خصم کی دلیل سے زیادہ) قوی دلیل سے ثابت ہے، حالانکہ بعض نسخوں میں اس کا موجود ہونا ثابت کیا ہے، اور اس کی نسبت مسلم کی طرف کی ہے اور اس کی سند مسلم ہے۔

پھر (علامہ طیبیؒ نے) لکھا ہے کہ اگر کوئی یہ اعتراض کرے کہ بعض لوگوں کا پہاڑوں کی طرف جا کر وہاں ٹھہرنا، اور شام کے وقت مویشیوں کا اُن کے پاس واپس آنا اور فقراء اور حاجت مند کو ٹال کر اور ٹرخا کر خالی ہاتھ واپس کر دینا اتنے دردناک عذاب اور اتنے عبرتناک غیر معمولی عذاب کیلئے کیونکر سبب بنا؟

میں کہتا ہو (تو اُس کا جواب یہ ہے) کہ انہوں نے جب بخل ومنع میں مبالغہ کیا تو اُن پر عذاب بھیجنے میں بھی مبالغہ کیا گیا۔ اور اس کی وضاحت اس طرح ہے کہ لفظ "الجبل" کی بجائے لفظ "العلم" کو اختیار کرنے میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہ جگہ سرسبز وشاداب ہوگی، اور ضرورت مند لوگ اس کی طرف قصد کرینگے۔ اس سے لازم آتا ہے کہ یہ لوگ مالدار ہونگے اور حاجت مند لوگوں کیلئے جائے پناہ ہونگے خصوصیت مکان اس معنی پر دال ہے اور "تروح علیهم سارحتهم" کے الفاظ جو اور "علی" جو کہ استعلاء پر دلالت کرتا ہے، خصوصیت زمان پر دال ہیں کہ ان کا مال اُس وقت بہت وافر مقدار میں ہوگا اور ان کے پاس آکر مانگنے والوں وضرورت بہت زیادہ ہوگی۔ کیونکہ یہ لوگ اس زمانہ کے محتاج ترین لوگ ہونگے۔ اور "ارجع الینا غدًا" میں جھوٹ، وعدہ خلافی اور سائل کا مذاق اڑانے کا رواج ہے، اس لئے یہ لوگ اس دردناک عذاب اور عبرتناک سزا کے مستحق ہو جائیں گے۔

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ ان سب کے باوجود مسخ جیسے سخت عذاب کا استحقاق ثابت نہیں ہوتا کیونکہ مسخ تو اہل کفر کے علاوہ میں نہیں پایا جاتا۔ پس درست وہی ہے جو ہم نے ماقبل میں تحریر کر دیا ہے۔

(علامہ طیبیؒ) فرماتے ہیں کہ ہم نے جو یہ بات کی ہے کہ لفظ "العلم" شہرت اور لوگوں کا مرجع ہونے پر دلالت کرتا ہے، اس لئے کہ خنساءؓ نے اپنے بھائی کی مدح میں کہا ہے: "كأنه علم في رأسه نارٌ"

"گویا کہ میرا بھائی ایک ایسا پہاڑ ہے جس کی چوٹی پر آگ جل رہی ہو۔

اس قول کے ذریعے حضرت خنساءؓ نے یہ بتایا کہ میرا بھائی ایک مشہور ومعروف شخصیت تھی کمزوروں اور فقراء کیلئے جائے پناہ تھا، اور مجبور لوگوں کیلئے ٹھکانہ تھا۔ کیونکہ مویشیوں کا رات کو واپس آنا ان کے نہایت مالدار ہونے کی دلیل ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿ولكم فيها جمال حين تريحون وحين تسرحون﴾ [النحل-٦] "اور اُن کی وجہ سے تمہاری رونق بھی ہے جبکہ شام کے وقت لاتے ہو اور جبکہ صبح کے وقت چھوڑ دیتے ہو"۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صاحب کشاف فرماتے ہیں کہ اگر کوئی اعتراض کرے کہ حین تریحون کو "حین تسرحون" پر مقدم کیوں کیا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ "اراحة" (شام کے وقت آنا) میں جمال زیادہ ظاہر ہے اس لئے کہ اس وقت اونٹنی بھرے پیٹ اور دودھ سے لبریز تھنوں کے ساتھ باڑہ کی طرف لوٹتی ہے۔

علامہ خطابی فرماتے ہیں کہ اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ اس امت میں بھی کسی وقت مسخ (شکل کا بگڑ جانا) ہوگا، اور اسی طرح خسف بھی ہوگا جیسا کہ یہ دونوں پچھلی اُمتوں میں ہوئے ہیں۔ برخلاف بعض کے قول کے، کہ اس اُمت میں مسخ وخسف نہیں ہوگا، اور مذکورہ مسخ سے مراد دلوں کا مسخ ہے۔

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ احادیث میں جو مسخ وخسف کی نفی وارد ہوئی ہے وہ اس اُمت کے پہلے زمانہ پر محمول ہے چنانچہ حکم عام ہے، لیکن اس حدیث کی وجہ سے آخری زمانہ کی تخصیص ہے یا یہ کہ وہ احادیث تمام امت کے مجموعی پر خسف ومسخ پر محمول ہیں، اور جو مسخ وخسف ثابت ہے وہ بعض کیلئے ہے۔ واللہ اعلم۔

۵۳۴۴ : وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْ لُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَنْزَلَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ عَذَاباً اَصَابَ الْعَذَابُ مَنْ كَانَ فِيْهِمْ ثُمَّ بُعِثُوْا عَلَى اَعْمَالِهِمْ۔ (متفق علیه)

اخرجه البخاری فی صحیحه ٦/١٣ حدیث رقم ٧١٠٨ ومسلم فی صحیحه ٢٢٠٦/٤ حدیث رقم (٨٤-٢٨٧٩) واخرجه احمد فی المسند ٤٠/٢۔

ترجمہ: "حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے انہوں نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی قوم پر عذاب کو نازل کرتا ہے تو وہ عذاب ان تمام افراد کو اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے جو اس قوم میں ہوتے ہیں اور پھر (آخرت میں) لوگوں کو ان کے اعمال کی حیثیت سے اٹھایا جائے گا"۔ (بخاری ومسلم) یعنی نیک کو اس کے عمل کے ساتھ اور فاسق کو اپنے عمل کے ساتھ۔

تشریح: مظہر فرماتے ہیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ جب کسی قوم کے بعض افراد نافرمانی کرتے ہیں، تو قوم کے تمام افراد پر عذاب نازل ہوگا، اور اس مصیبت میں گنہگار اور بے گناہ برابر کے مبتلا ہونگے، لیکن قیامت کے دن اپنے اعمال کے موافق ہر ایک کو بدلہ دیا جائے گا۔ اگر اچھا عمل کیا ہوگا تو اچھا بدلہ ملے گا، اور اگر برا عمل کیا ہوگا تو برا بدلہ ملے گا۔

قوله: متفق علیه:

یہ اس سند "عبد الله بن عمر بن الخطابؓ عن ابیه" سے متفق علیہ ہے۔ (ذکرہ میرک) چنانچہ مؤلف کو چاہئے تھا کہ حدیث کا اسناد حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف فرماتے۔

۵۳۴۵ : وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبْعَثُ كُلُّ عَبْدٍ عَلٰى مَامَاتَ عَلَيْهِ

www.KitaboSunnat.com

(رواه مسلم)

اخرجه مسلم فی صحیحه ٢٢٦/٤ حدیث رقم (٨٣-٢٨٧٨) واحمد فی المسند ٣٣١/٣

ترجمہ: "حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "قیامت کے دن ہر شخص کو اسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حال پر اٹھایا جائے گا جس پر اس کا انتقال ہوا ہوگا۔

تشریح: اس حدیث کو ابن ماجہ نے بھی اسی طرح نقل کیا ہے۔ اور امام احمدؒ نے ابو ہریرہؓ سے مرفوعاً یوں نقل کیا ہے:

یبعث الناس علی نیا تھم۔

''لوگوں کو قیامت کے دن ان کی نیتوں کے ساتھ اٹھایا جائے گا''۔

۵۳۴۶ : **عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَارَاَیْتُ مِثْلَ النَّارِ نَامَ هَارِبُهَا وَلَا مِثْلَ الْجَنَّةِ نَامَ طَالِبُهَا** (رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٦١٦/٤ حدیث رقم ٢٦٠١۔

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: (شدت وسختی) اور ہولناکی کے اعتبار سے) میں نے آتش جہنم کی مانند ایسی کوئی چیز نہیں دیکھی جس سے بھاگنے والا غافل سوتا رہے طلبگار غافل رہے اور (عیش وراحت اور فرحت وسرور کے اعتبار سے) میں نے جنت کی مانند ایسی کوئی چیز نہیں دیکھی جس کا طلب گار غافل سوتا رہے''۔ (ترمذی)

تشریح: **قوله: مارأیت مثل النار نام هاربها:** اس میں تعجب کا معنی ہے۔ اور ''رأیت'' بمعنی ''علمت'' ہے۔

نام هاربها: دوسرا مفعول ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ ''رأیت'' ابصرت (میں نے نہیں دیکھا) کے معنی میں ہو۔ اس صورت میں جملہ صفت ہوگا یا حال ہوگا۔ یعنی اس سے غافل ہوا ہو حالانکہ جہنم کے عذاب سے بھاگنے والے کیلئے ضروری ہے کہ فجار کے عمل سے بھاگے۔

قوله: ولا مثل الجنة نام طابها: حالانکہ اس کو چاہئے کہ امتثال امر کی بھرپور کوشش کرے تاکہ مقصود کو حاصل کر سکے۔

تخریج: اس حدیث کو امام طبرانی نے اوسط میں حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے۔

۵۳۴۷ : **وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَرٰی مَالَا تَرَوْنَ وَاَسْمَعُ مَالَا تَسْمَعُوْنَ اَطَّتِ السَّمَآءُ وَحُقَّ لَهَا اَنْ تَئِطَّ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ مَافِیْهَا مَوْضِعُ اَرْبَعَةِ اَصَابِعَ اِلَّا وَمَلَكٌ وَاضِعٌ جَبْهَتَهٗ سَاجِدًا لِلّٰهِ وَاللّٰهِ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِیْلًا وَلَبَكَیْتُمْ كَثِیْرًا وَمَا تَلَذَّذْتُمْ بِالنِّسَاءِ عَلَی الْفُرُشَاتِ وَلَخَرَجْتُمْ اِلَی الصُّعُدَاتِ تَجْاَرُوْنَ اِلَی اللّٰهِ قَالَ اَبُوْذَرٍّ یَالَیْتَنِیْ كُنْتُ شَجَرَةً تُعْضَدُ.** (رواه احمد والترمذی وابن ماجة)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤٨٢/٤ حدیث رقم ٢٣١٣ وابن ماجه فی السنن ١٤٠٢/٢ حدیث رقم ٤١٩٠ واحمد فی المسند ١٧٣/٥

ترجمہ: ''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو کچھ میں دیکھتا ہوں تم نہیں دیکھتے اور جو کچھ میں سنتا ہوں تم نہیں سنتے (یعنی قرب قیامت کی نشانیاں' قدرت کی کرشمہ سازیوں کی مظاہر اور اللہ تعالیٰ کی صفات قہریہ وجلالیہ جس طرح میرے سامنے ہیں اور خدائی مدد سے ان سے آگاہی رکھتا ہوں اس طرح نہ تمہارے سامنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں اور نہ تم انہیں دیکھتے ہو نیز احوال آخرت کے اسرار و اخبار قیامت کی ہولناکیوں اور احوال دوزخ کو جس طرح میں سنتا ہوں تم نہیں سنتے) آسمان میں سے آواز نکلتی ہے اور اس میں سے آواز کا نکلنا بالکل حق اور صحیح ہے۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میری جان ہے آسمان میں چار انگشت کے برابر بھی ایسی جگہ نہیں جہاں فرشتے اللہ کے حضور اپنی پیشانی کو جھکائے ہوئے نہ پڑے ہوں۔ اللہ کی قسم اگر تم اس خبر سے آگاہ ہو جاؤ جس کی میں خبر رکھتا ہوں تو یقیناً تم بہت کم ہنسو اور زیادہ رونے لگو اور بستروں پر اپنی بیویوں سے لذت حاصل کرنا ترک کر دو اور یقیناً تم اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑاتے ہوئے جنگلات کی جانب نکل پڑو (جیسا کہ رنج اٹھانے والوں اور غموں سے تنگ آجانے والوں کا شیوہ ہوتا ہے کہ وہ گھروں سے نکل کھڑے ہوتے ہیں اور صحرا صحرا جنگل جنگل گھومتے پھرتے ہیں تاکہ زمین کا بوجھ کم ہو اور دل کچھ ٹھکانے لگے)۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے (یہ حدیث نقل کرنے کے بعد ربطوحسرت یہ) تمنا کی کہ کاش! میں درخت ہوتا جس کو کاٹ دیا جاتا!'' (احمد ترمذی ابن ماجہ)

تشریح: قوله: انی اری مالا ترون وأسمع ما لا تسمعون: اگلے جملہ میں حضور علیہ السلام نے اپنا سماع بیان فرمایا:

قوله: ووجوبها أن تُطـــــ ساجد لله:

أطت السماء: ''طاء'' کی تشدید کے ساتھ ہے، ''أطیط'' سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے کجاوے کی آواز اور ''أطیط الأبل'' کا معنی ہے اونٹ کی آوازیں۔ نہایہ میں اسی طرح مذکور ہے۔

حق: مجہول کے صیغہ کے ساتھ۔

حضور علیہ السلام نے اگلے جملہ میں اس کا سبب بیان کیا اور اس کا سبب وہ تھا جو حضور علیہ السلام نے بکثرت دیکھا تھا۔

والذی..... فیها): یعنی جنس آسمان میں نہیں ہے۔

موضع: رفع کے ساتھ ہے کیونکہ یہ فاعل ہے اُس ظرف کا جس نے حرف نفی پر اعتماد کیا ہوا ہے اور **الا** کے بعد مذکور اسم اس سے حال ہے۔

یعنی تابعداری میں مشغول رہتے ہیں، تاکہ اس جملہ کے مفہوم میں یہ بات بھی داخل ہو سکے کہ بعض فرشتے قیام کی حالت میں ہیں، اور بعض فرشتے رکوع کی حالت میں ہیں، اور بعض فرشتے سجدہ کی حالت میں ہیں۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی حکایت بیان کرتے ہوئے فرمایا: ﴿**وما منا الا له مقام معلوم**﴾ [الصافات۔ ۱۶۴] ''اور ہم میں سے ہر ایک کا ایک معین درجہ ہے''

یا اکثر ملائکہ کے اعتبار سے بطور خصوص سجدہ کا ذکر کیا یا یہ سجدہ والی حالت کسی ایک آسمان کے ساتھ مختص ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

واضح رہے کہ لفظ ''اربعة'' جامع ترمذی اور ابن ماجہ میں بغیر ''ھا'' کے ہے اور شرح السنہ اور مصابیح کے بعض نسخوں میں ''ھاء'' کے ساتھ ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ لفظ ''**اصبع**'' مذکر و مونث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں یعنی آسمان میں موجود فرشتوں نے آسمان کو بوجھل کر دیا ہے جس کی وجہ سے آسمان سے آوازیں نکلتی ہیں، اور یہ ایک مثال ہے اور فرشتوں کی کثرت کا بیان ہے اگر چہ آسمان میں یہ آوازیں نہ بھی ہوں اور اس کلام سے اللہ تعالیٰ کی عظمت بتانا مقصود ہے۔

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ ایسی کیا مجبوری ہے کہ حضور علیہ السلام کے کلام کو حقیقت سے مجاز کی طرف پھیر دیا جائے جبکہ یہ حقیقی معنی عقلاً اور نقلاً درست ہے۔ حالانکہ حضور علیہ السلام نے صراحۃً فرمایا ہے: "واسمع ما لا تسمعون"۔ نیز یہ بھی احتمال ہے کہ آسمان کا آوازیں نکالنا (چرچرانا) تسبیح تحمید تقدیس اور تمجید کی وجہ سے ہو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿وان من شئ الا یسبح بحمدہ﴾ [الاسراء: ٤٤] "اور کوئی چیز ایسی نہیں جو تعریف کے ساتھ اس کی پاکی بیان نہ کرتی ہو"۔

خصوصاً جبکہ آسمان تسبیح کرنے والے عبادت گزار فرشتوں کی عبادت گاہ اور رکوع وسجود کرنے والے فرشتوں کا ٹھکانہ ہے۔

قولہ: واللہ لو ـــــ تجارون الی اللہ:

الفرشاۃ: فا اور راء کے ضمہ کے ساتھ 'فرش کی جمع ہے، پس "فرشات" جمع الجمع ہے اس کو مبالغہ کیلئے ذکر کیا گیا ہے۔

الصعدات: صاد اور عین کے ضمہ کے ساتھ۔ جمع کے صیغہ کو مبالغہ کیلئے اختیار کیا گیا۔ صعدات، صعد کی جمع ہے، اور صعد جمع ہے "صعید" کی جیسا کہ "طرقات" جمع ہے "طرق" کی اور "طرق" جمع ہے "طریق" کی۔ اور "صعید" کا معنی ہے "طریق" (راستہ) اصل میں "الصعید" مٹی کو کہا جاتا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ تم راستوں، جنگلوں، صحراؤں اور لوگوں کی گزرگاہوں کی طرف نکل جاتے جیسا کہ غمگین آدمی کرتا ہے۔ زیادہ ظاہر یہ ہے کہ "الصعید" کا معنی ہے سطح زمین۔

بعض کا کہنا ہے کہ "صعید" کا معنی ہے مٹی۔ اور یہاں اس کا یہ معنی مراد نہیں ہے۔

شیخ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، کہ اس کا معنی ہے کہ "تم اپنے گھروں سے پہاڑوں کی طرف اللہ کے سامنے گریہ وزاری کرتے ہوئے نکل پڑتے۔ اور غمزدہ آدمی کی حالت یہ ہوتی ہے کہ گھر اُس کو تنگ لگتا ہے اور اپنی تکلیف کو ہلکا کرنے کیلئے خالی فضاء کی طرف نکلتا ہے۔

"تجأرون الی اللہ" یعنی دعا مانگتے 'اللہ کے سامنے گڑگڑاتے تاکہ تم لوگوں سے یہ مصیبت دور کر دے۔

تعضد: مجہول کے صیغہ کے ساتھ یعنی کاٹ دیا جاتا، اور جڑ سے ختم کر دیا جاتا۔

اور یہ کیفیت اللہ کے عذاب سے کمال خوف کی بدولت پیدا ہوئی۔

علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ "یا لیتنی" حضرت ابوذرؓ کا قول ہے ابوذر کا کہنا ہے کہ بلکہ حدیث میں ادراج کیا ہے اور بعض حضرات نے فرمایا ہے کہ بعض لوگوں نے اس کو ابوذرؓ کا قول قرار دیا ہے۔ حالانکہ وہ (حضرات) جانتے ہیں کہ اس جملہ کا اَبوذرؓ کا کلام ہونا زیادہ مناسب ہے۔ چونکہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اللہ جل شانہ کی معرفت حد درجہ حاصل تھی، لہٰذا اس حال کی تمنا ایک ادنی تمنا ہے، علاوہ ازیں اس تمنا کا پورا ہونا بھی ممکن نہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ جامع ترمذی اور جامع الاصول میں اس طرح ہے:

تجأرون الی اللہ لو ددت انی شجرة تعضد".اورایک روایت میں ہے:"ان أبا ذرٍ قال:لوددت انی شجرة تعضد".اورایک روایت میں ہے:ان ابا ذر قال:لوددت انی شجرة تعضد اورابوذرؓ سے موقوفاً منقول ہے۔اورسُنن ابن ماجہ میں اس طرح ہے جس طرح متن میں اور مصابیح کے نسخوں میں ہے:"قال ابو ذرؓ:یا لیتنی"الخ۔اوراس میں بحث کی گنجائش ہے۔

۵۳۴۸ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ خَافَ اَدْلَجَ وَمَنْ اَدْلَجَ بَلَغَ الْمَنْزِلَ اَلَا اِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ غَالِیَةٌ اَلَا اِنَّ سِلْعَةَ اللّٰهِ الْجَنَّةُ (رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٤٦ حدیث رقم ٢٤٥٠

ترجمہ:"حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:جوشخص (اس بات کا) اندیشہ رکھتا ہے کہ (اس کا دشمن رات کے آخری وقت میں دھاوا بولنے والا ہے) تو وہ رات کے پہلے ہی پہر میں اپنے بچاؤ کے راستے پر چل پڑتا ہے (تا کہ دشمن کی غارت گری سے اپنے آپ کو بچا سکے) اور جوشخص رات کے پہلے حصے میں بھاگنا شروع کردیتا ہے وہ منزل تک پہنچ جاتا ہے'خبردار! خدا کا مال بہت گراں قیمت ہے (جونہایت اونچی قیمت چکائے بغیر پایا نہیں جاسکتا اور وہ اونچی قیمت اس کی راہ میں جان ومال کی قربانی ہے) اور یادرکھنا! 'خدا کا مال جنت ہے'۔(ترمذی)

تشریح: قوله:من خاف أدلج بلغ المنزل:یعنی جوشخص رات کے آخری حصے میں دشمن کے حملہ سے ڈرتا ہے وہ رات کے پہلے حصہ میں چلتا ہے اور جوشخص اپنی کسی محبوب چیز کے فوت ہونے سے ڈرتا ہے اُس محبوب چیز کو تلاش کرنے میں رات کی بیداری برداشت کرتا ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں،کہ یہ ایک مثال ہے جس کے ذریعے آپ ﷺ نے مالک آخرت کی حالت کو بیان فرمایا ہے،اس لئے کہ شیطان اس کے راستہ پر ہے،اور نفس اوراس کی باطل آرزوئیں شیطان کی مددگار ہیں،اگر وہ بیدار وچوکنا ہوکر راہِ آخرت پر چلے گا،اوراپنے عمل میں اخلاص پیدا کرے گا،تو شیطان'اس کے مکراوراس کے مددگاروں کے حملہ سے مامون ہوجائے گا۔

قوله:الاان سلعة الله الغالية:

الا:تخفیف کے ساتھ تنبیہ کیلئے ہے۔

حضوراقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کی طرف رہنمائی فرمائی ہے کہ راہِ آخرت پر چلنا نہایت دشوار ہے اور وہاں کی نعمتوں کو حاصل کرنا بہت مشکل ہے'ادنی سعی سے حاصل نہیں ہوسکتی"اللہ تعالیٰ کا ساز وسامان"سے مراد جنت کی نعمتیں ہیں جن کو "الحسنیٰ وزیادة"سے تعبیر کیا گیا ہے۔

غالية:"غین"کے ساتھ یعنی بلند مرتبہ والی۔

مطلب یہ ہے کہ جنت کی قیمت وہ اعمال باقیہ ہیں،جن کی طرف ارشاد باری:﴿والباقیات الصلاحات خیر عند ربك ثوابا وخیر املاً﴾ [الکھف:۴۶] اور جو اعمالِ صالحہ باقی رہنے والے وہ آپ کے ربّ کے نزدیک ثواب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے اعتبار سے بھی ہزار درجہ بہتر ہیں اور امید کے اعتبار سے بھی ہزار درجہ بہتر ہیں۔'' میں اشارہ کیا گیا ہے اور انہی کی طرف اشارہ ہے اس ارشاد باری تعالیٰ میں: ﴿ان الله اشترى من المؤمنين انفسهم واموالهم بأن لهم الجنة﴾ [التوبة: ۱۱۱] بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں سے ان کی جانوں اور ان کے مالوں کو اس بات کے عوض خرید لیا ہے، کہ اُن کو جنت ملے گی۔''

تخریج: اور اسی طرح حاکم نے بھی اس حدیث کو روایت کیا ہے۔

۵۳۴۹ : وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّ ذِكْرُهٗ اَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ ذَكَرَنِيْ يَوْمًا اَوْ خَافَنِيْ فِيْ مَقَامٍ (رواه الترمذى والبيهقى فى كتاب البعث والنشور)

اخرجه الترمذى فى السنن ٦١٣/٤ حديث رقم ٢٥٩٤

ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''(روز قیامت) اللہ کہ جس کا ذکر بہت معظم ہے (جہنم پر مقرر فرشتوں کو مخاطب کر کے) فرمائے گا کہ ہر اس شخص کو دوزخ سے نکال لو جس نے ایک دن بھی (یعنی کسی ایک وقت بھی) مجھے یاد رکھا تھا' یا کسی موقع پر میری خشیت اس پر طاری ہوئی۔'' (ترمذی اور بیہقی نے اس حدیث کو کتاب البعث والنشور میں روایت کیا ہے)

تشریح: قوله: يقول الله جل ذكره:

یعنی جس کا ذکر عظمت والا ہے اور اس کو یاد کرنے والا عظیم المرتبہ انسان ہے' اور اس لفظ ''جل ذکرہ'' کا ذکر کیا ہی حسن رکھتا ہے۔ اس لئے کہ یہ اللہ کو زندگی بھر یاد رکھنے اور ہر حال اور ہر مقام پر اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کیلئے توطئہ ہے۔

قوله: اخرجوا من النار من ذكرني يومًا .....:

او خافني في مقام: یعنی کسی معصیت کے حوالے سے کسی بھی جگہ میں' جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿واما من خاف مقام ربه ونهى النفس عن الهوى فان الجنة هى المأوى﴾ [النزعت: ۴۰-۴۱] ''اور جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے سے ڈرا ہوگا اور نفس کو خواہش سے روکا ہوگا، سو جنت اُس کا ٹھکانہ ہوگا۔''

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ذکر سے مراد اخلاص ہے، یعنی اخلاصِ نیت اور صدقِ دل کے ساتھ اللہ کو ذات وصفات میں یکتا تسلیم کرنا' ورنہ تو تمام کفار اللہ کو زبان سے یاد کرتے ہیں، لیکن دل سے یاد نہیں کرتے اور اس پر حضور علیہ السلام کا یہ ارشاد گرامی دلیل ہے، **من قال لا اله الا الله خالصا من قلبه دخل الجنة:**

''جو شخص اپنے دل کے خلوص سے لا الہ الا اللہ پڑھے وہ جنت میں داخل ہوگا''۔

اور ''خوف'' سے مراد ہے اپنے اعضاء وجوارح کو گناہوں سے باز رکھنا اور ان کو اللہ کی اطاعت وعبادت میں مشغول رکھنا، ورنہ تو یہ حدیث نفس اور حرکت ہے جو ''خوف'' کہلانے کا مستحق نہیں، اور یہ وسوسہ کسی ہولناکی کا سبب دیکھ کر پیدا ہوتا ہے' اور جب اُس سبب کا احساس ختم ہو جاتا ہے تو دل پھر غفلت والی کیفیت کی طرف لوٹ جاتا ہے۔

فضیلؒ فرماتے ہیں، کہ اگر تم سے پوچھا جائے کہ کیا تم اللہ سے ڈرتے ہو؟ تو جواب میں خاموش رہو، اس لئے کہ اگر تم نے جواب میں کہا نہیں، تو یہ کفر ہے، اور اگر تم نے کہا ہاں' تو یہ جھوٹ ہے۔ حضرت فضیلؒ نے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے، کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اصل خوف تو یہ ہے کہ اعضاء وجوارح اللہ کی نافرمانی سے باز رہیں۔

۵۳۵۰: وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَهُمُ الَّذِيْنَ يَشْرَبُوْنَ الْخَمْرَوَيَسْرِقُوْنَ قَالَ لَا يَا بِنْتَ الصِّدِّيْقِ وَلٰكِنَّهُمُ الَّذِيْنَ يَصُوْمُوْنَ وَيُصَلُّوْنَ وَيَتَصَدَّقُوْنَ وَهُمْ يَخَافُوْنَ اَنْ لَّا يُقْبَلَ مِنْهُمْ اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرَاتِ. (رواه الترمذی وابن ماجة)

اخرجه الترمذی فی السنن ۳۰۶/۵ حدیث رقم ۳۱۷۵وابن ماجه فی السنن ۱۴۰۴/۲ حدیث رقم ۴۱۹۸ واحمد فی المسند ۱۵۹/۶

ترجمہ: ''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس آیت کے بارے کے متعلق دریافت کیا: وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ (وہ لوگ کہ جو دیتے ہیں اور جو کچھ کر دیتے ہیں یعنی از قسم زکوٰۃ و صدقات' ان کی حالت یہ ہے کہ ان کے دل لرزاں وترساں ہیں (یعنی ان پر خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے مسلمان بہن بھائیوں سے ایثار و ہمدردی کرنے کے باوجود وہ لوگ ہمہ وقت خدا تعالیٰ سے ڈرتے رہتے ہیں کہ نجانے ہمارے ان اعمال کو شرف قبولیت بھی حاصل ہے یا یہ سب خدانہ کرے وبال ہی بنے گا۔ اسی آیت کے بارے میں آنحضرت ﷺ سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ پوچھا تھا) کہ کیا یہ وہ لوگ ہیں جو شراب پیتے ہیں اور چوری کرتے ہیں (کیونکہ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرنا گنہگاروں ہی کا کام ہے) حضور ﷺ نے جواباً ارشاد فرمایا: ''صدیق کی بیٹی! نہیں' یہ وہ لوگ نہیں ہیں جو شراب پیتے ہیں اور چوری کرتے ہیں بلکہ وہ لوگ ہیں جو روزے رکھتے ہیں' نماز پڑھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں لیکن اس سب کے باوجود وہ خائف رہتے ہیں کہ ان کے اعمال کو (شاید شرائط قبولیت کے پورا نہ ہونے کے باعث) قبول نہ کیا جائے (اس کی دلیل آیت کے آخری الفاظ ہیں) اُولٰئِكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرَاتِ۔ یہی وہ لوگ ہیں جو خیر کے کاموں میں جلدی کرتے ہیں (بایں طور کہ طاعات وعبادات کی طرف ان کی رغبت بہت زیادہ ہوتی ہے اور وہ سبقت کر کے ان چیزوں کو حاصل کرتے ہیں)۔'' (ترمذی' ابن ماجہ)

تشریح: قوله: والذين يؤتون ماأتو اوقلوبهم وجلة:

ما آتوا: اس کو '' ما أتوا'' قصر کے ساتھ بھی پڑھا گیا ہے۔

اس آیت کا بقیہ حصہ یہ ہے: [أنهم الى ربهم راجعون] کیونکہ ان کا مرجع اللہ ہے: ﴿اولئك الذين يسارعون فى الخيرات﴾ یعنی اطاعت وعبادت کا بہت زیادہ شوق رکھتے ہیں، اس لئے اطاعت وعبادت کی طرف آگے بڑھتے ہیں، [وهم لها سابقون] [المؤمنون: ۶۱] یعنی عبادات کیلئے ایک دوسرے سے بڑھنے کا عمل کرتے ہیں۔

یا مطلب یہ ہے کہ عبادت یا ثواب کو حاصل کرنے یا جنت کی طرف دوسروں سے آگے بڑھتے ہیں۔

قوله: اهم الذين يشربون الخمر ويسرقون؟

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ مصابیح کے نسخوں میں اسی طرح ہے۔ اور یہی قراءت مشہورہ ہے اور معنی یہ ہے: يعطون ما

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أعطوا۔ اور عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ سوال کرنا کہ "أهم الذين يشربون الخمر ويسرقون" سے مطابقت نہیں رکھتا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قراءت "يأتون ما أتوا" بغیر مد کے ہے جس کا معنی ہے يفعلون ما فعلوا وہ لوگ کرتے ہیں، جو کچھ کرتے ہیں، اور عائشہ رضی اللہ عنہا کا سوال اس قراءت کے مطابق ہے۔ تفسیر زجاج اور تفسیر کشاف میں اسی طرح ہے۔

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ دونوں قراءتوں کا حاصل ایک ہی ہے، يفعلون ما فعلوه من الطاعة۔ وہ معنی مراد نہیں جو معنی حضرت عائشہؓ سمجھی تھیں، کہ وہ لوگ مراد ہیں جو معصیت کرتے ہیں اور نہ خیر و شر دونوں کو شامل ہونے والا عام معنی مراد ہے کیونکہ اللہ کا ارشاد: [أُولٰئك يسارعون في الخيرات] اس کے مطابق نہیں ہے۔

قوله: يا بنت الصديق: اور ایک نسخہ میں "يا ابنة الصديق" کے الفاظ ہیں۔

اس نداء میں حضرت عائشہؓ اور ان کے والد ماجد حضرت ابو بکرؓ کی بہت بڑی منقبت اظہار ہے، گویا کہ حضور علیہ السلام نے یوں فرمایا: "نہیں! بات اس طرح نہیں ہے جبکہ تم صادقہ ہو"۔ احباب کے ساتھ حسن آداب کے متعارف طریقہ کے مطابق ہے۔

قوله: ولكنهم الذين يصومون ويصلون يتصدقون:

یہ ارشاد باری تعالیٰ: ﴿والذين يؤتون ما آتوا﴾ کی تفسیر ہے۔ دونوں قراءتوں کے مطابق۔ زیادہ سے زیادہ یہ بات کہی جا سکتی ہے کہ ان دونوں میں ہر ایک قراءت کے موافق الفاظ میں یک گونہ تغلیب ہے۔ لہٰذا مشہور قراءت کا ظاہر مالی عبادت سے متعلق ہے جیسا کہ شاذ قراءت بدنی عبادت سے متعلق ہے۔

علاوہ ازیں مشہور قراءت کی تفسیر میں یہ بھی کہا جا سکتا ہے: يعطون من انفسهم ماعطوا من الطاعات۔ اس طرح یہ آیت دونوں طرح کی عبادتوں کو شامل ہو جائے گی۔

قوله: وهم يخافون ان لايقبل منهم:

یعنی یہ مطلب نہیں کہ وہ لوگ اپنے کیے ہوئے اعمال سے ڈر رہے ہونگے۔ اور دلیل یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے ﴿أُولٰئك الذين يسارعون في الخيرات﴾ چونکہ یہ درست نہیں ہے کہ اس کو شراب پینے، مال چوری کرنے اور دوسرے گناہوں پر محمول کیا جائے۔

۵۳۵۱: وَعَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ قَامَ فَقَالَ يَاأَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوا اللّٰهَ اذْكُرُوا اللّٰهَ جَاءَتِ الرَّجْفَةُ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ جَاءَ الْمَوْتُ بِمَا فِيهِ. (رواه الترمذي)

اخرجه الترمذي في السنن ٤/٥٤٩ حديث رقم ٢٤٥٧ واحمد في المسند ٥/١٣٦

ترجمہ: "حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ جب رات کے دو تہائی حصے گزر جاتے تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم (تہجد کی نماز کے لئے) اٹھتے اور فرماتے: "لوگو! اللہ کو (اس کی وحدانیت ذات اور اس کی تمام صفات کے ساتھ) یاد کرو، اللہ کو (یعنی اس کے عذاب و ثواب کو) یاد کرو (تاکہ اس حالت پر قائم ہو سکو جس میں اللہ تعالیٰ سے خوف اور امید دونوں جمع ہوں اور ان لوگوں میں تمہارا شمار ہو جائے جن کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ: تَتَجَافٰى جُنُوبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ يَدْعُونَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رَجَّهُمْ خَوْفًا وَّ طَمَعًا) زلزلہ عنقریب آنے والا ہے (یعنی پہلا صور پھونکا ہی جانے والا ہے جس کے ساتھ ہی سب مرجائیں گے) اس کے پیچھے پیچھے وہ بھی آرہا ہے جو بعد میں آنے والا ہے (یعنی پہلے صور کے بعد دوسرا صور بھی بس پھونکا ہی جانے والا ہے جس کی آواز سن کر سب دوبارہ زندہ ہوجائیں گے اور اپنی اپنی قبروں سے اٹھ کر حشر کے میدان میں اکٹھے ہوجائیں گے۔ غرض یہ کہ ان الفاظ سے جناب رسالتمآب ﷺ کا مقصود آخرت کی یاد دلانا اور قیامت کے بارے میں فکر پیدا کرنا ہے تاکہ یہ چیز طاعات وعبادات اور ذکر اللہ میں انہماک پیدا کرنے کا باعث ہو' موت اپنے سے وابستہ تمام احوال کے ساتھ عنقریب آنے والی ہے' (مقصود ان لفظوں سے غفلت سے بیدار کر کے انسان کو ہوشیار کرنا ہے کہ' تمہاری موت تمہارے سر پر تیار کھڑی ہے لہٰذا ان سب احوال سے مقابلہ کرنے کی تیاری کرو جو اس سے پہلے اور بعد میں واقع ہونے والے ہیں''۔ (ترمذی)

تشریح: قولہ: یا ایھا الناس اذکروا اللہ: "الناس" سے مراد حضور علیہ السلام کے وہ صحاب ہیں جو اللہ کے ذکر سے غافل سو رہے تھے۔ حضور علیہ السلام ان کو نیند سے بیدار کرتے تھے تاکہ اللہ کے ذکر اور تہجد میں مشغول ہوجائیں، اور یہ دلیل ہے کہ مؤذنین کو یاددہانی کرانا درست ہے اور یہ کہ انہیں رات کے دو تہائی حصہ گزرنے سے پہلے نہیں اٹھنا چاہئے۔ اور اس میں اشارہ ہے کہ رات کے اخیر تہائی حصہ میں عبادت کرنا ایک مؤکد مستحب ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

[تتجافی جنوبھم عن المضاجع یدعون ربھم خوفا وطمعا] [السجدۃ۔١٦]

اُن کے پہلو خوابگاہوں سے علیحدہ رہتے ہیں، اس طور پر کہ وہ لوگ اپنے رب کو امید سے اور خوف سے پکارتے ہیں۔

اور ایک نسخہ میں "اذکروا اللہ" کے الفاظ تین بار مذکور ہیں

یعنی اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو۔

قولہ: جاءت الراجفۃ:

اس جملہ میں اس ارشاد باری تعالیٰ: ﴿یوم ترجف الراجفۃ﴾ [النازعات۔٦] کی طرف اشارہ ہے۔ اور اس کے وقوع کے تحقق پر دلالت کرنے کیلئے ماضی کے صیغہ سے تعبیر کیا، گویا کہ وہ قیامت کا زلزلہ آچکا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ قیامت کے زلزلہ کا وقوع قریب آچکا ہے، چنانچہ اس کے لئے تیاری کرو، کیونکہ اس کا معاملہ بڑا سخت ہے۔

"الراجفۃ" سے مراد زمین اور پہاڑ کے وہ ساکن اجسام ہیں جن کی حرکت اس وقت تیز ہوجائے گی۔ اس لئے کہ اللہ جل شانہ کا ارشاد ہے: ﴿یوم ترجف الارض والجبال﴾ [المزمل:١٤] "جس روز کہ زمین اور پہاڑ ہلنے لگیں گے" یا مجازاً وہ واقعہ مراد ہے، جس میں یہ اجرام حرکت کرنے لگیں گے۔ اور اس جگہ یہ معنی حدیث کے زیادہ مناسب ہے اور یہی "نفخہ اولیٰ" ہے۔

قولہ: تتبعھا الرادفۃ: "رادفہ" سے مراد آسمان کا پھٹ جانا اور ستاروں کا بکھر جانا ہے۔ یا نفخہ ثانیہ مراد ہے۔ اور دوسرا نفخہ وہ ہے جس میں مخلوق کو زندہ کیا جائے گا یہ جملہ موضع حال میں ہے یا جملہ مستأنفہ ہے زلزلہ کے بعد والے احوال کا بیان ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ "الراجفۃ" سے مراد پہلی بار صور پھونکنا ہے، جس سے تمام مخلوق مرجائے گی، اور "الراجفۃ یجلی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چمکنے کے وقت گرج کی آواز کی طرح ایک بلند آواز کہ جس میں تردد واضطراب ہوتا ہے۔اور "الرادفة" سے مراد دوسری بار صور پھونکنا ہے، جو کہ پہلی بار صور پھونکنے کے بعد پھونکا جائے گا۔حضور علیہ السلام نے صحابہ کو قیامت کے قریب ہونے سے ڈرایا تا کہ قیامت کیلئے تیاری کرنے سے غافل نہ رہیں۔

قوله: جاء الموت بما فيه جاء الموت بما فيه:

یعنی وہ تکالیف اور سختیاں جو حالت نزع' قبر اور قبر کے بعد کے منازل میں پیش آئیں گی۔اس میں اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ جو مر گیا اس کی قیامت قائم ہوگئی۔اور یہ قامت صغریٰ ہے جو قیامت کبریٰ پر دال ہے۔

ممکن ہے کہ پہلے جملے میں ہماری عبرت کیلئے پہلے لوگوں کی حالت کو بیان کیا گیا ہو، جن کو موت وہلاکت کا واقعہ پیش آیا ہے۔چنانچہ مروی ہے: "كفى بالموت واعظًا" موت انسان کی نصیحت کیلئے کافی ہے۔اور دوسرے جملے میں موجود لوگوں پر موت کے قریب ہونے کی طرف اشارہ ہو اور تکرار کو ایسے نئے معنی پر محمول کرنا جو کہ درست بھی ہے اور اس کی بنیاد تابید (ہمیشگی) پر ہے اس سے بہتر ہے کہ تاکید پر محمول کیا جائے۔

تخریج: منذریؒ فرماتے ہیں کہ اس روایت کو احمد، ترمذی اور حاکم نے نقل کیا ہے اور حاکم نے اس کو صحیح قرار دیا ہے۔

اسنادی حیثیت: امام ترمذیؒ فرماتے ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۵۳۵۲ :وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِصَلٰوةٍ فَرَاَی النَّاسَ كَاَنَّهُمْ يَكْتَشِرُوْنَ قَالَ اَمَا اِنَّكُمْ لَوْ اَكْثَرْتُمْ ذِكْرَهَاذِمِ اللَّذَّاتِ لَشَغَلَكُمْ عَمَّا اَرٰی الْمَوْتَ فَاَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ الْمَوْتِ فَاِنَّهٗ لَمْ يَاتِ عَلَی الْقَبْرِ يَوْمٌ اِلَّاتَكَلَّمَ فَيَقُوْلُ اَنَا بَيْتُ الْغُرْبَةِ وَاَنَا بَيْتُ الْوَحْدَةِ وَاَنَا بَيْتُ التُّرَابِ وَاَنَا بَيْتُ الدُّوْدِ وَاِذَادُفِنَ الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ قَالَ لَهُ الْقَبْرُ مَرْحَبًا وَاَهْلاً اَمَّا اِنْ كُنْتَ لَاَحَبَّ مَنْ يَمْشِیْ عَلٰی ظَهْرِیْ اِلَیَّ فَاِذَا وُلِّيْتُكَ الْيَوْمَ وَصِرْتَ اِلَیَّ فَسَتَرٰی صَنِيْعِیْ بِكَ قَالَ فَيَتَّسِعُ لَهٗ مُدَّبَصَرِهٖ وَيُفْتَحُ لَهٗ بَابٌ اِلَی الْجَنَّةِ وَاِذَا دُفِنَ الْعَبْدُ الْفَاجِرُاَوِالْكَافِرُقَالَ لَهُ الْقَبْرُ لَا مَرْحَبًا لَهٗ وَلَا اَهْلاً اِمَّا اِنْ كُنْتَ لَاَبْغَضَ مَنْ يَّمْشِیْ عَلٰی ظَهْرِیْ اِلَیَّ فَاِذْوُلِّيْتُكَ الْيَوْمَ وَصِرْتَ اِلَیَّ فَسَتَرٰی صَنِيْعِیْ بِكَ قَالَ فَيَلْتَئِمُ عَلَيْهِ حَتّٰی تَخْتَلِفَ اَضْلَاعُهٗ قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَصَابِعِهٖ فَاَدْخَلَ بَعْضَهَا فِیْ جَوْفِ بَعْضٍ قَالَ يُقَيَّضُ لَهٗ سَبْعُوْنَ تَنِيْنًا لَوْاَنَّ وَاحِدًا مِنْهَا نَفَخَ فِی الْاَرْضِ مَا اَنْبَتَتْ شَيْئًا مَا بَقِيَتِ الدُّنْيَا فَيَنْهَسْنَهٗ وَيَخْرِشْنَهٗ حَتّٰی يُفْضٰی بِهٖ اِلَی الْحِسَابِ قَالَ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْقَبْرُرَوْضَةٌ مِّنْ رِّيَاضِ الْجَنَّةِ اَوْحُفْرَةٌ مِنْ حُفَرِ النَّارِ

(رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٥٥١/٤ حديث رقم ٢٤٦٠ والنسائی فی السنن ٤/٤ حديث رقم ١٨٢٤ وابن ماجه فی السنن ١٤٢٢/٢ حديث رقم ٤٢٥٨

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمہ: ''حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ (ایک روز) نبی اکرم ﷺ نماز کے لئے (مسجد میں) تشریف لائے تو آپ ﷺ نے دیکھا کہ گویا لوگ (آپس میں کسی بات پر) ہنس رہے ہیں' آپ ﷺ نے (ان کو یوں ہنستے ہوئے دیکھ کر) فرمایا: ''جان لو! (تم کس غفلت کا شکار ہو کر یوں بے فکری کے ساتھ ہنسنے میں محو ہو) اس بات میں کوئی شبہ نہیں اگر تم لذتوں کو مٹا دینے والی چیز کا کثرت سے تذکرہ کرتے رہو تو وہ تم کو اس چیز سے باز رکھے جو مجھے دکھائی دے رہی ہے اور وہ (یعنی لذتوں کو فنا کر دینے والی شے) موت ہے پس تم لذتوں کو فنا کر دینے والی چیز یعنی موت کو کثرت سے یاد کیا کرو! حقیقت یہ ہے کہ قبر پر ایسا کوئی دن (یعنی ایسا کوئی وقت اور زمانہ نہیں گزرتا جس میں وہ (زبان قال یا زبان حال سے) یہ نہ کہتی ہو کہ ''میں غربت کا گھر ہوں''، ''میں تنہائی کا گھر ہوں''، ''میں خاک کا گھر ہوں'' (یعنی میں اس مٹی کا گھر وندہ ہوں جو ہر جاندار کی اصل اور بنیاد ہے پس جس کی اصل اور جس کا مرجع مٹی ہو اس کے شایان شان یہی ہے کہ وہ مسکنت و عجز وانکساری کی زندگی گزارے) اور ''میں کیڑوں مکوڑوں کا گھر ہوں'' (پھر حضور ﷺ نے فرمایا) جب کسی مؤمن بندے کو دفن کیا جاتا ہے تو قبر اس سے کہتی ہے کہ خوش آمدید! تمہاری آمد اچھی کشادہ' آرام کی جگہ اور اپنے ہی گھر میں ہوئی ہے' جان لو! کہ تم میرے نزدیک ان لوگوں میں سب سے زیادہ محبوب تھے جو مجھ پر چلتے ہیں' پس آج جب کہ تم پر حاکم و قادر بنا گئی ہوں اور تم میرے سامنے مجبور و مقہور ہوئے ہو تو تم عنقریب میرے اس نیک سلوک کا نظارہ کرو گے۔ جو میں تمہارے ساتھ کرنے والی ہوں (یعنی میں تمہارے لئے وسیع و فراخ ہو جاؤں گی)۔ حضور ﷺ نے فرمایا اس کے بعد وہ قبر اس بندے کے کشادہ و فراخ ہو جاتی ہے اور وہ کشادگی و فراخی اس کو اپنی تا حد نگاہ دکھائی دیتی ہے اور پھر اس کے لئے جنت کی طرف ایک دروازہ کھول دیا جاتا ہے (جس میں وہ جنت میں اپنے مقام اصلی کا نظارہ کرتا رہتا ہے' اسی دروازہ سے گزر کر اس تک ٹھنڈی اور مشکبار ہوائیں آتی ہیں اور جنت کے محلات' حوریں' نہریں' میوے اور درخت اور دوسری روح افزاء نعمتوں کا نظارہ اس کی آنکھوں کو ٹھنڈک بخشتا ہے) اور جب کوئی فاسق یا کافر شخص دفن کیا جاتا ہے تو (جس طرح کوئی شخص اپنے یہاں آئے ہوئے ناآشنا وغیرہ عزیز اور بن بلائے مہمان کے ساتھ بے رخی اور بے مروتی کا سلوک کرتا ہے تو اسی طرح قبر (بھی اس کافر یا فاسق کو جھڑکتی ہے اور کہتی ہے کہ) نہ تو تیرا آنا مبارک اور نہ تو اچھی کشادہ راحت و چین کی جگہ اور اپنے مکان میں آیا ہے! یاد رکھ! کہ تو میرے نزدیک ان لوگوں میں سب سے مبغوض تھا جو مجھ پر چلتے ہیں۔ پس آج جب کہ مجھے تم پر حاکم و قادر بنا دیا گیا ہے اور تو میرا مجبور و مقہور ہوا ہے تو جلد ہی دیکھ لے گا کہ میں تیرے ساتھ کیسا سلوک کرتی ہوں۔ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا ''اور پھر قبر اس کو دباتی ہے یہاں تک کہ اس کی پسلیاں ادھر کی ایک دوسرے میں گھس جاتی ہیں''۔ ابوسعید رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ حضور ﷺ نے (ان پسلیوں کی کیفیت سمجھانے کی خاطر) اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں داخل کیا (اور بتایا کہ اس طرح قبر کے تنگ ہو جانے کی وجہ اس کافر کی پسلیاں ایک دوسرے میں گھس جاتی ہیں) اس کے بعد آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''اس کافر پر ستر اژدھے مسلط کر دیئے جاتے ہیں (اور وہ ایسے اژدھے ہوتے ہیں کہ) اگر ان میں سے کوئی ایک اژدہا بھی زمین پر پھونک مار دے تو وہ زمین رہتی دنیا تک کچھ بھی اگانے کے قابل نہ رہے' وہ اژدھے اس کافر کو کاٹتے اور نوچتے ہیں۔ (اور یہ عمل اس وقت تک مسلسل جاری رہے گا جب تک کہ اس بندہ کو (روز قیامت) حساب کے لئے نہ لے جایا جائے'' حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ بھی فرمایا ''اس میں کوئی شک نہیں کہ قبر جنت کے باغیچوں میں سے ایک باغیچہ ہے یا جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے''۔(ترمذی)

تشریح: قوله: خرج النبی ﷺ لصلاة فرأی الناس کانهم یکتشرون: (مضاف محذوف ہے۔) ای لاداء الصلاة اور مقام کے مقتضی سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ نماز جنازہ تھی کیونکہ یہ بات ثابت ہے کہ حضور علیہ السلام جب جنازہ دیکھتے تو آپ پر غم و پریشانی کے اثرات ظاہر ہو جاتے تھے اور باتیں کرنا کم کر دیتے تھے۔

یکتشرون: ای یضحکون: (ہنس رہے تھے)۔ ''الکشر'' سے ماخوذ ہے اس کا معنی ہے دانتوں کا ظاہر ہو جانا اور شاید تاء مبالغہ کیلئے ہو۔ اور قاموس میں ہے: کشر عن اسنانه ابدی۔ کا معنی ہے ہنسی کی حالت میں دانتوں کا ظاہر ہو جانا، انتہیٰ۔ چنانچہ اس سے یہ معنی اخذ ہو رہا ہے کہ لوگ خوب ہنس رہے تھے اور بہت زیادہ باتیں بھی کر رہے تھے۔

شیخ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ''یکتشرون'' کا معنی ہے یضحکون (ہنس رہے تھے) اور لغت میں مشہور ''الکسر'' ہے۔

قوله: قال: اما انکم لو اکثر تم۔۔۔۔ عما أری الموت:

أما: تخفیف کے ساتھ، غفلت کی نیند سے بیدار کرنے کے لئے یہ کلمہ استعمال فرمایا کہ غفلت کی وجہ سے زیادہ ہنسی اور آپس کی باتیں ہو رہی تھیں۔

هادِم اللذات: سید صاحب اصل میں اور دوسرے اکثر معتمد نسخوں میں ''دال مہملہ'' کے ساتھ ہے اور بعض معتمد نسخوں میں ''ذال معجمہ'' کے ساتھ ہے۔ اور علامہ سیوطیؒ نے ترمذی کے حاشیہ میں اسی پر اکتفاء کیا ہے۔

قاموس میں ''هدم'' (نقطہ کے ساتھ) کا معنی ''قطع کیا اور جلدی سے کھا لیا'' لکھا ہے۔ اور ''هدم'' (بغیر نقطہ کے) کا معنی لکھا ہے ''عمارت گرانا''۔ مطلب یہ ہے کہ اگر تم لوگ لذتوں کو توڑنے والی چیز (موت) کو بکثرت یاد کرو۔

الموت: مجرور ہے ''هاذم اللذات'' کی تفسیر ہے۔ یا اس سے بدل ہے جیسا کہ آگے آ رہا ہے۔ اور ''اعنی'' فعل محذوف کی بناء پر منصوب ہونا بھی درست ہے اور ''هو الموت'' کی تقدیر پر مرفوع ہونا بھی درست ہے۔

قوله: فأکثروا ذکر هادم اللذات:

جو لذتیں مالداروں کے پاس موجود ہیں اور فقراء مساکین سے مفقود ہیں اور ان کو مطلوب ہیں۔ یہ فقراء و اغنیاء دونوں کیلئے ایک مؤثر نصیحت ہے، اور یہ ایک عجیب بات ہے کہ موت غافل دل کو زندہ رکھتی ہے حالانکہ نیند خود موت کے مشابہ ہے۔

ہمارے شیخ عارف باللہ مولانا نور الدین علی متقی نے ایک تھیلی بنا کر اپنے پاس رکھی ہوئی تھی جس پر لفظ موت لکھا ہوا تھا، اور جب کوئی مرید آتا تو مرید کی گردن میں لٹکا دیتے تھے تاکہ یہ بات یاد رہے کہ موت قریب ہے دُور نہیں ہے، تاکہ اپنی امیدوں کو مختصر کریں اور عمل کی کثرت کریں۔

ایک بادشاہ نے اپنے ارکان سلطنت میں سے کسی ایک کو اس بات پر مامور کر رکھا تھا کہ وہ ہر وقت ان کے پیچھے کھڑا رہے اور ''الموت، الموت'' کہتا رہے تاکہ غفلت کی بیماری کا علاج ہوتا رہے۔

اگلے کلام میں حضور علیہ السلام نے موت کو اکثر اوقات یاد رکھنے اور اس کے اسباب کی حکمت بتائی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوله: فانه لم يأت على القبر۔۔۔۔ وانا بيت الدود:

فانه: ضمیر شان ہے۔

لم يأت على القبر يوم: کوئی وقت اور زمانہ۔

الا تكلم: بزبان قال یا بزبان حال، اور ایک روایت میں ("الاتكلم" کے بعد) "فيه" (اى فى ذالك اليوم" کی زیادتی ہے۔

وأنا بيت الوحدة: چنانچہ توحید اور ایک واحد وقہار ذات کا استحضار ہی فائدہ دیگا۔

أنا بيت التراب: یعنی ہر زندہ مخلوق کی اصل ہوں۔ چنانچہ جس شخص نے مٹی میں لوٹنا ہے اس کو چاہئے کہ وہ مسکین وخاک نشین ہو کر رہے تاکہ مٹی سے اس کی کی مناسبت فوت نہ ہو۔

وأنا بيت الدود: لہٰذا یہ مناسب نہیں کہ کھانے پینے کی لذیذ چیزوں کو استعمال کرنے کی کوشش کرو، کیونکہ ان کا انجام فنا ہے اور اس جگہ نیک عمل کے علاوہ کوئی چیز کارآمد نہیں ہو سکتی۔ کہ قبر عمل کا صندوق ہے۔

کہا گیا ہے کہ جسم کے سڑنے سے کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں، اور اعضاء کو کھاتے ہیں، پھر وہ کیڑے ایک دوسرے کو کھانا شروع کر دیتے ہیں، یہاں تک کہ آخر میں ایک کیڑا رہ جاتا ہے، پھر وہ کیڑا بھی بھوک کی وجہ سے مر جاتا ہے۔ انبیاء کرام، شہداء، اولیاء اور علماء اس سے مستثنیٰ ہیں، حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے: ان الله حرم على الارض أن تاكل اجساد الانبياء۔ کہ "اللہ تعالیٰ نے زمین پر انبیاء کرام کے اجسام کو کھانا حرام کر دیا ہے"۔ اور اللہ تعالیٰ نے شہداء کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے:

﴿ولا تحسبن الذين قتلوا فى سبيل الله امواتا بل احياء عند ربهم يرزقون﴾ [آل عمران: ۱۶۹] "اور اے مخاطب! جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے ان کو مردہ مت خیال کرو، بلکہ وہ تو زندہ ہیں، اپنے پروردگار کے مقرب ہیں، ان کو رزق ملتا ہے"۔

اور باعمل علماء جن کو اولیاء اللہ سے تعبیر کیا گیا ہے، ان (کے قلم) کی روشنائی شہداء کے خون سے افضل ہے۔

قوله: واذا دفن العبد المؤمن ۔۔۔يفتح له باب الى الجنة:

له القبر: یا جو قبر کے قائم مقام ہو۔

مرحبًا: اى أيت مكانا واسعا یعنی تم آرام کیلئے ایک کشادہ جگہ میں آئے ہو۔

وأهلا. اى وحضرت اهلا: تم اپنے لوگوں کے پاس آگئے ہو جو تجھ سے محبت کریں گے۔

أما: میم کی تخفیف کے ساتھ تنبیہ کیلئے ہے۔

ان كنت: اى "انه كنت" چنانچہ "ان "مخففه ازمثقله ہے،

لاحب: "لام" فارقہ ہے "ان" مخففه ازمثقله، اور "ان" نافیہ کے درمیان فرق کے لئے ہے۔

لأحب: اسم تفضیل ہے مبنی للمفعول ہے بمعنی اى "أفضل"

إلى: "أحب" کے متعلق ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فاذ: ذال کے سکون کے ساتھ ہیا ور علامہ طیبیؒ کا یہ فرمانا کہ "اذ" میں تعلیل کا معنی ہے، بعید از مرام ہے۔ اس لئے کہ صحیح بات یہ ہے کہ اذ محض ظرف ہے وعلت اور سبب تو انسان کا مومن ہونا ہے، ای حسین

ولیتك "التولیة" سے ماخوذ ہے اور مجہول کا صیغہ ہے یا "الولایة" مصدر سے ماخوذ ہے اور معروف کا صیغہ ہے: ای صرت قادرا حاکما علیك یعنی میں تم پر حاکم وقادر ہوگئی ہوں۔

الیوم: "اب" مراد موت اور تدفین کے بعد کا وقت ہے۔

فسنری: بمعنی بصارت وعلم ہر دو کا احتمال ہے۔ (تو دیکھے گا یا مطلب یہ ہے کہ تو جان لے گا۔)

صنیعی بك: تیرے لئے کشادہ ہو کر تیرے ساتھ احسان کا سلوک۔

قال: یعنی حضور علیہ السلام نے کہا: "قال" کا اعادہ کلام طویل ہونے کی وجہ سے کیا اور دوسری وجہ یہ ہے کہ کہیں کوئی یہ وہم نہ کرے کہ اس کے بعد والا کلمہ راوی کا ہے، اور راوی نے اگلی بات مزید وضاحت اور تفسیر کیلئے کی ہے۔

فیتبع: قبر کشادہ ہو جاتی ہے۔، اور ایک دوسری روایت میں "فیوسع" کا لفظ ہے۔

مد بصرہ: یعنی ہر طرف سے۔ یا تو حقیقۃً اس طرح ہوتا ہے یا بطور کشف کے یا مجازاً حسی اور معنوی تنگی کا نہ ہونا مراد ہے اور یہ کنایہ ہے کہ اس کی قبر روشن کر دی جاتی ہے۔ اور جنت کا مقام اس کو دکھا دیا جاتا ہے اور اس دروازے سے اس تک جنت کی ٹھنڈی ہوا اور خوشبوئیں آتی رہتی ہیں، اور جنت کے محلات، حوروں، درختوں اور پھلوں کو دیکھ کر اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتی رہتی ہیں۔

قولہ: واذا دفن العبد الفاجر۔۔۔ فادخل بعضها فی جوف بعض:

یعنی فاسق، اس سے کامل ترین فرد یعنی کافر مراد ہے۔ اور اس کا قرینہ یہ ہے کہ اس کے مقابلہ میں اس سے پہلے "العبد المؤمن" مذکور ہے۔ اور دوسرا قرینہ قبر کے یہ الفاظ ہیں: کنت لابعض من فمشی علی ظهری الی اور اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے:

﴿أفمن كان مؤمنا كمن كان فاسقا﴾ [السجدة:١٨] "تو جو شخص مومن ہو کیا وہ اس شخص جیسا ہو جائے گا جو بے حکم ہو۔"

او الکافر: یہ راوی کی طرف سے شک ہے، نوع بتانے کے واسطے نہیں ہے۔ جبکہ قرآن وسنت کا اسلوب بیان یہ ہے کہ دنیا وآخرت کے احوال مومن وکافر کے اعتبار سے ان دو فریقوں کے بارے میں حکم ذکر کیا جاتا ہے۔ اور فاسق مومن کے بارے میں سکوت اختیار کیا جاتا ہے، تاکہ پردہ پوشی ہو جائے، اور یہ مومن رجاء خوف کے درمیان رہے اس سے دو مرتبوں (کفار اور مؤمنین کے درمیان) کوئی تیسرا مرتبہ ثابت کرنا مقصود نہیں ہے، جیسا کہ معتزلہ کو وہم ہوا ہے۔

حتی یختلف اضلاعه: پسلیاں ایک دوسرے میں گھس جاتی ہیں، اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں "حتی تلتقی وتختلف اضلاعه"۔

www.KitaboSunnat.com

فادخل بعضها فی جوف بعض: اس میں قبر کی تنگی کی طرف اشارہ ہے اور اس بات کی طرف کہ پسلیوں کا اک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرے میں گھس جانا ایک حقیقی امر ہے اس سے احوال قبر کی تنگی مراد نہیں ہے اور لفظ "اختلاف" سے معلوم ہو رہا ہے کہ قبر کو خوب تنگ کیا جاتا ہے، جیسا کہ بعض کم فہم لوگوں نے سمجھا ہے، حتی کہ انہوں نے عذاب قبر کو روحانی عذاب قرار دیا ہے۔ جسمانی عذاب کے قائل نہیں ہیں۔ صحیح بات یہی ہے کہ آخرت کا عذاب اور راحت روح اور جسم دونوں سے متعلق ہے۔

قوله: ويقيض له سبعون تنينا۔۔ يفضي الى الحساب:

يقيض: یائے مفتوحہ کی تشدید کے ساتھ

له: یعنی خاص اسی کے لئے ہوتے ہیں، ورنہ "عليه" کا لفظ ہوتا۔

تنينا: تاء کے کسرہ اور پہلی نون مکسورہ کی تشدید کے ساتھ بہت بڑا سانپ جس کو فارسی میں "اژدہا" اور عربی میں "أفعى" کہا جاتا ہے۔

ستر کے عدد سے متعین عدد بھی مراد ہو سکتا ہے اور کثرت مقدار بھی مراد ہو سکتی ہے۔

دوسری توجیہ کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے، جس کو "احیاء" میں ابو ہریرہؓ سے مرفوعاً نقل کیا ہے:

حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ کیا تم جانتے ہو کہ قرآن کی آیت: ﴿فان له معيشة ضنكا﴾ [طٰہٰ۔ ۱۲۴] "تو اس کے لئے تنگی کا جینا ہے" کس کے بارے میں نازل ہوئی ہے؟ صحابہ نے عرض کیا کہ اللہ اور اُس کے رسول ہی بہتر جانتے ہیں۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا۔ قبر میں کافر کے عذاب کے بارے میں نازل ہوئی ہے، قبر میں کافر پر ننانوے اژدہے مسلط کئے جاتے ہیں۔ پھر حضور علیہ السلام نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ اژدھا کیسا ہوگا؟ پھر فرمایا کہ ننانوے اژدہے ہوتے ہیں، ہر ایک اژدہا کے ننانوے سر ہوتے ہیں، وہ اژدہے قیامت تک اس کو ڈستے رہتے گے نوچتے رہیں گے، اور اس کے جسم میں پھکار مارتے رہیں گے، انتہیٰ۔

نفخ: نقطہ والی خاء کے ساتھ یعنی سانس لے۔ زمین یعنی کوئی سبزہ نہیں اُگائے گی، یا ذرا سا اُگانا بھی نہیں کرے گی۔

فينهسنه: ھا کے فتحہ اور سین کے سکون کے ساتھ، اس کو ڈستے رہتے ہیں۔ قاموس میں لکھا ہے کہ "نهس"، از باب منع فرح ہے اور "نهس اللحم" کا معنی ہے گوشت نوچنا

يخدشه: دال کے کسرہ کے ساتھ،

حتى يفضي: "یاء" کے ضمہ، "فا" کے سکون اور ضاد کے فتحہ کے ساتھ

به) اس کافر کو

وہاں عذاب دیا جاتا ہے۔

یہ حدیث دلیل ہے کہ کافر کا محاسبہ کیا جائے گا، اس کے برعکس دوسرے بعض کو وہم ہوا ہے کہ کافر بغیر حساب و کتاب کے جہنم میں داخل ہوگا، الا یہ کہ یوں کہا جائے کہ حساب سے مراد جزاء ہے اور ارشاد باری: ﴿ومن خفت موازينه﴾ [المؤمنین ۱۰۳، الاعراف۔ ۹] "اور جس شخص کا پلہ ہلکا ہوگا" جیسی صریح آیات حساب پر دلالت کرتی ہیں، ہاں ممکن ہے کہ بعض سرکش نافرمان بغیر حساب و کتاب کے جہنم میں داخل کر دیئے جائیں، جیسا کہ بعض بہت ہی صابر و متوکل مومن بغیر حساب کے جنت میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

داخل ہونگے، جیسا کہ پہلے یہ بات گزر گئی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

قوله: قال: وقال رسول الله ﷺ انما القبر الخ:

وقال رسول الله..... مسلم): اس موقع پر یا کسی دوسرے موقع پر۔

انما القبر..... من حفر النار: مفرد کے صیغہ کے ساتھ لفظ "الجنة" کے ساتھ مناسبت ہے۔ اور ایک نسخہ میں صیغہ جمع "نیران" مروی ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ الجنة سے مراد "الجنان" ہے۔ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ "من حفر النار" کے الفاظ جامع ترمذی، جامع الاصول اور مصابیح کے اکثر نسخوں میں ہیں اور مصابیح کے بعض نسخوں میں جمع کا صیغہ "النیران" ہے۔

قوله: رواه الترمذی: علامہ سیوطیؒ فرماتے ہیں، اور امام ترمذی نے اس کو حسن قرار دیا ہے۔

طبرانی نے اوسط میں ابو ہریرہؓ سے نقل کیا ہے **قال: خرجنا مع رسول الله ﷺ فی جنازة فجلس الی قبر فقال: مایأتی علی هذا القبر من یوم الاوهو ینادی بصوت طلق ذلق: یا ابن آدم کیف نسیتنی الم تعلم أنی بیت الوحدة وبیت العربة وبیت الوحشة وبیت الدود وبیت الضیق الامن وسعنی الله علیه ثم قال رسول الله ﷺ: القبر روضة** ۔ اور ایک نسخہ میں "**اما روضة من ریاض الجنة أوحفر من حفر النار**" وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور علیہ السلام کے ساتھ ایک جنازہ میں شریک ہوئے حضور علیہ السلام ایک قبر کے پاس تشریف فرما ہوئے اور فرمایا کہ اس قبر پر کوئی دن ایسا نہیں گزرتا جس میں یہ قبر اونچی آواز سے یہ نہ کہتی ہو کہ اے ابن آدم تو مجھے کیسے بھلا بیٹھا ہے۔ کیا تجھے معلوم نہیں کہ میں تنہائی کا گھر ہوں اور میں اجنبیت کا گھر ہوں، اور میں وحشت اور کیڑوں کا گھر ہوں اور میں ایک تنگ گھر ہوں، ہاں جس شخص کیلئے اللہ مجھے وسیع کردے اس کے لئے وسیع گھر ہوں۔ پھر حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ قبر باغ ہے اور ایک نسخہ ہے کہ "قبر یا تو جنت کے باغوں میں سے ایک باغیچہ ہے یا جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہے۔

سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں: **من اکثر من ذکر القبر وجده روضة من ریاض الجنة ،ومن غفل عن ذکره وجده حفرة من حفر النار۔**

"جو قبر کو اکثر اوقات یاد کرتا رہے گا وہ اس کو جنت کے باغوں میں سے ایک باغیچہ پائے گا، اور جو قبر کے ذکر سے غافل ہوگا وہ اس کو جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا پائے گا۔"

۵۳۵۳ : وَعَنْ اَبِیْ جُحَیْفَةَ قَالَ قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَدْ شِبْتَ قَالَ شَیَّبَتْنِیْ سُوْرَةُ هُوْدٍ وَاَخَوَاتُهَا. (رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ۳۷۵/۵ حدیث رقم ۳۲۹۷

ترجمہ: "حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ جب صحابہؓ نے یہ عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ آپ تو بوڑھے ہو گئے، یعنی عمر کی زیادتی سے قبل ہی آپ پر بڑھاپے کے اثرات نمایاں ہونے لگے ہیں؟ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "سورۂ ہود اور اس کی مثل سورتوں نے (کہ جن میں قیامت اور اس کے احوال کا تذکرہ ہے) مجھ کو بوڑھا کر دیا ہے"۔ (ترمذی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تشریح: **وعن ابی جحیفه:** جیم کے ضمہ، حاء کے فتحہ اور فاء کے ساتھ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جس وقت حضور علیہ السلام کا انتقال ہوا تو یہ بلوغ کو نہیں پہنچے تھے، لیکن حضور علیہ السلام سے احادیث سُن کر نقل کیں۔ کوفہ میں ان کا انتقال ہوا۔ ان سے ان کے بیٹے عون نے اور تابعین کی ایک جماعت نے احادیث نقل کی ہیں۔

قوله: یا رسول اللّٰه! قد شبت:

بعض نے یہ معنی لکھا ہے کہ آپ بوڑھے ہو گئے۔ لیکن اس سے یہ مراد نہیں کہ حضور علیہ السلام کے سر مبارک میں بہت زیادہ سفید بال ظاہر ہو گئے تھے کیونکہ امام ترمذیؒ نے حضرت انسؓ کی سند سے نقل کیا ہے کہ حضرت انسؓ فرماتے ہیں: **ماعددت فی رأس رسول الله ﷺ ولحیة الأربع عشرة شعرة بیضا۔**

خلاصہ یہ ہے کہ نے حضور علیہ السلام کے سر اور داڑھی میں سفید بال شمار کیے تو صرف چودہ (۱۴) بال سفید تھے۔

قوله: قال شیبتنی سورة هود واخواتها:

"**هود**" کو غیر منصرف نقل کیا گیا ہے اور ایک نسخہ میں منصرف بھی ضبط کیا گیا ہے۔ بعض کا کہنا ہے کہ اگر "**هود**" سورت کا نام ہو تو غیر منصرف ہے ورنہ منصرف ہے چنانچہ اس صورت میں مضاف مقدر ہوگا۔ میں (ملا علی قاریؒ کہتا ہوں) کہ جب "**هود**" غیر منصرف پڑھا جائے گا تو "جور" کی طرح ہے اور جب منصرف پڑھا جائے گا تو اس کی تقدیر "**سورة هود**" ہوگی۔ اور اس کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ ایک صحیح نسخہ میں "**سورة هود**" کے الفاظ ہیں۔

شیخ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ قیامت کی خوفناکی اور گذشتہ امتوں کے ساتھ پیش آنے والے حوادث کا مجھے اتنا زیادہ غم وفکر ہے کہ اپنی امت پر خوف سے بڑھاپے کی عمر تک پہنچنے سے پہلے ہی میں بوڑھا ہو گیا۔

شرح السنہ میں کسی صاحب کے متعلق لکھا ہے کہ وہ فرماتے ہیں، میں نے خواب میں حضور علیہ السلام کی زیارت کی تو میں نے عرض کیا کہ آپ سے منقول ہے کہ آپ نے فرمایا ہے: "مجھے سورۂ ھود نے بوڑھا کر دیا"۔ تو اس سورت کی کونسی آیت مراد ہے؟ اس کے جواب میں آپؐ نے ارشاد فرمایا: [**فاستقم کما امرت**"] [هود: ۱۱۲] "تو آپ جس طرح کہ آپ کو حکم ہوا ہے (راہِ دین پر) مستقیم رہئے"۔

امام فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کی وجہ یہ ہے کہ سیدھے راستے پر اس طرح سیدھا چلنا کہ عقائد اور ظاہری و باطنی اعمال میں افراط وتفریط میں سے کسی طرف بھی جھکاؤ نہ ہو یہ بہت مشکل ہے۔

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ اس بات میں تو کوئی شک نہیں کہ استقامت ہزار کرامتوں سے بہتر ہے کیونکہ استقامت پُل صراط سے زیادہ مشکل ہے حالانکہ پُل صراط بال سے زیادہ باریک ہے، ایلو اسے زیادہ کڑوا ہے تلوار سے زیادہ تیز ہے۔ موسم گرما کی شدید ترین گرمی سے زیادہ گرم ہے، لیکن حدیث کو آیت پر محمول کرنا خلاف ظاہر ہے۔ اس لئے کہ "ھود جیسی سورتوں" کی تفسیر ان سورتوں سے کی گئی ہے جو آئندہ مذکور ہیں اور ان میں استقامت کا ذکر نہیں ہے۔ اس لئے یہ کہا جائے کہ قیامت اور اس کی ہولناکی اور جہنم اور اس کی ہولناکی کو ذکر کرنے سے مقصود استقامت حاصل کرنا ہے تاکہ ندامت اور ملامت سے خلاصی حاصل ہو جائے، تو گویا کہ استقامت کا ذکر تمام سورتوں میں موجود ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یا یہ کہا جائے کہ حضور علیہ السلام نے خواب دیکھنے والے کو اس کے مقام کے مناسب جواب دیا اور اُس سے جو چیز مطلوب تھی اُس پر اُبھارنے کی مناسبت سے اس طرح جواب دیا لہٰذا یہ حکیمانہ اسلوب کے باب سے ہے۔ واللہ اعلم۔

تخریج: اس حدیث کو طبرانی نے عقبہ بن عامر اور ابو جحیفہ سے بھی نقل کیا ہے اور ابن مردویہ نے ابو بکر سے "قبل المشیب"، "بڑھاپے سے پہلے" کے الفاظ کی زیادتی کے ساتھ نقل کیا ہے۔

۵۳۵۴: وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ اَبُوْبَكْرٍ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ شِبْتَ قَالَ شَيَّبَتْنِيْ هُوْدٌ وَالْوَاقِعَةُ وَالْمُرْسَلٰتُ وَعَمَّ يَتَسَآلُوْنَ وَاِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ.

(رواه الترمذی وذکر حدیث ابی هریرة لا یلج النار فی کتاب الجهاد)

اخرجه الترمذی ۳۷۵/۵ حدیث رقم ۳۲۹۷

ترجمہ: "حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان فرمایا کہ (ایک روز) حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ عرض کرنے لگے کہ یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ تو (بہت جلد) بوڑھے ہو گئے؟ جناب رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہاں! سورۂ ہود، سورۂ واقعہ، سورۂ مرسلات، عم یتساءلون اور اذا الشمس کورت (اور ان کی مثل دیگر سورتوں) نے (کہ جن میں قیامت اور اس کے احوال کا تذکرہ ہے) مجھ کو (عمر کی زیادتی سے پہلے ہی) بوڑھا کر ڈالا ہے"۔ (ترمذی) اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت لا یلج النار ..... کو کتاب الجہاد میں نقل کیا جا چکا ہے۔

تشریح: والمرسلات: رفع کے ساتھ منقول ہے، اور اعراب حکائی کی بناء پر کسرہ کے ساتھ بھی جائز ہے۔

اس حدیث کو امام حاکم نے نقل کیا ہے، امام حاکمؒ نے اس حدیث کو ابو بکرؓ سے بھی نقل کیا ہے اور ابن مردویہ نے اس حدیث کو سعدؓ سے اور سعید بن منصور نے اپنی سنن میں حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے۔

ابن مردویہ نے اس کو عمرانؓ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے: "شیبتنی هود واخواتها من المفصل"۔

ابن مردویہ نے حضرت انسؓ سے ایک روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

"شیبتنی سورة هود واخواتها الواقعة والقارعة والحاقة واذا الشمس کورت وسأل سائل"

قول: وذکر حدیث ابی هریرة یلج النار:

۵۳۵۵: وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنَّكُمْ لَتَعْمَلُوْنَ اَعْمَالاً هِيَ اَدَقُّ فِيْ اَعْيُنِكُمْ مِنَ الشَّعْرِ كُنَّا نَعُدُّهَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُوْبِقَاتِ يَعْنِي الْمُهْلِكَاتِ (رواه البخاری)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۳۲۹/۱۱ حدیث رقم ٦٤٩٢ والدارمی فی السنن ٤٠٧/٢ حدیث رقم ٢٧٦٨ واحمد فی المسند ٧٠/٦۔

ترجمہ: "حضرت انس رضی اللہ عنہ نے (اپنے دور کے اہل اسلام کو مخاطب کر کے) ارشاد فرمایا "تم ایسے کام کرتے ہو جو تمہاری نظر میں بال سے بھی زیادہ باریک ہیں (یعنی نہایت معمولی ہیں) لیکن ہم ان اعمال کو رسول اللہ ﷺ کے زمانے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں موبقات یعنی ہلاک کرنے والے کاموں میں شمار کیا کرتے تھے"۔(بخاری)

تشریح: یعنی جو حقیقت میں بہت بڑے ہیں، اور تم ان کو چھوٹا سمجھتے ہو۔یہی معنی ہے اگلے جملہ کا۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ اس سے مراد کسی عمل میں غور کرنا اور باریک نگاہ سے دیکھنا ہے اور مطلب یہ ہے کہ تم اعمال کرتے ہو اور یہ سمجھتے ہو کہ تم اچھے اعمال کر رہے ہو حالانکہ حقیقت میں اس طرح نہیں ہے۔

الموبقات: "باء" کے کسرہ کے ساتھ، بمعنی "مھلکات"۔اور اسی باب سے یہ ارشاد باری: ﴿وجعلنا بينهم موبقا﴾ [الکھف:۵۲] "اور ہم ان کے درمیان میں ایک آڑ کر دیں گے" بھی ہے۔اس آیت میں موبقا، میم کے فتحہ کے ساتھ ہے اس کا معنی ہے "مھلکا"۔

۵۳۵۶: وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْ لَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا عَائِشَةُ اِيَّاكِ وَمُحَقَّرَاتِ الذُّنُوْبِ فَاِنَّ لَهَا مِنَ اللّٰهِ طَالِبًا. (رواه ابن ماجة والدارمي والبيهقي في شعب الايمان)

اخرجه ابن ماجه في السنن ۱۲۱۷/۲ حديث رقم ۴۲۴۳ والدارمي في السنن ۳۹۲/۲ حديث رقم ۲۷۲۶ واحمد في المسند ۴۰۲/۱۔

ترجمہ: "حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "عائشہؓ تم اپنے آپ کو ان گناہوں سے بھی بچائے رکھا کرو جن کو نہایت معمولی اور حقیر سمجھا جاتا ہے کیونکہ ان گناہوں کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے (عذاب کا) ایک مطالبہ کرنے والا بھی ہے"۔(ابن ماجہ، بیہقی)

تشریح: **قوله: يا عائشة! اياك محقرات الذنوب:**

بطور خاص چھوٹے گناہوں کا ذکر اس لئے کیا کہ بسا اوقات انسان چھوٹے گناہوں کو اہمیت نہیں دیتا بایں طور کہ توبہ کے ذریعہ اس کا تدارک کرتا ہے اور نہ اس سے خوف کرتا ہے، اور اس بات سے غفلت کرتا ہے کہ بار بار کرنے سے چھوٹا گناہ بھی چھوٹا نہیں رہتا (بلکہ بڑا ہو جاتا ہے۔نیز یہ کہ اللہ کی عظمت اور کبریائی کی بنسبت ہر چھوٹا گناہ بھی بڑا گناہ ہے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد ﴿ويغفر ما دون ذالك لمن يشاء﴾ [النساء:۴۸] "اور اس کے سوائے اور جتنے گناہ ہیں جس کے لئے منظور ہوگا وہ گناہ بخش دیں گے" سے مفہوم ہوتا ہے۔

اور اللہ تعالیٰ کے ارشاد: ﴿ان تجتنبوا كبائر ما تنهون منه نكفر عنكم سيئاتكم﴾ [النساء:۳۱] "جن کاموں سے تم کو منع کیا جاتا ہے ان میں جو بھاری بھاری کام ہیں اگر ان سے بچتے رہو تو ہم تمہاری خفیف برائیاں تم سے دور فرما دیں گے" کا مطلب یہ ہے کہ ہم تمہارے چھوٹے گناہوں کو تمہاری ان عبادات کے ذریعے دھو ڈالیں گے جو گناہوں کو مٹا دیتی ہیں، لیکن شرط یہ ہے کہ تم بڑے گناہوں سے اجتناب کرو، محض کبیرہ گناہوں سے بچنا شرط نہیں ہے جیسا کہ معتزلہ کا مذہب ہے، واللہ تعالیٰ اعلم

قوله: فان لها من الله طالبا:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یعنی ایک نوع کا عذاب ہے جو اس کے پیچھے آتا ہے گویا کہ وہ عذاب اس کو طلب کرتا ہے اور اس (عذاب) کو لوٹانے والا کوئی نہیں ہے، لہٰذا تنوین تعظیم کیلئے ہے ای طالبا عظیما (ایک بہت بڑا طالب)۔ اس لئے اُس سے غافل ہونا مناسب نہیں ہے بلکہ اس سے ڈرنا چاہئے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ "من الله طالبا" باب تجرید سے ہے جیسا کہ قائل کا یہ قول ہے:

ع "وفی الرحمن للضعفاء کاف"

میں (ملا علی قاری ﷺ) کہتا ہوں کہ بظاہر قائل کے اس قول کا معنی یہ ہے: "وفی رحمة الرحمن للضعفاء کفایة" کیونکہ اسم فاعل کبھی کبھار مصدر کے معنی میں آتا ہے جیسا کہ اپنے پیغام میں مذکور ہے۔

تخریج: اس حدیث کو احمد، طبرانی، بیہقی اور ضیاء نے سہل بن سعد سے مرفوعاً نقل کیا ہے جس کے الفاظ یہ ہیں:

"ایاکم ومحقرات الذنوب فانما مثل محقرات الذنوب کمثل قوم نزلوا بطن واد فجاء ذا بعود وجاء ذا بعود حتی حملوا ما أنضجوا به خبزهم' وان محقرات الذنوب متی یؤخذ بها صاحبها تهلکه"

"اپنے آپ کو صغیرہ گناہوں سے بچاؤ کیونکہ صغیرہ گناہوں کی مثال اس قوم جیسی ہے جو کسی وادی میں ٹھہرے ہوئے ہوں اُن میں سے ایک شخص ایک لکڑی لے کر آئے' دوسرا شخص دوسری لکڑی لے کر آئے، یہاں تک کہ اتنی آگ جلالیں جس سے اپنی روٹی پکالیں' اور صغیرہ گناہوں کے مرتکب کو جب اس کے ان گناہوں کی وجہ سے پکڑا جاتا ہے تو یہ گناہ اس کو ہلاک کر دیتے ہیں"۔

توضیح و تخریج: امام احمد اور امام طبرانی نے اس جیسی حدیث ابن مسعودؓ سے نقل کی ہے۔

۵۳۵۷: وَعَنْ اَبِیْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ لِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ هَلْ تَدْرِیْ مَاقَالَ اَبِیْ لِاَبِیْكَ قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ فَاِنَّ اَبِیْ قَالَ لِاَبِیْكَ یَا اَبَا مُوْسٰی هَلْ یَسُرُّكَ اَنَّ اِسْلَامُنَا مَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهِجْرَتُنَا مَعَهٗ وَجِهَادُنَا مَعَهٗ وَعَمَلُنَا كُلُّهٗ مَعَهٗ بَرَدَلَنَا وَاَنَّ كُلَّ عَمَلٍ عَمِلْنَا بَعْدَهٗ نَجَوْنَا مِنْهُ كَفَافًا رَأْسًا بِرَأْسٍ فَقَالَ اَبُوْكَ لِاَبِیْ لَاوَاللّٰهِ قَدْ جَاهَدْنَا بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَصَلَّیْنَا وَصُمْنَا وَعَمِلْنَا خَیْرًا كَثِیْرًا وَاَسْلَمَ عَلٰی اَیْدِیْنَا بَشَرٌ كَثِیْرٌ وَّاِنَّا لَنَرْجُوْا ذَاكَ قَالَ اَبِیْ لٰكِنِّیْ اَنَاوَالَّذِیْ نَفْسُ عُمَرَ بِیَدِهٖ لَوَدِدْتُّ اَنَّ ذٰلِكَ بَرَدَ لَنَا وَاَنَّ كُلَّ شَیْءٍ عَمِلْنَا بَعْدَهٗ نَجَوْنَا مِنْهُ كِفَافًا رَأْسًا بِرَاسٍ فَقُلْتُ اِنَّ اَبَاكَ وَاللّٰهِ كَانَ خَیْرًا مِنْ اَبِیْ۔

اخرجه البخاری فی صحیحه ۲۵٤/۷ حدیث رقم ۳۹۱۵

ترجمہ: "حضرت ابو بردہؓ بن ابی موسیٰ اشعری (جن کا شمار بلند پایہ تابعین میں ہوتا ہے) نے بیان فرمایا کہ (ایک روز)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما مجھ سے پوچھنے لگے کہ تمہیں خبر ہے' میرے والد (حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ) نے تمہارے والد (حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) سے کیا کہا تھا؟ حضرت ابو بردہؓ کہتے ہیں کہ میں نے جواب دیا کہ مجھے معلوم نہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میرے والد نے تمہارے والد سے کہا تھا کہ ابوموسیٰ کیا یہ بات تمہیں خوش کرتی ہے کہ ہمارا وہ اسلام جو رسول اللہ ﷺ کی ہمراہی میں تھا (یعنی آپ ﷺ کی بعثت کے باعث حاصل ہوا تھا) ہماری وہ ہجرت جو آپ ﷺ کے ساتھ تھی' ہمارا وہ جہاد جو آپ ﷺ کے ساتھ تھا اور ہمارے وہ سب اعمال (یعنی نماز' روزے' زکوٰۃ' حج اور اسی طرح دیگر عبادات واعمال) جو آپ ﷺ کے ساتھ تھے' وہ سب ہمارے لئے ثابت و برقرار رہیں اور ہم نے جو اعمال رسول اللہ ﷺ کے بعد کئے ہیں ہم ان میں برابر برابر ہی رہ جائیں (یعنی نہ ثواب نہ گناہ ہو تو ہماری نجات کے لئے کافی ہو جائیں۔ تمہارے والد نے (یہ سن کر) میرے والد سے کہا کہ نہیں' اللہ کی قسم ایسا نہیں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے بعد جہاد کیا ہے' نمازیں ادا کی ہیں' روزے رکھے ہیں اور دوسرے بہت سے نیک اعمال (جیسے صدقہ وخیرات وغیرہ) کئے ہیں اور بہت سی انسانیت نے ہمارے ہاتھوں پر بعیت اسلام کر کے شرف اسلام حاصل کیا ہے اور بلاشبہ ہم (مذکورہ چیزوں کا) اجر وثواب پانے کی توقع رکھتے ہیں جو ہمارے پہلے اعمال کے ثواب میں اضافہ ہی کریں گے) میرے والد (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) نے کہا کہ (تمہاری بات درست ہے) لیکن قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں عمر کی جان ہے۔ میں اس بات کی خواہش رکھتا ہوں کہ ہم نے جو اعمال رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کئے ہیں وہ ثابت وقائم رہیں اور جو اعمال ہم نے آپ ﷺ کے بعد کئے ہیں ان سے برابر سرابر نجات پا جائیں۔ (حضرت ابو بردہؓ کا بیان ہے کہ یہ سن کر) میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا کہ بلاشبہ تمہارے والد' اللہ کی قسم میرے والد سے بہتر تھے''۔ (بخاری)

تشریح: قال..... لأبيك: یعنی غلبۂ خوف کے معاملہ میں' باب کا عنوان' خوف کا ذکر ہے۔

قال: ابو بردہؓ نے فرمایا یا مطلب یہ ہے کہ راوی نے ابو بردہؓ سے نقل کرتے ہوئے فرمایا۔

يا أبا موسىٰ: ابوموسیٰؓ کی عظمت اظہار کے پیش نظر ان کو کنیت سے پکارا۔

قوله: هل يسر ك ان اسلامنا۔۔۔بردلنا:

نہایہ میں لکھا ہے کہ حدیث میں وارد ہوا ہے: "الصوم في الشتاء الغنيمة الباردة" یعنی موسم سرما میں روزہ ایسی غنیمت ہے جس میں نہ کوئی تھکاوٹ ہے اور نہ کوئی مشقت۔ اور ہر محبوب چیز عربوں کے ہاں "بارد" کہلاتی ہے۔

اور بعض نے حدیث بالا کا معنی یہ لکھا ہے کہ موسم سرما میں روزہ رکھنا ایک ایسی غنیمت ہے جو ثابت اور برقرار ہے۔ یہ عرب کے اس قول سے ماخوذ ہے: "برد لنا على فلان حق" کا ثبت۔ (انتهى كالامه)

"برد لنا" ان اسلامنا کی خبر ہے اور یہ جملہ" هل يسرك " کا فاعل ہے۔

قوله: وان كل عمل ه بعده ۔۔۔رأسا برأس:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''وأن كل عمل اس کا عطف ان اسلامنا پر ہے۔

رأسا برأس: یہ بدل ہے یا بیان ہے' ''نجونا'' کے فاعل سے حال ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔ ای متساوبین مطلب یہ کہ ہم برابر سرابر رہیں' نہ تو ان اعمال کا ہمیں کوئی نفع پہنچے اور نہ نقصان، بایں طور کہ نہ ثواب کا باعث بنیں اور نہ عذاب کا۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ''کفافاً'' ضمیر مجرور سے حال ہونے کی بناء پر منصوب ہے: ای: ''نجونا منه فی حالة کونه لا یفصل علینا شیئ منه'' یا فاعل سے حال ہے۔ ای ''مکفوفًا عنا شره'' (اس حال میں کہ ان اعمال کی برائی ہم سے روک دی جائے۔)

قوله: فقال ابوك لابی..... وانا النرجو ذلك۔

وأنا لنرجوا ذاك: اور ایک نسخہ میں (''ذاك'' کی بجائے) '' ذالك '' کا لفظ ہے۔ یعنی مذکورہ امور کا ثواب گذشتہ امور یعنی اسلام، ہجرت اور دوسرے اعمال کے ثواب سے زاہد ہے۔

قوله: قال ابی :ولكنی أنا۔۔۔رأسا برأسٍ :لكنی أنا: أنا کو تاکید کیلئے ذکر کیا گیا ہے۔

ذالك: حضور علیہ السلام کے زمانہ میں ہم نے جو اعمال کئے ہیں ثابت رہیں' باطل نہ ہو جائیں' اور حضور علیہ السلام کی ذات اقدس کی برکت وفضیلت کے طفیل وہ اعمال ناقص نہ رہیں۔

نجو نامنه كفافا رأسا برأس): اس کی وجہ۔ واللہ اعلم بالصواب یہ ہے کہ ''۔تابع'' صحت وفساد، اعتقاد واخلاص اور علم وعمل میں اپنے متبوع کے مطابق ہوتا ہے، جیسا کہ مقتدی کی نماز امام کی نماز کے صحیح ہونے سے صحیح ہوتی ہے اور امام کی نماز کے فساد سے مقتدی کی نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ اور حضور علیہ السلام کی صحبت میں کئے ہوئے اعمال کے صحیح اور کامل ہونے میں تو کوئی شک نہیں۔ البتہ حضور علیہ السلام کے بعد جو عبادات ہوئی ہیں، اُن میں نیتیں متغیر ہو گئیں اور حالات بگڑ گئے۔ جیسا کہ حضور علیہ السلام کے دنیا سے رخصت ہونے کے وقت صحابہ رضی اللہ عنہم کا اس بات کا اقرار خود ان کے الفاظ میں ملتا ہے، صحابہ فرماتے ہیں کہ ہم نے آپ کی قبر اطہر پر مٹی ڈالنے کے بعد اپنے ہاتھ بھی نہیں جھاڑے تھے اور حضور علیہ السلام کو سپردِ خاک کرنے میں مشغول تھے کہ ہم نے اپنے دلوں میں تغیر محسوس کیا یعنی حضور علیہ السلام کے آفتاب وجود اور ماہتاب سخاوت کے غروب ہونے سے جو اندھیرا پیدا ہوا اس کی وجہ سے اپنے دلوں میں تغیر محسوس کیا۔ چنانچہ بڑی غنیمت یہ ہے کہ نیک اعمال اور برے اعمال دونوں برابر برابر رہیں اور ہمیں خلاصی مل جائے۔ اور یہ بات تو اُن لوگوں سے منقول ہے جو جلیل القدر صحابہ تھے اور عظیم خلفاء تھے۔ تو ان کے بعد والوں کی عبادات جو کہ عموماً غرور، عجب، ریاء کاری اور دوسرے اسباب معاصی سے بھری ہوئی ہیں، کے بارے میں کیا کہا جا سکتا ہے اور اس کا کیا ٹھکانہ ہے سوائے اس کے کہ اپنی رحمت وعنایت سے نوازے اور ان گناہ گاروں کو ان نیک بندوں کے طفیل معاف کر کے ان کے ساتھ حشر کر دے۔ بلکہ بعض عارفین نے یہاں تک کہا ہے کہ وہ معصیت جو بندے میں احساس ندامت و

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذلت وشرمندگی پیدا کرے اُس طاعت سے بہتر ہے جو بندے میں عجب اور تکبر وغرور پیدا کردے۔

فقلت ان اباك و الله..... من ابی: یعنی حضرت عمرؓ ابوموسیٰؓ سے ہر چیز میں بہتر تھے۔ اور یہ بات اسی طرح ہی ہے کیونکہ سرداروں کا کلام کلاموں کا سردار ہوا کرتا ہے اور کیوں نہ ہو جبکہ حضرت عمرؓ کی زبان کو اللہ نے درست کلام گو بنایا تھا اور عمرؓ ''فاروق'' ہیں جو ہر مسئلہ میں حق و باطل کے درمیان فرق کرنے والے ہیں' اور جن کی رائے نزول وحی کے موافق ہوتی ہے' جن کی بات حضور علیہ السلام کی حدیث: ''**انا اعلمكم بالله و أخشاكم له**'' کے مطابق ہوتی تھی اور اللہ کا ارشاد ہے: ﴿**انما يخشى الله من عباده العلماء**﴾ [فاطر:۲۸] ''اللہ سے اس کے وہی بندے ڈرتے ہیں جو علم رکھتے ہیں''۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ ''**لو ددت**'' جواب قسم ہو اور جملہ قسمیہ تاویل کے بعد ''**لكنى**'' کی خبر ہو۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث کوفیوں کی دلیل ہے۔ مغنی میں لکھا ہے کہ ''لکن'' کی خبر پر لام داخل نہیں ہوتا بخلاف کوفیوں کے کہ انہوں نے ''**ولكننى من حبها لعميد**'' سے استدلال کیا ہے۔ یہاں لام زائد ہے' یا اصل یہ تھی'' **لكن أننى** '' پھر تخفیف کیلئے ہمزہ حذف کر دیا گیا اور ''لکن '' کے نون کو بھی حذف کر دیا گیا کیونکہ ساکنین جمع ہو گئے۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ اس جواب میں وہ تکلفات بعیدہ اور تعسفات مزیدہ (بے جا باتیں) ہیں جن، کی نہ تو اللہ کی طرف سے کوئی دلیل ہے اور نہ کوئی عقلی دلیل وحجت ہے۔ لہٰذا درست یہی ہے کہ یہ لام تاکید کیلئے ہے جیسا کہ ''لکن' کے اخوات میں جائز قرار دیا گیا ہے صحیح قیاس کے مطابق ہے خصوصاً جبکہ فصحاء عرب میں اوحدی کی زبان سے ایسی صحیح سند کے ساتھ منقول ہے جو اصح الاسانید ہے۔

رواه البخاری: پھر یہ ایک بہت زیادہ عجیب وغریب بات ہے کہ اگر اصمعی اور اس جیسے دوسروں کی سند سے نقل کیا جائے کہ ایک عربی جو اپنے ٹخنوں پر پیشاب کرتا ہے اور اس نے اس کے مثل نثر ونظم میں کلام کیا ہے تو نحوی اس بات کو صحیح قول پر محمول کرتے ہیں، اور اس کو قاعدہ اور اساس مؤید بنا دیتے ہیں، اسی لئے کسی نے سچ کہا ہے کہ نحویوں صرفیوں کے دلائل مکڑی کے جالے ہیں، کبھی یہ دلائل باقی رہتے ہیں، اور کبھی فوت ہو جاتے ہیں۔

۵۳۵۸ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنِیْ رَبِّیْ بِتِسْعٍ خَشْيَةَ اللّٰهِ فِی السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ وَكَلِمَةِ الْعَدْلِ فِی الْغَضَبِ وَالرِّضَا وَالْقَصْدِ فِی الْفَقْرِ وَلْغِنَاءِ وَاَنْ اَصِلَ مَنْ قَطَعَنِیْ وَاُعْطِیَ مَنْ حَرَمَنِیْ وَاَعْفُوَ عَمَّنْ ظَلَمَنِیْ وَاَنْ يَّكُوْنَ صَمْتِیْ فِكْرًا وَنُطْقِیْ ذِكْرًا وَنَظَرِیْ عِبْرَةً وَّاٰمُرَ بِالْعُرْفِ وَقِيْلَ بِالْمَعْرُوْفِ ۔

رواه رزين

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: (میرے رب نے مجھ کو نو چیزوں کا حکم فرمایا ہے' ایک تو یہ کہ ظاہر و پوشیدہ ہر حالت میں اللہ سے ڈرتے رہنا (یعنی دل بھی خوف خداوندی سے لبریز ہو اور جس وقت نافرمانی کے ارتکاب سے بچے ~~ہاں وقت بھی~~ اعضاء جسم پر بھی خوف خداوندی کا اثر دکھائی دے' یا یہ کہ خلوت وجلوت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہر حالت میں وہی کام کرنا چاہئے جو خوف خداوندی کا مظہر ہو) دوسری بات یہ کہ غصہ کی حالت ہو یا خوشی کی بہر حال حق بات کہی جائے۔ تیسری بات یہ کہ فقر وغربت اور ثروت و مالداری دونوں حالتوں میں میانہ روی کو اپنایا جائے (یعنی خواہ فقر وغربت کی حالت ہو یا ثروت و مالداری کی' بہر صورت راہ اعتدال پر قائم رہا جائے)۔ چوتھی بات یہ کہ جو شخص مجھ سے تعلق منقطع کرے میں اس سے رشتہ وناتہ برقرار رکھوں (یعنی مجھے ایک حکم یہ بھی دیا گیا ہے کہ اگر میرا کوئی عزیز ورشتہ دار مجھ سے بدسلوکی کرے اور قرابت داری کا علاقہ توڑ ڈالے تو میں اس کے ساتھ بھی حسن سلوک کروں یہ بات آنحضرت ﷺ کے وصف حلم و بردباری اور کمال تواضع ومروت کی آئینہ دار ہے) پانچویں بات یہ کہ میں ایسے انسان کو (بھی) اپنی عطاء و بخشش اور جود وسخاوت سے نوازوں جو مجھے (اپنے لین دین سے) محروم رکھے' چھٹی بات یہ کہ جو شخص میرے ساتھ ظلم وجود کا معاملہ کرے میں (بدلہ لینے کی استطاعت رکھنے کے باوجود)۔ اس کو معاف کردوں۔ ساتویں بات یہ کہ میری خاموشی عبادت کا ذریعہ ہو (یعنی جب میں چپ رہوں اور کسی کے ساتھ بات چیت یا زبان کے ذریعے تبلیغ میں مشغول نہ ہوں تو اس وقت اللہ تعالیٰ کے اسماء وصفات' اس کی قدرت کے مظاہر اور اس کے کلام کے معانی ومطالب میں غور وفکر کرنے میں مستغرق ومنہمک رہوں' آٹھویں یہ کہ میرا بولنا ذکر (کا آئینہ دار) ہو (یعنی جب میری زبان جاری ہو اور میں گفتگو کروں تو اللہ کی بات کروں خواہ اس کا تعلق تسبیح وتحمید اور تکبیر وتہلیل سے ہو یا تلاوت کلام اللہ اور اس کے بندوں کو تعلیم وتلقین اور تذکیر ونصیحت سے) اور نویں بات یہ کہ میری نگاہ عبرت حاصل کرنے والی ہو (یعنی جب میں اللہ تعالیٰ کی کسی بھی خلقت کی طرف نظر اٹھاؤں تو میرا وہ دیکھنا عبرت حاصل کرنے کے لئے اور توجہ وہوشیاری کے ساتھ ہو' نہ کہ بے وقوفی وغفلت کے ساتھ' نیز میرے پروردگار نے مجھے یہ بھی حکم دیا ہے کہ میں اللہ کے بندوں کو خیر کی تعلیم اور تلقین کرتا رہوں) اور ایک دوسری روایت میں "بالمعروف" کا لفظ ہے"۔

(رزین)

تشریح قوله: امرني ربي بتسع ..... والعلانية:

خشیۃ اللہ کے ساتھ ہے اور رضا میں الف مقصورہ کے ساتھ ہے۔

وكلمة العدل في الغضب و الرضا:

"الرضا" الف مقصورہ کے ساتھ ہے۔

یا دوسرے اور یہ بہت زیادہ حلم اور کمال تواضع کا مظہر ہے۔

وأعطي من حرمني. اور یہی کمال شرافت وسخاوت ہے۔

واعفو عمن ظلمني: یعنی انتقام لینے پر قادر ہونے کے باوجود۔ یہ صبر وشکر اور اللہ کے بندوں کے ساتھ رحمت واحسان کا نتیجہ ہے۔

وان يكون صمتي فكرا: یعنی اللہ کے اسماء وصفات میں اور اللہ کی قدرت کی کرشمہ سازیوں اور کلام اللہ کے معانی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں۔

ونطقی ذکرا: یعنی تسبیح وتحمید، تقدس وتمجید تکبیر، توحید قرآن تلاوت اور اللہ کے بندوں کو وعظ ونصیحت۔

ونظری عبرۃ: یعنی دنیا کے اطراف مخلوقات میں غور کرنا۔

وآمر بالعرف وقیل بالمعروف:

یعنی بعض نے "عرف" عین کے ضمہ اور راء کے سکون کے ساتھ کی بجائے "المعروف" نقل کیا ہے۔ اور حدیث میں "آمر بالعرف" کو ذکر کیا، مگر "أنهى عن المنكر" کو ذکر نہیں کیا۔ ایسا کرنا از باب اکتفاء ہے یا وجہ یہ ہے کہ "العرف معروف معروف شرعی کو شامل ہے جو ارتکاب واجتناب ہر دو کو شامل ہے"

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ شروع میں نو باتوں کا ذکر کیا لیکن تفصیل میں دس/۱۰ باتوں کو ذکر کیا اس کی وجہ یہ ہے کہ دسویں بات یعنی "امر بالمعروف" پچھلی نو/۹ باتوں کی تفصیل کے بعد ان کا اجمالی ذکر ہے اس لئے کہ "المعروف" کا لفظ ہر اُس عمل کو شامل ہے جو بھلائی کا ہے چاہے اللہ کی عبادت ہو جس سے اللہ کا قرب حاصل ہوتا ہے۔ چاہے لوگوں کے ساتھ اچھا سلوک ہو اور ہر اُس اچھے عمل کو شامل ہے جس کو شریعت نے پسندیدہ قرار دیا ہو اور ہر اس برے عمل کو شامل ہے جس کو شریعت نے ممنوع قرار دیا ہے۔ گویا کہ یوں کہا گیا: "مجھے میرے رب نے حکم دیا کہ ان صفات کے ساتھ متصف ہو جاؤں اور دوسروں کو ان صفات کے ساتھ متصف ہونے کا کہوں" چنانچہ یہاں ہر واؤ حرف عطف کے ذریعے مفرد کا عطف مفرد پر ہے، اور "وآمر بالمعروف" میں جو واؤ ہے اس کے ذریعے معنی کے اعتبار سے باعتبار لفظ مجموعہ کا مجموعہ پر عطف ہے۔ تفرقہ بین الواوین کی مثال یہ آیت کریمہ ہے: ﴿وَمَا يَسْتَوِي الْأَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ﴾ [فاطر ۱۹.۲۰.۲۱] "اور اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں اور نہ تاریکی اور روشنی اور نہ چھاؤں اور دھوپ"۔

۵۳۵۹ : وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَامِنْ عَبْدٍ مُؤْمِنٍ يَخْرُجُ مِنْ عَيْنَيْهِ دُمُوْعٌ وَاِنْ كَانَ مِثْلَ رَاسِ الذُّبَابِ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ثُمَّ يُصِيْبُ شَيْئًا مِنْ حُرِّ وَجْهِهٖ اِلَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ۔

اخرجه ابن ماجه فى السنن ۲/۱۴۰۴ حديث رقم ۴۱۹۷

ترجمہ: "حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "ہر وہ مؤمن شخص جس کی آنکھوں سے (خدا کے خوف سے) آنسو نکلیں خواہ وہ آنسو مکھی کے سر کے برابر (یعنی بہت معمولی مقدار میں) کیوں نہ ہوں اور پھر وہ آنسو بہہ کر اس کے چہرے پر آ جائیں تو خدا تعالیٰ اس پر جہنم کی آگ کو حرام فرما دیتے ہیں"۔ (ابن ماجہ)

تشریح: دموع: آنسو کے کم از کم تین قطرے۔

یصیب: رفع کے ساتھ ہے اور بعض نسخوں کے ساتھ نصب کے ساتھ کہا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حر: حاء کے ضمہ اور راء کی تشدید کے ساتھ بمعنی خالص۔ قاموس میں ہے [''حر الوجه''ماأقبل عليك وبد الك منه۔

حرمه الله على النار: مفعول کی ضمیر اُس مومن بندہ کی طرف راجع ہے جس کی پہلے صفت بیان کی گئی ہے۔ اور یہ بھی ممکن ہے کہ ''حر الوجه''کی طرف راجع ہو اور اس صورت میں اُس بندہ کو جہنم پر حرام کر دینے سے کنایہ ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

تخریج: جامع کے الفاظ یہ ہیں: ''ما من عبدٍ مومن يخرج من عينيه من الدموع مثل رأس الذباب من خشية الله فيصيب حر وجهه فتمسه النار ابدا''اس کو ابن ماجہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ تَغَيُّرِ النَّاسِ

لوگوں کے تغیر وتبدل کا بیان

یعنی زمانے کے بدلنے سے لوگوں کا بدلنا جیسا کہ اس باب کی اکثر احادیث کے مضمون سے یہ سمجھ میں آرہا ہے۔ اس باب کی احادیث کے موافق ہے یا لوگوں کے تغیر سے مراد لوگوں کے حالات اور مراتب ومنازل کا مختلف ہونا ہے جو ان لوگوں کے زمانوں کے تغیر کو بھی شامل ہے۔ پہلی فصل کی پہلی حدیث کا ظاہری مطلب اسی کے مطابق ہے۔

۵۳۶۰ : عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا النَّاسُ كَالْاِبِلِ الْمِائَةِ لَاتَكَادُ تَجِدُ فِيْهَا رَاحِلَةً۔ (متفق علیہ)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۳۳۳/۱۱ حدیث رقم ٦٤٩٨ومسلم فی صحیحه ۱۹۷۳/٤ حدیث رقم (۲۳۲-۲۵٤۷) والترمذی فی السنن ۱٤۱/۵ حدیث رقم ۳۸۷۲وابن ماجه ۱۳۲۱/۲ حدیث رقم ۳۹۹۰ واحمد فی المسند ۷۰/۲۔

ترجمہ: ''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''آدمی اوصاف کے اختلاف اور حالات کے تغیر کے اعتبار سے ان سواونٹوں کی طرح ہے جن میں سے تم سواری کے لائق کسی ایک کو پاسکو''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله: انما الناس كالابل المائة:

كالابل المائة: طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ دونوں جگہ الف لام جنس کیلئے ہے۔ اور علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، کہ ایک صحیح روایت میں ''كابل مائة'' کے الفاظ بغیر الف لام کے منقول ہیں۔

قوله: لاتكاد تجد فيها راحلة:

ان سو (۱۰۰) اونٹوں میں کوئی ایسا نوجوان توانا اور تندرست اونٹ جو سواری کے قابل ہو۔ اسی طرح سو آدمیوں میں سے تجھے کوئی ایسا آدمی نہیں ملے گا، جو صحبت اور مودت ومحبت کے قابل ہو، جو اپنے ساتھی سے تعاون کرے اور اس کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرے۔ مصابیح کے پہلے شارح اور ان کے متبعین دوسرے شراح کے کلام کا خلاصہ یہی ہے۔

خطابیؒ فرماتے ہیں مطلب یہ ہے کہ دین کے احکام میں تمام لوگ برابر درجے پر ہیں، کسی شریف کو کسی کمزور پر کوئی فضیلت حاصل ہے اور نہ کسی بلند مرتبے والے شخص کو کسی کم مرتبے والے شخص پر، جیسا کہ سواونٹوں میں کوئی اونٹ سواری کیلئے خاص نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوتا۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ پہلے قول کے مطابق "لا تجد فیها راحلة" ابل کے لئے صفت ہے اور تشبیہ مرکب تمثیلی ہے۔ اور دوسرے قول کے مطابق "لا تجد فیها راحلة" وجہ تشبیہ ہے اور "ابل" کے ساتھ انسان کی مناسبت کا بیان ہے۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ پہلے قول کے معنی کا واضح ہونا مخفی نہیں ہے۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ لوگوں میں ایسے شخص کا ملنا مشکل ہوگا جو اعمال کے اعتبار سے پسندیدہ ور جہدہ ہو، ہم نیشی کے لائق ہو، سہل الانقیاد (آسانی سے تابع ہونے والی) ہو۔ جیسا کہ بہت سارے اونٹوں میں سے ایسا اونٹ نہیں ملتا جو سواری کیلئے موزوں ہو اور اُس پر بوجھ لاد کر اُس پر سفر کیا جا سکتا ہو۔ چنانچہ سو (۱۰۰) کے عدد کا ذکر کثرت کے لئے ہے۔ اس سے تحدید کا ذکر مراد نہیں ہے۔ کیونکہ مخلص عالم باعمل کا وجود کیمیاء کے قبیل سے ہے، عنقاء کی طرح ہے۔ اسی وجہ سے ایک عارف باللہ کہتا ہے:

أتمنى على الزمان محالاً
ان ترى مقلتاى طلعة حر

"میں اس زمانے سے ایک محال چیز کی تمنا کر رہا ہوں کہ میری نگاہیں کوئی مخلص مسلمان دیکھیں۔"

دوسرا کہتا ہے:

واذا صفا لك من زمانك واحد
فهو المراد واين ذاك الواحد

"اگر تجھے اپنے زمانے میں کوئی ایک مخلص بندہ ملے تو اسی کو لازم پکڑ لیکن وہ ایک بندہ کہاں ہے۔"

بعض اربابِ حال کہا کرتے تھے کہ یہ زمانہ قحط الرجال کا ہے۔ سھل تستریؒ کے بارے میں منقول ہے کہ ایک دن مسجد سے باہر تشریف لائے تو مسجد کے اندر اور باہر بہت زیادہ آدمیوں کو دیکھا تو فرمایا کہ لا الٰہ الا اللہ پڑھنے والے تو بہت زیادہ ہیں، مگر اخلاص والے ان میں سے بہت کم ہیں اس مفہوم کو اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی کئی آیات میں بیان فرمایا، چنانچہ ایک جگہ ارشاد باری ہے:

﴿وقليلٌ من عبادى الشكور﴾ [سبا:۱۳] "اور میرے بندوں میں شکر گزار کم ہی ہوتے ہیں"۔

دوسری جگہ ارشاد ہے: ﴿الا الذين آمنوا وعملوا الصٰلحٰت وقليلٌ ما هم﴾ [ص:۲۴]

"مگر ہاں جو لوگ ایمان رکھتے ہیں، اور نیک کام کرتے ہیں، اور ایسے لوگ بہت ہی کم ہیں۔"

اور مقربین سابقین کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿ثلةٌ من الاولين وقليلٌ من الآخرين﴾

[الواقعة۔۱۲۔۱۴]

"اُن کا ایک بڑا گروہ تو اگلے لوگوں میں سے ہوگا اور تھوڑے پچھلے لوگوں میں سے ہونگے۔"

تخریج: اس کو ترمذیؒ نے نقل کیا ہے، اور یہ بخاری کے الفاظ ہیں، (امام میرکؒ نے تصحیح سے نقل کیا ہے) اور جامع میں یہ الفاظ ہیں: "انما الناس كابلٍ مائة"۔ "ابل مائة" نکرہ ہے۔ اس حدیث کو امام احمد، شیخین، ترمذی اور ابن ماجہ نے نقل کیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے۔

۵۳۶۱ : وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَتَتَّبِعُنَّ سَنَنَ مَنْ قَبْلَكُمْ شِبْرًا بِشِبْرٍ وَذِرَاعًا بِذِرَاعٍ حَتّٰى لَوْدَخَلُوْا جُحْرَضَبٍّ تَبِعْتُمُوْهُمْ قِيْلَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى قَالَ فَمَنْ. (متفق علیه)

اخرجه البخاری فی صحیحه ٤٩٥/٦ حدیث رقم ٣٤٥٦ ومسلم فی صحیحه ٢٠٥٤/٤ حدیث رقم (٢٦٦٩/٦) واحمد فی المسند ٥١١/٢

ترجمہ: ''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بلاشبہ (آئندہ ادوار میں) تم بالشت بالشت کے برابر اور ہاتھ ہاتھ کے برابر ان لوگوں کے طور وطریقوں کی پیروی اور موافقت کرو گے جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں۔ یہاں تک کہ اگر وہ گوہ یعنی سوسمار کے بل میں داخل ہوئے ہوں گے (جو بہت تنگ اور برا ہوتا ہے) تو تم اس میں بھی ان کی متابعت وموافقت کرو گے۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ ﷺ وہ لوگ کہ جو پہلے گزر چکے ہیں اور جن کے طور طریقوں کو ہم اپنائیں گے کیا وہ یہود ونصاریٰ ہیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا ہاں تو اور کون ہیں؟ یعنی تم سے پہلے گزر جانے والے جن لوگوں کی طرف میں نے اشارہ کیا ہے ان سے یہود ونصاریٰ مراد ہیں''۔ (بخاری ومسلم)

تشریح: قوله: لتتبعن سنن من قبلم شبرا بشبر وذراعًا بذراع:

لتتبعن: دوسری تاء کی تشدید اور عین کے ضمہ کے ساتھ۔

سنن: سین کے ضمہ کے ساتھ' سنۃٌ کی جمع ہے اور لغت میں ''سنت'' طریقے کو کہتے ہیں چاہے طریقہ حسنہ ہو چاہے سیئہ لیکن یہاں اس لفظ سے اُن خواہش پرستوں اور اہل بدعت کا طور وطریقہ مراد ہے جنہوں نے اپنے انبیاء کے بعد اپنی نفسانی خواہشات کیلئے بدعات کو شروع کیا اور انبیاء کے لائے ہوئے دین کو متغیر کر دیا اور ان کی لائی ہوئی کتاب میں تحریف کر ڈالی جیسا کہ۔ یہی حالات بنی اسرائیل پر آئے تھے۔

اور بعض نسخوں میں ''سنن'' ''سین'' کے فتحہ کے ساتھ منقول ہے چنانچہ ''مقدمہ'' میں لکھا ہے ای: طریقهم (اُن کا راستہ۔)

شبرًا بشبر: ''یدًا بیدٍ'' کی طرح حال ہے اور اسی طرح ''ذراعاً بذراع'' بھی حال ہے۔ یعنی قریب ہے کہ تم ان کی طرح افعال اعمال کرو گے بالکل برابر سرابر۔

قوله: حتى لو دخلو جحر ضب تبعتموهم:

جحر ضب: بلوں میں سے تنگ ترین اور بدنما ترین بل ہوتا ہے۔

اور اس میں حکمت یہ تھی کہ حضور علیہ السلام کو چونکہ آخری امت میں خوش اخلاقی کے اتمام کیلئے مبعوث کیا گیا اس لئے اس کا تقاضا یہ ہے کہ اس امت کے کامل افراد اُن تمام اوصافِ حمیدہ کے ساتھ متصف ہوں جو گذشتہ امتوں کے ادیان میں تھے اور اسی کے لوازم میں سے ہے کہ اس امت کے ناقص افراد کامل درجے کی کوتاہی کرنے والے ہوں اور گذشتہ امتوں میں جو بُرے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اخلاق تھے اُن تمام برے اخلاق میں مبتلا ہوں۔

اس کی نظر ایک بزرگ کی یہ بات ہے کہ میں نے اولیاء اللہ کے بارے میں جتنے مجاہدات اور ریاضتیں سنی تھیں وہ سارے مجاہدات اور ریاضتیں اپنائیں اور برداشت کی تو تمام اقسام کی کرامات عطاء کی گئیں۔ اور اس سے مناسبت رکھتی ہے وہ بات جو محققین نے ذکر کی ہے کہ ''انسان کے حق میں توقف (یعنی کہ وہ ایک جگہ پر کھڑا ہو جائے' آگے ترقی نہ کرے اور اسی پر اکتفاء کرے) نہیں ہے' اگر انسان ترقی نہ کرے تو تنزل کا شکار ہو جائے گا۔ اور اسی طرح بنی آدم کی ایک نوع ایسی ہے جو ''فرشتہ صفت روح اور حیوانی صفت روح) کا مرکب ہے' پس اگر وہ بلندی کی طرف بڑھتا ہے تو مرتبہ میں مقرب فرشتوں سے بھی آگے بڑھ جاتا ہے، اور اگر پستی کی طرف مائل ہوتا ہے تو چوپایوں سے نیچے مرتبہ تک پہنچ جاتا ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اشارہ فرمایا: ﴿أُولٰئك كالأنعام بل هم اضل﴾ [الاعراف: ۱۹] ''یہ لوگ چوپایوں کی طرح ہیں بلکہ یہ لوگ زیادہ بے راہ ہیں''۔

اور یہاں قضاء کا دروازہ کھلتا ہے اور ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿لا يسأل عما يفعل﴾ [الانبیاء۔۲۳] ترجمہ: ''وہ جو کچھ کرتا ہے اس سے کوئی باز پرس نہیں کر سکتا اور اوروں سے باز پرس کی جا سکتی ہے۔''

قوله: قيل يا رسول الله: اليهود والنصارى؟ قال: فمن؟

اليهود والنصارى: نصب کے ساتھ ہے، تقدیری عبارت اس طرح ہے: ''**اتعنى بمن تتبعهم اليهود والنصارىٰ؟**'' یا اس طرح ہے: ''**اتعنى بمن قبلنا اليهود والنصارىٰ؟**'' (کیا آپ گذشتہ لوگوں سے یہود و نصاریٰ مراد لے رہے ہیں؟)

''**قال فمن**'': **اى ان لم أردهم فمن سواهم**

(حضور علیہ السلام نے فرمایا اگر وہ مراد نہ لوں تو پھر کون ہے؟) مطلب یہ ہے کہ اہل کتاب سے عموماً یہی مراد ہوتے ہیں، اور یہی مشہور ہیں اور ان کے علاوہ دوسروں کا نام و نشان مٹ چکا ہے، چنانچہ ''من قبلكم'' مطلق بولا جائے تو یہی مراد ہوتے ہیں، ۔شارحؒ فرماتے ہیں، کہ ''من' استفہامیہ ہے: **اى فمن يكون غير هم** (یعنی تو ان کے علاوہ اور کون ہیں؟) یعنی تمہارے متبوع یہی لوگ ہیں، کوئی اور نہیں ہیں۔

ابن الملکؒ فرماتے ہیں کہ لفظ ''اليهود'' کو جر کے ساتھ بھی نقل کیا گیا ہے، ای ''هل تتبع سنة اليهود؟'' اور رفع کے ساتھ بھی منقول ہے اس بناء پر کہ مبتدا کی خبر بنے گا اور حرف استفہام مقدر ہوگا۔ ای **هل من قبلنا هم اليهود؟** انتہیٰ۔ بعض نے اس کی تقدیریوں بیان کی ہے ''**المتبوعون هم اليهود والنصارىٰ ام غيرهم؟**''۔

تخریج: اس حدیث کو حاکم نے ابن عباسؓ سے نقل کیا ہے اور الفاظ یوں ہیں:

''**لتركبن سنن من قبلكم شبرا بشبرٍ وذراعاً بذراعٍ حتى لو ان احدهم دخل جحر ضب لدخلتم وحتى لو ان احدهم جامع امراته بالطريق لفعلتموه**''۔

۵۳۶۲ : وَعَنْ مِرْدَاسٍ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْهَبُوْنَ الصَّالِحُوْنَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْاَوَّلُ فَالْاَوَّلُ وَيَبْقٰى حُفَالَةٌ كَحُفَالَةِ الشَّعِيْرِ اَوِ التَّمْرِ لَا يُبَالِيْهِمُ اللّٰهُ بَالَةً (رواه البخاری)

اخرجه البخاری فی صحیحه ۲۵۱/۱۱ حدیث رقم ٦٤٣٤۔

ترجمہ: ''حضرت مرداس اسلمی رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نیکوکار وصالح لوگ یکے بعد دیگرے اس دنیا سے کوچ کرتے ہیں اور بے کار و بدکار لوگ جو کے بھوسر یا کھجور کے کچرا کی مانند باقی رہ جائیں گے جن کی اللہ تعالیٰ کوئی پرواہ نہیں کریں گے (یعنی اللہ تعالیٰ کے ہاں ایسے لوگوں کی کوئی حیثیت ومقام نہیں اور ان کے وجود کا کوئی اعتبار نہیں)''۔(بخاری)

راوئ حدیث:

مرداس بن مالک۔ یہ ''مرداس'' ہیں ''مالک'' کے بیٹے ہیں۔اور اسلمی ہیں۔یہ اصحاب شجرہ میں سے تھے۔اہل کوفہ میں ان کا شمار ہے۔ان سے قیس بن ابی حازم نے صرف ایک حدیث روایت کی ہے۔اس حدیث کے علاوہ ان کی کوئی حدیث نہیں ہے۔

تشریح:قوله:قال النبی یذهب الصالحون الأول فالأول):

قال النبیؐ: ایک صحیح نسخہ میں ''رسول اللہ'' کے الفاظ مذکور ہیں۔

''الاول'': رفع کے ساتھ **''صالحون''** سے بدل ہے اور نصب کے ساتھ حال ہے۔

قوله: وتبقی حفالة کحفالة الشعیر اولتمر: حفالة: حاء کے ضمہ کے ساتھ اور ایک نسخہ میں فاء کی بجائے تاء کے ساتھ ہے اور دونوں کا معنی ہے ردی اور بے کار چیز،اور تنکیر تحقیر کیلئے ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، فاء تعقیب کیلئے ہے چنانچہ عبارت میں تقدیر ضروری ہے ای **''الأول منهم فالأول من الباقین منهم''** اسی طرح ہوتا رہے گا، یہاں تک کہ یہ سلسلہ ردی لوگوں تک پہنچ جائے گا، اور یہ کلام ایسا ہی ہے جیسا کہ **''الأفضل فالأفضل''** ہے۔قاضی فرماتے ہیں، **''الحفالة''** کا معنی ہے کسی چیز سے بچا ہوا ردی فضلہ اور **''الحثالة''** کا بھی یہی معنی ہے۔

قوله: لا یبالیهم الله بالة: نہ تو اللہ کے ہاں ان کی کوئی قدر ومنزلت ہوگی اور نہ اللہ ان کا کوئی وزن قائم کرے گا۔

بالة: مبالاةً کے معنی میں ہے گویا کہ **''مبالاة''** سے میم اور الف کو حذف کر دیا گیا ہے کیونکہ یہ دونوں حروف زائد ہیں جیسا کہ بعض کا کہنا ہے کہ **''لبیك''** کا لفظ **''ألب المكان''** سے ماخوذ ہے۔

بالة کی اصل **''بالیة''** ہے جیسا کہ **''عافاه الله عافیة''** ہے چنانچہ تخفیف کیلئے یاء کو حذف کیا گیا ہے۔جب کسی چیز کو زیادہ نہ سمجھا جائے کہا جاتا ہے: **ما بالیته و ما بالیت به و ما بالیت منه ای لم اکترث به** (یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب کسی چیز کو زیادہ نہ سمجھا جائے اور بعض نے **''بالةً''** کا معنی **حالةً** بیان کیا ہے ای **''لا یبالی الله حالة من احواله''** (اللہ اس کے کسی حال کی کوئی پرواہ نہیں کرے گا)۔اور اسی سے **''بال''** بمعنی **حال''** آتا ہے۔

تخریج: اسی طرح امام احمد نے بھی نقل کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۳۶۳ : عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَشَتْ اُمَّتِي الْمُطَيْطِاءَ وَخَدَمَتْهُمْ اَبْنَاءُ الْمُلُوْكِ اَبْنَاءُ فَارِسٍ وَالرُّوْمِ سَلَّطَ اللّٰهُ شِرَارَهَا عَلٰى خِيَارِهَا۔

(رواه الترمذی وقال هذا حديث غريب)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٥٦ حديث رقم ٢٢٦١

ترجمہ: ''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب میری امت کے افراد فخر و تکبر کی چال چلنے لگیں گے اور بادشاہوں کے بیٹے یعنی روم و فارس کے شہزادے ان کے ملازم و نوکر بن جائیں گے (جس کی صورت یہ ہوگی۔ فارس و روم کے علاقوں اور شہروں کا فاتح مسلمانوں کو بنایا جائے گا اور یہ سب ملک مسلمانوں کے قبضہ میں آجائیں گے اور نتیجہ یہ نکلے گا کہ ان علاقوں اور شہروں کے نہ صرف عام آدمی بلکہ بادشاہ و شہزادے بھی قیدی بنائے جائیں گے اور مسلمان ان سب کو بطور غلام اپنی نوکری چاکری پر لگالیں گے ایسے حالات میں اللہ تعالیٰ اُمت کے بدترین کو بہترین پر یعنی ظالموں کو مظلوموں پر) مسلط کردے گا۔ امام ترمذی نے اس روایت کو نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے''۔

تشریح: المطیطیا: میم کے ضمہ، پہلی طاء مہملہ کے فتحہ اور دوسری طاء کے کسرہ کے ساتھ ممدود و مقصور دونوں طرح' اس کا معنی ہے التمطی، یعنی دونوں ہاتھ پھیلا کر اتراتے ہوئے چلنا۔ اس لفظ کو دوسری یاء کے بغیر بھی پڑھا گیا ہے، اور جامع میں یہی لفظ ہے۔ اس کا نصب مفعول مطلق ہونے کی بناء پر ہے۔ ای ''اذا مشت امتی مشی تبختر''، بعض نے کہا ہے کہ یہ حال ہے: ای اذا اصاروا فی نفوسهم متكبرين وعلى غيرهم متجبرين (یعنی جب یہ لوگ اپنی ذات سے تکبر کرنے والے بن جائیں اور دوسروں پر جبر کرنے لگیں۔)

خدمتهم: اور جامع میں ''خدمها'' کا لفظ ہے' ماقبل اور مابعد کے ساتھ یہی لفظ (ضبط) مناسبت رکھتا ہے اور مطلب یہ ہے کہ ان کی خدمت کریں گے اور ان کی تابعداری کرینگے۔

ابناء فارس والروم: ماقبل سے بدل ہے اور اس کا بیان ہے۔

سلط الله شرارها: اور جامع میں ''سلط شرارها'' کے الفاظ ہیں۔ اس کا مطلب ہے امت کے ظالم لوگوں کو امت کے مظلوم لوگوں پر مسلط کردے گا۔

شراح حدیث نے لکھا ہے کہ یہ حدیث حضور علیہ السلام کی نبوت کے دلائل میں سے ایک بڑی دلیل ہے، کیونکہ حضور علیہ السلام نے ایسے احوال کی خبر دی جو اُس وقت موجود نہ تھے اور آئندہ واقع ہونے والے تھے اور بعد میں ہوا بھی آپ علیہ السلام کی خبر کے مطابق کیونکہ مسلمانوں نے جب فارس و روم کے علاقے فتح کئے اور ان کے اموال اور اشیاء زیب و زینت کو قبضہ میں لے لیا وہاں کے لوگوں کو قیدی بنالیا اور اُن سے خدمت لینا شروع کردیا تو پھر اللہ تعالیٰ نے ان پر اُن لوگوں کو مسلط کردیا جنہوں نے حضرت عثمانؓ کو شہید کیا تھا پھر بنو امیہ کو بنو ہاشم پر مسلط کردیا اور اُن کے ساتھ وہ کچھ کیا جو انہوں نے کرنا تھا۔

تخریج: اور اسی طرح ابن حبان نے بھی نقل کیا ہے۔ (میرکؒ)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۳۶۴: وَعَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتُلُوْا اِمَامَكُمْ وَاتَجْتَلِدُوْا بِاَسْيَافِكُمْ وَيَرِثُ دُنْيَاكُمْ شِرَارُكُمْ. (رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی ٤٠٧/٤ حديث رقم ٢١٧٠ وابن ماجه فی السنن ١٣٤٢/٢ حديث رقم ٤٠٤٣ واحمد فی المسند ٣٨٩/٥۔

ترجمہ: ''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''جب تم (مسلمان) اپنے (خلیفہ یا سلطان وحکمرانی) کو قتل کرنے لگ جاؤ گے' جب تم اپنی تلواروں سے آپس ہی میں ایک دوسرے کی گردنیں مارنے لگو گے اور یہاں تک کہ تمہاری دنیا کے وارث ووالی' بدترین لوگ بن جائیں گے تو اس وقت قیامت کا قیام یقیناً ہو جائے گا''۔ (ترمذی)

۵۳۶۵: وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكُوْنَ اَسْعَدَ النَّاسِ بِالدُّنْيَا لُكَعُ بْنُ لُكَعَ. (رواه الترمذی والبيهقی وفی دلائل النبوة)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤٢٧/٤ حديث رقم ٢٢٠٩ واحمد فی المسند ٣٨٩/٥

ترجمہ: ''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک دنیاوی امور میں سب سے زیادہ سعادت والا (یعنی لوگوں میں سب سے زیادہ مال والا' سب سے زیادہ بہترین عیش والا' سب سے اعلیٰ منصب والا اور سب سے زیادہ اثر ورسوخ والا) گھٹیا نسب اور کمزور حسب والا نہ ہو جائے۔ (یعنی جب دنیا میں غیر ثابت النسل' بدسیرت اور بدکار لوگ سب سے زیادہ حکومت واقتدار اور مال ودولت کے والی وارث ہو جائیں گے تو سمجھو کہ عنقریب قیامت آ جائے گی) اس روایت کو ترمذی نے اور کتاب دلائل النبوۃ میں بیہقی نے نقل کیا ہے''۔

تشریح: **أسعد**: منصوب اور مرفوع دونوں طرح درست ہے۔

لكع بن لكع: لام کے ضمہ اور کاف کے فتحہ کے ساتھ یہ غیر منصرف ہے۔ اس سے مراد ہے لئیم بن لئیم، یعنی گھٹیا نسب اور کمزور حسب والا۔ بعض کا کہنا ہے کہ اس سے وہ شخص مراد ہے جس کی کوئی اصل معلوم نہ ہو اور نہ ہی لوگ اس کی تعریف کرتے ہوں۔

''ابن'' کا ہمزہ اس لئے حذف کیا گیا کہ ان دونوں لفظوں کو کمینہ اور گھٹیا شخصوں کے علم کے قائم مقام کر دیا گیا۔

ابن الملکؒ فرماتے ہیں، کہ بعض نسخوں میں لفظ **أسعد**، منصوب ہے اس وجہ سے کہ ''یکون'' کی خبر ہے اور بعض نسخوں میں مرفوع ہے اس وجہ سے کہ ضمیر' ضمیر شان ہے، اور اس کے بعد والا جملہ اس مذکور ضمیر کی تفسیر ہے، انتہیٰ۔

یہ درست نہیں ہے کہ ''أسعد'' اسم ہو، اور ''لكع'' خبر ہونے کی بناء پر منصوب ہو کیونکہ اس سے معنی فاسد ہو جاتا ہے جیسا کہ واضح ہے' چنانچہ بعض نسخوں میں ''لكع'' کو نصب کے ساتھ ذکر کیا گیا ہے، اس سے دھوکہ میں نہ پڑیں۔ کیونکہ یہ روایت وروایت کے خلاف ہے' اور ایک شارح نے ''اسعد'' کے نصب پر ہی اکتفاء کیا ہے اور کہا ہے کہ ''لكع'' مرفوع ہے'' یکون'' کا اسم ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لفظ "لکع" کی تحقیق:

'لکع" کا معنی ہے "احمق"۔ اور بعض نے "لکع" کا معنی غلام بیان کیا ہے' یہ "اللکع" سے معدول ہے۔ "لکع الوسخ علیه لکعا" کا معنی ہے اس کا معنی ہے "کمینہ شخص" اور "لکاع" کا معنی ہے کمینی عورت۔ پھر اس لفظ کو احمق اور غلام کیلئے استعمال کیا جانے لگا کیونکہ اس لفظ میں "ذلت" کا معنی ہے اور گدھے کے بچے کیلئے استعمال کیا کیونکہ اس میں "خفت" ہے اور "بچے" کیلئے استعمال کیا گیا کیونکہ اس میں "ضعف" ہے اور اس ذلیل شخص کو بھی "لکع" کہا جاتا ہے جو غلاموں کی طرح ہو' اور اس حدیث میں "لکع" سے مراد وہ شخص ہے جس کی کوئی اصل معلوم نہ ہو اور نہ لوگ اس کی تعریف کریں، انتہیٰ۔

اس تحقیق سے حضور علیہ السلام کے اُس ارشاد گرامی کا معنی واضح ہو گیا جو آپ نے حسن بن علی عنھما کے بارے میں فرمایا: "اء ثم لکع"۔

حاصل یہ ہے کہ مقصود کے مناسب معنی اور مقام کے مقتضی کے مطابق لفظ "لکع" سے جسم اور قدر و منزلت کے اعتبار سے چھوٹا مراد لیا جاتا ہے۔ اسی وجہ سے چھوٹے بچے کو "لکع" کہا جاتا ہے (لفظ لکع کو متصرف پڑھیں گے) اور اس لفظ کا اطلاق غلام، کمینہ اور احمق پر اس لئے کیا جاتا ہے کہ وہ قدر و منزلت کے اعتبار سے چھوٹے ہوتے ہیں۔ لہٰذا جب یہ بات معلوم ہو گئی تو لفظ لکع سے یہ تمام معانی یعنی چھوٹا، حقیر، غلام، احمق اور کمینہ مراد لیے جا سکتے ہیں۔

بعض شراح فرماتے ہیں کہ یہ لفظ معدول نہیں ہے' یہ "صرد" اور "نغر" کی مانند ہے اس لئے اس کو تنوین کے ساتھ پڑھنا صحیح ہے کیونکہ معدول نہیں ہے' اور قاموس میں لکھا ہے کہ "الکع" "صرد" کی مانند ہے اس کا معنی ہے کمینہ شخص، غلام، احمق اور وہ شخص جو نہ اپنی بات میں غور کرے اور نہ دوسروں کی بات سنے، بچہ، گدھی یا گھوڑی کا بچہ اور میلا کچیلا' اور نداء کے وقت کہا جاتا ہے: یا لکع یہ جب معرفہ ہو تو غیر منصرف پڑھا جاتا ہے کیونکہ "اللکع" سے معدول ہے، انتہیٰ۔ اور اس سے تائید ہوتی ہے اس بات کی کہ لفظ "لکع" یہاں منصرف ہے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، یہ لفظ عدل اور صفت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

تخریج: اسی طرح احمد اور ضیاء نے بھی نقل کیا ہے۔ امام احمد، ابوداؤد، ابن ماجہ اور ابن حبان نے حضرت انسؓ سے مرفوع روایت نقل کی ہے: لاتقوم الساعة حتی تباهی الناس فی المساجد۔

"قیامت اُس وقت تک نہ آئے گی جب تک کہ لوگ مساجد میں باہم فخر نہ کریں۔"

اور ابونعیم نے حلیہ میں ابوہریرہؓ سے نقل کیا ہے: لا تقوم الساعة حتی یکون الزهده روایة والورع تصنعا۔

"اُس وقت تک قیامت نہیں آئے گی جب تک کہ "زہد" روایت اور "ورع" تصنع نہ ہو جائے گا۔"

اور احمد اور مسلم نے ابن مسعودؓ سے نقل کیا ہے: لا تقوم الساعة الاعلی شراع الناس۔

"قیامت شریر لوگوں پر ہی آئے گی۔"

ابویعلیٰ، موصلی اور حاکم نے ابوسعیدؓ سے نقل کیا ہے: لا تقوم الساعة حتی لایحج البیت۔

"قیامت اُس وقت تک نہیں آئے گی جب تک بیت اللہ کا حج نہ چھوڑ دیا جائے۔"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سجزی نے ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے: لا تقوم الساعة حتى يرفع الذكر والقرآن۔
''اُس وقت تک قیامت نہیں آئے گی جب تک ستر کذاب نکل نہ آئے۔''
طبرانی نے ابن عمروؓ سے نقل کیا ہے: لاتقوم الساعة حتى يخرج سبعون كذابا۔
امام احمد، مسلم اور ترمذی نے حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے: لا تقوم الساعة لايقال في الأرض الله الله۔
''اُس وقت تک قیامت نہیں آئے گی جب تک زمین پر اللہ اللہ کا کہنے والا موجود ہو۔''
اور عنقریب ''باب الملاحم'' کے شروع میں ابو ہریرہؓ کی حدیث آئے گی جس میں قیامت کی تیرہ (۱۳) علامات ذکر کی گئی ہیں۔ وہاں ان شاء اللہ تفصیلی کلام ہوگا۔

۵۳۶۶: وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَنْ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ اِنَّا لَجُلُوْسٌ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَاطَّلَعَ عَلَيْنَا مُصْعَبُ ابْنُ عُمَيْرٍ مَا عَلَيْهِ اِلَّا بُرْدَةٌ لَهٗ مَرْقُوْعَةٌ بِفَرْوٍ فَلَمَّا رَاٰهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكٰى لِلَّذِيْ كَانَ فِيْهِ مِنَ النِّعْمَةِ وَالَّذِيْ هُوَ فِيْهِ الْيَوْمَ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ بِكُمْ اِذَا غَدَا اَحَدُكُمْ فِيْ حُلَّةٍ وَرَاحَ فِيْ حُلَّةٍ وَوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ صَحْفَةٌ وَرُفِعَتْ اُخْرٰى وَسَتَرْتُمْ بُيُوْتَكُمْ كَمَا تَسْتُرُ الْكَعْبَةُ فَقَالُوْا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ نَحْنُ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مِنَّا الْيَوْمَ نَتَفَرَّغُ لِلْعِبَادَةِ وَنُكْفَى الْمُؤْنَةَ قَالَ لَا اَنْتُمُ الْيَوْمَ خَيْرٌ مِّنْكُمْ يَوْمَئِذٍ. (رواه الترمذی)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٥٥٨ حديث رقم ٢٤٧٦

ترجمہ: ''حضرت محمد بن کعب قرظیؒ سے مروی ہے انہوں نے بیان فرمایا کہ مجھ سے اس شخص نے یہ حدیث بیان کی جس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے خود اس کو سنا کیا تھا (چنانچہ اس شخص نے بیان کیا) کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا: ایک روز ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ مسجد میں (یعنی مسجد نبوی میں یا مسجد قبا میں) بیٹھے ہوئے تھے کہ مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ بھی ہمارے پاس اس وقت ان کے جسم پر محض ایک ہی چادر تھی اور اس میں بھی چمڑے کے پیوند لگے ہوئے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں دیکھا تو رو پڑے کہ ایک وہ دور تھا جب مصعب رضی اللہ عنہ کس قدر خوشحال اور عیش و راحت کی زندگی بسر کر رہے تھے اور آج کیسی خستہ حالت ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے (اظہار تعجب و حسرت کے طور پر) فرمایا اس وقت تمہاری کیا حالت ہوگی جب کہ تم میں کوئی شخص دن کے پہلے وقت دوسرے وقت کو ایک جوڑا پہن کر نکلے گا اور پھر دوسرے وقت دوسرا جوڑا پہن کر نکلے گا' اس کے سامنے کھانے کا ایک پلیٹ کو رکھا جائے گا اور دوسری کو اٹھایا جائے گا اور تم اپنے گھروں پر اس طرح پردہ ڈالو گے جس طرح کعبہ پر پردہ ڈالا جاتا ہے۔ بعض صحابہؓ نے (یہ سن کر) عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ ہم اس دن (جب کہ خوشحالی و تر فہ کی نعمت سے بہرہ مند ہوں گے) آج کی نسبت (جب کہ ہم فقر و افلاس سے دو چار ہیں) بہترین حال میں ہوں گے۔ کیونکہ اس وقت ہم عبادت کے لئے (اپنی معاشی تگ و دو کی پریشانیوں اور الجھنوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور حصولِ رزق کے فکر سے) آزاد و فارغ ہو جائیں گے اور ہمیں محنت کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہوگی (یعنی جب اس وقت ہمیں معاشی و اقتصادی طور پر خوش حالی حاصل ہوگی اور نوکر چاکر ہمارے سارے کام کاج کریں گے تو ہم ذہنی و جسمانی طور پر پوری طرح بے فکر و آزاد ہوں گے لہٰذا اس وقت عبادت کا انہماک اور خدمات دینیہ کی مشغولیت آسان ہو جائے گی) حضور ﷺ نے (یہ سن کر) ارشاد فرمایا "(ایسا نہیں ہے کہ اس وقت تم بہتر ہوگے) بلکہ حقیقت یہ ہے کہ تم اس دن کی بہ نسبت اس وقت زیادہ اچھی حالت میں ہو"۔ (ترمذی)

تشریح: قولہ: قال: حدثنی من سمع علی بن ابی طالب: حضرت علیؓ سے سننے والے کا نام ذکر نہیں کیا گیا لیکن (وہ تابعی ہوگا اور تابعی کی جہالت کو نظر انداز کیا جاتا ہے، جبکہ یہ بھی احتمال ہے کہ حضرت علیؓ سے سننے والا بھی کوئی اور صحابی ہو۔

قولہ: انا لجلوس ۔۔۔۔ مرفوعۃ بفرو:

فاطلع: "طاء" کی تشدید کے ساتھ۔

مصعب: میم کے ضمہ اور عین کے فتحہ کے ساتھ ہے، اور "عمیر" اسم مصغر ہے۔

بردۃ: سیاہ و سفید رنگ کی چادر۔

امام میرکؒ فرماتے ہیں، کہ مصعب بن عمیرؓ قریشی تھے، حضور علیہ السلام کی خدمت اقدس میں حاضری کیلئے مکہ سے ہجرت کی۔ اپنے اموال اور دنیا کی نعمتیں مکہ میں چھوڑ آئے۔ مسجد قبا میں رہنے والے صحابہ میں سے ایک جلیل القدر صحابی تھے۔

مؤلف فرماتے ہیں، کہ یہ "عبدری" ہیں، بڑے جلیل القدر اور صاحب فضیلت تھے، یہ اُن لوگوں میں سے تھے جنہوں نے پہلے پہل حبشہ کی طرف ہجرت کی، پھر جنگِ بدر میں شریک ہوئے، اور حضور علیہ السلام نے ان کو بیعت عقبہ ثانیہ کے بعد مدینہ بھیج دیا تھا، تاکہ مدینہ والوں کو قرآن سکھائے، اور دوسرے دینی احکام سکھائے۔ یہ وہ پہلا شخص ہے جس نے ہجرت سے پہلے مدینہ میں جمعہ کی نماز قائم کی۔ مصعب بن عمیرؓ زمانہ جاہلیت میں بہت زیادہ نعمتوں اور راحتوں میں تھے، نرم و قیمتی لباس زیب تن کرتے تھے، جب مشرف باسلام ہوئے تو دنیا کو بالکل ترک کر دیا، بعض حضرات فرماتے ہیں، کہ حضور علیہ السلام نے ان کو بیعت عقبہ اولیٰ کے بعد بھیج دیا تھا، وہاں مدینہ جا کر انصار کی مجلسوں میں جا کر اُن کو اسلام کی دعوت دیتے تھے، ایک یا دو بندے اسلام قبول کر لیتے۔ یہاں تک کہ اسلام پھیل گیا، پھر حضور علیہ السلام کو خط لکھ کر مسلمانوں کو جمع کرنے کی اجازت طلب کی، حضور علیہ السلام نے مسلمانوں کو جمع کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی، پھر ان ستر (۷۰) مسلمانوں کو ساتھ لے کر حضور علیہ السلام کے پاس تشریف لے آئے جو عقبہ ثانیہ میں شریک ہوئے اور مکہ میں تھوڑے عرصہ کیلئے قیام کیا۔ انہی کے بارے میں قرآن کریم کی یہ آیت نازل ہوئی: ﴿رجالٌ صدقوا ما عاهدوا الله عليه﴾ [الاحزاب: ۲۳] "ان (مؤمنین) میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ انہوں نے جس بات کا اللہ سے عہد کیا تھا اُس میں سچے اترے" اور آپ کا اسلام لانا حضور ﷺ کا دار ارقم میں داخل ہونے کے بعد ہے۔

قولہ: فلما آہ رسول اللہ ﷺ بکہ ۔۔۔۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حضور علیہ السلام کا مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کو دیکھ کر رو پڑنا ان کے اوپر رحم وشفقت کی بنا پر تھا، کیونکہ حضور علیہ السلام نے ان کو فقر وفاقہ کی حالت میں دیکھا خصوصاً جبکہ اس سے پہلے وہ اپنی قوم میں صاحب عزت تھے، لوگ ان کی عزت کیا کرتے تھے، اور نعمتوں میں تھے لیکن یہ بات حضرت عمر کے اُس واقعہ کے منافی معلوم ہوتی ہے، جو حضور علیہ السلام کے ساتھ پیش آیا تھا کہ جب حضرت عمرؓ حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اُس وقت حضور علیہ السلام چارپائی چٹائی بچھا کر لیٹے ہوئے تھے، اور چٹائی پر کوئی اور کپڑا وغیرہ بچھا ہوا نہ تھا' اس وجہ سے آپ کے جسم مبارک پر چٹائی کے نشانات پڑ گئے تھے، اس صورت حال کو دیکھ کر عمرؓ رو پڑے اور قیصر وکسریٰ کی عیش وعشرت کا تذکرہ کیا۔ اس پر حضور علیہ السلام نے حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ کیا تم ابھی تک سوچ کے اس مقام پر ہو؟ کیا تم اس پر راضی نہیں ہو کہ ان بادشاہان دینا کو صرف دنیا ہی کی نعمتیں ملیں اور ہمیں آخرت کی نعمتیں اور سعادتیں ملیں؟

اسلئے بہتر یہ ہے کہ حضرت مصعبؓ کو دیکھ کر حضور علیہ السلام کے رونے کو خوشی کی وجہ سے رونے پر محمول کیا جائے، کہ اپنی امت کے افراد کو دنیا سے زہد اختیار کر کے آخرت کی طرف متوجہ دیکھ کر مارے خوشی کے آپ رو پڑے، یا حضور علیہ السلام کے رونے کو غم وحسرت کے رونے پر محمول کیا جائے کہ یہ رونا اس بات پر تھا کہ مصعبؓ کے پاس ضروریات زندگی کی وہ چیزیں بھی نہیں تھیں جو اللہ کی اطاعت میں مساعد ومددگار ہو، یعنی ضرورت کے بقدر لباس اور دوسرے اسباب معیشت اور اس تاویل کی تائید حضور علیہ السلام کے ان الفاظ سے ہوتی ہے جن کو راوی نے آگے نقل کیا ہے۔

قوله: كيف بكم ... كما شترالكعبة:

حلة: حاء کے ضمہ اور لام کی تشدید کے ساتھ، ''حلہ'' سے مراد ہے جوڑا یا چادر اور لنگی مراد ہے۔

ابن الملکؒ فرماتے ہیں کہ معنی یہ ہے کہ اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تمہارے پاس اتنا مال آجائے گا کہ تم میں سے ہر ایک غایت تنعم کے سبب صبح کے وقت ایک جوڑا پہنے گا، شام کو دوسرا جوڑا پہنے گا؟

وضعت بين يديه صحفة ورفعت اخرىٰ: جیسا کہ رومیوں میں سے متکبرین کی عادت تھی اور یہ کنایہ ہے مختلف قسم کے کھانوں سے جن کو عیش پرست عجمیوں کے سامنے بڑے بڑے پیالوں میں رکھا جاتا تھا۔

وسترتم بيوتكم: ''باء'' کے ضمہ اور کسرہ دونوں کے ساتھ ہے۔ اور مطلب یہ ہے گھروں کی دیواروں کو عمدہ کپڑوں سے مزین کرو گے۔

''**كما تستر الكعبة:** اس میں اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ دیواروں پر کپڑے لٹکانا یہ کعبہ کی خصوصیات میں سے ہے تاکہ دوسرے جگہوں سے امتیازی شان حاصل ہو۔

فقالوا يا رسول الله..... :صحابہ کرامؓ نے اس جملہ مستأنفہ (جس میں تعلیل کا معنی پایا جاتا ہے) کے ذریعے بہتر ہونے کا سبب بیان کیا ہے۔

ونكفى: مجہول کا صیغہ متکلم ہے اسلئے مطلق جمع کیلئے ہے اور مطلب یہ ہے کہ معاش کے اسباب مہیا ہونگے' روزی کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضرورت پوری ہوگی اور عبادت کے لئے یعنی علوم شرعیہ کی تحصیل، اور مالی و بدنی نیک اعمال کیلئے فارغ ہونگے۔

قال: ایک نسخہ میں "فقال" ہے۔

قال: لا انتم الیوم خیر منکم یومئذٍ: تم اس دن کی بہ نسبت آج کے دن زیادہ بہتر ہو اس لئے کہ وہ فقیر کہ جس کو بقدر ضرورت روزی ملے مالدار سے بہتر ہے۔ چونکہ مالدار دنیا کمانے میں مشغول ہوتا ہے اور مال کی تحصیل میں زیادہ مشغولیت کی وجہ سے اُس فقیر کی طرح عبادت نہیں کرسکتا جس کے پاس بقدر ضرورت روزی موجود ہو، لہٰذا یہ حدیث اس بات کی واضح دلیل ہے کہ صابر فقیر شاکر غنی سے افضل ہے کیونکہ مالداری کا' صحابہ کی نسبت سے جبکہ صحابہ عمل میں مضبوط تھے یہ حال ہے تو دوسرے لوگوں کا کیا حال ہوگا، جو کہ عمل میں کمزور ہیں۔ اس کی تائید اُس مرفوع حدیث سے ہوتی ہے جس کو دیلمی نے فردوس میں ابن عمرؓ سے نقل کیا ہے: "ما زویت الدنیا عن احد الا کانت خیرۃ لہ"
جس شخص سے بھی دنیا روک لی گئی اس میں اُس کیلئے بہتری ہے۔

میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ "عن أحدٍ" اپنے عموم پر ہے' کیونکہ جہنم میں فقیر کافر کا عذاب مالدار کافر کے عذاب سے ہلکا ہوگا' چنانچہ جب فقر کافر کیلئے آخرت میں مفید ہے تو صابر مومن کیلئے جنت میں مفید کیسے نہ ہوگا؟

۵۳۶۷ : وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِىْ عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ اَلصَّابِرُ فِيْهِمْ عَلٰى دِيْنِهٖ كَالْقَابِضِ عَلَى الْجَمْرِ ۔ (رواہ الترمذی وقال ھذا حدیث غریب اسنادہ)

اخرجہ الترمذی فی السنن ٤/٤٥٦ حدیث رقم ٢٢٦٠ واحمد فی المسند ٢/٣٩٠ راجع الحدیث رقم (٥١٤٤)

ترجمہ: "حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "لوگوں پر ایک دور ایسا بھی آئے گا کہ اس وقت لوگوں کے درمیان اپنے دین پر ثابت قدم رہنے والا (یعنی دنیا سے اپنا دامن بچا کر احکام دینیہ کی اتباع کرنے والا طرح) اس شخص کی طرح ہوگا جس نے اپنی مٹھی میں انگارہ پکڑ رکھا ہو۔ امام ترمذیؒ نے اس روایت کو نقل کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث از روئے سند غریب ہے"۔

تشریح: قولہ: یاتی علی الناس زمان الصابر.....:

الجمر: "جمرۃ" کی جمع ہے' اس کا معنی ہے آگ کا انگارہ۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ جملہ (الصابر فیھم علی دینہ.....) "زمانٌ" کی صفت ہے اور موصوف کی طرف لوٹنے والی ضمیر محذوف ہے: ای "الصابر فیہ" لیکن یہ محل اشکال ہے چونکہ لوٹنے والی ضمیر تو "فیھم" کے لفظ میں مذکور ہے جیسا کہ پہلے اس کی طرف اشارہ ہو چکا ہے۔

مزید علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں (حدیث کا) کہ مطلب یہ ہے کہ جس طرح آگ کے انگارے مٹھی میں پکڑ کر بندہ اس کی تکلیف پر صبر نہیں کرسکتا کیونکہ اس سے ہاتھ جل جاتے ہیں، اسی طرح اُس وقت دیندار شخص اپنے دین پر ثابت قدمی کے ساتھ عمل پیرا نہیں رہ سکے گا، کیونکہ عاصیوں اور معاصی کا غلبہ ہوگا' فسق و فجور عام ہوگا اور لوگوں کا ایمان کمزور ہوگا، (انتہیٰ)۔

بظاہر حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جس طرح بغیر شدید صبر اور انتہائی تکلیف برداشت کرنے کے ہاتھ میں انگاروں کو پکڑے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رکھنا ممکن نہیں ہے، اسی طرح اُس زمانہ میں صبر عظیم اور مشقت کے بغیر اپنے دین اور نورِ ایمان کی حفاظت ممکن نہیں ہوگی۔

اور یہ بات تو معلوم ہی ہے کہ مشبہ بہ اقویٰ ہوتا ہے چنانچہ اس سے مراد مبالغہ ہے' پس یہ بات اس کے منافی نہیں ہے کہ مٹھی میں انگارے کو پکڑنا تو کسی کے بھی بس کی بات نہیں' اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿فما اصبرهم على النار﴾ [البقرة:۱۷۵] ''سو دوزخ کیلئے کیسے باہمت ہیں۔''

ہاں کبھی ہاتھ میں انگاروں کو پکڑا بھی جاتا ہے جب کہ اس سے بڑی مصیبت مثلاً قتل کرنے، جلانے اور ڈبونے وغیرہ کی دھمکی دی جائے، اور اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿قل نار جهنم اشد حرًا﴾ [التوبة-۸۱] ''آپ کہہ دیجئے کہ جہنم کی آگ (اس سے بھی) زیادہ گرم ہے''۔

امام شاطبیؒ نے اس معنی کی طرف اپنے زمانہ میں اشارہ کیا تھا چنانچہ فرماتے ہیں:

وهذا زمان الصبر من لك بالتى
كقبض على جمر فتنجو من البلا

جبریؒ فرماتے ہیں کہ یہ صبر کا زمانہ ہے' اس لئے کہ نیکی ''منکر'' ہو چکی ہے اور برائی ''معروف'' بن چکی ہے نیتیں خراب ہو گئیں اور خیانتیں ظاہر ہو گئیں۔ حق پرست کو تکلیف دی جاتی ہے اور باطل پرست کا اکرام کیا جاتا ہے۔

ابو ثعلبہ خشنی نے حضور علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ حضور علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: **ائتمروا بالمعروف وتناهوا عن المنكر حتى اذا رأيت شحا مطاعا وهوى متبعا ودنيا مؤثرة واعجاب كل برأيه فعليك خاصة نفسك ودع العوام فان وراء كم اياما' الصبر فيهن مثل القبض على الجمر' للعامل فيهن اجر خمسين رجلا يعملون مثل عملكم۔** (انتہی)

''نیکی کا حکم کرو اور برائی سے منع کرو اُس وقت تک جب تم دیکھو کہ لوگ اپنی حرص کی اطاعت کرنے لگیں ہیں اور خواہش نفسانی کی اتباع کرنے لگیں اور دنیا کو ترجیح دینے لگیں ہیں اور ہر شخص اپنی ہی رائے پر اکڑنے لگا ہے' اُس وقت عوام کو چھوڑ کر اپنی ذات کی حفاظت کرو، کیونکہ تمہارے بعد ایسا زمانہ آنے والا ہے کہ جس میں صبر کرنا مٹھی میں انگارے پکڑنے کی طرح مشکل ہوگا اور اُن لوگوں میں سے نیک عمل کرنے والے کو تمہاری طرح کے اعمال کرنے والے پچاس شخصوں کے برابر ثواب ملے گا۔''

توضیح: امام میرکؒ تصحیح سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ یہ حدیث امام ترمذیؒ کی ثلاثیات میں سے ہے اور اس کی سند میں عمر بن شاکر ہے جو صرف ترمذیؒ کے شیخ ہیں اور ابن حبان نے ان کو ثقہ راویوں میں ذکر کیا ہے، انتہیٰ۔

ابن عساکر نے حضرت انسؓ سے نقل کیا ہے: **ياتى على الناس زمان يكون المؤمن فيه أذل من شاته۔**

''لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا جس میں مومن اپنی بکری سے زیادہ ذلیل ہوگا۔

۵۳۶۸: وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ اُمَرَآءُ كُمْ خِيَارُكُمْ وَاَغْنِيَاءُ كُمْ سُمَحَائُكُمْ وَاُمُوْرُكُمْ شُوْرٰى بَيْنَكُمْ فَظَهْرُ الْاَرْضِ خَيْرٌ لَّكُمْ مِنْ بَطْنِهَا وَاِذَا كَانَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اُمَرَاءُ كُمْ شِرَارُكُمْ وَاَغْنِيَاءُ كُمْ بُخَلَاءُ كُمْ وَاُمُوْرُكُمْ اِلٰى نِسَاءِ كُمْ فَبَطْنُ الْاَرْضِ خَيْرٌ لَّكُمْ مِنْ ظَهْرِهَا. (رواه الترمذی وقال هذاحديث غريب)

اخرجه الترمذی فی السنن ٤/٤٥٩ حديث رقم ٢٢٦٦۔

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جب تمہارے حکمران وقائدین وہ لوگ ہوں جو تم میں سے سب سے زیادہ بہتر لوگ ہیں' تمہارے مالدار مندلوگ سخی ہوں اور تمہارے معاملات باہمی مشوروں سے طے ہوتے ہوں گے (یعنی مسلمان ایک مرکز پر متحد و متفق ہوں اور اپنے تمام معاملات وامور ایک رائے ہوکر انجام پائیں) تو پھر تمہارے لئے زمین کا بیرونی حصہ بہتر ہے اور تمہارے حکمران وقائدین ایسے لوگ ہوں جو تم میں سے برترین ہوں (یعنی فاسق وفاجر اور ظالم لوگ ہیں) تمہارے دولت مند لوگ بخیل ہوں اور تمہارے معاملات کی باگ ڈور عورتوں کے ہاتھ میں ہو تو اس وقت زمین کا پیٹ تمہارے لئے زمین کی پشت سے بہتر ہوگا (یعنی ایسے دور میں مرجانا زندہ رہنے سے بہتر ہوگا)۔اس روایت کو امام ترمذیؒ نے روایت کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے''۔

تشریح: کان: اور جامع میں ''اذا کانت'' کے الفاظ ہیں۔

قوله: اذاكان امراء كم خياكم وامور كم شورى بينكم: ''سمحاء'' سمح کی جمع ہے گویا کہ ''سمحاء' سميح کی جمع ہے اور سميح، سمح کے معنی میں ہے۔اسی سے اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے:[وامرهم شورى بينهم] [الشوری: ٣٨] ''اوران کا ہر کام (جس میں باتعین بغض نہ ہو) آپس کے مشورے سے ہوتا ہے''۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ سے فرمایا:

﴿وشاورهم فى الامر﴾[آل عمران:١٥٩] ''اوراُن سے خاص خاص باتوں میں مشورہ لیتے رہا کیجئے''۔

مطلب یہ ہے کہ جب تک تم اپنے معاملات میں مشورہ کرتے رہو گے۔الخ

عورتوں کے سپرد ہو جائیں حالانکہ عورتوں کی عقل اور دین دونوں ناقص ہیں' حالانکہ عورتوں کے بارے میں یوں مروی ہے: ''شاور واهن وخالفوهن'' (عورتوں سے مشورہ کرلو لیکن کروان کی رائے کے خلاف)۔اور وہ مرد بھی عورتوں ہی کے حکم میں ہیں جن کی حالت ان جیسی ہو یعنی جن مردوں پر حب جاہ اور حب مال کا غلبہ ہو اور دین وآخرت کو نقصان پہنچانے والے امور کو نہ جانتے ہوں۔

قوله: فبطن الارض خير لكم ظهرها: جس کی بھلائی اور خیر اس کی شرارت پر غالب نہ ہو تو موت اس کے لئے بہتر ہے۔

٥٣٦٩ : وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْشِكُ الْاُمَمُ اَنْ تَدَاعٰى عَلَيْكُمْ كَمَا تَدَاعَى الْاَكَلَةُ اِلٰى قَصْعَتِهَا فَقَالَ قَائِلٌ وَمِنْ قِلَّةٍ نَحْنُ يَوْمَئِذٍ قَالَ بَلْ اَنْتُمْ يَوْمَئِذٍ كَثِيْرٌ وَلٰكِنَّكُمْ غُثَاءٌ كَغُثَاءِ السَّيْلِ وَلَيَنْزِعَنَّ اللّٰهُ مِنْ صُدُوْرِ عَدُوِّكُمُ الْمَهَابَةَ مِنْكُمْ وَلَيَقْذِفَنَّ فِىْ قُلُوْبِكُمُ الْوَهْنَ قَالَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَائِلٌ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْوَهْنُ قَالَ حُبُّ الدُّنْيَا وَكَرَاهِيَةُ الْمَوْتِ ۔ (رواه ابوداؤد والبيهقي في دلائل النبوت)

اخرجه ابوداؤد في السنن ٤٨٣/٤ حديث رقم ٤٢٩٧، واحمد في المسند ٢٧٨/٥۔

ترجمہ: ''اور حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''عنقریب ایسا دور آنے والا ہے جب (کفر وضلالت کے حاملین) لوگوں کا گروہ آپس میں ایک دوسرے کو تمہارے مقابلہ پر (اور تمہاری شان کو شوکت کو ختم کرنے کے لئے) جیسا کہ کھانے کے دسترخوان پر مجتمع افراد آپس میں ایک دوسرے کو کھانے کے برتن کی طرف دعوت دیتے ہیں یعنی جس طرح کچھ لوگ جمع ہو کر کھانے کی محفل میں دسترخوان پر بیٹھتے ہیں تو وہ آپس میں ایک دوسرے کی طرف کھانے کے برتن سرکاتے رہتے ہیں' اور اس میں جو چیز ہوتی ہے اس کو کھانے پر آمادہ کرتے رہتے ہیں۔ چنانچہ وہ سب بلا تکلف اور بغیر کسی رکاوٹ کے ان برتنوں میں سے جو کچھ چاہتے ہیں اٹھا کر کھا لیتے ہیں۔ اسی طرح کفر وضلالت کے حامل لوگ تمہارے مقابلے پر متحد ہو کر آپس میں ایک دوسرے کو برانگیختہ کریں گے' بھڑکائیں گے اور بالآخر وہ تمہیں تباہ و برباد کر ڈالیں۔ تمہاری جائیدادوں تمہارے مال ومتاع اور معاشی ذرائع کو نقصان پہنچائیں گے گویا (یہ پیشین گوئی ہے تم مسلمان ان دشمنانِ دین کے سامنے چارۂ تر کی ہو جاؤ گے جس کا جی چاہے گا تمہیں نگل لے گا۔ کسی صحابیؓ نے (یہ سن کر) عرض کیا کہ (ان کا ہمارے خلاف جمع ہونا اور ہم پر غالب آ جانا) کیا اس وجہ سے ہوگا کہ اس دور میں ہماری تعداد کم رہ جائے گی؟ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا نہیں ایسا اس سبب سے نہیں ہوگا کہ تم کم تعداد میں ہو گے' بلکہ اس وقت تمہاری تعداد تو زیادہ ہوگی' لیکن تمہاری حیثیت سیلاب کے اس جھاگ کی سی ہوگی جو دریا یا نالوں کے کناروں پر پائے جاتے ہیں (یعنی تمہارے اندر طاقت وقوت اور شجاعت اور لوالعزمی) بلاشبہ اللہ تعالیٰ تمہارے دشمنوں کے دل سے تمہاری ہیبت اور تمہارا رعب ختم کر ڈالے گا اور تمہارے دلوں میں ضعف وسستی پیدا کر دے گا۔ کسی نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! وھن (کمزوری و ضعف) سے کیا مراد ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا ''دنیا کی رغبت ومحبت اور موت سے بے رغبتی اور نفرت'' (یعنی جب زندگی تمہارے لئے عزیز اور موت تمہارے لئے ناپسندیدہ ہو جائے گی تو تم دشمن کا مقابلہ کرنے اور شجاعت کے جوہر دکھانے کے قابل نہ رہ سکو گے) اس روایت کو ابوداؤد نے اور بیہقیؒ نے کتاب دلائل النبوۃ میں نقل کیا ہے''۔

تشریح: وعن ثوبان: یہ حضور علیہ السلام کے آزاد کردہ غلام تھے۔

تداعی: ایک تاء کو حذف کیا گیا ہے۔ یہ اصل میں ''تتداعی'' تھا۔

ایک دوسرے کو بلائیں گے تاکہ تم سے لڑیں اور تمہاری شان وشوکت کو مٹا کر تم سے وہ ملک ومال چھین لیں جو تمہاری ملکیت میں ہیں۔

الآکلة: ''مد'' کے ساتھ ہے اور ''الفئة'' یا ''الجماعة'' یا اس جیسے کسی اور لفظ کیلئے صفت ہے۔ ابوداؤد کی کتاب سے اس طرح نقل کیا گیا ہے، اور یہ حدیث ابوداؤد کے مفردات میں سے ہے۔ (ذکرہ الطیبی) اگر یہ لفظ ہمزہ اور کاف کے فتحہ کے ساتھ ''الأكلة'' مروی ہو جو آکل کی جمع ہے تو اس کی کوئی معقول توجیہ ہو سکتی ہے اور معنی یہ ہوگا ''جیسا کہ کھانے والے ایک دوسرے کو بلاتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یعنی کھانے کے برتن کی طرف جس سے لوگ بغیر کسی رکاوٹ کے کھانا کھاتے ہوں اور اس برتن کے پاس اکٹھے ہو کر سہولت کے ساتھ کھانا کھاتے ہوں، اسی طرح تمہارے پاس جو کچھ ہوگا وہ لوگ اس کو بغیر کسی تکلیف، بغیر کسی نقصان اور بغیر کسی ضرر برداشت کئے تم سے چھین لیں گے۔

من قلة: محذوف مبتدا کی خبر ہے اور "نحن یومئذ" مبتدا خبر ہیں، اور ماقبل کیلئے صفت ہیں۔ معنوی اعتبار سے تقدیری عبارت یوں ہے: أذالك التداعي لأجل قلة نحن عليها يومئذ قول میں استدراک کا یہی معنی ہے۔

قوله: قال بل انتم يومئذ كثير۔۔۔۔ كغثاء السيل:

غثاء: غین کے ضمہ اور الف ممدود کے ساتھ ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ لفظ تشدید کے ساتھ بھی درست ہے، اور اس کا معنی ہے وہ جھاگ اور کوڑا کرکٹ جو پانی کے اوپر ہوتا ہے، اور ان لوگوں کو اس جھاگ کے ساتھ تشبیہ اس بات میں دی گئی ہے کہ ان کے اندر جرأت وشجاعت کم ہوگی، اور مرتبہ گھٹیا ہوگا، ان کی عقلیں کمزور ہونگی۔ خلاصہ یہ ہے کہ تم لوگ اُس وقت بکھرے ہوئے ہوؤ گے، تمہاری حالت کمزور ہوگی اور انجام یہ ہو گا کہ تم منتشر اور متفرق ہو جاؤ گے۔ اس کے بعد عطف بیان کے ذریعے اس کا سبب بیان فرمایا۔

قوله: ولنشر عن الله من صدور.....:

ليقذفن: یا کے فتحہ کے ساتھ۔

الوهن: ضعف وسستی۔ گویا کہ "الوهن" سے مراد ضعف پیدا کرنے کے اسباب ہیں، اسی وجہ سے آئندہ قول میں "الوهن" کی تفسیر دنیا کی محبت اور موت سے بیزاری سے کی ہے۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ یہ سوال "ضعف" کی نوعیت کے بارے میں تھا یا سائل کی مراد یہ تھی کہ یہ ضعف کس وجہ سے ہوگا؟

قوله: حب الدنيا وكراهية الموت:

یہ دونوں باتیں ایک دوسرے کو لازم ہیں، گویا کہ یہ دونوں چیزیں ایک ہی چیز ہیں۔ اور اللہ سے عافیت کا سوال کرتے ہیں اور یقیناً آج مسلمان اس میں مبتلا ہو چکے ہیں۔ یہاں جو کچھ ذکر ہوا (لگتا ہے کہ) اس سے ہم ہی مراد ہیں۔

الفصل الثالث:

چار برائیوں کا خطرناک انجام

۵۳۷۰: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَاظَهَرَ الْغُلُوْلُ فِيْ قَوْمٍ اِلَّا اَلْقَى اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ وَلَا فَشَا الزِّنَا فِيْ قَوْمٍ اِلَّا كَثُرَفِيْهِمُ الْمَوْتُ وَلَا نَقَصَ قَوْمٌ الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِلَّا قُطِعَ عَنْهُمُ الرِّزْقُ وَلَا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حَكَمَ قَوْمٌ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّا فَشَا فِيْهِمُ الدَّمُ وَلَا خَتَرَ قَوْمٌ بِالْعَهْدِ اِلَّا سُلِّطَ عَلَيْهِمُ الْعَدُوُّ ۔ (رواه مالك)

اخرجه مالك فى الموطأ ٢/ ٤١٠ حديث رقم ٢٦ من كتاب الجهاد ۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب کسی قوم میں خیانت آ جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ ان کے دلوں میں رعب کو ڈال دیتے ہیں اور جب کسی قوم میں زنا پھیل جاتا ہے تو ان میں موت کی کثرت ہو جاتی ہے اور جو قوم ماپ تول میں کمی کرتی ہے اللہ تعالیٰ ان سے رزق کو منقطع کر دیتے ہیں اور جس قوم میں ناحق فیصلے ہوتے ہیں ان میں خون ریزی پھیل جاتی ہے اور جو قوم عہد کو توڑتی ہے تو ان پر دشمن کو مسلط کر دیا جاتا ہے۔ (موطا مالک)

تشریح: الغلول: ''غین'' مضموم ہے جس کا معنی ہے مال غنیمت میں خیانت کرنا۔

الرعب: ''عین'' کے سکون اور ضمہ دونوں کے ساتھ درست ہے۔ یعنی دشمن کا خوف۔

ختر: ''خاء'' اور ''تاء'' کے فتحہ کے ساتھ اور اسی سے یہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: [وما يجحد بآياتنا الا كل ختار] [لقمان ۳۲] ﴿ان الله لا يحب كل ختارٍ﴾؟

اس کا معنی غدر کرنے کے ہے۔

غلبہ کی امید سے دھوکہ دے کر وعدہ خلافی کرے۔

نَقَصَ قَوْمٌ: ناپ تول میں ضیافت۔ وَلَا خَتَرَ: دھوکہ دینا۔ دو فریقوں کا ایک دوسرے کو فریب دینا۔ قاموس میں اس کا معنی غدر، فریب لکھا ہے۔

سلط: مجہول کے صیغہ کے ساتھ۔ امام مالکؒ نے مؤطا کے ''باب ما جاء فى الغلول'' میں ذکر کیا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَابُ فِیْ ذِکْرِ الْاِنْذَارِ وَالتَّحْذِیْرِ

ڈرانے اور نصیحت کرنے کا بیان

عرضِ مرتب:

مشکوٰۃ کے صحیح نسخوں میں تو فقط لفظ باب ہی مذکور ہے ترجمۃ الباب کوئی مذکور نہیں ہے مگر ابن الملک کہتے ہیں کہ باب انذار والتحذیر سے متعلق ہے گویا اس میں ایسی روایات لائیں گے جو انذار اور تحذیر سے متعلق ہوں۔

الفصل الاول:

۵۳۷۱ : عَنْ عِیَاضِ بْنِ حِمَارٍ الْمُجَاشِعِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ یَوْمٍ فِیْ خُطْبَتِہٖ اَلَا اِنَّ رَبِّیْ اَمَرَنِیْ اَنْ اُعَلِّمَکُمْ مَاجَھِلْتُمْ مِمَّا عَلَّمَنِیْ یَوْمِیْ ھٰذَا کُلُّ مَالٍ نَحَلْتُہٗ عَبْدًا حَلَالٌ وَاِنِّیْ خَلَقْتُ عِبَادِیْ حُنَفَاءَ کُلَّھُمْ وَاِنَّھُمْ اَتَتْھُمُ الشَّیَاطِیْنُ فَاجْتَالَتْھُمْ عَنْ دِیْنِھِمْ وَحَرَّمَتْ عَلَیْھِمْ مَا اَحْلَلْتُ لَھُمْ وَاَمَرَتْھُمْ اَنْ یُّشْرِکُوْا بِیْ مَالَمْ اُنْزِلْ بِہٖ سُلْطَانًا وَاِنَّ اللّٰہَ نَظَرَ اِلٰی اَھْلِ الْاَرْضِ فَمَقَتَھُمْ عَرَبَھُمْ وَعَجَمَھُمْ اِلَّا بَقَایَا مِنْ اَھْلِ الْکِتَابِ وَقَالَ اِنَّمَا بَعَثْتُکَ لِاَبْتَلِیَکَ وَاَبْتَلِیَ بِکَ وَاَنْزَلْتُ عَلَیْکَ کِتَابًا لَا یَغْسِلُہُ الْمَاءُ وَتَقْرَئُہٗ نَائِمًا وَیَقْظَانَ وَاِنَّ اللّٰہَ اَمَرَنِیْ اَنْ اُحَرِّقَ قُرَیْشًا فَقُلْتُ اِذًا یَثْلَغُوْا رَاْسِیْ فَیَدَعُوْہُ خُبْزَۃً قَالَ اسْتَخْرِجْھُمْ کَمَا اَخْرَجُوْکَ وَاغْزُھُمْ نُغْزِکَ وَاَنْفِقْ فَسَنُنْفِقُ عَلَیْکَ وَابْعَثْ جَیْشًا نَبْعَثْ خَمْسَۃً مِثْلَہٗ وَقَاتِلْ بِمَنْ اَطَاعَکَ مَنْ عَصَاکَ۔ (رواہ مسلم)

أخرجہ مسلم فی صحیحہ ۲۱۹۷/٤ حدیث رقم ۲۸٦۵/٦۳ ۔ وأحمد فی المسند ۲٦٦/٤۔

ترجمہ: ''حضرت عیاض بن حمار مجاشعی رضی اللہ عنہ نقل فرماتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ ﷺ نے اپنے (جمعہ وغیرہ) کے خطبہ میں (یا کسی وعظ کے دوران) ارشاد فرمایا۔ (لوگو) سن لو! میرے رب نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تمہیں اس سے جو اس نے مجھے آج سکھلایا ہے ان باتوں کی تعلیم دیدوں جو تم نہیں جانتے۔ (اس کے بعد آپ ﷺ نے ان باتوں کے متعلق گفتگو کا آغاز یوں فرمایا کہ) اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ جو مال میں نے اپنے کسی بندے کو عطا کیا ہے وہ حلال ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یعنی کسی شخص کو جو مال و اسباب جائز ذرائع سے حاصل ہوا ہے۔ وہ اس کے لئے سراسر حلال ہے' کسی شخص کو اسے حرام قرار دینے کی اہلیت نہیں ہے جیسا کہ دور جاہلیت میں قاعدہ تھا کہ لوگ بعض صورتوں میں اونٹوں کو بغیر سبب حرمت کے اپنے اوپر حرام کر لیتے تھے' اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے کہ میں نے تو اپنے سب بندوں کو باطل کے خلاف' حق کی طرف مائل پیدا کیا۔ لیکن یہ شیاطین تھے' جو ان (بندوں) کے پاس آنے لگے اور ان کو ان کے دین سے دور کر کے گمراہ کرنے لگے اور ان پر ان چیزوں کو حرام کرنے لگے جن کو میں نے ان کے لئے حلال کیا تھا (یعنی شیاطین نے ان لوگوں کو اس طرح دین سے دور کر دیا کہ وہ انہوں نے اپنے اوپر حلال چیزوں کو حرام کر لیا اور ان ہی شیاطین نے ان کو حکم دیا (یعنی ان کے دل میں یہ گمراہ کن وسوسہ ڈالا) کہ وہ اس چیز کو میرے ساتھ شریک کریں جس کے غالب ہونے کی میں نے کوئی سند نہیں نازل کی (یعنی جو لوگ بتوں کی پرستش کرتے ہیں اور خدا کی بندگی میں بھی دوسروں کو شریک ٹھہراتے ہیں۔ ان کے پاس ان کے اس فعل کی کوئی معقول دلیل نہیں ہے۔ یہ صرف شیاطین کے گمراہ کرنے کا اثر ہے کہ وہ لوگ ایسے سنگین جرم و ظلم میں مبتلا ہیں اور یہ فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اہل زمین پر نظر ڈالی (اور ان کو کفر و شرک پر متفق اور ضلالت و گمراہی میں مستغرق پایا چنانچہ اللہ نے ان تمام لوگوں کو اپنا مبغوض و ناپسندیدہ قرار دے دیا خواہ وہ عربی ہوں یا عجمی (یعنی جب دنیا کے تمام لوگ کفر و شرک کی گمراہیوں کا شکار ہو گئے اور خاتم الانبیاء کی بعثت تک سب کے سب گمراہی پر متفق و مجتمع تھے کہ قوم موسیٰ علیہ السلام تو عیسیٰ کی نبوت کی منکر بن گئی اور عزیر رضی اللہ عنہ کی پوجا کرنے لگی۔ عیسیٰ علیہ السلام کی قوم تین معبودوں کی قائل اور اس مشرکانہ عقیدے کی حامل ہو گئی کہ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں وغیرہ وغیرہ تو اللہ تعالیٰ نے ان سب کو اپنا نہایت ناپسندیدہ بندہ قرار دے دیا) علاوہ اہل کتاب کے اس طبقہ کے (جو مشرک نہیں ہوا بلکہ موسیٰ علیہ السلام و عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان رکھتے ہوئے اصل دین پر قائم و ثابت قدم رہا' اس جماعت کے لوگوں نے نہ تو اپنی آسمانی کتابوں میں تغیر و تبدل کا اور نہ اپنے دین کے احکام میں اپنی نفسانی خواہشات کے مطابق کوئی تبدیلی کی یہاں تک کہ جب حضرت محمد ﷺ کی بعثت ہوئی تو ان کی دعوت پر لبیک کہہ کر حلقہ بگوش اسلام ہو گئے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ایسے لوگوں کو مبغوض قرار نہیں دیا) اور خدا تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ میں نے آپ ﷺ کو (اے محمد ﷺ) اپنا رسول بنا کر دنیا میں اس لئے مبعوث کیا ہے تاکہ میں کسی بھی آزمائش لوں (کہ آپ ﷺ اپنی قوم کی ایذا رسانی پر کس قدر دامن صبر کر رکھتے ہیں) اور آپ ﷺ کے ساتھ آپ کی قوم کی بھی آزمائش کروں (کہ آیا وہ لوگ آپ کے پیغام کو سچا جان کر شرف ایمان حاصل کرتے ہیں یا جھٹلا کفر اختیار کرتے ہیں) اور میں نے آپ ﷺ پر ایک ایسی کتاب نازل کی جس کو پانی دھو اور مٹا نہیں سکتا (یعنی عام طور پر کاغذ پر لکھی ہوئی کتاب کو پانی سے دھویا جائے تو مٹ جاتی ہے لیکن قرآن کریم ایسی کتاب نہیں ہے کہ اس کو کوئی پانی دھو اور مٹا دے بلکہ وہ تغیر و تبدل سے محفوظ اور ناقابل تحریف و تنسیخ ہے۔ بایں کہ اس کی حفاظت کی ذمہ داری خدا تعالیٰ نے خود لی ہے لہٰذا قیامت تک کے لئے دلوں میں محفوظ کر دیا گیا ہے اور اس کے احکام کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے باقی و جاری رکھا گیا ہے) آپ اس کتاب کو سوتے جاگتے (ہر وقت) پڑھتے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے مجھ کو یہ حکم دیا ہے کہ میں قریش کو جلا ڈالوں (یعنی اہل قریش میں سے جو لوگ کفر کو چھوڑنے اور ایمان کو قبول کرنے کو تیار نہیں ان کو اس طرح نیست و نابود کر ڈالوں کہ ان کا نام و نشان تک باقی نہ رہے)'' میں نے عرض کیا کہ اے میرے پروردگار قریش تو میرا سر کچل ڈالیں گے اور کچل کر روٹی کی مانند (چوڑا) کر ڈالیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گے (یعنی مسلمانوں کے مقابلہ میں ان کی تعداد بھی زیادہ ہے اور طاقت بھی زیادہ ہیں' میں ان سے کس طرح نمٹ سکوں گا اور کیسے ان پر غالب آ سکوں گا) اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم ان کو جلاوطن کر دو جس طرح کہ انہوں نے آپ ﷺ کو وطن بدر کیا تھا اور ان کے ساتھ جہاد کرو' ہم آپ کے جہاد کے سامان کا انتظام کریں گے (یعنی آپ اور آپ کے رفقاء کو ایسی غیبی امداد فراہم کریں گے کہ اہل اسلام کی مٹھی بھر جماعت بھی ان کے لشکر جرار پر غالب آ جائے گی) آپ اپنے اہل لشکر پر مال و اسباب صرف کیجئے۔ اگر آپ کے پاس مال و اسباب نہیں ہوگا تو ہم عطا کریں گے اور اس کا انتظام کریں گے۔ آپ ان کے مقابل میں اپنا لشکر روانہ کیجئے ہم دشمن کے لشکر سے پانچ گنا زیادہ طاقت کے ساتھ آپ کی مدد کریں گے (چنانچہ جب بدر کی جنگ ہوئی اور مسلمان صرف تین سو تیرہ کی تعداد میں کفر کے ایک ہزار کے لشکر کے مقابلہ میں نبرد آزما ہوئے تو احادیث سے ثابت ہے کہ پانچ ہزار فرشتوں کا لشکر مسلمانوں کی مدد کے لئے آیا) اور جو لوگ آپ کی دعوت کو قبول کرنے والے اور آپ کے اطاعت گزار ہیں ان کو اپنے ہمراہ لے کر ان کے خلاف جنگ کیجئے جنہوں نے آپ کی نافرمانی اور سرکشی و کافر ہیں"۔ (مسلم)

تشریح: قوله: قال ذات يوم في خطبة۔۔۔۔ حنفاءَ كلهم:

ألا: لام کی تخفیف کے ساتھ تنبیہ کیلئے ہے۔

مما علمني: احتمال ہے کہ "من" "ما" کا بیان ہو

اور یہ بھی احتمال ہے کہ "من" تبعیضیہ ہو' ما قبل سے منقطع ہو اور ما بعد کیلئے خبر ہو اور جملہ مستأنفہ ہو۔ ای "من جملة ما علمني"

يومي هذا: یعنی بطور خاص اس دن اللہ تعالیٰ نے میری طرف جو وحی بھیجی ہے اس کے سبب سے۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ کا مقولہ ہے۔ جیسا کہ اگلا کلام اس پر دلالت کر رہا ہے۔

حنفاء: حق کو قبول کرنے کی استعداد والے ہیں اور باطل سے اعراض کر کے حق کی طرف مائل ہونے والے ہیں۔

کیونکہ حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے: "**كل مولودٍ يولد على الفطرة**"

"ہر بچے کو فطرت پر پیدا کیا جاتا ہے"۔ اور فطرت سے مراد توحید مطلق ہے، اور یہی مفہوم ہے اس ارشاد باری کا:

﴿**فطرة الله التي فطر الناس عليها لا تبديل لخلق الله**﴾ [الروم: ۳۰] "اللہ کی اس پیدا کی ہوئی چیز کو جس پر اس نے تمام آدمیوں کو پیدا کیا، سے بدلنا نہ چاہئے"۔

یعنی اللہ کی مخلوقات کو یہودیت، نصرانیت اور مجوسیت اور ان جیسی چیزوں میں تبدیل نہ کرو، نیز ارشاد باری ہے:

﴿**ذالك الدين القيم**﴾ [التوبة۔ ۳۶' یوسف۔ ۴۰ الروم۔ ۳۰] "یہی سیدھا دین ہے"۔ یعنی

یہی سیدھا راستہ ہے چنانچہ اس سیدھے راستے سے ٹیڑھے راستے کی طرف مائل نہ ہو۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿**وان هذا صراطي مستقيماً فاتبعوه ولا تتبعوا السبل فتفرق بكم عن سبيله**﴾ [الانعام: ۱۵۳] "اور یہ کہ دین میرا راستہ ہے، جو کہ مستقیم ہے سو اس راہ پر چلو اور دوسری راہوں پر مت چلو کہ وہ [راہیں] تم کو اس کی [اللہ کی] راہ سے جدا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کردیں گی۔"

یعنی اللہ کے اُس حقیقی راستے سے جو اللہ تک پہنچنے کا ذریعہ ہے اور اللہ کے ہاں مقبول ہے اُس شخص کیلئے جس پر اللہ تعالیٰ احسان کرنا چاہتا ہے۔ اور اسی مفہوم میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد ہے: ﴿وعلى الله قصد السبيل ومنها جائر﴾ [النحل - ۹] "اور سیدھا راستہ اللہ تک پہنچتا ہے اور بعضے رستے ٹیڑھے بھی ہیں"۔

نیز ارشاد باری ہے: ﴿لو شاء لهداكم اجمعين﴾ "اگر خدا چاہتا تو تم سب کو مقصود تک پہنچا دیتا"۔

اس کے بعد حضور علیہ السلام نے لوگوں کے گمراہ ہونے اور سیدھے راستے سے بھٹکنے کا سبب بیان فرمایا۔

قوله: وانهم اتتهم الشياطين---- ما احللت لهم: یعنی میرے یہ بندے جن کے اندر قبولیت حق کی استعداد ہے

"فاجتالتهم" اجتال سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے "لے جانا اور ہانکنا" اور بعض کا کہنا ہے کہ افتعال کا یہ لفظ فعل پر ابھارنے کا معنی دیتا ہے جیسا کہ "اختطب زيد عمرواً" کا معنی ہے زید نے عمرو کو خطبہ دینے پر ابھارا، چنانچہ مطلب یہ ہوا کہ شیاطین ان کو دین سے بھٹکنے اور اعراض کرنے پر ابھارتے ہیں۔

مثلاً بجیرہ، سائبہ وغیرہ اور قاضی نے اس کی توضیح یوں فرمائی ہے کہ "كل مال نحلته" "اُس بات کا بیان ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو سکھلائی اور جس کی اس دن وحی بھیجی اور معنی یہ ہے کہ میں نے اپنے بندے کو جو مال دیا وہ اُس کیلئے حلال ہے کوئی اس کو اس شخص پر حرام نہیں کرسکتا۔

کوئی یہ اعتراض نہ کرے کہ اس کلام کا مقتضی یہ ہے کہ مال حرام رزق نہ ہو اس لئے کہ جو بھی رزق اللہ تعالیٰ نے بندے کی طرف بھیج دیا ہے وہ اللہ کی عطاء ہے اور جو بھی اللہ کی عطا ہو وہ حلال ہے، چنانچہ ہر وہ رزق جو اللہ کی طرف سے عطا کردہ ہے وہ حلال ہے اور اس سے یہ بات لازم آتی ہے کہ جو چیز بھی حلال نہیں ہے وہ رزق نہیں اس لئے کہ اس کا جواب یہ ہے کہ "رزق" اعطاء سے عام ہے کیونکہ "اعطاء" تملیک کے معنی کو متضمن ہے۔

اسی وجہ سے فقہاء نے لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے یہ کہہ دے "ان اعطيتني الفا فأنت طالق" اور عورت نے شوہر کو ہزار روپے دے دے، تو عورت کو طلاق بائنہ واقع ہو جائے گی اور ہزار روپے شوہر کی ملک میں آجائیں گے، جبکہ رزق کا حکم اس طرح نہیں ہے۔

قوله: وأمرتهم ان يشركوا بي ما---- بقايا من أهل الكتاب: ایسی شرکت یا ایسی چیز۔

"لم أنزل به سلطاناً": دلیل کا نام سلطان اس لئے رکھا گیا کہ دل پر غلبہ پا کر اس کا تسلط قائم ہو جاتا ہے جس وقت کہ دوسرے خیالات کا ہجوم ہو اور معنی یہ ہے کہ وہ چیز شریک ٹھہراتے ہیں جس کے شریک ہونے پر نہ کوئی عقلی دلیل ہوتی ہے اور نہ کوئی نقلی دلیل، کیونکہ اگر کوئی بھی دلیل ہوتی تو اللہ تعالیٰ اس کو بیان کرتا، بلکہ معاملہ تو اس کے خلاف ہے اس لئے کہ اللہ کا ارشاد ہے:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

﴿وقضى ربك ان لا تعبدوا الا اياه﴾[الاسراء ـ ۲۳]

ترجمہ: ''اور تیرے رب نے حکم کر دیا ہے کہ بجز اس کے کسی کی عبادت مت کرو''۔

اور قرآن پاک اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ٹھہرانے کے بطلان پر دلائل سے بھرا ہوا ہے۔

قاضیؒ فرماتے ہیں، کہ ''ما'' یشرکوا کا مفعول ہے اور اس سے بُت اور اللہ کے ماسوا تمام وہ اشیاء جن کو معبود بنایا گیا، مراد ہے۔ اور معنی یہ ہے کہ شیاطین ان لوگوں کو اللہ کے ساتھ ایسی چیزوں کو شریک ٹھہرانے کا حکم دیتے ہیں، جن کی عبادت کا اللہ تعالیٰ نے ان کو حکم نہیں دیا، اور اُن معبودانِ باطلہ کی عبادت کے مستحق ہونے پر اللہ نے کوئی دلیل قائم نہیں کی۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ ''ما لم انزل به سلطانا'' کا معنی یہ ہے کہ نہ تو دلیل کو اتارا گیا ہے اور نہ کوئی شریک ہے اور اس کلام کا اسلوب وہی ہے جو کہ ''على لاحب لا يهتدى بمناره'' کا ہے جس کا معنی ہے نہ تو کوئی راستے کا نشان موجود ہے اور نہ اُس سے رہنمائی حاصل کی جاتی ہے، اسی طرح ''ولا يرى الضب بها ينجحر'' جس کا معنی ہے نہ تو کوئی گوہ ہے اور نہ کوئی سوراخ ہے جس میں وہ داخل ہو، اس سے مقصود اصل اور فرع دونوں کی نفی کرنا ہوتی ہے یعنی نہ تو قید ہے اور نہ مقید ہے۔

بعض نے حدیث کے اس جملہ کو تحکم پر محمول کیا ہے اس لئے کہ اللہ کے مقابلہ میں اس بات کی دلیل پیش کرنا ممکن ہی نہیں ہے کہ جو اللہ کے ساتھ کسی اور کو شریک ٹھہرانے پر دلالت کرے۔

عربهم وعجمهم: ضمیر سے بدل ہے اور عجم سے غیر عرب مراد ہیں، اور معنی یہ ہے کہ جب سارے لوگ بُرے اعمال، غلط عقیدے کے حامل ہو گئے اور حضور علیہ السلام کی بعثت سے پہلے شرک پر سارے لوگ متفق ہو گئے، اور کفر میں ڈوب گئے۔ موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے تو عیسیٰ علیہ السلام کو ماننے سے انکار کر دیا، اور عزیر علیہ السلام کی پوجا کرنے لگے، اور اور اس عقیدے کو اپنا لیا کہ عزیرؑ اللہ کا بیٹا ہے۔ اور عیسیٰؑ کی قوم تین خداؤں کی قائل ہو گئی اور اس غلط عقیدے کی حامل ہو گئی کہ عیسیٰؑ خدا کے بیٹے ہیں، وغیرہ وغیرہ۔ تو اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو اپنا مبغوض اور ناپسندیدہ قرار دیا۔

الا بقايا من اهل الكتاب: یعنی سوائے یہود اور نصاریٰ کے بعض افراد کے جو کہ شرک سے بری تھے، اسی طرح بعض شارحین نے بیان کیا ہے۔ زیادہ اہ یہ ہے کہ ان سے عیسیٰؑ کی قوم کی وہ جماعت مراد ہے جو عیسیٰؑ کی اتباع میں زندگی گزارتے رہے، یہاں تک کہ حضور علیہ السلام جب دنیا میں مبعوث ہوئے تو آپؐ پر ایمان لائے۔

قوله: وقال انما بعثنك ـــــ تفرؤه نا نما ويقظان:

لا يغسله الماء): یعنی ہم نے قرآن کو کتابوں کے حوالہ کرنے پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ مؤمنین کے سینوں میں اس کتاب کو محفوظ کر دیا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿بل هو آيا ت بينات في صدور الذين اوتوا العلم﴾[العنكبوت:۴۹] ''بلکہ یہ کتاب خود بہت سی واضح دلیلیں ہیں ان لوگوں کے سینوں میں جن کو علم عطا ہوا ہے''۔

نیز اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿انا نحن نزلنا الذكر وانا له لحافظون﴾[الحجر:۹] ''ہم نے قرآن کو نازل کیا ہے اور ہم اس کے محافظ ہیں''۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دھوئے جانے سے مراد منسوخ ہونا ہے، اور پانی کو بطور مثال کے ذکر کیا گیا، معنی یہ ہے کہ نہ اس کے بعد کوئی ایسی کتاب نازل ہوگی جو قرآن مجید کو منسوخ کر دے، اور نہ اس سے پہلے ایسی کوئی کتاب نازل ہوئی ہے جو اس کو باطل کر دے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿لا یأتیه الباطل من بین یدیه ولا من خلفه تنزیل من حکم حمید﴾ [فصلت: ٤٢] ''جس میں غیر حقیقی بات نہ اُس کے آگے کی طرف سے آسکتی ہے اور نہ اس کے پیچھے کی طرف سے''۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، اس کا معنی ہے کہ ایسی کتاب جو دلوں میں محفوظ ہے۔ اور اس کے اوراق دھوڈالنے سے یہ کتاب مضمحل نہیں ہوگی۔

یا معنی یہ ہے کہ ایسی کتاب ہمیشہ کیلئے رہے گی اور لوگوں میں متداول رہے گی جب تک زمین وآسمان کا نظام قائم ہو نہ تو منسوخ ہوگی اور نہ مکمل طور پر بھولے گی۔ اور قرآن کے احکام کے ابطال، اس کی قراءت کے متروک ہونے اور اس سے کلیۃً اعراض کو بطور استعارہ اوراق قرآن کو پانی سے دھوئے جانے سے تعبیر کیا گیا۔

یا معنی یہ ہے کہ ایسی کتاب جس کی آیات واضح ہی، اور معجزات ظاہر ہیں، نہ تو کسی ظالم کا ظلم اس کو باطل کر سکتا ہے اور نہ کسی مناظر کے شکوک وشبہات پیدا کرنے سے بے اثر کیا جا سکتا ہے، اس طرح معنوی طور پر قرآن کے ابطال کو صوری طور پر ابطال کے ساتھ تشبیہ دے کر بیان کیا۔

بعض حضرات فرماتے ہیں، کہ حدیث کا یہ جملہ قرآن کریم کے معانی اور فوائد کی کثرت سے کنایہ ہے جیسا کہ عرب (کثرتِ مال کو بیان کرنے کیلئے) کہتے ہیں: ''مال فلان لا یفنیه الماء او النار'' (ملان کا مال اتنا زیادہ ہے کہ نہ پانی اس کو ختم کر سکتا ہے اور نہ آگ)۔

یقظان: قاف کے سکون کے ساتھ، معنی یہ ہے کہ آپ کو ایسا ملکہ حاصل ہو گیا ہے کہ قرآن ہر وقت آپ کے ذہن میں مستحضر رہتا ہے اور اکثر حالات میں آپ کا پاک نفس اس کی طرف متوجہ رہتا ہے لہٰذا آپ نہ تو اس سے جاگنے کی حالت میں غافل رہتے ہیں، اور نہ سونے کی حالت میں۔ جب کوئی شخص کسی کام میں قدرت ومہارت رکھتا ہو اُس کے بارے میں کہا جاتا ہے: ''یفعله بالماء'' (وہ اس کام کو مہارت کے ساتھ کرتا ہے)۔ اسی طرح علامہ طیبیؒ نے ذکر کیا ہے۔

خلاصہ یہ کہ قرآن تو اُس وقت بھی آپ کے قلب میں ہوتا ہے جس وقت آپ سو رہے ہوتے ہیں۔ لیکن ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں، کہ حضور علیہ السلام کے قلب مبارک کی نسبت سے اس تاویل کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں، کیونکہ حضور علیہ السلام کی آنکھیں تو سوتی تھیں، مگر دل پر غفلت طاری نہیں ہوتی تھی، حالانکہ عام انسانوں میں بھی بہت سارے چھوٹے اور بڑے بندوں کو دیکھا گیا ہے کہ سو رہے ہوتے ہیں، مگر ان کی زبان سے تلاوت ہو رہی ہوتی ہے۔

اس سے بھی زیادہ ایک عجیب بات یہ ہے کہ ایک شخص کے بارے میں نقل کیا گیا ہے کہ وہ اپنے شیخ ومرشد کے ساتھ ہر روز سحر کے وقت قرآن کی دس آیتوں کا دور کیا کرتا تھا، جب شیخ کی وفات ہوگئی تو وہ شخص اپنی عادت کے مطابق سحر کے وقت اُٹھا اور شیخ کی قبر پر گیا اور وہاں دس آیتوں کی تلاوت کی، تلاوت سے فارغ ہو کر خاموش ہی ہوا تھا کہ اچانک قبر کے اندر سے شیخ کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آواز سنی، کہ انہوں نے دس آیتوں کی تلاوت کی اور خاموش ہو گیا، پھر اس شخص نے اس طرح قبر پر جا کر قرآن کے دور کو معمول بنالیا اور یہ سلسلہ کافی عرصہ تک جاری رہا ایک دن اُس نے یہ واقعہ اپنے کسی دوست سے بھی بیان کر دیا، اسی دن سے قبر کے اندر سے شیخ کی تلاوت کی آواز کا آنا بند ہو گیا۔

اسی طرح کا ایک واقعہ سعید بن مسیّب کے ساتھ بھی پیش آیا کہ جس وقت یزید کے فتنہ کے زمانہ میں مدینہ منورہ کے اندر جبکہ مسجد میں سعیدؒ کے علاوہ اور کوئی نہیں تھا تو انہوں نے حضور علیہ السلام کے قبر اطہر سے آذان کی آواز سنی اور دوسرے لوگ کہتے تھے کہ یہ شخص مجنون ہو چکا ہے۔

قوله: وان الله امرنی .....:

خبزة: یعنی میرا سر کچل کر گول شکل سے روٹی کی طرح چپٹی شکل میں کر دیں گے۔

كما اخرجوا: جیسا کہ انہوں نے آپ کو نکال دیا تھا اور یہ ان کے فعل کا پورا بدلہ ہوگا اگر چہ کفار کا حضور علیہ السلام کو مکہ سے نکال دینے اور حضور علیہ السلام کا کفار قریش کو مکہ سے نکال دینے میں بڑا واضح فرق ہے کیونکہ کفار قریش کا حضور علیہ السلام کو نکال دینا ناحق تھا اور حضور علیہ السلام کا ان کفار کو نکال دینا حق کی وجہ سے تھا۔

اغزهم: ان کے ساتھ جہاد کرو۔ واؤ مطلق جمع کیلئے ہے کیونکہ قتال ملک بدر (جلاوطن) پر مقدم ہے۔

نغزك: نون کے ضمہ کے ساتھ "اغزیته" کا مضارع ہے اور اس کا معنی ہے جہاد کیلئے سامان کا انتظام کرنا اور تیاری کرنا۔

انفق: آپ کے بس میں جتنی کوشش ممکن ہے وہ کر لیں۔

سننفق عليك: ہم اس کا بدل آپ کو دنیا و آخرت میں دے دیں گے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ﴾ [سبا:۳۹] "اور جو چیز تم خرچ کرو گے سو وہ اس کا عوض دے گا اور وہ سب سے بہتر روزی دینے والا ہے"۔

اس میں وعدہ اور تسلی دونوں ہیں۔

نبعث خمسة مثله: "مثله" نصب کے ساتھ، معنی یہ ہے کہ ان کی تعداد کے پانچ گنا تعداد میں فرشتے ان کی مدد کیلئے بھیج دوں گا، جیسا کہ جنگ بدر میں ہوا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿بَلٰٓى اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ﴾ [آل عمران:۱۲۵] "اگر تم مستقل رہو گے اور متقی رہو گے اور وہ لوگ تم پر ایک دم سے آن پہنچیں گے تو تمہارا رب تمہاری امداد فرمائے گا پانچ ہزار فرشتوں سے جو ایک خاص وضع بنائے ہوں گے"۔

واضح رہے کہ بدر کے دن مشرکین کی تعداد ایک ہزار تھی اور مسلمانوں کی تعداد تین سو تھی۔

۵۳۷۲ : وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ فَصَعِدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَسَلَّمَ الصَّفَا فَجَعَلَ يُنَادِيْ يَابَنِيْ فَهْرٍ يَا بَنِيْ عَدِيٍّ لِبُطُوْنِ قُرَيْشٍ حَتّٰى اجْتَمَعُوْا فَقَالَ اَرَاَيْتَكُمْ لَوْاَخْبَرْتُكُمْ اَنَّ خَيْلًا بِالْوَادِيْ تُرِيْدُ اَنْ تُغِيْرَ عَلَيْكُمْ اَكُنْتُمْ مُصَدِّقِيَّ قَالُوْا نَعَمْ مَاجَرَّبْنَا عَلَيْكَ اِلَّا صِدْقًا قَالَ فَاِنِّيْ نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ فَقَالَ اَبُوْلَهَبٍ تَبًّا لَكَ سَائِرَ الْيَوْمِ اَلِهٰذَا جَمَعْتَنَا فَنَزَلَتْ تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ (متفق عليه وفي رواية) وَنَادٰى يَا بَنِيْ عَبْدِ مَنَافٍ اِنَّمَا مَثَلِيْ وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ رَاَى الْعَدُوَّ فَانْطَلَقَ يَرْبَأُ اَهْلَهٗ فَخَشِيَ اَنْ يَسْبِقُوْهُ فَجَعَلَ يَهْتِفُ يَاصَبَاحَاهُ .

اخرجه البخاري في صحيحه حديث رقم ٤٧٧٠ ومسلم في صحيحه ١٩٣/١ حديث رقم (٣٥٥-٢٠٨) والترمذي في السنن ٤٢٠/٥ حديث رقم ٣٣٦٣ والدارمي في ٣٩٥/٢ حديث رقم ٢٧٣٢ واحمد في المسند ٣٠٧/١۔

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان فرمایا کہ جب یہ آیت نازل ہوئی وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ (یعنی اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈرایئے) تو آپ کوہ صفا پر (جو بیت اللہ کے نزدیک ہے) تشریف لے گئے اور وہاں سے آواز دینے لگے اے نبوعدی! اے بنوفہر! یعنی قریش کے تمام قبائل کو (نام لے لے کر) پکارنا شروع فرمایا حتی کہ وہ (قریش کی تمام شاخوں کے) لوگ جمع ہو گئے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''تم لوگ پہلے مجھے یہ بتاؤ کہ اگر میں تمہیں اس بات کی اطلاع دوں کہ جنگل میں ایک لشکر نے پڑاؤ ڈالا ہے اور تمہیں تباہ وغارت کر دینے کا ارادہ کئے ہوئے ہے تو کیا تم میری تصدیق کرو گے ان سب نے (یک زبان ہو کر) کہا۔ بے شک! کیونکہ ہماری آزمودہ بات یہ ہے کہ تم نے جب بھی کوئی بات کہی ہے سچ کہی ہے حضور ﷺ نے فرمایا (اگر تم میری سچائی کے معترف ہو تو سنو کہ) بلاشبہ خدا کی طرف سے تمہیں اس کے سخت ترین عذاب کے اترنے سے پہلے ڈرانے والا بنا کر مامور ہوا ہوں (یعنی میں خدا کے رسول کی حیثیت سے تمہیں دعوت اسلام پیش کرتا ہوں' اس کو قبول کرو' اگر تم اس دعوت کو قبول نہیں کرو گے اور مجھ پر ایمان نہیں لاؤ گے تو پھر میں تمہیں پیشگی اطلاع دیتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کے سخت ترین عذاب کو بھگتنے کے لئے تیار ہو جاؤ)۔ ابولہب (جو حضور ﷺ کا چچا تھا اور جس کا نام عبدالعزیٰ تھا یہ سن کر آگ بگولا ہو کر) بولا۔ سارے دن تیری تباہی ہو' کیا اسی لئے تو نے ہمیں اکٹھا کیا تھا (کہ ہم اتنی خراب گفتگو سننے آئے ہیں؟) اس پر اس سورۃ مبارک کا نزول ہوا تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ یعنی ابو لہب کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں اور وہ تباہ ہو جائے اور حقیقت یہ ہے کہ وہ آنحضرت ﷺ کی بے ادبی و گستاخی کے باعث تباہ و برباد ہو گیا (بخاری و مسلم) اور ایک روایت میں یہ بات بیان کی گئی ہے کہ ''آنحضرت ﷺ نے (قریش کو اکٹھا کر کے پکار کر فرمایا) اے بنی عبد مناف! میری اور تمہاری حالت کی مثال اس شخص کی مانند ہے جس نے دشمن کا لشکر (اپنی قوم پر حملہ آور ہونے کے لئے آتے ہوئے) دیکھا تو وہ اپنی قوم کو (اس دشمن کے قتل و غارت گری سے) محفوظ رکھنے کے لئے چلا (تاکہ کسی بلند جگہ پر چڑھ کر اونچی پکار کے ذریعہ اپنی قوم کو دشمن کے خطرہ سے کر دے) لیکن اس اندیشہ سے کہ کہیں دشمن کا لشکر اس سے پہلے ہی اس کی قوم تک رسائی نہ حاصل کر لے' اس نے وہیں سے چلا چلا کر یہ کہنا شروع کر دیا''۔

تشریح: صعد: عین کے کسرہ کے ساتھ

یہ ''لما'' کا جواب ہے' اور بعض نسخوں میں عین کے ضمہ کے ساتھ ''فصعد'' منقول ہے مگر اس کی کوئی وجہ نہیں بنتی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفا: مکہ میں ایک معروف پہاڑ ہے' یہ شعائر اللہ میں سے ہے۔

فجعل: افعال شروع کے معنی میں ہے۔

فهر: فاء کے کسرہ اور ھاء کے سکون کے ساتھ۔ بنی فہر قریش کا ایک قبیلہ ہے جیسا کہ قاموس میں لکھا ہے۔

بنی عدی: یہ بھی قریش کا ایک قبیلہ ہے۔ قاموس میں اسی طرح لکھا ہوا ہے۔

لبطون قریش: اس میں ایک اشکال ہے اور وہ یہ ہے کہ "بطن" قبیلے کی شاخ یعنی بطن قبیلہ یا فخذ سے نیچے کا درجہ ہوتا ہے اور عمارہ سے اوپر کا درجہ ہوتا ہے، اور لفظ "القبلہ" تو بالائی درجے یعنی "قبائل" کا واحد ہے جس سے نسبت کی شاخیں نکلتی ہیں، اور اسی معنی میں لفظ قبائل العرب مستعمل ہوتا ہے جس کا واحد قبیلہ ہے، اور قبلہ ایک ہی دادا کی اولاد کو کہا جاتا ہے۔ اسی طرح قاموس میں لکھا ہے۔ حاصل یہ کہ قبیلہ بمنزلہ جنس کے ہے اور بطن بمنزلہ نوع کے اور فخذ، بمنزلہ فصل کے ہے، اور بعض اوقات ایک لفظ کو دوسرے کے معنی میں استعمال کر دیا جاتا ہے۔ واللہ اعلم

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ "لبطون" میں لام بیان کیلئے ہے جیسا کہ ارشاد باری میں ﴿لمن اراد ان یتم الرضاعة﴾ [البقرۃ۔ ۲۳۳] "جو شیر خوارگی کی تکمیل کرنا چاہے"۔

گویا کہ سائل نے سوال کیا کہ نبی علیہ السلام نے کس کو پکارا، جواب دیا گیا "لبطون قریش"۔

قوله: حتى اجتمعوا فقال ۔۔۔ أكنتم مصدقي:

حتى اجتمعوا: جب تمام قبائل اور شاخوں کے لوگ۔

ارايتكم: تاء کے فتحہ کے ساتھ اور اس لفظ میں ہمزہ کو باقی رکھنا، ہمزہ کی تسہیل ہمزہ کو بدل لینا اور ہمزہ کو حذف کرنا سارے امور جائز ہیں اور معنی یہ ہے کہ مجھے بتاؤ اور اس کی تحقیق کو علامہ طیبیؒ نے اس طرح ذکر کیا کہ ضمیر مرفوع متصل عام خطاب کیلئے ہے اور دوسری ضمیر کا محل اعراب نہیں ہے اور یہ دوسری ضمیر پہلی ضمیر کا بیان ہے کیونکہ پہلی ضمیر بمنزلہ جنس کے ہے جو تمام مخاطبین کو شامل ہے، جس میں تذکیر، تانیث، افراد اور جمع سب برابر ہیں، جب ان میں سے کسی ایک کو بیان کرنے کا ارادہ کیا گیا تو ضمیر سے بیان کیا گیا اور حدیث میں پہلی ضمیر کی مراد بیان کرنے کیلئے دوسری ضمیر جمع کی ذکر کی گئی، انتہی۔

گویا کہ حضور علیہ السلام نے یوں فرمایا کہ "ارأيتم فان رأيتم فاعلموني" (کیا تمہیں یقین ہے اگر تمہیں یقین ہے تو مجھے بتاؤ)۔ شارحؒ فرماتے ہیں، کہ وادی مکہ کے قریب ایک معروف جگہ ہے اور گویا کہ وادی سے مکہ اور مدینہ منورہ کے درمیان ایک وادی مراد ہے۔ جو "وادی فاطمہ" کے نام سے مشہور ہے۔

"تغير" "الاغارة" مصدر سے مشتق ہے، اور "اغارة" کا معنی ہے "رات کو غفلت کے وقت حملہ کرنا"۔ اور حدیث میں لفظ "خيلاً" سے بطور مجاز "اصحاب الخيل" (گھوڑوں والے) مراد ہیں، جیسا کہ ارشاد باری "واسئل القرية" میں "القرية" سے اهل القرية مراد ہے۔

قوله: قالو انعم ما جربنا عليك الا صدقا:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں: کہ "جرب" فعل القاء کے معنی کو متضمن ہے اور اس کو "علی" کے ساتھ متعدی کیا گیا ہے، گویا کہ معنی کلام کا یہ ہے کہ "ما القينا عليك قوة مجربين لك فيه هل تكذب فيه ام لا ما سمعنا منك الا صدقاً". (ہم نے جب بھی یہ تجربہ کرنے کیلئے کہ آپ سچ بولتے ہیں یا جھوٹ بولتے ہیں کسی بات کو آپ کے سامنے رکھا تو آپ سے ہم نے صرف سچ ہی سنا)۔

قوله: قال فانی نذیر لکم بین یدی عذاب شدید: یعنی ایک بہت بڑے عذاب اور سخت پکڑ کے آنے سے پہلے۔ معنی یہ ہے کہ اگر تم لوگ مجھ پر ایمان نہیں لاؤ گے، تم پر بڑا سخت عذاب نازل ہوگا۔ علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ "بین یدیه" "نذیر" کے لئے ظرف لغو ہے اور اس کا معنی ہے آگے، کیونکہ جو بھی چیز کسی کے آگے ہوتی ہے اس کے دونوں اطراف یعنی دائیں اور بائیں کے درمیان برابر ہوتی ہے۔ اس جملہ میں تمثیل ہے حضور علیہ السلام نے اپنی قوم کو اللہ کے عذاب سے ڈرانے کو قوم کے اُس ڈرانے والے شخص کے ساتھ تشبیہ دی جو دشمن کے لشکر کے آنے سے پہلے آکر اپنی قوم کو خبردار کردے اور ڈرائے۔

قوله: فقال ابو لهب تبالك: یہ شخص اپنی اس کنیت سے معروف ہے۔ اور اس کا نام عبدالعزیٰ ہے۔ یہ عبدالمطلب بن ہاشم کا بیٹا اور حضور علیہ السلام کا چچا تھا۔

یعنی تیرے لئے ہلاکت اور تباہی ہو، اور قاضی نے لکھا ہے کہ اس کا نصب عامل مضمر کی وجہ سے ہے یا تو مفعول مطلق ہونے کی بناء پر منصوب ہے اور معنی یہ ہے تبّ تبّاً یا کسی اور فعل مضمر کی وجہ سے یعنی الزمك الله هلاكا وخسراناً والزم تبالك (اللہ تجھے لازمی طور پر ہلاک وتباہ کردے)

سائر الیوم: تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، کہ جنہوں نے سائر سے بقیہ کا معنی مراد لیا ہے وہ درست نہیں ہے کیونکہ یہ لفظ السیر سے ماخوذ ہے السور: سے ماخوذ نہیں ہے۔ اور عربی کا محاورہ ہے اسائر الیوم وقد زال الظهر (کیا دن میں اب بھی کچھ باقی ہے جبکہ ظہر کا وقت گزر چکا) اور یہ محاورہ اُس وقت بولا جاتا جب کسی ضروری کام سے مایوسی ہوجائے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں: اس میں اشکال ہے کیونکہ صاحب نہایہ فرماتے ہیں، کہ لفظ "السائر" مہموز ہے اور اس کا معنی ہے باقی اور لوگ اس کو جمیع (تمام) کے معنی میں استعمال کرتے ہیں جو کہ درست نہیں ہے، اور یہ لفظ احادیث میں تکرار کے ساتھ مذکور ہے اور تمام جگہوں میں اس کا معنی ہے "کسی چیز کا باقی ماندہ" اور اساس البلاغہ کا کلام صاحب نہایہ کی بات کے درست ہونے پر دلالت کرتا ہے، کیونکہ انہوں نے اس لفظ کو سین اور ہمزہ کے باب میں ذکر کرکے فرمایا ہے کہ "سار الشارب فی الاناء سوارا وسورة:: کا معنی ہے" پینے والے نے برتن میں کچھ باقی چھوڑا"۔ اور ضرب المثل بھی ہے ""اسائر الیوم وقد زال الظهر" (کیا دن میں کچھ باقی بھی رہتا ہے جبکہ ظہر کا وقت گزر چکا)، انتہیٰ۔ اس بناء پر "سائر الیوم" سے "بقیہ آنے والے ایام" مراد ہیں۔

اور قاموس میں ہے کہ السؤر کا معنی ہے بقیہ اور بچا ہوا اور "اسأر اور سأر" بروزن منع کا معنی ہے "اُس نے کچھ باقی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چھوڑا''۔اور اس سے فاعل ''سائر'' آتا ہے حالانکہ قیاس کے مطابق متنسر ہونا چاہئے تھا اور ایسا کرنا جائز ہے، اور سائر کا معنی ہوگا، باقی ''تمام''۔اس کا معنی نہیں ہوگا جیسا کہ کئی جماعتوں کا وہم ہے یا یہ کہ بعض اوقات تمام کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے اور اسی معنی میں ''احوص'' شاعر کا شعر بھی ہے:

فجلتها لنا لبابة لما
وفد القوم سائر الحراس

یدا ابی لهب: ھاء کے فتحہ کے ساتھ اور اس کو ساکن بھی پڑھا جاتا ہے یعنی ''ابولہب کی ذات'' جیسا کہ: [**لا تلقوا بأیدیکم**] [البقرۃ:۱۹۵] ''اور اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں تباہی میں مت ڈالو'' میں أیدی سے انفس مراد ہیں، یعنی ''**لا تلقوا بانفسکم**'' اور باء اس میں زائد ہے اور بعض نے دونوں ہاتھوں سے ابولہب کی دنیا اور آخرت دونوں مراد لیا ہے۔اور بعض حضرات فرماتے ہیں، کہ بطور خاص ہاتھوں کا ذکر اس لئے کیا کہ جب ابولہب نے کہا ''الهذا جمعتنا؟'' تو اُس وقت پتھر اٹھایا تا کہ آپ کو پتھر مارے، اس پر یہ آیت اُتری۔

اس کو کنیت (ابولہب) سے ذکر کیا گیا، حالانکہ کنیت بطور اعزاز واکرام بولا جاتا ہے؟

اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ شخص اپنی کنیت سے مشہور تھا۔

یا وجہ یہ ہے کہ اس کا نام عبدالعزیٰ تھا اور ابولہب اس نام کو برا محسوس کرتا تھا۔

یا وجہ یہ ہے کہ چونکہ ابولہب جہنمی ہے اس لئے اس کی یہ کنیت اس کی اُس حالت کے زیادہ موافق ہے اگر چہ اس کی یہ کنیت زیادہ حسن وجمال کی وجہ سے رکھی گئی تھی۔

اس لفظ کو ''**ابی لهب**'' کی بجائے ''**ابو لهب**'' بھی پڑھا گیا ہے، جیسا کہ علی بن ابوطالب کہا جاتا ہے، اور یہ ایک لغت ہے کہ اسماء ستہ مکبرہ میں واؤ پر ہی اکتفاء کیا جاتا ہے جیسا کہ بعض اہل لغت نے اس لفظ میں الف پر اکتفاء کی ہے اور ''**ان أباها وأبا أباها**'' پڑھا ہے۔

وتب: یہ خبر کے بعد دوسری خبر ہے مزید تاکید کیلئے۔

ماضی سے تعبیر اس لئے کیا گیا کہ اس کا وقوع متحقق ہے۔یا پہلا جملہ بطور بددُعا کے ہے، اور دوسرا جملہ بطور خبر کے ہے۔

تخریج: امام میرکؒ فرماتے ہیں: کہ یہ روایت امام مسلم کی مفرد روایات میں سے ہے۔

قوله: وفی روایة: نادیٰ: یا بنی عبدِ مناف۔۔۔الخ

قاموس میں لکھا ہے کہ **عبد مناف**، **هاشم** اور عبد شمس اور مطلب کا بھائی تھا، اور **مناف**، ایک بُت تھا۔

یربأ: باء کے فتحہ کے ساتھ ہے اور باء کے بعد ہمزہ ہے دشمن سے حفاظت کرتا ہے۔

اس شخص کو خوف ہوتا ہے کہ یہ دشمن اس کی قوم کے پاس جلدی پہنچ جائیں گے اور قبل اس کے کہ اس کی قوم دشمن کا مقابلہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرنے کیلئے آگے بڑھے دشمن اس کے قوم کی طرف پہنچ جائیں گے۔

فجعل: افعال شروع کے معنی میں ہے۔

یھتف: تاء کے کسرہ کے ساتھ یعنی پہاڑی پر چڑھ کر چیخنا اور چلانا اور بسا اوقات ہاتھ میں کپڑا لے کر یا کوئی لکڑی لے کر لہراتا ہے تاکہ اچھی طرح سب کو اطلاع ہو جائے اور اسی معنی میں عربی میں "النذیر العریان" استعمال ہوتا ہے، یا تو کہ یہ کنایہ ہے اسباب سے ہاتھوں کے خالی ہونے سے یا یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ دشمن نے اس کو پکڑا اس سے کپڑے چھین لئے اور یہ شخص دشمن سے بھاگ کر آرہا ہے۔ چنانچہ اس وقت ہر شخص اس کی بات کی تصدیق کرتا ہے۔

یا صباحاہ: ھاء کے سکون کے ساتھ اور عام طور پر دشمن چونکہ صبح کے وقت حملہ آور ہو کر غارت گری کرتا ہے، اس لئے خاص اس لفظ کو بولا جاتا ہے اگرچہ دشمن کا حملہ شام کے وقت ہی کیوں نہ ہو۔ واللہ اعلم۔ یہ کلمہ کسی خطرناک چیز سے ڈرانے کیلئے بولا جاتا ہے۔

کلام کا معنی یہ ہے کہ اے لوگو! دشمن کے آنے سے پہلے آگے بڑھو اور اپنے آپ کو بچاؤ، گویا کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ اللہ کے عذاب کے آنے سے پہلے ایمان لا کر اپنے آپ کو عذاب الٰہی سے بچاؤ۔

۵۳۷۳ : وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَكَ الْاَقْرَبِیْنَ دَعَا النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قُرَیْشًا فَاجْتَمَعُوْا فَعَمَّ وَخَصَّ فَقَالَ یَا بَنِیْ كَعْبِ بْنِ لُؤَیٍّ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ یَابَنِیْ مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ یَابَنِیْ عَبْدِ شَمْسٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ یَابَنِیْ عَبْدِ مَنَافٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ یَابَنِیْ هَاشِمٍ اَنْقِذُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ وَیَا فَاطِمَةُ اَنْقِذِیْ نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ فَاِنِّیْ لَا اَمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَیْئًا غَیْرَ اَنَّ لَكُمْ رَحِمًا سَاَبُلُّهَا بِبَلَالِهَا (رواہ مسلم وفی المتفق علیہ) قَالَ یَامَعْشَرَ قُرَیْشٍ اشْتَرُوْا اَنْفُسَكُمْ لَا اُغْنِیْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَیْئًا یَا بَنِیْ عَبْدِ مَنَافٍ لَا اُغْنِیْ عَنْكُمْ مِنَ اللّٰهِ شَیْئًا یَاعَبَّاسُ بْنِ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ لَا اُغْنِیْ عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ شَیْئًا وَیَا صَفِیَّةُ عَمَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا اُغْنِیْ عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَیْئًا وَیَا فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ سَلِیْنِیْ مَاشِئْتِ مِنْ مَالِیْ لَا اُغْنِیْ عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَیْئًا

اخرجہ البخاری فی صحیحہ ۳۸۲/۵ حدیث رقم ۲۷۵۳ ومسلم فی صحیحہ ۱۹۲/۱ حدیث رقم (۳۴۸-۲۰۴) والترمذی فی السنن ۳۱۶/۵ حدیث رقم ۳۱۸۵ والنسائی ۲۴۹/۶ حدیث رقم ۳۶۴۴ واحمد فی المسند ۳۳۳/۲

ترجمہ: "حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ جب یہ آیت شریفہ نازل ہوئی کہ وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَكَ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْاَقْرَبِیْنَ (اپنے قریب کے کنبہ والوں کو ڈرایئے) تو نبی کریم ﷺ نے قریش کے لوگوں کو (آواز دے کر) مدعو کیا جب وہ سب جمع ہو گئے تو آپ ﷺ نے عمومیت کے ساتھ بھی مخاطب فرمایا اور خصوصیت کے ساتھ بھی۔ (یعنی ان کو ان کے دور کے جداعلیٰ کے ناموں کے ذریعہ بھی خطاب فرمایا خاص خاص لوگوں سے مخصوص خطاب بھی ہو جائے) چنانچہ آپ ﷺ نے ان سب کو (اس طرح) مخاطب فرمایا: اے کعب بن لوی کی اولاد! اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچاؤ (یعنی ایمان قبول کرو اور نیک عمل کرو تاکہ دوزخ کی آگ سے چھٹکارا پا سکو) اے مرہ بن کعب کی اولاد! اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچاؤ۔ اے عبد شمس کی اولاد! اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچاؤ۔ اے عبد مناف کی اولاد! اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچاؤ۔ اے ہاشم کی اولاد! اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچاؤ۔ اے عبدالمطلب کی اولاد اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچاؤ اور اے (میری جان پدر) فاطمہ! اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچا کیونکہ تمہارے حق میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے از قسم عذاب کسی چیز کا اختیار نہیں رکھتا (یعنی میں تم میں سے کسی کو بھی اللہ کے عذاب بچانے کی اہلیت نہیں رکھتا) البتہ مجھ پر تمہاری قرابت کا حق ہے جس کو میں اس کی تری کے ساتھ تر کرتا رہوں گا (یعنی میرے اور تمہارے درمیان جو رشتہ داری ہے اور اس کا جو حق میرے ذمہ ہے۔ وہ بس اتنا ہی ہے کہ میں اس دنیا کے معاملات میں تمہاری نگہداشت کروں، تمہارے ساتھ حسن سلوک کروں اور اگر تم فقر و افلاس کی تپش محسوس کرو تو میں صلہ رحمی اور حسن سلوک و احسان کے چھینٹوں سے اس تپش کو بجھانے کے لئے سعی کروں) اس روایت کو مسلمؒ نے نقل کیا ہے اور جس روایت کو بخاری و مسلم دونوں نے نقل کیا ہے اس میں یہ الفاظ ہیں کہ (حضور ﷺ نے فرمایا: اے قریش کی جماعت اپنے آپ کو خرید لو (یعنی ایمان قبول کر کے اللہ تعالیٰ کی اتباع و فرمانبرداری کا راستہ اپنا کر کفر کو چھوڑ دو اور اپنے آپ کو جہنم کی آگ سے بچاؤ) میں تمہارے خدا کے عذاب کے بارے میں کچھ بھی کام نہیں آ سکتا۔ اے عبد مناف کی اولاد میں تم سے (بھی) خدا کے عذاب کو دور کرنے کے بارے میں کچھ بھی کام نہیں آ سکتا۔ اے (میرے چچا) عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ میں آپ سے (بھی) خدا کے عذاب کو دور کرنے کے بارے میں کچھ بھی کام نہیں آ سکتا اور اے اللہ پیغمبر ﷺ کی پھوپھی صفیہ میں آپ سے بھی) خدا کے عذاب کو دور کرنے کے بارے میں کچھ نہیں کر سکتا اور اے میری لخت جگر فاطمہ بنت محمد! میرے مال کے متعلق مجھ سے جس چیز کا چاہے مطالبہ کرے (میں دوں گا) لیکن خدا کے کسی عذاب سے میں تجھ کو (بھی) نہیں بچا سکتا"۔

تشریح: **یا بنی کعب بن لؤی**: لوم کے ضمہ اور ہمزہ کے فتحہ کے ساتھ اور کبھی تو واؤ سے بدل دیا جاتا ہے آخر میں یا مشددہ ہے اور لؤی: غالب بن فہر کا بیٹا تھا۔

انقذوا: ہمزہ کے فتحہ اور قاف کے کسرہ کے ساتھ۔

یا بنی مرة بن کعب: میم کے ضمہ اور راء کی تشدید کے ساتھ ہے۔ قاموس میں ہے کہ مرہ بن کعب قریش کی ایک شاخ کے جداعلیٰ کا نام ہے۔

قوله: یا فاطمة انقذی نفسك من النار:

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حضور علیہ السلام نے قبائل قریش کو ڈرانے کے سلسلے میں آخر میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو ذکر کیا کیونکہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اپنی قوم کا خلاصہ ہے، اس کے بعد آئندہ جملے میں آپؐ نے عمومی طور پر اس بات سے براءت کا اظہار فرمایا کہ آپؐ بغیر ایمان اور عمل صالح کے کسی کو عذاب سے خلاصی نہیں دلوا سکتا۔

قوله :فانی لا املك لكم من الله: یعنی عوام اور خواص سب کے سب کیلئے۔ اللہ کے عذاب سے۔ نہ کچھ ملکیت ہے نہ کچھ قدرت اور نہ کچھ دفاع کر سکتا ہوں اور نہ کچھ منفعت دے سکتا ہوں معنی یہ ہے کہ میں اللہ کے عذاب سے تم میں سے کسی کا کچھ بھی دفاع نہیں کر سکتا اگر اللہ تمہیں عذاب دینے کا ارادہ کرے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد سے اقتباس لیا گیا ہے: ﴿**قل فمن يملك لكم من الله شيئا ان اراد بكم ضرا او اراد بكم نفعا**﴾ [الفتح۔۱۱] ''آپ کہہ دیجئے کہ سو وہ کون ہے جو خدا کے سامنے تمہارے لئے کسی چیز کا اختیار رکھتا ہو اگر اللہ تم کو کوئی نقصان یا کوئی نفع پہنچانا چاہے۔''

بلکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿**قل لا املك لنفسي نفعا ولا ضرا الا ما شاء الله**﴾ [الاعراف:۱۸۸] ''آپ کہہ دیجئے کہ میں خود اپنی ذات خاص کیلئے کسی نفع کا اختیار نہیں رکھتا اور نہ کسی ضرر کا، مگر اتنا ہی جتنا خدا تعالیٰ نے چاہا ہو۔''

اور یہ توحید کا ایک بے مثال اقرار و اظہار ہے حالانکہ آپؐ ایمان والوں کیلئے شفاعت کر کے ایمان والوں کو فائدہ پہنچائیں گے اس لئے کہ آپؐ جب شفاعت کرینگے تو آپؐ کی شفاعت قبول ہوگی لیکن آپؐ کی شفاعت پر اعتماد کر کے بیکار نہ بیٹھیں، نیز آخرت کیلئے محنت و مشقت برداشت کرنے اور آخرت کیلئے زیادہ سے زیادہ توشہ حاصل کرنے کی ترغیب کیلئے ایسا کیا، لیکن اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بڑا مہربان ہے اور یہی معنی ہے آپؐ کے ارشاد گرامی **غير ان لكم رحما** ..... کا۔

باء کے ضمہ اور لام کی تشدید کے ساتھ

بلالها: باء کے کسرہ کے ساتھ ہے نیز باء کو فتحہ کے ساتھ بھی پڑھا جاتا ہے

یعنی قرابت داروں کے ساتھ احسان اور حسن سلوک کر کے اس جملے کا حاصل یہ ہے کہ میں اپنے اقارب کے ساتھ اچھا سلوک کر کے اور ان سے ظلم اور نقصان کا دفاع کر کے وغیرہ وغیرہ ان کے ساتھ اپنی قرابت داری کو قائم رکھوں گا۔

نہایہ میں لکھا ہے کہ ''بلال'' اصل میں ''بلل'' کی جمع ہے جس کے معنی تری کے ہیں، اور اہل عرب اس قسم کے موقعہ پر تری کا اطلاق احسان اور حسن سلوک کے معنی میں کرنے پر کرتے ہیں، جب کہ لفظ **يبسٌ** (خشکی) کا اطلاق قطع تعلق اور بدسلوکی کرتے ہیں، اور وجہ اس کی یہ ہے کہ جب انہوں نے دیکھا کہ بعض چیزیں ایسی ہیں جن کے اجزاء تری کے ذریعے ایک دوسرے سے جڑ جاتے ہیں اور منسلک ہو جاتے ہیں، جبکہ خشکی کا پیدا ہو جانا ان اجزاء کو ایک دوسرے سے جدا کر دیتا ہے تو انہوں نے بطور استعارہ تری کو وصل یعنی جوڑنے اور ملانے کے معنی میں اور خشکی کو منقطع کرنے اور توڑنے کے معنی میں استعمال کرنا شروع کر دیا۔

کلام کا معنی یہ ہوا کہ میں دنیا میں تمہارے ساتھ صلہ رحمی کروں گا، لیکن آخرت میں اللہ کے عذاب سے تمہیں نہیں بچا سکتا۔

وفي المتفق عليه: یہ بعض صحیح نسخوں میں موجود ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یا معشر قریش اشتروا انفسکم: یعنی ایمان لا کر اور کفر چھوڑ کر اس دین کی اطاعت کرو جس کو میں لے کر آیا ہوں اور جس سے منع کروں اس سے رُک جاؤ، اور اپنے آپ کو جہنم سے آزاد کرو، اور چھڑاؤ۔

یا بنی عبدِ مناف' یاعباس بن عبد المطلب: دونوں منصوب ہیں، اور ایک نسخہ میں "عباس" مرفوع ہے۔

ویا صفیة: واؤ عاطفہ کے ساتھ ہے جبکہ اس سے پہلے والے الفاظ نداء میں واؤ عاطفہ نہیں ہے بلکہ بطور تعداد کے مذکور ہیں، اور لفظ "صفیة" مرفوع ہے۔

عمة رسول الله: منصوب ہے۔

یا فاطمة بنت محمد سلینی ماشئت ما لی: اسی طرح نسخوں میں "ما" موصولہ ہے۔ علامہ تورپشتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں، کہ میرا خیال ہے کہ "مما لی" میں "مالی" سے مال معروف مراد نہیں ہے بلکہ اس سے مراد وہ امور ہیں جن کا آپ کے پاس اختیار تھا اور آپ کا حکم اُن کے بارے میں نافذ ہوتا تھا۔ کیونکہ آپ کے پاس مال معروف نہیں تھا، خصوصاً مکہ میں تو بالکل فقر کا زمانہ تھا اور اس بات کا احتمال ہے کہ بعض ایسے راوی جن کو تحقیق نہیں تھی انہوں نے من اور "ما" میں فصل کیا اور دونوں کلمے جدا کر کے لکھ دیے، انتہیٰ۔

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں کہ قرآن کریم کی آیت: ﴿ووجدك عائلا فأغنى﴾ [الضحی:۸] "اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو نادار پایا سو مالدار بنایا" سے اس جواب پر اشکال وارد ہوتا ہے۔ کیونکہ بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ فاغنیٰ سے مراد یہ ہے کہ خدیجہؓ کے مال سے تجھے مالدار کر دیا۔ نیز اگر کسی سخی اور فیاض کے پاس فی الحال مال موجود نہ ہو تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ آئندہ کسی وقت میں بھی اس کے پاس مال نہیں ہوگا چنانچہ اس مذکورہ وعدہ کو اُس زمانہ مستقبل کی مالداری پر محمول کیا جائے گا، اور جب تک حدیث کے معنی کی صحت ممکن ہو تو روایات میں غلطی کا فیصلہ نہیں کیا جائے گا۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

۵۳۷۴: عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمَّتِیْ هٰذِهِ اُمَّةٌ مَرْحُوْمَةٌ لَيْسَ عَلَيْهَا عَذَابٌ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابُهَا فِی الدُّنْيَا الْفِتَنُ وَالزَّلَازِلُ وَالْقَتْلُ. (رواه ابوداؤد)

اخرجه ابوداؤد فی السنن ٤٦٨/٤ حديث رقم ٤٢٧٨ وابن ماجه ١٤٣٤/٢ حديث رقم ٤٠٩٢ واحمد فی المسند ٤١٠/٤

ترجمہ: "حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "میری یہ امت امت مرحومہ ہے۔ اس اُمت پر آخرت میں (شدید) عذاب نہیں ہوگا اور دنیا میں اس کا عذاب' فتنوں زلزلوں اور ناحق خون ریزی کی صورت میں ہے"۔ (ابوداؤد)

تشریح: **قوله: امتی هذه امة مرحومة:** امت اجابت جو ذہنوں میں موجود ہے اور معنی کے اعتبار سے متعین ہے گویا کہ حسی طور پر مذکور ہے۔

اور آپ کا نام ہی نبی الرحمۃ ہے۔ اور یہ امت بہترین امت ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قولہ: لیس علیها عذابفی الآخرة: بلکہ اکثر اس امت کا عذاب اس طرح ہوتا ہے کہ ان پر دنیا طرح طرح کے مصائب بیماریاں اور مشقتیں آتی ہیں، جو دنیا ہی میں ان کے اعمال کی سزا ہوتی ہے جیسا کہ ارشاد باری میں یہ ثابت ہے: ﴿من یعمل سوءً یجز به﴾[النساء - ۱۲۳]

ترجمہ: ''جو شخص کوئی برا کام کرے گا وہ اس کے عوض سزا پائے گا۔''

اواس کا ذکر پیچھے گزر چکا ہے۔اور اس معنی کی تائید آپؐ کے آئندہ قول سے ہوتی ہے۔

قولہ: عذابها فی الدنیا الفتن والزلازل والقتل: بعض حضرات کا کہنا ہے کہ یہ حدیث صرف ان مسلمانوں کے حق میں ہے جو کبیرہ گناہوں کا ارتکاب نہیں کرتے۔

یہ بھی ممکن ہے کہ اس سے امت کی ایک مخصوص جماعت یعنی صحابہ کی طرف اشارہ ہو۔

یا حضور علیہ السلام کے اس ارشاد گرامی میں اللہ تعالیٰ کی مشیت کی قید مقدر ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿ان اللہ لا یغفر ان یشرك به ویغفر ما دون ذالك لمن یشاء﴾[النساء-۴۸]

ترجمہ: ''بے شک اللہ تعالیٰ اس بات کو نہ بخشیں گے کہ ان کے ساتھ کسی کو شریک قرار دیا جائے اور اس کے سوا اور جتنے گناہ ہمیں جس کے لئے منظور ہوگا وہ گناہ بخش دینگے۔''

مظہرؒ فرماتے ہیں کہ یہ حدیث نہایت پیچیدہ ہے کیونکہ اس سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ حضور علیہ السلام کی امت کے کسی بھی فرد کو آخرت میں عذاب نہیں ہوگا، خواہ کبیرہ کا مرتکب ہو خواہ صغیرہ کا، حالانکہ احادیث سے مرتکب کبیرہ کو عذاب دیا جانا ثابت ہے، اس لئے اس کے بارے میں اللہ کی رہنمائی بغیر تو کچھ نہیں کیا جا سکتا، سوائے اس کے یہ تاویل کی جائے کہ اس مقام پر امت سے مراد وہ شخص ہے جو حضور علیہ السلام کی اس طرح اتباع کرے جیسا کہ اس کا حق ہے، اور اللہ تعالیٰ کے ارشاد کی تعمیل کرے اور ممنوعہ امور سے اجتناب کرے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں، کہ یہ حدیث امتِ محمدیہ کی مدح وتعریف کے بارے میں وارد ہوئی ہے اور اس میں اس بات کا بیان ہے کہ اس اُمت پر باقی امتوں کی بنسبت اللہ تعالیٰ کا خصوصی انعام اور مہربانی ہے، اور اگر اس امت کے کسی شخص کو کوئی مصیبت پہنچے حتی کہ ایک کانٹا بھی چبھ جائے تو اللہ تعالیٰ آخرت میں ان کے گناہ معاف کر دیتا ہے۔ یہ بات دوسری امتوں کیلئے نہیں ہے۔اور اس کی تائید حدیث کے لفظ ''هذه'' اور لفظ ''مرحومة'' سے ہوتی ہے کیونکہ یہ الفاظ اللہ کی رحمت ومہربانی کے اعتبار سے اس امت کے امتیاز پر دلالت کرتے ہیں، اور کلام کے مفہوم کا قول کرنا اس مقام میں متروک ہے، اور کہی وہ رحمت الٰہی ہے جس کی طرف ارشاد باری: ﴿ورحمتی وسعت کل شیء فسأکتبها للذین یتقون ---- الذین یتبعون الرسول النبی الامی﴾ [الاعراف-۱۵۶-۱۵۷] انتہی۔

لیکن یہ بات پوشیدہ نہیں ہونی چاہئے کہ یہ سارے اقوال اشکال کو دور نہیں کر سکتے کیونکہ تمام ارباب الحال کے نزدیک اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بات میں تو کوئی شک نہیں ہے کہ اس امت پر اللہ تعالیٰ کی رحمت بہت زیادہ ہے کلام تو اس میں ہے کہ یہ حدیث بظاہر اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اس امت کے کسی فرد کو بھی عذاب نہیں دیا جائے گا، جبکہ متواتر احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں، کہ اس امت میں کبائر کے مرتکب لوگوں کی ایک جماعت جہنم میں ڈال کر ان کو عذاب دیا جائے گا، پھر سزاء بھگت کر جہنم سے نکل آئیں گے، یا تو آپؐ کی شفاعت پر یا غفار ذات کے معاف کرنے کے بعد اور یہی اس حدیث سے مفہوم ہے، جو اس کے الفاظ اور معانی سے ماخوذ ہے اور یہ بات اُس طرح متعارف مفہوم نہیں ہے جس کے معتبر ہونے میں اختلاف ہے تاکہ یہ بات کہنا درست ہو کہ اس مفہوم کو ترک کیا گیا ہے، کیونکہ مظہرؒ کے کلام میں مفہوم سے مراد عبارت سے معلوم ہونے والا معنی ہے۔

اس کے بعد علامہ طیبیؒ کا یہ کہنا کہ یہ خصوصیت یعنی مصیبت کی وجہ سے گناہوں کا معاف ہو جانا دوسری امت کیلئے نہیں تھی۔ یہ بات دلیل کی محتاج ہے جس سے یہ ثابت ہو اور آپؐ کے قول **عذابها فی الدنیا**..... سے جو مفہوم حاصل ہوتا ہے اس کا کوئی اعتبار نہیں، اس لئے کہ یہ قول اس قید کے ساتھ مقید کرنے کے قابل ہے کہ دنیا کے مصائب سے اس امت کو زیادہ تر گناہوں کی سزا ملے گی۔

تخریج: حاکم نے اس طرح اپنی مستدرک میں اس کو نقل کیا ہے اور اس کو صحیح قرار دیا ہے اور ذہبیؒ نے اس کو برقرار رکھا ہے امام میرکؒ نے یہ بات ذکر کی ہے۔

جامع میں اس روایت کو ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا گیا ہے: "**امتی هذه امة مرحومة لیس علیها عذاب انما عذابها فی الدنیا الفتن والزلازل والقتل والبلایا**"۔

اس روایت کو ابوداؤد، طبرانی، حاکم اور بیہقی نے ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔

حاکم نے اس حدیث کو الکنیٰ میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے ان الفاظ کے ساتھ نقل کیا ہے:

"**امتی امة مرحومة مغفور لها متاب علیها**"

"**متاب علیها**" کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول کرے گا اور ان کو گناہوں پر اصرار کرنے نہیں دیگا۔ چنانچہ اس میں دلیل ہے اس بات پر کہ ان سے مراد اس امت کے خواص ہیں۔

۵۳۷۵ : وَعَنْ اَبِیْ عُبَیْدَةَ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ بَدَءَ نُبُوَّةً وَرَحْمَةً ثُمَّ يَكُوْنُ خِلَافَةً وَّرَحْمَةً ثُمَّ مُلْكًا عَضُوْضًا ثُمَّ كَائِنٌ جَبَرِيَّةً وَعُتُوًّا وَفَسَادًا فِی الْاَرْضِ يَسْتَحِلُّوْنَ الْحَرِيْرَ وَالْفُرُوْجَ وَالْخُمُوْرَ يُرْزَقُوْنَ عَلٰى ذٰلِكَ وَيُنْصَرُوْنَ حَتّٰى يَلْقَوُا اللّٰهَ.

www.KitaboSunnat.com

(رواه البیهقی فی شعب الایمان)

اخرجه الدارمی فی السنن ۱۵۵/۲ حدیث رقم ۲۱۰۰۔ والبیهقی فی شعب الإیمان ۱۶/۵ حدیث رقم ۶۱۶

ترجمہ: "حضرت عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا اس امر (یعنی دین اسلام) نبوت و رحمت کے ساتھ ہوا ہے پھر اس کا جو دور آئے گا وہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خلافت ورحمت کا دور ہوگا' پھر اس کا جو زمانہ آئے گا وہ کاٹ کھانے والی بادشاہی کا دور ہوگا (ظالمانہ بادشاہت ہوگا اور پھر اس کا جو دور آئے گا وہ ظلم وستم' تکبر وسرکشی اور زمین پر فتنہ اور خانہ جنگی کا دور ہوگا۔ اس وقت لوگ ریشمی کپڑوں کو حلال (قرار دے کر استعمال) کریں گے عورتوں کی شرمگاہوں کو اور شراب (کی تمام انواع واقسام) کو حلال قرار دیں گے۔ لیکن ایسی حالت میں بھی ان کو رزق دیا جائے گا اور ان کی امداد ونصرت کی جائے گی یہاں تک وہ اللہ تعالیٰ سے جاملیں گے۔ اس روایت کو بیہقیؒ نے شعب الایمان میں نقل کیا ہے"۔

تشریح: قولہ: هذا الامر بدأ۔۔۔ خلافة ورحمة: جس چیز کے ساتھ حضور علیہ السلام کو بھیجا گیا ہے یعنی لوگوں کی دین ودنیا کی اصلاح اور اس سے مراد اسلام اور اسلام کے احکام ہے۔

بدأ: الف کے ساتھ ہے، اور ایک نسخہ میں ہمزہ کے ساتھ ہے۔

نبوة ورحمة: یا تو تمیز ہونے کی بناء پر منصوب ہے یا حال ہونے کی بناء پر منصوب ہے۔ یعنی نبوت والا زمانہ تھا اور حضور علیہ السلام کی طرف سے امت مرحومہ پر کامل رحمت والا زمانہ تھا۔

تیس (۳۰) برس تک آپؐ کے جانشین اور متبعین کی کامل ولایت اور نگرانی میں امت پر شفقت کا زمانہ تھا۔ زمانہ خلافت کے تیس (۳۰) برس میں سے خلفاء راشدین کے بعد چھ ماہ کا زمانہ کم تھا جس کو امام حسنؓ نے اپنی خلافت کے ذریعے پورا کیا چنانچہ خلافت میں حضرت معاویہؓ کا کوئی حصہ نہیں ہے اگرچہ بعض حضرات کا اس میں اختلاف ہے۔

قولہ: ثم ملكا عضوضا۔۔۔ وفسادا فی الارض ثم ملكا عضوضا: عض، کا معنی دانت سے کاٹنا اور عضوض، عین کے فتحہ کے ساتھ جو کہ فعولٌ کے وزن پر ہے اسی سے ماخوذ ہے اور مبالغہ کیلئے استعمال کیا جاتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ اپنی رعایا پر ظلم کریں گے اور ان کو دانتوں سے کاٹیں گے۔ اس لفظ "عضوض" کو عین کے ضمہ کے ساتھ بھی نقل کیا گیا ہے اس صورت میں "عضض" (عین کے کسرہ کے ساتھ کی جمع ہے اور اس کا معنی ہے خبیث شریر۔

یعنی حکمران لوگوں پر ظلم کریں گے اور ان کو ناحق تکالیف پہنچائیں گے، اور یہ حکم غالب کے اعتبار سے ہے کیونکہ نادر کا اعتبار نہیں ہوگا، چنانچہ کوئی شک نہیں ہے اس میں کہ عمر بن عبدالعزیزؒ عادل بادشاہ تھے، یہاں تک کہ اُن کا نام عمر ثانی رکھا گیا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے واقعات اور فیصلے مشہور ہیں، اور ان کے مناقب کتابوں میں لکھے گئے ہیں۔

ثم كائن: وہ معاملہ ہوگا یا یہ معاملہ ہوگا۔

جبرية: جیم اور باء کے فتحہ کے ساتھ منصوب ہے۔ یعنی قہر وتکبر۔

وعتوا: عین اور تاء کے ضمہ اور واؤ کی تشدید کے ساتھ یعنی تکبر۔

وفسادًا فی الارض): اور شاید یہ کلام میں عدول کی وجہ استمرار اور دوام ہو۔

جیسا کہ اس زمانے میں اس کا مشاہدہ ہے کہ پہلے تو ظالموں نے امامت کے شروط کی رعایت کیے بغیر تسلط اور قبضہ کر کے خلافت کو چھین لیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرا یہ کہ انہوں نے عوام پر ظلم وزیادتی کی اور ان کو مختلف قسم کی مصیبتوں میں ڈالا، اور ان کی عزت کو لوٹا اور غیر مستحقین کو عہدے دیدیئے۔

تیسرا یہ کہ باعمل علماء اور اولیاء اللہ کی طرف کوئی توجہ نہیں دی، اس طرح اس زمانے کے اکثر بادشاہوں نے کفار کے ساتھ جہاد کو ترک کر دیا اور ملک چھیننے اور فساد پھیلانے کی غرض سے مسلمانوں سے لڑنا شروع کر دیا۔ اسی وجہ سے بعض علماء نے لکھا ہے کہ اگر کوئی کہے کہ ہمارے زمانے کا بادشاہ عادل ہے وہ کافر ہے۔

اور یہ کتنی قبیح بات ہے کہ ہمارے زمانے میں ازبک کے بعض سرداروں نے اہل اسلام کے اُس عظیم ملک پر حملہ کرنے اور قتل عام کا حکم دیا جس میں بڑے بڑے مشائخ کرام ہیں، اور عظیم مرتبہ والے سادات ہیں، اور علماء، ضعفاء، بچے اور عورتیں ہیں، اور مریض اور آندھے ہیں۔ اور ایک ہی خاندان کے اہل وعیال ہیں حالانکہ اس مذکور ملک والے ایک ہی مذہب اسلام اور ایک ہی مسلکِ حنفیت سے تعلق رکھتے ہیں، اور اہلسنت والجماعت میں شامل ہیں، اور یہ سلطنت کے مدعی یہ سمجھتے تھے کہ یہ علم وشریعت کے حامی ہیں، حالانکہ علما نے تو یہاں تک تصریح کی ہے کہ اگر مسلمان کفار کے کسی قلعہ کو فتح کریں جس میں ہزاروں اہل حرب پائے جائیں لیکن ان ہزاروں میں کوئی ایک مجہول الحال ذمی ہو تو محض اس ذمی کی وجہ سے وہاں قلعہ میں قتل عام کرانا ہرگز درست نہیں ہوگا۔ اللہ ہی کی توفیق سے بندہ گناہ سے بچتا ہے اور اللہ ہی کی توفیق سے نیکی کرتا ہے، اور اللہ جو چاہے وہ ہوتا ہے، اور جو نہیں چاہتا وہ نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اور اللہ کے علم نے ہر چیز کا احاطہ کر لیا ہے، اور فساد تو اب وبحر میں ظاہر ہو چکا ہے، یہاں تک حرمین شریفین میں بھی وہ فتنے اور فسادات ہوئے جو نہ تو ذکر کرنے کے قابل ہیں، اور نہ اُن کا تصور کیا جا سکتا۔ اور اللہ ہی اپنے دین اور اپنے نبی کا مددگار ہے، اور آنے والا ہر سال بلکہ ہر دن اور بلکہ ہر لمحہ پہلے کی بنسبت بد سے بدتر ہی گزر رہا ہے، اور یہاں تک کہ یہ سلسلہ برقرار رہے گا، اور وہ وقت آئے گا، جب زمین پر کوئی بندہ بھی اللہ کا نام لینے والا نہ رہے گا، اور اس کی تائید آئندہ قول سے ہوتی ہے۔

قوله: يستحلون الحرير والفروج۔۔۔۔حتى يلقوا الله:

يرزقون: اور ایک نسخہ میں "ویرزقون" ہے۔

على ذالك: یعنی باوجود اس کے کہ حرام کو حلال سمجھا اور دوسرے مذکورہ قبائح کا ارتکاب کیا۔

وينصرون: ان کے اعمال ومقاصد پر اور یہ ایک حکمت کے تحت کی وجہ سے ہوگا، جس کا بڑے کامل حضرات بھی ادراک نہیں کر سکتے۔

حتى يلقوا الله: یہ اس ارشاد باری تعالیٰ کی طرف اشارہ ہے:

﴿ولا تحسبن الله غافلا عما يعمل الظالمون انما يؤخرهم ليوم تشخص فيه الابصار﴾ [ابراھیم۔ ۴۲]:

''اور جو کچھ یہ ظالم لوگ کر رہے ہیں، اس سے خدا تعالیٰ کو بے خبر مت سمجھے ان کو صرف اس روز تک مہلت دے رکھی ہے جس میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان لوگوں کی نگاہیں پھٹی رہ جاویں گی۔"

ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں، بہتر تو یہ تھا کہ بیہقی اس روایت کو اپنی کتاب "دلائل النبوۃ" میں نقل کرتے۔

۵۳۷۷ : وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اَوَّلَ مَايَكْفَأُقَالَ زَيْدُبْنُ يَحْيٰى الرَّاوِىْ يَعْنِى الْاِسْلَامُ كَمَا يُكْفَأُ الْاِنَاءُ يَعْنِى الْخَمْرُ قِيْلَ فَكَيْفَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَقَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ فِيْهَا مَابَيَّنَ قَالَ يَسُمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اسْمِهَا فَيَسْتَحِلُّوْنَهَا (رواه الدارمى)

اخرجه الدارمى فى السنن ۱۵۵/۲ حديث رقم ۲۱۰۰۔

ترجمہ: "حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بیان فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: کہ سب سے پہلے جس کام کو ایسے الٹا دیا جائے گا۔ حدیث کے راوی حضرت زید بن یحییٰؒ نے وضاحت کی کہ یعنی اسلام میں (سب سے پہلے جس کام کو اوندھا کر دیا جائے گا) جیسے برتن الٹا کر دیا جاتا ہے وہ شراب ہوگی۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ! ایسا کیونکہ ہو جائے گا حالانکہ شراب کے متعلق اللہ کے وہ احکام بیان ہو چکے ہیں جو سب پر عیان ہو بھی چکے ہیں؟ یعنی جب شراب کی حرمت نازل ہو چکی ہے اور نہایت سختی کے ساتھ مسلمانوں کو اس چیز سے اجتناب کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور اس حرمت اجتناب کا یہ حکم اتنا واضح، اتنا عام اور اس قدر تاکید کے ساتھ ہے کہ سب مسلمان اس سے واقف و آگاہ ہو گئے ہیں تو پھر ایسا کس طرح ہوگا کہ اس کا حکم بدل دیا جائے گا اور وہ مسلمانوں کو اسلام کی مخالفت کی راہ پر لے جائے گی؟ حضور ﷺ نے جواباً ارشاد فرمایا: "لوگ حیلے اور بہانے تراش کر اس کو پینے لگ جائیں اور راہ اس طرح ہموار کریں گے کہ اس کا نام بدل ڈالیں گے اور اس کو حلال قرار دے لیں گے"۔ (دارمی)

تشریح: قوله: ان اول مايكفاء: يكفأ: مہموز اللام ہے اور مجہول کا صیغہ ہے اور كفأت الاناء سے ماخوذ ہے جس کا معنی ہے "خالی کرنے کیلئے برتن کو اُلٹ دینا، اوندھا کر دینا"

بعض حضرات کا کہنا ہے کہ حضور علیہ السلام شراب کے بارے میں ارشاد فرما رہے تھے تو اپنے ارشاد گرامی کے دوران ہی فرمانے لگے: ان اول ما..... چنانچہ خبر محذوف ہے اور وہ خبر محذوف "الخمر" ہے، لیکن اس بات کو اس قول سے مناسبت نہیں ہے جس کو مؤلف نے بعد میں نقل کیا ہے۔ (مراد اگلا جملہ ہے)

قوله: قال زيد بن يحيٰى الراوى: يعنى الاسلام:

کیونکہ بظاہر ان کی مراد خبر مقدر ہے اور معنی یہ ہے کہ سب سے پہلی چیز جس میں تغیر آئے گا وہ اسلام ہوگی اور اسلام ظاہری انقیاد ہے جو نیکی کرنے اور گناہوں سے بچنے سے متعلق ہے، اور اس کی تائید ارشاد گرامی سے ہوتی ہے۔

قوله: كما يكفا الاناء يعنى الخمر: یعنی برتن میں جو چیز ہے اسی وجہ سے راوی فرماتے ہیں۔ کہ حضور علیہ السلام نے الاناء سے (الخمر) مراد لیا ہے یا تو بطور مجاز حذف کے اس طرح ہے، اور "الاناء" سے "مظروف الاناء" مراد ہے، یا محل بول کر حال مراد ہے جیسا کہ ارشاد باری: ﴿واسئل القرية﴾ [یوسف۔۸۲] میں اس کی تحقیق ہو چکی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لیکن آئندہ قول کی وجہ سے اشکال ہوتا ہے۔

قولہ: قبل فیکف یا رسول اللہ: یعنی شراب کیسے پیئں گے؟۔ اشکال کا جواب اس طرح دیا جا سکتا ہے کہ معنی یوں بیان کیا جائے کہ حلال وحرام کے واضح ہونے اور اسلام کے احکام کے بدل جانے کی صورت میں کیا حال ہوگا۔

قولہ: یسمونھما بغیر اسمھا فیستحلونھا:

حقیقۃً چنانچہ وہ کافر ہو جائیں گے۔ یا (کھلم کھلا پی کر) یہ ظاہر کریں گے کہ یہ ایک حلال چیز پی رہے ہیں، اور اس طرح یہ فاسق اور مکار ہو جائیں گے۔ اسی وجہ سے بعض شراح نے لکھا ہے کہ یہ لوگ اس طرح کریں گے کہ نبیذ جو کہ حلال ہے اس کو چھپ کر پیئں گے اور اس کو بہانہ بنا کر حرام کو حلال سمجھیں گے۔ ملا علی قاریؒ فرماتے ہیں، کہ یہ آخری تشریح مجھے اس مقام میں درست اور راجح معلوم ہوتی ہے۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ان کی خبر محذوف ہے اور وہ "الخمر" ہے اور "کما یکفأ" میں کاف مصدر محذوف کی صفت ہے اور تقدیر یہ ہے: "ان اول ما یکفأمن الاسلام اکفاءً مثل اکفاء ما فی الاناء"۔ انتہیٰ۔

علامہ طیبیؒ کی اس بات سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ تقدیر "من الاسلام" ہے اور منْ تبعیضیہ ہے اور کلام سے ساقط ہے اور تقدیر ہے: "من احکامہ"۔

قاضیؒ فرماتے ہیں کہ یکفأ کا معنی یقلب (الٹا دینا) اور یمال (جھکانا) اور کفأت القدر کا معنی ہے برتن کو خالی کرنے کیلئے اوندھا کر دیا۔ اور اس مقام پر اس سے مراد "پینا" ہے کیونکہ پینے والا جب پیتا ہے تو برتن کو جھکاتا ہے۔

اور راوی کا "الاسلام" کہنے سے "فی الاسلام" کہنا مراد ہے لیکن "فی" کلام سے ساقط ہو گیا۔ اور معنی یہ ہے کہ اسلام میں سب سے پہلی حرام چیز جس کو اس طرح پیا جائے گا، اور اس کے پینے کی جرأت کی جائے گی جیسا کہ پانی کو پیا جاتا ہے اور اس کے پینے کی جرأت کی جاتی ہے وہ شراب ہوگی، اور اس کو حلال قرار دینے کیلئے اس طرح تاویل کریں گے کہ اس کا نام بدل دیں گے اور دوسرا نام دے دینگے مثلاً نبیذ اور مثلث کہیں گے، انتہیٰ۔

اس سے یہ معلوم ہوا کہ نبیذ اور مثلث حلال ہیں، اور کسی چیز کا نام بدلنے سے اس کی حقیقت نہیں بدلتی، جیسا کہ حبشی کا کافور نام رکھ دیا جائے چنانچہ موجودہ زمانے کے قہوہ کی حرمت پر بعض لوگوں کا یہ استدلال درست نہیں ہے کہ قہوہ شراب کے ناموں میں سے ایک نام ہے اور اس کو شراب پینے والوں کی ہیئت پر پیا جاتا ہے۔ کیونکہ اس کے جواب میں یہ کہا جائے گا کہ یہ صرف قہوہ کی خصوصیت نہیں ہے کیونکہ دودھ، پانی اور عرق گلاب کو بھی تو اسی طرح پیا جاتا ہے، علاوہ ازیں حرمین شریفین اور دوسری جگہوں میں جس طرح پینا متعارف ہے وہ فساق کے شراب پینے کی ہیئت پر نہیں ہے۔ اور اس سے مشابہت اور شبہ ختم ہو جاتا ہے۔ اور قہوہ کے مباح ہونے کے دلائل میں سے ایک دلیل اللہ تعالیٰ کا یہ صریح ارشاد ہے: ﴿هو الذی خلق لکم ما فی الارض جمیعاً﴾

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور یہ کہ اشیاء میں اصل اباحت ہے جب تک اس کے خلاف (حرمت) پر قرآن، سنت اور اجماع یا قیاس صحیح سے کوئی دلیل موجود نہ ہو۔

تخریج: احمد اور ضیاء نے عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے حدیث مرفوع نقل کی ہے:

"لتستحلن طائفة من امتي الخمر باسم يسمونها اياه"۔

''میری امت کا ایک گروہ شراب کو دوسرا نام دے کر حلال سمجھے گا۔''

الفصل الثالث:

۵۳۷۸ : عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكُوْنُ النُّبُوَّةُ فِيْكُمْ مَاشَاءَ اللّٰهُ اَنْ تَكُوْنَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ تَكُوْنُ خِلَافَةً عَلٰى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ مَاشَاءَ اللّٰهُ اَنْ تَكُوْنَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ تَكُوْنُ مُلْكًا عَاضًّا فَيَكُوْنُ مَاشَآءَ اللّٰهُ اَنْ تَكُوْنَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ تَكُوْنُ مُلْكًا عَاضًّا فَتَكُوْنُ مَاشَآءَ اللّٰهُ اَنْ تَكُوْنَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ يَكُوْنُ مُلْكًا جَبَرِيَّةً فَيَكُوْنُ مَاشَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّكُوْنَ ثُمَّ يَرْفَعُهَا اللّٰهُ تَعَالٰى ثُمَّ تَكُوْنُ خِلَافَةً عَلٰى مِنْهَاجِ النُّبُوَّةِ ثُمَّ سَكَتَ قَالَ حَبِيْبٌ فَلَمَّا قَامَ عُمَرُبْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ كَتَبْتُ اِلَيْهِ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اُذَكِّرُهٗ اِيَّاهُ وَقُلْتُ اَرْجُوْا اَنْ تَكُوْنَ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بَعْدَ الْمُلْكِ الْعَاضِّ وَالْجَبَرِيَّةِ فَسَرَّبِهٖ وَاَعْجَبَهٗ يَعْنِىْ عُمَرُ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ ۔

رواه احمد والبيهقي في دلائل النبوة

اخرجه احمد في المسند ۴/۲۷۳۔

ترجمہ: ''حضرت نعمان بن بشیر حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے درمیان وجود نبوت اور نور نبوت کی بقاء اس وقت تک رہے گی جب تک اس کا باقی رکھنا اللہ کی چاہت ہوگی، پھر اللہ تعالیٰ (نبی کو اپنے پاس بلا لینے کے ذریعہ) نبوت کو اٹھالے گا اس کے بعد راہ نبوت کی پیروی پر خلافت قائم ہوگی اور وہ اس وقت تک قائم رہے گی جب تک اس کی بقاء کو اللہ تعالیٰ چاہے گا۔ (یعنی تیس برس تک) پھر خدا تعالیٰ خلافت کو بھی ختم کر دے گا اس کے بعد کاٹ کھانے والی بادشاہت کا دور آجائے گا۔ وہ بادشاہت تب تک قائم رہے گی جب تک اللہ عزوجل چاہے گا' اس کے بعد اس دنیا سے رخصت کر دے گا اس کے بعد جبر و تیت والی بادشاہت کی حکومت قائم ہوگی اور وہ اس وقت تک باقی رہے گی جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا۔ پھر خدا تعالیٰ اس بادشاہت کو بھی ختم فرما دے گا' اس کے بعد پھر راہ فرما دے گا (یعنی دل ہنساف کو پورے طور پر جاری کرنے والی) خلافت کا قیام ہوگا اور اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

''خلافت'' سے مراد سیدنا عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت مہدی علیہ السلام کا دور ہے) اتنا فرما کر آپ خاموش ہو گئے''۔ حضرت حبیب بن سالم نے کہا کہ جب حضرت عمر بن عبدالعزیز خلیفہ مقرر ہوئے تو میں نے اس حدیث کے مضمون کی یاددہانی کی غرض سے یہ حدیث لکھ کر ان کے پاس بھیجی اور اپنے اس احساس کا اظہار کیا کہ میں توقع رکھتا ہوں کہ آپ وہی امیر المؤمنین ہیں جن کا تذکرہ اس حدیث میں کاٹ کھانے والی بادشاہت اور قہر وتکبر اور زور زبردستی والی بادشاہت کے بعد ملتا ہے۔ وہ یعنی عمر بن عبدالعزیزؒ اس بات سے بہت خوش ہوئے اور اس تشریح نے ان کو بہت خوش کیا۔ اس روایت کو امام احمد نے (اپنی مسند میں) اور بیہقیؒ نے دلائل النبوۃ میں نقل کیا ہے۔

تشریح: **قوله:تكون النبوة:** ''النبوة'' مرفوع ہے اس بناء پر کہ'' تكون '' تامّہ ہے، اور'' توجد'' یا'' تقع'' کے معنی میں ہے۔

قوله:ثم تكون خلافة: خلافة، مرفوع ہے اور بعض صحیح نسخوں میں نصب کے ساتھ منقول ہے اس بناء پر کہ'' تكون '' ناقصہ ہے اگلے کلام ''ثم تكون ملكا'' کے مناسب بھی یہی ہے۔

اور مطلب یہ ہے کہ نبوت خلافت سے بدل جائے گی یا امارت یا حکومت خلافت سے بدل جائے گی۔

قوله:قال حبيب:

مؤلف فرماتے ہیں یہ حضرت حبیب بن سالم ہیں، جو نعمان بن بشیر کے آزاد کردہ غلام اور کاتب تھے۔ انہوں نے نعمان بن بشیر اور محمد بن منتشر وغیرہ حضرات سے احادیث نقل کی ہیں۔

قوله:كتبت اليه بهذا الحديث .....:

''اذکرہ'' کاف کی تشدید کے ساتھ ہے'' تذکیر'' سے مشتق ہے وعظ و یاددہانی کے معنی میں مستعمل ہے۔

قوله:وقلت ارجو أن تكون---: تكون کا فاعل یا تو'' انت''، ضمیر ہے یا (یہ غائب کا صیغہ ہے اس صورت میں) ضمیر ''خلیفة'' کی طرف راجع ہے۔

اور ایک نسخہ میں (واحد مذکر) غائب کا صیغہ ہے۔ یعنی حدیث میں جس خلیفہ کی پیشینگوئی کی گئی تھی ان سے مراد امیر المؤمنین عمر بن عبدالعزیزؒ ہیں۔

علامہ طیبیؒ فرماتے ہیں کہ ''امير المؤمنين، يكون کی خبر ہے اور ''بعد الملك العاض والجبرية'' خبر کیلئے ظرف ہے۔ ''الحاكم العادل'' کی تاویل میں ہوگا جیسا کہ ارشاد باری: ﴿وهو الله في السموٰت﴾ [الانعام:۳] میں لفظ ''اللہ'' کو ''معبودٌ'' کی تاویل میں لیا گیا ہے۔ میں (ملا علی قاریؒ) کہتا ہوں کہ بعض نسخوں میں ''يكون'' مذکر کے صیغہ کے ساتھ ہے اور'' امير المؤمنين'' مرفوع ہے چنانچہ بعد الملك جو کہ ظرف ہے ''يكون'' کے لئے خبر ہوگا۔

فسر: سین کے ضمہ اور راء کی تشدید کے ساتھ۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تخریج: جامع میں ہے: **یکون امراء یقولون ولا یرد علیهم یتهافتون فی النار یتبع بعضهم بعضا۔**

''ایسے حکمران آئیں گے جو بات کریں گے لیکن لوگ ان کی باتوں کا جواب نہیں دے سکیں گے، وہ ایک دوسرے کے پیچھے لگا تار جہنم میں گریں گے۔''

اِس کو طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے معاویہ رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے اور ابن عساکر رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ایک مرفوع حدیث نقل کی ہے:

یکون لاصحابی زلة یغفرها اللّٰه تعالٰی لسابقتهم معی۔

''میرے صحابہ (رضی اللہ عنہم) سے چوک اور خطاء ہوگی تو اللہ تعالیٰ ان کی اس خطا اور چوک کو معاف کریں گے کیونکہ (اُنہیں) میرا قرب حاصل ہے۔''



محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ